الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

1

جہانگیری

صحیح ابن حبان

تصنیف

امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ و بارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ۰ لاہور

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

جہانگیری

صحیح ابن حبان

1

تصنیف

امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰، اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

شبیر برادرز اردو بازار لاہور

عنوانات

عنوان	صفحہ

(کتاب: ایمان کے بارے میں روایات)

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

(کتاب : نیکی اور بھلائی کے بارے میں روایات)

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان — صفحہ

عنوان	صفحہ

کتاب 7: (دلوں کو نرم کرنے والی روایات

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا نام ''محمد'' ہے۔آپ کی کنیت ''ابوحاتم'' ہے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا اسمِ منسوب ''تمیمی'' ہے' جو آپ کے جدِ امجد ''تمیم بن مر'' کی نسبت کی وجہ سے ہے' جن کا سلسلۂ نسب الیاس بن مضر پہ جا کر' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مل جاتا ہے۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا دوسرا اسمِ منسوب ''بُستی'' ان کے آبائی شہر ''بست'' کی نسبت سے ہے۔ یہ مشہور تاریخی صوبے خراسان کے علاقے سجستان کا ایک شہر ہے۔اور ہمارے زمانے میں یہ افغانستان کا حصہ ہے۔

یہ شہر 43 ہجری میں اسلامی سلطنت کا حصہ بنا تھا' جب عبدالرحمٰن بن سمرہ نے اسے فتح کیا تھا اور وہ اس سے آگے بڑھ کر کابل تک پہنچ گئے تھے۔

کسی تاریخی حوالے سے یہ بات واضح نہیں ہو پاتی کہ امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا سنِ پیدائش کیا ہے۔تاہم اکثر مؤرخین کے نزدیک امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ 280 ہجری کے آس پاس پیدا ہوئے تھے۔امام ذہبی نے یہ بات نقل کی ہے: انہوں نے تیسری صدی ہجری کے اختتام پر علمِ حدیث کی طلب کا آغاز کیا تھا۔مؤرخین نے یہ بات بیان کی ہے: اس وقت ان کی عمر 20 برس کے لگ بھگ تھی۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ علم حدیث کی طلب میں طویل اسفار کیے۔انہوں نے اپنے وقت کے تمام بڑے شہروں میں جا کر وہاں موجود محدثین سے احادیث وروایات کا علم حاصل کیا۔ان شہروں میں سجستان' ہرات' مرو' سنج' شاش' بخارا' نسا' نیشاپور' تہران' اہواز' بصرہ' کوفہ' موصل' رقہ' انطاکیہ' طرطوس' حمص' دمشق' بیروت' رملہ' بیت المقدس' مصر اور حجازِ مقدس شامل ہیں۔

امام ابنِ حبان رحمۃ اللہ علیہ کے مشائخ کی تعداد ایک محتاط اندازے کے مطابق دو ہزار سے زیادہ ہے۔تاہم شعیب الارناؤط نے یہ بات تحریر کی ہے: امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''صحیح'' میں 21 مشائخ سے زیادہ احادیث روایت کی تھیں۔

امام ابن خزیمہ (301 روایات)' امام ابو یعلیٰ موصلی (1174 روایات)' امام حسن بن سفیان خراسانی (815 روایات)' امام فضل بن حباب جمحی (732 روایات)' امام ابو محمد ازدی جو ابن شیرویہ کے نام سے معروف ہیں (463 روایات)' امام محمد لخمی عسقلانی (464 روایات)' امام ابوحفص بجیری سمرقندی (357 روایات)' امام ابو محمد عبداللہ مقدسی (313 روایات)' امام ابوبکر طائی منبجی (281 روایات)' امام ابو اسحاق جرجانی (232 روایات)' امام ابو عباس سراج ثقفی (173 روایات)' امام ابو عروبہ حرانی

جزری (167 روایات)، امام حسین بن ادریس ہروی (136 روایات)، امام ابوعبداللہ سامی ہروی (112)، امام ابوجعفر نسوی (99 روایات)، امام ابوعلی رقی (90 روایات)، امام ابوالحسین رازی (91 روایات)، امام عبدان جوالیقی (73 روایات)، امام ابوجعفر تستری (75 روایات)، امام ابوعبداللہ بغدادی (70 روایات)، محدث اسحاق بُستی (69 روایات)۔

یہ وہ مشائخ ہیں جن سے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے زیادہ روایات نقل کی ہیں۔ ابن حبان کے باقی شیوخ میں سے زیادہ تر وہ حضرات ہیں جن سے انہوں نے 1 سے لے کر 60 تک روایات نقل کی ہیں۔

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ اپنے زمانے کے اکابر محدثین میں سے ایک تھے۔ یہی وجہ ہے کہ خلقِ کثیر نے ان سے استفادہ کیا۔ آپ کے مشہور تلامذہ کے اسماء درج ذیل ہیں:

(i) امام ابوعبداللہ حاکم نیشاپوری (یہ مستدرک حاکم کے مصنف ہیں)

(ii) امام ابوالحسن علی دارقطنی (یہ سنن دارقطنی کے مصنف ہیں)

(iii) امام حافظ ابوعبداللہ محمد بن اسحاق عبدی (یہ کتاب معرفۃ الصحابہ کے مصنف ہیں)

(iv) امام محدث ابوالحسن محمد بن احمد زوزنی (انہوں نے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کی ''صحیح'' روایت کی ہے)

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے کئی تصانیف یادگار چھوڑی ہیں۔ جن میں سے مطبوعہ کتب کا اجمالی تذکرہ درج ذیل ہے:

(i) المسند الصحیح (یہ صحیح ابن ابن حبان کے نام سے معروف ہے)

(ii) الثقات (یہ ثقہ راویوں کے بارے میں ہے)

(iii) معرفۃ المجروحین (یہ صرف ضعیف اور متروک راویوں کے بارے میں ہے)۔

(iv) مشاہیر علماء الامصار (یہ 1600 اہلِ علم کے حالات پر مشتمل ہے)

(v) روضۃ العقلاء (یہ اخلاقیات کے بارے میں ہے)

علم حدیث کی تحصیل اور تعلیم کے حوالے سے بھرپور زندگی گزارنے کے بعد امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے شبِ جمعہ میں 22 شوال المکرّم 354 ہجری میں داعی اجل کو لبیک کہا۔ انہیں جمعے کی نماز کے بعد ان کے آبائی وطن ''بست'' میں سپردِ خاک کیا گیا۔

صحیح ابن حبان

علم حدیث کے اس عظیم مآخذ کے مصنف امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

فاضل مصنف نے اس کتاب کا نام ''المسند الصحيح على التقاسيم والانواع'' تجویز کیا تھا۔

فاضل مصنف اس بات کے خواہش مند تھے کہ وہ احادیث کا ایسا مجموعہ ترتیب دیں' جس میں موضوعاتی تقسیم کو کسی نئے پہلو سے پیش کیا گیا ہوتا کہ علمِ حدیث کے طلباء اس کتاب سے استفادہ کرتے ہوئے احادیث کو ان کے اصل مضمون کے حوالے سے یاد رکھیں۔

فاضل مصنف نے اپنی کتاب کا نام تجویز کرتے ہوئے لفظ ''المسند'' استعمال کیا۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اس کتاب میں جو روایات منقول ہیں' ان کی سند نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک جاتی ہے۔

کتاب کے نام میں استعمال ہونے والے لفظ ''الصحیح'' سے مراد یہ ہے: اس میں مذکور تمام روایات مستند طور پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں۔

کتاب کے نام میں استعمال ہونے والے لفظ ''التقاسیم والانواع'' سے مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول احادیث کو پہلے ایک بنیادی قسم کے تحت تقسیم کیا گیا ہے اور پھر ان میں سے ہر ایک قسم کو متعدد ذیلی اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے۔

تقاسیم سے مراد بنیادی تقسیم اور انواع سے مراد ذیلی تقسیم ہے۔

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اس کتاب کو پانچ بنیادی حصوں میں تقسیم کیا ہے:

(i) وہ روایات جن میں کسی کام کو کرنے کا حکم دیا گیا ہو۔

(ii) وہ روایات جن میں کسی کام کے ارتکاب سے منع کیا گیا ہو۔

(iii) وہ روایات جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے۔

(iv) وہ روایات جن میں مباح امور کا تذکرہ ہے۔

(v) وہ روایات جن میں ان افعال کا تذکرہ ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مخصوص ہیں۔

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح کے آغاز میں ایک مقدمہ تحریر کیا جس میں سے ان پانچ اقسام کی ذیلی اقسام کی وضاحت کی' یہ مقدمہ اس کتاب میں شامل ہے۔

ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں احادیث نقل کرتے ہوئے جس اچھوتی طرز کو اختیار کیا ہے وہ سب سے الگ اور نمایاں ہے' لیکن اس کا دوسرا پہلو یہ ہے: عام قاری اس تقسیم کے تحت حدیث کو تلاش نہیں کرسکتا' کیونکہ وہ یہ اندازہ نہیں کر پاتا کہ اس کی مطلوبہ حدیث اُسے کہاں مل سکتی ہے؟ کیونکہ حدیث کو تلاش کرنا اسی وقت ممکن ہوسکتا ہے جب دیگر کتب ''صحاح'' و''سنن'' کی طرح کتاب کو فقہی حوالے سے مرکزی اور ذیلی ابواب میں تقسیم کیا جائے۔اس طرح قاری ابواب کی فہرست دیکھ کے حدیث کو تلاش کرسکتا ہے۔

علمِ حدیث کے طلباء اور قارئین کی اسی مشکل کو محسوس کرتے ہوئے آٹھویں صدی ہجری سے تعلق رکھنے والے ایک فاضل امیر علاؤالدین علی بن بلبان فارسی نے اس کتاب کو موضوعاتی ترتیب کے ساتھ' روایتی فقہی ابواب بندی کے ہمراہ مرتب کیا۔انہوں نے احادیث ذکر کرنے سے پہلے مناسب تراجم ابواب تحریر کیے۔

ابن بلبان نے اپنی اس خدمت کو''الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان'' کا نام دیا۔

آج دنیا میں زیادہ تر اسی کتاب کے نسخے''صحیح ابن حبان'' کے طور پر شائع ہوتے ہیں' تاہم سرِ ورق پر یہ صراحت موجود ہوتی ہے کہ یہ کتاب اصل مصنف ابن حبان کی ترتیب کی بجائے ابن بلبان کی ترتیب کے مطابق ہے۔

ہمارے سامنے اس وقت اس کتاب کا جو نسخہ موجود ہے وہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت' لبنان سے 1418 ہجری بمطابق 1997 عیسوی میں شائع ہوا۔یہ نسخہ 16 جلدوں پر مشتمل ہوا۔

اس نسخے کے متن کی تحقیق' احادیث کی تخریج اور تعلیق نگاری کی خدمت شیخ شعیب الارناؤط نے سرانجام دی ہے۔

فاضل محقق نے کتاب کے آغاز میں تفصیلی مقدمہ تحریر کیا ہے۔انہوں نے کتاب کے مختلف قلمی نسخوں کا تعارف اور ان کے چند صفحات کے عکس بھی مقدمے میں شامل کیے ہیں۔

فاضل محقق نے ابن بلبان کی ترتیب والے نسخے اور اصل کتاب یعنی''المسند الصحیح'' کے درمیان تقابل کیا ہے۔اس کے علاوہ انہوں نے جو تعلیقات تحریر کی ہیں' ان میں بہت سے فوائد ذکر کردیئے ہیں اور کچھ کی طرف اشارہ کیا ہے۔

ہم نے اپنی اس طباعت میں شیخ شعیب الارناؤط کی تخریج کو کسی مراجعت کے بغیر شامل کرلیا ہے۔تاہم ان کی تعلیقات میں سے بعض اضافی چیزیں حذف کردی ہیں۔

اس کتاب کا مطبوعہ نسخہ ہمیں محترم ڈاکٹر راغب حسین نعیمی دامت برکاتہم العالیہ نے جامعہ نعیمیہ لاہور کی مرکزی لائبریری سے فراہم کیا۔اس کے لئے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

پس نوشت: ''صحیح ابن حبان'' کے حوالے سے ایک اہم خدمت شیخ حافظ نورالدین علی بن ابوبکر ہیثمی نے سرانجام دی ہے' انہوں نے''صحیح ابن حبان'' کی ان تمام روایات کو ایک جگہ اکٹھا کردیا ہے جو''صحیحین'' پر زائد ہیں۔انہوں نے کتاب کا نام''موارد الظمآن علی زوائد ابن حبان'' تجویز کیا ہے۔انہوں نے اس کتاب میں''صحیح ابن حبان'' میں سے صرف وہ روایات نقل کی ہیں جو ''صحیح بخاری'' و''صحیح مسلم'' میں نہیں ہیں۔

محدث ابن بلبان رحمۃ اللہ علیہ

آپ کا نام علی بن بلبان ہے۔ جبکہ سابقہ ولاحقہ کے ہمراہ آپ کا نام امیر علاؤالدین ابوالحسن علی بن بلبان بن عبداللہ فارسی مصری ہے۔

آپ 675 ہجری میں پیدا ہوئے۔ اپنے زمانے کے اکابر اہلِ علم سے استفادہ کیا۔ آپ کے مشہور اساتذہ میں سے ایک امام شرف الدین عبدالمؤمن بن خلف دمیاطی (متوفی 705 ہجری) ہیں۔ جو "المتجر الرابح" کے مصنف ہیں۔

ان کے علاوہ آپ کے دیگر مشائخ میں درج ذیل حضرات شامل ہیں:

(i) شیخ بہاؤالدین قاسم بن عساکر (متوفی 723 ہجری)

(ii) شیخ محمد بن علی محروسی خالدی' (متوفی 714 ہجری)

(iii) شیخ علی بن نصر اللہ مصری (متوفی 712 ہجری)

(iv) حلب سے تعلق رکھنے والے اپنے وقت کے قطب عبدالکریم بن عبدالنور حنفی (متوفی 735 ہجری) شامل ہیں۔

ابن بلبان' فقہ حنفی کے پیروکار ہیں۔ انہوں نے علم فقہ اُس وقت کے شیخ حنفیہ فخر الدین عثمان بن ابراہیم ماردینی سے حاصل کیا' جو ابن ترکمانی کے نام سے مشہور ہیں۔ (انہوں نے سنن بیہقی پر اختلافی نوٹ تحریر کیے ہیں)۔

ابن بلبان کے علم فقہ میں دوسرے بڑے استاد شمس الدین ابوالعباس احمد سروجی حنفی ہیں۔

ابن بلبان' علم حدیث وفقہ کے ہمراہ علمِ نحو میں بھی بڑی مہارت رکھتے تھے۔ انہوں نے اپنے زمانے کے عظیم نحودان ولغت دان امام ابوحیان اندلسی سے علمِ نحو میں استفادہ کیا جو قرآن پاک کی نحوی تفسیر "البحر المحیط" کے مصنف ہیں۔

ابن بلبان کے سوانح نگاروں نے یہ بات تحریر کی ہے کہ وہ ایک کثیر التصانیف بزرگ تھے اور ان کا طبعی میلان اس طرف زیادہ تھا کہ وہ طلباء کی سہولت کے لئے کوئی کام کریں۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کی دقیق ترین تصنیف "المسند الصحیح علی التقاسیم الانواع" کو موضوعاتی ترتیب کے ساتھ مرتب کیا۔ بعض مؤرخین نے یہ بات بیان کی ہے کہ شیخ ابن بلبان نے امام طبرانی کی "معجم" کو بھی موضوعاتی ترتیب کے ساتھ مرتب کیا تھا۔

کیونکہ ابن بلبان ایک فقیہ بھی تھے' اس لئے انہوں نے امام محمد رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب "الجامع الکبیر" کی ایک تلخیص کی شرح بھی تحریر کی' اس تلخیص کے مصنف کمال الدین خلاطی حنفی تھے۔ کشف الظنون کے مصنف نے یہ بات تحریر کی ہے کہ یہ ایک طویل اور بھرپور

شرح ہے۔

مؤرخین نے یہ بات بھی بیان کی ہے' شیخ ابن بلبان نے نبی اکرم ﷺ کی سیرت پر بھی ایک کتاب تحریر کی تھی۔اس کے علاوہ انہوں نے حج کے احکام کے بارے میں ایک کتاب تحریر کی تھی' اس کے علاوہ انہوں نے ابن دقیق العید کی تصنیف ''الالمام'' کی تلخیص بھی تحریر کی تھی۔

ابن بلبان کا سب سے عظیم کارنامہ' جس نے انہیں زندہ و جاوید کردیا' وہ ''صحیح ابن حبان'' کو موضوعاتی ترتیب پر مرتب کرنا ہے۔جس کا نام انہوں نے ''الاحسان'' تجویز کیا تھا۔یہ ان کا عظیم کارنامہ ہے۔انہوں نے اس کتاب کو کتب یعنی مرکزی ابواب اور ابواب یعنی ذیلی ابواب کی صورت میں تقسیم کیا ہے۔

شیخ ابن بلبان کا انتقال 9 شوال المکرم 739 ہجری میں کم وبیش 64 برس کی عمر میں ہوا۔اور انہیں مصر میں سپردِ خاک کیا گیا۔

اصطلاحاتِ حدیث

اس حقیقت سے ہر شخص آگاہ ہے کہ دنیا میں مختلف اشیاء سے واقفیت کے حصول کے لیے مختلف علوم وفنون ایجاد کیے گئے ہیں۔ عام طور پر کسی علم میں کسی شے کی حقیقت اور اس کے احوال زیر بحث لائے جاتے ہیں تاہم بعض اوقات کسی علم سے واقفیت اور شناسائی کا حصول آسان کرنے کے لیے مزید کسی علم کو ایجاد کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔

علم حدیث وہ فن ہے جس میں اسلام کی تعلیمات کا بنیادی ماخذ یعنی نبی اکرم ﷺ کی شخصیت' احوال' فرامین وغیرہ کا ذکر کیا جاتا ہے لیکن اس فن کو سیکھنے کے کچھ خاص قواعد ہیں جنہیں ''علم اصول حدیث'' کا نام دیا گیا ہے۔ یہ بالکل اسی طرح ہے جسے کسی زبان کو سیکھنے کے دو طریقے ہیں لسانیات یعنی زبان سے متعلق ادب کا مطالعہ اور قواعد یعنی اس زبان کی گرائمر کا علم' علم اصول حدیث کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اسی علم کے قواعد وضوابط کی روشنی میں کوئی محدث یا فقیہہ کسی حدیث کی استنادی حیثیت کا فیصلہ کرسکتا ہے۔

ابتدائی دو صدیوں کے دوران حدیث کی روایت کا زیادہ تر کام زبانی بیان تک محدود رہا' کوئی شخص اپنے استاد سے کوئی حدیث سُن کر اسے اپنے شاگردوں تک منتقل کردیتا تھا اس نقل کے دوران اس بات کا امکان موجود تھا کہ وہ راوی اپنی کسی فطری یا فکری کمزوری کے باعث حدیث کے الفاظ نقل کرنے میں کسی شعوری یا غیر شعوری غلطی یا غلط فہمی کا مرتکب ہوجاتا پھر یہ پہلو بھی قابلِ غور تھا کہ دوسری صدی ہجری میں بہت سے فرقے نمودار ہوچکے تھے جن میں سے بہت سے لوگوں نے اپنے باطل مزعومات کی تائید میں جھوٹی روایات ایجاد کر کے نبی اکرم ﷺ کی طرف منسوب کر کے بیان کرنا شروع کردی تھیں اس لیے صحیح اور غلط' مستند اور غیر مستند کے درمیان فرق کی وضاحت کے لیے محدثین نے اصولِ حدیث کا فن ایجاد کیا۔

''اصول حدیث'' کی تمام تر بحث تین امور کے گرد گھومتی ہے:

(i) سند (ii) متن (iii) راوی

ان تینوں موضوعات پر بحث کرنے سے پہلے ہم چند بنیادی قواعد کی وضاحت کریں گے۔

علم اصول حدیث کی تعریف

یہ وہ علم ہے جس کے ذریعے ایسے قواعد کی واقفیت حاصل کی جاتی ہے جن کی مدد سے کسی روایت کے متن یا اس کی سند کو قبول کرنے یا مسترد کرنے کا فیصلہ کیا جاسکے۔

علم اصول حدیث کا فائدہ

اس علم سے واقفیت کے نتیجے میں انسان صحیح اور غلط' مستند اور غیر مستند حدیث کے درمیان فرق کرسکتا ہے۔

سند: اس سے مراد راویوں کے اسماء کا وہ سلسلہ ہے جن کے وساطت سے حدیث نقل ہوئی ہے۔

متن: اس سے مراد وہ مضمون ہے جو نبی اکرم ﷺ یا کسی صحابی کے قول وفعل کے ذکر پر مشتمل ہو۔

سند کے اعتبار سے حدیث کی تقسیم

سند کے اعتبار سے حدیث کی دو بنیادی قسمیں ہیں:

(i) متواتر (ii) غیر متواتر

غیر متواتر کی مزید تین ذیلی قسمیں ہیں:

(i) مشہور (ii) عزیز (iii) غریب

ذیل میں ہم تمام اقسام کی تعریفات بیان کریں گے۔

متواتر کی تعریف: متواتر کا لغوی معنی کسی چیز کا مسلسل اور لگاتار ہونا ہے اور محدثین کی اصطلاح میں ''متواتر'' ایسی حدیث کو کہتے ہیں جس کی سند میں ہر طبقے میں اتنی کثیر تعداد میں راوی موجود ہوں کہ ان سب کا کسی جھوٹی بات کو نقل کرنے پر اتفاق کر لینا ناممکن ہو۔

اس تعریف سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ خبر متواتر کے لیے تین چیزیں شرط ہیں:

(i) اس حدیث کے راوی کثیر تعداد میں ہوں۔

(ii) یہ کثرت تمام طبقات میں پائی جاتی ہو۔

(iii) ان سب کا کسی جھوٹی بات کو نقل کرنے پر متفق ہونا ناممکن ہو۔

خبر متواتر کا حکم: خبر متواتر کے ذریعے انسان کسی واقعہ کے بارے میں ایسا یقینی علم حاصل کر لیتا ہے جیسے اس نے بذاتِ خود اس کا مشاہدہ کیا ہو اس لیے خبر متواتر کے تمام راویوں کے حالات کا علم نہ بھی ہو تو بھی ایسی خبر کے ذریعے عمل واجب ہو جاتا ہے۔

غیر متواتر حدیث کی تین قسمیں ہیں:

(1) مشہور: محدثین کی اصطلاح میں ایسی حدیث کو مشہور کہا جاتا ہے جسے ہر زمانے میں کم از کم تین راوی روایت کریں اور کسی بھی طبقے میں راویوں کی تعداد تین سے کم نہ ہو۔ بعض محدثین نے یہاں ایک اور اصطلاح ''مستفیض'' کا بھی ذکر کیا ہے اس سے مراد کیا ہے؟ اس بارے میں محدثین کے دوران اختلاف پایا جاتا ہے بعض محدثین کے نزدیک یہ اصطلاح ''مشہور'' کے مترادف ہے جبکہ بعض دیگر محدثین کے نزدیک ان دونوں اصطلاحات کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت پائی جاتی ہے۔

(ii) عزیز: اس سے مراد وہ حدیث ہے جس کی سند کے اکثر طبقات میں کم از کم تین راوی ہوں اور کسی ایک یا ایک سے زیادہ طبقوں میں کم از کم دو راوی ہوں۔

بعض اہلِ علم نے عزیز کی یہ تعریف کی ہے کہ اس کی سند کے ہر طبقے میں کم از کم دو راوی موجود ہوں۔

(iii) غریب: اس سے مراد وہ روایت ہے جس کی سند کے کسی بھی ایک طبقے میں صرف ایک راوی ہو۔

بعض محدثین نے ایسی روایت کے لیے ''غریب'' کی بجائے ''فرد'' کی اصطلاح استعمال کی ہے۔

محدثین نے حدیثِ غریب کی دو قسمیں بیان کی ہیں:

(i) ایسی روایت جسے صرف ایک صحابی نے نقل کیا ہو اور سند کے بقیہ طبقات کے راویوں کی تعداد زیادہ ہو۔

(ii) ایسی روایت جس میں صحابی کے علاوہ کسی اور طبقے میں صرف ایک راوی موجود ہو۔

محدثین نے ''غریب'' حدیث کی ایک اور تقسیم کی بھی نشاندہی کی ہے۔

(i) اس ایک راوی نے جو سند یا متن نقل کیا ہے' وہ اس کے علاوہ کسی اور دوسرے راوی سے منقول نہ ہو' بلکہ وہ پہلا راوی اس روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہو۔

(ii) اس ایک سند میں کسی ایک طبقے میں وہ اکیلا راوی ہو' تاہم وہی روایت کسی اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہو۔

''صحیح'' کی تعریف: اس سے مراد وہ حدیث ہے جس کی سند میں آغاز سے لے کر اختتام تک تمام راویوں کی کڑی متصل ہو' وہ تمام راوی عادل ہوں' ضابط ہوں اور اس حدیث کے متن میں کوئی شدوذ وعلت نہ ہو۔

''صحیح'' کا حکم: محدثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ خبر صحیح پر عمل کرنا واجب ہے۔

ایک اہم اصول: اصول یہ ہے کہ بعض اوقات کوئی لفظ اپنے لغوی یا عرفی معنی میں استعمال ہوتا ہے پھر کسی ایک فن کے ماہرین اسے اپنی مخصوص اصطلاح میں استعمال کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک ہی لفظ کو دو مختلف فنون کے ماہرین اپنی' اپنی مخصوص اصطلاح میں استعمال کرتے ہیں اس لیے یہ بات ہمیشہ پیشِ نظر رہے کہ ''صحیح'' محدثین کی مخصوص اصطلاح ہے اور اس سے مراد وہ حدیث ہے جس میں مذکورہ بالا پانچ شرائط پائی جاتی ہوں اگر محدثین کسی حدیث کے بارے میں یہ کہہ دیں کہ یہ حدیث ''صحیح'' نہیں ہے تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہوگا کہ وہ حدیث ''غلط'' ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس حدیث میں مذکورہ بالا شرائط میں سے کوئی ایک یا چند ایک شرائط موجود نہیں ہیں۔

صحیح لغیرہ کی تعریف: اس سے مراد وہ حدیث ہوتی ہے جو درحقیقت ''حسن لذاتہ'' ہی ہو لیکن کسی اور سند کے ہمراہ منقول ہو جو پہلی سند کے برابر یا اس سے زیادہ مستند ہو۔ ایسی ''حسن لذاتہ'' حدیث کو ''صحیح لغیرہ'' کہا جاتا ہے کیونکہ وہ بذاتِ خود صحیح نہیں ہوتی لیکن دوسری سند کی وجہ سے اس کی حیثیت مزید مستند ہو جاتی ہے۔

صحیح لغیرہ کا حکم: یہ حدیث صحیح لذاتہ سے کم اور حسن لذاتہ سے زیادہ مستند ہوتی ہے۔

''حسن'' کی تعریف: حسن اس حدیث کو کہتے ہیں جو صحیح اور ضعیف کی درمیانی حیثیت کی حامل ہو لیکن اس کی اصطلاحی تعریف کیا ہوگی؟ اس بارے میں محدثین کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے تاہم حافظ ابن حجر نے اس کی تعریف یوں کی ہے:

''جس روایت کے تمام راوی عادل ہوں' سند میں اتصال پایا جاتا ہو۔ نیز اس کے اندر کسی قسم کی کوئی علت یا شدوذ موجود نہ ہو تاہم اس کے کسی راوی کا ضبط (یادداشت) کمزور ہو تو ایسی حدیث کو ''حسن لذاتہ'' کہا جائے گا۔''

حسن لذاتہ کا حکم: اگرچہ تکنیکی اعتبار سے یہ روایت ''صحیح لذاتہ'' جتنی مستند تو نہیں ہوتی مگر دلیل اور ثبوت کے طور پر پیش کرنے کے حوالے سے یہ ''صحیح لذاتہ'' جتنی مستند ہے' یہی وجہ ہے کہ محدثین اور فقہاء اسے سند کے طور پر پیش کرتے ہیں۔

حسن لغیرہ کی تعریف: اس سے مراد وہ ضعیف روایت ہے جو کئی اسناد کے ہمراہ منقول ہو تاہم اس ضعیف روایت کا ضعف راوی کے فسق یا کذب کی وجہ سے نہ ہو۔

حسن لغیرہ کا حکم: کیونکہ یہ حدیث مقبول ہی کی ایک قسم ہے اس لیے ایسی حدیث سے استدلال کرنا جائز ہے۔

ضعیف کی تعریف: وہ روایت جو کسی تکنیکی خامی کی وجہ سے کم از کم حسن کے مرتبے تک بھی نہ پہنچ سکے۔

ضعیف کا حکم: ضعیف روایت کے ذریعے کسی بنیادی عقیدے یا فقہی اعتبار سے کسی حلال یا حرام حکم کو ثابت نہیں کیا جا سکتا۔

نوٹ: یہاں یہ اصول پیشِ نظر رکھیں کہ کسی حدیث کے ضعیف ہونے کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ وہ سرے سے حدیث ہی نہیں ہے کیونکہ جو بات سرے سے حدیث ہی نہ ہو یعنی کسی نے اسے اپنی طرف سے ایجاد کر کے' گھڑ کر نبی اکرم ﷺ سے منسوب کر دیا ہو تو ایسی روایت کو محدثین کی اصطلاح میں ''موضوع'' کہا جاتا ہے۔

محدثین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ضعیف روایت کو حدیث کے طور پر نقل کیا جا سکتا ہے البتہ موضوع روایت کو حدیث کے طور پر نقل کرنا جائز نہیں ہے۔ ترغیب وترہیب کے لئے' فضائل کے اظہار کے لیے' وعظ ونصیحت کے لیے' ضعیف روایات کو نقل کیا جا سکتا ہے۔

ضعیف کی اقسام: عام طور پر کسی روایت کے ضعف کا تعلق دو چیزوں سے ہوتا ہے:

(i) سند میں انقطاع آ جانا یعنی راویوں کی کڑی کا درمیان سے ٹوٹ جانا۔

(ii) کسی راوی میں کسی شخصی خامی کا موجود ہونا۔

(2) مرفوع کی تعریف: اس سے مراد وہ متن ہے جس میں نبی اکرم ﷺ کے کسی قول' فعل یا تقریر کا ذکر موجود ہو۔ مرفوع حدیث کی چار قسمیں ہیں:

(i) مرفوع قولی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کا کوئی قول مذکور ہو۔

(ii) مرفوع فعلی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کے کسی عمل کا ذکر موجود ہو۔

(iii) مرفوع تقریری: وہ متن جس میں اس بات کا ذکر موجود ہو کہ نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں کوئی کام کیا گیا اور آپ نے اس سے منع نہیں کیا۔

(iv) حدیث وصفی: وہ متن جس میں نبی اکرم ﷺ کی کسی صفت کا ذکر ہو جیسے حسن و جمال' جود وسخا اور قوت و بہادری وغیرہ۔

(3) موقوف کی تعریف: اس سے مراد وہ متن ہے جو کسی صحابی یا تابعی کے قول وفعل یا تقریر پر مشتمل ہو' اس کی دو قسمیں ہیں:

(i) موقوفِ صحابی: وہ متن جس میں کسی صحابی کا قول' فعل یا عمل موجود ہو۔

(ii) موقوفِ تابعی: وہ متن جس میں کسی تابعی کا قول' فعل یا عمل موجود ہو۔

یہاں ایک بات نہایت ضروری ہے اور وہ یہ کہ بعض اوقات کوئی روایت بظاہر موقوف محسوس ہوتی ہے لیکن اگر دقتِ نظر سے جائزہ لیا جائے تو وہ درحقیقت حدیث مرفوع ہوتی ہے۔ محدثین کے نزدیک ایسی روایت لفظی طور پر موقوف لیکن معنوی اعتبار سے وہ مرفوع حکمی ہوتی ہے۔

اعتبار کی تعریف:

اگر کوئی راوی کسی روایت کو نقل کرنے میں منفرد ہو تو اس کی تائید میں کسی دوسرے راوی کی روایت تلاش کرنا۔

متابع کی تعریف:

وہ حدیث جو انفرادی طور پر منقول ہو تو اس کی تائید کے لیے کوئی ایسی روایت تلاش کرنا جو لفظی یا معنوی اعتبار سے اس حدیث کے ساتھ مطابقت رکھتی ہو۔ بشرطیکہ دونوں روایات کو روایت کرنے والے صحابی ایک ہی ہوں۔

شاہد کی تعریف:

وہ حدیث جو انفرادی طور پر منقول ہو اس کی تائید کے لیے کوئی ایسی روایت تلاش کی جائے جو اس حدیث کے ساتھ لفظی یا معنوی مشابہت رکھتی ہو البتہ دونوں روایات کو نقل کرنے والے صحابی مختلف ہوں۔

رَبِّ یَسِّرْ بِخَیْرٍ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی مَا عَلَّمَ مِنَ الْبَیَانِ وَاَلْهَمَ مِنَ التِّبْیَانِ، وَتَمَّمَ مِنَ الْجُوْدِ وَالْفَضْلِ وَالْاِحْسَانِ.

وَالصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ الْاِتَّمَانِ الْاَكْمَلَانِ عَلٰی سَیِّدِ وُلْدِ عَدْنَانَ الْمَبْعُوْثِ بِاَكْمَلِ الْاَدْیَانِ، الْمَنْعُوْتِ فِی التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْفُرْقَانِ، وَعَلٰی آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَالتَّابِعِیْنَ لَهُمْ بِاِحْسَانٍ، صَلَاةً دَآئِمَةً مَا كَرَّ الْجَدِیْدَانُ وَعُبِدَ الرَّحْمٰنُ.

وَبَعْدُ، فَاِنَّ مِنْ اَجْمَعِ الْمُصَنَّفَاتِ فِی الْاَخْبَارِ النَّبَوِیَّةِ، وَاَنْفَعِ الْمُؤَلَّفَاتِ فِی الْآثَارِ الْمُحَمَّدِیَّةِ، وَاَشْرَفِ الْاَوْضَاعِ، وَاَطْرَفِ الْاَبْدَاعِ: كِتَابَ "التَّقَاسِیْمِ وَالْاَنْوَاعِ

" لِلشَّیْخِ الْاِمَامِ، حَسَنَةِ الْاَیَّامِ حَافِظِ زَمَانِهٖ، وَضَابِطِ اَوَانِهٖ مَعْدَنِ الْاِتْقَانِ اَبِیْ حَاتِمٍ مُحَمَّدِ بْنِ حِبَّانَ، التَّمِیْمِیِّ الْبُسْتِیِّ شَكَرَ اللّٰهُ مَسْعَاهُ، وَجَعَلَ الْجَنَّةَ مَثْوَاهُ،

فَاِنَّهٗ لَمْ یُنْسَجْ لَهٗ عَلٰی مِنْوَالٍ، فِیْ جَمْعِ سُنَنِ الْحَرَامِ وَالْحَلَالِ لٰكِنَّهٗ لِبَدِیْعِ صُنْعِهٖ، وَمَنِیْعِ وَضْعِهٖ قَدْ عَزَّ جَانِبُهٗ، فَكَثُرَ مَجَانِبُهٗ، تَعَسَّرَ اِقْتِنَاصُ شَوَارِدِهٖ، فَتَعَذَّرَ الْاِقْتِبَاسُ مِنْ فَوَائِدِهٖ وَمَوَارِدِهٖ،

فَرَأَیْتُ اَنْ اَتَسَبَّبَ لِتَقْرِیْبِهٖ، وَاَتَقَرَّبَ اِلَی اللّٰهِ بِتَهْذِیْبِهٖ وَتَرْتِیْبِهٖ، وَاُسَهِّلَهٗ عَلٰی طُلَّابِهٖ، بِوَضْعِ كُلِّ حَدِیْثٍ فِیْ بَابِهٖ، اَلَّذِیْ هُوَ اَوْلٰی بِهٖ، لِیَؤُمَّهٗ مَنْ هَجَرَهٗ، وَیُقَدِّمَهٗ مَنْ اَهْمَلَهٗ وَاَخَّرَهٗ، وَشَرَعْتُ فِیْهِ مُعْتَرِفًا بِاَنَّ الْبُضَاعَةَ مُزْجَاةٌ، وَاَنْ لَّا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، فَحَصَّلْتُهٗ فِیْ اَیْسَرِ مُدَّةٍ، وَجَعَلْتُهٗ عُمْدَةً لِلطَّلَبَةِ وَعُدَّةً،

فَاَصْبَحَ بِحَمْدِ اللّٰهِ مَوْجُوْدًا بَعْدَ اَنْ كَانَ كَالْعَدَمِ مَقْصُوْدًا، كَنَارٍ عَلٰی اَرْفَعِ عَلَمٍ، مَعْدُوْدًا بِفَضْلِ اللّٰهِ مِنْ اَكْمَلِ النِّعَمِ قَدْ فُتِحَتْ سَمَاءُ یُسْرِهٖ فَصَارَتْ اَبْوَابًا وَزُحْزِحَتْ جِبَالُ عُسْرِهٖ فَكَانَتْ سَرَابًا وَقُرِنَ كُلُّ صِنْوٍ بِصِنْفِهٖ، فَاَضَتْ اَزْوَاجًا، وَكُلُّ تِلْوٍ بِاَلْفِهٖ، فَضَاءَتْ سِرَاجًا وَّهَّاجًا، وَسَمَّیْتُهٗ:

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

[1] یہ خطبہ امیر علاؤالدین علی بن بلبان فارسی (متوفی ۷۳۹ھ) کا تحریر کردہ ہے۔

وَاللّٰهَ اَسْاَلُ اَنْ يَّجْعَلَهُ زَادًا لِحُسْنِ الْمَصِيْرِ اِلَيْهِ، وَعَتَادًا لِيُمْنِ الْقُدُوْمِ عَلَيْهِ، اِنَّهُ بِكُلِّ جَمِيْلٍ كَفِيْلٌ، وَهُوَ حَسْبِىْ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، وَهَا اَنَا اَذْكُرُ مُقَدِّمَةً تَشْتَمِلُ عَلٰى ثَلَاثَةِ فُصُوْلٍ:

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ: فِىْ ذِكْرِ تَرْجَمَتِهٖ لِيُعْرَفَ قَدْرُ جَلَالَتِهٖ.

وَالْفَصْلُ الثَّانِىُّ: فِىْ نَصِّ خُطْبَتِهٖ، وَمَا نَصَّ عَلَيْهِ فِىْ غُرَّةِ دِيْبَاجَتِهٖ وَخَاتَمَتِهٖ, لِيُعْلَمَ مَضْمُوْنُ قَرَارِهٖ , وَمَكْنُوْنُ مَصُوْنِهٖ وَاَسْرَارِهٖ.

وَالْفَصْلُ الثَّالِثُ: فِىْ ذِكْرِ مَا رَتَّبَ عَلَيْهِ هٰذَا الْكِتَابُ مِنَ الْكُتُبِ وَالْفُصُوْلِ وَالْاَبْوَابِ قَصْدًا لِتَكْمِيْلِ التَّهْذِيْبِ وَتَسْهِيْلِ التَّقْرِيْبِ.

مقدمہ

(یہ مقدمہ علامہ ابن بلبان نے تحریر کیا ہے)

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے (اس بات پر کہ) اس نے "بیان" (بات کرنے) کا علم دیا ہے اور تبیان (یعنی مافی الضمیر کو واضح طور پر بیان کرنے کی صلاحیت) عطا کی ہے اس نے (ہم پر اپنا) جود فضل اور احسان مکمل کیا ہے۔

(ایسے) درود و سلام جو پورے اور مکمل ہوں وہ عدنان کی اولاد کے سردار جنہیں سب سے کامل ترین دین کے ہمراہ مبعوث کیا گیا ہے اور جن کا تذکرہ تورات انجیل اور فرقان (یعنی قرآن مجید) میں ہے (یعنی حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ) پر نازل ہو اور ان کی آل ان کے اصحاب اور ان (آل اور اصحاب) کی احسان (بھلائی) کے ہمراہ پیروی کرنے والوں پر (درود نازل ہو) ایسا درود جو (اس وقت تک نازل ہوتا رہے) جب تک دن و رات چلتے رہیں گے اور جب تک "رحمٰن" کی عبادت کی جاتی رہے گی۔

(حمد و صلوٰۃ کے بعد) نبی اکرم ﷺ کے بارے میں روایات سے متعلق سب سے جامع تصنیف اور حضرت محمد ﷺ کے آثار کے بارے میں سب سے زیادہ فائدہ مند تالیف جس میں سب سے عمدہ طریقہ اختیار کیا گیا اور سب سے مختلف طرز اختیار کی گئی وہ کتاب "التقاسیم والانواع" ہے۔ جو شیخ امام ایام کی اچھائی اپنے زمانے کے حافظ الحدیث اپنے دور کے (روایات کے الفاظ کے) ضابط اتقان کا معدن ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی کوشش کو قبول کرے اور جنت کو ان کا ٹھکانہ بنا دے کیونکہ حرام اور حلال سے متعلق احادیث کو جمع کرنے کے حوالے سے کوئی بھی (دوسرا مصنف) ان جیسے طریقے پر عمل پیرا نہیں ہوا۔ لیکن اس کتاب کی نرالی طرز اور مختلف اسلوب کے باوجود اس کا وجود کمیاب ہو گیا اور اس سے لاتعلقی اختیار کی گئی۔ اس کے سرکش (شکار) کو قابو کرنا مشکل تھا اس لیے اس کے فوائد اور موارد سے روشنی حاصل کرنا ممکن نہیں رہا۔ اس لیے میں نے یہ مناسب سمجھا کہ میں اسے قریب (یعنی آسان) کرنے کی کوشش کروں اور اس کی تہذیب و ترتیب کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرنے کی کوشش کروں۔ میں اس کے طلبگاروں کے لئے اسے آسان کر دوں یوں کہ اس کی ہر حدیث کو (اس حدیث کے موضوع سے متعلق مناسب) باب میں رکھ دوں جو (باب موضوع کی مناسب کے حوالے سے) اس (حدیث) کے لئے زیادہ مناسب ہو تا کہ جو شخص اس (کتاب) سے لاتعلقی اختیار کر چکا ہے وہ اس کو پیشوا بنا لے اور جس نے اسے پرے اور مؤخر کر دیا ہے وہ اسے مقدم کر لے۔ تو میں (اپنے پاس) زاد راہ کم ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے اس کام کا آغاز کیا (اور میں یہ بھی اعتراف کرتا ہوں) کہ اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ میں نے (یہ مقصد) تھوڑی مدت میں ہی حاصل کر لیا۔ میں نے اسے (علم حدیث

کے) طلباء کے لئے عمدہ اور تیاری (یعنی بنیادی ضرورت کا سامان) بنادیا' تو اللہ تعالیٰ کی حمد ہے (کہ اس کے فضل کی وجہ سے) یہ کتاب موجود ہوگئی حالانکہ پہلے یہ معدوم کی مانند ہو چکی تھی اور (اب یہ کتاب) پہاڑ کی چوٹی پر رکھی ہوئی آگ کی مانند (لوگوں کا) مقصود بن چکی ہے؟ اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کا شمار کامل ترین نعمتوں میں ہوتا ہے۔اس کی آسانی کے آسمان کو کھول دیا گیا' تو وہ دروازے بن گیا' اس کی مشکل کے پہاڑوں کو ان کی جگہ سے ہٹادیا گیا' تو وہ راستہ بن گئے' اس کی صنف (یعنی تصنیف) کے خوشوں کو ملایا گیا' تو وہ جوڑی دار بن گئے اور اس کے الف (یعنی تالیف) کے ہر تابع کو (مرتب کیا گیا)' تو وہ چمکتا ہوا سورج بن گیا۔ میں نے اس کا نام

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

(یعنی صحیح ابن حبان سے استفادہ آسان کرنے کے بارے میں بھلائی) تجویز کیا ہے۔

میں اللہ تعالیٰ سے یہ سوال کرتا ہوں کہ وہ اس خدمت کو اپنی بارگاہ میں اچھی حالت میں واپسی کے لئے زادِراہ بنادے اور اسے برکت کے ہمراہ اپنی بارگاہ میں حاضری کے لئے تیار کیا ہوا سامان بنادے۔ بے شک وہ ہر اچھائی کے لئے کفیل ہے اور وہ میرے لئے کافی ہے' اور وہ بہترین کارساز ہے۔

میں یہاں ایک مقدمہ تحریر کروں گا' جو تین فصول پر مشتمل ہوگا۔

پہلی فصل: ان (یعنی ابن حبان) کے حالات کے بارے میں ہوگی' تاکہ ان کی قدر و منزلت کا پتہ چل سکے۔

دوسری فصل: میں ان کا تحریر کردہ خطبہ ہوگا اور انہوں نے اپنے دیباچے کے آغاز اور اختتام پر جو کچھ تحریر کیا وہ سب ہوگا' تاکہ ان کے مقرر کردہ مضمون اور اس کے فوائد و اسرار کا علم حاصل ہو سکے۔

تیسری فصل: اس بات پر مشتمل ہوگی کہ اس کتاب کو ان کتب وفصول و ابواب پر مرتب کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد یہ ہے: تہذیب کی تکمیل ہو جائے اور استفادہ کرنا آسان ہو جائے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

اَقُوْلُ وَبِاللهِ التَّوْفِيْقِ هُوَ الْإِمَامُ الْعَالِمُ الْفَاضِلُ الْمُتْقِنُ الْمُحَقِّقُ الْحَافِظُ الْعَلَّامَةُ مُحَمَّدُ بْنُ حِبَّانَ بْنِ اَحْمَدَ بْنِ حِبَّانَ بِكَسْرِ الْحَاءِ الْمُهْمَلَةِ وَبِالْبَاءِ الْمُوَحَّدَةِ فِيْهِمَا ابْنِ مُعَاذِ بْنِ مَعْبَدٍ بِالْبَاءِ الْمُوَحَّدَةِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ سَهِيْدٍ بِفَتْحِ السِّيْنِ الْمُهْمَلَةِ وَكَسْرِ الْهَاءِ وَيُقَالُ بْنُ مَعْبَدِ بْنِ هَدِيَّةَ بِفَتْحِ الْهَاءِ وَكَسْرِ الدَّالِ وَتَشْدِيْدِ الْيَاءِ آخِرِ الْحُرُوْفِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ سَعْدِ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ مُرَّةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ دَارِمِ بْنِ مَالِكِ بْنِ حَنْظَلَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ زَيْدِ مَنَاةِ بْنِ تَمِيْمِ بْنِ مُرِّ بْنِ اُدِّ بْنِ طَابِخَةَ بْنِ اِلْيَاسَ بْنِ مُضَرِ بْنِ نَزَارِ بْنِ مَعْدِ بْنِ عَدْنَانَ اَبُوْ حَاتِمٍ التَّمِيْمِيُّ الْبُسْتِيُّ الْقَاضِيُّ اَحَدُ الْاَئِمَّةِ الرَّحَّالِيْنَ وَالْمُصَنِّفِيْنَ.

ذَكَرَهُ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ فَقَالَ كَانَ مِنْ اَوْعِيَةِ الْعِلْمِ فِي اللُّغَةِ وَالْفِقْهِ وَالْحَدِيْثِ وَالْوَعْظِ مِنْ عُقَلَاءِ الرِّجَالِ وَكَانَ قَدِمَ نِيْسَابُوْرَ فَسَمِعَ بِهَا مِنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شِيْرَوَيْهِ ثُمَّ اَنَّهُ دَخَلَ الْعِرَاقَ فَاَكْثَرَ عَنْ اَبِيْ خَلِيْفَةَ الْقَاضِيِّ وَاَقْرَانِهِ وَبِالْاَهْوَازِ وَبِالْمُوْصِلِ وَبِالْجَزِيْرَةِ وَبِالشَّامِ وَبِمِصْرِ وَبِالْحِجَازِ وَكَتَبَ بِهَرَاةٍ وَمَرْوَ وَبُخَارٰى.

وَرَحَلَ اِلٰى عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ وَاَكْثَرَ عَنْهُ وَرَوٰى عَنِ الْحَسَنِ بْنِ سُفْيَانَ وَاَبِيْ يَعْلَى الْمُوْصِلِيِّ.

ثُمَّ صَنَّفَ فَخَرَجَ لَهُ مِنَ التَّصْنِيْفِ فِي الْحَدِيْثِ مَا لَمْ يَسْبِقْ اِلَيْهِ وَوَلِيَ الْقَضَاءَ بِسَمَرْقَنْدَ وَغَيْرَهَا مِنَ الْمُدُنِ بِخُرَاسَانَ ثُمَّ وَرَدَ نِيْسَابُوْرَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّثَلَاثِيْنَ وَثَلَاثُ مِائَةٍ وَخَرَجَ اِلَى الْقَضَآءِ اِلٰى نَسَا وَغَيْرَهَا وَانْصَرَفَ اِلَيْنَا سَنَةَ سَبْعٍ وَّثَلَاثِيْنَ فَاَقَامَ بِنِيْسَابُوْرَ وَبَنَى الْخَانَقَاهَ وَسَمِعَ مِنْهُ خَلْقٌ كَثِيْرٌ.

رَوٰى عَنْهُ الْحَاكِمُ اَبُوْ عَبْدِ اللهِ وَاَبُوْ عَلِيٍّ مَنْصُوْرُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ خَالِدِ الْهَرَوِيُّ وَاَبُوْ بَكْرٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَلَمٍ وَاَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ النُّوْقَاتِيُّ وَاَبُوْ مَعَاذٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ رِزْقِ السَّجِسْتَانِيُّ وَاَبُو الْحَسَنِ مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ الزُّوْزَنِيُّ.

وَقَالَ اَبُوْ سَعْدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَحْمَدَ الْاِدْرِيْسِيُّ اَبُوْ حَاتِمٍ الْبُسْتِيُّ كَانَ مِنْ فُقَهَاءِ النَّاسِ وَحُفَّاظِ الْاٰثَارِ الْمَشْهُوْرِيْنَ فِي الْاَمْصَارِ وَالْاَقْطَارِ عَالِمًا بِالطِّبِّ وَالنُّجُوْمِ وَفُنُوْنِ الْعُلُوْمِ اَلَّفَ الْمُسْنَدَ الصَّحِيْحَ وَالتَّارِيْخَ وَالضُّعَفَآءَ وَالْكُتُبَ الْمَشْهُوْرَةَ فِيْ كُلِّ فَنٍّ وَفَقَّهَ النَّاسَ بِسَمَرْقَنْدَ ثُمَّ تَحَوَّلَ اِلٰى بُسْتٍ ذَكَرَهُ عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ سَعِيْدٍ فِي الْبُسْتِيِّ.

وَذَكَرَهُ الْخَطِيْبُ وَقَالَ وَكَانَ ثِقَةً ثَبَتًا فَاضِلًا فَهِمًا.

وَذَكَرَهُ الْاَمِيْرُ فِیْ حِبَّانَ بِكَسْرِ الْحَاءِ الْمُهْمَلَةِ وَلِیَ الْقَضَاءَ بِسَمَرْقَنْدَ وَكَانَ مِنَ الْحُفَّاظِ الْاَثْبَاتِ.

تَوَفّٰی بِسَجِسْتَانَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ لِثَمَانٍ لَيَالٍ بَقِيْنَ مِنْ شَوَّالٍ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّخَمْسِيْنَ وَثَلَاثُ مِائَةٍ وَقِيْلَ بِبُسْتٍ فِیْ دَارِهِ الَّتِیْ هِیَ الْيَوْمَ مَدْرَسَةٌ لِاَصْحَابِهٖ وَمَسْكَنٌ لِلْغُرَبَاءِ الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ بِهَا مِنْ اَهْلِ الْحَدِيْثِ وَالْمُتَفَقِّهَةُ مِنْهُمْ وَلَهُمْ جِرَايَاتٌ يَسْتَنْفِقُوْنَهَا وَفِيْهَا خِزَانَةُ كُتُبٍ.

فصل اوّل

امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کا تعارف

از- ابن بلبان

میں یہ کہتا ہوں وہ امام عالم فاصل متقن محقق حافظ علامہ محمد بن حبان بن احمد بن حبان (اس میں ح پر زیر ہے اور اس کے بعد ب ہے) ابن معاذ بن معبد (یہ ب کے ساتھ ہے) بن سعید بن سہید (اس میں سین پر زبر اور ہ پر زیر ہے) اور ایک قول کے مطابق بن معبد بن ہدیہ (اس میں ہ پر زبر اور ی پر شد ہے) بن مرہ بن سعد بن یزید بن مرہ بن زید بن عبداللہ بن دارم بن مالک بن حنظلہ بن مالک بن زید مناۃ بن تمیم بن مر بن اد بن طابخہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان ابو حاتم تمیمی بستی ہیں۔ یہ قاضی تھے اور (علم حدیث کی طلب میں) سفر کرنے والے (اور علم حدیث کے موضوع پر) تصنیف کرنے والے ائمہ میں سے ایک ہیں۔

امام ابوعبداللہ حاکم نے ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے یہ لغت، فقہ، حدیث، وعظ میں بھرپور مہارت رکھتے تھے۔

انتہائی سمجھ دار تھے یہ نیشاپور تشریف لائے تھے۔ انہوں نے عبداللہ بن شیرویہ سے احادیث کا سماع کیا پھر یہ عراق تشریف لے گئے اور ابوخلیفہ قاضی اور ان کے معاصرین سے بکثرت روایات نقل کیں۔

انہوں نے اہواز، موصل، جزیرہ، شام، مصر، حجاز میں (مختلف محدثین سے احادیث کا سماع کیا)

انہوں نے مرو اور بخارا میں احادیث نوٹ کیں۔

یہ عمر بن محمد بن بجیر کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے بکثرت روایات نقل کیں۔

انہوں نے حسن بن سفیان اور (مسند ابویعلیٰ کے مصنف) ابویعلیٰ موصلی سے بھی روایات نقل کی ہیں۔

پھر اس کے بعد انہوں نے تصانیف کا آغاز کیا اور علم حدیث میں ایسی تصنیف پیش کی جس کی مثال پہلے نہیں آئی تھی۔

یہ سمرقند اور خراسان کے دوسرے شہروں کے قاضی بھی رہے پھر یہ 334ھ میں نیشاپور تشریف لے آئے یہ نساء اور دیگر علاقوں کے قاضی بن کر فرائض سرانجام دینے کے لئے نیشاپور سے چلے گئے اور پھر یہ واپس 337ھ میں نیشاپور تشریف لے آئے اور وہیں قیام اختیار کیا وہاں انہوں نے خانقاہ بنائی وہاں ان سے ایک بڑی تعداد میں لوگوں نے احادیث کا سماع کیا۔

ان سے احادیث روایت نقل کرنے والوں میں (مستدرک حاکم کے مصنف) امام ابوعبداللہ حاکم، ابوعلی منصور بن عبداللہ بن خالد ہروی، ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابراہیم بن سلم، ابوبکر محمد بن احمد بن عبداللہ نوقانی، ابو معاذ عبدالرحمٰن بن محمد بن علی بن رزق

بجستانی، ابوالحسن محمد بن احمد بن محمد زوزنی شامل ہیں۔

شیخ ابوسعد عبدالرحمٰن بن احمد ادریسی فرماتے ہیں: ابوحاتم بستی اکابر فقہاء میں سے ایک تھے' وہ آثار کے بڑے حافظ تھے اور مشہور ومعروف شخصیت کے مالک تھے۔

وہ طب اور نجوم کا علم رکھتے تھے، مختلف علوم کے ماہر تھے' انہوں نے ایک ''مسند صحیح'' تالیف کی ہے۔

اس کے علاوہ تاریخ لکھی ہے۔

ضعیف راویوں کے بارے میں کتاب لکھی ہے اور ہر فن کے بارے میں مشہور کتابیں تصنیف کی ہیں۔

انہوں نے سمرقند میں لوگوں کو فقہ کی تعلیم دی' پھر وہ ''بست'' واپس تشریف لے گئے۔

عبدالغنی بن سعید نے ان کا تذکرہ ''بُستی'' میں کیا ہے۔

خطیب بغدادی نے ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ بات کہی ہے: یہ ثقہ، ثبت، فاضل اور سمجھ دار تھے۔

امیر نے حبان میں ان کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ کہا ہے: یہ سمرقند کے قاضی بنے تھے اور یہ حفاظ اور اثبات میں سے تھے (یعنی حافظ الحدیث اور ثبت تھے)

ان کا انتقال جمعہ کی رات 22 شوال المکرّم 354ھ میں بجستان میں ہوا۔

ایک قول یہ ہے: ان کا انتقال ''بست'' میں ان کے اس گھر میں ہوا' جہاں آج ان کے شاگردوں کا مدرسہ ہے۔

اور وہ مسافروں کا مسکن ہے' جہاں وہ علم حدیث سیکھنے کے لئے قیام کرتے ہیں اور علم فقہ سیکھنے کے لئے قیام کرتے ہیں۔

ان لوگوں کے لئے وظائف مقرر ہیں جہاں سے وہ خرچ حاصل کرتے ہیں اور وہاں کتابوں کا خزانہ ہے۔

الفصل الثَّانِیُّ

(مقدمة ابن حبان فی صحیحه)

(یہ وہ مقدمہ ہے جو امام ابن حبان نے اپنی تصنیف ''السند الصحیح علی التقاسیم والانواع'' کے آغاز میں تحریر کیا)

قَالَ رَحِمَهُ اللهُ : اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْمُسْتَحِقِّ الْحَمْدَ لِآلَائِهِ الْمُتَوَحِّدِ بِعِزِّهٖ وَكِبْرِيَائِهِ الْقَرِيْبِ مِنْ خَلْقِهٖ فِیْ اَعْلٰی عُلُوِّهٖ الْبَعِيْدِ مِنْهُمْ فِیْ اَدْنٰی دُنُوِّهٖ الْعَالِمِ بِكَنِيْنِ مَكْنُوْنِ النَّجْوٰی وَالْمُطَّلِعِ عَلٰی اَفْكَارِ السِّرِّ وَاَخْفٰی وَمَا اسْتَجَنَّ تَحْتَ عَنَاصِرِ الثَّرٰی وَمَا جَالَ فِيْهِ خَوَاطِرُ الْوَرٰی الَّذِیْ ابْتَدَعَ الْاَشْيَاءَ بِقُدْرَتِهٖ وَذَرَاَ الْاَنَامَ بِمَشِيَّتِهٖ مِنْ غَيْرِ اَصْلٍ عَلَيْهِ اُفْتُعِلَ وَلَا رَسْمٍ مَرْسُوْمٍ اُمْتُثِلَ ثُمَّ جَعَلَ الْعُقُوْلَ مَسْلَكًا لِذَوِی الْحَجَا وَمَلْجَاً فِیْ مَسَالِكِ اُولِی النُّهٰی وَجَعَلَ اَسْبَابَ الْوُصُوْلِ اِلٰی كَيْفِيَّةِ الْعُقُوْلِ مَا شَقَّ لَهُمْ مِّنَ الْاَسْمَاعِ وَالْاَبْصَارِ وَالتَّكَلُّفَ لِلْبَحْثِ وَالْاِعْتِبَارِ فَاَحْكَمُ لَطِيْفٍ مَا دَبَّرَ وَاَتْقَنَ جَمِيْعَ مَا قَدَّرَ.

ثُمَّ فَضَّلَ بِاَنْوَاعِ الْخِطَابِ اَهْلَ التَّمْيِيْزِ وَالْاَلْبَابِ ثُمَّ اخْتَارَ طَائِفَةً لِصَفْوَتِهٖ وَهَدَاهُمْ لُزُوْمَ طَاعَتِهٖ مِنْ اِتِّبَاعِ سُبُلِ الْاَبْرَارِ فِیْ لُزُوْمِ السُّنَنِ وَالْآثَارِ فَزَيَّنَ قُلُوْبَهُمْ بِالْاِيْمَانِ وَاَنْطَقَ اَلْسِنَتَهُمْ بِالْبَيَانِ مِنْ كَشْفِ اَعْلَامِ دِيْنِهٖ وَاتِّبَاعِ سُنَنِ نَبِيِّهٖ بِالدُّؤُوْبِ فِی الرِّحَلِ وَالْاَسْفَارِ وَفِرَاقِ الْاَهْلِ وَالْاَوْطَارِ فِیْ جَمْعِ السُّنَنِ.

وَرُفِضَ الْاَهْوَاءِ وَالتَّفَقُّهُ فِيْهَا بِتَرْكِ الْآرَاءِ فَتَجَرَّدَ الْقَوْمُ لِلْحَدِيْثِ وَطَلَبُوْهُ وَرَحَلُوْا فِيْهِ وَكَتَبُوْهُ وَسَاَلُوْا عَنْهُ وَاَحْكَمُوْهُ وَذَاكَرُوْا بِهٖ وَنَشَرُوْهُ وَتَفَقَّهُوْا فِيْهِ وَاَصَّلُوْهُ وَفَرَّعُوْا عَلَيْهِ وَبَذَلُوْهُ وَبَيَّنُوا الْمُرْسَلَ مِنَ الْمُتَّصِلِ وَالْمَوْقُوْفَ مِنَ الْمُنْفَصِلِ وَالنَّاسِخَ مِنَ الْمَنْسُوْخِ وَالْمُحْكَمَ مِنَ الْمَفْسُوْخِ وَالْمُفَسَّرَ مِنَ الْمُجْمَلِ وَالْمُسْتَعْمَلَ مِنَ الْمُهْمَلِ وَالْمُخْتَصَرَ مِنَ الْمُتَقَصّٰی وَالْمَلْزُوْقَ مِنَ الْمُتَفَصّٰی وَالْعُمُوْمَ مِنَ الْخُصُوْصِ وَالدَّلِيْلَ مِنَ الْمَنْصُوْصِ وَالْمُبَاحَ مِنَ الْمَزْجُوْرِ وَالْغَرِيْبَ مِنَ الْمَشْهُوْرِ وَالْفَرْضَ مِنَ الْاِرْشَادِ وَالْحَتْمَ مِنَ الْاِيْعَادِ وَالْعُدُوْلَ مِنَ الْمَجْرُوْحِيْنَ وَالضُّعَفَاءَ مِنَ الْمَتْرُوْكِيْنَ وَكَيْفِيَّةَ الْمَعْمُوْلِ وَالْكَشْفَ عَنِ الْمَجْهُوْلِ وَمَا حُرِّفَ عَنِ الْمَخْزُوْلِ وَقُلِبَ مِنَ الْمَنْحُوْلِ مِنْ مُّخَايَلِ التَّدْلِيْسِ وَمَا فِيْهِ مِنَ التَّلْبِيْسِ حَتّٰی حَفِظَ اللّٰهُ بِهِمُ الدِّيْنَ عَلَی الْمُسْلِمِيْنَ وَصَانَهٗ عَنْ ثَلْبِ الْقَادِحِيْنَ وَجَعَلَهُمْ عِنْدَ التَّنَازُعِ اَئِمَّةَ الْهُدٰی وَفِی النَّوَازِلِ مَصَابِيْحَ الدُّجٰی فَهُمْ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَاءِ وَمَاْنَسُ الْاَصْفِيَاءِ وَمَلْجَاُ الْاَتْقِيَاءِ وَمَرْكَزُ الْاَوْلِيَاءِ.

فَلَهُ الْحَمْدُ عَلٰی قَدْرِهٖ وَقَضَائِهٖ وَتَفَضُّلِهٖ بِعَطَائِهٖ وَبِرِّهٖ وَنَعْمَائِهٖ وَمَنِّهٖ بِآلَائِهٖ.

وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا الَّذِىْ بِهِدَايَتِهٖ سَعِدَ مَنِ اهْتَدٰى وَبِتَايِيْدِهٖ رَشَدَ مَنِ اتَّعَظَ وَارْعَوٰى وَبِخِذْلَانِهٖ ضَلَّ مَنْ زَلَّ وَغَوٰى وَحَادَ عَنِ الطَّرِيْقَةِ الْمُثْلٰى.

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ الْمُصْطَفٰى وَرَسُوْلُهُ الْمُرْتَضٰى بَعَثَهُ اِلَيْهِ دَاعِيًا وَاِلٰى جَنَانِهٖ هَادِيًا فَصَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَزْلَفَهُ فِى الْحَشْرِ لَدَيْهِ وَعَلٰى آلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ اَجْمَعِيْنَ.

اَمَّا بَعْدُ! فَاِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا انْتَخَبَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِنَفْسِهٖ وَلِيًّا وَبَعَثَهُ اِلٰى خَلْقِهٖ نَبِيًّا لِيَدْعُوا الْخَلْقَ مِنْ عِبَادَةِ الْاَشْيَاءِ اِلٰى عِبَادَتِهٖ وَمِنْ اِتِّبَاعِ السُّبُلِ اِلٰى لُزُوْمِ طَاعَتِهٖ حَيْثُ كَانَ الْخَلْقُ فِىْ جَاهِلِيَّةٍ جَهْلَاءَ وَعَصَبِيَّةٍ مَضِلَّةٍ عَمْيَاءَ يَهِيْمُوْنَ فِى الْفِتَنِ حَيَارٰى وَيَخُوْضُوْنَ فِى الْاَهْوَاءِ سُكَارٰى يَتَرَدَّدُوْنَ فِىْ بِحَارِ الضَّلَالَةِ وَيَجُوْلُوْنَ فِىْ اَوْدِيَةِ الْجَهَالَةِ شَرِيْفُهُمْ مَغْرُوْرٌ وَوَضِيْعُهُمْ مَقْهُوْرٌ.

فَبَعَثَهُ اللّٰهُ اِلٰى خَلْقِهٖ رَسُوْلًا وَجَعَلَهُ اِلٰى جَنَانِهٖ دَلِيْلًا فَبَلَّغَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ رِسَالَاتِهٖ وَبَيَّنَ الْمُرَادَ عَنْ آيَاتِهٖ وَاَمَرَ بِكَسْرِ الْاَصْنَامِ وَدَحْضِ الْاَزْلَامِ حَتّٰى اَسْفَرَ الْحَقُّ عَنْ مَحْضِهٖ وَاَبْدَى اللَّيْلُ عَنْ صُبْحِهٖ وَانْحَطَّ بِهٖ اَعْلَامُ الشِّقَاقِ وَانْهَشَمَ بِهٖ بَيْضَةُ النِّفَاقِ.

وَاِنَّ فِىْ لُزُوْمِ سُنَّتِهٖ تَمَامَ السَّلَامَةِ وَجِمَاعَ الْكَرَامَةِ لَا تُطْفَأُ سُرُجُهَا وَلَا تُدْحَضُ حُجَجُهَا مَنْ لَزِمَهَا عَصِمَ وَمَنْ خَالَفَهَا نَدِمَ اِذْ هِىَ الْحِصْنُ الْحَصِيْنُ وَالرُّكْنُ الرَّكِيْنُ الَّذِىْ بَانَ فَضْلُهُ وَمَتُنَ حَبْلُهُ مَنْ تَمَسَّكَ بِهٖ سَادَ وَمَنْ رَامَ خِلَافَهُ بَادَ فَالْمُتَعَلِّقُوْنَ بِهٖ اَهْلُ السَّعَادَةِ فِى الْآجِلِ وَالْمَغْبُوْطُوْنَ بَيْنَ الْاَنَامِ فِى الْعَاجِلِ.

وَاِنِّىْ لَمَّا رَاَيْتُ الْاَخْبَارَ طُرُقُهَا كَثُرَتْ وَمَعْرِفَةُ النَّاسِ بِالصَّحِيْحِ مِنْهَا قَلَّتْ لِاشْتِغَالِهِمْ بِكِتْبَةِ الْمَوْضُوْعَاتِ وَحِفْظِ الْخَطَا وَ الْمَقْلُوْبَاتِ حَتّٰى صَارَ الْخَبَرُ الصَّحِيْحُ مَهْجُوْرًا لَا يُكْتَبُ وَالْمُنْكَرُ الْمَقْلُوْبُ عَزِيْزًا يُسْتَغْرَبُ وَاِنَّ مَنْ جَمَعَ السُّنَنَ مِنَ الْاَئِمَّةِ الْمَرْضِيِّيْنَ وَتَكَلَّمَ عَلَيْهَا مِنْ اَهْلِ الْفِقْهِ وَالدِّيْنِ اَمْعَنُوْا فِىْ ذِكْرِ الطُّرُقِ لِلْاَخْبَارِ وَاَكْثَرُوْا مِنْ تَكْرَارِ الْمُعَادِ لِلْآثَارِ قَصْدًا مِّنْهُمْ لِتَحْصِيْلِ الْاَلْفَاظِ عَلٰى مَنْ رَامَ حِفْظَهَا مِنَ الْحُفَّاظِ فَكَانَ ذٰلِكَ سَبَبُ اِعْتِمَادِ الْمُتَعَلِّمِ عَلٰى مَا فِى الْكِتَابِ وَتَرْكِ الْمُقْتَبِسِ التَّحْصِيْلَ لِلْخِطَابِ.

فَتَدَبَّرْتُ الصِّحَاحَ لِاَسْهَلَ حِفْظَهَا عَلَى الْمُتَعَلِّمِيْنَ وَاَمْعَنْتُ الْفِكْرَ فِيْهَا لِئَلَّا يَصْعُبَ وَعْيُهَا عَلَى الْمُقْتَبِسِيْنَ فَرَاَيْتُهَا تَنْقَسِمُ خَمْسَةَ اَقْسَامٍ مُتَسَاوِيَةٍ مُتَّفِقَةَ التَّقْسِيْمِ غَيْرَ مُتَنَافِيَةٍ.

فَاَوَّلُهَا الْاَوَامِرُ الَّتِىْ اَمَرَ اللّٰهُ عِبَادَهُ بِهَا.

وَالثَّانِىْ النَّوَاهِىْ الَّتِىْ نَهَى اللّٰهُ عِبَادَهُ عَنْهَا.

وَالثَّالِثُ اِخْبَارُهُ عَمَّا احْتِيْجَ اِلٰى مَعْرِفَتِهَا.

وَالرَّابِعُ الْاِبَاحَاتُ الَّتِىْ اُبِيْحَ ارْتِكَابُهَا.

وَالْخَامِسُ اَفْعَالُ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِىْ انْفَرَدَ بِفِعْلِهَا.

ثُمَّ رَاَيْتُ كُلَّ قِسْمٍ مِنْهَا يَتَنَوَّعُ اَنْوَاعًا كَثِيْرَةً وَمِنْ كُلِّ نَوْعٍ تَتَنَوَّعُ عُلُوْمٌ خَطِيْرَةٌ لَيْسَ يَعْقِلُهَا اِلَّا الْعَالِمُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِى الْعِلْمِ رَاسِخُوْنَ دُوْنَ مَنِ اشْتَغَلَ فِى الْاُصُوْلِ بِالْقِيَاسِ الْمَنْكُوْسِ وَاَمْعَنَ فِى الْفُرُوْعِ بِالرَّاْىِ الْمَنْحُوْسِ.

وَاَنَا نُمْلِىْ كُلَّ قِسْمٍ بِمَا فِيْهِ مِنَ الْاَنْوَاعِ وَكُلَّ نَوْعٍ بِمَا فِيْهِ مِنَ الْاِخْتِرَاعِ الَّذِىْ لَا يَخْفٰى تَحْضِيْرُهُ عَلٰى ذَوِى الْحِجَا وَلَا تَتَعَلَّقُ كَيْفِيَّتُهُ عَلٰى اُولِى النُّهٰى.

وَنَبْدَاُ مِنْهُ بِاَنْوَاعِ تَرَاجِمِ الْكِتَابِ ثُمَّ نُمْلِى الْاَخْبَارَ بِاَلْفَاظِ الْخِطَابِ بِاَشْهُرِهَا اِسْنَادًا وَاَوْثَقِهَا عِمَادًا مِنْ غَيْرِ وُجُوْدِ قَطْعٍ فِىْ سَنَدِهَا وَلَا ثُبُوْتِ جَرْحٍ فِىْ نَاقِلِيْهَا لِاَنَّ الْاِقْتِصَارَ عَلٰى اَتَمِّ الْمُتُوْنِ اَوْلٰى وَالْاِعْتِبَارَ بِاَشْهَرِ الْاَسَانِيْدِ اَحْرٰى مِنَ الْخَوْضِ فِىْ تَخْرِيْجِ التَّكْرَارِ وَاِنْ آلَ اَمْرُهُ اِلٰى صَحِيْحِ الْاِعْتِبَارِ.

وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ لِمَا قَصَدْنَا بِالْاِتْمَامِ وَاِيَّاهُ نَسْاَلُ الثَّبَاتَ عَلَى السُّنَّةِ وَالْاِسْلَامِ وَبِهٖ نَتَعَوَّذُ مِنَ الْبِدَعِ وَالْآثَامِ وَالسَّبَبِ الْمُوْجِبِ لِلْاِنْتِقَامِ اِنَّهُ الْمُعِيْنُ لِاَوْلِيَائِهٖ عَلٰى اَسْبَابِ الْخَيْرَاتِ وَالْمُوَفِّقُ لَهُمْ سُلُوْكَ اَنْوَاعِ الطَّاعَاتِ وَاِلَيْهِ الرَّغْبَةُ فِىْ تَيْسِيْرِ مَا اَرَدْنَا وَتَسْهِيْلِ مَا اَوْ مَاْنَا اِنَّهُ جَوَّادٌ كَرِيْمٌ رَؤُوْفٌ رَحِيْمٌ.

دوسری فصل

اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے اس کی (عطا کردہ) نعمتوں کی وجہ سے (وہ اللہ) جو اپنے غلبہ اور کبریائی کے حوالے سے یکتا ہے جو اپنی تمام تر عظمت کے باوجود اپنی مخلوق کے قریب ہے اپنے قریب ترین ہونے کے باوجود ان سے دور ہے۔ وہ سرگوشی میں کی جانیوالی پوشیدہ بات کا بھی علم رکھتا ہے اور پوشیدہ مخفی افکار پر بھی مطلع ہے۔ زمین کے عناصر کے نیچے جو کچھ پوشیدہ ہے اور مخلوق کے ذہنوں میں جو کچھ گھومتا ہے (وہ ان سب سے واقف ہے وہ اللہ) جس نے کسی سابقہ مثال (کے موجود ہونے) کے بغیر اپنی قدرت کے ذریعے اشیاء کو پیدا کیا اور کسی سابقہ ایجاد (جس کو سامنے رکھ کر) کچھ ایجاد کیا جائے یا سابقہ منظر جس کی بنیاد پر کچھ بنایا جائے کے نہ ہونے کے باوجود مخلوق کو بنایا۔

پھر اس نے عقل مند افراد کے لئے عقول کو راستہ بنایا اور تجربہ کار لوگوں کے طریقے میں (اس عقل کو) پناہ گاہ بنایا اور عقول کی کیفیت تک رسائی کے لئے یہ اسباب بنائے کہ (لوگوں کو) سماعت و بصارت عطا کی اور تحقیق و قیاس آرائی کو اپنانے (کا راستہ بنایا) تو اس نے جو تدبیر کی اس میں عمدہ طور پر محکم (طریقہ بنایا) اور جو کچھ اس نے تقدیر (میں طے کیا یا بنایا) ان سب میں مضبوط (طریقہ مقرر) کیا۔

پھر اس نے تمیز کرنے کی صلاحیت رکھنے والوں اور عقل مند لوگوں کو مختلف قسم کے خطاب کے ہمراہ فضیلت عطا کی اور ایک گروہ کو اپنا مقرب (بنانے کے لئے) اختیار کر لیا اور ان کی اس بات کی طرف رہنمائی کی کہ وہ سنن اور آثار کو لازم کر کے نیک لوگوں کے راستے کی پیروی کرتے ہوئے اس (یعنی اللہ تعالیٰ) کے حکم کی فرمانبرداری کریں تو (اللہ تعالیٰ) نے ان لوگوں کے دلوں کو ایمان کے ذریعے مزین کر دیا اور ان کی زبانوں کو بیان کے ذریعے گویائی عطا کی۔ (جس بیان کا تعلق اس بات سے ہے کہ وہ لوگ) اس کے دین کی معلومات کی وضاحت کریں اور اس کے نبی ﷺ کی سنتوں کی پیروی کریں۔ اس کے ہمراہ وہ ان سنتوں کو جمع کرنے کے لئے کوچ اور سفر اہل خانہ اور اپنی ضروریات سے جدائی (کی شکل میں) مشکلات (کا سامنا کریں) اور اپنی خواہشات کو پرے کر دیں آراء کو ترک کر کے ان (احادیث) کی سمجھ بوجھ حاصل کریں۔

تو ایک گروہ نے (خود کو) احادیث کے لئے مختص کر دیا۔ انہوں نے (اس علم حدیث) کی تلاش کی اس کے لیے سفر کیا اسے نوٹ کیا اس کی تحقیق کی اسے محکم کیا اس کا مذاکرہ کیا اسے پھیلایا اس کی سمجھ بوجھ حاصل کی اس کے اصول مقرر کیے ان پر فروعی مسائل (کا اضافہ کیا) اور اسے عام کیا۔

انہوں نے متصل کے مقابلے میں مرسل منفصل کے مقابلے میں موقوف منسوخ کے مقابلے میں ناسخ فسخ شدہ کے مقابلے

میں محکم، مجمل کے مقابلے میں مفسر، مہمل کے مقابلے میں مستعمل، تفصیلی کے مقابلے میں مختصر، متقصی کے مقابلے میں ملزوق، خصوص کے مقابلے میں عموم، منصوص کے مقابلے میں دلیل، ممنوع کے مقابلے میں مباح، مشہور کے مقابلے میں غریب، مستحب کے مقابلے میں فرض، دہرانے کے مقابلے میں حتمی (روایات کون سی ہیں؟ اس بات کی وضاحت کی) اور مجروح کے مقابلے میں عادل، متروک کے مقابلے میں ضعیف (راوی کون سے ہیں، اس بات کی وضاحت کی۔ انہوں نے) معمول کی کیفیت، مجہول کی وضاحت، اور شکستہ پشت سے جو پھیر دیا گیا اور بیمار سے جو پلٹ دیا گیا، (اس سب کی وضاحت کی) جس کا تعلق تدلیس کی غلط فہمی اور اس میں موجود تلبیس (یعنی دھوکہ دہی) سے ہے۔

یہاں تک کہ ان حضرات کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے، مسلمانوں کے لئے ان کے دین کو محفوظ کر دیا۔ اور اسے ناقدین کی تنقید سے بچالیا۔ اور ان حضرات کو اختلاف کی صورت میں، ہدایت کا پیشوا بنایا اور نئے پیش آمدہ مسائل میں اندھیرے کا چراغ بنایا تو یہ حضرات انبیاء کرام کے وارث ہیں۔ اصفیاء کے لئے سکون کا مرکز ہیں۔ پرہیز گاروں کے لئے پناہ گاہ ہیں اور اولیاء کے لئے مرکز ہیں۔

تو (اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ اس) تقدیر، اس کے فیصلے، اس کے اپنی اس عطا کے ذریعے کیے گئے، فضل، اس کی مہربانی، اس کی نعمتوں اور اس کے نعمتوں کے ذریعے احسان کرنے پر، تمام تر تعریفیں، اس کیلئے مخصوص ہیں۔ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے جس کی (عطا کردہ) ہدایت کے ذریعے ہدایت حاصل کرنے والا سعادت مند ہوتا ہے اور اس کی تائید کے ذریعے وہ شخص رہنمائی حاصل کر لیتا ہے جو نصیحت حاصل کرتا ہے اور رجوع کرتا ہے اور اس کے رسوا کرنے کی وجہ سے، وہ شخص گمراہ ہو جاتا ہے جو پھسل جائے اور سرکشی اختیار کرے اور وہ مثالی راستے سے ہٹ جاتا ہے۔

میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اس کے منتخب بندے ہیں اور چنے ہوئے رسول ہیں، جنہیں اس نے اپنی ذات کی طرف دعوت دینے والا اور اپنی جنت کی طرف رہنمائی کرنے والا بنا کر بھیجا ہے تو اللہ تعالیٰ ان پر درود نازل کرے اور حشر کے دن انہیں اپنا قرب (خاص) عطا کرے اور ان کی تمام "طیب و طاہر آل" پر (بھی درود نازل کرے)

امابعد! بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کو اپنے ولی کے طور پر منتخب کیا اور انہیں اپنی مخلوق کی طرف نبی کے طور پر مبعوث کیا تاکہ وہ مخلوق کو اس بات کی دعوت دیں کہ وہ لوگ مختلف اشیاء کی عبادت کو چھوڑ کر، اس (اللہ تعالیٰ) کی عبادت کریں اور مختلف راستوں کی پیروی کو چھوڑ کر، اس (اللہ تعالیٰ) کی فرمانبرداری کو لازم پکڑ لیں (انہیں اس وقت مبعوث کیا) جبکہ مخلوق انتہائی جاہلیت اور گمراہ کن اندھی عصبیت کا شکار تھی۔ وہ حیرانگی کے عالم میں فتنوں میں چکرا رہے تھے اور مدہوشی کے عالم میں نفسانی خواہشات (کی پیروی) میں ڈوبے ہوئے تھے۔ وہ گمراہی کے سمندروں میں ادھر ادھر ہو رہے تھے اور جہالت کی وادیوں میں چکر لگا رہے تھے۔ ان کے اونچے طبقے کا فرد دھوکے کا شکار تھا اور نچلے طبقے کا فرد قہر کا شکار تھا۔ تو اللہ تعالیٰ نے انہیں (یعنی حضرت محمد ﷺ کو) ان کی طرف رسول بنا کر بھیجا اور انہیں اپنی جنت کی طرف رہنمائی کرنے والا بنایا تو نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچا دیا۔ اس کی آیات کی مراد کو واضح کر دیا۔ آپ نے بتوں کو توڑنے اور (پانسے کے) تیروں کو پرے کرنے کا حکم دیا، یہاں تک کہ صرف

آپ کی وجہ سے حق روشن ہو گیا اور آپ کی صبح کی وجہ سے (گمراہی کی) رات رخصت ہو گئی۔ آپ کی وجہ سے دشمنی کے جھنڈے سرنگوں ہو گئے اور نفاق کا انڈہ ٹوٹ گیا۔

بے شک آپ کی سنت کو لازم پکڑنے میں ہی تمام سلامتی ہے اور پوری بزرگی ہے۔ جس (سنت) کے چراغ بجھ نہیں سکتے اور اس کے دلائل کو پرے نہیں کیا جا سکتا جو اسے لازم پکڑ لے وہ محفوظ ہو گیا۔ جس نے اس کی مخالفت کی وہ ندامت کا شکار ہو گا۔ کیونکہ یہی (سنت) محفوظ پناہ گاہ اور مضبوط ستون ہے۔ جس کی فضیلت واضح ہے اور اس کی رسی مضبوط ہے' جو شخص اسے مضبوطی سے تھام لے گا وہ سردار بن جائے گا اور جو اس کے خلاف کا قصد کرے گا وہ ہلاک ہو جائے گا تو اس سے متعلق افراد دیر سے (یعنی آخرت میں) اہل سعادت ہونگے اور جلدی (یعنی دنیا میں) قابل رشک ہونگے۔

جب میں نے دیکھا کہ روایات کے طرق زیادہ ہو گئے ہیں اور ان (روایات) میں سے ''صحیح'' کے بارے میں لوگوں کی معرفت کم ہو گئی ہے کیونکہ لوگ ''موضوع'' روایات نوٹ کرنے' (روایات میں نقل ہونے والی) غلطیوں کو یاد رکھنے' مقلوب (روایات کو یاد رکھنے) میں مشغول ہیں۔ یہاں تک کہ ''صحیح'' حدیث کو چھوڑ دیا گیا ہے کہ اسے نوٹ نہیں کیا جاتا جبکہ منکر اور مقلوب روایات غالب ہیں جنہیں نادر سمجھا جاتا ہے حالانکہ اہل فقہ و دین سے تعلق رکھنے والے ائمہ عظام نے' احادیث کو جمع کرتے ہوئے اور ان کے بارے میں کلام کرتے ہوئے روایات کے طرق اس لیے ذکر کیے اور ان روایات کو تکرار کے ساتھ اس لیے نقل کیا تاکہ اس شخص کو (روایات کے) الفاظ (کا علم) حاصل کرنے میں (آسانی ہو) جو انہیں حفظ کرنے کا ارادہ کرتا ہے۔ (لوگوں نے غیر مستند روایات اس لیے نوٹ کرنا شروع کر دی ہیں) کیونکہ طالب علم لکھی ہوئی چیز پر اعتماد کرتا ہے۔ اور فیضیاب ہونیوالے نے خطاب (روایات کے متن) کے حصول کو ترک کر دیا ہے۔

تو میں نے مستند روایات میں تدبر کیا تاکہ میں (علم حدیث کے) طلباء کے لئے ان (روایات کو) حفظ کرنے کو آسان کر دوں۔ میں نے اس میں خوب غور و خوض کیا تاکہ فیضیاب ہونیوالے کے لئے ان (احادیث) کو یاد رکھنا مشکل نہ رہے تو میں نے یہ دیکھا کہ یہ (تمام تر) روایات پانچ اقسام میں تقسیم ہوتی ہیں جو برابر کی متفقہ تقسیم ہے اس میں کوئی منافات نہیں ہے۔

ان میں سے پہلی (قسم) یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو جو ''اوامر'' دیے ہیں۔

دوسری (قسم) وہ ''نواہی'' ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو منع کیا ہے۔

تیسری (قسم) وہ اطلاعات ہیں' جو ان امور کے بارے میں ہیں۔ جن کی معرفت کی ضرورت پیش آتی ہے۔

چوتھی (قسم) وہ ''اباحات'' ہیں جن کے ارتکاب کو مباح قرار دیا گیا ہے۔

پانچویں (قسم) نبی اکرم ﷺ کے وہ افعال ہیں جنہیں کرنے میں آپ ﷺ منفرد ہیں۔

پھر میں نے یہ دیکھا کہ ان میں سے ہر ایک قسم میں بہت سی شاخیں (یعنی ذیلی اقسام) ہیں اور ان میں سے ہر ایک شاخ بہت سی معلومات پر مشتمل ہے جس کا فہم صرف عالموں کو حاصل ہو سکتا ہے۔ وہ (علماء) جو علم میں رسوخ رکھتے ہیں۔ وہ لوگ نہیں جو اصول کے بارے میں اوندھے قیاس میں مشغول ہوتے ہیں اور فروع میں منحوس رائے کے ذریعے غور و فکر کرتے ہیں۔

ہم ان میں سے ہر ایک قسم کو املاء کروائیں گے اور اس میں جو انواع (یعنی ذیلی اقسام) موجود ہیں اور ان میں سے ہر نوع میں جو معلومات ہیں (ان سب کو ہم املاء کروائیں گے) تاکہ اہل حجت کے لئے انہیں حاضر کرنا مخفی نہ رہے اور اہل عقل کے لئے ان کی کیفیت متعذر نہ رہے۔

ہم پہلے ہر نوع کے تراجم ابواب املاء کروائیں گے۔ پھر روایات کے الفاظ مشہور اسناد اور قابل وثوق حوالوں سے املاء کروائیں گے (ان روایات) کی سند میں کوئی انقطاع موجود نہیں ہوگا اور اس کے نقل کرنے والوں میں سے (کسی کے بھی) بارے میں جرح ثابت نہیں ہوگی۔

اس کی وجہ یہ ہے مکمل ترین متون پر اکتفاء کر لینا' زیادہ مناسب ہے اور مشہور اسانید پر اعتماد کرنا زیادہ لائق ہے۔

بہ نسبت اس کے کہ تکرار کی تخریج کا اہتمام کیا جائے۔ اگرچہ اس کے معاملے نے صحیح اعتبار کی طرف ہی لوٹنا ہے۔

اللہ تعالیٰ ہی اسے مکمل کرنے کی توفیق عطا کرنے والا ہے' جو قصد ہم نے کیا ہے اور ہم اسی سے' سنت اور اسلام پر ثابت قدم رہنے کا سوال کرتے ہیں' اور ہم بدعات' گناہوں اور انتقام کو لازم کرنے والی چیزوں سے' اس کی پناہ مانگتے ہیں۔ بے شک وہ بھلائی کے اسباب میں اپنے دوستوں کا مددگار ہے اور مختلف قسم کی طاعات کے راستے کی ان لوگوں کو توفیق دینے والا ہے' ہم نے جو ارادہ کیا ہے اس کو آسان کرنے کے لئے اور جو اشارہ کیا ہے اس کی تسہیل کے لئے' اسی کی طرف امید کی جا سکتی ہے۔ بے شک وہ جواد کریم' مہربان اور رحیم ہے۔

اَلْقِسْمُ الْاَوَّلُ مِنْ اَقْسَامِ السُّنَنِ وَهُوَ الْاَوَامِرُ

قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ تدبرت خطاب الاوامر عن المصطفى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاستكشاف ما طواه فى جوامع كلمه فرايتها تدور على مائة نوع وعشرة انواع يجب على كل منتحل لسنن ان يعرف فصولها وكل منسوب الى العلم ان يقف على جوامعها لئلا يضع السنن الا فى مواضعها ولا يزيلها عن موضع القصد فى سننها.

819- إسناده صحيح. وأخرجه مسلم (2018) في الأشربة. باب آداب الطعام والشراب، وأبو داوٗد (3765) في الأطعمة باب التسمية على الطعام، وابن ماجة (3887) في الدعاء باب مايدعو به إذا دخل بيته، من طرق، عن أبي عاصم الضحاك بن مخلد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/383، ومسلم (2018) من طريق روح بن عادة عن ابن جريج، به. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (178) من طريق يوسف بن سعيد، عن حجاج، عن ابن جريج، به وأخرجه أحمد 3/346 عن موسى بن داوٗد، عن ابن لهيعة، عن أبي الزبير.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ كُلَّمَا كَثُرَ تَبَرِّيهِ مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ اِلَّا بِبَارِئِهِ كَثُرَ غِرَاسُهُ فِي الْجِنَانِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ جب بھی بکثرت "لا حول ولا قوۃ الا باللہ" پڑھے گا تو جنت میں اس کی طرف سے زیادہ درخت لگ جائیں گے

821 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ صَخْرٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَخْبَرَهُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ اَيُّوْبَ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهٖ مَرَّ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ الرَّحْمٰنِ، فَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ لِجِبْرِيْلَ: مَنْ مَّعَكَ يَا جِبْرِيْلُ؟، قَالَ جِبْرِيْلُ: هٰذَا مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ: يَا مُحَمَّدُ مُرْ اُمَّتَكَ اَنْ يُّكْثِرُوْا غِرَاسَ الْجَنَّةِ، فَاِنَّ تُرْبَتَهَا طَيِّبَةٌ، وَاَرْضُهَا وَاسِعَةٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاِبْرَاهِيْمَ: وَمَا غِرَاسُ الْجَنَّةِ؟، قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (1: 2)

✿✿ سالم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے صحابی حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی کہ جس رات نبی اکرم ﷺ کو معراج کروائی گئی آپ کا گزر حضرت ابراہیم خلیل علیہ السلام کے پاس سے ہوا' تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے دریافت کیا: اے جبرائیل آپ کے ساتھ کون ہے؟ حضرت جبرائیل نے بتایا یہ حضرت محمد ﷺ ہیں' تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا: اے محمد ﷺ آپ اپنی امت کو یہ ہدایت کریں کہ وہ جنت میں زیادہ درخت لگائے' کیونکہ اس کی مٹی پاکیزہ ہے اور اس کی زمین کشادہ ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے دریافت کیا: جنت میں درخت لگانے سے مراد کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: لا حول ولا قوۃ الا باللہ (پڑھنا)

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِيْ يُهْدَى الْقَائِلُ بِهٖ وَيُكْفٰى وَيُوْقٰى اِذَا، قَالَهٗ عِنْدَ الْخُرُوْجِ مِنْ مَّنْزِلِهٖ

اس چیز کا تذکرہ' جو اپنے پڑھنے والے کو ہدایت دیتی ہے اور اس کے لئے کفایت کر لیتی ہے اور اس کے لئے بچاؤ (کا ذریعہ) بن جاتی ہے' جب آدمی وہ کلمہ اپنے گھر سے نکلتے ہوئے پڑھتا ہے

822 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

821- عبد الله بن عبد الرحمٰن لم يوثقه غير المؤلف، وباقي رجاله ثقات . وأخرجه أحمد 5/418 عن أبي عبد الرحمٰن المقرىء، بهذا الإسناد، وحسنه المنذري في الترغيب والترهيب 2/445 وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد 10/97 وقال رواه أحمد، والطبراني، ورجال أحمد رجال الصحيح .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ

(متن حدیث): إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ، فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، فَيُقَالُ لَهُ: حَسْبُكَ قَدْ كُفِيتَ وَهُدِيتَ وَوُقِيتَ؛ فَيَلْقَى الشَّيْطَانُ شَيْطَانًا آخَرَ فَيَقُولُ لَهُ: كَيْفَ * لَكَ بِرَجُلٍ قَدْ كُفِيَ وَهُدِيَ وَوُقِيَ. (1: 2)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

جب کوئی شخص اپنے گھر سے نکلتے ہوئے یہ پڑھتا ہے:

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے میں نے اللہ تعالیٰ پر توکل کیا اور اللہ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہوسکتا''۔

تو اس شخص سے یہ کہا جاتا ہے تمہارے لئے اتنا کافی ہے تمہاری کفایت کردی گئی تمہاری رہنمائی کی گئی اور تم کو بچالیا گیا پھر شیطان دوسرے شیطان سے ملتا ہے۔ اس سے کہتا ہے: ایسے شخص کے ساتھ تم کیا کر سکتے ہو، جس کی کفایت بھی کر لی گئی ہو رہنمائی بھی کردی گئی ہو اور اسے بچا بھی لیا گیا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنِ انْتَظَرَ النَّفْخَ فِي الصُّورِ اَنْ يَّقُوْلَ: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ

جو شخص صور میں پھونک مارے جانے یعنی قیامت قائم ہونے کا انتظار کررہا ہے اسے اس بات کا حکم ہے کہ وہ یہ پڑھے ''حسبنا اللّٰه و نعم الوكيل'' (ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے)

823 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْبُخَارِيِّ بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَيْفَ اَنْعَمُ وَصَاحِبُ الصُّورِ قَدِ الْتَقَمَ الْقَرْنَ، وَحَنَى جَبْهَتَهُ يَنْتَظِرُ مَتَى يُؤْمَرُ اَنْ يَنْفُخَ؟، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَمَا نَقُوْلُ يَوْمَئِذٍ؟، قَالَ: قُوْلُوْا: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ بِاِسْنَادٍ نَحْوِهِ، قَالَ: قُوْلُوْا: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ، عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا. (1: 104)

822- وأخرجه أبو داؤد (5095) في الأدب: باب ما يقول إذا خرج من بيته، والنسائي في اليوم والليلة (89) عن عبد الله بن محمد بن تميم، كلاهما عن حجاج بن محمد، بهذا الإسناد. وأخرجه الترمذي (3426) في الدعوات باب ما يقول إذا خرج من بيته.

823- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في مسند أبي يعلى (1084)، وأخرجه ابن أبي الدنيا في كتاب الأهوال فيما ذكره ابن كثير في النهاية 1/244، وأخرجه الحاكم 4/559 من طريق إسماعيل بن إبراهيم. وأخرجه الحميدي (754)، وأحمد 3/7 و 73، والترمذي (2431) في صفة القيامة: باب ما جاء في شأن الصور، و (3243) في التفسير. باب ومن سورة الزمر، وابن المبارك في الزهد (1597)، وأبو نعيم في الحلية 5/105 و 7/130 و 312 من طرق. وأخرجه أحمد 1/326، والحاكم 4/559 من طريق مطرف، وأحمد 4/374

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میں کیسے نعمت میں رہ سکتا ہوں جبکہ (صور میں) پھونک مارنے والے نے اپنا منہ صور کے ساتھ لگایا ہوا ہے اور اس نے اپنی پیشانی کو اس بات کے انتظار میں تیار رکھا ہوا ہے کب اسے پھونک مارنے کا حکم ہوتا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے کہا: یارسول اللہ! ہمیں پھر اس دن کیا کہنا چاہئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ کہو: حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ (ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے وہ بہترین کارساز ہے)''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابویعلیٰ نے اپنی سند کے ساتھ اسی کی مانند روایت نقل کی ہے' تاہم انہوں نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ، عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا

''تم لوگ یہ کہو ہمارے لئے اللہ تعالیٰ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے اور ہم اللہ تعالیٰ پر ہی توکل کرتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْاَشْيَاءَ النَّامِيَةَ الَّتِىْ لَا رُوحَ فِيهَا تُسَبِّحُ مَا دَامَتْ رَطْبَةً

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جن اشیاء میں نشوونما ہوتی ہے ان میں روح موجود نہیں ہوتی' جب تک وہ تر رہتی ہیں' وہ تسبیح پڑھتی رہتی ہیں

824 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِىْ كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ زَيْدُ بْنُ اَبِىْ اُنَيْسَةَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَمْشِىْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَرْنَا عَلٰى قَبْرَيْنِ، فَقَامَ، فَقُمْنَا مَعَهُ، فَجَعَلَ لَوْنُهُ يَتَغَيَّرُ حَتّٰى رَعَدَ كُمُّ قَمِيصِهِ، فَقُلْنَا: مَا لَكَ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ؟، قَالَ: مَا تَسْمَعُوْنَ مَا اَسْمَعُ؟ قُلْنَا: وَمَا ذَاكَ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ؟، قَالَ: هٰذَانِ رَجُلَانِ يُعَذَّبَانِ فِىْ قُبُوْرِهِمَا عَذَابًا شَدِيدًا فِىْ ذَنْبٍ هَيِّنٍ، قُلْنَا: مِمَّ ذٰلِكَ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ؟، قَالَ: كَانَ اَحَدُهُمَا لَا يَسْتَنْزِهُ مِنَ الْبَوْلِ، وَكَانَ الْاٰخَرُ يُؤْذِى النَّاسَ بِلِسَانِهِ، وَيَمْشِىْ بَيْنَهُمْ بِالنَّمِيمَةِ فَدَعَا بِجَرِيدَتَيْنِ مِنْ جَرَائِدِ النَّخْلِ، فَجَعَلَ فِىْ كُلِّ قَبْرٍ وَاحِدَةً، قُلْنَا: وَهَلْ يَنْفَعُهُمَا ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: نَعَمْ، يُخَفِّفُ عَنْهُمَا مَا دَامَا رَطْبَتَيْنِ. (5: 9)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جارہے تھے۔ ہمارا گزر دو قبروں کے پاس سے ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہر گئے ہم بھی آپ کے ساتھ ٹھہر گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رنگت تبدیل ہوگئی' یہاں تک کہ آپ کے قمیض کی آستین کپکپانے لگی۔ ہم نے دریافت کیا: اے اللہ کے نبی! آپ کو کیا ہوا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو میں سن رہا ہوں کیا تم بھی وہ سن رہے ہو۔ ہم نے دریافت کیا: اے اللہ کے نبی! وہ کیا چیز ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان دو لوگوں کو ان کی قبروں میں دو ہلکے گناہ کی وجہ سے شدید عذاب ہو رہا ہے۔ ہم نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! اس کی وجہ کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

ان میں سے ایک شخص پیشاب سے بچتا نہیں تھا' اور دوسرا شخص اپنی زبان کے ذریعے لوگوں کو اذیت پہنچاتا تھا' اور ان کے درمیان چغلی کیا کرتا تھا۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کی شاخوں میں سے دو شاخیں منگوائی اور آپ نے ہر ایک کی قبر پر اسے گاڑ دیا۔ ہم نے دریافت کیا: یارسول اللہ! کیا ان دونوں کو اس کا کوئی فائدہ ہوگا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جی ہاں۔ جب تک یہ دونوں خشک نہیں ہو جاتیں ان کے عذاب میں تخفیف رہے گی۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِحَطِّ الْخَطَايَا، وَكَتْبِهِ الْحَسَنَاتِ عَلٰى مُسَبِّحِهِ

اس فضیلت کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو عطا کی ہے' جو اس کی تسبیح بیان کرتا ہے وہ یہ کہ وہ اس کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے اور اس کے لئے نیکیاں نوٹ کر دیتا ہے

825 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الطَّالَقَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى الْجُهَنِيُّ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّكْتَسِبَ كُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ؟ فَسَاَلَهُ نَاسٌ مِنْ جُلَسَائِهِ: وَكَيْفَ يَكْتَسِبُ اَحَدُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُلَّ يَوْمٍ اَلْفَ حَسَنَةٍ؟، قَالَ: يُسَبِّحُ اللّٰهَ مِائَةَ تَسْبِيْحَةٍ، فَيَكْتُبُ اللّٰهُ لَهُ اَلْفَ حَسَنَةٍ، وَيَحُطُّ عَنْهُ اَلْفَ سَيِّئَةٍ .(1: 2)

مصعب بن سعد اپنے والد حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے' آپ نے ارشاد فرمایا: کیا کوئی شخص یہ کر سکتا ہے کہ روزانہ ایک ہزار نیکیاں کمایا کرے' تو آپ کے پاس بیٹھے ہوئے لوگوں نے آپ سے دریافت کیا: یارسول اللہ! ہم میں سے کوئی شخص روزانہ ایک ہزار نیکیاں کیسے کما سکتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ سبحان اللہ سو مرتبہ پڑھے' تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ایک ہزار نیکیاں لکھ لے گا وہ اس کے ایک ہزار گناہوں کو مٹا دے گا۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِالْاَمْرِ بِغَرْسِ النَّخِيْلِ فِي الْجِنَانِ لِمَنْ سَبَّحَهُ مُعَظِّمًا لَهُ بِهٖ

اس فضیلت کا تذکرہ' جو اللہ نے اس شخص کو عطا کی ہے' جو اس کی پاکی بیان کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کے لئے جنت میں کھجور کے درخت لگانے کا حکم دے دیتا ہے' تاکہ اس کی عزت افزائی ہو

826 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا

825- إسناده صحيح. وأخرجه أحمد 1/185، ومسلم (2698) في الذكر والدعاء . باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء، من طريق عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي (80) من طريق سفيان، وابن أبي شيبة 10/294، من طريق مروان بن معاوية، وأحمد 1/174، والنسائي في عمل اليوم والليلة (152) من طريق شعبة، وأحمد 1/180، والترمذي (3463) في الدعوات، من طريق يحيى القطان، وأحمد 1/185، والبغوي (1266)، من طريق يعلى بن عبيد.

حَجَّاجُ الصَّوَّافُ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، غُرِسَتْ لَهٗ بِهٖ نَخْلَةٌ فِی الْجَنَّةِ. (1: 2)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص سبحان اللہ و بحمدہ پڑھتا ہے اس کے لئے جنت میں کھجور کا درخت لگا دیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ حَجَّاجٌ الصَّوَّافُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں حجاج صواف نامی راوی منفرد ہے

827 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحْمُوْدٍ السَّعْدِیُّ بِمَرْوَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ، غُرِسَ لَهٗ شَجَرَةٌ فِی الْجَنَّةِ. (1: 2)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص سبحان اللہ العظیم پڑھتا ہے اس کے لئے جنت میں درخت لگا دیا جاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالتَّسْبِیْحِ عَدَدَ خَلْقِ اللّٰهِ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ

اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی تعداد' اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر تسبیح بیان کرنے کا حکم کے ہونے کا تذکرہ

828 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَیْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا

826- رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أبا الزبير فمن رجال مسلم وقد عنعن، وأخرجه ابن أبي شيبة 10/290، والبغوی (126)، والترمذی (3464) فی الدعوات، من طريق عن روح بن عبادة، بهذا الإسناد. وقال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه إلا من حديث أبي الزبير، عن جابر. وأخرجه النسائی فی عمل اليوم والليلة (827)، والحاكم 1/501 و512، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبی، وأورده الحاكم شاهدًا لحديث أبي هريرة عنده 1/512.

827- مؤمل بن إسماعيل: سيّء الحفظ، وباقي رجاله ثقات وأخرجه الترمذی (3465) فی الدعوات، عن محمد بن رافع، حدثنا المؤمل، بهذا الإسناد. وتقدم قبله من طريق حجاج الصواف، عن أبي الزبير، به. فانظر تخريجه ثمت. 828- إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 6/325 و 429، 430، والترمذی (3555) فی الدعوات، والنسائی 3/77 فی السهو: باب نوع آخر من التسبيح، وفی عمل اليوم والليلة (163) و (164) من طريقين عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (2726) فی الذكر والدعاء. باب التسبيح أول النهار وعند النوم، وابن ماجة (3808) فی الأدب. باب فضل التسبيح، من طريق أبي بكر بن أبي شيبة، عن محمد بن بشر، والنسائی فی عمل اليوم والليلة (165)

شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ كُرَيْبًا يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ جُوَيْرِيَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اَتٰى عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اُسَبِّحُ، ثُمَّ انْطَلَقَ لِحَاجَتِهٖ، ثُمَّ رَجَعَ مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ، فَقَالَ: مَا زِلْتِ قَاعِدَةً؟ ، قَالَتْ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: اَلَا اُعَلِّمُكِ كَلِمَاتٍ لَوْ عُدِلْنَ بِهِنَّ عَدَلَتْهُنَّ، اَوْ لَوْ وُزِنَّ بِهِنَّ وَزَنَتْهُنَّ؟ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ خَلْقِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ زِنَةَ عَرْشِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ رِضَا نَفْسِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهٖ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ (1: 104)

سیّدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے میں اس وقت تسبیح پڑھ رہی تھی۔ پھر آپ اپنے کام کے سلسلے میں تشریف لے گئے پھر دوپہر کے وقت آپ واپس تشریف لائے تو آپ نے دریافت کیا: کیا تم اس وقت سے اب تک بیٹھی ہوئی ہو؟ سیّدہ جویریہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے جواب دیا جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی کلمات کی تعلیم نہ دوں اگر (انہیں تمہارے پڑھے ہوئے کلمات) کے ساتھ ملایا جائے تو وہ زیادہ ہوں اور اگر ان کا وزن ان کے وزن کے ساتھ ملایا جائے تو وہ زیادہ وزنی ہوں (وہ کلمات یہ ہیں:)

''سبحان الله عدد خلقه'' اللہ تعالیٰ کی میں اتنی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر ہو۔ یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے سبحان الله زينة عرشه میں اللہ تعالیٰ کی اتنی پاکی بیان کرتا ہو جو اس کے عرش کے وزن جتنی ہو۔ یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے۔ سبحان الله رضا نفسه (میں اللہ تعالیٰ کی اتنی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کی ذات کی رضا مندی کے مطابق ہو) یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے اور سبحان الله مداد كلماته میں اس کی اتنی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کے کلمات کے سیاہی جتنی ہو) یہ تین مرتبہ پڑھنا ہے۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَا سَلَفَ مِنْ ذُنُوْبِ الْمَرْءِ بِالتَّسْبِيْحِ، وَالتَّحْمِيْدِ اِذَا كَانَ ذٰلِكَ بِعَدَدٍ مَعْلُوْمٍ

تسبیح اور تحمید کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کا آدمی کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کردینے کا تذکرہ (اس تسبیح اور تحمید) کی تعداد متعین ہو

829 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ بِمَنْبِجَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ

829- إسناده صحيح، وهو في شرح البينة (1262) من رواية أحمد بن أبي بكر، عن مالك، وهو في الموطأ 1/209-210 برواية يحيى بن يحيى، باب ما جاء في ذكر الله تعالى. ومن طريق مالك أخرجه ابن أبي شيبة 10/290، وأحمد 2/302 و515، والبخاري (6405) في الدعوات: باب فضل التسبيح، ومسلم (2691) في الذكر: باب فضل التهليل والتسبيح، والترمذي (3466) في الدعوات، والنسائي في عمل اليوم والليلة (826)، وابن ماجة (3812) في الأدب. باب فضل التسبيح. وسيورده المؤلف برقم (859).

مَّالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث):مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، فِیْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ، حُطَّتْ خَطَايَاهُ، وَاِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ. (1: 2)

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص روزانہ سو مرتبہ سبحان اللّٰه و بحمدهٖ پڑھتا ہے اس کے گناہ ختم کر دیئے جاتے ہیں اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں''۔

ذِكْرُ التَّسْبِيحِ الَّذِیْ يَكُوْنُ لِلْمَرْءِ اَفْضَلَ مِنْ ذِكْرِهٖ رَبَّهٗ بِاللَّيْلِ مَعَ النَّهَارِ، وَالنَّهَارِ مَعَ اللَّيْلِ

اس تسبیح کا تذکرہ جسے پڑھنا دن کے ہمراہ رات بھر اور رات کے ہمراہ دن بھر اپنے پروردگار کا ذکر کرنے سے افضل ہے

830 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ مَرْيَمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِیِّ،

(متنِ حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهٖ وَهُوَ يُحَرِّكُ شَفَتَيْهِ، فَقَالَ: مَاذَا تَقُوْلُ يَا اَبَا اُمَامَةَ؟ ، قَالَ: اَذْكُرُ رَبِّی، قَالَ: اَلَا اُخْبِرُكَ بِاَكْثَرَ اَوْ اَفْضَلَ مِنْ ذِكْرِكَ اللَّيْلَ مَعَ النَّهَارِ وَالنَّهَارَ مَعَ اللَّيْلِ؟ اَنْ تَقُوْلَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا فِی الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا اَحْصٰى كِتَابُهٗ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَیْءٍ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ كُلِّ شَیْءٍ، وَتَقُوْلُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ. (1: 2)

❁❁ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس سے گزرے وہ اس وقت اپنے ہونٹوں کو حرکت دے رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے ابوامامہ تم کیا پڑھ رہے ہو۔ انہوں نے عرض کی: میں اپنے پروردگار کا ذکر کر رہا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز کے بارے میں نہ بتاؤں جو تمہارے دن کے ہمراہ تمہارے رات بھر ذکر کرنے اور تمہارے رات کے ہمراہ دن بھر ذکر کرنے سے زیادہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) افضل

830- إسناده حسن، من أجل ابن عجلان وهو محمد، ويحيى بن أيوب: هو الغافقي، وابن أبي مريم هو: سعيد بن الحكم الجمحي المصري. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (166) من طريق إبراهيم بن يعقوب، عن ابن أبي مريم، به. وأخرجه أحمد 5/249 عن أبي الوليد الطيالسي، عن أبي عَوَانَةَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ اَبِي أمامة. وصححه الحاكم 1/513 على شرط الشيخين، ووافقه الذهبيُّ، وهو كما قالا. وأخرجه الطبراني في الكبير (7930) وفي سنده ليث بن أبي سليم وهو سيىء الحفظ، وأخرجه أيضًا برقم (8122)، وأورده الهيثمي في المجمع 10/93، وقال: رواه الطبراني من طريقين، وإسناد أحدهما حسن.

ہوں تم یہ پڑھو:

''میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کے مخلوق کی تعداد کے برابر ہو۔ میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو اس کی مخلوق کو بھر دے، میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو آسمان اور زمین کے درمیان والی جگہ کو بھر دے۔ میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو اتنی تعداد میں ہو' جس کو اس کی کتاب نے گھیرا ہوا ہے اور میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ہر شے کی تعداد جتنی ہو اور میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ہر چیز کو بھر دے''۔

(نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:) الحمد للہ بھی اس کی مانند پڑھو۔

ذِكْرُ التَّسْبِيحِ الَّذِي يُحِبُّهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا، وَيَثْقُلُ مِيزَانُ الْمَرْءِ بِهِ فِي الْقِيَامَةِ

اس تسبیح کا تذکرہ جس کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور قیامت کے دن اس کی وجہ سے آدمی کا میزان وزنی ہوگا

831 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَلِمَتَانِ خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، حَبِيبَتَانِ اِلَى الرَّحْمٰنِ، ثَقِيلَتَانِ فِي الْمِيزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ . (1: 2)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''دو کلمات ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں۔ رحمان کے نزدیک پسندیدہ ہے میزان میں وہ بھاری ہوں گے وہ سبحانہ اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم ہیں''۔

ذِكْرُ التَّسْبِيحِ الَّذِي يُعْطِي اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الْمَرْءَ بِهِ زِنَةَ السَّمَاوَاتِ ثَوَابًا

اس تسبیح کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ آدمی کو آسمانوں کے وزن جتنا اجر و ثواب عطا کرتا ہے

832 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، مَوْلٰى اٰلِ طَلْحَةَ عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

831- إسناده صحيح، أبو زرعة هو ابن عمرو، تحرف في مطبوع الترمذي إلى عن عمرو وأخرجه ابن أبي شيبة 10/288، 289، وأحمد 2/232، والبخاري (6406) في الدعوات: باب فضل التسبيح، و (6682) في الإيمان والنذور: باب إذا قال: والله لا أتكلم اليوم فصلى، و (7563) في التوحيد: باب قوله تعالى: (ونضع الموازين القسط ليوم القيامة) ومسلم (2694) في الذكر: باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء، والبغوي (1264) ، والترمذي (3467) في الدعوات، والنسائي في عمل اليوم والليلة (830) ، وابن ماجة (3806) في الأدب: باب فضل التسبيح، والبيهقي الأسماء والصفات ص 499 . وسيعيده المؤلف برقم (841) .

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلٰى صَلَاةِ الصُّبْحِ، وَجُوَيْرِيَةُ جَالِسَةٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَرَجَعَ حِيْنَ تَعَالَى النَّهَارُ،

فَقَالَ: لَنْ تَزَالِيْ جَالِسَةً بَعْدِيْ؟ ، قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: لَقَدْ قُلْتُ اَرْبَعَ كَلِمَاتٍ لَوْ وُزِنَتْ بِهِنَّ لَوَزَنَتْهُنَّ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ، وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ، وَرِضَا نَفْسِهٖ، وَزِنَةَ عَرْشِهٖ. (2:1)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: جُوَيْرِيَةُ هِيَ بِنْتُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَمِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے لئے تشریف لے گئے۔ اس وقت حضرت سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا اپنی جائے نماز پر بیٹھی ہوئی تھیں۔ دن چڑھنے کے بعد جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے' تو آپ نے دریافت کیا: تم میرے بعد اسی طرح بیٹھی رہی ہو؟ انہوں نے عرض کیا جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے چار کلمات پڑھے تھے۔ اگر ان کا وزن ان کے ساتھ کیا جائے' تو وہ کلمات وزنی ہوں گے۔ (وہ یہ ہیں:)

''میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں اور اس کے ہمراہ اس کی حمد بیان کرتا ہوں جو اس کی مخلوق کی تعداد جتنی ہے اور اس کی کلمات کی سیاہی جتنی اور اس کی ذات کی رضامندی کے مطابق اور اس کے عرش کے وزن جتنی ہو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جویریہ (نامی خاتون) جناب حارث بن عبدالمطلب کی صاحبزادی ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ہیں۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْاِكْثَارِ لِلْمَرْءِ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالتَّحْمِيْدِ وَالتَّمْجِيْدِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّكْبِيْرِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا رَجَاءَ ثِقَلِ الْمِيْزَانِ بِهٖ فِي الْقِيَامَةِ

آدمی کے لئے بکثرت تسبیح، تحمید، تمجید، تہلیل اور تکبیر کہنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ یہ اُمید رکھتے ہوئے کہ اس کی وجہ سے قیامت کے دن اس کا میزان وزنی ہوگا

833 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ، وَابْنُ جَابِرٍ قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَّامٍ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلْمٰى رَاعِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَقِيْتُهُ بِالْكُوْفَةِ فِيْ

832–وأخرجه أحمد 1/258 عن أسود بن عامر، ومسلم (2726) (79) فی الذكر والدعاء : باب التسبيح أول النهار وعند النوم، عن قتيبة بن سعد، وعمرو الناقد، وابی أبی عمر، وأبو داوٗد (1503) فی الصلاة. بـاب التسبيح بالحصی، عن داوٗد بن أميه، والنَّسائی فی عمل اليوم والليلة (161) عن ابن المقریء محمد بن عبد الله بن يزيد، والبغوی فی شرح السنة (1297) من طريق علی بن المدينی، كلهم عن سفيان، بهذا الاسناد. وقد تقدم برقم (828) من طريق شعبة عن محمد بن عبد الرحمٰن.

مَسْجِدِهَا، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: بَخٍ بَخٍ وَاَشَارَ بِيَدِهٖ بِخَمْسٍ مَا اَثْقَلَهُنَّ فِي الْمِيْزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَالْوَلَدُ الصَّالِحُ يُتَوَفّٰى لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ فَيَحْتَسِبُهُ. (2 :1)

ابوسلمٰی جو نبی اکرم ﷺ کے چرواہے ہیں۔ میری ان سے ملاقات کوفہ کی مسجد میں ہوئی‘ تو انہوں نے مجھے یہ حدیث سنائی۔ وہ کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

”بہت خوب بہت خوب نبی اکرم ﷺ نے اپنے دستِ مبارک سے پانچ کا اشارہ کرتے ہوئے فرمایا (یہ پانچ چیزیں) میزان میں کتنی وزنی ہیں۔ سبحان الله، الحمد لله، لا اله الا الله اور الله اکبر پڑھنا اور یہ کہ کسی مسلمان کا نیک بچہ فوت ہو جائے اور وہ اس پر ثواب کی امید رکھے“۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ الْاِنْسَانِ بِمَا وَصَفْنَا يَكُوْنُ خَيْرًا لَهٗ مِنْ اَنْ يَّكُوْنَ مَا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ لَهٗ

اس بات کا بیان کہ آدمی کا یہ کہنا‘ جو ہم ذکر کر چکے ہیں‘ یہ اس کے لئے اس سے زیادہ بہتر ہے جس بھی چیز پر بھی سورج طلوع ہوتا ہے‘ وہ اسے مل جائے

834 – (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ بِاَرْغِيَانَ بِقَرْيَةِ سَبَنْجَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): لَاَنْ اَقُوْلَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ. (2 :1)

833– إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح، غير شيخ ابن حبان وهو ثقة. وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (167)، والدولابي في الأسماء والكنى 1/36، وابن سعد في الطبقات 6/58، وابن أبي عاصم في السنة 2/363، والطبراني في الكبير 22/348 من طرق عن الوليد بن مسلم، به، وصححه الحاكم 1/511، وأقره الذهبي. وأورده الهيثمي في المجمع 10/88، وقال: رواه الطبراني من طريقين، ورجال أحدهما ثقات. وأخرجه أحمد 3/443 و 4/237 عن عفان بن مسلم، عن أبان العطار، عن يحيى ابن أبي كثير، عن زيد عن أبي سلام عن مولى لرسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أن رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قال ... وأخرجه أحمد 5/366 عن يزيد، عن هشام الدستوائي، عن يحيى بن أبي كثير، عن أبي سلام، أن رجلًا حدثه، أنه سمع النبي.... قال الهيثمي: رواه أحمد، ورجاله رجال الصحيح. المجمع 10/88.

834– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه ابن أبي شيبة 10/288 عن أبي معاوية، به.

وأخرجه مسلم (2695) في الذكر: باب فضل التهليل والتسبيح والدعاء، والترمذي (3597) في الدعوات: باب في العفو والعافية، عن أبي كريب، والنسائي في عمل اليوم والليلة (835) عن أحمد بن حرب، والبغوي (1277).

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سبحان اللہ و الحمد للہ و لا اللہ الہ اللہ و اللہ اکبر پڑھ لینا لومیرے نزدیک ہر اس چیز سے زیادہ پسندیدہ ہے' جس پر سورج طلوع ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ مِنْ اَحَبِّ الْكَرَمِ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ کلمات اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین کلمات میں سے ایک ہیں

835 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَّنْصُوْرٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ عَمِيلَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِنَّ اَحَبَّ الْكَلَامِ اِلَى اللّٰهِ اَرْبَعٌ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ. (1: 104)

❁❁ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ کلام چار کلمات ہیں: سبحان اللہ و الحمد للہ، و لا اللہ الہ اللہ و اللہ اکبر''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الْكَلِمَاتِ مِنْ خَيْرِ الْكَلِمَاتِ لَا يَضُرُّ الْمَرْءُ بِاَيِّهِنَّ بَدَاَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ یہ کلمات بہترین کلمات میں سے ایک ہیں اور آدمی ان میں سے جس کے ذریعے بھی آغاز کرے تو کوئی نقصان نہیں ہوگا

836 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ فَارِسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِیْ، يَقُوْلُ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خَيْرُ الْكَلَامِ اَرْبَعٌ، لَا يَضُرُّكَ بِاَيِّهِنَّ بَدَاْتَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ. (1: 104)

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے بہترین کلام چار کلمات ہیں تمہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ ان میں سے کسی کے ذریعے بھی آغاز کرلو''۔

سبحان اللہ و الحمد للہ و لا اللہ الہ اللہ و اللہ اکبر

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالتَّسْبِيْحِ وَالتَّحْمِيْدِ وَالتَّهْلِيْلِ وَالتَّكْبِيرِ عَدَدَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ وَمَا هُوَ خَالِقُهٗ

تسبیح ،تحمید ،تہلیل اور تکبیر اتنی تعداد میں کہنے کا تذکرہ‘ جواس تعداد کے مطابق ہو جسے اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور جسے اس نے پیدا کرنا ہے

837 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ اَبِيْ هِلَالٍ حَدَّثَهٗ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهَا،

(متن حدیث): اَنَّهٗ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى امْرَاَةٍ فِيْ يَدِهَا نَوًى اَوْ حَصًى تُسَبِّحُ، فَقَالَ: اَلَا اُخْبِرُكِ بِمَا هُوَ اَيْسَرُ عَلَيْكِ مِنْ هٰذَا وَاَفْضَلُ؟ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي السَّمَاءِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا خَلَقَ فِي الْاَرْضِ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا هُوَ خَالِقٌ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مِثْلَ ذٰلِكَ. (1: 104)

عائشہ بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد (حضرت سعد بن ابی وقاص) بیان نقل کرتی ہیں۔ وہ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک خاتون کے پاس تشریف لے گئے جن کے ہاتھ میں گٹھلیاں تھیں۔ جن پر وہ گن کر تسبیحات پڑھ رہی تھیں‘ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی چیز کے بارے میں نہ بتاؤں جو تمہارے لئے زیادہ آسان اور زیادہ فضیلت والی ہو (وہ یہ کلمات ہے)

”میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ان چیزوں کی تعداد کے مطابق ہو جنہیں آسمان میں پیدا کیا میں اللہ تعالیٰ کی پاکی بیان کرتا ہوں جو ان چیزوں کی تعداد کے مطابق ہو جنہیں زمین میں پیدا کیا پاکی بیان کرتا ہوں ان چیزوں کی تعداد کے برابر جنہیں پیدا کرنا ہے۔

”پھر تم اللہ اکبر بھی اسی کی مانند کہو الحمد للہ بھی اسی کی مانند کہو لا الٰہ الا اللہ بھی اسی کی مانند کہو اور لا حول ولا قوۃ بھی اسی کی مانند پڑھو“۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْعَبْدِ بِكُلِّ تَسْبِيْحَةٍ صَدَقَةً، وَكَذٰلِكَ التَّكْبِيرُ وَالتَّحْمِيْدُ وَالتَّهْلِيْلُ

اللہ تعالیٰ کا بندے کے لئے‘ ہر تسبیح کے عوض میں صدقہ نوٹ کرنا اور اسی طرح تکبیر ،تحمید اور تہلیل کے عوض میں بھی (صدقہ نوٹ کرنا)

838 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاصِلٌ مَوْلٰى اَبِيْ عُيَيْنَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَقِيْلٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ الدِّيْلِيِّ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ،

(متن حدیث): اَنَّ نَاسًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ذَهَبَ اَهْلُ الدُّثُورِ بِالْاَجْرِ، يُصَلُّونَ كَمَا نُصَلِّي، وَيَصُومُونَ كَمَا نَصُومُ، وَيَتَصَدَّقُونَ بِفُضُولِ اَمْوَالِهِمْ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَلَيْسَ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مَا تَتَصَدَّقُونَ بِهِ، كُلُّ تَسْبِيحَةٍ صَدَقَةٌ، وَكُلُّ تَكْبِيرَةٍ صَدَقَةٌ، وَكُلُّ تَحْمِيدَةٍ صَدَقَةٌ، وَكُلُّ تَهْلِيلَةٍ صَدَقَةٌ، وَاَمْرٌ بِمَعْرُوفٍ صَدَقَةٌ، وَنَهْيٌ عَنْ مُنْكَرٍ صَدَقَةٌ. (2:1)

حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ! صاحب حیثیت لوگ اجر لے گئے ہیں۔ وہ نماز ادا کرتے ہیں جس طرح ہم نماز ادا کرتے ہیں وہ اسی طرح روزے رکھتے ہیں جس طرح ہم روزے رکھتے ہیں' لیکن وہ اپنے اضافی مال کو صدقہ کردیتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے وہ چیز نہیں بنائی جسے تم صدقہ کیا کرو۔ سبحان اللہ کہنا صدقہ ہے۔ اللہ اکبر کہنا صدقہ ہے۔ الحمد للہ کہنا صدقہ ہے لا الہ الا اللہ پڑھنا صدقہ ہے۔ نیکی کا حکم دینا صدقہ ہے۔ برائی سے منع کرنا صدقہ ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا وَصَفْنَا مِنَ التَّسْبِيحِ وَالتَّحْمِيدِ وَالتَّهْلِيلِ وَالتَّكْبِيرِ مِنْ اَفْضَلِ الْكَلَامِ لَا حَرَجَ عَلَى الْمَرْءِ بِاَيِّهِنَّ بَدَاَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' ہم نے تسبیح' تحمید اور تہلیل اور تکبیر کے بارے میں' جو یہ چیز بیان کی ہے کہ یہ افضل بہترین کلام ہے' تو اس میں آدمی کو کوئی حرج نہیں ہوگا کہ وہ ان میں سے جس سے چاہے آغاز کرے

839 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْضَلُ الْكَلَامِ اَرْبَعٌ، لَا تُبَالِي بِاَيِّهِنَّ بَدَاْتَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ. (2:1)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"سب سے زیادہ فضیلت والا کلام چار کلمات ہیں تم اس بات کی پرواہ نہ کرو کہ کس کے ذریعے آغاز کرتے ہو۔
سبحان اللہ و بحمدہ سبحان اللہ العظیم لا الہ الا اللہ واللہ اکبر"

838- وأخرجه أبو داؤد (5243) و (5244) في الأدب: باب في إماطة الأذى عن الطريق من طرق عن واصل، به، وفي الباب عن أبي هريرة عند البخاري (843) في الأذان. باب صفة الصلاة، و (6329) في الدعوات. باب الدعاء بعد الصلاة، ومسلم (595) في المساجد. باب استحباب الذكر بعد الصلاة والنسائي في عمل اليوم والليلة (146)، وعن أبي الدرداء عند النسائي (147) و (148) و (149) و (150) و (151). 839- إسناده صحيح، وأخرجه الطيالسي (899)، وأحمد 5/11، والنسائي في عمل اليوم والليلة (847) من طريق محمد بن جعفر. وأخرجه أحمد 5/20، وابن ماجة (3811) في الأدب: باب فصل التسبيح. وتقدم برقم (835) من رواية هلال بن يساف. إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه في صحيحه (720) في صلاة المسافرين: باب استحباب صلاة الضحى، و (1006) في الزكاة: باب بيان أن اسم الصدقة يقع على كل نوع من المعروف. أخرجه أحمد 5/167 و 168 من طرق: عن مهدي بن ميمون به.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْكَلِمَاتِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا مَعَ التَّبَرِّي مِنَ الْحَوْلِ وَالْقُوَّةِ اِلَّا بِاللّٰهِ مَعَ الْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ کلمات جن کا ہم نے ذکر کیا ہے جس میں ''لا حول ولا قوة الا باللّٰه'' پڑھا جاتا ہے تو یہ باقی رہ جانے والی نیکیوں کے ساتھ ہے

840 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ، عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِسْتَكْثِرُوْا مِنَ الْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ، قِيْلَ: وَمَا هُنَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: التَّكْبِيرُ، وَالتَّهْلِيْلُ، وَالتَّسْبِيْحُ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ. (1: 2)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''باقی رہنے والی نیکیوں کی کثرت کرو عرض کی گئی: یارسول اللہ! اس سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سے مراد سبحان اللہ، الحمد للہ، اللہ اکبر اور ولا حول ولا قوة پڑھنا ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِتَقْرِيْنِ التَّعْظِيْمِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِلَى التَّسْبِيْحِ اِذْ هُوَ مِمَّا يُثْقِلُ الْمِيْزَانَ فِي الْقِيَامَةِ

اس بات کا حکم ہونا کہ اللہ تعالیٰ کی عظمت والے کلمات کو اس کی تسبیح کے کلمات کے ساتھ ملادیا جائے کیونکہ یہ چیز قیامت کے دن میزان کو وزنی کر دے گی

841 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَزُّوزُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَابِدُ بِطَرَسُوسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ يَزِيْدَ الْبَحْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَلِمَتَانِ خَفِيفَتَانِ عَلَى اللِّسَانِ، ثَقِيْلَتَانِ فِي الْمِيْزَانِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ. (1: 104)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''دو کلمات ایسے ہیں جو زبان پر آسان ہیں اور میزان میں وزنی ہوں گے۔ (وہ یہ ہیں:) سبحان اللہ و بحمدہ

840- إسناده ضعف، دراج في رواية عن أبي الهيثم ضعيف، وأخرجه الطبرى 15/255 عن يونس، والحاكم 1/512 من طريق أحمد بن عيسى المصرى، بهذا الاسناد . وصححه الحاكم ووافقه الذهبى. وأورده السيوطى فى الدر 4/224 . وأخرجه أحمد 3/75 عن حسن بن موسى، عن ابن لهيعة، عن دراج، به. وله شواهد أخر انظرها فى الدر المنثور 4/224-225.

سبحان الله العظیم"

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ عَقْدِ الْمَرْءِ التَّسْبِيحَ وَالتَّهْلِيلَ وَالتَّقْدِيسَ بِالْاَنَامِلِ اِذْ هُنَّ مَسْؤُولَاتٌ وَمُسْتَنْطَقَاتٌ

اس بات کا مستحب ہونا کہ آدمی اپنی تسبیح و تہلیل، تقدیس کے کلمات کو انگلیوں کے پوروں پر شمار کرے کیونکہ ان سے حساب لیا جائے گا اور انہیں گویائی عطا کی جائے گی

842 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ هَانِءَ بْنَ عُثْمَانَ، عَنْ اُمِّهِ حُمَيْضَةَ بِنْتِ يَاسِرٍ، عَنْ جَدَّتِهَا يُسَيْرَةَ، وَكَانَتْ اِحْدَى الْمُهَاجِرَاتِ، قَالَتْ: قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): عَلَيْكُنَّ بِالتَّسْبِيحِ وَالتَّهْلِيلِ وَالتَّقْدِيسِ، وَاعْقِدْنَ بِالْاَنَامِلِ، فَاِنَّهُنَّ مَسْؤُولَاتٌ وَمُسْتَنْطَقَاتٌ. (2 :1)

❀❀ حمیضہ بنت یاسر اپنی دادی سیّدہ یسیرہ کا بیان نقل کرتی ہیں: یہ ہجرت کرنے والی خواتین میں سے ایک ہے وہ بیان کرتی ہے نبی اکرم ﷺ نے ہم سے فرمایا: تم خواتین تسبیح تہلیل اور تقدیس پڑھا کرو اور اپنی انگلیوں کے پوروں پر انہیں شمار کیا کرو کہ ان سے سوال کیا جائے گا اور انہیں گویائی عطا کی جائے گی۔

ذِكْرُ اسْتِعْمَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَمَلَ الَّذِىْ وَصَفْنَاهُ

نبی اکرم ﷺ کا اس عمل کو اختیار کرنے کا تذکرہ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

843 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُ التَّسْبِيحَ بِيَدِهٖ. (2 :1)

842- هو فى المصنف لابن أبى شيبة 10/289، وأخرجه أحمد 370/6-371، وابن سعد فى الطبقات 8/310، والترمذى (3583)، والطبرانى فى الكبير 25/73 (181) من طرق وأخرجه أبو داؤد (1501)، والطبرانى 25/74 من طريق مسدد .

843-وأخرجه أبو داؤد (1502) فى الصلاة: باب التسبيح بالحصى، والترمذى (3411) فى الدعوات، و (3486) باب ما جاء فى عقد التسبيح باليد، والنسائى 3/79 فى السهو: باب عقد التسبيح، والحاكم 1/547، والبيهقى 2/253، والبغوى (1268)، من طرق عن عثام بن علی، بهذا الإسناد.وأخرجه الحاكم 1/547 من طريق عفان، والبيهقى فى السنن 2/253 من طريق آدم بن أبى إياس، كلاهما عن شعبة، عن عطاء، به.وصححه الذهبى فى المختصر .وأخرجه مطولًا أحمد فى المسند 2/160، 161 و 204، 205، وأبو داؤد (506) فى الأدب: باب فى التسبيح عند النوم، والترمذى (3410) فى الدعوات، والنسائى 3/74 فى السهو: باب عدد التسبيح بعد التسليم، من طرق عن عطاء، به.

"حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے دست مبارک پر تسبیح شمار کرتے ہوئے دیکھا ہے"۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى حَامِدِهٖ بِاِعْطَائِهٖ مِلْءَ الْمِيزَانِ ثَوَابًا فِي الْقِيَامَةِ

اللہ تعالیٰ کا اپنی حمد بیان کرنے والے شخص کو یہ فضیلت عطا کرنا کہ قیامت کے دن اسے میزان بھر کر اجر و ثواب عطا کرے گا

844 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُوْرَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ اَخِيهِ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ، عَنْ جَدِّهِ اَبِيْ سَلَّامٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ، اَنَّ اَبَا مَالِكٍ الْاَشْعَرِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِسْبَاغُ الْوُضُوْءِ شَطْرُ الْاِيْمَانِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ تَمْلَاُ الْمِيْزَانَ، وَالتَّسْبِيْحُ وَالتَّكْبِيْرُ مِلْءُ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَالصَّلَاةُ نُوْرٌ، وَالزَّكَاةُ بُرْهَانٌ، وَالصَّدَقَةُ ضِيَاءٌ، وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ اَوْ عَلَيْكَ، كُلُّ النَّاسِ يَغْدُوْ، فَبَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا، اَوْ مُوبِقُهَا. (1: 2)

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اچھی طرح وضو کرنا نصف ایمان ہے۔ الحمد للہ پڑھنا میزان کو بھر دیتا ہے سبحان اللہ' الحمد اللہ' اللہ اکبر پڑھنا آسمانوں اور زمین کے (درمیان کی جگہ کو) بھر دیتا ہے نماز نور ہے زکوٰۃ برہان ہے صدقہ روشنی ہے قرآن تمہارے حق میں یا تمہارے خلاف حجت ہے ہر شخص نکلتا ہے اور وہ اپنے آپ کا سودا کرتا ہے' تو یا' تو خود کو آزاد کروالیتا ہے یا خود کو غلام بنالیتا ہے"۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْحَمْدِ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الَّذِيْ يُكْتَبُ لِلْحَامِدِ رَبِّهٖ بِهٖ مِثْلُهٗ سَوَاءٌ كَاَنَّهٗ قَدْ فَعَلَهٗ

اللہ تعالیٰ کی حمد ایسے الفاظ میں کرنے کا تذکرہ' ان الفاظ کے ہمراہ اپنے پروردگار کی حمد بیان کرنے والے کے لئے اس کی مانند کلمات نوٹ کر لئے جاتے ہیں گویا کہ اس نے ایسا کیا ہے

845 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ حَفْصٍ ابْنِ اَخِيْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ جَالِسًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَلْقَةِ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلَيْكُمْ

844- إسناده صحيح . وأخرجه ابن ماجة (280) في الطهارة: باب الوضوء شطر الإيمان، وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (169) من طريق عيسى بن مساور، وأخرجه أحمد 5/342 و 343، ومسلم (223) في الطهارة: باب فضل الوضوء والترمذي (3517) في الدعوات، والنسائي في عمل اليوم والليلة (168)، من طرق عن أبان بن يزيد .

السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ، فَلَمَّا جَلَسَ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضَى، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ قُلْتَ؟ فَرَدَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا، قَالَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ، لَقَدِ ابْتَدَرَهَا عَشَرَةُ اَمْلَاكٍ كُلُّهُمْ حَرِيْصٌ عَلٰى اَنْ يَكْتُبُوْهَا، فَمَا دَرَوْا كَيْفَ يَكْتُبُوْنَهَا، فَرَجَعُوْهُ اِلٰى ذِى الْعِزَّةِ جَلَّ ذِكْرُهٗ، فَقَالَ: اكْتُبُوْهَا كَمَا، قَالَ عَبْدِيْ. (1: 2)

قَالَ الشَّيْخُ: مَعْنَى قَالَ عَبْدِيْ فِي الْحَقِيْقَةِ: اَنِّيْ قَبِلْتُهٗ.

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک حلقے میں بیٹھا ہوا تھا۔ اسی دوران ایک شخص آیا۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا اور حاضرین کو بھی سلام کیا۔ اس نے کہا: السلام علیکم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ برکاتہ' یا' وہ شخص بیٹھ گیا تو اس نے کہا:

''اللہ تعالیٰ کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے۔ ایسی حمد جو زیادہ ہو پاک ہو اس میں برکت موجود ہو' جسے ہمارا پروردگار پسند کرے''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے دریافت کیا: تم نے کیا کلمات کہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ کلمات اس نے دوبارہ دوہرا دیئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے بارہ فرشتے تیزی سے اس کی طرف لپکے تھے۔ ان میں سے ہر ایک کی یہ خواہش تھی وہ اسے نوٹ کر لے پھر انہیں یہ سمجھ نہیں آئی وہ اسے کیسے نوٹ کریں۔ وہ واپس اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں گئے' تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم اسے ایسے نوٹ کرلو جس طرح میرے بندے نے کہے ہیں''۔

شیخ کہتے ہیں: ''میرے بندے نے کہا:'' کا مطلب درحقیقت یہ ہے' میں نے اس کو قبول کر لیا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ اَفْضَلِ الدُّعَاءِ، وَالتَّهْلِيْلَ لَهٗ مِنْ اَفْضَلِ الذِّكْرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرنا' دعا میں سے سب سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے اور ''لا الہ الا اللہ'' پڑھنا ذکر میں سے سب سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے

846 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الْاَنْصَارِيُّ، مِنْ وَلَدِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ طَلْحَةَ بْنَ خِرَاشٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

845- رجاله ثقات، إلا أن خلف بن خليفة اختلط بآخرة، وقد أخرج له مسلم من رواية قتيبة عنه وأخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة (341) عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/158 عن حسين بن محمد، عن خلف بن خليفة، به. وأخرجه أحمد 3/167، ومسلم (600) في المساجد: باب ما يقال بين تكبيرة الإحرام والقراءة، والنسائي 2/132، 133 في الافتتاح، من طرق .

(متن حدیث):اَفْضَلُ الذِّكْرِ: لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَفْضَلُ الدُّعَاءِ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ . (1: 2)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''سب سے افضل ذکر لا الہ الا اللہ اور سب سے افضل دعا الحمد للہ'' ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ اَنْ يَّحْمَدَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى مَا هَدَاهُ لِلْاِسْلَامِ اِذَا رَاٰى غَيْرَ الْاِسْلَامِ، اَوْ قَبْرَهُ

بندہ مسلمان کو اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی حمد اس بات پر بیان کرے کہ اللہ تعالیٰ نے اسلام کی طرف اس کی رہنمائی کی ہے ایسا وہ اس وقت کرے: جب وہ کسی غیر اسلامی چیز کو یا کسی غیر مسلم کی قبر کو دیکھے

847 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَـا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ النَّقَّالُ ، قَالَ: حَدَّثَنَـا يَحْيَى بْـنُ الْيَـمَانِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):اِذَا مَرَرْتُمْ بِقُبُوْرِنَا وَقُبُوْرِكُمْ مِنْ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ، فَاَخْبِرُوْهُمْ اَنَّهُمْ فِى النَّارِ . (1: 83)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَمَرَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ هٰذَا الْخَبَرِ الْمُسْلِمَ اِذَا مَرَّ بِقَبْرِ غَيْرِ الْمُسْلِمِ، اَنْ يَّحْمَدَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى هِدَايَتِهِ اِيَّاهُ الْاِسْلَامَ، بِلَفْظِ الْاَمْرِ بِالْاِخْبَارِ اِيَّاهُ اَنَّهُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، اِذْ مُحَالٌ اَنْ يُّخَاطَبَ مَنْ قَدْ بَلِيَ بِمَا لَا يَقْبَلُ عَنِ الْمُخَاطِبِ بِمَا يُخَاطِبُهُ بِهِ

''جب تم زمانہ جاہلیت سے تعلق رکھنے والی ہماری اور اپنی یعنی (ہماری اور اپنے رشتے داروں) کی قبروں سے گزرو تو انہیں بتا دو وہ لوگ جہنم میں ہیں''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس حدیث میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان کو یہ حکم دیا ہے: جب وہ کسی غیر مسلم کی قبر کے پاس سے گزرے تو اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اسلام کی ہدایت نصیب کی ہے۔ یہاں ''امر'' کے لفظ کے ذریعے اس بات کی اطلاع دی گئی ہے: وہ اہل جہنم (میں سے) ہے کیونکہ یہ بات ناممکن ہے: ان کو مخاطب کیا جائے جو بوسیدہ ہو

846- إسناده حسن، وأخرجه الترمذى (3383) فى الدعوات. باب ما جاء أن دعوة المسلم مستجابة، والنسائى فى عمل اليوم والليلة (831)، والحاكم 1/503 وصححه ووافقه الذهبى، وأخرجه ابن ماجة (3800) فى الأدب: باب فضل الحامدين، وابن أبى الدنيا فى الشكر ص 37، والبيهقى فى الأسماء والصفات ص 105، وفى شعب الإيمان 2/1/128 والخرائطى فى فضيلة الشكر ص 35، والبغوى (1269)، والحاكم 1/498، عن طرق عن موسى ابن ابراهيم الأنصارى، به.

847- إسناده ضعيف جدًا، وأخرجه ابن السنى فى عمل اليوم والليلة برقم (599) بن طريق أبى يعلى، عن الحارث بن سريج، به ويغنى عنه حديث سعد بن أبى وقاص عند البزار 1/64، 65، والطبرانى (326)، وابن السنى (600)، والبيهقى فى دلائل النبوة 1/191، 192، والضياء فى المختارة 1/333 .

چکے ہیں اور مخاطب کی طرف سے خطاب کو قبول نہیں کر سکتے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الْحَمْدِ لِلّٰهِ عَلٰى عِصْمَتِهِ إِيَّاهُ عَمَّا خَرَجَ إِلَيْهِ مَنْ حَادَ عَنْهُ

ان روایات کا تذکرہ جن کے مطابق آدمی پر اللہ تعالیٰ کی حمد اس حوالے سے لازم ہوتی ہے کہ اس نے آدمی کو اس چیز سے بچایا ہے' جس سے منہ موڑ کر وہ شخص اس کی طرف آیا ہے

848 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: كَذَّبَنِي عَبْدِي وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ، وَشَتَمَنِي وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ، تَكْذِيبِي اَنْ يَقُوْلَ: اَنِّي يُعِيدُنَا كَمَا بَدَاَنَا، وَاَمَّا شَتْمُهُ إِيَّايَ اَنْ يَقُوْلَ: اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا، وَإِنِّي الصَّمَدُ الَّذِي لَمْ اَلِدْ وَلَمْ اُولَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا اَحَدٌ. (3: 68)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے بندے نے مجھے جھوٹا قرار دیا حالانکہ اسے ایسا نہیں کرنا چاہئے تھا' اور اس نے مجھے برا کہا ہے' حالانکہ اسے ایسا نہیں کرنا چاہئے تھا۔ اس کا مجھے جھوٹا قرار دینا یہ ہے کہ وہ یہ کہے: اللہ تعالیٰ نے جیسے ہمیں پہلے پیدا کیا ہے دوبارہ ہمیں کیسے پیدا کرے گا اس کا مجھے برا کہنا یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اولاد ہے' حالانکہ اس کا یہ کہنا جبکہ میں ''صمد'' ہوں میں نے کسی کو جنم نہیں دیا مجھے جنم نہیں دیا گیا اور میرا کوئی ہمسر نہیں ہے''۔

ذِكْرُ وَصْفِ التَّهْلِيلِ الَّذِي يُعْطِي اللّٰهُ مَنْ هَلَّلَهُ عَشْرَ مَرَّاتٍ ثَوَابَ عِتْقِ رَقَبَةٍ

1294- إسناده قوي، وجاله رجال مسلم. أبو الزناد: هو عبد الله بن ذكوان، والأعرج: هو عبد الرحمٰن بن هرمز. وأخرجه مالك 1/ 34 في الطهارة: باب جامع الوضوء، عن أبي الزناد، بهذا الإسناد. ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 1/ 21، وأحمد 2/ 460، والبخاري (172) في الوضوء: باب الماء الذي يغسل به شعر الإنسان، ومسلم (279) (90) في الطهارة: باب حكم ولوغ الكلب، والنسائي 1/ 52 في الطهارة: باب سؤر الكلب، وابن ماجة (364) في الطهارة: باب غسل الإناء من ولوغ الكلب، وأبو عوانة 1/ 207، وابن الجارود (50)، والبغوي (288)، والبيهقي 1/ 240. وأخرجه الدارقطني 1/ 65 من طرق عن إسماعيل بن عياش، عن هشام بن عروة، به. وأخرجه أحمد 2/ 245، وابن الجارود (52)، وأبو عوانة 1/ 207 من طريق سفيان، عن أبي الزناد، به. وصححه ابن خزيمة (96).

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''جب کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے تو تم اسے سات مرتبہ دھودو''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ نَجَاسَةَ مَا فِي الْإِنَاءِ بَعْدَ وُلُوْغِ الْكَلْبِ فِيْهِ

اس بات کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت پائی جاتی ہے' کتے کے برتن میں منہ ڈالنے کے بعد اس میں کیا نجاست ہوتی ہے؟

1295 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بن قتيبة حدثنا بن اَبِي السَّرِيِّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
(متن حدیث): طَهُوْرُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الكلب أن يغسل سبع مرات .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''کسی بھی شخص کے برتن کو پاک کرنے کا طریقہ جب کہ کتے نے اس میں منہ ڈال دیا ہو' یہ ہے' اسے سات مرتبہ دھولیا جائے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ مَا فِي الْإِنَاءِ بَعْدَ وُلُوْغِ الْكَلْبِ فِيْهِ طاهر غير نجس ينتفع به

اس بات کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے

کتے کے برتن میں منہ ڈالنے سے برتن میں جو کچھ موجود ہوتا ہے وہ پاک رہتا ہے وہ نجس نہیں ہوتا اس سے نفع حاصل کیا جاسکتا ہے

1296 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بْنِ خُزَيْمَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ

1295–وأخرجه عبد الرزاق (335) ومن طريقه أحمد 2/ 271، وأخرجه النسائي 1/ 52 من طريق حجاج، كلاهما عن ابن جريج، عن زياد بن سعد، عن ثابت بن عياض، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/ 360 و 482 من طريقين. وأخرجه أحمد 2/ 398 عن سليمان، عن إسماعيل، عن عتبة بن سلم، عن عبيد بن حنين، عن أبي هريرة. وأخرجه النسائي 1/ 177 في المياه، والدارقطني 1/ 65، والبيهقي 1/ 241، من طريق قتادة، عن خلاس، عن أبي هريرة. وسيرد من طرق أخرى عن أبي هريرة في الروايات الثلاثة التالية، تخرج في مواضعها 1. تحرفت في الإحسان إلى: يجاب ، والتصحيح من التقاسيم والأنواع 3/ لوحة 141.2 الطهور بفتح الطاء –: المطهر، – بالضم –: الفعل، والمراد هنا الأول، أي: مطهر الإناء 3. حديث صحيح . ابن أبي السري وإن كان فيه كلام قد توبع، وباقي السند على شرطهما، وهو في المصنف (329) ، ومن طريق عبد الرزاق أخرج أحمد 2/ 314، ومسلم (279) (92) ، والبيهقي 1/ 240، وأبو عوانة 1/ 205.

حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ وَّاَبِیْ رَزِیْنٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِیْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَلْیُهْرِقْهُ ثُمَّ لِیَغْسِلْهُ سَبْعَ مرات .

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کتا کسی شخص کے برتن میں منہ ڈال دے' تو وہ پانی کو بہا دے پھر اسے سات مرتبہ دھولے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ مَاْمُوْرٌ عِنْدَ غَسْلِهِ الْاِنَاءَ مِنْ وُلُوْغِ الْكَلْبِ فِيْهِ اَنْ يَّجْعَلَ اَوَّلَ الْغَسَلَاتِ بِالتُّرَابِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کا اس بات کا حکم دیا گیا ہے' جب وہ کتے کے برتن میں منہ ڈالنے کے بعد برتن کو دھونے لگے تو پہلی مرتبہ دھوتے ہوئے ساتھ میں مٹی بھی استعمال کرے

1297 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ

1296- إسناده صحيح على شرط الصحيح . أبو صالح: هو ذكوان السمان المدني، وأبو رزين: هو مسعود بن مالك الأسدي. وهو في صحيح ابن خزيمة برقم (98) .وأخرجه الدراقطني /1 64، وابن الجارود في المنتقى (51) من طريق محمد بن يحيى بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (279) في الطهارة: باب حكم ولوغ الكلب، والنسائي /1 53 في الطهارة: باب الأمر بإراقة ما في الإناء إذا ولغ فيه الكلب، و /1 176 في المياه: باب سؤر الكلب، والبيهقي في السنن /1 239 عن علي بن حجر، وأبو عوانة /1 207 من طريق عبد اللّٰه بن محمد الكرماني، كلاهما عن علي بن مسهر، بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد /2 253 و 424 عن أبي معاوية، عن الأعمش، به .وأخرجه الدارقطني /1 63 من طريق عبد الواحد بن زياد، عن الأعمش، به.وأخرجه الطيالسي /1 43 عن شعبة، عن الأعمش، عن أبي صالح وحده، به . وأخرجه أحمد /2 480 عن محمد بن جعفر، والطحاوي /1 21 من طريق عبد الوهاب بن عطاء ، كلاهما عَنْ شُعْبَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ.وأخرجه ابن أبي شيبة /1 173 عن أبي معاوية، عن الأعمش، عن أبي رزين، عن أبي هريرة، ومن طريق ابن أبي شيبة أخرجه ابن ماجة (363) باب غسل الإناء من ولوغ الكلب.وأخرجه الطحاوي أيضاً /1 21 من طريق حفص بن غياث، عن الأعمش، به .وأخرجه الطبراني في الصغير /1 93 من طريق عبد الرحمٰن الرؤاسي، و/2 61 من طريق أبان بن تغلب، كلاهما عن الأعمش، عن أبي رزين، به.

1297- إسناده صحيح على شرطهما . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب . وأخرجه مسلم (279) (91) في الطهارة: باب حكم ولوغ الكلب، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد.وأخرجه ابن أبي شيبة /1 173، وأحمد /2 427، والبيهقي /1 240، من طريق إسماعيل بن إبراهيم بن علية، بهذا الإسناد، وصححه ابن خزيمة برقم (95) ، ومن طريق أحمد أخرجه البيهقي في السنن /1 240. وأخرجه عبد الرزاق (330) ، ومن طريقه أحمد /2 265 وأبو عوانة /1 207، عن هشام بن حسان، به .وأخرجه أحمد /2 508 عن يزيد، وأبو داوُد (71) في الوضوء بسؤر الكلب، وأبو عوانة /1 207 من طريق إبراهيم صدقة وزائدة، كلهم عن هشام بن حسان، به.وأخرجه أبو عوانة أيضاً /1 208 عن أبي أمية، عن عبد الله بن بكر السهمي، عن هشام، به .وأخرجه الشافعي /1 21، ومن طريقه أبو عوانة /1 208، والبيهقي /1 241، وأبو نعيم في الحلية /9 158، عن سفيان بن عيينة، وعبد الرزاق (331) ومن طريقه أحمد

عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
(متن حدیث):طَهُوْرُ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ اِذَا وَلَغَ فِيْهِ الْكَلْبُ أن يغسل سبع مرات أولاهن بالتراب .
❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''کسی شخص کے برتن کو پاک کرنے کا طریقہ جبکہ کتے نے اس میں منہ ڈال دیا ہو یہ ہے' اس کو سات مرتبہ دھولیا جائے جس میں سے پہلی مرتبہ مٹی کے ساتھ دھویا جائے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ يُسْتَحَبُّ لَهُ عِنْدَ غَسْلِهِ الْاِنَاءَ مِنْ وُلُوْغِ الْكَلْبِ اَنْ يُعَفِّرَ الْاِنَاءَ بِالتُّرَابِ عِنْدَ الثَّامِنَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے' وہ کتے کے منہ ڈالنے کی وجہ سے برتن کو دھوتے ہوئے آٹھویں مرتبہ برتن کو مٹی کے ذریعے مانجھ لے۔

1298- (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ
(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِى الْاِنَاءِ فاغسلوه سبع مرات وعفروا الثامنة بالتراب .
❀❀ حضرت عبداللہ بن مغفل' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

(بقیه حاشیه 1297)/2 265، وأبو عوانة /1 208 عن محمد بن جعفر، عن سعيد، وأبو داوٗد (72) ، والدارقطنی /1 64 من طريق حماد بن زيد، كلهم عن أيوب، عن ابن سيرين، به.وأخرجه أبو داوٗد (73) ومن طريقه البيهقى /1 241، عن موسى بن إسماعيل، عن أبان، والنسائى /1 177، 178 فى المياه: باب تعفير الإناء بالتراب من ولوغ الكلب فيه، من طريق سعيد بن أبى عروبة، والطحاوى /1 21 من طريق عبد الوهاب بن عطاء عن سعيد، كلاهما عن قتادة، عن ابن سيرين، به.وأخرجه الدارقطنى /1 64، والطحاوى فى شرح معانى الآثار /1 21، وفى مشكل الآثار /3 267 من طريق أبى عاصم، عن قرة بن خالد، عن ابن سيرين، به.وأخرجه الخطيب فى تاريخه /11 109 من طريق ابن عون، عن ابن سيرين، به.وتقدم من طرق أخرى عن أبى هريرة فى الروايات الثلاثة قبله.

1298- إسناده صحيح على شرط مسلم، محمد بن عبد الأعلى: هو الصنعانى البصرى، ثقة، أخرج له مسلم، وباقى رجال السند على شرطهما. اَبُو التَّيَّاحِ: اسْمُهُ يَزِيْدُ بْنُ حُمَيْدٍ الضُّبَعِيُّ.وأخرجه النسائى /1 54 فى الطهارة و /1 177 فى المياه: باب تعفير الإناء بالتراب من ولوغ الكلب فيه، عن محمد بن عبد الأعلى، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (280) فى الطهارة: باب حكم ولوغ الكلب، عن يحيى بن حبيب الحارثى، عن خالد بن الحارث، به .وأخرجه ابن أبى شيبة /1 174، وأحمد /4 86 و /5 56، ومسلم (280) ، وأبو داوٗد (74) ، النسائى /1 177، وابن ماجة (365) ، والدرامى /1 188، والدارقطنى /1 65، وأبو عوانة /1 208 والطحاوى فى شرح معانى الآثار /1 23، والبغوى (2781)، والبيهقى /1 241- 242 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد.

''جب کتا کسی برتن میں منہ ڈال دے تو اسے سات مرتبہ دھولو اور آٹھویں مرتبہ اسے مٹی کے ذریعے مانجھ لو''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ اَسْآرَ السِّبَاعِ كُلَّهَا طَاهِرَةٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے تمام درندوں کا جوٹھا پاک ہوتا ہے

1299- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ عَنْ حُمَيْدَةَ بنت عبيد بن رِفَاعَةَ عَنْ كَبْشَةَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ وَّكَانَتْ تَحْتَ (ابْنِ) اَبِیْ قَتَادَةَ

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا قَتَادَةَ دَخَلَ عَلَيْهَا فَسَكَبَتْ لَهُ وُضُوْءًا فَجَاءَتْ هِرَّةٌ تَشْرَبُ فَاَصْغٰى اَبُوْ قَتَادَةَ الْاِنَاءَ فَشَرِبَتْ قَالَتْ كَبْشَةُ فَرَآنِیْ اَنْظُرُ اِلَيْهِ فَقَالَ اَتَعْجَبِيْنَ يَا ابْنَةَ اَخِیْ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّهَا لَيْسَتْ بِنَجَسٍ اِنَّمَا هِیَ مِنَ الطَّوَّافِيْنَ عليكم والطوافات.

1299: سیدہ کبشہ بنت کعب رضی اللہ عنہا جو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کی اہلیہ ہیں وہ بیان کرتی ہے: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ ان کے ہاں تشریف لائے۔ انہوں نے ان کے لئے وضو کا پانی رکھا۔ ایک بلی آئی اور اس میں سے پینے لگی حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے برتن اس کی طرف کر دیا۔ اس بلی نے پانی پی لیا سیدہ کبشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے میری طرف دیکھا۔ میں ان کی طرف غور سے دیکھ رہی تھی تو انہوں نے دریافت کیا: اے میری بھتیجی! کیا تم حیران ہو رہی ہو؟ میں نے کہا جی ہاں تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''یہ (یعنی بلی) ناپاک نہیں ہے یہ تمہارے ہاں گھر میں آنے جانے والے جانوروں میں سے ایک ہے''۔

1299-وأخرجه أبو داوُد (75) فی الطهارة: باب سؤر الهرة، عن عبد الله بن مسلمة القعنبی، بهذا الإسناد.وهو فی الموطأ 1/ 22- 23 فی الطهارة، ومن طريق مالك أخرجه الشافعی 1/ 21، 22، وعبد الرزاق (353)، وابن أبی شيبة 1/ 31، وأحمد 5/ 303 و 309، والترمذی (92)، والنسائی 1/ 55 و 178، وابن ماجه (367)، والدارمی 1/ 187- 188، والطحاوی فی شرح معانی الآثار 1/ 18، وابن الجارود (60)، والبيهقی 1/ 245، والبغوی (286)، والحاكم 1/ 160، وابن خزيمة برقم (104)، وقال الترمذی: حسن صحيح، وقال الحاكم: حديث صحيح، وهو مما صححه مالك، واحتج به فی الموطأ، ووافقه الذهبی، وصححه البخاری والعقيلی والدارقطنی كما فی التلخيص 1/ 41، وصححه أيضاً النووی فی المجموع 1/ 171، ونقل عن البيهقی أنه قال: إسناده صحيح، وله طرق أخرى وشاهد، فيتقوى. انظر تلخيص الحبير 1/ 41 42، و نصب الراية 1/ 133- 134.وأخرجه عبد الرزاق (352)، والحميدی (430)، وأحمد 5/ 296، من طريق سفيان، عن إسحاق بن عبد الله، به.

16- بَابُ التَّيَمُّمِ

باب 16: تیمّم کا بیان

1300- (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَّالِكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِالْبَيْدَاءِ اَوْ بِذَاتِ الْجَيْشِ انْقَطَعَ عِقْدٌ لِيْ فَاَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْتِمَاسِهٖ فَاَقَامَ مَعَهُ النَّاسُ وَلَيْسُوا عَلٰى مَاءٍ وَّلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ فَجَاءَ نَاسٌ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ فَقَالُوْا اَلَا تَرٰى مَا صَنَعَتْ عَائِشَةُ اَقَامَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِالنَّاسِ مَعَهٗ وَلَيْسُوا عَلٰى مَاءٍ وليس معهم ماء فجاء أبو بكر، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاضِعٌ رَاْسَهٗ عَلٰى فَخِذِيْ قَدْ نَامَ فَقَالَ حَبَسْتِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسَ وَلَيْسُوا عَلٰى مَاءٍ وَّلَيْسَ مَعَهُمْ مَاءٌ فَعَاتَبَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ وَّقَالَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُوْلَ، وَجَعَلَ يَطْعُنُ بِيَدِهٖ فِيْ خَاصِرَتِيْ فَلَا يَمْنَعُنِيْ مِنَ التَّحَرُّكِ اِلَّا مَكَانُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَصْبَحَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ اٰيَةَ التَّيَمُّمِ، (فَتَيَمَّمُوْا).

قَالَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَّهُوَ اَحَدُ النُّقَبَاءِ مَا هٰذَا بِاَوَّلِ بَرَكَتِكُمْ يَا اٰلَ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَتْ عَائِشَةُ فَبَعَثْنَا الْبَعِيْرَ الَّذِيْ كُنْتُ عَلَيْهِ فَوَجَدْنَا الْعِقْدَ تَحْتَهٗ.

1300- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه أبو عوانة /1 302 عن محمد بن إسماعيل السلمي، عن القعنبي، بهذا الإسناد. وهو في الموطأ برواية القعنبي ص 68 (نشر دار الشروق بتحقيق عبد الحفيظ منصور) ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في مسنده /1 43، 44 (ترتيب الساعاتي)، وعبد الرزاق (880)، والبخاري (334) في التيمم: باب قوله تعالى: (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوا)، و (3672) في فضائل الصحابة: باب لو كنت متخذا خليلاً، و (4607) في التفسير: باب (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوا)، و (5250) في النكاح: باب قول الرجل لصاحبه: هل أعرستم الليلة، و (6844) في الحدود: باب من أدب أهله أو غيره دون السلطان، ومسلم (367) في الحيض: باب التيمم، والنسائي /1 163-164 في الطهارة: باب بدء التيمم، والواحدي في أسباب النزول ص 113، وابن خزيمة في صحيحه (262)، والبيهقي في السنن 1/223- 224، والبغوي في شرح السنة برقم (307). وأخرجه البخاري (4608) في التفسير: باب (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوا صَعِيْداً طَيِّباً)، و (6845) في الحدود: باب من أدب أهله، والبيهقي 1/223، والطبراني (9641) من طريق ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عبد الرحمن بن القاسم، به. وسيرد برقم (1709) من طريق هشام بن عروة، عن أبيه، عَنْ عَائِشَةَ ويأتي تخريجه من طريقه هناك.

1300: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم ایک سفر پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گئے۔ جب ہم ''بیداء'' کے مقام پر پہنچے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ''ذات الجیش'' کے مقام پر پہنچے تو میرا ہار گر گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی تلاش میں وہاں ٹھہر گئے۔ آپ کے ساتھ لوگ بھی ٹھہر گئے وہاں آس پاس پانی نہیں تھا اور لوگوں کے پاس بھی پانی نہیں تھا۔ کچھ لوگ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے: کیا آپ نے دیکھا ہے' سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے کیا کیا ہے؟ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اور آپ کے ہمراہ لوگوں کو ٹھہرنے پر مجبور کر دیا ہے حالانکہ یہاں آس پاس پانی نہیں ہے' اور لوگوں کے پاس بھی پانی نہیں ہے' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا (کے پاس) آئے اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر میرے زانوں پر رکھ کر سو رہے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے اللہ کے رسول کو اور لوگوں کو رکنے پر مجبور کیا ہے حالانکہ یہاں آس پاس پانی نہیں ہے' اور لوگوں کے پاس بھی پانی نہیں ہے۔ (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ پر ناراضگی کا اظہار کیا اور جو اللہ کو منظور تھا وہ کہا وہ اپنے ہاتھ کے ساتھ میرے پہلو پر مارتے رہے' لیکن میں نے حرکت اس لئے نہیں کی' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (میرے زانوں پر سر رکھ کر آرام فرما رہے تھے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سوئے رہے' یہاں تک کہ صبح کا وقت ہو گیا' تو اللہ تعالیٰ نے تیمّم سے متعلق آیت نازل کر دی تو لوگوں نے تیمّم کر لیا۔

اس وقت اسید بن حضیر' جو نقیبوں میں سے ایک تھے۔ انہوں نے یہ کہا: اے ابوبکر کی آل! یہ آپ کی پہلی برکت نہیں ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' جب ہم نے اس اونٹ کو اٹھایا جس پر میں سوار تھی' تو ہمیں اس کے نیچے سے ہار بھی مل گیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ التَّيَمُّمَ بِالْكُحْلِ وَالزَّرْنِيخِ وَمَا اَشْبَهَهُمَا دُونَ الصَّعِيدِ الَّذِیْ هُوَ التُّرَابُ وَحْدَهٗ غَيْرُ جَائِزٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ سرمہ اور سنکھیا اور ان جیسی دوسری چیزوں جو مٹی کے علاوہ ہیں' صرف ان سے تیمّم کرنا جائز نہیں ہے''

1301 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِیُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا عَوْفٌ حَدَّثَنَا أبو رجاء ، قال حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ قَالَ

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى سَفَرٍ وَّاِنَّا سِرْنَا لَيْلَةً حَتّٰى اِذَا كَانَ مِنْ اٰخِرِ اللَّيْلِ وَقَعْنَا تِلْكَ الْوَقْعَةَ وَلَا وقعة أحلى عند المسافر منها فما أيقضنا اِلَّا حَرُّ الشَّمْسِ قَالَ وَكَانَ اَوَّلُ مَنِ اسْتَيْقَظَ فُلَانٌ ثُمَّ فُلَانٌ ثُمَّ فُلَانٌ وَكَانَ يُسَمِّيهِمْ اَبُو رَجَاءٍ وَّنَسِيَهُمْ عَوْفٌ ثُمَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ الرَّابِعُ قَالَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَامَ لَمْ نُوقِظْهُ حَتّٰى يَكُونَ هُوَ يَسْتَيْقِظُ لَاَنَّا لَا نَدْرِى مَا يَحْدُثُ لَهٗ فِى نَوْمِهٖ قَالَ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ عُمَرُ وَرَاٰى مَا اَصَابَ النَّاسَ قَالَ وَكَانَ رَجُلًا اَجْوَفَ جَلِيْدًا قَالَ فَكَبَّرَ وَرَفَعَ صَوْتَهٗ فَمَا

زَالَ يُكَبِّرُ وَيَرْفَعُ صَوْتَهُ بِالتَّكْبِيرِ حَتَّى اسْتَيْقَظَ بِصَوْتِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَكَوَا الَّذِىْ اَصَابَهُمْ فَقَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

لَا ضَيْرَ اَوْ لَا يَضِيْرُ ارْتَحِلُوْا . فَسَارَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ثُمَّ نَزَلَ فَدَعَا بِمَاءٍ فَتَوَضَّاَ وَنُوْدِىَ بِالصَّلَاةِ فَصَلَّى بِالنَّاسِ فَلَمَّا انْفَتَلَ مِنْ صَلَاتِهِ اِذَا هُوَ بِرَجُلٍ مُعْتَزِلٍ لَمْ يُصَلِّ مَعَ الْقَوْمِ قَالَ: مَا مَنَعَكَ يَا فُلَانُ اَنْ تُصَلِّىَ مَعَ الْقَوْمِ ؟ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَابَتْنِىْ جَنَابَةٌ وَلَا مَاءَ فَقَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكَ بِالصَّعِيْدِ فَاِنَّهُ يَكْفِيكَ . ثُمَّ سَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاشْتَكَى اِلَيْهِ النَّاسُ الْعَطَشَ قَالَ فَنَزَلَ فَدَعَا فُلَانًا وَّكَانَ يُسَمِّيهِ اَبُو رَجَاءٍ وَّنَسِيَهُ عَوْفٌ وَدَعَا عَلِيًّا فَقَالَ: اذْهَبَا فَابْغِيَا لَنَا الْمَاءَ فَلَقِيَا امْرَاَةً بَيْنَ مَزَادَتَيْنِ اَوْ سَطِيْحَتَيْنِ مِنْ مَّاءٍ عَلٰى بَعِيْرٍ لَهَا فَقَالَا لَهَا اَيْنَ الْمَاءُ قَالَتْ عَهْدِىْ بِالْمَاءِ اَمْسِ هٰذِهِ السَّاعَةَ وَنَفَرُنَا خُلُوْفٌ قَالَ فَقَالَا لَهَا انْطَلِقِى اِذًا قَالَتْ اِلٰى اَيْنَ قَالَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ هٰذَا الَّذِىْ يُقَالُ لَهُ الصَّابِى قَالَا هو الذى تعنين فانطلقى إذا فجاءا بِهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَدَّثَاهُ الْحَدِيثَ قَالَ فَاسْتَنْزَلُوهَا عَنْ بَعِيْرِهَا وَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِنَاءٍ فَاَفْرَغَ فِيْهِ مِنْ اَفْوَاهِ الْمَزَادَتَيْنِ اَوِ السَّطِيْحَتَيْنِ وَاَوْكَا اَفْوَاهَهُمَا وَاَطْلَقَ الْعَزَالِىَ وَنُوْدِىَ فِى النَّاسِ اَنِ اسْتَقُوْا وَاسْقُوْا قَالَ فَسَقٰى مَنْ شَاءَ وَاسْتَقٰى مَنْ شَاءَ وَكَانَ اٰخِرُ ذٰلِكَ أن أعطى الذى أصابته الجنابة إناء من مَاءٍ فَقَالَ اذْهَبْ فَاَفْرِغْهُ عَلَيْكَ قَالَ وَهِىَ قَائِمَةٌ تَنْظُرُ اِلٰى مَا يَفْعَلُ بِمَائِهَا قَالَ وَايْمُ اللّٰهِ لَقَدْ اُقْلِعَ عَنْهَا حِيْنَ اُقْلِعَ وَاِنَّهُ لَيُخَيَّلُ لَنَا اَنَّهَا اَشَدُّ مَلْئًا مِنْهَا حين ابتدىء فِيْهَا فَقَالَ: رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْمَعُوا لَهَا طَعَامًا قَالَ فَجَمَعَ لَهَا مِنْ بَيْنِ عَجْوَةٍ وَّدَقِيْقَةٍ وَّسَوِيْقَةٍ حَتّٰى جَمَعُوا لَهَا طَعَامًا

1301- إسناده صحيح على شرطهما. عوف: هو ابن أبي جميلة الأعرابي، وأبو رجاء : هو عمران بن ملحان العطاردي البصري. وأخرجه أحمد 4/434، 435، والبخاري (344) في التيمم: باب الصعيد الطيب وضوء المسلم يكفيه من الماء ، وابن خزيمة في صحيحه برقم (271) و (987) ، من طريق يحيى القطان، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (20537) ، وابن أبي شيبة 1/156، والبخاري (348) في التيمم، ومسلم (682) في المساجد: باب قضاء الصلاة الفائتة واستحباب تعجيل قضائها، والنسائي 1/171 في الطهارة: باب التيمم بالصعيد، وأبو عوانة 1/307و 2/256، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/401، والدارقطني 1/202، والبيهقي في السنن 1/218، 219و404، وفي دلائل النبوة 4/276-279، والطبراني في الكبير /18 (276) و (277) وابن خزيمة في صحيحه برقم (271) و (987) و (997) من طرق عن عوف، به . وعوف تحرف في مطبوع مصنف ابن أبي شيبه إلى عون بالنون آخره. وأخرجه الشافعي في مسنده 1/45 (بترتيب الساعاتي) ، والبخاري (3571) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، ومسلم (682) (312) ، وأبو عوانة 1/308 و2/254-257، والدارقطني 1/200، والطحاوي في شرح معاني الآثار 1/400، والبيهقي في دلائل النبوة 4/279-281، وفي السنن 1/219، 220، والبغوي في شرح السنة برقم (309) من طرق عن أبي رجاء العطاري، به. وسيورده المؤلف برقم (1461) في باب الوعيد على ترك الصلاة، من طريق الحسن البصري، عن عمران بن حصين، به، ويخرج هناك' 2. إسناده صحيح على شرطهما سوى مسدد، فإنه من رجال البخاري، وأخرجه البخاري (344) في التيمم، باب: الصعيد الطيب وضوء المسلم يكفيه من الماء ، عن مسدد بن مسرهد، بهذا الإسناد. وهو مكرر ما قبله.

كَثِيرًا وَّجَعَلُوهُ فِي ثَوْبٍ وَّحَمَلُوهَا عَلٰى بَعِيرِهَا وَوَضَعُوا الثَّوْبَ بَيْنَ يَدَيْهَا قَالَ فَقَالَ: لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعْلَمِينَ انَّا وَاللّٰهِ مَا رَزِئْنَا مِنْ مَّائِكِ شَيْئًا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ هُوَ سَقَانَا .

قَالَ فَاتَتْ اَهْلَهَا وَقَدِ احْتَبَسَتْ عَلَيْهِمْ فَقَالُوا مَا حَبَسَكِ يَا فُلَانَةُ قَالَتِ الْعَجَبُ لَقِيَنِي رَجُلَانِ فَذَهَبَا بِي اِلٰى هٰذَا الَّذِي يُقَالُ لَهُ الصَّابِئُ فَفَعَلَ بِي كَذَا وَكَذَا الَّذِي قَدْ كَانَ فَوَاللّٰهِ اِنَّهُ لَاَسْحَرُ مَنْ بَيْنَ هٰذِهِ اِلٰى هٰذِهِ اَوْ اِنَّهُ لَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا قَالَ فَكَانَ الْمُسْلِمُونَ بَعْدَ ذٰلِكَ يُغِيرُونَ عَلٰى مَنْ حَوْلَهَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ وَلَا يُصِيبُونَ الصِّرْمَ الَّذِي هِيَ فِيهِ فَقَالَتْ لِقَوْمِهَا وَاللّٰهِ هٰؤُلَاءِ الْقَوْمُ يَدْعُونَكُمْ عَمْدًا فَهَلْ لَكُمْ فِي الإسلام فأطاعوها فدخلوا في الإسلام.

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ ہم رات بھر سفر کرتے رہے' جب رات کا آخری حصہ ہوا تو ہمیں نیند نے آلیا اور مسافر کے نزدیک نیند سے پیاری اور کوئی چیز نہیں ہوتی۔ ہمیں سورج کی تپش نے بیدار کیا۔ حضرت عمران رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بیدار ہونے والوں میں سے سب سے پہلے فلاں شخص تھے پھر فلاں صاحب تھے اور پھر فلاں صاحب تھے۔

ابورجاء نامی راوی نے ان کے نام بھی بیان کئے تھے لیکن عوف نامی راوی ان کے ناموں کو بھول گئے پھر چوتھے بیدار ہونے والے فرد حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سوتے تھے' تو ہم آپ کو بیدار نہیں کرتے تھے۔ آپ خود ہی بیدار ہوتے تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے' ہم یہ نہیں جان سکتے تھے کہ نیند کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیا صورتحال پیش آ رہی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیدار ہوئے اور انہوں نے صورت حال کو دیکھا تو راوی بیان کرتے ہیں: وہ بلند آواز کے مالک ایک سخت مزاج شخص تھے۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے بلند آواز میں تکبیر کہی اور مسلسل تکبیر کہتے رہے۔ ان کی تکبیر کی آواز بلند رہی' یہاں تک کہ ان کی آواز کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہو گئے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے' تو لوگوں نے پیش آنے والی صورت حال کی شکایت آپ کی خدمت میں کی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی نقصان نہیں ہے۔ یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے۔ تم لوگ روانہ ہو جاؤ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھوڑا آگے گئے پھر آپ سواری سے نیچے اترے پھر آپ نے پانی منگوایا وضو کیا نماز کے لئے اذان دی گئی۔ آپ نے لوگوں کو نماز پڑھائی جب آپ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو ایک شخص الگ موجود تھا۔ اس نے لوگوں کے ساتھ نماز ادا نہیں کی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے فلاں کیا وجہ ہے' تم نے لوگوں کے ساتھ نماز ادا نہیں کی۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے جنابت لاحق ہو گئی تھی' اور (غسل کرنے کے لئے) پانی نہیں ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم پر مٹی کو استعمال کرنا لازم ہے یہ تمہارے لئے کافی ہوگی۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے لوگوں نے آپ کی خدمت میں پیاسے ہونے کی شکایت کی۔ راوی بیان کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سواری سے نیچے اترے آپ نے فلاں صاحب کو بلوایا اس شخص کا نام ابورجاء نامی نے بیان کیا تھا لیکن عوف نامی راوی اسے بھول گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی بلایا اور ارشاد فرمایا: تم دونوں جاؤ اور ہمارے لئے پانی تلاش کرو (یہ دونوں حضرات روانہ ہو گئے) ان دونوں حضرات کا سامنا ایک خاتون سے ہوا جو اپنے اونٹ پر دو مشکیزوں کے درمیان سوار تھی۔ ان دونوں حضرات نے اس خاتون سے دریافت کیا کہ پانی کہاں ہے۔ اس نے جواب دیا: گزشتہ کل اسی وقت میں پانی کے پاس تھی (یعنی ایک دن کے فاصلے پر ہے) اور ہمارے مرد قبیلے میں موجود نہیں تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ان دونوں حضرات نے اس خاتون سے کہا پھر تم (ہمارے ساتھ) چلو۔ اس نے دریافت کیا: کیا ان دونوں حضرات نے جواب دیا: اللہ کے رسول کی طرف اس نے دریافت کیا: کیا یہی وہ شخص ہے جسے بے دین کہا جاتا ہے ان دونوں صاحبان نے فرمایا: وہ وہی ہیں' جو تم مراد لے رہی ہو۔ اب تم چل پڑو پھر یہ دونوں اس خاتون کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کو پورے واقعے کے بارے میں بتایا۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس خاتون کو اس کے اونٹ سے نیچے اتار لیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک برتن منگوایا اور مشکیزوں کے منہ سے اس میں پانی انڈیلا (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) آپ نے مشکیزے کے منہ کو بند رکھا اور اس کے نیچے کے سوراخ کو کھول دیا' اور لوگوں میں یہ اعلان کر دیا گیا کہ تم لوگ خود بھی پانی حاصل کرو اور (اپنے جانوروں وغیرہ کو) بھی پلاؤ۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر جس نے چاہا اس نے پی لیا جس نے چاہا اس نے پلانے کے لئے حاصل کر لیا۔ سب سے آخر میں اس شخص کو پانی کا برتن دیا گیا جسے جنابت لاحق ہوئی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جاؤ اور اسے اپنے جسم پر انڈیل لو۔ راوی بیان کرتے ہیں: وہ عورت کھڑی دیکھتی رہی۔ اس کے پانی کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! جب اس میں سے اتنا سارا پانی نکال لیا گیا' تو پھر بھی ہمیں یوں محسوس ہوا کہ شاید یہ مشکیزے پہلے سے زیادہ بھرے ہوئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس عورت کے لئے کھانے کا سامان جمع کرو۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو اس عورت کے لئے عجوہ کھجوریں اور ستو جمع کر لیے گئے' یہاں تک کہ اس کے لئے بہت سا اناج جمع ہو گیا اور لوگوں نے اسے ایک کپڑے میں ڈال دیا۔ اسے اس کے اونٹ پر سوار کر دیا' اور وہ کپڑا اس کے آگے رکھ دیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے فرمایا: تم یہ بات جانتی ہو؟ اللہ کی قسم! ہم نے تمہارے پانی میں کوئی کمی نہیں کی لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمیں سیراب کر دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: وہ عورت اپنے گھر والوں کے پاس آئی جبکہ وہ کچھ تاخیر سے گئی تھی ان لوگوں نے دریافت کیا: اے فلاں تم کہاں رہ گئی تھی۔ اس نے جواب دیا: بڑی حیرانگی کی بات ہے مجھے دو لوگ ملے وہ مجھے ساتھ لے کر ان صاحب کے پاس چلے گئے جن کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے' وہ بے دین ہیں۔ انہوں نے میرے ساتھ اس طرح کا سلوک کیا یعنی اس چیز کے بارے میں بتایا جو ہو چکی تھی۔

اور کہا: اللہ کی قسم! وہ یہاں سے لے کر یہاں تک کے درمیانی حصے کے سب سے بڑے جادوگر ہیں یا پھر وہ واقعی اللہ کے رسول ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد وہاں کے مسلمانوں نے آس پاس کے مشرکین پر حملے کئے لیکن اس بستی پر حملہ نہیں کیا جہاں وہ عورت رہتی تھی۔ اس عورت نے اپنی قوم سے کہا: اللہ کی قسم! یہ لوگ جان بوجھ کر تمہیں چھوڑ رہے ہیں تو کیا تم لوگ اسلام میں دلچسپی رکھتے ہو؟ تو ان لوگوں نے اس عورت کی بات مان لی اور اسلام میں داخل ہوگئے۔

1302 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُو رَجَاءٍ قَالَ،

(متن حدیث): حَدَّثَنِی عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ قَالَ كُنَّا فِیْ سَفَرٍ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كُنَّا فِیْ اٰخِرِ اللَّيْلِ وَقَعْنَا تِلْكَ الْوَقْعَةَ وَلَا وَقْعَةَ اَحْلٰى عِنْدَ الْمُسَافِرِ مِنْهَا فَمَا اَيْقَظَنَا اِلَّا حَرُّ الشَّمْسِ فَاسْتَيْقَظَ فُلَانٌ وَفُلَانٌ وَكَانَ يُسَمِّيهِمْ اَبُو رَجَاءٍ وَّنَسِيَهُمْ عَوْفٌ ثُمَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰه عليهم الرَّابِعُ.

وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَامَ لَمْ يُوقَظْ حَتّٰى يَكُونَ هُوَ يَسْتَيْقِظُ لِاَنَّا لَا نَدْرِی مَا يَحْدُثُ لَهُ فِی النَّوْمِ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَرَاٰى مَا اَصَابَ النَّاسَ وَكَانَ رَجُلًا جَلِيْدًا فَكَبَّرَ وَرَفَعَ صَوْتَهُ بِالتَّكْبِيرِ فَمَا زَالَ يُكَبِّرُ وَيَرْفَعُ صَوْتَهُ بِالتَّكْبِيرِ حَتّٰى اسْتَيْقَظَ بِصَوْتِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَكَوْا اِلَيْهِ الَّذِیْ اَصَابَهُمْ فَقَالَ: لَا يَضِيْرُ فَارْتَحِلُوْا وَارْتَحَلَ فَسَارَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ثُمَّ نَزَلَ فَدَعَا بِالْوَضُوْءِ فَتَوَضَّاَ فَنُوْدِیَ بِالصَّلَاةِ فَصَلّٰى بالناس فلما انفتل من صلاته مِنْ صَلَاتِهٖ فَاِذَا هُوَ بِرَجُلٍ مُعْتَزِلٍ لَمْ يُصَلِّ مَعَ الْقَوْمِ فَقَالَ: مَا مَنَعَكَ يَا فلان أن تصلى مع القوم ؟ فقال:

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصَابَتْنِیْ جَنَابَةٌ وَّلَا مَاءَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكَ بِالصَّعِيْدِ فَاِنَّهُ يَكْفِيكَ .

ثُمَّ سَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلى الله عليه وسلم فشكى الناس إليه الْعَطَشَ قَالَ فَنَزَلَ فَدَعَا فُلَانًا وَّكَانَ يُسَمِّيهِ اَبُو رَجَاءٍ وَّنَسِيَهُ عَوْفٌ وَدَعَا عَلِيًّا رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَالَ: اذْهَبَا فَاْتِيَا بِالْمَاءِ فَانْطَلَقَا فَاسْتَقْبَلَتْهُمَا امْرَاَةٌ بَيْنَ مَزَادَتَيْنِ اَوْ سَطِيْحَتَيْنِ مِنْ مَّاءٍ عَلٰى بَعِيْرٍ لَهَا وَقَالَا لَهَا اَيْنَ الْمَاءُ فَقَالَتْ عَهْدِیْ بِالْمَاءِ اَمْسِ هٰذِهِ السَّاعَةَ وَنَفَرُنَا خُلُوْفٌ قَالَا لَهَا انْطَلِقِی قَالَتْ اِلٰى اَيْنَ قَالَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ هٰذَا الَّذِیْ يُقَالُ لَهُ الصَّابِیْ قَالَا هُوَ الَّذِیْ تَعْنِيْنَ فَانْطَلِقِیْ.

وَجَاءَا بِهَا اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَنْزَلُوهَا عَنْ بَعِيْرِهَا وَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِنَاءٍ فَاَفْرَغَ فِيْهِ مِنْ اَفْوَاهِ الْمَزَادَتَيْنِ اَوِ السَّطِيْحَتَيْنِ وَاَوْكَا اَفْوَاهَهُمَا وَاَطْلَقَ الْعَزَالِیْ وَنُوْدِیَ فِی النَّاسِ اَنِ اسْتَقُوْا وَاسْقُوْا قَالَ فَسَقٰى مَنْ شَاءَ وَاسْتَسْقٰى مَنْ شَاءَ وكان اٰخر ذلك أن أعطى الذى أصابته جنابة اِنَاءً مِنْ مَّاءٍ فَقَالَ: اذْهَبْ فَاَفْرِغْهُ عَلَيْكَ .

قَالَ وَهِيَ قَائِمَةٌ تَنْظُرُ اِلٰى مَا يَفْعَلُ بِمَائِهَا قَالَ وَايْمُ اللّٰهِ لَقَدْ اُقْلِعَ عَنْهَا حِيْنَ اُقْلِعَ وَاِنَّهُ لَيُخَيَّلُ اِلَيْنَا اَنَّهَا اَشَدُّ ملئا منها حين ابتدىء فيها.

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اجْمَعُوْا لَهَا طَعَامًا." فَجَمَعَ لَهَا مِنْ تَمْرٍ عَجْوَةٍ وَّدَقِيْقَةٍ وَّسَوِيْقَةٍ حَتّٰى جَمَعُوْا لَهَا طَعَامًا كَثِيْرًا وَّجَعَلُوْهُ فِيْ ثَوْبٍ وَّحَمَلُوْهَا عَلٰى بَعِيْرِهَا وَوَضَعُوا الثَّوْبَ الَّذِيْ فِيْهِ الطَّعَامُ بَيْنَ يَدَيْهَا فَقَالَ: لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "تَعْلَمِيْنَ وَاللّٰهِ مَا رَزَاْنَا مِنْ مَائِكِ شَيْئًا وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ هُوَ الَّذِيْ سَقَانَا."

فَاَتَتْ اَهْلَهَا وَقَدِ احْتَبَسَتْ عَنْهُمْ قَالُوْا مَا حَبَسَكِ يَا فُلَانَةُ قَالَتِ الْعَجَبُ لَقِيَنِيْ رَجُلَانِ فَذَهَبَا بِيْ اِلٰى هٰذَا الَّذِيْ يُقَالُ لَهُ الصَّابِئُ فَفَعَلَ بِيْ كَذَا وَكَذَا الَّذِيْ قَدْ كَانَ وَاللّٰهِ اِنَّهُ لَاَسْحَرُ مَنْ بَيْنَ هٰذِهٖ وَهٰذِهٖ وَقَالَتْ بِاُصْبُعَيْهَا السَّبَّابَةُ الْوُسْطٰى فَرَفَعَتْهُمَا اِلَى السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ اَوْ اِنَّهُ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا قَالَ فَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ بَعْدَ يُغِيْرُوْنَ عَلٰى مَنْ حَوْلَهَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَلَا يُصِيْبُوْنَ الصِّرْمَ الَّذِيْ هِيَ فِيْهِمْ قَالَتْ يَوْمًا لِقَوْمِهَا مَا اَرٰى هٰؤُلَاءِ الْقَوْمَ يَدَعُوْنَكُمْ اِلَّا عَمْدًا فَهَلْ لَكُمْ فِي الْاِسْلَامِ فَاَطَاعُوْهَا فَدَخَلُوْا فِي الْاِسْلَامِ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: اَبُوْرَجَاءٍ الْعُطَارِدِيُّ عِمْرَانُ بْنُ تَيْمٍ مات وهو بن مائة وعشرين سنة.

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ جب رات کا آخری حصہ آیا تو ہمیں نیند آ گئی اور مسافر کے نزدیک نیند سے زیادہ پیاری کوئی اور چیز نہیں ہوتی۔ ہمیں سورج کی تپش نے بیدار کیا فلاں فلاں اور فلاں بیدار ہوئے ابورجاء نامی راوی نے ان کا نام بیان کیا تھا لیکن عوف نامی راوی ان کا نام بھول گئے پھر چوتھے بیدار ہونے والے شخص حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ تھے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سویا کرتے تھے تو آپ کو بیدار نہیں کیا جاتا تھا یہاں تک کہ آپ خود ہی بیدار ہوتے تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے ہم یہ نہیں جان سکتے تھے کہ نیند کے دوران آپ کے ساتھ کیا صورت حال پیش آ رہی ہے۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیدار ہوئے اللہ تعالیٰ کی رضا مندی ان پر ہو اور انہوں نے وہ چیز دیکھی جو لوگوں کو پیش آئی ہے وہ بلند آواز کے مالک تھے۔ انہوں نے تکبیر کہی اور تکبیر کہتے ہوئے آواز کو بلند کیا۔ وہ مسلسل تکبیر کہتے رہے اور بلند آواز میں تکبیر کہتے رہے یہاں تک کہ ان کی آواز کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہو گئے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے تو لوگوں نے پیش آنے والی صورت حال کی شکایت آپ کے سامنے کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی حرج نہیں تم لوگ روانہ ہو جاؤ پھر آپ روانہ ہوئے تھوڑا آگے جانے کے بعد آپ سواری سے اترے پھر آپ نے وضو کے لئے پانی منگوایا وضو کیا نماز کے لئے اذان دی گئی۔ آپ نے لوگوں کو نماز پڑھائی۔ جب آپ لوگوں کو نماز پڑھا کر فارغ ہوئے تو ایک شخص الگ موجود تھا جس نے لوگوں کے ساتھ نماز ادا نہیں کی تھی۔ آپ نے دریافت کیا: اے فلاں کیا بات ہے تم نے لوگوں کے ساتھ نماز نہیں ادا کی۔ اس نے کہا: یارسول اللہ!

مجھے جنابت لاحق ہوگئی تھی' اور پانی موجود نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پر مٹی استعمال کرنا لازم ہے وہ تمہارے لئے کفایت کرے گی۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے لوگوں نے آپ کی خدمت میں پیاسے ہونے کی شکایت کی' تو آپ سواری سے نیچے اترے اور فلاں کو بلایا رجاء نامی راوی نے ان کا نام بیان کیا تھا لیکن عوف نامی راوی اسے بھول گئے۔ (راوی بیان کرتے ہیں) آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بھی بلایا اور فرمایا تم دونوں جاؤ اور پانی لے کر آؤ۔ دونوں حضرات روانہ ہوئے ان کا سامنا ایک عورت سے ہوا جو اپنے اونٹ پر دو مشکیزوں کے درمیان سوار تھی (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) ان دونوں حضرات نے اس سے دریافت کیا پانی کہاں ہے۔ اس نے جواب دیا: گزشتہ دن اسی وقت میں پانی کے پاس موجود تھی۔ ہمارے قبیلے کے مرد موجود نہیں ہیں (اس لئے میں اتنی دور سے پانی لے کر آئی ہوں) ان دونوں حضرات نے اس سے کہا تم چلو اس نے دریافت کیا: کہاں؟ ان دونوں حضرات نے جواب دیا: اللہ کے رسول کی طرف اس نے دریافت کیا: کیا یہ وہی صاحب ہیں' جن کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے' وہ بے دین ہیں ان دونوں صاحبان نے جواب دیا: یہ وہی ہیں' جو تم مراد لے رہی ہو تم چلو۔

یہ دونوں حضرات اس عورت کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ لوگوں نے اس عورت کو اس کے اونٹ سے نیچے اتارا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک برتن منگوایا۔ آپ نے مشکیزوں کے منہ سے پانی انڈیلا (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے منہ کو بند کر دیا۔ ان کے نیچے والے سوراخ کو کھول دیا۔ لوگوں میں اعلان کر دیا کہ وہ پانی حاصل کر لیں اور (جانوروں وغیرہ کو بھی) پانی پلائیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر جس نے چاہا اس نے پانی پلایا اور جس نے چاہا پانی پی لیا۔ سب سے آخر میں اس شخص کو دیا' جسے جنابت لاحق ہوئی تھی۔ پانی کا برتن دیا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جاؤ اور اسے اپنے اوپر بہالو۔

راوی بیان کرتے ہیں: وہ عورت کھڑی دیکھتی رہی کہ اس کے پانی کے ساتھ کیا ہو رہا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! اس میں سے جتنا بھی پانی نکلا اس کے بعد بھی ہمیں یوں محسوس ہوا تھا شاید وہ مشکیزے پہلے سے زیادہ بھرے ہوئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس عورت کے لئے کھانے کا سامان اکٹھا کرو' تو اس عورت کے لئے عجوہ کھجوریں آٹا اور ستو اکٹھے کئے گئے' یہاں تک کہ لوگوں نے اس کے لئے بہت سا اناج اکٹھا کر لیا۔ لوگوں نے اسے ایک کپڑے میں رکھا اور اس عورت کو اس کے اونٹ پر سوار کر کے' وہ تھیلا اس کے آگے رکھ دیا جس میں اناج موجود تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت سے فرمایا تم یہ بات جانتی ہو اللہ کی قسم! ہم نے تمہارے پانی میں کوئی کمی نہیں کی لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمیں سیراب کیا ہے' پھر وہ عورت اپنے اہل خانہ کے پاس آئی وہ تاخیر سے ان کے پاس پہنچی تھی' تو ان لوگوں نے دریافت کیا: اے فلانہ تمہیں کس چیز نے روک لیا تھا۔ وہ بولی بڑی حیران کن بات ہے۔ مجھے دو آدمی ملے وہ مجھے ساتھ لے گئے اور ان صاحب کے پاس لے گئے جنہیں بے دین کہا جاتا ہے' پھر انہوں نے میرے ساتھ اس' اس طرح کا سلوک کیا یعنی جو کچھ ہوا تھا (اس کو اس نے بیان کیا) اللہ کی قسم! یہاں سے لے کر یہاں تک کے درمیان موجود اس جگہ میں وہ سب سے بڑے جادوگر ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس عورت نے اپنی شہادت کی انگلی اور

درمیانی انگلی کو پہلے آسمان کی طرف اٹھایا۔ پھر زمین کی طرف کیا (اور یہ بات کہی) یا پھر وہ واقعی اللہ کے سچے رسول ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد مسلمانوں نے اس کے آس پاس کے علاقوں میں موجود مشرکین پر حملے کئے لیکن اس بستی پر حملہ نہیں کیا جہاں وہ عورت رہتی تھی۔ ایک دن اس عورت نے اپنی قوم سے کہا میرا یہ خیال ہے یہ لوگ تم لوگوں کو جان بوجھ کر چھوڑ رہے ہیں تو کیا تم لوگ اسلام میں دلچسپی رکھتے ہو؟ تو لوگوں نے اس کی بات مان لی اور اسلام میں داخل ہو گئے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابو رجاء بن عطاردی کا نام عمران بن تیم ہے ان کا انتقال **120** سال کی عمر میں ہوا۔

ذِكْرُ وَصْفِ التَّيَمُّمِ الَّذِىْ يَجُوزُ اَدَاءُ الصَّلَاةِ بِهِ عِنْدَ اِعْوَازِ الْمَاءِ

تیمّم کے اس طریقے کا تذکرہ جس کے ہمراہ پانی کی عدم موجودگی میں نماز ادا کرنا جائز ہوتا ہے

1303 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قال سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزَى عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

(متن حدیث): قَالَ سَاَلْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّيَمُّمِ فَاَمَرَنِىْ بِالْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ ضَرْبَةً وَاحِدَةً.

و كان قتادة به يفتى.

1303: حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تیمّم کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے چہرے اور دونوں بازوؤں کے لئے مجھے ایک ضرب (زمین پر) مارنے کی ہدایت کی۔

قتادہ اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ مَسْحَ الذِّرَاعَيْنِ فِى التَّيَمُّمِ غَيْرُ وَاجِبٍ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے منہ اور کلائیوں پر مسح کرنا جائز نہیں ہے

1303- إسناده صحيح على شرط مسلم. عزرة- بفتح العين المهملة، وإسكان الزاى، وفتح الراء -هو ابن عبد الرحمٰن بن زرارة الخزاعى الكوفى، تصحف فى "صحيح" ابن خزيمة (267) إلى "عرزة" بتقديم الراء، وفى "شرح معانى الآثار" و"مصنف" ابن أبى شيبة إلى "عروة."وأخرجه أبو داوُد (327) فى الطهارة: باب التيمم، عن محمد بن المنهال، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الترمذى (144) فى الطهارة: باب ما جاء فى التيمم، عن أبى حفص عمرو بن على الفلاس، والدارقطنى 1/182 من طريق محمد بن عمرو، كلاهما عن يزيد بن زريع، به. وأخرجه ابن أبى شيبة 1/159، وابن خزيمة فى "صحيحه" (267) من طريق ابن علية، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار" 1/112، والبيهقى فى "السنن" 1/210 من طريق عبد الوهاب بن عطاء، كلاهما عن سعيد بن أبى عروبة، به. وأخرجه أحمد 4/263، والدارمى 1/190، والدارقطنى 1/182، وابن الجارود (126) من طريق عفان بن مسلم، عن أبان بن يزيد العطار، عن قتادة، به. وقد سقط من إسناده الدارمى عزرة بين قتادة وسعيد. وسيعيده المؤلف بهٰذا الإسناد برقم (1308)، وأورده برقم (1267)

1304 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ وَيَعْلٰى بْنُ عُبَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ قَالَ

(متن حدیث): كُنْتُ جَالِسًا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبِيْ مُوْسٰى فَقَالَ اَبُوْمُوْسٰى يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرَّجُلُ يُجْنِبُ فَلَا يَجِدُ الْمَاءَ اَيُصَلِّي فَقَالَ لَا فَقَالَ اَمَا تَذْكُرُ قَوْلَ عَمَّارٍ لِعُمَرَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَاَنْتَ فَاَجْنَبْتُ فَتَمَعَّكْتُ فِي التُّرَابِ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ:

"كَانَ يَكْفِيكَ هٰكَذَا"، وَضَرَبَ بِيَدِهِ الْاَرْضَ فَمَسَحَ وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ فَقَالَ لَمْ اَرَ عُمَرَ قَنِعَ بِذٰلِكَ. قَالَ فَمَا تصنع

بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا) فَقَالَ اَمَا اِنَّا لَوْ رَخَّصْنَا لَهُمْ فِيْ هٰذَا لَكَانَ اَحَدُهُمْ اِذَا وَجَدَ بَرْدَ الْمَاءِ تَيَمَّمَ بِالصَّعِيْدِ زَادَ يَعْلٰى قَالَ الْاَعْمَشُ فَقُلْتُ لشقيق فلم يكن هٰذا إلا لهٰذا.

1304: شقیق بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا۔ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابوعبدالرحمٰن! ایک شخص کو جنابت لاحق ہو جاتی ہے' اور اسے پانی نہیں ملتا تو کیا وہ نماز ادا کرے گا۔ حضرت عبداللہ نے جواب دیا: جی نہیں۔ حضرت ابوموسیٰ نے فرمایا: کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے' حضرت عمار نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تھا کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور آپ کو کسی جگہ بھیجا تھا' تو مجھے جنابت لاحق ہوگئی تھی' تو میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو آپ نے فرمایا: تمہارے لئے اس طرح کر لینا کافی تھا۔ پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھ زمین پر مارے اور انہیں اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں پر پھیر لیا۔

تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نہیں دیکھا۔ انہوں نے اس بیان پر قناعت کی ہو۔

1304- إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه ابن أبي شيبة 1/158، 159، ومن طريقه مسلم (368) (110) في الحيض: باب التيمم، وأخرجه أحمد 2/396و264، والبخاري (347) في التيمم: باب التيمم ضربة واحدة، عن محمد بن سلام، ومسلم (368) (110) عن يحيى بن يحيى وابن نمير، وأبو داوُد (321) عن محمد بن سليمان الأنباري، والنسائي 1/170عن محمد بن العلاء، والدارقطني 1/179، 180 من طريق الحسين بن إسماعيل ويوسف بن موسى، كلهم عن أبي معاوية الضرير، بهٰذا الإسناد، وبه صححه ابن خزيمة برقم (270) .وأخرجه أحمد 2/265، وأبو عوانة 1/304،والبيهقي في "السنن" 1/211و226 من طريق يعلى بن عبيد الطنافسي، بهٰذا الإسناد.وأخرجه أحمد 2/265، البخاري (345) باب إذا خاف الجنب على نفسه المرض أو الموت أو خاف العطش تيمم، من طريق محمد بن جعفر غندر، عن شعبة، و (346) عن عمر بن حفص، عن أبيه، وأبو عوانة 1/303، 304 من طريق الوليد بن القاسم.وسيورده المؤلف بعده من طريق عبد الواحد بن زياد، عن الأعمش، به . وانظر طرق الحديث في التخريج المتقدم لرقم (1267) .

تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر آپ اس آیت کے بارے میں کیا کہیں گے:

''اور تمہیں پانی نہیں ملتا تو تم پاک مٹی سے تیمّم کرلو''۔

تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم اس بارے میں لوگوں کو رخصت دینا شروع کر دیں تو ان دونوں میں سے کسی ایک شخص کو پانی ٹھنڈا لگے تو وہ مٹی کے ذریعے تیمّم کرلیا کرے گا۔

یعلی نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے اعمش نے یہ بات بیان کی ہے میں نے شقیق سے کہا یہ حکم صرف اس کے لئے ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ مَسْحَ الذِّرَاعَيْنِ فِي التَّيَمُّمِ وَاجِبٌ لَا يَجُوزُ تَرْكُهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے تیمّم میں کلائیوں پر ہاتھ پھیرنا واجب ہے اور اسے ترک کرنا جائز نہیں ہے

1305 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْمُوْسٰى لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ لَوْ اَنَّ جُنُبًا لَمْ يَجِدِ الْمَاءَ شَهْرًا لَمْ يُصَلِّ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا قَالَ اَبُوْمُوْسٰى اَمَا تَذْكُرُ حِيْنَ قَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ لِعُمَرَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلَا تَتَّقِي اللّٰهَ اَلَا تَذْكُرُ حِيْنَ بَعَثَنِيْ وَاِيَّاكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاِبِلِ فَاَصَابَتْنِيْ جَنَابَةٌ فَتَمَعَّكْتُ فِي التُّرَابِ فَلَمَّا رَجَعْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْتُهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ اَنْ تَقُوْلَ هٰكَذَا"، وَضَرَبَ بِيَدِهِ اِلَى الْاَرْضِ وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ.

قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا جَرَمَ مَا رَاَيْتُ عُمَرَ قَنِعَ بِذٰلِكَ قَالَ اَبُوْمُوْسٰى فَكَيْفَ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ فِيْ سُوْرَةِ النِّسَاءِ (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا) (المائدة: 6) فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّا لَوْ رَخَّصْنَا لَهُمْ فِيْ ذٰلِكَ يُوْشِكُ اِذَا بَرَدَ عَلٰى جِلْدِ اَحَدِهِمُ الْمَاءُ اَنْ يَتَيَمَّمَ قَالَ الْاَعْمَشُ فَقُلْتُ لِشَقِيقٍ اَمَا كَانَ لِعَبْدِ اللّٰهِ غَيْرُ ذٰلِكَ قَالَ لَا.

1305: شقیق بن سلمہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے فرمایا اگر کسی جنبی کو ایک مہینے تک پانی نہیں ملتا تو کیا وہ نماز ادا نہیں کرے گا۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: نہیں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ کہا تھا کہ اے امیر المومنین کیا آپ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے نہیں ہیں۔ کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے اللہ کے رسول نے مجھے اور آپ کو (اونٹوں) کے

1305- إسناده صحيح. وأخرجه أحمد 4/365 عن عفان، ومسلم (368) (111) في الحيض: باب التيمم، وأبو عوانة 1/304 من طريق أبي كامل الجحدري، والعلاء بن عبد الجبار، ثلاثتهم عن عبد الواحد بن زياد، بهذا الإسناد، وتقدم قبله من طريق أبي معاوية الضرير ويعلى بن عبيد، عن الأعمش، به. فانظره تخريجه عنده.

باڑے میں بھیجا تھا' تو مجھے جنابت لاحق ہوگئی تھی' تو میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہو گیا جب میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو اس بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے لئے یہ کافی تھا کہ تم اس طرح کر لو' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک زمین پر مارا اور اپنے چہرے اور بازوؤں پر پھیر لیا۔

حضرت عبداللہ نے فرمایا: یہ بات طے ہے' میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا تھا کہ انہوں نے اس پر قناعت نہیں کی تھی' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر آپ سورۃ نساء میں موجود اس آیت کے بارے میں کیا کہیں گے۔

''اور تمہیں پانی نہیں ملتا تو تم پاک مٹی کے ذریعے تیمّم کر لو''۔

اس پر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم لوگوں کو اس بارے میں رخصت دینا شروع کر دیں تو عنقریب ایسا وقت آ جائے گا کہ جب ان میں سے کسی ایک کو پانی ٹھنڈا لگے گا' تو وہ تیمّم کر لیا کرے گا۔

اَعمش نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے میں نے شقیق سے کہا کیا حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ (کی اس مسئلے کے بارے میں) کوئی اور دلیل بھی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔

1306 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ الحكم عن ذر عَنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى، عَنْ اَبِيهِ

(متنِ حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتٰى عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ اِنِّيْ اَجْنَبْتُ فَلَمْ اَجِدِ الْمَاءَ فَقَالَ عُمَرُ لَا تُصَلِّ فَقَالَ عَمَّارٌ اَمَا تَذْكُرُ يَا أمير المؤمنين إذ أنت وأنا فِيْ سَرِيَّةٍ فَاَجْنَبْنَا فَلَمْ نَجِدِ الْمَاءَ فَاَمَّا أنت فلم تصلى وأما أنا فتمعكت فى التراب فَلَمَّا اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ:

"اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيكَ"، وَضَرَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ اِلَى الْاَرْضِ ثُمَّ نَفَخَ فِيْهِمَا وَمَسَحَ بهما وجهه وكفيه.

❀❀ عبدالرحمٰن بن ابزیٰ بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا وہ بولا: مجھے جنابت لاحق ہوگئی ہے' اور مجھے پانی نہیں ملا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نماز نہ پڑھو تو حضرت عمار نے کہا: اے امیر المومنین کیا آپ کو یہ بات یاد نہیں ہے' میں اور آپ ایک جنگ میں تھے اور ہمیں جنابت لاحق ہوگئی اور پانی نہیں ملا آپ نے تو نماز ادا نہیں کی اور میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہو گیا تھا' اور میں نے نماز ادا کر لی۔ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہیں اتنا کافی تھا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک زمین پر مارا اس پر پھونک ماری اور ان دونوں ہاتھوں کو اپنے چہرے اور بازوؤں پر پھیر لیا۔

1306- إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر (1267) الذى أورده المؤلف طريق يزيد بن زريع، عن شعبة، به .وأخرجه البخارى مختصرًا برقم (343) فى التيمم للوجه والكفين، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1307 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بِبُسْتَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ قَالَ

(متن حدیث): كُنْتُ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ وَاَبِي مُوسٰى فَقَالَ اَبُوْمُوْسٰى يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الرَّجُلُ يُجْنِبُ فَلَا يَجِدُ الْمَاءَ يُصَلِّي فَقَالَ تَسْمَعُ قَوْلَ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ لِعُمَرَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰه صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَنَا اَنَا وَاَنْتَ فَاَجْنَبْتُ فَتَمَعَّكْتُ بِالصَّعِيْدِ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: "اِنَّمَا يَكْفِيكَ هٰذَا"، وَمَسَحَ وَجْهَهُ وَكَفَّيْهِ وَاحِدَةً فَقَالَ اِنِّي لَمْ اَرَ عُمَرَ قَنِعَ بِذٰلِكَ فَقَالَ كَيْفَ تَصْنَعُونَ بِهٰذِهِ الْاٰيَةِ (فَلَمْ تَجِدُوْا مَاءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا) قَالَ لَوْ رَخَّصْنَا لَهُمْ فِيْ هٰذِهِ كَانَ اَحَدُهُمْ اِذَا وَجَدَ الْمَاءَ الْبَارِدَ يَمْسَحُ بِالصَّعِيْدِ قَالَ الْاَعْمَشُ فَقُلْتُ لِشَقِيقٍ مَا كَرِهَهُ اِلَّا لِهٰذَا.

1307: شقیق بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے ساتھ موجود تھا' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عبدالرحمٰن ایک شخص کو جنابت لاحق ہوگئی اور اسے پانی نہیں ملتا تو وہ نماز ادا کرے گا؟ پھر حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا آپ نے حضرت عمار بن یاسر کا قول سنا تھا جو انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور آپ کو ایک مہم پر روانہ کیا تھا۔ میں جنابت کا شکار ہوگیا۔ میں مٹی میں لوٹ پوٹ ہوگیا پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو اس بارے میں بتایا تو آپ نے فرمایا: تمہارے لئے اس طرح کر لینا کافی تھا پھر آپ نے اپنے چہرے اور دونوں بازوؤں کا ایک مرتبہ مسح کیا۔ اس پر حضرت عبداللہ نے فرمایا: میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے اس بات پر قناعت کی ہو' تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے کہا پھر آپ اس آیت کے بارے میں کیا کہیں گے۔

''اور تمہیں پانی نہیں ملتا تم پاک مٹی کے ذریعے تیمّم کرلو''۔

تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر ہم لوگوں کو اس بارے میں رخصت دینا شروع کر دیں تو ان میں سے کسی ایک کو اگر پانی ٹھنڈا لگے گا' تو وہ مٹی سے مسح کر لیا کرے گا۔

اعمش نامی راوی کہتے ہیں میں نے شقیق سے کہا: کیا وہ (حضرت ابن مسعود) اس وجہ سے اسے ناپسند کرتے تھے۔

1307- إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر (1267) الذى أورده المؤلف طريق يزيد بن زريع عن شعبة به وأخرجه البخاري مختصرًا برقم (343) في التيمم للوجه والكفين، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. إسناده صحيح على شرطهما. وهو مكرر (1304) وورد تخريجه هناك.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالِاقْتِصَارِ فِي التَّيَمُّمِ بِالْكَفَّيْنِ مَعَ الْوَجْهِ دُونَ السَّاعِدَيْنِ بِالضَّرْبَتَيْنِ

تیمّم کے دوران دوضربیں لگاتے ہوئے' چہرے کے ہمراہ ہتھیلیوں پر تیمّم کرنے پر اکتفاء کرنا اور کلائیوں پر تیمم نہ کرنا

1308 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى عَنْ اَبِيهِ،عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ

(متن حدیث): قَالَ سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّيَمُّمِ فَاَمَرَنِىْ بِالْوَجْهِ وَالْكَفَّيْنِ ضَرْبَةً وَاحِدَةً.

وَكَانَ قَتَادَةُ بِهٖ يُفْتِي.

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تیمّم کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ نے چہرے اور دونوں بازوؤں کے لئے مجھے ایک ضرب (زمین پر) لگانے کا حکم دیا۔

قتادہ اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ النَّفْخِ فِي الْيَدَيْنِ بَعْدَ ضَرْبِهِمَا عَلَى الصَّعِيْدِ لِلتَّيَمُّمِ

(متن حدیث): قَرَاَ رَجُلٌ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الظُّهْرِ، اَوِ الْعَصْرِ -شَكَّ اَبُوْعَوَانَةَ- فَقَالَ: "اَيُّكُمْ قَرَاَ: (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) "؟ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ: اَنَا، فَقَالَ: "قَدْ عَرَفْتُ اَنَّ بعضكم خالجنيها." (2: 78)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے شاید ظہر یا عصر کی نماز میں تلاوت کی یہ شک ابوعوانہ نامی راوی کو ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم میں سے کس شخص نے سورت اعلیٰ کی تلاوت کی ہے؟ حاضرین میں سے ایک شخص نے عرض کی: میں نے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اندازہ ہوگیا تھا کہ تم میں سے کوئی ایک شخص میرے لیے (تلاوت میں) رکاوٹ ڈال رہا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ لَمْ يَسْمَعْهُ قَتَادَةُ مِنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے، یہ روایت قتادہ نے زرارہ بن اوفیٰ سے نہیں سنی ہے

1847 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ اَوْفٰى يُحَدِّثُ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَّى الظُّهْرَ، فَجَعَلَ رَجُلٌ يَقْرَاُ خَلْفَهُ بِـ: (سَبِّحِ

1846- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير خلف بن هشام البزار، فإنه من رجال مسلم. وهو مكرر ما قبله. وانظر ما بعده.

اسَمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) ، فَلَمَّا انْصَرَفَ، قَالَ: "اَيُّكُمُ الَّذِيْ قرأ، أو أيكم القارىء "؟ فَقَالَ رَجُلٌ: اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ: "قد عرفت أن بعضكم خالجنيها" . (2: 78)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز ادا کی' ایک شخص نے آپ کے پیچھے سورۂ اعلیٰ کی تلاوت شروع کردی' جب آپ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے تو آپ نے دریافت کیا: تم میں سے وہ کون شخص ہے جس نے تلاوت کی ہے؟ یا شاید یہ فرمایا: تم میں سے کون تلاوت کرنے والا ہے؟ ایک شخص نے عرض کی: میں ہوں' یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: مجھے اندازہ ہو گیا تھا تم میں سے کوئی ایک میرے لئے رکاوٹ پیدا کررہا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "قَدْ عَرَفْتُ اَنَّ بَعْضَكُمْ خَالَجَنِيهَا" اَرَادَ بِهٖ رَفْعَ الصَّوْتِ لَا الْقِرَاءَ ةَ خَلْفَهٗ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "مجھے اندازہ ہو گیا کہ

تم میں سے کوئی اس بارے میں میرے لیے رکاوٹ پیدا کررہا ہے" اس سے مراد آواز بلند کرنا ہے، آپ کے پیچھے قرأت کرنا مراد نہیں ہے

1848 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجَزَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَكْحُولٌ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ الرَّبِيعِ - وَكَانَ يَسْكُنُ اِيلِيَاءَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَاةَ الصُّبْحِ، فَثَقُلَتْ عَلَيْهِ الْقِرَاءَ ةُ، فَلَمَّا انصرف قال: "إنى لأراكم تقرؤون وَرَاءَ اِمَامِكُمْ"؟ قَالَ: قُلْنَا: اَجَلْ وَاللّٰهِ يَا رسول الله هٰذا، قال: "فلا تفعلوا إلا بِاُمِّ الْكِتَابِ، فَاِنَّهٗ لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَمْ يَقْرَاْ بِهَا" . (2: 78)

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "فَلَا تَفْعَلُوْا" لَفْظَةُ زجر مرادها ابتداء أمر مستأنف، إذ العرب فِيْ لُغَتِهَا اِذَا اَرَادَتِ الْاَمْرَ بِالشَّيْءِ عَلٰى سَبِيْلِ التَّاكِيدِ، تُقَدِّمُهٗ لَفْظَةَ زَجْرٍ، ثُمَّ تُعْقِبُهٗ

1847- إسناده صحيح على شرطهما. محمد: هو ابن جعفر الملقب بغندار. وأخرجه مسلم "398" "48" في الصلاة: باب نهى المأموم عن جهره بالقراءة خلف إمامه، عن محمد بن بشار، بهٰذا الإسناد. وأخرجه مسلم 398" "48" أيضا، والنسائى 3/247 فى قيام الليل: باب ذكر الاختلاف على شعبة، عن قتادة فى هٰذا الحديث، عن محمد بن المثنى، عن محمد بن جعفر، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الطيالسى "851"، وأحمد 4/426، والبخارى فى "القراءة خلف الإمام" ص 92، وأبو داوٗد "828" فى الصلاة، والنسائى 2/140 فى الافتتاح: باب ترك القراءة خلف الإمام فيما لم يجهر به، و3/247 فى قيام الليل، والدارقطنى 1/405، والطبرانى فى "الكبير" /18 "520"، والبيهقى فى "السنن" 2/160 من طريق أبى الوليد الطيالسى ويحيى بن سعيد ومحمد بن كثير العبدى وشبابة وعمرو بن مرزوق، كلهم عن شعبة، به. وتقدم قبله من طريق أبى عوانة، ع قتادة، به، فانظره.

الأمر الذی ترید.

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں صبح کی نماز پڑھائی۔ آپ کیلئے قرأت کرنا دشوار ہوا جب آپ نے نماز مکمل کی تو آپ نے دریافت کیا: میرا خیال ہے تم لوگ اپنے امام کے پیچھے تلاوت کرتے ہو۔ راوی بیان کرتا ہے ہم نے عرض کی: جی ہاں! اللہ کی قسم! یارسول اللہ! ہم تیزی سے تلاوت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ ایسا نہ کرو۔ صرف سورۃ فاتحہ پڑھ لیا کرو کیونکہ ایسے شخص کی نماز نہیں ہوتی جو اس کی تلاوت نہیں کرتا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "تم ایسا نہ کرو" یہ الفاظ ممانعت کے ہیں، اس سے مراد ابتدائی طور پر از سر نو کوئی حکم دینا ہے، کیونکہ عرب اپنے محاورے میں جب تاکید کے طور پر کسی چیز کا حکم دینے کا ارادہ کرتے ہیں، تو پہلے ممانعت کے الفاظ ذکر کرتے ہیں اور پھر اس کے بعد وہ حکم ہوتا ہے جو وہ مراد لیتے ہیں۔

ذكر كراهية رفع الصوت لمأموم بِالْقِرَاءَةِ لِئَلَّا يُنَازِعُ الْإِمَامُ مَا يَقْرَؤُهُ

مقتدی کے بلند آواز میں قرأت کے مکروہ ہونے کا تذکرہ، تاکہ وہ امام کی تلاوت سے تنازعہ (کا مرتکب) نہ ہو

1849 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عن ابن شهاب، عن ابن اُكَيْمَةَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، انْصَرَفَ مِنْ صَلَاةٍ جَهَرَ فِيْهَا بِالْقِرَاءَةِ، فَقَالَ: "هَلْ قَرَاَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ آنِفًا"؟ فَقَالَ رَجُلٌ: نَعَمْ اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "اِنِّىْ اَقُوْلُ: مَا لِىْ اُنَازَعُ الْقُرْآنَ"؟ فَانْتَهَى النَّاسُ عَنِ الْقِرَاءَةِ فِيْمَا جَهَرَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ سَمِعُوْا ذٰلِكَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. (1: 21)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: اسم بن اُكَيْمَةَ: عَمْرُو بْنُ مُسْلِمِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ

1848- إسناده قوی، وهو فی "صحيح ابن خزيمة" "1581" وقد تقدم برقم "1785" و ."1792"

1849- إسناده صحيح على شرط رجاله رجال الشيخين غير ابن أكيمة، وهو ثقة كما مر فی تخريج ."1843" وأخرجه البغوی فی "شرح السنة" "607" من طريق أحمد بن أبی بكر، بهذا الإسناد . وهو فی "الموطأ" 1/86-87 فی الصلاة: باب ترك القراءة خلف الإمام فيما جهر به، ومن طريق مالك أخرجه الشافعی 1/139، والبخاری فی "القراءة خلف الإمام" "96"، وأبو داؤد "826" فی الصلاة: باب من كره القراءة بفاتحة الكتاب إذا جهر الإمام، والترمذی "312" فی الصلاة: باب ما جاء فی ترك القراءة خلف الإمام فيما جهر به، والبيهقی فی "سننه" 2/158، وفی "القراءة خلف الإمام" ."317" وأخرجه عبد الرزاق "2795"، ومن طريقه أحمد 2/284، وأخرجه ابن ماجة "849" من طريق عبد الأعلى، كلاهما عن معمر، عن الزهری، به. وتقدم برقم "1843" من طريق الليث، عن الزهری، به. وانظر الحديثين بعده.

اُكَيْمَةَ، وَهُمَا اَخَوَانِ: عَمْرُو بْنُ مُسْلِمٍ، وَعُمَرُ بْنُ مُسْلِمٍ، فَاَمَّا عَمْرُو بْنُ مُسْلِمٍ، فَهُوَ تَابِعِيٌّ، سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، وَسَمِعَ مِنْهُ الزُّهْرِيُّ. وَاَمَّا عُمَرُ بْنُ مُسْلِمٍ، فَهُوَ مِنْ اَتْبَاعِ التَّابِعِينَ، سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، وَرَوَى عَنْهُ مالك، ومحمد بن عمرو، وهما ثقتان.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس نماز کو پڑھ کر فارغ ہوئے جن میں آپ نے بلند آواز میں قرأت کی تھی۔ پھر آپ نے دریافت کیا کہ کیا تم میں سے کسی نے ابھی تلاوت کی ہے۔ ایک شخص نے عرض کی: جی ہاں! یارسول اللہ! میں نے کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بھی سوچ رہا تھا کیا وجہ ہے' قرآن (کی تلاوت) کے حوالے سے مجھ سے مقابلہ کیا جارہا ہے''

پھر لوگ ان نمازوں میں قرأت کرنے سے رک گئے جن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز میں تلاوت کیا کرتے تھے۔ اس وقت جب انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابن اکیمہ کا نام عمرو بن مسلم بن عمار بن اکیمہ ہے، یہ دو بھائی ہیں: عمرو بن مسلم اور عمر بن مسلم، جہاں تک عمرو بن مسلم کا تعلق ہے تو وہ تابعی ہیں، انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سماع کیا ہے اور زہری نے ان سے سماع کیا ہے۔ جہاں تک عمر بن مسلم کا تعلق ہے تو وہ تبع تابعی ہیں۔ انہوں نے سعید بن مسیب سے سماع کیا ہے اور ان سے امام مالک اور محمد بن عمرو نے روایات نقل کی ہیں۔ یہ دونوں ''ثقہ'' ہیں۔

ذكر البيان بأن القوم كانوا يقرؤون خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَعَ الصَّوْتِ حَيْثُ قَالَ لَهُمْ هٰذَا الْقَوْلَ، لَا اَنَّ رَجُلًا وَّاحِدًا كَانَ هُوَ الَّذِي يَقْرَاُ وَحْدَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے بلند آواز میں تلاوت کرتے تھے،

(یعنی) اس وقت جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے یہ بات ارشاد فرمائی، ایسا نہیں ہے کہ صرف ایک ہی شخص نے تلاوت کی تھی

1850 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ يُوْنُسَ بْنِ اَبِي (مَعْشَرٍ) شَيْخٌ بِكُفْرِ تُوثَا، مِنْ دِيَارِ رَبِيعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ الرسعني، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفِرْيَابِيُّ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَاةً، فَجَهَرَ فِيْهَا، فَقَرَاَ اُنَاسٌ مَعَهُ، فَلَمَّا سَلَّمَ، قَالَ: "قَرَاَ مِنْكُمْ اَحَدٌ"؟ قَالُوْا: نَعَمْ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: "اِنِّي لَاَقُوْلُ مَا لِيْ اُنَازَعُ الْقُرْآنَ"؟. قَالَ: فَاتَّعَظَ المسلمون بذلك، فلم يكونوا يقرؤون. (1: 21)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نماز پڑھائی اس میں بلند آواز میں

قرأت کی۔ کچھ لوگوں نے آپ کی اقتداء میں تلاوت کی۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا تو آپ نے دریافت کیا کہ کیا تم میں سے کسی ایک نے تلاوت کی ہے؟ تو لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بھی سوچ رہا تھا کہ کیا وجہ ہے؟ قرآن (کی تلاوت) میں میرے ساتھ مقابلہ کیا جا رہا ہے۔

راوی کہتے ہیں: انہوں نے اس سے نصیحت حاصل کی اور (اس کے بعد لوگ آپ کی اقتداء میں) تلاوت نہیں کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْكَلَامَ الْاٰخِيرَ "فَانْتَهَى النَّاسُ عَنِ الْقِرَاءَ ةِ وَاتَّعَظَ الْمُسْلِمُوْنَ بِذٰلِكَ"، اِنَّمَا هُوَ قَوْلُ الزُّهْرِيِّ لَا مِنْ كَلَامِ اَبِىْ هُرَيْرَةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، یہ آخری جملہ ''لوگ قرأت کرنے سے باز آ گئے اور مسلمانوں نے اس سے نصیحت حاصل کی'' یہ زہری کا کلام ہے، یہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا کلام نہیں ہے

1851 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَنْ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): "صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةً، فَجَهَرَ فِيْهَا بِالْقِرَاءَ ةِ، فَلَمَّا سَلَّمَ، قَالَ: "هَلْ قَرَاَ مَعِى مِنْكُمْ اَحَدٌ آنِفًا"؟ قَالُوْا: نَعَمْ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: "اِنِّىْ اَقُوْلُ مَا لِىْ أنازع القرآن".

قال الزهرى: فانتهى المسلمون، فلم يكونوا يقرؤون معه. (1: 21)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: هٰذَا خَبَرٌ مَشْهُوْرٌ لِلزُّهْرِيِّ، مِنْ رِوَايَةِ اَصْحَابِهِ، عَنِ ابْنِ اُكَيْمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَوَهِمَ فِيْهِ الْاَوْزَاعِيُّ -اِذِ الْجَوَادُ يَعْثُرُ- فَقَالَ: عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، فَعَلِمَ الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ اَنَّهُ وَهِمَ، فَقَالَ: عَنْ مَنْ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، وَلَمْ يَذْكُرْ سَعِيْدًا. وَاَمَّا قَوْلُ الزُّهْرِيِّ: فَانْتَهَى النَّاسُ عَنِ الْقِرَاءَ ةِ؛ اَرَادَ بِهِ رَفْعَ الصَّوْتِ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِتِّبَاعًا مِّنْهُمْ لِزَجْرِهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ رَفْعِ الصَّوْتِ وَالْاِمَامُ يَجْهَرُ بِالْقِرَاءَ ةِ فِىْ قَوْلِهِ: "مَا لِىْ أنازع القرآن."

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی۔ آپ نے بلند آواز میں قرأت کی۔ جب آپ نے سلام پھیرا تو آپ نے دریافت کیا کہ ابھی تم میں سے کسی ایک نے میرے ساتھ تلاوت کی ہے؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بھی سوچ رہا تھا کہ کیا وجہ ہے؟ قرآن (کی تلاوت) میں میرے ساتھ مقابلہ کیا جا رہا ہے۔

زہری بیان کرتے ہیں: مسلمان اس سے باز آ گئے اور وہ لوگ آپ کی اقتداء میں تلاوت نہیں کیا کرتے تھے۔

1851- رجاله ثقات، لكن فيه الوهم الذى سينبه المؤلف باثره.

امام ابوحاتم بیان کرتے ہیں: یہ روایت زہری سے منقول ہونے کے حوالے سے مشہور ہے جو ان کے اصحاب نے ابن اکیمہ کے حوالے سے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے اس میں امام اوزاعی کو وہم ہوا ہے کیونکہ گھوڑا ٹھوکر کھا جاتا ہے۔ انہوں نے یہ کہا یہ زہری کے حوالے سے سعید بن مسیّب سے منقول ہے۔ ولید بن مسلم یہ بات جانتے تھے کہ انہیں وہم ہوا ہے اس لئے انہوں نے یہ کہا: یہ اس شخص کے حوالے سے منقول ہے جس نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اسے سنا ہے۔ انہوں نے سعید کا تذکرہ نہیں کیا۔

جہاں تک زہری کے اس قول کا تعلق ہے لوگ قرأت کرنے سے باز آ گئے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ممانعت کی پیروی کرتے ہوئے آپ کے پیچھے بلند آواز میں تلاوت نہیں کی۔ امام جب بلند آواز میں قرأت کر رہا ہو اس کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان میں ہے: ''کیا وجہ ہے کہ قرآن میں میرے ساتھ تنازعہ کیا جا رہا ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ يَنْفِي الرَّيْبَ عَنِ الْخَلَدِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَا لِيْ أنازع القرآن"، أراد به رفع الصوت، لا الْقِرَاءَةَ خَلْفَهُ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس حوالے سے شک کی نفی کرتی ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان

''کیا وجہ ہے قرآن میں میرے ساتھ تنازعہ کیا جا رہا ہے'' اس سے مراد آواز بلند کرنا ہے، آپ کے پیچھے قرأت کرنا (مراد) نہیں ہے

1852 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فَرَحُ بْنُ رَوَاحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلّى بأصحابه، فلما قضى صلاته، أقبل علهيم بوجهه، فقال: "أتقرؤون فِيْ صَلَاتِكُمْ خَلْفَ الْاِمَامِ، وَالْاِمَامُ يَقْرَأُ"؟ فَسَكَتُوا، قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ قَائِلٌ اَوْ قَائِلُوْنَ: اِنَّا لَنَفْعَلُ، قَالَ: "فَلَا تَفْعَلُوْا، وَلْيَقْرَاْ اَحَدُكُمْ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فِيْ نَفْسِهِ". (1: 21)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ اَبُوْ قِلَابَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ عَائِشَةَ، عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَمِعَهُ مِنْ اَنَسِ بن مالك، فالطريقان جميعا محفوظان.

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو نماز پڑھائی۔ جب آپ نے نماز مکمل کی تو آپ نے لوگوں کی طرف رخ کیا اور دریافت کیا: کیا تم لوگ اپنی نماز میں امام کے پیچھے تلاوت کرتے ہو جبکہ امام قرأت کر رہا ہو؟ تو لوگ خاموش رہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات تین مرتبہ ارشاد فرمائی تو ایک صاحب نے عرض کی: یا شاید لوگوں نے جی ہاں ہم ایسا کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ایسا نہ کرو تم میں سے ہر شخص دل میں سورۂ فاتحہ پڑھ لے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوقلابہ نے یہ روایت محمد بن ابوعائشہ سے سنی ہے، جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی صحابی سے منقول ہے، انہوں نے یہ روایت حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے بھی سنی ہے، تو یہ دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ فِيهِ كَالدَّلِيلِ عَلٰى اِيجَابِ الْقِرَاءَةِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا عَلٰى مَنْ ذَكَرْنَا نَعْتَهُمْ قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ، جس میں اس بات کی دلیل سی موجود ہے، جو قرأت کے وجوب پر

دلالت کرتی ہے، جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے، جو اس بنیاد پر ہے، جس کا طریقہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں

1853 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سفيان عن ابن جُرَيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءً يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): فِيْ كُلِّ صَلَاةٍ قِرَاءَةٌ، فَمَا اَسْمَعَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أسمعناكم، وما أخفى علينا، أخفينا عنكم. (1: 21)

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہر نماز میں قرأت ہوتی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس میں ہمیں سنا دیتے تھے۔ ہم تمہیں سنا دیتے ہیں جس میں آپ ہم سے پوشیدہ رکھتے تھے۔ ہم تم سے پوشیدہ رکھتے ہیں۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُطَوِّلَ الرَّكْعَةَ الْاُوْلٰى مِنْ صَلَاتِهٖ رَجَاءَ لُحُوقِ النَّاسِ صَلَاتَهٗ اِذَا كَانَ اِمَامًا

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، جب وہ امام ہو تو وہ اپنی نماز کی پہلی رکعت کو طویل کر کے ادا کرے، یہ امید رکھتے ہوئے کہ لوگ اس سے آملیں گے

1854 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ قَزَعَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ عَنْ صَلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَيْسَ لَكَ فِيْ ذٰلِكَ

1853- إسناده صحيح على شرط الشيخين غير عبد الجبار بن العلاء، فإنه من رجال مسلم، وقد تحرف في "الإحسان" إلى: "محمد بن عبد الجبار بن العلاء"، وجاء على الصواب في التقاسيم /1 لوحة 370، وهو في "صحيح ابن خزيمة" "547". وأخرجه الحميدي "990" ومن طريقه أبو عوانة 2/125، عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "2743"، وأحمد 2/273 و285 و348 و487، والبخاري "772" في الأذان: باب القراءة في الفجر، ومسلم "396" "43" في الصلاة: باب وجوب قراءة الفاتحة في كل ركعة، والنسائي 2/163 في الافتتاح: باب قراءة النهار، وأبو عوانة 2/125، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/208، والبيهقي في "السنن" 2/61، من طرق عن ابن جريج، به. وتقدم برقم "1781" من طريق رقبة بن مصقلة، عن عطاء، به. وتقدم تخريجه من طرقه هناك، فانظره.

خَيْرٌ، كَانَتِ الصَّلَاةُ تُقَامُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَخْرُجُ اَحَدُنَا اِلَى الْبَقِيعِ لِيَقْضِيَ حَاجَتَهُ، ثُمَّ يَجِيءُ فَيَتَوَضَّأُ، فَيَجِدُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الرَّكْعَةِ الْاُولَى مِنَ الظهر. (1:4)

قزعہ بیان کرتے ہیں میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے فرمایا: اس میں تمہارے لیے بھلائی نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے نماز کی اقامت کہہ لی جاتی تھی پھر ہم سے کوئی ایک شخص قضائے حاجت کرنے کیلئے بقیع (کے میدان) کی طرف چلا جاتا تھا۔ پھر وہ واپس آتے تھے۔ وضو کر لیتا تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ظہر کی نماز کی پہلی رکعت میں پالیتا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا خَبَرَ اَبِي سَعِيدٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ، جو ہماری ذکر کردہ اس تاویل کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے، جو ہم نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس سے پہلے ذکر کی ہے

1855 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُطِيلُ فِي اَوَّلِ الرَّكْعَتَيْنِ مِنَ الْفَجْرِ وَالظُّهْرِ. وَقَالَ: كُنَّا نَرَى اَنَّهُ يفعل ذلك ليتدارك الناس. (1:4)

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فجر اور ظہر کی پہلی دو رکعات طویل ادا کیا کرتے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ہم یہ سمجھتے ہیں: آپ ایسا اس لیے کرتے تھے تاکہ لوگ (باجماعت نماز میں) شریک ہو جائیں۔

1854- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه ابن ماجة "825" في الإقامة: باب القراءة في الظهر والعصر، عن أبي بكر بن أبي شيبة، عن زيد بن الحباب، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "454" "162" في الصلاة: باب القراءة في الظهر والعصر، من طريق عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صالح، به . وأخرجه مسلم "454" "161"، والنسائي 2/164 في الافتتاح: باب تطويل القيام في الركعة الأولى من صلاة الظهر، والبيهقي في "السنن" 2/66 من طريق عطية بن قيس، عن قزعة، به.

1855- حديث صحيح . أبو خالد الأحمر -واسمه سليمان بن حيان- وهو وإن روى له البخاري متابعة، واحتج به مسلم، يغلط ويخطىء، لكنه لم ينفرد به، وباقي رجاله ثقات من رجال الشيخين . أبو كريب: هو محمد بن العلاء، وهو في "صحيح ابن خزيمة" "1580"، وفيه "ليتأدى" بدل "ليتدارك." وأخرجه عبد الرزاق "2675"، ومن طريقه أبو داوُد "800" في الصلاة: باب ما جاء في القراءة في الظهر، والبيهقي في "السنن" 2/66، عن معمر، بهذا الإسناد . وأورده المؤلف برقم "1829" وتقدم تفصيل طرقه في تخريجه هناك.

ذِكْرُ خَبَرٍ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مضاد لخبر أبي سعيد الذي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا' جو علم حدیث پہ مہارت نہیں رکھتا

اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ یہ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت کی متضاد ہے

1856 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ بِمَكَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْقُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَخفَّ الناس صلاة في تمام.

يُرِيدُ اَخفَّ النَّاسِ صَلَاةً فِيمَا اعْتَادَهَا النَّاسُ فِي ذٰلِكَ الزَّمَانِ، عَلٰى حَسْبِ عَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاتِهِ.

وَاَمَّا خَبَرُ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّهُ قَالَ: فَيَخْرُجُ أحدنا إلى البقيع ليقضي حاجته، ثم يجيء فَيَتَوَضَّأُ، فَيَجِدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى مِنَ الظُّهْرِ؛ اِنَّمَا كَانَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِيَتَلَاحَقَ النَّاسُ فَيَشْهَدُونَ الصَّلَاةَ، وَلَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ، اِنَّمَا كَانَ يَفْعَلُهُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى فَقَطْ. وَفِيهِ كَالدَّلِيْلِ عَلٰى اَنَّ المدرك للركوع مدرك للتكبيرة الأولٰى. (1:4)

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکمل لیکن سب سے زیادہ مختصر نماز ادا کرتے تھے۔

اس سے ان کی مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس زمانے میں لوگوں کی عام عادت کے حوالے سے مختصر نماز ادا کرتے تھے' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عام عادت کے مطابق ہوتی تھی۔ جہاں تک حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کا تعلق ہے وہ کہتے ہیں: ہم میں سے کوئی ایک شخص قضائے حاجت کے لئے بقیع کی طرف چلا جاتا اور پھر وہ آ کر وضو کرتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ظہر کی نماز کی پہلی رکعت میں پالیتا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسا اس لئے کرتے تھے تاکہ لوگ بھی آ کر نماز میں

1856- حديث صحيح . أبو خالد الأحمر -واسمه سليمان بن حيان- وهو وإن روى له البخاري متابعة، واحتج به مسلم، يغلط ويخطء، لكنه لم ينفرد به، وباقي رجاله ثقات من رجال الشيخين . أبو كريب: هو محمد بن العلاء ، وهو في "صحيح ابن خزيمة" "1580"، وفيه "ليتأدى" بدل "ليتدارك."وأخرجه عبد الرزاق "2675"، ومن طريقه أبو داؤد "800" في الصلاة: باب ما جاء في القراء ة في الظهر، والبيهقي في "السنن" 2/66، عن معمر، بهذا الإسناد.وأورده المؤلف برقم "1829" وتقدم تفصيل طرقه في تخريجه هناك 2. إسناده صحيح، علي بن زياد اللحجي: ترجم له المؤلف في "الثقات" 8/470، فقال: من أهل اليمن سمع ابن عيينة، وكان راويا لأبي قرة، حدثنا عنه المفضل بن محمد الجندي، مستقيم الحديث، مات يوم عرفة سنة ثمان وأربعين ومئتين، ومن فوقه ثقات . واللحجي: نسبة إلى لحج، من قرى اليمن، وهي تقع شمال غرب عدن .وأورده المؤلف برقم "1759" من طريق حميد الطويل، عن أنس، وتقدم تفصيل طرقه في تخريجه هناك.

شامل ہو جائیں، آپ ہر رکعت میں ایسا نہیں کرتے تھے۔ آپ صرف پہلی رکعت میں ایسا کرتے تھے۔ اس میں اس بات کی دلیل موجود ہے، رکوع کو پانے والا تکبیر اولیٰ کو پانے والا شمار ہوگا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُبَيِّنِ اَنَّ تَطْوِيْلَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلصَّلَاةِ

الَّتِيْ فِيْ خَبَرِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ مِنْهُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى دُوْنَ مَا يَلِيهَا مِنْ سَائِرِ الرَّكَعَاتِ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات کو واضح کرتی ہے، کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز کو طول دینا

جو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں مذکور ہے، یہ پہلی رکعت کے بارے میں ہوتا تھا، باقی تمام رکعات میں نہیں ہوتا تھا

1857 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتُوَائِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقرأ بنا فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ، وَيُطِيلُ في الأولى، ويقصر في الثانية. (1:4)

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں ظہر کی نماز پڑھاتے ہوئے پہلی دو رکعت میں تلاوت کرتے تھے۔ آپ پہلی رکعت کو طویل ادا کرتے تھے اور دوسری کو (نسبتاً) مختصر ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ بَعْضَ الْمُسْتَمِعِيْنَ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَبِيْ قَتَادَةَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے بعض سننے والوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت کی متضاد ہے

1858 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْخَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ زَاذَانَ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِي الصِّدِّيقِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَحْزُرُ قِيَامَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الظهر والعصر، فحزرنا قيامه في الركعتين الوليين قَدْرَ ثَلَاثِيْنَ آيَةً، وَحَزَرْنَا قِيَامَهُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُخْرَيَيْنِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ ذٰلِكَ، وَحَزَرْنَا قِيَامَهُ

1857- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مصنف" ابن أبي شيبة 1/356. وأخرجه البخاري "762" في الأذان: باب القراءة في العصر، باب تقصير القيام في الركعة الثانية من الظهر، وأبو داؤد "798" في الصلاة، وابن ماجة "829" في الإقامة: باب الجهر بالآية أحيانا في صلاة الظهر والعصر، وأبو عوانة 2/151، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/206، والبيهقي في "السنن" 2/65، من طرق عن هشام الدستوائي، بهذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة "1588". وانظر "1829" و "1831" و "1855".

1858- هو مكرر "1828".

فِی الرَّکْعَتَیْنِ الْاُوْلَیَیْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلٰی قَدْرِ الْاُخْرَیَیْنِ مِنَ الظُّهْرِ، وَحَزَرْنَا قِیَامَهٗ فِی الْاُخْرَیَیْنِ مِنَ الْعَصْرِ عَلَی النِّصْفِ مِنْ ذٰلِکَ. (1:4)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ: قَوْلُ اَبِیْ سَعِیْدٍ: "فَحَزَرْنَا قِیَامَهٗ فِی الرَّکْعَتَیْنِ الْاُوْلَیَیْنِ قَدْرَ ثَلَاثِیْنَ، آیَةً" یُضَادُّ فِی الظاهر

قَوْلَ اَبِیْ قَتَادَةَ: "وَیُطِیلُ فِی الْاُوْلٰی، وَیُقَصِّرُ فِی الثَّانِیَةِ"، وَلَیْسَ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَمَنِّهٖ کَذٰلِکَ، لِاَنَّ الرَّکْعَةَ الْاُوْلٰی کَانَ یَقْرَاُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْهَا ثَلَاثِیْنَ آیَةً بِالتَّرْسِیلِ وَالتَّرْتِیْلِ وَالتَّرْجِیعِ، وَالرَّکْعَةَ الثَّانِیَةَ کَانَ یَقْرَاُ فِیْهَا مِثْلَ قِرَاءَ تِهٖ فِی الْاُوْلٰی بِلَا تَرْسِیلٍ وَلَا تَرْجِیعٍ، فَتَکُوْنُ الْقِرَاءَ تَانِ وَاحِدَةً، وَالْاُوْلٰی اَطْوَلُ مِنَ الثَّانِیَةِ.

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہر اور عصر کی نماز میں قیام کا اندازہ لگاتے تھے تو ہم نے یہ اندازہ لگایا ظہر کی نماز کی پہلی دو رکعات میں آپ کا قیام 30 آیات کی تلاوت جتنا ہوتا تھا اور آخری دو رکعات میں آپ کے قیام کے بارے میں ہم نے اندازہ لگایا کہ وہ اس سے نصف ہوتا تھا اور عصر کی نماز کی پہلی دو رکعات میں آپ کے قیام کے بارے میں ہم نے یہ اندازہ لگایا کہ وہ ظہر کی آخری دو رکعات جتنا ہوتا تھا اور عصر کی نماز کی آخری دو رکعات کے بارے میں ہم نے اندازہ لگایا کہ وہ اس سے نصف ہوتا تھا۔

(امام ابن حبان فرماتے ہیں:) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا کہ ہم نے اندازہ لگایا پہلی دو رکعات میں آپ کا قیام تیس آیات کی تلاوت جتنا ہوتا تھا یہ روایت بظاہر حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے اس قول کے برخلاف ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلی رکعت طویل ادا کرتے تھے اور دوسری رکعت مختصر ادا کرتے تھے۔حالانکہ الحمد للہ! ایسا نہیں ہے۔کیونکہ پہلی رکعت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تیس آیات ٹھہر ٹھہر کر ترتیل اور ترجیع کے ہمراہ پڑھتے تھے اور دوسری رکعت میں اتنی ہی آیات ترتیل اور ترجیع کے بغیر پڑھتے تھے تو قرأت ایک جتنی ہوتی تھی لیکن پہلی رکعت دوسری سے طویل ہوتی تھی۔

ذِکْرُ خَبَرٍ ثَانٍ یُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَکَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

1859 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِکِ بْنُ عُمَیْرٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): کُنْتُ قَاعِدًا عِنْدَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اِذْ جَاءَهٗ نَاسٌ مِّنْ اَهْلِ الْکُوْفَةِ یَشْکُوْنَ سَعْدًا، حَتّٰی قَالُوْا لَهٗ: اِنَّهٗ لَا یُحْسِنُ الصَّلَاةَ، فَقَالَ: عَهْدِیْ بِهٖ وَهُوَ حَسَنُ الصَّلَاةِ، فَدَعَاهُ فَاَخْبَرَهٗ، فَقَالَ: اَمَّا صَلَاةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَدْ صَلَّیْتُ بِهِمْ، اَرْکُدُ فِی الْاُوْلَیَیْنِ، وَاَحْذِفُ فِی الْاُخْرَیَیْنِ، فَقَالَ: ذَاکَ الظَّنُّ بِکَ اَبَا اِسْحَاقَ. فَبَعَثَ مَعَهٗ مَنْ یَّسْاَلُ عَنْهُ بِالْکُوْفَةِ، فَطِیفَ بِهٖ فِیْ مَسَاجِدِ الْکُوْفَةِ، فَلَمْ یُقَلْ لَهٗ اِلَّا خَیْرًا حَتّٰی انْتَهٰی اِلٰی مَسْجِدِ بَنِیْ عَبْسٍ، فَاِذَا رَجُلٌ یُدْعَی اَبَا سَعْدَةَ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ کَانَ لَا ینفر فی السریة، ولا یقسم

بـالسوية، وَلَا يَعْدِلُ فِي الْقَضِيَّةِ. قَالَ: فَغَضِبَ سَعْدٌ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ كَاذِبًا فَاَطِلْ عُمْرَهُ، وَشَدِّدْ فَقْرَهُ، وَاعْرِضْ عَلَيْهِ الْفِتَنَ. قَالَ: فَزَعَمَ بن عُمَيْرٍ اَنَّهُ رَآهُ قَدْ سَقَطَ حَاجِبَاهُ عَلٰى عَيْنَيْهِ، قَدِ افْتَقَرَ، وَافْتُتِنَ. فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا. يُسْأَلُ كَيْفَ اَنْتَ اَبَا سَعْدَةَ؟ فَيَقُوْلُ: شَيْخٌ كبير مفتون، أجيبت في دعوة سعد. (1:4)

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا اسی دوران اہل کوفہ سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی شکایت کی۔ یہاں تک کہ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہ کہا: حضرت سعد رضی اللہ عنہ اچھی طرح نماز نہیں پڑھاتے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے کہ کچھ عرصہ پہلے تک تو وہ بہت عمدہ نماز ادا کیا کرتے تھے۔ انہوں نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کو بلایا اور ان کو اس بارے میں بتایا تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: جہاں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا تعلق ہے میں ان لوگوں کو وہ نماز (یعنی اس طریقے کے مطابق نماز) پڑھاتا ہوں میں پہلی دو رکعت طویل ادا کرتا ہوں اور آخری دو رکعات نسبتاً مختصر ادا کرتا ہوں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابواسحاق اپ کے بارے میں یہی گمان تھا۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے ہمراہ ایسے شخص کو بھیجا جو ان کے بارے میں کوفہ میں دریافت کرے۔ اس نے انہیں ساتھ لے کر کوفہ کی تمام مساجد کا چکر لگایا ہر شخص نے ان کے بارے میں بھلائی کی بات کہی۔ یہاں تک کہ جب وہ بنو عبس کی مسجد کے قریب پہنچے تو وہاں ایک شخص تھا جس کا نام ابوسعدہ تھا تو وہ بولا اللہ جانتا ہے یہ کسی جنگی مہم کیلئے نہیں نکلتے اور (مال غنیمت کو) برابری کی بنیاد پر تقسیم نہیں کرتے ہیں اور فیصلہ کرتے ہوئے انصاف سے کام نہیں لیتے۔ راوی بیان کرتے ہیں' تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ غصے میں آ گئے اور بولے: اے اللہ! اگر یہ شخص جھوٹا ہے' تو اس کی عمر کو لمبا کر دے اور اس کی غربت کو شدید کر دے اور اس پر آزمائش ڈال دے۔

راوی کہتے ہیں: عمیر نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے۔ انہوں نے اس شخص کو دیکھا کہ عمر زیادہ ہونے کی وجہ سے اس کی بھنویں اس کی آنکھوں پر آ رہی ہیں وہ انتہائی غریب تھا اور آزمائش میں مبتلا ہو گیا تھا لیکن اسے کوئی چیز نہیں ملتی تھی۔ اس سے دریافت کیا گیا: اے ابوسعدہ! تمہارا کیا حال ہے' تو وہ کہتا تھا ایک عمر رسیدہ بوڑھا شخص جو آزمائش کا شکار ہے۔ میرے بارے میں حضرت سعد کی بددعا قبول ہو گئی ہے۔

1859- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم "453" في الصلاة: باب القراءة في الظهر والعصر، عن إسحاق بن إبراهيم، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/180، ومسلم "453" أيضا عن قتيبة بن سعيد، كلاهما عن جرير بن عبد الحميد، به. وأخرجه الطيالسي "217"، وعبد الرزاق "3706" و "3707"، وأحمد 1/176 و179، والبخاري "755" و "758" في الأذان: باب وجوب القراءة للإمام والمأموم في الصلوات كلها في الحضر والسفر، ومسلم "453"، والنسائي 2/174 في الافتتاح: باب الركود في الركعتين الأوليين، وأبو عوانة 2/149، 150، والطبراني في "الكبير" "308"، والبيهقي في "السنن" 2/65، من طرق عن عبد الملك بن عمير، بهٰذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة. "508" وسيورده المؤلف برقم "1937" و "2140" من طريق أبي عون الثقفي، عن جابر، ويرد تخريجه من طريقه هناك, وقوله: "أجيبت في دعوة سعد": كان سعد معروفا

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمُصَلِّي رَفْعُ الْيَدَيْنِ عِنْدَ اِرَادَتِهِ الرُّكُوْعَ وَعِنْدَ رَفْعِ رَاْسِهِ مِنْهُ

نمازی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ رکوع میں جانے کے ارادے کے وقت اور رکوع سے سر اٹھانے کے وقت رفع یدین کرے

1860 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَائِدَةُ بْنُ قُدَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِي اَنَّ وَائِلَ بْنَ حُجْرٍ الْحَضْرَمِيَّ اَخْبَرَهُ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: لَاَنْظُرَنَّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ يُصَلِّي، فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ حِينَ قَامَ، فَكَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى حَاذَتَا اُذُنَيْهِ، ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلٰى ظَهْرِ كَفِّهِ الْيُسْرٰى، وَالرُّسْغِ، وَالسَّاعِدِ، ثُمَّ لَمَّا اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ، رَفَعَ يَدَيْهِ مِثْلَهَا، ثُمَّ رَكَعَ، فَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَرَفَعَ يَدَيْهِ مِثْلَهَا، ثُمَّ سَجَدَ، فَجَعَلَ كَفَّيْهِ بِحِذَاءِ اُذُنَيْهِ، ثُمَّ جَلَسَ فَافْتَرَشَ فَخِذَهُ الْيُسْرٰى، (وَجَعَلَ يَدَهُ الْيُسْرٰى عَلٰى فَخِذِهِ وَرُكْبَتِهِ الْيُسْرٰى) وَجَعَلَ حَدَّ مِرْفَقِهِ الْاَيْمَنِ عَلٰى فَخِذِهِ الْيُمْنٰى، وَعَقَدَ ثِنْتَيْنِ مِنْ اَصَابِعِهِ، وَحَلَّقَ حَلْقَةً، ثُمَّ رَفَعَ اِصْبَعَهُ، فَرَاَيْتُهُ يُحَرِّكُهَا: يَدْعُو بِهَا، ثُمَّ جِئْتُ بعد ذٰلِكَ، فِيْ زَمَانٍ فِيْهِ بَرْدٌ، فَرَاَيْتُ النَّاسَ عَلَيْهِمْ جُلُّ الثِّيَابِ تَتَحَرَّكُ اَيْدِيهِمْ تَحْتَ الثِّيَابِ. (5: 4)

۞۞ حضرت وائل بن حجر حضرمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے یہ سوچا میں ضرور اس بات کا جائزہ لوں گا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح نماز ادا کرتے ہیں۔ میں نے آپ کا جائزہ لیا جب آپ کھڑے ہوئے آپ نے تکبیر کہی آپ نے

1860- إسناده قوي رجاله رجال الصحيح، غير كليب بن شهاب، وهو صدوق روى له الأربعة، لكن جملة "فرأيته يحركها" شاذة، انفرد بها زائدة بن قدامة، دون من رواه من الثقات، وهم جمع يزيد عل العشرة .وأخرجه الطبراني في "الكبير" 22/82 عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهٰذا الإناد .وأخرجه أبو داوُد "727" في الصلاة: باب رفع اليدين في الصلاة، عن الحسن بن علي، عن أبي الوليد، بهٰذا الإسناد.وأخرجه أحمد 4/318، والبخاري في كتابه "قرة العينين في رفع اليدين في الصلاة" ص 11، والنسائي 2/126 في الافتتاح: باب موضع اليمين من الشمال في الصلاة، و 3/37 في السهو: باب قبض الثنتين من أصابع اليد اليمنى، والدارمي 1/314، 315، وابن الجارود "208"، والطبراني 22/ "82" من طرق عن زائدة، به.وأخرجه الحميدي "885"، وعبد الرزاق "2522"، وابن أبي شيبة 1/234 و390، وأحمد 4/316 و317 و318، والبخاري في "قرة العينين في رفع اليدين " ص 10، وأبو داوُد "726" في الصلاة: باب رفع اليدين، و "957": باب كيف الجلوس في التشهد، والنسائي 3/34 في السهو: باب صفة الجلوس في الركعة التي يقضي فيها الصلاة، و 3/35: باب موضع الذراعين وباب موضع المرفقين، وابن ماجة "867" في الإقامة: باب رفع اليدين إذا ركع، و "912": باب الإشارة في التشهد، وابن الجارود "202"، والطحاوي في "شرح معاني الآثار " 1/223، والطبراني 22/ "78" و "79" و "80" و "81" و "83" و "84" و "85" و "86" و "87" و "88" و "89" و "90" و "91" و "93" و "96"، والبغوي "563" و "564" و "565"،والدارقطني 1/290 و292 و295، والبيهقي في "السنن" 2/72 و111 و112، من طرق عن عاصم، به.وسيعيده المؤلف برقم "1945" من طريق عبد الله بن إدريس، عن عاصم بن كليب، به.

ہاتھ بلند کیے یہاں تک کہ آپ انہیں کانوں کے برابر لے آئے۔ آپ نے اپنا دایاں دست مبارک اپنے بائیں ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت' گٹے اور کلائی پر رکھا۔ پھر آپ نے جب رکوع میں جانے کا ارادہ کیا' تو آپ نے اپنے دونوں ہاتھوں کو اتنا ہی بلند کیا۔ (جتنا آغاز میں کیا تھا) پھر آپ رکوع میں چلے گئے تھے۔ پھر آپ نے اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھے۔ پھر آپ نے اپنا سر اٹھایا اور اتنا ہی دونوں ہاتھوں کو بلند کیا۔ پھر آپ سجدے میں چلے گئے۔ آپ نے اپنے دونوں ہتھیلیاں کانوں کے مقابل میں رکھی تھی۔ پھر آپ بیٹھ گئے۔ آپ نے اپنے بائیں زانو کو بچھالیا اور آپ نے بایاں ہاتھ اپنے بائیں زانو اور دائیں گھٹنے پر رکھا اور اپنی دائیں کہنی کو دائیں زانو پر رکھا۔ آپ نے اپنی دو انگلیوں کو ملا کر ان کے ذریعے حلقہ بنایا اور پھر ایک انگلی کو بلند کیا۔ میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ اسے حرکت دیتے ہوئے اس کے ہمراہ دعا مانگ رہے تھے۔

اس کے بعد ایک مرتبہ میں آپ کی خدمت میں سردیوں کے موسم میں حاضر ہوا تو میں نے دیکھا کہ لوگوں نے سردیوں کے کپڑے پہنے ہوئے ہیں اور وہ کپڑوں کے اندر ہی اپنے ہاتھوں کو حرکت دے رہے ہیں (یعنی چادروں کے اندر ہی رفع یدین کر رہے تھے)

1861 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ؛

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ، رَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ، وَاِذَا كَبَّرَ لِلرُّكُوْعِ، وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ، رَفَعَهُمَا كَذٰلِكَ اَيْضًا، وَقَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ" وَكَانَ لَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي السُّجُوْدِ. (1: 21)

1861- إسناده صحيح على شرطهما، وهو في "الموطأ" 1/75 في الصلاة: باب افتتاح الصلاة، ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 1/71، والبخاري "735" في الأذان: باب رفع اليدين في التكبيرة الأولى مع الافتتاح سواء، وفي كتابه "قرة العينين في رفع اليدين في الصلاة" ص 7، وأبو داوٗد "742" في الصلاة: باب افتتاح الصلاة:، والنسائي 2/122 في الافتتاح: باب رفع اليدين حذو المنكبين، والدارمي 1/285، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/223، والبيهقي في "السنن" 2/69، والبغوي ."559" وأخرجه عبد الرزاق "2518" ومن طريقه مسلم "390" "22" في الصلاة: باب استحباب رفع اليدين حذو المنكبين مع تكبيرة الإحرام والركوع، وابن خزيمة في "صحيحه" "456"، والبيهقي 2/66، عن ابن جريج، عن الزهري، به. وسيورده المؤلف برقم "1864" من طريق سفيان، وبرقم "1868" و "1877" من طريق عبيد الله بن عمر، كلاهما عن الزهري، به. وأخرجه الشافعي 1/70، وعبد الرزاق "2517" و "2519"، وابن أبي شيبة 1/234، 235، والبخاري "736" في الأذان: باب رفع اليدين إذا كبر وإذا ركع وإذا رفع، و "738" باب إلى أين يرفع يديه، وفي "قرة العينين " ص 14 و16 و20،ومسلم "390" "23"، وأبو داوٗد "722"، والنسائي 2/121 و122 في الفتتاح: باب العمل في افتتاح الصلاة، وباب رفع اليدين قبل التكبير، وابن الجارود "178"، والدارقطني 1/288 و289، والطبراني "13111" و "13112"، والبيهقي 2/96 و70 و83، والبغوي "561"، من طرق عن الزهري، به. وأخرجه عبد الرزاق "2520"، والبخاري "739" في الأذان: باب رفع اليدين إذا قام من الركعتين، وفي "قرة العينين في رفع اليدين في الصلاة" ص 17، والبغوي في "شرح السنة" "560"، والبيهقي في "السنن" 2/70، من طرق عن نافع، عن ابن عمر، به.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تھے تو دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند کرتے تھے۔ جب آپ رکوع میں جانے کیلئے تکبیر کہتے تھے اور جب آپ رکوع سے سر اٹھاتے تھے تو انہیں اس طرح سے بلند کرتے تھے اور آپ یہ کہتے تھے:

''اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو سن لیا جس نے اس کی حمد بیان کی اے ہمارے پروردگار! حمد تیرے لیے مخصوص ہے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدوں میں (یعنی دو سجدوں کے درمیان) ایسا نہیں کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمُصَلِّي اِخْرَاجُ الْيَدَيْنِ مِنْ كُمَّيْهِ عِنْدَ رَفْعِهِ اِيَّاهُمَا فِي الْمَوْضِعِ الَّذِىْ وَصَفْنَاهُ

نمازی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ جس مقام پر ہم نے رفع یدین کرنے کا ذکر کیا ہے اس موقع پر رفع یدین کرتے ہوئے دونوں ہاتھ آستینوں سے باہر نکالے

1862 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْيَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ، قَالَ: "كُنْتُ غُلامًا لا اَعْقِلُ صَلاةَ اَبِى، فَحَدَّثَنِىْ وَائِلُ بْنُ عَلْقَمَةَ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ:

(متن حدیث): صَلَّيْتُ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ اِذَا دَخَلَ فِى الصَّفِّ، رَفَعَ يَدَيْهِ وَكَبَّرَ، ثُمَّ الْتَحَفَ فَاَدْخَلَ يَدَهُ فِىْ ثَوْبِهِ، فَاَخَذَ شِمَالَهُ بِيَمِينِهِ، فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ، اَخْرَجَ يَدَيْهِ، وَرَفَعَهُمَا، وَكَبَّرَ، ثُمَّ رَكَعَ، فإذا رفع رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ، رَفَعَ يَدَيْهِ، فَكَبَّرَ، فَسَجَدَ، ثُمَّ وَضَعَ وَجْهَهُ بَيْنَ كَفَّيْهِ - قَالَ ابْنُ جُحَادَةَ: فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلْحَسَنِ بْنِ اَبِى الْحَسَنِ فَقَالَ: هِيَ صَلَاةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَلَهُ مَنْ فَعَلَهُ، وَتَرَكَهُ مَنْ تركه. (5: 4)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ مِنَ الثِّقَاتِ الْمُتْقِنِينَ، وَاَهْلُ الْفَضْلِ فِى الدِّينِ، اِلَّا اَنَّهُ وَهِمَ فِىْ اسْمِ هٰذَا الرَّجُلِ، اِذِ الْجَوَادُ يَعْثُرُ فقال: وائل بن علقمة وإنما هو: علقمة بن وائل.

1862- إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير إبراهيم بن الحجاج السامي، وهو ثقة، روى له النسائي. وأخرجه الطبراني في "الكبير" /22 "61" من طريقين عن عبد الوارث، به. وجاء فيه علقمة بن وائل على الصواب. وأخرجه أبو داؤد "723" في الصلاة: باب رفع اليدين في الصلاة: عن عبيد الله بن ميسرة، عن عبد الوارث بن سعيد، به. إلا أنه قال: "وائل بن علقمة." وأخرجه الدارقطني 1/291 من طريق عمرو بن مرة، والبغوي "569" من طريق موسى بن عمير العنبري، كلاهما عن علقمة بن زائل، عن أبيه.

۞۞ حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز ادا کی جب آپ صف میں داخل ہوئے (یعنی نماز پڑھنا شروع کی) تو آپ نے دونوں ہاتھ بلند کیے اور تکبیر کہی۔آپ نے التحاف کے طور پر کپڑا لپیٹا تھا۔آپ نے تھوڑا سا اپنا ہاتھ کپڑے کے اندر داخل کرلیا اور دائیں ہاتھ کے ذریعے بائیں ہاتھ کو پکڑ لیا۔پھر آپ نے جب رکوع میں جانے کا ارادہ کیا' تو دونوں ہاتھ باہر نکال لیے اور ان کو بلند کیا اور تکبیر کہی پھر آپ رکوع میں چلے گئے۔جب آپ نے رکوع سے سر اٹھایا تو آپ نے دونوں ہاتھ بلند کیے اور تکبیر کہتے ہوئے سجدے میں چلے گئے۔پھر آپ نے اپنا چہرہ دونوں ہاتھوں کے درمیان رکھا۔

ابن جحادہ نامی راوی بیان کرتے ہیں۔میں نے اس بات کا تذکرہ حسن بن ابوالحسن سے کیا' تو وہ بولے یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز ہے جس نے ایسا کرنا تھا اس نے ایسا کیا جس نے اس کو چھوڑنا تھا اس نے اسے چھوڑ دیا۔

امام ابوحاتم رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: محمد بن جحادہ نامی راوی ثقہ اور متقن راویوں میں سے ایک ہیں۔یہ دین داری کے حوالے سے اہل فضل ہیں تاہم اس راوی کے نام کے بارے میں انہیں وہم ہوا' کیونکہ گھوڑا ٹھوکر کھا جاتا ہے۔انہوں نے کہا: یہ وائل بن علقمہ ہے' حالانکہ وہ علقمہ بن وائل ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ رَفْعِ الْمَرْءِ يَدَيْهِ فِي الْمَوْضَعِ الَّذِىْ وَصَفْنَاهُ اِلٰى حَدِّ اُذُنَيْهِ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ ہم نے جس مقام کا تذکرہ کیا ہے اس موقع پر دونوں ہاتھ کانوں تک بلند کرے

1863 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا كَبَّرَ رَفَعَ يَدَيْهِ اِذَا دَخَلَ فِي الصَّلَاةِ حَتّٰى يُحَاذِيْ بِهِمَا اُذُنَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ، وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ

۞۞ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز شروع کرتے تھے' تو آپ تکبیر کہتے ہوئے دونوں ہاتھ بلند کرتے تھے۔یہاں تک کہ دونوں ہاتھ کانوں تک لے آتے تھے۔جب آپ رکوع میں جاتے تھے اور جب آپ رکوع سے سر اٹھاتے تھے۔(تو بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے)

1863– فی "التهذيب": وائل بن علقمة، عن وائل بن حجر فی صفة صلاة النبی صلی الله عليه وسلم . قال القواريری: عن عبد الوارث، عن محمد بن جحادة، عن عبد الجبار بن وائل، عنه، به، وتابعه أبو خيثمة عن عبد الصمد بن عبد الوارث، عن أبيه. وقال إبراهيم بن الحجاج، وعمران بن موسى، عن عبد الوارث، بهذا الإسناد . فقال: عن علقمة بن وائل، وكذا قال إسحاق بن أبی إسرائيل، عن عبد الصمد، وكذا قال عفان، عن همام، عن محمد بن جحادة، وهو الصواب.

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمُصَلِّي اَنْ يَّكُوْنَ رَفْعُهُ يَدَيْهِ فِي الْمَوْضِعِ الَّذِىْ وَصَفْنَاهُ اِلَى الْمَنْكِبَيْنِ

نمازی کے لئے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ جن مقامات کا ذکر ہم نے کیا ہے ان میں اس کے دونوں ہاتھ کندھوں تک بلند ہوں

1864 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، وَاَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ، وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّرْكَعَ، وَبَعْدَ مَا يَرْفَعُ رَاْسَهُ مِنَ الركوع، ولا يرفع بين السجدتين. (5: 4)

❀❀ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ نے نماز کا آغاز کیا' تو آپ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کر لیے یہاں تک کہ انہیں دونوں کندھوں کے برابر لے آئے۔ جب آپ نے رکوع میں جانے کا ارادہ کیا' تو آپ نے رکوع سے سر اٹھایا (تو بھی رفع یدین) کیا۔ آپ نے سجدوں کے درمیان رفع یدین نہیں کیا۔

1865 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيٍّ الْهَزَارِيُّ بِسَارِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ الْفَلَّاسُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بن جعفر، قال: حدثني محمد بن عمرو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِي حُمَيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُهُ فِي عَشَرَةٍ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَحَدُهُمْ اَبُوْ قَتَادَةَ، قَالَ: اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِصَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوْا: مَا كُنْتَ اَقْدَمَنَا لَهُ صُحْبَةً، وَلَا اَكْثَرَنَا لَهُ تَبَعَةً قَالَ:

1864– وأخرجه من طرق عن قتادة، به: ابن أبي شيبة 1/233، وأحمد /3 436 و437 و5/53، والبخاري في "قرة العينين" ص 17 و18، ومسلم "391" "25" و "26" في الصلاة: باب استحباب رفع اليدين حذو المنكبين مع تكبيرة الإحرام والركوع، والنسائي 2/123 في الافتتاح: باب رفع اليدين حيال الأذنين، وابن ماجة "859" في الإقامة: باب رفع اليدين إذا ركع، والدارقطني 1/292، والطبراني /19 "626" و "627" و "628" و "629" و "630" و "631"، والطحاوي في "شرح معاني الآثار " 1/224، والبيهقي في "السنن" 2/25 و 71.وسيورده المؤلف برقم "1873" من طريق أبي قلابة، عن مالك بن الحويرث، به، ويرد تخريجه من هذا الطريق هناك . إسناده صحيح على شرطهما.وأخرجه البخاري في "قرة العينين " ص 5، ومسلم "390" "21" في الصلاة: باب استحباب رفع اليدين حذو المنكبين مع تكبيرة الإحرام والركوع، وأبو داوُد "721" في الصلاة: باب رفع اليدين في الصلاة، = والترمذي "255" و "256" في الصلاة: باب ما جاء في رفع اليدين عند الركوع، وابن ماجة "858" في الإقامة: باب رفع اليدين إذا ركع وإذا رفع رأسه من الركوع، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 1/222، وابن الجارود في "المنتقى" "177"، والبيهقي في "السنن" 2/69، من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد .وتقدم برقم "1861" من طريق مالك، عن الزهري، به، وتقدم تخريجه عنده، وسيرد برقم "1868" و "1877" من طريق عبيد الله بن عمر، عن الزهري، به.

بَلٰی، قَالُوْا: فَاعْرِضْ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم، إذا قام إِلَى الصَّلَاةِ، اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، وَإِذَا رَكَعَ، كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حِينَ رَكَعَ، ثُمَّ يَعْتَدِلُ فِي صُلْبِهٖ وَلَمْ يَنْصِبْ رَاْسَهُ وَلَمْ يُقْنِعْهُ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ، وَقَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ بِهِمَا مَنْكِبَيْهِ، ثُمَّ اعْتَدَلَ، ثُمَّ سَجَدَ وَاسْتَقْبَلَ بِاَطْرَافِ رِجْلَيْهِ الْقِبْلَةَ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَقَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، فَثَنٰى رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَقَعَدَ وَاعْتَدَلَ حَتّٰى يَرْجِعَ كُلُّ عَظْمٍ اِلٰى مَوْضِعِهٖ مُعْتَدِلًا، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، وَاِذَا قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ، كَبَّرَ، ثُمَّ قَامَ حَتّٰى اِذَا كَانَتِ الركعة التي تَنْقَضِي فِيهَا اَخَّرَ رِجْلَهُ الْيُسْرٰى وَقَعَدَ عَلٰى رجله متوركا ثم سلم.

(4 :5)

محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ کو دس صحابہ کرام جن میں سے ایک حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بھی تھے ان کی موجودگی میں یہ کہتے ہوئے سنا: میں تم سب کے مقابلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کے بارے میں زیادہ علم رکھتا ہوں۔ لوگوں نے دریافت کیا آپ نہ تو پرانے صحابی ہیں اور نہ ہم سے زیادہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیروکار ہیں۔ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے کہا ایسا ہی ہے۔ دیگر صحابہ کرام نے فرمایا: پھر آپ پیش کیجئے (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح نماز ادا کرتے تھے) تو حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کیلئے کھڑے ہوتے تھے تو آپ قبلہ کی طرف رخ کرتے تھے اور دونوں ہاتھ بلند کرتے تھے۔ یہاں تک کہ انہیں کندھوں تک اٹھا لیتے تھے۔ پھر آپ اللہ اکبر کہتے پھر آپ جب رکوع میں جاتے تو تکبیر کہتے تھے اور دونوں ہاتھ بلند کرتے تھے۔ پھر آپ اپنی پشت کو سیدھا کر لیتے اور سر کو اٹھاتے نہیں تھے اور بالکل جھکاتے بھی نہیں تھے۔ پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے (یعنی رکوع سے اٹھتے تھے) اور یہ کہتے تھے "اللہ تعالیٰ نے اس شخص کو سن لیا جس نے اس کی حمد بیان کی" پھر آپ اپنے دونوں ہاتھ بلند کرتے انہیں کندھوں کے برابر لے آتے تھے پھر آپ سیدھے کھڑے ہو جاتے تھے پھر آپ سجدے میں جاتے تھے اور اپنے پاؤں کی انگلیوں کے کنارے قبلہ کی طرف کر لیتے تھے پھر آپ اپنا سر اٹھاتے تھے۔ اللہ اکبر کہتے تھے اور اپنی بائیں ٹانگ کو بچھا لیتے تھے اور اس ٹانگ پر تورک کے طور پر بیٹھ جاتے تھے پھر آپ سلام پھیر لیتے تھے۔

1865– إسناده صحيح على شرط مسلم، عبد الحميد بن جعفر: من رجال مسلم، وباقي السند من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 5/424، والبخاري في قرة العينين في رفع اليدين في الصلاة ص5، وأبو داوٗد "730" في الصلاة: باب افتتاح الصلاة، و "963": باب من ذكر التورك في الرابعة، والترمذي "304" في الصلاة: باب ما جاء في وصف الصلاة، والنسائي 3/34 في السهو: باب صفة الجلوس في الركعة التي يقضي فيها الصلاة، والبغوي في شرح السنة "555" من طريق يحيى بن سعيد، بهٰذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة برقم "587" و "651" و "685" و "700". وأخرجه ابن أبي شيبة 1/235، وابن خزيمة في صحيحه "677"، والبيهقي 2/26و 73و116و118و123 من طرق عن عبد الحميد بن جعفر، به. وسيورده المؤلف بالأرقام "1866" و "1867" و "1869" و "1870" و "1871" و "1876".

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْحَدِيثِ اَنَّ خَبَرَ اَبِي حُمَيْدٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ مَعْلُولٌ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور وہ اس بات کا قائل ہے کہ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت معلول ہے

1866 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ السَّكُونِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْخَيْثَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحُرِّ قَالَ حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ اَحَدُ بَنِي مَالِكٍ عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ

(متن حدیث): اَنَّهُ كَانَ فِي مَجْلِسٍ كَانَ فِيهِ اَبُوْهُ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي الْمَجْلِسِ اَبُوْهُرَيْرَةَ وَاَبُوْاُسَيْدٍ وَاَبُوْحُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ مِنَ الْاَنْصَارِ وَاَنَّهُمْ تَذَاكَرُوا الصَّلَاةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، مسجد میں داخل ہونے والے شخص پر یہ بات لازم ہے کہ وہ دو رکعات ادا کرے اور انہیں مختصر ادا کرے

2502 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيسٰى، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَجَلَسَ، فَقَالَ لَهُ: يَا سُلَيْكُ، قُمْ فَارْكَعْ رَكْعَتَيْنِ، وَتَجَوَّزْ فِيهِمَا، ثُمَّ قَالَ: اِذَا جَاءَ اَحَدُكُمْ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ، فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ، وَلْيَتَجَوَّزْ فِيهِمَا . (1: 107)

﴿﴾ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سلیک غطفانی رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن آئے نبی اکرم ﷺ اس وقت خطبہ دے رہے تھے وہ بیٹھ گئے تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: اے سلیک اٹھو اور دو رکعات ادا کرلو انہیں مختصر ادا کرنا پھر

2501- إسناده صحيح. أحمد بن يحيى الصوفي ذكره المؤلف في "الثقات" 8/40، فقال: أحمد بن يحيى بن زكريا البناني الصوفي، من أهل الكوفة، كنيته أبو جعفر، ونقل ابن أبي حاتم 2/82 توثيقه عن أبيه. وداؤد الطائي: هو داؤد بن نصير الطائي الكوفي ثقة فقيه زاهد. روى له النسائي، وإسحاق بن منصور: هو السلولي مولاهم أبو عبد الرحمٰن الكوفي روى له الجماعة. وانظر ما بعده.

نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی: تم میں سے کوئی ایک شخص جمعہ کے دن آئے اور امام اس وقت خطبہ دے رہا ہو تو اسے (بیٹھنے سے پہلے) دو رکعات ادا کر لینی چاہئے اور انہیں مختصر ادا کرنا چاہئے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الرَّجُلَ لَمْ تَفُتْهُ صَلَاةٌ اَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّقْضِيَهَا كَمَا زَعَمَ مَنْ حَرَّفَ الْخَبَرَ عَنْ جِهَتِهٖ وَتَاَوَّلَ لَهٗ مَا وَصَفْتُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ان صاحب کی کوئی نماز فوت نہیں ہوئی تھی

کہ انہیں نبی اکرم ﷺ نے قضاء کرنے کا حکم دیا ہوتا' ایسا نہیں ہے جس طرح اس شخص نے گمان کیا ہے جس نے اس روایت کو اس کے مخصوص پس منظر سے پھیر دیا ہے اور اس کی وہ تاویل بیان کی ہے جو میں نے ذکر کی ہے

2503 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، حَدَّثَنِيْ عِيَاضٌ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَدَعَاهُ

2502- إسناده صحيح على شرط مسلم . عيسى: هو ابن يونس بن أبى إسحاق السبيعى . وأخرجه مسلم (875) (59) فى الجمعة: باب التحية والإمام يخطب، وابن خزيمة (1835) عن على بن خشرم، بهذا الإسناد . وأخرجه كذلك مسلم، والبيهقى 3/194 من طريق إسحاق بن إبراهيم، عن عيسى بن يونس، به . وأخرجه عبد الرزاق (5514)، وأحمد 3/316-317 و389، والطحاوى 1/365، والبيهقى 3/194، والدارقطنى 2/13-14 و14 من طرق عن الأعمش، به . وأخرجه أحمد 3/297، وأبو داؤد (1117)، والدارقطنى 2/13 من طريق الوليد أبى بشر، عن أبى سفيان، به . وأخرجه الشافعى فى "مسنده" 1/140، والطيالسى (1695)، والدارمى 1/364، والبخارى (930) فى الجمعة: باب إذا رأى الإمام رجلًا جاء وهو يخطب أمره أن يصلى ركعتين، و (931) باب من جاء والإمام يخطب صلى ركعتين خفيفتين، و (1166) فى التهجد: باب ما جاء فى التطوع مثنى مثنى، ومسلم (875)، وأبو داؤد (1115)، والترمذى (510) فى الصلاة: باب ما جاء فى الركعتين إذا جاء الرجل والإمام يخطب، والنسائى 3/103 فى الجمعة: باب الصلاة يوم الجمعة لمن جاء والإمام يخطب، وابن ماجه (1112) فى إقامة الصلاة: باب ما جاء فيمن دخل المسجد والإمام يخطب، وابن خزيمة (1832) و (1833) و (1834)، والطحاوى 1/365، والبيهقى 3/193 و217، وابن الجارود (293)، والبغوى (1083)، والدارقطنى 2/14 من طرق عن عمرو بن دينار، عن جابر . وأخرجه الشافعى 1/140، ومسلم (875) (58)، والنسائى فى "الكبرى" كما فى "التحفة" 2/340، والبيهقى 3/194 من طريقين عن أبى الزبير، عن جابر، به .

2503- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن عجلان، فإنه روى له البخارى تعليقًا ومسلم متابعة . عياض: هو عياض بن عبد الله بن سعد بن أبى سرح القرشى العامرى المكى . وأخرجه أحمد 3/25، والنسائى 5/63 فى الزكاة: باب إذا تصدق وهو محتاج إليه هل يُرد عليه، والبيهقى 4/181 من طريق يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد، وبأتم مما هنا . وأخرجه الحميدى (741)، وأبو داؤد (1675) فى الزكاة: باب الرجل يخرج من ماله، والنسائى 3/106-107 فى الجمعة: باب حث الإمام على الصدقة يوم الجمعة فى خطبته، والترمذى (511) فى الصلاة: باب ما جاء فى الركعتين إذا جاء الرجل والإمام يخطب، والطحاوى 1/366 من طريقين عن محمد بن عجلان، به -وبعضهم يزيد فيه على بعض .

فَـامَـرَهُ اَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ دَخَلَ الْجُمُعَةَ الثَّانِيَةَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَدَعَاهُ فَاَمَرَهُ اَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ دَخَلَ الْجُمُعَةَ الثَّالِثَةَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَدَعَاهُ فَاَمَرَهُ اَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ .(1: 67)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص جمعہ کے دن مسجد میں داخل ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت منبر پر موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا اور یہ ہدایت کی' وہ دو رکعات ادا کرلے پھر وہ شخص اگلے جمعے داخل ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت بھی منبر پر تشریف فرما تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا اور اسے یہ ہدایت کی' وہ دو رکعات ادا کرلے پھر وہ تیسرے جمعے مسجد میں آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت بھی منبر پر تشریف فرما تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا اور اسے یہ ہدایت کی' وہ دو رکعات ادا کرلے۔

2504 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الشَّرْقِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْاَزْهَرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متنِ حدیث): دَخَلَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْكَعْ رَكْعَتَيْنِ، وَلَا تَعُوْدَنَّ لِمِثْلِ هٰذَا، فَرَكَعَهُمَا ثُمَّ جَلَسَ .(1: 107)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَعُوْدَنَّ لِمِثْلِ هٰذَا اَرَادَ الْاِبْطَاءَ فِي الْمَجِيءِ اِلَى الْجُمُعَةِ، لَا الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ اُمِرَ بِهِمَا، وَالدَّلِيْلُ عَلٰى صِحَّةِ هٰذَا خَبَرُ ابْنِ عَجْلَانَ الَّذِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ اَنَّهُ اَمَرَهُ فِي الْجُمُعَةِ الثَّانِيَةِ اَنْ يَرْكَعَ رَكْعَتَيْنِ مِثْلَهُمَا.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت سلیک غطفانی رضی اللہ عنہ جمعہ کے دن مسجد میں آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم دو رکعت ادا کرلو اور آئندہ اس طرح کی حرکت نہ کرنا۔

راوی کہتے ہیں: انہوں نے دو رکعات ادا کی اور بیٹھ گئے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم اس طرح دوبارہ نہ کرنا'' اس سے مراد جمعہ کی طرف آنے میں تاخیر کرنا ہے اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ ان دو رکعت کو دوبارہ ادا کرنے سے منع کیا جارہا ہے جن کے بارے میں حکم دیا گیا تھا اور اس کے صحیح ہونے کی دلیل ابن عجلان کی نقل کردہ وہ روایت ہے جو اس سے پہلے ہم ذکر کرچکے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے جمعہ میں انہیں یہ حکم دیا تھا کہ وہ اسی طرح دو رکعت ادا کرلیں۔

2505 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ

2504- إسناده قوي، صرح ابن إسحاق بالتحديث، يعقوب بن إبراهيم: هو ابن سعد بْنِ إِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ الزهري المدني. وأخرجه الدارقطني 2/16 من طريق الفضل بن سهل، عن يعقوب بن إبراهيم، بهذا الإسناد.

سَعِيْدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيَاضُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَدَعَاهُ فَاَمَرَهُ اَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قَالَ: تَصَدَّقُوا، فَتَصَدَّقُوا، فَاَعْطَاهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَيْنِ مِمَّا تَصَدَّقُوا، وَقَالَ: تَصَدَّقُوا، فَاَلْقَى هُوَ اَحَدَ ثَوْبَيْهِ، فَكَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا صَنَعَ وَقَالَ: انْظُرُوْا اِلٰى هٰذَا، دَخَلَ الْمَسْجِدَ بِهَيْئَةٍ بَذَّةٍ، فَرَجَوْتُ اَنْ تَفْطِنُوا لَهُ، فَتَصَدَّقُوا عَلَيْهِ، فَلَمْ تَفْعَلُوا، فَقُلْتُ: تَصَدَّقُوا، فَاَعْطَوْهُ ثَوْبَيْنِ، ثُمَّ قُلْتُ: تَصَدَّقُوا، فَاَلْقَى اَحَدَ ثَوْبَيْهِ، خُذْ ثَوْبَكَ، وَانْتَهَرَهُ.(2: 66)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذْ ثَوْبَكَ، لَفْظَةُ اَمْرٍ بِاَخْذِ الثَّوْبِ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنْ ضِدِّهِ وَهُوَ بَذْلُ الثَّوْبِ، وَفِيْ هٰذَا دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الْمَرْءَ اِذَا اَخْرَجَ شَيْئًا لِلصَّدَقَةِ فَمَا لَمْ يَقَعْ فِيْ يَدِ الْمُتَصَدِّقِ بِهِ عَلَيْهِ لَهُ اَنْ يَّرْجِعَ فِيْهِ، وَفِيْهِ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الْمَرْءَ غَيْرُ مُسْتَحَبٍّ لَهُ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِمَالِهٖ كُلِّهٖ اِلَّا عِنْدَ الْفَضْلِ عَنْ نَفْسِهٖ وَعَمَّنْ يَّقُوْتُهُ.

۞۞ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص جمعہ کے دن مسجد میں داخل ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت منبر پر موجود تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا اور اسے یہ حکم دیا' وہ دو رکعات ادا کرلے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ صدقہ کرو انہوں نے صدقہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے دیئے ہوئے صدقے سے دو کپڑے اس شخص کو دیئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ صدقہ کرو تو اس شخص نے دو کپڑوں میں سے ایک کپڑا پیش کر دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کا یہ عمل اچھا نہیں لگا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس شخص کی طرف دیکھو یہ بری حالت میں مسجد میں آیا تھا مجھے یہ امید تھی' تم لوگ اس کی حالت کا اندازہ لگا کر اس کو صدقہ دے دو گے لیکن تم لوگوں نے ایسا نہیں کیا' تو میں نے کہا: تم لوگ صدقہ دو پھر لوگوں نے اسے دو کپڑے صدقہ دیئے پھر میں نے کہا: تم لوگ صدقہ دو اس نے ان دو کپڑوں میں سے ایک کو پیش کر دیا (پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو فرمایا) تم اپنا کپڑا لے لو' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر ناراضگی کا اظہار کیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم اپنے کپڑے حاصل کرلو' یہاں لفظی طور پر کپڑے حاصل کرنے کا حکم ہے لیکن اس سے مراد اس کی برعکس صورت حال سے منع کرنا ہے اور وہ اپنے کپڑے کو (اللہ کی راہ میں) دینا ہے اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ جب کوئی شخص صدقہ کرنے کے لیے کوئی چیز نکالتا ہے اور ابھی وہ اس شخص کے ہاتھ میں نہیں گئی جسے وہ صدقے کے طور پر دینی تھی تو اس شخص کو اسے واپس لینے کا اختیار ہوگا اس میں اس بات کی بھی دلیل موجود ہے کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب نہیں ہے کہ وہ اپنے سارے مال کو صدقہ کردے البتہ اس کے پاس اپنی ذات اور اپنی خوراک کے علاوہ اضافی مال موجود ہو' تو (وہ اسے خرچ کرسکتا ہے)

2506– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن عجلان وهو ثقة روى له البخاري تعليقًا ومسلم متابعة . وهو في "مسند أبي يعلى " 60/ب وفيه بعد قوله: "فأمره أن يصلي ركعتين ": ثم دخل المسجد ثانية وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَدَعَاهُ فَاَمَرَهُ اَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قال ... وانظر الحديث (2503) . إسناده صحيح على شرطهما، وقد تقدم برقم (2308) . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك، وأبو التياح: يزيد بن حميد الضُّبعي.

ذِكْرُ اِبَاحَةِ صَلَاةِ الْمَرْءِ جَمَاعَةً تَطَوُّعًا

آدمی کا نفل نماز باجماعت ادا کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

2506 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَالِطُنَا كَثِيْرًا حَتّٰى اِنْ كَانَ لَيَقُوْلُ لِاَخٍ لِي صَغِيْرٍ: يَا اَبَا عُمَيْرٍ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ؟ وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، فَنَضَحْنَا بُسَاطًا لَنَا، فَصَلّٰى عَلَيْهِ وَصَفَفْنَا خَلْفَهُ.(1:4)

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُ اَنَسٍ: وَحَضَرَتِ الصَّلَاةُ، اَرَادَ بِهٖ وَقْتَ صَلَاةِ السُّبْحَةِ، اِذِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يُصَلِّيْ صَلَاةَ الْفَرِيضَةِ جَمَاعَةً فِيْ دَارِ اَنْصَارِيٍّ دُوْنَ مَسْجِدِ الْجَمَاعَةِ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ساتھ گھل مل جایا کرتے تھے یہاں تک کہ میرے چھوٹے بھائی سے فرماتے تھے' اے ابوعمیر! تمہاری چڑیا کا کیا حال ہے' جب نماز کا وقت ہوا' تو ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے اپنی چٹائی بچھادی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نماز ادا کی اور ہم نے آپ کے پیچھے نماز ادا کی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت انس رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا ہے کہ ''نماز کا وقت ہو گیا تھا'' اس سے مراد یہ ہے کہ نفل نماز کا وقت ہوا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرض نماز جماعت کے ساتھ کسی انصاری کے گھر ادا نہیں کرتے تھے جو باجماعت نماز والی مسجد کے علاوہ ہو۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُصَلِّيَ التَّطَوُّعَ مِنْ صَلَاتِهٖ وَهُوَ جَالِسٌ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی نفل نماز کو بیٹھ کر ادا کرسکتا ہے

2507 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ

2507– إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "مسند أبي يعلى" 2/ورقة 323 ووقع فيه "وكان أحب العمل إلى الله عز وجل" بدل قوله "وكان أحب العمل إليه" وهو مخالف لما عند المؤلف –وهو قد روى الحديث عنه ولغيره من الأئمة الذين خرجوا هذا الحديث، فقد وقع عندهم جميعًا "إليه" أى: إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ .وأخرجه أحمد 6/319 عن عبد الرحمٰن بن مهدى، بهذا الإسناد .وخرجه أحمد 6/319، والطيالسى (1609) ، والنسائى 3/222 فى قيام الليل: باب صلاة القاعد في النافلة، من طريق شعبة، به .وأخرجه عبد الرزاق (4091) ، وأحمد 6/304 و305 و319 و320 و321، وابن أبى شيبة 2/48، وابن ماجه (1225) فى إقامة الصلاة: باب فى صلاة النافلة قاعدًا، و (4237) فى الزهد: باب المداومة على العمل، والطبرانى فى "الكبير" 23/ (513) و (514) و (515) و (516) من طرق عن أبى إسحاق، به . وفى بعض الروايات بعد قوله "وهو جالس": "إلا المكتوبة"، وفى بعضها "إلا الفريضة."

الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): مَا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى كَانَ اَكْثَرُ صَلَاتِهٖ وَهُوَ جَالِسٌ، وَكَانَ اَحَبَّ الْعَمَلِ اِلَيْهِ مَا دَاوَمَ عَلَيْهِ الْعَبْدُ وَاِنْ كَانَ يَسِيْرًا. (1:4)

سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وصال کے قریب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ نمازیں بیٹھ کر ادا کیا کرتے تھے آپ کے نزدیک پسندیدہ عمل وہ تھا جسے بندہ باقاعدگی کے ساتھ کرے اگرچہ وہ تھوڑا ہو۔

ذِكْرُ الْمُدَّةِ الَّتِیْ كَانَ فِيْهَا يُصَلِّیْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ

اس مدت کا تذکرہ جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ کر نماز ادا کرتے رہے

2508 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِیُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِیْ وَدَاعَةَ، عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى فِیْ سُبْحَتِهٖ جَالِسًا قَطُّ، حَتّٰى كَانَ قَبْلَ وَفَاتِهٖ بِعَامٍ، فَكَانَ يُصَلِّیْ فِیْ سُبْحَتِهٖ جَالِسًا، فَيَقْرَاُ السُّوْرَةَ فَيُرَتِّلُهَا حَتّٰى تَكُوْنَ اَطْوَلَ مِنْ اَطْوَلَ مِنْهَا. (1:4)

سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کبھی بھی نفل نماز بیٹھ کر ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا یہاں تک کہ آپ کے وصال سے ایک سال پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نفل نمازیں بیٹھ کر ادا کیا کرتے تھے اگر کسی سورۃ کی تلاوت کرتے تھے تو اسے ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے تھے یہاں تک کہ وہ اپنی سے بڑی سورۃ سے زیادہ طویل محسوس ہوتی تھی۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِیْ مِنْ اَجْلِهَا كَانَ يُصَلِّی الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ کر نماز ادا کرتے رہے تھے

2509 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّیْ وَهُوَ جَالِسٌ بَعْدَمَا دَخَلَ فِی السِّنِّ، وَكَانَ اِذَا بَقِیَ عَلَيْهِ مِنَ السُّوْرَةِ ثَلَاثُوْنَ آيَةً قَامَ فَقَرَاَهَا، ثُمَّ رَكَعَ. (1:4)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عمر رسیدہ ہو جانے کے بعد بیٹھ کر نفل نماز ادا کیا کرتے تھے

2508- إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو فی "الموطأ" 1/137. ومن طريق مالك أخرجه: أحمد 6/285، ومسلم (733) فی صلاة المسافرين: باب جواز النافلة قائمًا وقاعدًا، والنسائی 3/223 فی قيام الليل: باب صلاة القاعد فی النافلة، والترمذی (373) فی الصلاة: باب ما جاء فی الرجل يتطوع جالسًا، وابن خزيمة (1242)، والطبرانی 23/ (339)، والبيهقی 2/490. وأخرجه عبد الرزاق (4089)، وأحمد 6/285، ومسلم (733)، والطبرانی 23/ (338) و (340) و (341) و (342) و (344) من طرق عن الزهری، بهٰذا الإسناد. وانظر (2530).

جب کسی سورت کی تیس آیات باقی رہ جاتی تھیں تو پھر آپ کھڑے ہو کر ان کی تلاوت کرتے تھے پھر رکوع میں جاتے تھے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا كَانَ يَقُوْمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قُعُوْدِهٖ عِنْدَ اِرَادَةِ الرُّكُوْعِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ رکوع میں جانے کے ارادے کے وقت بیٹھنے کی حالت سے کھڑے ہو جایا کرتے تھے

2510 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُهَا عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ لَيْلًا طَوِيْلًا قَاعِدًا، وَلَيْلًا طَوِيْلًا قَائِمًا، فَاِذَا صَلّٰى قَاعِدًا رَكَعَ قَاعِدًا، وَاِذَا صَلّٰى قَائِمًا رَكَعَ قَائِمًا . (1:4)

عبداللہ بن شقیق، سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں بیان کرتے ہیں: میں نے ان سے نبی اکرم ﷺ کی نماز کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم ﷺ رات کے وقت بیٹھ کر طویل نماز ادا کرتے تھے اور کھڑے ہو کر طویل نماز ادا کرتے تھے جب آپ بیٹھ کر نماز ادا کرتے تھے تو بیٹھے ہوئے ہی رکوع میں چلے جاتے تھے اور جب آپ کھڑے ہو کر نماز ادا کرتے تھے تو قیام کی حالت میں رکوع میں جاتے تھے۔

2509– إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "صحيح ابن خزيمة " (1240) ولفظه عنده من رواية علي بن حجر، بهذا الإسناد "كان رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يقرأ في شيء من صلاة الليل جالسًا، حتى إذا دخل في السن، فإذا بقي من السورة ثلاثون أو أربعون آية، قام فقرأها، ثم ركع"، وأعاده بنحوه مرة أخرى برقم (1243) عن علي بن حجر، به . وأخرجه ابن خزيمة (1240) عن يوسف بن موسى، عن جرير، به.وأخرجه مالك 1/137، وعبد الرزاق (4096) و (4097) ، وأحمد 6/46 و178، والحميدي (192) ، والبخاري (1118) ، في تقصير الصلاة: باب إذا صلى قاعدًا ثم صحّ أو وجد خفة تمّم ما بقي، و (1148) في التهجد: باب قيام النبي صلى الله عليه وسلم في رمضان وغيره، ومسلم (731) (111) في صلاة المسافرين: باب جواز النافلة قائمًا وقاعدًا، وأبو داوٗد (953) في الصلاة: باب في صلاة القاعد، والنسائي 3/220 في قيام الليل: باب كيف يفعل إذا افتتح الصلاة قائمًا، وابن ماجه (1227) في إقامة الصلاة: باب في صلاة النافلة قاعدًا، وابن خزيمة (1240) ، والطحاوي 1/338، والبيهقي 2/490، والبغوي (979) من طرق عن هشام بن عروة، به.وأخرجه البخاري (4837) في التفسير: باب (ليغفر لك اللّٰهُ ما تقدم من ذنبك وما تأخر ...) من طريق أبي الأسود، عن عروة، به نحوه.وأخرجه مالك 1/138، ومن طريقه البخاري (1119) ، ومسلم (731) (112) ، والنسائي 3/220، وأبو داوٗد (954) ، والترمذي (374) في الصلاة: باب ما جاء في الرجل يتطوع جالسًا، والطحاوي 1/339 ،والبيهقي 2/490 من طريق أبي سلمة، عن عائشة.وأخرجه مسلم (731) (113) ، والنسائي 3/220، وابن ماجه (1226) ، وأبو يعلى (4885) ، وابن خزيمة (1244) ، والبيهقي 2/491،

2510– إسناده صحيح على شرط مسلم. وانظر (2474) و (2475) .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ عَائِشَةَ: فَاِذَا صَلّٰى قَاعِدًا رَكَعَ قَاعِدًا اَرَادَتْ بِهٖ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَاعِدًا رَكَعَ قَاعِدًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ قول ''جب آپ بیٹھ کر نماز ادا کرتے تھے تو بیٹھے ہوئے رکوع میں چلے جاتے تھے'' اس سے مراد یہ ہے: جب آپ نماز کا آغاز بیٹھنے کی حالت میں کرتے تھے تو رکوع بھی بیٹھنے کی حالت میں کرتے تھے

2511 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التُّسْتَرِيِّ، عَنِ ابْنِ سِيرِيْنَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي قَائِمًا وَقَاعِدًا، فَاِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَائِمًا رَكَعَ قَائِمًا، وَاِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَاعِدًا رَكَعَ قَاعِدًا . (1:4)

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو کر بھی اور بیٹھ کر بھی نماز ادا کر لیتے تھے جب آپ کھڑے ہو کر نماز کا آغاز کرتے تھے' تو آپ قیام کی حالت میں ہی رکوع میں جاتے تھے اور جب آپ بیٹھ کر نماز ادا کرتے تھے' تو بیٹھے ہوئے ہی رکوع میں چلے جاتے تھے۔

ذِكْرُ وَصْفِ صَلَاةِ الْمَرْءِ اِذَا صَلّٰى قَاعِدًا

آدمی کی اس نماز کی صفت کا تذکرہ جب وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے

2512 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُخَرِّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، (متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى مُتَرَبِّعًا . (1:4)

2511- إسناده صحيح. سلم بن جنادة روى له الترمذي وابن ماجه، وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الصحيح. وهو في "صحيح ابن خزيمة" (1248). وانظر ما قبله.

2512- إسناده صحيح على شرط الصحيح. محمد بن عبد الله المخرمي: هو مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمُخَرِّمِيُّ أبو جعفر البغدادي ثقة حافظ، وأبو داوُد الحفري: هو عمر بن سعد بن عبيد، والحفري، بفتح الحاء والفاء: نسبة إلى موضع بالكوفة. وأخرجه النسائي 3/224 في قيام الليل: باب كيف صلاة القاعد، وابن خزيمة (1238)، والحاكم 1/275، وعنه البيهقي 5/305 من طرق عن أبي داوُد الحفري، بهٰذا الإسناد. إلا أنهم لم يقيدوا حميدًا بالطويل كما وقع عند المصنف، وقال النسائي: "لا أعلم أحدًا روى هٰذا الحديث غير أبي داوُد، وهو ثقة، ولا أحسب هٰذا الحديث إلا خطأ" كذا وقع في النسخة المطبوعة من "المجتبى" ولفظه في "السنن الكبرى" رواية ابن الأحمر: "لا أعلم أحدًا روى هٰذا الحديث غير أبي داوُد عن حفص" قال مغلطاي: وزيادة "ولا أحسبه إلا خطأ" وقع في بعض نسخ المجتبى، وفي بعضها لم يزد على هٰذا.

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چارزانوں بیٹھ کرنماز ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ تَفْضِيلِ صَلَاةِ الْقَائِمِ عَلَى الْقَاعِدِ، وَالْقَاعِدِ عَلَى النَّائِمِ

کھڑے ہوکرنماز ادا کرنے والے کی' بیٹھ کرنماز ادا کرنے والے پر'اور بیٹھ کرنماز ادا کرنے والے کی' لیٹ کرنماز ادا کرنے والے پرفضیلت کا تذکرہ

2513 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ حُسَيْنٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّلَاةِ قَاعِدًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلِّ قَائِمًا، فَهُوَ اَفْضَلُ، وَمَنْ صَلّٰى قَاعِدًا فَلَهُ نِصْفُ اَجْرِ الْقَائِمِ، وَمَنْ صَلّٰى نَائِمًا فَلَهُ نِصْفُ اَجْرِ الْقَاعِدِ .(1: 2)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ : هٰذَا اِسْنَادٌ قَدْ تَوَهَّمَ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْاَخْبَارِ، وَلَا تَفَقَّهَ فِيْ صَحِيْحِ الْاٰثَارِ، اَنَّهُ مُنْفَصِلٌ غَيْرُ مُتَّصِلٍ، وَلَيْسَ كَذٰلِكَ، لِاَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بُرَيْدَةَ وُلِدَ فِي السَّنَةِ الثَّالِثَةِ مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ سَنَةَ خَمْسَ عَشْرَةَ، هُوَ وَسُلَيْمَانُ بْنُ بُرَيْدَةَ اَخُوْهُ تَوْاَمٌ، فَلَمَّا وَقَعَتْ فِتْنَةُ عُثْمَانَ بِالْمَدِيْنَةِ خَرَجَ بُرَيْدَةُ عَنْهَا بِابْنَيْهِ، وَسَكَنَ الْبَصْرَةَ، وَبِهَا اِذْ ذَاكَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ، وَسَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ، فَسَمِعَ مِنْهُمَا، وَمَاتَ عِمْرَانُ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ وَخَمْسِيْنَ فِيْ وِلَايَةِ مُعَاوِيَةَ، ثُمَّ خَرَجَ بُرَيْدَةُ مِنْهَا بِابْنَيْهِ اِلٰى سِجِسْتَانَ، فَاَقَامَ بِهَا غَازِيًا مُدَّةً، ثُمَّ خَرَجَ مِنْهَا اِلٰى مَرْوٍ عَلٰى طَرِيْقِ هَرَاةَ، فَلَمَّا دَخَلَهَا وَطَّنَهَا، وَمَاتَ سُلَيْمَانُ بْنُ بُرَيْدَةَ بِمَرْوٍ وَهُوَ عَلَى الْقَضَاءِ بِهَا سَنَةَ خَمْسٍ وَمِائَةٍ، فَهٰذَا يَدُلُّكَ عَلٰى اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بُرَيْدَةَ سَمِعَ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیٹھ کرنماز ادا کرنے کے بارے میں دریافت کیا: تو آپ نے ارشاد فرمایا: کھڑے ہوکرنماز ادا کرو یہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے' جو شخص بیٹھ کرنماز ادا کرتا ہے اس کو کھڑے ہو

2513- إسناده صحيح، الحسن بن حماد روى له أصحاب السنن، وهو صدوق، ومن فوقه من رجال الشيخين . أبو أسامة: هو حماد بن أسامة . وأخرجه ابن أبي شيبة 2/52، ومن طريقه الطبراني في "الكبير" /18 (590) عن أبي أسامة، بهٰذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/433 و435 و442 و443، والبخاري (1115) في تقصير الصلاة: باب صلاة القاعد، و (1116) باب صلاة القاعد بالإيماء ، والنسائي 3/223-224 في قيام الليل: باب فضل صلاة القاعد على صلاة النائم، وأبو داؤد (951) في الصلاة: باب في صلاة القاعد، والترمذي (371) في الصلاة: باب ما جاء أن صلاة القاعد على النصف من صلاة القائم، وابن ماجه (1231) في إقامة الصلاة: باب صلاة القاعد على النصف من صلاة القائم، والطبراني /18 (589) و (591) و (592) ، وابن خزيمة (1249) من طرق عن حسين المعلم، به - وبعضهم يزيد فيه على بعض . وأخرجه بمعناه البخاري (1117) في تقصير الصلاة: باب إذا لم يطق قاعدًا صلى على جنب، وأبو داؤد (952) ، والترمذي (372) ، وابن ماجه (1223) ، وابن خزيمة (1250) من طريق إبراهيم بن طهمان، عن حسين المعلم، به.

کرنماز ادا کرنے والے کے مقابلے میں نصف اجر ملتا ہے اور جو شخص لیٹ کرنماز ادا کرتا ہے تو اسے بیٹھ کرنماز ادا کرنے والے سے نصف اجر ملتا ہے'۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس کی سند میں اس شخص کو وہم ہوا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا۔ جو مستند روایات کی سمجھ بوجھ نہیں رکھتا وہ اس بات کا قائل ہے کہ اس کی روایت میں انفصال پایا جاتا ہے اس کی سند متصل نہیں ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے کیونکہ عبداللہ بن بریدہ کی پیدائش حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت کے تیسرے سال میں ہوئی تھی۔ یہ سن پندرہ ہجری کی بات ہے یہ اور اس کے بھائی سلیمان بن بریدہ آگے پیچھے پیدا ہوئے تھے۔ جب مدینہ منورہ میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت سے پہلے کا فتنہ رونما ہوا تو بریدہ اپنے بچوں کو لے کر مدینہ منورہ سے چلے گئے تھے۔ انہوں نے بصرہ میں رہائش اختیار کی تھی۔ وہاں اس وقت حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ اور حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ تو بریدہ نے ان دونوں سے احادیث کا سماع کرلیا۔ حضرت عمران رضی اللہ عنہ کا انتقال حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد حکومت میں باون ہجری میں ہوا پھر بریدہ وہاں سے اپنے بیٹوں کو لے کر بجستان چلے گئے۔ اور ایک طویل مدت تک ایک غازی کے طور پر وہاں مقیم رہے۔ پھر وہ وہاں سے نکلے اور مرو چلے گئے جو عراق کے راستے میں آتا ہے۔ وہ وہاں گئے تو اسے وطن بنالیا سلیمان بن بریدہ کا انتقال مرو میں ہوا۔ وہ اس وقت وہاں کے قاضی بھی تھے اور یہ ایک سو پانچ ہجری کی بات ہے۔ یہ بات تمہاری رہنمائی اس طرف کرے گی کہ عبداللہ بن بریدہ نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع کیا ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اِذَا اَرَادَ الْخُرُوجَ مِنْ بَيْتِهِ اَنْ يُوَدِّعَهُ بِرَكْعَتَيْنِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ جب وہ اپنے گھر سے روانہ ہونے کا ارادہ کرے تو دو رکعات پڑھ کر رخصت ہو

2514 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُكْرَمٍ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لَهَا: بِاَيِّ شَيْءٍ كَانَ يَبْدَاُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ عَلَيْكِ، وَاِذَا خَرَجَ مِنْ عِنْدِكِ؟ قَالَتْ: كَانَ يَبْدَاُ اِذَا دَخَلَ بِالسِّوَاكِ، وَاِذَا خَرَجَ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ. (5: 47)

۞ مقدام بن شریح اپنے والد کے حوالے سے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں' (ان کے

2514- إسناده ضعيف لضعف شريك -وهو ابن عبد الله بن أبى شريك النخعى الكوفى القاضى- فإنه سيء الحفظ. وهو فى "مصنف ابن أبى شيبة" 1/168 بذكر قصة السواك فقط. وأخرجه ابن ماجه (290) فى الطهارة: باب السواك، عن ابن أبى شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/182 و237 عن يزيد، عن شريك، به. وفيه: ويختم بركعتى الفجر. والحديث بذكر السواك صحيح، فقد أخرجه أحمد 6/41-42 و188 و192، ومسلم (253) فى الطهارة: باب السواك، وأبو داؤد (51) فى الطهارة: باب السواك فى كل حين، من طريقين عن المقدام بن شريح، به.

والد کہتے ہیں) میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے ہاں تشریف لاتے تھے' تو سب سے پہلے کیا کرتے تھے اور جب آپ کے ہاں سے تشریف لے جاتے تھے' تو کیا کرتے تھے' تو سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب گھر میں تشریف لاتے تھے' تو سب سے پہلے مسواک کرتے تھے اور جب آپ تشریف لے جاتے تھے' تو دو نفل ادا کرتے تھے۔

فَصْلٌ فِي الصَّلَاةِ عَلَى الدَّابَّةِ

فصل: جانور پر نماز ادا کرنا

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُصَلِّيَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ

باب: آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی سواری پر نماز ادا کرے

2515 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ، عَنْ اَبِى الْحُبَابِ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ عَلٰى حِمَارٍ وَهُوَ مُتَوَجِّهٌ اِلٰى خَيْبَرَ . (1:4)

حضرت عبداللہ بن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو گدھے پر (سوار) ہو کر نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا تھا اور اس وقت آپ کا رُخ خیبر کی طرف تھا۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمُصَلِّيْ اَنْ يُصَلِّيَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ وَاِنْ كَانَتِ الْقِبْلَةُ وَرَائَهُ

نمازی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی سواری پر نماز ادا کرے اگرچہ قبلہ اس کے پیچھے کی طرف ہو

2516 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ،

2515- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "الموطأ" 1/150-151 ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/7 و57، والشافعي في "السنن" (79) ، ومسلم (700) (35) في صلاة المسافرين: باب جواز صلاة النافلة على الدابة في السفر حيث توجهت، وأبو داؤد (1226) في الصلاة: باب التطوع على الراحلة والوتر، والنسائي 2/60 في المساجد: باب الصلاة على الحمار، وأبو عوانة 2/343، والبيهقي 2/4. وأخرجه عبد الرزاق (4519) ، وأحمد 2/49 و57 و75 و83 و128، وابن خزيمة (1268) ، وأبو عوانة 2/343 من طرق عن عمرو بن يحيى، به.

2516- إسناده صحيح على شرطهما، إلا أن أبا الزبير -واسمه محمد بن مسلم بن تدرس- خرج له البخاري مقرونًا. أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي. وأخرجه أحمد 3/334، ومسلم (540) (36) في المساجد: باب تحريم الكلام في الصلاة، والنسائي 3/6 في السهو: باب رد السلام بالإشارة في الصلاة، وابن ماجه (1018) في إقامة الصلاة: باب المصلي يُسلم عليه كيف يرد، والبيهقي 2/258 من طرق عن الليث، بهٰذا الإسناد.

قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجَةٍ، فَاَدْرَكْتُهُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي، فَاَشَارَ اِلَيَّ، فَلَمَّا فَرَغَ دَعَانِي، فَقَالَ: اِنَّكَ سَلَّمْتَ عَلَيَّ وَاَنَا اُصَلِّي، وَهُوَ مُتَوَجِّهٌ يَوْمَئِذٍ نَحْوَ الْمَشْرِقِ. (1:4)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کسی کام کے سلسلے میں بھیجا جب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو میں نے آپ کو سلام کیا آپ اس وقت نماز ادا کر رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارے کے ذریعے جواب دیا: جب آپ نماز پڑھ کر فارغ ہوئے' تو آپ نے مجھے بلایا اور ارشاد فرمایا: تم نے مجھے جس وقت سلام کیا تھا میں اس وقت نماز پڑھ رہا تھا۔

(راوی کہتے ہیں) اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رُخ مشرق کی طرف تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ لَا حَرَجَ عَلَيْهِ اَنْ يُصَلِّيَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ فِي السَّفَرِ اَيَّ جِهَةٍ تَوَجَّهَ فِيْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی پر کوئی حرج نہیں ہے کہ وہ سفر کے دوران اپنی سواری پر نماز ادا کر لیتا ہے خواہ اس کا رُخ کسی بھی سمت کی طرف ہو

2517 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عَلٰى رَاحِلَتِهٖ حَيْثُ تَوَجَّهَتْ بِهٖ فِي السَّفَرِ. (1:4)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کے دوران اپنی سواری پر ہی نماز ادا کر لیتے تھے خواہ اس کا رُخ کسی بھی سمت ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ الَّتِي كَانَ يُصَلِّيْهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ كَانَتْ صَلَاةَ سُبْحَةٍ لَا فَرِيْضَةٍ

2517- إسناده صحيح على شرط مسلم، فإن يحيى بن أيوب لم يخرج له البخاري، ومن فوقه من رجالهما . وأخرجه مالك في "الموطأ" 1/151، ومن طريقه الشافعي في "السنن" (80) ، وأحمد 2/66، ومسلم (700) (37) في صلاة المسافرين: باب جواز صلاة النافلة على الدابة في السفر حيث توجهت، والنسائي 1/244 في كتاب الصلاة: باب الحال التي يجوز فيها استقبال غير القبلة، و 2/61 في القبلة: باب الحال التي يجوز عليها استقبال غير القبلة، وأبو عوانة 2/343، والبيهقي 2/4، وأخرجه كذلك أحمد 2/46 و56 و72 و81، والبخاري (1096) في تقصير الصلاة: باب الإيماء على الدابة، ومسلم (700) (38) من طرق عن عبد الله بن دينار، بهٰذا الإسناد، وانظر الحديث (2421) .

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ نماز جو نبی اکرم ﷺ نے اپنی سواری پر ادا کی تھی وہ نفل نماز تھی' فرض نماز نہیں تھی

2518 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ مَوْلٰى حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَبَعَثَنِیْ مَبْعَثًا، فَاَتَيْتُهُ وَهُوَ يَسِيرُ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَاَوْمَا بِيَدِهِ، ثُمَّ سَلَّمْتُ فَاَشَارَ وَلَمْ يُكَلِّمْنِي، فَنَادَانِیْ بَعْدُ وَقَالَ: اِنِّیْ كُنْتُ اُصَلِّیْ نَافِلَةً . (1:4)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ سفر کر رہے تھے۔ آپ نے مجھے کسی کام سے بھیجا جب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا' تو آپ اس وقت (سواری پر) سوار ہو کر چل رہے تھے میں نے آپ کو سلام کیا' تو آپ نے اپنے دست اقدس کے ذریعے اشارہ کیا' پھر میں نے آپ کو سلام کیا' تو آپ نے اشارہ کیا آپ نے میرے ساتھ کوئی بات چیت نہیں کی اس کے بعد آپ نے مجھے بلایا اور ارشاد فرمایا: میں اس وقت نفل نماز ادا کر رہا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ ابْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ عمرو بن حارث کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنے میں ابن وہب نامی راوی منفرد ہے

2519 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِی الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَبْعَثًا، فَوَجَدْتُهُ يَسِيرُ مُشْرِقًا وَمُغْرِبًا، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَاَشَارَ بِيَدِهِ، ثُمَّ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَاَشَارَ بِيَدِهِ، فَانْصَرَفْتُ فَنَادَانِی: يَا جَابِرُ ، فَنَادَانِي النَّاسُ: يَا جَابِرُ فَاَتَيْتُهُ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَدْ سَلَّمْتُ عَلَيْكَ فَلَمْ تَرُدَّ عَلَیَّ، قَالَ: ذَاكَ اَنِّیْ كُنْتُ اُصَلِّیْ.(1:4)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے مجھے کسی کام سے بھیجا جب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا' تو آپ اس وقت مشرق کی طرف رُخ کر کے یا مغرب کی طرف رُخ کر کے چل رہے تھے (یعنی آپ سواری پر سوار تھے) میں نے آپ کو سلام کیا' تو آپ نے اپنے دست مبارک کے ذریعے اشارہ کیا' پھر میں نے آپ کو سلام کیا' تو آپ نے اپنے دست اقدس

2518– إسناده على شرط مسلم. وانظر ما بعده.

2519– إسناده قوى. وأخرجه النسائى 3/6 فى السهو: باب رد السلام بالإشارة فى الصلاة، عن محمد بن هاشم البعلبكى، عن محمد بن شعيب، بهذا الإسناد. والزيادات التى فى المتن منه.

کے ذریعے اشارہ کیا میں واپس آیا (تھوڑی دیر بعد) آپ نے مجھے بلایا: اے جابر! لوگوں نے بھی مجھے بلایا: اے جابر! میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں نے آپ کو سلام کیا تھا لیکن آپ نے مجھے جواب نہیں دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس وقت میں نماز ادا کر رہا تھا۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُسَافِرِ اَنْ يُصَلِّيَ النَّافِلَةَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ، وَاِنْ كَانَتِ الْقِبْلَةُ وَرَاءَ ظَهْرِهٖ

مسافر کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی سواری پر نفل نماز ادا کر سکتا ہے اگرچہ قبلہ اس کی پشت کی طرف ہو

2520 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُرَاقَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ عَلٰى رَاحِلَةٍ نَحْوَ الْمَشْرِقِ فِيْ غَزْوَةِ اَنْمَارٍ

(46:4)

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے غزوہ انمار کے موقع پر نبی اکرم ﷺ کو مشرق کی طرف رُخ کر کے اپنی سواری پر نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُسَافِرَ مُبَاحٌ لَهٗ اَنْ يَّتَنَفَّلَ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ وَاِنْ كَانَ ظَهْرُهٗ اِلَى الْقِبْلَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مسافر کے لئے یہ بات مباح ہے کہ وہ اپنی سواری پر نوافل ادا کر لے اگرچہ اس کی پشت قبلہ کی طرف ہو

2521 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةٍ، فَكَانَ يُصَلِّيْ تَطَوُّعًا عَلٰى رَاحِلَتِهٖ

2520- إسناده صحيح على شرط البخاري. عثمان بن عبد الله بن سراقة لم يخرج له مسلم. وأخرجه أحمد 3/300 عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (4140) في المغازي: باب غزو أنمار، والبيهقي 2/4 من طريقين عن ابن أبي ذئب، به.

2521- إسناده صحيح على شرط البخاري. عبد الرحمٰن بن إبراهيم لم يخرج له مسلم، ومن فوقه من رجالهما، وأخرجه ابن خزيمة (1263) من طريق مُحمد بن مصعب، عن الأوزاعي، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (4510) و (4516)، والدارمي 1/356، والبخاري (400) في الصلاة: باب التوجه نحو القبلة حيث كان، و (1094) في تقصير الصلاة: باب صلاة التطوع على الدواب وحيثما توجهت به، و (1099) باب ينزل للمكتوبة، والبيهقي 2/6 من طرق عن يحيى بن أبي كثير، به. قال الحافظ في "الفتح" 1/503: والحديث دال على عدم ترك استقبال القبلة في الفريضة، وهو إجماع، لكن رخص في شدة الخوف.

مُسْتَقْبِلَ الْمَشْرِقِ، فَإِذَا اَرَادَ اَنْ يُصَلِّيَ الْمَكْتُوْبَةَ نَزَلَ وَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ . (5: 8)

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک غزوے میں شریک ہوئے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر ہی نفل نماز ادا کر لیتے تھے جس کا رُخ مشرق کی سمت ہوتا تھا اور جب آپ نے فرض نماز ادا کرنی ہوتی تھی تو آپ سواری سے نیچے اترتے تھے اور قبلہ کی طرف رُخ کر کے ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ لِلْمُتَنَفِّلِ عَلٰى رَاحِلَتِهِ

سواری پر نوافل ادا کرنے والے کے رکوع اور سجدہ کرنے کے طریقے کا تذکرہ

2522 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، عَنِ ابْنِ نَمِرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ عَلٰى دَابَّتِهِ فِي السَّفَرِ فِي السُّبْحَةِ يُوْمِءُ بِرَاْسِهِ اِيْمَاءً . (1: 4)

✿✿ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں، میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سفر کے دوران اپنی سواری پر نفل نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے آپ سر کے اشارے سے (رکوع اور سجدے کر رہے تھے)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ السَّجْدَتَيْنِ مِنَ الْمُتَنَفِّلِ عَلٰى رَاحِلَتِهِ يَجِبُ اَنْ تَكُوْنَ فِي الْاِيْمَاءِ اَخْفَضَ مِنَ الرُّكُوْعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سواری پر نوافل ادا کرنے والے شخص کے لئے سجدہ کرتے ہوئے یہ ضروری ہے کہ وہ اشارہ کرتے ہوئے رکوع کے مقابلے میں (سر کو) زیادہ جھکائے گا

2523 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ:

2522- رجاله ثقات رجال الصحيح إلا ان فيه عنعنة الوليد بن مسلم. وابن نمر: هو عبد الرحمٰن بن نمر اليحصبي أبو عمرو الدمشقي. وأخرجه البخاري (1105) في تقصير الصلاة: باب من تطوع في السفر في غير دبر الصلوات وقبلها، والبيهقي 2/5 من طريق شعيب، عن الزهري، بهٰذا الإسناد.

2523- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح، وقد صرح أبو الزبير بالسماع من جابر. وهو في "صحيح ابن خزيمة" (1270). وأخرجه عبد الرزاق (4521) عن ابن جريج، بهٰذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق (5422)، وأحمد 3/332 و379 و388- 389، وأبو داؤد (1227) في الصلاة: باب التطوع على الراحلة والوتر، والترمذي (351) في الصلاة: باب ما جاء في الصلاة على الدابة حيث ما توجهت به، والبيهقي 2/5 من طريق سفيان، عن أبي الزبير، به نحوه.

(متن حدیث): رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَھُوَ یُصَلِّیْ عَلٰی رَاحِلَتِہٖ یُصَلِّیْ النَّوَافِلَ فِیْ کُلِّ وَجْہٍ، وَلٰکِنَّہٗ یَخْفِضُ السَّجْدَتَیْنِ مِنَ الرَّکْعَتَیْنِ یُوْمِءُ اِیْمَاءً. (4:1)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ اپنی سواری پر نماز ادا کر رہے تھے آپ نوافل ادا کر رہے تھے خواہ آپ کا رُخ کسی بھی طرف ہوتا ہم آپ رکوع کے مقابلے میں سجدہ کرتے ہوئے زیادہ جھک جاتے تھے آپ اشارے کے ساتھ (رکوع اور سجدہ کر رہے تھے)

ذِکْرُ وَصْفِ صَلَاۃِ الْمَرْءِ التَّطَوُّعَ عَلٰی رَاحِلَتِہٖ

سواری پر آدمی کے نوافل ادا کرنے کے طریقے کا تذکرہ

2524 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ الدَّوْرَقِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ اَبُو الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ وَھُوَ عَلٰی رَاحِلَتِہِ النَّوَافِلَ فِیْ کُلِّ وَجْہٍ، وَلٰکِنَّہٗ یَخْفِضُ السَّجْدَتَیْنِ مِنَ الرَّکْعَۃِ یُوْمِءُ اِیْمَاءً. (5:8)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ اپنی سواری پر نفل ادا کر رہے تھے خواہ اس کا رُخ کسی بھی سمت میں ہو اور آپ اشارے کے ساتھ رکوع اور سجدہ کر رہے تھے آپ رکوع کے مقابلے میں سجدے میں زیادہ جھک رہے تھے۔

ذِکْرُ وَصْفِ الرُّکُوْعِ وَالسُّجُوْدِ لِلْمُتَنَفِّلِ اِذَا صَلّٰی عَلٰی رَاحِلَتِہٖ

جب آدمی سواری پر نماز ادا کر رہا ہو تو نوافل ادا کرنے والے کے رکوع اور سجدے کرنے کے طریقے کا تذکرہ

2525 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰی عَبْدَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَھْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَیْجٍ، عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ النَّوَافِلَ عَلٰی رَاحِلَتِہٖ یَخْفِضُ السَّجْدَتَیْنِ مِنَ الرَّکْعَتَیْنِ. (5:8)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی سواری پر نوافل ادا کرتے ہوئے دیکھا آپ سجدے میں رکوع سے زیادہ جھک رہے تھے۔

2524- رجاله رجال الصحيح، وهو مكرر ما قبله . حجاج: هو حجاج بن محمد المصيصي الأعور الحافظ الثقة الثبت . وأخرجه البيهقي 2/5 من طريق محمد بن إسحاق الصغاني، عن حجاج، بهذا الإسناد.

2525- رجاله ثقات رجال الصحيح، وانظر ما قبله.

فَصْلٌ فِیْ صَلَاۃِ الضُّحٰی

فصل: چاشت کی نماز کا بیان

2526 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَی بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَۃَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَکِیعٌ، عَنْ کَھْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ شَقِیقٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِعَائِشَۃَ: اَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ الضُّحٰی؟ قَالَتْ: لَا، اِلَّا اَنْ یَّجِیءَ مِنْ سَفَرٍ. (5: 15)

❀❀ عبداللہ بن شقیق بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کے وقت نماز ادا کیا کرتے تھے' تو انہوں نے جواب دیا: جی نہیں البتہ اگر آپ سفر سے آتے تھے (تو اس موقع پر اس وقت میں نماز ادا کر لیتے تھے)

ذِکْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ ھٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِہٖ کَھْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں کہمس بن حسن نامی راوی منفرد ہے

2527 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ یُوْسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِیٍّ الْجَھْضَمِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَزِیدُ بْنُ زُرَیْعٍ، عَنِ الْجُرَیْرِیِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ شَقِیقٍ، قَالَ:

2526- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه أبو بكر بن أبي شيبة في "المُصَنَّف" 2/407، وأحمد 6/204، والترمذي في "الشمائل" (285)، والبغوي (1003) من طريق وكيع، بهٰذا الإسناد. وصححه ابن خزيمة (1230) . وأخرجه أحمد 6/171، ومسلم (717) (76) في صلاة المسافرين: باب استحباب صلاة الضحى، والنسائي 4/152 في الصيام: باب ذكر اختلاف ألفاظ الناقلين لخبر عائشة فيه، من طرق عن كهمس بن الحسن، به. وأخرجه الطيالسي (1554) عن أبي شعيب الصلت بن دينار، عن عبد الله بن شقيق، به. وانظر "الفتح" 3/52-53 و55-56.

2527- إسناده صحيح على شرط مسلم . يزيد بن زريع سمع من الجريري قبل الاختلاط . وأخرجه أحمد 6/218، ومسلم (717) (75)، وأبو داؤد (1292) في الصلاة: باب صلاة الضحى، والنسائي 4/152، والبيهقي 3/50 من طرق عن يزيد بن زريع، بهٰذا الإسناد -وبعضهم يزيد فيه على بعض . وأخرجه أحمد 6/218، وأبو عوانة 2/268، والبيهقي 3/49- 50 من طريق سعيد الجريري، به.

(متن حدیث): قُلْتُ لِعَائِشَةَ: هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ الضُّحَى؟ فَقَالَتْ: لَا، اِلَّا اَنْ يَّجِيءَ مِنْ مَغِيبِهٖ قُلْتُ: هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ قَاعِدًا؟ قَالَتْ: نَعَمْ، بَعْدَمَا حَطَمَهُ السِّنُّ قُلْتُ: هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرِنُ بَيْنَ السُّوَرِ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، مِنَ الْمُفَصَّلِ قُلْتُ: هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ شَهْرًا مَعْلُومًا سِوٰى رَمَضَانَ؟ قَالَتْ: وَاللّٰهِ اِنْ صَامَ شَهْرًا مَعْلُومًا سِوٰى رَمَضَانَ حَتّٰى مَضَى لِوَجْهِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا اَفْطَرَهُ حَتّٰى مَضَى لِوَجْهِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

(15:5)

عبداللہ بن شقیق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کے وقت نماز ادا کیا کرتے تھے' تو انہوں نے جواب دیا: جی نہیں البتہ اگر آپ سفر سے آتے تھے (تو اس موقع پر اس وقت نماز ادا کر لیتے تھے) میں نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھ کر نماز ادا کرتے تھے انہوں نے فرمایا: جی ہاں! جب آپ کی عمر زیادہ ہو گئی (تو آپ بیٹھ کر نماز ادا کر لیتے تھے) میں نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سورتیں ملا کر پڑھتے تھے انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! آپ مفصل سورتیں (ملا کر) پڑھتے تھے میں نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے مہینے کے علاوہ کسی اور متعین مہینے میں روزے رکھتے تھے۔ انہوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان کے علاوہ کسی بھی متعین مہینے میں روزے نہیں رکھتے تھے' یہاں تک کہ آپ اس دنیا سے رخصت ہو گئے اور نہ ہی آپ نے کبھی کسی مہینے کے روزے چھوڑے ہیں یہاں تک کہ آپ اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَتْ بِهٖ عَائِشَةُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا منفرد ہیں

2528 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الصَّوَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ الْعَطَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يُصَلِّيْ الضُّحَى اِلَّا اَنْ يَّقْدُمَ مِنْ غَيْبَةٍ. (5: 15)

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: نَفْيُ ابْنِ عُمَرَ، وَعَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الضُّحَى اِلَّا اَنْ يَّقْدُمَ مِنْ سَفَرٍ اَوْ مَغِيبِهٖ، اَرَادَ بِهٖ فِي الْمَسْجِدِ بِحَضْرَةِ النَّاسِ دُوْنَ الْبَيْتِ، وَذَاكَ اَنَّ مِنْ

2528– إسناده قوى. إسحاق بن إبراهيم: ثقة روى له البخارى، وسالم بن نوح العطار: مختلف فيه، قال أحمد: ما بحديثه بأس، وقال أبو زرعة: لا بأس به صدوق ثقة، ووثقه الساجى وابن قانع، وقال ابوحاتم: يكتب حديثه ولا يحتج به، وقال النسائى: ليس بالقوى، وقال ابن عدى: عنده غرائب وأفراد، وأحاديثه محتملة متقاربة، وذكره المؤلف فى "الثقات" وهو من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه ابن خزيمة (1229) عن إسحاق بن إبراهيم الصواف، بهذا الإسناد.

خُلُقِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ بَدَأَ بِالْمَسْجِدِ، فَرَكَعَ فِيهِ رَكْعَتَيْنِ، فَكَانَ أَكْثَرُ قُدُومِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ مِنَ الْأَسْفَارِ وَالْغَزَوَاتِ كَانَ ضُحًى مِنْ أَوَّلِ النَّهَارِ، وَنَهٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَّطْرُقَ الرَّجُلُ أَهْلَهُ لَيْلًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز صرف اس وقت ادا کرتے تھے جب آپ سفر سے تشریف لاتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چاشت کی نماز ادا کرنے کی نفی کی ہے۔ البتہ جب آپ سفر سے واپس تشریف لاتے تھے یا (شہر سے) غیر حاضری کے بعد واپس تشریف لاتے تھے (تو اس کا حکم مختلف ہے) آپ کا مقصد یہ ہوتا تھا کہ آپ لوگوں کو مسجد میں مل لیں نہ کہ گھر پر ملیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق میں یہ بات شامل تھی کہ جب آپ سفر سے واپس تشریف لاتے تھے۔ تو سب سے پہلے مسجد میں تشریف لاتے تھے۔ وہاں دو رکعات ادا کرتے تھے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر کسی سفر سے یا غزوہ سے چاشت کے وقت تشریف لاتے تھے جو دن کا ابتدائی حصہ ہوتا تھا۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے۔ کہ کوئی شخص رات کے وقت اپنی بیوی کے پاس (طویل غیر حاضری کے بعد) چلا جائے۔

ذِكْرُ إِثْبَاتِ عَائِشَةَ صَلَاةَ الضُّحٰى لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چاشت کی نماز ادا کرنے کے اثبات کا تذکرہ

2529 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، وَابْنُ كَثِيرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: أَخْبَرَنِي يَزِيدُ الرِّشْكُ، عَنْ مُعَاذَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): سَأَلْتُ عَائِشَةَ: أَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحٰى؟ قَالَتْ: نَعَمْ، أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ وَيَزِيدُ مَا شَاءَ اللّٰهُ. (5: 15)

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: إِثْبَاتُ عَائِشَةَ صَلَاةَ الضُّحٰى لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَادَتْ بِهِ فِي الْبَيْتِ دُونَ مَسْجِدِ الْجَمَاعَةِ، لِأَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ایک رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی تو آپ جب بھی رحمت کے مضمون والی آیت پر پہنچتے تو وہاں آپ ٹھہر کر اس رحمت کا سوال کرتے تھے اور جب بھی عذاب کے مضمون والی آیت پڑھتے تو وہاں ٹھہر کر اس عذاب سے پناہ مانگا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ اَرَادَ التَّهَجُّدَ بِاللَّيْلِ اَنْ يَبْتَدِءَ صَلَاتَهُ بِرَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ

جو شخص رات کے وقت تہجد پڑھنے کا ارادہ کرلے اسے اس بات کا حکم ہونا کہ وہ اپنی نماز کے آغاز میں دو مختصر رکعات ادا کرے

2606 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ بِعَسْقَلَانَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ الْحَرَّانِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ ابْنِ سِيرِيْنَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ مِنَ اللَّيْلِ فَلْيَبْدَاْ بِرَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی رات کے وقت بیدار ہو' تو اسے آغاز میں دو مختصر رکعات ادا کرنی چاہئے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يُطَوِّلَ الْقِيَامَ مِنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ، اِذْ فَضْلُ الصَّلَاةِ طُوْلُ الْقُنُوْتِ

2605- إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو مكرر ما قبله.

2606- إسناده صحيح. يزيد بن موهب ثقة، ومن فوقه من رجال الصحيح. محمد بن سلمة: هو محمد بن سلمة بن عبد الله الباهلي مولاهم الحراني. وأخرجه أحمد 2/232 عن محمد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/278-279، وابن أبي شيبة 2/273، ومسلم (768) في صلاة المسافرين: باب الدعاء في صلاة الليل، وأبو داوٗد (1323) في الصلاة: باب افتتاح صلاة الليل بركعتين، والترمذي في "الشمائل" (265)، وأبو عوانة 2/304، والبيهقي 3/6، والبغوي (907) من طرق عن هشام بن حسان، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 2/273، وأبو عوانة 2/303-304، والبغوي (908) من طريق أبي خالد الأحمر، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ أبي هريرة، فجعله من فعله صلى الله عليه وسلم. وأخرجه ابن أبي شيبة 2/272-273 عن هشيم، عن هشام، به موقوفًا.

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ رات کی نماز میں طویل قیام کرے کیونکہ طویل قیام والی نماز فضیلت رکھتی ہے

2607 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخٍ، حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، حَدَّثَنَا وَاصِلُ الْاَحْدَبُ، عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ، قَالَ:

(متن حدیث): غَدَوْنَا عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ يَوْمًا بَعْدَمَا صَلَّيْنَا الْغَدَاةَ، فَسَلَّمْنَا بِالْبَابِ، فَاَذِنَ لَنَا، فَمَكَثْنَا هُنَيْهَةً، فَخَرَجَتِ الْخَادِمُ، فَقَالَتْ: اَلَا تَدْخُلُوْنَ؟ قَالَ: فَدَخَلْنَا، فَاِذَا هُوَ جَالِسٌ يُسَبِّحُ، فَقَالَ: مَا مَنَعَكُمْ اَنْ تَدْخُلُوْا وَقَدْ اُذِنَ لَكُمْ؟ فَقَالُوْا: لَا، اِلَّا اَنَّا ظَنَنَّا اَنَّ بَعْضَ اَهْلِ الْبَيْتِ نَائِمٌ، قَالَ: ظَنَنْتُمْ بِآلِ اُمِّ عَبْدٍ غَفْلَةً، ثُمَّ اَقْبَلَ يُسَبِّحُ حَتّٰى ظَنَّ اَنَّ الشَّمْسَ قَدْ طَلَعَتْ، قَالَ: يَا جَارِيَةُ، انْظُرِىْ هَلْ طَلَعَتْ؟ قَالَ: فَنَظَرَتْ فَاِذَا هِىَ قَدْ طَلَعَتْ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَقَالَنَا يَوْمَنَا هٰذَا، قَالَ مَهْدِيٌّ: وَاَحْسَبُهُ قَالَ: وَلَمْ يُهْلِكْنَا بِذُنُوْبِنَا، قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ: قَرَاْتُ الْمُفَصَّلَ الْبَارِحَةَ كُلَّهُ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: هَذًّا كَهَذِّ الشِّعْرِ، اِنِّىْ لَاَحْفَظُ الْقَرَائِنَ الَّتِىْ كَانَ يَقْرَؤُهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ مِنَ الْمُفَصَّلِ، وَسُوْرَتَيْنِ مِنْ آلِ حم

❁❁ ابووائل بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے ہم نے انہیں دروازے پر سلام کہا اور انہوں نے ہمیں اندر آنے کی اجازت دی ہم تھوڑی دیر ٹھہرے رہے۔ خادمہ باہر آئی انہوں نے دریافت کیا: آپ لوگ اندر کیوں نہیں آتے؟ راوی کہتے ہیں: ہم لوگ اندر گئے' تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیٹھے ہوئے تھے اور تسبیح پڑھ رہے تھے۔ انہوں نے فرمایا: جب تم لوگوں کو اجازت مل گئی تھی' تو تم لوگ اندر کیوں نہیں آئے۔ ان لوگوں نے کہا: جی نہیں ہم یہ گمان کررہے تھے' اہل خانہ میں سے کچھ لوگ سوئے ہوئے ہوں گے۔ حضرت عبداللہ نے فرمایا: تم نے ام عبد کے گھرانے کے بارے میں غفلت کا گمان کیا تھا' پھر وہ تسبیح پڑھنے کی طرف متوجہ ہو گئے۔ یہاں تک کہ جب انہوں نے یہ گمان کیا' سورج نکل آیا ہوگا' تو انہوں نے فرمایا: اے لڑکی تم جاکر دیکھو سورج نکل آیا ہے؟ راوی کہتے ہیں: اس لڑکے نے دیکھا تو وہ نکل چکا تھا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

''ہر طرح کی حمد اللہ کے لئے مخصوص ہے' جس نے ہمیں یہ دن بھی عطا کیا ہے''

''مہدی نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے میرا خیال ہے' روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں''

''ہمارے گناہوں کی وجہ سے ہمیں ہلاک نہیں کیا ہے''

2607- إسناده صحيح على شرط مسلم رجاله رجال الشيخين غير شيبان بن فروخ فمن رجال مسلم. واصل الأحدب: هو ابن حيان الأسدى الكوفى، وأبو وائل: هو شقيق بن سلمة الأسدى. وأخرجه مسلم (822) (278) فى صلاة المسافرين: باب ترتيل القراء ة واجتناب الهذ، عن شيبان بن فروخ، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى (5043) فى فضائل القرآن: باب الترتيل فى القرآن، عن أبى النعمان، عن مهدى بن ميمون، به مختصرًا.

حاضرین میں سے ایک صاحب نے گزارش کی گزشتہ رات میں نے تمام مفصل آیتوں کی تلاوت کی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: یہ تو شعر پڑھنے کی طرح تیزی سے پڑھنا ہوا مجھے ایک دوسرے کے قریب قریب کی وہ سورتیں یاد ہیں جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تلاوت کیا کرتے تھے وہ مفصل سورتوں سے تعلق رکھنے والی اٹھارہ سورتیں ہیں اور ال حم سے تعلق رکھنے والی دو سورتیں ہیں۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يُطَوِّلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ عَلَى اللَّتَيْنِ تَلِيَانِهِمَا مِنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ بَعْدَ افْتِتَاحِهِ صَلَاةَ اللَّيْلِ بِرَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز کے آغاز میں پڑھی جانے والی دو مختصر رکعات کے بعد والی پہلی دو رکعات کتنی طویل ادا کرتے تھے؟

2608 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): لَاَرْمُقَنَّ صَلَاةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّيْلَةَ، قَالَ: فَتَوَسَّدْتُ عَتَبَتَهُ، اَوْ فُسْطَاطَهُ، فَقَامَ فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ، ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ طَوِيْلَتَيْنِ طَوِيْلَتَيْنِ، ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا، ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا، ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا، ثُمَّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ دُوْنَ اللَّتَيْنِ قَبْلَهُمَا، ثُمَّ اَوْتَرَ، فَذٰلِكَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً

❁❁ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے یہ سوچا' آج رات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا جائزہ لوں گا۔ وہ کہتے ہیں میں آپ کی چوکھٹ پر (شاید یہ الفاظ ہے) آپ کے خیمہ کے باہر ٹیک لگا کر بیٹھ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور آپ نے دو مختصر رکعات ادا کی پھر آپ نے دو رکعات ادا کی جو لمبی تھیں پھر آپ نے دو رکعات ادا کی جو اس سے پہلے کی

2608- إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو في "الموطأ" 1/122، وزاد فيه "ثم صلى ركعتين وهما دون اللتين قبلهما" وهذه الزيادة ليست في المصادر التي خرجت الحديث من طريقه. ومن طريق مالك أخرجه عبد الرزاق (4712)، وعبد الله بن أحمد في زياداته على "المسند" 5/193، ومسلم (765) في صلاة المسافرين: باب الدعاء في صلاة الليل وقيامه، وأبو داوُد (1366) في الصلاة: باب في صلاة الليل، والترمذي في "الشمائل" (266)، وابن ماجه (1362) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في كم يصلي بالليل، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/232، والطبراني (5245)، والبيهقي 3/8. ولفظ الحديث عند عبد الرزاق "فصلى ركعتين خفيفتين، ثم صلى ركعتين طويلتين، ثم صلى ركعتين دون اللتين قبلهما، ثم أوتر، فتلك ثلاث عشرة ركعة." وأخرجه أحمد 5/193 عن عبد الرحمن، عن مالك، عن عبد الله بن أبي بكر، أن عبد الله بن قيس .. فذكره، ولم يقل فيه "عن أبيه"، وذكر عبد الله بن الإمام أحمد أن عبد الرحمن قد وهم فيه. وأخرجه الطبراني (5246) من طريق زهير بن محمد، عن عبد الله بن أبي بكر، عن أبيه، بهذا الإسناد.

دو رکعات سے کچھ کم تھیں' پھر آپ نے دو رکعات ادا کی جوان سے پہلے کی دو رکعات سے کچھ کم تھیں' پھر آپ نے دو رکعات ادا کی جوان کی دو رکعات سے کچھ کم تھیں' پھر آپ نے وتر ادا کیے' تو یہ تیرہ رکعات ہو گئیں۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ التَّطْوِيلِ فِى الرُّكُوعِ، وَالْقِيَامِ لِلْمُتَهَجِّدِ بِاللَّيْلِ

رات کے وقت نوافل ادا کرنے والے شخص کیلئے رکوع اور قیام کو طول دینے کے مباح ہونے کا تذکرہ

2609 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ بْنِ الْاَحْنَفِ، عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَافْتَتَحَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ فَقُلْتُ: يَقْرَاُ مِائَةَ آيَةٍ ثُمَّ يَرْكَعُ، فَمَضَى، فَقُلْتُ: يَخْتِمُهَا فِى الرَّكْعَتَيْنِ، فَمَضَى، فَقُلْتُ: يَخْتِمُهَا ثُمَّ يَرْكَعُ، فَمَضَى حَتّٰى قَرَاَ سُوْرَةَ النِّسَاءِ، ثُمَّ آلِ عِمْرَانَ، ثُمَّ رَكَعَ نَحْوًا مِنْ قِيَامِهِ، يَقُوْلُ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ، ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ، فَقَالَ: سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ، اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ، فَاَطَالَ الْقِيَامَ، ثُمَّ سَجَدَ فَاَطَالَ السُّجُوْدَ، ثُمَّ يَقُوْلُ فِى سُجُوْدِهِ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى، لَا يَمُرُّ بِآيَةِ تَخْوِيفٍ اَوْ تَعْظِيمٍ اِلَّا ذَكَرَهُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک رات میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورہ بقرۃ کی تلاوت شروع کی میں نے سوچا آپ ایک سو آیات کی تلاوت کر کے رکوع میں چلیں جائیں گے لیکن آپ مسلسل تلاوت کرتے رہے میں نے سوچا دو رکعات میں یہ سورۃ پوری پڑھ لیں گے لیکن آپ مسلسل تلاوت کرتے رہے میں نے سوچا آپ یہ سورۃ مکمل کر کے پھر رکوع میں جائیں گے لیکن آپ مسلسل تلاوت کرتے رہے یہاں تک کہ آپ نے سورۃ النساء کی تلاوت شروع کی پھر آپ نے سورہ ال عمران بھی پڑھ لی۔ پھر آپ رکوع میں گئے اور تقریباً اتنی دیر رکوع میں رہے جتنا آپ نے قیام کیا تھا آپ اس میں سبحان ربی العظیم پڑھتے رہے' پھر آپ نے اپنا سر اٹھایا۔ سمع اللّٰہ لمن حمدہ، ربنا ولك الحمد پڑھا پھر آپ نے اتنا طویل قیام کیا' پھر آپ سجدے میں گئے' تو آپ نے سجدے کو طول دیا سجدے میں سبحان ربی الاعلیٰ پڑھتے رہے (اس تلاوت کے دوران) آپ جب بھی خوف دلانے یا عظمت کے اظہار والی کسی آیت کی تلاوت کرتے تھے' تو آپ اس کا ذکر کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ قَدْرِ مُكْثِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى السُّجُوْدِ فِىْ صَلَاةِ اللَّيْلِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز میں کتنی دیر ٹھہرے رہتے تھے؟

2610 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ الْغَضَائِرِيُّ بِحَلَبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ،

2609- إسناده صحيح على شرط مسلم. وانظر (2605).

قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَشِّرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْكُثُ فِيْ سُجُوْدِهٖ قَدْرَ مَا يَقْرَاُ الرَّجُلُ خَمْسِيْنَ آيَةً ، تُرِيْدُ فِيْ صَلَاةِ اللَّيْلِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اتنی دیر سجدے میں ٹھہرے رہتے تھے جتنی دیر میں کوئی شخص پچاس آیات کی تلاوت کرلیتا ہے۔راوی بیان کرتے ہیں:سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی مراد یہ تھی' آپ رات کی نفل نماز میں ایسا کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ وَصْفِ عَدَدِ الرَّكَعَاتِ الَّتِيْ كَانَ يُصَلِّيهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ

ان رکعات کی تعداد کی صفت کا تذکرہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت ادا کیا کرتے تھے

2611 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِيْ جَمْرَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث):كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت تیرہ رکعات ادا کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ عَدَدِ الرَّكَعَاتِ الَّتِيْ تُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّكُوْنَ تَهَجُّدُهٗ بِهَا

رکعات کی اس تعداد کا تذکرہ جس کے بارے میں آدمی کیلئے یہ مستحب ہے کہ وہ رات کے وقت انہیں ادا کرے

2612 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ

2610- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير الوليد بن شجاع، فمن رجال مسلم. وانظر الحديث (2431).

2611- إسناده صحيح على شرطهما . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وأبو حمزة: هو نصر بن عمران بن عصام الضُّبعي البصري. وأخرجه أحمد 1/324 و338، والطيالسي (2741) ، والبخاري(1138) في التهجد: باب كيف صلاة النبي صلى الله عليه وسلم، وكم كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي من الليل؟ ومسلم (764) في صلاة المسافرين: باب الدعاء في صلاة الليل وقيامه، والترمذي (442) في الصلاة: باب منه، وفي "الشمائل" (263) ، والنسائي في الصلاة، كما في "التحفة" 5/262، والطحاوي 1/286، وابن خزيمة (1164) ، والطبراني (12964) من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد.

2612- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه مسلم (736) (122) في صلاة المسافرين: باب صلاة الليل وعدد ركعات النبي صلى الله عليه وسلم في الليل، عن حرملة، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داوُد (1337) في الصلاة: باب في صلاة الليل، والنسائي 2/30 في الأذان: باب إيذان المؤذنين الأئمة بالصلاة، و3/65 في السهو: باب السجود بعد الفراغ من الصلاة، من طريقين عن ابن وهب، به. وانظر (2431) .

عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:
(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِيمَا بَيْنَ اَنْ يَّفْرُغَ مِنْ صَلَاةِ الْعِشَاءِ، وَهِيَ الَّتِي يَدْعُو النَّاسُ الْعَتَمَةَ اِلَى الْفَجْرِ اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً، يُسَلِّمُ فِي كُلِّ رَكْعَتَيْنِ، وَيُوتِرُ بِوَاحِدَةٍ، فَاِذَا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُ مِنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ، وَتَبَيَّنَ لَهُ الْفَجْرُ، وَجَائَهُ الْمُؤَذِّنُ، قَامَ فَرَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ، وَاضْطَجَعَ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ حَتّٰى يَاْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ بِالْاِقَامَةِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز جسے لوگ عتمہ کہتے ہیں سے فارغ ہونے سے لے کر فجر تک گیارہ رکعات ادا کیا کرتے تھے۔ آپ ہر دو رکعات ادا کرنے کے بعد سلام پھیر دیا کرتے تھے۔ آپ ایک رکعت کے ذریعے وتر ادا کرلیا کرتے تھے جب مؤذن فجر کی اذان دے کر خاموش ہوتا اور صبح صادق ہو جاتی اور مؤذن آ جاتا تو آپ اٹھ کر دو مختصر رکعات ادا کر لیتے پھر آپ اپنے دائیں پہلو کے بل لیٹ جاتے یہاں تک کے مؤذن آپ کو بلانے آ جاتا۔

ذِكْرُ وَصْفِ صَلَاةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ عَلٰى غَيْرِ النَّعْتِ الَّذِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز کی صفت کا تذکرہ جو اس صفت کے علاوہ ہے جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں

2613 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ،
(متن حدیث): اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ: كَيْفَ كَانَتْ صَلَاةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَمَضَانَ؟ فَقَالَتْ: مَا كَانَ يَزِيدُ فِي رَمَضَانَ، وَلَا فِي غَيْرِهِ، عَلٰى اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا۔ رمضان میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نفل نماز کیسے ہوتی تھی؟ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں یا رمضان کے علاوہ گیارہ رکعات سے زیادہ ادا نہیں کرتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

2614 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ بِحِمْصَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ

2613– إسناده صحيح على شرطهما وقد تقدم بأطول مما هنا، عند المؤلف (2430) من رواية أحمد بن أبي بكر، عن مالك.

2614– إسناده قوي. وأخرجه البخاري (994) في الوتر: باب ما جاء في الوتر، و (1123) في التهجد: باب طول السجود في قيام الليل، من طريق أبي اليمان، عن شعيب، بهذا الإسناد. وانظر الحديث (2431) و (2610).

عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اَبِيْ حَمْزَةَ، قَالَ: ذَكَرَ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً بِاللَّيْلِ، فَكَانَتْ تِلْكَ صَلَاتُهُ، يَسْجُدُ السَّجْدَةَ مِنْ ذٰلِكَ بِقَدْرِ مَا يَقْرَاُ اَحَدُكُمْ خَمْسِينَ آيَةً قَبْلَ اَنْ يَّرْفَعَ رَاْسَهُ، وَيَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ صَلَاةِ الْفَجْرِ، ثُمَّ يَضْطَجِعُ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ حَتّٰى يَاْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ لِلصَّلَاةِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت گیارہ رکعات ادا کیا کرتے تھے آپ کی نماز یہی ہوتی تھی۔ آپ اس میں اتنا (طویل) سجدہ کرتے تھے جتنی دیر تم میں سے کوئی شخص پچاس آیات کی تلاوت کرتا ہے اور آپ فجر سے پہلے دو رکعات ادا کیا کرتے تھے پھر آپ اپنے دائیں پہلو کے بل لیٹ جاتے تھے یہاں تک کہ مؤذن آپ کو نماز کے لئے بلانے کے لئے آ جاتا تھا۔

ذِكْرُ وَصْفِ صَلَاةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ بِغَيْرِ النَّعْتِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز کی اس صفت کا تذکرہ جو اس کے علاوہ ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

2615 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ النَّخَعِيِّ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ تِسْعَ رَكَعَاتٍ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت نو رکعات (نفل) ادا کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْعَدَدَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ فِيْ هٰذِهِ الصَّلَاةِ كَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوتِرُ فِيهَا بِوَاحِدَةٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اس نماز کے بارے میں ہم نے جو تعداد ذکر کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس میں ایک رکعت وتر ادا کرتے تھے

2616 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ،

2615– إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو الأحوص: هو سلام بن سليم الحنفي مولاهم . وهو في "مسند أبي يعلى" (4737) و (4793) . وأخرجه الترمذي (443) في الصلاة: باب منه، والنسائي 3/242–423 في قيام الليل: باب كيف الوتر بتسع، وابن ماجه (1360) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في كم يصلي بالليل، عن هناد بن السري، بهذا الإسناد . وأخرجه الطحاوي 1/284 من طريق الحسن بن الربيع، عن أبي الأحوص، به . وأخرجه الترمذي (444) ، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 11/360، وأبو يعلى (4791) ، والطحاوي 1/284 من طريقين عن الأعمش، به.

قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، قَالَ: اَخْبَرَتْنِىْ عَائِشَةُ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّىْ مِنَ اللَّيْلِ ثَمَانَ رَكَعَاتٍ، وَيُوتِرُ بِوَاحِدَةٍ، ثُمَّ يَرْكَعُ رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت آٹھ رکعات (نفل) ادا کرتے تھے اور ایک رکعت وتر ادا کرتے تھے' پھر آپ بیٹھ کر دو رکعات ادا کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى تَبَايُنِ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ عَلٰى حَسَبِ مَا تَاَوَّلْنَا الْاَخْبَارَ الَّتِىْ ذَكَرْنَاهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز میں اختلاف ہوتا تھا جو اس کے مطابق ہے جو ہم نے ان روایات کی تاویل ذکر کی ہے

2617 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا كُنَّا نَشَاءُ اَنْ نَرَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّيْلِ مُصَلِّيًا اِلَّا رَاَيْنَاهُ مُصَلِّيًا، وَمَا كُنَّا نَشَاءُ نَرَاهُ نَائِمًا مِنَ اللَّيْلِ اِلَّا رَاَيْنَاهُ نَائِمًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اگر ہم یہ چاہتے کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کے وقت نوافل ادا کرتے ہوئے دیکھیں' تو ہم آپ کو نوافل ادا کرتے ہوئے بھی دیکھ لیتے تھے اور اگر ہم یہ چاہتے' کہ ہم آپ کو رات کے وقت سویا ہوا دیکھیں تو ہم آپ کو سویا ہوا بھی دیکھ لیتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

2618 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ

2616- رجاله ثقات رجال الصحيح. وانظر (2634).

2617- إسناده صحيح على شرطهما. وهو في "مسند أبي يعلى" (3852). وأخرجه النسائي 3/213-214 في قيام الليل: باب ذكر صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم بالليل، عن إسحاق بن إبراهيم، والبغوي (932) من طريق عبد الرحيم بن منيب، كلاهما عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/104 و236 و264، والبخاري (1141) في التهجد: باب قيام النبي صلى الله عليه وسلم بالليل ونومه، و (1972) و (1973) في الصيام: باب ما يذكر من صوم النبي صلى الله عليه وسلم وإفطاره، والبيهقي 3/17 من طرق عن حميد، به وبأطول مما هنا. وصححه ابن خزيمة (2134)، وانظر ما بعده.

الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ صَوْمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَانَ يَصُوْمُ مِنَ الشَّهْرِ حَتّٰى نَرٰى اَنَّهُ لَا يُرِيْدُ اَنْ يُفْطِرَ مِنْهُ شَيْئًا، وَيُفْطِرُ مِنَ الشَّهْرِ حَتّٰى نَرٰى اَنَّهُ لَا يُرِيْدُ اَنْ يَّصُوْمَ مِنْهُ شَيْئًا، وَكُنْتَ لَا تَشَاءُ اَنْ تَرَاهُ مِنَ اللَّيْلِ مُصَلِّيًا اِلَّا رَاَيْتَهُ مُصَلِّيًا، وَلَا نَائِمًا اِلَّا رَاَيْتَهُ

❀❀ حمید طویل بیان کرتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روزہ رکھنے کے بارے میں دریافت کیا گیا: تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی مہینے میں نفلی روزے رکھنا شروع کرتے تھے یہاں تک کہ ہم یہ سمجھتے تھے' آپ اس مہینے میں کوئی بھی روزہ نہیں چھوڑیں گے اور بعض اوقات کسی مہینے میں کوئی بھی نفلی روزہ نہیں رکھتے تھے یہاں تک کہ ہم یہ سوچتے تھے' آپ اس مہینے میں کوئی بھی روزہ نہیں رکھیں گے اگر تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کے وقت نماز ادا کرتے ہوئے دیکھنا چاہتے تو تم آپ کو نماز ادا کرتے ہوئے بھی دیکھ لیتے اور اگر سویا ہوا دیکھنا چاہتے تو آپ کو سویا ہوا بھی دیکھ لیتے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَفْضِيْلَ الصَّلَوَاتِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا مِنْ تَهَجُّدِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ كُلُّهَا صَحِيْحَةٌ ثَابِتَةٌ مِّنْ غَيْرِ تَضَادٍّ بَيْنَهَا اَوْ تَهَاتُرٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رات کے نوافل کے بارے میں ہم نے جو روایات ذکر کی ہیں' ان تمام نمازوں میں فضیلت پائی جاتی ہے

اور یہ تمام روایات مستند ہیں اور ثابت شدہ ہیں اور ان کے درمیان کوئی تضاد اور اختلاف نہیں ہے

2619 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ دَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ فَسَاَلَهَا عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ، فَقَالَتْ: كَانَ يُصَلِّيْ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً مِّنَ اللَّيْلِ، ثُمَّ اِنَّهُ صَلّٰى اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً تَرَكَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قُبِضَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قُبِضَ وَهُوَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ تِسْعَ رَكَعَاتٍ آخِرَ صَلَاتِهِ مِنَ اللَّيْلِ وَالْوِتْرِ، ثُمَّ رُبَّمَا جَاءَ اِلٰى فِرَاشِيْ هٰذَا، فَيَاْتِيْهِ بِلَالٌ فَيُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ

❀❀ مسروق بیان کرتے ہیں: ہم سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز کے بارے میں دریافت کیا: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت تیرہ رکعات ادا کیا کرتے تھے' پھر آپ

2618- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه الترمذي (769) في الصوم: باب ما جاء في سرد الصوم، وفي "الشمائل" (292) عن علي بن حجر، عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

2619- رجاله ثقات رجال الصحيح. وهو في "صحيح ابن خزيمة" (1168).

گیارہ رکعات ادا کرنے لگے آپ نے دو رکعات کو ترک کر دیا جب نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کا وصال ہوا تو آپ رات کے وقت نو رکعات ادا کیا کرتے تھے آپ کی رات کی نماز کا آخری حصہ وتر ہوتے تھے پھر بعض اوقات آپ میرے بستر پر تشریف لے آتے پھر بلال آپ کو نماز کے لئے بلانے کے لئے آتے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَّصْفِ صَلَاةِ الْمَرْءِ بِاللَّيْلِ وَكَيْفِيَّةِ وِتْرِهٖ فِي آخِرِ تَهَجُّدِهٖ

آدمی کی رات کی نماز کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ اور اس کے نوافل کے اختتام پر وتر کی کیفیت کا تذکرہ

2620 – (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، وَعَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُوسٍ، وَابْنِ اَبِي لَبِيدٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، كُلُّهُمْ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ تَاْمُرُنَا اَنْ نُصَلِّيَ بِاللَّيْلِ؟ قَالَ: يُصَلِّي اَحَدُكُمْ مَثْنٰى مَثْنٰى، فَاِذَا خَشِيَ الصُّبْحَ اَوْتَرَ بِرَكْعَةٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سے سوال کیا گیا آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں ہم رات کے وقت کیسے نماز ادا کریں۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: تم دو دو کر کے نماز ادا کرو جب صبح صادق قریب ہونے کا اندیشہ ہو تو ایک رکعت وتر ادا کرلو۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّقْتَصِرَ مِنْ وِتْرِهٖ عَلٰى رَكْعَةٍ وَاحِدَةٍ اِذَا صَلّٰى بِاللَّيْلِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ جب وہ رات کے وقت نماز ادا کر رہا ہو تو ایک رکعت وتر ادا کرنے پر اکتفاء کرے

2620– إسناده صحيح على شرط الشيخين. والحديث من طريق عبد الله بن دينار تقدم عند المؤلف (2426). وأخرجه أحمد 2/9، وابن أبي شيبة 2/273 و291، ومسلم (749) (146) في صلاة المسافرين: باب صلاة الليل مثنى مثنى، وابن ماجه (1320) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في صلاة الليل ركعتين، والبيهقي 3/22، والبغوي (955) من طريق سفيان، عن الزهري، عن سالم، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (749) (147)، والنسائي 3/227 و228 في قيام الليل، باب: كيف صلاة الليل، من طرق عن الزهري، عن سالم، به. وأخرجه أحمد 2/133، والطبراني (13184) و(13215) من طرق عن سالم، به. وأخرجه مسلم (749) (146)، وابن ماجه (1320)، والبيهقي 3/22 من طريقين عن سفيان، عن عمرو بن دينار، عن طاووس، به. وأخرجه أحمد 2/141، والنسائي 3/227، والطبراني (13461) من طريق حبيب بن أبي ثابت، عن طاووس، به. وأخرجه أحمد 2/10، والنسائي 3/227، وابن ماجه (1320) من طريق سفيان، عن ابن أبي لبيد، عن أبي سلمة، به. وصححه ابن خزيمة (1072) من طرق عن ابن عمر.

2621 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى خَتٌّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ خَالِدٍ الْخَيَّاطُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْتَرَ بِرَكْعَةٍ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک رکعت وتر ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمُتَهَجِّدِ اَنْ يَّجْعَلَ آخِرَ صَلَاتِهٖ رَكْعَةً وَاحِدَةً تَكُوْنُ وِتْرَهٗ

نوافل ادا کرنے والے شخص کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی نماز کے آخر میں ایک رکعت ادا کرے تاکہ اس کی نماز طاق ہو جائے

2622 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ عُلَيَّةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَادٰى رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَيْفَ تَاْمُرُنَا اَنْ نُصَلِّيَ مِنَ اللَّيْلِ؟ فَقَالَ: يُصَلِّيْ اَحَدُكُمْ مَثْنٰى مَثْنٰى، فَاِذَا خَشِيَ الصُّبْحَ صَلّٰى وَاحِدَةً اَوْتَرَتْ لَهٗ مَا قَدْ صَلّٰى مِنَ اللَّيْلِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ ایک شخص نے بلند آواز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کیا اس نے عرض کی: آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں ہم رات کے وقت کیسے نماز ادا کریں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم رات کے وقت دو' دو رکعت کر کے نماز ادا کرو اور جب صبح صادق قریب ہونے کا اندیشہ ہو' تو پھر ایک رکعت ادا کر لو اس طرح تم اپنی ادا کی ہوئی رات کی نماز کو طاق کر لو گے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُتَهَجِّدَ اِنَّمَا اُمِرَ اَنْ يُّوْتِرَ بِرَكْعَةٍ آخِرَ صَلَاتِهٖ قَبْلَ الصُّبْحِ لَا بَعْدَهٗ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نوافل ادا کرنے والے شخص کو اس بات کا حکم دیا گیا ہے کہ وہ اپنی نماز کو ایک رکعت کے ذریعے وتر صبح صادق ہونے سے پہلے ادا کرے اس کے بعد نہیں

2623 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ بِوَاسِطَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَخْبَرَنَا خَالِدٌ *، عَنْ *

2621- إسناده صحيح وقد تقدم برقم (2424).

2622- إسناده صحيح على شرط البخاري. وأخرجه أحمد 2/5 عن إسماعيل، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (473) في الصلاة: باب الحلق والجلوس في المسجد، من طريق حماد، عن أيوب، به. وأخرجه أحمد 2/49 و66 و102 و119، والبخاري (472)، والنسائي 3/227-228 و228 و233، في قيام الليل، وابن أبي شيبة 2/292، والبغوي (956) و (957) من طرق عن نافع، به.

خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيقٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَادٰى رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا بَيْنَهُمَا، كَيْفَ صَلَاةُ اللَّيْلِ؟ فَقَالَ: مَثْنٰى مَثْنٰى، فَاِذَا خَشِيتَ الصُّبْحَ فَصَلِّ وَاحِدَةً وَسَجْدَتَيْنِ قَبْلَ الصُّبْحِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلند آواز میں مخاطب کیا میں اس وقت ان دونوں کے درمیان تھا'اس نے دریافت کیا: رات کے وقت کی نماز کیسی ہونی چاہیے'تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو'دو کر کے ادا کی جائے گی اور جب صبح صادق قریب ہونے کا اندیشہ ہو'تو تم صبح صادق ہونے سے پہلے ایک رکعت اور دوسجدے ادا کرلو۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمُتَهَجِّدِ اَنْ يَّجْعَلَ آخِرَ صَلَاتِهٖ رَكْعَةً تَكُوْنُ وِتْرَهٗ وَاِنْ لَّمْ يَخْشَ الصُّبْحَ

نوافل ادا کرنے والے شخص کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی نماز کے آخر میں ایک رکعت رکھے جو طاق ہو اگرچہ اسے صبح صادق ہونے کا اندیشہ نہ ہو

2624 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَهٗ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهٗ قَالَ:

(متن حدیث): صَلَاةُ اللَّيْلِ مَثْنٰى مَثْنٰى، فَاِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَنْصَرِفَ فَارْكَعْ وَاحِدَةً تُوْتِرُ لَكَ مَا قَدْ صَلَّيْتَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''رات کی نماز دو'دو کر کے ادا کی جائے گی اور جب تم نماز ختم کرنے کا ارادہ کرو تو ایک رکعت ادا کرلو تم نے جو نماز ادا کی ہے وہ طاق ہو جائے گی''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ صَلّٰى بِاللَّيْلِ اَنْ يَّجْعَلَ آخِرَ صَلَاتِهِ الْوِتْرَ رَكْعَةً وَاحِدَةً

جو شخص رات کے وقت نوافل ادا کرتا ہے اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی نماز کے آخر میں ایک رکعت رکھے

2623- إسناده صحيح على شرط مسلم . خالد الأول: هو خالد بن عبد الله الواسطي، والثاني: هو خالد بن مهران الحذاء . وأخرجه أحمد 2/40 و79، وابن أبي شيبة 2/273 و291 من طرق عن خالد الحذّاء ، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/71 و81، ومسلم (749) (148)، وأبو داوُد (1421) في الصلاة: باب كم الوتر، والنسائي 3/232-233 في قيام الليل: باب كم الوتر، والبيهقي 3/22 من طرق عن عبد الله بن شقيق، به. وصححه. ابن خزيمة (1072).

2624- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه البخاري (993) في الوتر: باب ما جاء في الوتر، والنسائي 3/233 في قيام الليل: باب كيف الوتر بواحدة، والطبراني (13096) من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد.

2625 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِى غَيْلَانَ الثَّقَفِيُّ بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا مِجْلَزٍ يُحَدِّثُ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَلْوِتْرُ رَكْعَةٌ مِّنْ آخِرِ اللَّيْلِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْحَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو التَّيَّاحِ اسْمُهُ يَزِيدُ بْنُ حُمَيْدٍ الضُّبَعِيُّ، وَاَبُوْ مِجْلَزٍ اسْمُهُ لَاحِقُ بْنُ حُمَيْدٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''وتر رات کے آخری حصے میں ایک رکعت ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوتیاح نامی راوی کا نام یزید بن حمید ضبعی ہے جبکہ ابومجلز نامی راوی کا نام لاحق بن حمید ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُتَهَجِّدِ بِاللَّيْلِ اَنْ يَّؤُمَّ بِصَلَاتِهِ تِلْكَ

رات کے وقت نوافل ادا کرنے والے کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی اس نماز میں (کسی دوسرے کی) امامت کرے

2626 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ قَالَ: بِتُّ عِنْدَ خَالَتِىْ مَيْمُوْنَةَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَهَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ، فَتَوَضَّاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَامَ يُصَلِّىْ، فَقُمْتُ عَنْ يَّسَارِهٖ، فَاَخَذَنِىْ فَجَعَلَنِىْ عَنْ يَّمِيْنِهٖ،

2625- إسناده صحيح على شرط البخاري . وهو في "مسند ابن الجعد " (1467) ، ومن طريقه أخرجه البغوي في "شرح السنة" (559) . وأخرجه أحمد 2/43، والنسائي 3/232 في قيام الليل: باب كم الوتر، من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم (752) (153) في صلاة المسافرين: باب صلاة الليل مثنى مثنى، والبيهقي 3/22 من طريق عبد الوارث، عن أبي التياح، به . وأخرجه أحمد 2/51، ومسلم (752) (154) ، والنسائي 3/232 من طريق شعبة، عن قتادة، عن أبي مجلز، به . وأخرجه ابن ماجه (1175) في إقامة الصلاة: باب ما جاء في الوتر بركعة، من طريق عاصم، عن أبي مجلز، به - بأطول مما هنا، وفي آخره "صلاة الليل مثنى مثنى، والوتر ركعة قبل الصبح."

2626- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه البخاري (698) في الأذان: باب إذا قام الرجل عن يسار الإمام فحوله إلى يمينه لم تفسد صلاته، عن أحمد -قيل: هو ابن صالح- ومسلم (763) (184) في صلاة المسافرين: باب الدعاء في صلاة الليل، عن هارون بن سعيد الأيلي، كلاهما عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وانظر (2579) و (2592) .

فَصَلّٰی فِیْ تِلْكَ اللَّیْلَةِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، ثُمَّ نَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی نَفَخَ، وَكَانَ اِذَا نَامَ نَفَخَ، ثُمَّ اَتَاهُ الْمُؤَذِّنُ، فَخَرَجَ، وَصَلّٰی وَلَمْ یَتَوَضَّاْ قَالَ عَمْرٌو: حَدَّثْتُ بِهٰذَا بُكَیْرَ بْنَ الْاَشَجِّ، فَقَالَ: حَدَّثَنِیْ كُرَیْبٌ بِذٰلِكَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے اپنی خالہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ہاں رات بسر کی اس رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ان کے ہاں موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا' پھر آپ کھڑے ہو کر نماز ادا کرنے لگے میں آپ کے بائیں طرف آ کر کھڑا ہوا' تو آپ نے مجھے پکڑا اور دائیں طرف کر دیا اس رات آپ نے چار رکعات ادا کی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے یہاں تک کہ آپ خراٹے لینے لگے جب آپ سوتے تھے' تو آپ خراٹے لیا کرتے تھے' پھر مؤذن آپ کی خدمت میں حاضر ہوا' تو آپ تشریف لے گئے آپ نے نماز پڑھائی اور از سرِ نو وضو نہیں کیا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

ذِكْرُ تَسْوِیَةِ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِی الْقِیَامِ فِی الرَّكَعَاتِ الَّتِیْ وَصَفْنَاهَا مِنْ قِیَامِهٖ بِاللَّیْلِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رکعات میں قیام میں برابری رکھنے کا تذکرہ جو ہم نے آپ کے رات کے نوافل کی صفت بیان کی ہے

2627 - حَدَّثَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَیْبٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طَاوُسٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ بَاتَ عِنْدَ خَالَتِهٖ مَیْمُوْنَةَ، فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُصَلِّیْ مِنَ اللَّیْلِ، قَالَ: فَقُمْتُ فَتَوَضَّاْتُ، ثُمَّ قُمْتُ عَنْ یَسَارِهٖ، فَجَرَّنِیْ حَتّٰی اَقَامَنِیْ عَنْ یَمِیْنِهٖ، ثُمَّ صَلّٰی ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً، قِیَامُهٗ فِیْهِنَّ سَوَاءٌ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کرتے ہیں: انہوں نے اپنی خالہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ہاں رات بسر کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت نماز ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوئے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ میں اٹھا میں نے وضو کیا' اور آ کر آپ کے بائیں طرف کھڑا ہو گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کھینچا اور مجھے اپنے دائیں طرف کھڑا کر لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرہ رکعات ادا کی ان میں آپ کا قیام برابر تھا۔

2627- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن الحجاج، وهو ثقة روى له النسائي . وأخرجه أحمد 1/252، والطحاوي 1/286 من طريقين عن وهيب، بهٰذا الإسناد . وأخرجه بنحوه عبد الرزاق في "المصنف" (4706)، ومن طريقه أحمد 1/365-366، وأبو داوٗد (1365) في الصلاة: باب في صلاة الليل، والبيهقي 3/8 عن معمر، عن ابن طاووس، به . وانظر ما قبله.

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُصَلِّيَ النَّافِلَةَ بِاللَّيْلِ جَمَاعَةً

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ رات کے وقت جماعت کے ساتھ نوافل ادا کرے

2628 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُرَحْبِيْلِ بْنِ سَعْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ، قَالَ: اَقْبَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ حَتّٰى نَزَلْنَا السُّقْيَا، فَقَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ: مَنْ يَّسْقِيْنَا؟ قَالَ: جَابِرٌ، فَخَرَجْتُ فِيْ فِتْيَانٍ مِنَ الْاَنْصَارِ حَتّٰى اَتَيْنَا الْمَاءَ الَّذِي بِالْاُثَايَةِ، وَبَيْنَهُمَا قَرِيْبٌ مِّنْ ثَلَاثٍ وَعِشْرِيْنَ مِيلًا، فَسَقَيْنَا وَاسْتَقَيْنَا، حَتّٰى اِذَا كَانَ بَعْدَ عَتَمَةٍ جَاءَ رَجُلٌ عَلٰى بَعِيرٍ يُنَازِعُهُ بَعِيرُهُ اِلَى الْحَوْضِ، فَقَالَ لَهُ: اَوْرِدْ، فَاَوْرَدَ، فَاَخَذْتُ بِزِمَامِ رَاحِلَتِهِ فَاَنَخْتُهَا، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى الْعَتَمَةَ وَجَابِرٌ اِلٰى جَانِبِهِ، فَصَلّٰى ثَلَاثَ عَشْرَةَ سَجْدَةً

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ حدیبیہ کے زمانہ میں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آ رہے تھے ہم نے ''سقیا'' کے مقام پر پڑاؤ کیا' تو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کون ہمیں پانی پلائے گا' تو انہوں نے (شاید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) نے فرمایا: جابر! میں انصار کے کچھ نوجوانوں کے ساتھ روانہ ہو''اثایہ'' کے مقام پر ہم پانی کے پاس آئے ان دونوں جگہوں کے درمیان تقریباً 23 میل کا فاصلہ تھا وہاں سے ہم نے خود بھی پانی پیا اپنے جانوروں کو بھی پلایا یہاں تک کہ شام ہو جانے کے بعد ایک شخص اپنے اونٹ پر آیا اس کا اونٹ حوض کی طرف جانے کے لئے اس سے مقابلہ کر رہا تھا اور وہ اس سے کہہ رہا تھا آگے آؤ پھر وہ آگے آیا میں نے اس کی سواری کی لگام پکڑی اور اس کے اونٹ کو بٹھا دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ نے عشاء کی نماز ادا کی حضرت جابر رضی اللہ عنہ آپ کے پہلو میں تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تیرہ رکعات ادا کی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ مَا وَصَفْنَا مِنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ فِي السَّفَرِ كَمَا كَانَ يُصَلِّيْهَا فِي الْحَضَرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کے دوران رات کے وقت نوافل اسی طرح ادا کیا کرتے تھے جس طرح آپ انہیں حضر میں ادا کیا کرتے تھے

2629 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ بِالسِّنْجِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِيْنٍ الْيَمَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ شُرَحْبِيْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ

2628- إسناده ضعيف، شرحبيل بن سعد يُكتب حديثه للاعتبار وباقي السند رجاله ثقات. وأخرجه أبو يعلى (2216) عن أبي خيثمة، عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/380، وعبد الرزاق (4705)، والبزار (729) من طريق يحيى بن سعيد، به. ورواية البزار مختصرة عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم صلّى بعد العتمة ثلاث عشرة ركعة. وانظر ما بعده.

جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَاخَ رَاحِلَتَهٗ، ثُمَّ نَزَلَ فَصَلّٰى عَشْرَ رَكَعَاتٍ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ اَوْتَرَ بِوَاحِدَةٍ، وَصَلّٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ، ثُمَّ صَلَّى الصُّبْحَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' آپ نے اپنی سواری کو بٹھایا پھر آپ نیچے اترے اور آپ نے دس رکعات دو' دو کر کے ادا کی پھر آپ نے ایک رکعت وتر ادا کئے پھر آپ نے فجر کی دو رکعت (سنت) ادا کئے پھر آپ نے صبح کی نماز ادا کی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ مُبَاحٌ لَهٗ اِذَا عَجَزَ عَنِ الْقِيَامِ لِتَهَجُّدِهٖ اَنْ يُّصَلِّيَ جَالِسًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کے لئے یہ بات مباح ہے کہ جب وہ رات کے نوافل میں قیام کرنے سے عاجز ہو' تو وہ ان کو بیٹھ کر ادا کرلے

2630 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ، وَاَحْمَدُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْرَاُ فِيْ شَيْءٍ مِنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ جَالِسًا، حَتّٰى اِذَا دَخَلَ فِي السِّنِّ كَانَ يَقْرَاُ حَتّٰى اِذَا بَقِيَ عَلَيْهِ ثَلَاثُوْنَ اَوْ اَرْبَعُوْنَ آيَةً قَامَ فَقَرَاَ، ثُمَّ سَجَدَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے نوافل بیٹھ کر ادا نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ جب آپ کی عمر زیادہ ہوگئی تو پھر آپ (بیٹھ کر) تلاوت کرتے رہتے تھے یہاں تک کہ جب تلاوت میں تیس یا چالیس آیات باقی رہ جاتی تھیں' تو آپ کھڑے ہو کر ان کی تلاوت کرتے تھے' پھر سجدے میں جاتے تھے۔

ذِكْرُ صَلَاةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ قَاعِدًا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رات کی نماز بیٹھ کر ادا کرنے کا تذکرہ

2631 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، وَبُدَيْلٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ لَيْلًا طَوِيْلًا قَائِمًا، وَلَيْلًا طَوِيْلًا قَاعِدًا، فَاِذَا

2629- رجاله ثقات رجال الشيخين غير شرحبيل بن سعد، وهو ضعيف يكتب حديثه كما سبق، يحيى بن حسان: هو ابن حيان التنيسي. وأخرجه ابن خزيمة في "صحيحه" (1261) عن محمد بن مسكين، بهذا الإسناد.

2630- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وقد تقدم تخريجه عند الحديث (2509).

صَلّٰى قَائِمًا رَكَعَ قَائِمًا، وَإِذَا صَلّٰى قَاعِدًا رَكَعَ قَاعِدًا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت طویل نماز کھڑے ہو کر بھی ادا کرتے تھے اور طویل نماز بیٹھ کر بھی ادا کرتے ہیں جب آپ کھڑے ہو کر نماز ادا کرتے تھے تو کھڑے ہوئے ہی رکوع میں چلے جاتے تھے اور جب بیٹھ کر نماز ادا کرتے تھے تو بیٹھے ہوئے ہی رکوع میں چلے جاتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا حَطَمَهُ السِّنُّ كَانَ يُصَلِّيْ صَلَاةَ اللَّيْلِ جَالِسًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر شریف زیادہ ہو گئی تھی تو آپ رات کے نوافل بیٹھ کر ادا کرتے تھے

2632 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): مَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ شَيْئًا مِنْ صَلَاةِ اللَّيْلِ جَالِسًا حَتّٰى دَخَلَ فِي السِّنِّ، فَجَعَلَ يَقْرَأُ، فَإِذَا بَقِيَ عَلَيْهِ مِنَ السُّورَةِ ثَلَاثُونَ آيَةً أَوْ أَرْبَعُونَ آيَةً، قَامَ فَقَرَأَ، ثُمَّ رَكَعَ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رات کے نفل کبھی بیٹھ کر ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا یہاں تک کہ جب آپ کی عمر زیادہ ہو گئی تو آپ (بیٹھ کر) تلاوت کرتے تھے یہاں تک کہ جب کسی سورۃ کی تیس یا چالیس آیات باقی رہ جاتی تھیں تو آپ کھڑے ہو کر ان کی تلاوت کرتے تھے پھر رکوع میں جاتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

2633 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْرَأُ فِيْ صَلَاتِهِ جَالِسًا حَتّٰى دَخَلَ فِي السِّنِّ،

2631- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه مسلم (730) (106/107) في صلاة المسافرين: باب جواز النافلة قائمًا وقاعدًا، وأبو داوُد (955) في الصلاة: باب في صلاة القاعد، والنسائي 3/219 في قيام الليل: باب كيف يفعل إذا افتتح الصلاة قائمًا، من طريقين عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (730) (108) من طريق شعبة، عن بديل، به. وانظر (2510).

2632- إسناده صحيح على شرطهما. وانظر (2509) و (2630) و (2633).

2633- إسناده صحيح على شرط الشيخين. جرير: هو ابن عبد الحميد. وانظر (2509) و (2630) و (2633).

فَكَانَ يَقْرَأُ وَهُوَ جَالِسٌ، فَإِذَا بَقِيَ عَلَيْهِ مِنَ السُّورَةِ ثَلَاثُونَ آيَةً أَوْ أَرْبَعُونَ آيَةً، قَامَ فَقَرَأَهَا، ثُمَّ رَكَعَ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نفل نماز میں بیٹھ کر تلاوت نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ جب آپ کی عمر زیادہ ہوگئی تو آپ بیٹھ کر تلاوت کیا کرتے تھے اور جب کسی سورت کی تیس یا چالیس آیات باقی رہ جاتی تھیں' تو آپ کھڑے ہو کر ان کی تلاوت کرتے تھے' پھر رکوع میں جاتے تھے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ أَنْ يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْوِتْرِ فِي عَقِبِ تَهَجُّدِهِ بِاللَّيْلِ سِوٰى رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ

آدمی کے لئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ رات کی نماز کے آخر میں وتر کے بعد دو رکعات (نفل) ادا کرے جو فجر کی دو رکعات (سنت) کے علاوہ ہوں

2634 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ،

(متن حدیث): أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ عَنْ صَلَاةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ، فَقَالَتْ: كَانَ يُصَلِّي ثَمَانِيَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ يُوتِرُ، ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ، ثُمَّ يَقُومُ فَيَقْرَأُ، ثُمَّ يَرْكَعُ، وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَيْنَ النِّدَاءِ وَالْإِقَامَةِ مِنْ صَلَاةِ الصُّبْحِ

ابوسلمہ بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نفل نماز کے بارے میں دریافت کیا: تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آٹھ رکعات ادا کیا کرتے تھے' پھر آپ وتر ادا کرتے تھے' پھر بیٹھ کر دو رکعات ادا کرتے تھے' پھر آپ کھڑے ہو کر تلاوت کرتے تھے' پھر رکوع میں جاتے تھے' پھر آپ صبح کی نماز کی اذان اور اقامت کے درمیان دو رکعات (سنت) ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يَقْرَأُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّكْعَتَيْنِ اللَّتَيْنِ كَانَ يَرْكَعُهُمَا بَعْدَ الْوِتْرِ

2634- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه النسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/371 عن إسحاق بن إبراهيم، بهٰذا الإسناد. وأخرجه بنحوه البغوي (964) من طريق يزيد بن هارون، عن هشام، به. وأخرجه مسلم (738) (126) في صلاة المسافرين: باب صلاة الليل وعدد ركعات النبي صلى الله عليه وسلم في الليل، وأبو داؤد (1340) في الصلاة: باب في صلاة الليل، والنسائي 3/251 في قيام الليل: باب إباحة الصلاة بين الوتر وبين ركعتي الفجر، من طرق عن يحيى بن أبي كثير، به نحوه. وأخرجه بنحوه البخاري (1159) في التهجد: باب المداومة على ركعتي الفجر، وأبو داؤد (1361) في الصلاة: باب في صلاة الليل، من طريق عراك بن مالك، عن أبي سلمة، عن عائشة. وانظر (2616).

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ وتر کے بعد ادا کی جانے والی دو رکعات (نفل) میں کیا تلاوت کیا کرتے تھے

2635 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ حُرَّةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنْ صَلَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ، فَقَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْعِشَاءَ تَجَوَّزَ بِرَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَنَامُ وَعِنْدَ رَاْسِهِ طَهُوْرُهُ وَسِوَاكُهُ، فَيَقُوْمُ فَيَتَسَوَّكُ وَيَتَوَضَّاُ وَيُصَلِّيْ، وَيَتَجَوَّزُ بِرَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَقُوْمُ فَيُصَلِّيْ ثَمَانِ رَكَعَاتٍ يُسَوِّي بَيْنَهُنَّ فِي الْقِرَائَةِ، ثُمَّ يُوْتِرُ بِالتَّاسِعَةِ، وَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ، فَلَمَّا اَسَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَخَذَ اللَّحْمُ، جَعَلَ الثَّمَانَ سِتًّا، وَيُوْتِرُ بِالسَّابِعَةِ، وَيُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ يَقْرَاُ فِيْهِمَا: قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، وَاِذَا زُلْزِلَتْ

❀❀ سعد بن ہشام بیان کرتے ہیں: انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم ﷺ کی رات کی نفل نماز کے بارے میں دریافت کیا: تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم ﷺ جب عشاء کی نماز ادا کر لیتے تھے تو دو مختصر رکعت ادا کرتے تھے پھر آپ سو جاتے تھے آپ کے وضو کا پانی اور آپ کی مسواک آپ کے سرہانے موجود ہوتی تھیں پھر آپ بیدار ہو کر مسواک کرتے تھے اور وضو کرتے تھے نماز ادا کرتے تھے دو مختصر رکعت ادا کرتے تھے پھر آپ کھڑے ہو کر آٹھ رکعات ادا کرتے جن میں ایک جتنی قرأت کرتے تھے پھر آپ نویں رکعت کے ذریعے انہیں وتر کر لیتے تھے پھر آپ بیٹھ کر دو رکعات ادا کرتے تھے جب نبی اکرم ﷺ کی عمر زیادہ ہوگئی اور آپ کا جسم بھاری ہوگیا تو آپ نے آٹھ رکعات کو چھ کر دیا اور ساتویں رکعت کے ذریعے وتر ادا کر لیتے تھے پھر آپ بیٹھ کر دو رکعات ادا کرتے تھے جن میں آپ سورہ الکفرون اور سورہ زلزال کی تلاوت کرتے تھے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الْاِضْطِجَاعِ لِلْمُتَهَجِّدِ بَعْدَ فَرَاغِهِ مِنْ وِرْدِهِ قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ

رات کے نوافل ادا کرنے والے شخص کے لئے اپنے ورد سے فارغ ہونے کے بعد اور صبح صادق سے پہلے لیٹ جانے کے مباح ہونے کا تذکرہ

2636 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ،

2635- إسناده ضعيف، أبو حرة، قال البخاري: يتكلمون في روايته عن الحسن، وقال يحيى بن معين: صالح، وحديثه عن الحسن ضعيف، يقولون: لم يسمعها من الحسن، وباقي السند رجاله ثقات، وهو في "صحيح ابن خزيمة" (1104) . وأخرجه بمعناه أبو داوُد (1352) في الصلاة: باب في صلاة الليل، والنسائي 3/220- 221 في قيام الليل: باب كيف يفعل إذا افتتح الصلاة قائمًا، من طريق هشام، عن الحسن، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 3/242 باب كيف الوتر بتسع، من طريق قتادة عن الحسن، به مختصرًا.

قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی دو صفیں بنادیں جو صف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دو رکعات پڑھائیں' پھر انہوں نے سلام پھیر دیا وہ پیچھے ہٹ گیا' اور دوسرے لوگ آگے آگئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بھی دو رکعات پڑھائیں' پھر انہوں نے بھی سلام پھیر دیا' تو یوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چار رکعات ہوئیں اور ان مسلمانوں نے دو دو رکعات ادا کیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ الْحَسَنُ عَنْ اَبِىْ بَكْرَةَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنے میں حسن نامی راوی منفرد ہے

2882 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبِىْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْيَشْكُرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سَاَلَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِقْصَارِ الصَّلَاةِ فِى الْخَوْفِ، اَيْنَ اُنْزِلَ وَاَيْنَ هُوَ؟ فَقَالَ: خَرَجْنَا نَتَلَقّٰى عِيْرًا لِقُرَيْشٍ اَتَتْ مِنَ الشَّامِ حَتّٰى اِذَا كُنَّا بِنَخْلٍ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَسَيْفُهُ مَوْضُوْعٌ، فَقَالَ: اَنْتَ مُحَمَّدٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اَمَا تَخَافُنِىْ؟ قَالَ: لَا، قَالَ: فَمَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّىْ؟، قَالَ: اللّٰهُ يَمْنَعُنِىْ مِنْكَ، قَالَ: فَسَلَّ سَيْفَهُ، وَتَهَدَّدَهُ الْقَوْمُ وَاَوْعَدُوْهُ، فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، النَّاسَ بِالرَّحِيْلِ وَبِاَخْذِ السِّلَاحِ، ثُمَّ نَادٰى بِالصَّلَاةِ، فَصَلَّتْ طَائِفَةٌ خَلْفَهُ، وَطَائِفَةٌ تَحْرُسُ مُقْبِلِيْنَ عَلَى الْعَدُوِّ، فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالطَّائِفَةِ الَّتِىْ مَعَهُ رَكْعَتَيْنِ، وَاَقْبَلَتِ الطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى فَقَامَتْ فِىْ مَصَافِّ

2881– رجاله ثقات رجال لاصحيح، غير أشعث– وهو ابن عبد الملك الحمراني– فإنه ثقة روى له أصحاب السنن. وأخرجه الدارقطني "2/61"، والبهقي "3/259" من طريق سعيد بن عامر، بهٰذا الإسناد. وأخرجه النسائي "3/179" في صلاة الخوف، وأحمد "5/39" من طريق يحيىٰ بن سعيد، وأبو داؤد "1248" في الصلاة: باب من قال يصلي بكل طائفة ركعتين، والبيهقي "3/260" من طريق معاذ بن معاذ، والنسائي "3/178" من طريق خالد، والطحاوي "1/315" من طريق أبي عاصم، والدارقطني "2/61" من طريق عمرو بن العباس، خمستهم عن الأشعث، به. وأخرجه الطيالسي "877"، والطحاوي "1/315" من طريق واصل بن عبد الرحمٰن أبي حرة البصري، عن الحسن، به.

2882– إسناده صحيح رجاله رجال الشيخين غير سليمان –وهو ابن قيس اليشكري– لم يخرجا له وهو ثقة. وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" "1/317" من طريق يزيد بن سنان، والطبري في "تفسيره" "10325" من طريق مُحمد بن بشّار، كلاهما عن معاذ بن هشام، بهٰذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "2883" و "2884"

الَّذِيْنَ صَلَّوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَرَسَتِ الطَّائِفَةُ الَّذِيْنَ صَلَّوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُمْ مُقْبِلُوْنَ عَلَى الْعَدُوِّ، فَصَلّٰى بِهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَكْعَتَيْنِ، فَصَارَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعًا وَلِاَصْحَابِهٖ رَكْعَتَيْنِ

سلیمان یشکری کے بارے میں منقول ہے انہوں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے خوف کے عالم میں نماز مختصر ادا کرنے کے بارے میں دریافت کیا: اس کا حکم کہاں نازل ہوا تھا اور یہ صورت حال کہاں درپیش آئی تھی؟ تو انہوں نے بتایا: ہم لوگ قریش کے ایک قافلے کا پیچھا کرتے ہوئے نکلے جو شام جا رہا تھا جب ہم نخل کے مقام پر پہنچے تو ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے تلوار رکھی ہوئی تھی اس نے کہا: کیا آپ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے ڈرتے نہیں ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں اس نے دریافت کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مجھ سے کون بچائے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ مجھے تم سے بچائے گا۔ راوی کہتے ہیں: اس شخص نے اپنی تلوار کھینچ لی لوگوں نے اسے ڈانٹا اور اسے جھڑکا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو وہاں سے روانگی کا اور اسلحہ اختیار کرنے کا حکم دیا، پھر نماز کے لئے اذان دی گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پیچھے موجود گروہ کو نماز پڑھائی اور ایک گروہ دشمن کی طرف رخ کر کے حفاظت کرتا رہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھ والے گروہ کو دو رکعات پڑھائیں پھر دوسرا گروہ آ کر اس جگہ کھڑا ہو گیا، جہاں وہ لوگ کھڑے تھے، جنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نماز ادا کی تھی وہ دشمن کی طرف رخ کر کے حفاظت کے فرائض سرانجام دینے لگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو بھی دو رکعات پڑھائیں، تو یوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چار رکعات ہو گئیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں نے دو رکعات ادا کیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ قَتَادَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْيَشْكُرِيِّ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ سلیمان یشکری کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنے میں قتادہ نامی راوی منفرد ہے

2883 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَاتَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مُحَارِبَ خَصَفَةَ بِنَخْلٍ، فَرَاَوْا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ غِرَّةً، فَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ، يُقَالُ لَهٗ: عَوْفُ بْنُ الْحَارِثِ - اَوْ غَوْرَثُ بْنُ الْحَارِثِ - حَتّٰى قَامَ عَلٰى رَاْسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِالسَّيْفِ، فَقَالَ: مَنْ يَّمْنَعُكَ مِنِّيْ؟ قَالَ: اللّٰهُ، قَالَ: فَسَقَطَ السَّيْفُ مِنْ يَّدِهٖ، فَاَخَذَ

2883- رجاله ثقات إلا أنه منقطع. أبو بشر -واسمه جعفر بن أبي وحشية اليشكري- لم يسمع من سليمان بن قيس. قال المؤلف في "ثقاته" "4/309": روى عنه قتادة وأبو بشر ولم يره أبو بشر. وفي "التهذيب" 4/214"-"215: قال البخاري: يقال: إنه مات في حياة جابر بن عبد الله ولم يسمع منه قتادة ولا أبو بشر ... وهو في "مسند أبي يعلى" "1778". وأخرجه أحمد 3/364"-"365 و"390"، والطحاوي "1/315" من طرق عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وانظر: "2882" و"2884"

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّيْفَ، فَقَالَ لَهُ: مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّيْ، قَالَ: كُنْ خَيْرًا مِنِّي، قَالَ: تَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ اُعَاهِدُكَ عَلٰى اَنْ لَا اُقَاتِلَكَ وَلَا اَكُوْنَ مَعَ قَوْمٍ يُقَاتِلُوْنَكَ، قَالَ: فَخَلّٰى سَبِيْلَهُ، فَجَاءَ اِلٰى اَصْحَابِهٖ، فَقَالَ: جِئْتُكُمْ مِنْ عِنْدِ خَيْرِ النَّاسِ، فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الظُّهْرِ اَوِ الْعَصْرِ - شَكَّ اَبُوْ عَوَانَةَ - اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِصَلَاةِ الْخَوْفِ قَالَ: فَكَانَ النَّاسُ طَائِفَتَيْنِ: طَائِفَةً بِاِزَاءِ الْعَدُوِّ، وَطَائِفَةً يُصَلُّوْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلّٰى بِالطَّائِفَةِ الَّذِيْنَ مَعَهُ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفُوْا، فَكَانُوْا مَكَانَ اُولٰئِكَ، وَجَاءَ اُولٰئِكَ فَصَلَّوْا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَكْعَتَيْنِ، فَكَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعُ رَكَعَاتٍ وَلِلْقَوْمِ رَكْعَتَانِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نخل کے مقام پر موجود ''محراب حصفہ'' میں لڑائی کی ان لوگوں نے مسلمانوں کو غافل کو دیکھا تو ان کا ایک شخص آیا' جس کا نام عوف بن حارث یا شاید غورث بن حارث تھا وہ تلوار لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سرہانے آ کر کھڑا ہو گیا' اور دریافت کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مجھ سے کون بچائے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ۔ راوی کہتے ہیں: اس کے ہاتھ سے تلوار گر گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تلوار کو پکڑا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں مجھ سے کون بچائے گا اس نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے بہتر ہو جائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات کی گواہی دیتے ہو اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اس نے کہا: جی نہیں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یہ عہد کرتا ہوں میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ نہیں کروں گا اور نہ ہی اس قوم کے ساتھ رہوں گا' جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ کرے گی۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے چھوڑ دیا وہ اپنے ساتھیوں کے پاس آیا اور بولا: میں سب سے بہتر شخص سے تمہارے پاس آیا ہوں جب ظہر یا شاید عصر کا وقت ہوا' یہ شک ابوعوانہ نامی راوی کو ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز خوف کا حکم دیا راوی بیان کرتے ہیں: لوگوں کے دو گروہ بن گئے ایک گروہ دشمن کے مدمقابل ہو گیا' اور ایک گروہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز ادا کرنے لگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھ والے گروہ کو دو رکعات پڑھائیں' پھر ان لوگوں نے نماز ختم کر دی اور وہ ان لوگوں کی جگہ پر آ گئے اور وہ لوگ آ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرنے لگے۔ انہوں نے دو رکعات ادا کیں یوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چار رکعات ہوئیں اور ان لوگوں کی دو رکعات ہوئیں۔

ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِي صَلّٰى فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَاةَ الْخَوْفِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا

اس مقام کا تذکرہ جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ نماز خوف ادا کی تھی جس کا ذکر ہم نے کیا ہے

2884 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَقْبَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى اِذْ كُنَّا بِذَاتِ الرِّقَاعِ، نُوْدِيَ: الصَّلَاةُ جَامِعَةٌ، فَصَلّٰى بِطَائِفَةٍ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ تَاَخَّرُوْا، وَصَلّٰى بِالطَّائِفَةِ الْاُخْرٰى رَكْعَتَيْنِ، فَكَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعُ رَكَعَاتٍ، وَلِلْقَوْمِ رَكْعَتَانِ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آئے یہاں تک کہ جب ہم ذات الرقاع کے مقام پر پہنچے تو اعلان کیا گیا' باجماعت نماز ہونے لگی ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک گروہ کو دو رکعات پڑھائیں' پھر وہ پیچھے ہٹ گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے گروہ کو دو رکعات پڑھائیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی چار رکعات ہوئیں اور ان لوگوں کی دو رکعات ہوئیں۔

ذِكْرُ النَّوْعِ السَّابِعِ مِنْ صَلَاةِ الْخَوْفِ

نمازِ خوف کی ساتویں قسم کا تذکرہ

2885 – (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ يَحْيٰى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ صَاعِقَةُ قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، وَمَالِكٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): فِيْ صَلَاةِ الْخَوْفِ تَقُوْمُ طَائِفَةٌ وَرَاءَ الْاِمَامِ وَطَائِفَةٌ خَلْفَهُ، فَيُصَلِّيْ بِالَّذِيْنَ خَلْفَهُ رَكْعَةً

2884– إسناده على شرطهما . وعفان: هو ابن مسلم بن عبد الله الصفار . وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 2/464"–"465 وقد تحرف فيه "أبان بن يزيد" إلى "أبان بن زيد." .... وعلقه البخاري "4136" في المغازي: باب غزوة ذات الرقاع، عن أبان به، بأطول مما هنا، ووصله مسلم "843" في صلاة المسافرين: باب صلاة الخوف، من طريق أبي بكر بن أبي شيبة، عن عفان، عن أبان . وانظر "تغليق التعليق" 4/120"–"121 وأخرجه أحمد "3/364"، والبغوي "1095"، والبيهقي "3/259" من طريق عفان، به . وأخرجه الطحاوي "1/315" من طريق موسى بن إسماعيل، عن أبان، به . وأخرجه مسلم "843"، وابن خزيمة "1352" من طريق يحيى بن حسان، عن معاوية بن سلام، عن يحيى بن أبي كثير، به . وأخرجه ابن خزيمة "1353"، والدارقطني "2/60" و"61"، والبيهقي "3/259"، وابن أبي شيبة "2/264" من طرق عن الحسن، عن جابر بنحوه. وانظر "2882" و."2883"

2885– إسناده صحيح على شرط البخاري. وهو في "صحيح ابن خزيمة" برقم ."1358" وهو في "الموطأ" 1/183"–"184 عن يحيى بن سعيد بهذا الإسناد، ومن طريق مالك أخرجه أبو داوٗد "1239" في الصلاة: باب من قال: إذا صلى ركعة وثبت قائمًا، أتموا لأنفسهم ركعة، والبيهقي "3/254"، والطحاوي ."1/313" وأخرجه أ؛ مد "3/448" من طريق روح بن عبادة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد "3/448"، والطبراني "5631" من طريق شعبة، به . وأخرجه البخاري "4131" في المغازي: باب غزوة ذات الرقاع، من طريق مسدد، والترمذي "565" في الصلاة: باب ما جاء في صلاة الخوف، والدارمي "1/358"، وابن ماجه "1259"، في إقامة الصلاة: باب ما جاء صلاة الخوف، وابن خزيمة "1356"، والبيهقي "3/253"، والطبري "10350" من محمد بن بشار، وابن خزيمة "1356" من طريق أبي موسى، ثلاثتهم عن يحيى بن سعيد القطان، عن يحيى بن سعيد الأنصاري، به بنحوه . وسقط يحيى بن سعيد القطان من المطبوع من "سنن البيهقي ." وأخرجه ابن أبي شيبة "2/466"، والطبري "10349" من طريق يزيد بن هارون، والبخاري "4131" من طريق ابن أبي حازم، والطبري "10348" من طريق عبد الوهاب، ثلاثتهم عن يحيى بن سعيد الأنصاري، به. وانظر الحديث الآتي.

وَسَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ يَقْعُدُ مَكَانَهُ حَتّٰى يَقْضُوا رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ يَتَحَوَّلُوْنَ اِلٰى مَكَانِ اَصْحَابِهِمْ، ثُمَّ يَتَحَوَّلُ اَصْحَابُهُمْ اِلٰى مَكَانِ هٰؤُلَاءِ فَيُصَلِّيْ بِهِمْ رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ يَقْعُدُ مَكَانَهُ حَتّٰى يُصَلُّوْا رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ، ثُمَّ يُسَلِّمُ.

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ نماز خوف کے بارے میں بیان کرتے ہیں: ایک گروہ امام کے سامنے کھڑا ہوگا دوسرا گروہ امام کے پیچھے کھڑا ہوگا امام اس گروہ کو ایک رکعت اور دو سجدے پڑھائے گا' جو اس کے پیچھے کھڑا ہے' پھر وہ اپنی جگہ پر بیٹھے رہے گا' یہاں تک کہ وہ لوگ (دوسری رکعت کا) ایک رکوع اور دو سجدے ادا کرلیں گے' پھر وہ لوگ اپنے ساتھیوں کی جگہ پر چلیں جائیں گے اور ان کے ساتھی اس جگہ پر آجائیں گے امام انہیں ایک رکوع اور دو سجدے پڑھائے گا امام اپنی جگہ بیٹھا رہے گا' یہاں تک کہ وہ لوگ بھی ایک رکوع اور دو سجدے ادا کرلیں گے تو امام سلام پھیر دے گا۔

2886 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، فِيْ عَقِبِهٖ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ هٰذَا

یہی روایت امام ابن خزیمہ نے اپنی سند کے ساتھ حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مانند نقل کی ہے۔

ذِكْرُ النَّوْعِ الثَّامِنِ مِنْ صَلَاةِ الْخَوْفِ

نماز خوف کی آٹھویں قسم کا تذکرہ

2887 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيْرُ

2886- إسناده صحيح على شرط البخارى . وهو فى "صحيح ابن خزيمة" "1359" وفيه سقط يستدرك من هنا. وأخرجه أحمد "3/448"، والطبرى "10347" من طريق روح، بهٰذا الإسناد . وأخرجه أحمد "3/448" من طريق محمد بن جعفر، ومسلم "841" فى صلاة المسافرين: باب صلاة الخوف، والبيهقى "3/253"، والطبرى "10346" من طريق معاذ العنبرى، والبخارى "4131" فى المغازى: باب غزوة ذات الرقاع، والدارمى "1/358"، والترمذى "566"، وابن ماجه "1259"، وابن خزيمة "1357"، والطبرانى "5632"، والنسائى 3/170"-"171 فى صلاة الخوف، والطحاوى "1/310"، والبيهقى 3/253"-"254 و"254"، والطبرى "10351" من طريق يحيى بن سعيد القطان، ثلاثتهم عن شعبة، به. وأخرجه الشافعى فى "الرسالة" ص"183"، "244"، وابن خزيمة "1360"، والبيهقى "3/253" من طريق عبد الله بن عمر، عن أخيه عبيد الله بن عمر بن حفص العمرى، عن القاسم بن محمد، عن صالح بن خوات بن جبير الأنصارى، عن أبيه . وأخرج مالك "1/183" فى صلاة الخوف: باب صلاة الخوف، ومن طريقه الشافعي فى "الرسالة" ص"182"، "244"، والبخارى "4129" فى المغازى، ومسلم "842"، وأبو داوٗد "1238"، والنسائى "3/171"، والطحاوى 1/312"-"313، والطبرى "10345"، والبغوى "1094"، والبيهقى 3/252"-"253 عن يزيد بن رومان وقد تحرف فى البيهقى إلى: زيد بن رومان عن صالح بن خوات، عمن صلى مع رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم ذات الرقاع صلاة الخوف ...وانظر الحديث السابق.

بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
(متن حدیث): فِيْ صَلَاةِ الْخَوْفِ يَقُوْمُ الْإِمَامُ وَطَائِفَةٌ مِّنَ النَّاسِ مَعَهُ فَيَسْجُدُوْنَ سَجْدَةً وَاحِدَةً، وَتَكُوْنُ طَائِفَةٌ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْعَدُوِّ، ثُمَّ يَنْصَرِفُ الَّذِيْنَ سَجَدُوا سَجْدَةً مَعَ الْإِمَامِ، وَيَكُوْنُونَ مَكَانَ الَّذِيْنَ لَمْ يُصَلُّوا، وَيَجِيءُ اُولٰٓئِكَ فَيُصَلُّونَ مَعَ اِمَامِهِمْ سَجْدَةً وَاحِدَةً، ثُمَّ يَنْصَرِفُ اِمَامُهُمْ فَيُصَلِّيْ كُلٌّ وَاحِدٍ مِنَ الطَّائِفَتَيْنِ بِصَلَاتِهِ سَجْدَةً وَاحِدَةً، فَاِنْ كَانَ خَوْفًا اَشَدَّ مِنْ ذٰلِكَ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز خوف کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی' امام کھڑا ہوگا۔اس کے ہمراہ ایک گروہ کھڑا ہوگا وہ لوگ بھی ایک رکعت ادا کرلیں گے اور دوسرا گروہ ان کے اور دشمن کے درمیان رہے گا پھر وہ لوگ واپس چلے جائیں گے جنہوں نے امام کے ہمراہ ایک رکعت ادا کی اور ان لوگوں کی جگہ چلے جائیں گے جنہوں نے نماز ادا نہیں کی پھر وہ لوگ آئیں گے اور امام کے ہمراہ ایک رکعت ادا کریں گے پھر امام اپنی نماز ختم کردے گا۔دونوں گروہوں میں سے ہر ایک گروہ الگ سے ایک رکعت ادا کرے گا اگر خوف اس سے زیادہ شدید ہو'تو پیادہ یا سواری کی حالت میں نماز ادا کرلی جائے گی۔

ذِكْرُ النَّوْعِ التَّاسِعِ مِنْ صَلَاةِ الْخَوْفِ
نماز خوف کی نویں قسم کا تذکرہ

2888 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيْمِ الْبَرْقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ الْهَادِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ شُرَحْبِيْلُ اَبُوْ

2887- إسناده قوى . محمد بن الصباح: هو الجرجرائى صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه ابن ماجه "1258" فى إقامة الصلاة: باب ما جاء فى صلاة الخوف، من طريق محمد بن الصباح، بهذا الإسناد . وزاد: "قال: يعنى السجدة: الركعة." وجود إسناده الحافظ فى "الفتح" "433":"2 وأخرجه مسلم "839" فى صلاة المسافرين: باب صلاة الخوف، والنسائى "3/173" فى صلاة الخوف، وابن أبى شيبة فى "المصنف" "2/464"، والبيهقى 3/260"-"261 من طريق يحيى بن آدم، والطحاوى "1":"312، والدارقطنى "2/59"،والبيهقى "3/260" من طريق قبيصة بن عقبة، كلاهما عن سفيان الثورى، عن موسى بن عقبة، عن نافع، به وأخرجه أحمد "2/132" من طريق أيوب بن موسى، عن نافع، به . وأخرجه البخارى "943" فى الخوف: باب صلاة الخوف رجالًا وركبانًا، والبيهقى "3/255" من طريق سعيد بن يحيى بن سعيد القرشى، قال: حدثنى أبى، قال: حدثنا ابن جريج، عن موسى بن عقبة، عن نافع، به . وأخرجه موقوفًا مالك فى "الموطأ" "1/184" فى صلاة الخوف، ومن طريقه أخرجه البخارى "4535" فى التفسير: باب (فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا) البقرة: من الآية"239، وابن خزيمة "980" و"1366" و"1367"، والطحاوى "1/312"، والبيهقى "3/256"، والبغوى ."1093".

2888- إسناده ضعيف، لضعف شرحبيل أبى سعد، قال مالك: ليس بثقة، وضعفه ابن معين، وابن سعد، وأبو زرعة، والنسائى، والدارقطنى، وقال ابن عدى: فى عامة ما يرويه نكارة. وهو فى "صيح ابن خزيمة" برقم ."1351" وأخرجه الطحاوى "1/318" من طريق أحمد بن عبد الله البرقى، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن خزيمة "1351" من طريق زكريا بن يحيى بن أبان، والحاكم "1/336" من طريق محمد بن إدريس الرزاى، كلاهما عن ابن أبى مريم به، وصححه الحاكم، وتعقبه الذهبى بقوله: شرحبيل: قال ابن أبى ذئب: كان متهمًا، وقال الدارقطنى: ضعيف.

سَعْدٍ،

(متن حدیث): عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صَلَاةِ الْخَوْفِ قَالَ: قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَطَائِفَةٌ مِّنْ خَلْفِهِ، وَطَائِفَةٌ مِّنْ وَّرَاءِ الَّتِيْ خَلْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُعُوْدٌ وَوُجُوْهُهُمْ كُلُّهُمْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَبَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَبَّرَتِ الطَّائِفَتَانِ، فَرَكَعَ وَرَكَعَتِ الطَّائِفَةُ الَّتِيْ خَلْفَهُ وَالْاُخْرٰى قُعُوْدٌ، ثُمَّ سَجَدَ وَسَجَدُوا اَيْضًا وَالْاٰخَرُوْنَ قُعُوْدٌ، ثُمَّ قَامَ فَقَامُوْا وَنَكَصُوا خَلْفَهُمْ حَتّٰى كَانُوا مَكَانَ اَصْحَابِهِمْ قُعُوْدًا، وَاَتَتِ الطَّائِفَةُ الْاُخْرٰى فَصَلّٰى بِهِمْ رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ وَالْاٰخَرُوْنَ قُعُوْدٌ، ثُمَّ سَلَّمَ، فَقَامَتِ الطَّائِفَتَانِ كِلْتَاهُمَا، فَصَلُّوْا لِاَنْفُسِهِمْ رَكْعَةً وَسَجْدَتَيْنِ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذِهِ الْاَخْبَارُ لَيْسَ بَيْنَهَا تَضَادٌّ وَلَا تَهَاتُرٌ، وَلٰكِنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلّٰى صَلَاةَ الْخَوْفِ مِرَارًا فِيْ اَحْوَالٍ مُخْتَلِفَةٍ بِاَنْوَاعٍ مُتَبَايِنَةٍ عَلٰى حَسَبِ مَا ذَكَرْنَاهَا، اَرَادَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِهٖ تَعْلِيْمَ اُمَّتِهٖ صَلَاةَ الْخَوْفِ، اَنَّهٗ مُبَاحٌ لَهُمْ اَنْ يُصَلُّوْا اَيَّ نَوْعٍ مِنَ الْاَنْوَاعِ التِّسْعَةِ الَّتِيْ صَلَّاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَوْفِ عَلٰى حَسَبِ الْحَاجَةِ اِلَيْهَا، وَالْمَرْءُ مُبَاحٌ لَهٗ اَنْ يُصَلِّيَ مَا شَاءَ عِنْدَ الْخَوْفِ مِنْ هٰذِهِ الْاَنْوَاعِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا، اِذْ هِيَ مِنَ اخْتِلَافِ الْمُبَاحِ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُوْنَ بَيْنَهَا تَضَادٌّ اَوْ تَهَاتُرٌ

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نماز خوف کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے ایک گروہ آپ کے پیچھے کھڑا ہو گیا اور ایک گروہ ان کے پیچھے کھڑا ہو گیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے کھڑے تھے وہ لوگ بیٹھے ہوئے تھے۔ ان سب کے چہرے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف تھے۔ آپ نے تکبیر کہی۔ ان دونوں گروہوں نے تکبیر کہی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا۔ آپ کے پیچھے والے گروہ نے بھی رکوع کیا' اور دوسرے لوگ بیٹھے رہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ کیا تو ان لوگوں نے سجدہ کیا' اور دوسرے لوگ بیٹھے رہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے وہ لوگ بھی کھڑے ہوئے اور وہ پیچھے ہٹتے ہوئے ان لوگوں کی جگہ پر آ گئے جہاں ان کے ساتھی بیٹھے ہوئے تھے۔ پھر دوسرا گروہ آ گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو بھی ایک رکوع اور دو سجدے پڑھائے اور دوسرے لوگ بیٹھے رہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا تو دونوں گروہ کھڑے ہوئے انہوں نے انفرادی طور پر ایک رکعت ادا کی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں پایا جاتا بلکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز خوف مختلف مواقع پر مختلف طریقوں سے کئی مرتبہ ادا کی تھی۔ جس کا ذکر ہم نے کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس سے ارادہ یہ تھا کہ آپ اپنی امت کو نماز خوف کے طریقے کی تعلیم دیں۔ کیونکہ ان کے لیے یہ بات مباح ہے کہ وہ ان نو طریقوں میں سے کسی بھی طریقے کے مطابق نماز ادا کر سکتے ہیں۔ جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خوف کے عالم میں نماز ادا کی تھی۔ یعنی صورتحال کے مطابق جو بھی طریقہ مناسب ہو۔ آدمی کے لیے یہ بات مباح ہے۔ کہ وہ خوف کے عالم میں ان طریقوں میں جس طریقے کے مطابق چاہے نماز ادا

کرے۔جن طریقوں کا ہم نے ذکر کیا ہے۔ یہ مباح اختلاف کی قسم سے تعلق رکھتے ہیں ان روایات میں کوئی تضاد یا کوئی اختلاف نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ عِنْدَ اشْتِدَادِ الْخَوْفِ اَنْ يُؤَخِّرَ الصَّلَاةَ اِلٰى اَنْ يَّفْرُغَ مِنْ قِتَالِهِ

خوف زیادہ شدید ہونے کی صورت میں آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اس کو اس وقت تک موخر کردے جب تک جنگ سے فارغ نہیں ہوجاتا

2889 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: وَلَا اَعْلَمُ اِلَّا اَنَّ اَبَا عَمْرٍو حَدَّثَنَا بِحَدِيْثٍ، حَدَّثَنَا بِهٖ شَيْبَانُ اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، وَغَيْرُهُ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث):اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ جَاءَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْخَنْدَقِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا كِدْتُ اُصَلِّيْ الْعَصْرَ حَتّٰى كَادَتِ الشَّمْسُ اَنْ تَغْرُبَ وَذٰلِكَ بَعْدَمَا اَفْطَرَ الصَّائِمُ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا صَلَّيْنَاهَا بَعْدُ قَالَ: فَنَزَلَ اِلٰى بُطْحَانَ وَاَنَا مَعَهُ فَتَوَضَّاَ، ثُمَّ صَلَّى الْعَصْرَ بَعْدَمَا غَرَبَتِ الشَّمْسُ وَبَعْدَمَا اَفْطَرَ الصَّائِمُ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں غزوہ خندق کے موقع پر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں ابھی تک عصر کی نماز ادا نہیں کرسکا' یہاں تک کہ سورج غروب ہوگیا۔ یہ اس کے بعد کی بات ہے جب روزہ دار افطاری کرلیتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! ہم بھی ابھی تک یہ نماز ادا نہیں کرسکے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بطحان کے مقام پر رُکے میں آپ کے ساتھ تھا۔آپ نے وضو کیا' اور آپ نے سورج غروب ہوجانے کے بعد اور اس کے بعد جب روزہ دار افطار کرلیتا ہے' عصر کی نماز ادا کی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ اِذَا اَخَّرَ الصَّلَاةَ فِي الْحَالِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا، لَهُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَنْ يُؤَدِّيَ الصَّلَوَاتِ عَلٰى غَيْرِ الْمِثَالِ الَّذِيْ وَصَفْنَاهُ مِنْ صَلَاةِ الْخَوْفِ

2889- إسناده صحيح. محمود بن خالد: ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأبو عمرو: هو عبد الرحمٰن بن عمرو الأوزاعي. وأخرج البخاري "641" في الأذان: باب قول الرجل: ما صلينا، من طريق أبي نعيم عن شيبان، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "596" في مواقيت الصلاة: باب من صلى. . . . . بالناس جماعة بعد ذهاب الوقت، و "498" باب قضاء الصلوات الأولى فالأولى، و "4112" في المغازي: باب غزوة الخندق، ومسلم "631" في المساجد، باب الدليل لمن قال: الصلاة الوسطى هي صلاة العصر، والترمذي "180" في الصلاة: باب ما جاء في الرجل تفوته الصلوات بأيتهن يبدأ، والنسائي "3/84" في السهو: باب إذا قيل للرجل هل صليت هل يقول لا، من طريق هشام بن أبي عبد الله الدستوائي، والبخاري "945" في الخوف: باب الصلاة عند مناهضة الحصون ولقاء العدو، ومسلم "631"، والبغوي "396" من طريق علي بن مبارك، كلاهما عن يحيى بن أبي كثير، به.

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب آدمی اس صورتحال میں نماز کو موخر کردے جس صورتحال کا ہم نے ذکر کیا ہے تو اسے اس بات کا حق حاصل ہے کہ اس کے بعد وہ نمازوں کو اس طریقے سے ہٹ کر ادا کرے جس کا تذکرہ ہم نے نماز خوف کے طریقے میں کیا ہے

2890 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمَقْبُرِىُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِىِّ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): قَالَ: حُبِسْنَا يَوْمَ الْخَنْدَقِ حَتّٰى كَانَ بَعْدَ الْمَغْرِبِ، وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يَّنْزِلَ فِى الْقِتَالِ، فَلَمَّا كُفِيْنَا الْقِتَالَ، وَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا (وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيْزًا) (الأحزاب: 25) اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا فَاَقَامَ الظُّهْرَ، فَصَلّٰى كَمَا كَانَ يُصَلِّيْهَا فِىْ وَقْتِهَا، ثُمَّ اَقَامَ الْعَصْرَ، فَصَلَّاهَا كَمَا كَانَ يُصَلِّيْهَا فِىْ وَقْتِهَا، ثُمَّ اَقَامَ الْمَغْرِبَ، فَصَلّٰى كَمَا كَانَ يُصَلِّيْهَا فِىْ وَقْتِهَا

عبدالرحمٰن بن ابوسعید خدری اپنے والد (حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ غزوہ خندق کے موقع پر ہم (لڑائی میں) مصروف رہے' یہاں تک کہ مغرب کے بعد کا وقت ہو گیا یہ جنگ کے بارے میں حکم نازل ہونے سے پہلے کی بات ہے۔ جب جنگ کے حوالے سے ہماری کفایت ہو گئی (اس سے مراد اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:)

''جنگ میں اللہ تعالیٰ مومنین کے لئے کافی ہے۔ اللہ تعالیٰ طاقت ور اور غالب ہے''۔

(مغرب ہو جانے کے بعد) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا' انہوں نے ظہر کے لئے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز اسی طرح ادا کی جس طرح آپ اسے اس کے وقت میں ادا کرتے تھے' پھر انہوں نے عصر کے لئے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز اسی طرح ادا کی جس طرح آپ اسے اس کے وقت میں ادا کرتے تھے' پھر انہوں نے مغرب کے لئے اقامت کہی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نماز اسی طرح ادا کی جس طرح آپ اس کے وقت میں ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اِذَا لَقِىَ الْعَدُوَّ وَاشْتَغَلَ بِالْمُوَاقَعَةِ اَنْ يُّؤَخِّرَ صَلَاتَهُ حَتّٰى يَفْرُغَ مِنْ حَرْبِهِ

2890- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد "3/25"، والنسائي "2/17" في الأذان: باب الأذان للفائت من الصلوات، من طريق يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه الشافعي في "السنن" "1" من طريق محمد بن إسماعيل، والدارمي "1/358"، وأحمد "3/67"-"68"، وأبو يعلى "1296" من طريق يزيد بن هارون، وأحمد "3/67"-"68" من طريق حجاج، والبيهقي "1/402"-"403" من طريق بشر بن عمر الزهراني، والطيالسي مختصرًا "2231" خمستهم عن ابن أبي ذئب، به. وعندهم جميعًا زيادة غير البيهقي: "وذلك قبل أن ينزل (فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا)". وأورده السيوطي في "الدر المنثور" "1/309" وزاد نسبته إلى عبد الرزاق وابن أبي شيبة، وعبد بن حميد.

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ جب وہ دشمن کا سامنا کرے اور لڑائی میں مشغول ہو، تو وہ اپنی نماز کو موخر کر دے یہاں تک کہ جنگ سے فارغ ہو جائے

2891 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْحَارِثِ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ: شَغَلُوْنَا عَنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ، مَلَاَ اللّٰهُ قُبُوْرَهُمْ وَبُيُوْتَهُمْ نَارًا قَالَ: وَلَمْ يُصَلِّهَا يَوْمَئِذٍ حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں غزوہ خندق کے موقع پر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ان لوگوں نے ہمیں عصر کی نماز ادا کرنے نہیں دی۔ اللہ تعالیٰ ان کی قبروں اور گھروں کو آگ سے بھر دے۔

راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہ نماز اس دن سورج غروب ہونے تک ادا نہیں کر سکے تھے۔

2891- إسناده صحيح. هاشم بن الحارث، ذكره المؤلف في "الثقات" "9/244" وقال: مستقيم الحديث وربما أعرب، ووثقه الخطيب في "تاريخه" "14/66" ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه البزار "388" من طريق سلمة بن شبيب، حدثنا عبد الله بن جعفر الرقي، حدثنا عبيد الله بن عمرو، بهذا الإسناد. وقال: رواه عاصم عن زر، عن علي، وقال عدي: عن زر، عن حذيفة، وذكره الهيثمي في "المجمع" "1/309" وقال: رواه البزار ورجاله رجال الصحيح. وفي الباب: عن علي عند البخاري "2931" و"4111" و"4533" و"4396"، ومسلم "627" "205"، والترمذي "2984"، وأبي داؤد "409"، والنسائي "1/236"، وابن ماجه "684"، وأحمد "1/79" و"81" و"113" و"122" و"126" و"135" و"137" و"150" و"152" و"846"، وعبد الرزاق "2194"، والطحاوي "1/173" وعن ابن مسعود عند مسلم "628"، وابن ماجه "686"، والطبري "5420"، وأحمد "1/392" و403"-"404، والبيهقي "1/460".

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

4

جہانگیری

صحیح ابن حبان

تصنیف

امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز
اردو بازار ○ لاہور

الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان

جہانگیری

صحیح ابن حبان

4

تصنیف

امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی

ترجمہ

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

ادام اللہ تعالیٰ معالیہ وبارک ایامہ ولیالیہ

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-37246006

شبیر برادرز

اردو بازار لاہور

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

هو القادر

نام کتاب ______ صحیح ابن حبان
مترجم ______ ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر
کمپوزنگ ______ ورڈ زمیکر
باہتمام ______ ملک شبیر حسین
سن اشاعت ______ مارچ 2014ء
سرورق ______ اے ایف ایس ایڈورٹائزر لاہور 0322-7202212
طباعت ______ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ہدیہ ______ روپے

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر، ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کردی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

عنوانات

عنوان — صفحہ

کتاب: جنائز کے بارے میں روایات

عنوان	صفحہ

فصل: نماز جنازہ کا بیان

عنوان	صفحہ

عنوان — صفحہ

نماز سے متعلق روایات کا اختتامی حصہ

کتاب: زکوٰۃ کا بیان

عنوان — صفحہ

عنوان	صفحہ

باب: زکوٰۃ کی فرضیت

باب: عشر کا بیان

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ	عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

صفحہ	عنوان

كِتَابُ الْجَنَائِزِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهَا مُقَدَّمًا اَوْ مُؤَخَّرًا

جنائز کے بارے میں روایات

اور جو کچھ بھی اس سے متعلق پہلے ہوتا ہے اور جو کچھ بعد میں ہوتا ہے

بَابُ مَا جَاءَ فِي الصَّبْرِ وَثَوَابِ الْاَمْرَاضِ وَالْاَعْرَاضِ

باب: صبر کرنے بیماریوں اور تکالیف (کا سامنا کرنے) کے ثواب کا تذکرہ

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ الرِّضَا بِالْقَضَاءِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ تقدیر کے فیصلے پر راضی رہے

2892 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ

2892- إسناده حسن. عبيد سنوطا: كنيته أبو الوليد المدنى من الموالى، روى عنه اثنان، وذكره المؤلف فى "الثقات"، وقال العجلى: مدنى تابعى ثقة. وباقى السند ثقات من رجال الصحيح. وخولة: هى خولة بنت قيس بن قهد بن ثعلبة الأنصارية، ويقال لها: خويلة أم محمد، وهى امرأة حمزة بن عبد المطلب، وقيل: إن امرأة حمزة خولة بنت ثامر الخولانية، وقيل: إن "ثامر" لقب لقيس بن قهد، قال على بن المدينى: خولة بنت قيس هى خولة بنت ثامر. قلت: وهٰذا الحديث جاء عن خولة بنت قيس، وعن خولة بنت ثامر. وقال الحافظ فى "الفتح" "6/219": تعليقًا على قوله "عن خولة الأنصارية": فى رواية الإسماعيلى "بنت ثامر الأنصارية" ثم ذكر حديث الترمذى الذى جاء فيه التصريح بأنها خولة بنت قيس وقال: فرق غير واحد بين خولة بنت ثامر، وبين خولة بنت قيس، وقيل: إن قيس بن قهد بالقاف لقبه ثامر، وبذٰلك جزم على بن المدينى، فعلى هٰذا فهى واحدة. قلت: وهٰذا الحديث جاء عن خولة بنت قيس وعن خولة بنت ثامر، كما ستقف عليه فى التخريج. وأخرجه الحميدى "353"، وعبد الرزاق "6962"، وأحمد "6/364" و"410" وقد جاء خطأ زيادة "سعيد" بين عمر وكثير فى أحد سندية، والطبراى "24/580" و"581" و"582" و"584" و"585" و"587" طرق عن يحيى بن سعيد، به. وأخرجه الترمذى "2374" فى الزهد: باب ما جاء فى أخذ المال، والطبرانى "24/577" و"578" و"579"، وأحمد "6/378" من طريق سعيد بن أبى سعيد المقبرى، عن عبيد سنوطا، به. وقال الترمذى: هٰذا حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد مختصرًا "6/410"، والطبرانى "589" من طريق يحيى بن سعيد، عن محمد بن يحيى بن حبان وقد تصحف فى الطبرانى إلى حيان عن خولة وأخرجه أحمد "6/410" من طريق يحيى بن سعيد، عن يحنس، عن خولة. وأخرجه الطبرانى "24/588" من طريق معاذ بن رفاعة بن رافع بن خديج، عن خولة بلفظ: "دخل على رسول الله صلى الله عليه وسلم فجعلت له خريزة فقدمتها إليه، فوضع يده فيها، فوجد حرها، فقبضهان فقال: "يا خولة لا نصبر على حر ولا برد، يا خولة، الله أعطانى الكوثر وهو نهر فى الجنة، وما خلق أحب إلى من يرده من قومك، يا خولة، رب متخوض فى مل الله ومال رسوله فيما اشتهت نفسه له النار يوم القيامة." وأخرجه أحمد "6/410"، والبخارى "3118" فى الخمس، باب قول الله تعالى: (فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ) الأنفال: من الآية "41"، والطبرانى "24/617"، والبغوى "2730" من طريق النعمان بن أبى عياش وقد تصحفت فى الطبرانى إلى عباس الزرقى، عن خولة بنت ثامر الأنصارية قالت: سمعت النبى صلى الله عليه وسلم يقول: "إن الدنيا حلوة خضرة وإن رجلا سيخوضون فى مال الله ورسوله بغير حق لهم النار يوم القيامة." ولفظ البخارى مختصر.

سَعْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيرِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ عُبَيْدٍ سَنُوطَا، عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اَتَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَرَّبْتُ اِلَيْهِ طَعَامًا، فَوَضَعَ يَدَهُ فِيهِ، فَوَجَدَهُ حَارًّا، فَقَالَ: حَسِّ،

وَقَالَ ابْنُ آدَمَ اِنَّ اَصَابَهُ بَرْدٌ قَالَ: حَسِّ، وَاِنَّ اَصَابَهُ حَرٌّ قَالَ: حَسِّ

ثُمَّ تَذَاكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ الدُّنْيَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا بُوْرِكَ لَهُ فِيهَا، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيمَا شَائَتْ نَفْسُهُ فِي مَالِ اللّٰهِ وَمَالِ رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَهُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

❀❀ سیّدہ خولہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے میں نے آپ کی خدمت میں کھانا پیش کیا۔ آپ نے اپنا دست مبارک اس میں رکھا آپ کو وہ گرم محسوس ہوا تو فرمایا: حس (یعنی ''اوئی'') آپ نے ارشاد فرمایا: اگر ابن آدم کو سردی لگتی ہے تو وہ یہ کہتا ہے: حس (یعنی ''اوئی'') اگر اسے گرمی لگتی ہے تو وہ یہ کہتا ہے۔ حس (یعنی ''اوئی'')

❀❀ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت حمزہ بن عبدالمطلب دنیا کا تذکرہ کرنے لگے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دنیا سرسبز اور میٹھی ہے، جو شخص اس کے حق کے ہمراہ اسے حاصل کرے گا۔ اس کے لئے اس میں برکت رکھی جائے گی اور کئی لوگ ایسے ہیں جو اللہ اور اس کے رسول کے مال کو حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ان کو قیامت کے دن جہنم ملے گی۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَرْكِ التَّسَخُّطِ عِنْدَ وُرُودِ ضِدِ الْمُرَادِ فِي الْحَالِ عَلَيْهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنی مطلوبہ صورت حال کے برعکس صورت حال کے پیش آنے پر ناراضگی کو ترک کر دے

2893 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ آدَمَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، عَنْ اَبِي عَامِرٍ الْخَزَّازِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَدَمْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ سِنِينَ، فَمَا قَالَ لِي: لَمْ فَعَلْتَ كَذَا وَلَمْ تَفْعَلْ كَذَا

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے دس سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کی۔ آپ نے کبھی ''اف''

2893- إسناده على شرط مسلم إلا أن أبا عامر الخزاز وهو صالح بن رستم المزني، كثير الخطأ، لكنه قد توبع، وانظر الحديث الآتي.

نہیں کہا اور کبھی یہ نہیں فرمایا: یہ کیوں کیا ہے یہ کیوں نہیں کیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلَى صِحَّةِ مَا اَوْمَانَا اِلَيْهِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے جس کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے

2894 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، اَخْبَرَنَا سَلَّامُ بْنُ مِسْكِينٍ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَدَمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَشَرَ سِنِيْنَ، فَمَا قَالَ لِي: اُفٍّ قَطُّ، وَلَا قَالَ لِي: اَلَا صَنَعْتَ كَذَا وَكَذَا، وَلَمْ تَصْنَعْ كَذَا وَكَذَا

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے دس سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کی آپ نے کبھی مجھے اف نہیں کہا اور کبھی یہ نہیں فرمایا: تم نے یہ نہیں کیا؟ یہ کیوں نہیں کیا ہے؟

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالصَّبْرِ لِمَنْ اُصِيْبَ بِمُصِيْبَةٍ فِي الدُّنْيَا

جس شخص کو دنیا میں کوئی مصیبت لاحق ہو اس کو صبر کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

2895 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ،

2894- إسناده صحيح، وشيبان: ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم "2309" في الفضائل: باب كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احسن الناس خلقًا، من طريق شيبان، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "3/255"، والبخاري "06038" في الأدب: باب حسن الخلق والسخاء وما يكره من البخل، من طريقين عن سلام بن مسكين، به . وأخرجه مسلم "2309"ن والدارمي "1/31" وقد تحرف فيه "حماد بن زيد " إلى "حماد بن يزيد"، والبخاري في "الأدب المفرد " "277"، وأحمد "3/174"، وابو الشيخ في "أخلاق النبي " ص"32 من طريق حماد بن زيد، وعبد الرزاق "17946" من طريق معمر، وأحمد "3/195"، وأبو داوُد "4774" في الأدب: باب في الحلم وأخلاق النبي صلى الله عليه وسلم، والبغوي "3665"، وابن المبارك في "الزهد" "616"، والبخاري في "الأدب المفرد" "277" من طريق سليمان بن المغيرة، والترمذي "201" في البر والصلة: باب ما جاء في خلق النبي صلى الله عليه وسلم، وفي "الشمائل" "338"، والبغوي "3664" من طريق جعفر بن سليمان الضبعي، وأحمد "3/265" "3/265" من طريق عمارة، خمستهم عن ثابت، به. وأخرجه أحمد "3/101"، والبخاري "2768" في الوصايا: باب استخدام اليتيم في السفر والحضر، و"6911" في الديات: باب من استعان عبدًا أو صبيًا، ومسلم "2309"، من طريق عبد العزيز بن صهيب، عن أنس . وأخرجه مسلم "2309"، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي" ص"22 من طريق سعيد بن أبي بردة، عن أنس بلفظ: "خدمت رسول الله صلى الله عليه وسلم تسع سنين ... " وأخرجه أحمد "3/265" من طريق عبد العزيز بن صهيب، و"3/231" من طريق عمران البصري، و "3/124" و"256"، والطبراني في "المعجم الصغير " "1100" من طريق حميد، وأبو داوُد "4773" من طريق إسحاق بن عبد الله أبي طلحة عن أنس . وأخرجه مختصرًا من طرق أخرى: الطبراني "705" و"706" و"707" و"708" و"709".

قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَرَّ بِامْرَاَةٍ عِنْدَ قَبْرٍ تَبْكِي، فَقَالَ: يَا هٰذِهِ، اصْبِرِي، فَقَالَتْ: اِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا مُصَابِي فَقِيلَ لَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ: هٰذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَتْهُ، فَقَالَتْ: لَمْ اَعْرِفْكَ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک خاتون کے پاس سے گزرے جو قبر کے پاس بیٹھی رو رہی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عورت! صبر سے کام لو۔ اس نے کہا آپ نہیں جانتے مجھے کیا مصیبت لاحق ہوئی ہے' بعد میں اس خاتون کو بتایا گیا وہ اللہ کے نبی تھے۔ وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس نے عرض کی: میں آپ کو پہچانی نہیں تھی۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْخَيْرِ لِلْمُسْلِمِ الصَّابِرِ عِنْدَ الضَّرَّاءِ، وَالشَّاكِرِ عِنْدَ السَّرَّاءِ

مصیبت پر صبر کرنے والے مسلمان اور خوشحالی پر شکر کرنے والے مسلمان کے لیے بھلائی کے اثبات کا تذکرہ

2896 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى، عَنْ صُهَيْبٍ،

(متن حدیث):اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:عَجَبًا لِاَمْرِ الْمُؤْمِنِ اِنَّ اَمْرَهُ كُلَّهُ خَيْرٌ، اِنْ اَصَابَتْهُ سَرَّاءُ شَكَرَ، وَاِنَّ اَصَابَتْهُ ضَرَّاءُ صَبَرَ، وَكَانَ خَيْرًا لَهُ، وَلَيْسَ ذٰلِكَ لِاَحَدٍ اِلَّا لِلْمُؤْمِنِ

2895- إسناده حسن . وأخرجه أحمد "3/143"، والبخاري مختصرًا "1252" في الجنائز: باب قول الرجل للمرأة عند القبر: اصبري، و"1283" باب زيارة القبور، و "7154" في الأحكام: باب ما ذكر أن النبي صلى الله عليه وسلم لم يكن له بواب، ومسلم "926" في الجنائز: باب في الصبر على المصيبة عند الصدمة الأولى، وأبو داوٗد "3124" في الجنائز: باب الصبر عند الصدمة، والنسائي في "عمل اليوم والليلة" "1068"، والبيهقي 3/65"ن والبغوي "1539" من طرق عن شعبة، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "3/130"، والبخاري "1302" في الجنائز: باب الصبر عند الصدمة الأولى، ومسلم "926"، والنسائي "4/22"، والترمذي "988" في الجنائز: باب ما جاء في أن الصبر في الصدمة الأولى، والبيهقي "3/65" من طريق غندر، وأحمد "3/217" من طريق أبي قطن، كلاهما عن شعبة، بلفظ: "الصبر عند الصدمة الأولى." وأخرجه كذلك مختصرًا الترمذي "987 من طريق سعد بن سنان، عن أنس.

2896- إسناده صحيح على شرط مسلم . وهو في صحيحه "2999" في الزهد: باب المؤمن أمره كله خير، وسنن البيهقي "3/375" من طريق شيبان بن فروخ، بهٰذا الإسناد . وأخرجه أحمد "4/332" و"333"، و"6/15" و"16"، ومسلم "2999"، والطبراني "8/7316"، من طرق عن سليمان بن المغيرة , به. وأخرجه أحمد "6/16"، والدارمي "2/318"، والطبراني "8/8316" من طريق حماد بن سلمة، والطبراني "8/8317" من طريق يونس بن عبيد، كلاهما عن ثابت، به . وفي الباب عن أنس تقدم برقم "728" وعن سعد بن أبي وقاص ذكر في التعليق على حديث أنس المتقدم.

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''بندہ مومن کے بارے میں حیرت ہوتی ہیں اس کا معاملہ ہر حالت میں بہتر ہوتا ہے اگر اسے خوشخبری ملتی ہے تو وہ شکر کرتا ہے۔ اگر اسے پریشانی لاحق ہوتی ہے تو وہ صبر سے کام لیتا ہے اور یہ بھی اس کے لئے بہتر ہوتی ہے یہ خصوصیت صرف مومن کو حاصل ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ عَلَى الْمَرْءِ التَّصَبُّرَ عِنْدَ كُلِّ مِحْنَةٍ يُمْتَحَنُ بِهَا وَاِنْ كَانَتْ تِلْكَ الْمِحْنَةُ شَيْئًا يَسِيْرًا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ ہر پیش آنے والی آزمائش پر صبر سے کام لے اگرچہ وہ آزمائش معمولی سی ہو

2897 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ بَيَانِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُتَوَسِّدٌ بُرْدَةً فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ وَقَدْ لَقِيْنَا مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ شِدَّةً، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا تَدْعُو اللّٰهَ لَنَا، فَجَلَسَ مُغْضَبًا مُحْمَرًّا وَجْهُهُ، فَقَالَ: اِنَّ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ لَيُسْاَلُ الْكَلِمَةَ فَمَا يُعْطِيهَا، فَيُوضَعُ عَلَيْهِ الْمِنْشَارُ، فَيُشَقُّ بِاثْنَيْنِ، مَا يَصْرِفُهُ ذَاكَ عَنْ دِيْنِهِ، وَاِنْ كَانَ اَحَدُهُمْ لَيُمْشَطُ مَا دُوْنَ عِظَامِهِ مِنْ لَحْمٍ اَوْ عَصَبٍ بِاَمْشَاطِ الْحَدِيْدِ، وَمَا يَصْرِفُهُ ذَاكَ عَنْ دِيْنِهِ، وَلٰكِنَّكُمْ تَعْجَلُوْنَ، وَلَيُتِمَّنَّ اللّٰهُ هٰذَا الْاَمْرَ حَتّٰى يَسِيْرَ الرَّاكِبُ مِنْ صَنْعَاءَ اِلٰى حَضْرَمَوْتَ لَا يَخَافُ اِلَّا اللّٰهَ وَالذِّئْبَ عَلٰى غَنَمِهِ

حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ اس وقت خانہ کعبہ کے سائے میں چادر کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ ہمیں مشرکین کی طرف سے تکالیف کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ میں نے عرض کی کیا آپ اللہ تعالیٰ سے ہمارے لئے دعا نہیں کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غضب کی حالت میں سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔

2897- إسناده صحيح . إبراهيم بن بشار هو الرمادي: حافظ، حديثه عن الثقات مستقيم، وهو من أهل الصدق، ومن فوقه من رجال الشيخين . سفيان: هو ابن عيينة . وأخرجه البخاري "3852" في مناقب الأنصار: باب ما لقي النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه من المشركين بمكة، من طريق الحميدي، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" "3/117" من طريق عبدة كلاهما، عن سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد "5/109" و"110" و"111" و"6/395"، والبخاري "3612" في المناقب: باب علامات النبوة، و"3852"، و"6943" في الإكراه: باب ما اختار الضرب والقتل والهوان على الكفر، وأبو داؤد "2649"، والطبراني "4/3638" و"3639" و"3639/2" و"3640" والبيهقي "6/5"، والنسائي مختصرًا "8/204" في الزينة، باب: لبس البرود، من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، عن قيس، به.

آپ کا چہرہ سرخ ہوگیا۔ آپ نے ارشاد فرمایا: تم سے پہلے لوگوں سے کلمے کا مطالبہ کیا جاتا تھا اگر وہ اسے پورا نہیں کرتا تھا تو آرے کو اس پر رکھ کر اسے دو حصوں میں چیر دیا جاتا تھا لیکن یہ چیز بھی انہیں ان کے دین سے نہیں پھیر سکی اور بعض اوقات کسی شخص پر (لوہے کی بنی ہوئی) کنگھی پھیری جاتی تھی جو اس کے گوشت اور پٹھوں میں سے گزر کر اس کی ہڈیوں تک پہنچ جاتی تھی لیکن یہ چیز بھی انہیں ان کے دین سے نہیں پھیر سکی۔ البتہ تم لوگ جلد بازی کا اظہار کر رہے ہو اللہ تعالیٰ اس معاملے کو ضرور پورا کرے گا یہاں تک ایک سوار صنعاء سے چل کر حضر موت تک جائے گا اور اسے صرف اللہ کا خوف ہوگا یا اپنی بکریوں کے حوالے سے بھیڑیے کا خوف ہوگا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى مَنِ امْتُحِنَ بِمِحْنَةٍ فِي الدُّنْيَا فَيَلْقَاهَا بِالصَّبْرِ وَالشُّكْرِ يُرْجَى لَهُ زَوَالُهَا عَنْهُ فِي الدُّنْيَا مَعَ مَا يُدَّخَرُ لَهُ مِنَ الثَّوَابِ فِي الْعُقْبٰى

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جس شخص کو دنیا میں کسی آزمائش پر مبتلا کیا جاتا ہے

اور وہ صبر سے کام لیتا ہے اور شکر کرتا ہے تو اس شخص کے حق میں یہ امید کی جاسکتی ہے کہ وہ آزمائش دنیا میں ہی اس سے زائل ہو جائے گی اور اس کے ہمراہ اس شخص کو آخرت میں اجر و ثواب بھی ملے گا

2898 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اَيُّوْبَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبِثَ فِيْ بَلَائِهٖ ثَمَانَ عَشْرَةَ سَنَةً، فَرَفَضَهُ الْقَرِيْبُ وَالْبَعِيْدُ اِلَّا رَجُلَيْنِ مِنْ اِخْوَانِهٖ كَانَا مِنْ اَخَصِّ اِخْوَانِهٖ، كَانَا يَغْدُوَانِ اِلَيْهِ وَيَرُوْحَانِ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ: تَعْلَمُ وَاللّٰهِ لَقَدْ اَذْنَبَ اَيُّوْبُ ذَنْبًا مَا اَذْنَبَهُ اَحَدٌ مِّنَ الْعَالَمِيْنَ قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: مُنْذُ ثَمَانَ عَشْرَةَ سَنَةً لَمْ يَرْحَمْهُ اللّٰهُ، فَيَكْشِفُ مَا بِهٖ، فَلَمَّا رَاحَ اِلَيْهِ لَمْ يَصْبِرِ الرَّجُلُ حَتّٰى ذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ اَيُّوْبُ: لَا اَدْرِيْ مَا تَقُوْلُ غَيْرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ اَنِّيْ كُنْتُ اَمُرُّ عَلَى الرَّجُلَيْنِ يَتَنَازَعَانِ فَيَذْكُرَانِ اللّٰهَ، فَاَرْجِعُ اِلٰى بَيْتِيْ فَاُكَفِّرُ عَنْهُمَا كَرَاهِيَةَ اَنْ يُذْكَرَ اللّٰهُ اِلَّا فِيْ حَقٍّ قَالَ: وَكَانَ يَخْرُجُ اِلٰى حَاجَتِهٖ، فَاِذَا قَضٰى حَاجَتَهُ اَمْسَكَتِ امْرَاَتُهُ بِيَدِهٖ فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ، اَبْطَاَ عَلَيْهَا، فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى اَيُّوْبَ فِيْ مَكَانِهٖ (ارْكُضْ بِرِجْلِكَ هٰذَا مُغْتَسَلٌ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ) فَاسْتَبْطَاَتْهُ فَبَلَغَتْهُ، فَاَقْبَلَ عَلَيْهَا قَدْ اَذْهَبَ اللّٰهُ مَا بِهٖ مِنَ

2898- إسناده على شرط مسلم . عقيل: هو عقيل بن خالد بن عقيل الأيلي. وأخرجه الطبرى فى "جامع البيان" "23/167" من طريق يونس بن عبد الأعلى، عن ابن وهب، بهٰذا الإسناد. وذكره ابن كثير فى "البداية والنهاية" "1/208" عن ابن جرير، وابن أبى حاتم وابن حبان، وقال: وهٰذا غريب رفعه جدًا، والأشبه أن يكون موقوفًا . وأخرجه أبو يعلى، والبزار "2357"، والحاكم "5/181"-"582"، وأبو نعيم فى "الحلية" "3/374"-"375" من طرق عن سعيد بن أبى مريم، عن نافع بن يزيد، به. وصححه الحاكم ووافقه الذهبى، وقال أبو نعيم: غريب من حديث الزهرى، لم يروه عنه إلا عقيل، ورواته متفق على عدالتهم، تفرد به نافع. وذكره الهيثمى فى "المجمع" "8/208" وقال: رواه أبو يعلى والبزار ورجال البزار رجال الصحيح . وأورده السيوطى فى "الدر المنثور" "5/659"-"660"، وزاد نسبته إلى ابن أبى الدنيا وابن مردويه.

الْبَلَاءِ فَهُوَ اَحْسَنُ مَا كَانَ، فَلَمَّا رَاَتْهُ قَالَتْ: اَیْ بَارَكَ اللّٰهُ، فِيكَ هَلْ رَاَيْتَ نَبِيَّ اللّٰهِ هٰذَا الْمُبْتَلٰى، وَاللّٰهِ عَلٰى ذٰلِكَ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا كَانَ اَشْبَهَ بِهِ مِنْكَ اِذْ كَانَ صَحِيْحًا قَالَ: فَاِنِّیْ اَنَا هُوَ، وَكَانَ لَهُ اَنْدَرَانِ: اَنْدَرُ الْقَمْحِ، وَاَنْدَرُ الشَّعِيرِ، فَبَعَثَ اللّٰهُ سَحَابَتَيْنِ، فَلَمَّا كَانَتْ اِحْدَاهُمَا عَلٰى اَنْدَرِ الْقَمْحِ، اَفْرَغَتْ فِيهِ الذَّهَبَ حَتّٰى فَاضَتْ، وَاَفْرَغَتِ الْاُخْرٰى عَلٰى اَنْدَرِ الشَّعِيرِ الْوَرِقَ حَتّٰى فَاضَتْ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ کے نبی حضرت ایوب علیہ السلام اٹھارہ سال تک بیماری میں مبتلا رہے ہر قریبی اور دور کے شخص نے ان سے لاتعلقی اختیار کر لی۔ سوائے دو آدمیوں کے جوان کے انتہائی قریبی دوست تھے۔ وہ صبح شام ان کے پاس جایا کرتے تھے۔ ان میں سے ایک اپنے ساتھی سے کہتا تھا تم یہ بات جانتے ہو۔ اللہ کی قسم! ایوب نے کسی ایسے گناہ کا ارتکاب کیا ہے' جو تمام جہانوں میں سے کسی نے نہیں کیا۔ اس کے ساتھی نے اس سے کہا: وہ کیا ہے وہ بولا: اٹھارہ سال ہو گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کو اس پر رحم نہیں آیا ورنہ اللہ تعالیٰ اس کی تکلیف کو ختم کر دیتا جب وہ شخص حضرت ایوب علیہ السلام کے پاس گیا تو اس سے صبر نہیں ہوا۔ اس نے حضرت ایوب علیہ السلام کے سامنے اس بات کا تذکرہ کر دیا' تو حضرت ایوب علیہ السلام نے فرمایا: مجھے نہیں معلوم تم کیا کہہ رہے ہو' البتہ یہ ہے' اللہ تعالیٰ یہ بات جانتا ہے' میں دو آدمیوں کے پاس سے گزرا جو آپس میں جھگڑ رہے تھے اور وہ دونوں اللہ تعالیٰ کا ذکر کر رہے تھے۔ میں اپنے گھر واپس آ گیا میں نے ان دونوں کی طرف سے کفارہ دیا اس بات کو ناپسند کرتے ہوئے' اللہ تعالیٰ کا ذکر ناحق طور پر کیا جائے۔

راوی کہتے ہیں پھر وہ قضائے حاجت کے لئے گئے' جب انہوں نے اپنی حاجت مکمل کر لی' تو ان کی بیوی نے ان کے ہاتھ کو پکڑا پھر ایک دن وہ اس عورت کے پاس نہیں آئے' تو اللہ تعالیٰ نے حضرت ایوب علیہ السلام پر اس جگہ وحی نازل کی:

''تم اپنا پاؤں مارو تو یہاں سے غسل کرنے اور پینے کے لئے ٹھنڈا (پانی پھوٹ پڑے گا)''

وہ عورت کچھ تاخیر سے ان کے پاس آئی' جب حضرت ایوب علیہ السلام نے اس کی طرف رخ کیا' تو ان کی بیماری ختم ہو چکی تھی اور وہ پہلے کی طرح خوبصورت (اور تندرست تھے) جب اس عورت نے انہیں دیکھا تو بولی: اے (صاحب!) اللہ تعالیٰ آپ کو برکت دے' کیا آپ نے بیماری میں مبتلا اللہ تعالیٰ کے نبی (حضرت ایوب علیہ السلام) کو دیکھا ہے؟ اللہ تعالیٰ کی قسم میں نے آپ سے زیادہ ان سے مشابہت رکھنے والا شخص نہیں دیکھا' یعنی جب وہ تندرست تھے' حضرت ایوب علیہ السلام نے فرمایا: وہ میں ہی ہوں۔

حضرت ایوب علیہ السلام کے دو گودام تھے' ایک گودام گندم کا تھا اور دوسرا گودام جو کا تھا' اللہ تعالیٰ نے دو بادل بھیجے' ان میں سے گندم والے گودام پر آیا اور اس نے اس پر سونے کی بارش کی یہاں تک کہ وہ (گودام سونے سے) بھر گیا اور دوسرے بادل نے جو کے گودام پر چاندی کی بارش کی یہاں تک کہ وہ (گودام چاندی سے) بھر گیا (یعنی حضرت ایوب علیہ السلام پھر سے خوب مالدار ہو گئے)

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَوْطِينِ النَّفْسِ عَلٰى تَحَمُّلِ الْمِحَنِ وَالْبَلَايَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ مصیبتوں اور آزمائشوں کا سامنا کرنے کے لیے وہ اپنے آپ کو تیار رکھے

2899 - (سندحدیث): اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِيْنٍ الْيَمَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُوْ عَبْدِ رَبٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا بَقِيَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا بَلَاءٌ وَفِتْنَةٌ

❁❁ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''دنیا میں اب صرف آزمائش اور فتنہ ہی باقی رہ گئے ہیں۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَوْطِينِ النَّفْسِ عَلٰى تَحَمُّلِ مَا يَسْتَقْبِلُهَا مِنَ الْمِحَنِ وَالْمَصَائِبِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ وہ آگے پیش آنے والی مصیبتوں اور آزمائشوں کا سامنا کرنے کے لیے خود کو تیار رکھے

2900 - (سندحدیث): عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ قَالَ:

(متن حدیث): يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَشَدُّ النَّاسِ بَلَاءً؟ قَالَ: الْاَنْبِيَاءُ، ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ، وَيُبْتَلَى الْعَبْدُ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهٖ، فَمَا يَبْرَحُ الْبَلَاءُ بِالْعَبْدِ حَتّٰى يَدَعَهٗ يَمْشِي عَلَى الْاَرْضِ، وَمَا عَلَيْهِ خَطِيئَةٌ

❁❁ مصعب بن سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! سب سے زیادہ آزمائش کا سامنا کن لوگوں کو کرنا پڑتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیاء کو' پھر اس کے بعد درجہ بدرجہ (نیک لوگوں کو) بندے کو اس کے دین کے حساب سے آزمائش میں مبتلا کیا جاتا ہے اور آزمائش مسلسل بندے کے ساتھ رہتی ہے' یہاں تک کہ اسے ایسی حالت میں کر دیتی ہے' وہ زمین پر چلتا ہے اور اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا۔

2899- إسناده قوى. أبو عبد رب: هو مولى ابن غيلان الثقفي، روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات" وقال: كان من أيسر أهل دمشق، فخرج من ماله كله، وباقي السند، رجاله رجال الصحيح . وأورده المؤلف برقم "690" في الرقائق: باب الفقر والزهد والقناعة، من طريق الوليد بن مزيد، عن ابن جابر، بهٰذا الإسناد. وتقدم تخريجه هناك.

2900- إسناده حسن . وأخرجه الحاكم "1/41" من طريق عفان، عن حماد بن سلمة، بهٰذا الإسناد . وانظر الحديث رقم "2901" و"2920" و"2921"

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

2901 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ النَّاسِ اَشَدُّ بَلَاءً؟ قَالَ: الْاَنْبِيَاءُ، ثُمَّ الْاَمْثَلُ، فَالْاَمْثَلُ، يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهٖ، فَاِنْ كَانَ دِيْنُهٗ صُلْبًا اشْتَدَّ بَلَاؤُهٗ، وَاِنْ كَانَ فِيْ دِيْنِهٖ رِقَّةٌ ابْتُلِيَ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهٖ، فَمَا يَبْرَحُ الْبَلَاءُ بِالْعَبْدِ حَتّٰى يَتْرُكَهٗ يَمْشِيْ عَلَى الْاَرْضِ وَمَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ

❁❁ مصعب بن سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! لوگوں میں سب سے زیادہ آزمائش کا شکار کون لوگ ہوتے ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انبیاء پھر درجہ بدرجہ (مذہبی لوگ) آدمی کو اس کے دین کے حساب سے آزمائش میں مبتلا کیا جاتا ہے اگر اس کا دین مضبوط ہو تو اس کی آزمائش شدید ہوتی ہے اور اگر اس کے دین میں کمزوری ہو تو اس کے دین کے حساب سے ہی آزمائش میں مبتلا کیا جاتا ہے اور آدمی مسلسل آزمائش کا شکار ہوتا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ آزمائش انسان کو ایسی حالت میں کر دیتی ہے کہ وہ زمین پر چل رہا ہوتا ہے اور اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا (یعنی اس کے سب گناہ معاف ہو چکے ہوتے ہیں)

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْمَرْءَ عِنْدَمَا امْتُحِنَ بِالْمَصَائِبِ عَلَيْهِ زَجْرُ النَّفْسِ عَنِ الْخُرُوْجِ اِلٰى مَا لَا يُرْضِي اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا، دُوْنَ دَمْعِ الْعَيْنِ وَحُزْنِ الْقَلْبِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ جب آدمی مصیبت کی آزمائش میں مبتلا ہو تو

اس پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے نفس کو اس چیز کی طرف جانے سے روکے جو اللہ تعالیٰ کو راضی نہیں کرتی ہے اس سے مراد آنکھ کے آنسو روکنا یا دل کے غم کو روکنا نہیں ہے

2902 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، قَالَ:

2901- إسناده حسن كالذى قبله. وأخرجه الترمذى "2398" فى الزهد: باب ما جاء فى الصبر على البلاء، عن عتبة بن سعيد، بهذا الإسناد، وقال: هذا حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد "1/185"، وابن ماجه "4023" فى الفتن: باب الصبر على البلاء، والبغوى "1434"، والحاكم "1/41" من طرق عن حماد بن زيد، به. وأخرجه الدارمى "2/320"، والحاكم "1/41"، وأحمد "1/172" و"173"-"174 و"180"، والبيهقى "3/372" من طريق عاصم، به. وفى الباب عن أبى هريرة وسيأتى برقم "2913". وعن أبى سعيد الخدرى عند أحمد "2/335"، والحاكم "4/307"، وابن ماجه "4024"، وصححه الحاكم. وعن فاطمة أخت حذيفة عند أحمد "6/369"، والحاكم. "4/404".

2902- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو فى "صحيحه" "2315" فى الفضائل: باب رحمته صلى الله عليه وسلم الصبيان والعيال وتواضعه وفضل ذلك، من طريق هدبة من خالد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "3/194"، ومسلم "2315"، وأبو داؤد "03126" فى الجنائز: باب فى البكاء على الميت، والبيهقى "4" /"69 من طرق عن سليمان بن المغيرة، به.

حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنِ انَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): وُلِدَ لِىَ اللَّيْلَةَ غُلَامٌ، فَسَمَّيْتُهُ بِاَبِىْ اِبْرَاهِيْمَ، ثُمَّ دَفَعَهُ اِلٰى امْرَاَةِ قَيْنٍ بِالْمَدِيْنَةِ، فَاتَّبَعَهُ، فَانْتَهٰى اِلٰى اَبِىْ سَيْفٍ وَّهُوَ يَنْفُخُ فِىْ كِيْرِهِ، وَالْبَيْتُ مُمْتَلِءٌ دُخَانًا، فَاَسْرَعْتُ الْمَشْىَ بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا سَيْفٍ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَاَمْسَكَ، فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ بِالصَّبِيِّ، فَضَمَّهُ اِلَيْهِ، وَقَالَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُوْلَ قَالَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُهُ بَعْدَ ذٰلِكَ وَهُوَ يَكِيْدُ بِنَفْسِهِ بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَيْنَاهُ تَدْمَعُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَدْمَعُ الْعَيْنُ وَيَحْزَنُ الْقَلْبُ، وَلَا نَقُوْلُ اِلَّا مَا يَرْضٰى رَبُّنَا وَاِنَّا بِكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ لَمَحْزُوْنُوْنَ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میرے ہاں گزشتہ رات بچے کی پیدائش ہوئی ہے میں نے اپنے جدامجد کے نام پر اس کا نام ابراہیم رکھا ہے (راوی بیان کرتے ہیں:) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں مدینہ منورہ کے ایک سنار کی بیوی کے سپرد کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لے گئے جس وقت آپ ابوسیف کے گھر پہنچے وہ اس وقت اپنی بھٹی میں آگ لگا رہا تھا۔ پورا گھر دھوئیں سے بھرا ہوا تھا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے تیزی سے چلتا ہوا گیا اور میں نے بتایا: اے ابوسیف! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لا رہے ہیں' تو وہ رک گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بچے کو بلوایا اور اسے اپنے ساتھ چمٹا لیا اور جو اللہ کو منظور تھا وہ آپ نے کہا۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس کے بعد میں نے دیکھا کہ وہ بچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آخری سانس لے رہا تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آنکھوں سے آنسو جاری ہیں' دل غمگین ہے اور ہم وہی کہتے ہیں' جس سے ہمارا پروردگار راضی ہے اور اے ابراہیم! ہم تمہاری وجہ سے غمگین ہیں۔''

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الثَّبَاتِ عَلَى الدِّيْنِ عِنْدَ تَوَاتُرِ الْبَلَايَا عَلَيْهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ مسلسل آزمائشوں کا سامنا کرنے پر دین پر ثابت قدم رہے

2903 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صُلَيْحٍ، بِوَاسِطَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ بَيَانَ السُّكَّرِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَيْلَةَ اُسْرِىَ بِهٖ مَرَّ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ، فَقَالَ: يَا جِبْرِيْلُ مَا هٰذِهِ الرِّيْحُ؟ قَالَ: هٰذِهٖ رِيْحُ مَاشِطَةِ بِنْتِ فِرْعَوْنَ وَاَوْلَادِهَا، بَيْنَمَا هِىَ تَمْشُطُ بِنْتَ فِرْعَوْنَ، اِذْ سَقَطَ الْمِدْرٰى مِنْ يَّدِهَا، فَقَالَتْ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَقَالَتْ بِنْتُ فِرْعَوْنَ: اَبِىْ، قَالَتْ: بَلْ، رَبِّىْ وَرَبُّكِ اللّٰهُ، قَالَتْ: وَاِنَّ لَكِ رَبًّا غَيْرَ اَبِىْ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، اللّٰهُ، قَالَتْ: فَاُخْبِرُ بِذٰلِكَ اَبِىْ، قَالَتْ: نَعَمْ، فَاَخْبَرَتْهُ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا فَقَالَ: اَلَكِ رَبٌّ غَيْرِىْ؟

2903– إسناده قوي. فقد سمع حماد بن سلمة من عطاء بن السائب قبل الاختلاط عند جمع من الأئمة، وانظر ما بعده.

قَالَتْ: نَعَمْ، رَبِّي وَرَبُّكَ اللّٰهُ، فَأَمَرَ بِنُقْرَةٍ مِنْ نُحَاسٍ، فَأُحْمِيَتْ، فَقَالَتْ لَهُ: إِنَّ لِي إِلَيْكَ حَاجَةً قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَجَعَلَ يُلْقِي وَلَدَهَا وَاحِدًا وَاحِدًا، حَتّٰى انْتَهَوْا إِلٰى وَلَدٍ لَهَا رَضِيعٍ، فَقَالَ: يَا أُمَّتَاهُ اثْبُتِي فَإِنَّكِ عَلَى الْحَقِّ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: معراج کی رات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک پاکیزہ خوشبو کے پاس سے ہوا' تو آپ نے دریافت کیا: اے جبرائیل! یہ کس چیز کی خوشبو ہے' تو انہوں نے بتایا: یہ فرعون کی بیٹی کو کنگھی کرنے والی عورت اور اس کی اولاد کی خوشبو ہے۔ ایک مرتبہ وہ فرعون کی بیٹی کو کنگھی کر رہی تھی اسی دوران اس کے ہاتھ سے کنگھی گر گئی' تو اس نے (کنگھی کو اٹھاتے ہوئے) بسم اللہ کہا فرعون کی بیٹی نے دریافت کیا: کیا میرے والد؟ اس عورت نے جواب دیا: جی نہیں بلکہ میرا اور تمہارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے۔ فرعون کی بیٹی نے دریافت کیا: کیا میرے باپ کے علاوہ بھی تمہارا کوئی پروردگار ہے؟ اس عورت نے جواب دیا: جی ہاں اللہ تعالیٰ ہے۔ فرعون کی بیٹی نے کہا: کیا میں یہ بات اپنے والد کو بتا دوں۔ اس عورت نے جواب دیا: جی ہاں' تو فرعون کی بیٹی نے فرعون کو یہ بات بتا دی فرعون نے اس عورت کو بلوایا اور اس سے دریافت کیا: کیا میرے علاوہ بھی تمہارا کوئی پروردگار ہے اس عورت نے جواب دیا: جی ہاں میرا اور تمہارا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے' تو فرعون نے سیسہ پگھلانے کا حکم دیا اسے پگھلا دیا گیا اس عورت نے اس سے کہا: مجھے تم سے ایک کام ہے اس نے جواب دیا: ٹھیک ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر وہ اس کے بچوں کو ایک ایک کر کے (آگ میں) ڈالتا رہا یہاں تک کے اس کے دودھ پیتے بچے کی باری آئی' تو اس بچے نے کہا: اے امی جان! آپ ثابت قدم رہیے گا آپ حق پر ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

2904 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَرَرْتُ لَيْلَةَ أُسْرِيَ بِي بِرَائِحَةٍ طَيِّبَةٍ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا يَا جِبْرِيلُ؟، فَقَالَ: هٰذِهِ مَاشِطَةُ بِنْتِ فِرْعَوْنَ، كَانَتْ تَمْشُطُهَا فَوَقَعَ الْمُشْطُ مِنْ يَدِهَا فَقَالَتْ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَقَالَتْ بِنْتُ فِرْعَوْنَ: أَبِي؟ قَالَتْ: رَبِّي وَرَبُّكِ وَرَبُّ أَبِيكِ، قَالَتْ: أَقُولُ لَهُ، قَالَتْ: قُولِي، فَقَالَتْ: فَقَالَ لَهَا: أَلَكِ مِنْ رَبٍّ غَيْرِي؟ قَالَتْ: رَبِّي وَرَبُّكَ

2904- إسناده قوي وهو مكرر ما قبله .وأخرجه أحمد "1/310"، والبيهقي في "دلائل النبوة" "2" /"389 من طريق هدبة بن خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه البزار "54"، والبيهقي "2/389"، وأحمد "1/310" من طريق عفان، عن حماد بن سلمة، به.وأورده ابن كثير في تفسيره "5/27" من رواية البيهقي، وقال: إسناده لا بأس به.وأخرجه أحمد 1/309"-"310، ومن طريقه الطبراني في "الكبير" "11/12280" من طريق أبي عمر الضرير، وأحمد "1/310" من طريق حسن، والطبراني "11/12279" من طريق أبي نثر التمار، ثلاثتهم عن حماد، به.وزادا الرابع الذي نسي وهو شاهد يوسف وذكره الهيثمي في "المجمع" "1/65" وقال: رواه أحمد والبزار والطبراني في "الكبير" و "الأوسط"، وفيه عطاء بن السائب وهو ثقة ولكنه اختلفط.وذكره السيوطي في "الدر المنثور" "4/150"، وزاد نسبته إلى النسائي وابن مردويه.

الَّذِي فِي السَّمَاءِ، قَالَتْ: فَاَحْمَى لَهَا نُقْرَةً مِنْ نُحَاسٍ، وَقَالَتْ لَهُ: اِنَّ لِي اِلَيْكَ حَاجَةً، قَالَ: وَمَا حَاجَتُكِ؟ قَالَتْ: حَاجَتِي اَنْ تَجْمَعَ بَيْنَ عِظَامِي وَبَيْنَ عِظَامِ وَلَدِي قَالَ: ذٰلِكَ لَكِ لَمَّا لَكِ عَلَيْنَا مِنَ الْحَقِّ، فَاَلْقَى وَلَدَهَا فِي النُّقْرَةِ وَاحِدًا فَوَاحِدًا، وَكَانَ اٰخِرَهُمْ صَبِيٌّ فَقَالَ: يَا اُمَّتَاهُ فَاِنَّكِ عَلَى الْحَقِّ.

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اَرْبَعَةٌ تَكَلَّمُوا وَهُمْ صِغَارٌ: ابْنُ مَاشِطَةِ ابْنَةِ فِرْعَوْنَ، وَصَبِيُّ جُرَيْجٍ، وَعِيسٰى ابْنُ مَرْيَمَ، وَالرَّابِعُ لَا اَحْفَظُهُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: جس رات مجھے معراج کروائی گئی' تو میرا گزر ایک پاکیزہ خوشبو کے پاس سے ہوا میں نے دریافت کیا: اے جبرائیل! یہ کس چیز کی ہے؟ انہوں نے بتایا: یہ فرعون کی بیٹی کے بال سنوارنے والی عورت کی خوشبو ہے' ایک مرتبہ بال سنوار رہی تھی اس کے ہاتھ سے کنگھی گر گئی' تو اس نے کہا: اللہ کے نام سے (برکت حاصل کرتے ہوئے میں اسے اٹھاتی ہوں) فرعون کی بیٹی نے کہا: کیا میرے والد؟ اس نے جواب دیا: نہیں وہ جو میرا' تمہارا اور تمہارے باپ کا پروردگار ہے۔ فرعون کی لڑکی نے کہا: میں ان سے (یعنی اپنے باپ سے) یہ کہوں گی اس عورت نے کہا: تم کہہ دینا اس لڑکی نے (فرعون کو بتا دیا)' تو فرعون نے اس عورت سے دریافت کیا: کیا تمہارا میرے علاوہ کوئی اور پروردگار ہے اس عورت نے جواب دیا: میرا اور تمہارا پروردگار وہ ہے' جو آسمان میں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر اس عورت کے لیے پگھلا ہوا سیسہ گرم کیا گیا اس عورت نے فرعون سے کہا: مجھے تم سے ایک کام ہے فرعون نے دریافت کیا: تمہیں کیا کام ہے؟ اس عورت نے کہا: میری یہ خواہش ہے کہ تم میری اور میری اولاد کی ہڈیوں کو اکٹھا کر دینا۔ فرعون نے کہا: ایسا ہی ہوگا' کیونکہ تمہارا ہم پر کچھ حق بھی ہے۔ پھر فرعون نے اس کے بچوں کو ایک ایک کر کے اس سیسے میں ڈالنا شروع کیا ان کے آخر میں ایک چھوٹا بچہ آیا' تو اس بچے نے کہا: اے امی جان آپ حق پر ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: چار بچوں نے کم سنی میں کلام کیا تھا۔ فرعون کی بیٹی کے بال سنوارنے والی عورت کے بیٹے نے' وہ بچہ جس کے ساتھ جریج کا واقعہ ہوا تھا۔ حضرت عیسیٰ بن مریم نے (راوی کہتے ہیں) چوتھے بچے کے بارے میں مجھے یاد نہیں ہے۔

ذِكْرُ تَكْفِيرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِالْهُمُومِ وَالْاَحْزَانِ ذُنُوبَ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ تَفَضُّلًا مِنْهُ جَلَّ وَعَلَا عَلَيْهِ

اللہ تعالیٰ کا غموں اور دکھوں کی وجہ سے مسلمان شخص کے گناہوں کو ختم کر دینے کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ کے فضل کا نتیجہ ہے

2905 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَامِرٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ

عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَاَبِىْ سَعِيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يُصِيْبُ الْمَرْءَ الْمُؤْمِنَ مِنْ نَصَبٍ، وَلَا وَصَبٍ، وَلَا هَمٍّ، وَلَا حُزْنٍ، وَلَا غَمٍّ، وَلَا اَذًى حَتَّى الشَّوْكَةُ يُشَاكُهَا، اِلَّا كَفَّرَ اللّٰهُ عَنْهُ بِهَا خَطَايَاهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مومن بندے کو جو بھی تکلیف' پریشانی' غم تکلیف' غم اور اذیت لاحق ہوتی ہے' یہاں تک کہ اسے جو کانٹا چبھتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے بھی اس کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔''

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمُسْلِمِ بِحَطِّ الْخَطَايَا وَرَفْعِ الدَّرَجَاتِ بِالْاَحْزَانِ، وَاِنْ كَانَتْ شَوْكَةً فَمَا فَوْقَهَا

اللہ تعالیٰ کا مسلمان پر یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ وہ غموں کی وجہ سے آدمی کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے اور درجات کو بلند کرتا ہے اگرچہ وہ کانٹا (لگنے) یا اس سے بھی اوپر کی کوئی چیز ہو

2906 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَا مِنْ مُسْلِمٍ يُشَاكُ شَوْكَةً فَمَا فَوْقَهَا اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ بِهَا عَنْهُ خَطِيئَةً

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا یہ بات بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''مسلمان کو جو بھی کانٹا لگے یا اس سے اوپر (جو بھی تکلیف لاحق ہو)' تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس شخص کے درجے کو بلند کرتا ہے اور اس کی وجہ سے اس شخص کے گناہ کو معاف کر دیتا ہے۔''

2905- إسناده صحيح على شرطهما. أبو عامر: هو عبد الملك بن عمرو العقدي البصري، وزهير بن محمد: هو التميمي الخراساني. وأخرجه أحمد "2/335" و"3/18"-"19"، والبخاري "5641" و"5642" في المرضى: باب ما جاء في كفارة المرض، والبغوي في "شرح السنة" "1421" من طريق أبي عامر، بهذا الإسناد وأخرجه أحمد "2/303" و"3/48" من طريق عبد الرحمٰن بن مهدي، عن زهير، به. وأخرجه أحمد "3/4" و"61" و"81" من طريق محمد بن إسحاق، و "3/24"، والترمذي "966" في الجنائز: باب ما جاء في ثواب المريض من طريق أسامة بن زيد، ومسلم "2573"، والبيهقي "3/373" من طريق الوليد بن كثير، ثلاثتهم عن محمد بن عمرو بن عطاء، عن عطاء بن يسار، عن أبي سعيد الخدري، وزاد مسلم والبيهقي: "وأبي هريرة." وأخرجه أحمد "2/402"

2906- إسناده صحيح على شرط الشيخين. غندر. لقب محمد بن جعفر الهذلي، وعمرو بن مرة: هو ابن عبد الله الجملي، وأبو وائل: هو شقيق بن سلمة الكوفي. وأخرجه أحمد "6/175" من طريق محمد بن جعفر، بهذا الإسناد. وروايته: "أو حط بها ..." وانظر الحديث رقم "2919" و."2925"

ذِكْرُ اِرَادَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْخَيْرَ بِمَنْ تَوَاتَرَتْ عَلَيْهِ الْمَصَائِبُ وَالْاَحْزَانُ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کیلئے بھلائی کرنے کا ارادہ کرنے کا تذکرہ جس پر مسلسل مصیبتیں اور غم آتے ہیں

2907 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي صَعْصَعَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُصِبْ مِنْهُ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: ابْنُ اَبِي صَعْصَعَةَ هٰذَا: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي صَعْصَعَةَ مِنْ سَادَاتِ اَهْلِ الْمَدِينَةِ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ جس شخص کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کرلے اسے آزمائش میں مبتلا کرتا ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابن ابوصعصعہ نامی راوی محمد بن عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن صعصعہ ہے۔ جو اہل مدینہ کے سرداروں میں سے ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعَبْدَ قَدْ يَكُوْنُ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ الْمَنَازِلُ فِي الْجِنَانِ فَلَا يَبْلُغُهَا اِلَّا بِالْمِحَنِ وَالْبَلَايَا فِي الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کسی بندے کے جنت میں مخصوص منازل ہوتے ہیں جن تک وہ شخص صرف دنیا میں آزمائش اور پریشانیوں کا سامنا کر کے ہی پہنچ سکتا ہے

2908 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ هُوَ الْبَجَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ الرَّجُلَ لَتَكُوْنُ لَهٗ عِنْدَ اللّٰهِ الْمَنْزِلَةُ، فَمَا يَبْلُغُهَا بِعَمَلٍ، فَلَا يَزَالُ اللّٰهُ يَبْتَلِيهِ بِمَا يَكْرَهُ حَتّٰى يُبَلِّغَهٗ اِيَّاهَا.

2907– إسناده صحيح على شرط البخاري، القعنبي: هو عبد الله بن مسلمة بن قعنب القعنبي .وهو في "الموطأ" "2/941" في العين: باب ما جاء في أجر المريض، ومن طريقه أخرجه البخاري "5645" في المرضى: باب ما جاء في كفارة المرضى، والقضاعي في "مسند الشهاب" "344"، وأحمد "2" / "237"، والبغوي "1420"،

2908– إسناده حسن، يحيى بن أيوب البجلي ليس به بأس، وباقي السند رجاله رجال الصحيح.وأبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير بن عبد الله البجلي .وأخرجه الحاكم "1/344" من طريق أحمد بن عبد الجبار، عن يونس، بهذا الإسناد .وذكره الهيثمي في "المجمع" "2/292" وقال: روه أبو يعلى، ورجاله ثقات

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''ایک شخص کا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایک خاص مرتبہ ہوتا ہے جہاں تک وہ کسی عمل کے ذریعے نہیں پہنچ سکتا' تو اللہ تعالیٰ اسے مسلسل ناپسندیدہ صورت حال میں مبتلا رکھتا ہے' یہاں تک کہ اس شخص کو اس مرتبے تک پہنچا دیتا ہے۔''

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ عَلٰى مَنِ امْتَحَنَهُ بِاللَّمَمِ فِي الدُّنْيَا بِرَفْعِ الْحِسَابِ عَنْهُ فِي الْعُقْبَى اِذَا صَبَرَ عَلٰى ذٰلِكَ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص پر یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ جسے وہ دنیا میں آزمائش میں مبتلا کرتا ہے آخرت میں اس سے حساب نہیں لے گا' جب وہ بندہ اس آزمائش پر صبر کرے

2909 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَبِهَا لَمَمٌ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّشْفِيَنِيْ، قَالَ: اِنْ شِئْتِ دَعَوْتُ اللّٰهَ لَكِ فَشَفَاكِ، وَاِنْ شِئْتِ فَاصْبِرِيْ وَلَا حِسَابَ عَلَيْكِ فَقَالَتْ: بَلْ اَصْبِرُ وَلَا حِسَابَ عَلَيَّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک خاتون نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اسے مرگی کی شکایت تھی۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے شفا عطا کرے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم چاہو' تو میں تمہارے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کر دیتا ہوں وہ تمہیں شفا نصیب کر دے گا اور اگر تم چاہو' تو صبر سے کام لو' تو تم سے حساب نہیں لیا جائے گا۔ اس نے عرض کی: میں صبر سے کام لیتی ہوں' تاکہ مجھ سے حساب نہ لیا جائے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ قَدْ يُجَازِيْ مَنْ شَاءَ مِنْ عِبَادِهٖ عَلٰى سَيِّئَاتِهٖ فِي الدُّنْيَا لِيَكُوْنَ ذٰلِكَ تَطْهِيْرًا عَنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ بعض اوقات اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے

جس کے بارے میں چاہتا ہے اس کے گناہوں کے بدلے میں اسے دنیا میں سزا دے دیتا ہے تاکہ وہ شخص گناہوں

2900– إسناده حسن من أجل محمد بن عمرو، فإن حديثه لا يرقى إلى الصحة، وباقي السند ثقات من رجال الشيخين. وعبد اللّٰه بن محمد: هو الأزدي، وعبدة: هو ابن سليمان الكلابي، ومحمد بن عبيد: هو ابن أبي أمية الطنافسي .وأخرجه أحمد "2/441"، والبغوي "1424" من طريق محمد بن عبيد، بهٰذا الإسناد.وأخرجه البزار "772" من طريق عمرو بن خليفة، والحاكم "4/218" من طريق عبد العزيز بن مسلم، كلاهما عن محمد بن عمرو، به، وقال الحاكم: حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي.وذكره الهيثمي في "المجمع" "2/307" وقال: رواه البزار وإسناده حسن.

سے پاک ہو جائے

2910 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي زُهَيْرٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ الصَّلَاحُ بَعْدَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ (لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَا اَمَانِيِّ اَهْلِ الْكِتَابِ مَنْ يَعْمَلْ سُوْءًا يُجْزَ بِهِ) (النساء: 123) وَكُلُّ شَيْءٍ عَمِلْنَا جُزِينَا بِهِ؟ فَقَالَ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ يَا اَبَا بَكْرٍ، اَلَسْتَ تَمْرَضُ؟ اَلَسْتَ تَحْزَنُ؟ اَلَسْتَ تُصِيبُكَ اللَّاْوَاءُ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلٰى، قَالَ: هُوَ مَا تُجْزَوْنَ بِهِ

❀❀ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ انہوں نے عرض کی: اس آیت کے بعد بہتری کیسے ہو سکتی ہے؟

''نہ وہ تمہاری آرزوؤں کے مطابق ہے نہ اہل کتاب کی آرزوؤں کے مطابق ہے' جو شخص برا عمل کرے گا اسے اس کا بدلہ مل جائے گا۔''

(حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی:) تو کیا ہم جو بھی عمل کریں گے ہمیں اس کا بدلہ ملے گا؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوبکر! اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کرے' کیا تم بیمار نہیں ہوتے ہو؟ کیا تم غمگین نہیں ہوتے ہو؟ کیا

2910- إسناده ضعيف لانقطاعه، فإن أباب بكر بن أبي زهير الثقفي من صغار التابعين لم يسمع من أبي بكر، ثم هو مستور لم يذكر بجرح ولا تعديل، لكن الحديث صحيح بطرقه وشواهده . خالد: هو ابن عبد الله بن عبد الرحمٰن بن يزيد الطحان .وأخرجه أحمد "1/11"، والطبرى "10523" و"10524" و"10525" و"10526" و"10527"، والمروزى فى "مسند أبى بكر" "111" و"112"، وأبو يعلى "98" و"99" و"100" و"101" والحاكم 3/74"-"75، والبيهقى "3/373" من طرق عن إسماعيل بن أبى خالد، بهذا الإسناد . وصححه الحاكم، ووافقه الذهبى .وأخرجه أبو يعلى "99" أيضًا من طريق وكيع عن إسماعيل بن أبى خالد عن أبى بكر الصديق.وذكره السيوطى فى "الدر المنثور" "2/226" وزاد نسبته إلى هناد، وعبد بن حميد، والحكيم الترمذين وابن المنذر، والبيهقى فى "شعب الإيمان"، والضياء فى "المختارة."وأخرجه الطبرى "10521" من طريق زيد بن حبان، عن عبد الملك بن الحسن الحارثى، عن محمد بن زيد بن قنعذ، عن عائشة، عن أبى بكر بنحوه.وأخرجه الطبرى "10529" من طريق أبى معاوية، عن الأعمش، عن مسلم بن صبيح قال: قال أبو بكر. وأورده ابن كثير فى "تفسيره" عن ابن مردويه من طريق فضيل بن عياض، عن سليمان مهران، عن مسلم بن صبيح، عن مسروق قال: قال أبو بكر . وذكره السيوطى فى "الدر المنثور" "2/226"-"227 ونسبه لابن جرير، وأبى نعيم فى "الحلية" وهناد وسعيد بن منصور .وأخرجه المروزى "22"، وأبو يعلى "18"، والطبرى "10522"، والحاكم 3/552"-"553 من طريق عبد الوهاب بن عطاء ، عن زياد الجصاص، عن على بن زيد، عن مجاهد، عن ابن عمر، عن أبى بكر. وزياد وعلى بن زيدضعيفان .وأخرجه الترمذى "3039" فى التفسير: باب ومن سورة النساء، من طريق يحيى بن موسى وعبد بن حميد، عن روح بن عبادة، عن موسى بن عبيدة، عن مولى ابن سباع، عن ابن عمر يحدث عن أبى بكر . وقال: هذا حديث غريب، وفى إسناده مقال موسى بن عبيدة يضعف فى الحديث، ضعفه يحيى بن سعيد وأحمد بن حنبل، ومولى بن سباع: مجهول، وقد روى هذا الحديث من غير هذا الوجه عن أبى بكر، وليس له إسناد صحيح .وذكره السيوطى فى "الدر المنثور" "2/226" وزاد نسبته إلى عبد بن حميد وابن المنذر .وأخرجه الطبرى "10533" من طريق ابن علية، عن الربيع بن صبيح، عن عطاء بن أبى رباح، عن أبى بكر، وهو مرسل.وأخرجه أيضًا "15034" من طريق ابن جريج، عن عطاء ، عن أبى بكر.

تمہیں پریشانیاں لاحق نہیں ہوتی ہیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ چیز ہے جس کی تم لوگوں کو جزا دی جائے گی۔

ذِكْرُ الِاسْتِدْلَالِ عَلٰى اِرَادَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا خَيْرًا بِالْمُسْلِمِ بِتَعْجِيلِ عُقُوبَتِهٖ فِي الدُّنْيَا

اگر اللہ تعالیٰ کسی مسلمان کو دنیا میں سزا دیدے تو اس کے ذریعے اس مسلمان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے بھلائی کے ارادے پر استدلال کرنے کا تذکرہ

2911 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا لَقِيَ امْرَاَةً كَانَتْ بَغِيًّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَجَعَلَ يُلَاعِبُهَا حَتّٰى بَسَطَ يَدَهُ اِلَيْهَا، فَقَالَتْ: مَهْ، فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَذْهَبَ بِالشِّرْكِ وَجَاءَ بِالْاِسْلَامِ، فَتَرَكَهَا وَوَلّٰى فَجَعَلَ يَلْتَفِتُ خَلْفَهُ وَيَنْظُرُ اِلَيْهَا حَتّٰى اَصَابَ وَجْهُهُ حَائِطًا، ثُمَّ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالدَّمُ يَسِيلُ عَلٰى وَجْهِهٖ، فَاَخْبَرَهُ بِالْاَمْرِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتَ عَبْدٌ اَرَادَ اللّٰهُ بِكَ خَيْرًا ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا، عَجَّلَ عُقُوبَةَ ذَنْبِهٖ، وَاِذَا اَرَادَ بِعَبْدٍ شَرًّا اَمْسَكَ عَلَيْهِ ذَنْبَهُ، حَتّٰى يُوَافِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَنَّهُ عَائِرٌ

❁❁ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: زمانہ جاہلیت میں ایک شخص کی ایک فاحشہ عورت کے ساتھ ملاقات ہوئی اس نے اس کے ساتھ خوش فعلیاں شروع کیں یہاں تک کہ اپنا ہاتھ اس عورت کی طرف بڑھایا تو اس عورت نے کہا: رک جاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے شرک کو رخصت کر دیا ہے اور اسلام آ گیا ہے اس شخص نے اس عورت کو چھوڑ دیا اور منہ پھیر کر چلا گیا وہ مڑ کر اپنے پیچھے دیکھتا رہا وہ عورت بھی اس کی طرف دیکھتی رہی یہاں تک کہ اس شخص کا چہرہ ایک دیوار پر لگ گیا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس کے چہرے سے خون بہہ رہا تھا اس نے سارے واقعہ کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ایک ایسے بندے ہو جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے بھلائی کا ارادہ کیا ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ جب کسی بندے کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کرلے تو اس کے گناہ کی سزا اسے جلدی (یعنی دنیا میں ہی) دے دیتا ہے اور جب کسی بندے کے بارے میں برا ارادہ کرے تو اسے گناہ کرنے دیتا ہے یہاں تک کہ قیامت کے دن اس کا پورا بدلہ اسے

2911– إسناده صحيح لولا عنعنة الحسن، فإن رجاله ثقات من رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم. عفان: هو ابن مسلم، ويونس بن عبيد: هو ابن دينار العبيد. وأخرجه الحاكم "1/349" و"4/376"–"377"، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص153–"154" من طريق عن عفان، بهذا الإسناد. وقد تحرف في الأسماء والصفات "الحسن عن عبد الله" إلى "الحسن بن عبد الله." وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد "4/87" من طريق أسود بن عامر، عن حماد بن سلمة، به. وأخرجه أبو نعيم في "تاريخ أصبهان" "2/74" من طريق زياد الجصاص، عن الحسن، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" "10/191" وقال: رواه أحمد والطبراني، ورجال أحد رجال الصحيح وكذلك أحد إسنادي الطبراني. وللحديث شاهد يتقوى به عند الترمذي "2396" والبيهقي في "الأسماء والصفات" "2154" من حديث أنس، رفعه. وقال الترمذي: حديث حسن غريب.

دے گا یوں جیسے وہ عائر (یعنی گناہ سے پاک) ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى اَنَّ اللّٰهَ قَدْ يُعَذِّبُ مَنْ شَاءَ مِنْ عِبَادِهِ فِي الدُّنْيَا بِاَنْوَاعِ الْمِحَنِ وَالْمَصَائِبِ لِتَكُوْنَ تَكْفِيرًا لِلْحَوْبَةِ الَّتِي تَقَدَّمَتْهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ بعض اوقات اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے

کسی کو دنیا میں مختلف طرح کی تکالیف اور آزمائشوں میں مبتلا کرتا ہے تا کہ یہ چیز اس کے گزشتہ گناہوں کا کفارہ بن جائے

2912 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، خَرَجَ يُرِيْدُ الشَّامَ، فَلَمَّا دَنَا، بَلَغَهُ اَنَّ بِهَا الطَّاعُوْنَ، فَحَدَّثَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ هٰذَا الْوَجَعَ عَذَابٌ عُذِّبَ بِهِ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَاِذَا كَانَ بِاَرْضٍ لَسْتُمْ بِهَا، فَلَا تَهْبِطُوا عَلَيْهِ، وَاِذَا كَانَ بِاَرْضٍ وَّاَنْتُمْ بِهَا، فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ، فَرَجَعَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالنَّاسِ ذٰلِكَ الْعَامَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اِخْبَارُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْاُمَمِ السَّالِفَةِ عَلٰى ثَلَاثَةِ اَضْرُبٍ: ضَرْبٌ قَصَدَ بِهِ الْمَدْحَ لِاَشْيَاءَ مَعْلُوْمَةٍ اَرَادَ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اسْتِعْمَالَ تِلْكَ الْاَشْيَاءِ، وَالضَّرْبُ الثَّانِيْ قَصَدَ بِهِ الذَّمَّ، اَرَادَ بِهِ انْزِجَارَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ عَنِ ارْتِكَابِ مِثْلِهَا، وَالضَّرْبُ الثَّالِثُ قَصَدَ بِهِ الْوَصْفَ، اَرَادَ بِهِ اعْتِبَارَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بِتِلْكَ الْاَوْصَافِ

❀❀ عبداللہ بن عامر بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ شام جانے کے لیے روانہ ہوئے جب وہ شام کے قریب پہنچے تو انہیں اطلاع ملی کہ وہاں طاعون کی وباء پھیل چکی ہے، تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ حدیث بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

2912– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد "1/193" من طريق يزيد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد "1/193" من طريق حجاج، عن ابن أبي ذئب، به .وأخرجه مالك في "الموطأ" 2/896"–"897 في الجامع: باب ما جاء في الطاعون، ومن طريقه البخاري "5730" في الطب: باب ما يذكر في الطاعون، و "6973" في الحيل: باب ما يكره من الاحتيال في الفرار من الطاعون، ومسلم "2219" في السلام: باب الطاعون والطيرة والكهانة ونحوها، وأحمد "1/194"، والبيهقي "3/376" عن الزهري، عن عبد الله بن عامر بن ربيعة أن عمر بن الخطاب ... ، وقال مسلم بإثر هذه الرواية: وعن ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أن عمر إنما انصرف بالناس عن حديث عبد الرحمٰن بن عوف.وهي في "الموطأ" "2/897" عن ابن شهاب به، وانظر "الفتح" "10/186".وأخرجه أحمد "1/194" من طريق حميد بن عبد الرحمٰن بن عوف، وأبو يعلى "848" من طريق أبي سلمة بن عبد الرحمٰن بن عوف، كلاهما عن عبد الرحمٰن. وانظر الحديث رقم 2."2953" في "الإحسان": "أن تجار"، والمثبت من "التقاسيم" "3/320".

''بے شک یہ تکلیف ایک عذاب ہے' جس کے ذریعے تم سے پہلے لوگوں کو عذاب دیا گیا جب یہ کسی ایسی سرزمین پر واقع ہو جہاں تم موجود نہیں ہو' تو تم وہاں نہ جاؤ اور جب یہ ایسی سرزمین پر واقع ہو جہاں تم موجود ہو' تو تم وہاں سے فرار اختیار کرتے ہوئے نہ نکلو۔''

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس سال لوگوں کو لے کر واپس آ گئے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا انبیاء کرام اور سابقہ اُمتوں کے بارے میں اطلاع دینا تین نوعیت کا ہے۔ پہلی قسم یہ ہے: آپ نے کچھ متعین چیزوں کی تعریف کی ہو اور اس کا مقصد یہ ہو کہ یہ اُمت ان چیزوں پر عمل کرے۔ دوسری قسم یہ ہے: آپ نے کچھ چیزوں کی مذمت بیان کی ہو اور آپ کی مراد یہ ہو کہ یہ اُمت اس نوعیت کے کاموں کے ارتکاب سے بچ جائے اور تیسری قسم یہ ہے: آپ نے کوئی صفت بیان کی ہو اور آپ کا ارادہ یہ ہو کہ یہ اُمت اس صفت سے عبرت حاصل کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَوَاتُرَ الْبَلَايَا عَلَى الْمُسْلِمِ قَدْ لَا تُبْقِي عَلَيْهِ سَيِّئَةً يُنَاقَشُ عَلَيْهَا فِي الْعُقْبَى

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مسلمان پر مسلسل آزمائشیں آتی رہتی ہیں یہاں تک کہ وہ اس کا کوئی ایسا گناہ نہیں باقی رہنے دیتی ہیں جس کی وجہ سے اس سے آخرت میں حساب لیا جائے

2913 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ فِيْ جَسَدِهٖ، وَمَالِهٖ، وَنَفْسِهٖ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيْئَةٍ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مومن مرد اور مومن عورت کے جسم' مال اور جان کے حوالے سے آزمائش درپیش رہتی ہے' یہاں تک کہ جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے' تو اس کا کوئی گناہ نہیں ہوتا۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ اَلْفَاظَ الْوَعْدِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا لِمَنْ بِهِ الْمِحَنُ وَالْبَلَايَا اِنَّمَا هِيَ لِمَنْ حَمِدَ اللّٰهَ فِيْهَا دُوْنَ مَنْ سَخِطَ حُكْمَهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ یہ وعدے کے الفاظ ہیں جن کو ہم نے ذکر کیا ہے اور یہ اس شخص کیلئے ہیں جو پریشانیوں اور آزمائشوں میں مبتلا ہوتا ہے اور یہ اس شخص کیلئے ہیں

2913- إسناده حسن. وأخرجه أحمد "2/450"، والحاكم "1/346"، والبغوي "1436" من طريق يزيد، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد "2/287" من طريق محمد بن بشر، والبيهقي "3/374" من طريق سعيد بن عامر، كلاهما عن محمد بن عمرو، به. وقال الترمذي "2399": حديث حسن صحيح. وأخرجه مالك "1/236" في الجنائز: باب الحسبة في المصيبة، بلاغا عَنْ اَبِي الْحُبَابِ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ أبي هريرة. وانظر الحديث رقم. "2924"

جو ایسی صورتحال میں اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتا ہے یہ اس کیلئے نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ کے فیصلے سے ناراض ہوتا ہے

2914 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ، يُكْثِرُ اَنْ يُحَدِّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ،

(متن حدیث): اَنَّ ابْنَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَضَرَتْهَا الْوَفَاةُ، فَاَخَذَهَا فَجَعَلَهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ احْتَضَنَهَا وَهِيَ تُنْزَعُ حَتّٰى خَرَجَ نَفْسُهَا وَهُوَ يَبْكِي، فَوَضَعَهَا فَصَاحَتْ اُمُّ اَيْمَنَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبْكِي فَقَالَتْ: اَلَا اَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَبْكِي؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَمْ اَبْكِ فَاِنَّمَا هِيَ رَحْمَةٌ، الْمُؤْمِنُ بِكُلِّ خَيْرٍ تَخْرُجُ نَفْسُهُ مِنْ بَيْنِ جَنْبَيْهِ وَهُوَ يَحْمَدُ اللّٰهَ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے وہ بکثرت یہ حدیث بیان کیا کرتے تھے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک صاحبزادی کا آخری وقت قریب آیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں لیا اور اپنے دونوں ہاتھوں میں رکھ لیا پھر آپ نے انہیں اپنے ساتھ چمٹا لیا اس وقت ان پر نزع کا عالم طاری تھا' یہاں تک کہ ان کا انتقال ہوگیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت رو رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صاحبزادی کو رکھا' تو سیّدہ اُمّ ایمن رضی اللہ عنہا نے بلند آواز میں چیخ ماری۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نہ روؤ۔ انہوں نے عرض کی: کیا میں اللہ کے رسول کو روتے ہوئے نہیں دیکھ رہی ہوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرا رونا رحمت ہے مومن کی ہر صورت بہتر ہوتی ہے اس کے دونوں پہلوؤں سے جان نکلتی ہے' تو وہ اس وقت اللہ کی حمد بیان کر رہا ہوتا ہے۔

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْمُؤْمِنَ بِالزَّرْعِ فِي كَثْرَةِ مَيَلَانِهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مومن کو کھیت سے تشبیہ دینا کہ وہ ادھر ادھر ڈولتا رہتا ہے

2915 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَالزَّرْعِ لَا تَزَالُ الرِّيحُ تُفِيئُهُ، وَلَا يَزَالُ الْمُؤْمِنُ يُصِيبُهُ الْبَلَاءُ، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ

2914– رجاله ثقات رجال الصحيح إلا أن أبا عوانة سمع من عطاء بن السائب في الصحة والاختلاط، لكن رواه عنه سفيان عند أحمد، وسماعه منه قديم قُبل اختلاطه، فالحديث صحيح. أبو كامل: هو فضيل بن حسين بن طلحة الجحدري .وأخرجه أحمد "1/268" من طريق أبي إسحاق، و "1/273" من طريق سفيان و "1/297" من طريق إسرائيل، والنسائي "4/12" في الجنائز: باب في البكاء على الميت، من طريق أبي الأحوص، والبزار "808"

2915– إسناده صحيح على شرط الشيخين.وأخرجه أحمد 2/283 "-"284، ومسلم "2809" في صفات المنافقين وأحكامهم: باب مثل المؤمن كالزرع ومثل الكافر كشجر الأرز، والترمذي "2866" في الأمثال: باب ما جاء في مثل المؤمن القارء للقرآن وغير القارء، والبغوي "1437" من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد "2/234"، ومسلم "2809" من طريق عبد الأعلى، عن معمر، به.وأخرجه أحمد "2/523"، والبخاري "5644" في المرضى: باب ما جاء في كفارة المرضى، و "7466" في التوحيد: باب في المشيئة والإرادة، من طريق فليح، عن هلال بن علي، عن عطاء بن يسار، عن أبي هريرة بنحوه.

كَالشَّجَرَةِ الْاَرْزِ لَا تَهْتَزُّ حَتّٰى تُسْتَحْصَدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مومن کی مثال کھیت کی طرح ہے جسے مسلسل ہوا ادھر اُدھر جھکاتی رہتی ہے اسی طرح مومن کو بھی ہمیشہ آزمائش لاحق رہتی ہے اور منافق کی مثال اخروٹ کے درخت کی طرح ہے جو لہراتا نہیں ہے یہاں تک کہ (ایک ہی مرتبہ) اسے جڑ سے اکھاڑ لیا جاتا ہے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمُسْلِمِ اَنْ تَعْتَرِيَهُ الْعِلَلُ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ مسلمان کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ بعض حالتوں میں اسے علتیں (بیماری یا پریشانی) لاحق رہیں

2916 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): دَخَلَ اَعْرَابِيٌّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخَذَتْكَ اُمُّ مِلْدَمٍ؟ قَالَ: وَمَا اُمُّ مِلْدَمٍ؟ قَالَ: حَرٌّ يَكُوْنُ بَيْنَ الْجِلْدِ وَاللَّحْمِ قَالَ: وَمَا وَجَدْتُ هٰذَا قَطُّ.

قَالَ: فَهَلْ وَجَدْتَ هٰذَا الصُّدَاعَ؟ قَالَ: وَمَا الصُّدَاعُ؟ قَالَ: عِرْقٌ يَضْرِبُ عَلَى الْاِنْسَانِ فِي رَاْسِهِ قَالَ: وَمَا وَجَدْتُ هٰذَا قَطُّ.

فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا.*

توضیحِ مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ شَيْءٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ الرُّكُوْنِ اِلٰى ذٰلِكَ الشَّيْءِ، وَقِلَّةِ الصَّبْرِ عَلٰى ضِدِّهِ، وَذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا جَعَلَ الْعِلَلَ فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا وَالْغُمُوْمِ وَالْاَحْزَانِ سَبَبَ تَكْفِيرِ الْخَطَايَا عَنِ الْمُسْلِمِيْنَ، فَاَرَادَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِعْلَامَ اُمَّتِهِ اَنَّ الْمَرْءَ لَا يَكَادُ يَتَعَرّٰى عَنْ مُقَارَفَةِ مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ فِي اَيَّامِهِ وَلَيَالِيهِ وَاِيجَابِ النَّارِ لَهُ بِذٰلِكَ اِنْ لَّمْ يُتَفَضَّلْ عَلَيْهِ بِالْعَفْوِ، فَكَاَنَّ كُلَّ اِنْسَانٍ مُرْتَهَنٌ بِمَا كَسَبَتْ يَدَاهُ، وَالْعِلَلُ تُكَفِّرُ بَعْضَهَا عَنْهُ

2916– إسناده حسن من أجل محمد بن عمرو –وهو ابن علقمة بن وقاص الليثي– فقد روى له البخاري مقرونا ومسلم متابعة، وهو صدوق، وباقي رجاله ثقات على شرط الصحيحين غير هناد بن السري فإنه من رجال مسلم.وأخرجه أحمد "2/332" من طريق محمد بن بشر، والبزار "778" من طريق عمرو بن خليفة، والحاكم "1/347" من طريق سعيد بن عامر، والبخاري في "الأدب المفرد" "495" من طريق أبي بكر، أربعتهم عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد . وصحَّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ ووافقه الذهبي.وأخرجه أحمد "2/266" من طريق خلف بن الوليد، عن أبي معشر نجيح بن عبد الرحمٰن السندي وهو ضعيف عن سعيد المقبري، عن أبي هريرة.وذكره الهيثمي في "مجمع الزوائد" "2/294" وقال: رواه أحمد والبزار، وقال أحمد في رواية ... وإسناده حسنٌ.

فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَا اَنَّ مَنْ عُوفِیَ فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا یَكُوْنُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں اُمّ ملدم نے جکڑ لیا ہے اس نے دریافت کیا: اُمّ ملدم کیا ہوتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک تپش ہے' جو جلد اور گوشت کے درمیان ہوتی ہے اس نے کہا: مجھے' تو یہ صورت حال کبھی لاحق نہیں ہوئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں صداع کی شکایت ہے اس نے دریافت کیا: صداع کیا ہوتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک رگ ہے' جو آدمی کے سر میں آدمی پر ضرب لگاتی ہے اس نے کہا: مجھے یہ صورت حال کبھی درپیش نہیں آئی جب وہ شخص چلا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی جہنمی کو دیکھنا چاہے وہ اس شخص کو دیکھ لے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''جو شخص اہل جہنم سے تعلق رکھنے والے کسی شخص کی طرف دیکھنا چاہتا ہو وہ اس شخص کو دیکھ لے''۔ اس میں لفظی طور پر ایک چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہے لیکن اس سے مراد یہ ہے: اس چیز کی طرف مائل ہونے سے منع کیا جائے اور اس کی متضاد چیز پر صبر کی کمی (سے منع کیا جائے) اس کی وجہ یہ ہے: اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں غم اور پریشانیاں رکھی ہیں تاکہ یہ مسلمانوں کے گناہوں کا کفارہ بن جائیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اُمت کو یہ اطلاع دینا چاہتے ہیں کہ آدمی دن اور رات میں بعض اوقات ان چیزوں سے اجتناب نہیں کرتا جن چیزوں سے اللہ تعالیٰ نے منع کیا ہے اور اس وجہ سے اس کے لئے جہنم واجب ہو جاتی ہے وہ اس کے بعد معافی نہیں مانگتا تو ہر شخص اپنے عمل کے بدلے میں رہن ہوتا ہے اور یہ علتیں اس دنیا میں اس کے بعض گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے: جس شخص کو اس دنیا میں عافیت نصیب ہو جائے وہ جہنمی ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اَنْبَاءِ الصَّالِحِیْنَ، قَصْدُهٗ تَسْهِیْلُ الشَّدَائِدِ عَلَی النَّفْسِ

نیک لوگوں کے واقعات کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جس کا مقصد یہ ہے کہ نفس کے لئے شدت کا سامنا کرنا آسان ہو

2917 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِیُّ، اَخْبَرَنَا زُهَیْرُ بْنُ مُعَاوِیَةَ، اَخْبَرَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ شَقِیْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِشَیْءٍ قَسَمَهُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَا عَدَلَ فِیْ هٰذَا؟ قَالَ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَاُخْبِرَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاَخْبَرْتُهٗ، فَقَالَ: یَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسٰی، قَدْ كَانَ یُصِیْبُهٗ اَشَدُّ مِنْ هٰذَا، ثُمَّ یَصْبِرُ

❁❁ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی چیز تقسیم کی' تو ایک شخص نے کسی چیز کے بارے میں یہ کہا کہ اس میں انصاف سے کام نہیں لیا گیا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں اللہ کے رسول کو اس بارے میں ضرور بتاؤں گا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر رحم کرے انہیں اس

سے زیادہ تکلیف پہنچائی گئی، لیکن پھر بھی انہوں نے صبر سے کام لیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الصَّالِحِينَ قَدْ شُدِّدَ عَلَيْهِمِ الْاَوْجَاعُ تَكْفِيرًا لِخَطَايَاهُمْ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نیک لوگوں پر تکالیف شدت سے آتی ہیں تاکہ ان کے گناہوں کا کفارہ بن جائیں

2918 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتْ عَائِشَةُ: مَا رَاَيْتُ الْوَجَعَ عَلٰى اَحَدٍ اَشَدَّ مِنْهُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ابووائل بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے میں نے کسی کو (بیماری کے دوران) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ تکلیف کا شکار نہیں دیکھا۔

2917- إسناده قوى، عبد الرحمٰن بن عمرو البجلى روى عن جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات "8/380"، وسئل عنه أبو زرعة فقال: شيخ، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. شقيق: هو ابن سلمة الأسدى أبو وائل الكوفى. وأخرجه أحمد "1/411" و"441"، والبخارى "3405" فى الأنبياء: ما بعد باب حديث الخضر، و "6336" فى الدعوات: باب قول الله تبارك وتعالى: ﴿وَصَلِّ عَلَيْهِمْ﴾ التوبة: من الآية "103 من طريق شعبة، "6100" فى الأدب: باب الصبر فى الأذى، ومسلم "1062" "141" فى الزكاة: باب إعطاء المؤلفة قلوبهم فى الإسلام وتصبر من قوى إيمانه، من طريق حفص بن غياث، وأحمد "1/235" من طريق أبى معاوية، والبخارى "4335" فى المغازى: باب غزوة الطائف، و "6059" فى الأدب: باب من أخبر صاحبه بما يقال فيه، والبغوى "3671" من طريق سفيان: أربعتهم عن الأعمش، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى "3150" فى فرض الخمس: باب ما كان النبى صلى الله عليه وسلم يعطى المؤلف قلوبهم وغيرهم من الخمس ونحوه، و "4336"، ومسلم "1062" "140" من طريق منصور عن شقيق عن ابن مسعود قال: "لما كان يوم حنين آثر النبى صلى الله عليه وسلم أناسًا فى القسمة فأعطى الأقرع بن حابس مئة من الإبل، وأعطى عيينة مثل ذلك، وأعطى أناسًا من أشراف العرب، فآثرهم يومئذ فى القسمة، قال رجل ... ."وأخرجه أحمد "1/395"-"396 من طريق زيد بن أبى زائدة وتحرفت فيه إلى زائد عن ابن مسعود بنحوه. وفيه: "دعنا منك فقد أوذى موسى أكثر من ذلك ثم صبر."

2918- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو عامر: هو عبد الملك بن عمرو العقدى، وسليمان: هو الأعمش، وأبو وائل: هو شقيق بن سلمة وأخرجه أبو داؤد الطيالسى "1536"، ومن طريقه الترمذى "2397" فى الزهد: باب ما جاء فى الصبر على البلاء، عن شعبة، بهذا الإسناد. وقال الترمذى: هذا حسن صحيح. وأخرجه أحمد "6/172"، والبخارى "5646" فى المرضى: باب شدة المرض، ومسلم "2570" فى البر والصلة: باب ثواب المؤمن فيما يصيبه من مرض أو حزن أو نحو ذلك، من طرق عن شعبة، عن الأعمش، عن أبى وائل، عن مسروق عن عائشة. وأخرجه أحمد "6/181"، والبخارى "5646"، وابن ماجه "1622" فى الجنائز: باب ما جاء فى ذكر مرض رسول الله صلى الله عليه وسلم، من طريق سفيان، ومسلم "2670" من طريق جرير، كلاهما عن الأعمش، به

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّالِحِينَ قَدْ تُشَدَّدُ عَلَيْهِمِ الْبَلَايَا لَمْ يُفْعَلْ ذٰلِكَ بِغَيْرِهِمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نیک لوگوں پر مصیبتیں شدت سے آتی ہیں جتنی دوسروں پر نہیں آتی ہیں

2919 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الدَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ يَعْمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُوْ قِلَابَةَ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ نَسِيبٍ، اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، طَرَقَهُ وَجَعٌ فَجَعَلَ يَشْتَكِي وَيَتَقَلَّبُ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَقَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ: لَوْ صَنَعَ هٰذَا بَعْضُنَا لَوَجَدْتَ عَلَيْهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الصَّالِحِينَ قَدْ يُشَدَّدُ عَلَيْهِمْ، وَاِنَّهُ لَا يُصِيبُ مُؤْمِنًا نَكْبَةٌ مِنْ شَوْكَةٍ فَمَا فَوْقَهَا اِلَّا حُطَّتْ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةٌ، وَرُفِعَ لَهُ بِهَا دَرَجَةٌ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ وَّاهِمٌ فِي قَوْلِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَسِيبٍ، اِنَّمَا هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ نَسِيبُ بْنُ سِيرِينَ، فَسَقَطَ عَلَيْهِ الْحَارِثُ فَقَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَسِيبٍ*

❁❁ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ کو تکلیف لاحق ہوئی آپ ﷺ بے چین ہوتے تھے اور اپنے بستر پر پہلو بدلتے تھے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ کی خدمت میں عرض کی اگر یہ ہم میں سے کسی نے کیا ہوتا' تو آپ ﷺ اس پر ناراضگی کا اظہار کرتے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: نیک لوگوں پر شدت لاحق ہوتی ہے مومن شخص کو جو کانٹا بھی لگتا ہے یا اس کے علاوہ جو تکلیف ہوتی ہے' تو اس کی وجہ سے اس کے گناہ کو مٹا دیا جاتا ہے اور اس کی وجہ سے اس کے درجے کو بلند کیا جاتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عیسیٰ بن ابوکثیر نے راوی کا نام عبداللہ بن نسیب نقل کرتے ہوئے غلطی کی ہے۔ اصل نام عبداللہ بن حارث ہے اور یہ ابن سیرین کے بھانجے ہیں تو لفظ حارث وہ نقل نہیں کر سکے اور انہوں نے لفظ عبداللہ بن نسیب ذکر کر دیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُسْلِمَ كُلَّمَا ثَخُنَ دِينُهُ كَثُرَ بَلَاؤُهُ، وَمَنْ رَقَّ دِينُهُ خُفِّفَ ذٰلِكَ عَنْهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جس بھی مسلمان کا دین جتنا مضبوط ہوگا اس کی آزمائش اتنی ہی زیادہ ہوگی اور جس شخص کا دین کمزور ہوگا اس کی آزمائش ہلکی ہوگی

2919- محمد بن خلف الداري روى عن جمع، وروى عنه جمع، وهو من رجال أبي داؤد، ومعمر بن يعمر روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات" "9/192" وقال: يغرب، ومن فوقهما من رجال الشيخين. أبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمي. وأخرجه أحمد 6/159"-"160 عن هشام بن سعيد، أخبرنا معاوية بن سلام قال: سمعت يحيى بن أبي كثير قال: أخبرني أبو قلابة أن عبد الرحمٰن بن شيبة أخبره أن عائشة أخبرته أن رسول الله ... وهٰذا سند صحيح. وصححه الحاكم "4/319" ووافقه الذهبي، وقال الهيثمي في "المجمع" "2/192": رواه أحمد ورجاله ثقات. وأخرجه أحمد "6/215"، والحاكم 1/345"-"346 من طريقين عن يحيى بن أبي كثير، به. وقال الحاكم: هٰذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي.

2920 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الطَّالَقَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث):سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَيُّ النَّاسِ اَشَدُّ بَلَاءً؟ قَالَ: الْاَنْبِيَاءُ، ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ، يُبْتَلَى النَّاسُ عَلٰى قَدْرِ دِينِهِمْ، فَمَنْ ثَخُنَ دِينُهُ، اشْتَدَّ بَلَاؤُهُ، وَمَنْ ضَعُفَ دِينُهُ ضَعُفَ بَلَاؤُهُ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيُصِيبُهُ الْبَلَاءُ حَتّٰى يَمْشِيَ فِي النَّاسِ مَا عَلَيْهِ خَطِيئَةٌ

حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا: سب سے زیادہ آزمائش کس کو لاحق ہوتی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیاء کو پھر درجہ بدرجہ (نیک لوگوں کو) لوگوں کو ان کے دین کے حساب سے آزمائش میں مبتلا کیا جاتا ہے' جس کا دین مضبوط ہوتا ہے اس کی آزمائش شدید ہوتی ہے' جس کا دین کمزور ہوتا ہے اس کی آزمائش بھی کمزور ہوتی ہے آدمی آزمائش میں مبتلا رہتا ہے' یہاں تک کہ وہ لوگوں کے درمیان چلتا ہے' تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا (یعنی آزمائش کی وجہ سے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْبَلَايَا تَكُونُ بِالْاَنْبِيَاءِ اَكْثَرَ، ثُمَّ الْاَمْثَلِ فَالْاَمْثَلِ فِي الدِّينِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آزمائشیں سب سے زیادہ انبیاء کو پیش آتی ہیں پھر اس کے بعد درجہ بدرجہ دینی لوگوں کو پیش آتی ہیں

2968 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا السَّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ، اَخْبَرَنِي عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنَادَةَ بْنَ اَبِي اُمَيَّةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّ جِبْرِيلَ رَقَاهُ وَهُوَ يُوعَكُ فَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُؤْذِيكَ، وَمِنْ كُلِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ وَسُمٍّ، وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ

❁❁ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوتے تھے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام یہ پڑھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دم کرتے تھے۔

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے میں آپ کو دم کر رہا ہوں ہر اس بیماری کے لیے جو آپ کو تکلیف دے اور حاسد کے حسد سے (بچنے کے لیے) اور ہر آنکھ (یعنی لگنے والی نظر) اور زہر سے (بچنے کے لیے) اللہ تعالیٰ آپ کو شفا عطا کرے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ تَعَوُّذَ الْمَرْءِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ أَفْضَلُ مِنْ دُعَائِهِ لِنَفْسِهِ، وَأَهْلِ بَيْتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کا جہنم کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے پناہ مانگنا اس سے افضل ہے کہ وہ اپنی ذات اور اپنے اہل خانہ کے لیے دعا مانگے

2969 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ الْيَشْكُرِيِّ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتْ اُمُّ حَبِيبَةَ، اللّٰهُمَّ بَارِكْ لِي فِي زَوْجِي رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبِي اَبِي

2968– إسناده حسن من أجل ابن ثوبان، وهو عبد الرحمٰن بن ثابت بن ثوبان العنسي، وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح . السختياني: هو عمران بن موسى بن مجاشع الجرجاني .وأخرجه أحمد "5/323"، ومن طريقه الحاكم "4/412" عن زيد بن الحباب بهٰذا الإسناد. وقال الحاكم: حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي !وأخرجه أحمد "5/323" من طريق علي بن عياش، وابن ماجه "3527" عن عثمان بن سعيد بن كثير الحمصي، كلاهما عن ابن ثوبان، به .وأخرجه أحمد "5/323" من طريق عبد الصمد، عن ثابت، عن عاصم، عن سلمان رجل من أهل الشام، عن جنادة، به . وسلمان ذكره المؤلف في "الثقات"، وروى له النسائي، وقال الحافظ في "التقريب": مقبول. وبقية رجاله الصحيح .وذكره الهيثمي في "المجمع" "5/110" ونسبه لأحمد، وقال عن سلمان: لم يضعفه أحد.

سُفْيَانَ، وَاَخِي مُعَاوِيَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ سَاَلْتِ اللّٰهَ عَنْ آجَالٍ مَضْرُوبَةٍ، وَآثَارٍ مَبْلُوغَةٍ، وَاَرْزَاقٍ مَقْسُومَةٍ، لَا يُعَجَّلُ مِنْهَا شَيْءٌ قَبْلَ حِلِّهِ، فَلَوْ سَاَلْتِ اللّٰهَ اَنْ يُعِيذَكِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ، اَوْ عَذَابِ الْقَبْرِ كَانَ خَيْرًا - اَوْ كَانَ اَفْضَلَ -

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ اُمّ حبیبہ رضی اللہ عنہا نے دعا کی: اے اللہ! میرے شوہر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے والد حضرت ابوسفیان رضی اللہ عنہ اور میرے بھائی معاویہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے مجھے برکت نصیب کر (یعنی انہیں لمبی زندگی دے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اللہ تعالیٰ سے ایسی چیز کے بارے میں سوال کیا ہے' جس کا وقت طے ہے اور جس کے نشانات تک پہنچا جائے گا اور جس کا رزق تقسیم ہو چکا ہے ان میں سے کوئی بھی چیز اپنے مخصوص وقت سے پہلے تقسیم نہیں ہو سکتی۔ اگر تم اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگتی کہ وہ تمہیں جہنم کے عذاب سے یا قبر کے عذاب سے بچائے' تو یہ زیادہ بہتر ہوتا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) یہ افضل تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعَائِذَ اِذَا قَعَدَ عِنْدَ الْعَلِيلِ وَاَرَادَ اَنْ يَّدْعُوَ لَهُ يَجِبُ اَنْ يَّمْسَحَهُ بِيَمِينِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ پناہ مانگنے والا (یعنی دم کرنے والا) شخص جب بیمار کے پاس بیٹھا ہوا ہو

اور وہ اس بیمار کے لیے دعا کرنے کا ارادہ کرے تو اس کے لیے یہ ضروری ہے کہ وہ اس بیمار پر اپنا ہاتھ پھیرے

2970 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنِ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُسْلِمٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ اِذَا عَادَ الْمَرِيضَ مَسَحَهُ بِيَمِينِهِ، وَقَالَ: اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِي، اشْفِ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا.

2969– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير المغيرة اليشكري، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد "1/390" و"433"، ومسلم "2663" "32" في القدر: باب بيان أن الآجال والأرزاق وغيرها لا تزيد ولا تنقص عما سبق به القدر، وابن أبي عاصم في السنة "262" من طريق وكيع، وأحمد "1/445" وابن أبي عاصم "263" من طريق سفيان بن عيينة، ومسلم "2663" من طريق ابن بشر، ثلاثتهم عن مسعر، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "1/413" و"466"، والبغوي "1362" من طريق عبد الرزاق، عن الثوري، عن علقمة بن مرثد، به.

2970– إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو بكر بن خلاد: هو محمد بن خلاد، روى له مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين، وسفيان: هو الثوري، وسليمان: هو الأعمش، ومسلم: هو ابن صبيح أبو الضحي، ومسروق: هو ابن الأجدع. وأخرجه أحمد "6/44"، والبخاري "5743" في الطب: باب رقية النبي صلى الله عليه وسلم، و"5750" باب مسح الراقي الوجه بيده اليمنى، ومسلم "2191" "46" في السلام: باب استحباب رقية المريض، من طريق يحيى بن سعيد القطان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "6/127" من طريق سفيان الثوري، به. وأخرجه أحمد "6/45" و"126"، ومسلم "2191" "46"، والبيهقي "3/381" من طريق شعبة، ومسلم "2191" "46"، من طريق هشيم، ومسلم "2191" "46" من طريق أبي معاوية، ثلاثتهم عن الأعمش، به. وأخرجه عبد الرزاق "19783" عن معمر، عن الأعمش، عن مسروق، عن عائشة. وأخرجه أحمد "6/114"، ومسلم "2191" "48"، وابن ماجه "3520"

قَالَ: فَحَدَّثْتُ بِهٖ مَنْصُورًا فَحَدَّثَنِیْ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ بِنَحْوِهٖ

❁❁ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کسی بیمار کی عیادت کرتے تھے تو اپنا دست مبارک اس پر پھیرتے اور یہ فرماتے تھے۔

''تکلیف کو دور کر دے اے لوگوں کے پروردگار! تو ہی شفا عطا کرنے والا ہے تو ایسی شفا عطا کر دے جو بیماری کو نہ رہنے دے۔''

راوی کہتے ہیں: میں نے یہ روایت منصور کو سنائی تو انہوں نے ابراہیم مسروق کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے اسی کی مانند روایت بیان کی۔

ذِكْرُ مَا يَدْعُو الْمَرْءُ بِهٖ اِذَا اَتٰى مَرِيضًا اَوْ عَادَهُ

اس بات کا تذکرہ کہ جب آدمی کسی بیمار کے پاس آئے یا اس کی عیادت کرے تو اسے کیا دعا مانگنی چاہیے

2971 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا اَتٰى مَرِيضًا اَوْ اُتِيَ بِمَرِيضٍ، قَالَ: اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ، اشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی بیمار کے پاس تشریف لاتے یا آپ کی خدمت میں جب کسی بیمار کو لایا جاتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ پڑھ کر (دم کرتے تھے):

''تو بیماری کو لے جا اے لوگوں کے پروردگار تو شفا عطا کر دے تو ہی شفا عطا کرنے والا ہے شفا صرف وہی ہے جو تو عطا کرے تو ایسی شفا عطا کر جو بیماری کو نہ رہنے دے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَدْعُو اِذَا اُتِيَ بِالْمَرِيضِ فِيْ اَكْثَرِ الْاَحْوَالِ مَا وَصَفْنَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جب کوئی بیمار لایا جاتا تھا

2971– إسناده صحيح. إبراهيم بن الحجاج: هو النيلي، ذكره المؤلف في الثقات، وروى عنه جمع، ووثقه الدارقطني، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، وأبو عوانة: هو وضاح اليشكري، ومنصور: هو ابن المعتمر، وإبراهيم: هو ابن يزيد بن قيس بن الأسود النخعي. وأخرجه أحمد "6/109" و"131" و"278" ومسلم "2191" "47" في السلام: باب استحباب رقية المريض، من طرق عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "6/114" من طريق إبراهيم بن طهمان، ومسلم "2191" "48" من طريق إسرائيل، كلاهما عن منصور، به. وانظر الحديث رقم "2962" و"2970" و"2972"

تو آپ اکثر اوقات وہ دعا مانگا کرتے تھے جو ہم نے ذکر کی ہے

2972 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا اُتِيَ بِالْمَرِيضِ يَدْعُو، وَيَقُولُ: اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ اشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جب کسی بیمار کو لایا جاتا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا پڑھتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کہتے تھے۔

''تو تکلیف کو دور کر دے اے لوگوں کے پروردگار' تو شفاعطا کر دے' تو شفا عطا کرنے والا ہے۔ شفا صرف وہی ہے' جو تو عطا کرے' تو ایسی شفا عطا کر جو بیماری کو نہ رہنے دے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَدْ كَانَ يَدْعُو لِلْمَرْضَى بِغَيْرِ مَا وَصَفْنَا فِيْ بَعْضِ الْاَحَايِينِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار شخص کے لیے اس کے علاوہ بھی دعا مانگا کرتے تھے جو ہم نے ذکر کی ہے اور ایسا بعض اوقات ہوتا تھا

2973 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ مِمَّا يَقُولُ لِلْمَرِيضِ يَقُولُ بِبُزَاقِهِ بِاِصْبَعِهِ: بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار کو جو دم کیا کرتے تھے اس میں یہ بھی تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی

2972– إسناده صحيح. إبراهيم بن يوسف: هو ابن ميمون الباهلي، روى له النسائي، وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين، أبو الأحوص: هو سلام بن سليم، والأسود: هو ابن يزيد النخعي .وأخرجه أحمد "6/120" و"125" من طريق عفان، عن حماد، عن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد "6/50" و"131" و"208" و"280"، والبخاري "5744" في الطب: باب رقية النبي صلى الله عليه وسلم، ومسلم "2191" "49" في السلام: باب استحباب رقية المريض، من طرق عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عائشة.

2973– إسناده صحيح على شرط الشيخين . عمرة: هي ابنة عبد الرحمٰن بن سعد بن زرارة الأنصارية . وأخرجه أبو داوٗد "3895" في الطب: باب كيف الرقى، عن عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد "6/93"، والبخاري "5745" و"5746" في الطب: باب رقية النبي صلى الله عليه وسلم، ومسلم "2194" في السلام: باب استحباب الرقية من العين، وأبو داوٗد "3895"، وابن ماجه "3521" في الطب: باب ما عوذ به النبي صلى الله عليه وسلم وما عوذ به، والحاكم "4/412"، والبغوي "1414"ن من طرق عن سفيان بن عيينة، به.

انگلی پر اپنا لعاب دہن لگاتے اور یہ پڑھتے تھے۔

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے ہماری زمین کی مٹی ہم میں سے ایک فرد کے لعاب کے ہمراہ ہے اور ہمارے پروردگار کے اذن کے تحت ہمارے بیمار کو شفا نصیب ہو جائے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّدْعُوَ لِاَخِيهِ الْعَلِيْلِ بِالْبُرْءِ لِيَطِيعَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا فِي صِحَّتِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنے بیمار بھائی کے لیے تندرستی کی دعا کرے تا کہ وہ شخص صحت کے عالم میں اللہ تعالیٰ کی اطاعت و فرمانبرداری کرے

2974 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُيَيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ اِذَا جَاءَ الرَّجُلَ يَعُوْدُهُ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ، يَنْكَاُ لَكَ عَدُوًّا، اَوْ يَمْشِي لَكَ اِلٰى صَلَاةٍ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب کسی شخص کے پاس اس کی عیادت کرنے کے لیے تشریف لاتے، تو آپ ﷺ یہ دعا کرتے۔

''اے اللہ! تو اپنے بندے کو شفا عطا کر، تا کہ وہ تیرے لیے دشمن کی آنکھ پھوڑ دے یا وہ تیرے لیے نماز کی طرف چل کے جائے۔''

ذِكْرُ مَا يَدْعُو الْمَرْءُ بِهِ لِاَخِيهِ الْمُسْلِمِ اِذَا كَانَ عَلِيْلًا وَيُرْجَى لَهُ الْبُرْءُ بِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کو اپنے مسلمان بھائی کے لیے کیا دعا مانگنی چاہئے جب وہ بیمار ہو اور جس کے نتیجے میں اس کے اس بیماری سے تندرست ہونے کی امید کی جا سکتی ہے

2975 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِنْهَالُ بْنُ

2974– إسناده حسن، حيي بن عبد الله: صدوق يهم، قال ابن عدى: أرجو أنه لا بأس به إذا روى عنه ثقة، وباقي رجاله ثقات رجال مسلم. أبو عبد الرحمٰن الحبلى: هو عبد الله بن زيد المعافرى. وأخرجه أبو داوُد "3107" في الجنائز: باب الدعاء للمريض عند العيادة، والحاكم "1/344" و"549" من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم ووفقه الذهبى. وأخرجه أحمد "2/172" من طريق ابن لهيعة، عن حيي بن عبد الله، به.

عَمْرٍو، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ جُبَیْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا عَادَ مَرِيضًا جَلَسَ عِنْدَ رَأْسِهِ، ثُمَّ قَالَ سَبْعَ مِرَارٍ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ، رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، اَنْ يَّشْفِيكَ، فَاِنْ كَانَ فِیْ اَجَلِهٖ تَاْخِيرٌ، عُوفِیَ مِنْ وَجَعِهٖ ذٰلِكَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی بیمار کی عیادت کرتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے سرہانے بیٹھ جاتے تھے پھر سات مرتبہ یہ پڑھتے تھے:

"میں عظیم اللہ سے جو عظیم عرش کا پروردگار ہے یہ سوال کرتا ہوں کہ وہ تمہیں شفا عطا کرے۔"

تو اگر اس کے آخری وقت میں تاخیر ہوتی تو اسے اس بیماری میں عافیت نصیب ہو جاتی تھی۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّدْعُوَ لِاَخِيهِ الْمُسْلِمِ اِذَا اعْتَرَاهُ بَعْضُ الْعِلَلِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کے لیے یہ دعا مانگے جب اس بھائی کو کوئی بیماری لاحق ہو

2976 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا النَّضْرُ، قَالَ: (حَدَّثَنَا شُعْبَةُ) * قَالَ: حَدَّثَنَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ حَاطِبٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنْصَبَّتْ عَلٰى يَدَیَّ مَرَقَةٌ، فَاَحْرَقَتْهَا، فَذَهَبَتْ بِیْ اُمِّیْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْنَاهُ وَهُوَ فِی الرَّحْبَةِ، فَاَحْفَظُ اَنَّهٗ قَالَ: اَذْهِبِ الْبَاسَ رَبَّ النَّاسِ وَاَكْثَرُ عِلْمِیْ اَنَّهٗ قَالَ: اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شَافِیَ اِلَّا اَنْتَ

حضرت محمد بن حاطب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے ہاتھ پر سالن گر گیا اس نے اسے جلا دیا۔ میری والدہ مجھے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت کھلی جگہ پر تشریف فرما تھے مجھے یہ بات یاد ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم

2975- إسناده صحيح على شرط الصحيح. عمرو بن الحارث: هو ابن يعقوب الأنصارى، وعبد الله بن الحارث: هو أبو الوليد الأنصارى البصرى. وأخرجه الحاكم "4/213" من طريق بحر بن نصر، عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد، وقال: هذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه. ولم يتابع عمرو بن الحارث بين سعيد وابن عباس أحد. إنما رواه حجاج بن أرطاة عو المنهال بن عبد الله بن الحارث، ولم يذكر بينهما سعيد بن جُبير. وأخرجه البخارى فى "الأدب المفرد" "536" من طريق أحمد بن عيسى، عن عبد الله بن الحارث، عن ابن عباس. وأخرجه أحمد "1/239" و"352" من طريق الحجاج، عن المنهال، به. وانظر الحديث رقم. "2978"

2976- إسناده قوى. شعبة ممن سمع من سماك قديمًا، فحديثه عنه صحيح مستقيم، وإسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، والنضر: هو ابن شُميل. وأخرجه الطبرانى /19" "536" من طريق محمد بن إسحاق بن راهويه، عن أبيه بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "3/418" و"4/259"، والطبرانى "19/536" و"537" من طريقين عن شعبة، به. وأخرجه أحمد "3/418" و"4/259"، والطبرانى "19/538" من طريق شريك، وأحمد "4/259" من طريق إسرائيل، والطبرانى "19/539" من طريق مسعر، و"19/540" و"24/903" من طريق زكريا بن أبى زائدة، أربعتهم عن سماك، به. وذكره الهيثمى فى "المجمع" "5/112"-"113"،

نے یہ پڑھا تھا۔

''تو تکلیف کو دور کر دے اے لوگوں کے پروردگار۔''

اور میرا غالب علم یہی ہے کہ آپ ﷺ نے یہ پڑھا تھا:

''تو شفاعطا کرنے والا ہے صرف' تو ہی شفاعطا کر سکتا ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ يَدَ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ لَمَّا دَعَا لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِمَا وَصَفْتُ بَرِئَتْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت محمد بن حاطب رضی اللہ عنہ کا ہاتھ اس چیز سے ٹھیک ہو گیا تھا جو (بیماری اسے لاحق تھی) اس وقت جب نبی اکرم ﷺ نے ان کے لیے دعا کی تھی

2977 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى زَحْمَوَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ حَاطِبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِيْ *، عَنْ جَدِّهِ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ، عَنْ اُمِّهِ اُمِّ جَمِيْلٍ بِنْتِ الْمُجَلِّلِ قَالَتْ:

(متن حدیث): اَقْبَلْتُ بِكَ مِنْ اَرْضِ الْحَبَشَةِ، حَتّٰى اِذَا كُنْتَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، عَلٰى لَيْلَةٍ اَوْ لَيْلَتَيْنِ طَبَخْتُ لَكَ طَبْخَةً فَفَنِيَ الْحَطَبُ، فَخَرَجْتُ اَطْلُبُهُ، فَتَنَاوَلْتَ الْقِدْرَ، فَانْكَفَاَتْ عَلٰى ذِرَاعِكَ، فَاَتَيْتُ بِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاطِبٍ، وَهُوَ اَوَّلُ مَنْ سُمِّيَ بِكَ قَالَتْ: فَتَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيْ فِيْكَ، وَمَسَحَ عَلٰى رَاْسِكَ وَدَعَا لَكَ وَقَالَ: اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا قَالَتْ: فَمَا قُمْتُ بِكَ مِنْ عِنْدِهٖ اِلَّا وَقَدْ بَرِئَتْ يَدُكَ

✿✿ حضرت محمد بن حاطب رضی اللہ عنہ اپنی والدہ سیدہ اُمّ جمیل بنت مجلل رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں تمہیں لیکر حبشہ کی سرزمین سے آئی ابھی مدینہ منورہ آتے ہوئے ایک یا دو راتیں گزری تھیں کہ میں نے تمہارے لیے کھانا تیار کیا لکڑیاں ختم ہو گئیں میں

2977– إسناده حسن فی الشواهد، عبد الرحمٰن بن عثمان بن إبراهيم: ضعفه أبو حاتم، وقال: روى عن أبيه أحاديث منكرة، وذكره المؤلف فی "الثقات" "8/372"، وأورده البخاری فی "التاريخ الكبير " "5/330"، ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا . وأبوه عثمان ذكره المؤلف فی "الثقات" "5/154"، وقال ابوحاتم: يكتب حديثه وهو شيخ. وأخرجه الطبرانی "24/902" من طريق زكريا بن يحيى زحمويه، بهٰذا الإسناد . وأخرجه أحمد "3/418" و6/437"–"438، وابن الأثير فی "أسد الغابة" "5/85"، و7/309"–"310 من طريق إبراهيم بن أبی العباس ويونس بن محمد، والحاكم "4/62"، والطبرانی "24/902" من طريق سعيد بن سليمان وبشار بن موسى، أربعتهم عن عبد الرحمٰن بن عثمان، به، وقال الهيثمی فی "المجمع" "5/113": رواه أحمد والطبرانی، وفيه عبد الرحمٰن بن عثمان الحاطبی ضعّفه أبو حاتم . وأخرجه الطبرانی "19/535" من طريق الحميدی، عن عبد اللّٰه بن الحارث بن محمد بن حاطب الجمحی عن أبيه، عن جده. وذكره الهيثمی فی "المجمع" "9/415"، وقال: رواه الطبرانی، والحارث بن محمد بن حاطب لم أعرفه، وبقية رجاله ثقات. وله شواهد تقدمت برقم "2962" و"2970" و"2971" و ."2972"

لکڑیوں کی تلاش میں نکلی تم نے ہنڈیا کو پکڑا اور اپنی کلائی کے اوپر انڈیل لیا میں تمہیں لے کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! یہ محمد بن حاطب ہے اور یہ پہلا بچہ ہے جس کا نام آپ ﷺ کے اسم مبارک پر رکھا گیا ہے سیّدہ اُمّ جمیل رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: تو نبی اکرم ﷺ نے اپنا لعاب دہن تمہارے منہ میں ڈالا تمہارے سر پر دست مبارک پھیرا اور تمہارے لیے دعا کی اور یہ کہا:

''تو تکلیف کو دور کر دے اے لوگوں کے پروردگار! تو شفا عطا کر دے تو ہی شفا عطا کرنے والا ہے شفا صرف وہی ہے جو تو عطا کرے ایسی شفا عطا کر دے جو بیماری کو نہ رہنے دے۔''

سیّدہ اُمّ جمیل رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ابھی میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت سے تمہیں لے کر اٹھی نہیں تھی کہ تمہارا ہاتھ ٹھیک ہو گیا تھا۔

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِي إِذَا دَعَا الْمَرْءُ بِهِ الْعَلِيلُ عُوفِيَ مِنْ عَلَّتِهِ تِلْكَ، إِذَا كَانَ ذٰلِكَ بِعَدَدٍ مَعْلُومٍ

اس چیز کا تذکرہ جب آدمی اس کے ذریعے بیمار کے لیے دعا کرے تو وہ بیمار اس بیماری سے ٹھیک ہو جاتا ہے جبکہ وہ دعا متعین تعداد میں پڑھی جائے

2978 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهٖ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِی الْمِنْهَالُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَادَ الْمَرِيضَ جَلَسَ عِنْدَ رَاْسِهٖ، ثُمَّ قَالَ سَبْعَ مَرَّاتٍ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، اَنْ يَّشْفِيَكَ فَاِنْ كَانَ فِیْ اَجَلِهٖ تَاْخِيرٌ عُوفِیَ مِنْ وَجَعِهٖ ذٰلِكَ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب کسی بیمار کی عیادت کرتے تھے تو اس کے سرہانے تشریف فرما ہوتے اور پھر سات مرتبہ یہ پڑھتے تھے۔

''میں عظیم اللہ تعالیٰ سے جو عظیم عرش کا پروردگار ہے، یہ سوال کرتا ہوں کہ وہ تمہیں شفا عطا کرے۔''

تو اگر اس کا آخری وقت قریب آنے میں تاخیر ہوتی تو اسے اس بیماری سے عافیت نصیب ہو جاتی تھی۔

2978– إسناده قوی علی شرط البخاری . وأخرجه الحاكم "1/343" من طريق مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، عن ابن وهب بهٰذا الإسناد. وقال هٰذا الحديث شاهد صحيح غريب من رواية المصريين عن المدنيين عن الكوفيين، لم نكتبه عاليًا إلا عنه، وقد خالف الحجاج بن أرطاة الثقات فی الحديث عن المنهال بن عمرو .وأخرجه أحمد "1/239" و"243"، والترمذی "2083" فی الطب: باب "32"، وأبو داوٗد "3106" فی الجنائز: باب الدعاء للمريض عند العيادة، من طريق المنهال بن عمرو، به . وقال الترمذی: هٰذا حديث حسن غريب لا نعرفه إلا من حديث المنهال بن عمرو. وانظر الحديث رقم ."2975"

فَصْلٌ فِیْ اَعْمَارِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

فصل: امتِ (محمدیہ) کی عمروں کا تذکرہ

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا اَمْهَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُسْلِمِيْنَ فِیْ اَعْمَارِهِمْ، وَاكْتِسَابِ الطَّاعَاتِ لِيَوْمِ فَقْرِهِمْ وَفَاقَتِهِمْ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ان کی عمروں کے حوالے سے مہلت دی ہے تاکہ وہ اس دن کے لیے نیکیاں کما لیں جب انہیں ان کی شدید ضرورت ہوگی

2979 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰی ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): مَنْ عَمَّرَهُ اللّٰهُ سِتِّيْنَ سَنَةً فَقَدْ اَعْذَرَ اِلَيْهِ فِی الْعُمُرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جسے اللہ تعالیٰ ساٹھ سال کی عمر عطا کر دے، تو عمر کے حوالے سے اس کے لیے کوئی عذر باقی نہیں رہنے دیتا"۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْعَدَدِ الَّذِیْ بِهٖ يَكُوْنُ عَوَامُّ اَعْمَارِ النَّاسِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس عدد کی صفت کے بارے میں ہے جو اس بارے میں ہے کہ لوگوں کی عمریں عام طور پر اتنی ہوں گی

2979- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو حازم: هو سلمة بن دينار. وأخرجه أحمد "2/417" من طريق قتيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه الرامهرمزي في "الأمثال" ص: "64، والبيهقي "3/370"، والقضاعي في "مسند الشهاب" "424" من طريق عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ، به. وأخرجه البخاري "6419" في الرقاق: باب من بلغ ستين بسنة فقد أعذر إلى الله في العمر، والبيهقي "3/370"، والبغوي "4032" من طريق معن ابن محمد الغفاري، وأحمد "2/320"، والبيهقي "3/370"، والخطيب في "تاريخه" "1/290" من طريق محمد بن عجلان، وأحمد "2/405" من طريق أبي معشر، والحاكم "2/427" من طريق الليث، وأحمد "2/275"، والحاكم 2/427"-"428 من طريق رجل من بني غفار، خمستهم عن سعيد بن أبي سعيد المقبري، به. وأخرجه الحاكم "2/427" من طريق محمد بن عبد الرحمٰن الغفاري، عن أبي هريرة.

2980 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَعْمَارُ اُمَّتِیْ مَا بَيْنَ السِّتِّيْنَ اِلَى السَّبْعِيْنَ، وَاَقَلُّهُمْ مَنْ يَّجُوْزُ ذٰلِكَ.

قَالَ ابْنُ عَرَفَةَ: وَاَنَا مِنَ الْاَقَلِّ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''میری امت کی (اوسط) عمریں ساٹھ سال سے لے کر ستر سال تک ہوں گی اور بہت کم لوگ ہوں گے جو انہیں عبور کریں گے۔''

ابن عرفہ نامی راوی کہتے ہیں: میں ان کم لوگوں میں سے ہوں (یعنی میری عمر ستر سال سے زیادہ ہو چکی ہے)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ خِيَارِ النَّاسِ مَنْ حَسُنَ عَمَلُهُ فِیْ طُوْلِ عُمْرِهٖ جَعَلَنَا اللّٰهُ مِنْهُمْ بِمَنِّهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ لوگوں میں بہتر وہ لوگ ہیں جن کا عمل لمبی عمر ہونے کی صورت میں اچھا ہو، اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کے تحت ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل کرے

2981 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُقَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِیُّ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَلَا اُنَبِّئُكُمْ بِخِيَارِكُمْ، قَالُوْا: بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ: خِيَارُكُمْ اَطْوَلُكُمْ اَعْمَارًا، وَاَحْسَنُكُمْ اَعْمَالًا

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

2980– إسناده حسن. محمد بن عمرو – وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ– حسن الحديث، روى له البخارى مقرونًا بغيره ومسلم فى المتابعات، وقد توبع عليه. والمحاربى: هو عبد الرحمٰن بن محمد بن زياد. وأخرجه ابن ماجه "4236" فى الزهد: باب الأمل والأجل، والحاكم "2/427"، والبيهقى "3/370"، والخطيب فى "تاريخه" "6/397"، والترمذى "3550" فى الدعوات: باب فى دعاء النبى صلى الله عليه وسلم وقد تحرف فيه "عبد الرحمٰن عن محمد بن عمرو " إلى "عبد الرحمٰن بن محمد بن عمرو "، والقضاعى فى "مسند الشهاب" "252" من طريق الحسن بن عرفة بهٰذا الإسناد . وليس فيها زيادة الحسن بن عرفة . وقال الحاكم: هٰذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه، ووافقه الذهبى. وقال الترمذى: هٰذا حديث حسن غريب من حديث محمد بن عمرو عن أبى سلمة عن أبى هريرة، عن النبى صلى الله عليه وسلم، لا نعرفه إلا من هٰذا الوجه. وحسنه الحافظ فى "الفتح" "11/240". وأخرجه الترمذى "2331" فى الزهد: باب ما جاء فى فناء أعمار هذه الأمة ما بين الستين إلى السبعين من طريق محمد بن ربيعة، عن كامل أبى العلاء ، عن أبى صالح، عن أبى هريرة. وقال: هٰذا حديث حسن غريب من حديث أبى صالح، عن أبى هريرة،

''کیا میں تمہیں تمہارے بہترین لوگوں کے بارے میں نہ بتاؤں؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یا رسول اللہ ﷺ۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارے بہترین وہ لوگ ہیں جن کی عمریں طویل ہوں اوران کے عمل اچھے ہوں۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ طَالَ عُمْرُهُ، وَحَسُنَ عَمَلُهُ قَدْ يَفُوقُ الشَّهِيدَ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جس شخص کی عمر طویل ہو اور اس کا عمل اچھا ہو وہ (بعض اوقات) اللہ کی راہ میں شہید ہونے والے شخص پر فوقیت رکھتا ہے

2982 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، وَابْنُ اَبِىْ حَازِمٍ، يَزِيدُ اَحَدُهُمَا عَنْ صَاحِبِهِ، عَنْ يَّزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلَانِ مِنْ بَلِيٍّ، فَكَانَ اِسْلَامُهُمَا جَمِيعًا وَاحِدًا، وَكَانَ اَحَدُهُمَا اَشَدَّ اجْتِهَادًا مِنَ الْاٰخَرِ، فَغَزَا الْمُجْتَهِدُ فَاسْتُشْهِدَ، وَعَاشَ الْاٰخَرُ سَنَةً حَتّٰى صَامَ رَمَضَانَ، ثُمَّ مَاتَ، فَرَاٰى طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ خَارِجًا خَرَجَ مِنَ الْجَنَّةِ، فَاَذِنَ لِلَّذِى تُوُفِّيَ اٰخِرَهُمَا، ثُمَّ خَرَجَ فَاَذِنَ لِلَّذِى اسْتُشْهِدَ، ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى طَلْحَةَ، فَقَالَ: ارْجِعْ فَاِنَّهُ لَمْ يَاْنِ لَكَ، فَاَصْبَحَ طَلْحَةُ يُحَدِّثُ بِهِ النَّاسَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ

2981– إسناده قوى، محمد بن عفان العقيلي: روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات"، وقال: يغرب، ومن فوقه ثقات، وابن إسحاق قد صرّح بالتحديث. عبد الأعلى: هو ابن عبد الأعلى البصرى. وقد تقدم هٰذا الحديث برقم "484" من طريق جعفر بن عون، عن محمد بن إسحاق، بهٰذا الإسناد. وتقدم تخريجه هناك.

2982– يعقوب بن حميد بن كاسب مختلف فيه، وقال ابن عدى: لا بأس به، وهو كثير الحديث، كثير الغرائب، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين، إلا أن رواية أبى سلمة عن طلحة بن عبيد الله مرسلة، فإنه لم يسمع منه . وابن أبى حازم: هو عبد العزيز بن أبى حازم . وأخرجه أحمد "1/163" من طريق بكر بن مضر، وابن ماجه "3925" فى تعبير الرؤيا: باب تعبير الرؤيا من طريق الليث بن سعد، والبيهقى 3/371"–"372 من طريق ابن لهيعة ويحيى بن أيوب وحيوة بن شريح، خمستهم عَنْ يَّزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ، بهٰذا الإسناد. وله شاهد من حديث أبى هريرة رواه الإمام أحمد فى "مسنده" "2/333"، وحسن إسناده الهيثمى فى "مجمع الزوائد" ."10/124"وأخرجه من حديث سعد بن أبى وقاص مالك "1/174" بلاغًا، ووصله أحمد "1/177"، وابن خزيمة "310" بإسناد صحيح، وأورده الهيثمى فى المجمع "1/297"، وزاد نسبته إلى الطبرانى فى الأوسط، وقال: رجال أحمد رجال الصحيح. ورواه مالك "1/174"، وأحمد "1/177"، والنسائى، وابن خزيمة فى "صحيحه" من حديث سعد بن أبى وقاص. وأخرجه أحمد 1/161"–"162 من طريق محمد بن إسحاق، عن محمد بن إبراهيم التيمى، عن أبى سلمة، عن طلحة بن عبيد الله. وأخرج أحمد "2/163" من طريق طلحة بن يحيى بن طلحة. وذكره الهيثمى فى "المجمع" "10/204"، وقال: رواه أحمد، فوصل بعضه وأرسل أوله، ورواه أبو يعلى والبزار، فقالا: عن عبد الله بن شداد عن طلحة، فوصلاه بنحوه، ورجالهم رجال الصحيح.

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَدَّثُوهُ الْحَدِيثَ، وَعَجِبُوا، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَانَ اَشَدَّ الرَّجُلَيْنِ اجْتِهَادًا، وَاسْتُشْهِدَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَدَخَلَ هٰذَا الْجَنَّةَ قَبْلَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَيْسَ قَدْ مَكَثَ هٰذَا بَعْدَهُ بِسَنَةٍ؟ قَالُوا: نَعَمْ.

قَالَ: وَاَدْرَكَ رَمَضَانَ فَصَامَهُ، وَصَلَّى كَذَا وَكَذَا فِي الْمَسْجِدِ فِي السَّنَةِ؟ قَالُوا: بَلٰى، قَالَ: فَلَمَّا بَيْنَهُمَا اَبْعَدُ مِمَّا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَاتَ اَبُوْ سَلَمَةَ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّتِسْعِينَ، وَقُتِلَ طَلْحَةُ سَنَةَ سِتٍّ وَّثَلَاثِينَ يَوْمَ الْجَمَلِ

❁❁ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ''بلی'' نامی علاقے سے تعلق رکھنے والے دو آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان دونوں نے ایک ساتھ اسلام قبول کیا ان دونوں میں سے ایک دوسرے کے مقابلے میں زیادہ کوشش کرنے والا تھا اس کوشش کرنے والے نے جنگ میں حصہ لیا اور جام شہادت نوش کر لیا دوسرا شخص مزید ایک سال تک زندہ رہا' یہاں تک کہ اس نے رمضان کے روزے بھی رکھے پھر اس کا انتقال ہوا۔ ایک مرتبہ حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے خواب میں دیکھا ایک شخص جنت سے باہر آیا اس نے اس شخص کو جنت میں جانے کی اجازت دی جس کا انتقال ان دونوں افراد میں سے بعد میں ہوا تھا پھر وہ شخص جنت سے باہر آیا اور اس نے اسے اندر جانے کی اجازت دی جو شہید ہوا تھا پھر وہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی طرف واپس آیا اور بولا: تم ابھی واپس چلے جاؤ ابھی تمہارا وقت نہیں آیا اگلے دن حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں لوگوں سے بات چیت کی اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا اور اپنی حیرانگی کا اظہار کیا ان لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ شخص' تو ان دونوں میں سے زیادہ کوشش کرنے والا تھا اور وہ اللہ کی راہ میں شہید بھی ہوا تھا' لیکن یہ (دوسرے والا) اس سے پہلے جنت میں داخل ہو گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا اس نے اس کے بعد ایک سال تک زندگی بسر نہیں کی تھی؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص نے رمضان کا مہینہ پایا تھا اور اس میں روزے رکھے تھے اور سال بھر میں مسجد میں اتنی اتنی نمازیں ادا نہیں کی تھیں؟ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسی لیے ان دونوں کے درمیان اس سے زیادہ فرق ہے جتنا آسمان اور زمین کے درمیان فاصلہ ہے۔

ابوسلمہ نامی راوی کا انتقال **94** ہجری میں ہوا تھا جبکہ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ جنگ جمل کے موقع پر سن **36** ہجری میں شہید ہوئے تھے۔

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا نُورًا فِي الْقِيَامَةِ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي سَبِيلِهِ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کو قیامت کے دن نور عطا کرنے کا تذکرہ جو اس کی راہ میں (عبادت کرتے ہوئے) جوانی بسر کرتا ہے

2983 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ خَارِجَةَ وَكَانَ يُسَمَّى شُعْبَةَ الصَّغِيرَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ:

سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْإِسْلَامِ، كَانَتْ لَهُ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اسلام میں بوڑھا ہو جائے (یعنی جس مسلمان کے سفید بال آ جائیں) تو یہ اس کے لیے قیامت کے دن نور ہوں گے۔''

2984 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُوْدِ بْنِ عَدِيٍّ، بِنَسَا قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ زَنْجَوَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَبِي نَجِيحٍ السُّلَمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَانَتْ لَهُ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابو نجیح سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص اللہ کی راہ میں بوڑھا ہو جائے (یعنی اس کے سفید بال آ جائیں) تو یہ چیز اس کے لیے قیامت کے دن نور ہو گی۔''

ذِكْرُ كَتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْحَسَنَاتِ، وَحَطِّ السَّيِّئَاتِ وَرَفْعَ الدَّرَجَاتِ لِلْمُسْلِمِ بِالشَّيْبِ فِي الدُّنْيَا

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کے لیے نیکیاں نوٹ کرنے، گناہ ختم کرنے اور درجات بلند کرنے کا تذکرہ جو دنیا میں مسلمان ہونے کے عالم میں بوڑھا ہوتا ہے

2985 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ،

2983- إسناده قوى، رجاله رجال البخارى غير سُليم بن عامر، فمن رجال مسلم . محمد بن حمير: هو ابن أنيس القضاعى السليحى.وأخرجه الطبرانى فى "الكبير" "1/58" من طريق إبراهيم بن محمد بن عرق الحمصى، عن محمد بن المصفى، عن سويد بن عبد العزيز، عن ثابت بن عجلان، عن مجاهد، عن ابن عمر، عن عمر .ويشهد له حديث أبى نجيح الآتى بعده، وحديث كعب بن مرة عند الترمذى "1634"، والنسائى "6/27"، وأحمد "4/235"-"236"، والبيهقى "9/162"، وحديث أبى هريرة عند القضاعى فى "مسند الشهاب" "457"، وحديث فضالة بن عبيد عند الطبرانى "18/782" و"783"، وأحمد ."6/20"

2984- إسناده صحيح حميد بن زنجوية روى له أبو داوٗد والنسائى وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح . عبد الصمد: هو ابن عبد الوارث العنبرى، وأبو نجيح: هو عمرو بن عبسة.وأخرجه البيهقى "9/161" من طريق شيبان، عن قتادة، بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد "4/386"، والترمذى "1635" فى فضائل الجهاد: باب ما جاء فى فضل من شاب شيبة فى سبيل الله، من طريق حيوة بن شريح الحمصى .وأخرجه أحمد "4/113"، والنسائى "6/26" فى الجهاد: باب ثواب من رمى بسهم فى سبيل الله عز وجل، من طريق سليم بن عامر، والبيهقى "9/272" من طريق أسد بن وداعة الطائى، كلاهما عن شرحبيل بن السمط، عن عمرو بن عبسة.

قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا تَنْتِفُوا الشَّیْبَ فَاِنَّهُ نُورٌ یَوْمَ الْقِیَامَةِ، وَمَنْ شَابَ شَیْبَةً فِی الْاِسْلَامِ كُتِبَ لَهُ بِهَا حَسَنَةٌ، وَحُطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِیْئَةٌ، وَرُفِعَ لَهُ بِهَا دَرَجَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم سفید بالوں کو اکھاڑو نہیں' کیونکہ یہ قیامت کے دن نور ہوں گے اور جو شخص اسلام میں بوڑھا ہو جائے (یعنی اس کے سفید بال آ جائیں) تو اس کے لیے ان کے عوض میں نیکیاں لکھی جائیں اور ان کے عوض میں اس کے گناہ معاف ہوں گے اور ان کے عوض میں اس کے درجات بلند ہوں گے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ شَنَّعَ بِهٖ بَعْضُ الْمُعَطِّلَةِ عَلٰی اَصْحَابِ الْحَدِیْثِ وَمُنْتَحِلِی السُّنَنِ

اس روایت کا تذکرہ جس کی وجہ سے معطلہ فرقے سے تعلق رکھنے والے بعض لوگوں نے محدثین اور سنت کے پیروکار افراد پر تنقید کی ہے

2986 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِیْدٍ الْاَشَجُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدَ، عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَبُوْكَ سُئِلَ عَنِ السَّاعَةِ، فَقَالَ: لَا یَاْتِیْ عَلَی النَّاسِ مِائَةُ سَنَةٍ وَّعَلٰی ظَهْرِ الْاَرْضِ نَفْسٌ مَنْفُوْسَةٌ *

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تبوک سے واپس تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کے بارے میں دریافت کیا گیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس وقت روئے زمین پر موجود کوئی شخص آج سے ٹھیک ایک سو سال بعد زندہ نہیں ہوگا۔

2985- إسناده حسن، محمد بن عمرو، هو ابن علقمة بن وقاص الليثي، روى له البخاري مقرونًا بغيره ومسلم في المتابعات. وأخرجه بلفظ الحديث "2983" القضاعي في "مسند الشهاب" "457" من طريق عنبسة الحداد، عن مكحول، عن أبي هريرة. وله شاهد من حديث عبد الله بن عمرو. وأخرجه أبو داوٗد "4202" في الترجل: باب في نتف الشيب، والترمذي "2821" في الأدب: باب ما جاء في النهي عن نتف الشيب، والنسائي "8/136" في الزينة: باب النهي عن نتف الشيب، وأحمد "2/179"، و"207" و"210"، وابن ماجه "3731" في الأدب: باب نتف الشيب، والبغوي "3181"، والبيهقي "7/311". وقال الترمذي: حديث حسن. وفي الباب عن أنس موقوفًا عند مسلم "2341" "104" في الفضائل: باب شيبه صلى الله عليه وسلم، بلفظ: "يكره أن ينتف الرجل الشعرة البيضاء من رأسه ولحيته."

2986- إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو سعيد الأشج: هو عبد الله بن سعيد، وأبو خالد الأحمر: هو سليمان بن حيان، وأبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قُطَعة. وأخرجه مسلم "2539" في فضائل الصحابة: باب قوله صلى الله عليه وسلم: "لا تأتي مئة سنة وعلى الأرض نفس منفوسة اليوم"، من طريقين، عن أبي خالد، بهٰذا الإسناد. وزاد في لفظه: "اليوم."

ذِكْرُ خَبَرٍ وَّهِمَ فِي تَأْوِيلِهِ جَمَاعَةٌ لَمْ يُحْكِمُوا صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ

اس روایت کا تذکرہ جس کی تاویل کے بارے میں ایک جماعت کو غلط فہمی ہوئی جنہیں علم حدیث میں مہارت حاصل نہیں ہے

2987 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَبْلَ اَنْ يَّمُوتَ بِشَهْرٍ: تَسْاَلُونِي عَنِ السَّاعَةِ وَاِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ، وَاُقْسِمُ بِاللّٰهِ: مَا عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ نَفْسٌ مَنْفُوسَةٌ الْيَوْمَ يَاْتِي عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وصال سے ایک ماہ پہلے یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا: تم لوگ مجھ سے قیامت کے بارے میں دریافت کرتے ہو اس کا علم اللہ کے پاس ہے اور میں اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر یہ کہتا ہوں کہ آج روئے زمین پر جو بھی شخص موجود ہے وہ آج سے ایک سو سال بعد زندہ نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ سِنَّ اَحَدٍ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ لَا يَجُوزُ عَلَى الْمِائَةِ سَنَةٍ

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ اس امت میں سے کسی بھی شخص کی عمر ایک سو سال سے زیادہ نہیں ہوگی

2988 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يُحَدِّثُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): تَسْاَلُونِي عَنِ السَّاعَةِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا عَلَى الْاَرْضِ نَفْسٌ مَنْفُوسَةٌ يَاْتِي عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

2987– إسناده صحيح على شرط مسلم. ابن جريج وأبو الزبير صرحًا بالتحديث عند مسلم . فانتفت شبهة تدليسهما . وأخرجه أحمد "3/385"، ومسلم "2538" في فضائل الصحابة: باب قوله صلى الله عليه وسلم: "لا تأتي مئة سنة وعلى الأرض نفس. منفوسة اليوم ." من طريق حجاج بن محمد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد "3/322"، ومسلم "2538" من طريق محمد بن بكر، عن ابن جريج، به .وأخرجه أحمد "3/345" من طريق ابن لهيعة عن أبي الزبير، به . وأخرجه أحمد "3/314"، والترمذي "2250" في الفتن: باب "64" من طريق أبي معاوية، عن الأعمش، عن أبي سفيان، عن جابر . وأخرجه مسلم "2538" "220" من طريق أبي الوليد، عن أبي عوانة، عن حصين، عن سالم، عن جابر. وأخرجه الطحاوي في "شرح مشكل الآثار" "375" و"376"

2988– حديث صحيح. مبارك بن فضالة صدوق، وقد صرح بالسماع، فانتفت شبهة تدليسه، وباقي رجاله ثقات، وسيكرره المصنف برقم ."2991"وأخرجه الطحاوي في "شرح مشكل الآثار " بتحقيقنا "377" من طريق سليمان بن شعيب الكيساني، حدثنا علي بن معبد العبدي، حدثنا أبو مليح الحسن بن عمر الفزاري، عن الزهري، عن أنس. وهذا إسناد صحيح.

"تم لوگ مجھ سے قیامت کے بارے میں دریافت کرتے ہو اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اس وقت روئے زمین پر موجود کوئی بھی زندہ شخص آج سے ایک سو سال بعد زندہ نہیں ہوگا"۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ وُرُوْدَ هٰذَا الْخِطَابِ كَانَ لِمَنْ كَانَ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ عَلٰى سَبِيلِ الْخُصُوْصِ دُوْنَ الْعُمُوْمِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ روایت کے یہ الفاظ ان لوگوں کے بارے میں ہیں جو اس وقت میں موجود تھے اور یہ الفاظ خصوصی ہیں عمومی نہیں ہیں

2989 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُفَيْرٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، وَاَبِيْ بَكْرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِيْ حَثْمَةَ، (متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، قَالَ: صَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَاةَ الْعِشَاءِ فِيْ اٰخِرِ حَيَاتِهٖ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ، فَقَالَ: رَاَيْتُمْ لَيْلَتَكُمْ هٰذِهٖ؟ فَاِنَّ عَلٰى رَاْسِ مِائَةِ سَنَةٍ لَا يَبْقٰى مِنْهَا مِمَّنْ هُوَ عَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ اَحَدٌ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات کے آخری دور میں ہمیں عشاء کی نماز پڑھائی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام پھیرا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہیں اپنی اس آج کی رات کے بارے میں پتہ ہے؟ آج سے ٹھیک ایک سو سال بعد ایسا کوئی شخص باقی نہیں ہوگا' جو اس وقت روئے زمین پر موجود ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ عُمُوْمَ خَبَرِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ، اُرِيْدَ بِهٖ بَعْضُ ذٰلِكَ الْعُمُوْمِ لِاَقْوَامٍ بِاَعْيَانِهِمْ دُوْنَ كُلِّيَّةِ عُمُوْمِهٖ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول وہ روایت جسے ہم نے ذکر کیا ہے اس میں عموم پایا جاتا ہے اور اس کے ذریعے بھی اس عموم کا کچھ حصہ مراد ہے جو متعین لوگوں کے بارے میں مکمل عموم مراد نہیں ہے

2990 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ،

2989- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وابن عفير: هو سعيد بن كثير بن عفير .وأخرجه البخاري "116" في العلم: باب السمر في العلم، والطحاوي "374" من طريق سعيد بن كثير بن عفير، بهذا الإسناد وأخرجه مسلم "2537" في فضائل الصحابة: باب قوله صلى الله عليه وسلم: "لا تأتي مئة سنة وعلى الأرض نفس منفوسة اليوم "، من طريق الليث، به .وأخرجه أحمد "2/88" و "121"، و"131"، والبخاري "564" في مواقيت الصلاة: باب ذكر العشاء والعتمة، و "601" باب السمر في الفقه والخير بعد العشاء . وأبو داوٗد "4348" في الملاحم: باب قيام الساعة: والترمذي "2251" في الفتن: باب "164"، ومسلم "2537"، والطحاوي "373"، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" "5/293"، من طرق عن الزهري، به.

اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَا مِنْكُمْ مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوسَةٍ يَاْتِي عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ وَّهِيَ حَيَّةٌ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم میں سے جو شخص بھی آج زندہ ہے ایک سو سال گزرنے کے بعد ان میں سے کوئی بھی زندہ نہیں ہوگا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلٰى ظَهْرِ الْاَرْضِ نَفْسٌ مَنْفُوسَةٌ اَرَادَ بِهٖ مَنْ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اور روئے زمین پر کوئی بھی زندہ شخص'' اس سے آپ کی مراد وہ شخص ہے جو اس دن میں موجود تھا

2991 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): تَسْاَلُوْنَنِيْ عَنِ السَّاعَةِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ مَا عَلَى الْاَرْضِ نَفْسٌ مَنْفُوسَةٌ الْيَوْمَ تَاْتِي عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم لوگ مجھ سے قیامت کے بارے میں دریافت کرتے ہو۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے آج روئے زمین پر موجود کوئی بھی زندہ شخص ایک سو سال کے بعد زندہ نہیں ہوگا۔''

2990- إسناده صحيح على شرط مسلم: سليمان التيمي: هو ابن طرخان، وأبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قُطعة. وهو في "مسند أبي يعلى" "2217". وأخرجه أحمد "3/379"، ومسلم "2538" من طريق يزيد بن هارون بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "3/305"، ومسلم "2538" من طريقين عن سليمان التيمي، به. وانظر الحديث رقم "2987".

2991- هو مكرر الحديث "2988" وفي الباب: حديث بريدة عن البزار "228" و"229" وقال الهيثمي في "المجمع" "1/198" و"199"، رجاله رجال الصحيح. وحديث أبي ذر عند البزار أيضًا "227" وحديث أبي مسعود عقبة بن عمرو الأنصاري عند أحمد "1/93"، وابنه في الزوائد "1/140"، وأبي يعلى "467" و"583"، والطبراني في "الكبير" "17/693"، والحاكم "4/498"، والطحاوي في "مشكل الآثار" "372" وذكره الهيثمي في "المجمع" "1/197"-"198"، ونسبه إلى أحمد وأبي يعلى والطبراني في "الكبير" و"الأوسط"، وقال: رجاله ثقات. وحديث سفيان بن وهب الخولاني عند الطبراني "7/6405" و"6406" والحاكم "4/499" وصححه الحاكم، وقال الهيثمي في "المجمع" "1/198": رواه الطبراني في "الكبير" ورجاله موثقون.

فَصْلٌ فِیْ ذِكْرِ الْمَوْتِ

فصل: موت کا تذکرہ

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ بِالْاِكْثَارِ مِنْ ذِكْرِ مُنَغِّصِ اللَّذَّاتِ، نَسْاَلُ اللّٰهَ بَرَكَةَ وُرُوْدِهٖ

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ لذات کو ختم کرنے والی چیز کو کثرت سے یاد کرے ہم اللہ تعالیٰ سے اس کی آمد کی برکت کا سوال کرتے ہیں

2992 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحْمُوْدِ بْنِ سُلَيْمَانَ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، وَيَحْيَى بْنُ اَكْثَمَ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَكْثِرُوا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ الْمَوْتِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''لذتوں کو ختم کرنے والی چیز موت کو کثرت سے یاد کرو۔''

2992- إسناده حسن . وأخرجه نعيم بن حماد في زيادات "الزهد" لابن المبارك "146" من طريق الفضل بن موسى بهذا الإسناد .وأخرجه الترمذي "2307" في الزهد: باب ما جاء في ذكر الموت، وابن ماجه "4258" في الزهد: باب ذكر الموت والاستعداد له، من طريق محمود بن غيلان، به . وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب.وأخرجه القضاعي في "مسند الشهاب" "669" من طريق هدية بن عبد الوهاب، والخطيب في "التاريخ" "9/470" من طريق عبد الله بن سنان، كلاهما عن الفضل بن موسى، به.وأخرجه أحمد 2/292"-"293، والنسائي "4/4" في الجنائز: باب كثرة ذكر الموت، والخطيب "1/384"، والحاكم "4/321"، من طريق يزيد بن هارون عن محمد بن إبراهيم، عن محمد بن عمرو، به . وقال الحاكم: صحيح على شرط مسلم ووافقه الذهبي، وسقط من سند الحاكم "محمد بن إبراهيم ."وله شاهد من حديث أنس بن مالك عند أبي نعيم في "الحلية" "9/252" والخطيب في "تاريخه" 12/72"-"73، وسنده صحيح، وصحّحه الضياء المقدسي في "المختارة" ."1/521" وآخر من حديث ابن عمر عند القضاعي في "مسند الشهاب" "671"، وفيه القاسم بن محمد الأزدي لا يعرف بجرح ولا تعديل.وثالث من حديث عمر بن الخطاب، عند أبي نعيم في "الحلية" "6/355"، وفي سنده راو لا يدرى من هو.ورابع من حديث زيد بن أسلم مرسلًا عند ابن المبارك "145"، ومن طريقه البغوي ."1447"وخامس من حديث أبي سعيد عند الترمذي "2460" في صفة القيامة، وحسنه. والحديث صحيح بها.وانظر الحديث رقم "2993" و"2994" و."2995"

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اُمِرَ بِالْاِكْثَارِ مِنْ ذِكْرِ الْمَوْتِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے موت کا ذکر کثرت سے کرنے کا حکم دیا گیا ہے

2993 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ، فَمَا ذَكَرَهُ عَبْدٌ قَطُّ وَهُوَ فِيْ ضِيقٍ اِلَّا وَسَّعَهُ عَلَيْهِ، وَلَا ذَكَرَهُ وَهُوَ فِيْ سَعَةٍ اِلَّا ضَيَّقَهُ عَلَيْهِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''لذتوں کو ختم کرنے والی چیز کو کثرت سے یاد کرو جو بھی بندہ تنگی کے عالم میں اسے یاد کرتا ہے یہ اس کے لیے کشادہ ہو جاتی ہے اور جو بھی شخص گنجائش کے عالم میں اسے یاد کرتا ہے یہ اس کے لیے تنگی کر دیتی ہے۔''

2994 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''لذتوں کو ختم کرنے والی چیز (یعنی موت) کو کثرت سے یاد کرو۔''

ذِكْرُ اِكْثَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي الْقَوْلِ لِمَا وَصَفْنَا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس چیز کا کثرت سے ذکر کرنے کا تذکرہ جو ہم نے بیان کی ہے

2995 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ رِزْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يُكْثِرُ اَنْ يَّقُوْلَ: اَكْثِرُوْا مِنْ ذِكْرِ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر یہ ارشاد فرمایا کرتے تھے: ''لذتوں کو ختم کرنے والی چیز کو کثرت سے یاد کرو۔''

2994- إسناده حسن. عبد العزيز بن مسلم: هو القسملي. وأخرجه القضاعي في "مسند الشهاب" "668" من طريق أبي يعلى، بهذا الإسناد. وأخرجه "670" من طريق عيسى بن إبراهيم، عن عبد العزيز بن مسلم، به. وانظر الحديث رقم "2992" و"2994" و"2995".

2995- إسناده حسن كالذي قبله.

فَصْلٌ فِی الْاَمَلِ

فصل: (لمبی زندگی کی) امید کا تذکرہ

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُطَوِّلَ الْمَرْءُ اَمَلَهُ فِي عِمَارَةِ هٰذِهِ الدُّنْيَا الزَّائِلَةِ الْفَانِيَةِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اس زائل ہو جانے والی فانی دنیا میں آباد کرنے کے بارے میں طویل امیدیں رکھے

2996 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ، بِالْاُبُلَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي السَّفَرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): مَرَّ بِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا وَاُمِّي نُصْلِحُ خُصًّا لَنَا، فَقَالَ: مَا هٰذَا يَا عَبْدَ اللّٰهِ؟ قَالَ: قُلْتُ: خُصٌّ لَنَا نُصْلِحُهُ، فَقَالَ: الْاَمْرُ اَسْرَعُ مِنْ ذٰلِكَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے اس وقت میں اور میری والدہ اپنے لیے چھپر بنا رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے عبداللہ! یہ کیا ہے؟ میں نے عرض کی: ہم اپنے چھپر کو درست کر رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت اس سے زیادہ تیزی سے آجائے گی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْاَمْرُ اَسْرَعُ مِنْ ذٰلِكَ لَمْ يُرِدْ بِهِ عَلَى الْبَتَاتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "معاملہ اس سے زیادہ تیز ہوگا" اس سے آپ کی مراد یہ نہیں ہے کہ فوراً ایسا ہو جائے گا

2997 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ

2996– إسناده على شرط الشيخين. أبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير، وأبو السفر: هو سعيد بن يحمد. وأخرجه أحمد "1/161"، والترمذی "2335" فی الزهد: باب ما جاء فی قصر الأمل، أبو داؤد "5236" فی الأدب: باب ما جاء فی البناء، وابن ماجه "4160" فی الزهد: باب فی البناء والخراب، من طريق أبی معاوية، بهٰذا الإسناد. وقال الترمذی: حديث حسن صحيح. وأخرجه أبو داؤد "5235"، والبغوی "4030" من طريق حفص بن غياث، عن الأعمش، به. والخص: بيت من شجر أو قصب.

اَبِی السَّفَرِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: مَرَّ بِنَا النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَنَحْنُ نُصْلِحُ خُصًّا لَنَا، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟ فَقُلْنَا: خُصٌّ لَنَا وَهَى، فَنَحْنُ نُصْلِحُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَرَى الْاَمْرَ اِلَّا اَعْجَلَ مِنْ ذٰلِكَ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس سے گزرے ہم اس وقت اپنا چھپر درست کررہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ کیا ہے؟ ہم نے عرض کی: یہ ہمارا چھپر ہے اور ہم اسے ٹھیک کررہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں یہ سمجھتا ہوں قیامت اس سے بھی زیادہ جلدی آجائے گی۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَقْرِيبِ اَجَلِهٖ عَلٰى نَفْسِهٖ وَتَبْعِيْدِ اَمَلِهٖ عَنْهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنے ذہن میں موت کا خیال زیادہ رکھے اور اپنے ذہن سے امیدوں کو دور رکھے

2998 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): هٰذَا ابْنُ آدَمَ، وَهٰذَا اَجَلُهُ وَوَضَعَ يَدَهُ عِنْدَ قَفَاهُ، ثُمَّ بَسَطَ يَدَهُ، فَقَالَ: وَثَمَّ اَمَلُهُ وَثَمَّ اَمَلُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''یہ آدم کا بیٹا ہے اور یہ اس کی موت ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اپنی گدی پر رکھا اور پھر اپنے ہاتھ کو آگے لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اور یہاں اس کی امید ہے اور یہاں اس کی امید ہے۔''

2997- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله . رجاله رجال الشيخين غير يزيد بن موهب -وهو يزيد بن خالد بن يزيد عن عبد الله بن موهب- روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة.

2998- إسناده قوى. عبد الوارث بن عبيد الله روى له الترمذى، وهو صدوق، ومن فوقه من رجال الصحيح .وأخرجه الترمذى "2334" فى الزهد: باب ما جاء فى قصر الأمل، والبغوى "4092" من طريقين عن ابن المبارك، بهذا الإسناد، وقال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح .وأخرجه أحمد "3/123" و"135"، "142"، و"257"، وابن ماجه "4232" فى الزهد: باب الأمل والأجل، من طريق حماد بن سلمة، به.وأخرجه البخارى "6418" فى الرقاق: باب فى الأمل وطوله، من طريق إسحاق بن عبد الله بن أبى طلحة، عن أنس قال: خط النبى صلى الله عليه وسلم خطوطًا، فقال: هذا الأمل وهذا الأجل، فبينما هو كذلك إذ جاء "الخط الأقرب."وأخرجه أحمد "3/265" من طريق ثابت، عن أنس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أخذ ثلاث حصيات فوضع واحدة، ثم وضع أخرى بين يديه، ورمى بالثالثة، فقال: "هذا ابن آدم، وهذا أجله، وذاك أمله، التى رمى بها ." وفى الباب عن ابن مسعود عند الترمذى "2454"، وأحمد "1/385"، والدارمى ص "700"، وابن ماجه ."4231"وعن بريدة عند الترمذى "2870".وعن أبى سعيد الخدرى عند أحمد ."3/18"

فَصْلٌ فِيْ تَمَنِّي الْمَوْتِ

فصل: موت کی آرزو کرنے کا تذکرہ

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ دُعَاءِ الْمَرْءِ بِالْمَوْتِ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی کسی لاحق ہونے والی تکلیف کی وجہ سے موت کی دعا مانگے

2999 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْنَا خَبَّابًا، نَعُوْدُهُ، وَقَدِ اكْتَوٰى فِيْ بَطْنِهِ سَبْعًا، وَقَالَ: لَوْلَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ نَدْعُوَ بِالْمَوْتِ لَدَعَوْتُ بِهٖ، ثُمَّ ذَكَرَ مَنْ مَضٰى مِنْ اَصْحَابِهٖ، اَنَّهُمْ مَضَوْا لَمْ يَاْكُلُوْا مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْئًا، وَاِنَّمَا بَقِيْنَا بَعْدَهُمْ حَتّٰى نِلْنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا لَا يَدْرِيْ اَحَدُنَا مَا يَصْنَعُ بِهٖ اِلَّا اَنْ يُنْفِقَهُ فِي التُّرَابِ، وَاِنَّ الْمُسْلِمَ لَيُؤْجَرُ فِيْ كُلِّ شَيْءٍ اِلَّا نَفَقَتَهُ فِي التُّرَابِ

❀❀ قیس بن ابوحازم بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت خباب رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے ان کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے اپنے پیٹ پر سات داغ لگوائے تھے۔ انہوں نے یہ بات ارشاد فرمائی اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع نہ

2999- إسناده صحيح . إبراهيم بن بشار - وهو الرمادي - روى له أبو داود والترمذي، وهو حافظ، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. سفيان: وهو ابن عيينة، وإسماعيل بن أبي خالد: هو الأحمسي . وأخرجه الحميدي في "مسنده" "154"، ومن طريقه الطبراني "4/3633"، وأبو نعيم في "الحلية" "1/146" عن سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "2681" في الذكر والدعاء والتوبة والاستغفار: باب كراهة تمني الموت لضر نزل به، من طريق إسحاق بن إبراهيم، عن سفيان بن عيينة، به. وأخرجه أحمد "5/109"، و"110"، و"112" و"6/395"، والبخاري "5672" في المرضى: باب تمني المريض الموت . و "6349" و"6350" في الدعوات: باب الدعاء بالموت والحياة، و "6340" و"6431" في بالرقاق: باب ما يحذر من زهرة الدنيا والتنافس فيها، و "7234" في التمني: باب ما يكره من التمني، ومسلم "2681"، والنسائي "4/4" في الجنائز: باب الدعاء بالموت، والطبراني "4/3632" و"3634" و"3635" و"3636" و"3637" والبيهقي "3/377" من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، به . وأخرجه أبو نعيم "1/146" من طريق عيسى بن المسيب، عن قيس، به . وأخرجه أحمد "5/109" و"110" و"111" و"6/395"، والترمذي "970" في الجنائز: باب ما جاء في النهي عن التمني للموت، "2483" في صفة القيامة: باب "40"، والقضاعي . في "مسند الشهاب " "1046"، والطبراني "4/3668" و"3669" و"3670" و"367" و"3672" و"3675" و"3679" والحاكم "3/383" . وأبو نعيم "1/144" و"145"

کیا ہوتا کہ ہم موت کی دعا کریں' تو میں اس کے لیے دعا کرتا پھر انہوں نے اپنے (دنیا سے) رخصت ہو جانے والے ساتھیوں کا ذکر کیا کہ یہ حضرات تشریف لے گئے اور انہوں نے اپنے اجر میں سے (دنیاوی فائدے کے طور پر) کچھ بھی نہیں پایا اور ان کے بعد ہم باقی رہ گئے اور ہم نے دنیا بھی حاصل کی ہم میں سے کسی ایک کو یہ سمجھ نہیں آتی تھی کہ وہ اس کے ساتھ کیا کرے؟ سوائے اس کے کہ وہ اس (مال و دولت کو) مٹی میں خرچ کرے (یعنی تعمیرات کرے) اور مسلمان کو اس کی ہر چیز میں اجر دیا جائے گا' سوائے اس چیز کے' جو اس نے مٹی میں خرچ کیا ہو (یعنی تعمیرات پر خرچ کیا ہو)

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ تَمَنِّي الْمَوْتِ، وَالدُّعَاءِ بِهِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے موت کی آرزو کرنے اور اس کے بارے میں دعا مانگنے سے منع کیا گیا ہے

3000 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مَرْوَانَ الْعُثْمَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ، اِمَّا مُحْسِنًا فَلَعَلَّهُ يَزْدَادُ خَيْرًا، وَاِمَّا مُسِيئًا فَلَعَلَّهُ يَسْتَعْتِبُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"تم میں سے کوئی بھی شخص موت کی آرزو ہرگز نہ کرے' کیونکہ اگر وہ نیک ہوگا' تو ہو سکتا ہے اس کی بھلائی میں اضافہ ہو اور اگر وہ گنہگار ہوگا' تو ہو سکتا ہے وہ توبہ کر لے"۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِسُؤَالِ الْحَيَاةِ اَوِ الْوَفَاةِ اَيُّهُمَا كَانَ خَيْرًا مِنْهُمَا لِلْمَرْءِ، اِذَا اَرَادَ الدُّعَاءَ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ جب آدمی نے دعا مانگنی ہو تو پھر وہ زندگی یا موت کے بارے میں دعا

3000- إسناده صحيح. أبو مروان العثماني- وهو محمد بن عثمان بن خالد- روى له النسائي والترمذي، ووثقه أبو حاتم، وقال صالح بن محمد الأسد: ثقة صدوق، وقد توبع عليه، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. إبراهيم بن سعد: هو ابن إبراهيم بن عبد الرحمٰن بن عوف الزهري، وعبيد الله بن عبد الله: هو ابن عتبة الهذلي. وأخرجه أحمد "2/263" من طريق حماد، والنسائي "4/2" في الجنائز: باب تمني الموت، من طريق معن ابن عيسى، كلاهما عن إبراهيم بن سعد، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "2/263" من طريق يعقوب عن ابن شهاب، به. وأخرجه الترمذي "2403" في الزهد: باب "58"، من طريق. يحيى بن عبيد الله، عن أبيه، به ويحيى هٰذا: متروك. وأخرجه أحمد "2/309"، والبغوي "1445" من طريق معمر، وأحمد "2/514" من طريق محمد بن أبي حفصة، والبخاري "5673" في المرضى: باب تمني المريض الموت، والدارمي "2/709"، والبيهقي "3/377" من طريق شعيب، والنسائي "4/3" من طريق الزبيدي، أربعتهم عن الزهري، عن أبي عبيد مولى عبد الرحمٰن بن عوف، عن أبي هريرة. وانظر الحديث رقم. "3015" وقوله: "يستعتب": أي: يرجع عن موجب العتب عليه.

مانگے کہ ان میں سے جو بھی آدمی کے حق میں بہتر ہے (وہ اسے مل جائے)

3001 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَتَمَنَّيَنَّ اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ لِضُرٍّ نَزَلَ بِهٖ، فَاِنْ كَانَ لَابُدَّ مُتَمَنِّيًا، فَلْيَقُلِ: اللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِيْ، وَتَوَفَّنِيْ مَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِيْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"تم میں سے کوئی بھی شخص کسی پیش آنے والی پریشانی کی وجہ سے موت کی آرزو ہرگز نہ کرے اگر اس نے ضرور یہ آرزو کرنی ہو تو پھر وہ یہ کہے: اے اللہ! جب تک زندگی میرے حق میں بہتر ہو تو مجھے زندہ رکھ اور جب موت میرے حق میں بہتر ہو تو مجھے موت دے دینا۔"

3001– إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله رجال الشيخين غير مسدد، فإنه من رجال البخارى. وأخرجه أبو داوُد "3108" فى الجنائز: باب فى كراهية تمنى الموت، والنسائى "4/3" فى الجنائز: باب تمنى الموت، وابن ماجه "4265" فى الزهد: باب ذكر الموت والاستعداد له، من طريقين عن عبد الوارث بن سعيد، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "3/101"، والبخارى "6351" فى الدعوات: باب الدعاء بالموت والحياة، ومسلم "2680" فى الذكر والدعاء والتوبة: باب كراهة تمنى الموت، والترمذى "971" فى الجنائز: باب ما جاء فى النهى عن التمنى للموت، من طريق إسماعيل بن علية، عن عبد العزيز بن صهيب، به. وانظر الحديث رقم "2966".

فَصْلٌ فِي الْمُحْتَضَرِ

فصل: قریب المرگ شخص کا تذکرہ

3002 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ السَّخْتِيَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عُثْمَانَ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اقْرَءُوْا عَلٰى مَوْتَاكُمْ يس.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ: اقْرَءُوا عَلٰى مَوْتَاكُمْ يس، اَرَادَ بِهِ مَنْ حَضَرَتْهُ الْمَنِيَّةُ لَا اَنَّ الْمَيِّتَ يُقْرَاُ عَلَيْهِ

وَكَذٰلِكَ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

❁❁ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اپنے قریب المرگ لوگوں پر سورۃ یٰسین کی تلاوت کرو۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم اپنے مردوں پر اسے پڑھو'' اس سے مراد یہ ہے: جس شخص کا آخری وقت قریب آچکا ہو اس پر سورت یٰسین پڑھو، اس کی وجہ یہ ہے: مردوں پر تلاوت نہیں کی جاتی۔

اسی طرح نبی اکرم کا یہ فرمان: ''تم اپنے مردوں کو لا الٰہ الا اللہ کی تلقین کرو'' (یعنی قریب المرگ لوگوں کو اس کی تلقین کرو۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِتَلْقِيْنِ الشَّهَادَةِ مَنْ حَضَرَتْهُ الْمَنِيَّةُ

قریب المرگ شخص کو کلمہ شہادت کی تلقین کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

3002- إسناده ضعيف لجهالة أبي عثمان، وليس هو بالنهدي، ولاضطرابه كما سيأتي. وأخرجه النسائي في "عمل اليوم والليلة" "1074"، والبغوي "1464" من طريق عبد الله بن المبارك، عن سليمان التيمي، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة "3/237"، وأحمد "5/26"، و"27"، وأبو عبيد في "فضائل القرآن" ورقة "65"، وأبو داوُد "3121" في الجنائز: باب القراءة عند الميت، وابن ماجه "1448" في الجنائز: باب ما جاء فيما يقال عند المريض إذا حضر، والطبراني "20/510"، والحاكم "1/565"، والبيهقي "3/383" من طريق ابن المبارك، عن سليمان التيمي، عن أبي عثمان غير النهدي، عن أبيه، عن معقل. وقال الحاكم: وقفه يحيى بن سعيد وغيره عن سليمان التيمي، والقول فيه قول ابن المبارك، إذ الزيادة من الثقة مقبولة وأخرجه الطيالسي "931"، والنسائي في "عمل اليوم والليلة" "1075"، والطبراني "20/511" و"541"

3003 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْمَاطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ قَوْلَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اپنے قریب المرگ لوگوں کو لا الٰہ الا اللہ پڑھنے کی تلقین کرو۔''

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اُمِرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے یہ حکم دیا گیا ہے

3004 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الشَّرْقِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْفَارِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ، عَنِ الْاَغَرِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِنَّهُ مَنْ كَانَ اٰخِرُ كَلِمَتِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عِنْدَ الْمَوْتِ، دَخَلَ الْجَنَّةَ يَوْمًا مِنَ الدَّهْرِ، وَاِنْ اَصَابَهُ قَبْلَ ذٰلِكَ مَا اَصَابَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اپنے قریب المرگ لوگوں کو لا الٰہ الا اللہ پڑھنے کی تلقین کرو' کیونکہ جس شخص کا مرنے کے قریب آخری کلمہ لا الٰہ الا اللہ ہو وہ آخر کار جنت میں داخل ہوگا اگرچہ اس سے پہلے اسے جس قسم کے بھی (عذاب کا سامنا کرنا پڑے)''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ حَضَرَ الْمَيِّتَ بِسُؤَالِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْمَغْفِرَةَ لِمَنْ حَضَرَتْهُ الْمَنِيَّةُ

جو شخص قریب المرگ شخص کے پاس جائے اسے اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اس شخص کے

3003- إسناده صحيح، على شرط مسلم. حميد بن مسعدة قد توبع. وأخرجه أحمد "3/3"، ومسلم "1916" في الجنائز: باب تلقين الموتى لا إله إلا الله، والنسائي "4/5" في الجنائز: باب تلقين الميت، وأبو داؤد "3117" في الجنائز: باب في التلقين، والترمذي "976" في الجنائز: باب ما جاء في تلقين المريض عند الموت والدعاء له عنده، والبغوي "1465"، وأبو نعيم في "الحلية" "9/224"، من طريق بشر بن المفضل بهٰذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة "3/238"، ومسلم "916"، وابن ماجه "1445" في الجنائز: باب ما جاء في تلقين الميت لا إله إلا الله، والبيهقي "3/383"

3004- حديث صحيح. محمد بن إسماعيل الفارسي ذكره المؤلف في "الثقات" "9/78"، وقال: يغرب. وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح. ومنصور: هو ابن المعتمر، والأغر: هو أبو مسلم المدني. وأخرجه البزار في "مسنده" "3" عن أبي كامل. وأخرجه الطبراني في "الصغير" "1119" من طريق عمر بن محمد بن صهبان المدني، عن صفوان بن سليم، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة رفعه: "لقنوا موتاكم لا إله إلا الله، وقولوا: الثبات الثبات، ولا قوة إلا بالله." وقال الهيثمي في "المجمع" "2/323":

لیے دعا مغفرت کرے جس کی موت کا وقت قریب آچکا ہے

3005 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا حَضَرْتُمُ الْمَيِّتَ، فَقُوْلُوْا خَيْرًا، فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تُؤَمِّنُ عَلٰى مَا تَقُوْلُوْنَ، قَالَتْ: فَلَمَّا مَاتَ اَبُوْ سَلَمَةَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا اَقُوْلُ؟ قَالَ: قُوْلِي: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، وَاَعْقِبْنَا عُقْبٰى صَالِحَةً قَالَتْ: فَاَعْقَبَنِي اللّٰهُ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی: جب تم کسی میت کے پاس جاؤ' تو اچھی بات کہو' کیونکہ تم لوگ جو کہتے ہو فرشتے اس پر آمین کہتے ہیں۔ سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب (میرے سابقہ شوہر) حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا' تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اب میں کیا پڑھوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ کہو:

"اے اللہ! تو اس کی مغفرت کر اور ہمیں اس کی جگہ اچھا بدل عطا کر"۔

سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: تو اللہ تعالیٰ نے مجھے ان کی جگہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (بطور شوہر) عطا کر دیئے۔

ذِكْرُ مَا يُؤْذَنُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عِنْدَ حُضُوْرِ النَّاسِ الْمَوْتَ

اس بات کا تذکرہ کہ جب کسی شخص کی موت کا وقت قریب آتا تھا تو اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آگاہ کیا جاتا تھا

3006 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ اَبِي يَحْيَى بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَقْدَمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا حُضِرَ الْمَيِّتُ، آذَنَّاهُ، فَحَضَرَهُ وَاسْتَغْفَرَ

3005– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو وائل: هو شقيق بن سلمة . وأخرجه أبو داوُد "3115" في الجنائز: باب ما يستحب أن يقال عند الميت من الكلام، من طريق محمد بن كثير، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "6066"، ومن طريقه أحمد "6/322"، والطبراني "23/722" عن الثوري، به . وأخرجه ابن أبي شيبة "3/236"، وأحمد "6/291"، وابن ماجه "1447" في الجنائز: باب ما جاء فيما يقال عند المريض إذا حضر، والترمذي "977" في الجنائز: باب ما جاء في تلقين المريض عند الموت والدعاء له عنده، ومسلم "919" في الجنائز: باب ما يقال عند المريض والميت، من طريق أبي معاوية، وأحمد "06/306"، والنسائي 4/4"–"5 في الجنائز: باب كثرة ذكر الموت، وفي "عمل اليوم والليلة" "1069" من طريق يحيى بن سعيد، والحاكم "4/16" من طريق أبي أسامة، والبيهقي 3/383"–"384 من طريق عبيد الله بن موسى، والبغوي "1161" من طريق محاضر بن المورع، والطبراني "23/723" من طريق شريك، ستتهم عن الأعمش، به وأخرجه الطبراني "23/725" من طريق واصل، عن شقيق، به. وأخرجه أحمد "6/306" من طريق ابن نمير، وأبو داوُد "3118" باب تغميض الميت، من طريق قبيصة بن ذؤيب كلاهما عن أم سلمة.

لَهُ حَتّٰى يُقْبَضَ، فَإِذَا قُبِضَ انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَنْ مَعَهُ، فَرُبَّمَا طَالَ ذٰلِكَ مِنْ حَبْسِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا خَشِينَا مَشَقَّةَ ذٰلِكَ، قَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ لِبَعْضٍ: وَاللّٰهِ لَوْ كُنَّا لَا نُؤْذِنُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِاَحَدٍ حَتّٰى يُقْبَضَ، فَإِذَا قُبِضَ آذَنَّاهُ، فَلَمْ يَكُنْ فِي ذٰلِكَ مَشَقَّةٌ عَلَيْهِ وَلَا حَبْسٌ، قَالَ: فَفَعَلْنَا فَكُنَّا لَا نُؤْذِنُهُ إِلَّا بَعْدَ اَنْ يَمُوتَ، فَيَأْتِيهِ فَيُصَلِّيْ عَلَيْهِ وَيَسْتَغْفِرُ لَهُ، فَرُبَّمَا انْصَرَفَ عِنْدَ ذٰلِكَ، وَرُبَّمَا مَكَثَ حَتّٰى يُدْفَنَ الْمَيِّتُ قَالَ: وَكُنَّا عَلٰى ذٰلِكَ حِينًا، ثُمَّ قُلْنَا: وَاللّٰهِ لَوْ اَنَّا لَا نُحْضِرُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَحَمَلْنَا إِلَيْهِ جَنَائِزَ مَوْتَانَا حَتّٰى يُصَلِّيَ عَلَيْهَا عِنْدَ بَيْتِهِ، لَكَانَ ذٰلِكَ اَرْفَقَ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَيْسَرَ عَلَيْهِ فَفَعَلْنَا ذٰلِكَ فَكَانَ الْاَمْرُ إِلَى الْيَوْمِ

✿✿ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پہلے ہم لوگوں کا یہ معمول تھا کہ جب کسی شخص کا آخری وقت قریب آتا' تو ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع دے دیتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص کے پاس تشریف لاتے تھے اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے رہتے تھے' یہاں تک کہ جب اس کا انتقال ہو جاتا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھی واپس تشریف لے جایا کرتے تھے بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خاصی دیر رکنا پڑتا تھا ہمیں اس حوالے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دشواری کا اندیشہ ہوا' تو کسی نے دوسرے سے کہا: اللہ کی قسم! اب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی بھی شخص کے بارے میں اس وقت تک اطلاع نہیں دیں گے جب تک اس کا انتقال نہیں ہو جاتا جب اس کا انتقال ہو جائے گا' تو ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی اطلاع دیں گے' تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حوالے سے مشقت کا سامنا نہ کرنا پڑے اور خاصی دیر تک رکنا نہ پڑے۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے ایسا ہی کیا اس کے بعد ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو متعلقہ شخص کے انتقال کے بعد اطلاع دینے لگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس شخص کے پاس تشریف لاتے اس کے لیے دعائے رحمت کرتے اس کے لیے دعائے مغفرت کرتے بعض اوقات آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسی وقت واپس تشریف لے جاتے اور بعض اوقات آپ صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہرے رہتے' یہاں تک کہ میت کو دفن کیا جاتا۔ راوی کہتے ہیں: ہم ایک عرصے تک ایسا ہی کرتے رہے پھر ہم نے سوچا اللہ کی قسم! اب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں بلوائیں گے بلکہ اپنے مُردوں کے جنازے اٹھا کر لے جایا کریں گے' تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر کے پاس ہی اس کی نماز جنازہ ادا کر لیں یہ چیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے زیادہ آسانی اور سہولت کا باعث ہوگی' تو پھر ہم نے ایسا ہی کرنا شروع کر دیا اور اس کے بعد آج تک ایسا ہی ہوتا آ رہا ہے۔

3006– رجاله ثقات غير أبي يحيى بن سليمان– وهو فليح بن سليمان بن أبي المغيرة– فقط احتج به البخاري وأصحاب السنن، وروى له مسلم حديثًا واحدًا، وهو حديث الإفك، وضعفه يحيى بن معين، والنسائي، وأبو داوٗد، وقال الساجي: هو من أهل الصدق، وكان يهم، وقال الدارقطني: مختلف فيه، ولا بأس به، وقال ابن عدي له أحاديث صالحة مستقيمة وغرائب، وهو عندي لا بأس به، وقال الحافظ في "التقريب": صدوق كثير الخطأ. وأخرجه الحاكم "1/357"، والبيهقي "4/74" من طريق سريج بن النعمان، وأحمد "3/66" من طريق يونس، كلاهما عن فليح بن سليمان، بهٰذا الإسناد. وقال الحاكم: صحيح على شرط الشيخين. وذكره الهيثمي في "المجمع" "3/26"، وقال: رواه أحمد ورجاله ثقات.

فَصْلٌ فِي الْمَوْتِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهِ مِنْ رَاحَةِ الْمُؤْمِنِ، وَبُشْرَاهُ، وَرُوحِهِ، وَعَمَلِهِ، وَالثَّنَاءِ عَلَيْهِ

فصل: موت اوراس سے تعلق رکھنے والی مومن کی راحت اس کی خوش خبری اس کی روح اس کے عمل اوراس کی تعریف (کے بارے میں روایات)

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الْمَوْتَ فِيهِ رَاحَةُ الصَّالِحِينَ وَعَنَاءُ الطَّالِحِينَ مَعًا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' موت نیک لوگوں کے لئے راحت اور گنہگاروں کے لئے تکلیف دہ ہوتی ہے

3007 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا جُلُوْسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ طَلَعَتْ جَنَازَةٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُسْتَرِيحٌ وَمُسْتَرَاحٌ مِنْهُ قُلْنَا: مَا يَسْتَرِيحُ وَيُسْتَرَاحُ مِنْهُ؟ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ يَمُوتُ وَيَسْتَرِيحُ مِنْ اَوْصَابِ الدُّنْيَا وَبَلَائِهَا وَمُصِيبَاتِهَا، وَالْكَافِرُ يَمُوتُ فَيَسْتَرِيحُ مِنْهُ الْعِبَادُ وَالْبِلَادُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ

❀❀ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اسی دوران ایک جنازہ سامنے آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یا تو اس نے راحت حاصل کر لی ہے یا پھر اس سے راحت حاصل کر لی گئی ہے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس نے کیا راحت حاصل کی ہوگی یا اس سے کیسے راحت حاصل کی گئی ہوگی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد

3007- إسناده صحيح . وأحمد بن بكار روى له النسائي، وقال: لا بأس به، وذكره المؤلف في "الثقات"، وتابعه في هذا الحديث محمد بن وهب بن أبي كريمة الحراني عند النسائي، وباقي رجاله ثقات على شرط مسلم. أبو عبد الرحيم: هو خالد بن أبي يزيد بن سماك الحراني . وأخرجه النسائي 4/48"-"49 في الجنائز: باب الاستراحة من الكفار، من طريق محمد بن وهب بن أبي كريمة الحراني، عن محمد بن سلمة، بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم ."3012"

فرمایا: جب مومن کا انتقال ہوتا ہے تو وہ دنیا کی تکلیفوں، پریشانیوں اور مصیبتوں سے راحت حاصل کر لیتا ہے اور جب کافر کا انتقال ہوتا ہے تو لوگ، شہر، درخت اور جانور اس سے راحت حاصل کرتے ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْأَمَارَةِ الَّتِي يُسْتَدَلُّ بِهَا عَلٰى مَحَبَّةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِقَاءَ مَنْ وُجِدَتْ فِيهِ

اس نشانی کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی محبت پر استدلال کیا جا سکتا ہے جو اس شخص کی حاضری کے بارے میں ہو جس میں وہ نشانی پائی گئی ہے

3008 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ، اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ، وَمَنْ لَّمْ يُحِبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ لَمْ يُحِبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو پسند کرتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند نہیں کرتا اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو پسند نہیں کرتا۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ يُحِبُّ الْمَرْءُ وَيَكْرَهُ لِقَاءَ اللّٰهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس سبب کے بارے میں ہے جس کی وجہ سے کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند کرتا ہے یا ناپسند کرتا ہے

3009 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ النَّقَّالُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

3008- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد "2/313" من طريق، عبد الرزاق بهذا الإسناد. وأخرجه مالك "1/240" في الجنائز: باب جامع الجنائز: ومن طريقه البخاري "7504" في التوحيد: باب قول الله تعالى: (يُرِيدُونَ اَنْ يُبَدِّلُوْا كَلَامَ اللّٰهِ) الفتح: من الآية .15" والبغوي "1448"، والنسائي "4/10" في الجنائز: باب فيمن أحب لقاء الله، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هريرة. وأخرجه النسائي "4/10" من طريق المغيرة عن أبي الزناد، به. وأخرجه أحمد "2/346"، ومسلم "2685" في الذكر والدعاء والتوبة: باب من أحب لقاء الله، والنسائي "4/9"، والخطيب في "تاريخه" "12/311" من طريق عن مطرف، عن عامر، عن شريح بن هانيء، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد "2/420" من طريق مجاهد عن أبي هريرة.

(متن حدیث): مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَائَهُ فَقَالَتْ عَائِشَةُ اِنَّا نَكْرَهُ الْمَوْتَ، فَذَاكَ كَرَاهِيَتُنَا لِقَاءَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا، وَلٰكِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا حُضِرَ فَبُشِّرَ بِمَا اَمَامَهُ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ، وَاَحَبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ، وَاِنَّ الْكَافِرَ اِذَا حُضِرَ، فَبُشِّرَ بِمَا اَمَامَهُ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ، وَكَرِهَ اللّٰهُ لِقَائَهُ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو پسند کرتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو ناپسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو ناپسند کرتا ہے' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: ہم تو موت کو پسند نہیں کرتے ہیں' تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ ہم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند نہیں کرتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں! جب مومن کا آخری وقت قریب آتا ہے' تو اسے آگے (ملنے والی نعمتوں) کے بارے میں خوشخبری دی جاتی ہے' تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو پسند کرتا ہے اور جب کافر کا آخری وقت قریب آتا ہے' تو اسے آگے (ملنے والے عذاب وغیرہ) کے بارے میں بتایا جاتا ہے' تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو ناپسند کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو ناپسند کرتا ہے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ مَا يُبَشَّرُ بِهِ الْمُؤْمِنُ وَالْكَافِرُ عِنْدَ حُلُولِ الْمَنِيَّةِ بِهِمَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس چیز کی صفت کے بارے میں ہے جو مرنے کے وقت بندہ مومن یا کافر شخص کو خوشخبری (یا بری خبر) دی جاتی ہے

3010 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ، وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَائَهُ قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا

3009- حديث صحيح، الحارث بن سريج النقال، وإن كان ضعيفًا، قد توبع عليه، باقي رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه الترمذي "1066" في الجنائز: باب ما جاء فيمن أحب لقاء الله، والنسائي "4/10" في الجنائز: باب فيمن أحب لقاء الله، عن أبي الأشعث، عن المعتمر بن سليمان بهذا الإسناد. وقال الترمذي: حسن صحيح. وأخرجه أحمد "5/321"، والدارمي "2/708"، والبخاري "6502" في الرقاق: باب من أحب لقاء الله أحب الله لقاءه، والبغوي "1449" من طريق همام، عن قتادة، به. وأخرجه الطيالسي "574"، وأحمد "5/316"، والنسائي "4/10"، ومسلم "2683"، من طريق شعبة عن قتادة، به وأخرجه أحمد "3/107"، والبزار "780"، من طرق عن حميد، عن انس، عن النبي صلى الله عليه وسلم. وقال الهيثمي في "المجمع" "2/320" بعد أن نسبه إلى الثلاثة: ورجال أحمد رجال الصحيح.

نَبِیَّ اللّٰهِ كَرَاهِيَةُ الْمَوْتِ؟ فَكُلُّنَا نَكْرَهُ الْمَوْتَ قَالَ: لَيْسَ كَذٰلِكَ وَلٰكِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا بُشِّرَ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ وَرِضْوَانِهٖ وَجَنَّتِهٖ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ، وَاَحَبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ، وَاِنَّ الْكَافِرَ اِذَا بُشِّرَ بِعَذَابِ اللّٰهِ وَسَخَطِهٖ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ، وَكَرِهَ اللّٰهُ لِقَائَهُ

✿✿ سیّدہ عائشہ صدیقہ ﷞ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو پسند کرتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو ناپسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو ناپسند کرتا ہے۔ سیّدہ عائشہ ﷞ بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی ﷺ کیا اس سے مراد موت کو ناپسند کرنا ہے؟ ہم میں سے ہر ایک موت کو ناپسند کرتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایسا نہیں ہے بلکہ جب مومن کو اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کی رضامندی اور جنت کے حوالے سے خوشخبری دی جاتی ہے' تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو پسند کرتا ہے اور جب کافر کو اللہ تعالیٰ کے عذاب اور اس کی ناراضگی کے بارے میں بتایا جاتا ہے' تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو ناپسند کرتا ہے' اور اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو ناپسند کرتا ہے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْعَلَامَةِ الَّتِي يَكُوْنُ بِهَا قَبْضُ رُوحِ الْمُؤْمِنِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس علامت کی صفت کے بارے میں ہے جو مومن کی روح قبض ہونے کے وقت سامنے آتی ہے

3011 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنِ الْمُثَنّٰى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيْهِ،

3010– إسناده على شرط الشيخين. سعيد: هو ابن أبي عروبة، وقد روى عنه محمد بن بكر البرساني قبل الاختلاط. وأخرجه الترمذي "1067" في الجنائز: باب ما جاء فيمن أحب لقاء الله أحب الله لقاء ه، من طريق محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وقال: هذا حديث حسن صحيح. وأخرجه البخاري "6507" تعليقًا عن سعيد، به. ووصله مسلم "2684" "15" في الجنائز: باب فيمن أحب لقاء الله، والترمذي "1067"، والنسائي "4/10" في الجنائز: باب فيمن أحب لقاء الله، من طريق خالد بن الحارث الهجمي، والنسائي 4/10"ن وابن ماجه "4264" في الزهد: باب ذكر الموت والاستعداد له، من طريق عبد الأعلى السامي –وهو ممن روى عن سعيد قبل الاختلاط– كلاهما عن سعيد، به. وأخرجه أحمد "6/44" و"55" "207" و"236"، ومسلم "2684".

3011– إسناده صحيح على شرط البخاري. مسدد لم يرو له مسلم، ومن فوقه على شرطهما. وأخرجه الحاكم "1/361" من طريق مسدد، بهذا الإسناد، وصححه على شرط الشيخين. وأخرجه الترمذي "982" في الجنائز: باب ما جاء في أن المؤمن يموت بعرق الجبين، وأحمد "5/350"، والنسائي 4/5"–"6 في الجنائز: باب علامة موت المؤمن، وابن ماجه "1452" في الجنائز: باب ما جاء في المؤمن يؤجر في النزع، والحاكم "1/361" من طريق يحيى بن سعيد، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن، وقد قال بعض أهل العلم يعني البخاري كما ذكر ابن حجر في "التهذيب": لا نعرف لقتادة سماعًا من عبد الله بن بريدة. وأخرجه أحمد "5/357"، والطيالسي "808" من طريق مثنى بن سعيد، به. وأخرجه النسائي "4/6"

(متن حدیث): اَنَّـهٗ دَخَـلَ فَـرَاٰى ابْنًـا لَهٗ يَرْشَحُ جَبِينُهٗ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَمُوْتُ الْمُؤْمِنُ بِعَرَقِ الْجَبِينِ

عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: وہ (گھر میں) داخل ہوئے تو انہوں نے اپنے بیٹے کو دیکھا کہ (موت کے قریب) اس کی پیشانی سے پسینہ پھوٹ رہا تھا' تو انہوں نے بتایا: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: مومن کا انتقال پیشانی کے پسینے کے ہمراہ ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا مَاتَ يَكُوْنُ مُسْتَرِيحًا، وَالْكَافِرَ مُسْتَرَاحًا مِنْهُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ جب مسلمان فوت ہوتا ہے تو وہ راحت حاصل کر لیتا ہے اور جب کافر مرتا ہے تو اس سے راحت حاصل ہو جاتی ہے

3012 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَـا الْـحُسَيْـنُ بْـنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ، اَنَّهٗ كَانَ يُحَدِّثُ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ الـلّٰـهِ صَـلَّـى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مُرَّ عَلَيْهِ بِجِنَازَةٍ فَقَالَ: مُسْتَرِيحٌ وَمُسْتَرَاحٌ مِنْهُ فَـقَـالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنِ الْمُسْتَرِيحُ وَالْمُسْتَرَاحُ مِنْهُ؟ فَقَالَ: الْعَبْدُ الْمُؤْمِنُ يَسْتَرِيحُ مِنْ نَصَبِ الدُّنْيَا وَاَذَاهَا اِلٰى رَحْمَةِ اللّٰهِ، وَالْمُسْتَرَاحُ مِنْهُ الْعَبْدُ الْفَاجِرُ يَسْتَرِيحُ مِنْهُ الْعِبَادُ وَالْبِلَادُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَابُّ

حضرت ابوقتادہ بن ربعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے پاس سے ایک جنازہ گزرا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ راحت حاصل کرنے والا ہے یا اس سے راحت حاصل کر لی گئی ہے۔ لوگوں نے عرض کی: کون شخص راحت حاصل کرنے والا ہے اور کون وہ ہے' جس سے راحت حاصل کر لی گئی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مومن بندہ دنیا کی پریشانیوں اور تکلیفوں سے راحت حاصل کر کے اللہ تعالیٰ کی رحمت کی طرف چلا جاتا ہے اور جس سے راحت حاصل کی جائے وہ کافر بندہ ہے' جس سے لوگ، شہر، درخت اور جانور راحت حاصل کرتے ہیں۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَعْمَلُ بِرُوحِ الْمُؤْمِنِ وَالْكَافِرِ اِذَا قُبِضَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ جب مومن اور کافر کی روحیں قبض ہوتی ہیں تو ان کے ساتھ کیا ہوتا ہے

3012- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" "1/241" في الجنائز: باب جامع الجنائز: ومن طريقه البخاري "6512" في الرقاق. باب سكرات الموت، ومسلم "950" في الجنائز: باب ما جاء في: مستريح ومستراح منه، والنسائي "4/48" في الجنائز: باب استراحة المؤمن بالموت، والبيهقي "3/379"، والبغوي ."1453" وأخرجه أحمد "5/296" و "304"، ومسلم "950" من طريق عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، وأحمد 5/302"-"303 من طريق زهير بن محمد، والبخاري "6513"

3013- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأبو الجوزاء: هو أوس بن عبد الله الربعي. وأخرجه الحاكم "1/353" من طريق عمرو بن عاصم الكلابي، عن همام، بهذا الإسناد، وصححه. وانظر الحديث الآتي.

3013 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِى الْجَوْزَاءِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ حَضَرَتْهُ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ، فَاِذَا قُبِضَتْ نَفْسُهُ جُعِلَتْ فِىْ حَرِيْرَةٍ بَيْضَاءَ، فَيُنْطَلَقُ بِهَا اِلٰى بَابِ السَّمَاءِ، فَيَقُوْلُوْنَ: مَا وَجَدْنَا رِيحًا اَطْيَبَ مِنْ هٰذِهِ، فَيُقَالَ: دَعُوهُ يَسْتَرِيحُ، فَاِنَّهُ كَانَ فِىْ غَمٍّ، فَيُسْاَلُ مَا فَعَلَ فُلَانٌ؟ مَا فَعَلَ فُلَانٌ؟ مَا فَعَلَتْ فُلَانَةٌ؟.

وَاَمَّا الْكَافِرُ فَاِذَا قُبِضَتْ نَفْسُهُ وَذُهِبَ بِهَا اِلٰى بَابِ الْاَرْضِ يَقُوْلُ خَزَنَةُ الْاَرْضِ: مَا وَجَدْنَا رِيحًا اَنْتَنَ مِنْ هٰذِهِ، فَتَبْلُغُ بِهَا اِلَى الْاَرْضِ السُّفْلٰى

قَالَ قَتَادَةُ: وَحَدَّثَنِىْ رَجُلٌ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: اَرْوَاحُ الْمُؤْمِنِيْنَ تُجْمَعُ بِالْجَابِيَتَيْنِ، وَاَرْوَاحُ الْكُفَّارِ تُجْمَعُ بِبُرْهُوتَ: سَبِخَةٌ بِحَضْرَمَوْتَ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا الْخَبَرُ رَوَاهُ مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، نَحْوَهُ مَرْفُوعًا.

الْجَابِيَتَانِ بِالْيَمَنِ، وَبُرْهُوتَ مِنْ نَاحِيَةِ الْيَمَنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب مومن کا آخری وقت قریب آتا ہے تو رحمت کے فرشتے اس کے پاس آتے ہیں جب اس کی جان قبض کر لی جاتی ہے تو اسے سفید رنگ کے کپڑے میں رکھا جاتا ہے فرشتے اسے لے کر آسمان کے دروازے کی طرف جاتے ہیں وہ (یعنی پہلے آسمان کے فرشتے) یہ کہتے ہیں: ہم نے اس سے زیادہ پاکیزہ بو کبھی محسوس نہیں کی تو یہ کہا جاتا ہے اسے چھوڑ دو اس نے راحت حاصل کر لی ہے کیونکہ پہلے یہ غم (کی دنیا) میں تھا تو دریافت کیا جاتا ہے: فلاں نے کیا عمل کیا فلاں نے کیا عمل کیا اور فلاں عورت نے کیا عمل کیا اور جب کافر شخص کی جان قبض کی جاتی ہے تو اسے لے کر زمین کے دروازے پر آیا جاتا ہے زمین کے نگران کہتے ہیں: ہم نے اس سے زیادہ بدبودار کوئی چیز محسوس نہیں کی پھر وہ اسے لے کر زمین کے سب سے نچلے طبقے تک جاتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ''اہل ایمان کی روحیں ''جابیتین'' میں اکٹھی ہوئی ہیں اور کفار کی روحیں ''برہوت'' میں اکٹھی ہوتی ہیں جو ''حضر موت'' میں شورزدہ زمین ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کو معاذ بن ہشام نے اپنے والد کے حوالے سے قتادہ سے قسامہ بن زہیر کے حوالے سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے اسی کی مانند مرفوع روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

جابیتین یمن میں ہے اور برہوت یمن کا نواحی علاقہ ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْاَرْوَاحَ يَعْرِفُ بَعْضُهَا بَعْضًا بَعْدَ مَوْتِ اَجْسَامِهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ اجسام کے مرنے کے بعد ارواح ایک دوسرے کو پہچانتی ہیں

3014 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِیْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا قُبِضَ اَتَتْهُ مَلَائِكَةُ الرَّحْمَةِ بِحَرِيْرَةٍ بَيْضَاءَ، فَتَقُوْلُ: اخْرُجِي اِلٰى رَوْحِ اللّٰهِ، فَتَخْرُجُ كَاَطْيَبِ رِيحِ مِسْكٍ حَتّٰى اِنَّهُمْ لِيُنَاوِلُهُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا يَشُمُّوْنَهُ، حَتّٰى يَاْتُونَ بِهٖ بَابَ السَّمَاءِ، فَيَقُوْلُوْنَ: مَا هٰذِهِ الرِّيحُ الطَّيِّبَةُ الَّتِي جَائَتْ مِنَ الْاَرْضِ؟ وَلَا يَاْتُونَ سَمَاءً اِلَّا قَالُوْا مِثْلَ ذٰلِكَ، حَتّٰى يَاْتُونَ بِهٖ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِيْنَ فَلَهُمْ اَشَدُّ فَرَحًا بِهٖ مِنْ اَهْلِ الْغَائِبِ بِغَائِبِهِمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: مَا فَعَلَ فُلَانٌ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: دَعُوْهُ حَتّٰى يَسْتَرِيحَ، فَاِنَّهُ كَانَ فِیْ غَمِّ الدُّنْيَا، فَيَقُوْلُ: قَدْ مَاتَ، اَمَا اَمَاتَكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: ذُهِبَ بِهٖ اِلٰى اُمِّهِ الْهَاوِيَةِ، وَاَمَّا الْكَافِرُ فَيَاْتِيهُ مَلَائِكَةُ الْعَذَابِ بِمُسْحٍ، فَيَقُوْلُوْنَ: اخْرُجِي اِلٰى غَضَبِ اللّٰهِ، فَتَخْرُجُ كَاَنْتَنِ رِيحِ جِيفَةٍ فَتَذْهَبُ بِهٖ اِلٰى بَابِ الْاَرْضِ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب مومن کی روح قبض ہوتی ہے' تو رحمت کے فرشتے سفید کپڑا لے کر اس کے پاس آتے ہیں اور یہ کہتے ہیں: (اس جسم سے نکل کر) اللہ تعالیٰ کی مہربانی کی طرف آجاؤ' تو وہ جان یوں نکلتی ہے جیسے وہ سب سے پاکیزہ مشک کی خوشبو ہو' یہاں تک کہ وہ فرشتے اسے ایک دوسرے کو پکڑاتے ہیں اور اسے سونگھتے ہیں' یہاں تک کہ وہ اسے لے کر آسمان کے دروازے تک آتے ہیں' تو (آسمان والے) فرشتے یہ کہتے ہیں: اتنی پاکیزہ خوشبو کس چیز کی ہے' جو زمین کی طرف سے آئی ہے وہ فرشتے جس بھی آسمان پر آتے ہیں وہاں یہی جملہ کہا جاتا ہے' یہاں تک کہ وہ اسے لے کر مومنین کی ارواح کے پاس آجاتے ہیں' تو وہ لوگ اس سے مل کر یوں خوش ہوتے ہیں جیسے کسی غیر موجود شخص کے گھر والے اسے مل کر خوش ہوتے ہیں وہ یہ کہتے ہیں: فلاں کا کیا حال ہے؟ تو دوسرے لوگ یہ کہتے ہیں: اسے چھوڑ دو' تاکہ یہ آرام کر لے' کیونکہ یہ دنیا کے غموں میں مبتلا تھا' تو وہ (مردہ) یہ کہتا ہے اس کا' تو انتقال ہو چکا ہے کیا وہ تمہارے پاس نہیں آیا' تو وہ لوگ اسے کہتے ہیں: اسے اس کے ٹھکانے ھاویہ کی طرف لے جایا گیا ہوگا (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:) جہاں تک کافر شخص کا تعلق ہے' تو عذاب کے فرشتے موٹی کھردی چادر لے کر اس کے پاس آتے ہیں اور کہتے ہیں: تم نکل کر اللہ کے غضب کی طرف جاؤ' تو وہ جان یوں نکلتی ہے جیسے انتہائی بودار مردار ہوتا ہے' تو وہ اسے لے کر زمین کے دروازے کی طرف آتے ہیں۔

3014- إسناده صحيح. قسامة بن زهير روى له أصحاب السنن، وهو ثقة، وباقي السند على شرط الصحيح. وأخرجه النسائي 4/8"-"9 في الجنائز: باب ما يلقى به المؤمن من الكرامة عند خروج نفسه، من طريق عبيد الله بن سعيد، والحاكم "1/353" من طريق محمد بن أبي بكر المقدمي، كلاهما عن معاذ بهذا الإسناد. وفيه زيادة نصها: "فيقولون: ما أنتن هذه الريح، حتى يأتون به أرواح الكفار." وأخرجه الحاكم 1/352"-"353 من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن قتادة، به، وقال: وقد تابع هشام بن عبد الله الدستوائي معمر بن راشد في روايته عن قتادة، عن قسامة بن زهير، وصححه ووافقه الذهبي.

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ مِنْ غَيْرِ مَظَانِّهِ اَنَّ الْمَيِّتَ اِذَا مَاتَ انْقَطَعَ عَنْهُ الْاَعْمَالُ الصَّالِحَةُ بَعْدَهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جس نے علم حدیث کو

اس کے اصل ماخذ سے حاصل نہیں کیا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ جب میت فوت ہو جاتی ہے تو اس کے بعد نیک عمل اس سے منقطع ہو جاتے ہیں

3015 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَتَمَنّٰى اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ وَلَا يَدْعُو بِهِ قَبْلَ اَنْ يَاْتِيَهُ، اِنَّهُ اِذَا مَاتَ انْقَطَعَ عَمَلُهُ، وَاِنَّهُ لَا يَزِيدُ الْمُؤْمِنَ عُمُرُهُ اِلَّا خَيْرًا

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"کوئی بھی شخص موت کی آرزو نہ کرے اور نہ ہی اس کے آنے سے پہلے اس کے بارے میں دعا مانگے' کیونکہ جب وہ انتقال کر جائے گا' تو اس کا عمل منقطع ہو جائے گا اور مومن کی عمر صرف بھلائی میں اضافہ کرتی ہے۔"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عُمُومَ هٰذِهِ اللَّفْظَةِ انْقَطَعَ عَمَلُهُ لَمْ يُرِدْ بِهَا كُلَّ الْاَعْمَالِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ان الفاظ کا عموم کہ اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے اس سے مراد تمام اعمال نہیں ہیں

3016 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ هَاجَكٍ الْهَرَوِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

3015– حديث صحيح. ابن أبي السرى– وهو محمد بن المتوكل– قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد "2/316"، ومسلم "2682" في الذكر والدعاء والتوبة: باب كراهة تمني الموت لضر نزل به، والبيهقي "3/377"، والبغوى "1446" من طريق عبد الرزاق، بهٰذا الإسناد . وأخرجه أحمد "2/350" من طريق عبد الله بن لهيعة، عن أبي يونس سليم بن جبير مولى أبي هريرة، عن أبي هريرة. وانظر الحديث رقم ."3000"

3016– إسناده صحيح على شرط مسلم. العلاء : هو ابن عبد الرحمٰن بن يعقوب الحُرَقي. وأخرجه مسلم "1631" في الوصية: باب ما يلحق الإنسان من الثواب بعد وفاته، والترمذى "1376" في الأحكام: باب في الوقف، والنسائي "6/251" في الوصايا: باب فضل الصدقة عن الميت، والبغوى "139" من طريق على بن حجر، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "2/372"، والبخارى في "الأدب المفرد" "38"، ومسلم "1631"، والطحاوى في "الأدب المفرد" "38"، ومسلم "1631"، والطحاوى في "مشكل الآثار" "246"، والبيهقي "6/278" من طرق عن إسماعيل بن جعفر، به. وأخرجه أبو داوٗد "3880"

(متن حدیث): اِذَا مَاتَ الْاِنْسَانُ انْقَطَعَ عَمَلُهُ اِلَّا مِنْ ثَلَاثٍ: صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ، اَوْ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ، اَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُو لَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب انسان مرجاتا ہے' تو اس کا عمل منقطع ہوجاتا ہے صرف تین اعمال (کا اجروثواب منقطع نہیں ہوتا) صدقہ جاریہ یا وہ علم جس سے نفع حاصل کیا جائے یا وہ نیک اولاد جو اس کے لیے دعا کرتی ہے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اِذَا عَلِمَ مِنْ اَخِيهِ حَوْبَةً وَقَدْ مَاتَ اَنْ يَّسْتَغْفِرَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا لَهُ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ جب اسے اپنے بھائی کے بارے میں کسی گناہ کا پتہ چلے' جو بھائی فوت ہوچکا ہے' تو آدمی اس بھائی کے بارے میں دعائے مغفرت کرے

3017 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَرَوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمَ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو الدَّوْسِيُّ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلُمَّ اِلٰى حِصْنٍ وَّعَدَدٍ وَّعِدَّةٍ، قَالَ اَبُو الزُّبَيْرِ: حِصْنٌ فِي رَاْسِ الْجَبَلِ لَا يُؤْتٰى اِلَّا فِي مِثْلِ الشِّرَاكِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَعَكَ مَنْ وَرَائَكَ؟ قَالَ: لَا اَدْرِي فَاَعْرَضَ عَنْهُ، فَلَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ، قَدِمَ الطُّفَيْلُ بْنُ عَمْرٍو مُهَاجِرًا اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ رَجُلٌ مِنْ رَهْطِهِ، فَحُمَّ ذٰلِكَ الرَّجُلُ حِمًّى شَدِيدَةً، فَجَزِعَ، فَاَخَذَ شَفْرَةً، فَقَطَعَ بِهَا رَوَاجِبَهُ فَتَشَخَّبَتْ حَتّٰى مَاتَ، فَدُفِنَ، ثُمَّ اِنَّهُ جَاءَ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ مِنَ اللَّيْلِ اِلَى الطُّفَيْلِ بْنِ عَمْرٍو فِي شَارَةٍ حَسَنَةٍ وَّهُوَ مُخَمِّرٌ يَدَهُ، فَقَالَ لَهُ الطُّفَيْلُ: اَفُلَانٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: كَيْفَ فَعَلْتَ؟ قَالَ: صَنَعَ بِي رَبِّي خَيْرًا، غَفَرَ لِي بِهِجْرَتِي اِلٰى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَمَا فَعَلَتْ يَدَاكَ؟ قَالَ: قَالَ لِي رَبِّي: لَنْ نُصْلِحَ مِنْكَ مَا اَفْسَدْتَ مِنْ نَفْسِكَ قَالَ: فَقَصَّ الطُّفَيْلُ رُؤْيَاهُ عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ: اللّٰهُمَّ وَلِيَدَيْهِ فَاغْفِرْ، اللّٰهُمَّ وَلِيَدَيْهِ فَاغْفِرْ، اللّٰهُمَّ وَلِيَدَيْهِ فَاغْفِرْ

3017– رجاله ثقات إبراهيم بن عبد الله الهروي روى له الترمذي وابن ماجه وهو صدوق حافظ، ومن فوقه من رجال الشيخين، إلا أن فيه عنعنة أبي الزبير . وهو في "مسند أبي يعلى" ."2175"وأخرجه أحمد "3/370"، "371"، ومسلم "116" في الإيمان: باب الدليل على أن قاتل نفسه لا يكفر، والبيهقي "8/17"، وأبو نعيم في "الحلية" "6/261"، من طريق سليمان بن حرب، والحاكم "4/76" من طريق محمد بن الفضل، كلاهما عن حماد بن زيد، عن الحجاج الصواف، بهذا الإسناد . ولم يصرح أبو الزبير بالتحديث عندهم.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت طفیل بن عمرو دوسی رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اس نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرف تشریف لائیں جہاں قلعہ بھی ہے اور لوگوں کی تعداد بھی ہے اور متعدد (قسم کا سازوسامان) بھی ہے' یہاں ابوزبیر نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے وہ قلعہ ایک پہاڑ کی چوٹی پر تھا جہاں انتہائی مشکل سے پہنچا جاسکتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: تمہارے پیچھے جو لوگ ہیں کیا وہ تمہارے ساتھ ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: مجھے نہیں معلوم' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے اعراض کیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے' تو حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ عنہ بھی ہجرت کر کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان کے ہمراہ ان کے قبیلے کا ایک شخص موجود تھا اس شخص کو شدید بخار ہو گیا وہ گریہ وزاری کرنے لگا اس نے چھری لی اور اس کے ذریعے اپنی رگ کاٹی اس کا خون بہنے لگا' یہاں تک کہ اس کا انتقال ہو گیا اسے دفن کر دیا گیا پھر رات کو خواب میں ایک شخص حضرت طفیل بن عمرو رضی اللہ عنہ کے پاس آیا جو انتہائی عمدہ حلیے میں تھا اور اس نے اپنے ہاتھ کو ڈھانپا ہوا تھا طفیل نے اس سے دریافت کیا: تم فلاں ہو؟ اس نے جواب دیا: جی ہاں۔ حضرت طفیل رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: تمہارا کیا حال ہے اس نے بتایا: میرے پروردگار نے میرے ساتھ عمدہ سلوک کیا ہے اور میرے اس کے نبی کی طرف ہجرت کرنے کی وجہ سے میری مغفرت کر دی ہے۔ حضرت طفیل رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: تمہارے ہاتھ کا کیا ہوا' تو اس نے بتایا: میرے پروردگار نے مجھ سے فرمایا: ہم تمہاری اس چیز کو ہرگز ٹھیک نہیں کریں گے جسے تم نے خود خراب کر دیا ہے۔ راوی کہتے ہیں: حضرت طفیل رضی اللہ عنہ نے یہ خواب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ بلند کیے (اور یہ دعا کی)

"اے اللہ! تو اس کے دونوں ہاتھوں کی بھی مغفرت کر دے اے اللہ! تو اس کے دونوں ہاتھوں کی بھی مغفرت کر دے اے اللہ! تو اس کے دونوں ہاتھ کی بھی مغفرت کر دے۔"

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَدْحِ الْمَرْءِ الْمَوْتٰى بِمَا يَعْلَمُ مِنْ مَسَاوِئِهِمْ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی کو کسی مرحوم کی برائیوں کا علم ہو تو وہ اس حوالے سے اس پر تنقید کرے

3018 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ الْمَذْحِجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا مَاتَ صَاحِبُكُمْ فَدَعُوْهُ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب تمہارا ساتھی انتقال کر جائے' تو تم لوگ اسے چھوڑ دو۔

3018- إسناد صحيح. كثير بن عبيد المذحجي روى له أصحاب السنن، وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين. محمد بن يوسف: هو ابن واقد. وسفيان: هو الثوري. وأخرجه الترمذي "13895" في المناقب: باب فضل أزواج النبي صلى الله عليه وسلم، من طريق محمد به يحيى، عن محمد بن يوسف، بهذا الإسناد. وقال: هذا حديث حسن غريب صحيح من حديث الثوري، ما أقل من رواه عن الثوري.

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3019 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمٍ، وَوَكِيعٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِذَا مَاتَ صَاحِبُكُمْ فَدَعُوهُ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب تمہارا ساتھی انتقال کر جائے تو تم اسے چھوڑ دو۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَدَعُوهُ اَرَادَ بِهِ عَنْ ذِكْرِ مَسَاوِئِهِ دُونَ مَحَاسِنِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تو تم اسے چھوڑ دو'' اس سے مراد یہ ہے کہ اس کی برائیوں کا ذکر کرنا چھوڑ دو، یہ مراد نہیں ہے کہ اس کی اچھائیوں کا ذکر چھوڑ دو

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کی نماز جنازہ ادا کرتے ہوئے یہ دعا مانگی۔

"اے اللہ! بیشک فلاں بن فلاں (یعنی یہ مرحوم) تیرے ذمے اور تیرے جوار رحمت میں ہے تو تو اسے قبر کی آزمائش سے اور جہنم کے عذاب سے محفوظ رکھنا تو (ذمے کو) پورا کرنے کا زیادہ اہل ہے اے اللہ! تو اس کی مغفرت کردے تو اس پر رحم کر بیشک تو مغفرت کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔"

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا لِمَنْ يُصَلِّيْ عَلَيْهِ الْاِبْدَالَ لَهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ، وَاَهْلًا خَيْرًا مِنْ اَهْلِهِ

3074– إسناده حسن، والوليد بن مسلم صرح بالتحديث عند أبي داوٗد وابن ماجه وغيرهما فانتفت شبهة تدليسه. وأخرجه أحمد "3/491"، وأبو داوٗد "3202" في الجنائز: باب الدعاء للميت، وابن ماجه "1499" في الجنائز: باب ما جاء في الدعاء في الصلاة على الجنازة، من طرق عن الوليد بن مسلم، بهٰذا الإسناد.

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ جس کی نماز جنازہ ادا کر رہا ہو

اس کے لیے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ اس کو بدلے میں ایسا گھر عطا کرے جو اس کے (دنیاوی) گھر سے بہتر ہو اور ایسی بیوی عطا کرے جو اس کی (دنیاوی) بیوی سے بہتر ہو

3075 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيِّ، سَمِعَهُ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيَّ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى جَنَازَةٍ فَحَفِظْتُ مِنْ دُعَائِهِ وَهُوَ يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ، وَارْحَمْهُ، وَاعْفُ عَنْهُ، وَاَكْرِمْ مَنْزِلَهُ، وَاَوْسِعْ مُدْخَلَهُ، وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، وَاَبْدِلْهُ بِدَارِهِ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ، وَاَهْلًا خَيْرًا مِنْ اَهْلِهِ، وَزَوْجَةً خَيْرًا مِنْ زَوْجَتِهِ، وَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ، وَاَعِذْهُ مِنَ النَّارِ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ حَتّٰى تَمَنَّيْتُ اَنْ اَكُوْنَ ذٰلِكَ الْمَيِّتَ.

قَالَ ابْنُ وَهْبٍ: وَحَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا الْحَدِيْثِ[1]

❁❁ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نماز جنازہ ادا کی تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کو یاد کر لیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ پڑھا۔

''اے اللہ! تو اس کی مغفرت کر دے تو اس پر رحم کر تو اس سے درگزر کر تو اس کے ٹھکانے کو اچھا کر دے تو اس کی قبر کو کشادہ کر دے تو اسے پانی، اولوں اور برف کے ذریعے دھو دے تو اسے گناہوں سے یوں صاف کر دے جس طرح سفید کپڑے کو میل سے صاف کیا جاتا ہے تو اس کے گھر کی جگہ اسے ایک ایسا گھر عطا کر دے جو اس کے گھر سے زیادہ بہتر ہو اور ایسے اہل خانہ عطا کر دے جو اس کے اہل خانہ سے زیادہ بہتر ہوں اور ایسی بیوی عطا کر دے جو اس کی بیوی

3075- إسناده قوى على شرط مسلم. وأخرجه البيهقى "4/40" من طريق محمد بن الحسن بن قتيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "963" فى الجنائز: باب الدعاء للميت فى الصلاة، وابن الجارود "538"، والبغوى "1495" من طريق ابنوهب، به. وأخرجه أحمد "6/23"، ومسلم "963"، والنسائى "4/73" فى الجنائز: باب الدعاء، والبيهقى "4/40"، والطبرانى "18/78" من طرق عن معاوية بن صالح، به. وأخرجه الطيالسى "999"، وابن ماجه "1500" فى الجنائز: باب ما جاء فى الدعاء فى الصلاة على الجنازة، والطبرانى "18/108" من طريق عصمة بن راشد وأبى بكر بن أبى مريم، عن حبيب عن عبيد، عن عوف. وانظر السند الآتى.

[1] إسناده قوى كالذى قبله. وأخرجه البيهقى "4/40" من طريق محمد بن الحسن بن قتيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "963" فى الجنائز: باب الدعاء للميت فى الصلاة، من طريق ابن وهب، به. وأخرجه أحمد "6/28"، ومسلم "963"، والترمذى "1025" فى الجنائز: باب ما يقول فى الصلاة على الميت، والطبرانى "18/79" من طريقين عن معاوية صالح، به. وأخرجه مسلم "963" "87"، والنسائى "4/73" فى الجنائز: باب الدعاء، والطبرانى "18/76" و"77"، والبيهقى "4/40" من طريق أبى حمزة بن سليم الحمصى، عن عبد الرحمٰن بن جبير بن نفير، به. وانظر الحديث السابق.

سے زیادہ بہتر ہو اور اسے جنت میں داخل کردے اور اسے جہنم سے محفوظ رکھنا اور قبر کے عذاب سے محفوظ رکھنا۔''

(راوی بیان کرتے ہیں:) 'یہاں تک کہ میں نے یہ آرزو کی کہ کاش وہ میت میں ہوتا۔

ابن وہب نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ صَلّٰى عَلٰى مَيِّتٍ اَنْ يُخْلِصَ لَهُ الدُّعَاءَ

جو شخص نماز جنازہ ادا کرتا ہے اسے اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ بطور خاص (میت کے لیے) دعا کرے

3076 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُوْسَى بْنِ الْفَضْلِ بْنِ مَعْدَانَ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى الْمَيِّتِ فَاَخْلِصُوا لَهُ الدُّعَاءَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب تم میت کی نماز جنازہ ادا کرو' تو صرف اسی کے لیے دعا مانگو۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ، قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ ابْنَ اِسْحَاقَ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ ابن اسحاق نامی راوی نے یہ روایت محمد بن ابراہیم سے نہیں سنی ہے

3077 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْاَعْرَجُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ

3076- إسناده قوى، فقد صرح ابن إسحاق بالتحديث فى الرواية الآتية، فانتفت شبهة تدليسه. وأخرجه أبو داؤد "3199" فى الجنائز: باب الدعاء للميت، وابن ماجه "1497" فى الجنائز: باب ما جاء فى الدعاء فى الصلاة على الجنازة، والبيهقى "4/40" من طريق محمد بن سلمة، بهذا الإسناد. وفى الباب عند عبد الرزاق "6428"، ومن طريقه ابن الجارود "540" عن معمر، عن الزهرى قال: سمعت أبا أمامة بن سهل بن حنيف يحدث ابن المسيب قال: السنة فى الصلاة على الجنائز أن يكبر، ثم يقرأ بأم القرآن، ثم يصلى على النبى صلى الله عليه وسلم ثم يخلص الدعاء للميت ...

3077- إسناده قوى، وهو مكرر ما قبله.

سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَاَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَسَلْمَانَ الْاَغَرِ مَوْلٰى جُهَيْنَةَ، كُلُّهُمْ حَدَّثُوْنِى، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِذَا صَلَّيْتُمْ عَلَى الْجَنَازَةِ فَاَخْلِصُوْا لَهَا الدُّعَاءَ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب تم نماز جنازہ ادا کرو' تو صرف میت کے لیے دعا مانگو۔''

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُصَلِّىْ عَلَى الْجَنَازَةِ وَالْمُنْتَظِرِ لِدَفْنِهَا قِيْرَاطَيْنِ مِنَ الْاَجْرِ

اللہ تعالیٰ کا نماز جنازہ ادا کرنے والے شخص کو اور اس میت کے دفن کا انتظار کرنے والے شخص کو دو قیراط اجر عطا کرنے کا تذکرہ

3078 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ شَهِدَ الْجَنَازَةَ حَتّٰى يُصَلّٰى عَلَيْهَا فَلَهٗ قِيْرَاطٌ، وَمَنْ شَهِدَهَا حَتّٰى تُدْفَنَ فَلَهٗ قِيْرَاطَانِ قِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الْقِيْرَاطَانِ؟ قَالَ: مِثْلُ جَبَلَيْنِ عَظِيْمَيْنِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص جنازے میں شریک ہو' یہاں تک کہ اس کی نماز جنازہ ادا کرلی جائے' تو اس شخص کو ایک قیراط ثواب ملتا ہے

3078- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى فمن رجال مسلم . الأعرج: هو عبد الرحمٰن بن هرمز. وأخرجه مسلم "945" "52" في الجنائز: باب فضل الصلاة على الجنازة واتباعها، من طريق حرملة بن يحيى بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "2/401"، ومسلم "945" "52"، والنسائي "4/76" في الجنائز: باب ثواب من صلى على جنازة: والبيهقي "3/412" من طريق ابن وهب، به. وأخرجه البخاري "1325" في الجنائز: باب من انتظر حتى تدفن، والبيهقي "3/412" من طريق يونس، به. وأخرجه البخاري "1325" من طريق أبي سعيد المقبري، عن أبي هريرة. وأخرجه "47" في الإيمان: باب إتباع الجنائز من الإيمان، من طريق الحسن البصري، عن أبي هريرة. وأخرجه مسلم "945" "52"، والنسائي "4/76"، وابن ماجه "1539" في الجنائز: باب ما جاء في ثواب من صلى على جنازة ومن انتظر دفنها، وأحمد "2/233" و"280"، والبيهقي "3/412" من طريق سعيد بن المسيب، عن أبي هريرة . وأخرجه مسلم "945" "52" من طريق رجال عن أبي هريرة . وأخرجه مسلم "945" "53" من طريق سهيل، وأحمد "2/246"، وأبو داوٗد "3168" في الجنائز: باب فضل الصلاة على الجنائز وتشييعها، وابن الجارود "526" من طريق سمي، كلاهما عن أبي صالح، عن أبي هريرة . وأخرجه مسلم "945" "54"، والبيهقي "3/413" من طريق أبي حازم، عن أبي هريرة . وأخرجه أحمد "2/470" و"503"، والترمذي "1040" في الجنائز: باب ما جاء في فضل الصلاة على الجنازة، من طريق أبي سلمة، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد "2/273" من طريق نافع بن جبير، عن أبي هريرة . وأخرجه أحمد "2/321" و"531" من طريق عبد الله بن هرمز وقد تحرفت في "2/321" إلى: هريم عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد "2/521" من طريق أبي مزاحم، عن أبي هريرة. وأخرجه "2/458" من طريق سالم البراد، عن أبي هريرة. وانظر الحديث رقم "3079"

اور جو شخص اس کے دفن ہونے تک اس کے ساتھ رہے اسے دو قیراط ثواب ملتا ہے عرض کی گئی: یارسول اللہ ﷺ! دو قیراط کتنے ہوتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: دو بڑے پہاڑوں جتنے۔''

ذِكْرُ وَصْفِ الْجَبَلَيْنِ اللَّذَيْنِ يُعْطِي اللّٰهُ مِثْلَهُمَا مِنَ الْأَجْرِ لِمَنْ صَلّٰى عَلٰى جَنَازَةٍ وَّحَضَرَ دَفْنَهَا

ان دو پہاڑوں کی صفت کا تذکرہ جن کی مانند اجر اللہ تعالیٰ اس کو عطا کرے گا جو نماز جنازہ بھی ادا کرے اور دفن میں بھی شریک ہو

3079 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْمُقْرِءُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ صَخْرٍ، اَنَّ يَزِيدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قُسَيْطٍ، حَدَّثَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ دَاوُدَ بْنَ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهُ كَانَ قَاعِدًا مَعَ ابْنِ عُمَرَ فَاطَّلَعَ صَاحِبُ الْمَقْصُوْرَةِ قَالَ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ اَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: اِنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَنْ تَبِعَ جَنَازَةً مِنْ بَيْتِهَا حَتّٰى يُصَلِّيَ عَلَيْهَا، ثُمَّ تَبِعَهَا حَتّٰى يَدْفِنَهَا كَانَ لَهُ قِيرَاطَانِ كُلُّ قِيرَاطٍ مِثْلُ اُحُدٍ، وَمَنْ رَجَعَ عَنْهَا بَعْدَمَا يُصَلِّيْ وَلَمْ يَتْبَعْهَا كَانَ لَهُ قِيرَاطٌ مِثْلُ اُحُدٍ.

فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: اذْهَبْ اِلٰى عَائِشَةَ فَسَلْهَا عَنْ قَوْلِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ ثُمَّ ارْجِعْ اِلَيَّ فَاَخْبِرْنِيْ بِمَا قَالَتْ: قَالَ: وَاَخَذَ ابْنُ عُمَرَ قَبْضَةً مِنْ حَصَاةٍ فَجَعَلَ يُقَلِّبُهَا بِيَدِهِ حَتّٰى رَجَعَ الرَّسُوْلُ فَقَالَ: قَالَتْ: صَدَقَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، فَرَمَى ابْنُ عُمَرَ الْحَصَى اِلَى الْاَرْضِ مِنْ يَّدِهِ وَقَالَ: لَقَدْ فَرَّطْنَا فِيْ قَرَارِيطَ كَثِيرَةٍ

❁❁ داؤد بن عامر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اسی دوران گھر کا مالک سامنے آیا اور بولا: اے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کیا آپ نے سنا نہیں کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کیا بیان کرتے ہیں: وہ یہ کہتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

3079- إسناده حسن على شرط مسلم، فإن أبا صخر - وهو حميد بن زياد الخراط- مختلف فيه، وهو كما قال ابن عدى: صالح الحديث. المقرىء: هو عبد الله بن يزيد. وأخرجه مسلم "945" "56" فى الجنائز: باب فضل الصلاة على الجنازة وإتباعها، وأبو داوُد "3169" فى الجنائز: باب فضل الصلاة على الجنائز وتشييعها، والبيهقى 3/412 "-413" من طرق عن عبد الله بن يزيد المقرىء، بهذا الإسناد. وأخرج النسائى "4/77" فى الجنائز: باب ثواب من صلى على جنازة، من طريق مسلمة بن علقمة، عن داوُد، به. وأخرج البخارى "1323" و"1324" فى الجنائز: باب فضل إتباع الجنائز، ومسلم "945" "55" من طريق جرير بن جازم قال: سمعت نافعًا يقول: حدث ابن عمر أن هريرة رضى الله عنه يقول ... وأخرجه الطيالسى "2581"، وأحمد "2/387" من طريقين عن يعلى بن عطاء، عن الوليد بن عبد الرحمن، عن أبى هريرة، عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: "من صلى على جنازة، فله قيراط، ومن انتظر حتى يفرغ منها فله قيرطان" فأنكر ذلك ابن عمر، فأرسلوا إلى عائشة ... وانظر الحديث رقم "3078" و "3080".

"جو شخص میت کے گھر سے جنازے کے ساتھ جائے یہاں تک کہ اس کی نماز جنازہ ادا کر لی جائے پھر وہ اس کے ساتھ رہے یہاں تک کہ اسے دفن کر دیا جائے تو اس شخص کو دو قیراط ثواب ملتا ہے جن میں سے ہر ایک قیراط احد پہاڑ جتنا ہوتا ہے اور جو شخص نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد واپس آ جائے اور جنازے کے ساتھ نہ رہے تو اسے ایک قیراط جتنا ثواب ملتا ہے جو احد پہاڑ جتنا ہوتا ہے تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ اور ان سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے اس قول کے بارے میں دریافت کرو اور پھر میرے پاس واپس آ کر مجھے بتانا کہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا جواب دیا ہے؟

راوی کہتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے مٹھی میں کنکریاں لیں اور انہیں اپنے ہاتھ میں الٹنے پلٹنے لگے یہاں تک کہ قاصد واپس آیا اور اس نے بتایا: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ فرمایا ہے: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ٹھیک کہا ہے تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے کنکریاں اپنے ہاتھ سے زمین کی طرف پھینکیں اور بولے: پھر تو ہم نے بہت سے قیراط ضائع کر دیئے۔"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْفَضْلَ اِنَّمَا يَكُوْنُ لِمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ احْتِسَابًا لِلّٰهِ لَا رِيَاءً وَّلَا سُمْعَةً وَّلَا قَضَاءً لِحَقٍّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ فضیلت اس شخص کو حاصل ہوگی جو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے ثواب کے حصول کے لیے ایسا کرے گا اس شخص کو حاصل نہیں ہوگی جو ریاکاری اور دکھاوے کے لیے یا کسی حق کی ادائیگی کے لیے ایسا کرے گا

3080 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ خَلَفٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، عَنْ عَوْفٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنِ اتَّبَعَ جَنَازَةَ مُسْلِمٍ اِيْمَانًا وَاحْتِسَابًا حَتّٰى يُصَلِّيَ عَلَيْهَا، ثُمَّ يَقْعُدُ حَتّٰى يُوْضَعَ فِيْ قَبْرِهٖ فَاِنَّهٗ يَرْجِعُ وَلَهٗ قِيْرَاطَانِ مِنَ الْاَجْرِ وَهُمَا مِثْلُ اُحُدٍ، وَمَنْ صَلّٰى عَلَيْهَا ثُمَّ رَجَعَ قَبْلَ اَنْ يُوْضَعَ فِي الْقَبْرِ، فَلَهٗ قِيْرَاطٌ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهُمَا مِثْلُ اُحُدٍ يُرِيْدُ بِهٖ اَحَدَهُمَا

3080- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير الحسن بن خلف، فقد روى له البخاري في "صحيحه"، وقال ابو حاتم: شيخ، وقال الخطيب: كان ثقة، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال ابن عدي: يحتمل، ولا أعلم له شيئًا منكرًا. إسحاق الأزرق: هو ابن يوسف، وعوف: هو ابن أبي جميلة العبيد. وأخرجه أحمد "2/493" من طريق إسحاق الأزرق، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "47" في الإيمان: باب إتباع الجنائز: من الإيمان، والنسائي "4/77" في الجنائز: باب ثواب من صلى على جنازة، وأحمد "2/430" و "493" من طرق عن عوف، به.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص ایمان کی حالت میں ثواب کی امید رکھتے ہوئے مسلمان کے جنازے کے ساتھ جاتا ہے' یہاں تک کہ اس کی نماز جنازہ ادا کرلی جائے پھر وہ بیٹھا رہتا ہے' یہاں تک کہ اس (میت کو) قبر میں رکھ دیا جائے اور جب وہ شخص واپس آتا ہے' تو اسے دو قیراط اجر ملتا ہے یہ دونوں قیراط احد پہاڑ جتنے ہوتے ہیں اور جو شخص میت کی نماز جنازہ ادا کرنے کے بعد اس کے دفن ہونے سے پہلے واپس آجائے اسے ایک قیراط ملتا ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان وہ دونوں اُحد کی مانند ہوتے ہیں۔ اس سے مراد یہ ہے: ان دونوں میں سے ایک اُحد (پہاڑ جتنا) ہوتا ہے۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُسْلِمِ الْمَيِّتِ إِذَا صَلّٰى عَلَيْهِ مِائَةٌ كُلُّهُمْ مُسْلِمُوْنَ شُفَعَاءُ

اللہ تعالیٰ کا اس مسلمان میت کی مغفرت کردینے کا تذکرہ جس کی 100 آدمی نماز جنازہ ادا کریں اور وہ سب مسلمان ہوں اور اس کی سفارش کریں (یعنی اس کے لیے دعائے مغفرت کریں)

3081 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَيُّوْبُ، عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ أَحَدٍ يَمُوتُ يُصَلِّيْ عَلَيْهِ أُمَّةٌ يَبْلُغُونَ أَنْ يَكُوْنُوْا مِائَةً فَيَشْفَعُونَ إِلَّا شُفِّعُوا فِيهِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جب کوئی شخص فوت ہو اور ایک گروہ اس کی نماز جنازہ ادا کرے جن کی تعداد ایک سو ہو' تو وہ اگر اس کے بارے میں شفاعت کریں (یعنی دعائے مغفرت کریں)' تو ان کی سفارش قبول ہوتی ہے۔''

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمَيِّتِ إِذَا صَلّٰى عَلَيْهِ أَرْبَعُونَ يَشْفَعُوْنَ فِيْهِ

اللہ تعالیٰ کا میت کی مغفرت کردینے کا تذکرہ جب 40 آدمی میت کی شفاعت کرتے ہوئے اس کی نماز جنازہ ادا کریں

3081- إسناده صحيح على شرط مسلم: الثقفي: هو عبد الوهاب بن عبد المجيد، وأبو قلابة: هو عبد الله بن زيد . وأخرجه الترمذي "1029" في الجنائز: باب ما جاء في الصلاة على الجنازة والشفاعة للميت، وابن أبي شيبة "3/321" من طريق عبد الوهاب الثقفي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "6/32" و"40" و"231"، ومسلم "947" في الجنائز: باب من صلى عليه مئة شفعوا فيه، والترمذي "1029"، والنسائي "4/75" و"76" في الجنائز: باب فضل من صلى عليه مئة، والطحاوي في "مشكل الآثار" "264" و"265" و"266" و"272"، والبيهقي "4/30" من طرق عن أيوب بن أبي تيمية، به. وأخرجه الطيالسي "1526"،

3082 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسٰى الْمِصْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ صَخْرٍ حُمَيْدُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ اَبِىْ نَمِرٍ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ مَاتَ ابْنٌ لَهُ بِقُدَيْدٍ - اَوْ بِعُسْفَانَ -، فَقَالَ: يَا كُرَيْبُ انْظُرْ مَا اجْتَمَعَ لَهُ مِنَ النَّاسِ قَالَ: فَخَرَجْتُ، فَإِذَا نَاسٌ قَدِ اجْتَمَعُوا، فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: يَكُوْنُوْنَ اَرْبَعِينَ؟، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: اخْرُجُوا بِهِ فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: مَا مِنْ مُّسْلِمٍ يَمُوتُ فَيَقُومُ عَلٰى جَنَازَتِهِ اَرْبَعُوْنَ رَجُلًا لَا يُشْرِكُوْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا اِلَّا شَفَّعَهُمُ اللّٰهُ فِيهِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ ان کے ایک بیٹے کا قدید یا شاید عسفان کے مقام پر انتقال ہوگیا' تو انہوں نے فرمایا: اے کریب تم اس بات کا جائزہ لو کہ اس کی نماز جنازہ کے لیے کتنے لوگ اکٹھے ہو چکے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: میں باہر نکلا وہاں کچھ لوگ اکٹھے ہو چکے تھے میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو اس بارے میں بتایا' تو انہوں نے دریافت کیا: کیا چالیس لوگ ہیں؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اس کی میت کو باہر نکالو' کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جس مسلمان کا انتقال ہو جائے اور اس کی نماز جنازہ چالیس ایسے افراد ادا کریں جو کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتے ہوں' تو اللہ تعالیٰ اس میت کے بارے میں ان لوگوں کی شفاعت کو قبول کرتا ہے۔''

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الصَّلَاةِ عَلٰى قَبْرِ الْمَدْفُوْنِ

مدفون شخص کی قبر پر نماز جنازہ ادا کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

3083 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَمِّهِ يَزِيدَ بْنِ ثَابِتٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلٰى قَبْرِ فُلَانَةَ فَكَبَّرَ اَرْبَعًا

❁❁ حضرت یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فلاں خاتون کی قبر پر (اس کی) نماز جنازہ ادا کی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار مرتبہ تکبیر کہی تھی۔

3082– إسناده حسن على شرط مسلم، فإن حميد بن زياد كما تقدم: صالح الحديث . وأخرجه أحمد "1/277"، ومسلم "948" في الجنائز: باب من صلى عليه أربعون شفعوا فيه، وأبو داؤد "3170" في الجنائز: باب فضل الصلاة على الجنائز وتشييعها، والبيهقي "4/30"، والبغوي "1505"، والطحاوي في "مشكل الآثار " "271" من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجه "1489" في الجنائز: باب ما جاء فيمن صلى عليه جماعة من المسلمين، والطبراني "11/12158"

3083– حديث صحيح. شريك: هو ابن عبد الله القاضي، سيء الحفظ، إلا أنه قد توبع، وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح. عثمان بن حكيم: هو ابن عباد بن حنيف. وانظر الحديث رقم "3087" و."3092"

13
13

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِمَنْ فَاتَتْهُ الصَّلَاةُ عَلَى الْجَنَازَةِ اَنْ يُصَلِّيَ عَلٰى قَبْرِ الْمَدْفُونِ

جس شخص کی نمازِ جنازہ فوت ہو جاتی ہے اس کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ مدفون کی قبر پر نمازِ جنازہ ادا کرے

3084 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلٰى قَبْرِ امْرَاَةٍ قَدْ دُفِنَتْ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خاتون کے دفن ہو جانے کے بعد اس کی قبر پر نمازِ جنازہ ادا کی تھی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3085 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ الْعَدَوِيُّ اَبُوْ ذَرٍ، بِبُخَارٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى

3084- إسناده صحيح على شرط الشيخين . غندر: لقب محمد بن جعفر، وثابت: هو ابن أسلم البناني . وهو في "مسند أحمد " "3/130"، ومن طريقه أخرجه ابن ماجه "1531" في الجنائز: باب ما جاء في الصلاة على القبر، والبيهقي "4/46"، والدارقطني ."2/77" وأخرجه مسلم "955" في الجنائز: باب الصلاة على القبر، والبيهقي "4/46"، والدارقطني "2/77" من طرق عن غندر، بهذا الإسناد . وأخرجه بأطول مما هنا البيهقي "4/46" من طريق حماد بن زيد، والدارقطني "2/77" عن صالح بن رستم، كلاهما عن ثابت، عن أنس. وفي الباب عن جابر عند النسائي "4/85" في الجنائز: باب الصلاة على القبر.

3085- يحيى بن سهيل: ذكره المؤلف في "الثقات" "9/270" وقال: يروى عن أبي عاصم النبيل، حدثنا عنه أبو ذر محمد بن محمد بن يوسف وغيره، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. أبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد، وسفيان: هو الثوري، وسليمان الشيباني: هو سليمان بن أبي سليمان، والشعبي: هو عامر. وأخرجه البيهقي "4/46"، والدراقطني من طريقين عن أبي عاصم، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "954" "68" في الجنائز: باب الصلاة على القبر، من طريق وكيع عن سفيان، به . وأخرجه أحمد "1/224"، والبخاري "1247" في الجنائز: باب الإذن بالجنازة، وابن ماجه "1530" في الصلاة: باب ما جاء في الصلاة على القبر من طريق أبي معاوية، عن سليمان الشيباني، به. وأخرجه البخاري "3121" باب صفوف الصبيان مع الرجال في الجنائز، ومسلم "954" "68" من طريق عبد الواحد بن زياد عن الشيباني، به . وأخرجه البخاري "1326" في الجنائز: باب صلاة الصبيان مع الناس على الجنائز، من طريق زائدة، عن الشيباني، به. وأخرجه مسلم "954" "68"، وأبو داوُد "3196" في الجنائز: باب التكبير على الجنازة، والدارقطني "2" / 76-"77، والبيهقي "4/45" من طريق عبد الله بن إدريس عن الشيباني، به. وأخرجه مسلم "954" "68"، والترمذي "1037" في الجنائز: باب ما جاء في الصلاة على القبر، والنسائي "4/85" من طريق هشيم عن الشيباني، به . وأخرجه الدارقطني "2/78"، والبيهقي "4" / "46 من طريق هريم بن سفيان عن الشيباني، به . وأخرجه الدارقطني "2/77" و"78" من طريق أبي عوانة وشريك، والبيهقي "4/46" من طريق إبراهيم بن طهمان، ومسلم "954" "68" من طريق عبيد الله بن معاذ عن أبيه، أربعتهم عن الشيباني، به. وأخرجه مسلم "954" "69"، والبيهقي "4/46" من طريق "3088" و"3089" و "3090"

بْنُ سُهَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ سُفْيَانَ، وَذَكَرَ مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يُوسُفَ، اٰخَرُ مَعَهٗ عَنْ سُلَيْمَانَ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلّٰى عَلٰى قَبْرٍ بَعْدَمَا دُفِنَ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَالَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ ذَرٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، وَابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ وَاَنَا اَهَابُهٗ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (ایک میت کے) دفن ہو جانے کے بعد اس کی قبر پر نماز جنازہ ادا کی تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوذر نامی راوی نے سفیان اور ابن جریج کے حوالے سے شیبانی کے حوالے سے اس روایت کو نقل کیا ہے اور میں (اس سند کے ساتھ اس روایت کو نقل کرنے سے) ڈرتا ہوں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ تَعَلَّقَ بِهٖ مَنْ لَّمْ يَتَبَحَّرْ فِي الْعِلْمِ وَلَا طَلَبِهٖ مِنْ مَظَانِّهٖ فَنَفٰى جَوَازَ الصَّلَاةِ عَلَى الْقَبْرِ

اس روایت کا تذکرہ جس کے ساتھ وہ شخص متعلق ہوا جو علم حدیث میں مہارت بھی نہیں رکھتا

اور اس نے علم حدیث کو اس کے اصل ماخذ سے حاصل بھی نہیں کیا تو اس نے قبر پر نماز جنازہ پڑھنے کی نفی کر دی

3086 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيْ رَافِعٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَلْتَقِطُ الْاَذٰى مِنَ الْمَسْجِدِ، فَمَاتَ، فَفَقَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ فُلَانٌ؟ قَالُوْا: مَاتَ، قَالَ: هَلَّا كُنْتُمْ آذَنْتُمُوْنِيْ بِهٖ فَكَاَنَّهُمُ اسْتَخَفُّوا شَاْنَهٗ، قَالَ لِاَصْحَابِهٖ: انْطَلِقُوا، فَدُلُّوْنِيْ عَلٰى قَبْرِهٖ فَذَهَبَ فَصَلّٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هٰذِهِ الْقُبُوْرَ مَمْلُوْئَةٌ ظُلْمَةً عَلٰى اَهْلِهَا، وَاِنَّ اللّٰهَ يُنَوِّرُهَا عَلَيْهِمْ بِصَلَاتِيْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص مسجد میں صفائی کیا کرتا تھا اس کا انتقال ہو گیا ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے غیر موجود پا کر اس کے بارے میں دریافت کیا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلاں کا کیا حال ہے؟ لوگوں نے بتایا: اس

3086– إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو رافع: هو نفيع بن رافع الصائغ المدني. وأخرجه أحمد "2/353" و"388"، والطيالسي "2446"، والبخاري "458" في الصلاة: باب كنس المسجد والتقاط الخرق والقذى والعيدان، و"460" باب الخدم للمسجد، و"1337" في الجنائز: باب الصلاة على القبر بعد ما يدفن، ومسلم "956" في الجنائز: باب الصلاة على القبر، وأبو داوٗد "3203" في الجنائز: باب الصلاة على القبر، وابن ماجه "1527" في الجنائز: باب ما جاء في الصلاة على القبر، والبيهقي "4/47" من طريق حماد بن زيد، والطيالسي "2446" من طريق صالح بن رستم، والبيهقي "4/47" من طريق يونس، ثلاثتهم عن ثابت، بهذا الإسناد.

کا انتقال ہو گیا ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم لوگوں نے مجھے اطلاع کیوں نہیں دی؟ لوگوں نے اس کے معاملے کو کم تر سمجھا تھا نبی اکرم ﷺ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: تم لوگ چلو اور اس کی قبر کی طرف میری رہنمائی کرو پھر نبی اکرم ﷺ تشریف لے گئے آپ ﷺ نے اس شخص کی نماز جنازہ ادا کی پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ قبریں اپنے اہل کے لیے تاریک ہوتی ہیں' تو میرے ان پر نماز جنازہ ادا کرنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ان کے لیے انہیں روشن کر دیتا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْعِلَّةَ فِيْ صَلَاةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْقَبْرِ، لَمْ يَكُنْ دُعَاؤُهُ وَحْدَهُ دُوْنَ دُعَاءِ اُمَّتِهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم ﷺ کے قبر پر نماز جنازہ ادا

کرنے میں یہ علت نہیں تھی کہ صرف آپ ہی (مرحوم کے لیے) دعا کریں اور یہ حکم آپ کی امت کے لیے نہ ہو

3087 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيْمٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَمِّهِ يَزِيْدَ بْنِ ثَابِتٍ، وَكَانَ اَكْبَرَ مِنْ زَيْدٍ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا وَرَدْنَا الْبَقِيْعَ، اِذَا هُوَ بِقَبْرٍ، فَسَاَلَ عَنْهُ، فَقَالُوْا: فُلَانَةُ، فَعَرَفَهَا، فَقَالَ: اَلَا آذَنْتُمُوْنِيْ بِهَا؟ قَالُوْا: كُنْتَ قَائِلًا صَائِمًا قَالَ: فَلَا تَفْعَلُوْا لَا اَعْرِفَنَّ مَا مَاتَ مِنْكُمْ مَيِّتٌ مَا كُنْتُ بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ اِلَّا آذَنْتُمُوْنِيْ بِهِ، فَاِنَّ صَلَاتِيْ عَلَيْهِ رَحْمَةٌ قَالَ: ثُمَّ اَتَى الْقَبْرَ، فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، وَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعًا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَدْ يَتَوَهَّمُ غَيْرُ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّ الصَّلَاةَ عَلَى الْقَبْرِ غَيْرُ جَائِزَةٍ لِلَّفْظَةِ الَّتِيْ فِيْ خَبَرِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ: فَاِنَّ اللّٰهَ يُنَوِّرُهَا عَلَيْهِمْ رَحْمَةً بِصَلَاتِيْ وَاللَّفْظَةِ الَّتِيْ فِيْ خَبَرِ يَزِيْدَ بْنِ ثَابِتٍ: فَاِنَّ صَلَاتِيْ عَلَيْهِمْ رَحْمَةٌ وَلَيْسَتِ الْعِلَّةُ مَا يَتَوَهَّمُ الْمُتَوَهِّمُوْنَ فِيْهِ اَنَّ اِبَاحَةَ هٰذِهِ السُّنَّةِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَاصَّةً دُوْنَ اُمَّتِهِ، اِذْ لَوْ كَانَ ذٰلِكَ لَزَجَرَهُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَنْ يَصْطَفُّوْا خَلْفَهُ، وَيُصَلُّوْا مَعَهُ عَلَى الْقَبْرِ، فَفِيْ تَرْكِ اِنْكَارِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَنْ صَلّٰى عَلَى الْقَبْرِ اَبْيَنُ الْبَيَانِ لِمَنْ وَفَّقَهُ اللّٰهُ لِلرَّشَادِ وَالسَّدَادِ اَنَّهُ فِعْلٌ مُبَاحٌ لَهُ وَلِاُمَّتِهِ مَعًا دُوْنَ اَنْ يَكُوْنَ ذٰلِكَ بِالْفِعْلِ لَهُمْ دُوْنَ اُمَّتِهِ

3087– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عثمان بن حكيم، فإنه من رجال مسلم. وأخرجه أحمد "4/388"، والبيهقي "4/48"، وابن أبي شيبة 3/275"–"276 و"360"، ومن طريقه ابن ماجه "1528" في الجنائز: باب ما جاء في الصلاة على القبر، والطبراني "22/628"، والبيهقي "4/35" من طريق هشيم، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 4/84"–"85 في الجنائز: باب الصلاة على القبر من طريق عبد الله بن نمير، والطبراني "22/627" من طريق زهير بن معاوية، والحاكم "3/591" من طريق ابن لهيعة، ثلاثتهم عن عثمان بن حكيم، به. انظر الحديث رقم "3083" و"3092".

حضرت یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے جب ہم بقیع کے مقام پر پہنچے تو وہاں ایک قبر موجود تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس قبر کے بارے میں دریافت کیا: تو لوگوں نے بتایا: فلاں خاتون کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس خاتون کی شناخت ہوگئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اس کی (وفات) کے بارے میں مجھے بتلایا کیوں نہیں؟ لوگوں نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت روزے کی حالت میں آرام فرمارہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ ایسا نہ کرو جب تک میں تمہارے درمیان موجود ہوں تم میں سے جس شخص کا بھی انتقال ہوتا ہے تم اس کے بارے میں مجھے اطلاع دو' کیونکہ میرا اس کے لیے نماز جنازہ ادا کرنا رحمت ہوگا۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قبر پر تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پیچھے صفیں بنوائیں اور اس پر (نماز جنازہ ادا کرتے ہوئے) چار مرتبہ تکبیریں کہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): جو شخص علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا وہ اس غلط فہمی کا شکار ہوا کہ قبر پر نماز جنازہ ادا کرنا جائز نہیں ہے۔ ان الفاظ کی وجہ سے جو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں ہیں۔ ''بے شک اللہ تعالیٰ میرے نماز جنازہ ادا کرنے کی وجہ سے ان کی قبروں کو ان کے لئے روشن کر دیتا ہے۔'' اور ان الفاظ کی وجہ سے جو حضرت یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں ہیں ''میرا ان کی نماز جنازہ ادا کرنا رحمت ہے۔'' حالانکہ علت وہ نہیں ہے' جو غلط فہمی کا شکار ان افراد کو غلط فہمی ہوئی کہ اس سنت کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مباح ہونا آپ کی خصوصیت ہے یا آپ کی اُمت کے لئے نہیں ہے کیونکہ اگر ایسا ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو اس بات سے منع کر دیتے کہ وہ آپ کے پیچھے صفیں قائم کریں اور آپ کی اقتداء میں قبر پر نماز جنازہ ادا کریں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے پیچھے قبر پر نماز جنازہ ادا کرنے والے پر انکار نہ کرنا اس بات کا واضح بیان موجود ہے لیکن یہ اس شخص کے لئے بیان ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ہدایت اور سیدھے راستے کی توفیق عطا کی ہو کہ یہ ایک مباح فعل ہے' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بھی مباح ہے۔ آپ کی اُمت کے لئے بھی مباح ہے۔ ایسا نہیں ہے: یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مباح ہو اور آپ کی اُمت کے لئے نہ ہو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3088 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ:

3088– إسناده صحيح على شرطهما . الشيباني: سليمان بن أبي سليمان .وأخرجه البخاري "857" في الأذان: باب وضوء الصبيان ومتى يجب عليهم الغسل والطهور، و "1319" في الجنائز: باب الصفوف على الجنازة، و "1322" باب سنة الصلاة على الجنائز: و "1336" باب الصلاة على القبر بعد ما يدفن، ومسلم "954" "68" في الجنائز: باب الصلاة على القبر، والنسائي "4/85" في الجنائز: باب الصلاة على القبر، والبيهقي "4/45" من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "3085" و "3088" و "3090" و. "3091"

(متن حدیث):اَخْبَرَنِی مَنْ صَلّٰی مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَبْرٍ مَنْبُوْذٍ فَصَفَّهُمْ خَلْفَهُ قُلْتُ: مَنْ اَخْبَرَكَ؟ قَالَ: ابْنُ عَبَّاسٍ

❁❁ امام شعبی بیان کرتے ہیں: مجھے اس شخصیت نے یہ بات بتائی ہے جس نے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ قبر پر نماز جنازہ ادا کی تھی نبی اکرم ﷺ نے اپنے پیچھے ان لوگوں کی صفیں بنوائی تھیں۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: آپ کو کس نے یہ بتایا ہے تو انہوں نے جواب دیا: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں سلیمان شیبانی نامی راوی منفرد ہے

3089 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُغِيْرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ اسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث):انْتَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى قَبْرٍ مَنْبُوْذٍ فَصَلّٰى عَلَيْهِ، وَصَلَّيْنَا مَعَهُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ قبر کے پاس تشریف لائے آپ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ ادا کی ہم نے آپ ﷺ کی اقتداء میں نماز جنازہ ادا کی۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا تَجُوْزُ الصَّلَاةُ عَلَى الْقَبْرِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے قبر پر نماز جنازہ ادا کرنا جائز ہے

3090 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّغَوْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث):اَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَبْرٍ مَنْبُوْذٍ، فَصَلّٰى عَلَيْهِ وَصَلَّيْنَا مَعَهُ.

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَاضِحٌ اَنَّ صَلَاةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْقَبْرِ اِنَّمَا كَانَتْ عَلٰى قَبْرٍ مَنْبُوْذٍ، وَالْمَنْبُوْذُ نَاحِيَةٌ، فَدَلَّتْكَ هٰذِهِ اللَّفْظَةُ عَلٰى اَنَّ الصَّلَاةَ عَلَى الْقَبْرِ جَائِزَةٌ اِذَا كَانَ جَدِيْدًا فِيْ نَاحِيَةٍ لَمْ تُنْبَشْ، اَوْ فِيْ وَسَطِ قُبُوْرٍ لَمْ تُنْبَشْ، فَاَمَّا الْقُبُوْرُ الَّتِيْ نُبِشَتْ، وَقُلِبَ تُرَابُهَا صَارَ تُرَابُهَا نَجِسًا، لَا تَجُوْزُ الصَّلَاةُ عَلَى النَّجَاسَةِ اِلَّا اَنْ يَّقُوْمَ الْاِنْسَانُ عَلٰى شَيْءٍ نَظِيْفٍ، ثُمَّ يُصَلِّيْ

3089– إسناده صحيح. المغيرة بن عبد الرحمٰن: ثقة، روى له النسائي، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين وأخرجه مسلم "954" "69" في الجنائز: باب الصلاة على القبر، والبيهقي "4/46" من طرق عن وهب بن جرير، بهٰذا الإسناد.

3090– إسناده صحيح على شرط البخاري. وانظر الحديث رقم ."3085" و"3088" و"3089" و."3090"

عَلَى الْقَبْرِ الْمَنْبُوشِ دُونَ الْمَنْبُوذِ الَّذِي لَمْ يَنْبُشْ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک الگ تھلگ قبر کے پاس تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر نماز جنازہ ادا کی ہم نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز جنازہ ادا کی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قبر پر نماز جنازہ ادا کرنا ایک ایسی قبر کے بارے میں تھا جو ایک گوشے میں تھی۔ لفظ منبوذ کا مطلب گوشہ ہے تو یہ الفاظ آپ کی رہنمائی اس بات کی طرف کریں گے کہ قبر پر نماز جنازہ ادا کرنا جائز ہے جبکہ وہ نئی ہو اور کسی ایسے گوشے میں ہو جسے اکھاڑا نہ گیا ہو یا قبروں کے درمیان میں ہو جسے اکھاڑا نہ گیا ہو جہاں تک ان قبروں کا تعلق ہے، جنہیں اکھاڑ دیا جاتا ہے ان کی مٹی کو الٹ پلٹ دیا جاتا ہے' تو ان کی مٹی نجس ہو جاتی ہے اور نجاست والی چیز پر نماز ادا کرنا جائز نہیں ہے۔ البتہ اگر آدمی کسی پاک وصاف چیز پر کھڑا ہو اور پھر قبر پر نماز جنازہ ادا کرے وہ قبر جو اکھیڑ دی گئی ہو (تو اس کا حکم مختلف ہے) اور یہ حکم اس کے علاوہ ہے' جو کسی گوشے میں ہوتی ہے اور اکھیڑی نہیں ہوتی۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الصَّلَاةِ عَلَى الْقَبْرِ وَاِنْ اَتَى عَلَى الْمَدْفُونِ لَيْلَةٌ

قبر پر نماز جنازہ ادا کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ اگرچہ دفن شدہ شخص کو ایک رات گزر چکی ہے

3091 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَبْرِ رَجُلٍ بَعْدَمَا دُفِنَ بِلَيْلَةٍ، قَامَ هُوَ وَاَصْحَابُهُ، وَكَانَ قَدْ سَالَ عَنْهُ، قَالُوا: فُلَانٌ دُفِنَ الْبَارِحَةَ، فَصَلَّوْا عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کی قبر پر نماز جنازہ ادا کی جسے رات کے وقت دفن کر دیا گیا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کھڑے ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے بارے میں دریافت کیا: تو لوگوں نے بتایا: فلاں شخص کو گزشتہ رات دفن کیا گیا تھا' تو ان لوگوں نے اس کی (قبر پر) نماز جنازہ ادا کی۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلنَّاسِ اِذَا اَرَادُوا الصَّلَاةَ عَلَى الْقَبْرِ اَنْ يَّصْطَفُّوا وَرَاءَ اِمَامِهِمْ

لوگوں کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ جب وہ قبر پر نماز جنازہ ادا کرنے لگیں تو امام کے پیچھے صفیں بنالیں

3091– إسناده صحيح على شرطهما. جرير: هو ابن عبد الحميد. وأخرجه البيهقي "4/45" من طريق عمران بن موسى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1340" في الجنائز: باب الدفن بالليل، من طريق عثمان بن أبي شيبة، به. وأخرجه مسلم "954" "68" في الجنائز: باب الصلاة على القبر، من طريق إسحاق بن إبراهيم عن جرير، به. وانظر الحديث رقم "3085" و"3088" و"3089" و."3090"

3092 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنِ الرَّیَّانِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَکِیمِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ حُنَیْفٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَمِّهِ یَزِیدَ بْنِ ثَابِتٍ، وَکَانَ اَکْبَرَ مِنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ، وَکَانَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا، وَزَیْدٌ لَمْ یَشْهَدْ بَدْرًا، قَالَ:

(متنِ حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْبَقِیعِ، فَرَاَى قَبْرًا جَدِیدًا، فَصَفَفْنَا خَلْفَهُ، وَکَبَّرَ عَلَیْهِ اَرْبَعًا

حضرت یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ جو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے عمر سے بڑے ہیں اور انہیں غزوہ بدر میں شرکت کا شرف حاصل ہے، حالانکہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو غزوہ بدر میں شرکت کا شرف حاصل نہیں ہے (حضرت یزید بن ثابت رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ بقیع کی طرف گئے وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک نئی قبر ملاحظہ فرمائی ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے صفیں بنالیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس (کی نماز جنازہ ادا کرتے ہوئے) چار مرتبہ تکبیریں کہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ الْقَاتِلَ نَفْسَهُ غَيْرُ جَائِزٍ الصَّلَاةُ عَلَيْهِ

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو غلط فہمی کا شکار کیا کہ خودکشی کرنے والے شخص کی نماز جنازہ ادا کرنا جائز نہیں ہے

3093 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا خَلِیلُ بْنُ عَمْرٍو بَغْدَادِیٌّ، ثِقَةٌ، حَدَّثَنَا شَرِیکٌ، عَنْ سِمَاکٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَجُلًا کَانَتْ لَهُ جِرَاحَةٌ، فَاَتَى قَرْنًا لَهُ فَاَخَذَ مِشْقَصًا، فَذَبَحَ بِهٖ نَفْسَهُ، فَلَمْ یُصَلِّ عَلَیْهِ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص زخمی ہو گیا وہ اپنے ترکش کے پاس آیا اس نے ایک تیر کو لیا اور اس کے ذریعے خودکشی کر لی، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ ادا نہیں کی۔

3092- إسناده صحيح على شرط مسلم. وقد تقدم برقم "3083" و. "3086"

3093- حديث صحيح، وإسناده ضعيف لضعف شريك -وهو عبد الله- فإنه سيء الحفظ، لكنه تربع . خليل بن عمرو: مترجم في "ثقات المؤلف" 8/230"-"231، ووثقه الخطيب في "تاريخ بغداد" ."8/335" وأخرجه أحمد 5/91"-"92 و"94" و"102" و"107"، والطيالسي "779"، والترمذي "1068" في الجنائز: باب في الصلاة على أهل القبلة، وابن أبي شيبة 3/350"-"351، والطبراني "2/1955" و"1956" من طريق شريك، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد "5/92"، ومسلم "978" في الجنائز: باب ترك الصلاة على القاتل نفسه، وأبو داود مطولًا "3185" في الجنائز: باب الإمام يصلي على من قتل نفسه، والنسائي "4/66" في الجنائز: باب ترك الصلاة على من قتل نفسه، والبيهقي "4/19"، والطبراني "2/1932" من طريق زهير بن معاوية، عن سماك، به. وأخرجه أحمد "5/87" و"97" و"102" و"107"،

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّ الْمَرْجُوْمَ لِزِنَاهُ لَا يَجِبُ اَنْ يُصَلّٰى عَلَيْهِ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

اور (وہ اس بات کا قائل ہے) کہ زنا کرنے کی وجہ سے سنگسار ہونے والے شخص کو نماز جنازہ ادا کرنا ضروری نہیں ہے

3094 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَسْلَمَ، جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاعْتَرَفَ بِالزِّنٰى، فَاَعْرَضَ عَنْهُ حَتّٰى شَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبِكَ جُنُونٌ؟ قَالَ: لَا.

قَالَ: فَهَلْ اَحْصَنْتَ؟ قَالَ: نَعَمْ.

قَالَ: فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرُجِمَ فِي الْمُصَلّٰى، فَلَمَّا اَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ، فَرَّ، فَاُدْرِكَ وَخَرَّ حَتّٰى مَاتَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ

✿✿ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اسلم قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے زنا کرنے کا اعتراف کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے رخ پھیر لیا' یہاں تک کہ اس نے اپنے بارے میں چار مرتبہ یہ گواہی دی (کہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: کیا تم پاگل ہو؟ اس نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم شادی شدہ ہو؟ اس نے عرض کی: جی ہاں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اسے سنگسار کر دیا گیا جب اسے پتھر لگے' تو وہ بھاگا' لیکن اسے پکڑ لیا گیا (اور پتھر مارے گئے)' یہاں تک کہ وہ گر گیا اور اس کا انتقال ہو گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں اچھے کلمات کہے' لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ ادا نہیں کی۔

3094– حديث صحيح، ابن أبي السرى– وإن كان له أوهام– قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وهو في "مصنف عبد الرزاق " ."13337" وأخرجه من طريقه: أحمد "3/323"، والبخارى "6820" في الحدود: باب الرجم بالمصلى، ومسلم "1691" "16" في الحدود: باب من اعترف على نفسه بالزنى، وأبو داوُد "4430" في الحدود: باب رجم ماعز بن مالك، والترمذى "1429" في الحدود: باب ما جاء في درء الحد عن المعترف إذا رجع، والنسائي 4/62"–"63 في الجنائز: باب ترك الصلاة على المرجوم، والبيهقي ."8/218" وأخرجه أبو داوُد "4430" من طريق ابن أبي السرى، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "13336"، والدارمي "2/176"، ومسلم "1691" "16"، والبيهقي "8/225" من طريق ابن جريج، والبخارى "5270" في النكاح: باب الطلاق في الإغلاق، و "6814" في الحدود: باب رجم المحصن، ومسلم "1691" "16"، والبيهقي "8/225" من طريق يونس، كلاهما عن الزهرى، به. وأخرجه البخارى "5272" "6816" و "6826" و "7168"، ومسلم "1691" "16" بإثر حديث أبي هريرة: قال ابن شهاب: فأخبرني من سمع جابر بن عبد الله يقول: فكنت فيمن رجمه، فرجمناه بالمصلى، فلما أذلقته الحجارة هرب، فأدركناه بالحرة فرجمناه.

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ تَرْكُ الصَّلَاةِ عَلَى الْقَاتِلِ نَفْسَهُ مِنْ اَلَمِ جِرَاحَةٍ اَصَابَتْهُ

اس بات کا تذکرہ کہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ خودکشی کرنے والے شخص کی نماز جنازہ ادا نہ کرے جس نے کسی لاحق ہونے والے زخم کی تکلیف کی وجہ سے (خودکشی کی ہو)

3095 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلِيْلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَغْدَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا كَانَتْ بِهِ جِرَاحَةٌ، فَاَتٰى قَرْنًا لَهُ، فَاَخَذَ مِشْقَصًا، فَذَبَحَ بِهِ نَفْسَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✿✿ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص زخمی ہو گیا وہ اپنے ترکش کے پاس آیا اس نے ایک تیر کو لیا اور اس کے ذریعے خودکشی کر لی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ ادا نہیں کی۔

ذِكْرُ جَوَازِ الصَّلَاةِ لِلْمَرْءِ عَلَى الْمَيِّتِ الْغَائِبِ فِىْ بَلْدَةٍ اُخْرٰى

آدمی کا کسی غیر موجود میت جو کسی دوسرے شہر میں موجود ہو کی نماز جنازہ ادا کرنے کے جائز ہونے کا تذکرہ

3096 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرَّكِيْنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ الْفَلَّاسُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: سَمِعْتُ شُعْبَةَ، يَقُوْلُ: السَّاعَةَ يَخْرُجُ السَّاعَةَ يَخْرُجُ، حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلَى النَّجَاشِيِّ

✿✿ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کی نماز جنازہ ادا کی تھی۔

ذِكْرُ جَوَازِ صَلَاةِ الْمَرْءِ جَمَاعَةً عَلَى الْمَيِّتِ اِذَا مَاتَ فِىْ بَلَدٍ اٰخَرَ

آدمی کے لیے جماعت کے ساتھ نماز جنازہ ادا کرنے کے جائز ہونے کا تذکرہ جبکہ (مرحوم) کسی دوسرے شہر میں فوت ہوا ہو

3095- إسناده ضعيف، ومتنه صحيح، وهو مكرر "3093".

3096- رجاله رجال بالصحيح، وعنعنة أبي الزبير لا تضر، فإنه قد توبع . أبو داوٗد: هو سليمان بن داوٗد الطيالسي. وأخرجه النسائي "4/70" في الجنائز: باب الصفوف على الجنازة، من طريق عمرو بن علي، بهذا الإسناد. وأخرجه أ؛ مد "3/369" و"400"، والبخاري "1317" في الجنائز: باب من صف صفين أو ثلاثة على الجنازة خلف الإمام، و "1320" باب الصفوف على الجنازة، "3877" و"3878" في مناقب الأنصار: باب موت النجاشي، ومسلم "952" "65"، والنسائي "4/69"، وعبد الرزاق "6406"، والبيهقي "4/29" و49"-"50 و"50" من طريق عطاء عن جابر. وأخرجه أحمد "3/363"، والبخاري "1334" في الجنائز: باب التكبير على الجنازة أربعًا، "3879"، ومسلم "952" "64"، وابن أبي شيبة "3/300" "363"

3097 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): صَلَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النَّجَاشِيِّ لَمَّا بَلَغَهُ وَفَاتُهُ، وَكُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کی نماز جنازہ ادا کی تھی' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کے انتقال کی اطلاع ملی تھی میں اس وقت دوسری صف میں موجود تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَّى عَلَى النَّجَاشِيِّ فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاشی کی نماز جنازہ اسی دن ادا کی تھی جس دن ان کا انتقال ہوا تھا

3098 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَى لِلنَّاسِ النَّجَاشِيَّ، فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ، وَخَرَجَ اِلَى الْمُصَلّٰى، فَصَفَّ بِهِمْ وَكَبَّرَ اَرْبَعَ تَكْبِيرَاتٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نجاشی کے انتقال کی اطلاع اسی دن دے دی تھی جس دن اس کا انتقال ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عیدگاہ تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی صفیں بنوائیں اور (نماز جنازہ میں) چار تکبیریں کہیں۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ صَلَاةِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَيِّتِ اِذَا مَاتَ بِبَلَدٍ اٰخَرَ

آدمی کے لیے کسی ایسے شخص کی نماز جنازہ ادا کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ جو کسی دوسرے شہر میں فوت ہوا ہو

3097– رجاله ثقات رجال الشيخين. وهو مكرر ما قبله. وأخرجه البخاري تعليقًا "1320" في الجنائز: باب الصفوف على الجنازة بلفظ: "قال أبو الزبير عن جابر: كنت في الصف الثاني" ووصله النسائي "4/70" في الجنائز: باب الصفوف على الجنازة كما تقدم في الحديث السابق. وانظر الحديث رقم. "3099"

3098– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وقد تقدم تخريجه برقم. "3067"

3099 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلَّانَ، بِاَذَنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الزِّمَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوبُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): اِنَّ اَخًا لَكُمْ قَدْ مَاتَ، فَقُومُوا فَصَلُّوا عَلَيْهِ قَالَ: فَصَفَفْنَا عَلَيْهِ صَفَّيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تمہارے بھائی کا انتقال ہو گیا ہے تم لوگ اٹھو اور اس کی نماز جنازہ ادا کرلو۔''

راوی بیان کرتے ہیں: تو ہم نے اس کے لیے دو صفیں بنائیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ اسْمِ هٰذَا الْمُتَوَفَّى الَّذِي صَلَّى عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ وَهُوَ فِي بَلَدِهِ

اس مرحوم کے نام کی صفت کا تذکرہ جس کی نماز جنازہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں ادا کی تھی اور وہ صاحب اپنے شہر میں تھے

3100 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، صَلَّى عَلَى النَّجَاشِيِّ، وَكَبَّرَ عَلَيْهِ اَرْبَعًا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْعِلَّةُ فِي صَلَاةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى

3099- محمد بن يحيى الزماني: ثقة، روى له أبو داوُد، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد "3/355"، ومسلم "952" "66" في الجنائز: باب في التكبير على الجنازة، من طريق حماد بن زيد، و "952" "66"، والنسائي "4/70" في الجنائز: باب الصفوف على الجنازة، من طريق إسماعيل بن علية، كلاهما عن أيوب، بهٰذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "3096" و "3097".

3100- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي داوُد الطيالسي، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد "2/289" من طريق ابن نمير عن عبيد الله، بهٰذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة "3/300" و"362"-"363"، والبخاري "1318" في الجنائز: باب الصفوف على الجنازة، والترمذي "1022" في الجنائز: باب ما جاء في التكبير على الجنازة، وابن ماجه "1534" في الجنائز: باب في الصلاة على النجاشي، من طريق معمر، والطيالسي "2300" وأحمد "2/479" من طريق زمعة بن صالح، والبخاري "1328" في الجنائز: باب صلاة الصبيان مع الناس على الجنائز: و "3881" في مناقب الأنصار: باب موت النجاشي، ومسلم "951" "63" في الجنائز: باب في التكبير على الجنازة من طريق عقيل، و "951" "63" من طريق صالح، أربعتهم عن الزهري، به. وانظر الحديث رقم "3068" و"3098" و "3102".

گائے اور بکریاں آئیں گی اپنے مالک کو اپنے پاؤں کے ذریعے روندیں گی اور سینگوں کے ذریعے ماریں گی۔ خزانہ گنجے سانپ کی شکل میں آئے گا اور اپنے مالک کے پیچھے جائے گا اس کا مالک اس سے بھاگے گا وہ پھر اس کے سامنے آ جائے گا: پھر اس سے بھاگے گا اور یہ کہے گا میرا تمہارے ساتھ کیا واسطہ ہے' تو وہ کہے گا میں تمہارا خزانہ ہوں پھر وہ اس کے ہاتھ کو چبا لے گا''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ الْكَنْزَ الَّذِى يَسْتَوْجِبُ صَاحِبُهُ الْمُكْتَنِزُ الْعُقُوبَةَ مِنَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِىْ اُخْرَاهُ هُوَ الْمَالُ الَّذِى لَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ، وَاِنْ كَانَ ظَاهِرًا، دُوْنَ مَا اَدّٰى زَكَاتَهُ وَاِنْ كَانَ مَدْفُوْنًا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ وہ خزانہ جسے اکٹھا کرنے والے شخص کو

اللہ تعالیٰ آخرت میں سزا دے گا اس سے مراد وہ مال ہے جس کی زکوٰۃ ادا نہیں کی گئی تھی خواہ وہ مال ظاہر ہو اس سے وہ مال مراد نہیں جس کی زکوٰۃ ادا کر دی گئی ہو خواہ وہ مال مدفون ہو

3262 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَمِّهِ اَبِى سُهَيْلِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَهْلِ نَجْدٍ ثَائِرَ الرَّاْسِ يُسْمَعُ دَوِيُّ صَوْتِهِ وَلَا يُفْقَهُ مَا يَقُوْلُ، حَتّٰى دَنَا، فَاِذَا هُوَ يَسْاَلُ عَنِ الْاِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِى الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ، قَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟، قَالَ: لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَصِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ. فَقَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهُ؟، قَالَ: لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ، قَالَ: وَذَكَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الزَّكَاةَ. فَقَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ: لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ، قَالَ: فَاَدْبَرَ الرَّجُلُ وَهُوَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَا اَزِيدُ عَلٰى هٰذَا وَلَا اَنْقُصُ مِنْهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْلَحَ اِنْ صَدَقَ

حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نجد سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جس کے بال بکھرے ہوئے تھے اس کی آواز کی بھنبھناہٹ سنائی دیتی تھی' لیکن وہ کیا کہہ رہا ہے یہ سمجھ نہیں آتا تھا جب وہ قریب ہوا' تو پتہ چلا کہ وہ اسلام کے بارے میں دریافت کر رہا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: دن اور رات میں پانچ نمازیں (فرض ہیں) اس نے دریافت کیا: کیا اس کے علاوہ بھی مجھ پر (کوئی نماز ادا کرنا) فرض ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی نہیں' البتہ اگر تم نوافل ادا کرو (تو یہ بہتر ہیں) راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: رمضان کے مہینے کے روزے رکھنا (فرض ہے) اس نے دریافت کیا: کیا ان کے علاوہ (کوئی اور روزے بھی) مجھ پر لازم ہیں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی نہیں' البتہ اگر تم نفل (روزے رکھو تو یہ بہتر ہیں)۔

3262--"إسناده صحيح على شرطهما. أبو سهيل: هو نافع بن مالك بن أبى عامر الأصبحي. وهو في "الموطأ" .1/175 وهو مكرر الحديث ."1724"

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سامنے زکوٰۃ کا تذکرہ کیا' تو اس نے دریافت کیا: اس کے علاوہ (کوئی ادائیگی) بھی مجھ پر لازم ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں' البتہ اگر تم نفلی طور پر (صدقہ وخیرات کرو' تو یہ بہتر ہیں) راوی کہتے ہیں: پھر وہ شخص چلا گیا وہ یہ کہہ رہا تھا اللہ کی قسم! میں اس میں کوئی اضافہ نہیں کروں گا اور اس میں کوئی کمی بھی نہیں کروں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اس نے سچ کہا' تو یہ کامیاب ہوگیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ اَنَّ النَّارَ تَجِبُ لِمَنْ مَاتَ وَقَدْ خَلَّفَ الصَّفْرَاءَ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ جہنم اس شخص کے لیے واجب ہو جائے گی جو ایسی حالت میں انتقال کرتا ہے کہ وہ اپنے پیچھے اس فنا ہو جانے والی اور زائل ہو جانے والی دنیا میں سے زردی (یعنی سونا، یعنی دینار) چھوڑ کر جاتا ہے

3263 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعُمَرِيُّ، بِالْمَوْصِلِ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ فَوَجَدُوا فِي شَمْلَتِهِ دِينَارَيْنِ، فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَيَّتَانِ

حضرت عبداللہ (بن مسعود رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں: اہل صفہ سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب کا انتقال ہوگیا' تو لوگوں کو ان کی چادر میں دو دینار ملے لوگوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ دونوں داغ لگانے والے ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُوهِمُ مُسْتَمِعِيهِ: اَنْ لَّا يَجِبُ عَلَى الْمُسْلِمِ اَنْ يَّمُوتَ وَيُخَلِّفُ شَيْئًا مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لِمَنْ بَعْدَهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جس نے سننے والے شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ مسلمان کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ ایسی حالت میں انتقال کرے کہ وہ اپنے بعد اس دنیا میں کوئی بھی چیز چھوڑ کر جائے

3263–إسناده حسن. عاصم: هو ابن أبي النجود، وأبو وائل: هو شقيق بن سلمة. وأخرجه أحمد 1/457، وأبو يعلى "5037"، والبزار "3652" من طرق عن حماد بن زيد، بهٰذا الإسناد. وقال الهيثمي في "المجمع" 10/240: وفيه عاصم بن بهدلة، وقد وثقه غير واحد، وبقية رجاله رجال الصحيح. وأخرجه أحمد 1/405و 412و 415و 421، وأبو يعلى "4997" من طرق عن عاصم. عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ.

3264 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِى عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنَ الْاَكْوَعِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُتِيَ بِجِنَازَةٍ، فَقَالُوْا: صَلِّ عَلَيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: هَلْ تَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا، قَالُوْا: لَا، قَالَ: فَهَلْ تَرَكَ مِنْ شَيْءٍ، قَالُوْا: ثَلَاثَةُ دَنَانِيرَ، قَالَ: ثَلَاثُ كَيَّاتٍ ثُمَّ اُتِيَ بِالثَّانِيَةِ، فَقَالُوْا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلِّ عَلَيْهَا، قَالَ: هَلْ تَرَكَ مِنْ دَيْنٍ، قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَهَلْ تَرَكَ مِنْ شَيْءٍ، قَالُوْا: لَا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ اَبُوْ قَتَادَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَيَّ دَيْنُهُ، قَالَ: فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھا ایک جنازہ لایا گیا لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نماز جنازہ ادا کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس نے کوئی قرض چھوڑا ہے انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس نے کوئی چیز چھوڑی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: تین دینار۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین ایسی چیزیں جن سے داغ لگایا جائے گا۔ ایک اور جنازہ آیا لوگوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا نماز جنازہ ادا کیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس نے کوئی قرض چھوڑا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس نے کوئی چیز چھوڑی ہے۔ لوگوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ انصار میں سے ایک صاحب جن کا نام حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ تھا انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس کے قرض کی ادائیگی میرے ذمے ہے۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ ادا کی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى اَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيَّتَانِ وَ ثَلَاثُ كَيَّاتٍ، اَرَادَ بِهٖ اَنَّ الْمُتَوَفَّى كَانَ يَسْاَلُ النَّاسَ اِلْحَافًا وَتَكَثُّرًا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان

"دو مرتبہ داغنا یا تین مرتبہ داغنا" اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے کہ وہ مرحوم شخص لوگوں سے لپٹ کر سوال کرتا تھا مال زیادہ کرنے کے لیے (لوگوں سے مانگتا تھا)

3265 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ،

3264– إسناده صحيح على شرط البخاري، فإن مسدَّدًا لم يُخرج له مسلم. وأخرجه الطبراني "6291" عن معاذ بن المثنى، عن مسدد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/50، والنسائي 4/65 في الجنائز: باب الصلاة على من غلّ، من طريق يحيى بن سعيد، به. وأخرجه أحمد 4/47، والبخاري "2289" في الحوالة: باب إذا أحال دين الميت على رجل جاز، و "2295" في الكفالة: باب من تكفّل عن ميت دينًا فليس له أن يرجع، والطبراني "6290"، والبيهقي 6/72 و75 من طرق عن يزيد بن أبي عبيد، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 3/371، والطبراني "6258" من طريق إياس بن سلمة، عن أبيه سلمة بن الأكوع.

3265– فضيل بن سليمان كثير الخطأ، وباقي السند رجاله ثقات.

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ یَحْیَی الْاَسْلَمِیُّ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ:

(متنِ حدیث): بَیْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُقَسِّمُ ذَهَبًا اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْطِنِی، فَاَعْطَاهُ، ثُمَّ قَالَ: زِدْنِیْ فَزَادَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ وَلّٰی مُدْبِرًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یَاْتِیْنِی الرَّجُلُ فَیَسْاَلُنِیْ فَاُعْطِیْهِ، ثُمَّ یَسْاَلُنِیْ فَاُعْطِیْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ وَلّٰی مُدْبِرًا وَقَدْ جَعَلَ فِیْ ثَوْبِهٖ نَارًا اِذَا انْقَلَبَ اِلٰی اَهْلِهٖ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سونا تقسیم کر رہے تھے اسی دوران ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے بھی دیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے عطا کر دیا پھر اس نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے مزید دیجئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مزید عطا کیا ایسا تین مرتبہ ہوا پھر وہ منہ پھیر کر چلا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک شخص میرے پاس آتا ہے اور مجھ سے مانگتا ہے میں اسے عطا کر دیتا ہوں وہ پھر مجھ سے مانگتا ہے' تو میں اسے عطا کر دیتا ہوں ایسا تین مرتبہ ہوتا ہے پھر وہ شخص مڑ کر چلا جاتا ہے' حالانکہ اس نے اپنے کپڑے میں آگ ڈالی ہوئی ہوتی ہے' اس وقت جب وہ اپنے گھر واپس جا رہا ہوتا ہے۔

3266- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن المثنى والد محمد، فمن رجال البخاري، وقد اختلف فيه قول ابن معين، فقال مرة: صالح، ومرة: ليس بشيء، وقواه أبو زرعة وأبو حاتم والعجلي، وأما النسائي، فقال: ليس بالقوي، وقال العقيلي: لا يتابع في أكثر حديثه. قلت: وقد تابعه على حديثه هذا حماد بن سلمة، فرواه عن ثمامة أنه أعطاه كتابًا زعم أن أبا بكر كتبه لأنس وعليه خَاتَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ بعثه مصدقا.. فذكر الحديث هكذا أخرجه أبو داوُد "1567" عن أبي سلمة عنه، وأخرجه أحمد في "مسنده" 1/11و12 قال: حدثنا أبو كامل، حدثنا حماد، قال: أخذت هذا الكتاب من ثمامة بن عبد الله بن أنس، عن أنس أن أبا بكرن فذكره ... وقال إسحاق بن راهويه في "مسنده": اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أخذنا هذا الكتاب من ثمامة يحدثه عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ... قَالَ الحافظ في "الفتح" 3/318: فوضح أن حماد سمعه من ثمامة واقرأه الكتاب، فانتفى تعليل من أعله بكونه مكاتبة، وانتفى تعليل من أعله بكون عبد الله بن الدثنى لم يتابع عليه. وأخرجه ابن خريمة "2261" و "2279" و "2281" و "2296" عن محمد بن بشار، ومحمد بن يحيى، ومحمد بن المثنى، ويوسف بن موسى، عن محمد بن عبد الله الأنصاري، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجه "1800" في الزكاة: باب إذا أخذ المصدق سنًا دون سن أو فوق عن محمد بن بشار ومحمد بن يحيى ومحمد بن مرزوق، عن محمد بن عبد الله، به. أخرجه البخاري "1448" في الزكاة باب العرض في الزكاة، و "1450" باب لا يجمع بين متفرق ولا يفرق بين مجتمع، و "1451" باب ما كان من خليطين فإنهما يتراجعان بينهما بالسوية، و "1453" باب من بلغت عنده صدقة بنت مخاض وليست عنده، و "1454" باب الزكاة الغنم، و "1455" باب لا تؤخذ في الصدقة هزمة ولا ذات عوار ولا تيس إلا ما شاء المصدق، و "2487" في الشركة: باب ما كان من الخليطين فإنهما يتراجعان بينهما بالسوية في الصدقة، و "6955" في الحيل: باب في الزكاة وأن لا يفرق بين مجتمع ولا يجمع بين متفرق خشية الصدقة، والطحاوي 2/33، وابن الجارود "342"، والبيهقي 4/85، والدارقطني 2/113- 114، والبغوي "157" من طريق محمد بن عبد الله الأنصاري، به. وأخرجه أحمد 1/11- 12، وأبو داوُد "1567" في الزكاة: باب في زكاة السائمة، والنسائي 5/18-23في الزكاة: باب زكاة الإبل، و 27-29باب زكاة الغنم، وأبو يعلى "127"، وأبو بكر المروزي في "مسند أبي بكر" "70"، والحاكم 1/39- 392 و392، والبيهقي 4/86، والدارقطني 2/114- 116 من طرق عن حماد بن سلمة، عن ثمامة، به. وهذا سند صحيح، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي، وقال الدراقطني: إسناده صحيح،

بَابُ فَرْضِ الزَّكَاةِ

باب: زکوٰۃ کی فرضیت

ذِكْرُ تَفْصِيلِ الصَّدَقَةِ الَّتِي تَجِبُ فِي ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ

زکوٰۃ کی اس تفصیل کا تذکرہ جو جانوروں کے بارے میں لازم ہوتی ہے

3266 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْبُجَيْرِيُّ، وَاِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، بِبُسْتَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ لَمَّا اسْتُخْلِفَ كَتَبَ لَهُ حِينَ وَجَّهَهُ اِلَى الْيَمَنِ هٰذَا الْكِتَابَ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ، هٰذِهِ فَرِيضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِي فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ الَّتِي اَمَرَ اللّٰهُ بِهَا رَسُوْلَهُ، فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى وَجْهِهَا فَلْيُعْطِهَا، وَمَنْ سُئِلَ فَوْقَهَا فَلَا يُعْطِهَا، فِي اَرْبَعَةٍ وَّعِشْرِيْنَ مِنَ الْاِبِلِ فَمَا دُونَهَا الْغَنَمُ فِي كُلِّ خَمْسٍ شَاةٌ، فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّثَلَاثِيْنَ فَفِيْهَا ابْنَةُ مَخَاضٍ، فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ بِنْتُ مَخَاضٍ، فَابْنُ لَبُوْنٍ ذَكَرٌ، فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَثَلَاثِيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ فَفِيْهَا ابْنَةُ لَبُوْنٍ، فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَاَرْبَعِيْنَ اِلٰى سِتِّيْنَ فَفِيْهَا حِقَّةٌ طَرُوقَةُ الْجَمَلِ، فَاِذَا بَلَغَتْ وَاحِدَةً وَّسِتِّيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّسَبْعِيْنَ فَفِيْهَا جَذَعَةٌ، فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَسَبْعِيْنَ اِلٰى تِسْعِيْنَ فَفِيْهَا ابْنَتَا لَبُوْنٍ، فَاِذَا بَلَغَتْ اِحْدٰى وَتِسْعِيْنَ اِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَفِيْهَا حِقَّتَانِ طَرُوقَتَا الْجَمَلِ، فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَمِئَةٍ فَفِي كُلِّ اَرْبَعِيْنَ ابْنَةُ لَبُوْنٍ، وَفِي كُلِّ خَمْسِيْنَ حِقَّةٌ، وَاِنَّ مَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةُ الْجَذَعَةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ جَذَعَةٌ وَعِنْدَهُ حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ، وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ اَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا، وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ حِقَّةٌ وَعِنْدَهُ جَذَعَةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْجَذَعَةُ وَيُعْطِيهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ الْحِقَّةُ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ اِلَّا ابْنَةُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ، وَيُعْطِي شَاتَيْنِ اَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ ابْنَةَ لَبُوْنٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ اِلَّا حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيُعْطِيهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ ابْنَةَ لَبُوْنٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ ابْنَةُ مَخَاضٍ وَّيُعْطِي مَعَهَا عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ ابْنَةَ مَخَاضٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ، وَعِنْدَهُ ابْنَةُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ ابْنَةُ لَبُوْنٍ وَّيُعْطِيهِ الْمُصَدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ

شَاتَيْنِ، وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ عِنْدَهُ ابْنَةُ مَخَاضٍ، وَعِنْدَهُ ابْنُ لَبُوْنٍ فَإِنَّهُ يُقْبَلُ مِنْهُ وَلَيْسَ مَعَهُ شَيْءٌ، وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ مَعَهُ إِلَّا اَرْبَعَةٌ مِنَ الْإِبِلِ فَلَيْسَ فِيْهَا صَدَقَةٌ إِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا، فَإِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا مِنَ الْإِبِلِ فَفِيْهَا شَاةٌ، وَصَدَقَةُ الْغَنَمِ فِيْ كُلِّ سَائِمَتِهَا إِذَا كَانَتْ اَرْبَعِيْنَ إِلَى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ شَاةٌ، فَإِذَا زَادَتْ عَلَى عِشْرِيْنَ وَمِئَةٍ إِلَى اَنْ تَبْلُغَ مِائَتَيْنِ، فَفِيْهَا شَاتَانِ فَإِنْ زَادَتْ عَلَى الْمِئَتَيْنِ إِلَى ثَلَاثِ مِائَةٍ فَفِيْهَا ثَلَاثُ شِيَاهٍ، فَإِذَا زَادَتْ عَلَى ثَلَاثِ مِئَةٍ فَفِيْ كُلِّ مِئَةٍ شَاةٌ، وَلَا يَخْرُجُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ عَوَارٍ، وَلَا تَيْسٌ إِلَّا اَنْ يَّشَاءَ الْمُصَّدِّقُ، وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَّلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ، وَمَا كَانَ مِنْ خَلِيْطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ، وَإِذَا كَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ نَاقِصَةً مِنْ اَرْبَعِيْنَ شَاةً شَاةً وَاحِدَةً فَلَيْسَ فِيْهَا صَدَقَةٌ إِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا، وَفِي الرِّقَةِ رُبُعُ الْعُشْرِ فَإِذَا لَمْ يَكُنْ مَالٌ إِلَّا تِسْعِيْنَ وَمِئَةً فَلَيْسَ فِيْهَا صَدَقَةٌ إِلَّا اَنْ يَّشَاءَ رَبُّهَا

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مقرر کیا گیا' تو انہوں نے جب حضرت انس رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا' تو انہوں نے انہیں یہ خط لکھ کر بھیجا۔

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے یہ زکوٰۃ کی فرضیت کا وہ حکم نامہ ہے جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں پر فرض قرار دی تھی جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا تھا مسلمانوں میں سے جس کسی سے اس کے مطابق مطالبہ کیا جائے' تو وہ ادائیگی کرے گا اور جس سے اس سے زیادہ کا مطالبہ کیا جائے' تو وہ ادائیگی نہیں کرے گا چوبیس (24) یا اس سے کم اونٹوں میں سے ہر پانچ اونٹوں میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہے جب ان کی تعداد پچیس (25) ہو جائے' تو 35 تک میں ایک بنت مخاض کی ادائیگی لازم ہے' اگر بنت مخاض نہ ہو' تو ایک ابن لبون مذکر کی ادائیگی لازم ہے جب ان کی تعداد 36 سے لے کر 45 تک ہو' تو ان میں ایک بنت لبون کی ادائیگی لازم ہے جب ان کی تعداد 46 سے لے کر 60 تک ہو' تو اس میں ایک حقہ کی ادائیگی لازم ہے' جسے جفتی کے لئے دیا جا سکے جب اس کی تعداد 61 سے لے کر 75 تک ہو' تو اس میں جزعہ کی ادائیگی لازم ہے جب ان کی تعداد 76 سے لے کر 90 تک ہو' تو اس میں دو بنت لبون کی ادائیگی لازم ہے جب ان کی تعداد 91 سے لے کر 120 تک ہو' تو اس میں دو حقہ کی ادائیگی لازم ہے' جنہیں جفتی کے لئے دیا جا سکے جب ان کی تعداد 120 سے زیادہ ہو جائے' تو ہر 40 میں ایک بنت لبون کی اور ہر 50 میں ایک حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی' جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ اس پر زکوٰۃ کے طور پر جزعہ کی ادائیگی لازم ہو اور اس کے پاس جزعہ نہ ہو بلکہ اس کے پاس حقہ ہو' تو اس سے حقہ وصول کر لیا جائے گا اور وہ شخص اس کے ہمراہ دو بکریاں یا بیس (20) درہم دے گا اور جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ اس پر حقہ کی ادائیگی لازم ہو اس کے پاس حقہ نہ ہو بلکہ اس کے پاس جزعہ ہو اس سے جزعہ وصول کر لیا جائے گا اور زکوٰۃ وصول کرنے والا شخص اسے یا' تو بیس (20) درہم دے گا' یا دو بکریاں دے گا اور جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ اس پر حقہ کی ادائیگی لازم ہو' لیکن اس کے پاس حقہ نہ ہو بلکہ اس کے پاس بنت

لبون ہو تو اس سے بنت لبون کو وصول کیا جائے گا اور وہ شخص دو بکریاں یا بیس (20) درہم دے گا اور جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ زکوٰۃ کے طور پر بنت لبون کی ادائیگی لازم ہو اور وہ اس کے پاس نہ ہو اس کے پاس حقہ ہو تو اس سے حقہ کو وصول کر لیا جائے گا اور زکوٰۃ وصول کرنے والا اسے بیس (20) درہم یا دو بکریاں دے گا' جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ ان کی زکوٰۃ بنت لبون بنتی ہو اس کے پاس بنت لبون نہ ہو تو اس سے بنت مخاض کو قبول کیا جائے گا اور وہ شخص اس کے ہمراہ بیس (20) درہم یا دو بکریاں دے گا' جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ اس کی زکوٰۃ ایک بنت مخاض بنتی ہو اور وہ اس کے پاس نہ ہو اس کے پاس بنت لبون ہو تو اس سے بنت لبون کو قبول کیا جائے گا اور زکوٰۃ لینے والا شخص اسے بیس درہم یا دو بکریاں ادا کرے گا' جس شخص کے پاس بنت مخاض نہ ہو بلکہ اس کے پاس بنت لبون ہو تو اس سے وہی وصول کیا جائے گا اور اس کے ہمراہ کوئی چیز نہیں لی جائے گی اور جس شخص کے پاس صرف چار اونٹ ہوں' تو ان میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی' البتہ اگر ان کا مالک چاہے (تو کوئی ادائیگی کر سکتا ہے) اونٹوں کی تعداد پانچ ہو' تو ان میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہو گی اور سائمہ بکریوں میں چالیس سے لے کر ایک سو بیس تک میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہو گی جب ایک سو بیس (120) سے زیادہ ہوں' تو دو سو تک میں دو بکریوں کی ادائیگی لازم ہو گی اگر دو سو سے زیادہ ہوں' تو تین سو تک میں تین بکریوں کی ادائیگی لازم ہو گی اگر تین سو سے زیادہ بکریاں ہوں' تو ہر ایک سو میں سے ایک بکری کی ادائیگی لازم ہو گی زکوٰۃ میں بوڑھے، کانے اور کمزور جانور کو وصول نہیں کیا جائے گا' البتہ اگر زکوٰۃ وصول کرنے والا چاہے' تو ایسا کر سکتا ہے اور (زکوٰۃ سے بچنے کے لئے) متفرق مال کو اکٹھا نہیں کیا جائے گا اور اکٹھے مال کو متفرق نہیں کیا جائے گا اور جو مال دو آدمیوں کی مشترکہ ملکیت ہو' تو ان دونوں سے برابری کی بنیاد پر وصولی کی جائے گی اور جب کسی شخص کی سائمہ بکریاں چالیس سے کم ہوں خواہ ایک بھی کم ہو' تو اس میں زکوٰۃ لازم نہیں ہو گی' البتہ اگر ان کا مالک چاہے (تو کوئی ادائیگی کر سکتا ہے) چاندی میں عشر کے چوتھائی حصے (یعنی اڑھائی فیصد) کی ادائیگی بھی لازم ہو گی اگر مال صرف ایک سو نوے ہو' تو اس میں زکوٰۃ لازم نہیں ہو گی' البتہ اگر اس کا مالک چاہے' تو ادائیگی کر سکتا ہے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّجْلِبَ الْمُصَّدِّقُ مَاشِيَةَ اَهْلِهَا عَنْ مِيَاهِهِمْ اِلَى الْمَوْضِعِ الَّذِى يُرِيْدُ عِنْدَهُ اَخْذَ الصَّدَقَةِ فِيْهَا مِنْهُمْ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ زکوٰۃ وصول کرنے والا شخص جانوروں کے مالک کے جانور کو پانی کی جگہ سے اس جگہ لے جائے جہاں وہ زکوٰۃ وصول کرنا چاہتا ہو جوان جانوروں کی زکوٰۃ ہے

3267 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا جَلَبَ، وَلَا جَنَبَ، وَلَا شِغَارَ، وَمَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ مِنَّا

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جلب، جنب، شغار کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور جو شخص اچک کر کوئی چیز لیتا ہے اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔''

ذِكْرُ الْاَخْبَارِ الْمُفَسِّرَةِ لِقَوْلِهٖ جَلَّ وَعَلَا (خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا) (التوبة: 103)

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وضاحت کرتی ہے ''تم ان کے اموال میں سے زکوٰۃ وصول کرو اور تم اس کے ذریعے انہیں پاک کردو اور ان کا تزکیہ کردو''

3268 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، وَالْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَاَيُّوْبُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ، وَلَا فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَا فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا الْخَبَرُ يُبَيِّنُ بِاَنَّ الْمُرَادَ مِنْ قَوْلِهٖ: (خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ) (التوبة: 103) اَرَادَ بِهٖ بَعْضَ الْمَالِ، اِذِ اسْمُ الْمَالِ وَاقِعٌ عَلٰى مَا دُوْنَ الْخَمْسِ مِنَ الذَّوْدِ، وَالْخَمْسِ مِنَ الْاَوَاقِ، وَالْخَمْسِ مِنَ الْاَوْسُقِ، وَقَدْ نَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيْجَابَ الصَّدَقَةِ عَنْ مَا دُوْنَ الَّذِيْ حَدَّ

3267– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح إلا ان فيه عنعنة الحسن. وأخرجه أحمد 4/443، والطيالسى "838"، وابن أبى شيبة 4/381، والبيهقى 10/21 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/439، والنسائى 6/111 فى النكاح: باب الشغار، و 6/227– 228 فى الخيل: باب الجلب، وأبو داؤد "2581" فى الجهاد: باب ما جاء فى الجلب على الخيل فى السباق، والترمذى "1123" فى النكاح: باب ما جاء فى النهى عن نكاح الشغار، من طرق عن حميد، به. وقال الترمذى: حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد 4/429، والنسائى 6/228، والدارقطنى 4/303 من طرق عن الحسن، به. وله شاهد من حديث أنس عند النسائى 6/111. "إلا أنه قال بإثرة: هذا خطأ فاحش، والصواب حديث بشر، أى: عن حميد عن الحسن عن عمران." وآخر من حديث عبد الله بن عمرو عند أبى داؤد "1591"، وسنده حسن، ولفظه "لا جلب ولا جنب، ولا تؤخذ صدقاتهم إلا فى دورهم." وقد تقدم تفسير ما فى هذا الحديث من الغريب فى "3146".

3268– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبيد بن حساب فمن رجال مسلم. أيوب: هو ابن أبى تميمة السختيانى، وعمرو بن يحيى: هو ابن عمارة بن أبى حسن الأنصارى المازنى. وأخرجه ابن خزيمة "2293" و "2298"، والطحاوى 2/35 من طريق عبيد الله ابن عمر، به. وانظر "3264" و "3265" و "3266" و "3270" و "3271". الذود: القطيع من الإبل الثلاث إلى التسع، وقيل: إلى العشر، وقيل: إلى خمس عشرة، وقيل: إلى الثلاثين. الوسق: ستون صاعًا.

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی پانچ اوقیہ (سے کم چاندی) میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی' پانچ وسق سے کم (اناج میں) زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): اس روایت میں اس بات کو بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ''تم ان کے اموال میں سے زکوٰۃ کو وصول کر کے انہیں پاک وصاف کر دو'' اس کے ذریعے بعض مال مراد ہے کیونکہ لفظ مال کا اطلاق اس چیز پر بھی ہوتا ہے' جو پانچ اونٹوں سے اور پانچ اوقیہ چاندی سے یا پانچ وسق اناج سے کم ہو لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مخصوص حد سے کم میں زکوٰۃ لازم ہونے کی نفی کی ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّأْخُذَ فِي الصَّدَقَةِ فَوْقَ السِّنِّ الْوَاجِبِ اِذَا طَابَتْ اَنْفُسُ اَرْبَابِهَا بِهَا

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ زکوٰۃ میں لازم شدہ عمر سے بڑی عمر کے جانور کو وصول کرے جبکہ اس کا مالک اپنی خوشی سے وہ ادا کر رہا ہو

3269 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى صَدَقَةِ بَلِيِّ وَعُذْرَةَ، فَمَرَرْتُ بِرَجُلٍ مِنْ بَلِيِّ لَهُ ثَلَاثُوْنَ بَعِيْرًا، فَقُلْتُ لَهُ: اِنَّ عَلَيْكَ فِيْ اِبِلِكَ هٰذِهِ بِنْتَ مَخَاضٍ، قَالَ: ذَاكَ مَا لَيْسَ فِيْهِ ظَهْرٌ وَّلَا لَبَنٌ، وَاِنِّيْ لَاَكْرَهُ اَنْ اُقْرِضَ اللّٰهَ شَرَّ مَالِيْ، فَتَخَيَّرْهُ، فَقَالَ لَهُ اُبَيٌّ: مَا كُنْتُ لِاٰخُذَ فَوْقَ مَا عَلَيْكَ، وَهٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأْتِهِ، فَاَتَاهُ، فَقَالَ نَحْوًا مِمَّا قَالَ لِاُبَيٍّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا مَا عَلَيْكَ فَاِنْ جِئْتَ بِفَوْقِهِ، قَبِلْنَاهُ مِنْكَ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهِ نَاقَةٌ عَظِيْمَةٌ سَمِيْنَةٌ فَمَنْ يَّقْبِضُهَا؟، فَاَمَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّقْبِضُهَا، وَدَعَا لَهُ فِيْ مَالِهِ بِالْبَرَكَةِ قَالَ عُمَارَةُ: فَضَرَبَ الدَّهْرُ ضَرْبَةً فَوَلَّانِيْ مَرْوَانُ صَدَقَةَ بَلِيِّ وَعُذْرَةَ فِيْ زَمَنِ مُعَاوِيَةَ، فَمَرَرْتُ بِهٰذَا الرَّجُلِ فَصَدَقْتُ مَالَهُ ثَلَاثِيْنَ حِقَّةً، فِيْهَا فَحْلُهَا عَلٰى اَلْفٍ وَّخَمْسِ مِائَةِ

3269– إسناده قوى، فقد صرح ابن إسحاق بالتحديث عند غير المصنف. وأخرجه أحمد 5/142، وأبو داؤد "1583" فى الزكاة: باب فى زكاة السائمة، وابن خزيمة "2277"، والحاكم 1/399– 400، والبيهقى 4/96 من طريق يعقوب بن إبراهيم عن أبيه، عن ابن إسحاق، بهٰذا الإسناد.

بَعِيرٍ، قَالَ ابْنُ اِسْحَاقَ: قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ: مَا فَحْلُهَا؟، قَالَ: فِي السُّنَّةِ اِذَا بَلَغَ صَدَقَةُ الرَّجُلِ ثَلَاثُوْنَ حِقَّةً اُخِذَ مَعَهَا فَحْلُهَا

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلی اور عذرہ قبیلے سے زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا میرا گزر بلی قبیلے سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے پاس سے ہوا جس کے پاس تیس (30) اونٹ تھے میں نے اس سے کہا: تمہارے ان اونٹوں میں تم پر بنت مخاض کی ادائیگی لازم ہوگی اس نے کہا: یہ تو ایک ایسا جانور ہے، جس پر سواری بھی نہیں کی جا سکتی اور یہ دودھ بھی نہیں دیتا مجھے یہ بات پسند نہیں ہے میں اللہ تعالیٰ کو اپنا برا مال پیش کروں تمہیں اس بارے میں اختیار ہے (کہ تم کوئی دوسرا جانور لے لو) حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: میں تم سے اس سے زیادہ وصولی نہیں کر سکتا جو تم پر لازم ہے۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں تم ان کی خدمت میں چلے جاؤ وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے وہی بات کہی جو اس نے حضرت ابی رضی اللہ عنہ سے کہی تھی، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ وہ چیز ہے، جو تم پر لازم ہے، اگر تم اس سے زیادہ لے آتے ہو، تو ہم اسے تمہاری طرف سے قبول کر لیں گے اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ ایک موٹی تازی اونٹنی ہے کون اسے قبضے میں لے گا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کی، تو ایک شخص نے اسے قبضے میں لے لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے مال میں اس کے لیے برکت کے لیے دعا کی۔

عمارہ نامی راوی کہتے ہیں: اس کے بعد ایک طویل عرصہ گزر گیا مروان (جو مدینہ منورہ کا گورنر تھا) اس نے مجھے بلی اور عذرہ قبیلے سے زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا یہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت کی بات ہے میرا گزر اس شخص کے پاس سے ہوا، تو میرے حساب سے اس کے مال کی زکوٰۃ تیس (30) حقے بنتی تھی جس میں ایک نر جانور بھی ہو اور اس کے اونٹوں کی تعداد ایک ہزار پانچ سو تھی۔

ابن اسحاق کہتے ہیں: میں نے عبداللہ بن ابوبکر نامی راوی سے دریافت کیا: نر جانور ہونے سے مراد کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: سنت یہ ہے کہ جب کسی شخص کی زکوٰۃ تیس (30) حقہ تک پہنچ جائے، تو اس کے ہمراہ ایک نر جانور بھی لیا جائے گا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّكُوْنَ الْمَرْءُ مُصَدِّقًا لِّلْاُمَرَاءِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی حکمرانوں کے لیے زکوٰۃ وصول کرے

3270 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاُمَوِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

3270- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أخرجه البزار "898"، والحاكم 1/399 من طريق سعيد بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرج أحمد 5/285، والطبراني "5363"، والبزار "897" من طريقين عن حميد بن هلال، عن سعيد بن المسيب، عن سعد بن عبادة أن النبي صلى الله عليه وسلم قال له: "قم على صدقة بني فلان، وانظر لا تأتي يوم القيامة ببكر تحمله على عاتقك أو كاهلك، له رغاء يوم القيامة"، قال: يارسول الله، اصرفها عني، فصرفها عنه. قال الهيثمي في "المجمع" 3/86: ورجاله ثقات، إلا أن سعيد بن المسيب لم ير سعد بن عبادة.

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ مُصَدِّقًا، وَقَالَ: إِيَّاكَ يَا سَعْدُ اَنْ تَجِيءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِبَعِيرٍ لَهُ رُغَاءٌ، فَقَالَ: لَا اَجِدُهُ وَلَا اَجِيءُ بِهٖ، فَاَعْفَاهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن عبادہ کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے سعد! اس چیز سے بچنے کی کوشش کرنا کہ تم قیامت کے دن ایسا اونٹ ساتھ لے کر آؤ جو آواز نکال رہا ہوا نہوں نے عرض کی: نہ تو میں اسے پاتا ہوں اور نہ ہی میں اسے لے کر آؤں گا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ ذمہ داری نہیں دی۔

ذِكْرُ نَفْيِ اِيجَابِ الصَّدَقَةِ عَلَى الْمَرْءِ فِيْ رَقِيقِهٖ وَدَوَابِّهٖ

آدمی کے غلام اور اس کے چوپائے (گھوڑے) میں زکوٰۃ لازم ہونے کی نفی کا تذکرہ

3271 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي غَيْلَانَ، اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، وَعَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمَاجِشُونِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِينَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي فَرَسِهٖ، وَلَا عَبْدِهٖ، صَدَقَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مسلمان پر اس کے گھوڑے اور غلام میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَلَا عَبْدِهٖ صَدَقَةٌ لَمْ يُرِدْ بِهٖ كُلَّ الصَّدَقَاتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''نہ ہی اس کے غلام میں زکوٰۃ ہوتی ہے'' اس سے مراد یہ نہیں ہے کہ کسی بھی قسم کا صدقہ (ادائیگی) لازم نہیں ہوتا

3271- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غيرَ علي بن الجعد، فمن رجال البخاري. وهو في "الجعديات" "1658"، ومن طريقه أخرجه البغوي في "شرح السنة" ."1574"وأخرجه من طريق عبد الله بن دينار، بهذا الإسناد: مالك 1/277، وعبد الرزاق "6878"، والشافعي 1/226– 227، وأحمد 2/242 و254 و 470 و 477، وابن أبي شيبة 3/151، والدارمي 1/384، والبخاري "1464" في الزكاة: باب ليس على المسلم في فرسه صدقة، ومسلم "982" في الزكاة: باب لا زكاة على المسلم في عبده وفرسه، وأبوداوُد "1595" في الزكاة: باب صدقة الرقيق، والترمذي "628" في الزكاة: باب ما جاء ليس في الخيل والرقيق صدقة، والنسائي 5/35 في الزكاة: باب زكاة الخيل، و36 باب زكاة الرقيق، وابن ماجه "1812" في الزكاة: باب صدقة الخيل والرقيق، والطحاوي .2/29وأخرجه الشافعي 1/227، ومسلم "982" "9"، والنسائي 5/35، وابن خزيمة "2285"، والبيهقي 4/117 من طريق مكحول، عن سليمان بن يسار، به .وأخرجه عبد الرزاق "6882"، وابن أبي شيبة 3/151– 152، وأحمد 2/249و 279و 477، والنسائي 5/35، والطحاوي 2/29، والبيهقي 4/117، والدارقطني 2/27 من طريق مكحول، عن عراك بن مالك، به .وأخرجه بن أبي شيبة 3/151، وأحمد 2/432، والبخاري "1463"، ومسلم "982"، والنسائي 5/36، والطحاوي 2/29، والبيهقي 4/117من طريق خثيم ابن عراك، عن أبيه، به.

3272 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّغُولِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِيسَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):لَا صَدَقَةَ عَلَى الرَّجُلِ فِي فَرَسِهِ وَعَبْدِهِ، اِلَّا زَكَاةَ الْفِطْرِ

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: فِي هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيْلٌ عَلٰى اَنَّ الْعَبْدَ لَا يَمْلِكُ، اِذِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْجَبَ زَكَاةَ الْفِطْرِ الَّتِي تَجِبُ عَلَى الْعَبْدِ عَلٰى مَالِكِهِ عَنْهُ دُوْنَهُ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''آدمی پراس کے گھوڑے اور غلام میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی 'البتہ (غلام میں) صدقہ فطر لازم ہوتا ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): اس روایت میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ غلام (کسی بھی چیز کا) مالک نہیں ہوتا کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر کو غلام پر لازم قرار دیا ہے لیکن اس کی ادائیگی اس پر لازم نہیں ہے بلکہ اس کے مالک پر لازم ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْاِمَامِ ضَمَانَهُ عَنْ بَعْضِ رَعِيَّتِهِ صَدَقَةَ مَالِهِ

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی رعایا میں سے کسی کے مال کی زکوٰۃ کا خود ضامن بن جائے

3273 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُشْكَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْرَجُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ:

3272– إسناده صحيح . ابن أبي مريم: هو سعيد بن الحكم بن محمد بن سالم بن أبي مريم المصري. وأخرجه ابن خزيمة "2288" عن محمد بن سهل بن عسكر، عن ابن أبي مريم، بهٰذا الإسناد .وأخرجه مسلم "982" "10"، وأبوداؤد "1954"، وابن خزيمة "2289"، البيهقي 4/117من طريقين عن عراك، به.

3273– إسناده صحيح. محمد بن مشكان، روى عنه جمع. ذكره المؤلف في "الثقات" 9/127وقال: مات سنة تسع وخمسين وثلاث مئة، وكان ابن حنبل رحمه الله يكاتبه، وذكره الأمير في "الإكمال" 7/256 وقال: شيخ من أهل سرخس، ومن فوقه على شرط الشيخين . شبابة: هو ابن سوّار المدائني، وورقاء : هو ابن عمر اليشكري، وأبو الزناد: هو عبد الله بن ذكوان، الأعرج: هو عبد الرحمٰن بن هرمز.وأخرجه أبوداؤد "1623" في الزكاة: باب في تعجيل الزكاة، والبيهقي 6/164– 165، والدارقطني 2/123من طرق عن شبابة، بهٰذا الإسناد .وأخرجه مسلم "983" في الزكاة: باب في تقديم الزكاة ومنعها، عن زهير بن حرب، عن علي بن حفص، عن ورقاء ، به.وأخرجهالبخاري "1468" في الزكاة: باب قوله تعالى: ﴿وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِيْنَ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ﴾ (التوبة: من الآية60) ، والنسائي 5/33، في الزكاة: باب إعطاء السيد المال بغير اختيار المصدق، والبغوي "1578" من طريق شعيب بن أبي حمزة، والنسائي 5/33 من طريق موسى بن عقبة، والدارقطني 2/123 من ابن إسحاق، ثلاثتهم عن أبي الزناد، به.

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ عَلَى الصَّدَقَةِ، فَمَنَعَ ابْنُ جَمِيلٍ، وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، وَالْعَبَّاسُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَنْقِمُ ابْنُ جَمِيلٍ إِلَّا أَنْ كَانَ فَقِيرًا فَأَغْنَاهُ اللّٰهُ، وَأَمَّا خَالِدٌ فَإِنَّكُمْ تَظْلِمُوْنَ خَالِدًا لَقَدِ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ وَأَعْتَادَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَأَمَّا الْعَبَّاسُ فَعَمُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ عَلَيَّ وَمِثْلُهَا، ثُمَّ قَالَ: أَمَا شَعَرْتَ أَنَّ عَمَّ الرَّجُلِ صِنْوُ الرَّجُلِ أَوْ صِنْوُ أَبِيهِ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَأَمَّا خَالِدٌ فَإِنَّكُمْ تَظْلِمُوْنَ خَالِدًا قَدِ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ وَأَعْتَادَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، يُرِيدُ إِنَّكُمْ تَظْلِمُوْنَهُ أَنَّهُ حَبَسَ مَالَهُ مِنَ الْأَدْرَاعِ وَالْأَعْتَادِ حَتَّى لَمْ يَبْقَ لَهُ مَالٌ تَجِبُ عَلَيْهِ الصَّدَقَةُ، وَقَوْلُهُ فِي شَأْنِ الْعَبَّاسِ: هُوَ عَلَيَّ وَمِثْلُهَا يُرِيدُ أَنَّ صَدَقَتَهُ عَلَيَّ أَنِّي ضَامِنٌ عَنْهُ، وَمِثْلُهَا مَعَهَا مِنْ صَدَقَةٍ ثَانِيَةٍ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ، وَقَدْ رَوَى شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ هٰذَا الْخَبَرَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، وَقَالَ فِي شَأْنِ الْعَبَّاسِ: فَهِيَ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ وَمِثْلُهَا مَعَهَا، وَيُشْبِهُ أَنْ يَكُوْنَ مَعْنَاهُ: فَهِيَ لَهُ صَدَقَةٌ، لِأَنَّ الْعَرَبَ فِي لُغَتِهَا تَقُوْلُ: عَلَيْهِ بِمَعْنَى لَهُ، قَالَ اللّٰهُ: (أُولَئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوءُ الدَّارِ) (الرعد: 25) يُرِيدُ: عَلَيْهِمُ اللَّعْنَةُ، وَالْعَبَّاسُ لَمْ يَحِلَّ لَهُ أَخْذُ الصَّدَقَةِ مِنْ وَجْهَيْنِ، أَحَدُهُمَا: أَنَّهُ كَانَ غَنِيًّا لَا يَحِلُّ لَهُ أَخْذُ الصَّدَقَةِ الْفَرِيضَةِ، وَالْأُخْرَى: أَنَّهُ كَانَ مِنْ صِبْيَةِ بَنِي هَاشِمٍ، فَكَيْفَ يَتْرُكُ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَتَهُ عَلَيْهِ، وَهُوَ لَا يَحِلُّ لَهُ أَخْذُهَا، وَيَمْنَعُهَا مِنْ أَهْلِهَا مِنَ الْفُقَرَاءِ؟، وَقَدْ رَوَى مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ هٰذَا الْخَبَرَ، وَقَالَ فِي شَأْنِ الْعَبَّاسِ: فَهِيَ لَهُ وَمِثْلُهَا مَعَهَا يُرِيدُ: فَهِيَ لَهُ عَلَيَّ، كَمَا قَالَ وَرْقَاءُ بْنُ عُمَرَ فِي خَبَرِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا' تو ابن جمیل، خالد بن ولید اور حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے زکوٰۃ دینے سے انکار کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن جمیل کو صرف اس بات کا غصہ ہے کہ وہ غریب تھا اور اللہ تعالیٰ نے اسے خوش حال کر دیا ہے جہاں تک کہ خالد کا تعلق ہے تو تم نے خالد کے ساتھ زیادتی کی ہے اس نے' تو پہلے ہی اپنی زرہیں اور ساز و سامان اللہ کی راہ میں مخصوص کر لیا ہے اور جہاں تک عباس کا تعلق ہے تو وہ اللہ کے رسول کے چچا ہیں' تو ان کی زکوٰۃ کی ادائیگی اور اس کی مانند مزید ادائیگی میرے ذمے ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم یہ بات نہیں جانتے کہ آدمی کا چچا آدمی کی جگہ ہوتا ہے (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں) آدمی کے باپ کی جگہ ہوتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان جہاں تک خالد کا تعلق ہے' تو تم لوگوں نے خالد کے ساتھ زیادتی کی ہے کیونکہ اس نے اپنی زرہیں اور ساز و سامان کو اللہ کی راہ میں مخصوص کر دیا ہے۔ اس کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: تم لوگ اس کے ساتھ زیادتی کر رہے ہو کیونکہ اس نے اپنے مال میں سے زرہیں اور دیگر ساز و سامان کو روک رکھا ہے یہاں تک کہ اس کے پاس کوئی مال باقی نہیں رہا جس پر زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہو اور حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ

کہنا کہ اس کی مثل کی ادائیگی میرے ذمے ہے۔ اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: ان کے زکوٰۃ کی ادائیگی میرے ذمے ہے اور میں ان کی طرف سے ضامن ہوں اور اس کے ہمراہ اس کی مانند صدقے کا بھی ضامن ہوں جو اگلے سال ان پر لازم ہوگا۔

شعیب بن ابوحمزہ نے یہ روایت ابوزناد کے حوالے سے نقل کی ہے انہوں نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں کہ یہ چیز ان پر لازم ہے اور اس کے ہمراہ اس کی مانند لازم ہے تو اس بات کا امکان موجود ہے کہ اس کا مطلب یہ ہوا کہ یہ چیز ان کے لئے صدقہ ہے کیونکہ عرب اپنے محاورے میں یہ کہتے ہیں اس پر لازم ہے' تو اس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اس کو ملے گی۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔

''یہ وہ لوگ ہیں کہ ان کے لئے لعنت ہے اور ان کے لئے برا ٹھکانہ ہے۔'' اس سے مراد یہ ہے: ان لوگوں پر لعنت ہے۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے لئے زکوٰۃ لینا جائز نہیں تھا۔ اس کی دو وجہ ہیں۔ ایک وجہ یہ ہے: وہ خوشحال شخص تھے۔ ان کے لئے فرض زکوٰۃ کو لینا جائز نہیں تھا۔ دوسری وجہ یہ ہے: ''حضرت ہاشم کی اولاد میں سے ہیں تو یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ذمے لازم زکوٰۃ کو ترک کر دیں جبکہ ان کے لئے زکوٰۃ کو لینا جائز نہیں ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خاندان کے غریب افراد کو زکوٰۃ دینے سے منع کر دیں۔ جیسا کہ موسیٰ بن عقبہ نے ابوزناد کے حوالے سے یہ روایت نقل کی ہے جس میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ الفاظ ہیں۔

''تو یہ ان کو ملے گی اور اس کی مانند اس کے ہمراہ انہیں ملے گی''۔ اس کے ذریعے مراد یہ ہے: ان کی طرف سے اس کی ادائیگی میرے ذمے ہے۔ جس طرح ورقاء بن عمر نامی راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّدْعُوَ لِلْمُخْرِجِ صَدَقَةِ مَالِهٖ بِالْخَيْرِ

اس بات کا تذکرہ کہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ جو شخص اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرتا ہے اس کے لیے دعائے خیر کرے

3274 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ اَبِيْ اَوْفٰى، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَتَاهُ رَجُلٌ بِصَدَقَةِ مَالِهٖ صَلّٰى عَلَيْهِ، فَاَتَيْتُ بِصَدَقَةِ مَالِيْ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى آلِ اَبِيْ اَوْفٰى

❀❀ حضرت ابن ابواوفیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جب کوئی شخص اپنے مال کی زکوٰۃ لے کر آتا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لیے دعائے رحمت کیا کرتے تھے میں اپنے مال کی زکوٰۃ لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! ابواوفیٰ کی آل پر رحمت نازل کر۔

3274– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر الحديث "918"، وهو في "صحيح مسلم" "1078" في الزكاة: باب الدعاء لمن أتى بصدقة، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد.

بَابُ الْعُشْرِ

باب: عشر کا بیان

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ فِيمَا يَخْرُجُ مِنَ الْاَرْضِ الْعُشْرَ، قَلَّ ذٰلِكَ اَوْ كَثُرَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ زمین کی ہر پیداوار میں عشر کی ادائیگی واجب ہوگی خواہ وہ کم ہو یا زیادہ ہو

3275 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَسُفْيَانُ، وَمَالِكٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَا فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ، وَلَا فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''پانچ اوقیہ سے کم (چاندی) میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی اور نہ ہی پانچ وسق سے کم (اناج) میں زکوٰۃ لازم ہوتی ہے اور نہ ہی پانچ سے کم اونٹوں میں زکوٰۃ لازم ہوتی ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ فِي قَلِيلِ مَا اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ الْعُشْرَ كَمَا فِي كَثِيرِهَا

3275– إسناده صحيح على شرطهما . بندار: لقب محمد بن بشار . وأخرجه الترمذى "627" فى الزكاة: باب ما جاء فى صدقة الزرع والتمر والحبوب، والنسائى 5/17 فى الزكاة: باب زكاة الإبل، عن ابندار بهذا الإسناد .وهو فى "الموطأ" لمالك 1/244، ومن طريقه أخرجه الشافعى 1/231 و233، والبخارى "1447" فى الزكاة: باب الورق، وأبو داوٗد "1558" فى الزكاة: باب ما تجب فيه الزكاة، وابن خزيمة "2263" و""2298"، والطحاوى 2/35، والبغوى ."1569"واخرجه أحمد 3/44– 45 و79، وابن خزيمة "2263" من طريق شعبة، به . وأخرجه الشافعى 1/231 و 232، وعبد الرزاق "7253"، وأحمد 3/6، والحميدى "735"، ومسلم "979" فى أول الزكاة والنسائى 5/17 فى الزكاة: باب الإبل، وأبو يعلى "979"، وابن خزيمة "2263" و"2298"، والطحاوى 2/34 و 35، والبيهقى 4/133 من طريق سفيان، به.

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ زمین کی تھوڑی پیداوار میں بھی اسی طرح عشر کی ادائیگی لازم ہوگی جس طرح زیادہ پیداوار میں ہوتی ہے

3276 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى الْمَازِنِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): لَا يَحِلُّ فِي الْبُرِّ وَالتَّمْرِ زَكَاةٌ حَتّٰى يَبْلُغَ خَمْسَةَ اَوْسُقٍ، وَلَا يَحِلُّ فِي الْوَرِقِ زَكَاةٌ حَتّٰى يَبْلُغَ خَمْسَ اَوَاقٍ، وَلَا يَحِلُّ فِي الْاِبِلِ زَكَاةٌ حَتّٰى يَبْلُغَ خَمْسَ ذَوْدٍ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''گندم اور کھجور میں اس وقت تک زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی جب تک وہ پانچ وسق نہ ہو جائے۔ چاندی میں اس وقت تک زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی جب تک اس کی تعداد پانچ اوقیہ نہ ہو جائے۔ اونٹوں میں اس وقت تک زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی جب تک وہ پانچ اونٹ نہ ہو جائیں۔''

ذِكْرُ مَا يَجِبُ فِيهِ الصَّدَقَةُ اِذَا بَلَغَ الْاَوْسَاقَ الْخَمْسَةَ الَّتِي وَصَفْنَاهَا

اس بات کا تذکرہ کہ زمین (کی پیداوار) میں اس وقت تک زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی جب تک وہ پانچ وسق تک نہ پہنچے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

3277 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): لَيْسَ فِي حَبٍّ وَلَا تَمْرٍ دُونَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ، وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''پانچ وسق سے کم اناج اور کھجوروں میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی۔ پانچ سے کم اونٹوں میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی۔ پانچ

3276- إسناده صحيح على شرطهما، وهو مكرر ما قبله، وأخرجه ابن خزيمة "2301" عن زياد بن يحيى، بهٰذا الإسناد.

3277- إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه عبد الرزاق "7254"، ومسلم "979" "4" و"5" والطحاوی 2/35 من طريق سفيان الثوری، بهٰذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق "7255" عن معمر، عن إسماعيل بن أمية، به.وأخرجه أحمد 3/86، والنسائی 5/37 فی الزكاة: باب زكاة الإبل، من طريق ابن إسحاق، عن محمد بن يحيى بن حبان، به.

اوقیہ سے کم (چاندی میں) زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی۔"

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ بَعْثُ الْخَارِصِ إِلَى الْأَمْوَالِ لِيَخْرُصَ عَلَى النَّاسِ نَخْلَهُمْ وَعِنَبَهُمْ

اس بات کا تذکرہ کہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ (زرعی اور پھلوں کی پیداوار) کے بارے میں اندازہ لگانے والے کسی شخص کو بھیجے تا کہ وہ لوگوں کی کھجوروں اور انگوروں کا اندازہ لگا لے

3278 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحٍ التَّمَّارِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَتَّابِ بْنِ اُسَيْدٍ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَبْعَثُ عَلَى النَّاسِ مَنْ يُخْرِصُ كُرُوْمَهُمْ وَثِمَارَهُمْ

حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف کسی شخص کو بھیجتے تھے جو ان کے پھلوں اور پیداوار کا حساب لگالیتا تھا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَعْمَلُ الْخَارِصُ فِي الْعِنَبِ كَمَا يَعْمَلُهُ فِي النَّخْلِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ انگوروں کے بارے میں اندازہ لگانے والا شخص وہی کام کرے گا جو وہ کھجوروں کے بارے میں کرتا ہے

3278– حديث صحيح سعيد بن المسيب لم يسمع من عتاب شيئًا كما قال أبو داوٗد، فإن عتابًا رضي الله عنه توفي في السنة الثالثة عشرة من الهجرة، وابن المسيب ولد لسنتين خلتا من خلافة عمر رضي الله عنه، وقال الحافظ في "التهذيب" 4/77: وأما حديثه– أي ابن المسيب عن بلال وعتاب بن أسيد فظاهر الانقطاع بالنسبة إلى وفاتيهما ومولده . وقال الذهبي في "السير" 4/218: وروايته عن عتاب في السنن الأربعة وهو مرسل . ومع ذلك فقد حسنه الترمذي، ولعله بشواهده. عبد الله ابن نافع هو الصائغ المخزومي أبو محمد المدني .وأخرجه الشافعي 2/243، ومن طريقه ابن خريمة "2316"، والبيهقي 4/121، والدارقطني 2/133 عن عبد الله بن نافع، بهذا الإسناد.وأخرجه أبو داوٗد "1604" في الزكاة: باب في خرص العنب، والترمذي في الزكاة: باب ما جاء في الخرص، وابن ماجه "1819" في الزكاة: باب في خرص النخل، والعنب، والبيهقي 4/121 و 121–122، والطحاري 2/390 من طرق عن عبد الله بن نافع، به .وأخرجه ابن أبي شيبة 3/195، وأبو داوٗد "1603"، والنسائي 5/109 في الزكاة: باب شراء الصدقة، وابن خزيمة "2317" و "2318"، وابن الجارود "351"، والحاكم 3/595، والبيهقي 4/22، والدارقطني 2/133 من طرق عن الزهري، به .وأخرجه الدارقطني 2/123 موصولًا من طريق الواقدي، حدثنا عبد الرحمٰن بن عبد العزيز، عن الزهري، عن سعيد المسيب، عن المسور بن مخرمة، عن عتاب بن أسيد.. ولواقدي ضعيف.وأخرجه مالك في "الموطأ" 2/703، ومن طريقه حميد بن زنجويه في "الأموال" "1981" عن ابن شهاب، عن سعيد بن المسيب، مرسلًا .وفي الباب ما يشهد له عن عائشة عند أبي داوٗد "1606"، وأحمد 6/163، وأبي عبيد في "الأموال" ص 582– 583، والبيهقي 4/123، ورجاله ثقات، لكنه منقطع .وعن جابر عند أحمد 3/296 و 376، وابن أبي شيبة 3/194، والطحاوي 2/38، والبيهقي 4/123، وإسناده صحيح، ففي رواية أحمد التصريح بسماع أبي الزبير من جابر.وعن ابن عمر عند أحمد 2/24، والطحاوي 2/38، رسنده حسن. فالحديث صحيح.

3279 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَالِحِ التَّمَّارِ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَتَّابِ بْنِ اُسَيْدٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):اَلْكَرْمُ يُخْرَصُ كَمَا يُخْرَصُ النَّخْلُ، ثُمَّ تُؤَدَّى زَكَاتُهُ زَبِيبًا كَمَا تُؤَدَّى زَكَاةُ النَّخْلِ تَمْرًا

حضرت عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''انگور کے درخت کا اندازہ لگایا جائے گا' جس طرح کھجور کے درخت کا اندازہ لگایا جاتا ہے اور پھر انگور کی شکل میں اس کی زکوٰۃ ادا کر دی جائے گی' جس طرح کھجور کے درخت کی زکوٰۃ کھجور کی شکل میں ادا کی جاتی ہے۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْخَارِصِ اَنْ يَّدَعَ ثُلُثَ التَّمْرِ اَوْ رُبُعَهٗ لِيَاْكُلَهٗ اَهْلُهٗ رُطَبًا غَيْرَ دَاخِلٍ فِيمَا يَاْخُذُ مِنْهُ الْعُشْرَ اَوْ نِصْفَ الْعُشْرِ

اندازہ لگانے والے شخص کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ کھجوروں کے ایک تہائی حصے

یا ایک چوتھائی حصے کو چھوڑ دے تاکہ گھر والے تازہ کھجوریں کھالیں اور یہ اس میں داخل نہیں ہوگا کہ جس میں سے اس نے عشر یا نصف عشر کی وصولی کی ہے

3280 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنَا خُبَيْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مَسْعُوْدِ بْنِ نِيَارٍ يُحَدِّثُ، قَالَ: جَائَنَا سَهْلُ بْنُ اَبِي حَثْمَةَ اِلَى مَسْجِدِنَا فَحَدَّثَنَا، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):اِذَا خَرَصْتُمْ فَخُذُوا وَدَعُوا الثُّلُثَ، فَاِنْ لَّمْ تَدَعُوا الثُّلُثَ، فَدَعُوا الرُّبُعَ

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لِهٰذَا الْخَبَرِ مَعْنَيَانِ: اَحَدُهُمَا اَنْ يُتْرَكَ الثُّلُثُ اَوِ الرُّبُعُ مِنَ الْعُشْرِ، وَالثَّانِي: اَنْ يُتْرَكَ ذٰلِكَ مِنْ نَفْسِ التَّمْرِ قَبْلَ اَنْ يُعَشَّرَ اِذَا كَانَ ذٰلِكَ حَائِطًا كَبِيرًا يَحْتَمِلُهُ

عبدالرحمٰن بن مسعود بیان کرتے ہیں: حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ ہماری اس مسجد میں تشریف لائے انہوں نے ہمیں یہ حدیث بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

(متنِ حدیث): مَا طَلَعَتْ شَمْسٌ قَطُّ اِلَّا بِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ، يُسْمِعَانِ مَنْ عَلَى الْاَرْضِ غَيْرَ الثَّقَلَيْنِ: اَيُّهَا النَّاسُ هَلُمُّوا اِلٰى رَبِّكُمْ مَا قَلَّ وَكَفٰى خَيْرٌ مِمَّا كَثُرَ وَاَلْهٰى، وَلَا غَرَبَتْ اِلَّا بِجَنْبَتَيْهَا مَلَكَانِ يُنَادِيَانِ: اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا وَاَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''جب سورج نکلتا ہے' تو اس کے دونوں طرف دو فرشتے ہوتے ہیں جو یہ اعلان کرتے ہیں اور ان کی آواز انسانوں اور جنوں کے علاوہ تمام روئے زمین کو سنائی دیتی ہے اے لوگو! اپنے پروردگار کی طرف آؤ جو چیز تھوڑی ہو اور کفایت کر جائے وہ اس سے بہتر ہے' جو زیادہ ہو اور غافل کردے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:) سورج جب غروب ہوتا ہے' تو دو فرشتے اس کے پہلوؤں میں یہ اعلان کرتے ہیں: اے اللہ! (اپنی راہ) میں خرچ کرنے والے کو مزید دے اور نہ کرنے والے کا نقصان کردے۔''

3329- إسناده صحيح على شرط مسلم . شيبان بن أبي شيبة: هو شيبان بن فروخ الحبطي مولاهم . وأخرجه الطيالسي "979"، وأحمد 5/197، والحاكم 2/445، والبغوي "4045" من طرق عن قتادة، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي . وأورده الهيثمي في "المجمع" 3/122، ونسبه لأحمد وقال: ورجاله رجال الصحيح . وأورده أيضا 10/255 وقال: رواه أحمد والطبراني في "الكبير" ... ورواه الطبراني في "الأوسط" إلا أنه قال: "اللهم من أنفق فأعطه خلفًا، ومن أمسك فأعطه تلفًا" ورجال أحمد وبعض رجال أسانيد الطبراني في "الكبير" رجال الصحيح . وذكره الحافظ في "الفتح" 3/304 فقال: أخرجه ابن أبي حاتم من طريق قتادة، حدثني خليد العصري، عن أبي الدرداء مرفوعًا.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمُسْلِمِ مِنْ نَظْرَةٍ لِآخِرَتِهِ، وَتَقْدِيمِ مَا قَدَرَ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لِنَفْسِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ مسلمان کے لئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنی آخرت پیش نظر رکھے اور اس دنیا میں سے جس قدر بھی ہو سکے اپنے لیے (نیک اعمال) آگے بھیجے

3330 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَيُّكُمْ مَالُهُ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ مَالِ وَارِثِهِ ؟، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا مِنَّا اَحَدٌ اِلَّا مَالُهُ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ مَالِ وَارِثِهِ، قَالَ: اعْلَمُوا مَا تَقُوْلُوْنَ قَالُوْا: مَا نَعْلَمُ اِلَّا ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا مِنْكُمْ رَجُلٌ اِلَّا مَالُ وَارِثِهِ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِنْ مَالِهِ، قَالُوْا: كَيْفَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اِنَّمَا مَالُ اَحَدِكُمْ مَا قَدَّمَ، وَمَالُ وَارِثِهِ مَا اَخَّرَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"تم میں سے کون شخص ایسا ہے' جسے اپنا مال اپنے وارث کے مال سے زیادہ محبوب ہو؟ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم میں سے ہر ایک شخص کو اپنے وارث کے مال کے مقابلے میں اپنا مال زیادہ محبوب ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ دیکھ لو کہ تم کیا کہہ رہے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم تو یہی سمجھتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کے نزدیک اس کے وارث کا مال اس کے اپنے مال سے زیادہ محبوب ہے۔ لوگوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کیسے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کسی ایک شخص کا مال وہ ہے' جسے وہ (صدقہ و خیرات کر کے) آگے بھیج دے اور اس کے وارث کا مال وہ ہے' جسے وہ (مرنے کے بعد) پیچھے چھوڑ جائے۔"

ذِكْرُ الْإِخْبَارُ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَقْدِيمِ مَا يُمَكِّنُ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ لِلْاٰخِرَةِ الْبَاقِيَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات ضروری ہے کہ وہ اس چیز کو آگے بھیج دے

3330- إسناده صحيح على شرط الشيخين: "جرير: هو ابن عبد الحميد": وهو في "مسند أبي يعلى" "5163"، وأخرجه البغوي "4057" من طريق أبي يعلى، بهٰذا الإسناد. وأخرجه البخاري "6442" في الرقاق: باب: ما قدم من ماله فهو له، من طريق حفص بن غياث، عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد 1/382، والنسائي 6/237- 238 في الوصايا: باب الكراهية في تأخير الوصية، والبيهقي 3/368، وأبو نعيم في "الحلية" 4/129 من طريق أبي معاوية، عن الأعمش، به.

جو اللہ تعالیٰ نے اس فنا ہونے والی دنیا میں سے اسے عطا کی ہے وہ باقی رہ جانے والی آخرت کے لیے (اسے آگے بھیجے)

3331 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الرُّومِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الْاَكْثَرِيْنَ هُمُ الْاَسْفَلُوْنَ، اِلَّا مَنْ قَالَ بِالْمَالِ هٰكَذَا وَهٰكَذَا، وَكَسَبَهُ مِنْ طَيِّبٍ

❀❀ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''(دنیا میں مال و دولت کے اعتبار سے) کثرت رکھنے والے لوگ ہی (قیامت کے دن) نچلے مرتبے کے ہوں گے ماسوائے اس شخص کے جو اپنے مال کے بارے میں اس طرح اور اس طرح کہے (یعنی اسے صدقہ وخیرات کرے) اور اس نے حلال طور پر اسے کمایا ہو۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ مَنْ لَّمْ يَتَصَدَّقْ هُوَ الْبَخِيلُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جو شخص صدقہ نہیں دیتا وہ بخیل ہے

3332 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَثَلُ الْبَخِيلِ وَالْمُتَصَدِّقِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ اَوْ جُنَّتَانِ مِنْ حَدِيدٍ مِنْ لَّدُنْ ثُدِيِّهِمَا اِلٰى تَرَاقِيهِمَا، فَاَمَّا الْمُنْفِقُ فَكُلَّمَا تَصَدَّقَ وَحَدَّثَ نَفْسَهُ ذَهَبَتْ عَنْ جِلْدِهِ، حَتّٰى تَعْفُوَ اَثَرَهُ وَتَجُوزَ بَنَانَهُ، وَالْبَخِيلُ كُلَّمَا اَنْفَقَ شَيْئًا وَحَدَّثَ بِهِ نَفْسَهُ لَزِمَتْهُ وَعَضَّتْ كُلُّ حَلْقَةٍ مِنْهَا مَكَانَهَا، فَهُوَ يُوَسِّعُهَا وَلَا تَتَّسِعُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کنجوسی کرنے والے اور صدقہ کرنے والے کی مثال دو ایسے آدمیوں کی طرح ہے جن پر لوہے کے بنے ہوئے دو جبے یا دو زرہیں ہوتی ہیں جو ان کے سینے سے لے کر ان کی گردن تک ہوتی ہے خرچ کرنے والا شخص جب بھی صدقہ کرتا ہے اور اس کا ارادہ کرتا ہے، تو اس کی جلد سے وہ زرہ ہٹ جاتی ہے، یہاں تک کہ وہ اس کے پاؤں کے نشان کو ڈھانپ لیتی ہے اور انگلیوں کے پوروں پر آجاتی ہے (یعنی نیچے گر جاتی ہے) اور کنجوس شخص جب بھی کوئی چیز خرچ کرنے کا

3331- إسناده ضعيف، مالك بن مرثد وأبوه لم يوثقهما غير المؤلف والعجلي، وقال العقيلي في مرثد: لا يتابع على حديثه. أبو زميل: هو سماك بن الوليد. وأخرجه ابن ماجه "4130" في الزهد: باب في المكثرين، عن العباس بن عبد العظيم العبري، عن النضر بن محمد، بهذا الإسناد. وقال البوصيري في "مصباح الزجاجة: ورقة 261: إسناده صحيح رجاله ثقات.!

3332- صحيح، ابن أبي السري وهو محمد بن المتوكل- وإن كانت له أوهام، قد تابعه أحمد بن يوسف السلمي عند البغوي "1659"، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وتقدم الحديث عند المؤلف "3313" من طريق الأعرج، عن أبي هريرة. وقوله "جنتان" هذا شك من الراوي، وصوبوا "النون" لقوله: "من حديد" وقوله: "عضت كل حلقة منها."

ارادہ کرتا ہے اور وہ اس بارے میں سوچتا ہے' تو وہ زرہ اور مضبوط ہو جاتی ہے اور اس کا ہر حلقہ اپنی جگہ پر جم جاتا ہے وہ اسے کشادہ کرنے کی کوشش کرتا ہے' لیکن وہ کشیدہ نہیں ہوتی۔"

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمَلَكِ لِلْمُنْفِقِ بِالْخَلَفِ وَلِلْمُمْسِكِ بِالتَّلَفِ

فرشتے کا خرچ کرنے والے شخص کو مزید ملنے اور خرچ نہ کرنے والے شخص کا مال ضائع ہونے کی دعا دینا

3333 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَمْرَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ مَلَكًا بِبَابٍ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ يَقُوْلُ: مَنْ يُقْرِضِ الْيَوْمَ يُجْزَ غَدًا، وَمَلَكٌ بِبَابٍ اٰخَرَ يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا، وَاَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جنت کے ایک دروازے پر ایک فرشتہ یہ کہتا ہے کون شخص آج قرض دے گا کہ کل اس کو بدلہ دیا جائے دوسرے دروازے پر فرشتہ یہ کہتا ہے اے اللہ! (اپنی راہ میں) خرچ کرنے والے کو مزید عطا کر اور نہ کرنے والے کا (مال) ضائع کر دے۔"

ذِكْرُ الْاِسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَصَدَّقَ فِيْ حَيَاتِهِ بِمَا قَدَرَ عَلَيْهِ مِنْ مَالِهِ

آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی زندگی میں سے اس چیز کو صدقہ کرے جو وہ مال حاصل کرتا ہے

3334 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ، عَنْ شُرَحْبِيلَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَاَنْ يَّتَصَدَّقَ الْمَرْءُ فِيْ حَيَاتِهِ وَصِحَّتِهِ بِدِرْهَمٍ خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِمِائَةِ دِرْهَمٍ عِنْدَ

3333– إسناده صحيح على شرط مسلم. عبد الصمد: هو ابن عبد الوارث. وأخرجه أحمد 2/305– 306، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 10/150 من طريق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1442"، ومسلم "1010"، والبغوي "1675" من طرق عن أبي هريرة، ولفظ البخاري: "ما من يوم يصبح العباد فيه إلا ملكان ينزلان، فيقول أحدهما: اللّٰهم أعط منفقًا خلفًا، ويقول الآخر: اللّٰهم أعط ممسكًا تلفًا."

3334– إسناده ضعيف، شرحبيل وهو ابن سعد لم يوثقه غير المؤلف 4/364، وضعفه الدارقطني، وأبو زرعة، وأبو حاتم، وابن معين. وأخرجه أبو داوٗد "2866" في الوصايا: باب ما جاء في كراهية الإضرار في الوصية، عن أحمد بن صالح، عن ابن أبي فديك، به.

مَوْتِهٖ*

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''آدمی اپنی زندگی اور صحت کے دوران ایک درہم صدقہ کر دے یہ اس کے لیے اس سے زیادہ بہتر ہے کہ وہ مرنے کے قریب ایک سو درہم صدقہ کرے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ صَدَقَةَ الْمَرْءِ مَالَهٗ فِيْ حَالِ صِحَّتِهٖ تَكُوْنُ اَفْضَلَ مِنْ صَدَقَتِهٖ عِنْدَ نُزُوْلِ الْمَنِيَّةِ بِهٖ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کا صحت کے دوران اپنے مال کو صدقہ کرنا اس صدقہ کرنے سے افضل ہے جو آدمی موت کے قریب کرتا ہے

3335 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الصَّدَقَةِ اَعْظَمُ، قَالَ: اَنْ تَصَدَّقَ وَاَنْتَ صَحِيْحٌ شَحِيْحٌ تَخْشَى الْفَقْرَ وَتَاْمَلُ الْغِنٰى، وَلَا تُمْهِلْ حَتّٰى اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ، قُلْتَ: لِفُلَانٍ كَذَا وَلِفُلَانٍ كَذَا اَلَا وَقَدْ كَانَ لِفُلَانٍ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا صدقہ زیادہ بڑا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کہ تم ایسی حالت میں صدقہ کرو کہ تم تندرست ہو اور تمہیں مال کی قلت کا اندیشہ بھی ہو اور خوشحالی کی خواہش بھی ہو تم اسے اتنی تاخیر سے نہ کرو کہ جان حلق تک پہنچ جائے پھر تم یہ کہو کہ فلاں کو اتنا مل جائے اور فلاں کو اتنا مل جائے' حالانکہ وہ ویسے ہی فلاں کو مل جانا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمُتَصَدِّقِ عِنْدَ مَوْتِهٖ اِذَا كَانَ مُقَصِّرًا عَنْ حَالَةِ مِثْلِهٖ فِيْ حَيَاتِهٖ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس صدقہ کرنے والی صفت کے بارے میں ہے جو مرنے کے قریب صدقہ کرتا ہے جبکہ اس نے اپنی زندگی میں اس حوالے سے کوتاہی کی ہو

3336 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مِرْدَاسٍ، بِالْاُبُلَّةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْ حَبِيْبَةَ الطَّائِيِّ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

3335- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد تقدم "3312" من طريق جرير، بهذا الإسناد

(متن حدیث): مَثَلُ الَّذِی یَتَصَدَّقُ عِنْدَ الْمَوْتِ مَثَلُ الَّذِی یُهْدِی بَعْدَمَا یَشْبَعُ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص مرنے کے قریب صدقہ کرتا ہے اس کی مثال اس طرح ہے، جس طرح وہ خود سیر ہونے کے بعد کوئی چیز دیتا ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّدَقَةَ عَلَى الْاَقْرَبِ فَالْاَقْرَبِ اَفْضَلُ مِنْهَا، عَلَى الْاَبْعَدِ فَالْاَبْعَدِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ دور کے رشتے دار کو صدقہ دینے کے مقابلے میں قریب کے رشتے دار کو صدقہ دینا زیادہ فضیلت رکھتا ہے

3337 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ الْبَزَّازُ، بِالْفُسْطَاطِ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ يَوْمًا لِاَصْحَابِهِ: تَصَدَّقُوا، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ عِنْدِي دِينَارٌ، قَالَ: اَنْفِقْهُ عَلٰى نَفْسِكَ، قَالَ: اِنَّ عِنْدِي اٰخَرَ، قَالَ اَنْفِقْهُ عَلٰى زَوْجَتِكَ، قَالَ: اِنَّ عِنْدِي اٰخَرَ، قَالَ: اَنْفِقْهُ عَلٰى وَلَدِكَ، قَالَ: اِنَّ عِنْدِي اٰخَرَ، قَالَ: اَنْفِقْهُ عَلٰى خَادِمِكَ، قَالَ: اِنَّ عِنْدِي اٰخَرَ، قَالَ اَنْتَ اَبْصَرُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اپنے اصحاب سے فرمایا: تم لوگ صدقہ کرو ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے پاس ایک دینار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کو اپنے اوپر خرچ کرو عرض کی کہ اگر میرے پاس ایک اور ہو؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے اپنی بیوی پر خرچ کرو اس نے عرض کی: اگر میرے پاس ایک اور ہو تو

3336- أبو حبيبة الطائي لم يوثقه غير المؤلف 5/577، لم يرو عنه غير أبي إسحاق، وباقي السند رجاله رجال الشيخين. وأخرجه عبد الرزاق "16740"، والطيالسي "980"، وأحمد 5/197 و 6/448، والدارمي 2/413، وأبو الشيخ في "الأمثال" "327" والترمذي "1213" في الوصايا: باب ما جاء في الرجل يتصدق أو يعتق عند الموت، وأبو داوُد "3968" في العتق: باب في فضل العتق ف الصحة، والنسائي 6/238 في الوصايا: باب الكراهية في تأخير الوصية، والحاكم 2/213، والبيهقي 4/190 و 10/273 من طرق عن أبي إسحاق، بهذا الإسناد. ومع كون أبي حبيبة لم يوثقه غيرُ المؤلف، ولا يعرف إلا بهذا الحديث، فقد صحح حديثه الترمذي والحاكم ووافقه الذهبي، وحسنه الحافظ في "الفتح" 5/374. وفي الباب عن جابر عند الشيرازي في "الألقاب" ذكره السيوطي في الجامع الكبير."

3337- إسناده حسن. وأخرجه الشافعي 2/63-64، وأحمد 2/251 و 471، وأبو داوُد "1691" في الزكاة: باب في صلة الرحم، والنسائي 5/62 في الزكاة: باب تفسير ذلك "أي: الصدقة عن ظهر غنى"، وفي "الكبرى" كما في "التحفة" 9/493-494، والطبري "4170"، والحاكم 1/415، والبيهقي 7/466، والبغوي "1685" و"1686" في طرق عن محمد بن عجلان، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ ووافقه الذهبي. وفي الباب عن جابر بن عبد الله، سيرد عند المؤلف برقم "3339".ى

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اپنی اولاد پر خرچ کرو اس نے عرض کی: اگر میرے پاس ایک اور ہو؟ تو فرمایا تم اس کو اپنے خادم پر خرچ کرو اس نے دریافت کیا: اگر میرے پاس ایک اور ہو؟ تو فرمایا: تم زیادہ سمجھ دار ہو۔ (یعنی تمہیں خود اندازہ ہوگا اسے کسی پر خرچ کرنا چاہئے)۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمُتَصَدِّقِ اَنْ يُخْرِجَ الْيَسِيْرَ مِنَ الصَّدَقَةِ عَلٰى حَسْبِ جُهْدِهٖ وَطَاقَتِهٖ

صدقہ کرنے والے کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ صدقہ میں سے تھوڑی سی چیز نکالے جو اس کی گنجائش اور طاقت کے مطابق ہو

3338 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، بِالصُّغْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ *، عَنْ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): كُنَّا نَتَحَامَلُ عَلٰى ظُهُوْرِنَا فَيَجِيءُ الرَّجُلُ بِالشَّيْءِ فَيُتَصَدَّقُ بِهٖ، فَجَاءَ رَجُلٌ بِنِصْفِ صَاعٍ، وَجَاءَ اِنْسَانٌ بِشَيْءٍ كَثِيْرٍ، فَقَالُوْا: اِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْ صَدَقَةِ هٰذَا، وَقَالُوْا: هٰذَا مُرَاءٍ، فَنَزَلَتْ: (اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقَاتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ) (التوبة: 79)

❀❀ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ اپنی پشت پر وزن لادا کرتے تھے (یعنی مزدوری کرتے تھے) اور پھر ہم میں سے کوئی شخص کوئی چیز لاتا تھا اسے صدقہ کر دیتا تھا ایک شخص نصف صاع لے آتا تھا ایک شخص تھوڑی سی زیادہ چیز لے آتا تھا' تو منافقین یہ کہتے تھے اللہ تعالیٰ اس شخص کے صدقے سے بے نیاز ہے اور وہ یہ کہتے تھے یہ دکھاوے کے طور پر ہے' تو اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ آیت نازل کی:

''وہ لوگ جو اہلِ ایمان سے تعلق رکھنے والے افراد پر ان کے کئے گئے صدقے کے حوالے سے نکتہ چینی کرتے ہیں' (وہ اہلِ ایمان جنہیں صدقہ کرنے کے لئے) صرف اپنی محنت کی کمائی ملتی ہے''۔

3338- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه ابن جرير الطبري في "جامع البيان " 10/196، والبخاري "1415" في الزكاة: باب اتقوا النار ولو بشق تمرة، و "4668" في التفسير: باب (الَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقَاتِ) (التوبة: من الآية79) ، ومسلم "1018" في الزكاة: باب الحمل أجرة يتصدق بها، والنهي الشديد عن تنقيص المتصدق بقليل، والنسائي 5/59-60 في الزكاة: باب جهد المقل، وفي التفسير كما في "التحفة7/332"، وابن خزيمة "2453"، والطبراني في "الكبير" "535"/17 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/273، والبخاري "4669"، وابن ماجه "4155" في الزهد: باب معيشة أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، والطبراني "533"/17 و"534" و"536" من طريف زائدة، عن الأعمش، به.وأخرجه البخاري "1416" في الزكاة: باب اتقوا النار ولو بشق تمرة، و "2273" في الإجارة: باب من أخر نفسه ليحمل على ظهره ثم يتصدق به، من طريق سعيد بن يحيى، عن أبيه، عن الأعمش، به وانظر ."3376"

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُؤْثِرَ بِصَدَقَتِهٖ عَلٰى اَبَوَيْهِ، ثُمَّ عَلٰى قَرَابَتِهٖ، ثُمَّ الْاَقْرَبِ فَالْاَقْرَبِ

آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنے صدقہ کی چیز کو پہلے اپنے ماں باپ پر خرچ کرے پھر قریبی رشتے داروں پر درجہ بدرجہ خرچ کرے

3339 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا زَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ حِبَّانَ اَبُوْ جَابِرٍ، بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ فَيَّاضٍ الزِّمَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِيْ عُذْرَةَ اَعْتَقَ مَمْلُوْكًا لَهٗ عَنْ دُبُرٍ مِنْهُ، فَبَعَثَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَاعَهُ، وَدَفَعَ اِلَيْهِ ثَمَنَهُ، وَقَالَ: ابْدَاْ بِنَفْسِكَ فَتَصَدَّقْ عَلَيْهَا، ثُمَّ عَلٰى اَبَوَيْكَ، ثُمَّ عَلٰى قَرَابَتِكَ، ثُمَّ هٰكَذَا، ثُمَّ هٰكَذَا

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنوعزرہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے اپنے غلام کو مدبر کے طور پر آزاد کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلوایا اسے فروخت کیا اور اس کی قیمت اس شخص کے سپرد کی اور پھر فرمایا اپنی ذات سے آغاز کرو اس پر خرچ کرو پھر اپنے ماں باپ پر خرچ کرو پھر اپنے قریبی رشتے داروں پر کرو پھر اس طرح اور اس طرح کرو۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمُتَصَدِّقِ اَنْ يُؤْثِرَ بِصَدَقَتِهٖ قَرَابَتَهٗ دُوْنَ غَيْرِهِمْ

صدقہ کرنے والے شخص کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے صدقے کو قریبی رشتے داروں پر خرچ کرے نہ کہ دوسرے لوگوں پر کرے

3340 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ

3339- إسناده صحيح. محمد بن يحيى بن فياض، روى له أبو داوٗد والنسائي في "اليوم والليلة"، ووثقه الدارقطني وذكره المؤلف في "الثقات"، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، وقد صرح أبو الزبير بالسماع عند الشافعي. الأنصاري: هو محمد بن عبد الله بن المثنى. أخرجه الشافعي 2/68، ومسلم "997" في الزكاة: باب الابتداء في النفقة بالنفس ثم أهله ثم القرابة، والنسائي 7/304 في البيوع: باب بيع المدبر، والبيهقي 10/309 من طريق الليث، عن أبي الزبير، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "16664"، وعنه أحمد 3/369 عن سفيان الثوري، والطيالسي "1748" عن هشام، كلاهما عن أبي الزبير، به.

3340- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "الموطأ" 2/595-596، ومن طريق مالك أخرجه أحمد 3/141، والدارمي 2/390، والبخاري "1461" في الزكاة: باب الزكاة على الأقارب، و "2318" في الوكالة: باب إذا قال الرجل لوكيله: ضعه حيث أراك الله، و "2752" في الوصايا: باب إذا وقف أو أوصى لأقاربه، و "2769" باب إذا وقف أرضًا ولم يبين الحدود، و "4554" في التفسير، و "5611" في الأشربة: باب استعذاب الماء، ومسلم "998" في الزكاة: باب فضل الصدقة على الأقربين، والنسائي في التفسير كما في "التحفة" 1/90، والبيهقي 6/164- 165و 275، والبغوي. "1683"

اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ اَكْثَرَ اَنْصَارِيٍّ بِالْمَدِيْنَةِ مَالًا، وَكَانَ اَحَبَّ اَمْوَالِهٖ اِلَيْهِ بَيْرَحَاءُ، وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَاءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ، قَالَ اَنَسٌ: فَلَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّوْنَ) (آل عمران: 92)، قَامَ اَبُوْ طَلْحَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ فِيْ كِتَابِهٖ: (لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّوْنَ) (آل عمران: 92)، وَاِنَّ اَحَبَّ اَمْوَالِيْ اِلَيَّ بَيْرَحَاءُ، فَاِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ اَرْجُوْ بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ، فَضَعْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ شِئْتَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَخٍ ذَاكَ مَالٌ رَابِحٌ، بَخٍ ذَاكَ مَالٌ رَابِحٌ، وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ فِيْهَا، وَاِنِّيْ اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهَا فِي الْاَقْرَبِيْنَ، فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ: اَفْعَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَسَمَهَا اَبُوْ طَلْحَةَ فِيْ اَقَارِبِهٖ وَبَنِيْ عَمِّهٖ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مدینہ منورہ میں حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کی زمینیں انصار میں سب سے زیادہ تھیں اوران کے نزدیک ان کی سب سے پسندیدہ ملکیت ''بیرحاء'' نامی باغ تھا جو مسجد کے بالکل مدمقابل تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس باغ میں تشریف لایا کرتے تھے اس کا میٹھا پانی پیا کرتے تھے حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی۔

''تم لوگ اس وقت تک نیکی کو نہیں پہنچ سکتے جب تک تم اس چیز کو خرچ نہیں کرتے جسے تم پسند کرتے ہو۔''

تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''تم لوگ اس وقت تک نیکی کو نہیں پہنچ سکتے جب تک اس چیز کو خرچ نہیں کرتے جسے تم پسند کرتے ہو۔''

میرے نزدیک میرا سب سے پسندیدہ مال ''بیرحاء'' ہے یہ اللہ کے لیے صدقہ ہے میں اس کے اجر وثواب کا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں امیدوار ہوں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم جہاں چاہیں اسے خرچ کردیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بہت عمدہ یہ فائدہ بخش مال ہے بہت عمدہ یہ فائدہ بخش مال ہے تم نے اس کے بارے میں جو کہا میں نے وہ سن لیا ہے میں سمجھتا ہوں کہ تم اس کو اپنے رشتے داروں میں بانٹ دو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں ایسا ہی کروں گا (حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے قریبی رشتے داروں اور اپنے چچازاد بھائیوں میں اسے تقسیم کردیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى الْمَرْءِ اِذَا اَرَادَ الصَّدَقَةَ بِاَنَّهٗ يَبْدَاُ بِالْاَدْنٰى فَالْاَدْنٰى مِنْهُ دُوْنَ الْاَبْعَدِ فَالْاَبْعَدِ عَنْهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ جب وہ صدقہ کرنے کا ارادہ کرے تو وہ دور پرے کے عزیزوں کی بجائے قریبی رشتے داروں سے آغاز کرے

3341 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ يَزِيدَ بْنِ زِيَادِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ طَارِقٍ الْمُحَارِبِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): ثُمَّ قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ يَخْطُبُ النَّاسَ، وَهُوَ يَقُوْلُ: يَدُ الْمُعْطِي الْعُلْيَا، وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُولُ، اُمَّكَ وَاَبَاكَ وَاُخْتَكَ وَاَخَاكَ، ثُمَّ اَدْنَاكَ اَدْنَاكَ

❀❀ حضرت طارق محاربی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر میں مدینہ منورہ آیا وہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی۔

”دینے والا ہاتھ اوپر والا ہے اور تم اپنے زیر کفالت (پر خرچ کرنے) سے آغاز کرو جو تمہاری والدہ، تمہارا باپ، تمہاری بہن، تمہارا بھائی ہے اور پھر درجہ بدرجہ قریبی عزیز ہیں۔“

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ اَرَادَ الصَّدَقَةَ اَوِ النَّفَقَةَ اَنْ يَّبْدَاَ بِهَا بِالْاَقْرَبِ فَالْاَقْرَبِ

جو شخص صدقہ کرنے یا خرچ کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ درجہ بدرجہ قریبی رشتے داروں سے آغاز کرے

3342 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلَّانَ، بِاَذَنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الزِّمَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ اَبُوْ مَذْكُورٍ دَبَّرَ غُلَامًا لَهُ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ مَالٌ غَيْرُهُ، وَكَانَ يُقَالُ لِلْغُلَامِ: يَعْقُوبُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَّشْتَرِي هٰذَا؟، فَاشْتَرَاهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ عَدِيّ بْنِ كَعْبٍ بِثَمَنِ مِائَةِ دِرْهَمٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ مُحْتَاجًا فَلْيَبْدَاْ بِنَفْسِهِ، فَاِنْ كَانَ لَهُ فَضْلٌ فَبِاَهْلِهِ، فَاِنْ كَانَ لَهُ فَضْلٌ فَبِاَقْرِبَائِهِ، فَاِنْ كَانَ لَهُ فَضْلٌ فَهَاهُنَا وَهَاهُنَا وَهَاهُنَا

3341- إسناده صحيح، يزيد بن زياد بن أبي الجعد وثقه أحمد وابن معين والعجلي والذهبي، وقال ابوحاتم: ما بحديثه بأس، صالح الحديث، وقال الحافظ في "التقريب": صدوق، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. أبو عمار: هو الحسين بن حريث. وأخرجه النسائي 5/61 في الزكاة: باب أيتهما اليد العليا؟ عن يوسف بن عيسى، عن الفضل بن موسى، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارقطني 3/44- 45 من طريق يزيد بن زياد، والطبراني "8175" من طريق أبي جناب، كلاهما عن جامع بن شداد، به. وانظر "6528". وفي الباب عن ثعلبة بن زهدم الحنظلي عند الطيالسي "1257"، وابن أبي شيبة 3/212، والبيهقي 8/345. وعن رجل من بني يربوع عند أحمد 3/64.

3342- إسناده صحيح، محمد بن يحيى ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين. أيوب: هو السختياني. وأخرجه أحمد 3/305، ومسلم "997" في الزكاة: باب الابتداء في النفقة بالنفس ثم أهله ثم القرابة، وأبو داود "3957" في العتق: باب بيع المدبر، والنسائي 7/304 في البيوع: باب بيع المدبر، وابن خزيمة "2445"، والبيهقي 10/309- 310 من طريقين عن أيوب، بهذا الإسناد. وانظر "3339".

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص کا نام ابومذکور تھا اس نے اپنے غلام کو مدبر کے طور پر آزاد کر دیا اس شخص کے پاس اس غلام کے علاوہ کوئی مال نہیں تھا۔ غلام کا نام یعقوب تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اسے کون خریدے گا' تو بنوعدی سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے آٹھ سو درہم میں اسے خرید لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص غریب ہو' تو اسے اپنی ذات سے آغاز کرنا چاہئے' اگر اس کے پاس اضافی مال ہو' تو اپنی بیوی پر خرچ کرے' اگر اضافی مال ہو' تو اپنے قریبی رشتے داروں پر خرچ کرے' اگر پھر بھی اضافی ہو' تو یہاں اور وہاں خرچ کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّدَقَةَ عَلَى الْاَقَارِبِ اَفْضَلُ مِنَ الْعَتَاقَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ قریبی رشتے داروں کو صدقہ دینا غلام آزاد کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے

3343 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنْ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ

(متن حدیث): اَنَّهَا اَعْتَقَتْ وَلِيْدَةً فِیْ زَمَانِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَوْ اَعْطَيْتِهَا اَخْوَالَكِ كَانَ اَعْظَمَ لِاَجْرِكِ

سیدہ میمونہ بنت حارث رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں انہوں نے اپنی کنیز کو آزاد کر دیا انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم اسے اپنے ماموں کو دے دیتی' تو یہ تمہارے لیے زیادہ اجر کا باعث ہوتا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّدَقَةَ عَلٰى ذِی الرَّحِمِ تَشْتَمِلُ عَلَى الصِّلَةِ وَالصَّدَقَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ رشتے دار کو صدقہ دینا صلہ رحمی کرنے اور صدقہ دینے (دو قسم کی نیکیوں پر) مشتمل ہوتا ہے

3344 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ، عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اُمِّ الرَّائِحِ بِنْتِ صُلَيْعٍ، عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

3343- إسناده صحيح على شرط مسلم . أخرجه مسلم "999" "44" في الزكاة: باب فضل النفقة والصدقة على الأقربين والزوج والأولاد والوالدين ولو كانوا مشركين، والنسائي في العتق كما في "التحفة" 12/495، والبيهقي 4/179 من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/332، والبخاري "2592" في الهبة: باب هبة المرأة لغير زوجها، و "2594" باب من يبدأ بالهدية، والطبراني في "الكبير" "1067"/23، والبغوي "1678" من طريقين عن بكير، به.

(متن حدیث):الصَّدَقَةُ عَلَى الْمِسْكِينِ صَدَقَةٌ، وَهِيَ عَلَى ذِي الرَّحِمِ اثْنَانِ: صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ

حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''غریب کو صدقہ دینا صدقہ ہے اور رشتے دار کو صدقہ دینے میں دو پہلو ہیں صدقہ کرنا اور صلہ رحمی کرنا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ اَفْضَلِ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى الْمَرْءِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سب سے افضل صدقہ وہ ہے جسے کرنے کے بعد آدمی خوشحال رہے

3345 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى بْنِ عَبْدَانَ، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَفْضَلُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے افضل صدقہ وہ ہے، جو خوشحالی کے عالم میں دیا جائے اور تم ان سے آغاز کرو جو تمہارے زیر کفالت ہیں۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ اَفْضَلِ الصَّدَقَةِ اِخْرَاجَ الْمُقِلِّ بَعْضَ مَا عِنْدَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ افضل صدقہ وہ ہے جو کوئی تنگدست شخص اپنے پاس

3344- حديث صحيح، أم الرائح بنت صليع، واسمها الرباب، لم يوثقها غير المؤلف، وليس لها إلا هذا الحديث وما روى عنها سوى حفصة بنت سيرين، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. ابن عون: هو عبد الله. وأخرجه الطبراني "6211" من طريق معاذ بن المثنى، عن مسدد، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن خزيمة "2385" عن محمد عبد الأعلى الصنعاني، عن بشر بن المفضل، به. وأخرجه أحمد 4/17 و 18و 214، والدارمي 1/397، والنسائي 5/92 في الزكاة: باب الصدقة على الأقارب، وفي الوليمة كما في "التحفة" 4/26، وابن ماجه "1844" في الزكاة: باب فضل الصدقة، والطبراني "6212"، والحاكم 1/407، والبيهقي 4/174 من طرق عن ابن عون، به. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. ! وأخرجه أحمد 4/18 و214، والحميدي "823"، والدارمي 1/397. والترمذي "658" في الزكاة: باب ما جاء في الصدقة على ذي القرابة، والطبراني "6206" و "6207" و"6208" و "6209" و "6210" من طرق عن حفصة بنت سيرين، به، وقال الترمذي: حديث حسن. وأخرجه الطبراني "6204" و "6205" من طرق عن محمد بن سيرين، عن سلمان بن عامر. وفي الباب عن زينب الثقفية زوجة عبد الله بن مسعود عند البخاري "4166"، ومسلم "1000" "45" في خبر مطول وفيه "لهما أجران: أجر القرابة وأجر الصدق"، وعن أبي أمامة الباهلي عند الطبراني في "الكبير" "7834" ولفظه "إن الصدقة على ذي قرابة يضعف أجرها مرتين". قال الهيثمي في "المجمع" 3/117: فيه عبد الله بن زحر وهو ضعيف. وعن أبي طلحة الأنصاري عند الطبراني أيضًا "4723" ولفظه: "الصدقة على المسكين صدقة، وعلى ذي الرحم صدقة وصلة"، قال الهيثمي 3/116: وفيه من لم أعرفه.

3345- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد. وأخرجه الشافعي 2/68، وأحمد 3/330، والبيهقي 10/309، من طريقين عن ابن جريج، بهذا الاسناد. وأورده الهيثمي في "المجمع" 3/115 ونسبه إلى أحمد وقال: رجاله رجال الصحيح.

موجود چیز میں سے کچھ خرچ کرتا ہے

3346 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: جُهْدُ الْمُقِلِّ، وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُولُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا صدقہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کے پاس پیسے تھوڑے ہوں وہ محنت کر کے صدقہ کرے اور تم اپنے زیر کفالت سے آغاز کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ صَدَقَةَ الْقَلِيْلِ مِنَ الْمَالِ الْيَسِيْرِ اَفْضَلُ مِنْ صَدَقَةِ الْكَثِيْرِ مِنَ الْمَالِ الْوَافِرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ تھوڑے مال میں سے تھوڑا صدقہ دینا زیادہ مال میں سے زیادہ صدقہ کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے

3347 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِيْنَ الْفَرْغَانِيُّ، بِدِمَشْقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): سَبَقَ دِرْهَمٌ مِائَةَ اَلْفٍ، فَقَالَ رَجُلٌ: وَكَيْفَ ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: رَجُلٌ لَهُ مَالٌ كَثِيْرٌ اَخَذَ مِنْ عُرْضِهِ مِائَةَ اَلْفٍ، فَتَصَدَّقَ بِهَا، وَرَجُلٌ لَيْسَ لَهُ اِلَّا دِرْهَمَانِ فَاَخَذَ اَحَدَهُمَا فَتَصَدَّقَ بِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بعض اوقات ایک درہم ایک لاکھ درہموں پر سبقت لے جاتا ہے۔ ایک صاحب نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کیسے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک شخص کے پاس بہت

3346– إسناده صحيح . وأخرجه أبو داوٗد "1677" في الزكاة: باب الرخصة في ذلك، عن يزيد بن خالد بن موهب، بهٰذا الإسناد. وقد قرن أبو داوٗد فيه مع يزيد قتيبة بن سعيد . وأخرجه أحمد 2/358، وابن خزيمة "2444"، والحاكم 1/414، والبيهقي 1/480 من طرق عن الليث، به. وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ ووافقه الذهبي ! مع أن يحيى بن جعدة الراوى عن أبي هريرة لم يخرج له مسلم.

3347– إسناده حسن، ابن عجلان صدوق روى له مسلم متابعة والبخاري تعليقًا، وباقي السند على شرط الصحيح. وأخرجه النسائي 5/59 في الزكاة: باب جهد المقل، وابن خزيمة "2443"، والحاكم 1/416، والبيهقي 4/181–182 من طرق عن صفوان بن عيسى، بهٰذا الإسناد. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 2/379، والنسائي 5/59، عن قتيبة بن سعيد، عن اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدِ الْمَقْبُرِيِّ والقعقاع، عن أبي هريرة. عند أحمد "سبق درهم درهمين ... ."

زیادہ مال ہوتا ہے وہ اپنے مال میں سے ایک لاکھ درہم لیتا ہے اور انہیں صدقہ کر دیتا ہے اور ایک شخص کے پاس صرف دو درہم ہوتے ہیں وہ ان میں سے ایک لے کر اسے صدقہ کر دیتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ اَفْضَلِ الصَّدَقَةِ لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ سَقْىَ الْمَاءِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مسلمان شخص کے لیے سب سے زیادہ فضیلت والا صدقہ پانی پلانا ہے

3348 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَىُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَقْىُ الْمَاءِ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا صدقہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانی پلانا۔

ذِكْرُ مَحَبَّةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُتَصَدِّقِ اِذَا تَصَدَّقَ لِلّٰهِ سِرًّا اَوْ تَهَجَّدَ لِلّٰهِ سِرًّا

اللہ تعالیٰ کے اس صدقہ کرنے والے شخص سے محبت کرنے کا تذکرہ جو پوشیدہ طور پر اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے صدقہ دیتا ہے اور پوشیدہ طور پر اللہ کی رضا کے لیے نماز تہجد ادا کرتا ہے

3349 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ اَبِىْ ظَبْيَانَ، عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ، وَثَلَاثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ، اَمَّا الَّذِيْنَ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ: فَرَجُلٌ اَتٰى قَوْمًا فَسَاَلَهُمْ بِاللّٰهِ وَلَمْ يَسْاَلْهُمْ بِقَرَابَةٍ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهُ، فَتَخَلَّفَ رَجُلٌ بِاَعْقَابِهِمْ، فَاَعْطَاهُ سِرًّا لَا يَعْلَمُ بِعَطِيَّتِهِ اِلَّا اللّٰهُ وَالَّذِىْ اَعْطَاهُ، وَقَوْمٌ سَارُوْا لَيْلَتَهُمْ حَتّٰى اِذَا كَانَ النَّوْمُ اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِمَّا يَعْدِلُ بِهِ نَزَلُوْا، فَوَضَعُوْا رُءُوْسَهُمْ، وَقَامَ

3348- رجاله ثقات رجال الشيخين، إلا أنه منقطع، سعيد بن المسيب لم يدرك سعد بن عبادة ولم يسمع منه. وهو في "صحيح ابن خزيمة" "2497" وأخرجه النسائي 6/254-255 في الوصايا: باب ذكر الاختلاف على سفيان، عن الحسين بن حريث، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 6/254، وابن ماجه "3684" في الأدب: باب فضل صدقة الماء، والطبراني "5379" من طرق عن وكيع، به. وأخرجه أبو داوُد "1679" و"1680" في الزكاة: باب فضل سقي الماء، وابن خزيمة "2496"، والحاكم 1/414، والبيهقي 4/185 من طريقين عن قتادة، به. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، فتعقبه الذهبي بقوله: قلت: لا، فإنه غير متصل. وأخرجه أحمد 5/258، و6/7، وأبو داوُد "1680"، والطبراني "5383"، والبيهقي 4/185 من طرق عن الحسن، عن سعد بن عبادة، وعند أبي داوُد: عن سعيد والحسن. وهذا منقطع أيضًا. وأخرجه أبو داوُد "1681" من طريق أبي إسحاق، عن رجل، عن سعد بن عبادة. وأخرجه الطبراني "5385" من طريق ضرار بن صرد، عن أبي نعيم الطحان، عن عبد العزيز بن محمد، عن عمارة بن غزية، عن حميد بن أبي الصعبة، عن سعد بن عبادة. ضرار بن صرد ضعيف، وحميد بن أبي الصعبة مجهول، ثم هو لم يدرك سعد بن عبادة.

يَتَمَلَّقُنِيْ وَيَتْلُو آيَاتِي، وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَلَقِيَ الْعَدُوَّ فَهُزِمُوا، وَاَقْبَلَ بِصَدْرِهٖ يُقْتَلُ اَوْ يُفْتَحُ لَهٗ، وَثَلَاثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ: الشَّيْخُ الزَّانِي، وَالْفَقِيرُ الْمُخْتَالُ، وَالْغَنِيُّ الظَّلُومُ

حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین لوگوں کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور تین لوگوں کو ناپسند کرتا ہے جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے جنہیں اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے' تو ایک وہ شخص ہے' جو کچھ لوگوں کے پاس آئے اور ان سے اللہ کے نام پر کچھ مانگے وہ ان کے ساتھ اپنی رشتے داری کی وجہ سے کچھ نہ مانگے پھر ایک شخص الٹے قدموں واپس جائے اور پوشیدہ طور پر اسے کچھ دیدے۔ اس عطیے کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور جس نے اسے دیا ہے اس کے علاوہ اور کسی کو علم نہ ہو۔ دوسرے وہ لوگ جو رات بھر سفر کرتے رہے' یہاں تک کہ جب وہ پڑاؤ کریں' تو ان کے نزدیک نیند سب سے زیادہ پیاری ہو اور وہ سر رکھ کر سو جائیں اور ایک شخص کھڑا ہو کر میری (یعنی اللہ تعالیٰ کی) خوشامد کرے میری آیات کی تلاوت کرے اور ایک وہ شخص جو کسی مہم پر روانہ ہوا ان کا دشمنوں سے سامنا ہو' تو وہ لوگ پسپا ہو جائیں' لیکن وہ شخص آگے بڑھے اور پھر یا قتل ہو جائے یا اسے فتح نصیب ہو جہاں تک ان تین لوگوں کا تعلق ہے جنہیں اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے' ایک بوڑھا زانی' دوسرا غریب متکبر اور تیسرا ظالم خوشحال شخص۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ صَدَقَةَ الْمَرْءِ سِرًّا اِذَا سُئِلَ بِاللّٰهِ مِمَّا يُحِبُّ اللّٰهُ فَاعِلَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کا پوشیدہ طور پر صدقہ دینا جب آدمی سے اللہ کے نام پر مانگا گیا ہو، یہ ان چیزوں میں شامل ہے جنہیں کرنے والے کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے

3350 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ظَبْيَانَ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: (متنِ حدیث): ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ، وَثَلَاثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ: يُحِبُّ رَجُلًا كَانَ فِيْ قَوْمٍ فَاَتَاهُمْ سَائِلٌ، فَسَاَلَهُمْ بِوَجْهِ اللّٰهِ لَا يَسْاَلُهُمْ لِقَرَابَةٍ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهٗ، فَبَخِلُوا، فَخَلَفَهُمْ بِاَعْقَابِهِمْ حَيْثُ لَا يَرَاهُ اِلَّا اللّٰهُ وَمَنْ اَعْطَاهُ، وَرَجُلٌ

3349- حديث صحيح . أبو ظبيان: كذا كنّاه هنا، ولم ترد عند غيره، واسمه زيد بن ظبيان، ذكره المؤلف في "الثقات" 4/249، وأخرج حديثه ابن خزيمة في "صحيحه." وباقي رجال السند ثقات رجال الشيخين . منصور: هو ابن المعتمر . وأخرجه الترمذي "2568" في صفة الجنة: باب رقم "25"، وابن خزيمة "2456" عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. قال الترمذي: هذا حديث صحيح. !وأخرجه أحمد 5/153، والنسائي 5/84 في الزكاة: باب ثواب من يعطي، وفي "الكبرى" كما في "التحفة" 9/161 من طريق محمد بن جعفر، به . وأخرجه أحمد 5/153، والحاكم 2/113 من طريقين عن منصور، به. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. !وأخرجه أحمد 5/176، والطيالسي "468"، والطبراني "1637"، والبيهقي 9/160 من طرق عن الأسود بن شيبان، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ.

3350- هو مكرر ماقبله.

كَانَ فِيْ كَتِيبَةٍ، فَانْكَشَفُوا، فَكَبَّرَ فَقَاتَلَ حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، أَوْ يُقْتَلَ، وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ قَوْمٍ فَأَدْلَجُوا، فَطَالَتْ دُلْجَتُهُمْ، فَنَزَلُوْا وَالنَّوْمُ أَحَبُّ إِلَيْهِمْ مِمَّا يَعْدِلُ بِهِ، فَنَامُوا، وَقَامَ يَتْلُو آيَاتِي وَيَتَمَلَّقُنِي، وَيُبْغِضُ الشَّيْخَ الزَّانِيَ، وَالْبَخِيلَ الْمُتَكَبِّرَ، وَذَكَرَ الثَّالِثَ

حضرت ابوذرغفاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین لوگوں کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور تین لوگوں کو ناپسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو پسند کرتا ہے' جو کچھ لوگوں میں موجود ہو کوئی مانگنے والا ان کے پاس آئے اللہ کے نام پر ان سے مانگے وہ ان لوگوں کے ساتھ اپنی کسی رشتے داری کی وجہ سے ان سے نہ مانگے' تو وہ لوگ کنجوسی کا مظاہرہ کریں (اور اسے کچھ نہ دیں) ان میں سے ایک شخص انہیں چھوڑ کر واپس جائے ایسی جگہ جہاں اللہ تعالیٰ کے علاوہ اسے کوئی نہ دیکھ رہا ہو اور وہ شخص اسے کچھ دیدے۔ ایک وہ شخص جو کسی مہم پر ہو اور وہ لوگ بکھر جائیں' تو وہ تکبیر کہتے ہوئے لڑائی میں کود پڑے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اسے فتح نصیب کردے یا وہ شہید ہو جائے۔ ایک وہ شخص جو کچھ لوگوں کے ہمراہ رات کے وقت سفر کر رہا ہو جب رات زیادہ ہو جائے وہ لوگ کسی جگہ پڑاؤ کریں اس وقت نیند ان کے نزدیک سب سے زیادہ پیاری ہو وہ لوگ سو جائیں اور وہ شخص کھڑا ہو کر آیات کی تلاوت کرے اور میری بارگاہ میں التجاء کرے اور اللہ تعالیٰ بوڑھے زانی، کنجوس متکبر کو پسند نہیں کرتا۔ راوی نے تیسرے شخص کا بھی ذکر کیا تھا۔''

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْإِيثَارِ بِالصَّدَقَةِ مَنْ لَّا يُعْلَمُ بِحَاجَتِهٖ وَلَا غِنَاهُ عَنْهَا

ایسے شخص کو صدقہ دینا مستحب ہے جس کی حاجت کا پتہ نہ چلتا ہو اور وہ خوشحال بھی نہ ہو

3351 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَيْسَ الْمِسْكِيْنُ الَّذِي تَرُدُّهُ التَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ، وَالْأُكْلَةُ وَالْأُكْلَتَانِ، وَلٰكِنَّ الْمِسْكِيْنَ الَّذِي لَيْسَ لَهُ مَا يَسْتَغْنِيْ بِهٖ، وَلَا يُعْلَمُ بِحَاجَتِهٖ فَيُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ، فَذٰلِكَ الْمَحْرُوْمُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''غریب وہ نہیں ہے' جو ایک یا دو کھجوریں لے کر ایک یا دو لقمے لے کر واپس چلا جائے غریب وہ شخص ہے' جس کے پاس وہ چیز نہ ہو جو اس کی ضروریات کو پوری کرے اور اس کے حاجت مند ہونے کا پتہ بھی نہ چل سکے کہ اسے صدقہ ہی کر دیا جائے ''محروم'' سے مراد یہ شخص ہے (جس کا ذکر قرآن میں ہے)۔''

3351– إسناده صحيح على شرط البخاري . وأخرجه أبو داود "1632" في الزكاة: باب من يعطى من الصدقة، وحد الغنى، عن عبيد الله بن عمر وأبي كامل ومسدّد بن مسرهد، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 5/85–86 في الزكاة: باب تفسير المسكين، من طريق عبد الأعلى، عن معمر، به. وانظر ما بعده، و ."3298"

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْإِيثَارِ بِالصَّدَقَةِ مَنْ لَّا يَسْأَلُ دُوْنَ مَنْ يَّسْأَلُ

ایسے شخص کو صدقہ دینے کا مستحب ہونا جو مانگتا نہیں ہے نہ کہ اس کو دینا (مستحب ہے) جو مانگتا ہے

3352 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، بِمَنْبِجَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَيْسَ الْمِسْكِيْنُ بِهٰذَا الطَّوَّافِ الَّذِىْ يَطُوفُ عَلَى النَّاسِ تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ، وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ، قَالُوْا: فَمَنِ الْمِسْكِيْنُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: الَّذِىْ لَا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيْهِ، وَلَا يُفْطَنُ لَهٗ فَيُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ، وَلَا يَقُوْمُ فَيَسْأَلُ النَّاسَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"غریب وہ نہیں ہوتا جو لوگوں کے گھر چکر لگاتا ہے ایک یا دو لقمے لے کر ایک یا دو کھجوریں لے کر واپس چلا جاتا ہے۔ لوگوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! پھر غریب کون ہوتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص جس کے پاس اپنی ضرورت پوری کرنے کے لیے کوئی چیز نہ ہو اور اس کی حالت کا پتہ بھی نہ چل سکے کہ اسے صدقہ ہی کر دیا جائے اور وہ خود کھڑا ہو کر لوگوں سے مانگتا بھی نہیں ہے۔"

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَصَدَّقَ عَنْ حَمِيْمِهٖ وَقَرَابَتِهٖ اِذَا مَاتَ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ جب اس کا کوئی دوست یا رشتہ دار فوت ہو جائے تو وہ اس کی طرف سے صدقہ کرے

3353 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اُمِّىْ افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا، وَاُرَاهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ

3352– إسناده صحيح على شرطهما. وهو في "المؤطأ" .2/923 ومن طريق مالك أخرجه البخاري "1479" في الزكاة: باب قول الله تعالى: (لا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا) (البقرة: من الآية 273) ، والنسائي 5/85 في الزكاة: باب تفسير المسكين، والبيهقي 7/11، والبغوي ."1602"وأخرجه مسلم "1039" في الزكاة: باب المسكين الذي لايجد غنى ولا يفطن له فيتصدق عليه، من طريق المغيرة الحزامي، عن أبي الزناد، بهذا الإسناد. وانظر ماقبله.

3353– إسناده صحيح على شرطهما، وهو في "الموطأ" .2/760 ومن طريق مالك أخرجه البخاري "2760" في الوصايا: باب ما يستحب لمن توفي فجاء ة أن يتصدقوا عنه، وقضاء النذور عن الميت، والنسائي 6/250 في الوصايا: باب إذا مات الفجاء ة هل يستحب لأهله أن يتصدقوا، والبيهقي 6/277، والبغوي ."1690" وأخرجه البخاري "1388" في الجنائز: باب موت الفجاء ة. ومسلم "1004" في الزكاة: باب وصول ثواب الصدقة، و "1630" في الوصية: باب وصول ثواب الصدقات إلى الميت، وابن خزيمة "2499" من طرق عن هشام، بهذا الإسناد.

تَصَدَّقَتْ، اَفَاَتَصَدَّقُ عَنْهَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی میری والدہ کا اچانک انتقال ہو گیا میرا خیال ہے اگر انہیں بات کرنے کا موقع ملتا' تو وہ صدقہ کرنے کے لئے کہتی کیا میں ان کی طرف سے صدقہ کر دوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِإِبَاحَةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ معنی کے مباح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3354 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ مَغَازِيْهِ وَحَضَرَتْ اُمَّهُ الْوَفَاةُ بِالْمَدِيْنَةِ، فَقِيْلَ لَهَا: اَوْصِىْ، فَقَالَتْ: فِيْمَ اُوْصِىْ، اِنَّمَا الْمَالُ مَالُ سَعْدٍ، فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ اَنْ يَّقْدِمَ سَعْدٌ، فَلَمَّا قَدِمَ سَعْدٌ ذُكِرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ سَعْدٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ يَنْفَعُهَا اَنْ اَتَصَدَّقَ عَنْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، فَقَالَ سَعْدٌ: حَائِطُ كَذَا وَكَذَا صَدَقَةٌ عَلَيْهَا، لِحَائِطٍ سَمَّاهُ

سعید بن عمرو اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کسی جنگ میں شرکت کے لئے چلے گئے مدینہ منورہ میں ان کی والدہ کا انتقال ہو گیا ان سے کہا گیا: آپ کوئی تلقین کیجئے۔ انہوں نے فرمایا: میں کس بات کی وصیت کروں سارا مال' تو سعد کا ہے پھر حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے واپس آنے سے پہلے ان کا انتقال ہو گیا جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ تشریف لائے ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا' تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں' تو کیا انہیں فائدہ ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں' تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: فلاں' فلاں باغ ان کی طرف سے صدقہ ہے انہوں نے اس باغ کا نام بھی لیا تھا۔

3354- حديث صحيح، سعيد بن عمرو بن شرحبيل ذكره المؤلف في "الثقات"، وقال النسائي: ثقة، وأبو عمرو بن شرحبيل: روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"، وشرحبيل بن سعيد روى عن أبيه وجده، وروى عنه ابنه عمرو، وعبد الله بن محمد بن عقيل، وذكره المؤلف في "الثقات." والحديث في "الموطأ" 2/760، ومن طريقه أخرجه النسائي 6/250-251 في الوصايا: باب إذا مات الفجاءة هل يستحب لأهله أن يتصدقوا، وابن خزيمة "2500"، والحاكم 1/420، والبيهقي 6/278، وصحح الحاكم إسناده ووافقه الذهبي. وأخرجه الطبراني "5381" و "5382" من طريق عبد العزيز بن محمد الدراوردي، عن سعيد بن عمرو بن شرحبيل، عن سعيد بن سعد بن عبادة، عن أبيه. وأخرجه البخاري "2756" و "2762" من طريقين عن ابن جريج، أخبرني يعلى بن مسلم أنه سمع عكرمة يقول: أنبأنا ابن عباس رضي الله عنهما أن سعد بن عبادة رضي الله عنه توفيت أمه وهو غائب عنها، فقال: يا رسول الله إن أمي توفيت وأنا غائب عنها، أينفعها شيء إن تصدقت به عنها؟ قال: نعم، قال: فإني أشهدك أن حائطي المخراب صدقة عليها. وأخرجه البخاري "2770"، وأبو داوٗد "2882"، والترمذي "669"، والنسائي 6/252-253 من طريق زكريا بن إسحاق، عن عمرو بن دينار، عن عكرمة، عن ابن عباس.

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِثُلُثِ مَا يُسْتَفْضَلُ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ مِنْ اَمْلَاكِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنی زیر ملکیت چیزوں سے ہر سال جو چیزیں اضافی ہوں اس کا ایک تہائی حصہ صدقہ کرے

3355 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَجُلٌ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ اِذْ رَاَى سَحَابَةً فَسَمِعَ فِيهَا صَوْتًا: اسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانٍ، فَجَاءَ ذٰلِكَ السَّحَابُ فَاَفْرَغَ مَا فِيهِ فِيْ حُرَّةٍ، قَالَ: فَانْتَهَيْتُ فَاِذَا فِيهَا اَذْنَابُ شِرَاجٍ، وَاِذَا شَرْجَةٌ مِنْ تِلْكَ الشُّرَجِ قَدِ اسْتَوْعَبَتِ الْمَاءَ فَسَقَتْهُ، فَانْتَهَيْتُ اِلٰى رَجُلٍ قَائِمٍ يَحُولُ الْمَاءَ بِمِسْحَاتِهِ فِيْ حَدِيقَةٍ، فَقُلْتُ لَهُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، مَا اسْمُكَ؟، فَقَالَ: فُلَانٌ، اِلاسْمُ الَّذِى سَمِعَ فِيَ السَّحَابَةِ، قَالَ: كَيْفَ تَسْاَلُنِيْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ عَنِ اسْمِي؟، قَالَ: اِنِّىْ سَمِعْتُ فِيَ السَّحَابَةِ الَّذِى هٰذَا مَاؤُهَا يَقُوْلُ: اسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانٍ بِاسْمِكَ، فَاَخْبِرْنِيْ مَا تَصْنَعُ فِيهَا، قَالَ: اَمَا اِذَا قُلْتَ هٰذَا فَاِنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى مَا خَرَجَ مِنْهَا فَاَصَّدَّقُ بِثُلُثِهِ، وَآكُلُ اَنَا وَعِيَالِى ثُلُثَهُ، وَاُعِيدُ فِيهَا ثُلُثَهُ

ایک مرتبہ میں بازار گھوم رہا تھا' تو ایک عیسائی شخص وہاں کچھ فروخت کرنے کے لیے آیا ہوا تھا اور وہ یہ دریافت کر رہا تھا کہ کعب بن مالک تک مجھے کون پہنچا سکتا ہے؟ تو لوگوں نے میری طرف اشارہ کر دیا وہ غسان کے بادشاہ کا خط لے کر میرے پاس آیا اس میں یہ تحریر تھا:

''امابعد! مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ تمہارے آقا نے تمہارے ساتھ زیادتی کی ہے اور تمہیں پرے کر دیا ہے تم بے عزتی کروانے کے لیے اور ضائع کیے جانے کے لیے نہیں ہو' تم ہم سے ملو ہم تمہاری خبر گیری کریں گے۔''

میں نے سوچا کہ یہ ایک اور مصیبت ہے میں نے تنور جلایا اور خط اس میں جلا دیا جب چالیس دن گزر گئے' تو نبی اکرم ﷺ کی طرف سے ایک پیغام رساں میرے پاس آیا اور بولا: تم اپنی بیوی سے الگ رہو میں نے دریافت کیا: کیا میں اسے طلاق دے دوں۔ اس نے جواب دیا: جی نہیں' لیکن تم اس کے قریب نہ جانا۔ حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ (نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی) انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی ﷺ حضرت ہلال بن امیہ رضی اللہ عنہ بوڑھے اور کمزور شخص ہیں کیا آپ ﷺ مجھے اس کی اجازت دیں گے کہ میں ان کی خدمت کرتی رہوں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں' لیکن وہ تمہارے قریب نہ آنے پائے۔ اس نے عرض کی: اے اللہ کے نبی ﷺ جب سے ان کا یہ معاملہ ہوا ہے انہوں نے پہلے بھی ایسا نہیں کیا وہ بس بیٹھے دن رات روتے رہتے ہیں۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب میری آزمائش طویل ہو گئی' تو میں حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے باغ میں ان سے ملنے گیا وہ میرے چچازاد تھے میں نے انہیں سلام کیا انہوں نے جواب نہیں دیا میں نے کہا: اے ابوقتادہ میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں کیا آپ یہ بات جانتے ہیں کہ میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہوں وہ خاموش رہے میں نے کہا: اے ابوقتادہ میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں کیا آپ یہ بات جانتے ہیں کہ میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہوں؟ وہ خاموش رہے میں نے کہا: اے ابوقتادہ آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں کیا آپ یہ بات جانتے ہیں کہ میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہوں' تو انہوں نے کہا: اللہ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ حضرت

کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے اپنے آپ پر قابو نہیں رہا میں رونے لگا اور میں باغ سے باہر آ گیا' یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے (لوگوں کو) ہم سے بات چیت کرنے کو منع کرنے کو پچاس دن گزر گئے' تو ایک دن میں اپنے گھر کی چھت پر فجر کی نماز ادا کر رہا تھا اور اس وقت میری یہ حالت تھی جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے کیا ہے کہ ہمارے لیے زمین اپنی تمام تر کشادگی کے باوجود تنگ ہو چکی تھی اور ہماری اپنی جان ہمارے لیے تنگ ہو چکی تھی اسی دوران میں نے سلع پہاڑ کی چوٹی سے ایک شخص کی پکار سنی اے کعب بن مالک! تمہیں خوشخبری ہو میں سجدے میں گر گیا مجھے اندازہ ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے فراخی عطا کر دی ہے ایک شخص اپنے گھوڑے کو دوڑاتا ہوا مجھے خوش خبری دینے کے لیے آ رہا تھا' لیکن (دوسرے شخص کی) آواز اس کے گھوڑے سے زیادہ تیزی سے آ گئی تھی میں نے اس خوشخبری کی وجہ سے اپنے کپڑے اسے دیئے اور خود دوسرے کپڑے پہن لیے ہماری توبہ کے قبول ہونے کا حکم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک تہائی رات گزر جانے کے بعد نازل ہوا تھا۔ سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم کعب بن مالک کو خوشخبری نہ سنا دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس صورت میں لوگ تمہارے ہاں ہجوم کر لیں گے اور تمہیں ساری رات سونے نہیں دیں گے۔ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے میرے معاملے میں بڑی اچھائی کی تھی اور انہوں نے مجھے میرے معاملے کے بارے میں بتایا تھا۔

میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مسجد میں تشریف فرما تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد مسلمان بھی موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک چاند کی طرح چمک رہا تھا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی بات پر خوش ہوتے تھے' تو وہ اسی طرح چمکتا تھا میں آیا اور آ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیٹھ گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے کعب تمہیں ایک ایسے دن کے بارے میں خوش خبری ہو جو اس دن کے بعد (آنے والے دنوں میں) سب سے بہتر ہے جب تمہاری والدہ نے تمہیں جنم دیا تھا۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے سامنے یہ آیت تلاوت کی۔

''اللہ تعالیٰ نے مہاجرین اور انصار پر فضل کیا۔''

یہ آیت یہاں تک ہے ''وہ بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔''

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمارے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی تھی:

''تم لوگ اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ۔''

حضرت کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم میری توبہ میں یہ بات بھی شامل ہے کہ میں ہمیشہ سچ بولوں گا اور یہ بات بھی شامل ہے کہ میں اپنا تمام مال اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صدقہ کرتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے کچھ مال کو اپنے پاس رہنے دو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کی: پھر میں خیبر میں موجود اپنا حصہ اپنے پاس رہنے دیتا ہوں۔

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام کی نعمت عطا کرنے کے بعد کوئی ایسی نعمت عطا نہیں کی جو میرے نزدیک اس سے زیادہ بڑی ہو جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سچ بولا تھا میں نے بھی اور میرے دونوں ساتھیوں نے بھی کیونکہ اس کے نتیجے میں ہم نے جھوٹ بول کر ہلاکت کا شکار ہو جانا تھا جس طرح دوسرے لوگ ہلاکت کا شکار ہو گئے تھے اس کے بعد میں نے کبھی بھی جانتے بوجھتے ہوئے جھوٹ نہیں بولا مجھے یہ امید ہے کہ باقی کی زندگی میں بھی اللہ تعالیٰ مجھے (جھوٹ بولنے سے) محفوظ رکھے۔ زہری کہتے ہیں: یہ وہ روایت ہے جو حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کے واقعہ کے بارے میں ہم تک پہنچی ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الِاقْتِصَارِ عَنْ ثُلُثِ مَالِهِ إِذَا أَرَادَ التَّقَرُّبَ بِهِ إِلَى اللّٰهِ دُونَ إِخْرَاجِ مَالِهِ كُلِّهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ وہ اپنے ایک تہائی مال کو

صدقہ کرنے پر اکتفاء کرے جب وہ اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرنے کا ارادہ کرے ایسا نہیں ہے کہ وہ اپنے سارے مال کو صدقہ کر دے

3371 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ السَّائِبِ بْنِ أَبِي لُبَابَةَ،

(متن حدیث): أَنَّ جَدَّهُ أَبَا لُبَابَةَ، حِينَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فِي تَخَلُّفِهِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِيمَا كَانَ سَلَفَ قَبْلَ ذٰلِكَ فِي أُمُورٍ وَّجَدَ عَلَيْهِ فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَهْجُرُ دَارِيَ الَّتِي أَصَبْتُ فِيهَا الذَّنْبَ، وَأَنْتَقِلُ إِلَيْكَ وَأُسَاكِنُكَ، وَإِنِّي أَنْخَلِعُ مِنْ مَالِي كُلِّهِ صَدَقَةً إِلَى اللّٰهِ وَإِلَى رَسُولِهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُجْزِئُكَ مِنْ ذٰلِكَ الثُّلُثُ

حسین بن سعد بیان کرتے ہیں: ان کے دادا حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے جانے کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ کو قبول کر لیا اس سے پہلے بھی ایسے کچھ امور رونما ہو چکے تھے جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے

3371– حسين بن أبي السائب روى عن أبيه السائب بن أبي لبابة، وعبد الله بن أبي أحمد بن جحش، وجده أبي لبابة، روى عنه ابنه توبة بن الحسين بن السائب، والزهري، وذكره المؤلف في "الثقات" وقال: يروى عن أبيه ويروى المراسيل، كذا في "ثقات" ابن حبان نسخة الظاهرية، ولفظ المطبوع: يروى عن أبيه المراسيل، وهو الذى نقله المزى في "تهذيب الكمال"، وتبعه ابن حجر، ولفظ الذهبي في "التذهيب" 1/148: قال ابن حبان في ى"الثقات": يرسل عن أبيه، وباقي رجاله ثقات. محمد بن حرب: هو الخولاني، والزبيدي: هو محمد بن الوليد. وأخرجه البيهقي 4/181 من طريق روح، عن الزبيدي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/452–453 و 502، والبخاري في "التأريخ الكبير" 2/385، والطبراني "4509" و "4510" من طرق عن الزهري، به. وأخرجه مالك في "الموطأ" 2/481 عن عثمان بن حفص بن عمر بن خلدة، عن الزهري بلاغًا. وأورده أبو داوٗد في "سننه" بإثر حديث "3320" فقال: ورواه الزبيدي عن الزهري، عن حسين بن السائب بن أبي لبابة، مثله . وأخرجه الدارمي 1/390–390 من طريق إسماعيل بن أمية، عن الزهري، عن عبد الرحمٰن بن أبي لبابه، عن أبيه أبي لبابة.

ناراض تھے (تو جب ان کی توبہ قبول ہوگئی)' تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اپنے اس علاقے کو چھوڑنا چاہتا ہوں جہاں میں نے گناہ کا ارتکاب کیا تھا اور میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منتقل ہونا چاہتا ہوں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہنا چاہتا ہوں۔ میں اپنے تمام مال کو اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں صدقے کے طور پر پیش کرتا ہوں اور اس سے لاتعلق ہوتا ہوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس میں سے ایک تہائی (صدقہ کرنا) تمہارے لیے جائز ہے (یا تمہارے لیے کافی ہوگا)۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّتَصَدَّقَ الْمَرْءُ بِمَالِهٖ كُلِّهٖ، ثُمَّ يَبْقَى كَلًّا عَلٰى غَيْرِهٖ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ کوئی شخص اپنے سارے مال کو صدقہ کردے اور پھر دوسرے کا محتاج ہو جائے

3372 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ الظَّفَرِيِّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنِّيْ لَعِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ جَائَهٗ رَجُلٌ بِمِثْلِ الْبَيْضَةِ مِنْ ذَهَبٍ، قَدْ اَصَابَهَا مِنْ بَعْضِ الْمَغَازِي، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، خُذْ هٰذِهٖ مِنِّيْ صَدَقَةً، فَوَاللّٰهِ مَا اَصْبَحَ لِيْ مَالٌ غَيْرُهَا، قَالَ: فَاَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَائَهٗ مِنْ شِقِّهِ الْاٰخَرِ، فَقَالَ لَهٗ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَائَهٗ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهٖ، فَاَخَذَهَا مِنْهُ، فَحَذَفَهٗ بِهَا حَذْفَةً لَوْ اَصَابَهٗ عَقَرَهٗ اَوْ اَوْجَعَهٗ، ثُمَّ قَالَ: يَاْتِيْ اَحَدُكُمْ اِلٰى جَمِيعِ مَا يَمْلِكُ فَيَتَصَدَّقُ بِهٖ، ثُمَّ يَقْعُدُ يَتَكَفَّفُ النَّاسَ، اِنَّمَا الصَّدَقَةُ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، خُذْ عَنَّا مَالَكَ لَا حَاجَةَ لَنَا بِهٖ

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا اسی دوران ایک شخص سونے کا انڈہ لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جو کسی جنگ کے دوران اسے ملا تھا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اسے میری طرف سے صدقے کے طور پر قبول کر لیجئے۔ اللہ کی قسم! میرے پاس اس کے علاوہ اور کوئی مال نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منہ پھیر لیا وہ دوسری طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس نے اسی کی مانند بات کہی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پھر منہ پھیر لیا پھر وہ سامنے کی طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اس سے لیا اور پھر وہ اسے یوں مارا کہ اگر وہ اسے لگ جاتا' تو اسے زخمی کر دیتا یا اسے تکلیف پہنچاتا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے ایک شخص اپنے تمام مال کی طرف آتا ہے' تاکہ اسے صدقہ کر دے اور پھر خود بیٹھ جاتا ہے' تاکہ لوگوں سے مانگتا پھرے۔ صدقہ وہ ہوتا ہے' جو خوشحالی کے عالم میں کیا جائے تم اپنا مال ہم سے لے لو ہمیں اس کی ضرورت نہیں ہے۔

3372– رجاله ثقات إلا أن فيه تدليس ابن إسحاق . ابن إدريس: هو عبد الله الأودي. وأخرجه أبو داؤد "1674" في الزكاة: باب الرجل يخرج من ماله، وابن خزيمة "2441"، من طريقين عن ابن إدريس، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 1/391، وأبو داؤد "1673"، وأبو يعلى "2084"، والحاكم 1/413، والبيهقي 4/181 من طرق عن ابن إسحاق، به. ولم يصرح ابن إسحاق عنده بالتحديث، ومع ذلك فقد قال الحاكم: صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي.!

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمُتَصَدِّقِ اَنْ يَّضَعَ صَدَقَتَهٗ فِيْ يَدِ السَّائِلِ بِيَدِهٖ

صدقہ کرنے والے کواس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے صدقے کی چیز کواپنے ہاتھ کے ذریعے مانگنے والے کے ہاتھ میں رکھے

3373 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ بُجَيْدٍ، عَنْ جَدَّتِهٖ اُمِّ بُجَيْدٍ،

(متن حدیث): وَكَانَتْ مِمَّنْ بَايَعَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهَا قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمِسْكِيْنَ لَيَقُوْمُ عَلٰى بَابِيْ فَمَا اَجِدُ لَهٗ شَيْئًا اُعْطِيهِ اِيَّاهُ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ لَّمْ تَجِدِیْ لَهٗ شَيْئًا تُعْطِيْنَهٗ اِيَّاهُ اِلَّا ظِلْفًا مُحْرَقًا، فَادْفَعِيْهِ اِلَيْهِ فِيْ يَدِهٖ

❁❁ سیّدہ اُمّ بجید رضی اللہ عنہا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اسلام قبول کرنے والی خواتین میں سے ایک ہیں ان کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بعض اوقات کوئی غریب میرے دروازے پر کھڑا ہوتا ہے مجھے اسے دینے کے لئے کچھ نہیں ملتا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تمہیں کوئی ایسی چیز نہیں ملتی جسے تم اسے دے سکو صرف جلا ہوا پایہ ملتا ہے' تو تم وہ ہی اس کے ہاتھ میں دے دو۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ بِاَنْ لَّا يَرُدَّ السَّائِلَ اِذَا سَاَلَهٗ بِاَيِّ شَيْءٍ حَضَرَهٗ

آدمی کواس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ مانگنے والا شخص جب اس سے کچھ مانگتا ہے تو وہ اسے (کچھ دیئے بغیر) نہ لوٹائے خواہ وہاں موجود کوئی بھی چیز اسے دیدے

3374 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنِ ابْنِ بُجَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ جَدَّتِهٖ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): رُدُّوا السَّائِلَ وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ

3373– إسناده صحيح، عبد الرحمٰن بن بجيد، مختلف في صحبته، روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"، حديثه عند أهل السنن، وجدته أم بجيد، قيل: اسمها حواء . وباقي السند رجاله على شرطهما .وأخرجه أبو داوُد "1667" في الزكاة: باب حق السائل، والترمذي "665" في الزكاة: باب ما جاء في حق السائل، والنسائي 5/86 في الزكاة: باب رد السائل، عن قتيبة بن سعيد، عن الليث، بهٰذا الإسناد، وقال الترمذي: حسن صحيح .وأخرجه أحمد 3/382 –383، والبخاري في "التأريخ الكبير" 5/262، والبيهقي 4/177 من طرق عن الليث، به، وصححه ابن خزيمة "2473"، والحاكم 1/417، ووافقه الذهبي . وأخرجه الطيالسي "1659"، وأحمد 3/382 و383 من طرق عن سعيد المقبري، به.وأخرجه أحمد 6/383، وابن أبي شيبة 3/111، والبخاري في "التاريخ5/262"من طريق منصور بن حيان، ابن بجاد، عن جدته".وقع في المطبوع من ابن أبي شيبة و"تاريخ" البخاري: ابن نجاد عن جدته."والظلف في اللغة: الظفر من ذوي الأظلاف كالغنم والبقر.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُدُّوا السَّائِلَ قَصْدُ زَجْرٍ بِلَفْظِ الْاَمْرِ، يُرِيْدُ بِهٖ لَا تَرُدُّوا السَّائِلَ اِلَّا بِشَيْءٍ وَّلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ

سیّدہ اُمّ بجید انصاریہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''مانگنے والے کو (کچھ دے کر) لوٹاؤ خواہ جلا ہوا پایا ہی دو۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''تم مانگنے والے کو لوٹاؤ'' اس کے ذریعے آپ کا مقصد یہ ہے: لفظی طور پر حکم دیا گیا ہے لیکن اصل مقصود منع کرنا ہے۔ آپ کی مراد یہ ہے: تم مانگنے والے کو کوئی چیز دے کر واپس لوٹاؤ۔ خواہ جلا ہوا پایہ ہی دو۔

3375 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ مُّجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ سَاَلَ بِاللّٰهِ فَاَعْطُوْهُ، وَمَنِ اسْتَعَاذَ بِاللّٰهِ فَاَعِيْذُوْهُ، وَمَنْ دَعَاكُمْ فَاَجِيْبُوْهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اللہ تعالیٰ کے نام پر مانگے اسے کچھ دو اور جو اللہ کے نام پر پناہ مانگے اسے پناہ دو اور جو شخص تمہاری دعوت کرے، تو اسے قبول کرو۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُوْمِ تَرْكِ اسْتِقْلَالِ الصَّدَقَةِ وَسُوْءِ الظَّنِّ بِمُخْرِجِهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ صدقے کو کم سمجھنے کو ترک کرے اور اسے دینے والے کے بارے میں برے گمان سے بچے

3374– هو مكرر ماقبله، وهو في "الموطأ" .2/923 ومن طريق مالك أخرجه أحمد 6/435، والبخاري في "التاريخ الكبير" 5/262، والنسائي 5/81 في الزكاة: باب رد السائل، والطبراني في "الكبير" "555"/24، والبيهقي 4/177، والبغوي ."1673" وأخرجه الطبراني "556"/24 من طريق روح بن القاسم، عن زيد بن أسلم، به .وأخرجه أحمد 6/435، والبخاري في "التأريخ" 5/263، والطبراني "557"/24 و"558" من طريق زيد بن أسلم، عن عمرو بن معاذ، عن جدته.وأخرجه عبد الرزاق "20019" عن زيد بن أسلم، عن رجل من الأنصار، عن أمه.وأخرج مالك في "الموطأ" 2/931،

3375– إسناده صحيح على شرط الصحيح . إبراهيم التيمي: هو إبراهيم بن يزيد، وسيرد الحديث عند المصنف برقم "3408" بأطول مما هنا، من طريق الأعمش، عن مجاهد، عن ابن عمر، وسنخرجه هناك.وله شاهد من حديث ابن عباس رفعه عند أبي داوُد "5108"، وأحمد 1/249– 250، والخطيب 4/258 بلفظ "من استعاذ بالله فأعيذوه، ومن سألكم بوجه الله فأعطوه" وسنده حسن.

3376 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْاَعْمَشُ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِىْ مَسْعُوْدٍ الْبَدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث):كُنَّا نَتَحَامَلُ، فَكَانَ الرَّجُلُ يَجِىءُ بِالصَّدَقَةِ، فَيُقَالُ: هٰذَا مُرَاءٍ، وَيَجِىءُ الرَّجُلُ بِنِصْفِ الصَّاعِ، فَيُقَالُ: اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِىٌّ عَنْ هٰذَا، فَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ: (الَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِى الصَّدَقَاتِ) (التوبة: 79)

حضرت ابومسعود بدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ وزن اٹھایا کرتے تھے پھر کوئی شخص کوئی چیز صدقہ کرنے کے لئے لاتا تھا' تو یہ کہا جاتا تھا اس نے دکھاوے کے طور پر ایسا کیا ہے کوئی شخص نصف صاع لے آتا' تو یہ کہا جاتا اللہ تعالیٰ اس سے بے نیاز ہے' تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

''وہ لوگ جو اہلِ ایمان کے کیے گئے صدقے کے حوالے سے ان پر نکتہ چینی کرتے ہیں''۔

3376– إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو في "مسند الطيالسي" "609"، ومن طريقه أخرجه البيهقي. 4/177 وانظر "3338".

فَصْلُ ذِكْرِ الْخِصَالِ الَّتِى تَقُومُ لِمُعْدِمِ الْمَالِ مَقَامَ الصَّدَقَةِ لِبَاذِلِهَا

فصل: ان چیزوں کا تذکرہ جو اس شخص کے لیے صدقے کے قائم مقام ہو جاتی ہیں جس کے پاس مال نہ ہو

3377 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ اَبِىْ هِلَالٍ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَهْرِىِّ، عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَيْسَ مِنْ نَفْسِ ابْنِ آدَمَ اِلَّا عَلَيْهَا صَدَقَةٌ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ طَلَعَتْ فِيْهِ الشَّمْسُ، قِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمِنْ اَيْنَ لَنَا صَدَقَةٌ نَتَصَدَّقُ بِهَا؟، فَقَالَ: اِنَّ اَبْوَابَ الْخَيْرِ لَكَثِيرَةٌ: التَّسْبِيحُ، وَالتَّحْمِيدُ، وَالتَّكْبِيرُ، وَالتَّهْلِيلُ، وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّهْىُ عَنِ الْمُنْكَرِ، وَتُمِيطُ الْاَذٰى عَنِ الطَّرِيْقِ، وَتُسْمِعُ الْاَصَمَّ، وَتَهْدِى الْاَعْمٰى، وَتُدِلُّ الْمُسْتَدِلَّ عَلٰى حَاجَتِهٖ، وَتَسْعٰى بِشِدَّةِ سَاقَيْكَ مَعَ اللَّهْفَانِ الْمُسْتَغِيثِ، وَتَحْمِلُ بِشِدَّةِ ذِرَاعَيْكَ مَعَ الضَّعِيفِ، فَهٰذَا كُلُّهٗ صَدَقَةٌ مِنْكَ عَلٰى نَفْسِكَ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''انسان کی ہر ایک سانس کے عوض میں اس پر روزانہ صدقہ دینا لازم ہوتا ہے' جس میں سورج نکلتا ہے۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اتنا زیادہ صدقہ دینے کے لئے ہمارے پاس کہاں گنجائش ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بھلائی کے دروازے زیادہ ہیں سبحان اللہ کہنا، الحمد للہ کہنا، اللہ اکبر کہنا، لا الہ الا اللہ پڑھنا، نیکی کا حکم دینا، برائی سے منع کرنا، تکلیف دہ چیز کو راستے سے ہٹا دینا، بہرے شخص کو بات سمجھا دینا، نابینا شخص کی رہنمائی کر دینا، کسی کام کے سلسلے میں رہنمائی مانگنے والے کی رہنمائی کر دینا، اپنی ٹانگوں کی مضبوطی کی وجہ سے مدد مانگنے والے پریشان حال شخص کے لیے کوشش کرنا، اپنے بازوؤں کی مضبوطی کی وجہ سے کمزور شخص کے لئے وزن اٹھا دینا یہ سب تمہاری طرف سے تمہارے نفس کے لئے صدقہ ہیں۔''

3377- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو سعيد مولى المهرى، روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات" وخرج له مسلم فى "صحيحه"، ووثقه الذهبى فى "الكاشف." وأورده السيوطى فى "الجامع الكبير" 2/613 ولم ينسبه لغير ابن حبان.

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ الصَّدَقَةَ لِلْمُسْلِمِ بِالْخِصَالِ الْمَعْرُوْفَةِ، وَاِنْ لَّمْ يُنْفِقْ مِنْ مَالِهِ

اللہ تعالیٰ کا مسلمان شخص کے لیے اچھی عادات کی وجہ سے صدقہ کرنے کا اجر و ثواب نوٹ کرنے کا تذکرہ اگرچہ وہ مسلمان اپنے مال سے کچھ خرچ نہیں کرتا

3378 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ اَبِىْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَالَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''ہر نیکی صدقہ ہے۔''

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الصَّدَقَةَ بِكُلِّ مَعْرُوْفٍ يَفْعَلُهُ قَوْلًا وَفِعْلًا

اللہ تعالیٰ کا ہر نیکی کرنے پر صدقہ کرنے کو نوٹ کرنے کا تذکرہ خواہ وہ آدمی قولی طور پر کرے یا فعلی طور پر کرے

3379 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِىْ، حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مُحَمَّدُ بْنُ مُطَرِّفٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہر نیکی صدقہ ہے۔''

3378– إسناده صحيح على شرط الصحيح . وأخرجه مسلم "1005" في الزكاة: باب بيان أن اسم الصدقة يقع على كل نوع من المعروف، والبيهقي 1/188 من طريق قتيبة بن سعيد، عن أبي عوانة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/383 و 397 و 405، وابن أبي شيبة 8/548، ومسلم "1005"، والبخاري في "الأدب المفرد" "233"، وأبو داؤد "4947" في الأدب: باب في المعونة للمسلم، وأبو الشيخ في "الأمثال" "35"، وأبو نعيم في "الحلية" 7/194 من طرق عن أبي مالك الأشجعي، به.

3379– إسناده صحيح، ورجاله ثقات . وأخرجه البخاري "6021" في الأدب: باب كل معروف صدقة، وفي "الأدب المفرد" "224"، والطبراني في "الصغير" "672"، والبغوي "1642" من طريق علي بن عياش، عن أبي غسان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/344 و 360، وابن أبي شيبة 8/550، والطيالسي "1713"، والترمذي "1970" في البر والصلة: باب ما جاء في طلاقة الوجه وحسن البشر، والقضاعي "88" و "90"، وأبو يعلى "2040"، والحاكم 2/50، والبيهقي 10/242، والدارقطني 3/28، والبغوي "1646" من طرق عن محمد بن المنكدر، به، وبعضهم يزيد فيه على بعض . وأخرجه بنحوه أبو الشيخ في "الأمثال" "36" من طريق إبراهيم بن يزيد، عن عطاء، عن جابر . وسنده ضعيف.

ذِكْرُ تَفَاصِيلِ الْمَعْرُوفِ الَّذِي يَكُوْنُ صَدَقَةَ الْمُسْلِمِ

نیکیوں کی اس تفصیل کا تذکرہ جو مسلمان کے لیے صدقہ کی حیثیت رکھتی ہیں

3380 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ اَخِيهِ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ اَبِي سَلَّامٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ فَرُّوخٍ، اَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ، تَقُوْلُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَلَقَ اللّٰهُ كُلَّ اِنْسَانٍ مِنْ بَنِي آدَمَ عَلٰى سِتِّينَ وَثَلَاثِ مِائَةِ مَفْصِلٍ فَمَنْ كَبَّرَ اللّٰهَ، وَحَمِدَهُ، وَهَلَّلَ اللّٰهَ، وَسَبَّحَ اللّٰهَ، وَاسْتَغْفَرَ اللّٰهَ، وَعَزَلَ عَظْمًا عَنْ طَرِيْقِ النَّاسِ، وَعَزَلَ حَجَرًا عَنْ طَرِيْقِهِمْ، وَاَمَرَ بِمَعْرُوْفٍ، وَنَهٰى عَنْ مُّنْكَرٍ عَدَدَ تِلْكَ السِّتِّينَ وَالثَّلَاثِ مِائَةٍ، فَاِنَّهُ يُمْسِي يَوْمَئِذٍ وَّقَدْ زَحْزَحَ نَفْسَهُ عَنِ النَّارِ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کے تین سو ساٹھ جوڑ بنائے ہیں' تو جو شخص تین سو ساٹھ کی تعداد میں (درج ذیل کام کرتا ہے) وہ اللہ اکبر پڑھتا ہے، الحمد للہ پڑھتا ہے، لا الہ الا اللہ پڑھتا ہے، سبحان اللہ پڑھتا ہے، استغفر اللہ پڑھتا ہے، لوگوں کے راستے سے ہڈی کو ہٹا دیتا ہے، ان کے راستے سے پتھر کو ہٹا دیتا ہے، نیکی کا حکم دیتا ہے اور برائی سے روکتا ہے (وہ یہ سب کام تین سو ساٹھ مرتبہ کر لیتا ہے)' تو وہ شام کے وقت ایسی حالت میں ہوتا ہے' کہ اس نے اپنے آپ کو جہنم سے بچا لیا ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الْاَشْيَاءِ الَّتِي يُكْتَبُ لِمُسْتَعْمِلِهَا بِهَا الصَّدَقَةُ

ان اشیاء کا تذکرہ جن پر عمل کرنے والے شخص کے لیے صدقہ نوٹ کیا جاتا ہے

3381 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّ سُلَامَى مِنَ النَّاسِ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ: كُلَّ يَوْمٍ تَطْلُعُ عَلَيْهِ الشَّمْسُ يَعْدِلُ بَيْنَ اثْنَيْنِ، وَيُعِينُ

3380– إسناده صحيح، محمد بن شعيب روى له أصحاب السنن، ومن فوقه ثقات على شرط مسلم. وأخرجه مسلم "1007" في الزكاة: باب بيان أن اسم الصدقة يقع على كل نوع من المعروف، والبيهقي 4/188 من طريق الربيع بن نافع، عن معاوية بن سلام، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "1007"، والطحاوي في "مشكل الآثار" "97" بتحقيقنا، من طريقين عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سلام، به.

3381– صحيح، ابن أبي السري، وهو محمد بن المتوكل، قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 2/316، والبخاري "2707" في الصلح: باب فضل الإصلاح بين الناس، و "2891" في الجهاد: باب فضل من حمل متاع صاحبه في السفر، و "2989" باب من أخذ بالركاب ونحوه، ومسلم "1009" في الزكاة: باب بيان أن اسم الصدقة يقع على كل نوع من المعروف، والبيهقي 4/187–188، والبغوي "1645" من طرق عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/328 من طريق الحسن، عن أبي هريرة.

الرَّجُلَ فِیْ دَابَّتِهٖ، وَیَحْمِلُهٗ عَلَیْهَا، وَیَرْفَعُ لَهٗ عَلَیْهَا مَتَاعَهٗ، وَیُمِیطُ الْاَذٰی عَنِ الطَّرِیْقِ صَدَقَةٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''انسان کے ہر جوڑ پر صدقہ کرنا لازم ہے ہر اس دن میں جس میں سورج طلوع ہوتا ہے (یعنی روزانہ ایسا کرنا لازم ہے) آدمی کا دو آدمیوں کے درمیان انصاف کروا دینا اور آدمی کا کسی دوسرے شخص کے جانور پر سوار ہونے میں اس کی مدد کرنا اور اس کا وزن اس پر لدوا دینا اور اس کا سامان اس کے لیے اٹھوا دینا اور راستے سے تکلیف دہ چیز کو ہٹا دینا (یہ سب کام) صدقہ ہیں۔''

بَابُ ذِكْرِ الْاِخْبَارِ عَنْ اِبَاحَةِ، تَعْدَادِ النِّعَمِ لِلْمُنْعِمِ عَلَى الْمُنْعَمِ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ یہ بات مباح ہے کہ نعمت عطا کرنے والے ان نعمتوں کی تعداد گنوائی جائے جو آدمی پر دنیا میں کی گئی ہیں

3382 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ دَرَّاجًا حَدَّثَهٗ، عَنْ اَبِی الْهَیْثَمِ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَانِیْ جِبْرِیلُ، فَقَالَ: اِنَّ رَبِّیْ وَرَبَّكَ یَقُوْلُ لَكَ: كَیْفَ رَفَعْتُ ذِكْرَكَ؟، قَالَ: اللّٰهُ اَعْلَمُ، قَالَ: اِذَا ذُكِرْتُ ذُكِرْتَ مَعِیْ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور بتایا میرے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردگار نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ فرمایا ہے میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کو کیسا بلند کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ بہتر جانتا ہے' تو انہوں نے بتایا: (اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:) جب میرا ذکر کیا جائے گا' تو میرے ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی ذکر کیا جائے گا۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنِ الْمَنَّانِ بِمَا اَعْطَى فِيْ ذَاتِ اللّٰهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جس شخص نے اللہ کے نام پر کچھ دیا ہو وہ اگر احسان جتائے تو وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا

3382- إسناده ضعيف، دراج وهو ابن سمعان أبو السمح- في حديثه عن أبي الهيثم وهو سليمان بن عمرو والليثي- ضعف. وأخرجه الطبري في "جامع البيان " 30/235 عن يونس، عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأورده السيوطي في "الدر المنثور " 8/549 وزاد نسبته إلى ابن المنذر أبي حاتم وابن مردويه وأبي نعيم في "الدلائل." ونسبه الهيثمي في "المجمع" 8/254، كذا ابن كثير في "تفسيره" 8/452 إلى أبي يعلى من طريق ابن لهيعة عن دراج.

3383 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَلَدُ زِنْيَةٍ، وَلَا مَنَّانٌ، وَلَا عَاقٌّ، وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: مَعْنٰى نَفْيِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَلَدِ الزِّنْيَةِ دُخُوْلَ الْجَنَّةِ، وَوَلَدُ الزِّنْيَةِ لَيْسَ عَلَيْهِمْ مِنْ اَوْزَارِ آبَائِهِمْ وَاُمَّهَاتِهِمْ شَيْءٌ، اَنَّ وَلَدَ الزِّنْيَةِ عَلَى الْاَغْلَبِ يَكُوْنُ اَجْسَرَ عَلٰى ارْتِكَابِ الْمَزْجُوْرَاتِ، اَرَادَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ وَلَدَ الزِّنْيَةِ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ جُنَّةً يَدْخُلُهَا غَيْرُ ذِي الزِّنْيَةِ مِمَّنْ لَّمْ تَكْثُرْ جَسَارَتُهٗ عَلَى ارْتِكَابِ الْمَزْجُوْرَاتِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والا بچہ، احسان جتانے والا شخص، (والدین کا) نافرمان، باقاعدگی سے شراب پینے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوں گے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کے جنت میں داخل ہونے کی نفی کرنا، حالانکہ زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے پر اس کے ماں باپ کے گناہ کا بوجھ نہیں ہونا چاہئے۔ اس کا مفہوم یہ ہے: زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے عام طور پر ممنوعہ چیزوں کا زیادہ ارتکاب کرتے ہیں۔ اس لئے اس کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہوگی کہ زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والا بچہ جنت کے اس حصے میں داخل نہیں ہوگا جہاں وہ لوگ داخل ہوں گے جو زنا کے نتیجے میں پیدا نہیں ہوئے تھے۔ اور ممنوعہ کاموں کا زیادہ ارتکاب نہیں کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّ هٰذَا الْاِسْنَادَ مُنْقَطِعٌ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ) اس بات کا قائل ہے کہ اس کی سند منقطع ہے

3384 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ،

3383- إسناده ضعيف لجهالة جابان، قال ابن خريمة في "التوحيد": جابان مجهول، وقال الإمام الذهبي: لا يدرى من هو. وأخرجه أحمد 2/203، والدارمي 2/112، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 6/283، وابن خريمة في "التوحيد" ص 365 و 366 من طريق سفيان، والطحاوي في "مشكل الآثار" "914" بتحقيقنا، من طريق شيبان، وابن خريمة ص 366 من طريق جرير، وأحمد 2/246 من طريق همام، أربعتهم عن منصور، بهذا الأسناد. وأخرجه أبو نعيم في "في الحلية" 3/309، والخطيب في "تأريخه" 12/239 من طريق مؤمل "وهو سيء الحفظ" عن سفيان، عن عبد الكريم، عن مجاهد.

3384- إسناده ضعيف. وأخرجه أحمد 2/201، والدارمي 2/112، والبخاري في "التأريخ الصغير" 1/262-263، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 366 من طرق عن شعبة، عن منصور، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "2295" عن شعبة، به، إلا أنه قال "شميط بن نبيط"، وزاد في المتن "ولا ولد زنية." وقال البخاري في "التأريخ الكبير" 2/257 .

عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ نُبَیْطِ بْنِ شَرِیطٍ، عَنْ جَابَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَاقٌّ، وَلَا مَنَّانٌ، وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اخْتَلَفَ شُعْبَةُ، وَالثَّوْرِیُّ فِیْ اِسْنَادِ هٰذَا الْخَبَرِ، فَقَالَ الثَّوْرِیُّ: عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابَانَ، وَهُمَا ثِقَتَانِ حَافِظَانِ اِلَّا اَنَّ الثَّوْرِیَّ كَانَ اَعْلَمَ بِحَدِیثِ اَهْلِ بَلَدِهٖ مِنْ شُعْبَةَ، وَاَحْفَظُ لَهَا مِنْهُ، وَلَا سِیَّمَا حَدِیثَ الْاَعْمَشِ، وَاَبِیْ اِسْحَاقَ، وَمَنْصُورٍ، فَالْخَبَرُ مُتَّصِلٌ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابَانَ، فَمَرَّةً رُوِیَ كَمَا قَالَ شُعْبَةُ، وَاُخْرَی كَمَا قَالَ سُفْیَانُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''(والدین کا) نافرمان شخص، احسان جتلانے والا شخص اور باقاعدگی سے شراب پینے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوں گے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): شعبہ اور ثوری نے اس روایت کی سند میں اختلاف کیا ہے ثوری یہ کہتے ہیں یہ سالم کے حوالے سے جابان کے حوالے سے منقول ہے اور یہ دونوں ثقہ اور حافظ ہیں۔ البتہ ثوری اپنے شہر کے افراد کی احادیث کے بارے میں شعبہ سے زیادہ علم رکھتے ہیں اور ان روایات کے بارے میں شعبہ سے زیادہ بڑے حافظ ہیں۔ بطور خاص وہ روایات جو اعمش، ابواسحاق اور منصور سے منقول ہیں۔ اس لئے سالم کے حوالے سے جابان سے منقول یہ روایت متصل ہوگی تو ایک مرتبہ انہوں نے اسے اس طرح روایت کردیا جس طرح شعبہ نے بیان کیا ہے اور ایک مرتبہ اس طرح روایت کردیا جس طرح سفیان نے بیان کیا ہے۔

بَابُ الْمَسْاَلَةِ وَالْاَخْذِ وَمَا یَتَعَلَّقُ بِهٖ مِنَ الْمُكَافَاةِ وَالثَّنَاءِ وَالشُّكْرِ

باب: مانگنے اور لینے اور اس سے متعلق دیگر امور کا تذکرہ جس میں بدلہ دینا تعریف کرنا اور شکریہ ادا کرنا (وغیرہ شامل ہیں)

3385 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ یَحْیٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مُعَاوِیَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِیعَةَ بْنِ یَزِیدَ، عَنْ اَبِیْ اِدْرِیسَ الْخَوْلَانِیِّ، عَنْ عَوْفِ

3385- إسناده صحيح على شرط مسلم أبو إدريس الخولاني. هو عائذ الله بن عبد الله. وأخرجه الطبراني في " الكبير " 18/ (68) من طريق عبد الله بن صالح، عن معاوية بن صالح، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (1043) في الزكاة: كراهة المسألة للناس، وأبو داوُد (1642) في الزكاة: باب كراهة المسألة، والنسائي 1/229 في الصلاة باب البيعة على الصلوات الخمس، وابن ماجه (2867) في الجهاد باب البيعة، والطبراني 18/ (67) من طرق عن سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِیْ اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِیْ مسلم الخولاني، عن عوف بن مالك (فأبو إدريس سمعه من عوف بن مالك مباشرة وبواسطة أبي مسلم الخولاني). وأخرجه بأخصر مما هنا أحمد 6/27، والطبراني 18/ (130) من طريق ابن لهيعة، عن يزيد بن أبي حبيب، عن ربيعة بن لقيط عن عوف بن مالك

بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَصْحَابِهٖ: اَلَا تُبَايِعُوْنِي؟، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ بَايَعْنَاكَ مَرَّةً، فَعَلٰى مَاذَا نُبَايِعُكَ؟، قَالَ: تُبَايِعُوْنِيْ عَلٰى اَنْ لَّا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَاَنْ تُقِيْمُوا الصَّلَاةَ، وَتُؤْتُوا الزَّكَاةَ، ثُمَّ اَتْبَعَ ذٰلِكَ كَلِمَةً خَفِيْفَةً عَلٰى اَنْ لَّا تَسْاَلُوا النَّاسَ شَيْئًا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَنْ لَّا تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ شَيْئًا، اَرَادَ بِهِ الْاَمْرَ بِتَرْكِ الشِّرْكِ، وَكَذٰلِكَ قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلٰى اَنْ لَّا تَسْاَلُوا النَّاسَ شَيْئًا اَرَادَ بِهِ الْاَمْرَ بِتَرْكِ الْمَسْاَلَةِ

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: کیا تم لوگ میری بیعت نہیں کرو گے؟ تو لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کر چکے ہیں ہم کس بات پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس بات پر میری بیعت کرو کہ تم کسی کو اللہ کا شریک نہیں ٹھہراؤ گے، تم نماز قائم کرو گے اور زکوٰۃ ادا کرو گے اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پست آواز میں یہ الفاظ کہے:

''اور اس بات پر کہ تم لوگوں سے کچھ مانگو گے نہیں۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اس بات پر کہ تم اللہ تعالیٰ کا شریک نہیں ٹھہراؤ گے''۔ اس سے آپ کی مراد شرک نہ کرنے کا حکم دینا ہے۔ اسی طرح کا یہ فرمان: ''اس بات پر کہ تم لوگوں سے کچھ نہیں مانگو گے''۔ اس سے آپ کی مراد نہ مانگنے کا حکم دینا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِتَرْكِ الْمَسْاَلَةِ بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ الَّذِيْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهٗ اِنَّمَا هُوَ اَمْرُ نَدْبٍ لَا حَتْمٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کو نہ مانگنے کا حکم ہے جو عمومی الفاظ کے ہمراہ منقول ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں تاہم یہ حکم استحباب کے طور پر ہے لازمی طور پر نہیں ہے

3386 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ الطَّائِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لَهُ الْحَجَّاجُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْاَلَنِيْ؟، فَقَالَ: ، قَالَ سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذِهِ الْمَسْاَلَةَ كَدٌّ يَكُدُّ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهٗ، فَمَنْ شَاءَ اَبْقٰى عَلٰى وَجْهِهٖ، وَمَنْ شَاءَ تَرَكَ، اِلَّا اَنْ يَّسْاَلَ ذَا سُلْطَانٍ اَوْ يَنْزِلَ بِهٖ اَمْرٌ لَا يَجِدُ مِنْهُ بُدًّا

✿✿ زید بن عقبہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ حجاج نے ان سے کہا: کیا وجہ ہے کہ آپ مجھ سے کچھ مانگتے نہیں ہیں' تو انہوں نے بتایا: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''یہ مانگنا ایک خراش ڈالنا ہے' جو آدمی اپنے چہرے پر ڈال لیتا ہے' تو جو شخص چاہے وہ اسے اپنے چہرے پر باقی رہنے دے جو شخص چاہے وہ ایسا نہ کرے مگر یہ کہ جو شخص حاکم وقت (یا متعلقہ سرکاری اہل کار) سے مانگے یا وہ شخص جسے کوئی ایسی صورت حال پیش ہو کہ مانگنا اس کی مجبوری ہو۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ فَتْحِ الْمَرْءِ عَلٰى نَفْسِهٖ بَابَ الْمَسْاَلَةِ بَعْدَ اَنْ اَغْنَاهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَنْهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اپنی ذات کے لیے (مانگنے کا دروازہ) کھولے اس کے بعد کہ اللہ تعالیٰ نے اسے مانگنے سے بے نیاز کر دیا ہو

3387 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا يُفْتَحُ اِنْسَانٌ عَلٰى نَفْسِهٖ بَابَ مَسْاَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ، لَاَنْ يَّعْمِدَ الرَّجُلُ حَبْلًا اِلٰى جَبَلٍ فَيَحْتَطِبَ عَلٰى ظَهْرِهٖ، وَيَاْكُلَ مِنْهُ خَيْرٌ مِنْ اَنْ يَّسْاَلَ النَّاسَ مُعْطًى اَوْ مَمْنُوْعًا

✿✿ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مانگنے کا دروازہ جب بھی آدمی اپنے لیے کھولتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتا ہے آدمی ایک رسی لے کر

3386- إسناده صحيح . وأخرجه ابن أبي شيبة 3/208، والترمذي (681) في الزكاة: باب ما جاء في النهي عن المسألة، والنسائي 5/100 في الزكاة: باب مسألة الرجل في أمر لا بد له منه، والطبراني (6766) و (6768) و (6769) و (6770) و (6771) و (6772)، والبغوي (1624) من طرق عن عبد الملك بن عمير، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/10 عن حسن بن موسى، عن شيبان عبد الرحمٰن، عن عبد الملك بن عمير، وانظر الحديث (3397) 3388 .- إسناده صحيح على شرط مسلم وأخرجه أحمد 2/418 عن قتيبة بن سعيد، عن عبد العزيز بن محمد، بهٰذا الإسناد. وأخرجه من قوله " لأن يعمد ... " مالك 2/998-999، ومن طريقه البخاري (1470) في الزكاة: باب الاستعفاف عن المسألة، والنسائي 5/96 في الزكاة: باب الاستعفاف عن المسألة، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هريرة وأخرجه أحمد 2/243، والحميدي (1057) عن سفيان، عن أبي الزناد به. وأخرجه أحمد 2/257 و395 و475 و496 و513، والحميدي (1056) و (1058)، وابن أبي شيبة 3/209، والبخاري (1480) في الزكاة. باب قول الله تعالى. (لَا يَسْاَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا)، و (2074) في البيوع باب كسب الرجل وعمله بيده، و (2374) في المساقاة: باب بيع الحطب والكلأ، ومسلم (1042) في الزكاة: باب كراهة المسألة للناس والترمذي (680) في الزكاة. باب ما جاء في النهي عن المسألة، والبيهقي 4/195، والبغوي (1615) من طرق عن أبي هريرة. وأخرج القسم الأول منه أحمد 2/436 من طريق ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هريرة. وأخرجه أحمد 1/193 من حديث عبد الرحمٰن بن عوف، وفيه راوٍ لم يسمَّ.

اس کے ذریعے لکڑیوں کا گٹھا بنا کر اپنی پشت پر رکھ کر (اسے بازار میں جا کر فروخت کر کے) اس کو کھائے یہ اس کے لیے اس سے زیادہ بہتر ہے کہ وہ لوگوں سے مانگے اور اسے کچھ دیا جائے یا نہ دیا جائے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مُّجَانَبَةِ الْإِكْثَارِ مِنَ السُّؤَالِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات ضروری ہے کہ وہ بکثرت مانگنے سے اجتناب کرے

3388 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ يَرْضَى لَكُمْ ثَلَاثًا، وَيَسْخَطُ لَكُمْ ثَلَاثًا، يَرْضَى لَكُمْ اَنْ تَعْبُدُوهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَاَنْ تَعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا، وَاَنْ تَنَاصَحُوا مَنْ وَلَّاهُ اللّٰهُ اَمْرَكُمْ، وَيَسْخَطُ لَكُمْ قِيلَ، وَقَالَ: وَاِضَاعَةَ الْمَالِ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ تمہارے لیے تین باتوں سے راضی ہے اور تمہارے لیے تین باتوں کو ناپسند کرتا ہے تمہارے لیے اس بات سے راضی ہے کہ تم اس کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ اور تم سب اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور تم سب لوگ اس (حکمران) کی خیر خواہی کرو جسے اللہ تعالیٰ نے تمہارے امور کا نگران بنایا ہے اور وہ تمہارے لیے ان باتوں کو ناپسند کرتا ہے کہ قیل وقال کرنا، مال کو ضائع کرنا اور بکثرت مانگنا۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْاِلْحَافِ فِي الْمَسْاَلَةِ، وَاِنْ كَانَ الْمَرْءُ مُضْطَرًّا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ مانگتے ہوئے ساتھ لپٹ جایا جائے اگرچہ آدمی انتہائی مجبور ہو

3389 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبَانَ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ دِينَارٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَخِيهِ، سَمِعَهُ مِنْ مُّعَاوِيَةَ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تُلْحِفُوا فِي الْمَسْاَلَةِ، فَوَاللّٰهِ لَا يَسْاَلُنِي اَحَدٌ مِنْكُمْ شَيْئًا فَتُخْرِجَ لَهُ مَسْاَلَتُهُ مِنِّي شَيْئًا، وَاَنَا لَهُ كَارِهٌ، فَيُبَارَكُ لَهُ فِيهِ

3389- إسناده صحيح على شرطهما وهو في " الموطأ " .2/990 ومن طريق مالكأخرجه البخاري في " الأدب المفرد " (442) والبغوي (101) وأخرجه أحمد 2/327 و360 و367، ومسلم (1715) في الأقضية: باب النهي عن كثرة المسائل من غير حاجة، من طرق عن سهيل بن أبي صالح، بهذا الإسناد. وسيرد الحديث عبد المصنف لرقم (5700) من طريق سعيد المقبري عن أبي هريرة.

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مانگتے ہوئے چمٹ نہ جایا کرو اللہ کی قسم! تم میں سے جو شخص جو بھی چیز مانگتا ہے اور اس کے مانگنے کی وجہ سے میں نا پسندیدگی کے عالم میں وہ چیز اسے دے دیتا ہوں' تو اس کے لیے اس میں برکت نہیں رکھی جائے گی۔''

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي بِهِ يَصِيرُ السَّائِلُ مُلْحِفًا

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے مانگنے والا شخص لپٹ جانے والا شمار ہوتا ہے

3390 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الرِّجَالِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): مَنْ سَاَلَ وَلَهُ اُوقِيَّةٌ فَهُوَ مُلْحِفٌ، قَالَ: قُلْتُ: الْيَاقُوتَةُ نَاقَتِي خَيْرٌ مِنْ اُوقِيَّةٍ، قَالَ: وَالْاُوقِيَّةُ اَرْبَعُونَ دِرْهَمًا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص (دوسرے سے کچھ) مانگے' حالانکہ اس کے پاس ایک اوقیہ (چاندی) موجود ہو' تو وہ شخص لپٹ کر سوال کرنے والا ہے۔''

راوی کہتے ہیں: میں نے سوچا میری اونٹنی یاقوتہ تو ایک اوقیہ سے زیادہ بہتر ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ سُؤَالِ الْمَرْءِ يُرِيدُ التَّكْثِيرَ دُونَ الِاسْتِغْنَاءِ وَالتَّقَوُّتِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اس لیے مانگے کہ (اپنے مال میں) اضافہ کرلے (اس لیے نہ مانگے) کہ وہ اپنی ضرورت کو پورا کرے یا اپنی خوراک حاصل کرے

3391 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ السَّكَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

3390– صحيح. أحمد بن أبان القرشي ذكره المؤلف في " الثقات " 8/32 فقال: من ولد خالد بن أسيد، من أهل البصرة روى عن سفيان بن عيينة، حدثنا عنه ابن قحطبة، وغيره، ومن فوقه ثقات على شرطهما أخو وهب. هو همام. وأخرجه أحمد 4/98، والدارمي 1/387، والحميدي (604)، ومسلم (1038) في الزكاة: باب النهي عن المسألة، والنسائي 5/97–98 في الزكاة: باب الإلحاف في المسألة، والطبراني في " الكبير " 19/ (808)، وأبو نعيم في " الحلية " 4/80–81 من طريق سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وأخرجه الخطيب في " تاريخه " 14/276 من طريق ابن جريج، عن عمرو بن دينار، به.

(متن حدیث): مَنْ سَاَلَ النَّاسَ لِیُثْرِیَ مَالَهٗ فَاِنَّمَا هُوَ رَضْفٌ مِنَ النَّارِ یَتَلَهَّبُهٗ، مَنْ شَاءَ فَلْیُقِلَّ، وَمَنْ شَاءَ فَلْیُکْثِرْ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص لوگوں سے اس لیے مانگتا ہے تاکہ اس کے ذریعے اپنے مال میں اضافہ کرے' تو وہ جہنم کے انگارے جمع کر رہا ہے اب جو چاہے وہ تھوڑے اکٹھے کرے جو چاہے وہ زیادہ اکٹھے کر لے۔''

ذِکْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ یَّسْاَلَ الْمُسْتَغْنِیْ اَحَدًا شَیْئًا مِنْ حُطَامِ هٰذِهِ الدُّنْیَا الْفَانِیَةِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ کوئی غیر ضرورت مند شخص کسی سے کوئی ایسی چیز مانگے جس کا تعلق اس فنا ہونے والی دنیا کے ساز و سامان سے ہو

3392 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْیَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی، عَنْ اِسْرَائِیْلَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ الرَّجُلَ یَاْتِیْنِیْ مِنْکُمْ لَیَسْاَلُنِیْ فَاُعْطِیْهِ، فَیَنْطَلِقُ وَمَا یَحْمِلُ فِیْ حِضْنِهٖ اِلَّا النَّارَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایک شخص میرے پاس آتا ہے اور مجھ سے کچھ مانگتا ہے' تو میں اسے دے دیتا ہوں وہ چلا جاتا ہے' حالانکہ اس نے اپنے دامن میں صرف آگ کو اٹھایا ہوتا ہے۔''

ذِکْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِصِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا الْخَبَرَ الَّذِیْ تَقَدَّمَ ذِکْرُنَا لَهٗ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ ہم نے اس روایت کی

3391- إسناده قوى. وأخرجه أحمد 3/7 و 9، وأبو داؤد (1628) فى الزكاة: باب من يعطى من الصدقة وحدّ الغنى، والنسائى 5/98 فى الزكاة: باب مَن الملحف؟ وابن خزيمة (2447) من طرق عن عبد الرحمٰن بن أبى الرجال، بهٰذا الإسناد .وفى الباب عند أحمد 4/36 عن وكيع، حدثنا سفيان، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عن رجل من بنى أسد قَالَ. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ "من سأل وله أوقية أو عدلها، فقد سأل إلحافًا " وهٰذا سند صحيح رجاله رجال الشيخين غير صحابيه الرجل من بنى أسيد. وأخرجه مالك 2/999، ومن طريقه أبو داؤد (1627)، والنسائى 5/98 عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَوعن ابن عمر عند أبى يعلى كما فى " المجمع " .3/95وعن عبد الله بن عمرو عند النسائى 5/98.

3392- إسناده ضعيف، يحيى بن السكن ضعفه صالح جزرة، وقال ابوحاتم. ليس بالقوى، وباقى السند رجاله ثقات. وأورده السيوطى فى " الجامع الكبير " 2/782 وزاد نسبته إلى ابن شاهين وتمام والضياء .وأخرجه ابن أبى شيبة 3/209 عن أبى معاوية، عن داؤد عن الشعبى قال: قال عمر، فذكره موقوفًا عليه. وفى انقطاع، فإن الشعبى لم يدرك عمر.

جو تاویل بیان کی ہے وہ صحیح ہے جو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3393 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِىْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): وَمَنْ سَاَلَ النَّاسَ مِنْ اَمْوَالِهِمْ فَاِنَّمَا يَسْاَلُ جَمْرًا، فَلْيَسْتَقِلَّ مِنْهُمْ اَوْ لِيَسْتَكْثِرْ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو لوگوں سے ان کے مال میں سے مانگتا ہے وہ انگارہ مانگتا ہے اب اس کی مرضی ہے کہ وہ تھوڑا مانگے یا زیادہ مانگے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَسْاَلَةَ الْمُسْتَغْنِىْ بِمَا عِنْدَهُ اِنَّمَا هِىَ الِاسْتِكْثَارُ مِنْ جَمْرِ جَهَنَّمَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جس شخص کو مانگنے کی ضرورت نہ ہو وہ آ کر مانگتا ہے تو وہ جہنم کے انگارے زیادہ کرتا ہے ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

3394 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمٍ الْبِرْتِىُّ، بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ الْمَدِيْنِىِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنَ جَابِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبُوْ كَبْشَةَ السَّلُوْلِىُّ، اَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ الْحَنْظَلِيَّةِ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَّ الْاَقْرَعَ وَعُيَيْنَةَ سَاَلَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا، فَاَمَرَ مُعَاوِيَةَ اَنْ يَّكْتُبَ بِهٖ لَهُمَا، وَخَتَمَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَمَرَ بِدَفْعِهٖ اِلَيْهِمَا، فَاَمَّا عُيَيْنَةُ فَقَالَ: مَا فِيْهِ؟، فَقَالَ: فِيْهِ الَّذِىْ اُمِرْتَ بِهٖ، فَقَبَّلَهُ وَعَقَدَهُ فِىْ عِمَامَتِهٖ، وَكَانَ اَحْلَمَ الرَّجُلَيْنِ، وَاَمَّا الْاَقْرَعُ فَقَالَ: اَحْمِلُ صَحِيْفَةً لَا اَدْرِىْ مَا فِيْهَا كَصَحِيْفَةِ الْمُتَلَمِّسِ، فَاَخْبَرَ مُعَاوِيَةُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهِمَا، وَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ حَاجَتِهٖ، فَمَرَّ بِبَعِيْرٍ مُنَاخٍ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ فِىْ اَوَّلِ النَّهَارِ، ثُمَّ مَرَّ بِهٖ فِىْ اٰخِرِ النَّهَارِ، وَهُوَ فِىْ مَكَانِهٖ، فَقَالَ: اَيْنَ صَاحِبُ هٰذَا الْبَعِيْرِ، فَابْتُغِىَ فَلَمْ يُوْجَدْ، فَقَالَ: اتَّقُوا اللّٰهَ فِىْ هٰذِهِ الْبَهَائِمِ،

3393– إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه عبد بن حميد (1113) عن عبيد الله بن موسى بهذا الإسناد وأورده السيوطي في " الجامع الكبير " 1/196 وزاد نسبته إلى الشاشي والضياء .

3394– إسناده صحيح على شرطهما. ابْنُ فُضَيْلٍ: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غزوان . وهو في " مصنف ابن أبي شيبة " 3/208–209، وعنه ابن ماجه (1838) في الزكاة باب من سأل الناس عن ظهر غني . وأخرجه أحمد 2/231، ومسلم (1041) في الزكاة باب كراهة المسألة للناس، والقضاعي في " الشهاب " (525)، والبيهقي 4/196 من طرق عن ابن فضيل، بهذا الإسناد.

ارْكَبُوْهَا صِحَاحًا، وَكُلُوهَا سِمَانًا، كَالْمُتَسَخِّطِ آنِفًا، اِنَّهُ مَنْ سَالَ شَيْئًا وَعِنْدَهُ مَا يُغْنِيهِ فَاِنَّمَا يَسْتَكْثِرُ مِنْ جَمْرِ جَهَنَّمَ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا يُغْنِيهِ؟، قَالَ: مَا يُغَدِّيهِ، اَوْ يُعَشِّيهِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُغَدِّيهِ، اَوْ يُعَشِّيهِ، اَرَادَ بِهٖ عَلٰى دَائِمِ الْاَوْقَاتِ حَتّٰى يَكُوْنَ مُسْتَغْنِيًا بِمَا عِنْدَهُ، اَلَا تَرَاهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِىْ خَبَرِ اَبِىْ هُرَيْرَةَ: لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ، وَلَا لِذِىْ مِرَّةٍ سَوِيٍّ فَجَعَلَ الْحَدَّ الَّذِىْ تَحْرُمُ الصَّدَقَةُ عَلَيْهِ بِهٖ هُوَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ، وَبِيَقِينٍ نَعْلَمُ اَنَّ وَاجِدَ الْغَدَاءِ اَوِ الْعِشَاءِ لَيْسَ مِمَّنِ اسْتَغْنٰى عَنْ غَيْرِهٖ حَتّٰى تَحْرُمَ عَلَيْهِ الصَّدَقَةُ، عَلٰى اَنَّ الْخِطَابَ وَرَدَ فِىْ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ، وَالْمُرَادُ مِنْهُ صَدَقَةُ الْفَرِيضَةِ دُوْنَ التَّطَوُّعِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَانِ خَبَرَانِ قَدْ يُوْهِمَانِ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّهُمَا مُتَضَادَّانِ وَلَيْسَ كَذٰلِكَ، لِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ جَعَلَ اللَّيْلَ بَيْنَ بِلَالٍ، وَبَيْنَ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ نَوْبًا، فَكَانَ بِلَالٌ يُؤَذِّنُ بِاللَّيْلِ لَيَالِيَ مَعْلُوْمَةً لِيُنَبِّهَ النَّائِمَ وَيَرْجِعَ الْقَائِمُ، لَا لِصَلَاةِ الْفَجْرِ، وَيُؤَذِّنُ ابْنُ اُمِّ مَكْتُومٍ فِيْ تِلْكَ اللَّيَالِي بَعْدَ انْفِجَارِ الصُّبْحِ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ، فَاِذَا جَائَتْ نَوْبَةُ ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ كَانَ يُؤَذِّنُ بِاللَّيْلِ لَيَالِيَ مَعْلُوْمَةً كَمَا وَصَفْنَا قَبْلُ، وَيُؤَذِّنُ بِلَالٌ فِيْ تِلْكَ اللَّيَالِي بَعْدَ انْفِجَارِ الصُّبْحِ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ، مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُوْنَ بَيْنَ الْخَبَرَيْنِ تَضَادٌّ اَوْ تَهَاتُرٌ

❀❀ سیّدہ انیسہ بنت خبیب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب ابن اُمّ مکتوم اذان دے' تو تم لوگ کھاتے پیتے رہو اور جب بلال اذان دے' تو تم کچھ کھاؤ پیو نہیں''۔

وہ خاتون بیان کرتی ہیں: بعض اوقات ہم میں سے کسی عورت کی سحری میں سے کچھ باقی ہوتا تھا' تو وہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہتی تھی ابھی آپ ٹھہر جائیں میں پہلے سحری کر کے فارغ ہو جاؤں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): یہ دونوں روایات اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کرتی ہیں جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا اور وہ یہ سمجھتا ہے کہ یہ دونوں ایک دوسرے کے متضاد ہیں' حالانکہ ایسا نہیں ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح صادق سے پہلے اذان دینے کی باری حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن اُمّ مکتوم رضی اللہ عنہ میں باری' باری رکھی تھی تو کچھ متعین راتوں میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ صبح صادق ہونے سے پہلے اذان دے دیتے تھے تاکہ سویا ہوا شخص بیدار ہو جائے اور نوافل پڑھنے والا شخص (سحری کرنے کے لئے) واپس چلا جائے۔ وہ فجر کی نماز کے لئے اذان نہیں دیتے تھے اور ان راتوں میں حضرت ابن اُمّ مکتوم رضی اللہ عنہ صبح کی نماز کے لئے صبح

3474– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أن أنيسة رضى الله عنها، ما روى لها غير النسائى . وأخرجه أحمد 6/433، والنسائى 2/10 11 فى الأذان: باب هل جميعًا أو فرادى، وابن خزيمة "404" وتحرف فيه "هشيم" إلى "هشام"، والطحاوى 1/138، والطبرانى فى "الكبير" /24 "482" من طريق هشيم، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسى "1661"، وأحمد 6/433، وابن خزيمة "405"، والطحاوى 1/138، والطبرانى "480"/24 و"481"، والبيهقى 1/382 من طريق شعبة، عن خبيب، به.

صادق ہو جانے کے بعد اذان دیا کرتے تھے اور جب حضرت ابن اُمِّ مکتوم رضی اللہ عنہ کی باری آتی تھی تو وہ متعین راتوں میں صبح صادق ہونے سے پہلے ہی اذان دے دیتے تھے جس کا ذکر ہم اس سے پہلے کر چکے ہیں اور ان راتوں میں حضرت بلال رضی اللہ عنہ صبح صادق ہونے کے بعد صبح کی نماز کے لئے اذان دیا کرتے تھے اس صورت میں ان دونوں روایات کے درمیان کوئی تضاد اور اختلاف نہیں رہے گا۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِمَنْ اَرَادَ الصِّيَامَ اَنْ يَّجْعَلَ سَحُوْرَهٗ تَمْرًا

جو شخص روزہ رکھنے کا ارادہ کرتا ہے اس کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنی سحری میں کھجوریں کھائے

3475 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِى الْوَزِيْرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسَى الْمَدَنِیُّ، عَنِ الْمَقْبُرِیِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): نِعْمَ سَحُوْرُ الْمُؤْمِنِ التَّمْرُ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مومن کی بہترین سحری کھجور ہے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالِاقْتِصَارِ عَلٰى شَرْبِ الْمَاءِ لِمَنْ اَرَادَ السَّحُوْرَ

جو شخص سحری کرنے کا ارادہ کرتا ہے اسے پانی پینے پر اکتفاء کرنے کا حکم ہونا

3476 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ رَاشِدٍ الْاٰدَمِیُّ،

3475– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين. إبراهيم بن أبى الوزير: هو ابن عمر ابن أبى الوزير، أبو إسحاق، وأخطأ الشيخ ناصر فى "صحيحته" "562" فظن ابن أبى الوزير الذى جاء فى "سنن البيهقى" هو إبراهيم الذى فى ابن حبان، مع أن البيهقى كنى ابن أبى الوزير بأبى المطرف، وهى كنية محمد أخى إبراهيم، وجاء التصريح باسمه وكنيته فى رواية أبى داوُد، والتى نفى الشيخ وجودها، ووهم الحافظ المنذرى والخطيب التبريزى فى عزوهما إليه. وأخرجه أبو داوُد "2345" فى الصيام: باب من سمى السحور الغداء، والبيهقى 4/236 237 من طريقين عن محمد بن أبى الوزير، عن محمد بن موسى، بهٰذا الإسناد. ومحمد بن أبى الوزير ثقة.وفى الباب عن جابر عند البزار "978"، وأبى نعيم فى "الحلية" 3/350.

3476– إسناده حسن. إبراهيم بن راشد الأدمى، أورده المؤلف فى "الثقات" 8/84 وقال: كان من جلساء يحيى بن معين، وابن أبى حاتم 2/99 وقال: كتبنا عنه ببغداد، وهو صدوق، وعمران القطان: هو عمران بن داور القطان البصرى، قال الحافظ فى "التقريب": صدوق يهم.وأورده السيوطى فى "الجامع الكبير" 2/471 ولم يعزه إلا لابن جبان. وفى الباب عن انس عند أبى يعلى "3340". وعن أبى سعيد عند أحمد 3/12 و44 ولفظه "السحور أكله بركه، فلا تدعوه ولو أن يجرع أحدكم جرعة من ماء، فإن الله وملائكته يصلون على المتسحرين."

قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ وَسَّاجٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):تَسَحَّرُوا وَلَوْ بِجَرْعَةٍ مِنْ مَاءٍ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"تم لوگ سحری کرو خواہ پانی کا ایک گھونٹ (پی لو)"

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجَلِهَا اُمِرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے یہ حکم دیا گیا

3477 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ مُّوسَى بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِيْ، عَنْ اَبِيْ قَيْسٍ، مَوْلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):فَصْلُ مَا بَيْنَ صِيَامِنَا وَصِيَامِ اَهْلِ الْكِتَابِ اَكْلَةُ السَّحُوْرِ

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"ہمارے روزہ رکھنے اور اہل کتاب کے روزہ کے درمیان فرق سحری کو کھانا ہے"۔

3477– إسناده صحيح على شرط مسلم. عبد الله: هو ابن المبارك. وأخرجه أبو داوٗد "2343" في الصوم: باب في توكيد السحور، ابن خزيمة "1940" من طريقين عن ابن المبارك، بهٰذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "7602"، وابن أبي شيبة 3/8، وأحمد 4/202، والدارمي 2/6، ومسلم "1096" في الصيام: باب فضل السحور وتأكيد استحبابه، والترمذي "709" في الصيام: باب ما جاء في فضل السحور، والنسائي 4/46 في الصيام: باب فضل ما بين صيامنا وصيام أهل الكتاب، وابن خزيمة "1940"، والبغوي "1729" من طرق عن موسى بن علي، به.

بَابَ آدَابِ الصَّوْمِ

باب: روزے کے آداب کا بیان

3478 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ يَزِيْدَ، مَوْلٰى سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ: (وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ) (البقرة: 184)، كَانَ مِنْ اَرَادَ مِنَّا اَنْ يُفْطِرَ اَفْطَرَ وَافْتَدٰى حَتّٰى نَزَلَتِ الْاٰيَةُ الَّتِيْ بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی۔

''اور جو لوگ روزہ رکھنے کی طاقت نہیں رکھتے ان پر فدیہ دینا لازم ہے' جو مسکین کو کھانا کھلانا ہوگا''۔

تو ہم میں سے جس شخص نے روزہ نہ رکھنا ہوتا تھا وہ روزہ چھوڑ دیتا تھا اور فدیہ دے دیتا تھا' یہاں تک کہ اس کے بعد والی آیت نازل ہوگئی اور اس نے اسے منسوخ کر دیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَقَلَّ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ اجْتِنَابُهٗ فِيْ صَوْمِهِ الْاَكْلَ وَالشُّرْبَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی پر روزے کے دوران کم از کم کھانے اور پینے سے اجتناب کرنا لازم ہے

3479 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيْلٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ

3478- إسناده على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري "4506" في التفسير: باب (فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ) (البقرة: من الآية 185)، ومسلم "1145" في الصوم: باب بيان نسخ قوله تعالى: (وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ) بقوله: (فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ)، وأبو داؤد "2315" في الصوم: باب نسخ قوله: (وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ)، والترمذي "798" في الصوم: باب ما جاء (وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ)، والنسائي 4/190 في الصوم: باب تأويل قول الله عز وجل: (وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ)، وفي التفسير كما في "التحفة" 4/43 عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي 4/200 من طريق أبي عمرو والمستملي، عن قتيبة، به. وأخرجه الدارمي 2/15 عن عبد الله بن صالح، عن بكر بن مضر، به. وأخرجه ابن جرير في "جامع البيان" "2747"، والطبراني في "الكبير" "6302" والحاكم 1/423، والبيهقي 4/200 من طرق عن عبد الله بن وهب، عن عمرو بن الحارث، به.

اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِى ذُبَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ الصِّيَامَ لَيْسَ مِنَ الْاَكْلِ وَالشُّرْبِ فَقَطْ، اِنَّمَا الصِّيَامُ مِنَ اللَّغْوِ وَالرَّفَثِ، فَاِنْ سَابَّكَ اَحَدٌ، اَوْ جَهِلَ عَلَيْكَ، فَقُلْ: اِنِّى صَائِمٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اسْمُ عَمِّهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُغِيْرَةِ بْنِ اَبِى ذُبَابِ الدَّوْسِيُّ، وَهُوَ الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ اَبِى ذُبَابٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''روزے کا تعلق صرف کھانے پینے سے نہیں ہے بلکہ روزے کا تعلق لغو باتوں اور بدزبانی سے بچنے سے بھی ہے' اگر کوئی شخص تمہیں برا کہے یا تمہارے خلاف جہالت کا مظاہرہ کرے' تو تم یہ کہو میں نے روزہ رکھا ہوا ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): (خالد بن عبدالرحمٰن نامی راوی) کے چچا کا نام عبداللہ بن مغیرہ بن ابوذباب دوسی ہے اور راوی کا نام حارث بن عبدالرحمٰن بن مغیرہ بن ابوذباب ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الصَّوْمَ اِنَّمَا يَتِمُّ بِاجْتِنَابِ الْمَحْظُوْرَاتِ لَا بِمُجَانَبَةِ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ وَالْجِمَاعِ فَقَطْ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ روزہ اس وقت مکمل ہوتا ہے

جب آدمی ممنوعہ چیزوں سے اجتناب کرے' یہ صرف کھانے پینے یا صحبت کرنے سے اجتناب کرنے (سے مکمل نہیں ہوتا)

3480 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَعْقُوْبَ الطَّالْقَانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ ابْنِ اَبِى ذِئْبٍ، عَنِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

3479– إسناده ضعيف. عم الحارث: سماه المصنف هنا وفى "الثقات" 5/304 عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُغِيْرَةِ بْنِ اَبِى ذُبَابٍ، ولم يوثقه أحد غيره . وأخرجه ابن خزيمة "1996"، والبيهقى 4/270 من طريقين عن ابن وهب، والحاكم 1/430 من طريق إسْحاق الحنظلى.

3480– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سعيد الطالقانى، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة. وأخرجه أحمد 2/452 453 و 505، والبخارى "1903" فى الصوم: باب مَنْ لَمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهٖ فى الصوم، و "6057" فى الأدب: باب قول الله تعالى: (وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ) (الحج: من الآية30) ، وأبو داوُد "2362" فى الصوم: باب الغيبة للصائم، والترمذى "707" فى الصوم: باب ما جاء فى التشديد فى الغيبة للصائم، والنسائى فى الصيام كما فى "التحفة" 10/308، وابن ماجه "1689" فى الصيام: باب ما جاء فى الغيبة والرفث للصائم، وابن خزيمة "1995"، والبيهقى 4/270، والبغوى "1746" من طرق عن ابن أبى ذئب، عن سعيد المقبرى، عن أبيه، عن أبى هريرة.

(متن حدیث): مَنْ لَّمْ يَدَعْ قَوْلَ الزُّوْرِ وَالْعَمَلَ بِهٖ وَالْجَهْلَ، فَلَيْسَ لِلّٰهِ حَاجَةٌ فِيْ اَنْ يَّدَعَ طَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص جھوٹی بات کہنا اور اس پر عمل کرنا اور جہالت کا مظاہرہ کرنا نہیں چھوڑتا' تو اللہ تعالیٰ کو اس بات کی کوئی حاجت نہیں ہے کہ وہ اپنا کھانا پینا چھوڑ دے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّخْرِقَ الْمَرْءُ صَوْمَهٗ بِمَا لَيْسَ لِلّٰهِ فِيْهِ طَاعَةٌ مِنَ الْقَوْلِ وَالْفِعْلِ مَعًا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اس چیز کے ذریعے اپنے روزے کو پھاڑ (خراب کر) دے جس میں اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری نہیں ہوتی خواہ اس کا تعلق زبان سے ہو یا فعل سے ہو

3481 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبَانَ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِيْ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): يَقُوْلُ: رُبَّ قَائِمٍ حَظُّهٗ مِنْ قِيَامِهِ السَّهَرُ، وَرُبَّ صَائِمٍ حَظُّهٗ مِنْ صِيَامِهِ الْجُوْعُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''کئی نوافل ادا کرنے والے ایسے ہیں جن کے (رات کے وقت) قیام کرنے میں صرف جاگنا نصیب ہوتا ہے (اجر و ثواب نہیں ملتا) اور کئی روزہ دار ایسے ہیں جن کا روزے میں سے حصہ صرف بھوکے رہنا ہوتا ہے (انہیں اس کا اجر و ثواب نہیں ملتا)''

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلصَّائِمِ اِذَا جُهِلَ عَلَيْهِ اَنْ يَّقُوْلَ: اِنِّيْ صَائِمٌ

روزہ دار شخص کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ جب اس کے خلاف جہالت کا مظاہرہ کیا جائے تو وہ یہ کہہ دے کہ میں نے روزہ رکھا ہوا ہے

3482 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ

3481- إسناده حسن لغيره، أحمد بن أبان ذكره المؤلف في "ثقاته" 8/32، فقال: أحمد بن أبان القرشي من ولد خالد بن أسيد من أهل البصرة يروى عن سفيان بن عيينة، حدثنا عنه ابن قحطبة وغيره، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه البيهقي 4/270 من طريق يحيى بن يحيى، عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/373، وابن خزيمة "1997"، والقضاعي "1426"، والبغوي "1747" من طريق إسماعيل بن جعفر، وأحمد 2/441، وابن ماجه "1690" الصيام: باب ما جاء في الغيبة والرفث للصائم، والقضاعي "1425" من طريق أسامة بن زيد، والدارمي 1/301 من طريق عبد الرحمٰن بن أبي الزناد، ثلاثتهم عن عمرو بن أبي عمرو، به، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.

سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا كَانَ يَوْمُ صَوْمِ اَحَدِكُمْ، فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَجْهَلْ، فَاِنْ جَهِلَ عَلَيْهِ اَحَدٌ فَلْيَقُلْ اِنِّىْ امْرُؤٌ صَائِمٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب تم میں سے کسی شخص نے روزہ رکھا ہو' تو وہ بدزبانی کا مظاہرہ نہ کرے جہالت کا مظاہرہ نہ کرے' اگر کوئی شخص اس کے خلاف جہالت کا مظاہرہ کرے' تو وہ یہ کہہ دے میں نے روزہ رکھا ہوا ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ قَوْلَ الصَّائِمِ لِمَنْ جَهِلَ عَلَيْهِ: اِنِّىْ صَائِمٌ، اِنَّمَا اُمِرَ اَنْ يَّقُوْلَ بِقَلْبِهٖ دُوْنَ النُّطْقِ بِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جو شخص روزہ دار شخص کے خلاف

جہالت کا مظاہرہ کرتا ہے اسے روزہ دار کا یہ کہنا کہ میں روزے کی حالت میں ہوں تو یہ حکم اس حوالے سے دیا گیا ہے کہ آدمی دل میں یہ کہے اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ وہ زبانی طور پر یہ کہے

3483 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ عَجْلَانَ، مَوْلَى الْمُشْمَعِلِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا تَسَابَّ وَاَنْتَ صَائِمٌ، وَاِنْ سَابَّكَ اَحَدٌ فَقُلْ: اِنِّىْ صَائِمٌ، وَاِنْ كُنْتَ قَائِمًا فَاجْلِسْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب تم روزہ رکھے ہوئے ہو' تو کسی کو برا نہ کہو اگر کوئی شخص تمہیں برا کہے' تو تم یہ کہہ دو کہ میں نے روزہ رکھا ہوا ہے اور اگر تم کھڑے ہوئے ہو' تو بیٹھ جاؤ''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ مَا اَوْمَاْنَا اِلَيْهِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے اشارہ کردہ مفہوم کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے

3482– صحيح، فضيل بن سليمان مع كونه من رجال الشيخين في حفظه شيء، وباقي السند رجاله ثقات على شرطهما. أبو كامل الجحدري: هو فضيل بن حسين، وأبو حازم: هو سليمان الأشجعي الكوفي. وأخرجه ابن خزيمة "1992" من طريقين عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وأخرجه أيضاً "1993" من طريق عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ، عن أبي صالح، عن أبي هريرة. وانظر 3416"

3483– إسناده قوي، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عجلان مولى المشمعل، فقد روى له النسائي، وقال: لا بأس به. عثمان بن عمر: هو ابن فارس العبدي. وهو في "صحيح ابن خزيمة" "1994" وأخرجه أحمد 2/428، والنسائي في الصوم من "الكبرى" كما في "التحفة" 10/253 من طريقين عن ابن أبي ذئب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/505 من طريق ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أبي هريرة.

3484 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَمِرٍ، حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنْ سُبَّ اَحَدُكُمْ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيَقُلْ: اِنِّيْ صَائِمٌ، يَنْهٰى بِذٰلِكَ عَنْ مُّرَاجَعَةِ الصَّائِمِ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اگر تم میں سے کسی شخص کو ایسی حالت میں برا کہا جائے کہ اس نے روزہ رکھا ہوا ہو تو اسے یہ بتا دینا چاہئے کہ میں نے روزہ رکھا ہوا ہے''۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ذریعے اس بات سے منع کیا ہے کہ روزہ دار شخص (برا کہنے والے کو) جواب دے۔

3484- رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أن الوليد بن مسلم لم يصرح بالتحديث وهو مدلس . وأخرجه النسائي في الصوم من "الكبرى" كما في "التحفة" 10/31 عن عبد الرحمٰن بن إبراهيم، بهٰذا الإسناد.

بَابُ صَوْمِ الْجُنُبِ

باب: جنبی شخص کا روزہ رکھنا

3485 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): اِذَا نُوْدِيَ بِالصَّلَاةِ، صَلَاةِ الصُّبْحِ، وَاَحَدُكُمْ جُنُبٌ، فَلَا يَصُوْمُ يَوْمَئِذٍ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جب نماز کے لئے یعنی صبح کی نماز کے لئے اذان دی جائے اور تم میں سے کوئی ایک شخص جنابت کی حالت میں ہو تو وہ اس دن روزہ نہ رکھے"۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ مِنَ الْفَضْلِ بْنِ الْعَبَّاسِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ حدیث حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما سے سنی ہے

3486 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهٗ سَمِعَ

3485- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 2/314 عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وعلقه البخاري بإثر حديث "1926"، وقال الحافظ في "الفتح" 4/146: وصله أحمد وابن حبان من طريق معمر عن همام . وأخرجه عبد الرزاق "7399"، وابن ماجه "1702" من طريق عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، عن عبد الله بن عمرو بن عبد القاري، عن أبي هريرة.

3486- إسناده صحيح على شرط الشيخين . يحيى: هو ابن سعيد القطان . وأخرجه مسلم "1109" في الصيام: باب صحة صوم من طلع عليه الفجر وهو جنب، والنسائي في الصيام كما في "التحفة" 12/341 من طرق عن يحيى القطان، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "7398"، ومن طريقه مسلم "1109"، والبيهقي 4/214- 125 عن ابن جريج، به. وأخرجه مالك 1/290 في الصيام: باب ما جاء في صيام الذي يصبح جنبًا في رمضان، ومن طريقه الشافعي 1/259 260، والبخاري "1925" في الصيام: باب الصائم يصبح جنبًا، و "1931" باب اغتسال الصائم، والطحاوي في "مشكل الآثار " "535"، و "شرح معاني الآثار " 2/102، والبيهقي 4/214 عن سمي، عن أبي بكر بن عبد الرحمٰن، به مطولًا. وانظر "3488" و. "3499"

اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ اَصْبَحَ جُنُبًا فَلَا يَصُوْمُ، قَالَ: فَانْطَلَقَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّاَبُوْهُ، حَتّٰى دَخَلَا عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، وَعَائِشَةَ، فَكِلَاهُمَا قَالَتْ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ جُنُبًا، ثُمَّ يَصُوْمُ، فَانْطَلَقَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّاَبُوْهُ حَتّٰى اَتَيَا مَرْوَانَ، فَحَدَّثَاهُ، فَقَالَ: عَزَمْتُ عَلَيْكُمَا لَمَّا انْطَلَقْتُمَا اِلٰى اَبِیْ هُرَيْرَةَ فَحَدَّثْتُمَاهُ، فَانْطَلَقَا اِلٰى اَبِیْ هُرَيْرَةَ فَحَدَّثَاهُ، فَقَالَ: هُمَا اَعْلَمُ، اَخْبَرَنَا بِهِ الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ

✿✿ عبدالملک بن ابوبکر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا جو شخص صبح صادق کے وقت جنابت کی حالت میں ہو وہ روزہ نہ رکھے (راوی کہتے ہیں:) ابوبکر نامی راوی اور ان کے والد گئے اور سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے (اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا) تو ان دونوں نے یہ بات بیان کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات صبح صادق کے وقت جنابت کی حالت میں ہوتے تھے' لیکن آپ پھر بھی روزہ رکھ لیتے تھے۔

پھر ابوبکر نامی راوی اور ان کے والد مروان کے پاس آئے اور اسے یہ حدیث بیان کی' تو وہ بولا: میں آپ دونوں کو تاکید کرتا ہوں کہ جب آپ دونوں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس جائیں' تو انہیں بھی یہ بات بیان کریں پھر یہ دونوں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس گئے اور انہیں یہ بات بیان کی' تو انہوں نے فرمایا: وہ خواتین زیادہ علم رکھتی ہیں مجھے اس بارے میں حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا: تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ: يُصْبِحُ جُنُبًا ثُمَّ يَصُوْمُ اَرَادَ بِهِ بَعْدَ الْاِغْتِسَالِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ راوی کا یہ کہنا کہ" آپ جنابت کی حالت میں صبح کرتے تھے اور پھر روزہ رکھ لیتے تھے' اس سے ان کی مراد یہ ہے کہ آپ غسل کرنے کے بعد ایسا کرتے تھے

3487 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِی اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: اَخْبَرَتْنِیْ عَائِشَةُ، وَاُمُّ سَلَمَةَ زَوْجَتَا النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُدْرِكُهُ الْفَجْرُ وَهُوَ جُنُبٌ مِنْ اَهْلِهِ، ثُمَّ يَغْتَسِلُ وَيَصُوْمُ

✿✿ ابوبکر بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا' یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج

3487– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن موهب وهو ثقة . وأخرجه ابن أبي شيبة 3/81، والترمذي "779" في الصوم: باب ما جاء في الجنب يدركه الفجر وهو يريد الصوم، من طريقين عن الليث، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/289 من طريق معمر، والبخاري "1926" في الصيام: باب الصائم يصبح جنباً، من طريق شعيب، كلاهما عن الزهري، به . وانظر "3498" .

مطہرات ہیں۔ انہوں نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ بعض اوقات نبی اکرم ﷺ صبح صادق کے وقت اپنی بیوی کے ساتھ (صحبت کرنے کی وجہ سے) جنابت کی حالت میں ہوتے تھے پھر آپ غسل کر لیتے تھے اور روزہ رکھ لیتے تھے۔

ذِكْرُ فِعْلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الشَّيْءَ الْمَزْجُورَ عَنْهُ

اس ممنوعہ چیز کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کے فعل کا تذکرہ

3488 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، قَالَ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِىْ خَالِدٍ: اُخْبِرْنَا عَنْ عَامِرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ اَتَى عَائِشَةَ، فَقَالَ: اِنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ يُفْتِيْنَا اَنَّهُ مَنْ اَصْبَحَ جُنُبًا فَلَا صِيَامَ لَهُ، فَمَا تَقُوْلِيْنَ لَهُ فِىْ ذٰلِكَ؟، فَقَالَتْ: لَقَدْ كَانَ بِلَالٌ يَاْتِىْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُؤْذِنُهُ لِلصَّلَاةِ وَاِنَّهُ لَجُنُبٌ، فَيَقُوْمُ وَيَغْتَسِلُ، وَاِنِّىْ لَاَرَى جَرْىَ الْمَاءِ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، ثُمَّ يَظَلُّ صَائِمًا

❁❁ ابوبکر بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: وہ سیّدہ عائشہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ بتایا کہ حضرت ابو ہریرہ ﷺ ہمیں یہ فتویٰ دیتے ہیں کہ جو شخص صبح صادق کے وقت جنابت کی حالت میں ہو اس کا روزہ نہیں ہوتا۔ آپ اس بارے میں کیا کہتی ہیں؟ سیّدہ عائشہ ﷺ نے بتایا: حضرت بلال ﷺ نبی اکرم ﷺ کے پاس آپ کو نماز کے لئے بلانے آتے تھے اور نبی اکرم ﷺ اس وقت جنابت کی حالت میں ہوتے تھے۔ پھر آپ اٹھ کر غسل کرتے تھے اور میں آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان پانی کو بہتا ہوا دیکھ رہی ہوتی تھی، لیکن پھر بھی آپ روزہ رکھ لیتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ قَدْ اُبِيحَ اسْتِعْمَالُهُ فِىْ رَمَضَانَ وَغَيْرِهِ سَوَاءً كَانَ السَّبَبُ اِيقَاعًا اَوِ احْتِلَامًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اس فعل پر عمل کرنے کو رمضان میں اور رمضان کے علاوہ میں مباح قرار دیا گیا ہے خواہ اس کا سبب صحبت کرنا ہو یا احتلام ہو

3489 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ، اَنَّ عَائِشَةَ، وَاُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتَا:

3488– إسناده صحيح على شرطهما . أبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وعامر: هو الشعبي . وأخرجه النسائي في الصوم كما في "التحفة" 12/341 من طريق يحيى بن سعيد، عن إسماعيل بن أبي خالد، بهذا الإسناد . وأخرجه النسائي كما في "التحفة" 2/342، والطحاوي 2/104 من طرق عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِىْ بكر بن عبد الرحمٰن، بِهِ .

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ غَيْرِ احْتِلَامٍ فِيْ رَمَضَانَ، ثُمَّ يَصُوْمُ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا' یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج ہیں' ان دونوں نے یہ بات بیان کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں (بعض اوقات) صبح صادق کے وقت جنابت کی حالت میں ہوتے تھے جو احتلام کے علاوہ ہوتی تھی' لیکن پھر بھی آپ روزہ رکھ لیتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِإِبَاحَةِ هٰذَا الْفِعْلِ الْمَزْجُوْرِ عَنْهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ یہ ممنوعہ فعل کرنا مباح ہے

3490 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَبِيْتُ جُنُبًا، فَيَاْتِيْهِ بِلَالٌ لِصَلَاةِ الْغَدَاةِ، فَيَقُوْمُ فَيَغْتَسِلُ، فَاَنْظُرُ اِلَى الْمَاءِ يَنْحَدِرُ مِنْ جِلْدِهِ وَرَاْسِهِ، ثُمَّ اَسْمَعُ قِرَائَتَهُ فِيْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ، ثُمَّ يَظَلُّ صَائِمًا قَالَ مُطَرِّفٌ: فَقُلْتُ لَهُ اَفِيْ رَمَضَانَ؟، قَالَ: سَوَاءٌ عَلَيْهِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات جنابت کی حالت میں رات بسر کرتے تھے پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ صبح کی نماز کے لئے بلانے کے لئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کر غسل کر لیتے تھے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جلد اور سر پر پانی کے پھسلنے کا منظر دیکھ رہی ہوتی تھی اور پھر میں فجر کی نماز میں آپ کی تلاوت بھی سن لیتی تھی اور آپ روزے کی حالت میں ہوتے تھے۔

مطرف نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے استاد سے دریافت کیا: کیا یہ رمضان میں ہوتا تھا انہوں نے جواب دیا: اس کا حکم برابر ہے (خواہ رمضان ہو یا رمضان کے علاوہ ہو حکم یہی ہے)

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس تیسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3489- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "الموطأ" 1/289- 290 في الصيام، باب: ما جاء في صيام الذي يصبح جنباً في رمضان . ومن طريق مالك أخرجه مسلم "1109" "78" في الصيام: باب صحة صوم من طلع عليه الفجر وهو جنب، وأبو داوُد "2388" في الصوم: باب فيمن أصبح جنباً في شهر رمضان، والنسائي في الصيام من "الكبرى" كما في "التحفة" 12/341، والطحاوي 2/105، والطبراني في الكبير" 23/ "588"، والبيهقي 4/214 .

3490- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم السامي فقد روى له النسائي، وهو ثقة . مطرف: هو ابن طريف، وعامر: هو ابن شراحيل الشعبي . وأخرجه ابن أبي شيبة 3/80، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة12/314" وابن ماجه "1703" في الصيام: باب ما جاء في الرجل يصبح جنباً وهو يريد الصيام، من طريقين عن مطرق، بهذا الإسناد .

3491 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْاَشَجُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَسْبَاطٌ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اِنْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَبِيتُ جُنُبًا، فَيَاْتِيهِ بِلَالٌ فَيُؤْذِنُهُ بِالصَّلَاةِ، فَيَقُوْمُ فَيَغْتَسِلُ، فَاَرَايْتُ تَحَدُّرَ الْمَاءِ مِنْ شَعْرِهِ، ثُمَّ يَظَلُّ يَوْمَهُ صَائِمًا قَالَ مُطَرِّفٌ: قُلْتُ لِلشَّعْبِيِّ: فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ؟، قَالَ: شَهْرُ رَمَضَانَ وَغَيْرُهُ سَوَاءٌ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ بعض واوقات جنابت کی حالت میں رات بسر کرتے تھے پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کو فجر کی نماز کے لئے بلانے آتے' تو آپ اٹھ کر غسل کرتے تھے میں آپ کے بالوں سے پانی کے پھسلنے کا منظر دیکھ رہی ہوتی تھی' لیکن آپ اس دن روزہ رکھ لیتے تھے۔

مطرف نامی راوی کہتے ہیں: میں نے امام شعبی سے دریافت کیا: کیا رمضان کے مہینے میں ایسا ہوتا تھا۔ انہوں نے فرمایا: اس بارے میں رمضان کا مہینہ اور دوسرے مہینے برابر کی حیثیت رکھتے ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ اِبَاحَةَ هٰذَا الْفِعْلِ الْمَزْجُورِ عَنْهُ لَمْ يَكُنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخْصُوصًا بِهٖ دُونَ اُمَّتِهٖ، وَاِنَّمَا هِيَ اِبَاحَةٌ لَهٗ وَلَهُمْ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ یہ ممنوعہ فعل مباح ہے

اور یہ حکم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مخصوص نہیں ہے کہ یہ آپ کی امت کے لیے نہ ہو بلکہ یہ نبی اکرم ﷺ اور آپ کے امتیوں کے لیے (بھی) مباح ہے

3492 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرِ بْنِ حَزْمٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيْ يُوْنُسَ، مَوْلٰى عَائِشَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، يُدْرِكُنِي الصُّبْحُ وَاَنَا جُنُبٌ، اَفَاَصُوْمُ يَوْمِيْ ذٰلِكَ؟، فَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: رُبَّمَا اَدْرَكَنِيَ الصُّبْحُ وَاَنَا جُنُبٌ،

3491- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو سعيد الأشج: هو عبد الله بن سعيد الأشج، وأسباط: هو ابن محمد بن عبد الرحمٰن القرشي . وهو مكرر ما قبله .

3492- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير محمد بن وهب بن أبي كريمة، فقد روى له النسائي وقال عنه: لا بأس به . وقال مرة: صالح، وقال غيره: صدوق، ووثقه المؤلف . وأخرجه مالك 1/289 في الصيام: باب ما جاء في صيام الذي يصبح جنباً في رمضان، ومن طريقه أحمد 6/67 و156 و245، الشافعي 1/258، وأبو داوٗد "2389" في الصيام: باب فيمن أصبح جنباً في شهر رمضان، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 2/106، و"مشكل الآثار" "540"، والبيهقي 4/213 عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرِ بن حزم الأنصاري، بهذا الإسناد . ونظر "3495" و"3501" .

فَاَقُومُ وَاَغْتَسِلُ، وَاُصَلِّي الصُّبْحَ، وَاَصُومُ يَوْمِي ذٰلِكَ، فَقَالَ الرَّجُلُ: اِنَّكَ لَسْتَ مِثْلَنَا، اِنَّكَ قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي اَرْجُو اَنْ اَكُونَ اَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ، وَاَعْلَمَكُمْ بِمَا اَتَّقِي

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: فِيْ قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ اَرْجُو دَلِيْلٌ عَلٰى اِبَاحَةِ رَجَاءِ الْاِنْسَانِ فِي الشَّيْءِ الَّذِي لَا يُشَكُّ فِيْهِ بِالْقَوْلِ، وَفِيْهِ دَلِيْلٌ عَلٰى اِبَاحَةِ الْاِسْتِثْنَاءِ فِي الْاِيْمَانِ عَلَى السَّبِيْلِ الَّذِي وَصَفْنَاهُ فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! بعض اوقات میں صبح صادق کے وقت جنابت کی حالت میں ہوتا ہوں' تو کیا میں اس دن روزہ رکھ لوں' تو میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا: بعض اوقات میں بھی صبح صادق کے وقت جنابت کی حالت میں ہوتا ہوں' لیکن میں اٹھ کر غسل کر لیتا ہوں اور صبح کی نماز ادا کرتا ہوں اور اس دن میں روزہ بھی رکھتا ہوں اس شخص نے عرض کی آپ ہماری مانند نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے' تو آپ کے گزشتہ اور آئندہ ذنب کی مغفرت کر دی ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ امید ہے کہ میں تم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں اور تم سب سے زیادہ اس چیز کے بارے میں جانتا ہوں جس کے ذریعے پرہیز گاری اختیار کی جاسکتی ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان "مجھے یہ اُمید ہے" اس میں اس بات کی دلیل موجود ہے کہ آدمی کسی ایسی چیز کے بارے میں لفظی طور پر امید کا اظہار کر سکتا ہے جس کے جس کے بارے میں اسے شک نہ ہو۔ اس میں اس بات کی دلیل بھی موجود ہے کہ قسم میں اس طریقے سے استثنیٰ کرنا مباح ہے جس کا ہم نے کتاب کے آغاز میں ذکر کیا ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ صَوْمِ الْمَرْءِ اِذَا اَصْبَحَ وَهُوَ جُنُبٌ

آدمی کا روزہ رکھنے کے مباح ہونے کا تذکرہ جبکہ وہ جنابت کی حالت میں صبح کرے

3493 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا عَنْ طَرُوقَةٍ، ثُمَّ يَصُوْمُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا هُوَ ابْنُ مَعْمَرِ بْنِ حَزْمٍ اَبُوْ طُوَالَةَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ، ثِقَةٌ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ صحبت کرنے کی وجہ سے جنابت کی حالت میں صبح صادق

3493– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه النسائي في الصوم من "السنن الكبرى " /1 ورقة 368، وكما في "التحفة" 2/353 عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد، ولفظه "كان يصبح جنباً من غير طروقة ثم يصوم" والصواب رواية المؤلف .

کرتے تھے پھر آپ روزہ رکھ لیتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): عبداللہ بن عبدالرحمن نامی راوی معمر بن حزم ابوطوالہ ہے، جو اہل مدینہ سے تعلق رکھتا ہے اور ثقہ ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْجُنُبِ إِذَا أَصْبَحَ أَنْ يَّصُوْمَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ

جنبی شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ جب وہ صبح کرے تو اس دن روزہ رکھ سکتا ہے

3494 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ طَرُوْقَةٍ، ثُمَّ يَصُوْمُ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحبت کرنے کی وجہ سے صبح صادق کے وقت جنابت کی حالت میں ہوتے تھے پھر بھی آپ روزہ رکھ لیتے تھے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ صَوْمِ الْمَرْءِ اِذَا اَصْبَحَ وَهُوَ جُنُبٌ ذٰلِكَ الْيَوْمَ

آدمی کے روزہ رکھنے کے مباح ہونے کا تذکرہ جب وہ ایسی حالت میں صبح کرے کہ وہ جنبی ہو تو وہ اس دن کا روزہ رکھ سکتا ہے

3495 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ هَاجِكٍ الْعَابِدُ، بِهَرَاةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ، اَنَّ اَبَا يُوْنُسَ، مَوْلٰى عَائِشَةَ اَخْبَرَهُ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَفْتِيْهِ، وَهِيَ تَسْمَعُ مِنْ وَرَاءِ الْبَابِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، تُدْرِكُنِي الصَّلَاةُ وَاَنَا جُنُبٌ اَفَاَصُوْمُ؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَنَا تُدْرِكُنِي الصَّلَاةُ وَاَنَا جُنُبٌ فَاَصُوْمُ، فَقَالَ: لَسْتَ مِثْلَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ، قَالَ: وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَرْجُو اَنْ اَكُوْنَ اَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ، وَاَعْلَمَكُمْ بِمَا اَتَّقِي

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مسئلہ دریافت کرنے کے لئے حاضر ہوا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا دروازے کے پیچھے سے یہ بات سن رہی تھیں اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بعض اوقات مجھے (فجر کی)

3494- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله .

3495- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر "3492" .وأخرجه مسلم "1110" في الصيام: باب صحة صوم من طلع عليه الفجر وهو جنب، والنسائي في الصوم والتفسير كما في "التحفة" 12/381، وابن خزيمة "2014"، والبيهقي 4/214 من طرق عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد . وانظر "3501" .

نماز کا وقت ایسی حالت میں ہوتا ہے کہ میں جنابت کی حالت میں ہوتا ہوں' تو کیا میں اس دن روزہ رکھ لوں؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بعض اوقات نماز مجھے بھی ایسی حالت میں پاتی ہے کہ میں جنبی ہوتا ہوں' تو میں روزہ رکھ لیتا ہوں اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ ہماری مانند نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے گزشتہ اور آئندہ ذنب کی مغفرت کر دی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! مجھے یہ امید ہے کہ میں تم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہوں اور تم سب سے زیادہ اس چیز کے بارے میں جانتا ہوں جو پرہیزگاری ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ جَائِزٌ لَهُ اَنْ يَّكُوْنَ اغْتِسَالُهُ مِنْ جَنَابَتِهِ بَعْدَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ، وَمِنْ نِيَّتِهِ اَنْ يَّصُوْمَ يَوْمَئِذٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات جائز ہے کہ اس کا غسل جنابت کرنا صبح صادق کے بعد ہو جبکہ اس نے اس دن روزہ رکھنے کی نیت کی ہو

3496 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، اَنَّهُ قَالَ: اَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ، وَاُمُّ سَلَمَةَ زَوْجَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُدْرِكُهُ الْفَجْرُ وَهُوَ جُنُبٌ مِنْ اَهْلِهِ، ثُمَّ يَغْتَسِلُ وَيَصُوْمُ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا' یہ نبی اکرم ﷺ کی ازواج ہیں' وہ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ بعض اوقات صبح صادق کے وقت اپنی بیوی (کے ساتھ صحبت کرنے کی وجہ سے) جنابت کی حالت میں ہوتے تھے' لیکن پھر بھی آپ غسل کر کے روزہ رکھ لیتے تھے۔

3497 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيُّ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ غَيْرِ حُلُمٍ، ثُمَّ يَصُوْمُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ (بعض اوقات) نبی اکرم ﷺ صبح صادق کے وقت احتلام

3496– إسناد صحيح، وهو مكرر "3487" .

3497– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه ابن أبي شيبة 3/80، والنسائي في الصيام كما في "التحفة" 13/22، وابن خزيمة "2013"، والطحاوي في "مشكل الآثار" "536"، والطبراني /23 "596" من طرق عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد .

کے بغیر جنابت کی حالت میں ہوتے تھے لیکن پھر بھی آپ اس دن روزہ رکھ لیتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ اَنَّ اَبَا بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ اُمِّ سَلَمَةَ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ ابوبکر بن عبدالرحمٰن نے یہ روایت سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے نہیں سنی ہے

3498 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، وَاُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّهُمَا حَدَّثَاهُ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُدْرِكُهُ الْفَجْرُ وَهُوَ جُنُبٌ مِنْ اَهْلِهِ، ثُمَّ يَغْتَسِلُ وَيَصُوْمُ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے۔ بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح صادق کے وقت اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرنے کی وجہ سے جنابت کی حالت میں ہوتے تھے اور پھر آپ روزہ رکھتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَبَا بَكْرِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، وَعَائِشَةَ، وَسَمِعَهُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْهُمَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ ابوبکر بن عبدالرحمٰن نے یہ روایت سیدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور اپنے والد کے حوالے سے ان دونوں خواتین سے سنی ہے

3499 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ الْمَخْزُوْمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

3498- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه الطحاوی 2/105 من طريق أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "7397"، والدارمی 2/13، والطحاوی 2/104- 105 من طريق ابن جريج، عن ابن شهاب، بِهِ . وأخرجه الطحاوی 2/103 من طريق شعبة، عن الحكم، عن أبی بكر بن عبد الرحمٰن، بِهِ . وانظر "3487" .

3499- صحيح، ابن أبی السری متابع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وهو فی "مصنف عبد الرزاق" "7396" . وانظر "3486" عند المؤلف .

(متن حدیث): مَنْ اَدْرَكَهُ الصُّبْحُ جُنُبًا فَلَا صَوْمَ لَهُ فَانْطَلَقْتُ اَنَا وَاَبِي، فَدَخَلْنَا عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، وَعَائِشَةَ زَوْجَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلْنَاهُمَا، فَاَخْبَرَتَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ غَيْرِ حُلُمٍ، ثُمَّ يَصُوْمُ، فَدَخَلْنَا عَلٰى مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ فَاَخْبَرْنَاهُ بِقَوْلِهِمَا وَبِقَوْلِ اَبِي هُرَيْرَةَ، فَقَالَ مَرْوَانُ: عَزَمْتُ عَلَيْكُمَا اِلَّا ذَهَبْتُمَا اِلٰى اَبِي هُرَيْرَةَ فَاَخْبَرْتُمَاهُ، فَلَقِيْنَا اَبَا هُرَيْرَةَ وَهُوَ عِنْدَ بَابِ الْمَسْجِدِ، فَقُلْنَا لَهُ: اِنَّ الْاَمِيْرَ عَزَمَ عَلَيْنَا فِيْ اَمْرٍ نَذْكُرُهُ لَكَ، قَالَ: وَمَا هُوَ؟، فَحَدَّثَهُ اَبِي، فَتَلَوَّنَ وَجْهُ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَقَالَ: هٰكَذَا حَدَّثَنِي الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ، وَهُوَ اَعْلَمُ

قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَجَعَلَ الْحَدِيْثَ اِلٰى غَيْرِهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص صبح صادق کے وقت جنبی ہو اس کا رزوہ نہیں ہوتا۔

(راوی کہتے ہیں) میں اور میرے والد روانہ ہوئے ہم سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج ہیں۔ ہم نے ان دونوں سے اس بارے میں دریافت کیا: تو ان دونوں نے یہی بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (بعض اوقات) صبح صادق کے وقت جنابت کی حالت میں ہوتے تھے' لیکن وہ احتلام کی وجہ سے نہیں ہوتا تھا پھر آپ روزہ رکھ لیتے تھے۔

(راوی کہتے ہیں) پھر ہم لوگ مروان بن حکم کے پاس گئے اور اسے ان دونوں خواتین کے بیان کے بارے میں اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بیان کے بارے میں بتایا' تو مروان نے کہا: میں آپ دونوں کو تاکید کرتا ہوں کہ آپ دونوں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس جائیں اور انہیں اس بارے میں بتائیں راوی کہتے ہیں: پھر ہماری ملاقات حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ وہ اس وقت مسجد کے دروازے کے پاس موجود تھے۔ ہم نے ان سے کہا: گورنر صاحب نے ہمیں تاکید کی ہے کہ ہم آپ کے سامنے اس بات کا ذکر کریں۔ انہوں نے دریافت کیا: وہ کیا ہے' تو میرے والد نے انہیں پوراواقعہ بیان کیا' تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے چہرے کا رنگ تبدیل ہو گیا اور وہ بولے: حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما نے' تو مجھے اسی طرح حدیث بیان کی ہے۔ بہرحال وہ زیادہ بہتر جانتے ہوں گے۔

امام زہری بیان کرتے ہیں: انہوں نے حدیث کا مفہوم غلط مراد لیا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے کہ جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو نقل کرنے میں ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث منفرد ہیں

3500 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ اَبِي اُمَيَّةَ اَخِي اُمِّ سَلَمَةَ، اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا، ثُمَّ يَصُوْمُ، فَرَدَّ اَبُوْ هُرَيْرَةَ فُتْيَاهُ

سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے بھائی عامر بن ابوامیہ بیان کرتے ہیں سیّدہ اُمّ سلمہ نے انہیں بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح صادق کے وقت جنابت کی حالت میں ہوتے تھے۔ پھر روزہ رکھ لیتے تھے۔

(راوی کہتے ہیں) تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان صاحب کے بیان کو مسترد کر دیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اِبَاحَةَ هٰذَا الْفِعْلِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ لَمْ يَكُنْ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحْدَهُ دُوْنَ اُمَّتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ فعل مباح ہے جسے ہم نے ذکر کیا ہے اور یہ صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے نہیں ہے کہ آپ کی امت کے لیے نہ ہو

3501 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرِ بْنِ حَزْمٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيْ يُوْنُسَ مَوْلٰى عَائِشَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، يُدْرِكُنِي الصُّبْحُ وَاَنَا جُنُبٌ، فَاَصُوْمُ يَوْمِي ذٰلِكَ؟، فَسَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: رُبَّمَا اَدْرَكَنِي الصُّبْحُ وَاَنَا جُنُبٌ، فَاَقُوْمُ، وَاَغْتَسِلُ، وَاُصَلِّي الصُّبْحَ، وَاَصُوْمُ يَوْمِي ذٰلِكَ، فَقَالَ الرَّجُلُ: اِنَّكَ لَسْتَ مِثْلَنَا، اِنَّكَ قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ، فَقَالَ النَّبِيُّ: اِنِّي اَرْجُو اَنْ اَكُوْنَ اَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ، وَاَعْلَمَكُمْ بِمَا اَتَّقِي

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بعض اوقات صبح کے وقت میں جنابت کی حالت میں ہوتا ہوں تو کیا میں اس دن میں روزہ رکھ لوں (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا بعض اوقات میں بھی صبح صادق کے وقت جنابت کی حالت میں ہوتا ہوں پھر میں اٹھ کر غسل کرتا ہوں صبح کی نماز ادا کرتا ہوں اور اس دن روزہ رکھ لیتا ہوں اس شخص نے عرض کی: آپ ہمارے جیسے نہیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کے گزشتہ اور آئندہ ذنب کی مغفرت کر دی ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ امید ہے کہ میں تم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے ڈرنے والا ہوں اور تم سب سے زیادہ اس چیز کے بارے میں علم رکھتا ہوں جو پرہیزگاری ہو۔

3500- إسناده صحيح على شرطهما . عبد الله: هو ابن المبارك . وأخرجه الطيالسي "1606"، وأحمد 6/306 و310-311، والطحاوي 2/105، والطبراني 23/ "669" و"670" و"672" من طريق شعبة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/304 و311، والطحاوي 2/105، والطبراني 23/ "671" من طرق عن قتادة، به . وأخرج ابن أبي شيبة 3/81- 82،

3501- إسناده صحيح، هو مكرر "3492"، وانظر "3495" .

بَابُ الْإِفْطَارِ وَتَعْجِيلِهِ

باب: افطاری کرنے کا بیان اور جلدی افطاری کرنا

3502 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانِ الطَّائِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا عَجَّلُوا الْفِطْرَ

❀❀ حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''لوگ اس وقت تک بھلائی پر رہیں گے جب تک وہ افطار جلدی کرتے رہیں گے''۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا يُسْتَحَبُّ لِلصُّوَّامِ تَعْجِيلُ الْإِفْطَارِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے روزہ داروں کے لیے جلدی افطاری کرنے کو مستحب قرار دیا گیا ہے

3503 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ السِّنْجِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْاَحْمَسِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَزَالُ الدِّينُ ظَاهِرًا مَا عَجَّلَ النَّاسُ الْفِطْرَ، اِنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى يُؤَخِّرُوْنَ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

3502– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو حازم: هو سلمة بن دينار . وهو في "الموطأ" 1/288 في الصيام: باب ما جاء في تعجيل الفطر . ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 1/277، وأحمد 5/337 و339، والبخاري "1957" في الصوم: باب ما جاء في تعجيل الإفطار، والترمذي "699" في الصوم: باب ما جاء في تعجيل الإفطار، والطبراني "5768"، والبيهقي 4/237 والبغوي "1730" . وأخرجه أحمد 5/331، والطبراني "5981" و"5995" من طرق عن أبي حازم، به .

3503– إسناده حسن . المحاربي: هو عبد الرحمٰن بن محمد بن زياد، ومحمد بن عمرو: هو ابن علقمة بن وقاص الليثي . وأخرجه ابن خزيمة "2060" عن محمد بن إسماعيل الأحمسي، بهذا الاسناد . وأخرجه أحمد 2/450، وابن أبي شيبة 3/11، وأبو داوٗد "2353" في الصوم: باب ما يستحب من تعجيل الفطر، والحاكم 1/431، والبيهقي 4/237، من طرق عن محمد بن عمرو، به، وصححه الحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبي . وأخرجه ابن ماجه "1698" في الصيام: باب ما جاء في تعجيل الإفطار، عن ابن أبي شيبة، عن محمد بن بشر، عن محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة بلفظ حديث سهل بن سعد المتقدم .

''دین اس وقت تک غالب رہے گا' جب تک لوگ افطاری جلدی کرتے رہیں گے' کیونکہ یہودی اور عیسائی اسے تاخیر سے کرتے ہیں''۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلصُّوَّامِ تَعْجِيلُ الْإِفْطَارِ قَبْلَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ

روزہ دار افراد کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ مغرب کی نماز ادا کرنے سے پہلے ہی افطاری کرلیں

3504 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، بِخَبَرٍ غَرِيبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطُّ صَلّٰى صَلَاةَ الْمَغْرِبِ حَتّٰى يُفْطِرَ، وَلَوْ عَلٰى شَرْبَةٍ مِنْ مَاءٍ

ﷺ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے کبھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو افطاری سے پہلے مغرب کی نماز ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا خواہ آپ پانی کا ایک گھونٹ لے کر (افطاری کرلیں)

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ لُزُومُ التَّعْجِيلِ لِلْإِفْطَارِ، وَلَوْ قَبْلَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ جلدی افطاری کرلے خواہ وہ مغرب کی نماز سے پہلے ہی کرلے

3505 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطُّ صَلَّى الْمَغْرِبَ حَتّٰى يُفْطِرَ، وَلَوْ عَلٰى شَرْبَةٍ مِنْ مَاءٍ

ﷺ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے کبھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو افطاری سے پہلے مغرب کی نماز ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا خواہ آپ (افطاری میں) پانی کا ایک گھونٹ لیں۔

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم ذوالحج کا چاند نظر آنے سے کچھ دن پہلے روانہ ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس نے حج کا احرام باندھنا ہو وہ حج کا احرام باندھ لے جس نے عمرے کا احرام باندھنا ہو وہ عمرے کا احرام باندھ لے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم میں سے کچھ لوگوں نے حج کا احرام باندھ لیا کچھ نے عمرے کا احرام باندھ لیا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں ان لوگوں میں شامل تھی جنہوں نے عمرے کا احرام باندھا تھا۔ جب ہم ''سرف'' کے مقام پر پہنچے' تو مجھے حیض آ گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے' تو میں رو رہی تھی۔ میں نے کہا: میری یہ آرزو تھی کہ میں اس سال نہ آئی ہوتی پھر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے حیض کا تذکرہ کیا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے بال کھول کر ان میں کنگھی کر لو اور وہ تمام کام کرو جو مسلمان حج کے موقع پر کرتے ہیں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کی جب واپسی کی رات آئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حکم دیا وہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو لے کر تنعیم گئے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے وہاں سے عمرے کا احرام باندھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ مَنْ لَّمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ سَاقَهُ دُونَ مَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم اس شخص کو دیا تھا جس کے ہمراہ قربانی کا جانور نہیں تھا یہ اس کے لیے نہیں تھا جس کے ہمراہ قربانی کا جانور تھا

3793 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْعَدْلُ بِالْفُسْطَاطِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ اَبِي خَيْرَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدَ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَصْرُخُ بِالْحَجِّ صُرَاخًا، فَلَمَّا طُفْنَا بِالْبَيْتِ قَالَ: اجْعَلُوهَا عُمْرَةً اِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ ، قَالَ: فَحَلَلْنَا وَجَعَلْنَاهَا عُمْرَةً، فَلَمَّا كَانَ غَدَاةَ التَّرْوِيَةِ، صَرَخْنَا

بِالْحَجِّ، ثُمَّ انْطَلَقْنَا اِلٰى مِنًى

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حج کا تلبیہ پڑھتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ہم نے بیت اللہ کا طواف کرلیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اسے عمرے میں تبدیل کرلو البتہ جس شخص کے ہمراہ قربانی کا جانور موجود ہے (وہ ایسا نہ کرے) راوی کہتے ہیں: تو ہم نے احرام کھول دیئے اور اسے عمرے میں تبدیل کردیا جب ترویہ کی صبح آئی' تو ہم نے پھر حج کا تلبیہ پڑھنا شروع کیا ہم منیٰ کی طرف روانہ ہوگئے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ الَّذِي وَصَفْنَاهُ اَمْرُ نَدَبٍ، وَاِرْشَادٍ دُونَ حَتْمٍ، وَاِيجَابٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جسے ہم نے ذکر کیا ہے یہ استحباب اور اشارہ کے طور پر ہے لازمی اور ایجاب کے طور پر نہیں ہے

3794 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ دَاوُدَ الْمُبَارَكِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُهِلُّ بِالْحَجِّ، فَقَدِمَ لِاَرْبَعٍ مِّنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَصَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّبْحَ بِالْبَطْحَاءِ، فَلَمَّا صَلَّى، قَالَ: مَنْ شَاءَ اَنْ يَّجْعَلَهَا عُمْرَةً فَلْيَجْعَلْهَا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حج کا احرام باندھ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چار ذوالحج کو مکہ (مکرمہ) پہنچے آپ نے وادی بطحا میں صبح کی نماز ادا کی جب آپ نے نماز ادا کرلی' تو آپ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اسے عمرہ بنانا چاہے وہ ایسا کرے۔

3793- إسناده صحيح . محمد بن هشام بن أبي خيرة: ثقة، روى له أبو داوُد والنسائي ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح . ابن أبي عدى: هو محمد بن إبراهيم، وأبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قطعة .وأخرجه أحمد 3/5 عن ابن أبي عدى، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/71و75، ومسلم 1247 في الحج: باب التقصير في العمرة، والبيهقي 5/31و40 من طرق عن داوُد بن أبي هند، بِهِ .وأخرجه مسلم 1247 عن حجاج الشاعر عن معلى بن أسد، عن وهيب بن خالدٌ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وأبي سعيد .

3794-إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير أبي داوُد المباركي، فمن رجال مسلم، وأبو شهاب: هو عبد ربه بن نافع الحناط، وأبو العالية: هو البَرّاء البصري، اسمه زياد، وقيل كلثوم، وقيل: أذينة، وقيل ابن أذينة .وأخرجه مسلم 1240 200 في الحج: باب جواز العمرة في اشهر الحج، عن أبي داوُد المباركي، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/370، وعلى بن الجعد 1217، والبخاري 1085 في تقيصر الصلاة: باب كم أقام النبي صلى الله عليه وسلم في حجته، ومسلم 1240 والنسائي 5/201-202 في مناسك الحج: باب الوقت الذي وافى فيه النبي صلى الله عليه وسلم مكة والبيهقي 5/4 من طرق عن شعبة به . وأخرجه مسلم 1240، والنسائي 5/201، والبيهقي 5/4 من طرق عن أيوب، بِهِ . وأخرجه البخاري 2505 في الشركة: باب الاشتراك في الهدى، من طرق ابن جريج، عن عطاء، عن طاووس، عن ابن عباس .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَخْبَارَ الثَّلَاثَةَ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ فِي الْإِهْلَالِ بِالْحَجِّ خَالِصًا اُرِيدَ بِهٖ اَنَّ بَعْضَ الصَّحَابَةِ فَعَلَ ذٰلِكَ لَا الْكُلَّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ تین روایات جو ہم ذکر کر چکے ہیں وہ صرف حج کا تلبیہ پڑھنے کے بارے میں ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے ایسا کیا تھا' ایسا نہیں ہے کہ تمام صحابہ نے ایسا کیا تھا

3795 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَشْهُرِ الْحَجِّ، وَلَيَالِي الْحَجِّ، وَحَرَمِ الْحَجِّ حَتّٰى نَزَلْنَا بِسَرِفَ، قَالَتْ: فَخَرَجَ اِلٰى اَصْحَابِهٖ، فَقَالَ: مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ، وَاَحَبَّ اَنْ يَّجْعَلَهَا عُمْرَةً فَلْيَفْعَلْ، وَمَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْيُ، فَلَا ، قَالَتْ: فَالْاٰخِذُ بِهَا، وَالتَّارِكُ لَهَا مِنْ اَصْحَابِهٖ، قَالَتْ: فَاَمَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرِجَالٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ، فَكَانُوْا اَهْلَ قُوَّةٍ، وَكَانَ مَعَهُمُ الْهَدْيُ، فَلَمْ يَقْدِرُوا عَلَى الْعُمْرَةِ، قَالَتْ: فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا اَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ يَا هَنْتَاهُ؟ ، قُلْتُ: قَدْ سَمِعْتُ قَوْلَكَ لِاَصْحَابِكَ، فَمُنِعْتُ الْعُمْرَةَ، قَالَ: وَمَا شَاْنُكِ؟ ، قُلْتُ: لَا اُصَلِّي، قَالَ: فَلَا يَضُرُّكِ، اِنَّمَا اَنْتِ امْرَاَةٌ مِّنْ بَنَاتِ آدَمَ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْكِ مَا كَتَبَ عَلَيْهِنَّ، فَكُوْنِيْ فِيْ حَجَّتِكِ فَعَسَى اَنْ تُدْرِكِيهَا ، قَالَتْ: فَخَرَجْنَا فِيْ حَجَّتِهٖ حَتّٰى قَدِمْنَا مِنًى، فَطَهَرْتُ ثُمَّ خَرَجْتُ مِنْ مِنًى، فَاَفَضْتُ الْبَيْتَ، قَالَتْ: ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُ فِي النَّفْرِ الْاٰخِرِ حَتّٰى نَزَلَ الْمُحَصَّبَ، وَنَزَلْنَا مَعَهُ، فَدَعَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ: اخْرُجْ بِاُخْتِكَ مِنَ الْحَرَمِ، فَلْتُهِلَّ بِعُمْرَةٍ، ثُمَّ افْرُغَا، ثُمَّ ائْتِيَا هَاهُنَا، فَاِنِّي اَنْظُرُكُمَا حَتّٰى تَاْتِيَانِيْ ، قَالَتْ: فَخَرَجْتُ لِذٰلِكَ حَتّٰى فَرَغْتُ، وَفَرَغْتُ مِنَ الطَّوَافِ، ثُمَّ جِئْتُهُ سَحَرًا، فَقَالَ: هَلْ فَرَغْتُمْ؟ ، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاَذَنَ بِالرَّحِيلِ فِيْ اَصْحَابِهٖ، فَارْتَحَلَ النَّاسُ، فَمَرَّ بِالْبَيْتِ قَبْلَ صَلَاةِ الصُّبْحِ، فَطَافَ بِهٖ ثُمَّ خَرَجَ فَرَكِبَ، ثُمَّ انْصَرَفَ مُتَوَجِّهًا اِلَى الْمَدِيْنَةِ

3795- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأبو بكر الحنفي: هو عبد الكريم بن عبد المجيد بن عبيد الله البصري . وأخرجه البخاري 1560 في الحج باب قول الله تعالى: (الْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمَاتٌ) (البقرة: 197)، وابن خزيمة 3907 عن محمد بن بشار بندار، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 1788 في العمرة: باب العمرة على قدر النصب، ومسلم 1211123 في الحج: باب بيان وجوه الحج، والنسائي في المناسك من "الكبرى" كما في "التحفة" 12/253 من طرق عن أفلح الحنفي، بِهٖ . وانظر 3834 و 3835 .وقوله: "يا هنتاه" قال الحافظ في "الفتح" 3/421: بفتح الهاء والنون، وقد تسكن النون، كناية عن شيء لا يذكره باسمه، ولا تقول في النداء : يا هن، وقد تزاد الهاء في آخره للسكت، فتقول ياهنه، وأن تشبع الحركة في النون فتقول: يا هناه، وتزداد في جميع ذلك للمؤنث مثناة .والمحصب: موضع بمكة على طريق منى .وقولها: "حتى فرغت وفرغت" أي: فرغت من الاعتمار، وفرغت من الطواف .

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم حج کے مہینے میں حج کے دنوں میں حج کے احرام میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے جب ہم نے ''سرف'' کے مقام پر پڑاؤ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے پاس تشریف لے گئے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے ہمراہ قربانی کا جانور موجود نہ ہو اور وہ اسے عمرہ میں تبدیل کرنا چاہتا ہے وہ ایسا کر لے' لیکن جس کے ساتھ قربانی کا جانور موجود ہے وہ ایسا نہیں کر سکتا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کچھ لوگوں نے اس حکم پر عمل کیا اور کچھ نے اسے ترک کر دیا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جہاں تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب میں سے کچھ افراد کا تعلق تھا جو صاحب حیثیت تھے اور ان کے ساتھ قربانی کا جانور موجود تھا وہ عمرہ (میں تبدیل) نہیں کر سکتے تھے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے' تو میں رو رہی تھی۔ آپ نے فرمایا: اے خاتون تم کیوں رو رہی ہو؟ میں نے عرض کی: میں نے آپ کا وہ فرمان سنا ہے' جو آپ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا ہے' لیکن میں اب عمرہ نہیں کر سکتی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ میں نے عرض کی: میں نماز ادا نہیں کر سکتی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تمہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ تم آدم کی بیٹیوں میں سے ایک عورت ہو۔ اللہ تعالیٰ نے تم پر بھی وہی چیز مقرر کی ہے' جو ان پر مقرر کی ہے تم حج کرتی رہو۔ تمہیں عمرے کا بھی موقع مل جائے گا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پھر ہم لوگ حج کے لئے روانہ ہوئے' ہم منیٰ آ گئے پھر میں پاک ہو گئی۔ پھر میں منیٰ سے روانہ ہوئی۔ میں نے طواف افاضہ کیا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ آخری روانگی کے وقت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئی' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وادی محصب میں پڑاؤ کیا آپ کے ہمراہ ہم نے بھی پڑاؤ کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عبدالرحمٰن بن ابوبکر کو بلوایا آپ نے فرمایا: اپنی بہن کو حرم سے باہر لے جاؤ اور اسے عمرہ کروالاؤ پھر تم دونوں فارغ ہو کے فلاں مقام پر آ جانا میں تم دونوں کے آنے کا انتظار کروں گا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: تو میں اس کام کے لئے روانہ ہوئی۔ پھر میں اس سے فارغ ہوئی پھر میں طواف سے فارغ ہوئی۔ پھر سحری کے وقت وہاں آئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم لوگ فارغ ہو گئے ہو میں نے عرض کی: جی ہاں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو روانگی کا حکم دیا۔ لوگوں نے روانگی کی تیاری کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز سے پہلے خانہ کعبہ کے پاس سے گزرے آپ نے اس کا طواف کیا۔ پھر آپ وہاں سے باہر نکلے اور سوار ہو گئے۔ پھر آپ مدینہ منورہ کی طرف رخ کر کے روانہ ہو گئے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ مَنْ اَحَلَّ وَجَعَلَ عُمْرَةً اِهْلَالَهُ الْاَوَّلَ بِاِنْشَائِهِ الْحَجَّ ثَانِيًا مِّنْ مَكَّةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو یہ حکم دیا تھا

جس نے احرام کھول دیا تھا اور اپنے پہلے تلبیہ کو عمرہ کے تلبیہ میں تبدیل کر دیا تھا اسے یہ حکم دیا تھا کہ وہ دوسری مرتبہ مکہ

سے حج کا احرام باندھے

3796 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْقُطَعِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ

(متن حدیث): اَنَّهُ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَذْكُرُ حَجَّةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَاَمَرَنَا بَعْدَ مَا تَمَتَّعْنَا اَنْ نَحِلَّ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِذَا اَرَدْتُمْ اَنْ تَنْطَلِقُوا اِلٰى مِنًى فَاَهِلُّوا، قَالَ: فَاَهْلَلْنَا مِنَ الْبَطْحَاءِ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ بات ارشاد فرماتے ہیں: ہم نے حج تمتع کی نیت کی تھی۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ حکم دیا کہ ہم احرام کھول دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم منیٰ کی طرف جانے کا ارادہ کرو گے تو پھر احرام باندھ لینا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو ہم نے بطحا سے احرام باندھا تھا۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّحُجَّ بِصَبِيٍّ لَمْ يُدْرِكْ حَجَّةَ التَّطَوُّعِ دُونَ الْفَرِيضَةِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ ایسے بچے کو ساتھ لے کر حج پر جائے، جس کا نفلی حج بھی نہیں ہو سکتا فرض حج (تو دور کی بات ہے)

3797 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِامْرَاَةٍ، فَقِيلَ لَهَا: هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَاَخَذَتْ بِعَضُدِ صَبِيٍّ كَانَ مَعَهَا، فَقَالَتْ: اَلِهٰذَا حَجٌّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: نَعَمْ وَلَكِ اَجْرٌ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ایک خاتون کے پاس سے ہوا اس خاتون کو بتایا گیا: یہ اللہ کے رسول ہیں، تو اس خاتون نے اپنے بچے جو اس کے ہمراہ تھا، کا بازو پکڑا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا اس کا حج ہوا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں اور تمہیں بھی (اس کا) اجر ملے گا۔

3796- إسناده صحيح على شرط مسلم. محمد بن بكر: هو البرساني. وأخرجه أحمد 3/387 عن محمد بن بكر: بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/218، ومسلم 1214 في الحج: بيان وجوه الإعلام الإحرام، والبيهقي 5/31 من طرق عن أبي ابن جريج، به.

3797- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن عقبة، فمن رجال مسلم. وهو في "الموطأ" 1/422 في الحج: باب جامع الحج. وأخرجه الشافعي 1/283، والطحاوي 2/256، والبيهقي 5/155، والبغوي 1853 من طريق ابن مالك، بهذا الإسناد، وانظر ما بعده.

ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِي سُئِلَ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ عَمَّا وَصَفْنَا

اس جگہ کا تذکرہ جہاں نبی اکرم ﷺ سے اس بارے میں دریافت کیا گیا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

3798 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَعْقُوبَ الطَّالَقَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي فِي بَطْنِ الرَّوْحَاءِ اِذْ اَقْبَلَ وَفْدٌ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْهُمْ: مَنْ اَنْتُمْ؟، فَقَالَ: نَحْنُ الْمُسْلِمُونَ، ثُمَّ قَالَتِ امْرَاَةٌ: مَنْ اَنْتَ؟ قَالَ: اَنَا رَسُولُ اللّٰهِ، فَاَخْرَجَتْ صَبِيًّا، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلِهٰذَا حَجٌّ؟، فَقَالَ: وَلَكِ اَجْرٌ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ ''روحا'' کے نشیبی علاقے سے گزر رہے تھے سامنے سے کچھ لوگ آئے ان میں سے ایک صاحب نے دریافت کیا: آپ کون لوگ ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم مسلمان ہیں۔ پھر ایک خاتون نے دریافت کیا: آپ کون ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں۔ اس خاتون نے اپنے بچے کو نکالا اور دریافت کیا: یا رسول اللہ ﷺ! کیا اس کا حج ہو گیا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (جی ہاں) اور تمہیں بھی اجر ملے گا۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْإِهْلَالِ الَّذِي يُهِلُّ الْمَرْءُ بِهِ اِذَا عَزَمَ عَلَى الْحَجِّ اَوِ الْعُمْرَةِ

تلبیہ کے اس طریقے کا تذکرہ جس کے مطابق آدمی اس وقت تلبیہ پڑھے گا جب وہ حج یا عمرے کا پختہ ارادہ کرلے

3799 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ تَلْبِيَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ،

قَالَ نَافِعٌ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ يَزِيدُ فِيهَا: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ، لَبَّيْكَ وَالرَّغْبَاءُ اِلَيْكَ وَالْعَمَلُ

3798–إسناد صحيح، رجاله ثقات غير سعيد الطالقاني، وهو ثقة روى له أصحاب السنن .وأخرجه الشافعي 1/282، والحميدي 504 والطيالسي 3707 وأحمد 1/219و343و344، ومسلم 1336 في الحج: باب صحة حج الصبي وأجر من حج به، وأبو داوُد 1736 في المناسك: باب في الصبي يحج، وابن الجارود 411، وابن خزيمة 3049 والطحاوي 2/256 والطبراني في "الكبير" 12176، والبيهقي 5/155 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/244و288 والطحاوي 2/256، والطبراني 12177، والبيهقي 5/155–156 من طرق عن إبراهيم بن عقبة، بِهِ .وأخرجه الطبراني 12182 و12183 والبيهقي 5/156من طريقين عن كريب، بِهِ .وأخرجه الطبراني 11016 من طريق عبد الكريم بن أبي المخارق، عن طاووس، عن ابن عباس .

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تلبیہ کے یہ الفاظ تھے:

''میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں ہے میں حاضر ہوں بیشک حمد اور نعمت تیرے لئے مخصوص ہے اور بادشاہی بھی' تیرا کوئی شریک نہیں ہے''۔

نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اس میں ان الفاظ کا اضافہ کرتے تھے۔

''میں حاضر ہوں سعادت تجھ سے حاصل ہوسکتی ہے۔ میں حاضر ہوں رغبت تیری طرف کی جاسکتی ہے اور امر بھی تیری طرف جاتا ہے''۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّزِيدَ فِيْ تَلْبِيَتِهِ عَلٰى مَا ذَكَرْنَا

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ ہم نے جو تلبیہ ذکر کیا ہے وہ اس میں (کچھ) الفاظ کا اضافہ کرلے

3800 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ

3799–إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "الموطأ" 1/331–332 في الحج: باب العمل في الإهلال . وأخرجه الشافعي 1/303، والبخاري 1549 في الحج: باب التلبية، ومسلم 1184 في الحج باب التلبية وصفتها ووقتها، وأبو داو 1812 في المناسك: باب كيف التلبية، والطحاوي 2/124و125، والبيهقي 5/44 . والبغوي 1865 من طريق مالك، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/28و41و48و77، والدارمي 2/34، والترمذي 825 في الحج: باب ما جاء في التلبية، والنسائي 5/160 في مناسك الحج: باب كيف التلبية، وابن ماجة 2918 في المناسك: باب في التلبية، والدارقطني 2/225، وابن خزيمة 2261 و 2262، والطحاوي 2/124 من طرق عن نافع، بهِ . وأخرجه أحمد 2/3و34و43و79و120، والبخاري 5915 في اللباس: باب التلبية، ومسلم 1184 والنسائي 5/159، والطحاوي 2/124، والبيهقي 5/44 من طرق عن ابن عمر، بهِ .

3800–إسناده صحيح على شرط الشيخين . عبد العزيز بن أبي سلمة هو عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ سلمة الماجشون، وعبد الله بن الفضل: هو ابن العباس بن ربيعة الهاشمي . واخرجه أحمد 1/476 عن وكيع، وابن خزيمة 2623 عن عبد الله بن سعيد الأشج، عن وكيع بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/341، والنسائي 5/161 في المناسك: باب كيفية التلبية وابن خزيمة 2624، والطحاوي 2/125، والبيهقي 5/45 من طرق عن عبد العزيز بن أبي سلمة، به، وصححه الحاكم 1/449–450 ووافقه الذهبي . وعلقه الشافعي 1/304 5فقال: وذكر عبد العزيز بن عبد الله الماجشون، عن عبد الله، عن عبد الله الفضل، فذكره . إسناده صحيح . علي بن سعيد المسروقي: هو علي بن سعيد بن معدان بن مسروق الكندي أبو الحسن الكوفي، روى له الترمذي والنسائي، وذكره المؤلف في "الثقات" 8/475 وثقه النسائي ومحمد بن عبد الله الحضرمي، وقال حاتم صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير داؤد بن أبي هند، فمن رجال مسلم . وابن أبي زائدة: هو يحي بن زكريا، وأبو العالية: هو رُفيع بن مهران . وأخرجه أبن خزيمة 2632 عن علي بن سعد المسروقي، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/216، ومسلم 166 في الإيمان: باب الإسراء برسول الله صلى الله عليه وسلم إلى السموات وفرض الصلوات، وابن ماجة 2891 في المناسك: باب الحج على الرحل، وابن خزيمة 2633 من طريقين عن داؤد بن أبي هند، بهِ .

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِیْ تَلْبِیَتِهٖ: لَبَّیْکَ اِلٰهَ الْحَقِّ لَبَّیْکَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تلبیہ میں یہ الفاظ پڑھتے تھے۔

''میں حاضر ہوں اے حقیقی معبود میں حاضر ہوں''۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمُلَبِّي عِنْدَ التَّلْبِيَةِ اِدْخَالُ الْاَصْبَعَيْنِ فِي الْاُذُنَيْنِ

تلبیہ پڑھنے والے کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ تلبیہ پڑھتے وقت اپنی دونوں انگلیاں دونوں کانوں میں داخل کرلے

3801 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِیْلِ، حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ سَعِیْدٍ الْمَسْرُوْقِیُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِیْ هِنْدَ، عَنْ اَبِی الْعَالِیَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): انْطَلَقْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ اِلَی الْمَدِیْنَةِ، فَلَمَّا اَتَیْنَا عَلٰی وَادِی الْاَزْرَقِ قَالَ: اَیُّ وَادٍ هٰذَا؟، قَالُوْا: وَادِی الْاَزْرَقِ، قَالَ: كَاَنَّمَا اَنْظُرُ اِلٰی مُوْسٰی، یَنْعَتُ مِنْ طُوْلِهٖ وَشَعَرِهٖ وَلَوْنِهٖ، وَاضِعًا اُصْبُعَیْهِ فِیْ اُذُنَیْهِ، لَهٗ جُؤَارٌ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی بِالتَّلْبِیَةِ مَارًّا بِهٰذَا الْوَادِیْ، ثُمَّ نَفَذْنَا الْوَادِیَ حَتّٰی اَتَیْنَا - قَالَ دَاوُدُ: اَظُنُّهٗ ثَنِیَّةَ هَرْشٰی، قَالَ: اَیُّ ثَنِیَّةٍ هٰذِهٖ؟ فَقُلْنَا: ثَنِیَّةُ هَرْشٰی، قَالَ: كَاَنَّمَا اَنْظُرُ اِلٰی یُوْنُسَ عَلٰی نَاقَةٍ حَمْرَاءَ، خِطَامُ النَّاقَةِ خُلْبَةٌ، عَلَیْهِ جُبَّةٌ لَهٗ مِنْ صُوْفٍ، یُهِلُّ نَهَارًا بِهٰذِهِ الثَّنِیَّةِ مُلَبِّیًا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوئے۔ جب ہم وادی ازرق میں آئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ کون سی وادی ہے؟ لوگوں نے بتایا: یہ وادی ازرق ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں گویا اس وقت بھی حضرت موسیٰ علیہ السلام کو دیکھ رہا ہوں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے قد ان کے بالوں اور رنگت کا تذکرہ کیا (اور یہ فرمایا) انہوں نے اپنی دونوں انگلیاں دونوں کانوں میں دی ہوئی ہے اور تلبیہ کے الفاظ کے ہمراہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں التجا کرتے ہوئے اس وادی سے گزر رہے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: پھر ہم اس وادی سے آگے بڑھ گئے اور ہم آئے داؤد نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ ہم ''ہرشی'' نامی گھاٹی پر آئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ کون سی گھاٹی ہے؟ ہم نے جواب دیا: یہ ہرشی گھاٹی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گویا میں اس وقت بھی حضرت یونس علیہ السلام کو دیکھ رہا ہوں وہ اپنی سرخ اونٹنی پر سوار ہیں' جس کی لگام کھجور کے پتوں سے بنی ہوئی ہے۔ انہوں نے اونی جبہ پہنا ہوا ہے اور وہ اس گھاٹی سے گزرتے ہوئے بلند آواز میں تلبیہ پڑھ رہے ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْحَاجِّ وَالْمُعْتَمِرِ مِنْ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالتَّلْبِيَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ حج کرنے والے اور عمرہ کرنے والے کے لیے

یہ بات مستحب ہے کہ وہ بلند آواز میں تلبیہ پڑھے

3802 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ،

(متنِ حدیث): عَنْ اَبِيْهِ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَتَانِىْ جِبْرِيلُ، فَاَمَرَنِىْ اَنْ آمُرَ اَصْحَابِىْ اَنْ يَّرْفَعُوا اَصْوَاتَهُمْ بِالْاِهْلَالِ

❀❀ خلاد بن سائب اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ان تک نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان پہنچا ہے۔

"جبرائیل میرے پاس آئے اور انہوں نے مجھ سے یہ کہا کہ میں اپنے ساتھیوں کو یہ ہدایت کروں کہ وہ بلند آواز میں تلبیہ پڑھیں"۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِىْ مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے (نبی اکرم ﷺ نے) یہ حکم دیا تھا

3803 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِىُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا وَكِيعٌ،

3802–إسناده صحيح . رجاله رجال الشيخين غير خلارد بن السائب، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة، وعبد الله بن أبى بكر: هو محمد بن عمر بن حزم، وعبد اللملك بن أبى بكر: هو ابن عبد الرحمٰن بن الحارث بن هشام المخزومى، والسائب: هو ابن خلاد بن سويد الأنصارى رضى الله عنه .وأخرجه الدارمى 2/34 عن عثمان بن أبى شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبرانى فى "الكبير" 5170 من طريق عثمان بن أبى شيبة، عن وكيع، عن سفيان، به .وأخرجه أحمد 4/55و56، والحميدى 853، والترمذى 829 فى الحج: باب ما جاء فى رفع الصوت بالتلبية، والنسائى 5/162فى مناسك الحج: باب بالتلبية، والدارقطنى 2/238، وابن خزيمة 2625 و2627 وابن الجارود 433، والطبرانى 6627و6628، والبيهقى 5/42من طرق عن سفيان به، وقال الترمذى: حديث حسن صحيح .وأخرجه الطبرانى 6629 من طريق ابن جريج، ومالك فى "الموطأ" 1/334فى الحج: باب رفع الصوت بالإهلال، ومن طريقه الشافعى 1/306،التلبية، والطبرانى 6626، والبيهقى 42_5/41و42، والبغوى 1867 كلاهما عن عبد الله بن أبى بكر، به . وانظر ما بعده .

3803–رجاله ثقات رجال الشيخين غير المطلب بن عبد الله وخلاد بن السائب، والأول صدوق، والثانى ثقة . وقد أعله الترمذى بإثر الحديث المتقدم فقال والصحيح هو عن خلاد بن السائب عن أبيه .وأخرجه أحمد 5/192، وابن ماجة 2923 فى المناسك: باب رفع الصوت بالتلبية، وابن خزيمة 2628، والحاكم 1/45، والطبرانى 5170 من طرق عن وكيع بهذا الإسناد . وأخرجه الطبرانى 5168 و 5169 من طريقين عن سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ لَبِيدٍ، عن عبد الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ خلاد بن السائب، عن أبيه، عن زيد بن خالد الجهنى .

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ لَبِيدٍ، عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): آتَانِيْ جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ مُرْ اَصْحَابَكَ فَلْيَرْفَعُوا اَصْوَاتَهُمْ بِالتَّلْبِيَةِ، فَاِنَّهُ مِنْ شِعَارِ الْحَجِّ

توضیحِ مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ خَلَّادُ بْنُ السَّائِبِ مِنْ اَبِيْهِ، وَمِنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ، وَلَفْظَاهُمَا مُخْتَلِفَانِ، وَهُمَا طَرِيْقَانِ مَحْفُوظَانِ

❁❁ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جبرائیل میرے پاس آئے اور بولے: اے (حضرت) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ اپنے اصحاب کو یہ حکم دیجئے کہ وہ بلند آواز میں تلبیہ پڑھیں' کیونکہ یہ حج کا مخصوص طریقہ ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) خلاد بن سائب نے یہ روایت اپنے والد سے بھی سنی ہے اور حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ سے بھی سنی ہے۔ اس کے الفاظ ایک دوسرے سے مختلف ہیں تاہم اس کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي يَقْطَعُ الْحَاجُّ تَلْبِيَتَهُ فِيهِ

اس وقت کا تذکرہ جس میں حج کرنے والا شخص تلبیہ پڑھنا ختم کردے گا

3804 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ،

3804– إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله رجال الشيخين غيرَ مُسَدَّدٍ، فمن رجال البخارى، يحى: هو ابن سعيد الأنصارى، وعطاء: هو ابن رباح، وقد صرح به ابن جريج بالتحديث، فانتفت تدليسه .وأخرجه الطبرانى فى 0 الكبير 9 11292 عن معاذ بن المثنى، عن مسدد، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 1281 267 فى الحج: باب استحباب إدامة الحاج التلبية حتى يشرع فى رمى جمرة العقبة يوم النحر، من طريق عيسى بن يونس، عن ابن جريج، بِهِ .وأخرجه الطبرانى 11289، و 11324 من طريقين عن عطاء، بِهِ .زأخرجه أحمد 1/214، والنسائى 5/268 فى مناسك الحج: باب التلبية فى السير، وابن ماجة 3039 فى المناسك: باب متى يقطع الحاج التلبية، والطبرانى 10967 و 10990 و11235و 11585 من طرق عن ابن عباس .ورواه بعضهم فجعله فى مسند الفضل بن عباس، فقد أخرجه الشافعى 1/358، وأحمد 1/210و213، والترمذى 1918 فى الحج باب ماجاء متى تقطع التلبية فى الحج، عن يحى بن سعيد عن ابن جريج بعطاء، عن عبد الله بن عباس، عن أخيه الفضل بن عباس .وأخرجه البخارى 1685 فى الحجد: باب التلبية والتكبير غداة النحر حين يرمى الجمرة، والبيهقى 5/137، والبغوى 1950 من طرق عن ابن جريج به .وأخرجه أحمد 1/210و211و213 من طريقين عن عطاء، بِهِ .وأخرجه أحمد 1/213، والبخارى 1544 فى الحج: باب الركوب والارتداف فى الحج، 1670 باب النزول بين عرفة وجمع، و 1687 باب التلبية والتكبير غداة النحر حين يرمى الجمر ة، ومسلم 1281، والنسائى 5/275فى الحج: باب التكبير مع كل حصاة، 276باب قطع الحرم التلبية إذا رمى جمرة العقبة، وفى "الكبرى" كما فى "اللتحفة" 8/266، وابن ماجة 3040، وابن خزيمة 2885 و 2887 من طرق عن عبد الله بن عباس، عن عن الفضل بن عباس .وأخرجه على بن الجعد 3179 عن يزيد بن إبراهيم، عن عطاء بن ابى رباح، عن الفضل بن عباس، وهذا السند فيه انقطاع، فإن عطاء لم يدرك الفضل بن عباس .

قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْدَفَ الْفَضْلَ بْنَ عَبَّاسٍ مِّنْ جَمْعٍ اِلٰى مِنًى

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ سے منیٰ کی طرف جاتے ہوئے حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کو اپنے پیچھے بٹھالیا تھا۔

3804/A - قَالَ عَطَاءٌ: اَخْبَرَنِیْ ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّ الْفَضْلَ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَزَلْ يُلَبِّی حَتّٰى رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت فضل رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمرہ عقبہ کی رمی کرنے تک مسلسل تلبیہ پڑھتے رہے تھے۔

بَابُ دُخُولِ مَكَّةَ

باب: مکہ مکرمہ میں داخل ہونا

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلدَّاخِلِ الْحَرَمَ بِغَيْرِ إِحْرَامٍ لِعِلَّةٍ تَحْدُثُ

حرم میں داخل ہونے والے شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ کسی علت کے پیش آنے کی وجہ سے احرام کے بغیر (اس میں داخل ہوسکتا ہے)

3805 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، وَعُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَافَى، وَالْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَأَبُوْ عَرُوبَةَ، قَالُوا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ،

(متن حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ وَعَلٰى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے تو آپ کے سر مبارک پر ''خود'' تھا۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي دَخَلَ فِيهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ بِغَيْرِ إِحْرَامٍ

اس وقت کا تذکرہ جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم احرام کے بغیر مکہ میں داخل ہوئے تھے

3806 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسٍ،

(متن حدیث): أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ، وَعَلٰى رَأْسِهِ الْمِغْفَرُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ میں داخل ہوئے تو آپ کے سر مبارک پر ''خود'' تھا۔

3805–صحيح . وقد تقدم برقم 3719 و 3721 . محمد بن حرب: هو الخولاني المعروف بالأبرش .

3806–إسناده صحيح . حامد بن يحي البلخي: ثقة حافظ، روى له أبو داوُد، ومن فوقه ثقاتة من رجال الشيخين . وهو مكرر ما قبله .

ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِي يُسْتَحَبُّ دُخُولُ الْمَرْءِ مِنْهُ مَكَّةَ

اس جگہ کا تذکرہ جہاں سے مکہ میں داخل ہونا آدمی کے لیے مستحب ہے

3807 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَامَ الْفَتْحِ مِنْ كَدَاءٍ اَعْلٰى مَكَّةَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ کے بالائی علاقے کداء کی طرف سے مکہ میں داخل ہوئے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْحَاجِّ اَنْ يَّبْدَاَ بِهٖ عِنْدَ دُخُولِهٖ مَكَّةَ

اس بات کا تذکرہ کہ حاجی کے لیے کیا مستحب ہے کہ وہ مکہ میں داخل ہونے کے بعد وہ اس سے آغاز کرے

3808 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ، قَالَ: سَلْ لِي عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ عَنْ رَجُلٍ يُهِلُّ بِالْحَجِّ، فَاِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ اَهَلَّ اَمْ لَا؟، فَقَالَ عُرْوَةُ: قَدْ حَجَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ اَنَّ اَوَّلَ شَيْءٍ بَدَاَ بِهٖ حِينَ قَدِمَ مَكَّةَ اَنَّهٗ تَوَضَّاَ، وَطَافَ بِالْبَيْتِ

محمد بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: عراق سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے کہا: عروہ بن زبیر سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کریں جو حج کا احرام باندھتا ہے اور وہ بیت اللہ کا طواف کر لیتا ہے وہ تلبیہ پڑھتا رہے گا یا نہیں؟ تو عروہ نے بتایا

3807- إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله رجال الشيخين غير حرملة . عمرو بن الحارث: هو ابن يعقوب الأنصاري .وأخرجه البخاري 1579 في الحج: باب من أين يخرج من مكة، عن أحمد بن عبد الرحمٰن بن وهب، عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/40 والبخاري 1577و 1578 و1580 و 1581، 4290 و 4291في المغازي: باب دخول النبي صلى الله عليه وسلم من أعلى مكة، ومسلم 1258 في الحج: باب استحباب دخول مكة من الثنية العليا، وأبو داوُد 1868 في المناسك: باب دخول مكة، والبيهقي 5/71، والبغوي 1896 من طرق عن هشام بن عروة، بِهِ .وكداء : بفتح الكاف والمد، قال أبو عبيد: لا يصرف، وفي حديث ابن عمر: "دخل مكة من كداء من الثنية العليا التي بالبطحاء " قال الحافظ في "الفتح" 3/511: وهذه الثنية هي التي ينزل منها إلى المَعْلٰى مقبرة أهل مكة، والتي يُقال لها: الحَجون . . . وكل عقبة في جبل أو طريق عالٍ فيه تسمى ثنية .

3808-إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، محمد بن عبد الرحمٰن: هو الأسود يتيم عروة .وأخرجه البخاري 1614 في الحج: باب من طاف بالبيت إذا قدم مكة، وطاف بالبيت وسعى، وابن خزيمة 2699، والبيهقي 5/77، والبغوي 1898 من طرق عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد .

کہ نبی اکرم ﷺ نے حج کیا تھا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بتائی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے مکہ مکرمہ تشریف لانے کے بعد سب سے پہلے وضو کیا تھا اور بیت اللہ کا طواف کیا تھا۔

ذِكْرُ وَصْفِ الطَّوَافِ بِالْبَيْتِ لِلْحَاجِّ وَالْمُعْتَمِرِ إِذَا أَرَادَهُ

حج کرنے والے اور عمرہ کرنے والے کے لیے بیت اللہ کے طواف کے طریقے کا تذکرہ جب وہ اس کا ارادہ کرے

3809 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ، طَافَ بِالْبَيْتِ سَبْعًا، ثُمَّ صَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّفَا مِنَ الْبَابِ الَّذِي يَخْرُجُ مِنْهُ، فَطَافَ بِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

قَالَ شُعْبَةُ: وَأَخْبَرَنِي أَيُّوبُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ قَالَ: سُنَّةٌ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ مکہ تشریف لائے' تو آپ نے بیت اللہ کا سات مرتبہ طواف کیا۔ پھر آپ نے مقام ابراہیم کے پاس دو رکعات نماز ادا کی پھر آپ اس دروازے سے' جس سے باہر آیا جاتا ہے' صفا کی طرف تشریف لے گئے آپ نے صفا اور مروہ کا چکر لگایا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ سنت ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الطَّوَافِ بِالْبَيْتِ الْعَتِيقِ لِلْمُحْرِمِ

محرم شخص کے لیے بیت عتیق کے طواف کے طریقے کا تذکرہ

3810 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا

3809– إسناده صحيح علي شرط الشيخين . محمد: هو ابن جعفر الملقب بِغُنْدَر . وأخرجه النسائي 5/237 في مناسك الحج: باب ذكر خروج النبي صلى الله عليه وسلم إلى الصفا من الباب الذي يخرج منه، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/85 عن محمد بن جعفر، والطبراني 13634 عن عبدان بن أحمد، عن عمرو بن العباس الرازي، عن محمد بن جعفر به .وأخرجه علي بن الجعد في "مسنده 9 1255و 12666، والبخاري 1627 في الحج: باب من صلى ركعتي الطواف خلف المقام، والطبراني 13634 والبيهقي 5/91 من طريق آدم وأبي النضر، عن شعبة به وأخرجه أحمد 2/15، والبخاري 395 في الصلاة: باب قول الله تعالى: (وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى) (البقرة: 125) و 1623 في الحج: باب ما يلزم من أحرم من أحرم بالحج ثم قدم مكة من الطواف والسعي، والنسائي 5/225 في مناسك الحج: باب طواف من أهل بعمرة، و 5/235 باب اين يصلي ركعتي الطواف، وفي الحج من "الكبرى" كما في "التحفة" 6/18، وابن الطبراني 13630 و 13631 و 13633و 13635و 13636، والبيهقي 5/97من طرق عن عمرو بن دينار، به . وزاد فيه: (لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ) (الأحزاب:21) .

عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ رَمَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے (والد امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔

''جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ تشریف لائے تو آپ نے (طواف کرتے ہوئے) رمل کیا تھا''۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا رَمَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا وَصَفْنَا

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمل کیا تھا جس کا ہم نے ذکر کیا تھا

3811 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، فَقُلْتُ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ اِنَّ قَوْمَكَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَلَ، وَاَنَّهُ سُنَّةٌ، فَقَالَ: صَدَقُوا وَكَذَبُوْا، قَدْ رَمَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ بِسُنَّةٍ، ثُمَّ قَالَ: قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُشْرِكُوْنَ عَلَى قُعَيْقِعَانَ، وَقَدْ تَحَدَّثُوا اَنَّ بِصَحَابَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُزَالًا وَجَهْدًا، فَاَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَرْمُلُوا لِيُرِيَهُمْ اَنَّ بِهِمْ قُوَّةً

ابوطفیل بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے کہا: اے ابن عباس آپ کی قوم کے افراد یہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمل کیا تھا اور یہ سنت ہے' تو حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا:

3810- إسناده صحيح على شرط مسلم . إسحاق بن إبراهيم: هو راهويه، وعبد العزيز بن محمد: هو الدراوردی . وسيرد مطولاً من حديث جابر برقم 3943 و 3944 فانظر تخريجه هناك .

3811-إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير فطر وهو ابن خليفة وثقة غير واحد وروى له البخاری حديثا واحدا مقرونا بغيره . واحتج به أصحاب السنن . حبان: هو ابن موسى المرزوی، وعبد الله: هو ابن المبارك، وأبو الطفيل: هو عامر بن واثلة، وهو اخر الصحابة موتاً رضی الله عنه .وأخرجه الحميدی 511، وأحمد 1/229، والطحاوی 2/180، والطبرانی فی "الكبير" 16025 و 10626 من طرق عن فطر، بهذا الإسناد .وأخرجه الحميدی 511، وأحمد 1/297-298و298، ومسلم 1464 238 فی الحج: باب استحباب الرمل فی الطواف والعمرة، وأبو داوٗد 1885 فی الحج: باب فی الرمل، وابن ماجة 2953 فی المناسك: باب الرمل حول البيت، والطحاوی 2/179و181، والطبرانی 10627 و 10629 من طرق عن أبی الطفيل، به .وأخرجه أحمد 1/294-295و373، والبخاری 1602 فی الحج: باب كيف كان بدء الرمل، 4256 فی المغازی باب عمرة القضاء، ومسلم 1266، وأبو داوٗد 1886، وابن خزيمة 2720، والبيهقی 5/82، والطحاوی 2/179 من طرق عن حماد بن يزيد، عن أيوب، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس . وأخرجه أحمد 1/221، ومسلم 1266، 241، والنسائی 5/242فی مناسك الحج: باب السعی بين الصفا والمروة،، وأبو يعلى 2339، والبيهقی 5/82 من طرق عن سفيان، عن عمرو، عن عطاء، عن ابن عباس . وأخرجه أحمد 1/255 من طريق عكرمة، والترمذی 863 فی الحج: باب السعی بين الصفا والمروة، من طريق عمرو بن دينار، عن ابن عباس بنحوه .وانظر ما بعده 3814 و 3841 و3845 .

انہوں نے کچھ بات ٹھیک بیان کی ہے کچھ غلط بیان کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے رمل کیا تھا' لیکن یہ سنت نہیں ہے پھر انہوں نے یہ بات بتائی کہ نبی اکرم ﷺ (مکہ مکرمہ) تشریف لائے' تو مشرکین قعیقان (کے مقام پر) بیٹھے ہوئے تھے اور نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کے بارے میں فراق اڑانے کے طور پر بات چیت کر رہے تھے' تو نبی اکرم ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو یہ حکم دیا کہ وہ رمل کریں' تاکہ ان لوگوں کو اپنی قوت دکھا دیں۔

3812 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ اَبَا الطُّفَيْلِ، فَقُلْتُ: الْاَطْوَافُ الثَّلَاثَةُ الَّتِي تُسْنَدُ بِالْكَعْبَةِ؟، قَالَ اَبُو الطُّفَيْلِ: سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْهَا، فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نَزَلَ مَرَّ الظَّهْرَانِ فِي صُلْحِ قُرَيْشٍ، بَلَغَ اَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ قُرَيْشًا كَانَتْ تَقُولُ: تُبَايِعُونَ ضُعَفَاءَ، قَالَ اَصْحَابُهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوْ اَكَلْنَا مِنْ ظَهْرِنَا، فَاَكَلْنَا مِنْ شُحُومِهَا، وَحَسَوْنَا مِنَ الْمَرَقِ، فَاَصْبَحْنَا غَدًا حَتّٰى نَدْخُلَ عَلَى الْقَوْمِ، وَبِنَا جَمَامٌ، قَالَ: لَا وَلٰكِنِ ائْتُونِي بِفَضْلِ اَزْوَادِكُمْ، فَبَسَطُوا اَنْطَاعَهُمْ ثُمَّ جَمَعُوا عَلَيْهَا مِنْ اَطْعِمَاتِهِمْ كُلَّهَا، فَدَعَا لَهُمْ فِيهَا بِالْبَرَكَةِ، فَاَكَلُوا حَتّٰى تَضَلَّعُوا شِبَعًا، فَاَكْفَتُوا فِي جُرُبِهِمْ فُضُولَ مَا فَضَلَ مِنْهَا، فَلَمَّا دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قُرَيْشٍ، وَاجْتَمَعَتْ قُرَيْشٌ نَحْوَ الْحِجْرِ، اضْطَبَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِهِ: لَا يَرَى الْقَوْمُ فِيكُمْ غَمِيزَةً، وَاسْتَلَمَ الرُّكْنَ الْيَمَانِيَ، وَتَغَيَّبَتْ قُرَيْشٌ، مَشٰى هُوَ وَاَصْحَابُهُ حَتّٰى اسْتَلَمُوا الرُّكْنَ الْاَسْوَدَ، فَطَافَ ثَلَاثَةَ اَطْوَافٍ، فَلِذٰلِكَ تَقُولُ قُرَيْشٌ وَهُمْ يَمُرُّونَ بِهِمْ يَرْمُلُونَ: لَكَاَنَّهُمُ الْغِزْلَانُ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَكَانَتْ سُنَّةً

❀❀ ابن خثیم بیان کرتے ہیں: میں نے ابوطفیل سے دریافت کیا: میں نے کہا: وہ تین اطراف جن میں خانہ کعبہ کے ساتھ ٹیک لگائی جاتی ہے' تو ابوطفیل نے بتایا: میں نے اس بارے میں حضرت ابن عباس سے دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا: قریش کے ساتھ صلح کے موقع پر جب نبی اکرم ﷺ نے مرالظہر ان کے مقام پر پڑاؤ کیا' تو نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کو یہ بات پتہ چلی کہ قریش یہ کہتے ہیں: تم لوگوں نے کمزور لوگوں کے ساتھ معاہدہ کیا ہے' تو نبی اکرم ﷺ کے اصحاب نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اگر ہم اپنی قربانی کے جانوروں کا گوشت کھائیں اور ان کی چربی کو کھائیں اور اس کا شوربہ پی لیں (تو ہمارے جسموں میں طاقت آ جائے گی)' تو ہم کل صبح مکہ میں داخل ہوں گے اور اس وقت ہم طاقت ور نظر آئیں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی نہیں بلکہ تم اپنے زادِ سفر میں سے بچ جانیوالی چیزیں لے کر آؤ پھر لوگوں نے اپنے دستر خوان بچھائے اور اس پر اپنے کھانے کی تمام چیزیں جمع کر دیں' تو نبی اکرم ﷺ نے ان چیزوں کے بارے میں برکت کی دعا کی' تو انہوں نے اسے کھایا' تو ان کے پیٹ بھر گئے۔ انہوں نے

3812—حديث صحيح رجاله ثقات رجال الصحيح . ويحى بن سُليم وإن قال فيه أبو حاتم: لم يكن بالحافظ تابعه عليه إسماعيل بن زكريا عند أحمد 1/305 .واخرجه مختصراً أبو داؤد 1889 في المناسك: باب في الرمل، وابن خزيمة 2707، والبيهقي 5/79 من طريق يحى بن سُليم، بهذا الإسناد وانظر 3814 و 3811 .

باقی بچ جانے والی چیزیں اپنے تھیلوں میں ڈال لی جب نبی اکرم ﷺ قریش کے سامنے آئے تو قریش حجر اسود کے سامنے اکٹھے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے اضطباع (کے طور پر کپڑے کو لپیٹا) پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: ان لوگوں کو تمہارے اندر کمزوری نہیں نظر آنی چاہئے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے رکن یمانی کا استلام کیا۔ اس وقت قریش دوسری طرف ہو گئے (یعنی نظر نہیں آتے تھے) نبی اکرم ﷺ اور آپ کے اصحاب عام رفتار سے چلتے تھے یہاں تک کہ حجر اسود کا استلام کر لیتے (تو پھر دوڑنا شروع کر دیتے تھے) تو نبی اکرم ﷺ نے تین طواف اس طرح کئے یہ حضرات دوڑتے ہوئے قریش کے پاس سے گزرتے تو قریش یہ کہتے تھے: یہ ہرنوں کی طرح دوڑ رہے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں تو یہ سنت ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ ابْنِ عَبَّاسٍ الَّذِى ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

اور (وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ روایت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول ہماری ذکر کردہ روایت کے برخلاف ہے

3813 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَلَ مِنَ الْحَجَرِ اِلَى الْحَجَرِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: رَمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَيْتِ ثَلَاثًا، وَمَشٰى اَرْبَعًا، كَذٰلِكَ قَالَهُ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ فِيْ رِوَايَةِ اَصْحَابِهِ عَنْهُ، عَنْ جَابِرٍ، وَاخْتَصَرَ مَالِكٌ الْخَبَرَ وَلَمْ يَذْكُرْ اَنَّهُ رَمَلَ ثَلَاثًا، وَمَشٰى اَرْبَعًا. فَكَانَ الرَّمَلُ لِعِلَّةٍ مَعْلُوْمَةٍ، وَهِيَ اَنْ يَّرَاهُمُ الْمُشْرِكُوْنَ جُلَدَاءَ، لَا ضَعْفَ بِهِمْ، فَارْتَفَعَتْ هٰذِهِ الْعِلَّةُ، وَبَقِيَ الرَّمَلُ فَرْضًا عَلٰى اُمَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد کا (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔

''نبی اکرم ﷺ نے حجر سے لے کر حجر تک رمل کیا تھا''۔

3813- إسناده صحيح على شرط مسلم . وهو في "الموطأ" 1/364 في الحج: باب الرمل في الطواف . وأخرجه الدارمي 2/42، ومسلم 2/42، ومسلم 1263 في الحج: باب استحباب الرمل في الطواف والعمرة، والترمذي 857 في الحج: باب ما جاء في الرمل من الحجر إلى الحجر، والنسائي 5/230 في مناسك الحج: باب الرمل من الحجر إلى الحجر، وابن ماجة 2951 في المناسك: باب الرمل حول البيت، من طرق عن مالك، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: حديث جابر حديث حسن صحيح . وسيأتي بطوله برقم 3943 و 3944 .

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ نے تین مرتبہ بیت اللہ کا رمل کیا چار مرتبہ عام رفتار سے چلے۔ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے اپنی روایت میں یہ بات اسی طرح نقل کی ہے جو حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے جیسا کہ ان کے شاگردوں نے اسے نقل کیا ہے۔ جب کہ امام مالک نے اس روایت کو مختصر طور پر نقل کیا ہے۔ انہوں نے یہ بات نقل نہیں کی کہ نبی اکرم ﷺ تین چکروں میں بھاگ کر چلے تھے اور چار چکروں میں عام رفتار سے چلے تھے تو یہ رمل کسی متعین علت کی وجہ سے تھا اور وہ علت یہ تھی کہ مشرکین ان لوگوں کو دیکھ لیں کہ وہ تندرست لوگ ہیں ان میں کمزوری نہیں ہے جب یہ علت ختم ہوگئی تو علت کا حکم نبی اکرم ﷺ کی امت کے لئے قیامت کے دن تک فرض کے طور پر باقی رہ گیا۔

3814 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِهِ حِينَ اَرَادُوا دُخُولَ مَكَّةَ فِي عُمْرَتِهِ بَعْدَ الْحُدَيْبِيَةِ: اِنَّ قَوْمَكُمْ غَدًا سَيَرَوْنَكُمْ، فَلَيَرَوْنَكُمْ جُلَدَاءَ، فَلَمَّا دَخَلُوا الْمَسْجِدَ اسْتَلَمُوا الرُّكْنَ، ثُمَّ رَمَلُوا، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ حَتّٰى اِذَا بَلَغُوا الرُّكْنَ مَشَوْا اِلَى الرُّكْنِ الْاَسْوَدِ، ثُمَّ رَمَلُوا حَتّٰى بَلَغُوا الرُّكْنَ، فَعَلَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ مَشَى الْاَرْبَعَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حدیبیہ کے بعد عمرہ کے موقع پر جب نبی اکرم ﷺ کے اصحاب مکہ میں داخل ہونے لگے تو نبی اکرم ﷺ نے اپنے اصحاب سے فرمایا: لوگ کل تمہیں دیکھیں تو تمہیں مضبوط دیکھیں جب یہ لوگ مسجد میں داخل ہوئے تو انہوں نے حجر اسود کا استلام کیا پھر انہوں نے رمل کیا نبی اکرم ﷺ بھی ان کے ساتھ تھے یہاں تک کہ یہ لوگ رکن یمانی تک پہنچے تو عام رفتار سے چلتے ہوئے حجر اسود تک آئے پھر بھاگنے لگے جب رکن یمانی تک پہنچے (تو پھر عام رفتار سے چلنے لگے) ایسا انہوں نے تین مرتبہ کیا (جبکہ باقی کے) چار طوافوں میں عام رفتار سے چلتے رہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْحِجْرَ مِنَ الْبَيْتِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے حطیم بیت اللہ کا حصہ ہے

3815 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَخْبَرَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ، عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَلَمْ تَرَيْ اَنَّ قَوْمَكِ حِينَ بَنَوُا الْكَعْبَةَ، اقْتَصَرُوا

3814- إسناده صحيح على شرط الصحيح، وهو مكرر 3811 و 3812 . وأخرجه أحمد 1/314 عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/314 و 305 و 306، وأبو داؤد 1890 في المناسك: باب في الرمل، وأبو يعلى 2574، والبيهقي 5/79 من طرق عن ابن خثيم، بِهِ . وانظر 3845 .

عَلٰی قَوَاعِدِ اِبْرَاهِيمَ ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا تَرُدُّهَا عَلٰی قَوَاعِدِ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ ، قَالَ: فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: لَئِنْ كَانَتْ عَائِشَةُ سَمِعَتْ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا اَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرَكَ اسْتِلَامَ الرُّكْنَيْنِ اللَّذَيْنِ يَلِيَانِ الْحِجْرَ اِلَّا اَنَّ الْبَيْتَ لَمْ يَتِمَّ عَلٰی قَوَاعِدِ اِبْرَاهِيمَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: لَئِنْ كَانَتْ عَائِشَةُ سَمِعَتْ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَفْظَةً، ظَاهِرُهَا التَّوَقُّفُ عَنْ صِحَّتِهَا مُرَادُهَا ابْتِدَاءَ اِخْبَارٍ عَنْ شَيْءٍ يَاْتِي بِتَيَقُّنِ شَيْءٍ مَاضٍ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم نے اس بات کا جائزہ نہیں لیا کہ تمہاری قوم نے جب خانہ کعبہ کی تعمیر کی تھی' تو اسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں سے کم کر دیا تھا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! تو آپ اسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں پر لوٹا کیوں نہیں دیتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تمہاری قوم زمانہ کفر کے اتنا قریب نہ ہوتی (تو میں ایسا کر دیتا)

راوی بیان کرتے ہیں: اس پر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ فرمایا: اگر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے' تو میرا خیال ہے اسی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حطیم کی طرف والے دو رکنوں کے استلام کو ترک کر دیا تھا' کیونکہ بیت اللہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں پر مکمل تعمیر نہیں ہوا تھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ قول ''اگر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے'' ان الفاظ سے بظاہر یہ لگتا ہے کہ وہ اس روایت کے بارے میں توقف کرنا چاہتے ہیں' حالانکہ اس سے مراد ہے کہ وہ ایک چیز کے بارے میں اطلاع کا آغاز کر رہے ہیں جو اس سے پہلے یقینی طور پر آ چکی ہے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اقْتَصَرَ الْقَوْمُ فِي بِنَاءِ الْكَعْبَةِ عَلٰی قَوَاعِدِ اِبْرَاهِيمَ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے لوگوں نے خانہ کعبہ کی تعمیر کرتے ہوئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں میں سے کچھ حصہ چھوڑ دیا تھا

3815- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في الموطأ 1/363-364 في الحج: باب ما جاء في بناء الكعبة . وعبد الله بن محمد: هو أخو القاسم بن محمد، من ثقات التابعين، قُتل يوم الحرة سنة 63هـ . وأخرجه أحمد 6/176-177و247، والبخاري 1583 في الحج: باب فضل مكة، و 3368 في الأنبياء : باب رقم 10، و 4484 في التفسير: باب قوله تعالى: (وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرَاهِيْمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمَاعِيْلُ) (البقرة: 127)، ومسلم 1333 399 في الحج: باب نقض الكعبة وبنائها، والنسائي 5/214-215 في مناسك الحج: باب بناء الكعبة، وأبو يعلى 4363 والطحاوي 2/185 من طرق عن مالك، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/113عن إبراهيم بن أبي العباس، عن أبي أويس وهو عبد الله بن عبد الله بن أويس الأصبحي عن الزهري، به .وأخرجه مسلم 1333 400 من طريق عن نافع، عن عبد الله بن محمد به .وأخرجه أحمد 6/253و262، ومسلم 1333 403 و 404، وابن خزيمة 2741 و 3023، والطحاوي 2/185 من طرق عن الحارث ابن عبد الله بن أبي ربيعة، عن عائشة . وانظر ما بعده .

کمپوزنگ ———— ورڈز میکر
باہتمام ———— ملک شبیر حسین
سن اشاعت ———— مئی 2014ء
سرورق ———— اے ایف ایس ایڈورٹائزر لاہور 0322-7202212
طباعت ———— اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور
ہدیہ ———— روپے

شبیر برادرز
زبیدہ سنٹر ۴۰۔ اردو بازار لاہور
فون: 042-37246006

شبیر برادرز
اردو بازار لاہور

ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم پھر بھی آپ اس میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کر دی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

عنوانات

عنوان	صفحہ

کتاب! نکاح کے بارے میں روایت

باب: ولی کے احکام

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

کتاب! غلام آزاد کرنے کے بارے میں روایات

باب: (مشترکہ غلام میں) اپنے حصے کو آزاد کرنا

باب: کتابت کا حکم

عنوان	صفحہ

کتاب: نذر کے بارے میں روایات

عنوان	صفحہ

کتاب! حدود کے بارے میں روایات

باب: رہزنی کرنا

کتاب! سیر کا بیان

باب: خلافت اور حکومت کا بیان

عنوان	صفحہ

عنوان	صفحہ

بَابٌ، مَا يُبَاحُ لِلْمُحْرِمِ، وَمَا لَا يُبَاحُ

باب: احرام والے شخص کے لیے کیا چیز مباح ہے اور اس کے لیے کیا چیز مباح نہیں ہے

3947 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ

(متن حدیث): قَالَ: كَانُوْا فِی الْجَاهِلِيَّةِ اِذَا اَحْرَمُوْا اَتَوُا الْبَيْتَ مِنْ ظَهْرِهٖ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا، وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى) (البقرة: 189)

❁❁ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: زمانہ جاہلیت میں لوگ جب احرام باندھتے تھے' تو وہ گھر کی پشت کی طرف سے آتے تھے (یعنی حج کے لئے اپنے گھر کی پچھلی طرف سے روانہ ہوتے تھے)' تو اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ آیت نازل کی:

"یہ کوئی نیکی نہیں ہے کہ تم گھروں کے پیچھے والے حصے کی طرف سے آؤ' بلکہ نیکی اس شخص کی ہے' جو پرہیزگاری اختیار کرے"۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُحْرِمِ اَنْ يَّغْسِلَ رَاْسَهٗ فِیْ اِحْرَامِهٖ

احرام والے شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ احرام کے دوران اپنا سر دھو سکتا ہے

3948 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِیُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ اَبِيْهِ،

3947 - إسناده صحيح على شرط البخاری، محمد بن عثمان العجلی: هو محمد بن عثمان بن كرامة، ثقة من رجال البخاری، ومن فوقه ثقة من رجال الشيخين .وأخرجه البخاری 4512 فی التفسير باب (وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا) البقرة: 189)، عن عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبری فی "جامع البيان " 3076، من طريق وكيع، عن إسرائيل، به .وأخرجه الطيالسی 717، والبخاری 1803 فی العمرة: باب قول الله تعالى: (وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا) (البقرة: 189)، ومسلم 3026 فی أول كتاب التفسير، والطبری 3075 والواحدی فی أسباب النزول ص 32، من طرق عن شعبة عن أبی إسحاق، بِهِ .

3948 - إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو فی "الموطأ" 1/323 فی الحج: باب غسل المحرم .وأخرجه من طريق مالك الشافعی 1/308، وأحمد 5/418، والبخاری1840 فی جزاء الصيد: باب الاغتسال للمحرم، ومسلم 1205 فی الحج: باب جواز غسل المحرم بدنه ورأسه، وأبو داؤد 1840 فی المناسك: باب المحرم يغتسل، وابن ماجه 2934 فی المناسك: باب المحرم يغسل رأسه، والبيهقی 5/63، والبغوی 1983 .وأخرجه الحميدی 379، ومسلم 1205، والدارمی 2/30، وابن خزيمة 2650، وابن الجارود 441، والدارقطنی 2/272-273، من طرق عن سفيان، وأحمد 5/421، ومسلم 1205عن طريق ابن جريج، كلاهما عن زيد بن أسلم، بِهِ .

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، وَالْمِسْوَرَ بْنَ مَخْرَمَةَ اخْتَلَفَا بِالْاَبْوَاءِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ: يَغْسِلُ الْمُحْرِمُ رَاْسَهُ، وَقَالَ الْمِسْوَرُ: لَا يَغْسِلُ الْمُحْرِمُ رَاْسَهُ، فَاَرْسَلَنِيْ اِلٰى اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ، اَسْاَلُهُ عَنْ ذٰلِكَ، فَوَجَدْتُّهُ يَغْتَسِلُ بَيْنَ الْقَرْنَيْنِ، وَهُوَ يَسْتَتِرُ بِثَوْبٍ، قَالَ: فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَنْ هٰذَا فَقُلْتُ: اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُنَيْنٍ، اَرْسَلَنِيْ اِلَيْكَ ابْنُ عَبَّاسٍ، اَسْاَلُكَ كَيْفَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْسِلُ رَاْسَهُ، وَهُوَ مُحْرِمٌ قَالَ: فَوَضَعَ اَبُوْ اَيُّوْبَ يَدَهُ عَلَى الثَّوْبِ وَطَاْطَاَهُ حَتّٰى بَدَا لِيْ رَاْسُهُ، ثُمَّ قَالَ لِاِنْسَانٍ يَصُبُّ عَلَيْهِ: اصْبُبْ، فَصَبَّ عَلٰى رَاْسِهِ، ثُمَّ حَرَّكَ رَاْسَهُ بِيَدَيْهِ، فَاَقْبَلَ بِهِمَا وَاَدْبَرَ، ثُمَّ قَالَ: هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

❀❀ ابراہیم بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کے درمیان ''ابواء'' کے مقام پر اختلاف ہو گیا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا یہ کہنا تھا: محرم شخص اپنے سر کو دھو سکتا ہے' جبکہ مسور کا یہ کہنا تھا کہ محرم شخص اپنے سر کو نہیں دھو سکتا ہے ان حضرات نے مجھے حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بھیجا' تا کہ میں ان سے اس بارے میں دریافت کروں میں نے انہیں پالان کی دو لکڑیوں کے درمیان غسل کرتے ہوئے پایا۔ انہوں نے ایک کپڑے کے ذریعے پردہ کیا ہوا تھا۔ میں نے انہیں سلام کیا' تو انہوں نے دریافت کیا: کون ہے؟ میں نے جواب دیا: میں عبداللہ بن حنین ہوں مجھے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے' تا کہ میں آپ سے یہ دریافت کروں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم احرام کے دوران کس طرح اپنے سر کو دھوتے تھے؟ راوی کہتے ہیں: تو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے اپنا ہاتھ کپڑے پر رکھ کر اسے کچھ نیچے کیا' یہاں تک کہ ان کا سر مجھے نظر آنے لگا پھر انہوں نے پانی انڈیلنے والے شخص سے یہ کہا کہ مجھ پر پانی انڈیلو اس نے ان کے سر پر پانی انڈیلا' تو حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے اپنے دونوں ہاتھوں کے ذریعے اپنے سر میں حرکت دی۔ وہ اپنے ہاتھوں کو آگے سے پیچھے کی طرف لے کر گئے پھر پیچھے سے آگے کی طرف لے کر آئے۔ پھر انہوں نے یہ بات بیان کی کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے دیکھا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُحْرِمِ عِنْدَ اِرَادَتِهِ الْجَمْرَةَ اَنْ يَّسْتَتِرَ مِنَ الْحَرِّ

محرم کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ جمرہ کی طرف جاتے ہوئے گرمی سے (بچنے کے لیے، اپنے اوپر چادر وغیرہ کے ذریعے) اوٹ کر لے

3949 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

3949– إسناده صحيح على شرط مسلم، أبو عبد الرحيم: اسمه خالد بن أبي يزيد الحراني، وهو في المسند 6/402. ومن طريق أحمد أخرجه مسلم 1298، 312 في الحج: باب استحباب رمي جمرة العقبة يوم النحر راكباً، وأبو داوٗد 1834 في المناسك: باب في المحرم يظلل .وأخرجه النسائي في الكبرى كما في التحفة 13/75،عن عمرو بن هشام الحراني، عن محمد بن سلمة، بِهِ .وأخرجه مسلم 1298 311 وابن خزيمة 2688، والطبراني في الكبير 25/380، والبيهقي 5/130، من طريقين عن زيد بن أبي أنيسة، بِهِ .

مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِیْ اُنَيْسَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحُصَيْنِ،

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ الْحُصَيْنِ حَدَّثَتْهُ قَالَتْ: حَجَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ، فَرَاَيْتُ اُسَامَةَ وَبِلَالًا، اَحَدُهُمَا اٰخِذٌ بِخِطَامِ نَاقَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْاٰخَرُ رَافِعٌ ثَوْبَهُ يَسْتُرُهُ مِنَ الْحَرِّ، حَتّٰى رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ

سیّدہ اُمّ حصین رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حجۃ الوداع میں شرکت کی ہے میں نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو دیکھا ان دونوں میں سے ایک نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کی لگام کو پکڑا ہوا تھا اور دوسرے نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر چادر تانی ہوئی تھی' تا کہ آپ کو دھوپ کی تپش سے بچائیں' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرہ عقبہ کی رمی کر لی۔

ذِكْرُ جَوَازِ احْتِجَامِ الْمَرْءِ الْمُحْرِمِ لِعِلَّةٍ تَعْتَرِضُهُ

کسی بیماری کی وجہ سے، محرم شخص کے لیے پچھنے لگوانے کے جائز ہونے کا تذکرہ

3950 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ، وَهُوَ مُحْرِمٌ مِّنْ اَذًى كَانَ بِرَاْسِهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سر میں ہونے والی تکلیف کی وجہ سے احرام کے دوران پچھنے لگوائے تھے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُحْرِمِ اَنْ يَّحْتَجِمَ لِعِلَّةٍ تَحْدُثُ بِهٖ مَا لَمْ يَقْطَعْ شَعَرًا

محرم کے لیے یہ بات مباح ہونا کہ وہ کسی بیماری کی وجہ سے پچھنے لگوا سکتا ہے، جبکہ اس صورت میں (اس کے جسم سے) بال نہ کاٹے جائیں

3951 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، وَعَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

3950– إسناده صحيح على شرط الشيخين . يحيى بن سعيد: هو الأنصاری . وأخرجه البيهقي 5/339، من طريق أبی حاتم الرازی، عن يحيى بن سعيد الأنصاری، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/236و 241و 259و 260و 346و 372، وابن أبی شيبة، والبخاری 5700، و 5701 فی الطب: باب الحجامة من الشقيقة والصداع، وأبو داوُد 1836 فی المناسك: باب المحرم يحتجم، من طرق عن هشام بن حسان، بِهِ . وأخرجه أحمد 1/374، والطبرانی 11859و 11973 من طرق عن عكرمة به . وانظر ما بعده .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محرم ہونے کے دوران پچھنے لگوائے تھے۔

ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِي احْتَجَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بُدْنِهِ فِي اِحْرَامِهِ

(جسم کے) اس مقام کا تذکرہ، جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام کے دوران اپنے جسم پر پچھنے لگوائے تھے

3952 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ، وَهُوَ مُحْرِمٌ عَلٰى ظَهْرِ الْقَدَمِ مِنْ وَّجَعٍ كَانَ بِهٖ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پاؤں میں ہونے والی تکلیف کی وجہ سے پاؤں کی پشت پر پچھنے لگوائے تھے آپ اس وقت محرم تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ كَانَ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيْرَ مَرَّةٍ

3951– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله، سفيان: هو ابن عيينة، وهو عند أبي يعلى برقم2390، وعنده عن طاووس فقط .وأخرجه مسلم 1202 87في الحج: باب جواز الحجامة للمحرم، عن زهير بن حرب، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي1/319، وأحمد 1/221، والحميدى 500، والبخارى 1835، فى جزاء الصيد: باب الحجامة للمحرم، و 5695 فى الطب: باب الحجامة فى السفر والإحرام، ومسلم 1202 87، وأبو داوُد 1835 فى المناسك: باب المحرم يحتجم، والترمذى 839 فى الحج: باب ما جاء فى الحجامة للمحرم، والنسائى 5/193، فى مناسك الحج: باب الحجامة للمحرم، والدارمى 2/37، ابن خزيمة 2651 وابن الجارود 442، والطبرانى فى الكبير 10853، والبغوى 1984 من طرق عن سفيان، بِهٖ .وأخرجه ابن خزيمة 2655، والطبرانى 11500، من طريق النعمان بن المنذر، عن عطاء وطاووس، بِهٖ .وأخرجه أحمد 1/372، وابن خزيمة 2657، عن زكريا بن إسحاق عن عمرو بن دينار، عن طاووس، عن ابن عباس .وأخرجه أحمد 1/292، والنسائى 5/193، من طريقين عن أبى الزبير، عن عطاء، عن ابن عباس .وأخرجه أحمد 1/215و 222و 240و 286و 315و 333و 351والحميدى 501 والدارمى 2/37، وابن ماجه 3081، فى المناسك: باب الحجامة للمحرم، وابن خزيمة 2655، وأبو يعلى 2360، والطبرانى 12141، 12477 12919 12943، والدارقطنى1/239، والبيهقى 4/263، 5/65، من طرق عن ابن عباس، بِهٖ .

3952– إسناده قوى، محمد بن خالد بن عثمة، روى له أصحاب السنن، وذكره المؤلف فى الثقات، وقال أبو حاتم: صالح الحديث، وقال أحمد: ما أرى بحديثه بأساً، وقال أبو زرعة: لا بأس به، ومن فوقه من رجال الشيخين، عبد الله بن بحينة: هو عبد الله بن مالك بن القشب الأزدى، وبحينة: أمه .وأخرجه النسائى 5/194 فى مناسك الحج: باب حجامة المحرم وسط رأسه، عن هلال بن بشر عن محمد بن خالد بن عثمة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/345، وابن أبى شيبة 8/26، والدارمى 2/37، والبخارى 1836، فى جزاء الصيد: باب الحجامة للمحرم، و 5698 فى الطب: باب الحجامة فى الرأس، ومسلم 1203 فى الحج: باب جواز الحجامة للمحرم، وابن ماجه 3481 فى المناسك: باب موضع الحجامة، والبيهقى 5/65، والبغوى 1985، من طرق عن سليمان بن بلال، بِهٖ .

اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، نبی اکرم ﷺ نے (احرام کے دوران پچھنے لگوانے کا) یہ عمل ایک سے زیادہ مرتبہ کیا

3953 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَثْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ اَبِي عَلْقَمَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجَ يُحَدِّثُ اَنَّهُ، سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بُحَيْنَةَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِحْتَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْيِ جَمَلٍ مِّنْ طَرِيْقِ مَكَّةَ، وَهُوَ مُحْرِمٌ فِي وَسَطِ رَاْسِهِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن بحینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے مکہ کے راستے میں ''لحی جمل'' کے مقام پر پچھنے لگوائے تھے آپ نے سر کے درمیانی حصے میں پچھنے لگوائے تھے آپ اس وقت محرم تھے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُحْرِمِ مُدَاوَاةَ عَيْنَيْهِ اِذَا رَمِدَتْ

محرم کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ آشوب چشم کے لیے دوائی استعمال کرسکتا ہے

3954 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الطَّالَقَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ، اَخْبَرَهُ، عَنْ عُثْمَانَ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّ الْمُحْرِمَ اِذَا اشْتَكٰى عَيْنَهُ ضَمَّدَهَا بِالصَّبِرِ

❁❁ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں (نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:) محرم شخص کی جب آنکھوں میں تکلیف ہو تو وہ ان پر ایلوے کا لیپ کرسکتا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ لُبْسِ الْمُحْرِمِ اَجْنَاسًا مِّنَ الثِّيَابِ الْمَعْلُوْمَةِ

اس بات کا تذکرہ، متعین قسم کے (سلے ہوئے کپڑوں) کو پہننا محرم کے لیے ممنوع ہے

3954- إسناده صحيح، إسحاق بن إسماعيل الطالقاني: ثقة روى له أبو داود، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح . أيوب بن موسى: هو ابن عمرو بن سعيد بن العاص .وأخرجه مسلم 1204 في الحج: باب جواز مداواة المحرم عينه، وأبو داود 1838 في المناسك: باب يكتحل المحرم، والترمذي 952 في الحج: باب ما جاء في المحرم يشتكي عينه فيضمدها بالصبر، وابن خزيمة 2654، وابن الجارود 443، من طرق عن سفيان بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/65، ومسلم 1204 90 من طريقين عن أيوب بن موسى، به . وأخرجه أحمد 1/59-60، وأبو داود 1839، من طريقين عن أيوب السختياني، عن نافع، عن نبيه بن وهب، به . وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، والعمل على هذا عند أهل العلم لا يرون بأساً أن يتداوى المحرم بدواء ما لم يكن فيه طيب .

3955 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا نَلْبَسُ مِنَ الثِّيَابِ إِذَا اَحْرَمْنَا قَالَ: لَا تَلْبَسُوْا الْقُمُصَ، وَلَا السَّرَاوِيْلَاتِ، وَلَا الْعَمَائِمَ، وَلَا الْبَرَانِسَ، وَلَا الْخِفَافَ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ لَيْسَ لَهُ نَعْلَانِ، فَلْيَلْبَسِ الْخُفَّيْنِ اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ، وَلَا تَلْبَسُوْا مِنَ الثِّيَابِ شَيْئًا مَسَّهُ الزَّعْفَرَانُ وَالْوَرْسُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جب ہم نے احرام باندھا ہوا ہو تو ہم کون سے کپڑے پہنیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قمیض شلوار عمامہ ٹوپی اور موزے نہ پہنو البتہ جس شخص کے پاس جوتے نہ ہوں وہ موزے ٹخنوں سے نیچے پہن لے اور تم کوئی ایسا کپڑا نہ پہنو جس پر زعفران یا ورس لگا ہوا ہو۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ لُبْسِ الْمُحْرِمِ الْمَصْبُوْغَ مِنَ الثِّيَابِ

محرم کے لیے رنگے ہوئے لباس کو پہننے کی ممانعت کا تذکرہ

3956 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّلْبَسَ الْمُحْرِمُ ثَوْبًا مَصْبُوغًا بِزَعْفَرَانٍ اَوْ وَرْسٍ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے محرم شخص زعفران یا ورس کے ساتھ رنگا ہوا کپڑا پہنے۔

3957 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ:

3955– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقدتقدم برقم: 3784من طريق مالك عن نافع .وأخرجه الحميدى 627 وأحمد 2/54، والنسائى 5/132، فى مناسك الحج: باب النهى عن لبس السراويل فى الإحرام، وابن خزيمة2597، و 2598، والبيهقى 5/50، من طرق عن عبيد الله، عن نافع، بهذا الإسناد .

3956– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد تقدم برقم 3787 .

3957– إسناده صحيح على شرط الشيخين، جرير: هو ابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر، والحكم: هو ابن عتيبة، أبو محمد الكندى، وأخرجه أبو داوُد 3241 فى المناسك: باب المحرم يموت كيف يصنع به، عن عثمان بن أبى شيبة، والطبرانى فى الكبير 12540، عن الحسن بن إسحاق الدسترى، عن عثمان بن أبى شيبة، بهذا الإسناد . وأخرجه البخارى 1839، فى جزاء الصيد: باب ما ينهى من الطيب للمحرم والمحرمة، والنسائى 5/196، فى مناسك الحج: باب النهى عن أن يحنط المحرم إذا مات، والبيهقى 3/293، من طرق عن جرير، بهِ .وأخرجه أحمد 1/266، والدارقطنى 2/295، وابن الجارود507من طريقين عن منصور، بهِ .وأخرجه الحميدى 467، وأحمد 1/221، و 266 و 286، و 333، والبخارى 1265، فى الجنائز: باب الكفن فى ثوبين، و 1266 باب الحنوط للميت، و 1849، و ,1850فى جزاء الصيد: باب المحرم يموت بعرفة، ومسلم 1206 فى الحج: باب ما يفعل فى المحرم إذا مات، وأبو داوُد 3239، و 3240، والنسائى 5/196، فى مناسك الحج: باب النهى عن أ، يحنط المحرم إذا مات، والطحاوى فى مشكل الآثار 1/99، والطبرانى 12239، والبيهقى 3/391، و 393، و 5/53،

حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): وَقَصَتْ بِرَجُلٍ مُحْرِمٍ نَاقَتُهُ فَقَتَلَتْهُ، فَأُتِيَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اغْسِلُوهُ، وَكَفِّنُوهُ، وَلَا تُغَطُّوا رَأْسَهُ، وَلَا تُقَرِّبُوهُ طِيبًا، فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يُهِلُّ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک محرم شخص کی اونٹنی نے اسے گرا کر مار دیا۔ اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا' تو آپ نے فرمایا: اسے غسل دو اسے کفن دو' لیکن اس کے سر کو ڈھانپنا نہیں اسے خوشبو نہ لگانا' کیونکہ اسے تلبیہ پڑھتے ہوئے زندہ کیا جائے گا۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ

اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے یہ حکم دیا گیا

3958 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ دِينَارٍ حَدَّثَهُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا صَرَعَهُ بَعِيرُهُ فَوَقَصَهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْبِسُوهُ ثَوْبَيْنِ، وَاغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَلَا تُغَطُّوا رَاْسَهُ، فَاِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُلَبِّي

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص کے اونٹ نے اسے گرا کر اسے مار دیا وہ شخص محرم تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے دو کپڑے پہنا دو اسے پانی اور بیری کے پتوں کے ذریعے غسل دو اور اس کا سر نہ ڈھانپنا' کیونکہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے ایسی حالت میں زندہ کرے گا کہ یہ تلبیہ پڑھ رہا ہوگا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبِسُوهُ ثَوْبَيْنِ اَرَادَ بِهِ الثَّوْبَيْنِ اللَّذَيْنِ كَانَ قَدْ اَحْرَمَ فِيهِمَا

3958- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم، عمرو بن الحارث: هو ابن يعقوب الأنصاري وأخرجه الطبراني في الكبير 12530 عن أحمد بن رشدين، حدثنا أحمد بن صالح، حدثنا بن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه الحميدي 466، وأحمد 1/220، 221، و 346، والبخاري 1268، في الجنائز: باب كيف يدفن المحرم، و 1849، في جزاء الصيد: باب المحرم يموت بعرفة، ومسلم 1206، في الحج: باب ما يفعل بالمحرم إذا مات، وأبو داؤد 3238 و 3239 في المناسك: باب المحرم يموت كيف يصنع به، والترمذي 951 في الحج: باب ما جاء في المحرم يموت في إحرامه، والنسائي 5/197 في مناسك الحج: باب النهي عن تخمير رأس المحرم إذا مات، وابن ماجه 3084، في المناسك: باب المحرم يموت، والدارقطني 2/295-296و 296و 297، وابن الجارود 506، والطبراني 12523، و 12524 و 12525و 12526 و 12527 و 12528و 12529 و 12531 و 12532 و 12533 و 12534 و 12535و 12536 و 12537 و 12538 و 12539 و 12541، والبيهقي 3/390و 390- 391 و 5/53، و 53-54، و 70، من طرق عن عمرو بن دينار، بهذا الإسناد . وانظر ما بعده

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''تم اسے دو کپڑے پہناؤ'' اس سے آپ کی مراد وہی دو کپڑے ہیں، جن میں اس (مرحوم حاجی نے) احرام باندھا ہوا تھا

3959 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِیْعٍ، وَعَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ، عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ جَعْفَرِ بْنِ اَبِیْ وَحْشِیَّةَ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا كَانَ مُحْرِمًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَصَتْهُ نَاقَتُهُ فَمَاتَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَكَفِّنُوْهُ فِیْ ثَوْبَیْهِ، وَلَا تُخَمِّرُوْا رَاْسَهٗ، وَلَا تُمِسُّوْهُ طِیْبًا، فَاِنَّهٗ یُبْعَثُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مُلَبِّیًا

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس ؓ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ (حج کرنے والے) ایک محرم شخص کی اونٹنی نے اسے گرا دیا اس کا انتقال ہو گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسے پانی اور بیری کے پتوں کے ذریعے غسل دو اور اسے اس کے دو کپڑوں میں کفن دیدو اس کے سر کو ڈھانپنا نہیں اور اسے خوشبو نہ لگانا' کیونکہ اسے قیامت کے دن تلبیہ پڑھتے ہوئے زندہ کیا جائے گا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَغْطِیَةِ وَجْهِ الْمُحْرِمِ وَرَاْسِهٖ مَعًا، عِنْدَ تَكْفِیْنِهٖ اِذَا مَاتَ

جب محرم کا انتقال ہو جائے تو اسے کفن دیتے ہوئے، اس کے چہرے اور سر دونوں کو ڈھانپنے کی ممانعت کا تذکرہ

3960 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَسْرُوْقِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اِیَاسٍ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

3959– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد صرح هشيم بالتحديث عند الشيخين، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه الطيالسي 2623، وأحمد 1/215، والبخاري 1851، في جزاء الصيد: باب سنة المحرم إذا مات، ومسلم 1206، 99في الحج: باب ما جاء يفعل بالمحرم إذا مات، والنسائي 5/195 في مناسك لحج: باب غسل المحرم بالسدر إذا مات، والبيهقي 3/392، والبغوي 1480 من طرق عن هشيم، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/328، والبخاري 1267 في الجنائز: باب كيف يكفن المحرم، ومسلم 1206، 100 والنسائي 5/197، في مناسك الحج: باب النهي عن أن يخمر وجه المحرم ورأسه إذا مات، والبيهقي 5/54

3960– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير موسى بن عبد الرحمٰن المسروقي، وهو ثقة روى له النسائي والترمذي وابن ماجه .أبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وجعفر بن إياس: هو ابن أبي وحشية، المتقدم في الحديث السابق .وأخرجه الطيالسي2623، وأحمد 1/287، والنسائي 5/196 في مناسك الحج: باب في كم يكفن المحرم إذا مات، وابن ماجه 3084 في المناسك: باب المحرم يموت، والطبراني في الكبير 12542، والبيهقي 3/391و 392–393 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد . وانظر الأحاديث الثلاثة المتقدمة .

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ عَلٰى نَاقَةٍ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَأَوْقَصَتْهُ فَمَاتَ، فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّغَسَّلَ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ، وَاَنْ يُّكَفَّنَ فِيْ ثَوْبَيْهِ، وَلَا يَمَسَّ طِيْبًا، وَلَا يُخَمَّرَ وَجْهُهُ وَرَاْسُهُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص اپنی اونٹنی پر آیا وہ محرم تھا اس کی اونٹنی نے اسے گرا دیا۔ اس کا انتقال ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا کہ اسے پانی اور بیری کے پتوں کے ذریعے غسل دیا جائے اور اسے اس کے دو کپڑوں میں کفن دیا جائے اسے خوشبو نہ لگائی جائے اس کے چہرے اور سر کو ڈھانپا نہ جائے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمُحْرِمِ اجْتِنَابُهُ مِنْ قَتْلِ صَيْدٍ مِّنَ الدَّوَابِّ وَغَيْرِهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ، محرم کے لیے یہ بات ضروری ہے، وہ جانوروں میں سے شکار (کیے جانے والے جانوروں) اور دوسرے (جانوروں) کو قتل کرنے سے اجتناب کرے

3961 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، وَعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ: مَا يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ؟، قَالَ: الْفَارَةَ، وَالْحِدَاةَ، وَالْكَلْبَ الْعَقُوْرَ، وَالْغُرَابَ الْاَبْقَعَ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا: محرم شخص کسے مار سکتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: چوہے، چیل، پاگل کتے، کوے کو۔

3961- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير وهب بن بقية، فمن رجال مسلم، وابن عون: اسمه عبد اللّٰه بن عون بن أرطبان، ويحيى بن سعيد: هو ابن قيس .وأخرجه أحمد 2/3، عن هشيم، عن يحيى بن سعيد، وعبيد الله بن عمر وابن عون، عن نافع، بهذا الإسناد .وأخرجه النسائي 5/190، في مناسك الحج: باب قتل الغراب، عن يعقوب بن إبراهيم، عن هشيم، عن يحيى بن سعيد، عن نافع، به، وقد صرح هشيم بالتحديث عن أحمد والنسائي .وأخرج الدارمي2/36، ومسلم 1199، في الحج: باب ما يندب للمحرم وغيره قتله من الدواب في الحل والحرم، عن طريق يزيد بن هارون عن يحيى بن سعيد عن نافع، بِهِ .وأخرجه أحمد 2/54، عن يحيى، والنسائي 5/190، باب قتل العقرب، عن عبيد الله بن سعيد قال: حدثنا يحيى، عن عبيد الله قال: أخبرني نافع، فذكره، .وأخرجه مسلم 1199، وابن ماجه 3088، في المناسك: باب ما يقتل المحرم، والطحاوي 2/165، من طق عن عبيد الله بن عمر، عن نافع، بِهِ .وأخرجه مالك 1/356في الحج: باب ما يقتل المحرم من الدواب، وعبد الرزاق 3375، وأحمد 2/32 و 48و 65و 82، 138، والبخاري 1826، في جزاء الصيد: باب ما يقتل المحرم من الدواب، ومسلم 1199، والنسائي 5/187–188، باب ما يقتل المحرم من الدواب، و 5/189، باب قتل الفارة، و 5/190، باب قتل الحدأة، والبيهقي 5/209، و 9/315، والبغوي 1990، من طق عن نافع، بِهِ . وانظر ما بعده .وأخرجه احمد 2/32، ومسلم 1199، 78عن يزيد بن هارون عن محمد إسحاق عن نافع، وعبيد الله بن عبد الله بن عمر، حدثناه عَنِ ابْنِ عُمَرَ . . .

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمُحْرِمِ قَتْلَ الضَّرَّارَاتِ مِنَ الدَّوَابِّ

احرام والے شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ نقصان دہ جانوروں کو مار سکتا ہے

3962 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ، سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خَمْسٌ مَنْ قَتَلَهُنَّ، وَهُوَ حَرَامٌ، فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ، فِيْهِنَّ الْعَقْرَبُ، وَالْفَارَةُ، وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ، وَالْغُرَابُ وَالْحِدَاَةُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

پانچ (جانور) ایسے ہیں جو شخص انہیں قتل کر دے جبکہ وہ احرام کی حالت میں ہو تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہوگا ان میں بچھو چوہا پاگل کتا کوا اور چیل (شامل ہیں)۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اِطْلَاقِ اسْمِ الْفِسْقِ عَلٰى غَيْرِ اَوْلَادِ آدَمَ وَالشَّيَاطِينَ

انسانوں اور شیاطین کے علاوہ کسی اور کے لیے لفظ "فسق" استعمال کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

3963 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، وَيُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْوَزَغُ فُوَيْسِقٌ

3962- إسناده صحيح على شرط مسلم كسابقه . يحيى بن أيوب المقابرى: من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين .وأخرجه مسلم 1199 79 فى الحج: باب ما يندب للمحرم وغيره قتله من الدواب فى الحل والحرم، عن يحيى بن أيوب، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 1199 79 من طرق عن إسماعيل بن جعفر به .وأخرجه مالك 1/356، فى الحج: باب ما يقتل المحرم من الدواب، ومن طريقه أحمد 2/138، والبخارى 1826 فى جزاء الصيد: باب ما يقتل المحرم من الدواب، و 3315 فى جزاء الصيد: باب إذا وقع الذباب فى شراب أحدكم فليغمسه، والطحاوى 2/166، والبيهقى 9/315، والبغوى 1990، وأخرجه أحمد 2/52، والطحاوى 2/166، من طريق شعبة .وأخرجه أحمد 2/50، من طريق سفيان، ثلاثتهم مالك وشعبة وسفيان عن عبد اللّٰه بن دينار، به .وأخرجه أحمد 2/82، والحميدى 619، ومسلم 1199، 72، وأبو داوُد 1846 فى المناسك: باب ما يقتل المحرم من الدواب، والنسائى 5/190 فى المناسك: باب قتل الغراب، وابن الجارود 440، والبيهقى 5/209، -210و 9/316 من طرق عن سفيان عن الزهرى، عن سالم بن عبد الله بن عمر عن أبيه .وأخرجه البيهقى 5/210، من طريق يونس، عن الزهرى، عن سالم بن عبد الله بن عمر، عن ابيه عن حفصة .

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''گرگٹ چھوٹا فاسق ہے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اصْطِيَادَ الْمُحْرِمِ الضَّبُعَ صَيْدٌ وَّفِيهِ جَزَاءٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' احرام والا شخص بجھو کو مار دیتا ہے' تو یہ بھی شکار ہوگا اور اس (صورت) میں کفارہ دینا ہوگا

3964 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ يَقُولُ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي عَمَّارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الضَّبُعِ، فَقَالَ: هِيَ صَيْدٌ، وَفِيهَا كَبْشٌ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بجو کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ شکار ہے اور (اسے مارنے کا کفارہ) مینڈھا ہوگا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں جریر بن حازم نامی راوی منفرد ہے

3965 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ:

3963- إسناده صحيح على شرط مسلم، أبو الطاهر بن السَّرح: هو أحمد بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بن السرح، ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين . ابن وهب: هو عبد الله بن وهب بن مسلم القرشي، ويونس: هو ابن يزيد الأيلي .وأخرجه النسائي 5/209 في مناسك الحج: باب قتل الوزغ، عن وهب بن بيان، عن ابن وهب بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 1831 في جزاء الصيد: باب ما يقتل المحرم، والبيهقي 5/210، من طريق إسماعيل بن أبي أويس، عن مالك عن الزهري، بِهِ .وأخرجه مسلم 2239 في السلام: باب استحباب قتل الوزغ، وابن ماجه 3230 في الصيد: باب قتل الوزغ، عن أبي الطاهر بن السرح، عن ابن وهب، عن يونس عن الزهري، بِهِ .وأخرجه البخاري 3306، في بدء الخلق: باب خير مال المسلم غنم يتبع بها شعف الجبال، عن سعيد بن عفير ومسلم 1239 عن حرملة عن يحيى كلاهما عن ابن وهب، عن يونس عن الزهري، بِهِ .وأخرجه أحمد 6/87، و 271، من طريقين عن الزهري به .

3964- إسناده صحيح على شرط مسلم، حبان: هو ابن موسى، وعبد الله: هو ابن المبارك .وأخرجه الدارمي 2/74، وابن أبي شيبة، 4/77، وأبو داؤد 3801 في الأطعمة: باب في أكل الضبع، وابن ماجه 3085 في الحج: باب الصيد يصيبه المحرم، والطحاوي 2/164، والدارقطني 2/246، والحاكم 1/452، من طرق عن جرير بن حازم بهذا الإسناد، وقال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد على شرط الشيخين، وانظر ما بعده .

اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی عَمَّارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَنِ الضَّبُعِ آٰكُلُهُ؟، قَالَ: نَعَمْ، - يَعْنِی فَقُلْتُ اَصَيْدٌ هُوَ -، قَالَ: نَعَمْ، فَقُلْتُ: عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: نَعَمْ

عبدالرحمٰن بن ابوعمار' حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں: میں نے ان سے بجو کے بارے میں دریافت کیا: کیا میں اسے کھا سکتا ہوں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں (راوی کہتے ہیں) اس کی مراد یہ تھی کہ کیا یہ شکار ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں میں نے دریافت کیا: کیا یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اَكْلِ الْمُحْرِمِ لَحْمَ صَيْدِ الْبَرِّ اِذَا تَعَرّٰى عَنْ مَعُوْنَتِهٖ عَلَيْهِ

احرام والے شخص کے لیے خشکی کے شکار کا گوشت کھانے کے مباح ہونے کا تذکرہ' جبکہ اس نے اس کو شکار کرنے میں کوئی مدد نہ کی ہو

3966 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ

3965- إسناده صحيح كسابقه، وقد صرح ابن جريج هنا بالتصريح، فانتفت شبهة تدليسه، وهو في مصنف عبد الرزاق 8682 .وأخرجه الشافعي 1/330، وأحمد 3/313 و 322، والدارمي 2/74، والترمذي 851 في الحج: باب ما جاء في الضبع يصيبه المحرم، و 1791 في الأطعمة: باب ما جاء في أكل الضبع، والطحاوي 2/164، والدارقطني 2/246، وابن الجارود 4383، والبغوي 1992، من طرق عن ابن جريج به .وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، وقال يحيى القطان: وروى جرير بن حازم هذا الحديث، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عن ابن أبي عمار، عن جابر قوله . وحديث جريج أصح .وأخرجه أحمد 3/297، وابن ماجه 3236، في الصيد: باب الضبع، والدارقطني 2/245-246، و 246، من طرق عن إسماعيل بن أمية، عن عبد الله بن عبيد بن عمير، بِهِ .

3966- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه مسلم 1196، 64في الحج: باب تحريم الصيد للمحرم، والبيهقي 5/322، من طريقين عن جرير بن عبد الحميد بهذا الإسناد .وأخرجه 5/305-306، عن عبيد بن حميد عن عبد العزيز بن رفيع، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق 8337، وأحمد 5/190، و 301، والدارمي 2/38، والبخاري 1821، في جزاء الصيد: باب إذا صاد الحلال فأهدى للمحرم أكله، و 1822، باب إذا رأى المحرمون صيداً فضحكوا ففطن الحلال، و 4149، في المغازي: باب غزوة الحديبية، ومسلم 1196، 59، والنسائي 5/185-186، في مناسك الحج: باب إذا ضحك المحرم ففطن الحلال للصيد، وابن ماجه 3093 في المناسك: باب الرخصة في ذلك إذا لم يصد له، والدارقطني 2/291 من طرق عن يحيى بن أبي كثير .وأخرجه أحمد 5/302، والدارمي 2/38-39، والبخاري 1824 في جزاء الصيد: باب لا يشير المحرم إلى الصيد لكي يصطاده الحلال، ومسلم 1196 60 و 61 والنسائي 5/186، باب إذا أشار المحرم إلى الصيد فقتله الحلال، والطحاوي 2/173، وابن الجارود 435، من طرق عن عبد الله بن عبد الله بن موهب .وأخرجه أحمد 5/307، من طريق صالح بن أبي حسان، ثلاثتهم يحيى وعثمان وصالح عن عبد الله بن أبي قتادة، بِهِ .وأخرجه مالك 1/351 في الحج: باب ما يجوز للمحرم أكله من الصيد، عن زيد بن أسلم، عن عطاء بن يسار عن أبي قتادة، ومن طريقه أخرجه أحمد 5/301، والبخاري 5491 في الذبائح والصيد: باب ما جاء في التصيدومسلم 1196 58 والترمذي 848، في الحج: باب ما جاء في أكل الصيد للمحرم، والطحاوي 2/173، والبغوي 1988 .

عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ قَتَادَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ اَبُوْ قَتَادَةَ فِىْ قَوْمٍ مُحْرِمِيْنَ، وَهُوَ حَلَالٌ، فَعَرَضَ لِاَصْحَابِهٖ حِمَارٌ وَّحْشِيٌّ، فَلَمْ يُؤْذِنُوْهُ حَتّٰى اَبْصَرَهٗ وَهُوَ جَالِسٌ، فَاخْتَلَسَ مِنْ بَعْضِهِمْ سَوْطًا، فَحَمَلَ عَلَيْهِ فَصَرَعَهٗ، فَاَتَاهُمْ بِهٖ، فَاَكَلُوْا وَحَمَلُوْا مَعَهُمْ، فَاَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلُوْهُ؟، فَقَالَ: هَلْ اَشَارَ اِلَيْهِ اِنْسَانٌ مِّنْكُمْ؟، قَالُوْا: لَا، قَالَ: فَكُلُوْهُ

❀❀ عبداللہ بن ابوقتادہ کہتے ہیں حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ احرام والے افراد کے ساتھ تھے' جبکہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے خود احرام نہیں باندھا ہوا تھا ان حضرات کے سامنے ایک حمار وحشی (زیبرہ) آیا حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں نے انہیں اس بارے میں نہیں بتایا' یہاں تک کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے خود اسے دیکھ لیا وہ اس وقت بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے ان حضرات کی لاٹھی لی اس پر حملہ کیا اور اسے مار دیا وہ اسے لے کر اپنے ساتھیوں کے پاس آئے' تو انہوں نے اس کا گوشت کھا لیا انہوں نے اپنے ساتھ بھی اسے رکھ لیا جب یہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم میں سے کسی شخص نے (احرام کی حالت میں) اس کی طرف اشارہ کیا تھا ان لوگوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اسے کھا لو۔

3967 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ اَبِىْ مُزَاحِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ اَهْدٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارَ وَحْشٍ بِالْاَبْوَاءِ اَوْ بِوَدَّانَ، قَالَ: فَرَدَّهٗ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَيَّ، فَلَمَّا عَرَفَ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِيْ قَالَ: لَيْسَ بِنَا رَدٌّ عَلَيْكَ، وَلٰكِنَّا حُرُمٌ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ''ابواء'' یا شاید ''ودان'' کے مقام پر حمار وحشی (یعنی زیبرے) کا گوشت پیش کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے قبول نہیں کیا میرے لیے یہ بات پریشانی کا باعث بنی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے چہرے پر (پریشانی) کے آثار دیکھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم یہ تمہیں واپس نہ کرتے' لیکن ہم احرام کی حالت میں ہیں۔

3968 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ بِخَبَرٍ غَرِيْبٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

3967– إسناده صحيح على شرط مسلم . منصور بن أبى مزاحم: ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين . الزبيدى: هو محمد بن الوليد بن عامر . وقد تقدم تخريجه برقم 136 .وأخرجه الطبرانى فى الكبير 7441 عن عبد الله بن أحمد، حدثنا عمرو بن عثمان الحمصى، [illegible] حدثنا الزبيدى، بهذا الإسناد، وانظر 3969 .

(متن حدیث): قُلْتُ: لِزَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ: اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُهْدِىَ لَهُ عُضْوُ صَيْدٍ، وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَرَدَّهُ؟، قَالَ: نَعَمْ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: آپ کے علم میں یہ بات ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں شکار کا ایک عضو تحفے کے طور پر پیش کیا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت احرام کی حالت میں تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے واپس کر دیا تھا (یعنی قبول نہیں کیا تھا) تو حضرت زید رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں۔

ذِكْرُ اسْمِ الْمُهْدِيِّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّيْدَ الَّذِى رَدَّهُ عَلَيْهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں شکار کا تحفہ پیش کرنے والے شخص کے نام کا تذکرہ' جس شکار کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے واپس کر دیا تھا

3969 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ اللَّيْثِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّهُ اَهْدَى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارًا وَحْشِيًّا وَهُوَ بِالْاَبْوَاءِ اَوْ بِوَدَّانَ، فَرَدَّهُ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فِىْ وَجْهِى، قَالَ: اِنَّا لَمْ نَرُدَّهُ عَلَيْكَ اِلَّا اَنَّا حُرُمٌ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ حضرت صعب بن جثامہ لیثی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حمار وحشی (یعنی زیبرہ) کا گوشت پیش کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت ابواء یا شاید ودان کے مقام پر موجود تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے قبول نہیں کیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے چہرے پر (پریشانی یا افسوس) کے آثار دیکھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم نے اسے صرف اس لیے واپس کیا ہے' کیونکہ ہم حالت احرام میں ہیں۔

3968- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير سعيد بن قيس -وهو المكي- فمن رجال مسلم . عطاء : هو ابن أبى رباح .وأخرجه الطبرانى فى الكبير 4965 عن ابن أبى خليفة الفضل بن الحباب الجمحى، بهذا الإسناد .وأخرجه أيضاً 4965 عن حجاج بن منهال، عن أبى الوليد الطيالسى، بِهِ .وأخرجه أحمد 369-370و 371، وأبو داوُد 1850 فى المناسك: باب لحم الصيد للمحرم، والنسائى 5/184 فى مناسك الحج: باب ما لا يجوز للمحرم أكله من الصيد، والطحاوى 2/169 من طرق عن حماد بن سلمة، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق 838323، وأحمد 4/367و 374، ومسلم 1195 فى الحج: باب تحريم الصيد للمحرم، والنسائى 5/184، والطحاوى 2/169، والطبرانى 4963و 4964 من طرق عن ابن جريج، أخبرنى الحسن بن مسلم، عن طاوس، عن ابن عباس، فذكر نحوه .

3969- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وقد تقدم برقم 136 . وانظر 3967 . وهو فى الموطأ 1/353 فى الحج: باب ما لا يحل للمحرم أكله من الصيد .ومن طريق مالك أخرجه الشافعى 1/323، والبخارى 1825 فى جزاء الصيد: باب إذا أهدى المحرم حماراً وحشياً، و 2573 فى الهبة: باب قبول الهدية، ومسلم 1193 فى الحج: باب تحريم الصيد للمحرم، والطحاوى 2/170، والطبرانى 7441 .

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ عبید اللہ بن عبد اللہ سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3970 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ شُعْبَةَ، حَدَّثَنِي الْحَكَمُ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ الصَّعْبَ بْنَ جَثَّامَةَ، اَهْدَى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَجُزَ حِمَارِ وَحْشٍ بِقُدَيْدٍ وَكَانَ مُحْرِمًا، فَرَدَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ نے "قدید" کے مقام پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حمار وحشی (یعنی زیبرہ) کی پچھلی ران پیش کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت حالت احرام میں تھے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے قبول نہیں کیا۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا رَدَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمَ الصَّيْدِ عَلَى الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ

اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کو شکار کا گوشت واپس کر دیا تھا

3971 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاِسْكَنْدَرَانِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو، عَنِ الْمُطَّلِبِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): صَيْدُ الْبَرِّ حَلَالٌ مَا لَمْ تَصِيدُوهُ، اَوْ يُصَادُ لَكُمْ

3970– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، وهو من شيوخ البخاري . الحكم: هو ابن عتبة .وأخرجه الطيالسي 2633، وأحمد 1/230و 342، ومسلم 1194 54 في الحج: باب تحريم الصيد للمحرم، والنسائي 5/185 في المناسك: باب ما لا يجوز للمحرم أكله من الصيد، والطحاوي 2/171، والطبراني 12366، والبيهقي 5/193 من طريقين عن منصور بن المعتمر، عن الحكم، به .وأخرجه أحمد 1/230و 338و 361، ومسلم 1194، والنسائي 5/185، والطبراني 12342و 12343، ومسلم 1194، والنسائي 5/185، والطبراني 12342و 12343، والبيهقي 5/192–193، والطحاوي 2/170–171 من طرق عن حبيب بن أبي ثابت، عن سعيد بن جبير، به .وأخرجه أحمد 1/216، والطبراني 12706و 12143، والطحاوي2/170 من طرق عن ابن عباس، به .

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''خشکی کا شکار (احرام والے شخص کیلئے) حلال ہے پھر تم نے اسے شکار نہ کیا ہو یا اسے تمہارے لیے شکار نہ کیا گیا ہو''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يَحْكُمْ صِنَاعَةَ الْاَخْبَارِ وَلَا تَفَقَّهَ فِي صَحِيحِ الْآثَارِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

اور روایات کی سمجھ بوجھ نہیں رکھتا کہ یہ روایت حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے، جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3972 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، فَاُهْدِيَ لَهُ لَحْمُ صَيْدٍ، وَهُمْ مُحْرِمُونَ، وَهُوَ رَاقِدٌ، فَاَبَيْنَا اَنْ نَاْكُلَهُ، حَتّٰى إِذَا اسْتَيْقَظَ قُلْنَا: صَيْدٌ اُهْدِيَ لَكَ، فَقَالَ: مَا شَاْنُكُمْ لَمْ تَاْكُلُوا؟، قَالُوا: انْتَظَرْنَا حَتّٰى نَنْظُرَ مَا تَقُولُ فِيهِ، قَالَ: اَكَلْنَا مِثْلَ هٰذَا مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كُلُوا، فَاَكَلُوا، وَاَكَلَ

3971- إسناده ضعيف، فيه انقطاع، هو أن المطلب هو المطلب بن حنطب بن الحارث المخزومي، لم يسمع من جابر، وقال الترمذي: المطلب لا نعرف له سماعاً من جابر، وقال أبو حاتم في المراسيل ص 210: عامة أحاديثه مراسيل، لم يدرك أحداً من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، ولم يسمع من جابر، وقال ابن سعد: كان كثير الحديث وليس يحتج بحديثه لأنه يرسل، وقال الحافظ في التلخيص 2/276: مختلف فيه وإن كان من رجال الصحيحين، وقال ابن التركماني في تعليقه على سنن البيهقي 5/191: فالحديث في نفسه معلول، عمرو بن أبي عمرو مع اضطرابه في هذا الحديث- متكلم فيه، وقال النسائي: عمرو بن أبي عمرو ليس بالقوي، وإن كان روى له مالك .والحديث أخرجه أبو داؤد 1851 في المناسك: باب لحم الصيد للمحرم، والترمذي 846 في الحج: باب ما جاء في أكل الصيد للمحرم، والنسائي 5/187 في المناسك: باب إذا أشار المحرم إلى الصيد فقتله الحلال، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد .وأخرجه الطحاوي 2/171، والدارقطني 2/290، والحاكم 1/452، والبيهقي 5/190 من طرق عن ابن وهب، عن يعقوب بن عبد الرحمٰن، بِه .وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي .وأخرجه الشافعي 1/322-323، والدارقطني 2/290، والحاكم 1/452، والبيهقي 5/190، والبغوي 1989 من طرق عن عمرو بن أبي عمرو، بِه .وأخرجه الشافعي 1/323، والطحاوي 2/171، والدارقطني 2/290-291 من طريق عبد العزيز الدراوردي، عن عمرو بن أبي عمرو، عن رجل من بني سلمة، وفي روايات: عن رجل من الأنصار عن جابر .وأخرجه الدارقطني 2/290 من طريق الدراوردي، عن سليمان بن بلال، عن عمرو بن أبي عمرو، عن رجل من بني سلمة، عن جابر .وأخرجه الطحاوي 2/171 عن ابن أبي داؤد قال: حدثنا ابن أبي مريم قال: أخبرنا إبراهيم بن سويد، قال: حدثني عمرو بن أبي عمرو، عن المطلب، عن أبي موسى، عن النبي صلى الله عليه وسلم فذكر مثله .رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كُلُوا، فأكلوا وأكل .(3:40)

3972-إسناده صحيح على شرط مسلم، وانظر ما بعده .

❀❀ عبدالرحمٰن بن عثمان تیمی بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے ان کی خدمت میں شکار کا گوشت پیش کیا گیا وہ لوگ اس وقت احرام باندھے ہوئے تھے اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سو رہے تھے (راوی کہتے ہیں) ہم نے وہ گوشت کھانے سے انکار کر دیا' یہاں تک کہ جب حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ بیدار ہوئے' تو ہم نے بتایا: آپ کو تحفہ دیا گیا تھا حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: پھر کیا وجہ ہے تم نے اسے کھایا کیوں نہیں۔ لوگوں نے بتایا: ہم یہ انتظار کر رہے تھے تاکہ ہم اس بات کا جائزہ لیں کہ آپ اس کے بارے میں کیا کہتے ہیں' تو حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: ہم نے اس طرح کی چیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھائی تھی' تو تم لوگ بھی کھاؤ (راوی کہتے ہیں) تو لوگوں نے بھی اسے کھالیا اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے بھی اسے کھالیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ ابْنَ الْمُنْكَدِرِ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ ابن منکدر نامی راوی نے یہ روایت عبدالرحمٰن بن عثمان تیمی سے نہیں سنی ہے

3973 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، فِي الْحَجِّ، وَنَحْنُ مُحْرِمُوْنَ، فَاُهْدِيَ لَنَا طَائِرٌ، وَطَلْحَةُ نَائِمٌ، فَمِنَّا مَنْ اَكَلَ، وَمِنَّا مَنْ تَوَرَّعَ، فَلَمْ يَاْكُلْهُ، فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ طَلْحَةُ ذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ فَوَفَّقَ مَنْ اَكَلَهُ، وَقَالَ: اَكَلْنَاهُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لَسْتُ اُنْكِرُ اَنْ يَكُوْنَ ابْنُ الْمُنْكَدِرِ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ، وَسَمِعَهُ مِنِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيهِ، فَمَرَّةً رَوٰى عَنْ مُعَاذٍ وَاُخْرٰى عَنْ اَبِيهِ

❀❀ معاذ بن عبدالرحمٰن تیمی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت طلحہ بن عبیداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ حج کیلئے جا رہے تھے ہم احرام باندھے ہوئے تھے ہمیں ایک پرندہ تحفے کے طور پر دیا گیا حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ اس وقت سو رہے تھے ہم میں سے کچھ

3973- إسناده صحيح على شرط مسلم كسابقه، رجاله رجال ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمٰن التيمي، فمن رجال مسلم، وقد صرح ابن جريج بالتحديث عند المصنف برقم 5232 وأحمد ومسلم والنسائي وغيرهم، فانتفت شبهة تدليسه .وأخرجه أحمد 1/162، ومسلم 1197 في الحج: باب تحريم الصيد للمحرم، والنسائي 5/182 في مناسك الحج: باب ما يجوز للمحرم أكله من الصيد، وأبو يعلى 635 من طرق عن يحيى بن سعيد القطان، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/161، والدارمي 2/39، والطحاوي2/171، والبيهقي 5/188 من طرق عن ابن جريج، بِهِ .وأخرجه الطيالسي 232، وأبو يعلى 656 و657 من طريق سفيان الثوري، عن ابن المنكدر، حدثنا شيخ لنا، عن طلحة بن عبيد الله أن رجلاً سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ مُحل أصاب صيداً، ايأكله المحرم؟ قال: "نعم" .

لوگوں نے اس کا گوشت کھالیا اور کچھ لوگوں نے پرہیز کیا انہوں نے اسے نہیں کھایا جب حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ بیدار ہوئے' تو ہم نے ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو انہوں نے ان لوگوں کا ساتھ دیا جنہوں نے اس کا گوشت کھالیا تھا اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے یہ بتایا: ہم نے اس (شکار) کا گوشت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کھایا تھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) میں اس بات کا انکار نہیں کرتا کہ ابن منکدر نے یہ روایت عبدالرحمٰن بن عثمان تیمی سے سنی ہوگی اور انہوں نے یہ روایت عبدالرحمٰن کے صاحب زادے کے حوالے سے ان کے والد کے حوالے سے سنی ہوگی' تو ایک مرتبہ انہوں نے اسے معاذ کے حوالے سے نقل کر دیا اور دوسری مرتبہ ان کے والد کے حوالے سے نقل کر دیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُحْرِمَ لَهُ اَكْلُ مَا اُهْدِىَ لَهُ مِنَ الصَّيْدِ، مَا لَمْ يَكُنْ بِاَمْرِهٖ اَوْ بِاِشَارَتِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' احرام والے شخص کو اس بات کی اجازت ہے' شکار کا گوشت اگر اسے تحفے کے طور پر دیا گیا ہو' تو وہ اسے کھا سکتا ہے' جبکہ وہ شکار اس کے حکم کے تحت یا اس کے اشارے کی مدد سے نہ کیا گیا ہو

3974 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبِ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ اَبِيْ مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ اَبُوْ قَتَادَةَ فِيْ نَاسٍ مُحْرِمِيْنَ، وَاَبُوْ قَتَادَةَ حِلٌّ، فَاَبْصَرَ الْقَوْمُ حِمَارَ وَحْشٍ، فَلَمْ يُؤْذِنُوْهُ حَتّٰى اَبْصَرَهُ اَبُوْ قَتَادَةَ، فَقَعَدَ عَلٰى ظَهْرِ فَرَسٍ، وَاخْتَلَسَ مِنْ بَعْضِهِمْ سَوْطًا، فَحَمَلَ عَلَى الْحِمَارِ فَصَرَعَهُ، فَاَتَاهُمْ بِهٖ، فَاَكَلُوْهُ، وَحَمَلُوْا، فَلَقُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَسَاَلُوْهُ عَمَّا صَنَعَ اَبُوْ قَتَادَةَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ اَشَارَ اِلَيْهِ اِنْسَانٌ مِّنْكُمْ بِشَيْءٍ اَوْ اَمَرَهُ؟، قَالُوْا: لَا، قَالَ: فَكُلُوْهُ

وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ الْمُعَطَّلِ السُّلَمِيُّ ثُمَّ الذَّكْوَانِيُّ عَرَّسَ فَادَّلَجَ فَاَصْبَحَ عِنْدَ مَنْزِلِي، فَرَاٰى سَوَادَ اِنْسَانٍ، فَعَرَفَنِيْ حِينَ رَآنِيْ، وَكَانَ رَآنِي قَبْلَ اَنْ يَنْزِلَ الْحِجَابُ، فَاسْتَيْقَظْتُ بِ اسْتِرْجَاعِهِ حِينَ عَرَفَنِيْ، فَخَمَّرْتُ وَجْهِي بِجِلْبَابِي، وَاللّٰهِ مَا كَلَّمَنِيْ بِكَلِمَةٍ، وَلَا سَمِعْتُ مِنْهُ كَلِمَةً غَيْرَ اسْتِرْجَاعِهِ حَتّٰى اَنَاخَ رَاحِلَتَهُ، فَوَطِءَ عَلٰى يَدِهَا، فَرَكِبْتُهُ، ثُمَّ انْطَلَقَ يَقُودُ بِي الرَّاحِلَةَ، حَتّٰى اَتَيْنَا الْجَيْشَ بَعْدَمَا نَزَلُوْا مُوغِرِينَ فِيْ نَحْرِ الظَّهِيرَةِ، فَهَلَكَ فِيْ شَاْنِيْ مَنْ هَلَكَ، وَكَانَ الَّذِي تَوَلّٰى كِبْرَهُ مِنْهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ، فَقَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، فَاشْتَكَيْتُ حِينَ قَدِمْتُهَا شَهْرًا، وَالنَّاسُ يُفِيضُونَ فِيْ قَوْلِ اَهْلِ الْاِفْكِ، وَلَا اَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ وَهُوَ يُرِيبُنِيْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِاَنِّيْ لَا اَرٰى مِنْهُ اللُّطْفَ الَّذِي كُنْتُ اَرَاهُ مِنْهُ حِينَ اَشْتَكِي، اِنَّمَا يَدْخُلُ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُ: كَيْفَ تِيكُمْ؟، فَيُرِيبُنِيْ ذٰلِكَ، وَلَا اَشْعُرُ حَتّٰى خَرَجْتُ بَعْدَمَا نَقَهْتُ مِنْ مَرَضِي وَمَعِي اُمُّ مِسْطَحٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ، وَهِيَ مُتَبَرَّزُنَا، وَلَا نَخْرُجُ اِلَّا لَيْلًا اِلٰى لَيْلٍ، وَذٰلِكَ اَنَّا نَكْرَهُ اَنْ نَتَّخِذَ الْكُنُفَ قَرِيبًا مِنْ بُيُوْتِنَا، وَاَمْرُنَا اَمْرُ الْعَرَبِ الْاُوَلِ فِي التَّبَرُّزِ، وَكُنَّا نَتَاَذّٰى بِالْكُنُفِ قُرْبَ بُيُوْتِنَا، فَانْطَلَقْتُ وَمَعِي اُمُّ مِسْطَحٍ وَهِيَ بِنْتُ اَبِيْ رُهْمِ بْنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ، وَاُمُّهَا بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ، خَالَةُ اَبِيْ بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، وَابْنُهَا مِسْطَحُ بْنُ اُثَاثَةَ بْنِ عَبَّادِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، فَاَقْبَلْنَا حِينَ فَرَغْنَا مِنْ شَاْنِنَا لِنَاْتِيَ الْبَيْتَ، فَعَثَرَتْ اُمُّ مِسْطَحٍ فِيْ مِرْطِهَا، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ، فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُلْتِ، اَتَسُبِّينَ رَجُلًا قَدْ شَهِدَ بَدْرًا؟ فَقَالَتْ: اَيْ هَنْتَاهُ، اَوَلَمْ تَسْمَعِي مَا قَالَ؟ قُلْتُ: وَمَا قَالَ؟ فَاَخْبَرَتْنِيْ بِقَوْلِ اَهْلِ الْاِفْكِ،

فَازْدَدْتُ مَرَضًا اِلٰى مَرَضِي، وَرَجَعْتُ اِلٰى بَيْتِي، فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ تِيكُمْ؟، فَقُلْتُ: اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ آتِيَ اَبَوَيَّ؟، وَاَنَا حِينَئِذٍ اُرِيْدُ اَنْ اَتَيَقَّنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا، فَاَذِنَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجِئْتُ اَبَوَيَّ، فَقُلْتُ لِاُمِّي: يَا اُمَّتَاهُ مَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ؟، قَالَتْ: اَيْ بُنَيَّةُ هَوِّنِيْ عَلَيْكِ فَوَاللّٰهِ لَقَلَّ امْرَاَةٌ وَّضِيئَةٌ كَانَتْ عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا، وَلَهَا ضَرَائِرُ، اِلَّا اَكْثَرْنَ عَلَيْهَا، قَالَتْ: فَقُلْتُ:

سُبْحَانَ اللّٰهِ، اَوَتَحَدَّثَ النَّاسُ بِذٰلِكَ؟ قَالَتْ: فَمَكَثْتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ اُصْبِحُ وَاَبْكِي، وَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، وَاُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، وَهُوَ حِينَئِذٍ يُرِيْدُ اَنْ يَّسْتَشِيرَهُمَا فِي فِرَاقِ اَهْلِهٖ، وَذٰلِكَ حِينَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ، فَاَمَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، فَاَشَارَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالَّذِي يَعْلَمُ مِنْ بَرَاءَةِ اَهْلِهٖ وَمَا لَهٗ فِي نَفْسِهٖ لَهُمْ مِنَ الْوُدِّ، فَقَالَ: هُمْ اَهْلُكَ وَلَا نَعْلَمُ اِلَّا خَيْرًا، وَاَمَّا عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَقَالَ: لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيْرٌ، وَاِنْ تَسْاَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ، قَالَتْ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيرَةَ، فَقَالَ: اَيْ بَرِيرَةُ هَلْ رَاَيْتِ مِنْ عَائِشَةَ شَيْئًا يُرِيبُكِ؟، قَالَتْ بَرِيرَةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا رَاَيْتُ عَلَيْهَا اَمْرًا قَطُّ اَغْمِصُهٗ عَلَيْهَا، اَكْثَرَ مِنْ اَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنْ عَجِينِ اَهْلِهَا فَيَدْخُلُ الدَّاجِنُ فَيَاْكُلُهٗ،

فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيِّ ابْنِ سَلُوْلَ، فَقَالَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ: يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِيْنَ، مَنْ يَّعْذِرُنِي مِنْ رَجُلٍ بَلَغَ اَذَاهُ فِي اَهْلِ بَيْتِي؟ فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ مِنْ اَهْلِي اِلَّا خَيْرًا، وَلَقَدْ ذَكَرُوا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ مِنْهُ اِلَّا خَيْرًا، وَمَا كَانَ يَدْخُلُ عَلٰى اَهْلِي اِلَّا مَعِي، فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ الْاَنْصَارِيُّ، فَقَالَ: اَنَا اَعْذِرُكَ مِنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنْ كَانَ مِنَ الْاَوْسِ ضَرَبْنَا عُنُقَهٗ، وَاِنْ كَانَ مِنَ الْخَزْرَجِ اَمَرْتَنَا فَفَعَلْنَا اَمْرَكَ، فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ وَهُوَ سَيِّدُ الْخَزْرَجِ، وَكَانَ رَجُلًا صَالِحًا، وَلٰكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا تَقْتُلُهٗ، وَلَا تَقْدِرُ عَلٰى قَتْلِهٖ، فَقَامَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ وَهُوَ ابْنُ عَمِّ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَقَالَ: كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّهٗ، فَاِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِيْنَ، فَثَارَ الْحَيَّانِ الْاَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتّٰى هَمُّوا اَنْ يَّقْتَتِلُوا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتّٰى سَكَتُوا، وَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَكَيْتُ يَوْمِي لَا يَرْقَأُ لِي دَمْعٌ، وَلَا اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، وَاَبَوَايَ يَظُنَّانِ اَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِي،

فَبَيْنَمَا هُمَا جَالِسَانِ عِنْدِي، اِذِ اسْتَاْذَنَتْ عَلَيَّ امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَاَذِنْتُ لَهَا، فَجَلَسَتْ مَعِي، فَبَيْنَمَا نَحْنُ عَلٰى حَالِنَا ذٰلِكَ، اِذْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ، وَلَمْ يَكُنْ جَلَسَ قَبْلَ يَوْمِي ذٰلِكَ مُذْ كَانَ مِنْ اَمْرِي مَا كَانَ، وَلَبِثَ شَهْرًا لَا يُوحٰى اِلَيْهِ، قَالَتْ: فَتَشَهَّدَ ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، فَقَدْ بَلَغَنِي يَا عَائِشَةُ عَنْكِ كَذَا وَكَذَا، فَاِنْ كُنْتِ بَرِيئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللّٰهُ، وَاِنْ كُنْتِ اَلْمَمْتِ بِذَنْبٍ فَاسْتَغْفِرِي اللّٰهَ وَتُوبِي، فَاِنَّ الْعَبْدَ اِذَا اعْتَرَفَ بِالذَّنْبِ ثُمَّ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهٗ، قَلَصَ دَمْعِي حَتّٰى مَا اَحِسُّ مِنْهُ بِقَطْرَةٍ، فَقُلْتُ لِاَبِي: اَجِبْ عَنِّي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا اَدْرِي مَا اَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لِاُمِّي: اَجِيبِي عَنِّي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَا اَدْرِي مَا اَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ وَاَنَا جَارِيَةٌ حَدِيْثَةُ السِّنِّ، لَا اَقْرَاُ كَثِيْرًا مِنَ الْقُرْآنِ: اِنِّي وَاللّٰهِ لَقَدْ عَرَفْتُ اَنَّكُمْ سَمِعْتُمْ بِذَاكَ حَتَّى اسْتَقَرَّ فِي اَنْفُسِكُمْ وَصَدَّقْتُمْ بِهٖ، فَاِنْ

قُلْتُ لَكُمْ إِنِّي بَرِيئَةٌ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ إِنِّي بَرِيئَةٌ لَمْ تُصَدِّقُونِي، وَإِنِ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بِأَمْرٍ، وَاللّٰهُ يَعْلَمُ أَنِّي بَرِيئَةٌ لَتُصَدِّقُونِي، وَإِنِّي وَاللّٰهِ لَا أَجِدُ مَثَلِي وَمَثَلَكُمْ إِلَّا كَمَا قَالَ أَبُو يُوسُفَ: (فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَّاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ) (يوسف: 18)، ثُمَّ تَحَوَّلْتُ فَاضْطَجَعْتُ عَلٰى فِرَاشِي وَأَنَا وَاللّٰهِ حِينَئِذٍ أَعْلَمُ أَنِّي بَرِيئَةٌ، وَإِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يُبَرِّئُنِي بِبَرَاءَتِي، وَلٰكِنْ لَمْ أَظُنَّ أَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يُنْزِلُ فِي شَأْنِي وَحْيًا يُتْلٰى، وَلَشَأْنِي كَانَ أَحْقَرَ فِي نَفْسِي مِنْ أَنْ يَتَكَلَّمَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِيَّ بِأَمْرٍ يُتْلٰى، وَلٰكِنْ أَرْجُو أَنْ يَّرَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَنَامِهِ رُؤْيَا يُبَرِّئُنِي اللّٰهُ بِهَا،

قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا رَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَجْلِسَهُ، وَلَا خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ أَحَدٌ، حَتّٰى أَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَهُ مَا كَانَ يَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ عِنْدَ الْوَحْيِ مِنْ ثِقَلِ الْقَوْلِ الَّذِي أُنْزِلَ عَلَيْهِ، فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ أَوَّلُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا، أَنْ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، أَمَا وَاللّٰهِ فَقَدْ بَرَّأَكِ اللّٰهُ، فَقَالَتْ لِي أُمِّي: قُومِي إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَا أَقُومُ إِلَيْهِ، وَلَا أَحْمَدُ إِلَّا اللّٰهَ الَّذِي هُوَ أَنْزَلَ بَرَاءَتِي، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (إِنَّ الَّذِينَ جَائُوا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ)، الْعَشْرُ الْآيَاتُ، قَالَتْ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ هٰذِهِ الْآيَاتِ فِي بَرَاءَتِي، وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يُنْفِقُ عَلٰى مِسْطَحٍ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ وَفَقْرِهِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا أُنْفِقُ عَلَيْهِ أَبَدًا بَعْدَ الَّذِي قَالَ لِعَائِشَةَ مَا قَالَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَلَا يَأْتَلِ أُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ) (النور: 22)، إِلٰى قَوْلِهِ: (أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ) (النور: 22)، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: وَاللّٰهِ إِنِّي لَأُحِبُّ أَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لِي، فَرَجَعَ إِلٰى مِسْطَحٍ بِالنَّفَقَةِ الَّتِي كَانَ يُنْفِقُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَا أَنْزِعُهَا مِنْهُ أَبَدًا، قَالَتْ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ عَنْ أَمْرِي مَا عَلِمْتِ وَمَا رَأَيْتِ؟ فَقَالَتْ: أَحْمِي سَمْعِي وَبَصَرِي مَا عَلِمْتُ إِلَّا خَيْرًا، قَالَتْ: وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِينِي مِنْ أَزْوَاجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَصَمَهَا اللّٰهُ بِالْوَرَعِ، وَطَفِقَتْ أُخْتُهَا حَمْنَةُ بِنْتُ جَحْشٍ تُحَارِبُ لَهَا، فَهَلَكَتْ فِيمَنْ هَلَكَ، قَالَ الزُّهْرِيُّ: فَهٰذَا مَا انْتَهٰى إِلَيَّ مِنْ أَمْرِ هٰؤُلَاءِ الرَّهْطِ

❀❀ امام زہری نے سعید بن مسیّب' عروہ بن زبیر' علقمہ بن وقاص' عبیداللہ بن عبداللہ کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ روایت نقل کی ہے' جس میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا پر جھوٹا الزام لگایا گیا تھا اور اللہ تعالیٰ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس سے بری قرار دیا تھا (ابن شہاب کہتے ہیں) ان تمام حضرات نے مجھے یہ حدیث سنائی تھی کسی نے اس حدیث کے زیادہ الفاظ کو محفوظ رکھا اور کسی نے اس کو مختصر طور پر نقل کیا میں نے اس تمام حدیث کو محفوظ کر لیا جو انہوں نے مجھے بیان کی تھی اور ان میں سے ایک کا بیان دوسرے کی تصدیق کرتا تھا ان لوگوں نے یہ روایت ذکر کی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ جب آپ کسی سفر کے لیے تشریف لے جاتے تھے' تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی کیا کرتے تھے ان میں سے جس کا نام نکل آتا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس خاتون کو اپنے ساتھ لے جایا

کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی غزوہ کے لیے سفر کرنے سے پہلے ہمارے درمیان قرعہ اندازی کی تو میرا نام نکل آیا ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہو گئے یہ حجاب کا حکم نازل ہو جانے کے بعد کی بات ہے مجھے ہودج میں ٹھہرایا گیا اور سفر کے دوران جب ہم پڑاؤ کرتے تھے تو وہ اس میں رہتی تھیں یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس غزوہ سے فارغ ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے اور ہم مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو (ایک پڑاؤ کے دوران) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے وقت روانگی کا اعلان کر دیا جب لوگوں نے روانگی کی تیاری کی اس وقت میں اٹھی اور چلتی ہوئی لشکر سے پرے چلی گئی میں نے اپنی حاجت کو پورا کیا جب میں واپس آئی اور میں نے اپنے سینے کو ہاتھ لگایا تو پتھروں سے بنا ہوا ہار کہیں گر چکا تھا میں واپس آئی میں نے اپنے ہار کو تلاش کیا اس کی تلاش میں میں وہیں رکی رہی وہ لوگ آئے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے (روانگی کے وقت ساز و سامان وغیرہ) اٹھاتے تھے انہوں نے میرے ہودج کو اٹھایا اور اسے اٹھا کر اس اونٹ پر رکھ دیا جس پر میں سوار ہوا کرتی تھی وہ یہ سمجھے کہ میں اس کے اندر موجود ہوں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ان دنوں خواتین ہلکی پھلکی ہوتی تھیں انہیں گوشت نے ڈھانپا نہیں ہوتا تھا ان لوگوں نے اسے اٹھایا اور اسے اونٹ پر رکھ دیا جب وہ لوگ اس سے فارغ ہوئے تو لشکر روانہ ہو گیا لشکر کے روانہ ہو جانے کے بعد مجھے اپنا ہار مل گیا میں پڑاؤ کی جگہ پر آئی تو وہاں نہ کوئی بلانے والا تھا اور نہ کوئی جواب دینے والا تھا میں اسی جگہ پر ٹھہر گئی جہاں میں پہلے موجود تھی میں وہاں بیٹھی ہوئی تھی اسی دوران میری آنکھ لگ گئی اور میں سو گئی۔

حضرت صفوان بن معطل سلمی رضی اللہ عنہ نے رات کے وقت پڑاؤ کیا تھا وہ صبح کے وقت چلتے ہوئے میری رہائشی جگہ کے پاس آ گئے انہوں نے کسی انسان کا ہیولا دیکھا تو (میری طرف آئے) جب انہوں نے مجھے دیکھا تو مجھے پہچان گئے کیونکہ وہ حجاب کا حکم نازل ہونے سے پہلے مجھے دیکھ چکے تھے ان کے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھنے پر میں بیدار ہو گئی جو انہوں نے مجھے پہچان کر پڑھا تھا میں نے اپنی چادر کے ذریعے اپنے چہرے کو ڈھانپ لیا اللہ کی قسم! نہ تو انہوں نے میرے ساتھ کوئی بات کی اور نہ ہی میں نے ان کی زبانی انا للہ وانا الیہ راجعون کے علاوہ کوئی کلمہ سنا۔ انہوں نے اپنی سواری کو بٹھایا اور میں اس پر سوار ہو گئی پھر وہ اس سواری کو لے کر چل پڑے یہاں تک کہ ہم لشکر کے پاس آ گئے اس وقت جب انہوں نے دن چڑھ جانے کے بعد پڑاؤ کیا ہوا تھا۔

تو میرے اس واقعے کے حوالے سے کچھ لوگ ہلاکت کا شکار ہوئے اور ان میں سب سے زیادہ حصہ لینے والا شخص عبداللہ بن ابی بن سلول تھا۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) میں مدینہ منورہ آ گئی مدینہ منورہ آنے کے بعد میں ایک ماہ تک بیمار رہی لوگ جھوٹا الزام لگانے والوں کے بارے میں جو بات چیت کر رہے تھے مجھے اس میں سے کسی بھی چیز کا علم نہیں تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے مجھے کچھ الجھن ہوتی تھی کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرا اس طرح سے خیال نہیں رکھ رہے تھے جس طرح پہلے میری بیماری کے دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرا خیال رکھا کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لاتے تھے اور دریافت کرتے تھے تمہارا کیا حال ہے یہ چیز مجھے شک میں مبتلا کرتی تھی لیکن مجھے حقیقت کا پتہ نہیں تھا اپنی بیماری کی وجہ سے نقاہت کا شکار ہونے کے بعد ایک مرتبہ میں گھر سے (قضائے حاجت کے لیے) نکلی میرے ساتھ ام مسطح تھیں ہم مناصع (کھلے میدان) کی طرف گئے جو ہمارے قضائے حاجت کرنے

کی جگہ تھی ہم (خواتین) صرف رات کے وقت ہی وہاں جایا کرتی تھیں اس کی وجہ یہ ہے: ہم لوگ اس چیز کو ناپسند کرتے تھے کہ بیت الخلاء گھر کے قریب موجود ہو ہمارا معاملہ پہلے زمانے کے عربوں کے معاملے کی طرح تھا کہ ہم ان کی طرح (کھلی جگہوں پر جا کر) قضائے حاجت کیا کرتے تھے اور گھر کے قریب بیت الخلاء موجود ہونے سے ہمیں اذیت محسوس ہوتی تھی میں جارہی تھی میرے ساتھ ام مسطح تھیں وہ ابورہم بن مطلب بن عبدمناف کی صاحبزادی تھیں ان کی والدہ صخر بن عامر کی صاحبزادی تھیں جو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خالہ تھیں اور ان کا بیٹا مسطح بن اثاثہ بن عباد بن مطلب تھا ہم اپنے کام سے فارغ ہونے کے بعد گھر آنے کے لیے واپس آرہی تھیں اسی دوران ام مسطح کا پاؤں ان کی چادر میں الجھ گیا تو انہوں نے (گرنے سے بچتے ہوئے) یہ کہا: مسطح برباد ہو جائے میں نے ان سے کہا آپ نے بہت بری بات کہی ہے آپ ایک ایسے شخص کو برا کہہ رہی ہیں جو غزوۂ بدر میں شریک ہو چکا ہے' تو انہوں نے کہا: اے بھولی خاتون کیا آپ نے نہیں سنا کہ اس نے کیا کیا ہے؟ میں نے دریافت کیا: اس نے کیا کیا ہے' تو انہوں نے مجھے الزام لگانے والوں کے بیان کے بارے میں بتایا۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) اس سے میری بیماری میں اضافہ ہو گیا میں اپنے گھر واپس آئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارا کیا حال ہے۔ میں نے عرض کی: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اس بات کی اجازت دیں گے کہ میں اپنے ماں باپ کے پاس چلی جاؤں؟ اس وقت میں یہ چاہتی تھی کہ اپنے والدین سے اس خبر کے بارے میں یقینی معلومات حاصل کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اجازت دے دی میں اپنے والدین کے ہاں آئی میں نے اپنی والدہ سے دریافت کیا: اے امی جان لوگ کیا بات چیت کر رہے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: اے میری بیٹی تم پرسکون رہو' اللہ کی قسم! جو بھی عورت اپنے شوہر کے نزدیک زیادہ خوب صورت ہو اور وہ مرد اس سے محبت کرتا ہو اور اس کی سوکنیں بھی ہوں' تو وہ اس سے زیادہ زیادتی کر دیا کرتی تھیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے کہا: سبحان اللہ کیا لوگ اس قسم کی بات چیت کر رہے ہیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اس رات میرا یہ عالم تھا کہ میرے آنسو تھمتے نہیں تھے اور صبح ہو جانے تک مجھے نیند نہیں آئی میں مسلسل روتی رہی۔

(اسی دوران کسی وقت میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کو بلوایا آپ ان دونوں صاحبان سے اپنی اہلیہ (یعنی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا) سے علیحدگی اختیار کرنے کے بارے میں مشورہ کرنا چاہتے تھے یہ اس وقت کی بات ہے' جب اس بارے میں وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ جہاں تک حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا تعلق تھا تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہی گزارش کی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اہلیہ کے بری الذمہ ہونے سے واقف تھے اور اس چیز کا ذکر کیا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اہلیہ سے محبت تھی انہوں نے کہا: وہ آپ کی اہلیہ ہیں۔ ان کے بارے میں ہمیں صرف بھلائی کا علم ہے' لیکن جہاں تک حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا تعلق تھا تو انہوں نے یہ کہا: اللہ تعالیٰ نے آپ کو کوئی تنگی نہیں دی ہے ان کے علاوہ بھی خواتین بے شمار ہیں' لیکن اگر آپ گھر کی خادمہ سے پوچھیں گے تو وہ آپ کے ساتھ سچ بیانی کرے گی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ کو بلایا اور فرمایا: اے بریرہ! کیا تم نے عائشہ کے حوالے سے کوئی ایسی چیز دیکھی ہے' جو تمہیں شک، کا شکار کرے؟

بریرہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں نے ان میں صرف ایک چیز دیکھی ہے، جس پر میں اعتراض کر سکتی ہوں یہ کہ وہ کم سن لڑکی ہیں ان کی عمر تھوڑی ہے وہ آٹا گوندھ کے سو جاتی ہیں اور بکری آ کر آٹے کو کھا جاتی ہے۔

نبی اکرم ﷺ (لوگوں کے درمیان) کھڑے ہوئے آپ ﷺ نے عبداللہ بن ابی سلول کی شکایت کی اور فرمایا: آپ اس وقت منبر پر موجود تھے (آپ ﷺ نے فرمایا)

''اے مسلمانوں کے گروہ اس شخص کے حوالے سے کون میرے سامنے عذر پیش کرے گا، جس کی اذیت میرے گھر والوں تک پہنچ چکی ہے اللہ کی قسم! مجھے اپنی اہلیہ کے بارے میں صرف بھلائی کا علم ہے اور انہوں نے جس مرد پر الزام لگایا ہے اس کے بارے میں بھی مجھے صرف بھلائی کا علم ہے وہ میرے گھر میں ہمیشہ میرے ساتھ ہی داخل ہوا ہے اس پر حضرت سعد بن معاذ انصاری رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اس کی طرف سے میں آپ کی خدمت میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ اگر وہ اوس قبیلے سے تعلق رکھتا ہے، تو ہم اس کی گردن اڑا دیتے ہیں اور اگر وہ خزرج قبیلے سے تعلق رکھتا ہے، تو آپ ہمیں حکم دیں ہم آپ کے حکم کی پابندی کریں گے اس پر حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہو گئے وہ خزرج قبیلے کے سردار تھے وہ ویسے نیک آدمی تھے، لیکن اس وقت قبائلی حمیت ان پر غالب آ گئی انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! تم اس شخص کو قتل نہیں کر سکتے اور نہ ہی تم اس شخص کو قتل کر سکو گے۔ اس پر حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے جو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے چچازاد تھے انہوں نے کہا: آپ غلط کہہ رہے ہیں اللہ کی قسم! ہم اس شخص کو ضرور قتل کر دیں گے آپ منافق ہیں اور منافقوں کی طرف سے جھگڑا کر رہے ہیں اس پر اوس اور خزرج قبیلے کے لوگوں کے درمیان جھگڑا شروع ہو گیا، یہاں تک کہ نوبت باقاعدہ لڑائی تک پہنچ گئی۔ نبی اکرم ﷺ انہیں خاموش کرواتے رہے، یہاں تک کہ وہ خاموش ہو گئے۔ نبی اکرم ﷺ بھی خاموش ہو گئے میں پورا دن روتی رہی میرے آنسو تھمتے نہیں تھے اور مجھے نیند نہیں آتی تھی میرے ماں باپ کو یوں لگتا تھا جیسے رونے کی وجہ سے میرا کلیجہ پھٹ جائے گا۔

ابھی وہ دونوں میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے اسی دوران انصار کی ایک عورت نے میرے پاس اندر آنے کی اجازت مانگی میں نے اسے اجازت دے دی وہ میرے پاس بیٹھ گئی ابھی ہم اسی حالت میں بیٹھی ہوئی تھیں کہ نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے آپ ﷺ نے سلام کیا پھر آپ ﷺ تشریف فرما ہوئے جب سے میرے ساتھ یہ صورت حال درپیش آئی تھی اس کے بعد نبی اکرم ﷺ اس دن کے علاوہ کبھی بھی اس سے پہلے اس طرح نہیں بیٹھے تھے ایک مہینہ گزر چکا تھا نبی اکرم ﷺ کی طرف کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے کلمہ تشہد پڑھا پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: امابعد! اے عائشہ تمہارے حوالے سے اس اس طرح کی اطلاعات مجھ تک پہنچی ہیں اگر تم بری ہو، تو اللہ تعالیٰ تمہاری برأت کو ظاہر کر دے گا اور اگر تم نے گناہ کا ارادہ کیا تھا تو تم اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو اور توبہ کرو، کیونکہ جب انسان گناہ کا اعتراف کر لے اور پھر توبہ کر لے، تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول کر لیتا ہے۔

جب نبی اکرم ﷺ نے اپنی بات مکمل کر لی تو میرے آنسو رک گئے، یہاں تک کہ مجھے ایک قطرہ بھی محسوس نہیں ہوا میں نے

اپنے والد سے کہا: آپ میری طرف سے اللہ کے رسول کو جواب دیں۔ انہوں نے فرمایا: اللہ کی قسم! مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ میں اللہ کے رسول کو کیا جواب دوں؟ میں نے اپنی والدہ سے کہا آپ میری طرف سے اللہ کے رسول کو جواب دیں انہوں نے بھی یہی کہا۔ اللہ کی قسم! مجھے نہیں سمجھ آ رہی کہ میں اللہ کے رسول سے کیا کہوں (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) تو میں نے کہا: میں ایک لڑکی ہوں جس کی عمر کم ہے مجھے زیادہ قرآن نہیں آتا' لیکن اللہ کی قسم! مجھے اس بات کا پتہ ہے' آپ لوگوں نے اس بارے میں بات سنی اور یہ آپ کے ذہن میں پختہ ہوگئی اور آپ نے (دلی طور پر) اس کو سچ سمجھ لیا اگر میں آپ سے یہ کہوں کہ میں بری ہوں اور اللہ جانتا ہے' میں بری ہوں' تو آپ میری تصدیق نہیں کریں گے اور اگر میں اس حوالے سے آپ کے سامنے اعتراف کرلوں حالانکہ اللہ جانتا ہے' میں اس سے بری ہوں' تو پھر آپ مجھے سچا سمجھیں گے اللہ کی قسم! اپنے اور آپ کے معاملے میں مجھے صرف وہی بات سمجھ آ رہی ہے' جو حضرت یوسف علیہ السلام کے والد نے کہی تھی۔

''تو اب صبر کرنا ہی بہتر ہے اور جو لوگ تم کہہ رہے ہو اس کے حوالے سے اللہ ہی سے مدد لی جاسکتی ہے''۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) پھر میں نے رخ موڑا اور اپنے بستر پر لیٹ گئی اللہ کی قسم! اس وقت میں یہ بات جانتی تھی کہ میں بری الذمہ ہوں اور اللہ تعالیٰ میرے بری ہونے کا اظہار کر دے گا' لیکن مجھے یہ اندازہ نہیں تھا کہ اللہ تعالیٰ میرے بارے میں ایسی وحی نازل کر دے گا' جس کی تلاوت کی جائے گی میرے نزدیک میری ذات کی یہ حیثیت نہیں ہے' اللہ تعالیٰ میرے بارے میں کوئی ایسا کلام نازل کرے جس کی تلاوت کی جائے مجھے یہ امید تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں کوئی ایسا خواب دیکھ لیں گے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ میری برأت کا اظہار کر دے گا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اللہ کی قسم! ابھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اس جگہ سے ہٹے بھی نہیں تھے اور گھر میں موجود افراد میں سے کوئی بھی شخص گھر سے باہر نہیں نکلا تھا کہ اسی دوران اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پر وحی نازل کر دی وحی کے نزول کے وقت اس کے نزول کی شدت کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جو کیفیت ہوتی تھی وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر طاری ہوگئی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے یہ بات کہی: اے عائشہ! اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے تمہارے بری الذمہ ہونے (کا حکم نازل کر دیا ہے) میری والدہ نے مجھ سے کہا تم اٹھ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ تو میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے نہیں کھڑی ہوں گی اور میں صرف اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کروں گی' جس نے میری برأت کا حکم نازل کیا ہے اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''تم میں سے ایک گروہ نے جو جھوٹا الزام لگایا''۔

اس کے بعد کی دس آیات ہیں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیات میرے بری ہونے کے بارے میں نازل کی تھیں۔

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں:) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کے ساتھ اپنی رشتے داری اور ان کی غربت کی وجہ سے ان پر خرچ کیا کرتے تھے انہوں نے یہ کہا: اس نے عائشہ کے بارے میں جو کہا ہے اللہ کی قسم! اس کے بعد میں کبھی بھی اس پر کچھ

خرچ نہیں کروں گا' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''تم میں سے فضیلت رکھنے والے لوگ اور گنجائش رکھنے والے لوگ یہ قسم نہ اٹھائیں''۔

یہ آیت یہاں تک ہے۔

''کیا تم اس بات کو پسند کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت کر دے''۔

تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری مغفرت کر دے اس کے بعد انہوں نے حضرت مسطح رضی اللہ عنہ کو اسی طرح خرچ دینا شروع کر دیا جس طرح وہ پہلے انہیں خرچ دیا کرتے تھے اور انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! اس کے بعد میں اسے کبھی ترک نہیں کروں گا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے معاملے کے بارے میں سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے بھی دریافت کیا تھا: تم اس بارے میں کیا جانتی ہو اور تمہاری اس بارے میں کیا رائے ہے' تو سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا نے جواب دیا تھا: میں اپنے کانوں اور اپنی آنکھوں کو محفوظ کرتی ہوں مجھے صرف بھلائی کا علم ہے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے یہ وہ خاتون تھیں جو میری برابری کی دعوے دار تھیں' لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی پرہیزگاری کی وجہ سے انہیں (الزام لگانے سے) محفوظ رکھا جب کہ ان کی بہن حمنہ بنت جحش نے ان کے لیے جھگڑا کرتے ہوئے (الزام لگانے والوں میں حصہ لیا) اور وہ ہلاکت کا شکار ہونے والوں میں شامل ہوگئی۔

امام زہری بیان کرتے ہیں: ان لوگوں کے واقعہ کے بارے میں یہ وہ روایت ہے' جو مجھ تک پہنچی ہے۔

کِتَابُ الرَّضَاعِ

کتاب! رضاعت کے بارے میں روایات

4213 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ: اَخْبَرَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، وَرَبِيْعَةُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): اَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْلَةَ امْرَاَةَ اَبِيْ حُذَيْفَةَ اَنْ تُرْضِعَ سَالِمًا مَوْلٰى اَبِيْ حُذَيْفَةَ حَتّٰى تَذْهَبَ غَيْرَةُ اَبِيْ حُذَيْفَةَ، فَاَرْضَعَتْهُ وَهُوَ رَجُلٌ، قَالَ رَبِيعَةُ: فَكَانَتْ رُخْصَةً لِسَالِمٍ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ سیّدہ سہلہ رضی اللہ عنہا کو یہ حکم دیا تھا کہ وہ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے غلام سالم کو دودھ پلا دیں تا کہ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے مزاج کی تیزی (یعنی ناراضگی) ختم ہو جائے' تو اس خاتون نے اس لڑکے کو دودھ پلا دیا جو پورا مرد تھا۔

ربیعہ نامی راوی کہتے ہیں: یہ سالم کے لیے رخصت تھی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4213- إسناده صحيح على شرط مسلم . حرملة: هو ابن يحيى وهو من رجال مسلم وقد تُوبع، ومن فوقه على شرطهما .وأخرجه النسائى 6/105 فى النكاح: باب رضاع الكبير، عن أحمد بن يحيى أبى الوزير، عن ابن وهب بهذا الإسناد .وأخرجه الطبرانى فى (الكبير) (6375) و/24 (739) من طريق سليمان بن بلاب، بِهِ .وأخرجه بنحوه أحمد 6/38-39 و201، والحميدى (278) وعبد الرزاق (13884) ومسلم (1453) فى الرضاع: باب رضاعة الكبير، والنسائى 6/104-105 و105، وابن ماجة (1943) فى النكاح: باب رضاع الكبير، والطبرانى فى (الكبير) (6373) و (6374) و (6376) و/24 (737) و (738) و (740)، والبيهقى 7/459 من طرق عن القاسم، بِهِ .وأخرجه أحمد 6/356، والطبرانى فى (الكبير) /24 (742) من طريق حماد بن سلمة، عن عبد الرحمٰن بن القاسم، والطبرانى فى (الصغير) (894) من طريق عبد الله بن عثمان بن خثيم، كلاهما عن القاسم بن محمد، عن سهلة، فجعلوه من مسند سهلة، قال الهيثمى فى (المجمع) 4/261: رواه أحمد والطبرانى فى الثلاثة، .

4214- إسناده صحيح على شرطهما، وهو فى (مصنف عبد الرزاق) (13885) بنحو هذا اللفظ .(فُضلاً) قال فى (النهاية 3/456: أى متبذلة فى ثياب مهنتى، يقال: تفضّلت المرأة: إذا لبست ثياب مهنتها، أو كانت فى ثوب واحد، فهى فُضُل، والرجل فُضُل أيضاً، قال ابن عبد البر فى (التمهيد) 8/255: فمعنى هذا عندى أنه كان يدخل عليها وهى متكشفة بعضها، مثل الشعر واليد والوجه، يدخل عليها وهى كيف امكنها .

4214 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ سَالِمًا يُدْعٰى لِاَبِيْ حُذَيْفَةَ وَيَاْوِيْ مَعَهُ، وَيَدْخُلُ عَلَيَّ فَيَرَانِيْ فُضُلًا، وَنَحْنُ فِيْ مَنْزِلٍ ضَيِّقٍ، وَقَالَ اللّٰهُ: (اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَائِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ) (الأحزاب: 5)، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْضِعِيْهِ تَحْرُمِيْ عَلَيْهِ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سہلہ بنت سہیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سالم کو حضرت ابوحذیفہ کے منہ بولے بیٹے کے طور پر بلایا جاتا ہے وہ ان کے ساتھ رہتا ہے وہ میرے پاس بھی آجاتا ہے مجھے (سر پر چادر وغیرہ کی موجودگی کے بغیر) دیکھ لیتا ہے ہمارا گھر بھی چھوٹا سا ہے اور اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''تم ان کو ان کے حقیقی باپ کے حوالے سے بلاؤ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ انصاف کے زیادہ مطابق ہے''۔

تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے دودھ پلا دو تم اس کے لیے حرمت والی ہو جاؤ گی۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا اَرْضَعَتْ سَهْلَةُ سَالِمًا

اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے سیّدہ سہلہ رضی اللہ عنہا نے حضرت سالم رضی اللہ عنہ کو دودھ پلایا تھا

4215 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ الطَّائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَضَاعَةِ الْكَبِيْرِ، فَقَالَ: اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّ اَبَا حُذَيْفَةَ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا، وَكَانَ قَدْ تَبَنّٰى سَالِمًا الَّذِيْ يُقَالُ لَهُ سَالِمٌ مَوْلٰى اَبِيْ حُذَيْفَةَ، كَمَا تَبَنّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ وَاَنْكَحَ اَبُوْ حُذَيْفَةَ سَالِمًا وَهُوَ يَرٰى اَنَّهُ ابْنُهُ ابْنَةَ اَخِيْهِ فَاطِمَةَ بِنْتَ الْوَلِيْدِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ، وَهِيَ يَوْمَئِذٍ مِّنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْاُوَلِ، وَهِيَ يَوْمَئِذٍ اَفْضَلُ اَيَامٰى قُرَيْشٍ، فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ مَا اَنْزَلَ، فَقَالَ: (اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَائِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْا آبَاءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ وَمَوَالِيْكُمْ) (الأحزاب: 5)، رَدَّ كُلُّ وَاحِدٍ مِّمَّنْ تَبَنّٰى اُولٰئِكَ

4215- حديث صحيح رجاله ثقات رجال الشيخين، وهو في (الموطأ) 2/605-606 في الرضاع: باب ما جاء في الرضاعة بعد الكبر، قال ابن عبد البر في (التمهيد) 8/250: هذا حديث يدخل في المسند، للقاء عروة عائشة وسائر أزواج النبي صلى الله عليه وسلم، وللقائه سهلة بنت سهيل .وأخرجه الشافعي 2/22-23 عن مالك، به .وأخرجه من طريق مالك عبد الرزاق (13886)، ومن طريق الطبراني (6377)، بذكر عائشة فيه .وأخرجه أحمد 6/255 و269 و270-272، والدارمي 1/158، وعبد الرزاق (13887)، والبخاري (4000) في المغازي: باب رقم (12)، (5088) في النكاح: باب الأكفاء في الدين، وأبو داود (2061) في النكاح: باب من حرّم به، والنسائي 6/63-64 في النكاح: باب تزويج المولى العربية، والبيهقي 7/459-460 و460 من طرق عن الزهري، عن عروة، عن عائشة، وبعضهم يزيد فيه على بعض .

اِلٰی اَبِیْهِ، فَاِنْ لَمْ یُعْلَمْ اَبُوْهُ رُدَّ اِلٰی مَوْلَاهُ، فَجَاءَ تْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَیْلٍ وَهِیَ امْرَاَةُ اَبِیْ حُذَیْفَةَ وَهِیَ مِنْ بَنِیْ عَامِرِ بْنِ لُؤَیٍّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، کُنَّا نَرٰی سَالِمًا وَلَدًا، وَکَانَ یَدْخُلُ عَلَیَّ، وَلَیْسَ لَنَا اِلَّا بَیْتٌ وَّاحِدٌ، فَمَاذَا تَرٰی فِیْ شَاْنِهٖ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَرْضِعِیْهِ خَمْسَ رَضَعَاتٍ فَیَحْرُمُ بِلَبَنِكِ.

فَفَعَلَتْ، وَکَانَتْ تَرَاهُ ابْنًا مِنَ الرَّضَاعَةِ، فَاَخَذَتْ بِذٰلِكَ عَائِشَةُ فِیْمَنْ کَانَتْ تُحِبُّ اَنْ یَّدْخُلَ عَلَیْهَا مِنَ الرِّجَالِ، فَکَانَتْ تَاْمُرُ اُخْتَهَا اُمَّ کُلْثُوْمٍ بِنْتَ اَبِیْ بَکْرٍ وَبَنَاتِ اَخِیْهَا اَنْ یُّرْضِعْنَ مَنْ اَحَبَّتْ اَنْ یَّدْخُلَ عَلَیْهَا مِنَ الرِّجَالِ، وَاَبٰی سَائِرُ اَزْوَاجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَّدْخُلَ عَلَیْهِنَّ بِتِلْكَ الرَّضَاعَةِ اَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ، وَقُلْنَ: مَا نَرَی الَّذِیْ اَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَهْلَةَ بِنْتَ سُهَیْلٍ اِلَّا رُخْصَةً فِیْ سَالِمٍ وَحْدَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، لَا یَدْخُلُ عَلَیْنَا بِهٰذِهِ الرَّضَاعَةِ اَحَدٌ، فَعَلٰی هٰذَا مِنَ الْخَبَرِ کَانَ رَاْیُ اَزْوَاجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ رَضَاعَةِ الْکَبِیْرِ

امام مالک ابن شہاب زہری کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ان سے بڑی عمر کے فرد کی رضاعت کا مسئلہ دریافت کیا گیا: تو انہوں نے بتایا: عروہ بن زبیر نے مجھے یہ بات بتائی ہے حضرت ابوحذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے تھے انہیں غزوۂ بدر میں شرکت کا شرف حاصل ہے انہوں نے سالم کو منہ بولا بیٹا بنایا تھا یہ وہ سالم ہے جنہیں سالم مولیٰ ابوحذیفہ کہا جاتا ہے یہ بالکل اسی طرح تھا جس طرح نبی اکرم ﷺ نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو اپنا منہ بولا بیٹا بنایا تھا۔ حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ نے سالم کی شادی اپنی بھتیجی فاطمہ بنت ولید بن عتبہ بن ربیعہ سے کی تھی اس کی وجہ یہی تھی کہ وہ اسے اپنا بیٹا سمجھتے تھے اور وہ لڑکی اس وقت ابتدائی طور پر ہجرت کرنے والی خواتین میں شامل تھیں اور قریش کی بیوہ عورتوں میں سب سے زیادہ فضیلت رکھنے والی خاتون تھیں جب اللہ تعالیٰ نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں حکم نازل کردیا اور ارشاد فرمایا۔

''تم انہیں ان کے حقیقی باپوں کے حوالے سے بلاؤ یہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں انصاف کے زیادہ مطابق ہے اور اگر تمہیں ان کے حقیقی باپ کے بارے میں علم نہ ہو تو یہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور آزاد کردہ غلام ہیں''۔

تو ہر وہ شخص جس نے منہ بولا بیٹا بنایا ہوا تھا اس نے اس بچے کی نسبت اس کے باپ کی طرف کردی اور اگر کسی کے باپ کے بارے میں پتہ نہیں تھا تو اسے اس کے آزاد کرنے والے آقا کی طرف منسوب کیا گیا۔

سہلہ بنت سہیل جو ابوحذیفہ کی اہلیہ تھیں اور ان کا تعلق بنو عامر بن لوی سے تھا وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! ہم سالم کو اپنا بیٹا ہی سمجھتے تھے وہ میرے پاس آیا کرتا تھا ہمارا صرف ایک ہی گھر ہے' تو اس کے معاملے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے پانچ مرتبہ دودھ پلا دو تمہارے دودھ کی وجہ سے وہ حرمت والا ہو جائے گا۔ اس خاتون نے ایسا ہی کیا وہ خاتون اس لڑکے کو اپنا رضاعی بیٹا سمجھتی تھی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ حکم حاصل کیا جس مرد کے بارے میں وہ یہ بات پسند کرتی تھیں کہ وہ ان کے ہاں آجایا کرے تو وہ اپنی

بہن سیّدہ ام کلثوم بنت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہا کو یا اپنی کسی بھتیجی کو یہ ہدایت کرتی تھیں کہ وہ اس لڑکے کو دودھ پلا دے جس کے بارے میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس بات کو پسند کرتی تھیں کہ وہ ان کے ہاں آجایا کرے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دیگر تمام ازواج نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا کہ اس نوعیت کی رضاعت کی وجہ سے کوئی بھی شخص ان کے ہاں داخل ہو وہ ازواج یہ کہا کرتی تھیں: ہم یہ سمجھتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سہلہ بنت سہیل کو یہ حکم اس حوالے سے دیا تھا کہ یہ صرف سالم کے لیے رخصت تھی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے تھی اس طرح کی رضاعت کی وجہ سے کوئی بھی شخص ہمارے ہاں نہیں آسکتا۔

تو بڑی عمر کے شخص کی رضاعت کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کی یہ رائے تھی جو اس روایت میں منقول ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ مُفَارَقَةَ اَهْلِهِ اِذَا شَهِدَتْ عِنْدَهُ امْرَاَةٌ عَدْلَةٌ اَنَّهَا اَرْضَعَتْهُمَا

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ وہ اپنی بیوی سے لاتعلقی اختیار کرلے جب کوئی عادل عورت اس کے سامنے اس بات کی گواہی دے کہ اس نے ان دونوں (میاں بیوی کو) دودھ پلایا ہے

4216 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ:

(متن حدیث): تَزَوَّجْتُ اُمَّ يَحْيٰى بِنْتَ اَبِىْ اِهَابٍ فَدَخَلَتْ عَلَيْنَا امْرَاَةٌ سَوْدَاءُ، فَذَكَرَتْ اَنَّهَا اَرْضَعَتْنَا جَمِيْعًا، فَاَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: كَيْفَ بِهَا وَقَدْ قَالَتْ مَا قَالَتْ؟، دَعْهَا عَنْكَ

❀❀ حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ام یحییٰ بنت ابواہاب سے شادی کر لی ایک سیاہ فام عورت

4216- إسناده صحيح . خلف بن هشام: ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين غير صاحبيه، فإنه من رجال البخارى .وأخرجه أبو داؤد (3603) فى الأقضية: باب الشهادة فى الرضاع، والطبرانى فى (الكبير) 17/ (974) من طريقين عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد، وبأطول مما هنا، وعندهما زيادة فى السند عن ابن مليكة وهو قوله: وحدثنيه صاحب لى عنه وأنا لحديث صاحبى أحفظ .وأخرجه الطبرانى 17/ (675) من طريق حماد بن سلمة، والدارقطنى 4/177 من طريق ابن أبى عروبة، كلاهما عن أيوب، بِهِ . وأخرجه أحمد 4/7 و383-384، وعبد الرزاق (13968) و (15435)، والبخارى (5104) فى النكاح: باب شهادة المرضعة، وأبو داؤد (3604)، والترمذى (1151) فى الرضاع، باب ما جاء فى شهادة المرأة الواحدة فى الرضاع، والنسائى 6/109 فى النكاح: باب الشهادة فى الرضاع، وفى (الكبرى) كما فى (التحفة) 7/300، والدارقطنى 4/175-176، والبيهقى 7/463 من طرق عن أيوب، عن ابن أبى مليكة، عن عبيد ابن أبى مريم، عن عقبة بن الحارث، بزيادة عبيد ابن أبى مريم بين أبى مليكة وعقبة بن الحارث . وقد سمع ابن أبى مليكة الحديث منهما جميعاً . وعبيد ابن أبى مريم قال الحافظ فى (الفتح) 9/153: مكى ما له فى الصحيح سوى هذا الحديث، ولا أعرفُ من حاله شيئاً إلا أن ابن حبان ذكره فى ثقات التابعين، وقد أوضحت فى الشهادات 5/269 بيان الاختلاف فى إسناده على ابن أبى مليكة، وأن العمدة فيه على سماع ابن أبى مليكة له من عقبة بن الحارث نفسه .وأخرجه أحمد 4/7 و384، والحميدى (579)، والبخارى (2052) فى البيوع: باب تفسير المشبّهات، والطبرانى 17/ (972) و (976)، والبيهقى 7/463، والدارقطنى 4/177 من طرق عن ابن أبى مليكة، عن عقبة بن الحارث .

ہمارے ہاں آئی اس نے اس بات کا تذکرہ کیا کہ اس نے ہم دونوں (میاں بیوی) کو دودھ پلایا ہوا ہے میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اب کیا ہوسکتا ہے' جب کہ اس عورت نے یہ بات بیان کردی ہے' تو تم اس عورت (یعنی اپنی بیوی) کو چھوڑ دو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهَا عَنْكَ، اِنَّمَا هُوَ نَهْىٌ نَهَاهُ عَنِ الْكَوْنِ مَعَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''اس عورت کو اپنے سے چھوڑ دو'' یہ ایک ممانعت ہے اس میں نبی اکرم ﷺ نے ان صاحب کو اس عورت کے ساتھ رہنے سے منع کیا ہے

4217 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَزِيدُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ تَزَوَّجَ بِنْتَ اَبِىْ اِهَابٍ، فَزَعَمَتِ امْرَاَةٌ سَوْدَاءُ اَنَّهَا اَرْضَعَتْهُمَا فَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَاَعْرَضَ عَنِّى، قَالَ: فَجِئْتُهُ مِنَ الْجَانِبِ الْاٰخَرِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّهَا كَاذِبَةٌ، قَالَ: فَكَيْفَ بِهَا وَقَدْ زَعَمَتْ اَنَّهَا اَرْضَعَتْكُمَا، فَنَهَاهُ عَنْهَا،

اَخْبَرَنَاهُ هٰذَا الشَّيْخُ فِىْ وَسَطِ اَحَادِيْثِ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ، عَنْ مَشَايِخِهِ

❀❀ حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے ابواہاب کی صاحبزادی کے ساتھ شادی کرلی تو ایک سیاہ فام عورت نے یہ بات بیان کی کہ اس نے ان دونوں (میاں بیوی) کو دودھ پلایا ہوا ہے میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ ﷺ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے منہ پھیر لیا میں دوسری طرف سے آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! وہ عورت جھوٹ کہتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اب کیا ہوسکتا ہے' جب کہ اس نے یہ بات بیان کردی ہے' اس نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ان صاحب کو اس خاتون سے منع کر دیا (یعنی انہیں اس خاتون سے علیحدگی اختیار کرنے کا حکم دیا)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس شیخ (یعنی امام ابن حبان کے استاد محمد بن عمر) نے نصر بن علی کی یزید بن زریع کے حوالے سے ان کے مشائخ کے حوالے سے منقول روایات کے درمیان ہمیں اس روایت کے بارے میں بتایا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عُقْبَةَ فَارَقَهَا، وَتَزَوَّجَتْ اٰخَرَ غَيْرَهُ، حِينَ قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهَا عَنْكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے اس عورت سے علیحدگی اختیار کرلی تھی

اوراس خاتون نے دوسرے شخص کے ساتھ شادی کر لی تھی (علیحدگی اس وقت اختیار کی تھی) جب نبی اکرم ﷺ نے ان سے یہ فرمایا تھا ''تم اس عورت کو چھوڑ دو''

4218 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ تَزَوَّجَ ابْنَةً لِاَبِىْ اِهَابِ بْنِ عَزِيْزٍ، فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ، فَقَالَتْ لَهُ: قَدْ اَرْضَعْتُ عُقْبَةَ وَالَّتِىْ تَزَوَّجَ، فَقَالَ لَهَا عُقْبَةُ: مَا اَعْلَمُ اَنَّكِ اَرْضَعْتِنِىْ وَلَا اَخْبَرْتِنِىْ، فَاَرْسَلَ اِلٰى آلِ اَبِىْ اِهَابٍ، فَسَاَلَهُمْ، فَقَالُوْا: مَا عَلِمْنَاهَا اَرْضَعَتْ صَاحِبَتَنَا، فَرَكِبَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ فَسَاَلَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ وَقَدْ قِيلَ؟، فَفَارَقَهَا عُقْبَةُ وَنَكَحَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ

حضرت عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے ابواہاب بن عزیز کی صاحبزادی کے ساتھ شادی کر لی ایک خاتون ان کے پاس آئی اور ان سے کہا میں نے عقبہ کو دودھ پلایا ہے اور جس عورت کے ساتھ اس نے شادی کی ہے اسے بھی دودھ پلایا ہے' تو عقبہ نے اس عورت سے کہا مجھے تو اس بات کا علم نہیں ہے' تم نے مجھے دودھ پلایا ہے اور نہ ہی تم نے مجھے پہلے اس بارے میں بتایا ہے پھر عقبہ نے ابواہاب کے خاندان والوں کی طرف پیغام بھجوایا اور ان سے اس بارے میں دریافت کیا: تو ان لوگوں نے بھی یہی بتایا کہ ہمیں یہ علم نہیں ہے' اس عورت نے اس لڑکی کو دودھ پلایا ہے پھر حضرت عقبہ سوار ہو کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں مدینہ منورہ حاضر ہوئے انہوں نے اس بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اب کیا ہو سکتا ہے' جب کہ یہ بات بیان کی جا چکی ہے' تو حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ نے اس خاتون سے علیحدگی اختیار کی اور اس عورت نے دوسری شادی کر لی۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الرَّضَاعَ لِلْمُرْضِعَةِ يَكُوْنُ مِنَ الزَّوْجِ كَمَا هُوَ مِنَ الْمَرْاَةِ، سَوَاءٌ فِى الْاِبَاحَةِ وَالْحَظْرِ مَعًا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' دودھ پلانے والی کے دودھ پلانے کا تعلق شوہر سے بھی اسی طرح ہوگا' جس طرح عورت کے ساتھ ہوگا اور مباح ہونے یا ممنوع ہونے کے حوالے سے ان دونوں کا حکم برابر ہوگا

4219 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

4218- إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابى الحديث فعلى شرط البخارى، وهو فى (صحيحه) (2640) فى الشهادات: باب إذا شهد شاهد أو شهود بشىء . . .، ومن طريقه البغوى (2286) عن حبان بن موسى، بهذا الإسناد، عبد الله: هو ابن المبارك .وأخرجه أيضاً (88) فى العلم: باب الرحلة فى المسألة النازلة، عن محمد بن مقاتل، عن عبد الله بن المبارك، به .وأخرجه ابن أبى شيبة 4/196، والبخارى (2660) فى الشهادات: باب شهادة المرضعة، والنسائى فى الكبرى) كما فى (التحفة) 7/300، والطبرانى /17 (973) من طريقين عن عمر بن سعيد، به . رواية البخارى مختصرة .

(متن حدیث): اسْتَأْذَنَ عَلَيَّ اَخُو اَبِي قُعَيْسٍ بَعْدَمَا ضُرِبَ عَلَيْنَا الْحِجَابُ، فَقُلْتُ: لَا آذَنُ لَكَ حَتّٰى يَأْتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَأْذَنْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اَخَا اَبِي قُعَيْسٍ اسْتَأْذَنَ عَلَيَّ فَاَبَيْتُ اَنْ آذَنَ لَهُ حَتّٰى اَسْتَأْذِنَكَ، وَاِنَّمَا اَرْضَعَتْنِي امْرَاَةُ اَبِي قُعَيْسٍ وَلَمْ يُرْضِعْنِي اَبُو قُعَيْسٍ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ائْذَنِي لَهُ فَاِنَّهُ عَمُّكِ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوقعیس رضی اللہ عنہ کے بھائی نے میرے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی یہ حجاب کا حکم نازل ہو جانے کے بعد کی بات ہے تو میں نے کہا: میں آپ کو اس وقت تک اجازت نہیں دوں گی جب تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہیں لے آتے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں اجازت مانگی میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ابوقعیس کے بھائی نے میرے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی تو میں نے آپ سے اجازت لینے سے پہلے انہیں اجازت دینے سے انکار کر دیا کیونکہ مجھے ابوقعیس کی بیوی نے دودھ پلایا تھا ابوقعیس نے مجھے دودھ نہیں پلایا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اسے اجازت دے دینی تھی وہ تمہارا چچا ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تَاْذَنَ لِعَمِّهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ اَنْ يَّدْخُلَ عَلَيْهَا

عورت کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ وہ اپنے رضاعی چچا کو اپنے ہاں اندر آنے کی اجازت دے

4220 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

4219- إسناده صحيح على شرط الصحيح . داؤد بن شبيب من رجال البخارى، وحماد بن سلمة من رجال مسلم، ومن فوقهما من رجالهما .وأخرجه مالك 2/601-602 فى الرضاع: باب رضاعة الصغير، وعبد الرزاق (13938) و (13940) و (13941)، وأحمد 6/38 و194، والحميدى (230)، والدارمى 2/156، والبخارى (5239) فى النكاح: باب ما يحل من الدخول والنظر إلى النساء فى الرضاع، ومسلم (1445) (7) فى الرضاع: باب تحريم الرضاعة من ماء الفحل، وأبو داؤد (2057) فى النكاح: باب فى لبن الفحل، والترمذى (1148) فى الرضاع: باب ما جاء فى لبن الفحل، والنسائى 6/103 فى النكاح: باب لبن الفحل، وابن ماجة (1949) فى النكاح: باب لبن الفحل، وأبو يعلى (4501)، والدارقطنى 4/177-178، والبيهقى 7/452، والبغوى (2280) من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد .وأخرجه مالك 2/602، وعبد الرزاق (13937)، والحميدى (229)، والشافعى 2/24، وأحمد 6/33 و36-37 و38 و177 و271، والبخارى (4796) فى التفسير: باب (إِنْ تُبْدُوْا شَيْئاً أَوْ تُخْفُوهُ . . .)، و (5103) فى النكاح: باب لبن الفحل، و (6156) فى الأدب: باب قول النبى صلى الله عليه وسلم "تربت يمينك"، ومسلم (1445)، والنسائى 6/103، وابن ماجة (1948)، والدارقطنى 4/177-178 و178، والبيهقى 7/452 من طرق عن الزهرى، عن عُروة، به وبعضهم يزيد على بعض، ووقع عند بعضهم (أفلح بن أبى القعيس) وعند بعضهم (أبو قعيس)، والمحفوظ أفلح أخو أبى القعيس، وانظر (الفتح) 9/150 .وأخرجه أحمد 6/201، وعبد الرزاق (13939)، ومسلم (1445) (8) و (9) و (10)، والنسائى 6/99 و103 و104، والبيهقى 7/452 من طرق عن عروة، به . وأخرجه أحمد 6/217 من طريق القاسم بن محمد، عن عائشة .

4220- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله .

(متن حدیث): اِسْتَاْذَنَ عَلَيَّ اَخُو اَبِي قُعَيْسٍ بَعْدَمَا ضُرِبَ عَلَيْنَا الْحِجَابُ، فَقُلْتُ: لَا آذَنُ لَكَ حَتّٰى يَاْتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَاْذَنْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اَخَا اَبِي قُعَيْسٍ اسْتَاْذَنَ عَلَيَّ فَاَبَيْتُ اَنْ آذَنَ لَهٗ حَتّٰى اَسْتَاْذِنَكَ، وَاِنَّمَا اَرْضَعَتْنِي امْرَاَةُ اَبِي قُعَيْسٍ وَلَمْ يُرْضِعْنِي اَبُو قُعَيْسٍ، فَقَالَ: ائْذَنِي لَهٗ فَاِنَّهٗ عَمُّكِ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ابوقعیس کے بھائی نے پردے کا حکم نازل ہو جانے کے بعد میرے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی' تو میں نے کہا: میں آپ کو اس وقت تک اجازت نہیں دوں گی جب تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہیں لے آتے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ابوقعیس کے بھائی نے میرے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی' تو میں نے انہیں اس وقت تک اجازت دینے سے انکار کر دیا جب تک میں آپ سے اجازت نہ لے لوں کیوں کہ ابوقعیس کی بیوی نے مجھے دودھ پلایا ہے ابوقعیس نے مجھے دودھ نہیں پلایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اسے اجازت دے دینی تھی وہ تمہارا چچا ہے۔

ذِكْرُ قَدْرِ الرَّضَاعِ الَّذِي يُحَرِّمُ مَنْ اَرْضَعَ فِي السَّنَتَيْنِ الرَّضَاعَ الْمَعْلُوْمَ

رضاعت کی اس مقدار کا تذکرہ جو اس بچے کے لیے حرمت کو ثابت کرتی ہے' جس نے دو سال کی عمر کے اندر دودھ متعین مقدار میں پیا ہو

4221 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): نَزَلَ الْقُرْآنُ بِعَشْرِ رَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ يُحَرِّمْنَ، ثُمَّ نُسِخْنَ بِخَمْسِ رَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ، فَتُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُنَّ مِمَّا نَقْرَاُ مِنَ الْقُرْآنِ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: قرآن میں یہ حکم نازل ہوا تھا کہ دس متعین مرتبہ میں دودھ پینے سے حرمت ثابت ہوتی ہے پھر یہ حکم منسوخ ہو کر پانچ متعین مرتبہ میں تبدیل ہو گیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو یہ حکم قرآن کی ان آیات میں شامل تھا جن کی ہم تلاوت کرتے تھے۔

4221- إسناده صحيح على شرطهما، وهو فى (الموطأ) 2/608 فى الرضاع: باب جامع ما جاء فى الرضاعة، وفى آخره قال يحيى: قال مالك: وليس على هذا العمل . ومن طريق مالك أخرجه الشافعى 2/21، والدارمى 2/157، ومسلم (1452) (24) فى الرضاع: باب التحريم بخمس رضعات، وأبو داوُد (2062) فى النكاح: باب هل يحرِّم ما دون خمس رضعات، والترمذى 3/456 فى الرضاع: باب ما جاء لا تحرِّم المصة ولا المصتان، والنسائى 6/100 فى النكاح: باب القدر الذى يحرم من الرضاعة، والبيهقى 7/454 . وقع فى المطبوع من الترمذى (. . . حدثنا مالك حدثنا معن . . .) وهو تحريف صوابه (. . . حدثنا معن، حدثنا مالك . . .) .واخرجه بنحوه الشافعى 2/21، ومسلم (1452) (25)، والبيهقى 7/454 من طرق عن يحيى بن سعيد، عن عمرة، بِهِ .

4222 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عَائِشَةَ، اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ فِيْمَا اُنْزِلَ مِنَ الْقُرْآنِ عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ يُحَرِّمْنَ، ثُمَّ نُسِخْنَ بِخَمْسٍ مَعْلُوْمَاتٍ، فَتُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُنَّ مِمَّا نَقْرَاُ مِنَ الْقُرْآنِ

ام المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: قرآن میں یہ حکم نازل ہوا کہ دس متعین مرتبہ دودھ پینے سے حرمت ثابت ہوتی ہے پھر یہ حکم منسوخ ہوکر پانچ متعین مرتبہ میں تبدیل ہوگیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا تو یہ آیات ان چیزوں میں شامل تھیں جنہیں ہم قرآن میں پڑھا کرتے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الرَّضَاعَةَ اِذَا كَانَتْ خَمْسَ رَضَعَاتٍ يُحَرِّمُ مِنْهَا مَا يُحَرِّمُ مِنَ النَّسَبِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جب رضاعت پانچ چسکیوں کی شکل میں ہو تو اس کے ذریعے وہی حرمت ثابت ہوگی جونسب کے ذریعے ثابت ہوتی ہے

4223 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِیُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ مَا يُحَرِّمُ مِنَ الْوِلَادَةِ

4222- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله.

4223- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في (الموطأ) 2/607 في الرضاع: باب جامع ما جاء في الرضاعة، وقد وقع في (الموطأ) من رواية يحيى بن يحيى الليثي (عن سليمان بن يسار وعروة) قال ابن عبد البر فيما نقله الزرقاني 3/247: هذا غلط من يحيى أي زيادة الواو- لم يتابعه أحد من رواة (الموطأ) عليه، والحديثُ محفوظ في (الموطأ) وغيره (عن سليمان عن عروة عن عائشة)، ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/19-20، وأحمد 6/44 و51، والدارمي 2/156، وأبو داوُد (2055) في النكاح: باب يحرم من الرضاعة ما يحرم من النسب، والترمذي (1147) في الرضاع: باب ما جاء يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب، والنسائي 6/98-99 في النكاح: باب ما يحرم من الرضاع، والبيهقي 6/275 و7/158-159، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح .الرضاع ما يحرم من النسب، عن عروة، به .وأخرجه مالك 2/601 في الرضاع: باب رضاعة الصغير، ومن طريقه أحمد 6/178، والدارمي 2/155-156 و156، والبخاري (2646) في الشهادات: باب الشهادة على الأنساب والرضاع المستفيض، و (3105) في فرض الخمس: باب ما جاء في بيوت أزواج النبي صلى الله عليه وسلم وما نسب من البيوت إليهن، ومسلم (1444) في الرضاع: باب يحرم من الرضاع ما يحرم من الولادة، والنسائي 6/99 في النكاح: باب ما يحرم من نكاح القرابة والرضاعة وغيرهما، والبيهقي 7/159 و451 عن عبد الله بن أبي بكر، عن عمرة، عن عائشة وفيه قصة .وأخرجه عبد الرزاق (3952)، ومسلم (1444) (2)، والبيهقي 7/451 من طرق عن عبد الله بن أبي بكر، عن عمرة، عن عائشة . . . بلفظ حديث الباب .

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: رضاعت کے ذریعے وہی حرمت ثابت ہوتی ہے جو ولادت کے ذریعے ثابت ہوتی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الرَّضْعَةَ وَالرَّضْعَتَيْنِ لَا تُحَرِّمَانِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے ایک چسکی یا دو چسکی حرمت کو ثابت نہیں کرتی ہے

4224 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعِ اِلَّا مَا فَتَقَ الْاَمْعَاءَ

❁❁ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''صرف وہی رضاعت حرمت ثابت کرتی ہے جو آنتوں کو کھول دے (یعنی جو نشو ونما کا باعث بنے)''۔

4225 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ، وَلَا الْمَصَّتَانِ

❁❁ حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایک گھونٹ یا دو گھونٹ حرمت کو ثابت نہیں کرتے ہیں''۔

4224– إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو كامل الجحدرى: هو فضيل بن حسين وهو من رجال مسلم، ومن فوقه على شرطهما . أبو عوانة: هو وضاح اليشكرى .وأخرجه الترمذى (152) فى الرضاع: باب ما جاء ما ذكر أن الرضاعة لا تحرّم إلا فى الصغر دون الحولين، عن قتيبة، عن أبى عَوانة، بهذا الإسناد، وزاد فى آخره "فى الثدى، وكان قبلَ الفطام"، وقال: هذا حديث حسن صحيح، وله شاهد من حديث عبد الله بن الزبير أخرجه ابن ماجة (1946) من طريق عبد الله بن وهب، أخبرنى ابنُ لهيعة، عن أبى الأسود عن عُروة، عن عبد الله بن الزبير أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "لا رضاع إلا ما فَتَقَ الأمعاءَ " وهذا سند قوى، فإن راويه عن ابن لهيعة عبدُ الله بن وهب وهو أحدُ العبادلة الذين رووا عنه قبل احتراق كتبه، وقولُ البُوصيرى فى (الزوائد) ورقة 126: إسناده ضعيف لضعف ابن لهيعة فيه ما فيه .وعن أبى هريرة عند البزار (1444)، والبيهقى 7/455 من طريق جرير بن عبد الحميد، عن محمد بن إسحاق، عن إبراهيم بن عقبة، عن حجاج بن حجاج، عن أبى هريرة رفعه .

4225– إسناده صحيح على شرطهما . عبدة بن سليمان: هو الكلابى أبو محمد الكوفى .وأخرجه الشافعى 2/21، وأحمد 4/4 و5، والنسائى 6/101 فى النكاح: باب القدر الذى يحرم من الرضاع، والبيهقى 7/454، والبغوى (2284) من طرق عن هشام، بهذا الإسناد .وقال الربيع: فقلتُ للشافعى رضى الله عنه: اَسَمِعَ ابن الزبير من النبى صلى الله عليه وسلم؟ فقال: نعم وحفظ عنه، وكان يوم توفى النبى صلى الله عليه وسلم ابن تسع سنين .قال البيهقى: هو كما قال الشافعى رحمه الله، إلا أن ابن الزبير رضى الله عنه إنما أخذ هذا الحديث عن عائشة رضى الله عنها، عن النبى صلى الله عليه وسلم . وانظر الحديث (4227) عند المصنف .

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْاَخْبَارِ، وَلَا تَفَقَّهَ فِيْ صَحِيحِ الْآثَارِ اَنَّ خَبَرَ هِشَامٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ مُنْقَطِعٌ غَيْرُ مُتَّصِلٍ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

اور مستند روایات کی سمجھ بوجھ نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) ہشام کے حوالے سے منقول وہ روایت جو ہم نے ذکر کی ہے یہ روایت "منقطع" ہے "متصل" نہیں ہے

4226 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِيْنَارٍ الطَّاحِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ، وَلَا الْمَصَّتَانِ، وَلَا الْاِمْلَاجَةُ، وَلَا الْاِمْلَاجَتَانِ

حضرت زبیر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"ایک گھونٹ یا دو گھونٹ ایک چسکی یا دو چسکی حرمت کو ثابت نہیں کرتے ہیں"۔

4227 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ فِيْ عَقِبِهِ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَرْفَعُهُ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ، وَلَا الْمَصَّتَانِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا مرفوع حدیث کے طور پر یہ بات نقل کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"ایک گھونٹ یا دو گھونٹ حرمت کو ثابت نہیں کرتے ہیں"۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُمْعِنِ النَّظَرَ فِيْ طُرُقِ الْاَخْبَارِ، اَنَّ هٰذِهِ الْاَخْبَارَ كُلَّهَا مَعْلُوْلَةٌ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو روایات کے طرق میں گہری نظر نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ تمام روایات معلول ہیں

4226– محمد بن دینار الطاحی، قال ابن عدی 6/2205 بعد أن أورد له عدة أخبار: ولمحمد بن دینار غیر ما ذکرت، وهو مع هذا کله حسنُ الحدیث، وعامة حدیثه ینفرد به، قلت: وهذا الحدیثُ مما انفرد به، فجعله من مسند الزبیر، قال الحافظ المزی فی (التحفة) 4/328: ورواه محمد بن دینار الطاحی، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عبد الله بن الزبیر، عن الزبیر، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ولم یُتابعه أحد علی هذا القول، وباقی رجاله ثقات .وأخرجه النسائی فی النکاح فی (الکبری) کما فی (التحفة) 3/181 عن عُبید الله بن فضالة بن إبراهیم النسائی، عن مسلم بن إبراهیم، عن محمد بن دینار، بهذا الإسناد .

4227– إسناده جید، رجالُه ثقات رجال الشیخین إلا أن فی إسماعیل بن زکریا الکوفی کلاماً خفیفاً ینزلُ بسببه عن رتبة الصحة . وانظر ما بعده .

4228 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تُحَرِّمُ الرَّضْعَةُ، وَلَا الرَّضْعَتَانِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لَسْتُ اُنْكِرُ اَنْ يَكُوْنَ ابْنُ الزُّبَيْرِ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّةً اَدَّى مَا سَمِعَ، وَاُخْرَى رَوَى عَنْهَا، وَهٰذَا شَيْءٌ مُّسْتَفِيضٌ فِي الصَّحَابَةِ قَدْ يَسْمَعُ اَحَدُهُمُ الشَّيْءَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَسْمَعُهُ بَعْدُ عَمَّنْ هُوَ اَجَلُّ عِنْدَهُ خَطَرًا وَاَعْظَمُ لَدَيْهِ قَدْرًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَّةً يُؤَدِّي مَا سَمِعَ، وَتَارَةً يَرْوِي عَنْ ذٰلِكَ الْاَجَلِ، وَلَا تَكُوْنُ رِوَايَتُهُ عَمَّنْ فَوْقَهُ، لِذٰلِكَ الشَّيْءِ بِدَالٍّ عَلٰى بُطْلَانِ سَمَاعِ ذٰلِكَ الشَّيْءِ وَهٰذَا كَخَبَرِ ابْنِ عُمَرَ فِي سُؤَالِ جِبْرِيلَ فِي الْاِيمَانِ وَالْاِسْلَامِ، سَمِعَهُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ سَمِعَهُ مِنْ اَبِيهِ، فَاَدَّى مَرَّةً مَا شَاهَدَ، وَاُخْرَى عَنْ عُمَرَ مَا يَسْمَعُهُ مِنْهُ لِعُظْمِ قَدْرِهِ عِنْدَهُ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایک مرتبہ دودھ پینے یا دو مرتبہ دودھ پینے سے حرمت ثابت نہیں ہوتی ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) میں اس بات کا انکار نہیں کرتا کہ حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے یہ روایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہوگی اور ایک مرتبہ انہوں نے اس طرح نقل کر دیا جو انہوں نے سنا تھا اور دوسری مرتبہ انہوں نے یہ روایت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نقل کر دی یہ وہ چیز ہے جو صحابہ کرام کے درمیان عام تھی کوئی صحابی بعض واقعات کوئی چیز نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سن لیتے تھے پھر وہ اسی روایت کو اپنے سے زیادہ جلیل القدر اور عظیم المرتبہ صحابی کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس روایت کو سن لیتے تھے تو ایک مرتبہ وہ اس روایت کو نقل کر دیتے تھے جو انہوں نے خود سنی ہوتی تھی اور ایک مرتبہ اس جلیل القدر صحابی کے حوالے سے اسے نقل کر دیتے تھے ان کا اپنے سے بلند مرتبے کے صحابی کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنا اس بات پر دلالت نہیں کرتا کہ انہوں نے خود یہ روایت نہیں سنی ہوگی یہ بالکل اسی طرح ہے جس طرح حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت جرائیل علیہ السلام کے ایمان اور اسلام کے بارے میں سوالات سے متعلق روایت نقل کی ہے انہوں نے یہ روایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی سنی تھی اور پھر اس

4228- إسناده صحيح، إبراهيم بن الحجاج السامي ثقة روى له النسائي، ومن فوقه على شرطهما . وهيب: هو ابن خالد، وأيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني .وأخرجه أحمد 6/95-96 عن عفان، عن وهيب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/31 و216، ومسلم (1450) في الرضاع: باب في المصة والمصتان، وأبو داوُد (2063) في النكاح: باب هل يحرم ما دون خمس رضعات؟ والترمذي (1150) في الرضاع: باب ما جاء لا تحرم المصة والمصتان، والنسائي 6/101 في النكاح: باب القدر الذي يحرم من الرضاع، وابن ماجة (1941) في النكاح: باب لا تحرم المصة ولا المصتان، والدارقطني 4/172، والبيهقي 7/454 و454-455 و455 من طرق عن أيوب، بِهِ .وأخرجه النسائي في النكاح من (الكبرى) كما في (التحفة) 11/453 عن يحيى بن حكيم البصري، عن ابن أبي عدي، ومحمد بن جعفر، كلاهما عن شعبة، عَنْ اَيُّوبَ، عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ .وأخرجه أحمد 6/247، والدارمي 2/156 من طريق يونس، عن الزهري، عن عروة، عن عائشة .

کے بعد انہوں نے اپنے والد کے حوالے سے بھی اسے سنا تو انہوں نے ایک مرتبہ وہ روایت نقل کر دی جس کا انہوں نے خود مشاہدہ کیا تھا اور ایک مرتبہ اسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کر دیا جسے انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے سنا تھا' کیونکہ ان کے نزدیک حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی قدر و منزلت زیادہ تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَصْدَ فِي الْاَخْبَارِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ لَيْسَ اَنَّ مَا وَرَاءَ الرَّضْعَتَيْنِ يُحَرِّمُ، بَلْ خِطَابُ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ خَرَجَ عَلٰى سُؤَالٍ بِعَيْنِهِ جَوَابًا عَنْهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' ہم اس سے پہلے جو روایات نقل کر چکے ہیں ان سے مقصود یہ نہیں ہے'

دو مرتبہ کی رضاعت سے زیادہ حرمت ثابت کرتی ہے' بلکہ ان روایات میں یہ الفاظ مخصوص سوال کے جواب کے طور پر ذکر کیے گئے ہیں

4229 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ صَالِحٍ اَبِي الْخَلِيلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ قَالَتْ:

(متنِ حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً وَتَحْتِيْ اُخْرٰى، فَزَعَمَتِ الْاُوْلٰى اَنَّهَا اَرْضَعَتِ الْحُدْثٰى رَضْعَةً اَوْ رَضْعَتَيْنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُحَرِّمُ الْاِمْلَاجَةُ، وَلَا الْاِمْلَاجَتَانِ

❁❁ سیدہ ام فضل رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے ایک عورت کے ساتھ شادی کی ہے میری پہلے بھی ایک بیوی تھی میری پہلی بیوی کا یہ کہنا ہے' اس نے میری نئی بیوی کو ایک یا دو مرتبہ دودھ پلایا ہوا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک یا دو گھونٹ حرمت کو ثابت نہیں کرتے ہیں۔

ذِكْرُ مَا يُذْهِبُ مَذِمَّةَ الرَّضَاعِ عَمَّنْ قَصَرَ بِهٖ فِيْهِ

اس بات کا تذکرہ' اس شخص کی طرف سے رضاعت کے حق کو کیسے ادا کیا جا سکتا ہے' جو اس بارے میں ادائیگی کا قصد کرتا ہے

4229- إسناده صحيح على شرط مسلم . خَلَفُ بن هشام من رجال مسلم، ومَنْ فوقه على شرطهما . صالح أبو الخليل: هو صالح بن أبي مريم أبو الخليل .وأخرجه الدارمي 2/157 عن سليمان بن حرب، عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (1451) (18) في الرضاع: باب في المصة والمصتان، والبيهقي 7/455 من طرق عن معتمر بن سليمان، والنسائي 6/100-101 في النكاح: باب القدر الذي يحرم من الرضاعة، من طريق سعيد بن أبي عروبة، والبيهقي 7/455 من طريق إسماعيل بن إبراهيم، ثلاثتهم عن أيوب، بِهِ . ورواية سعيد مختصرة .وأخرجه أحمد 6/340، ومسلم (1451)، والنسائي 6/100-101، وابن ماجة (1940) في النكاح: باب لا تحرم المصة ولا المصتان، والبيهقي 7/455 من طرق عن قتادة، عن صالح أبي الخليل، به مختصراً .

4230 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ الْحَجَّاجِ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متنِ حدیث): اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذِمَّةَ الرَّضَاعِ، قَالَ: الْغُرَّةُ: الْعَبْدُ اَوِ الْاَمَةِ

❀❀ حجاج بن حجاج اسلمی اپنے والد کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں دودھ پینے کے حق کو کیسے ادا کرسکتا ہوں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک پیشانی یعنی غلام یا کنیز (کو معاوضے کے طور پر ادا کر کے تم اس کا حق ادا کر سکتے ہو)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَبْدُ وَالْاَمَةُ، اَرَادَ بِهِ اَحَدَهُمَا لَا كِلَيْهِمَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان "غلام یا کنیز" اس سے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے: ان دونوں میں سے کسی ایک کو (ادا کیا جائے) یہ مراد نہیں ہے، دونوں کو ادا کیا جائے

4231 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ حَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متنِ حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذِمَّةَ الرَّضَاعِ، قَالَ: غُرَّةٌ: عَبْدٌ اَوْ اَمَةٌ

❀❀ حجاج بن حجاج اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے عرض کی: میں رضاعت کا معاوضہ کیسے ادا کرسکتا ہوں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پیشانی یعنی غلام یا کنیز کی شکل میں۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اِكْرَامُ مَنْ اَرْضَعَتْهُ فِيْ صِبَاهُ

اس بات کا تذکرہ، آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے، وہ اس خاتون کی عزت افزائی کرے

4230– الحجاج بن الحجاج الأسلمى لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلف 4/153–154، ولم يَرْوِ عنه غير عروة، ومع ذلك قال الترمذى فى حديثه هذا: حديث حسن صحيح .وأخرجه الطبرانى (3208) من طريق أحمد بن صالح، والبيهقى 7/464 من طريق بحر بن نصر الخولانى، كلاهما عن ابن وهب، بهذا الاسناد .وأخرجه عبد الرزاق (13956)، وأحمد 3/450، والحميدى (877)، والدارمى 2/157، وأبو داوُد (2064) فى النكاح: باب فى الرَّضخ عند الفصال، والترمذى (1153) فى الرضاع: باب ماجاء ما يُذهب مذمة الرضاع، والنسائى 6/108 فى النكاح: باب حق الرضاع وحرمته، والطبرانى (3199) و (3201) و (3202) و (3203) و (3204) و (3205) و (3206) و (3207) و (3208)، والبيهقى 7/464 من طرق عن هشام بن عروة، به .وأخرجه الطبرانى (3200) من طريق سفيان بن عيينة، عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن الحجاج قال: سألتُ رسول الله صلى الله عليه وسلم . . .ولم يذكر فيه الحجاج بن الحجاج، وهو خطأ خالفه فيه غيره .وأخرجه الطبرانى (3209) من طريق عبد الله بن الحكم، عن ابن لهيعة، عن أبى الأسود، عن عروة، عن الحجاج بن الحجاج، عن أبيه .

4231– هو مكرر ما قبله، وهو فى (مسند أبى يعلى) 2/315 .

جس نے اسے بچپن میں دودھ پلایا تھا

4232 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الضَّحَّاكِ بْنِ مَخْلَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِى، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ يَحْيَى بْنِ ثَوْبَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ ثَوْبَانَ، اَنَّ اَبَا الطُّفَيْلِ اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ بِالْجِعْرَانَةِ يَقْسِمُ لَحْمًا، وَاَنَا يَوْمَئِذٍ غُلَامٌ اَحْمِلُ عُضْوَ الْبَعِيْرِ، قَالَ: فَاَقْبَلَتِ امْرَاَةٌ بَدَوِيَّةٌ، فَلَمَّا دَنَتْ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَسَطَ لَهَا رِدَاءَهُ، فَجَلَسَتْ عَلَيْهِ، فَسَاَلْتُ: مَنْ هٰذِهِ؟، قَالُوا: اُمُّهُ الَّتِى اَرْضَعَتْهُ

❁❁ حضرت ابوطفیل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ''جعرانہ'' کے مقام پر گوشت تقسیم کیا میں ان دنوں لڑکا تھا میں نے اونٹ کا ایک عضو اٹھایا ہوا تھا ایک دیہاتی عورت آئی جب وہ نبی اکرم ﷺ کے قریب پہنچی تو نبی اکرم ﷺ نے اس کے لیے اپنی چادر کو بچھا دیا وہ عورت اس پر بیٹھ گئی میں نے دریافت کیا: یہ کون ہے' تو لوگوں نے بتایا: یہ نبی اکرم ﷺ کی رضاعی والدہ ہیں۔

4232– جعفر بن يحيى بن ثوبان عِداده فى أهل الحجاز، روى عن عمه عمارة بن ثوبان، وعطاء وعبد الله بن عبيد، وذكره المؤلف فى (الثقات) 6/138، وعمه عمارة بن ثوبان روى عن أبى الطفيل وعطاء وموسى بن باذان، وذكره المؤلف فى الثقات 7/262، وباقى رجاله ثقات . أبو الطفيل: هو عامر بن واثلة بن عبد الله بن عمرو الليثى الكنانى الحجازى رأى النبىَّ صلى الله عليه وسلم فى حجة الوداع يطوف بالبيت، ويستلم الركنَ بمحجن معه، ويُقبل المحجن، وهو آخر الصحابة موتاً، وكان من أصحاب على رضى الله عنهما، روى له الستة مترجم فى (السير) 3/467–470، وهو فى (مسند أبى يعلى) (900) وسقط من المطبوع من (مسند أبى يعلى) من السند (حدثنا أبى) فيستدرك من هنا .وأخرجه البخارى فى (الأدب المفرد) (1295)، وأبو داوُد (5144) فى الأدب: باب فى بر الوالدين، وابن أبى الدنيا فى (مكارم الأخلاق) (212)، والحاكم 3/618–619 من طريق أبى عاصم الضحاك بن مخلد، بهـ الإسناد .فى (سنن أبى داوُد) : عظم الجزور .

بَابُ النَّفَقَةِ

خرچ کا بیان

4233 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، عِنْدِيْ دِيْنَارٌ، فَمَا اَصْنَعُ بِهِ؟ قَالَ: اَنْفِقْهُ عَلٰى نَفْسِكَ، قَالَ: عِنْدِيْ اٰخَرُ فَمَا اَصْنَعُ بِهِ؟، قَالَ: اَنْفِقْهُ عَلٰى اَهْلِكَ، قَالَ: عِنْدِيْ اٰخَرُ، قَالَ: اَنْفِقْهُ عَلٰى وَلَدِكَ، قَالَ: عِنْدِيْ اٰخَرُ فَمَا اَصْنَعُ بِهِ؟، قَالَ: اَنْفِقْهُ عَلٰى خَادِمِكَ، قَالَ: عِنْدِيْ اٰخَرُ فَمَا اَصْنَعُ بِهِ؟، قَالَ: اَنْتَ اَعْلَمُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے پاس ایک دینار ہے میں اس کا کیا کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے اپنی ذات پر خرچ کرو اس نے کہا: میرے پاس ایک اور بھی ہے میں اس کا کیا کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے تم اپنی بیوی پر خرچ کرو۔ اس نے دریافت کیا: میرے پاس ایک اور بھی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے اپنی اولاد پر خرچ کرو اس نے عرض کی: میرے پاس ایک اور بھی ہے میں اس کا کیا کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے تم اپنے خادم پر خرچ کرو اس نے عرض کی: میرے پاس ایک اور بھی ہے میں اس کا کیا کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں زیادہ پتہ ہوگا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ نَفَقَةَ الْمَرْءِ عَلٰى نَفْسِهِ وَعِيَالِهِ، عِنْدَ عَدَمِ الْيَسَارِ اَفْضَلُ مِنْ صَدَقَةِ التَّطَوُّعِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے جب آدمی کے پاس مال ہو تو اس کا اپنی ذات اور اپنے گھر والوں پر خرچ کرنا نفلی صدقہ کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے

4233- إسناده حسن، ابن عجلان وهو محمد-: صدوق، احتج به أصحاب السنن، وأخرج له مسلم متابعة، وروى له البخاري تعليقاً، وأخرجه الشافعي 2/63-64، وأبو داوُد (1691) في الزكاة: باب في صلة الرحم، والحام 1/415، والبيهقي 7/466، والبغوي (1685) من طريق سفيان، بهذا الإسناد . وانظر (3337) .

4234 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ.

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَعْتَقَ عَبْدًا لَهُ مِنْ بَعْدِهٖ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ، فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَاعَهُ، وَقَالَ: اَنْتَ اَحَقُّ بِثَمَنِهٖ وَاللّٰهُ عَنْهُ غَنِيٌّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے ایک شخص نے اپنے مرنے کے بعد اپنے غلام کو آزاد کرنے کی (وصیت کی) ان صاحب کے پاس اس غلام کے علاوہ اور کوئی مال نہیں تھا تو نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت انہوں نے اس غلام کو فروخت کیا نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اس کی قیمت کے زیادہ حق دار ہو اور اللہ تعالیٰ اس سے بے نیاز ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ نَفَقَةَ الْمَرْءِ عَلٰى نَفْسِهٖ وَعِيَالِهٖ تَكُوْنُ لَهُ صَدَقَةً

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اپنی ذات اور اپنے گھر والوں پر خرچ کرنا اس کے لیے صدقہ شمار ہوتا ہے

4235 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَثَّ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى الصَّدَقَةِ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، عِنْدِي دِيْنَارٌ، فَقَالَ: تَصَدَّقْ بِهٖ عَلٰى نَفْسِكَ، قَالَ: عِنْدِي اٰخَرُ، قَالَ: تَصَدَّقْ بِهٖ عَلٰى وَلَدِكَ، قَالَ: عِنْدِي اٰخَرُ، قَالَ: تَصَدَّقْ بِهٖ عَلٰى زَوْجَتِكَ، قَالَ: عِنْدِي اٰخَرُ، قَالَ: تَصَدَّقْ بِهٖ عَلٰى خَادِمِكَ، قَالَ عِنْدِي اٰخَرُ، قَالَ: اَنْتَ اَبْصَرُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک دن صدقہ کرنے کی ترغیب دی تو ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میرے پاس ایک دینار ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے اپنی ذات پر خرچ کرو۔ اس نے کہا: میرے پاس ایک اور بھی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے اپنی اولاد پر خرچ کرو۔ اس نے عرض کی: میرے پاس ایک اور بھی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسے تم اپنی بیوی پر خرچ کرو اس نے عرض کی: میرے پاس ایک اور بھی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے

4234- إسناده صحيح على شرط البخاري. وأخرجه أبو داؤد (3956) في العتق: باب في بيع المدّبر، عن جعفر بن مسافر، عن بشر بن بكر، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي في العتق من (الكبرى) كما في (التحفة) 2/227 عن محمود بن خالد، عن عمر بن عبد الواحد، عن الأوزاعي، بِهٖ. وانظر (3339).

4235- إسناده حسن، ابن عجلان روى له البخاري تعليقاً ومسلم في المتابعات، وهو صدوق، وباقي السند رجاله ثقات على شرطهما. انظر (3337) و (4233).

اپنے خادم پر خرچ کرو اس نے عرض کی: میرے پاس ایک اور بھی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہیں زیادہ سمجھ ہوگی (کہ تم اسے کہاں خرچ کرو)

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الصَّدَقَةَ لِلْمُنْفِقِ عَلٰى نَفْسِهٖ وَاَهْلِهٖ وَغَيْرِهِمْ اِذَا كَانَ مَالُهٗ مِنْ حَلَالٍ

اللہ تعالیٰ کا اپنی ذات اور اپنے گھر والوں اور دیگر افراد پر خرچ کرنے والے شخص کے لیے صدقہ کرنے (کے اجر وثواب) کونوٹ کر لینے کا تذکرہ' جبکہ آدمی نے وہ مال حلال طریقے سے حاصل کیا ہو

4236 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ دَرَّاجًا حَدَّثَهٗ، اَنَّ اَبَا الْهَيْثَمِ حَدَّثَهٗ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَيُّمَا رَجُلٍ كَسَبَ مَالًا مِنْ حَلَالٍ فَاَطْعَمَ نَفْسَهٗ اَوْ كَسَاهَا فَمَنْ دُوْنَهٗ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ فَاِنَّ لَهٗ بِهَا زَكَاةً

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص حلال مال کو کماتا ہے اور اسے خود کھاتا ہے یا اسے پہنتا ہے یا اپنے علاوہ اللہ کی مخلوق میں سے کسی دوسرے پر خرچ کرتا ہے' تو یہ چیز اس کے لیے طہارت کے حصول کا باعث ہوگی''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ مَا يَصْطَنِعُ الْمَرْءُ اِلٰى اَهْلِهٖ مِنَ الْكِسْوَةِ وَغَيْرِهَا يَكُوْنُ لَهٗ صَدَقَةً

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی اپنی بیوی کو لباس وغیرہ میں سے جو کچھ بھی فراہم کرتا ہے یہ چیز اس کے لیے صدقہ (کرنے کے اجر وثواب کا باعث) بنتی ہے

4237 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ

4236– إسناده ضعيف، درّاج أبو السمح: ضعيف في روايته عن أبي الهيثم، حكى ابن عَدِيّ عن الإمام أحمد: أحاديث دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ فيها ضعف، وقال أبو داوُد: أحاديثه مستقيمة إلا ما كان عن أبي الهيثم عن أبي سعيد. واسم أبي الهيثم: سليمان بن عمرو الليثي المصري. وأخرجه الحاكم 4/129–130 من طريق مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، عن ابن وهب بهذا الإسناد، وزاد في آخره: "وأيما رجل مسلم لم يكن له صَدَقَةٌ، فَلْيَقُلْ فِيْ دُعَائِهِ: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى محمد عبدك ورسولك، وصل على المؤمنين والمؤمنات، والمسلمين والمسلمات، فإنها له زكاة" وقال: "لا يشبع مؤمن يسمع خيراً حتى يكون منتهاه الجنة"، وقال هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي!! وأخرجه بنحوه مع هذه الزيادة أبو يعلى (1397) عن زهير، عن الحسن بن موسى، عن ابن لهيعة، عن درّاج، بِهٖ. قال الهيثمي في (المجمع) 10/167: وإسناده حسن!

اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزِّبْرِقَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ الضَّمْرِيُّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): مَرَّ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ اَوْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ بِمِرْطٍ فَاسْتَغْلَاهُ، فَمَرَّ بِهٖ عَمْرُو بْنُ اُمَيَّةَ فَاشْتَرَاهُ وَكَسَاهُ امْرَاَتَهُ سُخَيْلَةَ بِنْتَ عُبَيْدَةَ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُطَّلِبِ، فَمَرَّ بِهٖ عُثْمَانُ اَوْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ الْمِرْطُ الَّذِي ابْتَعْتَ؟، قَالَ عَمْرٌو: تَصَدَّقْتُ بِهٖ عَلٰى سُخَيْلَةَ بِنْتِ عُبَيْدَةَ بْنِ الْحَارِثِ، فَقَالَ: اَوَكُلُّ مَا صَنَعْتَ اِلٰى اَهْلِكَ صَدَقَةٌ؟، قَالَ عَمْرٌو: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ ذٰلِكَ، فَذُكِرَ مَا قَالَ عَمْرٌو لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ عَمْرٌو كُلُّ مَا صَنَعْتَ اِلٰى اَهْلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ عَلَيْهِمْ

عمرو بن امیہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ یا شاید حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ ایک چادر کے پاس سے گزرے انہیں وہ چادر مہنگی لگی پھر عمرو بن امیہ ضمری اس چادر کے پاس سے گزرے انہوں نے وہ چادر خریدی اور اپنی اہلیہ سخیلہ بنت عبیدہ بن حارث بن مطلب کو وہ پہننے کے لیے دے دی پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ یا شاید حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کا گزر ان کے پاس سے ہوا تو انہوں نے دریافت کیا۔ اس چادر کا تم نے کیا کیا جو تم نے خریدی تھی؟ تو عمرو نے بتایا: وہ میں نے (اپنی اہلیہ) سخیلہ بنت عبیدہ کو دے دی ہے ان صاحب نے دریافت کیا: تم نے اپنی بیوی کو جو کچھ دیا ہے کیا یہ سب صدقہ شمار ہوگا' تو عمرو نے کہا: میں نے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہی بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا ذکر کیا گیا جو عمرو نے بیان کی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عمرو نے ٹھیک کیا ہے تم اپنی بیوی کے ساتھ جو بھی اچھائی کرتے ہو یہ ان کے لیے صدقہ ہوگی (یعنی تمہیں اس کا اجر و ثواب ملے گا)

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُسْلِمِ الصَّدَقَةَ بِمَا اَنْفَقَ عَلٰى اَهْلِهٖ

اللہ تعالیٰ کا مسلمان کے لیے صدقہ کرنے کے (اجر و ثواب) کو نوٹ کرنے کا تذکرہ' جو کچھ وہ اپنی بیوی پر خرچ کرتا ہے

4238 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ

4237- يعقوب بن عمرو روى عنه اثنان، وذكره المؤلف في (الثقات) وكذلك عبد الله بن عمرو روى عنه اثنان وذكره المؤلف في الثقات، وباقي السند رجاله ثقات، ويشهد له ما بعده وهو في (مسند أبي يعلى) (6877) .وأخرجه النسائي في "عشرة النساء" من الكبرى كما في التحفة 8/138 عن عمرو بن منصور عن عبد الله بن مسلمة القعنبي عن حاتم بن اسماعيل بهذا الإسناد مختصراً لم يذكر فيه القصة .

4238- إسناده صحيح على شرطهما . عبد الله بن يزيد: هو الخطمي صحاب صغير أنصاري، ولي الكوفة لابن الزبير، وأبو مسعود: هو عقبة بن ثعلبة الأنصاري البدري صحابي جليل مات قبل الأربعين، وقيل: بعدها .

عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِیْ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا اَنْفَقَ عَلٰی اَهْلِهٖ كَانَتْ لَهٗ صَدَقَةً

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک جب کوئی مسلمان اپنی بیوی پر خرچ کرتا ہے تو یہ چیز اس کے لیے صدقہ ہوتی ہے (یعنی اسے اس کا اجرو ثواب ملے گا)''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّدَقَةَ اِنَّمَا تَكُوْنُ لِلْمُنْفِقِ عَلٰی اَهْلِهٖ اِذَا احْتَسَبَ فِيْ ذٰلِكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ صدقہ کرنے (کا اجروثواب) اس شخص کو ملتا ہے جو اپنی بیوی پر خرچ کرتا ہے جبکہ اس نے یہ عمل کرتے ہوئے ثواب کی امید رکھی ہو

4239 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلَّانَ، بِاَذَنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا لُوَيْنٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا اَنْفَقَ الرَّجُلُ عَلٰی اَهْلِهٖ وَهُوَ يَحْتَسِبُهَا كَانَتْ لَهٗ صَدَقَةً

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص اپنی بیوی پر ثواب کی امید رکھتے ہوئے خرچ کرتا ہے تو یہ چیز اس کے لیے صدقہ ہوتی ہے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُّضَيِّعَ الْمَرْءُ مَنْ تَلْزَمُهٗ نَفَقَتُهٗ مِنْ عِيَالِهٖ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ آدمی ان لوگوں کو ضائع کردے جن کا خرچ اس کے ذمے ہے

4240 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ جَابِرٍ الْخَيْوَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَفٰی بِالْمَرْءِ اِثْمًا اَنْ يُّضَيِّعَ مَنْ يَّقُوْتُ

4239- إسناده صحيح . لوين: هو لقب محمد بن سليمان بن حبيب الأسدي، ثقة روى له أبو داؤد والنسائي، ومَن فوقه ثقات على شرطهما، وهو في زيادات (الزهد) لابن المبارك (117) .وأخرجه الترمذي (1965) في البر والصلة: باب ما جاء في النفقة في الأهل، عن أحمد بن محمد، عن عبد الله بن المبارك، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/120 و122 و5/273، والدارمي 2/284–285، والبخاري (55) في الإيمان: باب ما جاء إن الأعمال بالنية والحسبة، و (4006) في المغازي، و (5351) في النفقات: باب فضل النفقة على الأهل، وفي (الأدب المفرد) له (749)، ومسلم (1002) في الزكاة: باب فضل النفقة والصدقة على الأقربين والزوج والأولاد والوالدين، ولو كانوا مشركين، والنسائي 5/69 في الزكاة: باب أي الصدقة أفضل، وفي (عشرة النساء) (323)، والطبراني في (الكبير) 17/522 و (523)، والبيهقي 4/178 من طرق عن شعبة، به .

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''آدمی کے گناہ گار ہونے کے لیے اتنا کافی ہے جس کا خرچ اس کے ذمے ہو وہ اس کا خرچ ادا نہ کرے''۔

ذِكْرُ وَصَفِ قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّضَيِّعَ مَنْ يَّقُوْتُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا تذکرہ ''وہ اسے ضائع کردے جس کی خوراک اس کے ذمے ہے''

4241 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ الرَّازِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبْجَرَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ خَيْثَمَةَ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا جُلُوْسًا مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اِذْ جَاءَهُ قَهْرَمَانٌ لَهُ فَدَخَلَ، فَقَالَ: اَعْطَيْتَ الرَّقِيْقَ قُوْتَهُمْ؟، قَالَ: لَا، قَالَ: فَانْطَلِقْ فَاَعْطِهِمْ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَفٰى بِالْمَرْءِ اِثْمًا اَنْ يَّحْبِسَ عَمَّا يَمْلِكُ قُوْتَهُمْ

خیثمہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اسی دوران ان کا منشی ان کے پاس آیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: کیا تم نے غلاموں کو ان کی خوراک دے دی ہے اس نے جواب دیا: جی نہیں، تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم جاؤ اور وہ انہیں ادا کردو کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: آدمی کے گنہگار ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے وہ ان لوگوں کو ادائیگی نہ کرے جن کی خوراک اس کے ذمے ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ نَفَقَةَ الْمَرْءِ عَلٰى عِيَالِهٖ اَفْضَلُ مِنَ النَّفَقَةِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی کا اپنے گھر والوں پر خرچ کرنا اس کے لیے اللہ کی راہ میں

4240- حديث صحيح . وهب بن جابر الخَيْوانى، وثقه ابن معين والعجلى والمؤلف، وقال ابن المدينى والنسائى: مجهول، وأبو إسحاق: هو عمرو بن عبد الله السبيعى، وسفيان: هو الثورى، وقد سَمِعَ من أبى إسحاق قبل غيره، ومحمد بن كثير: هو العبدى .وأخرجه أبو داوُد (1692) فى الزكاة: باب فى صلة الرحم، والحاكم 1/145، وأبو نعيم فى (الحلية) 7/135 من طريق محمد بن كثير، بهذا الإسناد، وقال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ووهب بن جابر من كبار تابعى الكوفة، ووافقه الذهبى .وأخرجه أحمد 2/160 و194، والنسائى فى (عشرة النساء) (295)، والحاكم 1/451، وأبو نعيم 7/135 من طرق عن سفيان الثورى، بِهِ .وأخرجه الطيالسى (2281)، والحميدى (599)، وأحمد 2/193 و195، والنسائى (293)، والحاكم 4/500، والبيهقى 7/467، والقضاعى فى (الشهاب) (1411) و (1412) و (1413)، والبغوى (2404) من طرق عن أبى إسحاق، بِهِ . وانظر ما بعده .

4241- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه فى صحيحه (996) فى الزكاة: باب فضل النفقة على العيال والمملوك، وإثم من ضيعهم أو حبس نفقتهم عنهم، وأبو نعيم فى (الحلية) 4/122 و5/23 و87 من طريق سعيد بن محمد الجرمى، بهذا الإسناد . والقهرمان: هو كالخازن والوكيل والحافظ لما تحت يده، والقائم بأمور الرجل، بلغة الفرس .

خرچ کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے

4242 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِیْ اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَفْضَلُ دِيْنَارٍ دِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلٰی عِيَالِهٖ، وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلٰی دَابَّتِهٖ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَدِيْنَارٌ يُنْفِقُهُ الرَّجُلُ عَلٰی اَصْحَابِهٖ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، - قَالَ اَبُوْ قِلَابَةَ: بَدَاَ بِالْعِيَالِ - ثُمَّ قَالَ: وَاَیُّ رَجُلٍ اَعْظَمُ اَجْرًا مِنْ رَجُلٍ يُنْفِقُ عَلٰی عِيَالٍ لَهٗ صِغَارٍ يُعِفُّهُمُ اللّٰهُ بِهٖ وَيُغْنِيهِمُ اللّٰهُ بِهٖ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: سب سے فضیلت والا دینار وہ ہے' جسے آدمی اپنے بال بچوں پر خرچ کرتا ہے اور وہ دینار ہے' جسے آدمی اللہ کی راہ میں اپنی سواری پر خرچ کرتا ہے اور وہ دینار ہے' جسے آدمی اللہ کی راہ میں اپنے ساتھیوں پر خرچ کرتا ہے۔

ابوقلابہ نامی راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے بال بچوں کا ذکر کیا پھر ابوقلابہ نے یہ کہا: اس شخص سے زیادہ اجر اور کسے ملے گا' جو اپنے چھوٹے بال بچوں پر خرچ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس شخص کی وجہ سے انہیں مانگنے سے محفوظ رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس شخص کی وجہ سے انہیں (دوسرے لوگوں سے) بے نیاز کر دیتا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰی اَنَّ نَفَقَةَ الْمَرْءِ عَلٰی عِيَالِهٖ اَفْضَلُ مِنْ نَفَقَتِهٖ عَلٰی اَقْرِبَائِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' آدمی کا اپنی بیوی بچوں پر خرچ کرنا اس کے اپنے قریبی رشتے داروں پر خرچ کرنے سے فضیلت رکھتا ہے

4243 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ الْجُنَيْدِ بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًی، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰی، وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ

4242– إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو أسماء : هو عمرو بن مرثد الرحبيّ الدمشقي .وأخرجه مسلم (994) في الزكاة: باب فضل النفقة على العيال والمملوك، والترمذي (1966) في البر والصلة: باب ما جاء في النفقة في الأهل، والنسائي في (عشرة النساء) (300) عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي (987)، وأحمد 5/279 و284، والبخاري في (الأدب المفرد) (748)، ومسلم (994)، وابن ماجة (2760) في الجهاد: باب فضل النفقة في سبيل الله تعالى، والبيهقي 4/178 و7/467 من طرق عن حماد بن زيد، بِهِ .

4243– إسناده حسن . ابنُ عجلان صدوق خرج له مسلم في الشواهد وعلق له البخاري، وأبوه عجلان مولى فاطمة بنت عتبة المدني لا بأس به روى له مسلم، وباقي السند على شرطهما .وأخرجه النسائي 5/62 في الزكاة: باب الصدقة عن ظهر غني، عن قتيبة، بهذا الإسناد . وانظر (3363) .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سب سے بہتر صدقہ وہ ہے' جو خوشحالی کے عالم میں دیا جائے (یعنی جسے کرنے کے بعد بھی آدمی خوشحال رہے) اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور تم (خرچ کرتے ہوئے) ان سے آغاز کرو جو تمہارے زیر کفالت ہیں''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى وَالِيِ الْيَتِيمِ التَّسْوِيَةَ بَيْنَ مَنْ فِي حِجْرِهِ مِنَ الْأَيْتَامِ، وَبَيْنَ وَلَدِهِ فِي النَّفَقَةِ عَلَيْهِمْ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' یتیم کے سرپرست کے لیے یہ بات لازم ہے' وہ اپنے زیر پرورش یتیم بچے اور اپنی اولاد میں' خرچ کرنے میں مساوات برقرار رکھے

4244 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعُمَرِيُّ، بِالْمَوْصِلِ، وَالْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي عَامِرٍ الْخَزَّازِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مِمَّا اَضْرِبُ مِنْهُ يَتِيمِي، قَالَ: مِمَّا كُنْتَ ضَارِبًا مِنْهُ وَلَدَكَ غَيْرَ وَاقٍ مَالَكَ بِمَالِهِ، وَلَا مُتَاثِّلٍ مِنْ مَالِهِ مَالًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں اپنے ہاں زیر پرورش یتیم بچے کو کس چیز کے ذریعے ماروں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس چیز سے جس کے ذریعے تم اپنے بیٹے کو مارتے ہو تم اس زیر پرورش یتیم کے مال کے ذریعے اپنے مال کو بچانے کی کوشش نہ کرو اور اس کے ذریعے اپنے مال میں اضافہ کرنے کی کوشش نہ کرو۔

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا السَّاعِيَ عَلَى الْاَرَامِلِ وَالْمَسَاكِينَ مَا يُعْطِي الْمُجَاهِدَ فِي سَبِيلِهِ

اللہ تعالیٰ کا بیوہ عورتوں اور غریبوں کی دیکھ بھال کرنے والے کو وہ اجر و ثواب عطا کرنے کا تذکرہ جو وہ اپنی راہ میں جہاد کرنے والے کو عطا کرتا ہے

4245 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِي الْغَيْثِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

4244- مُعَلَّى بن مهدى أورده ابن أبى حاتم 8/335 وقال: سألت أبى عنه فقال: شيخ موصلى أدركته ولم أسمع منه، يُحدث أحياناً بالحديث المنكر، ووثقه المؤلف 9/182-183، وأبو عامر الخزاز: هو صالح بن رستم المزنى مولاهم: لا بأس به، روى له مسلم متابعة، وباقى السند رجاله ثقات، ورواه الطبرانى فى (الصغير) (244) عن إبراهيم بن على العمرى بهذا الإسناد .

(متن حدیث): السَّاعِي عَلَى الْاَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِينِ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاَحْسِبُهُ قَالَ: كَالصَّائِمِ لَا يُفْطِرُ، وَكَالْقَائِمِ لَا يَنَامُ

(توضیح مصنف): اَبُو الْغَيْثِ: سَالِمٌ مَوْلٰى ابْنِ مُطِيعٍ قَالَهُ الشَّيْخُ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بیوہ عورتوں اور غریب لوگوں کی دیکھ بھال کرنے والا شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے شخص کی مانند ہے (راوی کہتے ہیں) میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: ایسے روزہ دار کی مانند ہے' جو کوئی نفلی روزہ ترک نہیں کرتا اور ایسے نفل پڑھنے والے کی مانند ہے' جو سوتا نہیں ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوالغیث نامی راوی کا نام سالم مولیٰ ابن مطیع ہے یہ بات شیخ نے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاَجْرَ لِلْمُنْفِقَةِ عَلٰى اَوْلَادِ زَوْجِهَا مِنْ مَالِهَا

اللہ تعالیٰ کا اس عورت کے لیے اجر نوٹ کرنے کا تذکرہ جو اپنے شوہر کی اولاد پر اپنا مال خرچ کرتی ہے

4246 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ اُمِّهَا اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ:

4245– إسناده صحيح على شرطهما . وهو في (الموطأ) برواية محمد بن الحسن (690)، ثور بن زيد: هو الدِّيلي .وأخرجه البخاري (6007) في الأدب: باب الساعي على المسكين، ومسلم (2982) في الزهد: باب الإحسان إلى الأرملة والمسكين واليتيم، والنسائي 5/86–87 في الزكاة: باب فضل الساعي على الأرملة، والبيهقي 6/283، والبغوي (3458) من طريق عبد الله بن مسلمة القعنبي، بهذا الإسناد .رواية البخاري ومسلم والبيهقي لفظها " . . . كالقائم لا يفتر، وكالصائم لا يفطر"، ورواية النسائي مختصرة إلى قوله: "في سبيل الله" .وأخرجه البخاري (5353) في النفقات: باب فضل النفقة على الأهل، وبعد الحديث (6006) في الأدب: باب الساعي على الأرملة، وفي (الأدب المفرد) له (131)، والترمذي بإثر الحديث (1969) في البر والصلة: باب ما جاء في السعي على الأرملة واليتيم، من طرق عن مالك، به نحوه .وأخرجه أحمد 2/361، وابن ماجة (2140) في التجارات باب الحث على المكاسب، من طريقين عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، عن ثور بن زيد الدِّيلي، به نحوه .وأخرجه البخاري (6007) في الأدب: باب الساعي على المسكين، ومسلم (2982) في الزهد: باب الإحسان إلى الأرملة والمسكين واليتيم، والنسائي 5/86–87 في الزكاة: باب فضل الساعي على الأرملة، والبيهقي 6/283، والبغوي (3458) من طريق عبد الله بن مسلمة القعنبي، بهذا الإسناد .رواية البخاري ومسلم والبيهقي لفظها " . . . كالقائم لا يفتر، وكالصائم لا يفطر"، ورواية النسائي مختصرة إلى قوله: "في سبيل الله" .وأخرجه البخاري (5353) في النفقات: باب فضل النفقة على الأهل، وبعد الحديث (6006) في الأدب: باب الساعي على الأرملة، وفي (الأدب المفرد) له (131)، والترمذي بإثر الحديث (1969) في البر والصلة: باب ما جاء في السعي على الأرملة واليتيم، من طرق عن مالك، به نحوه .وأخرجه أحمد 2/361، وابن ماجة (2140) في التجارات باب الحث على المكاسب، من طريقين عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، عن ثور بن زيد الدِّيلي، به نحوه باب الزكاة على الزوج والأيتام في الحجر، و (5369) في النفقات: باب (وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ) وهل على المرأة منه شيء ؟، وسلم (1001) في الزكاة: باب فضل النفقة والصدقة على الأقربين والزوج والأولاد والوالدين ولو كانوا مشركين، والطبراني /23 (796) و (911)، والبيهقي 7/478، والبغوي (1679) من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد .

(متن حدیث): قُلْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لِيْ مِنْ اَجْرٍ فِيْ بَنِيْ اَبِيْ سَلَمَةَ؟، فَاِنِّيْ اُنْفِقُ عَلَيْهِمْ، وَاِنَّمَا هُمْ بَنِيَّ، فَلَسْتُ بِتَارِكَتِهِمْ هٰكَذَا وَهٰكَذَا تَقُوْلُ: كَانَ لِيْ اَجْرٌ اَوْ لَمْ يَكُنْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ لَكِ فِيْهِمْ اَجْرٌ مَا اَنْفَقْتِ عَلَيْهِمْ

❁ سیّدہ زینب بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہا اپنی والدہ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتی ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کیا حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے بچوں کے حوالے سے مجھے کوئی اجر ملے گا' کیونکہ میں ان پر خرچ کرتی ہوں وہ میری اولاد ہیں میں انہیں اس حال میں ترک نہیں کر سکتی۔ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: کیا مجھے اس کا اجر ملے گا یا نہیں ملے گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں تمہیں ان کے بارے میں اس چیز کا اجر ملے گا' جو تم ان پر خرچ کرتی ہو۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاَجْرَ الْجَزِيْلَ لِلْمَرْاَةِ اِذَا اَنْفَقَتْ عَلٰى زَوْجِهَا وَعِيَالِهَا مِنْ مَالِهَا

اللہ تعالیٰ کا اس عورت کے لیے بہترین اجر نوٹ کرنے کا تذکرہ وہ اپنے مال میں سے اپنے شوہر اور اپنے بچوں پر خرچ کرتی ہے

4247 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْخَصِيْبُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ هِشَامَ بْنَ عُرْوَةَ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ،

(متن حدیث): عَنْ رَيْطَةَ امْرَاَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اُمِّ وَلَدِهِ، وَكَانَتِ امْرَاَةً صَنَاعًا، وَلَيْسَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ مَالٌ، وَكَانَتْ تُنْفِقُ عَلَيْهِ وَعَلٰى وَلَدِهِ مِنْ ثَمَرَةِ صَنْعَتِهَا، وَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَقَدْ شَغَلْتَنِيْ اَنْتَ وَوَلَدُكَ عَنِ الصَّدَقَةِ، فَمَا اَسْتَطِيْعُ اَنْ اَتَصَدَّقَ مَعَكُمْ، فَقَالَ: مَا اُحِبُّ اِنْ لَمْ يَكُنْ لَكِ فِيْ ذٰلِكَ اَجْرٌ اَنْ تَفْعَلِيْ، فَسَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ وَهِيَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ امْرَاَةٌ وَّلِيَ صَنْعَةٌ فَاَبِيْعُ مِنْهَا، وَلَيْسَ لِيْ، وَلَا

4247– إسناده صحيح . حرملة بن يحيى من رجال مسلم وقد توبع، ومن فوقه على شرطهما غير ريطة امرأة عبد الله بن مسعود لم يخرج لها أحد من أصحاب الكتب الستة، قيل: إنها زينب: وريطة لقب لها، وقيل: ريطة زوجة أخرى له، وممن جزم به ابنُ سعد وغيره، وقال الكلاباذى: رائطة هي المعروفة بزينب، وبهذا جزم الطحاوى فقال: هى زينب امرأة عبد الله، لا نعلم أن عبد الله كانت له امرأة غيرها فى زمن رسول الله صلى الله عليه وسلم، وفى (الإصابة) 4/303: ريطة بنت عبد الله بن معاوية الثقفية امرأة عبد الله بن مسعود، ويقال: رائطة، ويقال: اسمها زينب، ورائطة لقب، وقيل هما اثنتان . . . وعمرو بن الحارث: هو المصرى .وأخرجه الطبرانى فى (الكبير) /24 (669) من طريق أحمد بن صالح، عن ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/503، والطحاوى فى (شرح معانى الآثار) 2/23–24، وأبو عبيد فى (الأموال) (1879)، والطبرانى /24 (667) و (668) من طرق عن هشام بن عروة، بِهِ . وهذا سند على شرط الشيخين .وأخرجه الطبرانى /24 (670) من طريق حماد بن سلمة، عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن عُبيد الله بن عبد الله الثقفى، أن رائطة . . . فذكره .وأخرجه أحمد 3/503، وابن أبى عاصم في (الآحاد والمثانى) ورقة 380، والطبرانى /24 (666) من طريق عبد الرحمٰن بن أبى الزناد، عن أبيه عن عروة بن الزبير، عن عُبيد الله بن عبد الله بن عتبة، عن رائطة امرأة عبد الله بن مسعود .

لِزَوْجِي، وَلَا لِوَلَدِي شَيْءٌ، وَشَغَلُونِي فَلَا أَتَصَدَّقُ، فَهَلْ لِي فِي النَّفَقَةِ عَلَيْهِمْ مِنْ أَجْرٍ؟، فَقَالَ: لَكِ فِي ذٰلِكَ أَجْرٌ مَا أَنْفَقْتِ عَلَيْهِمْ، فَأَنْفِقِي عَلَيْهِمْ

❁ عبیداللہ بن عبداللہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی ام ولد سیّدہ ریطہ کے حوالے سے نقل کرتے ہیں: وہ ایک کاری گرخاتون تھیں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس مال نہیں تھا تو وہ خاتون حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اوران کی اولاد پر اپنے ہنر کی آمدن خرچ کیا کرتی تھیں ایک مرتبہ انہوں نے یہ کہا: اللہ کی قسم! آپ نے اور آپ کے بچوں نے مجھے صدقہ کرنے کے قابل نہیں رہنے دیا میں آپ کی موجودگی میں صدقہ کرنے کی استطاعت نہیں رکھتی۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر اس میں اجر نہیں ہے تو مجھے یہ بات پسند نہیں ہے تم ایسا کرو تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے اوران کی اہلیہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا: اس خاتون نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں ایک عورت ہوں جسے ایک ہنر آتا ہے میں اس کام کو فروخت کردیتی ہوں میرا' میرے شوہر اور میری اولاد کا کوئی اور ذریعہ آمدن نہیں ہے ان لوگوں کی وجہ سے میں صدقہ نہیں کرپاتی' تو کیا ان پر خرچ کرنے کا مجھے اجر ملے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان پر جو خرچ کرتی ہو اس کا تمہیں اجر ملے گا تم ان پر خرچ کرتی رہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْمَرْأَةَ يَكُونُ لَهَا بِمَا أَنْفَقَتْ عَلٰى زَوْجِهَا وَعِيَالِهَا أَجْرَانِ، أَجْرُ الصَّدَقَةِ، وَأَجْرُ الْقَرَابَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' عورت اپنے شوہر اور بچوں پر جو خرچ کرتی ہے اس کا اسے دوگنا اجر ملے گا ایک صدقہ کرنے کا اور دوسرا رشتہ داری (کے حقوق کا خیال رکھنے کا اجر)

4248 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

4248- حديث صحيح، لكن وقع في هذا السند وهم لأبي معاوية محمد بن حزم في قوله: (عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُصْطَلِقِ، عَنِ ابن أخي زينب، عن زينب) والصحيح إنما هو: (عن عمرو بن الحارث ابن أخي زينب، عن زينب) كما نبه عليه الترمذي وسيأتي .وأخرجه بطوله أحمد 6/363، والنسائي في (عشرة النساء) باب الفضل في نفقة المرأة على زوجها الاختلاف على سليمان في حديث زينب فيه، من طريق أبي معاوية محمد بن خازم، بهذا الإسناد .وأخرجه مختصراً الترمذي (635) في الزكاة: باب ما جاء في زكاة الحلي، عن هناد، والطبراني في (الكبير) /24 (726) من طريق ابن أبي شيبة، كلاهما عن أبي معاوية، بِهِ .وأخرجه ابن ماجة (1834) في الزّكاة: باب الصدقة على ذي قرابة، من طريقين عن أبي معاوية، بِهِ . إلا أنه وقع في المطبوع (عن عمرو بن الحارث ابن أخي زينب)، ويغلب على الظن أنه من تحريف الطبع . وإلا فرواية أبي معاوية وعمرو بن الحارث، عن ابن أخي زينب) وكذلك عزاه إليه المزي في (التحفة) 11/327 .وأخرجه الطيالسي (1653)، وأحمد 3/502، والبخاري (1466) في الزكاة: باب الزكاة على الزوج والأيتام في الحجر، ومسلم (1000) في الزكاة: باب فضل النفقة والصدقة على الأقربين . ., والترمذي (636)، والنسائي (319) و (320)، من طرق عن الأعمش، عن أبي وائل شقيق، عن عمرو بن الحارث، عن زينب . . . فذكره، وبعضهم يزيد فيه على بعض، وعند الترمذي والطبراني (727) (عمرو بن الحارث ابن أخي زينب) قال الترمذي: وهذا أصح من حديث أبي معاوية، وأبو معاوية وهم في حديثه فقال: عن عمرو بن الحارث عن ابن أخي زينب، والصحيح إنما هو عمرو بن الحارث ابن أخي زينب .وحكى الترمذي في (العلل المفردات) فيما نقله عنه الحافظ في (الفتح) 3/329 أنه سأل البخاري عنه فحكم على رواية أبي معاوية بالوهم، وأن الصواب رواية الجماعة عن الأعمش، عن شقيق، عن عمرو بن الحارث ابن أخي زينب . .

خَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ بْنِ الْمُصْطَلِقِ، عَنِ ابْنِ اَخِي زَيْنَبَ، امْرَاَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ زَيْنَبَ قَالَتْ:

(متن حدیث): خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ، تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ، فَاِنَّكُنَّ اَكْثَرُ اَهْلِ جَهَنَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَتْ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ رَجُلًا خَفِيفَ ذَاتِ الْيَدِ، فَقَالَتْ: سَلْ لِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتُجْزِءُ عَنِّيْ مِنَ الصَّدَقَةِ النَّفَقَةُ عَلٰى زَوْجِي وَاَيْتَامٍ فِيْ حِجْرِي؟، قَالَتْ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اُلْقِيَتْ عَلَيْهِ الْمَهَابَةُ، فَقَالَ: لَا بَلْ سَلِيهِ اَنْتِ، قَالَتْ: فَانْطَلَقْتُ فَاِذَا عَلَى الْبَابِ امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ حَاجَتُهَا حَاجَتِيْ اسْمُهَا زَيْنَبُ، قَالَتْ: فَخَرَجَ عَلَيْنَا بِلَالٌ، فَقُلْتُ لَهُ: سَلْ لَنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتُجْزِءُ عَنَّا مِنَ الصَّدَقَةِ النَّفَقَةُ عَلٰى اَزْوَاجِنَا وَاَيْتَامٍ فِيْ حُجُورِنَا، قَالَتْ: فَدَخَلَ بِلَالٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، عَلَى الْبَابِ زَيْنَبُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ الزَّيَانِبِ؟، قَالَ: زَيْنَبُ امْرَاَةُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَزَيْنَبُ امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ، تَسْاَلَانِ عَنِ النَّفَقَةِ عَلٰى اَزْوَاجِهِمَا وَاَيْتَامٍ فِيْ حُجُورِهِمَا اَيُجْزِءُ ذٰلِكَ عَنْهُمَا مِنَ الصَّدَقَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ لَهُمَا اَجْرَانِ: اَجْرُ الْقَرَابَةِ، وَاَجْرُ الصَّدَقَةِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی اہلیہ سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم (خواتین) کو خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اے خواتین کے گروہ تم صدقہ کیا کرو خواہ اپنے زیور ہی کرو' کیونکہ اہل جہنم میں اکثریت قیامت کے دن تمہاری ہوگی وہ خاتون بیان کرتی ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی آمدن بہت کم تھی اس خاتون نے (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے) کہا آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میرے بارے میں دریافت کیجئے کہ اگر میں اپنے شوہر پر اور اپنے زیر پرورش یتیم بچوں پر خرچ کرتی ہوں' تو کیا ایسا کرنا میری طرف سے جائز ہوگا وہ خاتون بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رعب بہت زیادہ تھا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: نہیں' بلکہ تم خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرو وہ خاتون کہتی ہیں میں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں) آئی تو وہاں دروازے پر انصار سے تعلق رکھنے والی ایک اور عورت بھی موجود تھی اس کا بھی وہی مسئلہ تھا جو میرا تھا اس عورت کا نام بھی زینب تھا حضرت بلال رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے میں نے ان سے کہا آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمارے لیے مسئلہ دریافت کریں کہ ہم اپنے شوہروں اور اپنے زیر پرورش یتیم بچوں پر جو خرچ کرتے ہیں کیا ہماری طرف سے یہ صدقہ کرنے کی جگہ کافی ہوگا وہ خاتون بیان کرتی ہیں: حضرت بلال رضی اللہ عنہ اندر گئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! دروازے پر زینب موجود ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کون سی زینب؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتایا: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ زینب اور انصار سے تعلق رکھنے والی زینب ان دونوں نے اپنے شوہروں پر اور اپنے زیر پرورش یتیم بچوں پر خرچ کرنے کے بارے میں دریافت کیا ہے: کیا یہ ان کی طرف سے صدقہ کی جگہ کافی ہوگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں ان دونوں کو دگنا اجر ملے گا رشتہ داری کے حقوق کی پاسداری کا اجر اور صدقہ کرنے کا اجر۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاَجْرَ بِكُلِّ مَا يُنْفِقُ الْمَرْءُ عَلٰى عِيَالِهِ حَتّٰى رَفْعِهِ اللُّقْمَةَ اِلٰى فِيْ اَهْلِهِ

اللہ تعالیٰ کا ہر اس چیز کا اجر نوٹ کرنے کا تذکرہ جو آدمی اپنے بیوی بچوں پر خرچ کرتا ہے یہاں تک کہ جو لقمہ وہ اپنی بیوی کے منہ میں ڈالتا ہے (اس کا بھی اجر نوٹ ہوتا ہے)

4249 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَامِرُ بْنُ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

''اگر تم دونوں اللہ کی بارگاہ میں، توبہ کرلو (تو یہ مناسب ہوگا)' کیونکہ تم دونوں کے دل مائل ہوگئے تھے''۔

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں)' یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حج کے لیے گئے ان کے ہمراہ میں بھی حج کے لیے گیا راستے میں کسی جگہ پر وہ ایک طرف ہٹ گئے (انہوں نے قضائے حاجت کی) پھر وہ وضو کرنے لگے میں بھی ان کے ہمراہ ایک برتن لے کر ہٹ گیا تھا انہوں نے قضائے حاجت کی پھر وہ میرے پاس آئے میں نے ان کے دونوں ہاتھوں پر پانی انڈیلا انہوں نے وضو کیا میں نے کہا: اے امیر المومنین! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج سے تعلق رکھنے والی وہ دوخواتین کون سی تھیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے۔

''اگر تم دونوں اللہ کی بارگاہ میں، توبہ کرلو (تو یہ مناسب ہوگا)' کیونکہ تم دونوں کے دل مائل ہوگئے تھے''۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن عباس تم پر حیرت ہے (کہ تم نے پہلے اس بارے میں سوال کیوں نہیں کیا) پھر انہوں نے بتایا: وہ عائشہ اور حفصہ تھیں اس کے بعد انہوں نے پورا واقعہ بیان کیا۔

انہوں نے بتایا: ہم قریش کے لوگ اپنی بیویوں پر غالب تھے جب ہم مدینہ آئے، تو ہمیں ایسے لوگوں سے واسطہ پڑا جن کی

عورتیں ان پر غالب تھیں ہماری خواتین نے ان سے طریقہ سیکھنا شروع کر دیا میری رہائش نواحی علاقے میں بنوامیہ بن زید کے محلے میں تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن میں نے اپنی بیوی پر غصے کا اظہار کیا' تو اس نے مجھے پلٹ کر جواب دیا: میں اس کے پلٹ کر جواب دینے پر بہت حیران ہوا تو اس نے کہا: آپ اس بات پر اعتراض کر رہے ہیں کہ میں آپ کو جواب دے رہی ہوں حالانکہ اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب دے دیتی ہیں اور ان میں سے ایک تو صبح سے لے کر شام تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لاتعلق (یا ناراض) رہتی ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہاں سے روانہ ہوا اور حفصہ کے پاس آیا میں نے کہا: کیا تم پلٹ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب دیتی ہو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں اور ہم میں سے ایک تو صبح سے لے کر شام تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے لاتعلق رہتی ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم یہ بات کہہ رہی ہو تم میں سے جو بھی ایسا کرتی ہے وہ رسواء ہو جائے گی اور خسارے کا شکار ہو جائے گی؟ کیا تمہیں اس بات سے ڈر نہیں لگتا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی ناراضگی کی وجہ سے اس پر ناراض ہو جائے گا اور اس صورت میں وہ ہلاکت کا شکار ہو جائے گی تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پلٹ کر جواب نہ دیا کرو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی چیز کا مطالبہ نہ کیا کرو تمہاری جو ضرورت ہو مجھے کہہ دیا کرو اور یہ چیز تمہیں غلط فہمی کا شکار نہ کرے کہ تمہاری پڑوسن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک زیادہ خوب صورت اور زیادہ محبوب ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی مراد سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا تھیں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرا ایک انصاری پڑوسی تھا ہم لوگ باری باری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے ایک دن وہ چلا جاتا تھا ایک دن میں آجایا کرتا تھا ایک مرتبہ وہ وحی یا اس سے متعلق دیگر کسی چیز کی اطلاع لے آتا تھا جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آتا تھا تو اس طرح اطلاع میں بھی لے آتا تھا (اور اسے بتا دیتا تھا) ان دنوں ہم یہ بات چیت کر رہے تھے کہ غسان قبیلے کے لوگ ہمارے ساتھ لڑائی کی تیاریاں کر رہے ہیں ایک دن میرا ساتھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا پھر وہ میرے پاس آیا اس نے میرے دروازے کو کھٹکھٹایا اور مجھے آواز دی میں نکل کر اس کے پاس آیا' تو اس نے کہا: ایک عظیم واقعہ رونما ہو گیا ہے میں نے دریافت کیا: کیا ہوا ہے کیا غسان قبیلے کے لوگ آگئے ہیں اس نے کہا: نہیں اس سے زیادہ بڑا اور زیادہ لمبا واقعہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی ہے' تو میں نے کہا: حفصہ رسوا ہو گئی اور خسارے کا شکار ہو گئی' مجھے اندازہ تھا کہ یہ ہو کے رہے گا۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) جب میں نے صبح کی نماز ادا کی تو میں نے چادر لپیٹی اور (مدینہ منورہ کی طرف آگیا) میں حفصہ کے پاس آیا وہ رو رہی تھی میں نے دریافت کیا: اللہ کے رسول نے تم لوگوں کو طلاق دے دی ہے؟ اس نے جواب دیا: مجھے نہیں معلوم وہ وہاں ہیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس بالا خانے میں علیحدہ رہ رہے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سیاہ فام غلام کے پاس آیا میں نے کہا: تم عمر کے لیے اندر آنے کی اجازت مانگو وہ لڑکا اندر گیا پھر وہ نکل کر باہر آیا اور بولا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آپ کا تذکرہ کیا ہے' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ ارشاد نہیں فرمایا (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں وہاں سے چلا اور مسجد میں آگیا اور وہاں منبر کے قریب کچھ لوگ بیٹھے ہوئے تھے اور رو رہے تھے میں ان کے پاس تھوڑی دیر بیٹھا رہا پھر میری پریشانی مجھ پر غالب آگئی میں اس لڑکے کے پاس آیا میں نے کہا: تم عمر کے لیے اجازت مانگو وہ اندر گیا پھر نکل کر باہر آیا اور بولا میں

نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے آپ کا ذکر کیا تھا' لیکن نبی اکرم ﷺ خاموش رہے (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں وہاں سے واپس آیا اور منبر کے پاس بیٹھ گیا پھر میری پریشانی مجھ پر غالب آ گئی میں اس لڑکے کے پاس آیا اور میں نے کہا: تم عمر کے لیے اندر آنے کی اجازت مانگو وہ اندر گیا پھر وہ نکل کر باہر آیا اور بولا میں نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے آپ کا ذکر کیا' لیکن نبی اکرم ﷺ خاموش رہے (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں مڑ کر واپس آیا اسی دوران اس لڑکے نے مجھے بلایا اور بولا آپ اندر تشریف لے جائیں نبی اکرم ﷺ نے آپ کو اجازت دے دی ہے۔

(حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں اندر داخل ہوا تو میں نے نبی اکرم ﷺ کو سلام کیا نبی اکرم ﷺ اس وقت چٹائی پر ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے جس کا نشان آپ ﷺ کے پہلو پر موجود تھا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ ﷺ نے اپنی ازواج کو طلاق دے دی ہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے سر اٹھا کر میری طرف دیکھا اور فرمایا: جی نہیں' تو میں نے اللہ اکبر کہا (میں نے عرض کی) یارسول اللہ ﷺ! آپ نے یہ بات ملاحظہ فرمائی ہے ہم قریش کے لوگ ایسے لوگ تھے جو اپنی بیویوں پر غالب تھے جب ہم مدینہ آئے' تو ہم نے وہاں ایسے لوگوں کو پایا جن کی عورتیں ان پر غالب تھیں ہماری خواتین نے ان کی خواتین سے طریقہ سیکھنا شروع کر دیا ایک دن میں اپنی بیوی پر غضب ناک ہوا تو اس نے مجھے پلٹ کر جواب دیا: میں نے اس کی اس بات پر حیرانگی کا اظہار کیا' تو اس نے کہا: آپ اس بات پر حیرانگی کا اظہار کر رہے ہیں کہ میں نے آپ کو پلٹ کر جواب دیا ہے: اللہ کی قسم! نبی اکرم ﷺ کی ازواج نبی اکرم ﷺ کو جواب دے دیتی ہیں اور ان میں سے کوئی ایک صبح سے لے کر شام تک نبی اکرم ﷺ سے لاتعلق (یا ناراض) رہتی ہے' تو میں نے کہا: ان میں سے جو ایسا کرتی ہے وہ رسوا ہو جائے گی اور خسارے کا شکار ہو جائے گی کیا اسے اس بات کا ڈر نہیں ہے' اللہ تعالیٰ اپنے رسول کی ناراضگی کی وجہ سے اس سے ناراض ہو جائے گا اور اس صورت میں وہ ہلاکت کا شکار ہو جائے گی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ مسکرا دیئے میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں حفصہ کے پاس گیا میں نے اس سے کہا تم نبی اکرم ﷺ کو آگے سے جواب نہ دیا کرو اور نبی اکرم ﷺ سے کسی چیز کا مطالبہ نہ کیا کرو۔ تمہیں جو چاہئے ہو مجھ سے کہہ دیا کرو' اور یہ چیز تمہیں غلط فہمی کا شکار نہ کرے کہ تمہاری پڑوسن نبی اکرم ﷺ کے نزدیک تمہارے مقابلے میں زیادہ خوب صورت اور زیادہ محبوب ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم ﷺ دوسری مرتبہ مسکرا دیئے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا میں ٹھہر جاؤں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں' تو میں بیٹھ گیا میں نے اپنا سر اٹھا کر گھر کا جائزہ لیا اللہ کی قسم! میری نگاہ صرف تین کھالوں پر پڑی میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ آپ ﷺ کی امت کو کشادگی عطا کرے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اہل فارس اور اہل روم کو کشادگی عطا کی ہے حالانکہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کی عبادت بھی نہیں کرتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے خطاب کے صاحبزادے! کیا تمہیں شک ہے یہ وہ لوگ ہیں' جنہیں ان کی نعمتیں دنیاوی زندگی میں پہلے دے دی گئی ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ میرے لیے دعائے مغفرت کیجئے۔

نبی اکرم ﷺ نے یہ قسم اٹھائی تھی کہ آپ اپنی ازواج کے پاس ایک ماہ تک تشریف نہیں لے جائیں گے یہ آپ ﷺ نے ان

سے شدید ناراضگی کی وجہ سے فرمایا: تھا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس حوالے سے آپ کو تنبیہ کی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب انتیس دن گزر گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے مجھے شرف بخشا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے تو یہ قسم اٹھائی تھی کہ آپ ایک ماہ تک ہمارے پاس تشریف نہیں لائیں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم انتیس دن کے بعد تشریف لے آئے ہیں میں نے ان کی گنتی کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مہینہ کبھی انتیس دن کا بھی ہوتا ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! میں تمہارے سامنے ایک معاملے کا ذکر کرنے لگا ہوں میں یہ نہیں چاہتا کہ تم اس بارے میں جلد بازی کا مظاہرہ کرو جب تک تم اس بارے میں اپنے والدین سے مشورہ نہیں کر لیتی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سامنے یہ آیت تلاوت کی۔

''اے نبی! تم اپنی ازواج سے کہہ دو کہ اگر تم لوگ دنیاوی زندگی اور اس کی زینت حاصل کرنا چاہتی ہو' تو آگے آؤ میں تمہیں مال و دولت دیتا ہوں اور مناسب طریقے سے رخصت کر دیتا ہوں اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہو' تو بے شک اللہ تعالیٰ نے تم میں سے نیکی کرنے والوں کے لیے عظیم اجر تیار کیا ہوا ہے''۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات جانتے تھے کہ اللہ کی قسم! میرے والدین مجھے کبھی بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے علیحدگی کی ہدایت نہیں کریں گے میں نے عرض کی: کیا میں اس معاملے میں اپنے والدین سے مشورہ کروں؟ بے شک میں اللہ تعالیٰ' اس کے رسول اور آخرت کے گھر کو اختیار کرتی ہوں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمَةَ الْمُزَوَّجَةَ إِذَا اُعْتِقَتْ كَانَ لَهَا الْخِيَارُ فِي الْكَوْنِ تَحْتَ زَوْجِهَا الْعَبْدِ اَوْ فِرَاقِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' شادی شدہ کنیز کو جب آزاد کر دیا جائے' تو اسے اس بات کا اختیار ہوتا ہے' وہ اپنے غلام شوہر کے ساتھ رہے یا اس سے علیحدگی اختیار کر لے

4269 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، وَيَحْيَى بْنُ طَلْحَةَ الْيَرْبُوعِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متنِ حدیث): كَانَ فِي بَرِيرَةَ ثَلَاثُ قَضِيَّاتٍ اَرَادَ اَهْلُهَا اَنْ يَبِيعُوهَا وَيَشْتَرِطُوا الْوَلَاءَ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ

4269– إسناده صحيح على شرط مسلم، يحيى بن طلحة اليربوعي، وإن كان في حديثه لِين، تابعه عليه هناد بن السري وهو ثقة من رجال مسلم، ومن فوقهما ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 6/45–46، ومسلم (1075) (172) في الزكاة: باب إباحة الهدية للنبي صلى الله عليه وسلم ولبني هاشم وبني عبد المطلب . . .، و (1504) (10) في العتق: باب إنما الولاء لمن أعتق، والنسائي 6/162–163 في الطلاق: باب خيار الأمة، من طريق أبي معاوية، بهذا الإسناد، ورواية مسلم في الزكاة بقصة الهدية فقط . وانظر رقم (5093) و (5094) .

لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اشْتَرِيهَا وَاَعْتِقِيهَا، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ، وَعَتَقَتْ، فَخَيَّرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا، وَكَانَتْ يُتَصَدَّقُ عَلَيْهَا فَتُهْدِي لَنَا مِنْهُ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كُلُوْا فَإِنَّهُ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ، وَهُوَ لَكُمْ هَدِيَّةٌ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بریرہ کے معاملے میں تین فیصلے سامنے آئے اس کے مالکان نے اسے فروخت کرنے کا ارادہ کیا اور اس کے ولاء کی شرط عائد کی میں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے خرید کر آزاد کردو' کیونکہ ولاء کا حق اسے حاصل ہوتا ہے' جو آزاد کرتا ہے پھر بریرہ آزاد ہوگئی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ اختیار دیا (کہ وہ اپنے شوہر سے علیحدگی اختیار کرسکتی ہے) تو اس نے اپنی ذات کو اختیار کیا' (تیسری بات یہ ہے) بریرہ کو کوئی چیز صدقہ دی جاتی تھی' تو وہ اس میں کوئی چیز ہمیں تحفے کے طور پر دے دیتی تھی میں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اسے کھالو کیونکہ تو یہ چیز اس کے لیے صدقہ ہے اور یہ تمہارے لیے تحفہ ہے۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ لِلْجَارِيَةِ إِذَا اُعْتِقَتْ وَهِيَ تَحْتَ عَبْدٍ اَنْ تَخْتَارَ فِرَاقَهُ اَوِ الْكَوْنَ مَعَهُ

اس بات کا تذکرہ' جب کنیز آزاد کردی جائے اور وہ کسی غلام کی بیوی ہو' تو اسے اس بات کا اختیار ہوگا کہ وہ شوہر سے علیحدگی اختیار کرے یا اس کے ساتھ رہے

4270 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): خَيَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيرَةَ فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بریرہ کو اختیار دیا' تو اس نے اپنی ذات کو اختیار کرلیا (یعنی اپنے شوہر سے علیحدگی اختیار کرلی)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْجَارِيَةَ إِذَا اُعْتِقَتْ وَهِيَ تَحْتَ عَبْدٍ لَهَا الْخِيَارُ فِي فِرَاقِهِ اَوِ الْكَوْنِ مَعَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب کنیز آزاد کردی جائے اور وہ کسی غلام کی بیوی ہو تو اسے اس غلام سے علیحدگی اختیار کرنے یا اس کے ساتھ رہنے کا اختیار ہوگا

4270- إسناده قوی، الحسن بن عمر بن شقيق لا باس به من رجال البخاری، ومن فوقه ثقات علی شرطهما .وأخرجه من طريق أيوب بهذا الإسناد: البخاری (5281) و (5282) فی الطلاق: باب خيار الأمة تحت العبد، ولفظه عن ابن عباس: ذاك مغيث عبد فلان يعنی زوج بريرة- كأنی أنظر إليه يتبعها فی سكك المدينة يبكی عليها .وأخرجه بنحوه الترمذی (1156) فی الرضاع: باب ما جاء فی المرأة تعتق ولها زوج، من طريق سعيد بن أبی عروبة، عن أيوب وقتادة، عن عكرمة، به .وأخرجه أيضاً مختصراً بنحوه البخاری (5280) .

4271 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ النِّيلِيُّ، اِمْلَاءً مِنْ كِتَابِهِ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهَا اشْتَرَتْ بَرِيرَةَ، وَاشْتَرَطَ اَهْلُهَا وَلَاءَ هَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَعْتِقِيهَا، فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْطَى الْوَرِقَ، وَوَلِيَ النِّعْمَةَ، قَالَتْ: فَاَعْتَقْتُهَا، فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: لَوْ اُعْطِيتُ كَذَا وَكَذَا مَا كُنْتُ مَعَهُ، قَالَ الْاَسْوَدُ: وَكَانَ زَوْجُهَا حُرًّا

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے بریرہ کوخرید لیا اس کے مالکان نے یہ شرط عائد کی کہ اس کی ولاء کا حق انہیں حاصل ہوگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے) فرمایا تم اسے آزاد کردو' کیونکہ ولاء کا حق اسے ملتا ہے' جو قیمت ادا کرتا ہے اور نعمت کا ولی بنتا ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' تو میں نے اسے آزاد کردیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اختیار دیا' تو اس نے کہا: اگر مجھے اتنا اتنا مال بھی دیا جائے' تو میں (اپنے شوہر) کے ساتھ نہیں رہوں گی۔

اسود نامی راوی کہتے ہیں: اس کا شوہر ایک آزاد شخص تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ زَوْجَ بَرِيرَةَ كَانَ عَبْدًا لَا حُرًّا، وَاَنَّ الْاَسْوَدَ وَاهِمٌ فِي قَوْلِهِ: كَانَ حُرًّا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' سیّدہ بریرہ رضی اللہ عنہا کے شوہر غلام تھے وہ آزاد شخص نہیں تھے اور اسود نامی راوی کو یہ بیان کرنے میں وہم ہوا ہے' وہ آزاد تھے

4272 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ،

4271– إسناده صحيح، إبراهيم بن الحجاج النيلي ثقة روى له النسائي، وقد وقع في نسخ (تهذيب التهذيب) و (التقريب) في ترجمته أنه تمييز، وهو خطأ يستدرك من (تهذيب الكمال) 2/71، والنِّيلي: نسبة إلى النيل: مدينة بين الكوفة وواسط، ومن فوقه ثقات على شرطهما . أبو عوانة: هو وضاح اليشكري، ومنصور: هو ابن المعتمر، وإبراهيم: هو إبراهيم بن يزيد بن قيس بن الأسود النخعي، والأسود: هو ابن يزيد بن قيس النخعي (خال إبراهيم النخعي) .وأخرجه البيهقي 7/223 من طريق أبي بكر الإسماعيلي، عن الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (6754) في الفرائض: باب ميراث السائبة، والبيهقي 7/223 .

4272– إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه مسلم (1504) (9) في العتق: باب إنما الولاء لمن أعتق، والنسائي 6/164–165 في الطلاق: باب خيار الأمة تعتق وزوجها مملوك، وفي العتق من (الكبرى) كما في (التحفة) 12/124، والبيهقي 7/132 من طريق إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (1504) (9)، والبيهقي 7/132 من طريقين عن جرير، به .وأخرجه أبو داوُد (2233) في الطلاق: باب في المملوكة تعتق وهي تحت حر أو عبد، والترمذي (1154) في الرضاع: باب ما جاء في المرأة تعتق ولها زوج، من طريقين عن جرير، به مختصراً بلفظ: كان زوج بريرة عبداً فخيرها رسول الله صلى الله عليه وسلم فاختارت نفسها، ولو كان حراً لم يخيرها .وأخرجه أحمد 6/213، والبخاري (2563) في المكاتب: باب استعانة المكاتب وسؤال الناس، ومسلم (1504) (8) و (9)، وأبو داوُد (3930) في العتق: باب في بيع المكاتب إذا فسخت الكتابة، وابن ماجة (2521) في العتق: باب المكاتب، والبيهقي 5/338 من طرق عن هشام بن عروة، به، مطولاً .وأخرجه أحمد 6/81–82 و272، والبخاري (2155) في البيوع: باب الشراء والبيع مع النساء، و (2561) في المكاتب: باب ما يجوز من شروط المكاتب، و (2717) في الشروط: باب الشروط في البيوع، ومسلم (1504) (6) و (7)، وأبو داوُد (3929)، والبيهقي 10/299–300 و338 من طرق عن الزهري، به نحوه، وانظر (4325) .

قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَاتَبَتْ بَرِيرَةُ عَلٰى نَفْسِهَا بِتِسْعَةِ اَوَاقٍ، فِيْ كُلِّ سَنَةٍ اُوقِيَّةٌ، فَاَتَتْ عَائِشَةَ تَسْتَعِينُهَا، فَقَالَتْ: لَا، اِلَّا اَنْ يَّشَاؤُوا اَنْ اَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَّةً وَاحِدَةً، وَيَكُوْنَ الْوَلَاءُ لِي، فَذَهَبَتْ بَرِيرَةُ، فَكَلَّمَتْ بِذٰلِكَ اَهْلَهَا فَاَبَوْا عَلَيْهَا اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ، فَجَاءَ تْ اِلٰى عَائِشَةَ وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ لَهَا مَا قَالَ اَهْلُهَا، فَقَالَتْ: لَاهَا: اللّٰهِ اِذًا اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ الْوَلَاءُ لِي، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰذَا؟، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ بَرِيرَةَ اَتَتْنِيْ تَسْتَعِينُنِيْ عَلٰى كِتَابَتِهَا، فَقُلْتُ: لَا اِلَّا اَنْ يَّشَاؤُوا اَنْ اَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَّةً وَاحِدَةً، وَيَكُوْنَ الْوَلَاءُ لِي، فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِاَهْلِهَا، فَاَبَوْا عَلَيْهَا، اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ الْوَلَاءُ لَهُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ابْتَاعِيهَا وَاشْتَرِطِي لَهُمُ الْوَلَاءَ وَاَعْتِقِيهَا، فَاِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ اَعْتَقَ.

ثُمَّ قَامَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ النَّاسَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَشْتَرِطُوْنَ شُرُوطًا لَيْسَتْ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ يَقُوْلُوْنَ: اَعْتِقْ يَا فُلَانُ وَالْوَلَاءُ لِي، كِتَابُ اللّٰهِ اَحَقُّ، وَشَرْطُ اللّٰهِ اَوْثَقُ، كُلُّ شَرْطٍ لَيْسَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ، وَاِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ، فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوْجَهَا، وَكَانَ عَبْدًا فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا.

قَالَ عُرْوَةُ: فَلَوْ كَانَ حُرًّا مَا خَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ زَوْجِهَا

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں بریرہ نے اپنی ذات کے بارے میں نو اوقیہ کے عوض میں کتابت کا معاہدہ کرلیا جس میں ہر سال ایک اوقیہ کی ادائیگی کرنی تھی وہ مدد حاصل کرنے کے لیے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: جی نہیں اگر وہ لوگ چاہیں' تو میں انہیں ایک ساتھ ساری ادائیگی کر دیتی ہوں اور ولاء کا حق مجھے حاصل ہوگا۔ بریرہ گئی اس نے اس بارے میں اپنے مالکان سے بات چیت کی تو انہوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا وہ اس بات کے خواہشمند تھے کہ ولاء کا حق انہیں حاصل رہے۔ بریرہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی وہاں تشریف لے آئے۔ بریرہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو بتایا جو اس کے مالکان نے کہا تھا تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس سے فرمایا: جی نہیں اللہ کی قسم! یہ اسی صورت میں ہوگا' جب ولاء کا حق مجھے حاصل ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا معاملہ ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بریرہ میرے پاس مدد حاصل کرنے کے لیے آئی جو اس کی کتابت کے معاوضے کی ادائیگی کے سلسلے میں تھی' تو میں نے کہا: جی نہیں اگر وہ لوگ چاہیں' تو ان کو ایک ساتھ ادائیگی کر دیتی ہوں اور ولاء کا حق مجھے حاصل ہوگا اس نے اس بات کا تذکرہ اپنے مالکان سے کیا' تو انہوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا وہ مصر تھے کہ ولاء کا حق ان کے پاس رہے گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے خرید لو اور ولاء کی شرط ان کے لیے رہنے دو اور پھر تم اسے آزاد کر دو ولاء کا حق اسے حاصل ہوتا ہے' جو آزاد کرتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں کو کیا ہو گیا ہے وہ ایسی شرائط عائد کرتے ہیں' جن کی اجازت اللہ کی کتاب میں نہیں ہے لوگ یہ کہتے ہیں تم فلاں کو آزاد کر دو اور

ولاء کا حق مجھے حاصل ہوگا حالانکہ اللہ کی کتاب اس کی زیادہ حقدار ہے اور اللہ تعالیٰ کی شرط زیادہ مضبوط ہوتی ہے ہر وہ شرط جس کی اجازت اللہ کی کتاب میں نہ ہو وہ باطل شمار ہوگی اگرچہ وہ ایک سو شرطیں ہوں۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون کو اس کے شوہر کے حوالے سے اختیار دیا وہ شوہر ایک غلام شخص تھا اس عورت نے اپنی ذات کو اختیار کرلیا۔

عروہ کہتے ہیں اگر ان کا شوہر آزاد شخص ہوتا تو نبی اکرم ﷺ اسے اس کے شوہر کے حوالے سے اسے اختیار نہ دیتے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ زَوْجَ بَرِيرَةَ كَانَ عَبْدًا لَا حُرًّا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے سیّدہ بریرہ رضی اللہ عنہا کے شوہر غلام تھے وہ آزاد نہیں تھے

4273 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ زَوْجَ بَرِيرَةَ كَانَ عَبْدًا، يُقَالُ لَهُ: مُغِيثٌ، كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَيْهِ يَطُوفُ خَلْفَهَا يَبْكِي وَدُمُوعُهُ تَسِيلُ عَلٰى لِحْيَتِهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ: يَا عَبَّاسُ، اَلَا تَعْجَبُ مِنْ شِدَّةِ حُبِّ مُغِيثٍ بَرِيرَةَ، وَمِنْ شِدَّةِ بُغْضِ بَرِيرَةَ مُغِيثًا، فَقَالَ لَهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ رَاجَعْتِيهِ فَاِنَّهُ اَبُو وَلَدِكِ، قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَتَاْمُرُنِي بِهِ؟ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا اَنَا شَافِعٌ، قَالَتْ: فَلَا حَاجَةَ لِي فِيهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بریرہ کا شوہر ایک غلام تھا اس کا نام مغیث تھا یہ منظر آج بھی میری نگاہ میں ہے وہ اس کے پیچھے روتا ہوا جا رہا تھا اس کے آنسو اس کی داڑھی پر بہہ رہے تھے تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے عباس کیا آپ کو حیرانگی نہیں ہو رہی کہ مغیث بریرہ سے کتنی محبت کرتا ہے اور بریرہ مغیث کو کتنا ناپسند کرتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون سے فرمایا: اگر تم اس سے رجوع کرلو (تو یہ مناسب ہوگا) کیونکہ یہ تمہاری اولاد کا باپ ہے اس خاتون نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! کیا آپ مجھے اس بارے میں حکم دے رہے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں صرف سفارش کر رہا ہوں تو اس خاتون نے کہا: مجھے اس کے ساتھ رہنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

4273- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهب بن بقية ثقة من رجال مسلم ومن فوقه ثقات على شرطهما . خالد الأول: هو خالد بن مهران الحذاء، والثاني: هو ابن عبد الله الطحان الواسطي .وأخرجه الدارمي 2/169-170 عن عمرو بن عون، عن خالد بن عبد الله، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (5283) في الطلاق: باب شفاعة النبي صلى الله عليه وسلم في زوج بريرة، والنسائي 8/245-246 في آداب القضاة: باب شفاعة الحاكم للخصوم قبل فصل الحكم، وابن ماجة (2075) في الطلاق: باب خيار الأمة إذا أعتقت، والبيهقي 7/22، والبغوي (2299) من طرق عن عبد الوهاب الثقفي، عن خالد بن مهران الحذاء، به .وأخرجه بنحوه أبو داؤد (2231) في الطلاق: باب في المملوكة تعتق وهي تحت حر أو عبد، من طريق حماد بن سلمة، عن خالد الحذاء، به .

بَابُ الرَّجْعَةِ

باب: رجوع کرنے کا حکم

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ طَلَاقَ الْمَرْءِ امْرَاَتَهُ مَا لَمْ يُصَرِّحْ بِالثَّلَاثِ فِيْ نِيَّتِهٖ يُحْكَمُ لَهٗ بِهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' آدمی کا اپنی بیوی کو طلاق دینا' جبکہ اس نے تین طلاقوں کی صراحت نہ کی ہو' تو اس بارے میں اس آدمی کی نیت کے مطابق حکم عائد کیا جائے گا

4274 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ الْبَتَّةَ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا اَرَدْتَ بِهَا؟، قَالَ: وَاحِدَةً، قَالَ: آللّٰهِ؟، قَالَ: آللّٰهِ، قَالَ: هِيَ عَلٰى مَا اَرَدْتَ

4274- إسناده ضعيف . الزبير بن سعيد ضعفه غير واحد، وقال الدارقطني: يعتبر به، وقال أبو زرعة: شيخ، وقال الدورى عن ابن معين: ثقة، وقال مرّة: ليس بشيء، وقال الآجرى عن أبي داوُد: في حديثه نكارة لا أعلم إلا أني سمعت ابن معين يقول: هو ضعيف، وقال مرة: بلغني عن يحيى أنه ضعيف، وعبد الله بن على بن يزيد لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلّف، ولم يَروِ عنه غير الزبير بن سعيد، فهو في عداد المجهولين، وقال العقيلي: لا يتابع على حديثه، مضطرب الإسناد، وأبوه على بن يزيد: لم يوثقه غير المؤلف، وقال البخاري: لم يصح حديثه، وأبو الربيع الزهراني: هو سليمان بن داوُد العتكي، وهو في (مسند أبي يعلى) (1537) .وأخرجه أبو داوُد (2208) في الطلاق: باب في البتة، والبيهقي 7/342، والدارقطني 4/34، من طريق أبي الربيع الزهراني، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبي شيبة 5/65، والطيالسي (1188)، والدارمي 2/163، والترمذي (1177) في الطلاق: باب ما جاء في الرجل يطلق امرأته البتة، وابن ماجة (2051) في الطلاق: باب طلاق البتة، وأبو يعلى: (1538)، والحاكم 2/199، والبيهقي 7/342، وأخرجه أحمد 1/265 من طريق محمد بن إسحاق، حدثني داوُد بن الحصين عن عكرمة مولى ابن عباس، عن ابن عباس، قال: طلق ركانة بن عبد يزيد أخو بني مطلب- امرأته ثلاثاً في مجلس واحد، فحزن حزناً شديداً، قال: فسأله رسول الله صلى الله عليه وسلم: "كيف طلقتها؟" قال: طلقتها ثلاثاً، قال: فقال: "في مجلس واحد؟" قال: نعم، قال: "فإنما تلك واحدة، فأرجعها إن شئت"، قال: فرجعها، فكان ابن عباس يرى أنما الطلاق عند كل طهر . قلت ورواية داوُد بن الحصين عن عكرمة فيها شيء، قال على بن المديني: ما روى عن عكرمة فمنكر، وقال أبو داوُد: أحاديثه عن شيوخه مستقيمة، وأحاديثه عن عكرمة مناكير، وفي (التقريب) ثقة إلا عكرمة .وأخرجه البيهقي 7/339 من هذا الوجه،

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَلزُّبَيْرُ بْنُ سَعِيْدٍ هٰذَا هُوَ الزُّبَيْرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، اُمُّهُ: حَمَادَةُ بِنْتُ يَعْقُوْبَ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، مَاتَ فِیْ وِلَايَةِ اَبِیْ جَعْفَرٍ

❀❀ عبداللہ بن علی اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے اپنی اہلیہ کو طلاق بتہ دے دی وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم نے اس کے ذریعے کیا مراد لی تھی انہوں نے جواب دیا: ایک (طلاق) نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا اللہ کی قسم! (ایسا ہی ہے) انہوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم! (ایسا ہی ہے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ اس کے مطابق شمار ہوگی جو تم نے ارادہ کیا تھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) زبیر بن سعید نامی راوی زبیر بن سعید بن سلیمان بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب ہیں ان کی والدہ حمادہ بنت یعقوب بن سعید بن نوفل بن حارث بن عبدالمطلب ہیں ان کا انتقال خلیفہ ابوجعفر کے عہد خلافت میں ہوا تھا۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ طَلَاقَ امْرَاَتِهٖ وَرَجْعَتِهَا مَتٰى مَا اَحَبَّ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ اپنی بیوی کو طلاق دیدے اور پھر جب وہ چاہے اس سے رجوع کر لے

4275 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَالِحِ بْنِ ذَرِيْحٍ، بِعُكْبَرَا، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَسْرُوْقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ، عَنْ صَالِحٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَّقَ حَفْصَةَ، ثُمَّ رَاجَعَهَا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دے دی تھی پھر آپ ﷺ نے ان سے رجوع کر لیا تھا۔

4275- حديث صحيح. مسروق بن المرزبان روى عنه جمع، وذكره المؤلف في الثقات، وقال صالح بن محمد: صدوق، وقال أبو حاتم: ليس بالقوي، يكتب حديثه، قلت: وقد توبع عليه، ومن فوقه ثقات على شرطهما، ابن أبي زائدة: هو يحيى بن زكريا بن أبي زائدة، وصالح: هو صالح بن صالح بن حيّ الهمداني الكوفي. وأخرجه ابن ماجة (2016) في أول الطلاق، عن مسروق بن المرزبان، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 2/160-161، وأبو داوُد (2283) في الطلاق: باب في المراجعة، والنسائي 6/213 في الطلاق: باب الرجعة (وقع في المطبوع منه: ابن عباس عن ابن عمر، وهو تحريف)، وابن ماجة (2016)، وأبو يعلى (173)، والحاكم 2/197، والبيهقي 7/321-322 من طرق عن يحيى بن زكريا بن أبي زائدة، بِهِ. وصححه الحاكم على شرطهما ووافقه الذهبي.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاجَعَ حَفْصَةَ مِنْ اَجْلِ اَبِيهَا عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا سے ان کے والد حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی وجہ سے رجوع کیا تھا

4276 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): دَخَلَ عُمَرُ عَلٰى حَفْصَةَ وَهِيَ تَبْكِي، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ، لَعَلَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَّقَكِ، اِنَّهُ قَدْ كَانَ طَلَّقَكِ، ثُمَّ رَاجَعَكِ مِنْ اَجْلِي، فَاَيْمُ اللّٰهِ لَئِنْ كَانَ طَلَّقَكِ لَا كَلَّمْتُكِ كَلِمَةً اَبَدًا

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے وہ رو رہی تھیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: تم کیوں رو رہی ہو؟ شاید نبی اکرم ﷺ نے تمہیں طلاق دے دی ہے' اگر نبی اکرم ﷺ نے تمہیں طلاق دے بھی دی ہے' تو میری وجہ سے وہ تم سے رجوع کر لیں گے۔ اللہ کی قسم! اگر نبی اکرم ﷺ تمہیں طلاق دے دیں (یعنی ایسی طلاق جس میں رجوع کی گنجائش نہ ہو) تو میں تمہارے ساتھ کبھی بات نہ کرتا۔

4276– إسناده جيد، يونس بن بكير صدوق روى له مسلم متابعة، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين، أبو صالح: هو ذكوان السمان .ورواه الطبراني في (الكبير) /23 (305) عن عبد الله بن احمد بن حنبل، حدثني محمد بن عبد الله بن نمير بهذا الإسناد .وأورده الهيثمي في (المجمع) 9/244، وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح واخرجه البزار (1502) من طريق يونس بن كريب به .واخرجه البزار (1503) من طريق عمر بن عبد الغفار، بِهِ .وذكره البزار في (المجمع) 4/333، وقال: رواه أبو يعلى والبزار، ورجال ابي يعلى رجال الصحيح، وكذا البزار .

بَابُ الْاِیْلَاءِ

باب: ایلاء کا حکم

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّوَلِّيَ مِنِ امْرَاَتِهٖ اَيَّامًا مَعْلُومَةً

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ متعین دنوں تک کے لیے اپنی بیوی سے ایلاء کر لے

4277 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ قَالَ:

(متن حدیث): آلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نِسَائِهٖ، وَكَانَتِ انْفَكَّتْ رِجْلُهٗ، فَاَقَامَ فِيْ مَشْرُبَةٍ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ، ثُمَّ نَزَلَ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، آلَيْتَ شَهْرًا، قَالَ: الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کے ساتھ ایلاء کرلیا آپ کی ٹانگ پر بھی چوٹ آئی ہوئی تھی، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انتیس دن تک بالا خانے میں مقیم رہے پھر آپ اس سے نیچے اترے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے ایک ماہ کے لیے ایلاء کیا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہینہ (کبھی) انتیس دن کا بھی ہوتا ہے۔

ذِكْرُ مَا يَعْمَلُ الْمَرْءُ اِذَا آلٰى مِنِ امْرَاَتِهٖ بِالْيَمِيْنِ

اس بات کا تذکرہ جب کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ قسم اٹھا کر ایلاء کرلے تو اسے کیا کرنا چاہئے

4278 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، حَدَّثَنَا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): آلٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نِسَائِهٖ، فَجَعَلَ الْحَرَامَ حَلَالًا، وَجَعَلَ فِيْ

4277– إسناده صحيح على شرط مسلم . يحيى بن أيوب المَقَابِرى ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات على شرطهما، وحميد قد سمعه من أنس كما فى رواية البخارى (5289) . أخرجه الترمذى (690) فى الصوم: باب ما جاء أن الشهر يكون تسعاً وعشرين، والبغوى (2344) من طريق على بن حجر، عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/200، وابن أبى شيبة 3/85، والبخارى (378) فى الصلاة: باب الصلاة فى السطوح والمنبر الخشب، و (1911) فى الصوم: باب قول النبى صلى الله عليه وسلم: "إذا رأيتم الهلال فصوموا، وإذا رأيتموه فأفطروا"

الْيَمِيْنِ كَفَّارَةً

۞۞ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کے ساتھ ایلاء کر لیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام کو حلال کیا (یعنی اس سے رجوع کر لیا) اور قسم کا کفارہ ادا کیا۔

4278- إسناده ضعيف . مسلمة بن علقمة مختلف فيه، وثقه ابن معين، وقال أبو زرعة: لا بأس به، وقال أبو حاتم: صالح الحديث، وذكره المؤلف في (الثقات)، وقال أحمد: شيخ ضعيف حدث عن داوُد بن أبى هند أحاديث مناكير، وقال النسائى: ليس بالقوى، وترك عبد الرحمن بن مهدى حديثه، ولم يكن يحيى بن سعيد بالراضى عنه، وقال الساجى: روى عن داوُد بن أبى هند مناكير، وذكره العقيلى فى (الضعفاء) وقال: وله عن داوُد مناكير، وما لا يتابع عليه من حديثه كثير، وذكر له ابن عدى أحاديث وقال: وله غير ما ذكرت مما لا يتابع عليه، وذكر له الإمام الذهبى فى (ميزان الاعتدال) 4/409 هذا الحديث من مناكيره .وأخرجه الترمذى (1201) فى الطلاق: باب ما جاء الإيلاء، وابن ماجة (2072) فى الطلاق: باب الحرام، والبيهقى 7/352 من طريق الحسن بن قزعة، بهذا الإسناد .وقال الترمذى: رواه على بن مسهر وغيره عن داوُد عن الشعبى أن النبى صلى اللّٰه عليه وسلم، و (2469) فى المظالم: باب الغرفة والعُلِّيَّة المشرفة . . .، و (5201) فى النكاح: باب قول اللّٰه تعالى: (لِلَّذِيْنَ يُؤْلُونَ مِنْ نِسَائِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ . . .)، و (6684) فى الأيمان والنذور: باب من حلف ألا يدخل على أهله شهراً وكان الشهر تسعاً وعشرين، والنسائى 6/166-167 فى الطلاق: باب الإيلاء، والبيهقى 7/381 من طرق عن حميد، به . . . وبعضهم يزيد فى الحديث على بعض .

بَابُ الظِّهَارِ

باب: ظہار کا حکم

ذِكْرُ وَصْفِ الْحُكْمِ لِلْمُظَاهِرِ مِنِ امْرَاَتِهٖ، وَمَا يَلْزَمُهٗ عِنْدَ ذٰلِكَ مِنَ الْكَفَّارَةِ

اپنی بیوی کے ساتھ ظہار کرنے والے شخص کے حکم کی صفت کا تذکرہ نیز ایسی صورت میں اس پر کس نوعیت کا کفارہ لازم ہوتا ہے (اس کا بیان)

4279 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِی، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ مَعْمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْظَلَةَ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ خُوَيْلَةَ بِنْتِ ثَعْلَبَةَ،

(متن حدیث): قَالَتْ: فِیَّ وَاللّٰهِ وَفِیْ اَوْسِ بْنِ الصَّامِتِ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَدْرَ سُوْرَةِ الْمُجَادِلَةِ،

4279– حديث صحيح رجاله كلهم ثقات غير معمر بن عبد الله بن حنظلة، فإنه لا يعرف، قال الإمام الذهبي فی (الميزان) 4/155: كان فی زمن التابعين لا يعرف، وذكره ابن حبان فی ثقاته، ما حدث عنه سوى ابن إسحاق بخبر مظاهرة أوس بن الصامت، وقال الحافظ فی (التقريب) : مقبول، أی: عند المتابعة، ومع ذلك فقد حسن إسناده فی (الفتح) 9/343 . قلت: وله شواهد تقويه ستأتی، فيصح بها .وأخرجه أحمد 6/410–411 عن سعد ويعقوب ابنا إبراهيم، قالا: حدثنا أبی، بهذا الإسناد .وأخرجه بأخصر مما هنا أبو داوُد (2214) و (2215) فی انطلاق: باب فی الظهار، والبيهقی 7/391–392، وابن الجارود (746) من طريقين عن ابن إسحاق، بہ .وللحديث شاهد مرسل صحيح عن صالح بن كيسان عند ابن سعد فی (الطبقات) 8/378–379، وآخر عند البيهقی 7/389–390 عن عطاء بن يسار، قال البيهقي بإثره: هذا مرسل، وهو شاهد للموصول قبله، وثالث موصول عن عائشة عند أبی داوُد (2063)، وصححه الحاكم 2/481 ووافقه الذهبی .وفی الباب عن سلمة بن صخر عند أحمد 4/37، وأبی داوُد (2213)، والدارمی 2/163–164، والترمذی (3299)، وابن الجارود (744)، وابن ماجة (2062)، والحاكم 2/203، والبيهقی 7/390 من طرق عن محمد بن إسحاق، عن محمد بن عمرو بن عطاء، عن سليمان بن يسار، عن سلمة بن صخر البياض وفيه عندهم عنعنة ابن اسحاق، وقال البخاری فيما نقل عنه الترمذی: سليمان بن يسار لم يسمع عندی من سلمةبن صخر .وأخرجه الترمذی (1200)، والحاكم 2/204، والبيهقی 7/390 من طريقين عن يحيی بن كثير، عن محمد بن عبد الرحمٰن بن ثوبان وأبی سلمة أن سلمة بن صخر البياض . . .ورجاله ثقات لكنه مرسل .وله شاهد من حديث ابن عباس يَتَقَوّى به عند أبی داوُد (2223)، والترمذی (1199)، والنسائی 6/167، وابن الجارود (747)، والحاكم 2/204، والبيهقی 7/386، وقال الترمذی: حديث حسن، وحسنه الحافظ فی (الفتح) 9/343 .

قَالَتْ: كُنْتُ عِنْدَهُ، وَكَانَ شَيْخًا كَبِيرًا قَدْ سَاءَ خُلُقُهُ، وَضَجِرَ، قَالَتْ: فَدَخَلَ عَلَيَّ يَوْمًا فَرَاجَعْتُهُ فِي شَيْءٍ، فَغَضِبَ، وَقَالَ: اَنْتِ عَلَيَّ كَظَهْرِ اُمِّي، ثُمَّ خَرَجَ، فَجَلَسَ فِي نَادِي قَوْمِهِ سَاعَةً، ثُمَّ دَخَلَ عَلَيَّ، فَإِذَا هُوَ يُرِيدُنِي عَلٰى نَفْسِي، قَالَتْ: قُلْتُ: كَلَّا وَالَّذِي نَفْسُ خُوَيْلَةَ بِيَدِهِ، لَا تَخْلُصُ اِلَيَّ، وَقَدْ قُلْتَ مَا قُلْتَ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ فِينَا بِحُكْمِهِ، قَالَتْ: فَوَاثَبَنِي، فَامْتَنَعْتُ مِنْهُ، فَغَلَبْتُهُ بِمَا تَغْلِبُ بِهِ الْمَرْاَةُ الشَّيْخَ الضَّعِيفَ، فَاَلْقَيْتُهُ تَحْتِي، ثُمَّ خَرَجْتُ اِلٰى بَعْضِ جَارَاتِي، فَاسْتَعَرْتُ مِنْهَا ثِيَابًا، ثُمَّ خَرَجْتُ حَتّٰى جِئْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَلَسْتُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَذَكَرْتُ لَهُ مَا لَقِيتُ مِنْهُ، فَجَعَلْتُ اَشْكُو اِلَيْهِ مَا اَلْقٰى مِنْ سُوءِ خُلُقِهِ، قَالَتْ: فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَا خُوَيْلَةُ، ابْنُ عَمِّكِ شَيْخٌ كَبِيرٌ، فَاتَّقِي اللّٰهَ فِيهِ، قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا بَرِحْتُ حَتّٰى نَزَلَ الْقُرْآنُ، فَتَغَشّٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ يَغْشَاهُ، ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا خُوَيْلَةُ، قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِيكِ وَفِي صَاحِبِكِ، قَالَتْ: ثُمَّ قَرَاَ عَلَيَّ: (قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا وَتَشْتَكِي اِلَى اللّٰهِ) (المجادلة: 1)، اِلٰى قَوْلِهِ: (وَلِلْكَافِرِينَ عَذَابٌ اَلِيمٌ) (البقرة: 104)، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مُرِيهِ فَلْيُعْتِقْ رَقَبَةً، قَالَتْ: وَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا عِنْدَهُ مَا يَعْتِقُ، قَالَ: فَلْيَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ شَيْخٌ كَبِيرٌ، مَا بِهِ مِنْ صِيَامٍ، قَالَ: فَلْيُطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ، فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا ذٰلِكَ عِنْدَهُ، قَالَتْ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنَّا سَنُعِينُهُ بِعَرَقٍ مِنْ تَمْرٍ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: وَاَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَاُعِينُهُ بِعَرَقٍ آخَرَ، فَقَالَ: اَصَبْتِ، وَاَحْسَنْتِ، فَاذْهَبِي فَتَصَدَّقِي بِهِ عَنْهُ، ثُمَّ اسْتَوْصِي بِابْنِ عَمِّكِ خَيْرًا، قَالَتْ: فَفَعَلْتُ

سیّدہ خویلہ بنت ثعلبہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے میرے اور (میرے شوہر) اوس بن صامت کے بارے میں سورۂ مجادلہ کی ابتدائی آیات نازل کی تھیں وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں ان کی بیوی تھی وہ ایک بڑی عمر کے بزرگ آدمی تھے جن کے اخلاق اچھے نہیں تھے وہ ڈانٹ ڈپٹ کیا کرتے تھے۔ وہ خاتون بیان کرتی ہیں: ایک دن وہ میرے ہاں تشریف لائے میں نے (لڑائی کے دوران) کسی بات کا جواب دیا: تو وہ غصے میں آ گئے اور بولے: تم میرے لیے میری ماں کی پشت کی طرح (قابل احترام) ہو پھر وہ گھر سے باہر چلے گئے وہ اپنی قوم کی چوپال میں کچھ دیر بیٹھے رہے پھر میرے ہاں تشریف لائے وہ میری قربت حاصل کرنا چاہتے تھے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے کہا: ہرگز نہیں اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں خویلہ کی جان ہے آپ جو بات کہہ چکے ہیں اس کی وجہ سے اب آپ میرے پاس اس وقت تک نہیں آ سکتے جب تک اللہ اور اس کا رسول اس بارے میں کوئی فیصلہ نہیں دے دیتے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: انہوں نے مجھ پر حملہ کر دیا میں نے ان سے بچنے کی کوشش کی وہ خاتون اس پر اتنا غالب آ گئی جتنی کوئی عورت ایک بوڑھے عمر رسیدہ شخص پر غالب آ سکتی ہے میں نے انہیں اپنے نیچے کر لیا' پھر میں اپنی پڑوسن کے گھر آ گئی میں نے اس سے چادر عارضی استعمال کے لیے لی پھر میں وہاں سے نکلی' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی میں آپ کے سامنے بیٹھ گئی میں نے آپ کے سامنے ساری صورت حال کا ذکر کیا اور میں نے آپ کے

سامنے اس بات کی بھی شکایت کی کہ مجھے ان کی طرف سے برے اخلاق کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ خاتون بیان کرتی ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے خویلہ تمہارے چچازاد بوڑھے عمر رسیدہ شخص ہیں تم ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ خاتون نے عرض کی: اللہ کی قسم! میں ابھی وہیں تھی' یہاں تک کہ قرآن کا حکم نازل ہوگیا۔ نبی اکرم ﷺ کے اوپر وہ خاص کیفیت طاری ہوئی (جو وحی کے نزول کے وقت ہوتی تھی) پھر آپ ﷺ کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے خویلہ! اللہ تعالیٰ نے تمہارے اور تمہارے شوہر کے بارے میں حکم نازل کر دیا ہے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ نے میرے سامنے یہ آیت تلاوت کی۔

''اللہ تعالیٰ نے اس عورت کی بات کو سن لیا ہے' جو اپنے شوہر کے بارے میں تمہارے ساتھ بحث کر رہی تھی اور وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکایت کر رہی تھی''۔

یہ آیت یہاں تک ہے ''کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے''۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے (یعنی اپنے شوہر کو) کہو کہ وہ کوئی گردن آزاد کرے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ان کے پاس کوئی ایسی چیز نہیں ہے' جسے وہ آزاد کریں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر وہ مسلسل دو ماہ کے روزے رکھے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ ﷺ! وہ بوڑھے عمر رسیدہ شخص ہیں ان میں روزہ رکھنے کی استطاعت نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر وہ ساٹھ مسکینوں کو کھجوروں کا ایک وسق کھلائے میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ ﷺ! ان کے پاس یہ بھی نہیں ہے وہ خاتون بیان کرتی ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہم کھجوروں کے ایک عرق کے ذریعے اس کی مدد کریں گے وہ خاتون بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں ایک اور عرق کے ذریعے ان کی مدد کردوں گی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے ٹھیک کیا ہے اور تم نے اچھا کیا ہے تم جاؤ اور ان کی طرف سے صدقہ کر دو اور اپنے چچازاد کے بارے میں بھلائی کی تلقین کو قبول کرو' تو وہ خاتون کہتی ہیں' تو میں نے ایسا ہی کیا۔

بَابُ الْخُلْعِ

باب: خلع کا حکم

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْاَةِ بِاِعْطَاءِ مَا طَابَتْ نَفْسُهَا بِهٖ عَلَى الْخُلْعِ

عورت کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ وہ خلع لیتے ہوئے اس چیز کی ادائیگی کردے جو اسے پسند ہے

4280 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ عَنْ حَبِيْبَةَ بِنْتِ سَهْلٍ الْاَنْصَارِيَّةِ،

(متن حدیث): اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ، وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلٰى صَلَاةِ الصُّبْحِ، فَوَجَدَ حَبِيْبَةَ بِنْتَ سَهْلٍ عَلٰى بَابِهٖ فِى الْغَلَسِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا شَانُكِ؟، فَقَالَتْ: لَا اَنَا، وَلَا ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ -لِزَوْجِهَا-، فَلَمَّا جَاءَ ثَابِتٌ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهٖ حَبِيْبَةُ بِنْتُ سَهْلٍ، قَدْ ذَكَرَتْ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ تَذْكُرَ، قَالَتْ حَبِيْبَةُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، كُلُّ مَا اَعْطَانِىْ عِنْدِىْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ: خُذْ مِنْهَا، فَاَخَذَ مِنْهَا، وَجَلَسَتْ فِىْ اَهْلِهَا

سیّدہ حبیبہ بنت سہل انصاریہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وہ حضرت ثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے لیے گھر سے نکلے تو انہوں نے اندھیرے میں حبیبہ بنت سہل کو اپنے دروازے پر موجود پایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کیا ہوا ہے؟ اس خاتون نے جواب دیا: میرا اور ثابت بن قیس کا گزارا نہیں ہوسکتا یعنی اس نے اپنے شوہر کے بارے میں یہ بات کہی جب ثابت آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ حبیبہ بنت سہل اس نے جو اللہ کو منظور تھا وہ ذکر کیا ہے تو سیّدہ حبیبہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! انہوں نے جو بھی (مہر کے طور پر) دیا تھا وہ میرے پاس ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ثابت بن قیس سے فرمایا: وہ تم اس سے لے لو وہ انہوں نے اس سے لے لیا اور وہ خاتون اپنے میکے واپس چلی گئی۔

4280– إسناده صحيح على شرطهما غير صحابية الحديث، فلم يرو لها غير أبى داوُد والنسائى، وهو فى (الموطأ) 2/564 فى الطلاق: باب ما جاء فى الخلع .ومن طرق مالك أخرجه الشافعى 2/50–51، وأحمد 6/433–434، وأبو داوُد (2227) فى الطلاق: باب فى الخلع، والنسائى 6/169 فى الطلاق: باب ما جاء فى الخلع، وابن الجارود (749)، والبيهقى 7/312–313 .وأخرجه الشافعى 2/50، ومن طريقه البيهقى 7/313، عن ابن عيينة، عن يحيى بن سعيد، به مختصراً .وأخرجه أبو داوُد (2228) من طريق أبى عمر السدوسى المدنى سعيد بن سلمة بن أبى الحسام العدوى–، عن عبد الله بن أبى بكر بن محمد بن عمرو بن حزم، عن عمرة، عن عائشة . . . .وأخرج أحمد 4/3 من طريق الحجاج بن أرطأة، عن عمرو بن شعيب .

بَابُ اللِّعَانِ

باب: لعان کا حکم

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ اَنْزَلَ اللّٰهُ آيَةَ اللِّعَانِ

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے لعان کے حکم سے متعلق آیت نازل کی

4281 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسْجِدِ الْمَدِيْنَةِ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَقَالَ رَجُلٌ: اَرَاَيْتُمْ لَوْ وَجَدَ رَجُلٌ مَعَ امْرَاَتِهِ رَجُلًا، فَاِنْ قَتَلَهُ قَتَلْتُمُوهُ، وَاِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰى غَيْظٍ، فَوَاللّٰهِ لَاَسْاَلَنَّ عَنْهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا اَصْبَحَ غَدَا عَلَيْهِ، فَسَاَلَهُ، فَقَالَ: لَوْ وَجَدَ رَجُلٌ مَعَ امْرَاَتِهِ رَجُلًا، فَاِنْ قَتَلَهُ قَتَلْتُمُوهُ، وَاِنْ تَكَلَّمَ جَلَدْتُمُوهُ، وَاِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰى غَيْظٍ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ افْتَحْ، فَنَزَلَتْ: (وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ) (النور: 6)، هٰؤُلَاءِ الْآيَاتُ فِي اللِّعَانِ، فَجَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَامْرَاَتُهُ فَتَلَاعَنَا، فَشَهِدَ الرَّجُلُ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِيْنَ، وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِيْنَ، فَلَمَّا اَخَذَتِ امْرَاَتُهُ لِتَلْتَعِنَ، قَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْ، فَالْتَعَنَتْ، فَلَمَّا اَدْبَرَتْ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَعَلَّهَا اَنْ تَجِيْءَ بِهِ اَسْوَدَ جَعْدًا، فَجَاءَتْ بِهِ اَسْوَدَ جَعْدًا، قَالَ اِسْحَاقُ: قَالَ يَحْيَى بْنُ مَعِيْنٍ: قُلْتُ لِجَرِيْرٍ: لَمْ يَرْوِ هٰذَا عَنِ الْاَعْمَشِ اَحَدٌ غَيْرُكَ، قَالَ: لٰكِنِّيْ سَمِعْتُهُ مِنْهُ

✿✿ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک رات ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ مدینہ منورہ کی مسجد میں موجود تھے ایک صاحب نے عرض کی: آپ لوگوں کی کیا رائے ہے اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہے تو اگر وہ اس دوسرے شخص کو قتل کر دیتا ہے تو آپ لوگ اسے قتل کر دیں گے اور اگر وہ خاموش رہتا ہے تو وہ ناراضگی کے عالم میں خاموش رہے گا (یا ایسی بات پر

4281- إسناده صحيح على شرطهما . جرير: هو ابن عبد الحميد . وأخرجه مسلم (1495) في اللعان، والبيهقي 7/405 من طريق إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم، وأبو داؤد (2253) في الطلاق: باب في اللعان، والبيهقي 7/405 من طريقين عن جرير، به . وأخرجه بنحوه أحمد 1/421-422، ومسلم، وابن ماجة (2068) في الطلاق: باب اللعان، وابن جرير الطبري في (جامع البيان) 18/84، من طرق عن الأعمش، به .

خاموش رہے گا، جس پر غصہ کیا جانا چاہئے) اللہ کی قسم! میں اس بارے میں نبی اکرم ﷺ سے ضرور دریافت کروں گا اگلے دن وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور نبی اکرم ﷺ سے اس بارے میں دریافت کیا: انہوں نے کہا: اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہے اور اسے مار دیتا ہے، تو آپ لوگ قتل کر دیں گے اگر وہ یہ الزام عائد کرتا ہے، تو آپ لوگ اسے کوڑے لگائیں گے اور اگر وہ خاموش رہتا ہے، تو ایسی بات پر خاموش رہتا ہے، جس پر غصہ کرنا چاہئے پھر نبی اکرم ﷺ نے (یا اس شخص نے) دعا کی اے اللہ! تو کشادگی عطا کر تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''اور وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر الزام عائد کرتے ہیں''۔

یہ آیات لعان کے بارے میں ہیں پھر وہ شخص اور اس کی بیوی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان دونوں نے لعان کیا اس مرد نے چار مرتبہ اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر یہ گواہی دی کہ وہ سچا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہا: اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹا ہو پھر اس عورت نے لعان کرنا چاہا تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: ٹھہر جاؤ، لیکن اس عورت نے لعان کیا جب وہ چلی گئی تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہوسکتا ہے، یہ عورت سیاہ رنگ کے گھنگھریالے بالوں والے بچے کو جنم دے (راوی کہتے ہیں) تو اس عورت کے ہاں سیاہ رنگ کے گھنگھریالے بالوں والے بچے کی پیدائش ہوئی۔

اسحاق نامی راوی کہتے ہیں: یحییٰ بن معین نے یہ بات بیان کی ہے میں نے جریر سے کہا آپ کے علاوہ اور کسی نے یہ روایت اعمش کے حوالے سے نقل نہیں کی ہے، تو جریر نے کہا: میں نے تو ان سے یہ روایت سنی ہوئی ہے۔

4282 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ،

(متنِ حدیث): اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِنْ وَجَدْتُ مَعَ امْرَاَتِىْ رَجُلًا اُمْهِلُهُ حَتّٰى آتِىَ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کی یارسول اللہ ﷺ! آپ کی کیا رائے ہے، اگر میں اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہوں، تو کیا میں اس شخص کو مہلت دوں گا تاکہ پہلے چار گواہ لے آؤں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔

4283 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنِ

4282- إسناده صحيح على شرط مسلم، سهيل بن أبي صالح، روى له البخاري مقروناً، واحتج به الباقون، وهو في (الموطأ) 2/737 في الأقضية: باب القضاء فيمن وجد مع امرأته رجلاً، و 823 في الحدود: باب ما جاء في الرجم .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/81، وأحمد 2/465، ومسلم (1498) (15) في اللعان، وأبو داوُد (4533) في الديات: باب في من وجد مع أهله رجلا أيقتله؟، والنسائي في الرجم كما في " التحفة " 9/416: باب عدد الشهود على الزنا، والبيهقي 8/230 و337 و10/147، والبغوي (2371) . أخرجه مسلم (1498) (16) عن سليمان بن بلال، عن سهيل بهذا الإسناد وزاد: قال: كلا والذي بعثك بالحق إن كنت لأعاجله بالسيف قبل ذلك، فقال رسول الله: " اسمعوا إلى ما يقول سيدكم إنه لغيور، وأنا أغير منه، والله أغير مني " .

الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ رَجُلًا رَاٰى مَعَ امْرَاَتِهِ رَجُلًا يَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ، اَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ بِهِ؟ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مَا ذُكِرَ فِي الْقُرْآنِ مِنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ قُضِيَ فِيكَ، وَفِي امْرَاَتِكَ، قَالَ: فَتَلَاعَنَا وَاَنَا شَاهِدٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنْ اَمْسَكْتُهَا فَقَدْ كَذَبْتُ عَلَيْهَا فَفَارَقَهَا، فَكَانَتْ سُنَّةٌ بَعْدُ اَنْ يُّفَرَّقَ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ، فَكَانَتْ حَامِلًا فَاَنْكَرَ حَمْلَهَا، وَكَانَ ابْنُهَا يُدْعَى اِلَيْهَا، ثُمَّ جَرَتِ السُّنَّةُ فِي الْمِيرَاثِ اَنْ يَّرِثَهَا وَتَرِثُ مِنْهُ مَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهَا

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسے شخص کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا رائے ہے' جو اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاتا ہے اور اسے مار دیتا ہے' تو آپ لوگ (بدلے میں) اسے قتل کر دیں گے ایسے شخص کو کیا کرنا چاہئے (راوی کہتے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں وہ چیز ذکر کی جو لعان کرنے والوں کے حوالے سے ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے فرمایا: تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں فیصلہ دے دیا گیا ہے۔ راوی کہتے ہیں' تو ان دونوں نے لعان کیا میں اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر اب بھی میں اس عورت کو اپنے ساتھ رکھتا ہوں' تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے' تو اس شخص نے اس عورت سے علیحدگی اختیار کی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں سے دو آدمیوں کو سنا ان میں سے ایک اپنے ساتھی سے یہ کہہ رہا تھا: ذرا اس شخص کی طرف دیکھو کہ اللہ تعالیٰ نے اس کا پردہ رکھا تھا' لیکن اس نے اپنے آپ کو ایسی حالت میں کر دیا کہ اسے کتے کی طرح سنگسار کر دیا گیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں کی بات پر خاموش رہے پھر آپ کا گزر ایک مردار گدھے کے پاس سے ہوا جس کا پاؤں اوپر کی طرف اٹھا ہوا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: فلاں اور فلاں شخص کہاں ہیں؟ ان دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم یہاں ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے فرمایا: تم دونوں اس گدھے کا مردار کھا لو ان دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مغفرت کرے اسے کون کھا سکتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے ابھی تھوڑی دیر پہلے اس شخص کی عزت پر جو حملہ کیا ہے وہ اس مردار کو کھانے سے زیادہ برا ہے اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے وہ شخص اس وقت جنت کی نہروں میں ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ فِي الْمِرَارِ الْاَرْبَعِ، وَاَمَرَ بِهٖ فَطُرِدَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کو چار مرتبہ واپس کر دیا تھا آپ ﷺ کے حکم کے تحت ان کو وہاں سے نکال دیا گیا تھا

4400 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْهَضْهَاضِ الدَّوْسِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ الْاَبْعَدَ قَدْ زَنٰى، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلَكَ وَمَا يُدْرِيكَ مَا الزِّنٰى، ثُمَّ اَمَرَ بِهٖ فَطُرِدَ وَاُخْرِجَ، ثُمَّ اَتَاهُ الثَّانِيَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ الْاَبْعَدَ قَدْ زَنٰى، فَقَالَ: وَيْلَكَ وَمَا يُدْرِيكَ مَا الزِّنٰى، فَطُرِدَ وَاُخْرِجَ، ثُمَّ اَتَاهُ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ الْاَبْعَدَ قَدْ زَنٰى، قَالَ: وَيْلَكَ وَمَا يُدْرِيكَ مَا الزِّنٰى، قَالَ: اَتَيْتُ امْرَاَةً حَرَامًا مِثْلَ مَا يَاْتِي الرَّجُلُ مِنِ امْرَاَتِهٖ، فَاَمَرَ بِهٖ فَطُرِدَ وَاُخْرِجَ، ثُمَّ اَتَاهُ الرَّابِعَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ الْاَبْعَدَ قَدْ زَنٰى، قَالَ: وَيْلَكَ وَمَا يُدْرِيكَ مَا الزِّنٰى، قَالَ: اَدْخَلْتَ وَاَخْرَجْتَ؟، قَالَ: نَعَمْ، فَاَمَرَ بِهٖ اَنْ يُّرْجَمَ، فَلَمَّا وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ تَحَمَّلَ اِلٰى شَجَرَةٍ، فَرُجِمَ عِنْدَهَا حَتّٰى مَاتَ، فَمَرَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذٰلِكَ مَعَهُ نَفَرٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ لِصَاحِبِهٖ: وَاَبِيكَ اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْخَائِبُ، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِرَارًا، كُلُّ ذٰلِكَ يَرُدُّهُ حَتّٰى قُتِلَ كَمَا يُقْتَلُ الْكَلْبُ، فَسَكَتَ عَنْهُمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى مَرَّ بِجِيفَةِ حِمَارٍ شَائِلَةٌ رِجْلُهَا، فَقَالَ: كُلَا مِنْ هٰذَا، قَالَا: مِنْ جِيفَةِ حِمَارٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَالَّذِي نِلْتُمَا مِنْ عِرْضِ اَخِيكُمَا اَكْثَرُ، وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ، اِنَّهٗ لَفِي نَهَرٍ مِّنْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ يَتَقَمَّصُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ماعز نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: دور والے نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو کیا تم جانتے ہو کہ زنا کیا ہے پھر نبی اکرم ﷺ نے اس کے بارے میں حکم دیا' تو اسے وہاں سے نکال دیا گیا پھر وہ دوسری مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! دور کے شخص نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو تمہیں کیا پتہ زنا کیا

4400- إسناده ضعيف كسابقه . وأورده البخاري في "التاريخ الكبير " 5/361 فقال: عبد الرحمٰن بن الهضاض، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرجم . قاله عمرو بن خالد، عن مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِي الزبير . . .

ہے اسے پھر وہاں سے نکال دیا گیا پھر وہ تیسری مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! دور کے شخص نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو تمہیں کیا پتہ کہ زنا کیا چیز ہے اس نے عرض کی: میں نے ایک عورت کے ساتھ حرام طور پر وہی کام کیا ہے' جو کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کرتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس کے بارے میں حکم دیا' تو اسے وہاں سے نکال دیا گیا وہ چوتھی مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! دور کے شخص نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو تمہیں کیا پتہ ہے کہ زنا کیا ہوتا ہے کیا تم نے اندر داخل کیا اور باہر نکالا اس نے جواب دیا: جی ہاں' تو نبی اکرم ﷺ نے اس کے بارے میں حکم دیا کہ اسے سنگسار کر دیا جائے جب اسے پتھر لگنے لگے تو اس نے درخت کی آڑ لی پھر اسے اس درخت کے پاس سنگسار کر دیا گیا' یہاں تک کہ اس کا انتقال ہو گیا۔

اس کے بعد نبی اکرم ﷺ گزر رہے تھے آپ ﷺ کے ہمراہ آپ ﷺ کے کچھ اصحاب بھی تھے ان میں سے ایک صاحب نے اپنے ساتھی سے کہا تمہارے باپ کی قسم یہ شخص خسارے کا شکار ہونے والا ہے یہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کئی مرتبہ حاضر ہوا ہر مرتبہ نبی اکرم ﷺ اسے واپس کرتے رہے' یہاں تک کہ اسے یوں قتل کر دیا گیا جس طرح کتے کو مارا جاتا ہے' تو نبی اکرم ﷺ ان دونوں کے حوالے سے خاموش رہے' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ کا گزر ایک گدھے کے مردار جسم کے پاس سے ہوا جس کا پاؤں اوپر کی طرف اٹھا ہوا تھا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم دونوں اسے کھاؤ ان دونوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا گدھے کے مردار کو کھائیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے اپنے بھائی کی عزت پر جو حملہ کیا ہے وہ اس سے زیادہ (بڑا گناہ ہے) اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں محمد کی جان ہے وہ شخص اب جنت کی نہروں میں غوطے لگا رہا ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ تَقَمُّصِ مَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ الَّذِى ذَكَرْنَاهُ فِى الْجَنَّةِ

حضرت ماعز بن مالک ؓ جن کا ہم نے ذکر کیا ہے ان کا جنت میں (نہر میں) ڈبکی لگانے کا تذکرہ

4401 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرِ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَجَمَ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُهُ يَتَخَضْخَضُ فِىْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ

۞۞ حضرت جابر ؓ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے جب حضرت ماعز بن مالک ؓ کو سنگسار کروایا تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے اسے دیکھا ہے' وہ جنت کی نہروں میں تیر رہا ہے۔

4401– رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أن أبا الزبير موصوف بالتدليس وقد عنعن .وأورده السيوطى فى "الجامع الكبير" 2/645، وزاد نسبته للضياء المقدسي .

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْحُدُوْدَ يَجِبُ اَنْ تُقَامَ عَلٰى مَنْ وَجَبَتْ شَرِيفًا كَانَ اَوْ وَضِيعًا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، جس شخص کے لیے حد ثابت ہو جائے اس پر حد قائم کرنا واجب ہے خواہ وہ شخص بڑے خاندان کا ہو یا عام فرد ہو

4402 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، بِعَسْقَلَانَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ قُرَيْشًا اَهَمَّتْهُمْ شَاْنُ الْمَرْاَةِ الْمَخْزُوْمِيَّةِ الَّتِي سَرَقَتْ، فَقَالُوا: مَنْ يُكَلِّمُ فِيهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: وَمَنْ يَّجْتَرِءُ عَلَيْهِ اِلَّا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، حُبُّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَلَّمَهُ اُسَامَةُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَشْفَعُ فِي حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ، ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ، فَقَالَ: اِنَّمَا هَلَكَ الَّذِينَ قَبْلَكُمْ، اَنَّهُمْ كَانُوا اِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الشَّرِيفُ تَرَكُوهُ، وَاِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الضَّعِيفُ اَقَامُوْا عَلَيْهِ الْحَدَّ، وَايْمُ اللّٰهِ، لَوْ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا

✿✿ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: قریش ایک مخزومی خاتون کے معاملے میں بہت پریشان تھے جس نے چوری کی تھی لوگوں نے کہا: اس خاتون کے بارے میں کون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بات کرے گا' تو کسی نے کہا: یہ جرأت صرف اسامہ بن زید کر سکتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب ہیں جب حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں بات کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ کی ایک حد کے بارے میں سفارش کر رہے ہو؟ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: تم سے پہلے کے لوگ اس لیے ہلاکت کا شکار ہو گئے کہ جب ان میں سے بڑے خاندان کا کوئی شخص چوری کرتا تو وہ اسے چھوڑ دیتے تھے اور جب کسی کمزور خاندان کا شخص چوری کرتا تھا تو وہ اس پر حد جاری کر دیا کرتے تھے اللہ کی قسم! اگر محمد کی صاحبزادی فاطمہ نے چوری کی ہوتی' تو میں اس کا ہاتھ بھی ضرور کٹوا دیتا۔

4402- إسناده صحيح، يزيد بن موهب: هو يزيد بن خالد بن يزيد بن موهب، روى له أصحاب السنن غير الترمذى، وهو ثقة، ومَن فوقه ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه أبو داوٗد 4373 فى الحدود: باب فى الحد يشفع فيه، عن يزيد بن . موهب، بهذا الإسناد .وأخرجه الدارمى 2/173، والبخارى 3475 فى أحاديث الأنبياء : باب رقم 54، و6887 فى الحدود: باب إقامة الحدود على الشريف والوضيع، و 6788 باب كراهية الشفاعة فى الحد إذا رُفع إلى السلطان، ومسلم 1688 8 فى الحدود: باب قطع السارق الشريف وغيره والنهى عن الشفاعة والحدود، وأبو داوٗد 4373، والترمذى 1430 فى الحدود: باب ما جاء فى كريهة أن يشفع فى الحدود، والنسائى 8/73-74 فى قطع السارق: باب ذكر اختلاف ألفاظ الناقلين لخبر الزهرى فى المخزومية التى سرقت، وابن ماجة 2547 فى الحدود: باب الشفاعة فى الحدود، وابن الجارود 805، والبيهقى 8/253-254، والبغوى 2603 من طرق عن الليث بن سعد، بِهِ .وأخرجه مختصراً البخارى 3732 فى فضائل الصحابة: باب ذكر أسامة بن زيد، عن قتيبة بن سعيد، عن الليث، بِهِ .وفى هذا الحديث منع الشفاعة فى الحدود إذا انتهى أمرها إلى الإمام، وفى حديث عمرو بن شعيب، عن أبيه، عن جده رفعه "تعافوا الحدود فيما بينكم، فما بلغنى من حدٍّ فقد وجب" رواه أبو داوٗد 4376 وترجم له: العفو عن الحد ما لم يبلغ السلطان، وسنده حسن، وصححه الحاكم 4/383 وأقره الذهبى .

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الْحُدُوْدَ تَكُوْنُ كَفَّارَاتٍ لِأَهْلِهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' حدود ان لوگوں کے لیے کفارہ ہوتی ہیں (جن پر یہ قائم کی جاتی ہیں)

4403 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِيلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ:

(متن حدیث): أَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةٌ مِّنْ جُهَيْنَةَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنِّي أَصَبْتُ حَدًّا فَأَقِمْهُ عَلَيَّ، فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِيَّهَا، فَقَالَ: أَحْسِنْ إِلَيْهَا حَتّٰى تَضَعَ مَا فِي بَطْنِهَا، فَإِذَا وَضَعَتْ فَأْتِنِي بِهَا، فَلَمَّا وَضَعَتْ أَتٰى بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِهَا، فَشُدَّ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا، ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ، ثُمَّ صَلَّى عَلَيْهَا، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، أَتُصَلِّي عَلَيْهَا وَقَدْ زَنَتْ؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ عَلٰى سَبْعِينَ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ لَوَسِعَتْهُمْ، وَهَلْ وَجَدْتَ أَفْضَلَ مِنْ أَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا لِلّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

توضیح مصنف: قَالَ أَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَهِمَ الْأَوْزَاعِيُّ فِي كُنْيَةِ عَمِّ أَبِي قِلَابَةَ إِذِ الْجَوَادُ يَعْثُرُ، فَقَالَ: عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ عَمِّهِ أَبِي الْمُهَاجِرِ، وَإِنَّمَا هُوَ أَبُو الْمُهَلَّبِ اسْمُهُ: عَمْرُو بْنُ مُعَاوِيَةَ بْنِ زَيْدٍ الْجَرْمِيُّ مِنْ ثِقَاتِ التَّابِعِينَ وَسَادَاتِ أَهْلِ الْبَصْرَةِ

❀❀ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جہینہ قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے قابل حد جرم کا ارتکاب کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر حد قائم کریں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سرپرست کو بلوایا اور فرمایا: اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو جب تک یہ بچے کو جنم نہیں دیتی جب یہ بچے کو جنم دیدے تو تم اسے میرے پاس لے آنا جب اس عورت نے بچے کو جنم دے دیا' تو وہ شخص اس عورت کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں

4403- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح . عم أبي قلابة: هو أبو المهلب الجرمي .وأخرجه الطبراني في "الكبير" 18/476 عن إبراهيم بن دحيم، عن أبيه عبد الرحمٰن بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوٗد 4441 في الحدود: باب المرأة التي أمر النبي صلى الله عليه وسلم برجمها من جهينة، عن محمد بن الوزير الدمشقي، عن الوليد بن مسلم، بِهِ .وأخرجه الطبراني 18/475 و476 من طريقين عن الأوزاعي، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق 13348، والطيالسي 848، وابن أبي شيبة 10/87-88، وأحمد 4/429-430 و435-436 و437 و440، والدارمي 2/180-181، ومسلم 1696 في الحدود: باب من اعترف على نفسه بالزنى، والترمذي 1435 في الحدود: باب تربُّص الرجم بالحُبلى حتى تضع، وأبو داوٗد 4440، والنسائي 4/63-64 في الجنائز: باب الصلاة على المرجوم، وابن الجارود 815، والدارقطني 3/101 و102، والبيهقي 8/225 من طرق عن يحيى بن أبي كثير، بِهِ .وأخرجه بنحوه عبد الرزاق 13347 عن معمر والثوري، عن أيوب، عن أبي قلابة، عن عمران مختصراً، ولم يذكر فيه أبا المهلب، فلعله سقط من المطبوع .

لے آیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس کے کپڑے کو مضبوطی سے باندھا گیا پھر آپ کے حکم کے تحت اسے سنگسار کر دیا گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کی نماز جنازہ ادا کی۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایسی عورت کی نماز جنازہ ادا کریں گے جس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے ایک ایسی توبہ کی ہے اگر اسے اہل مدینہ سے تعلق رکھنے والے ستر افراد پر تقسیم کیا جائے تو ان سب کے لیے کافی ہو کیا تمہیں اس سے زیادہ افضل اور کوئی شخص ملتا ہے اس نے اپنی ذات کو اللہ کے لیے قربان کر دیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) امام اوزاعی کو ابوقلابہ کے چچا کی کنیت ذکر کرنے میں وہم ہوا ہے کیونکہ گھوڑا اٹھو کر کھا جاتا ہے انہوں نے یہ کہا ہے: یہ روایت ابوقلابہ کے حوالے سے ان کے چچا ابومہاجر کے حوالے سے منقول ہے حالانکہ ان کے چچا کی کنیت ابومہلب ہے اور ان کا نام عمرو بن معاویہ بن زید جرمی ہے یہ ثقہ تابعین میں سے ہیں اور اہل بصرہ کے سرداروں میں سے ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ اِقَامَةَ الْحُدُوْدِ تُكَفِّرُ الْجِنَايَاتِ عَنْ مُرْتَكِبِهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے حدود کو قائم کرنا حدود کے مرتکب شخص سے گناہ کو ختم کر دیتا ہے

4404 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِىُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَجَمَ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ: لَقَدْ رَاَيْتُهُ يَتَخَضْخَضُ فِىْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز بن مالک کو سنگسار کروایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اسے جنت کی نہروں میں تیرتے ہوئے دیکھا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ عُجِّلَ لَهُ الْعُقُوبَةُ بِالْحُدُوْدِ تَكُوْنُ اِقَامَتُهَا كَفَّارَةً لَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ جس شخص کو حدود کی شکل میں دنیا میں سزا مل جائے تو حد کا قائم ہونا اس شخص کے حق میں (گناہ کا) کفارہ بن جاتا ہے

4405 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِىُّ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ الْجَحْدَرِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِىْ اَسْمَاءَ *، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ:

4404– رجاله ثقات رجال الشيخين إلا أن أبا الزبير مدلس وقد عنعن، وهو مكرر 4401 .

(متن حدیث): اَخَذَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا اَخَذَ عَلَى النِّسَاءِ مِنَّا، وَقَالَ: مَنْ اَصَابَ مِنْكُمْ مِنْهُنَّ حَدًّا فَعُجِّلَتْ لَهٗ عُقُوبَتُهٗ فَهُوَ كَفَّارَتُهٗ، وَمَنْ اُخِّرَ عَنْهُ فَاَمْرُهٗ اِلَى اللّٰهِ اِنْ شَاءَ رَحِمَهٗ، وَاِنْ شَاءَ عَذَّبَهٗ

❁❁ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے بھی اسی طرح بیعت لی جس طرح ہماری خواتین سے لی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جو شخص ان میں سے کسی ایک قابل حد چیز کا مرتکب ہو جائے اور اسے دنیا میں سزا دے دی جائے' تو یہ چیز اس کے لیے کفارہ ہوگی اور جس شخص سے یہ بات مؤخر ہو جائے (یعنی اسے دنیا میں سزا نہ ملے) تو اس کا معاملہ اللہ تعالیٰ کے سپرد ہوگا اگر وہ چاہے گا' تو اس پر رحم کر دے گا اور اگر چاہے گا' تو اسے عذاب دیدے گا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْقَتْلِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّفَرِّقَ اَمْرَ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِرَاقِهِ الْجَمَاعَةَ وَهُمْ جَمِيعٌ

جو شخص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں (مسلمانوں کی) جماعت سے الگ ہو کر تفرقہ پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے' جبکہ وہ لوگ اس وقت اکٹھے ہوں ایسے شخص کو قتل کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

4406 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ: سَمِعْتُ عَرْفَجَةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّهَا سَتَكُوْنُ هَنَاتٌ وَّهَنَاتٌ، فَمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّفَرِّقَ اَمْرَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ وَهُمْ جَمِيعٌ فَاضْرِبُوْهُ بِالسَّيْفِ كَائِنًا مَنْ كَانَ

❁❁ حضرت عرفجہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''عنقریب فساد ہی فساد ہوں گے' جو شخص اس امت میں تفرقہ پیدا کرنے کی کوشش کرے' جبکہ وہ لوگ اکٹھے ہوں' تو

4405- رجاله ثقات رجال الصحيح، أبو أسماء : اسمه عمرو بن مرثد الرحبي، وعند غير المصنف بدله أبو الأشعث الصنعاني .فقد أخرجه أحمد 5/320 من طريق شعبة، ومسلم 1709 43 في الحدود: باب الحدود كفارات لأهلها، من طريق هشيم، وابن ماجة 2603 في الحدود: باب الحد كفارة، من طريق عبد الوهاب وابن أبي عدي، أربعتهم عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ . وأبو الأشعث: اسمه شراحيل بن آدة .وأخرجه بنحوه مطولاً ومختصراً أحمد 5/214 و320، والدارمي 2/220، والحميدي 387، والشافعي في "مسنده" بترتيب الساعاتي 2/187-188، والبخاري 18 في الإيمان: باب رقم 11، و3892 في مناقب الأنصار: باب وفود الأنصار إلى النبي صلى الله عليه وسلم بمكة وبيعة العقبة، و4894 في التفسير: باب (إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ)، و6784 في الحدود: باب الحدود كفارة، و 6801 باب توبة السارق، و7213 في الأحكام: باب بيعة النساء، و 7468 في التوحيد: باب في المشيئة والإرادة، ومسلم 1709، والترمذي 1439 في الحدود: باب ما جاء أن الحدود كفارة لأهلها، . والنسائي 4/141-142 في البيعة: باب البيعة على الجهاد، و148 باب البيعة على فراق المشرك، و161-162 باب ثواب من وفّى ما بايع عليه، و 8/108-109 في الإيمان: باب البيعة على الإسلام، وابن الجارود 803، والبيهقي 8/328، والبغوي 29 من طرق عن الزهري، عن أبي إدريس عائذ الله بن عبد الله الخولاني .

اسے تلوار کے ذریعے قتل کر دو' خواہ وہ جو کوئی بھی ہو''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ اِبَاحَةِ قَتْلِ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ اِذَا ارْتَكَبَ اِحْدَى الْخِصَالِ الثَّلَاثِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اُبِيحَ دَمُهُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' ایسے مسلمان شخص کو قتل کر دینا مباح ہو جاتا ہے' جو تین میں سے کسی ایک چیز کا ارتکاب کرے جس کی وجہ سے اس کا خون مباح ہو جاتا ہے

4407 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ، بِدِمَشْقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): وَالَّذِي لَا اِلٰهَ غَيْرُهُ، لَا يَحِلُّ دَمُ رَجُلٍ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا ثَلَاثَةَ نَفَرٍ: التَّارِكُ لِلْاِسْلَامِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ، وَالثَّيِّبُ الزَّانِي، وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ، قَالَ الْاَعْمَشُ، فَحَدَّثْتُ بِهِ اِبْرَاهِيمَ، فَحَدَّثَنِي عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ مِثْلَهُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اس ذات کی قسم جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے ایسے کسی بھی شخص کو قتل کرنا جائز نہیں ہے' جو اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں' البتہ تین لوگوں کا حکم مختلف ہے' اسلام کو ترک کر کے (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدہ ہونے والا شخص' شادی شدہ زانی اور وہ شخص جسے کسی دوسرے (کے قتل کے بدلے میں) قتل کیا جائے''۔

4406- إسناده صحيح على شرط الشيخين، غير أن صحابيَّ الحديث وهو عرفجة الأشجعي- لم يخرج له البخاري .وأخرجه الطيالسي 1224، وأحمد 4/261 و341 و5/23-24، ومسلم 1852 59 في الإمارة: باب حكم من فرق أمر المسلمين وهو مجتمع، وأبو داوٗد 4762 في السنة: باب في قتل الخوارج: والنسائي 7/93 في تحريم الدم: باب قتل من فارق الجماعة، والطبراني في "الكبير" 17/361، والبيهقي 8/168 من طريق شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي، وعبد الرزاق 20714، وأحمد 4/261 و341، ومسلم 1852، والنسائي 7/92 و93، والطبراني 17/353 و355 و356 و357 و358 و359 و360 و362 و363 و364، والبيهقي 8/168 من طرق عن زياد بن علاقة، بِه .وأخرجه بنحوه مسلم 1852 60، والطبراني 17/365 و366 و367 من طرق عن عرفجة .

4407- إسناده صحيح على شرط مسلم، أحمد بن إبراهيم الدروقي ثقة من رجاله، ومن فوقه ثقات على شرطهما . وسفيان: هو الثوري .وأخرجه أحمد 6/181، ومن طريقه أخرجه مسلم 1676 26 في القسامة: باب ما يباح به دم المسلم، والبيهقي 8/194-195 عن عبد الرحمٰن بن مهدي، بهذا الإسناد، وقال: عبد الله ولم ينسبه وأخرجه النسائي 7/90-91 في تحريم الدم: باب ما يحل به دم المسلم، والدارقطني 3/82 و82-83 من طرق عن عبد الرحمٰن بن مهدي، بِه . وقال أيضاً: عبد الله .

اعمش بیان کرتے ہیں: میں نے یہ روایت ابراہیم کو سنائی تو انہوں نے مجھے اسود کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول اسی کی مانند روایت سنائی۔

4408 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلَاثٍ: الثَّيِّبُ الزَّانِيْ، وَالنَّفْسُ بِالنَّفْسِ، وَالتَّارِكُ لِدِيْنِهِ الْمُفَارِقُ الْجَمَاعَةَ

✿✿ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کسی ایسے شخص کا خون بہانا جائز نہیں ہے' جو اس بات کی گواہی دیتا ہو' کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور ''میں'' اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں' البتہ تین لوگوں کا حکم مختلف ہے' شادی شدہ زانی' جان کے بدلے میں جان' اور اپنے دین (یعنی دین اسلام) کو ترک کر کے (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدہ ہونے والا شخص (یعنی انہیں قتل کیا جائے گا)''

4408- إسناده صحيح على شرطهما . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب .وأخرجه أحمد 1/382 و428، ومسلم 1676 25 في القسامة: باب ما يباح به دم المسلم، وأبو داؤد 4352 في الحدود: باب الحكم فيمن ارتدّ، والترمذي 1402 في الديات: باب ما جاء لا يحل دم امرء مسلم إلا بإحدى ثلاث، والبيهقي 8/213 و283-284، والبغوي 2517 من طريق أبي معاوية محمد بن خازم، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي 289، وأحمد 1/444، والدارمي 2/218، والبخاري 6878 في الديات: باب قول الله تعالى: (اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ . . .)، ومسلم 1676، وابن ماجة 2534 في الحدود: باب لا يحل دم امرء مسلم إلا في ثلاث، والبيهقي 8/19 و194 و202 و213 من طرق عن الأعمش به .

بَابُ الزِّنٰى وَحَدِّهٖ

زنا اور اس کی حد کا بیان

4409 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ اِنْ وَجَدْتُ مَعَ امْرَاَتِیْ رَجُلًا اُمْهِلُ حَتّٰى آتِیَ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَاءَ؟، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کی کیا رائے ہے؟ اگر میں اپنی بیوی کے ساتھ کسی اور شخص کو پاؤں' تو اسے مہلت دوں' جب تک میں چار گواہ نہیں لے آتا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں!

ذِكْرُ اسْتِحْقَاقِ الْقَوْمِ عِقَابَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ ظُهُوْرِ الزِّنٰى، وَالرِّبَا فِيْهِمْ

اس قوم کے اللہ تعالیٰ کے عذاب کا مستحق ہو جانے کا تذکرہ جن میں زناء اور سود عام ہو

4410 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

4409– إسناده صحيح على شرط مسلم، سهيل بن أبي صالح روى له البخاری مقروناً واحتج به الباقون، وباقي السند ثقات على شرطهما . وهو في "الموطأ" 2/737 في الأقضية: باب القضاء فيمن وجد مع امرأته رجلاً . وهو مكرر 4282 .

4410– حديث حسن لغيره، بشر بن الوليد: هو القاضي أبو الوليد الكندي الفقيه صاحب . . . . . . أبي يوسف، وثقه المؤلف والدارقطني ومسلمة، وكان ممن امتحن، وكان أحمد يثني عليه، وقال الآجري: سألت أبا داؤد: أبشر بن الوليد ثقة؟ قال: لا، وقال السليماني: منكر الحديث، وقال صالح بن محمد جزرة: هو صدوق ولكنه لا يعقل كان خرف، وانظر "تاريخ بغداد" 7/80–84، و"ميزان الاعتدال" 1/326–327، ولسانه 2/35 . وشريك: هو ابن عبد الله النخعي، شيء الحفظ، وسماك: هو ابن حرب، وهو صدوق روى له مسلم . ومع هذا فقد جود إسناده المنذرى 3/278، والهيثمي 4/118 . وهو في "مسند أبي يعلى" 4981، وزاد في أوله "لُعِنَ آكلُ الرِّبا، وموكله، وشاهده، وكاتبه" . وأخرجه بهذه الزيادة أحمد 1/402 عن حجاج، عن شريك، بهذا الإسناد . وأخرجه الطبراني في "الكبير" 10329 من حديث ابن مسعود موقوفاً عليه بلفظ لم يهلك أهل نبوة قط حتى يظهر الزنا والربا . قال الهيثمي في "المجمع" 4/118: فيه أحمد بن يحيي الأحول، وهو ضعيف .

(متن حدیث): مَا ظَهَرَ فِیْ قَوْمٍ الزِّنَی وَالرِّبَا اِلَّا اَحَلُّوْا بِاَنْفُسِهِمْ عِقَابَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود اپنے والد (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ''جب کسی قوم میں زنا اور سود عام ہو جائیں' تو وہ لوگ اپنے لیے اللہ تعالیٰ کے عذاب کو حلال کر لیتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاِيجَابِ النَّارِ عَلَى السَّارِقِ وَالزَّانِي

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' چوری کرنے والے اور زنا کرنے والے پر جہنم واجب ہو جاتی ہے

4411 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَدْرُونَ مَنِ الْمُفْلِسُ؟، قَالُوا: الْمُفْلِسُ فِينَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ لَا دِرْهَمَ لَهُ، وَلَا مَتَاعَ لَهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُفْلِسُ مِنْ اُمَّتِي مَنْ يَاْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِصَلَاتِهِ وَصِيَامِهِ وَزَكَاتِهِ، وَقَدْ شَتَمَ هٰذَا، وَاَكَلَ مَالَ هٰذَا، وَسَفَكَ دَمَ هٰذَا، وَضَرَبَ هٰذَا، فَيَقْعُدُ فَيُعْطَى هٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ، وَهٰذَا مِنْ حَسَنَاتِهِ، فَاِنْ فَنِيَتْ حَسَنَاتُهُ قَبْلَ اَنْ يُعْطِيَ مَا عَلَيْهِ اُخِذَ مِنْ خَطَايَاهُمْ فَطُرِحَتْ عَلَيْهِ، ثُمَّ طُرِحَ فِي النَّارِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو''مفلس'' کون ہوتا ہے' لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہمارے درمیان وہ شخص مفلس شمار ہوتا ہے' جس کے پاس درہم نہ ہوں اور ساز و سامان نہ ہو' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت میں سے مفلس وہ شخص ہوگا' جو قیامت کے دن نماز' روزہ اور زکوٰۃ لے کر آئے گا' اور اس نے (دنیا میں) کسی کو گالی دی ہو گی' کسی کا مال کھایا ہوگا' کسی کا خون بہایا ہوگا' کسی کو مارا پیٹا ہوگا' تو اس شخص کو بٹھایا جائے گا اور اس کی کچھ نیکیاں کسی کو دے دی جائیں گی' کچھ نیکیاں کسی (دوسرے) کو دے دی جائیں گی' یہاں تک کہ جب اس کے ذمے لازم ادائیگی سے پہلے ہی اس کی نیکیاں ختم ہو جائیں گی' تو دوسروں کے گناہ اس کے ذمہ ڈال دیئے جائیں گے اور پھر اس شخص کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا''۔

4411- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه الترمذي 2418 في صفة القيامة: باب ما جاء في شأن الحساب والقصاص، عن قتيبة بن سعيد، عن عبد العزيز بن محمد، بهذا الإسناد .وقال: هذا حديث حسن صحيح .وأخرجه أحمد 2/303 و334 من طريق زهير، و2/371-372، ومسلم 2581 في البر والصلة: باب تحريم الظلم، والبيهقي 6/93، والبغوي 4164 من طريق إسماعيل بن جعفر، كلاهما عن العلاء بن عبد الرحمن، بِهِ .

ذِكْرُ نَفْيِ الْإِيمَانِ عَنِ الزَّانِي

زناء کرنے والے سے ایمان کی نفی کا تذکرہ

4412 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِينَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَزْنِي الزَّانِي حِينَ يَزْنِي وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِينَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ، وَالتَّوْبَةُ مَعْرُوضَةٌ بَعْدُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''چور' چوری کرتے ہوئے مومن نہیں رہتا' زانی' زنا کرتے ہوئے مومن نہیں رہتا' شراب پینے والا اسے پیتے ہوئے مومن نہیں رہتا۔ (تاہم) اس کے بعد توبہ کی گنجائش ہوتی ہے''۔

ذِكْرُ بُغْضِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الشَّيْخَ الزَّانِيَ، وَإِنْ كَانَ بُغْضُهُ يَشْمَلُ سَائِرَ الزُّنَاةِ

اللہ تعالیٰ کا بوڑھے زانی کو ناپسند کرنے کا تذکرہ اگرچہ اللہ تعالیٰ تمام زانیوں کو ناپسند کرتا ہے

4413 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): ثَلَاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: الشَّيْخُ الزَّانِي، وَالْاِمَامُ الْكَذَّابُ، وَالْعَائِلُ الْمَزْهُوُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین لوگ ایسے ہیں کہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ان کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا' بوڑھا زانی' جھوٹا حکمران' غریب متکبر''۔

4412- إسناده صحيح على شرط البخاري، علي بن الجعد ثقة من رجاله، ومن فوقه على شرطهما . وهو في "مسند ابن الجعد" 758 . وقد تقدم تخريجه برقم 186 .

4413- إسناده حسن على شرط مسلم غير ابن عجلان: وهو محمد، فقد روى له مسلم متابعة، والبخاري تعليقاً، وهو صدوق .وأخرجه أحمد 2/433، والنسائي 5/86 في الزكاة: باب الفقير المختار، من طريق يحيى بن سعيد، عن محمد بن عجلان، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 107 في الإيمان: باب بيان غلظ تحريم إسبال الإزار والمن بالعطية وتنفيق السلعة بالحلف . . .، والنسائي في الرجم كما في "التحفة10/84"، والبيهقي 8/161، والبغوي 3591 من طرق عن الأعمش، عن أبي حازم الأشجعي، عن أبي هريرة .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْوَاجِبَ عَلَى الْمَرْءِ مُجَانَبَةُ مَا نَهَاهُ عَنْهُ بَارِئُهُ جَلَّ وَعَلَا مِنْ حِفْظِ الْفَرْجِ، وَلَا سِيَّمَا بِالْاَقْرَبِ فَالْاَقْرَبِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ ہر اس چیز سے اجتناب کرے

جس سے اس کے پروردگار نے منع کیا ہے' جس کا تعلق شرمگاہ کی حفاظت سے ہے اور بطور خاص قریبی لوگوں (کی عزت کے حوالے سے محتاط رہے)

4414 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَیُّ الذَّنْبِ عِنْدَ اللّٰهِ اَكْبَرُ؟، قَالَ: اَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ، قَالَ: ثُمَّ اَیٌّ؟، قَالَ: اَنْ تَزْنِیَ بِحَلِيلَةِ جَارِكَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيقَهَا: (وَالَّذِينَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا) (الفرقان: 68)

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک کون سا گناہ سب سے بڑا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ تم کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک قرار دو حالانکہ اس (اللہ تعالیٰ) نے تمہیں پیدا کیا ہے' (سائل نے) دریافت کیا: پھر کون سا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ تم اپنے پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرو۔

(راوی بیان کرتے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے اس کی تصدیق میں یہ آیت نازل کی:

''اور وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کے ہمراہ کسی دوسرے کی عبادت نہیں کرتے' اور کسی ایسے فرد کو قتل نہیں کرتے (جس کے قتل کو) اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہو' البتہ حق کا معاملہ مختلف ہے' اور وہ زنا نہیں کرتے' جو ایسا کرتا ہے' وہ گناہ تک پہنچ جاتا ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ اَوْهَمَ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِیْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ، اَنَّ خَبَرَ الْاَعْمَشِ مُنْقَطِعٌ غَيْرُ مُتَّصِلٍ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

4414- إسناده صحيح على شرطهما . اَبُوْ شِهَابٍ: هُوَ عَبْدُ رَبِّهِ ابْنُ نَافِعٍ الحنّاط، وأبو الربيع الزهراني: هو سليمان بن داوٗد العَتكي، وأبو وائل: هو شقيق بن سلمة الاَسدی .وأخرجه أحمد 1/380 و431، والنسائی فی التفسير كما فی "التحفة" 7/46 من طريق وكيع وأبی معاوية، عن الأعمش، بهذا الإسناد .وأخرجه النسائی 7/90 فی تحريم الندم: باب ذكر أعظم الذنب، من طريق يزيد، عن شعبة، عن عاصم، عن أبی وائل، بِهٖ . وقال: هذا خطأ، والصواب الذی قبله أی: واصل عن أبی وائل وحديث يزيد هذا خطأ، إنما هو واصل، والله تعالى أعلم .قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ تعالى عَنْهُ: رَوَى هٰذَا الْخَبَرَ اَبُوْ شِهَابٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَرَوَاهُ وَكِيعٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَرَوَاهُ شُعْبَةُ عَنْ وَاصِلٍ الْاَحْدَبِ، عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ2، وَرَوَاهُ مَنْصُورٌ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ3، وَرَوَاهُ جَرِيرٌ،

اور وہ اس بات کا قائل ہے اعمش کی نقل کردہ یہ روایت ''منقطع'' ہے ''متصل'' نہیں ہے

4415 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ اَبِيْ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث):سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيُّ الذَّنْبِ اَعْظَمُ؟ قَالَ: اَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ، قُلْتُ: اِنَّ ذٰلِكَ لَعَظِيْمٌ، ثُمَّ اَيٌّ؟ قَالَ: اَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ مَخَافَةَ اَنْ يَّطْعَمَ مَعَكَ، قُلْتُ: ثُمَّ اَيٌّ؟، قَالَ: اَنْ تُزَانِيَ حَلِيْلَةَ جَارِكَ

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: رَوٰى هٰذَا الْخَبَرَ اَبُوْ شِهَابٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَرَوَاهُ وَكِيْعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَرَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ وَاصِلٍ الْاَحْدَبِ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَرَوَاهُ مَنْصُوْرٌ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَرَوَاهُ جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَرَوَاهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، وَمَنْصُوْرٌ، وَوَاصِلٌ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَلَسْتُ اُنْكِرُ اَنْ يَّكُوْنَ اَبُوْ وَائِلٍ، سَمِعَهُ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ، وَسَمِعَهُ مِنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ حَتّٰى يَكُوْنَ الطَّرِيْقَانِ جَمِيْعًا مَحْفُوْظَيْنِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: کون سا گناہ زیادہ بڑا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ کہ تم کسی کو اللہ تعالیٰ کا شریک قرار دو' جبکہ اس (اللہ تعالیٰ) نے تمہیں پیدا کیا ہے۔ میں نے عرض کی: بے شک یہ بہت بڑا ہے' پھر (اس کے بعد) کون سا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ کہ تم اپنی اولاد کو اس اندیشے کے تحت قتل کر دو' کہ وہ تمہارے ساتھ کھائے گی۔ میں نے دریافت کیا: پھر کون سا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ تم اپنے پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت ابوشہاب نے اعمش کے حوالے' ابووائل کے حوالے سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔ وکیع نے یہ روایت' اعمش' ابووائل کے حوالے سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

شعبہ نے یہ روایت' احدب' ابووائل کے حوالے سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

منصور نے یہ روایت' ابووائل' عمرو بن شرحبیل کے حوالے سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

جریر نے یہ روایت اعمش' ابووائل' عمرو بن شرحبیل کے حوالے سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔

4415- إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه مسلم 86 141 في الإيمان: باب كون الشرك أقبح الذنوب وبيان أعظمها بعده، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 4477 في التفسير: باب قوله تعالى: (فَلا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَاداً وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ)، و7520 في التوحيد: باب قول الله تعالى: (فَلا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَاداً)، ومسلم 86، والنسائي في التفسير والرجم كما في "التحفة" 7/117 من طريقين عن جرير، بِهِ .وأخرجه أحمد 1/434 من طريق ورقاء، عن منصور، بِهِ .

سفیان ثوری نے یہ روایت اعمش‘ منصور‘ واصل کے حوالے سے‘ عمرو بن شرحبیل کے حوالے سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے۔ میں اس بات کا انکار نہیں کرتا کہ ابووائل نے یہ روایت حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بھی سنی ہو اور عمرو بن شرحبیل کے حوالے سے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بھی سنی ہو‘ تو یوں اس کے دونوں طرق محفوظ ہوں گے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ زِنَى الْمَرْءِ بِحَلِيلَةِ جَارِهٖ مِنْ اَعْظَمِ الذُّنُوْبِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ‘ آدمی کا اپنے پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرنا بڑے گناہوں میں سے ایک ہے

4416 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَىُّ الذَّنْبِ اَعْظَمُ؟ قَالَ: اَنْ تَجْعَلَ لِلّٰهِ نِدًّا وَهُوَ خَلَقَكَ، قُلْتُ: ثُمَّ اَىٌّ؟، قَالَ: اَنْ تَقْتُلَ وَلَدَكَ مَخَافَةَ اَنْ يَّاْكُلَ مَعَكَ، قُلْتُ: ثُمَّ اَىٌّ؟، قَالَ: اَنْ تَزْنِىَ بِحَلِيلَةِ جَارِكَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَصْدِيقَ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (وَالَّذِينَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِىْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ) (الفرقان: 68)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا گناہ زیادہ بڑا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ کہ تم کسی کو اللہ کا شریک ٹھہراؤ حالانکہ اس (اللہ تعالیٰ) نے تمہیں پیدا کیا ہے۔ میں نے عرض کی: پھر کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ تم اپنی اولاد کو اس خوف سے قتل کردو کہ وہ تمہارے ساتھ کھائے گی۔ میں نے دریافت کیا: پھر کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ تم اپنے پڑوسی کی بیوی کے ساتھ زنا کرو۔

(راوی بیان کرتے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس قول کی تصدیق میں یہ آیت نازل کی۔

''اور وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے ہمراہ کسی دوسرے کی عبادت نہیں کرتے اور وہ کسی ایسی جان کو قتل نہیں کرتے جس کو اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہو‘ البتہ حق کا معاملہ مختلف ہے اور وہ زنا نہیں کرتے''۔

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالتِّكْرَارِ عَلَى الْعَامِلِ مَا عَمَلَ قَوْمُ لُوطٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شخص پر بار بار لعنت کرنا جو قوم لوط کا سا عمل کرتا ہے

4417 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِىْ عَمْرٍو، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ النَّبِىِّ

4416- إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه البخارى 6001 فى الأدب: باب قتل الولد خشية أن ياكل معه، وأبو داوٗد 2310 فى الطلاق: باب فى تعظيم الزنى، عن محمد بن كثير العبدى، بهذا الإسناد .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):لَعَنِ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَيْرِ اللّٰهِ، وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ غَيَّرَ تُخُومَ الْاَرْضِ، وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ كَمَهَ الْاَعْمٰى عَنِ السَّبِيلِ، وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ سَبَّ وَالِدَيْهِ، وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ تَوَلّٰى غَيْرَ مَوَالِيهِ، وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ عَمِلَ عَمَلَ قَوْمِ لُوطٍ - قَالَهَا ثَلَاثًا فِي عَمَلِ قَوْمِ لُوطٍ .

(توضیح مصنف):عَبْدُ الْمَلِكِ هُوَ اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے اس شخص پر لعنت کی ہے' جو غیر اللہ کے نام پر جانور ذبح کرے۔ اللہ تعالیٰ نے اس شخص پر لعنت کی ہے' جو زمین کی حد بندی کو تبدیل کرے اللہ تعالیٰ نے اس شخص پر لعنت کی جو نابینا شخص کو بھٹکا دے۔ اللہ تعالیٰ نے اس شخص پر لعنت کی ہے' جو اپنے ماں باپ کو گالی دے۔ اللہ تعالیٰ نے اس شخص پر لعنت کی ہے' جو اپنے آزاد کرنے والے آقا کی بجائے کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرے اللہ تعالیٰ نے اس شخص پر لعنت کی ہے' جو قوم لوط کے سے عمل کا مرتکب ہو''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) قوم لوط کے عمل کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ یہ بات ارشاد فرمائی۔

عبدالملک نامی راوی ابو عامر عقدی ہے۔

ذِكْرُ التَّغْلِيظِ عَلٰى مَنْ اَتٰى رَجُلًا اَوِ امْرَاَةً فِي دُبُرِهِمَا

ایسے شخص کی شدید مذمت کا تذکرہ جو کسی مرد یا عورت کے ساتھ اس کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرتا ہے

4418 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ مَخْرَمَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ كُرَيْبٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

4417- إسناده على شرط الشيخين، ورواية البصريين عن زهير بن محمد صحيحة فيما قاله البخاري، وهذا منها، فإن عبد الملك بن عمرو بصري، وهو في "مسند أبي يعلى " 2539 .وأخرجه أحمد 1/309 عن عبد الرحمٰن بن مهدي، والحاكم 4/356 من طريق عبد الله بن مسلمة، كلاهما عن زهير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/217 و317، والطبراني 11546، والحاكم 4/356، والبيهقي 8/231 من طرق عن عمرو بن أبي عمرو، به . وزادوا فيه لعن اللّٰهُ من وَقع على بهيمة .وأخرجه أبو يعلى 2521 من طريق محمد بن كريب، عن كريب، عن ابن عباس مختصراً، قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم: ملعون من انتقص شيئاً من تخوم الأرض بغير حقه وإسناده ضعيف لضعف محمد بن كريب . وله شاهد من حديث علي بن أبي طالب، رفعه، عند أحمد 1/108 و118 و152، ومسلم 1978، والنسائي 7/232، والحاكم 4/153، والبيهقي 6/99 وفيه "لعن الله من ذبح لغير الله، ولعن الله من آوى محدثاً، ولعن الله مَن لعن والديه، ولعن الله من غيّر مَنار الأرض" .

4418- إسناده قوي على شرط مسلم . أبو خالد الأحمر: هو سليمان بن حيان .وأخرجه ابن عدي في "الكامل" 3/130 عن أبي يعلي والحسين بن عبد المجيب الموصلي والحسن بن سفيان، بهذا الإسناد . وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 4/251-252 . وقد تقدم تخريجه برقم 4203 .

(متن حدیث): لَا يَنْظُرُ اللّٰهُ اِلٰى رَجُلٍ اَتٰى رَجُلًا اَوِ امْرَاَةً فِىْ دُبُرِهِمَا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف نظر رحمت نہیں کرتا جو کسی مرد یا عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرتا ہے''۔

ذِكْرُ اِطْلَاقِ اسْمِ الزِّنٰى عَلَى الْاَعْضَاءِ اِذَا جَرٰى مِنْهَا بَعْضُ شُعَبِ الزِّنٰى

اعضاء پر لفظ زنا کے لفظ کا اطلاق کرنے کا تذکرہ' جب ان اعضاء سے زنا کے کسی شعبے کا اظہار ہو

4419 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلْعَيْنَانِ تَزْنِيَانِ، وَاللِّسَانُ يَزْنِىْ، وَالْيَدَانِ تَزْنِيَانِ، وَالرِّجْلَانِ تَزْنِيَانِ، وَيُحَقِّقُ ذٰلِكَ الْفَرْجُ اَوْ يُكَذِّبُهُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دونوں آنکھیں زنا کرتی ہیں' زبان زنا کرتی ہے' دونوں ہاتھ زنا کرتے ہیں' دونوں پاؤں زنا کرتے ہیں اور شرمگاہ اس کی تصدیق کر دیتی ہے یا اسے جھٹلا دیتی ہے''۔

ذِكْرُ وَصْفِ زِنَى الْعَيْنِ وَاللِّسَانِ عَلَى ابْنِ آدَمَ

انسان کی آنکھ اور زبان سے زنا ہونے کی صفت کا تذکرہ

4420 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ يَعْنِىْ عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ شَيْئًا اَشْبَهَ بِاللَّمَمِ مِمَّا قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَتَبَ اللّٰهُ عَلٰى ابْنِ آدَمَ حَظَّهُ مِنَ الزِّنٰى، اَدْرَكَ ذٰلِكَ لَا مَحَالَةَ: فَزِنَى الْعَيْنِ النَّظَرُ، وَزِنَى اللِّسَانِ النُّطْقُ، وَالنَّفْسُ تَتَمَنّٰى ذٰلِكَ وَتَشْتَهِىْ، وَيُصَدِّقُ ذٰلِكَ الْفَرْجُ اَوْ يُكَذِّبُهُ

4419– إسناده صحيح [illegible] شرط مسلم .وأخرجه أحمد 2/411، والطحاوى فى "مشكل الآثار" 3/298، والبغوى 76 من طرق عن العلاء بن عبد الرحمٰن، بهذا الإسناد . قال البغوى: هذا حديث صحيح .

4420– إسناده صحيح على شرطهما . ابن طاووس: هو عبد الله .وأخرجه مسلم 2657 20 فى القدر: باب قدّر على ابن آدم حظه من الزنى وغيره، والبيهقى 7/89 و10/185–186 من طريق إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد، وتابعَ إسحاقَ عند مسلم عبدُ بن حميد .وأخرجه أحمد 2/276، والبخارى بعد الحديث 6243 فى الاستئذان: باب زنى الجوارح دون الفرج، و6612 فى القدر: باب (وَحَرَامٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنَاهَا اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ) من طريق عبد الرزاق، بِهِ .وأخرجه البخارى 6243 عن الحميدى، عن سفيان، عن ابن طاووس، به موقوفاً على أبي هريرة .وعلقه البخارى بإثر الحديث 6612 فقال: شبابة: حدثنا ورقاء، عن ابن طاووس، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ایسی کوئی چیز نہیں دیکھی جو گناہ کے ساتھ اس سے زیادہ مشابہت رکھتی ہو، جس کے بارے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہ بیان کیا ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''اللہ تعالیٰ نے ابن آدم کے نصیب میں زنا کا حصہ لکھ دیا ہے، جس تک وہ لامحالہ پہنچے گا، تو آنکھ کا زنا دیکھنا ہے، زبان کا زنا، بولنا ہے اور نفس خواہش اور آرزو کرتا ہے اور شرمگاہ اس کی تصدیق یا تردید کرتی ہے''۔

ذِكْرُ اِطْلَاقِ اسْمِ الزِّنَى عَلَى الْقَلْبِ اِذَا تَمَنَّى وُقُوعَ مَا حُرِّمَ عَلَيْهِ

دل کے لیے لفظ زنا استعمال کرنے کا تذکرہ جب وہ کسی ایسی چیز کا خواہش مند ہو، جسے اس کے لیے حرام قرار دیا گیا ہو

4421 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كُلُّ بَنِى آدَمَ لَهُ نَصِيبٌ مِّنَ الزِّنَى اَدْرَكَهُ ذٰلِكَ لَا مَحَالَةَ: فَالْعَيْنُ زِنَاهَا النَّظَرُ، وَاللِّسَانُ زِنَاهُ النُّطْقُ، وَالْقَلْبُ زِنَاهُ التَّمَنِّى، وَالْفَرْجُ يُصَدِّقُ وَيُكَذِّبُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہر انسان کا زنا میں سے حصہ ہے، جس تک وہ ضرور پہنچے گا، تو آنکھ کا زنا دیکھنا ہے، زبان کا زنا بولنا ہے، دل کا زنا آرزو کرنا ہے اور شرم گاہ تصدیق یا تردید کرتی ہے''۔

ذِكْرُ اِطْلَاقِ اسْمِ الزِّنَى عَلَى الْيَدِ اِذَا لَمَسَتْ مَا لَا يَحِلُّ لَهَا

ہاتھ کے لیے لفظ زنا کے استعمال کا تذکرہ جب وہ کسی ایسی چیز کو چھولے جو اس کے لیے حلال نہ ہو

4422 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ ثَوْبَانَ الطُّرْسُوسِيُّ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُرَادِيُّ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، قَالَ: قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ يَاْثُرُهُ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ بَنِى آدَمَ اَصَابَ مِنَ الزِّنَى لَا مَحَالَةَ: فَالْعَيْنُ زِنَاؤُهَا النَّظَرُ، وَالْيَدُ زِنَاؤُهَا اللَّمْسُ، وَالنَّفْسُ تَهْوٰى يُصَدِّقُهُ اَوْ يُكَذِّبُهُ الْفَرْجُ

4421– حديث صحيح، ابن أبى السرى: هو محمد بن المتوكل، صدوق له أوهام كثيرة، وقد توبع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 2/317 عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد .

4420– إسناده صحيح، الربيع بن سليمان المرادى ثقة روى له أصحاب السنن، وشعيب ابن الليث من رجال مسلم وهو ثقة، ومن فوقه ثقات على شرطهما .

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ہر انسان زنا کا لازمی مرتکب ہوتا ہے آنکھ کا زنا دیکھنا ہے ہاتھ کا زنا چھونا ہے نفس خواہش کرتا ہے اور شرم گاہ اس کی تصدیق یا تکذیب کرتی ہے''۔

ذِكْرُ وَصْفِ زِنَى الْأُذُنِ، وَالرِّجْلِ فِيمَا يَعْمَلَانِ مِمَّا لَا يَحِلُّ

کان اور پاؤں کے زنا کی صفت کا تذکرہ جب وہ کوئی ایسا عمل کریں جو حلال نہ ہو

4423 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ، بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): عَلٰى كُلِّ نَفْسِ ابْنِ آدَمَ كَتَبَ حَظَّهُ مِنَ الزِّنَى: الْعَيْنُ زِنَاؤُهَا النَّظَرُ، وَالْاُذُنُ زِنَاؤُهَا السَّمْعُ، وَالْيَدُ زِنَاؤُهَا الْبَطْشُ، وَالرِّجْلُ زِنَاؤُهَا الْمَشْيُ، وَاللِّسَانُ زِنَاؤُهُ الْكَلَامُ، وَالْقَلْبُ يَهْوٰى الشَّيْءَ، وَيُصَدِّقُ ذٰلِكَ اَوْ يُكَذِّبُهُ الْفَرْجُ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ہر انسان کے وجود میں زنا کا حصہ مقرر کردیا گیا ہے آنکھ کا زنا دیکھنا ہے کان کا زنا سننا ہے ہاتھ کا زنا پکڑنا ہے پاؤں کا زنا چل کر جانا ہے زبان کا زنا کلام کرنا ہے اور دل کسی چیز کی خواہش کرتا ہے اور شرمگاہ اس کی تصدیق یا تکذیب کرتی ہے''۔

4424 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ

4423- إسناده حسن من أجل ابن عجلان وهو محمد- روى له البخاري تعليقاً ومسلم متابعة، وهو حسن الحديث، وباقي السند ثقات على شرط مسلم .وأخرجه أحمد 2/379، وأبو داوٗد 2154 في النكاح: باب ما يؤمر به من غض البصر، عن قتيبة بن سعيد، عن الليث، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/372 و536، ومسلم 2657 21 في القدر: باب قدّر على ابن آدم حظه من الزنى وغيره، وأبو داوٗد 2153، والبيهقي 7/89 من طريق سهيل بن أبي صالح، عن أبيه، به .وأخرجه أحمد 2/344 و528 و535 من طريق أبي رافع، عن أبي هريرة .وأخرجه أحمد 2/431، والطحاوي في "مشكل الآثار" 3/298 من طريق أبي سلمة، عن أبي هريرة .

4424- إسناده قوي، ثابت بن عمارة روى له أصحاب السنن غير ابن ماجة، وقال . يحيى بن معين والدارقطني: ثقة، وقال أحمد والنسائي: لا بأس به، وقال البزار: مشهور، وقال أبو حاتم: ليس عندي بالمتين، ووثقه المؤلف، وباقي السند على شرط مسلم .وأخرجه البيهقي 3/246 من طريق أحمد بن منصور، عن النضر بن شميل، بهذا الإسناد .وأخرجه الترمذي 2786 في الأدب: باب ماجاء في كراهية خروج المرأة متعطرة، من طريق يحيى القطان، وأحمد 4/418 عن عبد الواحد وروح، والطحاوي في "مشكل الآثار" 3/299، والحاكم 2/396 من طريق روح بن عبادة، وأحمد 4/414 عن مروان بن معاوية، والنسائي 8/153 في الزينة: باب ما يكره للنساء من الطيب، كلهم عن ثابت بن عمارة، به . وقوله: كل عين زانية ليس إلا عند الترمذي والطحاوي، وفي رواية الترمذي فهي كذا وكذا، يعني زانية وقال: حديث حسن صحيح، وصحح الحاكم إسناده ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 4/418 عن عبد الواحد وروح، عن ثابت بن عمارة، به مختصراً، بلفظ كل عين زانية .وأخرجه أحمد 4/400، وأبو داوٗد 4183 في الترجّل: باب ما جاء في المرأة تتطيب للخروج، من طريق يحيى القطان، عن ثابت بن عمارة، به . وعندهما فهي كذا وكذا، زاد أبو داوٗد: قال قولاً شديداً، وليس عندهما كل عين زانية .وأخرجه بطوله الدارمي 2/279 عن أبي عاصم، عن ثابت بن عمارة، به موقوفاً على أبي موسى من قوله، ثم قال: وقال أبو عاصم: يرفعه بعض أصحابنا .

شُمَيْلٍ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُمَارَةَ الْحَنَفِيِّ، عَنْ غُنَيْمِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَيُّمَا امْرَاَةٍ اسْتَعْطَرَتْ فَمَرَّتْ عَلٰى قَوْمٍ لِيَجِدُوْا رِيحَهَا فَهِيَ زَانِيَةٌ، وَكُلُّ عَيْنٍ زَانِيَةٌ

❁❁ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو بھی عورت عطر لگا کر لوگوں کے پاس سے گزرتی ہے، تاکہ انہیں اس کی خوشبو آئے، تو وہ عورت زنا کرنے والی ہے اور (اسے دیکھنے والی) ہر آنکھ زنا کرنے والی ہے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ حُكْمِ الْبِكْرِ، وَالثَّيِّبِ اِذَا زَنَيَا

کنواری اور ثیبہ کے زنا کرنے کے حکم کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

4425 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خُذُوا عَنِّي، خُذُوا عَنِّي، قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا الثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَالرَّجْمُ، وَالْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَنَفْيُ سَنَةٍ

❁❁ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجھ سے احکام حاصل کرلو مجھ سے احکام حاصل کرلو اللہ تعالیٰ نے ان خواتین کے لیے راستہ مقرر کردیا ہے (یعنی ان کا حکم بیان کردیا ہے) شادی شدہ شخص شادی شدہ کے ساتھ (زنا کا مرتکب ہو) تو اس کو ایک سو 100 کوڑے لگائے جائیں اور سنگسار کیا جائے۔ کنوارا اگر کنواری کے ساتھ (زنا کا مرتکب ہو) تو اسے ایک سو کوڑے لگائیں اور ایک سال لیے جلاوطن کردیا جائے گا''۔

ذِكْرُ وَصْفِ حُكْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَى الْحُرَّةِ الزَّانِيَةِ ثَيِّبًا كَانَتْ اَمْ بِكْرًا

اللہ تعالیٰ کے حکم کی اس صفت کا تذکرہ جو زنا کرنے والی آزاد عورت کے بارے میں ہے

خواہ وہ ثیبہ ہو یا کنواری ہو

4425- إسناده صحيح على شرط مسلم، حطان بن عبد الله ثقة من رجاله، وباقي السند ثقات على شرطهما . وقد صرّح هشيم بالتحديث في بعض الروايات .وأخرجه الترمذي 1434 في الحدود: باب ما جاء في الرجم على الثيب، والنسائي في الرجم كما في "التحفة" 4/247 عن قتيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/313، والدارمي 2/181، ومسلم 1690 12 في الحدود: باب حدّ الزنى، وأبو داوُد 4416 في الحدود: باب في الرجم: والبيهقي 8/222 من طرق عن هشيم، به .

4426 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خُذُوا عَنِّي، قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا الثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ ثُمَّ الرَّجْمُ، وَالْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَيُنْفَيَانِ سَنَةً

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجھ سے حکم حاصل کرلو۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے حکم بیان کردیا ہے۔

شادی شدہ کے شادی شدہ کے ساتھ (زنا کرنے) پر ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور پھر سنگسار کردیا جائے جب کہ کنوارے کے کنواری کے ساتھ (زنا کرنے کی صورت میں) ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور انہیں ایک سال کے لیے جلاوطن کردیا جائے گا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى الْبِكْرِ الزَّانِيَةِ الْجَلْدُ دُوْنَ الرَّجْمِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' زنا کرنے والی کنواری کو کوڑے لگائے جائیں گے اسے سنگسار نہیں کیا جائے گا

4427 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): خُذُوا عَنِّي، فَقَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا الْبِكْرُ بِالْبِكْرِ، وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ الْبِكْرُ تُجْلَدُ وَتُنْفٰى، وَالثَّيِّبُ تُجْلَدُ وَتُرْجَمُ

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مجھ سے احکام حاصل کرلو۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے حکم بیان کردیا ہے۔ کنوارا کنواری کے ساتھ (زنا کا مرتکب ہو) اور شادی شدہ' شادی شدہ کے ساتھ (زنا کا مرتکب ہو) تو کنوارے کو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لیے

4426– إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه ابن الجارود 810 عن يعقوب بن إبراهيم الدورقي، بهذا الإسناد .

4427– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح .وأخرجه الطحاوي 3/134 عن ابن أبي داوُد، عن علي بن الجعد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/320، وابن أبي شيبة 10/180، ومسلم 1690 14 من طريقين عن شعبة، به .وأخرجه مسلم 1690 14 من طريق مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ قَتَادَةَ، بِه .

جلاوطن کیا جائے گا اور شادی شدہ کو کوڑے لگائے جائیں گے اور سنگسار کیا جائے گا''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الرَّجْمِ لِمَنْ زَنَى وَهُوَ مُحْصَنٌ

ایسے شخص کے لیے سنگسار کیے جانے کا تذکرہ جو زنا کرتا ہے اور محصن ہوتا ہے

4428 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَتْ سُورَةُ الْاَحْزَابِ تُوَازِي سُورَةَ الْبَقَرَةِ، فَكَانَ فِيهَا الشَّيْخُ وَالشَّيْخَةُ اِذَا زَنَيَا فَارْجُمُوهُمَا الْبَتَّةَ

❁❁ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سورہ احزاب' سورہ بقرہ کے برابر تھی اور اس میں یہ بات مذکور تھی کہ جب شادی شدہ مرد اور شادی شدہ عورت زنا کے مرتکب ہوں' تو انہیں لازمی طور پر سنگسار کردو۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالرَّجْمِ لِلْمُحْصِنِينَ اِذَا زَنَيَا قَصْدَ التَّنْكِيلِ بِهِمَا

دو محصن افراد (یعنی مرد و عورت) جب زنا کا ارتکاب کریں' تو انہیں عبرت کا نشان بنانے کے لیے انہیں سنگسار کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

4429 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو حَفْصٍ الْاَبَّارُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَقِيتُ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ، فَقُلْتُ لَهُ: اِنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَحُكُّ الْمُعَوِّذَتَيْنِ مِنَ الْمَصَاحِفِ، وَيَقُولُ: اِنَّهُمَا لَيْسَتَا مِنَ الْقُرْآنِ، فَلَا تَجْعَلُوا فِيهِ مَا لَيْسَ مِنْهُ، قَالَ اُبَيٌّ: قِيلَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

4428- عاصم بن أبي النجود صدوق له أوهام، وحديثه في الصحيحين مقرون، وباقي السند ثقات على شرط الصحيحوأخرجه الحاكم 2/415 من طريق حجاج بن منهال، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وصحح إسناده ووافقه الذهبي!

4429- إسناده كسابقه . وأخرجه من قوله: كم تعدّون . . . إلخ النسائي في الرجم كما في "التحفة" 1/16 عن معاوية بن صالح الأشعري، عن منصور بن أبي مزاحم، عن أبي حفص الأبّار، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي 540، وعبد الرزاق 13363، وعبد الله بن الإمام أحمد في الزيادات 5/132، والبيهقي 8/211 من طرق عن عاصم، عن زر، قال: قال لي أُبي بن كعب: يا زر، كأين تعد، وكأين تقرأ سورة الأحزاب؟ قال: قلت: كذا وكذا آية . قال: إن كانت لتضاهي سورة البقرة، وإن كنّا لنقرأ فيها والشيخ والشيخة إذا زنيا فارجموهما البتة نكالاً من الله ورسوله فرفع فيما رفع .وأخرج القسم الأول منه الحميدي 374، والبخاري 4976 في التفسير: باب سورة (قُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ)، و 4977 باب سورة (قُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ . النَّاسِ)، والنسائي في التفسير كما في "التحفة" 1/15 من طريق سفيان، عن عبدة بن أبي لبابة وعاصم بن أبي النجود، به نحوه .وأخرجه أيضاً عبد الله بن أحمد 5/132 من طريق يزيد بن أبي زياد، عن زر بن حبيش، به .ووقع في رواية البخاري بدل قوله: كان يحك المعوذتين يقول كذا وكذا .

وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَنَا، فَنَحْنُ نَقُوْلُ: كَمْ تَعُدُّوْنَ سُوْرَةَ الْاَحْزَابِ مِنْ آيَةٍ؟، قَالَ: قُلْتُ: ثَلَاثًا وَسَبْعِيْنَ، قَالَ اُبَيٌّ: وَالَّذِيْ يُحْلَفُ بِهٖ، اِنْ كَانَتْ لَتَعْدِلُ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ، وَلَقَدْ قَرَاْنَا فِيْهَا آيَةَ الرَّجْمِ الشَّيْخُ وَالشَّيْخَةُ فَارْجُمُوْهُمَا الْبَتَّةَ نَكَالًا مِنَ اللّٰهِ، وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

❀❀ زر بن حبیش بیان کرتے ہیں: میری ملاقات حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ میں نے ان سے کہا: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ معوذتین کو قرآن مجید میں شامل نہیں کرنے دیتے اور یہ کہتے ہیں کہ یہ دونوں قرآن کا حصہ نہیں ہیں اس لیے تم قرآن میں وہ چیز شامل نہ کرو جو اس کا حصہ نہ ہو' تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی تو آپ نے ہم سے فرمایا: ہم یہ کہتے ہیں کہ تم لوگ سورہ احزاب میں کتنی آیات شمار کرتے ہو؟ راوی کہتے ہیں' تو میں نے جواب دیا: تہتر آیات' تو حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے نام کا حلف اٹھایا جاتا ہے یہ سورۃ بقرہ جتنی تھی اور ہم نے اس میں رجم کے حکم سے متعلق آیات بھی تلاوت کی تھیں اس میں یہ حکم تھا شادی شدہ شخص اگر شادی شدہ عورت کے ساتھ زنا کر لے' تو تم انہیں لازمی طور پر سنگسار کردو۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سزا ہے۔ اللہ تعالیٰ غالب اور حکمت والا ہے۔

ذِكْرُ اِخْفَاءِ اَهْلِ الْكِتَابِ آيَةَ الرَّجْمِ حِيْنَ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ مَا اَنْزَلَ

اس بات کا تذکرہ' اہل کتاب پر اللہ تعالیٰ نے جو کچھ نازل کیا تھا انہوں نے اس میں سے سنگسار کے حکم سے متعلق آیت کو چھپا لیا تھا

4430 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْكَرِيْمِ، بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ سَعِيْدِ ابْنِ بِنْتِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ *، قَالَ: حَدَّثَنِيْ جَدِّيْ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ *، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ النَّحْوِيُّ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهٗ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ كَفَرَ بِالرَّجْمِ فَقَدْ كَفَرَ بِالرَّحْمٰنِ، وَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ: يَا اَهْلَ الْكِتَابِ قَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتَابِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ، فَكَانَ مِمَّا اَخْفَوْا الرَّجْمَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جو شخص رجم کا انکار کرتا ہے وہ رحمان کا انکار کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔

4430- حديث صحيح، الحسين بن سعد لم أر من ترجمه، لكن ذكره المزي في "تهذيب الكمال" في ترجمة جده علي بن الحسين بن واقد في عِداد من روى عنه، وعلي بن الحسين بن واقد، قال النسائي: ليس به بأس، وقال أبو حاتم: ضعيف الحديث، وذكره العقيلي في "الضعفاء"، ووثقه المؤلف، وباقي رجال السند ثقات .وأخرجه النسائي في الرجم كما في "التحفة" 5/178 عن محمد بن عقيل، عن علي بن الحسين بن واقد، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبري في "جامع البيان" 11609 من طريق يحيى بن واضح، والطبري أيضاً 11610، والحاكم 4/359 من طريق علي بن الحسين بن شقيق، كلاهما عن الحسين بن واقد، بِهِ . وصحح الحاكم إسناده ووافقه الذهبي .ولفظ عندهم "النسائي والطبري والحاكم": من كفر بالرجم فقد كفر بالقرآن من حيث لا يحتسب . . . .

''اے اہل کتاب! تمہارے پاس ہمارا رسول آیا جو تمہارے سامنے ایسی بہت سی چیزوں کو بیان کرتا ہے' جسے تم پہلے کتاب میں سے چھپالیتے تھے اور وہ بہت سی چیزوں سے درگزر بھی کر دیتا ہے''۔

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) تو انہوں نے جن چیزوں کو چھپایا ہوا تھا' ان میں سے ایک چیز رجم بھی تھی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ نَفَى جَوَازَ الْإِحْصَانِ عَنِ الْمُشْرِكِ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانے والے شخص سے احصان کے جائز ہونے کی نفی کی ہے

4431 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ يَهُودِيَّيْنِ قَدْ اُحْصِنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو یہودی (مرد و خاتون) کو سنگسار کروایا تھا جو محصن تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ نَفَى عَنْ اَهْلِ الْكِتَابِ الْإِحْصَانَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے اہل کتاب سے احصان کی نفی کی ہے

4432 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ يَهُودِيَّيْنِ قَدْ اُحْصِنَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو شادی شدہ یہودیوں (ایک مرد اور عورت) کو سنگسار کروادیا تھا۔

4431– إسناده صحيح على شرط مسلم، الوليد بن شجاع ثقة من رجال مسلم، ومن . فوقه على شرط الشيخين .وأخرجه ابن أبى شيبة 10/149 و14/149، وابن ماجة 2556 فى الحدود: باب رجم اليهودى واليهودية، من طريق عبد الله بن نمير، وأحمد 2/17 عن يحيى القطان، كلاهما عن عبيد الله بن عمر، بهذا الإسناد نحوه .وأخرجه مطولاً مسلم 1699 26 فى الحدود: باب رجم اليهود أهلِ الذمة فى الزنى، من طريق شعيب بن إسحاق، عن عُبيد الله بن عمر، بِه .وأخرجه مختصراً أحمد 2/61–62 و126، وابن الجارود 822 من طرق عن نافع، بِه .

4432– إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله . أبو همّام: هو الوليد بن شجاع .

4433 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنِ الشَّيْبَانِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ اَوْفٰى،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ يَهُودِيًّا وَيَهُودِيَّةً

حضرت ابن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یہودی مرد اور ایک یہودی عورت کو سنگسار کروایا تھا۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا رَجَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْيَهُودِيَّيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دو یہودیوں کو سنگسار کروایا تھا جن کا ہم نے ذکر کیا ہے

4434 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ الْيَهُودَ، جَائُوا اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرُوا لَهُ اَنَّ رَجُلًا مِنْهُمْ وَامْرَاَةً زَنَيَا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَجِدُونَ فِي التَّوْرَاةِ فِيْ شَاْنِ الرَّجْمِ؟، فَقَالُوا: نَفْضَحُهُمْ وَيُجْلَدُونَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: كَذَبْتُمْ اِنَّ فِيهَا لَآيَةَ الرَّجْمِ، فَاَتَوْا بِالتَّوْرَاةِ، فَنَشَرُوهَا، فَوَضَعَ اَحَدُهُمْ يَدَهُ عَلٰى آيَةِ الرَّجْمِ، فَقَرَاَ مَا قَبْلَهَا وَمَا بَعْدَهَا، فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: ارْفَعْ يَدَكَ، فَرَفَعَ يَدَهُ، فَاِذَا

4433- رجاله ثقات رجال الشيخين . الشيباني: هو أبو إسحاق سليمان بن أبي سليمان، وأبو الوليد الطيالسي: هو هشام بن عبد الملك .وأخرجه أحمد 4/355 عن هشيم، بهذا الإسناد . ولفظه عنده: قلت لابن أبي أوفى: رجم رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ قال: نعم، يهودياً ويهودية . قال: قلت: بعد نزول النور أو قبلها؟ قال: لا ادرى . وزاد الحافظ نسبته في "الفتح" 12/173 إلى الإسماعيلي والطبراني .وأخرج البخارى 6813 في الحدود: باب رجم المحصن، و 6840 باب . أحكام أهل الذمة وإحصانهم إذا زنوا ورُفعوا إلى الإمام، ومسلم 1702 في الحدود: باب رجم اليهود أهلِ الذمة في الزنى .

4434- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "الموطأ" 2/819 في الحدود: باب ما جاء في الرجم .ومن طريق مالك أخرجه البخارى 3635 في المناقب: باب قول الله تعالى (يَعْرِفُوْنَهُ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَاءَ هُمْ وَاِنَّ فَرِيقاً مِنْهُمْ لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ)، و6841 باب أحكام أهل الذمة وإحصانهم إذا زنوا ورفعوا إلى الإمام، ومسلم 1699 27 في الحدود: باب رجم اليهود أهل الذمة في الزنى، وأبو . داؤد 4446 في الحدود: باب في رجم اليهوديين، والبيهقي 8/214، والبغوى 2583 .وأخرجه من طريق مالك مختصراً الشافعي 2/81، وأحمد 2/7 و63 و76، والترمذى 1436 في الحدود: باب ما جاء في رجم أهل الكتاب .وأخرجه بنحوه من طرق عن نافع عبدُ الرزاق 13331 و13332، والدارمي 2/178-179، والبخارى 1329 في الجنائز: باب الصلاة على الجنائز بالمصلّى والمسجد، و4556 في التفسير: باب (قُلْ فَاْتُوا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوهَا اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ)، و 7332 في الاعتصام: باب ما ذكر النبي صلى الله عليه وسلم وحض على اتفاق أهل العلم، و7543 في التوحيد: باب ما يجوز من تفسير التوراة وغيرها من كتب الله بالعربية وغيرها لقول الله تعالى: (قُلْ فَاْتُوا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوهَا اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ)، ومسلم 1699 .وأخرجه أيضاً البخارى 6819 في الحدود: باب الرجم في البلاط، من طريق عبد الله بن دينار، عن ابن عمر .

فِيهَا آيَةُ الرَّجْمِ، فَقَالُوا: صَدَقَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ فِيهَا آيَةَ الرَّجْمِ، فَاَمَرَ بِهِمَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَا، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: فَرَاَيْتُ الرَّجُلَ يَجْنِءُ عَلَى الْمَرْاَةِ يَقِيهَا الْحِجَارَةَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ کچھ یہودی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یہ بات ذکر کی کہ ان سے تعلق رکھنے والے ایک مرد اور ایک عورت نے زنا کا ارتکاب کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں سے دریافت کیا: تم لوگ سنگسار کرنے کے بارے میں' تورات میں کیا حکم پاتے ہو؟ تو ان لوگوں نے جواب دیا: ہم تو (اس جرم کے مرتکب افراد) کو بے عزت کرتے ہیں اور انہیں کوڑے لگاتے ہیں' تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے غلط کہا ہے۔ تورات میں رجم سے متعلق آیت موجود ہے۔ وہ لوگ تورات لے آئے انہوں نے اسے کھولا تو ان میں سے ایک شخص نے رجم سے متعلق آیت پر ہاتھ رکھ دیا اور اس سے پہلے اور بعد والے حصے کو پڑھ دیا۔ حضرت عبداللہ بن سلام نے فرمایا: تم اپنا ہاتھ اٹھاؤ۔ اس نے اپنا ہاتھ اٹھایا تو وہاں رجم کے حکم سے متعلق آیت موجود تھی' تو ان لوگوں نے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! انہوں نے ٹھیک کہا ہے اس میں رجم کے حکم سے متعلق آیت موجود ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق اس مرد اور عورت کو سنگسار کر دیا گیا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اس شخص کو دیکھا وہ اس عورت کو پتھروں سے بچانے کے لیے اس پر جھکا ہوا تھا۔

ذِكْرُ اسْمِ الْوَاضِعِ يَدَهُ مِنَ الْيَهُودِ عَلٰى آيَةِ الرَّجْمِ فِي الْقِصَّةِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا

ہم نے جو واقعہ ذکر کیا ہے اس میں جس یہودی نے اپنا ہاتھ سنگسار کرنے سے متعلق آیت پر رکھا تھا اس کے نام کا تذکرہ

4435 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ، حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ يَهُوْدِيَّيْنِ رَجُلًا وَامْرَاَةً زَنَيَا، فَاَتَتْ بِهِمَا الْيَهُوْدُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: اِنَّ هٰذَيْنِ زَنَيَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَجِدُوْنَ فِي التَّوْرَاةِ؟، قَالُوا: نَفْضَحُهُمَا وَنَجْلِدُهُمَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَذَبْتُمْ وَاللّٰهِ اِنَّ فِيهَا آيَةَ الرَّجْمِ فَاْتُوْا بِالتَّوْرَاةِ، فَاتْلُوهَا اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ، وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَّامٍ: كَذَبْتُمْ وَاللّٰهِ اِنَّ فِيهَا آيَةَ الرَّجْمِ، قَالَ: فَاَتَوْا بِالتَّوْرَاةِ فَنَشَرُوهَا، وَجَاءَ رَجُلٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ يُقَالُ لَهُ: ابْنُ صُوْرِيَا اَعْوَرُ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى آيَةِ الرَّجْمِ، وَجَعَلَ يَقْرَاُ مَا قَبْلَهَا وَمَا بَعْدَهَا، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَّامٍ: ارْفَعْ يَدَكَ، فَرَفَعَ يَدَهُ فَوَجَدَ آيَةَ الرَّجْمِ، فَقَالَتِ الْيَهُوْدُ: نَعَمْ يَا مُحَمَّدُ فِيهَا الرَّجْمُ، فَاَمَرَ بِهِمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَا، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: وَاَنَا

4435- إسناده صحيح على شرطهما، وانظر ما قبله .

فِيمَنْ رَجَمَهُمَا يَوْمَئِذٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یہودی عورت، اور ایک یہودی مرد کو سنگسار کروا دیا تھا جنہوں نے زنا کا ارتکاب کیا تھا۔ یہودی ان دونوں کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے بتایا: ان دونوں نے زنا کا ارتکاب کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم لوگ تورات میں کیا حکم پاتے ہو؟ ان لوگوں نے جواب دیا: ہم تو ان کو رسوا کریں گے اور انہیں کوڑے لگائیں گے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! تم نے غلط کہا ہے۔ اللہ کی قسم! اس میں رجم کے حکم سے متعلق آیت موجود ہے۔ تم لوگ تورات لے آؤ اور اس کی تلاوت کرواگر تم سچے ہو' تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے غلط بیانی کی ہے۔ اللہ کی قسم! اس میں رجم کے حکم سے متعلق آیت موجود ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: وہ لوگ تورات لے آئے انہوں نے اسے کھولا۔ یہودیوں سے تعلق رکھنے والا ایک شخص ابن صوریا کانا تھا اس نے اپنا ہاتھ رجم سے متعلق آیت پر رکھ دیا اور اس سے پہلے اور بعد والے حصے کو پڑھ دیا۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم اپنے ہاتھ کو اٹھاؤ۔ اس نے اپنا ہاتھ اٹھایا تو وہاں آیت رجم سامنے آگئی' تو یہودیوں نے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! اس میں سنگسار کرنے سے متعلق حکم موجود ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان دونوں (یعنی یہودی مرد اور عورت) کو سنگسار کر دیا گیا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس دن ان دونوں کو سنگسار کرنے والوں میں' میں بھی شامل تھا۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ الْمَرْجُومِ فِي حَيَاةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کے واقعہ کا تذکرہ' جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں سنگسار کیا گیا

4436 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يُحَدِّثُ،

(متن حدیث): اَنَّهُ شَهِدَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُتِيَ بِرَجُلٍ اَشْعَرَ، قَصِيرٍ، ذِي عَضَلَاتٍ، اَقَرَّ بِالزِّنَى فَرَدَّهُ مَرَّتَيْنِ، ثُمَّ اَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ، وَقَالَ: كُلَّمَا نَفَرْنَا غَازِيْنَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يَتَخَلَّفُ اَحَدُكُمْ لَهُ نَبِيبٌ كَنَبِيبِ التَّيْسِ، يَمْنَحُ اِحْدَاهُنَّ الْكُثْبَةَ، اَمَا اِنِّي لَنْ اُوتَى بِاَحَدٍ مِّنْهُمْ اِلَّا جَعَلْتُهُ نَكَالًا،

4436– إسناده حسن، سماك بن حرب من رجال مسلم وهو حسن الحديث، وباقي رجاله . . ثقات على شرط الشيخين .وأخرجه الطبراني في "الكبير" 1897 عن سليمان بن الحسن، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/103، وابن أبي شيبة 10/73، ومسلم 1692 18 في الحدود: باب من اعترف على نفسه بالزنى، وأبو داوُد 4423 في الحدود: باب رجم ماعز بن مالك، والنسائي في الرجم كما في "التحفة" 2/158، والطحاوي 3/142 و143 من طرق عن شعبة، بِهِ .وفيه: فردّه مرتين، وفي رواية لمسلم والطحاوي: مرتين أو ثلاثاً . وأخرجه عبد الرزاق 13343، ومن طريقه أحمد 5/86 و87، والطبراني 1917 عن إسرائيل بن يونس، وأحمد 5/102 من طريق المسعودي، ومسلم 1692 17، وأبو داوُد 4422، والطبراني 1979، والبيهقي 8/226–227 من طريق أبي عوانة، والطبراني 2049 من طريق الوليد بن أبي ثور، أربعتهم عن سماك بن حرب، بِهِ . في رواية إسرائيل والوليد ردّه له مرتين، وفي رواية أبي عوانة فشهد على نفسه أربع شهادات، وفي رواية المسعودي: فاعترف مراراً .

وَرُبَّمَا قَالَ سِمَاكٌ: اِلَّا نَكَّلْتُهُ، قَالَ سِمَاكٌ: فَذَكَرْتُهُ لِسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، فَقَالَ: رَدَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ، قَالَ شُعْبَةُ، وَقَالَ الْحَكَمُ يَنْبَغِي اَنْ يَّرُدَّهُ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ، وَقَالَ حَمَّادٌ: مَرَّةً

❁❁ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے ایک شخص آیا جس کے بال زیادہ تھے اس کا قد چھوٹا تھا اور جسم مضبوط تھا اس نے زنا کرنے کا اقرار کیا دو مرتبہ اسے واپس کر دیا گیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اسے سنگسار کر دیا گیا۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہم جب بھی اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے لیے جاتے ہیں' تو کوئی ایک شخص پیچھے رہ جاتا ہے' جو نر جانور کی طرح آواز نکالتا ہے (یعنی عورت کو بہلا پھسلا کر) یا کچھ دے کر اس کے ساتھ زنا کر لیتا ہے۔ اب اس طرح کا جو بھی شخص میرے پاس لایا گیا تو میں اسے عبرت کا نشان بنا دوں گا''۔

سماک نامی راوی نے بعض اوقات ایک لفظ مختلف بیان کیا ہے۔

سماک نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے سعید بن جبیر کے سامنے یہ روایت نقل کی تو انہوں نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو چار مرتبہ واپس کیا تھا۔

شعبہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: حکم نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے یہ بات مناسب ہے' ایسے شخص کو چار مرتبہ واپس کیا جائے۔

جب کہ حماد نامی راوی نے یہ بات ذکر کی ہے' اسے ایک مرتبہ واپس کیا جائے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِقْرَارَ بِالزِّنٰى يُوْجِبُ الرَّجْمَ عَلٰى مَنْ اَقَرَّ بِهٖ، وَكَانَ مُحْصِنًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' زنا کا اقرار سنگسار کرنے کو اس شخص کے لیے واجب کر دیتا ہے' جس نے اس کا اقرار کیا ہو اور وہ محصن ہو

4437 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّهُمَا قَالَا:

(متن حدیث): اِنَّ رَجُلًا مِنَ الْاَعْرَابِ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اُنْشُدُكَ اللّٰهَ اِلَّا قَضَيْتَ لِيْ بِكِتَابِ اللّٰهِ، فَقَالَ الْخَصْمُ الْاٰخَرُ وَهُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ: نَعَمْ، اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، وَاْذَنْ لِيْ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُلْ، قَالَ: اِنَّ ابْنِيْ كَانَ عَسِيْفًا عَلٰى هٰذَا، فَزَنٰى بِامْرَاَتِهٖ، وَاِنِّيْ اُخْبِرْتُ اَنَّ عَلَى ابْنِي الرَّجْمُ، فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِئَةِ شَاةٍ وَوَلِيْدَةٍ، فَسَاَلْتُ اَهْلَ الْعِلْمِ، فَاَخْبَرُوْنِيْ اَنَّ عَلَى ابْنِيْ

جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ، وَاَنَّ عَلٰى امْرَاَتِهِ الرَّجْمُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ، لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ، الْوَلِيدَةُ وَالْغَنَمُ مَرْدُوْدٌ عَلَيْكَ، وَعَلٰى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ، اغْدُ يَا اُنَيْسُ اِلٰى امْرَاَةِ هٰذَا، فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا، قَالَ: فَغَدَا عَلَيْهَا، فَاعْتَرَفَتْ، فَاَمَرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَتْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں آپ کو اللہ کا واسطہ دے کر کہتا ہوں کہ آپ میرے بارے میں اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ دیں۔ اس کے مخالف فریق نے' جو اس سے زیادہ سمجھدار تھا اس نے کہا: جی ہاں: آپ ہمارے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کیجئے' لیکن مجھے آپ اجازت دیجئے (تاکہ میں مسئلہ بیان کردوں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم کہو۔ اس نے عرض

4437- إسناده صحيح، يزيد بن مَوهب ثقة روى له أصحاب السنن غير الترمذي، ومن فوقه ثقات على شرطهما .وأخرجه البخاري 2724 في الشروط: باب الشروط التي لا تحل في الحدود، ومسلم 1697 في الحدود: باب من اعترف على نفسه بالزنى، والنسائي في التفسير كما في "التحفة" 3/236، والطبراني 5193 من طرق عن الليث، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 2314 في الوكالة: باب الوكالة في الحدود، عن أبي الوليد، عن الليث، به مختصراً جداً .وأخرجه النسائي في ارجم، والطبراني 5191 من طريقين عن مالك والليث وسفيان بن عيينة، عن ابن شهاب، بِهِ . زاد سفيان في روايته مع أبي هريرة وزيد شبلاً .وأخرجه مالك 2/882 في الحدود: باب ما جاء في الرجم، ومن طريقه الشافعي في "مسنده" 2/78-79، والبخاري 6633 في الأيمان والنذور: . باب كيف كانت يمين النبي صلى الله عليه وسلم، و 6842 في الحدود: باب إذا رمى امرأته أو امرأة غيره بالزنى عند الحاكم والناس . . .، وأبو داوُد 4445 في الحدود: باب المرأة التي أمر النبي صلى الله عليه وسلم برجمها من جهينة، والترمذي بعد الحديث 1433 في الحدود: باب ما جاء في الرجم على الثيب، والنسائي 8/240-241 في آداب القضاة: باب صون النساء عن مجلس الحكم، والطبراني 5190، والطحاوي 3/135، والبغوي 2579 .وأخرجه الشافعي 2/79، والبخاري 2827 في الحدود: باب الاعتراف بالزنى، و 6859 باب هل يأمر الإمام رجلاً فيضرب الحد غائباً عنه؟، من طرق سفيان بن عيينة، عن الزهري، بِهِ . وأخرجه أحمد 4/115-116، والحميدي 811، والدارمي 2/177، والترمذي 1433، والنسائي 8/241-242، وابن ماجة 2549 في الحدود: باب حد الزنى، والطحاوي 3/134-135، والطبراني 5192، وابن الجارود 811، والبيهقي 8/219 و222 من طرق عن سفيان بن عيينة، عن الزهري، بِهِ . زاد سفيان فيه مع زيد وأبي هريرة شبلاً .وأخرجه عبد الرزاق 13309، و13310، والإمام أحمد 4/115، والبخاري 2695 في الصلح: باب إذا اصطلحوا على صلح جَور فالصلح مردود، و 6835 في الحدود: باب من أمر غير الإمام بإقامة الحد غائباً عنه، و7193 في الأحكام: باب هل يجوز للحاكم أن يبعث رجلاً وحده للنظر في الأمور، و7258 في أخبار الآحاد: باب ما جاء في إجازة خبر الواحد الصدوق في الأذان والصلاة والصوم والفرائض والأحكام، ومسلم 1697، والطحاوي 3/135، والطبراني 5188 و5189 و5195 و5196 و5199 من طرق عن الزهري، بِهِ .وأخرجه البخاري 7260 في أخبار الآحاد، من طريق شعيب بن أبي حمزة، عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله، عن أبي هريرة وحده .وأخرجه الطبراني 5200 من طريق سليمان بن كثير، عن الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله، عن زيد بن خالد .وأخرجه البخاري 2649 في الشهادات: باب شهادة القاذف والسارق والزاني، و 6831 في الحدود: باب البكران يجلدان وينفيان، والطبراني 5197 من طريقين عن الزهري، عن عبيد الله، عن زيد بن خالد .مختصراً بلفظ سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يأمر فيمن زنى ولم يحصن جلد مئة وتغريب عام .وأخرجه الطبراني 5194 من طريق الزهري، به مختصراً بنحوه .

کی: میرا بیٹا اس شخص کے ہاں ملازم تھا اس نے اس کی بیوی کے ساتھ زنا کر لیا مجھے یہ بات بتائی گئی میرے بیٹے کو سنگسار کیا جائے گا' تو میں نے اس کے عوض میں ایک سو بکریاں اور ایک کنیز فدیے کے طور پر دے دی پھر میں نے اہل علم سے دریافت کیا: تو انہوں نے مجھے بتایا کہ میرے بیٹے کو ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لیے جلا وطن کیا جائے گا اور اس کی بیوی کو سنگسار کیا جائے گا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میں تم دونوں کے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ کنیز اور بکریاں تمہیں واپس مل جائیں گی تمہارے بیٹے کو ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لیے جلاوطن کیا جائے گا۔ اے انیس! تم اس شخص کی بیوی کے پاس جاؤ اگر وہ اعتراف کرتی ہے' تو اسے سنگسار کر دو۔

راوی کہتے ہیں: اگلے دن وہ صاحب اس خاتون کے پاس گئے اس نے اعتراف کر لیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عورت سے متعلق حکم کے مطابق اس عورت کو سنگسار کر دیا گیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَهَّمَ فِيْ مَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ قِلَّةَ عَقْلٍ، وَعِلْمٍ مِمَّا يَقُوْلُ فَلِذٰلِكَ رَدَّهٗ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ سوچا تھا شاید ان کا ذہنی توازن ٹھیک نہیں ہے اور جو کچھ وہ بیان کر رہے ہیں انہیں اس بارے میں پتہ نہیں ہے اس لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں چار مرتبہ واپس کر دیا تھا

4438 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّيْ اَصَبْتُ فَاحِشَةً، فَرَدَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِرَارًا، قَالَ: فَسَاَلَ قَوْمَهُ: اَبِهِ بَاْسٌ؟، فَقِيلَ: مَا بِهِ بَاْسٌ غَيْرَ اَنَّهُ اَتَى اَمْرًا يَرَى اَنَّهُ لَا يُخْرِجُهُ مِنْهُ اِلَّا اَنْ يُقَامَ الْحَدُّ عَلَيْهِ، قَالَ: فَاَمَرَنَا فَانْطَلَقْنَا بِهِ اِلَى بَقِيعِ الْغَرْقَدِ، قَالَ: فَلَمْ نَحْفُرْ لَهُ وَلَمْ نُوثِقْهُ، فَرَمَيْنَاهُ بِخَزَفٍ وَعِظَامٍ وَجَنْدَلٍ، قَالَ: فَاشْتَكَى فَسَعَى، فَاشْتَدَدْنَا خَلْفَهُ، فَاَتَى الْحَرَّةَ فَانْتَصَبَ لَنَا، فَرَمَيْنَاهُ بِجَلَامِيدِهَا حَتّٰى سَكَنَ، فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْعَشِيِّ خَطِيبًا، فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَمَّا بَعْدُ، مَا بَالُ اَقْوَامٍ اِذَا غَزَوْنَا تَخَلَّفَ اَحَدُهُمْ فِيْ عِيَالِنَا لَهُ نَبِيبٌ كَنَبِيبِ التَّيْسِ، اَمَا اِنَّ عَلَيَّ اَنْ لَا اُوتَى بِاَحَدٍ

4438- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قُطَعَة العبدى . وأخرجه مسلم 1694 21 فى الحدود: باب من اعترف على نفسه بالزنى، . وأبو داؤد 4431 فى الحدود: باب رجم ماعز بن مالك، والنسائى فى الرجم كما فى "التحفة" 3/455، والحاكم 4/362-363 من طرق عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد . قال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه، ووافقه الذهبى! وأخرجه أحمد 3/61-62، والدارمى 2/178، ومسلم 1694، وأبو داؤد 4431، والنسائى، والبيهقى 8/220-221 من طرق عن داؤد بن أبى هند، به نحوه وبعضهم يزيد فى الحديث على بعض .

فَعَلَ ذٰلِكَ اِلَّا نَكَّلْتُ بِهٖ، قَالَ: وَلَمْ يَسُبَّهٗ، وَلَمْ يَسْتَغْفِرْ لَهٗ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: میں نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چند مرتبہ انہیں واپس کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی قوم کے افراد سے دریافت کیا: کیا اسے کوئی بیماری ہے؟ عرض کی گئی اسے کوئی بیماری نہیں ہے البتہ اس کی یہ کیفیت ہے یہ سمجھتا ہے اس نے جو جرم کیا ہے اس کا کفارہ یہی ہوسکتا ہے اس پر حد قائم کی جائے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا' تو ہم اسے لے کر بقیع غرقد کی طرف آ گئے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہم نے اس کے لیے کوئی گڑھا نہیں کھودا اسے باندھا نہیں۔ ہم نے اسے پتھروں' ہڈیوں اور جندل کے ذریعے مارنا شروع کیا۔ راوی کہتے ہیں: جب انہیں تکلیف ہوئی تو وہ بھاگے ہم بھی ان کے پیچھے بھاگے' یہاں تک کہ پتھریلی زمین کے پاس پہنچ کر وہ رک گئے۔ ہم انہیں پتھر مارتے رہے' یہاں تک کہ وہ مر گئے۔ شام کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کرنے کے بعد ارشاد فرمایا:

اما بعد! ''لوگوں کو کیا ہو گیا ہے' جب ہم کسی غزوے میں شرکت کے لیے جاتے ہیں' تو ان میں سے کوئی ایک شخص ہمارے گھر والوں کے لیے پیچھے رہ جاتا ہے' جو نر جانور کی طرح آواز نکال کر (عورت کو اپنی طرف مائل کرنے کی کوشش کرتا ہے) یہ بات میرے ذمے لازم ہے' اس طرح کا کوئی بھی شخص میرے پاس لایا گیا تو میں اسے عبرت ناک سزا دوں گا''۔

راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ تو اس شخص کو برا کہا اور نہ ہی اس کے لیے دعائے مغفرت کی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى الْمُقِرِّ بِالزِّنٰى عَلٰى نَفْسِهٖ اِذَا رَجَعَ بَعْدَ اِقْرَارِهٖ يَجِبُ اَنْ يُّتْرَكَ وَلَا يُرْجَمُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' اپنی ذات کے بارے میں

زنا کا اقرار کرنے والا شخص جب اقرار کرنے کے بعد واپس چلا جائے' تو یہ بات ضروری ہے' اسے چھوڑ دیا جائے اور اسے سنگسار نہ کیا جائے

4439 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ مَاعِزٌ الْاَسْلَمِيُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّيْ قَدْ زَنَيْتُ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ جَاءَهٗ مِنْ شِقِّهِ الْاٰخَرِ، فَقَالَ: اِنِّيْ قَدْ زَنَيْتُ، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، فَجَاءَهٗ اَرْبَعَ مَرَّاتٍ، فَاَمَرَ بِهٖ اَنْ يُّرْجَمَ، فَلَمَّا وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ فَرَّ يَشْتَدُّ، فَذَكَرُوْا فِرَارَهٗ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ مَسَّتْهُ الْحِجَارَةُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَهَلَّا تَرَكْتُمُوْهُ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ماعز اسلمی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: میں نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے منہ پھیرلیا' پھروہ دوسری طرف سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: میں نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے منہ پھیرلیا۔ وہ چار مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں حکم دیا کہ انہیں سنگسار کر دیا جائے۔ جب انہیں پتھر لگے تو وہ بھاگے۔ لوگوں نے ان کے بھاگنے کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا کہ جب انہیں پتھر لگے تھے (تو وہ بھاگ پڑے تھے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اسے چھوڑ کیوں نہیں دیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ كَانَ مُحْصِنًا حِينَ زَنَى

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ نے جب زنا کیا تھا وہ اس وقت محصن تھے

4440 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنْ اَسْلَمَ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَهُ اَنَّهُ قَدْ زَنٰى، وَشَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ، فَاَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَ، وَكَانَ قَدْ اَحْصَنَ

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اسلم قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے اس نے اپنی ذات کے بارے میں چار مرتبہ یہ گواہی دی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق اس شخص کو سنگسار کر دیا گیا وہ شخص شادی شدہ تھا۔

4439- إسناده حسن من أجل محمد بن عمرو بن علقمة، فقد روى له البخاري تعليقاً ومقروناً ومسلم متابعة، وباقي رجال السند ثقات على شرطهما .وأخرجه ابن الجارود 819 عن علي بن خشرم، عن عيسى بن يونس، بهذا الإسناد .وأخرجه الترمذي 1428 في الحدود: باب ما جاء في درء الحد عن المعترف إذا رجع، من طريق عبدة بن سليمان، والنسائي في الرجم كما في "التحفة" 11/20، والبغوي 2584 من طريق يزيد بن هارون، كلاهما عن محمد بن عمرو، به . قال الترمذي: هذا حديث حسن .وأخرجه بنحوه البخاري 5271 في الطلاق: باب الطلاق في الإغلاق والكره والسكران والمجنون . . .، و6815 في الحدود: باب لا يُرجم المجنون والمجنونة، و 6825 باب سؤال الإمام المقرَّ: هل أحصنت؟ و 7167 في الأحكام: باب من حكم في المسجد . . .، ومسلم 1691 16 في الحدود: باب من اعترف على نفسه بالزنى، والنسائي في الرجم كما في "التحفة" 10/19 و34، والطحاوي 3/143، والبيهقي 8/219، والبغوي 2585 من طرق عن الزهري، عن سعيد بن المسيب، وأبي سلمة، عن أبي هريرة .وانظر 4383 و4384 .

4440- إسناده صحيح على شرطهما .عبد الله: هو ابن المبارك، ويونس: هو ابن يزيد الأيلي .وأخرجه البخاري 6814 في الحدود: باب رجم المحصن، عن محمد بن مقاتل، والبيهقي 8/225 من طريق عبدان، كلاهما عن ابن المبارك، بهذا الإسناد . وانظر الحديث 3094 .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْاَةَ الْحَامِلَ اِذَا اَقَرَّتْ عَلٰى نَفْسِهَا بِالزِّنٰى يَجِبُ اَنْ يُّتَرَبَّصَ بِرَجْمِهَا اِلٰى اَنْ تَضَعَ حَمْلَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب حاملہ عورت اپنی ذات کے بارے میں زنا کا اعتراف کر لے' تو یہ بات لازم ہے' اسے سنگسار کرنے کو اس وقت تک ملتوی کیا جائے جب تک وہ بچے کو جنم نہیں دیتی

4441 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ عَمِّهٖ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةٌ مِّنْ جُهَيْنَةَ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْهُ عَلَيَّ، قَالَ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَلِيِّهَا، فَقَالَ: اَحْسِنْ اِلَيْهَا حَتّٰى تَضَعَ مَا فِيْ بَطْنِهَا، فَاِذَا وَضَعَتْ فَاْتِنِيْ بِهَا، فَاَتٰى بِهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ بِهَا، فَشُدَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا، ثُمَّ اَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ، ثُمَّ صَلّٰى عَلَيْهَا، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَتُصَلِّيْ عَلَيْهَا وَقَدْ زَنَتْ؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ عَلٰى سَبْعِيْنَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَوَسِعَتْهُمْ، وَهَلْ وَجَدْتَ اَفْضَلَ مِنْ اَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا لِلّٰهِ؟

❀❀ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جہینہ قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے قابل حد جرم کا ارتکاب کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر حد جاری کریں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ولی کو بلوایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو' یہاں تک کہ یہ اپنے پیٹ میں موجود بچے کو جنم دے۔ جب یہ اسے جنم دیدے تو تم اسے میرے پاس لے آنا' پھر وہ شخص اس عورت کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے آئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کے بارے میں حکم دیا کہ اس کے کپڑوں کو باندھ دیا جائے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اسے سنگسار کردیا گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کی نماز جنازہ ادا کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ اس کی نماز جنازہ ادا کرنے لگے ہیں جب کہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اس نے ایسی توبہ کی ہے' اسے اہل مدینہ سے تعلق رکھنے والے ستر افراد پر تقسیم کیا جائے' تو ان سب کے لیے کافی ہو کیا تمہیں اس سے زیادہ افضل اور کوئی شخص ملتا ہے' اس نے اپنی جان اللہ تعالیٰ کے لیے قربان کردی ہے۔

4441- إسناده صحيح على شرط الصحيح . عمر بن عبد الواحد المتابع للوليد بن مسلم في هذا السند ثقة، روى له أصحاب السنن غير الترمذي، وهو مكرر 4403 .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْاَةَ الْحَامِلَ الْمُقِرَّةَ بِالزِّنٰى عَلٰى نَفْسِهَا ثُمَّ وَلَدَتْ يَجِبُ عَلَى الْإِمَامِ التَّرَبُّصُ بِرَجْمِهَا اِلٰى اَنْ تَفْطِمَ وَلَدَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حاملہ عورت' جس نے اپنی ذات کے بارے میں

زنا کا اعتراف کیا ہو پھر وہ بچے کو جنم دے لے' تو امام کے لیے یہ بات لازم ہے' وہ اس کے سنگسار کرنے کو اس وقت تک ملتوی کرے جب تک وہ بچے کا دودھ نہیں چھڑا دیتی

4442 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِىْ كَرِيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِىْ اُنَيْسَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِى الْمَلِيحِ الْهُذَلِيِّ، عَنْ اَبِىْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ تِ امْرَاَةٌ اِلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: قَدْ اَحْدَثْتُ وَهِىَ حُبْلٰى، فَاَمَرَهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَذْهَبَ حَتّٰى تَضَعَ مَا فِىْ بَطْنِهَا، فَلَمَّا وَضَعَتْ جَاءَ تْ، فَاَمَرَهَا اَنْ تَذْهَبَ فَتُرْضِعَهُ حَتّٰى تَفْطِمَهُ، فَفَعَلَتْ، ثُمَّ جَاءَ تْ فَاَمَرَهَا اَنْ تَدْفَعَ وَلَدَهَا اِلٰى اُنَاسٍ، فَفَعَلَتْ، ثُمَّ جَاءَ تْ، فَسَاَلَهَا اِلٰى مَنْ دَفَعَتْ، فَاَخْبَرَتْ اَنَّهَا دَفَعَتْهُ اِلٰى فُلَانٍ، فَاَمَرَهَا اَنْ تَاْخُذَهُ وَتَدْفَعَهُ اِلٰى آلِ فُلَانٍ نَاسٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ اِنَّهَا جَاءَ تْ، فَاَمَرَهَا اَنْ تَشُدَّ عَلَيْهَا ثِيَابَهَا، ثُمَّ اِنَّهُ اَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ، ثُمَّ اِنَّهُ كَفَّنَهَا وَصَلّٰى عَلَيْهَا، ثُمَّ دَفَنَهَا، فَقَالَ النَّاسُ: رَجَمَهَا، ثُمَّ كَفَّنَهَا وَصَلّٰى عَلَيْهَا، ثُمَّ دَفَنَهَا، فَبَلَغَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَقُوْلُ النَّاسُ، فَقَالَ: لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ تَوْبَتُهَا بَيْنَ سَبْعِيْنَ رَجُلًا مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَوَسِعَتْهُمْ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے بتایا: میں نے زنا کا ارتکاب کیا ہے اور وہ حاملہ بھی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا کہ وہ جائے اور جا کر پہلے اپنے پیٹ میں موجود بچے کو جنم دے۔ جب اس نے جنم دے دیا' تو وہ پھر آ گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ جائے اور اس بچے کو دودھ پلائے جب تک بچہ دودھ چھوڑ نہیں دیتا اس عورت نے ایسا ہی کیا وہ پھر آئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا کہ وہ اپنے بچے کو کسی کے سپرد کر کے آئے' تو اس عورت نے ایسا ہی کیا۔ وہ پھر آ گئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا: اس نے بچے کو کس کے سپرد کیا ہے؟ اس عورت نے بتایا: میں نے اسے فلاں کے سپرد کر دیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ حکم دیا کہ وہ ان سے بچے کو لے اور آلِ فلاں کے حوالے کرے۔ یہ انصار کے کچھ لوگوں کے بارے میں حکم دیا پھر وہ عورت آئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا وہ اپنے کپڑے کو مضبوطی سے باندھ لے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں حکم دیا' تو اسے سنگسار کر دیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کفن دیا اور اس کی نماز

4442- حديث صحيح، رجاله ثقات على شرط مسلم غير محمد بن وهب بن أبى كريمة فقد روى له النسائى وهو صدوق صالح . عبد الملك بن عمير وصفه المؤلف فى "الثقات" 5/117 بالتدليس، وقد عنعن، وأبو عبد الرحيم: هو خالد بن أبى يزيد الحرانى .

جنازہ ادا کی پھر آپ ﷺ نے اسے دفن کیا۔ لوگوں نے کہا: نبی اکرم ﷺ نے پہلے اسے سنگسار کروایا پھر اسے کفن دیا پھر اس کی نماز جنازہ بھی ادا کی پھر اسے دفن بھی کروایا۔ جب اس بات کی اطلاع نبی اکرم ﷺ تک پہنچی کہ لوگ یہ کہہ رہے ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس عورت نے ایسی توبہ کی ہے' اگر اسے اہل مدینہ سے تعلق رکھنے والے ستر آدمیوں کے درمیان تقسیم کر دیا جائے' تو ان سب کے لیے کافی ہو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِيْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

4443 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بَحْرِ بْنِ مُعَاذٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَخِيْ بَنِيْ رَقَاشٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُنْزِلَ عَلَيْهِ كُرِبَ لِذٰلِكَ، وَتَرَبَّدَ لَهٗ وَجْهُهٗ، فَاُنْزِلَ عَلَيْهِ ذَاتَ يَوْمٍ، فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوْا عَنِّيْ، قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا الثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ، وَالْبِكْرُ بِالْبِكْرِ، الثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ ثُمَّ رَجْمٌ بِالْحِجَارَةِ، وَالْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ ثُمَّ نَفْيُ سَنَةٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا الْخَبَرُ دَالٌّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْحُكْمَ كَانَ مِنَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى لِسَانِ صَفِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَوَّلِ مَا اَنْزَلَ حُكْمَ الزَّانِيَيْنِ، فَلَمَّا رُفِعَ اِلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الزِّنٰى وَاَقَرَّ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ وَغَيْرُهٗ بِهَا، اَمَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجْمِهِمْ وَلَمْ يَجْلِدْهُمْ، فَذٰلِكَ مَا وَصَفْتُ عَلٰى اَنَّ هٰذَا اٰخِرُ الْاَمْرَيْنِ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِيْهِ نَسْخُ الْاَمْرِ بِالْجَلْدِ لِلثَّيِّبَيْنِ وَالْاِقْتِصَارُ عَلٰى رَجْمِهِمَا

❁❁ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ پر وحی نازل ہوتی تھی' تو آپ ﷺ کو مشکل

4443- حديث صحيح، شعيب بن إسحاق ثقة من رجال الشيخين وهو وإن كان سماعه من أبي عروبة بآخَرَةٍ- قد تُوبع، وهو مكرر 4425 و4426 و4427 .وأخرجه أحمد 5/318 و320-321، ومسلم 1690 13 في الحدود: باب حد الزنى، وأبو داوُد 4415 في الحدود: باب في الرجم، والنسائي في "فضائل القرآن" 5، وفي الرجم كما في "التحفة" 4/247 من طرق عن سعيد بن أبي عروبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/317 من طريق حماد، عن قتادة وحميد، عن الحسن، به .وأخرجه ابن ماجة 2550 في الحدود: باب حد الزنى، من طريق يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عروبة، بِهِ .وقال فيه عن يونس بن جبير بدل الحسن، قال الحافظ المزي في "تحفة الأشراف" 4/247: وهو وهم والله أعلم، فإن المحفوظ بهذا الإسناد حديث حِطَّان عن أبي موسى في التشهد .

درپیش ہوتی تھی اور آپ ﷺ کا چہرہ مبارک متغیر ہو جاتا تھا ایک دن آپ ﷺ پر وحی نازل ہوئی جب آپ ﷺ کی یہ کیفیت ختم ہوئی تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھ سے (حکم) حاصل کرلو۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے حکم بیان کر دیا ہے۔ شادی شدہ شخص کا شادی شدہ کے ساتھ زنا کرنا اور کنوارے کا کنواری کے ساتھ زنا کرنا۔

شادی شدہ شخص کے شادی شدہ کے ساتھ زنا کرنے کے نتیجے میں ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور پھر پتھروں کے ذریعے سنگسار کر دیا جائے گا۔

اور کنوارے کے کنواری کے ساتھ زنا کرنے کی صورت میں ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لیے جلاوطن کر دیا جائے گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت اس بات پر دلالت کرتی ہے یہ حکم اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، جو اس کے محبوب ﷺ کی زبانی ہے اور زنا کرنے والوں کے بارے میں یہ سب سے پہلا حکم ہے۔

یہی وجہ ہے، جب نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں زنا کا معاملہ پیش ہوا اور حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ نے آپ ﷺ کے سامنے زنا کا اقرار کیا، تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں سنگسار کرنے کا حکم دیا۔ آپ ﷺ نے انہیں کوڑے نہیں لگوائے۔ اس لیے میں نے جو چیز بیان کی ہے: نبی اکرم ﷺ سے دو طرح کے حکم منقول ہیں ان میں سے آخری چیز وہ ہے، اور اس میں اس بات کی دلیل موجود ہے، شادی شدہ کو کوڑے مارنے کا حکم منسوخ ہے اور انہیں سنگسار کرنے پر اکتفاء کیا جائے گا۔

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَلْدِ عَلَى الْاَمَةِ الزَّانِيَةِ لِمَوْلَاهَا وَاِنْ عَادَتْ فِيهِ مِرَارًا

زنا کرنے والی کنیز کے آقا کے لیے یہ بات لازم ہونے کا تذکرہ، وہ اسے کوڑے لگائے اگرچہ وہ متعدد بار یہ حرکت کرے

4444 - (سندِحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ

4444- إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "الموطأ" 2/826 في الحدود: باب جامع ما جاء في حد الزنى . وزاد في آخره قال ابن شهاب: لا أدرى أبعد الثالثة أو الرابعة .ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في "مسنده" 200/2-201 بترتيب الساعاتي، وأحمد 4/117، والدارمي 2/181، والبخاري 2153 في البيوع: باب بيع العبد الزاني، و6837 في الحدود: باب إذا زنت الأمة، ومسلم 1704 33 في الحدود: باب رجم اليهود أهل الذمة في الزنى، وأبو داود 4469 في الحدود: باب في الأمة تزني ولم تحصن، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/237، وابن الجارود 821، والبيهقي 8/242 و244 .وأخرجه عبد الرزاق 13598 في "المصنف"، والطيالسي 1334 و2513، بهذا الإسناد، عن أبي هريرة وحده .وأخرجه عبد الرزاق 13598، والطيالسي 1334 و2513، والبخاري 2232 في البيوع: باب بيع المدبَّر، و 2555 في العتق: باب كراهية التطاول على الرقيق، ومسلم 1704 من طرق عن الزهري، به عنهما .وأخرجه الشافعي 2/200، والحميدي 812، وأحمد 4/116، وابن أبي شيبة 9/513، والنسائي في الرجم، وابن ماجة 2565 في الحدود: باب إقامة الحدود على الإماء، والبيهقي 8/244 من طريق سفيان بن عيينة، عن الزهري، بِهِ . زاد في إسناده مع أبي هريرة وزيد شبلاً .وأخرجه البخاري، 2152 و2234 و6839، ومسلم 1703 30 و31، وأبو داود 4470 و4471 من طريق المقبري، عن أبي هريرة قال: قال النبي صلى الله عليه وسلم: " .

شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ،

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْاَمَةِ اِذَا زَنَتْ وَلَمْ تُحْصَنْ فَقَالَ: اِذَا زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا، ثُمَّ اِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا، ثُمَّ اِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوهَا، ثُمَّ بِيعُوهَا وَلَوْ بِضَفِيرٍ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی کنیز کے بارے میں دریافت کیا گیا جو زنا کا ارتکاب کرتی ہے اور شادی شدہ نہیں ہوتی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر وہ زنا کا ارتکاب کرے تو تم اسے کوڑے مارو پھر اگر وہ زنا کا ارتکاب کرے تو اسے کوڑے مارو پھر اگر وہ زنا کا ارتکاب کرے تو اسے کوڑے مارو پھر اسے فروخت کر دو خواہ ایک رسی کے عوض میں کرو۔

بَابُ حَدِّ الشُّرْبِ

شراب پینے کی حد کا بیان

4445 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِى النَّجُوْدِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَاجْلِدُوْهُ، وَمَنْ عَادَ فَاجْلِدُوْهُ، فَاِنْ عَادَ فَاجْلِدُوْهُ، فَاِنْ عَادَ فَاقْتُلُوْهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْعِلَّةُ الْمَعْلُوْمَةُ فِىْ هٰذَا الْخَبَرِ يُشْبِهُ اَنْ تَكُوْنَ، فَاِنْ عَادَ عَلٰى اَنْ لَا يَقْبَلَ تَحْرِيْمَ اللّٰهِ فَاقْتُلُوْهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

"جو شخص شراب پیے اسے کوڑے مارو جو دوبارہ پیے اسے پھر کوڑے مارو اگر وہ پھر پیے تو پھر کوڑے مارو اگر وہ پھر ایسا کرے تو اسے قتل کر دو"۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں مذکور متعین علت ہوسکتا ہے یہ ہو کہ اگر وہ پھر شراب پیے تو اس کا مطلب یہ ہوگا: اس نے اللہ تعالیٰ کے حرام قرار دینے کے حکم کو قبول نہیں کیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں ابوبکر بن عیاش نامی راوی منفرد ہے

4496 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ:

(متن حدیث): جِئْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَحَدَّثْتُ عِنْدَهُ وَهُوَ عَاكِفٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَقَامَ مَعِي لَيْلَةً مِنَ اللَّيَالِي يُبَلِّغُنِي بَيْتِي، فَلَقِيَهُ رَجُلَانِ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَلَمَّا رَاَيَاهُ اسْتَحْيَا فَرَجَعَا، فَقَالَ: تَعَالَيَا، فَاِنَّهَا صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ، فَقَالَا: نَعُوذُ بِاللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا اَقُولُ لَكُمَا هٰذَا اِنْ تَكُونَا تَظُنَّانِ سُوءًا، وَلٰكِنْ عَلِمْتُ اَنَّ الشَّيْطَانَ يَجْرِي مِنَ ابْنِ آدَمَ مَجْرَى الدَّمِ

حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی میں کچھ دیر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بات چیت کرتی رہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مسجد میں اعتکاف کیے ہوئے تھے رات کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے گھر تک پہنچانے کے لیے میرے ساتھ اٹھے راستے میں دو انصاری

4496- إسناده حسن، على شرط مسلم، عبد الرحمٰن بن إسحاق: هو ابن عبد الله بن كنانة القرشي المدني، حسن الحديث، وخالد: هو ابن عبد الله الواسطي، وقد تقدم تخريجه برقم 3671 .

افراد کی ملاقات آپ ﷺ سے ہوئی جب ان دونوں نے نبی اکرم ﷺ کو دیکھا تو وہ شرما گئے اور واپس پلٹ گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم دونوں آگے آؤ یہ صفیہ بنت حیی ہے (جو میری اہلیہ ہے) ان دونوں نے عرض کی: ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں اور اللہ کی پاکی بیان کرتے ہیں: (ہم آپ ﷺ کے بارے میں برا گمان کیسے رکھ سکتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں تم دونوں سے یہ نہیں کہہ رہا کہ تم دونوں نے کوئی برا گمان کیا ہوگا، لیکن مجھے یہ بات پتہ ہے، شیطان انسان کی رگوں میں گردش کرتا ہے (وہ تمہارے ذہن میں کوئی غلط خیال ڈال سکتا تھا)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا وَجَّهَ صَفِيَّةَ اِلٰى بَيْتِهٖ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ اِلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ، لَا اَنَّهٗ خَرَجَ مِنَ الْمَسْجِدِ لِرَدِّهَا اِلَى الْبَيْتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ اعتکاف کے دوران سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو

گھر واپس بھیجنے کے لیے مسجد کے دروازے تک تشریف لائے تھے آپ ﷺ ان کو گھر تک پہنچانے کے لیے مسجد سے باہر نہیں نکلے تھے

4497 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ، اَنَّ صَفِيَّةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ،

(متن حدیث): اَنَّهَا جَاءَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ فِي الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ، ثُمَّ قَامَتْ تَنْطَلِقُ، فَقَامَ مَعَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْلِبُهَا حَتّٰى اِذَا بَلَغَ قَرِيبًا مِنْ بَابِ الْمَسْجِدِ، عِنْدَ بَابِ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِهٖ رَجُلَانِ مِنَ الْاَنْصَارِ، فَسَلَّمَا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ بَعُدَا، فَقَالَ لَهُمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلٰى رِسْلِكُمَا اِنَّمَا هِيَ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ، فَقَالَا: سُبْحَانَ اللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَكَبُرَ عَلَيْهِمَا ذٰلِكَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الشَّيْطَانَ يَبْلُغُ مِنَ الْاِنْسَانِ مَبْلَغَ الدَّمِ، وَاِنِّي خِفْتُ اَنْ يَقْذِفَ فِي قُلُوبِكُمَا شَيْئًا

امام زین العابدین بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا کہ ایک مرتبہ وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں نبی اکرم ﷺ اس وقت رمضان کے آخری عشرے میں اعتکاف کیے ہوئے تھے جب سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا واپس جانے کے لیے اٹھیں، تو نبی اکرم ﷺ بھی انہیں واپس پہنچانے کے لیے ان کے ساتھ کھڑے ہوگئے یہاں تک کہ

4497- إسناده صحيح، محمد بن عبد الله بن البرقي ثقة روى له أبو داوُد والنسائي، ومن فوقهما على شرطهما ۔ سعيد بن عفير: هو سعيد بن كثير بن عفير ۔وأخرجه البخاري 2038 في الاعتكاف: باب زيارة المرأة زوجها في اعتكافه، و 3101 في فرض الخمس: باب ما جاء في بُيُوتِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وما نسب من البيوت إليهن، عن سعيد بن عفير، بهذا الإسناد ۔ وهو مكرر 3671 ۔

جب آپ ﷺ مسجد کے دروازے کے قریب پہنچے وہ دروازہ جو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے دروازے کے پاس تھا تو وہاں سے دو انصاری افراد گزرے ان دونوں نے نبی اکرم ﷺ کو سلام کیا اور پھر ایک طرف ہو گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں سے فرمایا: ٹھہر جاؤ یہ صفیہ بنت حیی ہے (جو میری اہلیہ ہے) ان دونوں نے عرض کی: سبحان اللہ یا رسول اللہ ﷺ! (ہم آپ ﷺ کے بارے میں ایسا سوچ سکتے ہیں) یہ بات ان دونوں کو بہت گراں گزری تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: شیطان انسان کی رگوں میں گردش کرتا ہے مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ تمہارے دل میں کوئی غلط خیال نہ ڈال دے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ قَسْمُ مَا يَمْلِكُ بَيْنَ رَعِيَّتِهٖ وَإِنْ كَانَ ذٰلِكَ الشَّيْءُ يَسِيْرًا لَا يَسَعُهُمْ كُلَّهُمْ

اس بات کا تذکرہ' حاکم کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ جس چیز کا مالک بنتا ہے وہ اپنی رعایا کے درمیان اسے تقسیم کر دے اگرچہ وہ تھوڑی سی چیز ہو اور ان سب کو پوری نہ آتی ہو

4498 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّا، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَنَا تَمْرًا فَاَصَابَنِيْ مِنْهَا خَمْسٌ اَوْ اَرْبَعُ تَمَرَاتٍ، قَالَ: فَرَاَيْتُ الْحَشَفَةَ هِيَ اَشَدُّ لِضِرْسِيْ

قَالَ: فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: اِنَّ اَبْخَلَ النَّاسِ مَنْ بَخِلَ بِالسَّلَامِ، وَاَعْجَزَ النَّاسِ مَنْ عَجَزَ عَنِ الدُّعَاءِ

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہمارے درمیان کھجوریں تقسیم کیں' تو مجھے ان میں سے پانچ یا شاید چھ کھجوریں ملیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس میں سے ایک کھجور میری داڑھ کے لیے انتہائی سخت تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس پر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: لوگوں میں سب سے زیادہ بخیل وہ شخص ہے' جو سلام کرنے میں کنجوسی سے کام لے اور لوگوں میں سب سے عاجز وہ شخص ہے' جو دعا بھی نہ کر سکے۔

4498- إسناده صحيح على شرط مسلم، محمد بن بكار: هو ابن الرّيّان، ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه على شرط الشيخين، أبو عثمان النهدي: هو عبد الرحمن بن ملّ . وأخرجه بدون الزيادة عن أبي هريرة: البخاري 5441 في الأطعمة: باب رقم 40 عن محمد بن الصباح، عن إسماعيل بن زكريا، بهذا الإسناد . إلا أنه قال فيه: أصابني منه خمس: أربع تمرات وحشفة .وأخرجه بنحوه كذلك البخاري 5411 في الأطعمة: باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم وأصحابه يأكلون، و 5441، من طريقين عن حماد بن زيد، وأحمد 2/298، والترمذي 2474 في صفة القيامة: باب رقم 34، والنسائي في الوليمة كما في "التحفة" 10/152، وابن ماجة 4157 في الزهد: باب معيشة أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، من طرق عن شعبة، كلاهما عن عباس الجريري، عن أبي عثمان النهدي، بِهِ .

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْأَئِمَّةِ اسْتِمَالَةُ قُلُوبِ رَعِيَّتِهِمْ بِإِقْطَاعِ الْأَرَضِينَ لَهُمْ

اس بات کا کہ حکمرانوں کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ رعایا کو زمین کے قطعات دے کر ان کے قلوب کو (اسلام کی طرف) مائل کریں

4499 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ الدَّارِمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ قَيْسٍ الْمَأْرِبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ، عَنْ سُمَيِّ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ شُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمَدَانِ، عَنْ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ وَفَدَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْطَعَهُ فَاَقْطَعَهُ الْمِلْحَ، فَلَمَّا اَدْبَرَ قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتَدْرِي مَا اَقْطَعْتَهُ؟ اِنَّمَا اَقْطَعْتَهُ الْمَاءَ الْعِدَّ، قَالَ: فَرَجَعَ فِيهِ، وَقَالَ سَاَلْتُهُ عَمَّا يُحْمَى مِنَ الْاَرَاكِ، فَقَالَ: مَا لَمْ تَبْلُغْهُ اَخْفَافُ الْاِبِلِ

❀❀ حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ وفد کی شکل میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی زمین عطا کرنے کی درخواست کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ''ملح'' کے مقام والی زمین عطا کر دی جب وہ واپس چلے گئے' تو ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پتہ ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے کون سی زمین دی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ایک ایسی زمین دی ہے جہاں پانی وافر مقدار میں ہے۔ راوی کہتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ زمین واپس لے لی۔ راوی کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ''اراک'' نامی جگہ میں زمین کی درخواست کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (یہ اس وقت تک تمہیں دی جاتی ہے) جب تک اونٹوں کے پاؤں وہاں تک نہیں پہنچتے۔

4500 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اَبِي اِسْرَائِيلَ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ، قَالَتْ:

(متن حدیث): تَزَوَّجَنِي الزُّبَيْرُ وَمَا لَهُ فِي الْاَرْضِ مَالٌ وَّلَا مَمْلُوكٌ، غَيْرُ نَاضِحٍ، وَغَيْرُ فَرَسِهِ، قَالَتْ: فَكُنْتُ اَعْلِفُ فَرَسَهُ، وَاَكْفِيهِ مُؤْنَتَهُ، وَاَسُوسُهُ وَاَدُقُّ النَّوَى لِنَاضِحِهِ، وَاَعْلِفُهُ، وَاَسْتَقِي الْمَاءَ، وَاَخْرُزُ غَرْبَهُ، - قَالَ اَبُو اُسَامَةَ: يَعْنِي الدَّلْوَ - وَاَعْجِنُ وَلَمْ اَكُنْ اُحْسِنُ اَخْبِزُ، فَتَخْبِزُ لِي جَارَاتٌ لِي مِنَ الْاَنْصَارِ، وَكُنَّ نِسْوَةَ

4499–وأخرجه الطبراني في "الكبير" 810 عن أبي خليفة بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داوٗد 3064 في الخراج والإمارة: باب في إقطاع الأرضين، والترمذي 1380 في الأحكام: باب ما جاء في القطائع، وحميد بن زنجوية في "الأموال" 1017، وأبو عبيد في "الأموال" 684، والدارقطني 4/221 و245، والبغوي 2193 من طرق عن محمد بن يحيى بن قيس المأربي، بهذا الإسناد. وأخرجه يحيى بن آدم في "الخراج" 346 من طريق ابن المبارك، عن معمر، عن يحيى بن قيس المأربي، عن رجل، عن أبيض بن حمال. وأخرجه ابن ماجة 2475 في الرهون: باب إقطاع الأنهر والعيون، والدارقطني 4/221، وابن سعد 5/382 والطبراني 808 من طريق فرج بن سعيد بن علقمة بن سعيد بن أبيض بن حمال، عن عمه أي: عم أبيه– عن ثابت ابن سعيد بن أبيض، عن أبيه، عن جده، وثابت وأبوه لم يوثقهما غير المؤلف، فلعله يتقوى بالطريقين ويحسن.

صِدْقٍ، وَكُنْتُ اَنْقُلُ النَّوٰى مِنْ اَرْضِ الزُّبَيْرِ الَّتِیْ اَقْطَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَاْسِی وَهِیَ ثُلُثَا فَرْسَخٍ، قَالَتْ: فَجِئْتُ يَوْمًا وَالنَّوٰى عَلٰى رَاْسِی، فَلَقِيَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ نَفَرٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ، فَدَعَانِیْ، ثُمَّ قَالَ: اِخْ اِخْ، لِيَحْمِلَنِیْ خَلْفَهُ، قَالَتْ: فَاسْتَحْيَيْتُ اَنْ اَمْشِیَ مَعَ الرِّجَالِ، وَذَكَرْتُ الزُّبَيْرَ وَغَيْرَتَهُ، وَكَانَ اَغْيَرَ النَّاسِ، قَالَ: فَعَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ قَدِ اسْتَحْيَيْتُ فَمَضٰى، فَجِئْتُ الزُّبَيْرَ، فَقُلْتُ: لَقِيَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى رَاْسِی النَّوٰى، وَمَعَهُ نَفَرٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ، فَاَنَاخَ لِاَرْكَبَ مَعَهُ، فَاسْتَحْيَيْتُ وَعَرَفْتُ غَيْرَتَكَ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَحَمْلُكِ النَّوٰى كَانَ اَشَدَّ عَلَیَّ مِنْ رُكُوْبِكِ مَعَهُ، قَالَتْ: حَتّٰى اَرْسَلَ اِلَیَّ اَبُوْ بَكْرٍ بَعْدَ ذٰلِكَ بِخَادِمٍ، فَكَفَتْنِیْ سِيَاسَةَ الْفَرَسِ، فَكَاَنَّمَا اَعْتَقَتْنِیْ

❀❀ سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے میرے ساتھ شادی کی اس وقت نہ ان کے پاس کوئی زمین تھی نہ کوئی غلام تھا ان کے پاس صرف ایک اونٹ تھا اور ایک گھوڑا تھا۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں ان کے گھوڑے کو چارا کھلایا کرتی تھی اور اس کی دیکھ بھال کیا کرتی تھی میں ان کے اونٹ کے لیے گٹھلیاں چنا کرتی تھی اور اسے چارا فراہم کیا کرتی تھی اور اسے پانی پلایا کرتی تھی اور اس کے لیے (پانی کا) ڈول تیار کیا کرتی تھی میں آٹا گوندھ لیتی تھی' لیکن مجھ سے روٹی اچھی طرح سے نہیں بنائی جاتی تھی' تو میری انصاری پڑوسنیں مجھے روٹی بنا دیا کرتی تھیں وہ بڑی مخلص خواتین تھیں میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کی زمین سے اپنے سر پر گٹھلیاں رکھ کر لایا کرتی تھی وہ زمین جو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا کی تھی اور وہ دو تہائی فرسخ کے فاصلے پر تھی۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک دن میں آرہی تھی میرے سر پر گٹھلیاں موجود تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مجھ سے سامنا ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب بھی تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا اور فرمایا: اخ اخ (یعنی آپ نے اونٹ کو ٹھہرایا) تاکہ آپ مجھے اپنے پیچھے سوار کرلیں۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے مردوں کے ساتھ جاتے ہوئے شرم آگئی مجھے حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اور ان کے مزاج کی تیزی کا بھی خیال آیا' کیونکہ ان میں غصہ بہت زیادہ تھا۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اندازہ ہوگیا تھا کہ میں شرمارہی ہوں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے پھر میں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے پاس آئی اور میں نے انہیں بتایا کہ میری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات ہوئی تھی میرے سر پر گٹھلیاں تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ کے کچھ اصحاب بھی تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے

4500- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إسحاق بن إسرائيل وهو ثقة روى له أبو داوٗد والنسائى . أبو أسامة: هو حماد بن أسامة .وأخرجه أحمد 6/347، والبخارى 5224 فى النكاح: باب الغيرة، ومسلم 2182 34 فى السلام: باب جواز إرداف المرأة الأجنبية إذا أعيت فى الطريق، والنسائى فى "عشرة النساء " 288، والبيهقى 7/293 من طريق أبى أسامة، بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى 3151 فى فرض الخمس: باب ما كان النبى صلى الله عليه وسلم يعطى المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس ونحوه، عن محمود بن غيلان، عن أبى أسامة، به مختصراً بقصة النوى . وزاد: وقال أبو ضمرة: عن هشام، عن أبيه أن النبى صلى الله عليه وسلم أقطع الزبير أرضاً من أموال بنى النضير .وأخرجه مختصراً أحمد 6/352، ومسلم 2182 35، والطبرانى 24/250 من طريق حماد بن زيد، عن أيوب، عن ابن أبى مليكة، عن أسماء . وزادوا فيه أنها أصابت خادماً، جاء النبى صلى الله عليه وسلم سبىٌ فأعطاها خادماً، وزاد مسلم فى آخر القصة .

اونٹ کو روکا تھا تا کہ میں آپ ﷺ کے ہمراہ سوار ہو جاؤں تو مجھے شرم آ گئی تو مجھے آپ کے مزاج کی تیزی کا بھی خیال آ گیا تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! تمہارا گٹھلیاں اٹھانا میرے نزدیک تمہارے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ سوار ہو جانے سے زیادہ گراں ہے۔

سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: یہاں تک کہ اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھے خادم بھجوایا جو میری جگہ گھوڑے کی دیکھ بھال کرلیا کرتا تھا تو انہوں نے گویا مجھے آزاد کروا دیا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْاَئِمَّةِ تَاَلُّفُ مَنْ رُجِيَ مِنْهُمُ الدِّيْنُ وَالْإِسْلَامُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جن لوگوں کی طرف سے دین اور اسلام (کی خدمات کی انجام دہی) کی امید کی جاسکتی ہے ان کی تالیف قلب ہے حکمرانوں کے لیے مستحب ہے

4501 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ قُرَيْشًا حَدِيثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَاَلَّفَهُمْ، ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: اَفِيكُمْ اَحَدٌ مِّنْ غَيْرِكُمْ؟، قَالُوا: ابْنُ اُخْتٍ لَنَا، قَالَ: ابْنُ اُخْتِ الْقَوْمِ مِنْ اَنْفُسِهِمْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''قریش زمانہ جاہلیت سے قریب ہیں اس لیے میں نے یہ ارادہ کیا کہ میں انہیں مانوس کروں پھر نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا تمہارے درمیان تمہارے علاوہ کوئی اور ہے لوگوں نے بتایا: ہمارا ایک بھانجا ہے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگوں کا بھانجا ان کا حصہ ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ بَذْلُ الْمَالِ لِمَنْ يَّرْجُو اِسْلَامَهُ

اس بات کا تذکرہ جس شخص کے اسلام (قبول کرنے کی) امید ہو حاکم کے لیے یہ مستحب ہے وہ اس شخص پر مال خرچ کرے

4501- إسناده صحيح على شرطهما .وأخرجه البخاري 3146 في فرض الخمس: باب مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يعطي المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس وغيره، و 6762 في الفرائض: باب مولى القوم من أنفسهم وأن الأخت منهم عن أبي الوليد الطيالسي بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 3528 في المناقب: باب ابن أخت القوم منهم ومولى القوم منهم، عن سليمان بن حرب، وأحمد 3/172 و275، ومسلم 1059 133 في الزكاة: باب إعطاء المؤلفة قلوبهم على لإسلام وتصبر من قوى إيمانه، والترمذي 3901 في المناقب: باب في فضل الأنصار، عن غندر محمد بن جعفر، والنسائي 5/106 في الزكاة: باب ابن أخت القوم منهم، من طريق وكيع، وأبو القاسم البغوي في الجعديات 971، ومن طريقه أبو محمد البغوي في "شرح السنة" 2228 عن علي بن الجعد، أربعتهم عن شعبة، به

4502 - سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ مُحَمَّدَ بْنَ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِىْ شَيْخٍ بِوَاسِطَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَائِشَةَ، يَقُوْلُ: اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَعْرَابِيًّا سَالَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ لَهُ بِغَنَمٍ - ذَكَرَ ابْنُ عَائِشَةَ كَثْرَتَهَا - فَاَتَى الْاَعْرَابِىُّ قَوْمَهُ، وَقَالَ: يَا قَوْمِ اَسْلِمُوا، فَاِنَّ مُحَمَّدًا يُعْطِى عَطَاءَ مَنْ لَا يَخَافُ الْفَقْرَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بکریاں دینے کا حکم دیا یہاں ابن عائشہ نامی راوی نے ان بکریوں کی کثرت کا ذکر کیا ہے وہ دیہاتی اپنی قوم کے افراد کے پاس آیا اور بولا اے میری قوم کے لوگو اسلام قبول کرلو' کیونکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اتنا کچھ عطا کر دیتے ہیں کہ اس کے بعد غربت کا خوف نہیں رہتا۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْاِمَامِ اِعْطَاءَ اَهْلِ الشِّرْكِ الْهَدَايَا اِذَا طَمِعَ فِىْ اِسْلَامِهِمْ

امام کے لیے بات مباح ہونے کا تذکرہ' کہ وہ مشرکین کو تحائف دے جب اسے ان کے اسلام (قبول کرنے) کی امید ہو۔

4503 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَفَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى الْمَازِنِيِّ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ، عَنْ اَبِىْ حُمَيْدٍ السَّاعِدِيِّ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ تَبُوكَ، حَتّٰى جِئْنَا وَادِىَ الْقُرٰى، فَاِذَا امْرَاَةٌ فِىْ حَدِيْقَةٍ لَهَا، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِهِ: اخْرُصُوا، فَخَرَصَ الْقَوْمُ وَخَرَصَ

4502– إسناده صحيح، عبيد الله بن محمد بن عائشة روى له أبو داوٗد والترمذي والنسائي وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح .وأخرجه مسلم 2312 58 في الفضائل: باب ما سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شيئًا قط فقال: لا و كثرة عطائه، والبيهقي 7/19 من طريقين عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وفيه أن الرجل سأل غنماً بين جبلين، وفي آخره: فقال أنس: إن كان الرجل ليسلم ما يُريد إلا الدنيا، فما يسلم حتى يكون الإسلامُ أحبَّ إليه من الدنيا وما عليها .وأخرجه مسلم 2312 57، والبيهقي 7/19 من طريقين عن حميد الطويل، عن موسى بن أبي أنس بن مالك، عن أبيه . ولم يرد في البيهقي عن أبيه .

4503– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وعفان: هو . . . ابن مسلم الباهلي، ووهيب: هو ابن خالد .وأخرجه أحمد 5/424، وابن أبي شيبة 14/539–540، وعنه مسلم 1786/4 12 في الفضائل: باب في معجزات النبي صلى الله عليه وسلم، عن عفان بن مسلم، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 1481 في الزكاة: باب خَرص التمر، وأبو داوٗد 3079 في الخراج والإمارة: باب في إحياء الموات، عن سهل بن بكار، ومسلم 1786/4 12 من طريق المغيرة بن سلمة المخزومي، كلاهما عن وهيب بن خالد، به ببعض اختصار .وأخرجه البخاري 3161 في الجزية الموادعة: باب إذا وادع الإمامُ ملكَ القرية هل يكون ذلك لبقيتهم؟ عن سهل بن بكار، عن وهيب، به بقصد ملك أيلة، وعلقها البخاري 5/272 في الهبة: باب قبول الهدية من المشركين، عن أبي حميد .وأخرجه مقطعاً البخاري 1872 في فضائل المدينة: باب المدينة طابة، و 3791 في مناقب الأنصار: باب فضل دور الأنصار، و 4422 في المغازي: باب رقم 81، عن خالد بن مخلد، ومسلم 1392 في الحج: باب أُحُد جبل يحبنا ونحبه، و4/1785 11 في الفضائل، والبيهقي 4/122 من طريق عبد الله بن مسلمة القعنبي، كلاهما عن سليمان بن بلال، عن عمرو بن يحيى، به .

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَةَ اَوْسُقٍ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمَرْاَةِ: اَحْصِى مَا يَخْرُجُ مِنْهَا حَتّٰى اَرْجِعَ اِلَيْكِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، قَالَ: فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَدِمَ تَبُوْكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَتَهُبُّ عَلَيْكُمُ اللَّيْلَةَ رِيحٌ شَدِيْدَةٌ فَلَا يَقُوْمَنَّ فِيْهَا رَجُلٌ، وَمَنْ كَانَ لَهُ بَعِيْرٌ فَلْيُوْثِقْ عِقَالَهُ، قَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ: فَعَقَلْنَاهَا، فَلَمَّا كَانَ مِنَ اللَّيْلِ هَبَّتْ عَلَيْنَا رِيحٌ، فَقَامَ فِيْهَا رَجُلٌ فَاَلْقَتْهُ فِيْ جَبَلِ طَيِّءٍ، ثُمَّ جَاءَهُ مَلِكُ اَيْلَةَ وَاَهْدٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةً بَيْضَاءَ، فَكَسَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْدًا، وَكَتَبَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَقْبَلَ وَاَقْبَلْنَا مَعَهُ حَتّٰى جِئْنَا وَادِى الْقُرٰى، فَقَالَ لِلْمَرْاَةِ: كَمْ جَاءَ حَدِيْقَتُكِ؟، قَالَتْ عَشْرَةُ اَوْسُقٍ، خَرْصَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ مُتَعَجِّلٌ فَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَعَجَّلَ مَعِى فَلْيَفْعَلْ، قَالَ: فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَرَجْنَا مَعَهُ، حَتّٰى اِذَا اَوْفٰى عَلَى الْمَدِيْنَةِ، فَقَالَ: هٰذِهِ طَابَةُ، فَلَمَّا رَاٰى اُحُدًا، قَالَ: هٰذَا اُحُدٌ هٰذَا جَبَلٌ يُحِبُّنَا وَنُحِبُّهُ، اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ دُوْرِ الْاَنْصَارِ؟، قَالُوْا: بَلٰى، قَالَ: خَيْرُ دُوْرِ الْاَنْصَارِ بَنُو النَّجَّارِ، ثُمَّ دَارُ بَنِيْ عَبْدِ الْاَشْهَلِ، ثُمَّ دَارُ بَنِي الْحَارِثِ، ثُمَّ دَارُ بَنِيْ سَاعِدَةَ، وَفِيْ كُلِّ دُوْرِ الْاَنْصَارِ خَيْرٌ

❀❀ حضرت ابوحمید ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ تبوک کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے ہم ایک وادی میں آئے وہاں ایک عورت کا باغ تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: اس کی پیداوار کا اندازہ لگاؤ لوگوں نے اس کا اندازہ لگایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ اندازہ لگایا اس کی پیداوار دس وسق ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے فرمایا: اس کی جو پیداوار ہوگی تم اسے شمار کر کے رکھنا اگر اللہ نے چاہا تو ہم واپسی پر تمہارے پاس آئیں گے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہوئے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم تبوک تشریف لے آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج رات تم پر انتہائی تیز آندھی آئے گی تو اس آندھی کے دوران کوئی شخص کھڑا ہرگز نہ رہے جس شخص کے ساتھ اونٹ موجود ہے وہ اس کی رسی کو باندھ لے۔ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ہم نے انہیں باندھ لیا جب رات ہوئی تو تیز ہوا چلنا شروع ہوگئی ہم میں سے ایک شخص کھڑا ہوا تو ہوا نے اسے اٹھا کر طے کے پہاڑ پر پھینک دیا پھر ایلہ (نامی جگہ) کا حکمران آیا اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک سفید خچر تحفے کے طور پر پیش کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پہننے کے لیے ایک چادر دی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے لیے ایک تحریر لکھوادی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم بھی روانہ ہوئے یہاں تک کہ ہم اس وادی میں آئے (جہاں سے پہلے گزرے تھے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں جلدی سفر کرنا چاہتا ہوں تم میں سے جو شخص میرے ساتھ جلدی سفر کرنا چاہے وہ کرے۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم بھی روانہ ہوئے یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ کے قریب پہنچ گئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ (یعنی مدینہ منورہ) طابہ (یعنی پاکیزہ) ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احد پہاڑ کو ملاحظہ فرمایا تو ارشاد فرمایا: یہ احد ہے یہ پہاڑ ہم سے محبت کرتا ہے اور ہم اس سے محبت کرتے ہیں کیا میں تمہیں انصار کے بہترین

گھرانوں کے بارے میں نہ بتاؤں لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں (بتائیں) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: انصار کا سب سے بہترین گھرانہ بنونجار ہے پھر بنوعبد اشہل ہے پھر بنوحارث کا گھرانہ ہے پھر بنوساعدہ کا گھرانہ ہے ویسے انصار کے تمام گھرانے بہترین ہیں۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ قَبُولُ الْهَدَايَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ إِذَا طَمِعَ فِي إِسْلَامِهِمْ

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ مشرکین کے تحائف کو قبول کرے جب اسے ان کے اسلام (قبول کرنے) کی امید ہو

4504 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ مَوْلَى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ صَاعِقَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ يَنْطَلِقُ بِصَحِيفَتِي هَذِهِ إِلَى قَيْصَرَ وَلَهُ الْجَنَّةُ؟، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَإِنْ لَمْ أُقْتَلْ؟، قَالَ: وَإِنْ لَمْ تُقْتَلْ، فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ بِهِ فَوَافَقَ قَيْصَرَ وَهُوَ يَأْتِي بَيْتَ الْمَقْدِسِ قَدْ جُعِلَ لَهُ بِسَاطٌ لَا يَمْشِي عَلَيْهِ غَيْرُهُ، فَرَمَى بِالْكِتَابِ عَلَى الْبِسَاطِ وَتَنَحَّى، فَلَمَّا انْتَهَى قَيْصَرُ إِلَى الْكِتَابِ أَخَذَهُ، ثُمَّ دَعَا رَأْسَ الْجَاثَلِيقِ، فَأَقْرَأَهُ، فَقَالَ: مَا عِلْمِي فِي هَذَا الْكِتَابِ إِلَّا كَعِلْمِكَ، فَنَادَى قَيْصَرُ: مَنْ صَاحِبُ الْكِتَابِ؟، فَهُوَ آمِنٌ فَجَاءَ الرَّجُلُ، فَقَالَ: إِذَا أَنَا قَدِمْتُ فَأْتِنِي، فَلَمَّا قَدِمَ أَتَاهُ، فَأَمَرَ قَيْصَرُ بِأَبْوَابِ قَصْرِهِ فَغُلِّقَتْ، ثُمَّ أَمَرَ مُنَادِيًا يُنَادِي أَلَا إِنَّ قَيْصَرَ قَدِ اتَّبَعَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرَكَ النَّصْرَانِيَّةَ، فَأَقْبَلَ جُنْدُهُ وَقَدْ تَسَلَّحُوا حَتَّى أَطَافُوا بِقَصْرِهِ، فَقَالَ لِرَسُولِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ تَرَى أَنِّي خَائِفٌ عَلَى مَمْلَكَتِي، ثُمَّ أَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى: أَلَا إِنَّ قَيْصَرَ قَدْ رَضِيَ عَنْكُمْ، وَإِنَّمَا خَبَرَكُمْ لِيَنْظُرَ كَيْفَ صَبْرُكُمْ عَلَى دِينِكُمْ فَارْجِعُوا، فَانْصَرَفُوا، وَكَتَبَ قَيْصَرُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي مُسْلِمٌ وَبَعَثَ إِلَيْهِ بِدَنَانِيرَ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَرَأَ الْكِتَابَ: كَذَبَ عَدُوُّ اللَّهِ لَيْسَ بِمُسْلِمٍ وَهُوَ عَلَى النَّصْرَانِيَّةِ، وَقَسَّمَ الدَّنَانِيرَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص میرے اس مکتوب کو لے کر قیصر کے پاس جائے گا اسے جنت ملے گی۔ حاضرین میں سے ایک صاحب نے دریافت کیا: اگرچہ مجھے قتل نہ کیا جائے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگرچہ تمہیں قتل نہ کیا جائے (پھر بھی تمہیں جنت ملے گی) تو وہ شخص اس خط کو لے کر روانہ ہو گیا وہ قیصر کے پاس اس وقت پہنچا جب قیصر بیت المقدس آیا ہوا تھا اور اس کے لیے ایک قالین بچھایا گیا تھا اس قالین پر قیصر کے علاوہ اور کوئی نہیں چلتا تھا اس شخص نے وہ مکتوب اس قالین پر رکھ دیا اور خود ایک طرف ہٹ گیا جب قیصر اس

4504- إسناده صحيح، رجاله على شرط البخاري غير علي بن بحر فقد روى له تعليقاً، واحتج به أبو داوُد والنسائي، وهو ثقة.

مکتوب تک پہنچا تو اس نے اسے حاصل کیا اور پھر اپنے معتمد خصوصی کو بلوا کر اس سے وہ خط پڑھایا تو اس نے جواب دیا: اس مکتوب کے بارے میں مجھے بھی وہی علم ہے جو آپ کو علم ہے تو قیصر نے بلند آواز میں کہا اس خط کو لانے والا شخص کون ہے اسے امان دی جاتی ہے تو وہ شخص آ گیا قیصر نے کہا: جب میں آ جاؤں تو تم میرے پاس آ جانا جب قیصر آیا تو وہ شخص اس کے پاس آیا قیصر نے اپنے دروازوں کے بارے میں حکم دیا انہیں بند کر دیا گیا پھر اس نے منادی کو یہ اعلان کرنے کے لیے کہا کہ قیصر نے حضرت محمد ﷺ کی پیروی کر لی ہے اور عیسائیت کو ترک کر دیا ہے تو اس کے سپاہی آگے بڑھے انہوں نے اسلحہ اٹھایا ہوا تھا انہوں نے اس کے محل کا محاصرہ کر لیا تو قیصر نے نبی اکرم ﷺ کے ایلچی سے کہا تم نے دیکھ لیا ہے مجھے اپنی حکومت کے حوالے سے خوف ہے پھر اس نے منادی کو یہ اعلان کرنے کو کہا: خبردار قیصر تم لوگوں سے راضی ہے اس نے تم لوگوں کا امتحان لینا چاہا تھا کہ تم اپنے دین کے بارے میں کتنے پختہ ہو تم لوگ واپس چلے جاؤ تو وہ لوگ واپس چلے گئے پھر قیصر نے نبی اکرم ﷺ کو خط لکھا کہ میں مسلمان ہوں اس نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں کچھ دینار بھی بھجوائے نبی اکرم ﷺ نے جب اس کا مکتوب پڑھا تو ارشاد فرمایا: اللہ کے دشمن نے غلط کہا ہے یہ مسلمان نہیں ہے یہ عیسائیت پر قائم ہے نبی اکرم ﷺ نے وہ دینار تقسیم کروا دیئے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْإِمَامِ قَبُولُ الْهَدَايَا مِنْ رَعِيَّتِهِ فِي الْأَوْقَاتِ وَبَذْلُ الْأَمْوَالِ لَهُمْ عِنْدَ فَتْحِ اللّٰهِ الدُّنْيَا عَلَيْهِمْ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ بعض اوقات اپنی رعایا سے تحائف قبول کر لے اور جب اللہ تعالیٰ اسے فتوحات عطا کرے تو (امام) ان اموال کو رعایا پر خرچ کرے

4505 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ الرَّجُلَ كَانَ يَجْعَلُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّخَلَاتِ مِنْ اَرْضِهِ حَتّٰى فُتِحَتْ عَلَيْهِ قُرَيْظَةُ وَالنَّضِيرُ، فَجَعَلَ بَعْدَ ذٰلِكَ يَرُدُّ عَلَيْهِ مَا كَانَ اَعْطَاهُ، قَالَ اَنَسٌ: وَاِنَّ اَهْلِيْ اَمَرُوْنِيْ اَنْ آتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَسْاَلَهُ مَا كَانَ اَعْطَاهُ اَوْ بَعْضَهُ، وَكَانَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَعْطَاهُ اُمَّ اَيْمَنَ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِيهِنَّ، فَجَاءَتْ اُمُّ اَيْمَنَ فَجَعَلَتِ الثَّوْبَ فِيْ عُنُقِيْ، وَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَا

4505– إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "مسند أبي يعلى " 4080 .وأخرجه مسلم 1771 71 في الجهاد والسير: باب رد المهاجرين إلى الأنصار منائحهم من الشجر والثمر حين استغنوا عنها بالفتوح، عن ابن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن سعد في "الطبقات" 8/255، وأحمد 3/219، والبخاري 3128 في فرض الخمس: باب كيف قسم النبي صلى الله عليه وسلم قريظة والنضير، و 4030 في المغازي: باب حديث بني النضير، و 4120 باب مرجع رسول الله صلى الله عليه وسلم من الأحزاب . . .، ومسلم 1771 71، وأبو يعلى 4079 من طرق عن معتمر بن سليمان، به . وبعض روايات البخاري مختصرة . وانظر البخاري 2630، ومسلماً 1771 71 .

يُعْطِيكَهُنَّ وَقَدْ اَعْطَانِيهِنَّ، قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أُمَّ أَيْمَنَ، اتْرُكِي وَلَكِ كَذَا وَكَذَا، فَتَقُولُ: كَلَّا وَالَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، حَتّٰى اَعْطَاهَا عَشَرَةَ اَمْثَالِهٖ - اَوْ قَرِيبًا مِنْ عَشَرَةِ اَمْثَالِهٖ -

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص اپنی زمین کی کھجوروں (کی پیداوار) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا کرتا تھا' یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریظہ اور نضیر کو فتح کر لیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کا تحفہ واپس کر دیا جو اس نے آپ کی خدمت میں پیش کیا تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے گھر والے مجھے یہ ہدایت کرتے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو جاؤں اور آپ سے وہ چیز مانگ لوں جو آپ کسی کو دیتے ہیں' یا اس کا کچھ حصہ مانگ لوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ ام ایمن رضی اللہ عنہا کو کوئی چیز دے رہے تھے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے وہ (کھجوریں' یا چیزیں) مجھے عطا کر دیں' تو ام ایمن رضی اللہ عنہا آئیں انہوں نے کپڑا میری گردن میں ڈالا ہوا تھا۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) یہ (کھجوریں' یا چیزیں) تمہیں نہیں دے سکتے جب کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے ہی مجھے دے چکے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ام ایمن تم اسے چھوڑ دو تمہیں یہ یہ چیزیں ملتی ہیں' تو وہ خاتون یہی کہتی رہیں ہرگز نہیں اس ذات کی قسم جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے (میں اسے نہیں چھوڑوں گی) حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کھجوروں (یا چیزوں) سے دس گنا زیادہ یا دس گنا کے قریب چیزیں انہیں عطا کیں (تو انہوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو چھوڑا)

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اتِّخَاذُ الْكَاتِبِ لِنَفْسِهٖ لِمَا يَقَعُ مِنَ الْحَوَادِثِ وَالْاَسْبَابِ فِي اُمُورِ الْمُسْلِمِينَ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' مسلمانوں کی امور (میں مختلف نوعیت کی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لیے) کسی کو اپنا کاتب (یعنی سیکرٹری) مقرر کرے

4506 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَرْسَلَ اِلَيَّ اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَاِذَا عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ

4506- إسناده صحيح على شرطهما . أبو الوليد الطيالسي: هو هشام بن عبد الملك . وأخرجه إلى قوله: ثم عند حفصة بنت عمر الطبراني 4903 عن أبي خليفة الفاضل بن الحباب، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 2/41 من طريق إسماعيل بن إسحاق القاضي، عن أبي الوليد الطيالسي، بِهِ .وأخرجه البخاري 4986 و4987 و4988 في فضائل القرآن: باب جمع القرآن، والترمذي 3103 و3104 في التفسير: باب ومن سورة التوبة، والنسائي في فضائل القرآن 13 و20 و27، والبيهقي 2/40-41 و41 من طرق عن إبراهيم بن سعد، بِهِ . وبعضهم يزيد في الحديث على بعض .وأخرجه مختصراً ومقطعاً أحمد 1/10 و5/188-189، والبخاري 7191 في الأحكام: باب يستحب للكاتب أن يكون أميناً عاقلاً، و7425 في التوحيد: باب وكان عرشه على الماء وهو رب العرش العظيم، وأبو يعلى 64 و65، وابن أبي داوُد في "المصاحف" ص12-13 و13-14 من طرق عن إبراهيم بن سعد، بِهِ .

عَلَيْهِ جَالِسٌ عِنْدَهُ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّ عُمَرَ جَاءَنِىْ، فَقَالَ: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ يَوْمَ الْيَمَامَةِ بِقُرَّاءِ الْقُرْآنِ، وَاِنِّىْ اَخْشَى اَنْ يَّسْتَحِرَّ الْقَتْلُ فِى الْمَوَاطِنِ كُلِّهَا فَيَذْهَبُ مِنَ الْقُرْآنِ كَثِيْرٌ، وَاِنِّىْ اَرَى اَنْ تَامُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ اَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِىْ فِىْ ذٰلِكَ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِى لِلَّذِى شَرَحَ لَهُ صَدْرَ عُمَرَ، وَرَاَيْتُ فِىْ ذٰلِكَ الَّذِى رَاٰى، فَقَالَ لِىْ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّكَ شَابٌّ عَاقِلٌ، لَا نَتَّهِمُكَ، وَقَدْ كُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْىَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَتَبَّعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ، قَالَ زَيْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفَنِىْ نَقْلَ جَبَلٍ مِّنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ اَثْقَلَ عَلَىَّ مِمَّا اَمَرَنِىْ بِهٖ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ، قُلْتُ: فَكَيْفَ تَفْعَلُونَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ اَبُوْ بَكْرٍ يُرَاجِعُنِىْ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِى لِلَّذِى شَرَحَ لَهُ صَدْرَ اَبِىْ بَكْرٍ وَعُمَرَ، قَالَ: فَتَتَبَّعْتُ الْقُرْآنَ اَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ، وَاللِّخَافِ، وَالْعُسُبِ، وَصُدُورِ الرِّجَالِ حَتّٰى، وَجَدْتُ اٰخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ مَعَ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِىِّ لَمْ اَجِدْهَا مَعَ اَحَدٍ غَيْرِهٖ: (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ) (التوبة: 128)، خَاتِمَةُ بَرَاءَةَ، قَالَ: فَكَانَتِ الصُّحُفُ عِنْدَ اَبِىْ بَكْرٍ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ

قَالَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ: وَحَدَّثَنِى ابْنُ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ حُذَيْفَةَ قَدِمَ عَلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ وَكَانَ يُغَازِى اَهْلَ الشَّامِ، وَاَهْلَ الْعِرَاقِ، وَفَتْحَ اَرْمِينِيَةَ، وَاَذْرَبِيجَانَ، فَاَفْزَعَ حُذَيْفَةَ اخْتِلَافُهُمْ فِى الْقِرَاءَةِ، فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، اَدْرِكْ هٰذِهِ الْاُمَّةَ قَبْلَ اَنْ يَّخْتَلِفُوا فِى الْكِتَابِ كَمَا اخْتَلَفَ الْيَهُوْدُ، وَالنَّصَارٰى، فَبَعَثَ عُثْمَانُ اِلٰى حَفْصَةَ: اَنْ اَرْسِلِىْ الصُّحُفَ لِنَنْسَخَهَا فِى الْمَصَاحِفِ، ثُمَّ نَرُدُّهَا اِلَيْكِ، فَبَعَثَتْ بِهَا اِلَيْهِ، فَدَعَا زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ، وَعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيْدَ بْنَ الْعَاصِ، وَاَمَرَهُمْ اَنْ يَّنْسَخُوا الصُّحُفَ فِى الْمَصَاحِفِ، وَقَالَ لَهُمْ: مَا اخْتَلَفْتُمْ اَنْتُمْ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فِىْ شَىْءٍ فَاكْتُبُوْهُ بِلِسَانِ قُرَيْشٍ، فَاِنَّهٗ نَزَلَ بِلِسَانِهِمْ، وَكَتَبَ الصُّحُفَ فِى الْمَصَاحِفِ، وَبَعَثَ اِلٰى كُلِّ اُفُقٍ بِمُصْحَفٍ مِمَّا نَسَخُوا، وَاَمَرَ مِمَّا سِوٰى ذٰلِكَ مِنَ الْقُرْآنِ فِىْ كُلِّ صَحِيْفَةٍ اَوْ مُصْحَفٍ اَنْ يُّمْحٰى اَوْ يُحْرَقَ

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَاَخْبَرَنِىْ خَارِجَةُ بْنُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ يَقُوْلُ: فَقَدْتُ آيَةً مِنْ سُوْرَةِ الْاَحْزَابِ حِيْنَ نَسَخْتُ الْمُصْحَفَ، كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَؤُهَا، فَالْتَمَسْتُهَا فَوَجَدْتُهَا مَعَ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِىِّ: (مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ) (الأحزاب: 23)، فَاَلْحَقْتُهَا فِىْ سُوْرَتِهَا فِى الْمُصْحَفِ

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: اخْتَلَفُوْا يَوْمَئِذٍ فِى التَّابُوْتِ، فَقَالَ زَيْدٌ: التَّابُوْهُ، وَقَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ وَسَعِيْدُ بْنُ الْعَاصِ: التَّابُوْتُ، فَرُفِعَ اخْتِلَافُهُمْ اِلٰى عُثْمَانَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَقَالَ: اكْتُبُوْهُ التَّابُوْتُ، فَاِنَّهٗ لِسَانُ قُرَيْشٍ

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جنگ یمامہ کے بعد حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مجھے بلوایا اس وقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی ان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمر میرے پاس آیا اور اس نے کہا: جنگ یمامہ میں قرآن کے بہت سے حافظ شہید ہو گئے ہیں مجھے یہ اندیشہ ہے اگر مختلف جگہوں پر اسی طرح لوگ شہید ہوتے رہے تو قرآن کا بہت سا حصہ ضائع ہو سکتا ہے اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ آپ قرآن کو جمع کرنے کا حکم دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے جواب دیا: میں ایک ایسا کام کیسے کر سکتا ہوں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا: تو اس نے کہا: اللہ کی قسم! یہ بہتر ہے اس کے بعد یہ اس بارے میں مجھے مسلسل تلقین کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں مجھے بھی وہی شرح صدر عطا کر دیا جو عمر کو عطا کیا ہے اور میری بھی وہی رائے ہو گئی جو عمر کی رائے ہے (حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: تم نوجوان بھی ہو سمجھدار بھی ہو ہم تم پر کوئی تہمت عائد نہیں کرتے اور تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وحی نوٹ بھی کرتے رہتے ہو تو تم قرآن کو تلاش کرو اور اسے ایک جگہ جمع کر دو۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! اگر وہ مجھے کسی پہاڑ کو منتقل کرنے کا حکم دیتے تو یہ میرے لیے اتنا مشکل نہ ہوتا جتنا وہ حکم تھا جو انہوں نے مجھے قرآن جمع کرنے کے حوالے سے دیا تھا میں نے کہا: آپ لوگ ایک ایسا کام کیسے کر سکتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ زیادہ بہتر ہے اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مسلسل میرے ساتھ اس بارے میں بات چیت کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی وہی شرح صدر عطا کر دیا جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو عطا کیا تھا۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے قرآن کی تلاش شروع کی اور اسے تحریر کے پرزوں اور لوگوں کے سینوں سے اکٹھا کرنا شروع کیا یہاں تک کہ مجھے سورۃ توبہ کی آخری آیتیں حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملیں مجھے ان کے علاوہ اور کسی کے پاس یہ آیات نہیں ملیں۔

"تحقیق تمہارے پاس ایک رسول آیا ہے جو تم میں سے ہے تمہارا پریشانی کا شکار ہونا اسے بہت گراں گزرتا ہے"۔

یہ سورت توبہ کی آخری آیات ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر وہ صحیفہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس رہا یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس رہا یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ سیّدہ حفصہ بنت عمر رضی اللہ عنہا کے پاس آ گیا۔

ابن شہاب زہری بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے وہ اہل شام اور اہل عراق کی جنگوں میں شریک ہوئے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ اس حوالے سے پریشان تھے کہ لوگوں کا قرأت میں اختلاف ہو رہا ہے انہوں نے کہا: اے امیر المومنین آپ اس امت کی خبر لیجئے اس سے پہلے کہ یہ کتاب اللہ کے بارے میں اسی طرح اختلاف کا شکار ہو جائے جس طرح یہودیوں اور عیسائیوں میں اختلاف ہو گیا تھا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو پیغام بھیجا کہ آپ اپنا مصحف مجھے بھجوایئے تا کہ ہم اس کی مختلف نقلیں تیار کریں یہ پھر ہم آپ کو

واپس کر دیں گے تو سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے وہ نسخہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی طرف بھجوایا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کو بلوایا اور انہیں یہ حکم دیا کہ وہ اس مصحف کی مختلف نقلیں تیار کرلیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: جہاں تمہارے اور زید بن ثابت کے درمیان کسی لفظ کے بارے میں اختلاف ہو تو تم لوگ اسے قریش کے محاورے کے مطابق نوٹ کرو' کیونکہ یہ ان کے محاورے میں نازل ہوا ہے۔ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے مختلف مصاحف تیار کروائے اور انہیں مختلف علاقوں میں بھیجا اور انہوں نے یہ حکم دیا کہ اس کے علاوہ قرآن جس بھی صحیفے اور مصحف کی شکل میں موجود ہے اسے مٹا دیا جائے یا جلا دیا جائے۔

ابن شہاب زہری بیان کرتے ہیں: خارجہ بن زید نے مجھے یہ بات بتائی ہے' انہوں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' جب میں مصحف کو نقل کر رہا تھا تو مجھے اس میں سورۃ الاحزاب کی ایک آیت نہیں ملی جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہوئی تھی میں نے اس آیت کو تلاش کیا' تو وہ مجھے حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملی (وہ آیت یہ ہے)

''اہل ایمان میں سے کچھ لوگ وہ ہیں' جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کیے ہوئے وعدے کو سچ ثابت کر دکھایا''۔

تو میں نے اس آیت کو اس سورت میں مصحف میں شامل کرلیا۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: اس موقع پر لوگوں کے درمیان تابوت کے بارے میں اختلاف ہوا تو حضرت زید رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا تھا کہ اس کی قرأت تابوہ ہوگی جبکہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعید بن العاص رضی اللہ عنہ کا کہنا تھا یہ لفظ تابوت ہے' جب ان کے اختلاف کا معاملہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا گیا تو انہوں نے فرمایا: تم لوگ اسے تابوت لکھو' کیونکہ یہ قریش کے محاورے کے مطابق ہے۔

ذِكْرُ الْجَوَازِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَّخِذَ الْكَاتِبَ لِنَفْسِهِ لِمَا يَعْتَرِضُهُ مِنْ اَحْوَالِ الدِّيْنِ فِي الْاَسْبَابِ

آدمی کے لیے یہ بات جائز ہونے کا تذکرہ' کہ کسی دینی ضرورت کی تکمیل کے لیے کسی کو اپنا کاتب (یعنی سیکرٹری) مقرر کرے

4507 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ السَّبَّاقِ، اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ، قَالَ:

4507- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى . . فمن رجال مسلم .وأخرجه أحمد 1/13، وابن أبي داوٗد في "المصاحف" ص14-15 من طريق عثمان بن عمر، والبخاري 4989 في فضائل القرآن: باب كاتب النبي صلى الله عليه وسلم، والطبراني 4902 من طريق الليث، كلاهما عن يونس، بهذا الإسناد . رواية الليث عند البخاري مختصرة، ورواية عثمان بن عمر مطلوبة وهي عند ابن أبي داوٗد أطول- إلى قوله: ثم عند حفصة بنت عمر .وأخرجه البخاري 4679 في التفسير: باب (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ . . .) من طرق شعيب، والطبراني 4901 من طريق عبد الرحمٰن بن خالد بن مسافر، كلاهما عن الزهري، به إلى قوله: ثم عند حفصة بنت عمر .

(متن حدیث): اَرْسَلَ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِلَيَّ مَقْتَلَ اَهْلِ الْيَمَامَةِ، فَاِذَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ عِنْدَهُ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّ عُمَرَ جَاءَنِي فَقَالَ لِي: اِنَّ الْقَتْلَ قَدِ اسْتَحَرَّ بِاَهْلِ الْيَمَامَةِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، وَاِنِّيْ اَخْشَى اَنْ يَّسْتَحِرَّ الْقَتْلُ فِي الْمَوَاطِنِ فَيَذْهَبُ كَثِيْرٌ مِّنَ الْقُرْآنِ لَا يُوعَى، وَاِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ تَاْمُرَ بِجَمْعِ الْقُرْآنِ، قَالَ: قُلْتُ: كَيْفَ تَفْعَلُ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَقَالَ عُمَرُ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ يُرَاجِعُنِي بِذٰلِكَ حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ لِذٰلِكَ صَدْرِي وَرَاَيْتُ فِيْهِ الَّذِي رَاٰى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَعُمَرُ جَالِسٌ عِنْدَهُ لَا يَتَكَلَّمُ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اِنَّكَ رَجُلٌ شَابٌّ عَاقِلٌ لَا نَتَّهِمُكَ، وَكُنْتَ تَكْتُبُ الْوَحْيَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّبِعِ الْقُرْآنَ فَاجْمَعْهُ، قَالَ: قَالَ زَيْدٌ: فَوَاللّٰهِ لَوْ كَلَّفُوْنِي نَقْلَ جَبَلٍ مِّنَ الْجِبَالِ مَا كَانَ بِاَثْقَلَ عَلَيَّ مِمَّا اَمَرَنِي بِهِ مِنْ جَمْعِ الْقُرْآنِ، قَالَ: فَقُلْتُ: وَكَيْفَ تَفْعَلُوْنَ شَيْئًا لَمْ يَفْعَلْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: هُوَ وَاللّٰهِ خَيْرٌ، فَلَمْ يَزَلْ اَبُوْ بَكْرٍ يُرَاجِعُنِي حَتّٰى شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرِي لِلَّذِي شَرَحَ لَهُ صَدْرَ اَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ، قَالَ: فَقُمْتُ اَتَتَبَّعُ الْقُرْآنَ اَجْمَعُهُ مِنَ الرِّقَاعِ، وَالْاَكْتَافِ، وَالْعُسُبِ، وَصُدُوْرِ الرِّجَالِ، حَتّٰى وَجَدْتُ اٰخِرَ سُوْرَةِ التَّوْبَةِ مَعَ خُزَيْمَةَ الْاَنْصَارِيِّ لَمْ اَجِدْهَا مَعَ غَيْرِهِ: (لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ) (التوبة: 128)، وَكَانَتِ الصُّحُفُ الَّتِي جُمِعَتْ فِيْهَا الْقُرْآنَ عِنْدَ اَبِي بَكْرٍ حَيَاتَهُ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ عُمَرَ حَتّٰى تَوَفَّاهُ اللّٰهُ، ثُمَّ عِنْدَ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ

✿✿ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جنگ یمامہ کے بعد مجھے بلوایا وہاں ان کے پاس حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی بیٹھے ہوئے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عمر میرے پاس آئے اور انہوں نے مجھ سے کہا کہ جنگ یمامہ میں بہت سے مسلمان شہید ہو گئے مجھے یہ اندیشہ ہے' اگر مختلف علاقوں میں اسی طرح لوگ شہید ہوتے رہے' تو قرآن کا بہت سا حصہ ضائع ہو جائے گا' جسے محفوظ نہیں کیا گیا میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ قرآن کو جمع کرنے کا حکم دیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے کہا: تم ایک ایسا کام کیسے کر سکتے ہو' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ زیادہ بہتر ہے اس کے بعد یہ مسلسل اس بارے میں بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں مجھے شرح صدر عطا کر دیا اور اس بارے میں میری بھی وہی رائے ہوئی جو عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی ہے (حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے پاس بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے کوئی بات نہیں کی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم ایک نوجوان اور عقلمند آدمی ہو ہم تم پر کوئی الزام عائد نہیں کرتے تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وحی کو نوٹ کرتے رہے ہو' تو تم قرآن کو تلاش کر کے اس کو جمع کرو۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! اگر مجھے وہ کسی پہاڑ کو منتقل کرنے کا پابند کر دیتے تو میرے لیے یہ اتنا مشکل نہ ہوتا جتنا ان کا قرآن جمع کرنے کا حکم دینا مشکل تھا۔ میں نے کہا: آپ لوگ ایک ایسا کام کیسے کر سکتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! یہ کام زیادہ بہتر ہے اس کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مسلسل میرے ساتھ بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں مجھے بھی وہی شرح صدر عطا کر دیا جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ

کو عطا کیا تھا۔

حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو میں نے قرآن کو تلاش کرنے کا کام شروع کر دیا۔

میں نے اسے تحریر کے پرزوں اور لوگوں کے سینوں سے اکٹھا کیا' یہاں تک کہ سورۃ توبہ کی آخری آیات مجھے حضرت خزیمہ انصاری رضی اللہ عنہ کے پاس ملیں مجھے یہ آیات ان کے علاوہ اور کسی کے پاس نہیں ملیں۔

''تمہارے پاس ایک رسول آیا ہے' جو تم میں سے ہے''۔

وہ صحیفہ جسے میں نے جمع کیا تھا وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس ان کی زندگی میں رہا' یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس آ گیا' یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہو گیا تو وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس آ گیا۔

4507/1 - (متن حدیث): قَالَ ابْنُ شِهَابٍ، وَاَخْبَرَنِىْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّهُ اجْتَمَعَ لِغَزْوَةِ اَذْرَبِيجَانَ، وَاَرْمِينِيَةَ اَهْلِ الشَّامِ، وَاَهْلِ الْعِرَاقِ، فَتَذَاكَرُوا الْقُرْآنَ، فَاخْتَلَفُوا فِيهِ حَتّٰى كَادَ يَكُوْنُ بَيْنَهُمْ قِتَالٌ، قَالَ: فَرَكِبَ حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ لَمَّا رَاٰى اخْتِلَافَهُمْ فِى الْقُرْآنِ اِلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، فَقَالَ: اِنَّ النَّاسَ قَدِ اخْتَلَفُوا فِى الْقُرْآنِ، حَتّٰى اِنِّىْ وَاللّٰهِ لَاَخْشٰى اَنْ يُّصِيبَهُمْ مَا اَصَابَ الْيَهُوْدَ وَالنَّصَارٰى مِنَ الِاخْتِلَافِ، فَفَزِعَ لِذٰلِكَ عُثْمَانُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ فَزَعًا شَدِيْدًا، وَاَرْسَلَ اِلٰى حَفْصَةَ فَاسْتَخْرَجَ الصُّحُفَ الَّتِىْ كَانَ اَبُوْ بَكْرٍ اَمَرَ زَيْدًا بِجَمْعِهَا، فَنَسَخَ مِنْهَا الْمَصَاحِفَ، فَبَعَثَ بِهَا اِلَى الْاٰفَاقِ، ثُمَّ لَمَّا كَانَ مَرْوَانُ اَمِيْرَ الْمَدِيْنَةِ اَرْسَلَ اِلٰى حَفْصَةَ يَسْاَلُهَا عَنِ الصُّحُفِ لِيُمَزِّقَهَا وَخَشِىَ اَنْ يُّخَالِفَ بَعْضُ الْعَامِ بَعْضًا، فَمَنَعَتْهُ اِيَّاهَا، قَالَ ابْنُ شِهَابٍ: فَحَدَّثَنِىْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: لَمَّا تُوُفِّيَتْ حَفْصَةُ اَرْسَلَ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بِعَزِيْمَةٍ لِيُرْسِلَ بِهَا، فَسَاعَةَ رَجَعُوْا مِنْ جَنَازَةِ حَفْصَةَ اَرْسَلَ ابْنُ عُمَرَ اِلٰى مَرْوَانَ فَحَرَقَهَا مَخَافَةَ اَنْ يَّكُوْنَ فِىْ شَىْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ اخْتِلَافٌ لَمَّا نَسَخَ عُثْمَانُ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے' وہ آذربائیجان اور آرمینیا کے ساتھ لڑائی اور اہل شام اور اہل عراق کے ساتھ جنگ میں شریک ہوئے انہوں نے قرآن کے بارے میں بات چیت کی تو اس بارے میں ان کے درمیان اختلاف ہو گیا' یہاں تک کہ اس بات کا امکان موجود تھا کہ ان کے درمیان جنگ شروع ہو جائے جب حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ نے لوگوں کے درمیان قرآن کے بارے میں اختلاف دیکھا تو وہ سوار ہو کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آئے اور بولے: لوگوں کا قرآن کے بارے میں اختلاف ہو گیا ہے مجھے یہ اندیشہ ہے' انہیں بھی وہی صورت لاحق ہو جائے گی جو یہودیوں اور عیسائیوں کو اختلاف کی وجہ سے لاحق ہوئی تھی' تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اس بات پر انتہائی پریشان ہو گئے انہوں نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو پیغام بھجوایا اور وہ صحیفہ نکالا جسے جمع کرنے کا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تھا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس صحیفے کی مختلف نقلیں تیار کروائیں اور انہیں مختلف علاقوں میں بھجوایا پھر جب مروان مدینہ منورہ کا گورنر بنا تو

اس نے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو پیغام بھیجا اوران سے وہ مصحف منگوایا تاکہ اسے پھاڑ دے اسے یہ اندیشہ تھا کہ بعض لوگ اس حوالے سے بعض کی مخالفت کریں گے تو میں نے اسے ایسا کرنے سے منع کیا۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں: سالم بن عبداللہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کا جب انتقال ہوگیا تو مروان نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو قسم دے کر یہ پیغام بھجوایا (کہ وہ اس مصحف کو مجھے بھجوا دیں) تو جس وقت سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے جنازے سے واپس آ رہے تھے اس وقت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے وہ نسخہ مروان کو بھجوا دیا' تو مروان نے اسے جلوا دیا اس اندیشے کے تحت کہ کہیں اس میں اختلاف نہ ہو یعنی اس نسخے سے اختلاف نہ ہو' جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے نقل تیار کروائی تھی۔

ذِكْرُ احْتِرَازِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فِيْ مَجْلِسِهِ اِذَا دَخَلُوْا عَلَيْهِ

مشرکین جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی محافل میں مشرکین سے احتراز کرنے کا تذکرہ

4508 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْخَطِيبُ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ آدَمَ بْنِ بِنْتِ اَزْهَرَ السَّمَّانُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِيْ اَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ مِّنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْزِلَةَ صَاحِبِ الشَّرَطِ مِنَ الْاَمِيرِ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ وہی نسبت حاصل تھی جو کوتوال کو گورنر کے ساتھ ہوتی ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اَنْ يُّقْصِيَ مِنْ نَفْسِهِ آكِلَ الْبَصَلِ مِنْ رَعِيَّتِهِ اِلٰى اَنْ يَّذْهَبَ رِيحُهَا

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' کہ وہ اپنی رعایا میں سے پیاز کھانے والے شخص کو اس وقت تک کے لیے اپنے قریب آنے سے روک دے' جب تک اس کی بو ختم نہیں ہو جاتی

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ يَوْمُ حُنَيْنٍ اَقْبَلَتْ هَوَازِنُ، وَغَطَفَانُ بِذَرَارِيِّهِمْ وَنَعَمِهِمْ، وَمَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَشَرَةُ آلَافٍ، وَمَعَهُ الطُّلَقَاءُ، فَاَدْبَرُوا عَنْهُ، حَتّٰى بَقِيَ وَحْدَهُ قَالَ: فَنَادٰى يَوْمَئِذٍ نِدَاءَيْنِ، لَمْ يَخْلِطْ بَيْنَهُمَا شَيْئًا، فَالْتَفَتَ عَنْ يَمِيْنِهِ وَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ، فَقَالُوْا: لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَبْشِرْ نَحْنُ مَعَكَ، فَالْتَفَتَ اِلٰى يَسَارِهِ، وَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ، فَقَالُوْا: لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَبْشِرْ نَحْنُ مَعَكَ، قَالَ وَهُوَ عَلٰى بَغْلَةٍ بَيْضَاءَ فَنَزَلَ، وَقَالَ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ، فَانْهَزَمَ الْمُشْرِكُوْنَ، فَاَصَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَائِمَ كَثِيْرَةً، فَقَسَمَ فِي الْمُهَاجِرِيْنَ، وَالطُّلَقَاءِ، وَلَمْ يُعْطِ الْاَنْصَارَ شَيْئًا، فَقَالَتِ الْاَنْصَارُ: اِذَا كَانَ فِي الشِّدَّةِ، فَنَحْنُ وَيُعْطِي الْغَنِيمَةَ غَيْرَنَا، فَبَلَغَهُ ذٰلِكَ، فَجَمَعَهُمْ فِيْ قُبَّةٍ، وَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ مَا حَدِيْثٌ بَلَغَنِيْ؟، فَسَكَتُوْا،

4769- حديث صحيح، موسى بن محمد بن يحيى بن حيّان ذكره المؤلف في " الثقات " 9/161 وقال: من أهل البصرة، كنيته أبو عمران، يروى عن يحيى القطان والعراقيين، حدثنا عنه أبو يعلى، ربما خالف . وقال ابن أبي حاتم 8/161: ترك أبو زرعة حديثه، قلت: وقد توبع عليه، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين . ابن عون: هو عبد الله بن عون بن أرطبان البصرى .وأخرجه البخارى (4337) فى المغازى: باب غزوة الطائف فى شوال سنة ثمان، ومسلم (1059) (135) فى الزكاة: باب إعطاء المؤلفة قلوبهم على الإسلام وتصبر من قوى إيمانه، من طرق عن معاذ بن معاذ، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبى شيبة 14/522، وأحمد 3/279-280، والبخارى (4333) من طريقين عن ابن عون، به . وأخرجه عبد الرزاق (19908)، والبخارى (3147) فى فرض الخمس: باب ما كان النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يعطى المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس ونحوه، و (4331)، و (5860) فى اللباس: باب القبة الحمراء من أدم، و (7441) فى التوحيد: باب قوله تعالى: (وجوه يومئذٍ ناضرة إلى ربها ناظرة)، ومسلم (1059) (132)، وأبو يعلى (3594) من طرق عن الزهرى، عن أنس .وأخرجه أحمد 3/169 و 249، والبخارى (4332)، و (3778) فى مناقب الأنصار: باب مناقب الأنصار، ومسلم (1059) (134)، وأبو يعلى (3229)، وأبو نعيم فى " الحلية " 3/84، والبيهقى 6/337-338 من طريق شعبة عن أبى التياح، عن أنس .وأخرجه أحمد 3/172 و 275، والبخارى (4334)، ومسلم (1059) (133)، والترمذى (3901) فى المناقب: باب فضل الأنصار وأبو يعلى (3002) من طريق شعبة، عن قتادة عن أنس .وأخرجه أحمد 13/157-158، ومسلم (1059) (136) من طريق معتمر بن سليمان التيمى، عن أبيه، عن السميط السدوسى، عن أنس .وأخرجه احمد 3/188 و 201 من طريقين عن حميد، عن أنس .وأخرجه أحمد 3/246 عن عفان، عن حماد بن سلمة، عن ثابت، عن أنس .وأخرجه الحميدى (1201) من طريق على بن زيد بن جدعان، عن أنس .

فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ الْاَنْصَارِ اَمَا تَرْضَوْنَ اَنْ يَّذْهَبَ النَّاسُ بِالشَّاءِ، وَتَذْهَبُوْنَ بِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلٰى بُيُوْتِكُمْ؟، قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَضِينَا، قَالَ: لَوْ سَلَكَ النَّاسُ وَادِيًا، وَسَلَكَتِ الْاَنْصَارُ شِعْبًا، لَاَخَذْتُ شِعْبَ الْاَنْصَارِ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب غزوۂ حنین کا موقع آیا' تو ہوازن قبیلے کے لوگ اور غطفان قبیلے کے لوگ اپنے بال بچوں اور ساز وسامان کو لے کر آ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ دس ہزار افراد تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ وہ لوگ بھی تھے جنہوں نے نیا نیا اسلام قبول کیا تھا۔ وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر پیچھے ہٹ گئے' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تنہا رہ گئے۔ راوی بیان کرتے ہیں: تو اس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مرتبہ بلند آواز میں پکارا ان کے درمیان اور کوئی چیز رکاوٹ نہیں بنی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دائیں طرف رخ کیا اور فرمایا: اے انصار کے گروہ تو لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم حاضر ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم خوش رہیں کہ ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بائیں طرف توجہ کی اور فرمایا: اے انصار کے گروہ تو ان لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم حاضر ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بے فکر رہیں ہم آپ کے ساتھ ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سفید خچر پر سوار تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس سے نیچے اترے اور فرمایا: میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں' تو مشرکین پسپا ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت زیادہ مالِ غنیمت حاصل ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ مال مہاجرین اور نئے مسلمان ہونے والے افراد کے درمیان تقسیم کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انصار کو کچھ نہیں دیا۔ اس پر انصار نے کہا: جب مشکل آئی تھی اس وقت ہمیں بلایا گیا اور مالِ غنیمت آپ نے دوسروں کو دے دیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک اس بات کی اطلاع پہنچی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو ایک خیمے میں جمع کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے انصار کے گروہ! کیا بات ہے' جو مجھ تک پہنچی ہے۔ وہ لوگ خاموش رہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے انصار کے گروہ کیا تم لوگ اس بات سے راضی نہیں ہو کہ لوگ بھیڑ بکریاں لے جائیں اور تم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے گھر لے جاؤ۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم راضی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر لوگ ایک وادی میں چلیں اور اگر انصار ایک گھاٹی میں جائیں' تو میں انصار کی گھاٹی کو اختیار کروں گا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اَنْ يُّحَرِّضَ النَّاسَ عَلَى الْقِتَالِ وَيُشَجِّعَهُمْ عِنْدَ وُرُودِ الْفُتُوْرِ عَلَيْهِمْ فِيْهِ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' لوگوں کو جنگ کی ترغیب دے

اور انہیں اس وقت شجاعت دلائے جب اس حوالے سے ان میں کوتاہی آ چکی ہو (یا جب وہ جنگ کے دوران بکھر چکے ہوں)

4770 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنْ قَيْسٍ، قَالَ لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ: اَفَرَرْتُمْ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

يَوْمَ حُنَيْنٍ؟، قَالَ الْبَرَاءُ: لٰكِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ يَفِرَّ اِنَّ هَوَازِنَ كَانُوا قَوْمًا رُمَاةً، فَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلٰى بَغْلَةٍ بَيْضَاءَ، وَاِنَّ اَبَا سُفْيَانَ بْنَ الْحَارِثِ اٰخِذٌ بِلِجَامِهَا، وَهُوَ يَقُوْلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ.... اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ *

ابواسحاق بیان کرتے ہیں: قیس قبیلے سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے کہا کیا آپ لوگ غزوۂ حنین کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر فرار ہو گئے تھے' تو حضرت براء رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرار نہیں ہوئے۔ ہوازن قبیلے کے لوگ اچھے تیرانداز تھے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سفید خچر پر سوار دیکھا۔ حضرت ابوسفیان بن حارث رضی اللہ عنہ نے اس خچر کی لگام کو پکڑا ہوا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے: میں نبی ہوں اس میں کوئی جھوٹ نہیں ہے میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ، بِاَنَّ الثَّبَاتَ فِي الْحَرْبِ عِنْدَ انْهِزَامِ الْمُسْلِمِيْنَ مِمَّا يُحِبُّهُ اللّٰهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' مسلمانوں کے پسپا ہونے کے وقت جنگ میں ثابت قدم رہنا ایسی چیز ہے' جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے

4771 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ بْنِ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ظَبْيَانَ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ، رَجُلٌ اَتٰى قَوْمًا، فَسَاَلَهُمْ بِاللّٰهِ، وَلَمْ يَسْاَلْهُمْ بِقَرَابَةٍ بَيْنَهُمْ، وَبَيْنَهُ، فَتَخَلَّفَ رَجُلٌ بِاَعْقَابِهِمْ، فَاَعْطَاهُ سِرًّا لَا يَعْلَمُ بِعَطِيَّتِهِ، اِلَّا اللّٰهُ وَالَّذِيْ اَعْطَاهُ، وَقَوْمٌ سَارُوْا لَيْلَهُمْ، حَتّٰى اِذَا كَانَ

4770- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي، وأبو إسحاق: هو السبيعي .وأخرجه البخاري (4316) في المغازي: باب قول الله تعالى (ويوم حنين إذ أعجبتكم كثرتكم)، عن أبي الوليد، بِهِ .وأخرجه الطيالسي (707)، وأحمد 4/281، والبخاري (2864) في الجهاد: باب من قاد دابة غيره في الحرب، و (4317)، ومسلم (1776) (80) في الجهاد والسير: باب في غزوة حنين، وأبو يعلى (1727)، والطبري في " تفسيره "، (16580)، والبيهقي في " الدلائل " 5/133 من طريق شعبة، بِهِ .وأخرجه ابن أبي شيبة 14/521-522 و 522 و 12/507، والطيالسي (707)، وأحمد 4/280 و289 و 304، والبخاري (2874) في الجهاد: باب بغلة النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ البيضاء و (2930) : باب من صفّ أصحابه عند الهزيمة ونزل عن دابته فاستنصر، و (3042) : باب من قال: خُذها وأنا ابن فلان، و (4315) في المغازي، ومسلم (1776) (78) و (79) و (80)، والترمذي (1688) في الجهاد: باب ما جاء في الثبات عند القتال، والطبري (16581)، والبيهقي في " السنن " 7/43 و 9/154 و155، وفي " الدلائل " 1/177 و 5/133، والبغوي (2706)، وفي "تفسيره" 2/278 من طرق عن أبي إسحاق السبيعي، به .

4771- حديث صحيح، عمر بن شبة صدوق روى له ابن ماجه، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير زيد بن ظبيان فقد ذكره المؤلف في " الثقات " 4/249، وأخرج هو وابن خزيمة حديثه في " الصحيح " .وهو مكرر الحديث رقم (3349) و (3350) .وقوله " يتملّقني " أي: يتودد إلي، من الملَق، وهو الودّ واللطف الشديد .

النَّوْمُ اَحَبَّ اِلَيْهِمْ نَزَلُوا، فَوَضَعُوا رُءُوسَهُمْ، فَقَامَ يَتَمَلَّقُنِي، وَيَتْلُو آيَاتِي، وَرَجُلٌ كَانَ فِي سَرِيَّةٍ، فَلَقُوا الْعَدُوَّ، فَهُزِمُوا، وَاَقْبَلَ بِصَدْرِهِ، حَتّٰى يُقْتَلَ، اَوْ يُفْتَحَ لَهُمْ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین لوگوں سے اللہ تعالیٰ محبت کرتا ہے۔ ایک وہ شخص جو کسی قوم کے پاس آئے اور ان سے اللہ کے نام پر مانگے وہ ان کے ساتھ اپنی کسی رشتہ داری کی وجہ سے سوال نہ کرے تو ان میں سے ایک شخص الٹے قدموں واپس جائے اور اسے پوشیدہ طور پر کچھ دیدے۔ اس عطیے کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور دینے والے شخص کے علاوہ اور کسی کو علم نہ ہو۔ (دوسری قسم کا شخص وہ ہیں) جو رات کے وقت سفر کر رہے ہوں' یہاں تک کہ نیند جب ان کے نزدیک سب سے زیادہ پیاری ہو' تو وہ پڑاؤ کریں اور اپنا سر رکھ کر سو جائیں' تو ایک شخص کھڑا ہو کر میری بارگاہ میں مناجات کرے۔ میری آیات کی تلاوت کرے (اور تیسرا شخص وہ ہے) جو کسی جنگ میں حصہ لے' جب اس کا دشمن سے سامنا ہو' تو اس کے ساتھی پسپا ہو جائیں' لیکن وہ سینے کو لے کر آگے بڑھے' یہاں تک کہ شہید ہو جائے یا اس کو فتح نصیب ہو جائے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ التَّصَبُّرِ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوفِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اللہ کی راہ میں (جہاد کرتے ہوئے) تلواروں کے سائے میں صبر سے کام لے

4772 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَنَسَ بْنَ النَّضْرِ تَغَيَّبَ عَنْ قِتَالِ بَدْرٍ، وَقَالَ: تَغَيَّبْتُ عَنْ اَوَّلِ مَشْهَدٍ شَهِدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاللّٰهِ لَئِنْ اَرَانِي اللّٰهُ قِتَالًا لَيَرَيَنَّ مَا اَصْنَعُ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ انْهَزَمَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَقْبَلَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ يَقُوْلُ: اَيْنَ اَيْنَ؟ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، اِنِّي لَاَجِدُ رِيحَ الْجَنَّةِ، دُوْنَ اُحُدٍ، قَالَ:

4772– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم .وأخرجه أحمد 3/253، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 1/135، والطبري في "تفسيره" 21/146–147 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي (2044)، وأحمد 3/194، ومسلم (1903) في الإمارة: باب ثبوت الجنة للشهيد، والترمذي (3200) في التفسير: باب ومن سورة الأحزاب، والنسائي في "الكبرى"، والواحدي في "أسباب النزول" ص 237–238 من طريق سليمان بن المغيرة، عن ثابت، بِهِ .وأخرجه ابن أبي شيبة 14/395، وأحمد 3/201، والبخاري (2805) في الجهاد: باب قول الله عز وجل (مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عليه) و (4048) في المغازي: باب غزوة أحدٍ، والترمذي (3201)، والطبري 1/147، والبيهقي 9/43–44، والبغوي في "تفسيره" 3/520 من طريق حميد، عن أنس .وأخرجه مختصراً البخاري (4783) في تفسير سورة الأحزاب: باب (فمنهم من قضى نَحْبَه ومنهم من ينتظر)، والواحدي ص 238 من طريق ثمامة، عن أنس .

فَحَمَلَ، فَقَاتَلَ، فَقُتِلَ فَقَالَ سَعْدٌ: وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا اَطَقْتُ، مَا اَطَاقَ، فَقَالَتْ اُخْتُهُ: وَاللّٰهِ مَا عَرَفْتُ اَخِي اِلَّا بِحُسْنِ بَنَانِهِ، فَوُجِدَ فِيهِ بِضْعٌ وَّثَمَانُونَ جِرَاحَةً ضَرْبَةُ سَيْفٍ، وَرَمْيَةُ سَهْمٍ، وَطَعْنَةُ رُمْحٍ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا، مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ، فَمِنْهُمْ مَنْ قَضَى نَحْبَهُ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَّنْتَظِرُ، وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِيلًا) (الأحزاب: 23)، قَالَ حَمَّادٌ: وَقَرَاْتُ فِي مُصْحَفِ اَبِي، وَمِنْهُمْ مَنْ بَدَّلَ تَبْدِيلًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن نضر رضی اللہ عنہ غزوۂ بدر میں شریک نہیں ہو سکے تھے۔ انہوں نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو سب سے پہلے غزوہ کیا تھا میں اس میں شریک نہیں ہو سکا اللہ کی قسم! اگر اللہ نے اب مجھے جنگ کا موقع دیا' تو اللہ تعالیٰ اس بات کو ظاہر کر دے گا کہ میں کیا کرتا ہوں' پھر جب غزوہ احد کا موقع آیا' اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب پسپا ہوئے' تو حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے یہ کہنا شروع کر دیا۔ کہاں ہے کہاں ہے اللہ کی ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے مجھے جنت کی خوشبو محسوس ہو رہی ہے' جو احد کے دوسری طرف ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: انہوں نے حملہ کیا لڑائی کی اور شہید ہو گئے' تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اللہ کی قسم! یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جو انہوں نے کیا ہے اس کی میں طاقت نہیں رکھتا۔

ان کی بہن بیان کرتی ہیں: ان کی پوروں سے پہچانا تھا۔ ان کے جسم پر تلوار کی ضرب' تیر لگنے اور نیزہ لگنے کے 80 سے زیادہ زخم تھے' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اہل ایمان میں سے کچھ وہ لوگ ہیں' جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کیے ہوئے وعدے کو سچ کر دکھایا۔ ان میں سے کچھ لوگوں نے اپنی نذر کو پورا کر دیا اور ان میں سے کچھ لوگ ابھی انتظار کر رہے ہیں۔ انہوں نے کوئی تبدیلی نہیں کی''۔

حماد نامی راوی کہتے ہیں: میں نے اپنے والد کے مصحف میں یہ آیت یوں پڑھی ہے:

''ان میں سے ایک وہ شخص ہے' جس نے تبدیلی کر دی''۔

ذِكْرُ الْعَدَدِ، الَّذِي بِهِ يُبَاحُ الْفِرَارُ مِنَ الْعَدُوِّ

اس تعداد کا تذکرہ' جس کی موجودگی میں دشمن سے بھاگنا مباح ہو جاتا ہے

4773 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي نَجِيحٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ اَنْ يُّقَاتِلَ الْوَاحِدُ عَشَرَةً، فَثَقُلَ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ، وَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ، فَوَضَعَ ذٰلِكَ عَنْهُمْ، اِلَى اَنْ يُّقَاتِلَ الْوَاحِدُ رَجُلَيْنِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِي ذٰلِكَ: (اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صَابِرُوْنَ) (الأنفال: 65)، اِلَى آخِرِ الْآيَةِ، ثُمَّ قَالَ: (لَوْلَا كِتَابٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَا اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ) (الأنفال: 68)، يَعْنِي غَنَائِمَ بَدْرٍ لَوْلَا اَنِّي لَا اُعَذِّبُ مَنْ عَصَانِي، حَتّٰى اَتَقَدَّمَ اِلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے لوگوں پر یہ بات لازم قرار دی کہ ایک آدمی دس کے ساتھ مقابلہ کرے گا۔ یہ بات ان کے لیے بڑی پریشانی کا باعث بنی اور انہیں بہت گراں گزری۔ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو آسانی

فراہم کی کہ ایک آدمی دو کے ساتھ مقابلہ کرے گا' تو اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ آیت نازل کی:

''اگر تم میں سے صبر کرنے والے بیس افراد ہوں''۔

یہ آیت کے آخر تک ہے۔

پھر اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ''اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے پہلے فیصلہ نہ ہو چکا ہوتا تو تم نے جو کیا ہے اس پر تمہیں عظیم عذاب اپنی گرفت میں لے لیتا''۔

(راوی بیان کرتے ہیں) اس سے مراد غزوۂ بدر کا مالِ غنیمت ہے اور مراد یہ ہے کہ اگر میں نے پہلے یہ طے نہ کیا ہوتا کہ اپنی نافرمانی کرنے والے کو عذاب نہیں دوں گا۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْإِمَامِ اَنْ يُّرِيَ مِنْ نَفْسِهِ الْجَلَدَ عِنْدَ فُتُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ عَنْ قِتَالِ اَعْدَاءِ اللّٰهِ

امام کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' اللہ کے دشمنوں سے جنگ کے وقت جب مسلمانوں میں بھگدڑ مچ جائے' تو امام اپنے آپ کو مضبوط ظاہر کرے

4774 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ، قَالَ:

4773- إسناده قوى، فقد صرح ابن إسحاق بالتحديث، وباقى رجاله من رجال الصحيح . عطاء : هو ابن أبى رباح .وأخرجه الطبرى فى "تفسيره " (16271)، والطبرانى (11396) من طريقين عن محمد بن إسحاق، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق (9525)، والطبرى (16270) من طريق ابن جريج، والبخارى (4652) فى التفسير: باب (يا أيها النبى حرض المؤمنين على القتال)، والطبرانى (11211)، والبيهقى 9/76 من طريق سفيان بن عيينة، والطبرى (16277) من طريق إبراهيم بن زيد، ثلاثتهم عن عمرو بن دينار، عن ابن عباس .وأخرجه البخارى (4653) : باب (الآن خفف الله عنكم وعلم أن فيكم ضعفاً)، وأبو داؤد (2646) فى الجهاد: باب فى التولى يوم الزحف، والطبرى (16280)، والبيهقى 9/76 من طريق جرير بن حازم، عن الزبير بن خرِّيت، عن عكرمة، عن ابن عباس .وأخرجه الطبرى (16277) من طريق أبى معبد، عن ابن عباس .وأخرجه أيضاً (16272) من طريق على، عن ابن عباس .وأخرجه (16273) مطولاً من طريق محمد بن سعد، قال: حدثنى أبى، قال: حدثنى عمى، قال: حدثنى أبى، عن أبيه، عن ابن عباس .وذكره السيوطى فى " الدر المنثور " 4/102 و103 وزاد نسبته إلى ابن المنذر وابن أبى حاتم وأبى الشيخ وابن مردويه والبيهقى فى " الشعب " والنحاس فى " ناسخه " وإسحاق بن راهويه فى " مسنده " والطبرانى فى " الأوسط " .

4774- إسناده حسن، جعفر بن مهران السباك، قال الذهبى: موثق وله ما ينكر .وقد توبع فى هذا الحديث، وذكره المؤلف فى " ثقاته " 8/160-161، وباقى رجاله ثقات على شرط الشيخين غير محمد بن إسحاق فروى له مسلم متابعة، وهو صدوق وقد صرح بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسه . عبد الأعلى: هو ابن عبد الأعلى البصرى السامى . وهو فى " مسند أبى يعلى " (1862) و(1863)، و " سيرة ابن هشام " 4/86 .وأخرجه أحمد 3/376، والبزار (1834) من طريقين عن محمد بن إسحاق بهذا الإسناد .وذكره الهيثمى فى " المجمع " 6/180 فقال: رواه أحمد وأبو يعلى، ورواه البزار باختصار، وفيه ابن إسحاق وقد صرح بالسماع فى رواية أبى يعلى، وبقية رجال أحمد رجال الصحيح . وانظر " السيرة النبوية " لابن كثير 3/618-619 .

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ حَدَّثَنِیْ عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث):اَقْبَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَا نَعْلَمُ بِخَبَرِ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ جَيَّشُوا لَنَا، فَاسْتَقْبَلْنَا وَادِیَ حُنَيْنٍ، فِیْ عَمَايَةِ الصُّبْحِ، وَهُوَ وَادِی اَجْوَفُ، مِنْ اَوْدِيَةِ تِهَامَةَ، اِنَّمَا يَنْحَدِرُوْنَ فِيْهِ انْحِدَارًا، قَالَ: فَوَاللّٰهِ اِنَّ النَّاسَ لَيَتَابِعُوْنَ، لَا يَعْلَمُوْنَ بِشَیْءٍ، اِذْ فَجِئَتْهُمُ الْكَتَائِبُ مِنْ كُلِّ نَاحِيَةٍ، فَلَمْ يَنْتَظِرِ النَّاسُ اَنِ انْهَزَمُوْا رَاجِعِيْنَ، قَالَ: وَانْحَازَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ الْيَمِيْنِ، وَقَالَ: اَيْنَ اَيُّهَا النَّاسُ؟، اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَكَانَ اَمَامَ هَوَازِنَ رَجُلٌ ضَخْمٌ، عَلٰى جَمَلٍ اَحْمَرَ، فِیْ يَدِهٖ رَايَةٌ سَوْدَاءُ، اِذَا اُدْرِكَ طَعَنَ بِهَا، وَاِذَا فَاتَهُ شَیْءٌ بَيْنَ يَدَيْهِ، دَفَعَهَا مِنْ خَلْفِهٖ، فَرَصَدَ لَهٗ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَرَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ كِلَاهُمَا يُرِيْدُهٗ، قَالَ فَضَرَبَ عَلِیٌّ عُرْقُوبَیِ الْجَمَلِ، فَوَقَعَ عَلٰى عَجُزِهٖ، وَضَرَبَ الْاَنْصَارِیُّ سَاقَهٗ، فَطَرَحَ قَدَمَهٗ بِنِصْفِ سَاقِهٖ، فَوَقَعَ، وَاقْتَتَلَ النَّاسُ، حَتّٰى كَانَتِ الْهَزِيْمَةُ، وَكَانَ اَخُو صَفْوَانَ بْنِ اُمَيَّةَ لِاُمِّهٖ، قَالَ اَلَا بَطَلَ السِّحْرُ الْيَوْمَ، وَكَانَ صَفْوَانُ بْنُ اُمَيَّةَ يَوْمَئِذٍ مُشْرِكًا فِی الْمُدَّةِ، الَّتِیْ ضَرَبَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهٗ صَفْوَانُ: اسْكُتْ فَضَّ اللّٰهُ فَاكَ، فَوَاللّٰهِ لَاَنْ يَّلِيَنِیْ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ يَّلِيَنِیْ رَجُلٌ مِّنْ هَوَازِنَ

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ ہمیں اس بارے میں علم نہیں تھا کہ دشمن نے ہمارے لیے کس طرح کا لشکر تیار کیا ہے ہم حنین کی وادی کے پاس پہنچے یہ صبح کے وقت کی بات ہے یہ تہامہ کی وادیوں میں سے نشیبی وادی تھی۔ لوگ اس میں نیچے کی طرف اتر رہے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! لوگوں کا پیچھا کیا جا رہا تھا پر انہیں اس بات کا پتہ نہ تھا۔ اسی دوران ہر طرف سے دستے آنے لگے تو لوگوں نے واپس لوٹنے میں پسپا ہونے کا انتظار نہیں کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں طرف رخ کر کے فرمایا اے لوگو تم کہاں ہو۔ میں اللہ کا رسول ہوں میں محمد بن عبداللہ ہوں (حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) ہوازن قبیلے کے آگے ایک بھاری بھرکم شخص تھا جو سرخ اونٹ پر سوار تھا۔ اس کے ہاتھ میں سیاہ رنگ کا جھنڈا تھا۔ جب کوئی شخص اس تک پہنچ جاتا تو وہ اسے نیزہ مار دیتا' اور جب کوئی چیز اس کے سامنے آتی' تو وہ اسے اپنے پیچھے کر دیتا۔ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ اور انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص دونوں اس کی گھات لگا کر بیٹھ گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اونٹ کی پشت پر حملہ کیا' تو وہ (سردار) گدی کے بل نیچے گر گیا۔ انصاری نے اس کی پنڈلی پر مارا اور اس کا پاؤں نصف پنڈلی کے قریب کاٹ دیا۔ وہ گرا تو لوگوں کے درمیان لڑائی شروع ہو گئی' یہاں تک کہ وہ لوگ پسپا ہو گئے۔ وہ صفوان بن امیہ کا ماں کی طرف سے شریک بھائی تھا۔ انہوں نے کہا: خبردار آج کے دن جادو جھوٹا ثابت ہو گیا۔

حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ اس وقت مشرک تھے۔ یہ بعد کی بات ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (ان کے سینے وغیرہ پر ضرب لگائی تھی) حضرت صفوان رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا خاموش رہو۔ اللہ تعالیٰ تمہارے منہ کو بند کرے اللہ کی قسم! قریش کا کوئی شخص مجھ سے آ

ملے۔ یہ میرے نزدیک اس سے زیادہ محبوب ہے ہوازن قبیلے کا کوئی شخص مجھ سے ملے۔

ذِكْرُ تَرَجُّلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَغْلَتِهٖ يَوْمَ حُنَيْنٍ عِنْدَ تَوَلِّى الْمُسْلِمِيْنَ عَنْهُ

غزوۂ حنین کے موقع پر جب مسلمان نبی اکرم ﷺ کو چھوڑ کر پیچھے ہٹ گئے تو نبی اکرم ﷺ کے اپنے خچر سے نیچے اتر کر پیدل ہو جانے کا تذکرہ

4775 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمَّا لَقِىَ الْمُشْرِكِيْنَ يَوْمَ حُنَيْنٍ، نَزَلَ عَنْ بَغْلَتِهٖ، فَتَرَجَّلَ

❀❀ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ حنین کے موقع پر جب نبی اکرم ﷺ کا مشرکین سے مقابلہ ہوا تو آپ ﷺ اپنے خچر سے نیچے اتر آئے اور آپ ﷺ پیدل (لڑائی میں حصہ لیتے رہے)

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اِذَا اَمْكَنَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْاَعْدَاءِ اَنْ يُّقِيْمَ بِتِلْكَ الْعَرْصَةِ ثَلَاثًا اِذَا لَمْ يَكُنْ يَّخَافُ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فِيْهِ

اس بات کا تذکرہ امام کے لیے یہ بات مستحب ہے جب اللہ تعالیٰ اسے دشمن پر غلبہ عطا کر دے تو وہ دشمن کے علاقے میں تین دن تک قیام کرے جبکہ اسے ایسا کرنے کی صورت میں مسلمانوں کے حوالے سے (کسی نقصان کا) اندیشہ نہ ہو

4776 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِيْنَ، بِدِمَشْقَ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا

4775– إسناده صحيح على شرط الشيخين . إسرائيل: هو ابن يونس بن أبي إسحاق، وهو السبيعي .وأخرجه أبو داوُد (2658) في الجهاد: باب في الرجل يترجل عند اللقاء، وأبو يعلى (1678) عن عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد وانظر الحديث (4770) .

4776– إسناده صحيح على شرط الشيخين . سعيد: هو ابن أبي عروبة .وأخرجه أبو داوُد (2695) في الجهاد: باب في الإمام يقيم عند الظهور على العدو بعرصتهم، عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/29، والدارمي 2/222، والترمذي (1551) في السير: باب في البيات والغارات، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 3/246، وابن الجارود (1067)، والطبراني (4702)، والبيهقي 9/62 من طرق عن معاذ بن معاذ به، قال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح .وأخرجه الطبراني (4701) مطولاً، و (4702) من طريقين عن عبد الأعلى، عن سعيد بن أبي عروبة، بِهِ . وعبد الأعلى سمع من سعيد قبل الاختلاط .وأخرجه أحمد 4/29 عن عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ أبي عروبة، بِهِ . وعبد الوهاب أيضاً سمع من سعيد قبل الاختلاط . وانظر الحديثين الآتيين .

مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا غَلَبَ قَوْمًا، اَحَبَّ اَنْ يُّقِيمَ بِعَرْصَتِهِمْ ثَلَاثًا

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم پر غالب آجاتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کو پسند کرتے تھے کہ ان کے علاقے میں تین دن تک مقیم رہیں۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اِذَا اَمْكَنَهُ اللّٰهُ مِنْ دِيَارِ اَعْدَائِهِ اَوْ اَمْوَالِهِمْ اَنْ يُّقِيمَ بِتِلْكَ الْعَرْصَةِ ثَلَاثًا

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' جب اللہ تعالیٰ اسے اس کے دشمن کے علاقے اور زمینوں پر غلبہ عطا کردے تو وہ اس علاقے میں تین دن تک مقیم رہے

4777 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ خَالِدٍ الْبِرْتِيُّ، بِبَغْدَادَ قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا غَلَبَ قَوْمًا اَحَبَّ اَنْ يُّقِيمَ بِعَرْصَتِهِمْ ثَلَاثًا، اَوْ قَالَ ثَلَاثَ لَيَالٍ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ' حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم پر فتح حاصل کر لیتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات پسند تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے علاقے میں تین دن (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) تین راتوں تک رہیں۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اِذَا اَمْكَنَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْاَعْدَاءِ اَنْ يَّاْمُرَ بِجِيَفِهِمْ فَتُطْرَحَ فِیْ قَلِيبٍ ثُمَّ يُخَاطِبُهُمْ بِمَا فِيهِ الِاعْتِبَارُ، لِلْاَحْيَاءِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' جب اللہ تعالیٰ اسے دشمن پر غلبہ عطا کردے

تو امام ان کے مُردوں کے بارے میں حکم دے کہ انہیں کسی گڑھے میں ڈال دیا جائے اور پھر وہ ان مُردوں سے خطاب کرے جس میں زندہ مسلمانوں کے لیے نصیحت موجود ہو

4778 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِیْ عَرُوْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): ذَكَرَ لَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ: ثُمَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ بِاَرْبَعَةٍ وَعِشْرِينَ رَجُلًا مِنْ صَنَادِيدِ قُرَيْشٍ، فَقُذِفُوا فِیْ طَوِيٍّ مِّنْ اَطْوَاءِ بَدْرٍ، وَكَانَ اِذَا ظَهَرَ عَلٰى قَوْمٍ،

اَحَبَّ اَنْ يُّقِيمَ بِعَرْصَتِهِمْ ثَلَاثَ لَيَالٍ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الثَّالِثِ، اَمَرَ بِرَاحِلَتِهٖ، فَشُدَّ عَلَيْهَا فَرَحْلُهَا، ثُمَّ مَشٰى وَتَبِعَهُ اَصْحَابُهُ، فَقَالُوا: مَا نَرَاهُ يَنْطَلِقُ اِلَّا لِبَعْضِ حَاجَتِهٖ، حَتّٰى قَامَ عَلٰى شَفَةِ الرَّكِيِّ، فَجَعَلَ يُنَادِيهِمْ، بِاَسْمَائِهِمْ، وَاَسْمَاءِ آبَائِهِمْ، يَا فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ، اَيَسُرُّكُمْ اَنَّكُمْ اَطَعْتُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ، فَاِنَّا قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا، فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا؟، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تَكَلَّمَ مِنْ اَجْسَادٍ، لَا اَرْوَاحَ لَهَا؟، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهٖ، مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا اَقُوْلُ مِنْهُمْ، قَالَ قَتَادَةُ: اَحْيَاهُمُ اللّٰهُ، حَتّٰى اَسْمَعَهُمْ تَوْبِيخًا، وَتَصْغِيرًا، وَنِقْمَةً، وَحَسْرَةً، وَتَنَدُّمًا

❁❁ قتادہ بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ہمارے سامنے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا۔ غزوۂ بدر کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے چوبیس سرداروں کے بارے میں حکم دیا' تو انہیں بدر کے ایک گڑھے میں ڈال دیا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم پر غالب آجاتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات پسند تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے علاقے میں تین راتوں تک مقیم رہیں جب تیسرا دن آیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواریوں پر پالان باندھ دیا گیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب آپ کے پیچھے چلے۔ لوگوں نے کہا: ہمارا خیال ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام کے سلسلے میں تشریف لے کر جانے لگے ہیں' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس گڑھے کے کنارے تک آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان (کفاران قریش) کو ان کے نام اور ان کے باپوں کے نام لے کر مخاطب کیا اے فلاں بن فلاں کیا اب تمہاری یہ خواہش نہیں ہے' تم نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی ہوتی۔ ہمارے پروردگار نے ہمارے ساتھ جو وعدہ کیا تھا ہم نے تو اسے حق پالیا ہے تمہارے پروردگار نے تمہارے ساتھ جو وعدہ کیا تھا کیا تم نے اسے حق پالیا ہے' تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ایسے اجسام کے ساتھ کیسے خطاب کر رہے ہیں' جن میں روح ہی نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں جو کہہ رہا ہوں تم ان لوگوں کے مقابلے میں مجھ سے زیادہ نہیں سن رہے (یعنی وہ بھی اسی طرح سن رہے ہیں جس طرح تم اسے سن رہے ہو)

قتادہ نامی راوی کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ کیا تھا' یہاں تک کہ انہیں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز) اس لیے سنائی تھی تاکہ ان کی توبیخ ہو۔ ان کا کم تر ہونا ظاہر ہو۔ انہیں ذلت ہو۔ حسرت ہو اور ندامت ہو۔

4778- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن محمد بن عرعرة، فمن رجال مسلم، وروح بن عبادة سمع من سعيد بن أبي عروبة قبل الاختلاط .وأخرجه أحمد 4/29، والبخاری (3976) فی المغازی: باب دعاء النبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ على كفار قريش، و (3065) فی الجهاد: باب من غلب العدو وأقام فی عرصتهم ثلاثاً، ومسلم (2875) فی الجنة وصفة نعيمها، وأبو داؤد (2695) فی الجهاد: باب فی الإمام يقيم عند الظهور على العدو بعرصتهم، من طريق روح بن عبادة، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم (2875)، والطبرانی (4701) من طريقين عن عبد الأعلى، عن سعيد، به . وانظر الحديثين السابقين .

ذِكْرُ جَوَازِ حِصَارِ الْمَرْءِ قُرَى الْمُشْرِكِينَ وَدُوْرِهِمْ مَعَ اِبَاحَةِ قُفُولِهِمْ عَنْهُمْ بِغَيْرِ فَتْحٍ

آدمی کا مشرکین کی بستیوں اور محلوں کا محاصرہ کرنے کا جائز ہونے کا تذکرہ اور پھر فتح حاصل کیے بغیر وہاں سے واپس آنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

4779 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ اَبِى الْعَبَّاسِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث): حَاصَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلَ الطَّائِفِ، فَلَمْ يَنَلْ مِنْهُمْ شَيْئًا، فَقَالَ: اِنَّا قَافِلُوْنَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، فَقَالَ اَصْحَابُهُ: نَرْجِعُ، وَلَمْ نَفْتَحْ؟، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اغْدُوْا عَلَى الْقِتَالِ، فَغَدَوْا عَلَيْهِ، فَاَصَابَهُمْ جِرَاحٌ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا قَافِلُوْنَ غَدًا، فَاَعْجَبَهُمْ ذٰلِكَ، فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل طائف کا محاصرہ کیا ہوا تھا' لیکن انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ نے چاہا تو ہم (کل) روانہ ہو جائیں گے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے عرض کی: کیا ہم فتح حاصل کیے بغیر روانہ ہو جائیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کل پھر تم حملہ کر لینا۔ ان لوگوں نے ان پر حملہ کیا' تو ان میں سے بہت سے لوگ زخمی ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کل ہم روانہ ہو جائیں گے تو لوگوں کو یہ بات اچھی لگی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے۔

ذِكْرُ الْعَلَامَةِ، الَّتِى بِهَا يُفَرَّقُ بَيْنَ السَّبْيِ، وَبَيْنَ غَيْرِهِمْ اِذَا ظَفَرَ بِهِمْ

اس علامت کا تذکرہ' جس کی بنیاد پر قیدی بنائے جانے والے اور دوسرے افراد کے درمیان فرق کیا جائے گا جب ان پر فتح حاصل ہو جائے

4780 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ، قَالَ:

4779– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وأبو العباس: هو السائب بن فروخ .وأخرجه مسلم (1778) في الجهاد والسير: باب غزوة الطائف، من طريق زهير بن حرب، بهذا الإسناد .وأخرجه الحميدي (706)، وابن أبي شيبة، 14/507، وسعيد بن منصور (2863)، وأحمد 2/11، والبخاري (4325) في المغازي . باب غزوة الطائف، و (6086) في الأدب . باب التبسم والضحك، و (7480) في التوحيد: باب في المشيئة والإرادة، ومسلم (1778)، والنسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 5/418، والبيهقي في " السنن " 9/43، وفي " دلائل النبوة " 5/165 و 167 من طريق سفيان بن عيينة، بِهِ . وقد تحرف في المطبوع من البخاري مع " الفتح " 13/448 " عن أبي العباس " إلى " عن ابن عباس "، وسقطت من الحميدي .

(متن حدیث): عُرِضْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ قُرَيْظَةَ، فَشَكُّوْا فِيَّ، فَقِيلَ لِي: هَلْ اَنْبَتَّ، فَفَتَّشُوْنِيْ، فَوَجَدُوْنِيْ لَمْ اُنْبِتْ، فَخُلِّيَ سَبِيْلِي

حضرت عطیہ قرظی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ قریظہ کے موقع پر مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کیا گیا ان لوگوں کو میرے بارے میں شک ہوا (کیا میں بالغ ہو چکا ہوں کہ نہیں) تو مجھ سے دریافت کیا گیا: کیا تمہارے زیرناف بال اگ گئے ہیں ان لوگوں نے میری تلاشی لی تو انہیں پتہ چلا کہ میرے زیرناف بال نہیں اگے ہیں' تو مجھے چھوڑ دیا گیا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِقَتْلِ مَنْ اَنْبَتَ فِيْ دَارِ الْحَرْبِ وَالْاِغْضَاءِ عَلٰى مَنْ لَمْ يُنْبِتْ

جس کے دارالحرب میں زیرناف بال اگے ہوئے ہوں اسے قتل کرنے کا اور جس کے نہ اگے ہوئے ہوں اس سے چشم پوشی کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

4781 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ، فِيمَنْ حَكَمَ فِيهِمْ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، فَشَكُّوْا فِيَّ اَمِنَ الذُّرِّيَّةِ، اَنَا اَمْ مِنَ الْمُقَاتِلَةِ؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْظُرُوا، فَاِنْ كَانَ اَنْبَتَ الشَّعْرَ، فَاقْتُلُوْهُ، وَاِلَّا فَلَا تَقْتُلُوْهُ

عطیہ قرظی بیان کرتے ہیں: میں ان لوگوں میں شامل تھا جن کے بارے میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے فیصلہ کیا تھا ان لوگوں کو میرے بارے میں شک ہوا کہ کیا میں نابالغ ہوں' یا میں جنگجو لوگوں میں شمار ہوں گا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس بات کا جائزہ لو اگر اس کے زیرناف بال اگے ہیں' تو اسے قتل کر دو اگر نہیں اگے تو پھر اسے قتل نہ کرنا۔

4780- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيه، فقد روى له أصحاب السنن، وهشيم صرح بالتحديث عند أحمد، ثم هو متابع، وعبد الملك بن عمير صرح بالتحديث عند المؤلف في (4782)، وغيره .وأخرجه أحمد 4/383، و 5/311-312، والطبراني /17 (438)، من طريق هشيم، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي (1284)، وابن سعد 2/76-77، والطبراني /17 (429) و (430)، والنسائي 8/92 في قطع يد السارق: باب حد البلوغ وذكر السن الذي إذا بلغها الرجل والمرأة أقيم عليهما الحد، وابن الجارود (1045)، والحاكم 2/123، والبيهقي 6/58 من طريق شعبة، والطبراني /17 (435)، والحاكم 3/35، والبيهقي 6/58 من طريق حماد بن سلمة، وعبد الرزاق (18742)، ومن طريقه الطبراني /17 (431) عن معمر، والطبراني /17 (434)، من طريق زهير، و (436) من طريق يزيد بن عطاء وعلي بن صالح، و (437) من طريق شريك، سبعتهم عن عبد الملك، به . وصححه الحاكم ووافقه الذهبي، وسيأتي من طرق أخرى برقم (4781) و (4782) و (4783) و (4788) .وأخرجه الحميدي (889)، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 7/1298 والطبراني /17 (439)، والحاكم 2/123، و 4/389، والبيهقي 6/58 من طريق ابن جريج، وسفيان بن عيينة، عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيحٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عطية . قال الحاكم في موضع: صار الحديث بمتابعة مجاهد صحيحاً على شرط الشيخين ولم يخرجاه، وقال في موضع آخر: .

4781- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد، وهو بمعنى ما قبله، وسيأتي برقم (4782) و (4783) و (4788) .

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ فِي اسْتِبْقَاءِ مَنْ لَمْ يُنْبِتْ فِي دَارِ الْحَرْبِ إِذَا عَزَمَ الْإِمَامُ عَلَى قَتْلِهِمْ

جب امام دارالحرب کے باسیوں کوقتل کرنے کا ارادہ کرلے' تو پھر ایسے بچے کو چھوڑ دینے کے مباح ہونے کا تذکرہ' جس کے دارالحرب میں زیر ناف بال نہ اگے ہوئے ہوں

4782 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، سَمِعَ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيَّ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كُنْتُ، فِيمَنْ حَكَمَ فِيهِمْ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، فَلَمْ يَجِدُوْنِي اَنْبَتُّ، فَاسْتُبْقِيتُ فَهَا اَنَا ذَا

❁❁ عطیہ قرظی بیان کرتے ہیں: میں ان لوگوں میں شامل تھا جن کے بارے میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے فیصلہ کیا تھا تو انہوں نے مجھے ایسی حالت میں پایا کہ میرے زیر ناف بال نہیں اگے تھے' تو اسی وجہ سے میں زندہ رہ گیا۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي بِهِ فُرِّقَ بَيْنَ السَّبْيِ وَالْمُقَاتِلَةِ

اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے قیدی بنائے جانے والے اور جنگجو افراد کے درمیان فرق کیا جائے گا

4783 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَوَّلَ مَنْ حَكَمَ فِيهِمْ سَعْدٌ، فَجِيءَ بِي، وَاَنَا اَرَى اَنَّهُ سَيَقْتُلُنِي، فَكَشَفُوا عَنْ عَانَتِي، فَوَجَدُوْنِي لَمْ اُنْبِتْ، فَجَعَلُوْنِي فِي السَّبْيِ

❁❁ عطیہ قرظی بیان کرتے ہیں: میں وہ پہلا شخص ہوں جس کے بارے میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے فیصلہ دیا تھا مجھے لایا گیا میں' تو سمجھ رہا تھا کہ وہ لوگ مجھے قتل کر دیں گے' لیکن جب انہوں نے میرے زیر ناف حصے کی تحقیق کی' تو مجھے ایسی حالت میں پایا گیا کہ میرے زیر ناف بال نہیں اگے تھے' تو انہوں نے مجھے قیدیوں میں شامل کر لیا تھا۔

4782- إسناده صحيح على شرط الشيخين . إسحاق بن إبراهيم: هو المعروف بابن راهويه . وأخرجه الحميدي (888)، وعبد الرزاق (18743)، وابن أبي شيبة 12/539-540، وأحمد 4/310 و383 و5/312، وأبو داوُد (4404) في الحدود: باب في الغلام يصيب الحد، والترمذي (1584) في السير: باب ما جاء في النزول على الحكم والنسائي 6/155 في الطلاق: باب متى يقع طلاق الصبي، وابن ماجه (2541) و (2542) في الحدود: باب من لا يجب عليه الحد، وابن سعد 2/76-77، والطبراني 17/ (428) و (432)، والحاكم 4/390، والبيهقي 6/58 و 9/63 من طريق سفيان، بهذا الإسناد، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح . وانظر الحديث رقم (4780) و (4781) و (4783) و (4788) .

4783- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو عوانة: هو وضاح اليشكري . وأخرجه النسائي في " الكبرى " كما في " التحفة " 7/298 من طريق قتيبة بن سعيد بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داوُد (4405)، والطبراني 17/ (433)، والبيهقي 9/63 من طريقين عن أبي عوانة، بِهِ . وانظر الحديث رقم (4780) و (4781) و (4782) و (4788) .

ذِكْرُ عَدَدِ الْقَوْمِ، الَّذِينَ قُتِلُوا يَوْمَ قُرَيْظَةَ

لوگوں کی اس تعداد کا تذکرہ جو جنگ قریظہ کے موقع پر مارے گئے تھے

4784 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رُمِيَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، فَقَطَعُوا اَكْحَلَهُ، فَحَسَمَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّارِ، فَانْتَفَخَتْ يَدُهُ، فَتَرَكَهُ، فَنَزَفَ الدَّمُ فَحَسَمَهُ اُخْرَى، فَانْتَفَخَتْ يَدُهُ، فَلَمَّا رَاَى ذٰلِكَ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَا تُخْرِجُ نَفْسِي، حَتّٰى تَقَرَّ عَيْنِيْ مِنْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ، فَاسْتَمْسَكَ عِرْقُهُ، فَمَا قَطَرَ قَطْرَةً، حَتّٰى نَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهِمْ، فَقَالَ تُقْتَلُ رِجَالُهُمْ، وَتُسْتَحْيَى نِسَاؤُهُمْ، وَذَرَارِيُّهُمْ، فَغَنِمَ الْمُسْلِمُونَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَصَبْتَ حُكْمَ اللّٰهِ فِيهِمْ، وَكَانُوا اَرْبَعَ مِائَةٍ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قَتْلِهِمْ، انْفَتَقَ عِرْقُهُ، فَمَاتَ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ احزاب کے موقع پر حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو تیر لگا' جس نے ان کے بازو کی رگ کو کاٹ دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لیے آگ جلوائی اور اس کے ذریعے داغ لگوایا' تو ان کا بازو پھول گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں چھوڑ دیا' تو خون پھر بہنے لگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوبارہ داغ لگوایا تو پھر ان کا ہاتھ پھول گیا جب انہوں نے یہ صورتحال دیکھی تو انہوں نے کہا: اے اللہ تو میری جان اس وقت تک نہ نکالنا جب تک بنو قریظہ کے حوالے سے میری آنکھوں کو ٹھنڈا نہیں کر دیتا' تو ان کی رگ کا خون نکلنا بند ہو گیا اس کے بعد ایک قطرہ بھی نہیں نکلا' یہاں تک کہ جب بنو قریظہ نے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کو ثالث تسلیم کیا' تو انہوں نے انہیں بلوایا اور حکم دیا کہ ان کے مردوں کو قتل کر دیا جائے۔ ان کی خواتین اور بچوں کو زندہ رکھا جائے' تو مسلمانوں کو مال غنیمت بھی حاصل ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے ان لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق فیصلہ دیا ہے۔

ان لوگوں کی تعداد چار سو تھی۔ جب لوگ ان کے قتل سے فارغ ہوئے' تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ کی رگ سے خون بہنا شروع ہو گیا اور ان کا انتقال ہو گیا۔

4784- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير يزيد -وهو ابنُ خالد بن يزيد بن موهَب- فروى له أصحاب السنن، وهو ثقة .وأخرجه أحمد 3/350، والدارمي 2/238، والترمذي (1582) في السير: باب ما جاء في النزول على الحكم، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 2/341، وابن سعد 3/429، من طرق عن الليث، بهذا الإسناد، ورواية ابن سعد مختصرة، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح .وأخرجه مختصراً أحمد 3/312 و 386، ومسلم (2208) في السلام: باب لكل داء دواء من طريق زهير بن معاوية، والطيالسي (1745)، وأبو داؤد (3866) في الطب: باب في الكي، وابن سعد 3/429 من طريق حماد بن سلمة، وابن ماجه (3494) في الطب: باب من اكتوى، من طريق سفيان، ثلاثتهم عن أبي الزبير، بِهِ .وصححه الحاكم 4/417 على شرط مسلم .وأخرجه مختصراً أيضاً أحمد 3/303 عن هشيم، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ .

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ نِسَاءِ اَهْلِ الْحَرْبِ فِی الْقَصْدِ

اہل حرب کی خواتین کو جان بوجھ کر مارنے کی ممانعت کا تذکرہ

4785 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَاٰى فِیْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ، امْرَاَةً مَقْتُولَةً، فَنَهٰى عَنْ قَتْلِ النِّسَاءِ، وَالصِّبْيَانِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سفر کے دوران ایک عورت کو مقتول پایا تو آپ نے (جنگ کے دوران) خواتین اور بچوں کو مارنے سے منع کر دیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ، بِاَنَّ النِّسَاءَ، وَالصِّبْيَانَ مِنْ اَهْلِ الْحَرْبِ، اِنَّمَا زُجِرَ عَنْ قَتْلِهِمْ، فِی الْقَصْدِ، دُوْنَ الْبَيَاتِ، وَغَشْمِ الْغَارَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اہل حرب سے تعلق رکھنے والے خواتین اور بچے انہیں جان بوجھ کر مارنے سے منع کیا گیا ہے' البتہ رات کے وقت کے حملے اور عمومی حملے کا حکم مختلف ہے

4786 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ حَدَّثَنِی الصَّعْبُ بْنُ جَثَّامَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سُئِلَ عَنِ الذَّرَارِيِّ مِنْ دُوْرِ الْمُشْرِكِيْنَ يُبَيَّتُوْنَ، وَفِيْهِمُ النِّسَاءُ، وَالصِّبْيَانُ فَقَالَ: هُمْ مِنْهُمْ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کی بستی کے رہنے والے بچوں اور خواتین کے بارے میں دریافت کیا گیا جن پر رات کے وقت حملہ کیا جاتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ان کا حصہ ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ خَبَرَ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ مَنْسُوْخٌ نَسَخَهٗ خَبَرُ ابْنِ عُمَرَ الَّذِیْ ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت منسوخ ہے اسے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت نے منسوخ کیا ہے'

4785- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر الحديث رقم (135) .

4786- إسناده صحيح على شرط الشيخين . عبيد الله بن عبد الله: هو ابن عتبة بن موسى الهذلي . وقد تقدم تخريجه برقم (136) .

جیسے ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

4787 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ، قَالَ

(متن حدیث):كَانَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثَلَاثَةَ اَحَادِيْثَ، قَالَ: سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَوْلَادِ الْمُشْرِكِيْنَ، اَنَقْتُلُهُمْ مَعَهُمْ، قَالَ: نَعَمْ، فَاِنَّهُمْ مِنْهُمْ، ثُمَّ نَهٰى عَنْهُمْ، يَوْمَ حُنَيْنٍ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حِمَى اِلَّا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ. قَالَ فَصِدْتُ لَهٗ حِمَارَ وَحْشٍ بِالْاَبْوَاءِ، وَهُوَ مُحْرِمٌ، فَرَدَّ ذٰلِكَ، فَعَرَفَ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِیْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّا لَمْ نَرُدَّهٗ عَلَيْكَ اِلَّا اَنَّا حُرُمٌ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے تین احادیث بیان کیا کرتے تھے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مشرکین کی اولاد کے بارے میں دریافت کیا: کیا ہم ان کے ہمراہ انہیں بھی قتل کر دیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: جی ہاں' کیونکہ وہ ان کا حصہ ہیں' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین کے موقع پر اس سے منع کر دیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چراگاہ صرف اللہ اور اس کے رسول کے لیے مخصوص ہے۔

(تیسری روایت یہ ہے) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ابواء کے مقام پر زیبرے کا شکار کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت حالت احرام میں تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے قبول نہیں کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے چہرے پر (پریشانی) کے آثار دیکھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم نے یہ تمہیں صرف اس لیے واپس کیا ہے' کیونکہ ہم حالت احرام میں ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الصِّبْيَانَ اِذَا قَاتَلُوْا، قُوْتِلُوْا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' جب بچے جنگ میں حصہ لیں' تو انہیں بھی قتل کر دیا جائے گا

4788 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِیِّ، قَالَ:

(متن حدیث):كُنْتُ فِيْمَنْ حَكَمَ فِيْهِمْ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، فَشَكُّوْا فِیَّ اَمِنَ الذُّرِّيَّةِ، اَنَا اَمْ مِنَ الْمُقَاتِلَةِ، فَنَظَرُوْا

4787– إسناده حسن، محمد بن عمرو –وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ– صدوق روى له البخاري مقروناً ومسلم تابعة، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. أبو عمار: هو الحسين بن حريث. وهو حديث صحيح، وقد تقدم تخريجه برقم (136).

اِلٰی عَانَتِی، فَلَمْ یَجِدُوهَا نَبَتَتْ، فَاُلْقِیتُ فِی الذُّرِّیَّةِ، وَلَمْ اُقْتَلْ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لَـمَّا جَعَلَ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، الْفَرْقَ بَیْنَ مَنْ یُّقْتَلُ، وَبَیْنَ مَنْ یُّسْتَبْقٰی مِنَ السَّبْیِ الْاِنْبَاتَ، ثُمَّ اَمَرَ بِقَتْلِ مَنْ اَنْبَتَ صَحَّ، اَنَّ الْعِلَّةَ فِیْهِ، اَنَّ مَنْ اَنْبَتَ، كَانَ بَالِغًا یَجُوْزُ، اَنْ یُّقَاتَلَ، وَلَمَّا صَحَّ مَا وَصَفْتُ مِنَ الْعِلَّةِ، كَانَ فِیْهَا الدَّلِیْلُ، عَلٰی اَنَّ الصِّبْیَانَ، وَالنِّسَاءَ مِنْ دُوْرِ الْحَرْبِ، اِذَا قَاتَلُوا، قُوْتِلُوْا اِذِ الْعِلَّةُ، الَّتِیْ مِنْ اَجْلِهَا رُفِعَ عَنْهُمُ الْقَتْلُ، عُدِمَتْ فِیْهِمْ، وَهِیَ مُجَانَبَةُ الْقِتَالِ

❀❀ عطیہ قرظی بیان کرتے ہیں: میں ان لوگوں میں شامل تھا جن کے بارے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے فیصلہ دیا تھا انہیں میرے بارے میں شک ہوا کہ کیا میں نابالغ بچوں میں شمار ہوں گا یا جنگ کرنے والوں میں شمار ہوں گا۔ جب انہوں نے میرے زیرِ ناف حصے کا جائزہ لیا تو انہیں وہاں بال اگے ہوئے نہیں ملے تو مجھے بچوں میں شامل کر لیا گیا اور مجھے قتل نہیں کیا گیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کیے جانے والے اور چھوڑ دیئے جانے والے قیدیوں کے بارے میں یہ فرق بیان کیا ہے وہ زیرِ ناف بالوں کا اگنا ہے اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو قتل کرنے کا حکم دیا جن کے زیرِ ناف بال اگ چکے ہوں تو یہ بات ثابت ہو جائے گی اس میں علت یہ ہے: جس کے زیرِ ناف بال اگ چکے ہوں وہ بالغ شمار ہوگا اور اسے قتل کرنا جائز ہوگا اور جب یہ بات صحیح طور پر ثابت ہوگئی جو علت میں نے بیان کی ہے تو اس میں اس بات کی دلیل موجود ہوگی کہ غیر مسلموں کے علاقوں سے تعلق رکھنے والے وہ بچے اور خواتین اگر جنگ میں حصہ لیں تو انہیں قتل کر دیا جائے گا کیونکہ وہ علت جس کی وجہ سے ان سے قتل کا حکم اٹھا لیا گیا تھا وہ ان میں معدوم ہوگی اور وہ علت جنگ سے الگ رہنا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰی اَنَّ النِّسَاءَ وَالصِّبْیَانَ مِنْ اَهْلِ الْحَرْبِ اِذَا قَاتَلُوْا قُوْتِلُوْا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے اہلِ حرب کی خواتین اور بچے جنگ میں حصہ لیں تو انہیں قتل کر دیا جائے

4789 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُغِیْرَةُ بْنُ عَبْدِ

4788- إسناده صحیح علی شرط الشیخین، غیر صحابیه فروی له أصحاب السنن . وقد تقدم تخریجه برقم (4780) و (4781) و (4782) و (4783) .

4789- إسناده صحیح، رجاله ثقات رجال الصحیح غیر المرقع وجده ریاح، فقد روی لهما أصحاب السنن . سعید بن عبد الجبار: هو الکرابیسی، وأبو الزناد: هو عبد الله بن ذکوان . وهو فی " مسند ابی یعلی " (1546) . وأخرجه سعید بن منصور (2623)، وأحمد 3/388 و 4/346، والنسائی فی " الکبری " کما فی " التحفة " 3/166، وابن ماجه (2842) فی الجهاد: باب الغارة والبیات وقتل النساء والصبیان، والطحاوی 3/221 و222، والطبرانی (4619) و (4620)، والبیهقی 9/91 من طرق عن المغیرة بن عبد الرحمٰن الحزامی، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/488 و 4/178 و 178-179 و 346، والطبرانی (4618) من طریقین عن أبی الزناد، به .وأخرجه أبو داؤد (2669) فی الجهاد: باب فی قتل النساء، والنسائی فی " الکبری " کما فی " التحفة " 3/166، والطبرانی (4621) و (4622) والبیهقی 9/82 من طریقین عن المرقع بن صیفی، به .

الرَّحْمٰنِ الْحِزَامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْمُرَقَّعِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ جَدِّهِ رِيَاحِ بْنِ الرَّبِيعِ قَالَ:
(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ وَعَلٰى مُقَدِّمَةِ النَّاسِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَاِذَا امْرَاَةٌ مَقْتُولَةٌ عَلَى الطَّرِيقِ، فَجَعَلُوْا يَتَعَجَّبُوْنَ مِنْ خَلْقِهَا قَدْ اَصَابَتْهَا الْمُقَدِّمَةُ، فَاَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَقَفَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: هَاهْ مَا كَانَتْ هٰذِهِ تُقَاتِلُ، ثُمَّ قَالَ: اَدْرِكْ خَالِدًا، فَلَا تَقْتُلُوْا ذُرِّيَّةً، وَلَا عَسِيفًا

❁❁ حضرت ریاح بن ربیع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک جنگ میں شریک ہوئے۔ مقدمۃ الجیش کے امیر حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ تھے راستے میں ایک مقتول عورت ملی تو لوگ اس پر حیرانگی کا اظہار کرنے لگے کہ مقدمۃ الجیش کے لوگوں نے اسے قتل کر دیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ جب وہاں پہنچے اس عورت کے پاس ٹھہر گئے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ تو جنگ میں حصہ نہیں لیتی تھی پھر نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا۔ خالد کے پاس جاؤ (اور اسے یہ پیغام پہنچاؤ) تم بچوں اور مزدوروں (غیر جنگجو افراد) کو قتل نہ کرو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ النِّسَاءَ وَالصِّبْيَانَ مِنْ اَهْلِ الْحَرْبِ يُقْتَلُونَ اِذَا قَاتَلُوا

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' اہل حرب کی خواتین اور بچے جب جنگ میں حصہ لیں' تو وہ قتل کر دیئے جائیں گے

4790 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ، يَقُوْلُ اَخْبَرَنِيْ طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ نُفَيْلٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ قُتِلَ دُوْنَ مَالِهِ، فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ ظَلَمَ مِنَ الْاَرْضِ شِبْرًا، طُوِّقَهُ مِنْ سَبْعِ اَرَضِينَ

راوی بیان کرتے ہیں اس کے بعد جب تک لوگ وہاں سے واپس نہیں گئے اس وقت تک مسلسل اس سے سیراب ہوتے گئے۔

ابھی یہ لوگ وہیں موجود تھے کہ اسی دوران بدیل بن ورقاء خزاعی اپنی قوم خزاعہ سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں کے ہمراہ وہاں آیا۔ اہل تہامہ میں سے یہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سب سے زیادہ خیر خواہ تھا۔ اس نے کہا میں نے کعب بن لوی اور عامر بن لوی کو اس حالت میں چھوڑا ہے' انہوں نے حدیبیہ کے پانی کے متعدد کنوؤں پر پڑاؤ کیا ہوا ہے۔ ان کے ہمراہ دودھ دینے والی اونٹنیاں ہیں۔ وہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے تیار ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت الحرام تک جانے سے روکنے کے لیے تیار ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہم کسی سے لڑنے کے لیے نہیں آئے ہیں۔ ہم عمرہ کرنے کے لیے آئے ہیں۔ بے شک قریش کو جنگ نے کمزور کر دیا ہے اور انہیں نقصان پہنچایا ہے۔ اگر وہ لوگ چاہیں' تو میں انہیں کسی متعین مدت تک کی مہلت دیتا ہوں۔ وہ مجھے اور لوگوں کو چھوڑ دیں۔ اگر ہم لوگ غالب آ گئے' تو پھر اگر وہ چاہیں' تو جس دین میں لوگ داخل ہوتے ہیں وہ بھی اس میں داخل ہو جائیں' اگر وہ یہ بات نہیں مانتے تو اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میں اپنے اس دین کے حوالے سے ان کے ساتھ ضرور جنگ کروں گا یہاں تک کہ میں شہید ہو جاؤں' یا پھر اللہ تعالیٰ اپنے دین کو غالب کر دے۔

بدیل بن ورقاء نے کہا میں ان لوگوں تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کہی ہوئی بات پہنچا دوں گا۔ پھر وہ چلا گیا۔ قریش کے پاس آیا اور بولا میں ان صاحب کے پاس سے تمہارے پاس آیا ہوں میں نے انہیں ایک بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔ اگر تم چاہو تو وہ میں

تمہارے سامنے پیش کر دیتا ہوں۔ تو قریش کے بیوقوف لوگوں نے کہا ہمیں اس کی ضرورت نہیں ہے' تم ان کے بارے میں کوئی بھی چیز ہمیں بیان کرو' لیکن سمجھدار لوگوں نے کہا تم نے انہیں جو کہتے ہوئے سنا ہے وہ بیان کرو تو اس نے بتایا کہ میں نے انہیں یہ بات کہتے ہوئے سنا ہے۔ پھر اس نے قریش کو وہ تمام باتیں بتا دیں جو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمائی تھیں۔ اس وقت ابو مسعود عروہ بن مسعود ثقفی کھڑا ہوا۔ وہ بولا: اے لوگو! کیا تم میرے لیے بچوں کی طرح نہیں ہو۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا کیا میں تمہارے لیے باپ کی جگہ نہیں ہوں۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے دریافت کیا کیا تم لوگ مجھ پر کوئی الزام عائد کرتے ہو۔ لوگوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ اس نے کہا کیا تم لوگ یہ بات نہیں جانتے کہ میں نے عکاظ میں شرکت کرنے والوں کو جنگ میں لڑائی کے لیے بلایا تھا اور جب انہوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا' تو میں اپنے بیوی بچوں اور پیروکاروں کو لے کر تمہارے پاس آ گیا تھا۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ تو اس نے کہا ان صاحب نے تمہارے سامنے ایک مناسب پیشکش کی ہے۔ تم لوگ اسے قبول کرلو اور مجھے موقع دو۔ میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ لوگوں نے کہا کہ آپ ان کے پاس چلے جائیں۔ وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات چیت کرنی شروع کی۔ نبی اکرم ﷺ نے بھی اس کے سامنے وہی بات بیان کی جو آپ ﷺ نے بدیل بن ورقاء سے کہی تھی۔ تو عروہ بن مسعود نے کہا یہ تو ٹھیک ہے اے محمد ﷺ آپ کی کیا رائے ہے کیا آپ ﷺ اپنی قوم کو جڑ سے ختم کر دیں گے۔ کیا آپ ﷺ نے کسی عرب کے بارے میں یہ بات سنی ہے' اس نے آپ ﷺ سے پہلے اپنی قوم کو سرے سے ختم کر دیا ہو اور اگر دوسری صورت ہوتی ہے (یعنی جنگ ہو جاتی ہے) تو اللہ کی قسم میں نے (آپ ﷺ کے ساتھ آنے والے) لوگوں کو دیکھ لیا ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ یہ مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ہیں یہ (جنگ کی صورت میں) بھاگ جائیں گے اور آپ ﷺ کو چھوڑ جائیں گے۔ اس پر حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا۔ تم لات (نامی بت) کی شرمگاہ کو چوسو' کیا ہم بھاگ جائیں گے اور نبی اکرم ﷺ کو چھوڑ جائیں گے۔ ابو مسعود نے دریافت کیا یہ کون ہے۔ جب اسے بتایا گیا: یہ ابو قحافہ کے صاحبزادے ابوبکر ہیں' تو ابو مسعود نے کہا۔ اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اگر تم نے مجھ پر احسان نہ کیا ہوتا جس کا میں تمہیں بدلہ نہیں دے سکا تھا تو میں تمہاری اس بات کا جواب دیتا۔ اس کے بعد وہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات چیت کرنے لگا۔ وہ جب بھی نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات کرتا تو نبی اکرم ﷺ کی داڑھی کو ہاتھ لگاتا تھا تو مغیرہ بن شعبہ ثقفی نبی اکرم ﷺ کے سرہانے کھڑے ہوئے تھے۔ ان کے پاس تلوار تھی اور سر پر خود بھی رکھا ہوا تھا۔ جیسے ہی عروہ نے اپنا ہاتھ نبی اکرم ﷺ کی داڑھی شریف کی طرف بڑھایا۔ تو انہوں نے اپنی تلوار کا دستہ اس کے ہاتھ پر مارا اور بولا تم اپنے ہاتھ کو نبی اکرم ﷺ کی داڑھی شریف سے دور رکھو۔ عروہ نے اپنا سر اٹھایا اور دریافت کیا یہ کون ہے۔ لوگوں نے بتایا مغیرہ بن شعبہ ثقفی۔ عروہ نے کہا اے غدار کیا میں نے تمہاری غداری کی وجہ سے کوشش نہیں کی (یعنی اس کا تاوان ادا نہیں کیا)

(راوی بیان کرتے ہیں) حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ زمانہ جاہلیت میں کچھ لوگوں کے ساتھ تھے۔ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو قتل کر کے ان کا مال حاصل کر لیا۔ پھر وہ آئے اور انہوں نے اسلام قبول کر لیا تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے ارشاد فرمایا۔ جہاں تک اسلام کا تعلق ہے' تو اسے میں قبول کر لیتا ہوں' لیکن جہاں تک مال کا تعلق ہے۔ تو اس میں سے کوئی چیز نہیں ہوگی۔

راوی بیان کرتے ہیں پھر عروہ نے کن اکھیوں سے نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کا جائزہ لینا شروع کیا اللہ کی قسم نبی اکرم ﷺ جو بھی تھوک پھینکتے تھے وہ ان اصحاب میں سے کسی کی ہتھیلی پر گرتی تھی وہ اسے اپنے چہرے اور جلد پر مل لیتا تھا۔ جب نبی اکرم ﷺ انہیں کسی بات کا حکم دیتے تھے تو وہ اسے پورا کرنے کی بھرپور کوشش کرتے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ وضو کرتے تھے وہ لوگ آپ ﷺ کے وضو کا بچا ہوا پانی حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے سے لڑ پڑتے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ بات چیت کرتے تھے تو نبی اکرم ﷺ کے سامنے وہ اپنی آوازیں پست رکھتے تھے اور وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی تعظیم کی وجہ سے نظر اٹھا کر آپ ﷺ کی طرف نہیں دیکھتے تھے۔

جب عروہ بن مسعود اپنے ساتھیوں کے پاس واپس گیا۔ تو اس نے کہا اے میری قوم اللہ کی قسم میں بادشاہوں کے پاس بھی گیا ہوں میں کسریٰ اور قیصر اور نجاشی کے پاس بھی گیا ہوں۔ اللہ کی قسم میں نے ایسا کوئی بادشاہ نہیں دیکھا جس کے ساتھی اس کی اتنی تعظیم کرتے ہوں۔ جتنی حضرت محمد ﷺ کے ساتھی ان کی تعظیم کرتے ہیں۔ اللہ کی قسم اگر وہ کوئی تھوک پھینکتے ہیں۔ تو وہ ان میں سے کسی شخص کی ہتھیلی پر گرتی ہے اور وہ اسے اپنے چہرے اور جسم پر مل لیتا ہے جب وہ انہیں کوئی حکم دیتے ہیں تو تیزی سے ان کا حکم پورا کرنے کی طرف لپکتے ہیں۔ جب وہ وضو کرتے ہیں تو وہ ان کے وضو کے بچے ہوئے پانی کے حصول کے لیے ایک دوسرے سے لڑ پڑتے ہیں اور جب وہ بات چیت کرتے ہیں تو وہ لوگ ان کے سامنے اپنی آوازوں کو پست رکھتے ہیں اور وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی تعظیم کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ کی طرف آنکھ اٹھا کر نہیں دیکھتے۔ انہوں نے تمہارے سامنے ایک مناسب پیشکش کی ہے تم لوگ اسے قبول کر لو۔ پھر بنو کنانہ سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے کہا۔ آپ لوگ مجھے موقع دیں میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ جب وہ نبی اکرم ﷺ کو دور سے نظر آیا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ یہ فلاں شخص ایک ایسی قوم سے تعلق رکھتا ہے جو قربانی کے جانوروں کی تعظیم کرتے ہیں۔ تو تم لوگ اس کے سامنے قربانی کے جانوروں کو کھڑا کر دو۔ راوی بیان کرتے ہیں قربانی کے جانوروں کو کھڑا کر دیا گیا اور لوگ تلبیہ پڑھتے ہوئے اس کے سامنے آئے۔ جب اس نے یہ صورت حال دیکھی تو بولا سبحان اللہ ان جیسے لوگوں کو بیت اللہ جانے سے نہیں روکا جا سکتا۔ جب وہ اپنے ساتھیوں کے پاس واپس گیا تو اس نے کہا میں نے قربانی کے جانور دیکھے ہیں جن کی گردن میں ہار ڈال دیئے گئے ہیں اور ان پر نشان لگا دیئے گئے ہیں۔ اس لیے میرے خیال میں انہیں بیت اللہ جانے سے نہیں روکنا چاہئے پھر ان میں سے ایک شخص کھڑا ہوا جس کا نام مکرز تھا۔ اس نے کہا آپ لوگ مجھے موقع دیں میں ان کے پاس جاتا ہوں۔ لوگوں نے کہا آپ چلے جائیں ان کے پاس۔ جب وہ ان لوگوں کے سامنے آیا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ مکرز ہے یہ ایک بدترین شخص ہے اس نے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ بات چیت شروع کی ابھی وہ بات کر ہی رہا تھا کہ اسی دوران سہیل بن عمرو آ گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ یہ سہیل ہے۔ اب اللہ تعالیٰ تمہارے لیے تمہارے معاملے کو آسان کر دے گا۔

معمر نے مسور اور مروان کے حوالے سے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں۔ سہیل آیا تو اس نے کہا: آئیے اپنے اور ہمارے درمیان معاہدہ تحریر کروالیں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے لکھنے والے شخص کو بلوایا۔ اور فرمایا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھو۔ سہیل نے کہا: جہاں تک لفظ رحمٰن کا تعلق ہے اللہ کی قسم مجھے نہیں معلوم اس سے مراد کیا ہے بلکہ آپ یہ لکھیں **باسمك اللهم** پھر نبی اکرم ﷺ نے

ارشاد فرمایا۔ تم لکھو یہ وہ معاہدہ ہے' جو محمد رسول اللہ ﷺ کر رہے ہیں۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا اگر ہمیں یہ پتہ ہوتا کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔ تو ہم آپ ﷺ کو بیت اللہ جانے سے نہ روکتے اور آپ ﷺ سے جنگ نہ کرتے' بلکہ آپ ﷺ یہ لکھیں محمد بن عبداللہ۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم بے شک میں اللہ کا رسول ہوں اگرچہ تم میری تکذیب کرتے ہو۔ تم محمد بن عبداللہ لکھو۔

زہری کہتے ہیں نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کی وجہ یہی تھی کہ آپ نے فرما دیا تھا: وہ لوگ مجھ سے جو بھی مطالبہ کریں گے جس میں وہ اللہ کی حرمات کا احترام کریں' تو میں ان کا وہ مطالبہ پورا کروں گا۔

راوی نے اپنی روایت میں یہ الفاظ نقل کیے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: (یہ معاہدہ) اس شرط پر ہوگا کہ تم لوگ ہمیں بیت اللہ تک جانے دو گے۔ ہم اس کا طواف کریں گے۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا کہ ہم دباؤ میں آگئے ہیں۔ آپ اگلے سال آئیں گے۔ تو نبی اکرم ﷺ نے یہی تحریر کروا دیا۔ سہیل بن عمرو نے کہا۔ اس شرط پر کہ ہم میں سے جو بھی شخص آپ ﷺ کے پاس آئے گا۔ اگرچہ وہ آپ ﷺ کے دین کا ماننے والا ہو۔ یا آپ ﷺ کے دین کو اختیار کرنا چاہتا ہو۔ پھر بھی آپ ﷺ اسے ہماری طرف واپس کر دیں گے۔ مسلمانوں نے کہا سبحان اللہ ایسے شخص کو مشرکین کو کیسے واپس کیا جا سکتا ہے' جو مسلمان ہونا چاہتا ہو۔ اسی دوران ابوجندل بن سہیل بن عمرو زنجیر گھسیٹتے ہوئے آگئے۔ وہ مکہ کے زیریں حصے سے باہر آئے تھے۔ وہ مسلمانوں کے درمیان آ کر گر گئے' تو سہیل بن عمرو نے کہا اے محمد یہ وہ پہلی شرط ہے' جس پر ہم نے آپ ﷺ کے ساتھ معاہدہ کیا ہے۔ آپ ﷺ اسے ہمیں واپس کر دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ابھی یہ معاہدہ شروع نہیں ہوا۔ تو سہیل بن عمرو نے کہا اللہ کی قسم پھر میں کسی بھی چیز پر آپ ﷺ کے ساتھ کبھی کوئی معاہدہ نہیں کروں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ تم اسے میری خاطر رہنے دو۔ اس نے کہا میں اسے آپ ﷺ کی خاطر نہیں رہنے دوں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ایسا کر لو۔ اس نے کہا میں ایسا نہیں کروں گا۔ اس پر مکرز نے کہا ہم اسے آپ ﷺ کے لیے چھوڑ دیتے ہیں۔

تو ابوجندل بن سہیل بن عمرو نے کہا: اے مسلمانوں کے گروہ کیا مجھے مشرکین کی طرف لوٹا دیا جائے گا' جبکہ میں مسلمان ہو کر آیا ہوں۔ کیا تم لوگوں نے دیکھا نہیں ہے' میری کیا حالت ہے؟ (راوی کہتے ہیں:) ان صاحب کو اللہ کی راہ میں شدید عذاب دیا گیا تھا۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ اللہ کی قسم جب سے میں مسلمان ہوا تھا۔ میں نے کبھی کوئی شکایت نہیں کی تھی۔ صرف اس دن کی۔ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: کیا آپ ﷺ اللہ کے سچے رسول نہیں ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا: کیا ہم لوگ حق پر نہیں ہیں اور ہمارا دشمن باطل پر نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا پھر ہم اپنے دین کے بارے میں کیوں کمتر ہوں۔ تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں میں نے اپنے پروردگار کی نافرمانی نہیں کی ہے وہ میرا مددگار ہے۔ میں نے کہا کیا آپ ﷺ نے ہمیں یہ بات نہیں بتائی تھی کہ ہم بیت اللہ تک آئیں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ کیا میں نے تمہیں یہ بتایا تھا کہ تم اسی سال بیت اللہ تک جاؤ گے۔ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر تم اس تک جاؤ گے اور اس کا طواف کرو گے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں۔ پھر میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے پاس آیا میں نے کہا اے ابوبکر کیا یہ اللہ کے سچے نبی نہیں

ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا۔ ہم لوگ حق پر نہیں ہیں اور ہمارا دشمن باطل پر نہیں ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ میں نے دریافت کیا۔ پھر ہم اپنے دین کے معاملے میں کیوں کم تر ہوں۔ اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا اے صاحب وہ اللہ کے رسول ہیں انہوں نے اپنے پروردگار کی نافرمانی نہیں کی ہوگی۔ ان کا پروردگار ان کا مددگار ہے۔ تم مرتے دم تک ان کی رکاب کو مضبوطی سے تھام کر رکھو۔ اللہ کی قسم وہ حق پر ہیں۔ میں نے دریافت کیا: کیا انہوں نے ہمیں یہ بات نہیں کی تھی۔ ہم عنقریب بیت اللہ تک آئیں گے اور اس کا طواف کریں گے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جی ہاں۔ پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کیا انہوں نے تمہیں یہ کہا تھا کہ تم اسی سال وہاں تک جاؤ گے۔ میں نے جواب دیا: جی نہیں۔ تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر تم وہاں جاؤ گے اور اس کا طواف کرو گے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے اس بارے میں بڑی کوشش کی یعنی کسی طرح یہ معاہدہ ختم ہوجائے۔

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم معاہدہ تحریر کروا کر فارغ ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو حکم دیا۔ تم لوگ قربانی کے جانور قربان کردو اور سر منڈ والو۔ راوی بیان کرتے ہیں۔ اللہ کی قسم ان میں سے کوئی بھی شخص کھڑا نہیں ہوا۔ اسے یہ امید تھی شاید اللہ تعالیٰ اس بارے میں کوئی نیا فیصلہ نازل کردے۔ جب ان میں سے کوئی بھی شخص کھڑا نہیں ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لے گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے لوگوں کی طرف سے اس طرح کی صورتحال کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ تو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا کرنا چاہتے ہیں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے جائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی کے ساتھ کوئی بات نہ کریں اور اپنا قربانی کا جانور قربان کردیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر منڈوانے والے کو بلائیں۔ (وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مونڈ دے گا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کے ساتھ کوئی بات نہیں کی۔ یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کا جانور ذبح کیا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر منڈوانے والے کو بلوایا اور اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مونڈ دیا۔ جب لوگوں نے یہ صورت حال دیکھی تو لوگوں نے ایک دوسرے کے سر مونڈنے شروع کردیئے یہاں تک کہ ان کے درمیان ہاتھا پائی ہونے لگی۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ پھر کچھ مومن عورتیں آئیں جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی ہے۔

''اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن خواتین ہجرت کر کے آئیں۔''

یہ آیت کے آخر تک ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے زمانہ شرک میں اپنی دو بیویوں کو طلاق دے دی تھی۔ ان دونوں میں سے ایک نے معاویہ بن ابوسفیان سے شادی کرلی تھی اور دوسری نے صفوان بن امیہ کے ساتھ شادی کرلی تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ واپس تشریف لائے' تو ابوبصیر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ یہ قریش سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب تھے جو مسلمان ہوگئے تھے۔ قریش نے ان کے مطالبے کے لیے دو آدمیوں کو بھیجا۔ ان لوگوں نے کہا ہمارے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان یہ معاہدہ ہوا تھا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان صاحب کو ان دو آدمیوں کے حوالے کر

دیا۔ وہ دونوں روانہ ہوئے۔ یہاں تک کہ وہ دونوں ان کے ہمراہ ذوالحلیفہ تک پہنچے تو وہاں کھجوریں کھانے لگے۔ حضرت ابو بصیر رضی اللہ عنہ نے ان دو آدمیوں میں سے ایک سے کہا اللہ کی قسم اے فلاں میں دیکھ رہا ہوں تمہاری یہ تلوار بہت عمدہ ہے اس نے کہا جی ہاں اللہ کی قسم یہ بہت عمدہ ہے میں اسے کئی مرتبہ آزما چکا ہوں۔ حضرت ابوبصیر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے بھی دکھاؤ میں اس کا جائزہ لوں۔ اس نے وہ تلوار انہیں دی۔ انہوں نے وہ تلوار اسے مار کر اسے ٹھنڈا کر دیا، دوسرا شخص بھاگ کر مدینہ منورہ آ گیا۔ وہ مسجد میں داخل ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شخص خوف زدہ لگ رہا ہے۔ جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا' تو اس نے بتایا۔ اللہ کی قسم انہوں نے میرے ساتھی کو مار دیا اور مجھے بھی مار دیں گے اس دوران ابوبصیر آ گئے۔ انہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے معاہدے کو پورا کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ان کی طرف لوٹا دیا تھا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے ان سے نجات دے دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اس کی ماں برباد ہو۔ کاش اس کے ساتھ کوئی اور شخص ہوتا۔ جب انہوں نے یہ بات سنی۔ تو انہیں اندازہ ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ انہیں ان لوگوں کی طرف واپس کر دیں گے۔ وہ وہاں سے نکلے یہاں تک کہ سمندر کے کنارے آ گئے۔

راوی بیان کرتے ہیں۔ حضرت ابو جندل بن سہیل بن عمرو رضی اللہ عنہ بھی ان لوگوں سے فرار ہو کر حضرت ابوبصیر رضی اللہ عنہ سے جا ملے پھر قریش کا جو بھی شخص نکلتا تھا۔ یعنی جس نے بھی اسلام قبول کیا ہوتا۔ وہ جا کر ابوبصیر سے مل جاتا۔ یہاں تک کہ ان کے پاس ایک گروہ اکٹھا ہو گیا۔ وہ کہتے ہیں اللہ کی قسم وہ قریش کے جس بھی اونٹ کے بارے میں سنتے وہ شام جانے کے لیے نکلا ہے' تو اس کے سامنے آ کر ان لوگوں کو قتل کر دیتے اور ان کا مال حاصل کر لیتے۔ قریش نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیغام بھیجا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا واسطہ دیا اور رحم کی درخواست کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو پیغام بھجوائیں کہ اب جو بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے گا وہ محفوظ ہو گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو پیغام بھجوایا۔ تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل کی:

''اور وہی وہ ذات ہے' جس نے ان کے ہاتھوں کو تم سے اور تمہارے ہاتھوں کو ان سے مکہ کے نشیب میں روک دیا۔''

یہ آیت یہاں تک ہے۔ ''جاہلیت کی حمیت''۔

ان کی حمیت یہ تھی کہ وہ اس بات کا اقرار نہیں کرتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے نبی ہیں اور انہوں نے اس بات کا اقرار نہیں کیا تھا کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كَاتِبَ الْكِتَابِ بَيْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ قُرَيْشٍ مِمَّا وَصَفْنَا كَانَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش کے درمیان (معاہدے کو) جس کا ہم نے ذکر کیا ہے' تحریر کرنے والی شخصیت حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ تھے

4873 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ،

قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی، عَنْ اِسْرَائِیْلَ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): اِعْتَمَرَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ ذِی الْقَعْدَةِ فَاَبٰی اَهْلُ مَكَّةَ اَنْ یَّدَعُوْهُ اَنْ یَّدْخُلَ مَكَّةَ، حَتّٰی قَاضَاهُمْ عَلٰی اَنْ یُّقِیْمَ بِهَا ثَلَاثَةَ اَیَّامٍ، فَلَمَّا كَتَبُوا الْكِتَابَ كَتَبُوْا هٰذَا مَا قَاضٰی عَلَیْهِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالُوْا: لَا نُقِرُّ بِهٰذَا لَوْ نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا مَنَعْنَاكَ شَیْئًا، وَلٰكِنْ اَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ لِعَلِیٍّ: امْحُ رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا اَمْحُوكَ اَبَدًا، فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْكِتَابَ وَلَیْسَ یُحْسِنُ یَكْتُبُ، فَاَمَرَ فَكَتَبَ مَكَانَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مُحَمَّدًا، فَكَتَبَ هٰذَا مَا قَاضٰی عَلَیْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنْ لَا یَدْخُلَ مَكَّةَ بِالسِّلَاحِ، اِلَّا السَّیْفَ فِی الْقُرُبِ، وَلَا یَخْرُجُ مِنْهَا بِاَحَدٍ یَتْبَعُهُ، وَلَا یَمْنَعُ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِهِ اِنْ اَرَادَ اَنْ یُّقِیْمَ بِهَا، فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَی الْاَجَلُ اَتَوْا عَلِیًّا، فَقَالُوْا: قُلْ لِصَاحِبِكَ فَلْیَخْرُجْ عَنَّا، فَقَدْ مَضَی الْاَجَلُ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَتَبِعَتْهُمْ، بِنْتُ حَمْزَةَ تُنَادِیْ یَا عَمُّ، یَا عَمُّ، فَتَنَاوَلَهَا عَلِیٌّ رِضْوَانَ اللّٰهِ عَلَیْهِ، فَاَخَذَ بِیَدِهَا وَقَالَ: لِفَاطِمَةَ دُوْنَكِ ابْنَةَ عَمِّكِ، فَحَمَلَتْهَا، فَاخْتَصَمَ فِیْهَا عَلِیٌّ، وَزَیْدٌ، وَجَعْفَرٌ فَقَالَ عَلِیٌّ: اَنَا اَخَذْتُهَا، وَهِیَ ابْنَةُ عَمِّیْ، وَقَالَ جَعْفَرٌ: ابْنَةُ عَمِّیْ وَخَالَتُهَا تَحْتِیْ، وَقَالَ زَیْدٌ: ابْنَةُ اَخِیْ، فَقَضٰی بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ لِخَالَتِهَا، وَقَالَ: الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْاُمِّ، وَقَالَ لِعَلِیٍّ: اَنْتَ مِنِّیْ، وَاَنَا مِنْكَ، وَقَالَ لِجَعْفَرٍ: اَشْبَهْتَ خَلْقِیْ، وَخُلُقِیْ، وَقَالَ لِزَیْدٍ: اَنْتَ اَخُوْنَا وَمَوْلَانَا

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ذی القعدہ کے مہینے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ کیا' تو اہل مکہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ میں داخل ہونے سے منع کر دیا۔ یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ یہ معاہدہ کیا کہ وہ مکہ میں تین دن قیام کریں گے۔ جب ان لوگوں نے معاہدہ تحریر کر دیا تو انہوں نے یہ بات تحریر کی کہ یہ وہ معاہدہ ہے' جو اللہ کے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کر رہے ہیں' تو کفار نے کہا۔ ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے۔ اگر ہمیں یہ پتہ ہوتا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں' تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی چیز سے نہ روکتے' بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم محمد بن عبداللہ ہیں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہی تحریر کریں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کا رسول بھی ہوں اور محمد بن عبداللہ بھی ہوں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا لفظ ''رسول اللہ'' مٹا دو۔ انہوں نے عرض کی: میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم (کا اسم گرامی) کبھی نہیں مٹاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تحریر کو لیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو با قاعدہ لکھنا نہیں آتا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت لفظ رسول اللہ کی جگہ لفظ محمد لکھ دیا گیا اور یہ تحریر کیا گیا یہ وہ معاہدہ ہے' جو محمد بن عبداللہ کر رہے ہیں۔ کہ وہ ہتھیار لے کر مکہ میں داخل نہیں ہوں گے البتہ ان کی تلواریں میان میں ہوں گی اور وہ مکہ میں سے کسی ایسے شخص کو ساتھ لے کر نہیں جائیں گے جو ان کا پیروکار ہو گا اور وہ اپنے ساتھیوں میں سے کسی ایسے شخص کو نہیں روکیں گے جو مکہ میں مقیم رہنا چاہے گا۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ تشریف لے آئے اور طے شدہ مدت گزر

4873- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عثمان العجلي، فمن رجال البخاري . وأخرجه البخاري (1844) في جزاء الصيد: باب لبس السلاح للمحرم، و (2699) في الصلح: باب كيف يكتب هذا ما صالح فلان بن فلان . . . ، و (4251) في المغازي: باب عمرة القضاء، عن عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/298، والدارمي 2/237-238 من طريقين عن إسرائيل، به . وقد تقدم عند المؤلف برقم (4849) .

گئی تو لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور کہا کہ اپنے آقا سے کہیے کہ وہ ہمارے پاس سے تشریف لے جائیں' کیونکہ متعین مدت پوری ہوگئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے روانہ ہونے لگے تو حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پکارتی ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے آئی۔ اے چچا اے چچا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس بچی کو پکڑ لیا انہوں نے اس بچی کا ہاتھ پکڑا اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا۔ تم اپنی چچازاد کو سنبھالو۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے اسے اٹھالیا۔

اس لڑکی کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت زید رضی اللہ عنہ اور حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کے درمیان اختلاف ہو گیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اسے میں نے حاصل کیا ہے۔ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے کہا یہ میری چچازاد ہے اور اس کی خالہ میری بیوی ہے۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ نے کہا یہ میری بھتیجی ہے۔ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بچی کے بارے میں اس کی خالہ کے حق میں فیصلہ دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خالہ ماں کی جگہ ہوتی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم شکل وصورت اور اخلاق میں مجھ سے مشابہت رکھتے ہو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم ہمارے بھائی اور ہمارے آزاد کردہ غلام ہو۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْعَدَدِ الَّذِي كَانَ مَعَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ

(صحابہ کرام) کی اس تعداد کا تذکرہ جو حدیبیہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھی

4874 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ قَتَادَةَ بْنِ دِعَامَةَ السَّدُوسِيِّ،

(متن حدیث): قَالَ: قُلْتُ لِسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ: كَمْ كَانُوا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ؟، قَالَ: اَلْفٌ وَّخَمْسُ مِائَةٍ، قَالَ: قُلْتُ: اِنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ: كَانُوا اَلْفًا وَّاَرْبَعَ مِائَةٍ، قَالَ: اَوْهَمَ جَابِرٌ هُوَ الَّذِي حَدَّثَنِي، اَنَّهُمْ كَانُوا اَلْفًا وَخَمْسَ مِائَةٍ

❀❀ قتادہ بیان کرتے ہیں میں نے سعید بن مسیب سے دریافت کیا۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر ان لوگوں کی تعداد کتنی تھی۔ انہوں نے جواب دیا: ایک ہزار پانچ سو۔ راوی کہتے ہیں: حضرت جابر رضی اللہ عنہ تو کہتے ہیں ان کی تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔ تو سعید نے کہا انہیں غلط فہمی ہوئی ہوگی۔ انہوں نے خود مجھے یہ بات بتائی ہے' ان کی تعداد ایک ہزار پانچ سو تھی۔

4874– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الله بن بَزِيع، فمن رجال مسلم . ابن المفضل: هو بشر .وأخرجه البيهقي 5/235 من طريقين عن قرة بن خالد، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري (4153) في المغازي: باب غزوة بدر، من طريق سعيد، عن قتادة، بِهِ .وأخرجه بنحوه من طرق عن جابر: أحمد 3/310 و 329، والطيالسي (1729)، والبخاري (4152)، ومسلم (1856) (72) و (73) في الإمارة: باب استحباب مبايعة الإمام الجيش عند إرادة القتال . . .، والبيهقي 5/235 .

ذِكْرُ خَبَرِ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْحَدِيْثِ اَنَّ عَدَدَ الْمُسْلِمِيْنَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ كَانَ دُوْنَ الْقَدْرِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے علم حدیث میں مہارت نہ رکھنے والے شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ حدیبیہ کے موقع پر مسلمانوں کی تعداد اس مقدار کے علاوہ تھی جو ہم نے ذکر کی ہے

4875 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ اَلْفًا وَاَرْبَعَ مِائَةٍ، فَبَايَعْنَاهُ وَعُمَرُ اٰخِذٌ بِيَدِهِ تَحْتَ الشَّجَرَةِ، وَهِيَ السَّمُرَةُ، وَقَالَ: بَايَعْنَاهُ عَلٰى اَنْ لَا نَفِرَّ وَلَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں صلح حدیبیہ کے موقع پر ہماری تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے درخت کے نیچے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک پکڑا ہوا تھا۔ وہ سمرہ کا درخت تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت اس بات پر کی تھی۔ کہ ہم فرار اختیار نہیں کریں گے۔ ہم نے موت پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت نہیں کی تھی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذِهِ السُّنَّةَ تَفَرَّدَ بِهَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے

اس روایت کو نقل کرنے میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ منفرد ہیں

4876 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ*، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): ثُمَّ بَايَعَ النَّاسُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ وَهُوَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ وَاَنَا رَافِعٌ غُصْنًا مِنْ اَغْصَانِهَا عَنْ وَجْهِهِ، فَلَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ وَلٰكِنْ بَايَعْنَاهُ عَلٰى اَنْ لَا نَفِرَّ وَهُمْ يَوْمَئِذٍ اَلْفٌ وَّاَرْبَعُ مِائَةٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَلصَّحِيْحُ اَلْفٌ وَّخَمْسُ مِائَةٍ، عَلٰى مَا قَالَهُ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ

4875- إسناده صحيح، يزيد بن موهب ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح . وأخرجه مسلم (1856) (67)، والنسائي في التفسير كما في " التحفة " 2/341 من طريقين عن الليث، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 3/396، ومسلم (1856) (68) و (69)، والترمذي (1594) من طرق عن أبي الزبير، به .وأخرجه أحمد 3/310، ومسلم (1856) (71) و (74)، والبخاري (4154)، والترمذي (1591)، والنسائي 7/140-141 في البيعة: باب البيعة على أن لا نفرّ، والبيهقي 5/235 من طرق عن جابر، به .

4876- إسناده صحيح على شرط مسلم .وقد تقدم برقم (4551) .

❀❀ حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں پھر حدیبیہ کے موقع پر لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت درخت کے نیچے موجود تھے میں نے اس درخت کی ایک شاخ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے اوپر اٹھا رکھی تھی۔ ہم نے موت پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت نہیں کی تھی' بلکہ ہم نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت اس بات پر کی تھی کہ ہم فرار اختیار نہیں کریں گے۔ اس دن لوگوں کی تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔

(امام ابن حبان کہتے ہیں:) درست یہ ہے کہ صحابہ کرام کی تعداد ایک ہزار پانچ سو تھی' جیسا کہ سعید بن مسیب نے بیان کیا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ حَبْسِ الْإِمَامِ اَهْلَ الْعَهْدِ وَاَصْحَابَ بُرُدِهِمْ فِيْ دَارِ الْإِسْلَامِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' امام کے لیے کسی ذمی یا (مشرکین) کے سفیر کو اسلامی سلطنت میں قید کرنا جائز نہیں ہے

4877 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ اَنَّ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ رَافِعٍ، حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَا رَافِعٍ اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّهُ اَقْبَلَ بِكِتَابٍ مِّنْ قُرَيْشٍ، اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَلَمَّا رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُلْقِيَ فِيْ قَلْبِيَ الْإِسْلَامُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ وَاللّٰهِ لَا اَرْجِعُ اِلَيْهِمْ اَبَدًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ لَا اَخِيْسُ بِالْعَهْدِ، وَلَا اَحْبِسُ الْبُرُدَ، وَلٰكِنِ ارْجِعْ اِلَيْهِمْ، فَاِنْ كَانَ فِيْ قَلْبِكَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِكَ الْاٰنَ، فَارْجِعْ، قَالَ: فَرَجَعْتُ اِلَيْهِمْ، ثُمَّ اِنِّيْ اَقْبَلْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَسْلَمْتُ قَالَ بُكَيْرٌ: وَاَخْبَرَنِيْ اَنَّ اَبَا رَافِعٍ كَانَ قِبْطِيًّا

❀❀ حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں وہ قریش کا مکتوب لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو میرے دل میں اسلام کی محبت گھر کر گئی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی قسم میں کبھی ان کی طرف واپس نہیں جاؤں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ میں معاہدے کی خلاف ورزی نہیں کروں گا اور میں قاصد کو اپنے پاس نہیں رکھوں گا۔ ان کے پاس واپس جاؤ۔ اگر تمہارے دل میں وہی چیز رہی جو تمہارے ذہن میں اب ہے' تو تم واپس آ جانا۔ راوی کہتے ہیں: میں ان لوگوں کے پاس واپس آ گیا۔ پھر میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام قبول کر لیا۔

ابوبکیر نامی راوی بیان کرتے ہیں حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ قبطی تھے۔

4877- إسناده صحيح . وأخرجه النسائي في السير كما في " التحفة " 9/199 عن الحارث بن مسكين وأبي الربيع سليمان بن داؤد المهري، كلاهما عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داؤد (2758) في الجهاد: باب في الإمام يُستَجَنُّ به في العهود، والحاكم 3/598 والبيهقي 9/145، والطبراني (963) من طرق عن ابن وهب، به .وأخرجه أحمد 6/8 عن عبد الجبار بن محمد الخطابي، عن ابن وهب، وقال: عن أبيه، عن جده .وجاء في " تهذيب الكمال " 6/218 في ترجمة الحسن بن علي: روى عن جده أبي رافع، وقيل: عن أبيه، عن جده .

بَابُ الرَّسُوْلِ

باب: سفارت کا بیان

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ رُسُلِ الْكُفَّارِ إِذَا قَدِمُوْا بُلْدَانَ الْإِسْلَامِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جب کفار کے سفارتکار اسلامی شہروں میں آجائیں' تو انہیں قتل کرنے کی ممانعت ہے

4878 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِىْ وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَوْلَا اَنَّكَ رَسُوْلٌ لَقَتَلْتُكَ - يَعْنِىْ رَسُوْلَ مُسَيْلِمَةَ -

✿✿ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

''اگر تم سفیر نہ ہوتے تو میں تمہیں قتل کر دیتا (راوی کہتے ہیں) یعنی مسیلمہ کے سفیر کو یہ فرمایا تھا۔''

ذِكْرُ اسْمِ هٰذَا الرَّسُوْلِ الَّذِىْ اَرَادَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتْلَهٗ لَوْ لَمْ يَكُنْ رَسُوْلًا

اس سفیر کے نام کا تذکرہ' جسے قتل کرنے کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا تھا اگر وہ سفیر نہ ہوتا (تو اسے قتل کر دیا جاتا)

4879 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ،

4878- إسناده حسن . عاصم: هو ابن بهدلة الكوفي ابو بكر المقرء روى له أصحاب السنن، وحديثه عند الشيخين مقرون، وهو صدوق، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين . وأخرجه النسائي في السير من " الكبرى " كما في " التحفة " 7/48، والبزار (1681)، والبيهقي 9/211 من طريقين عن سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/390-391 و 396، والبيهقي 9/212 من طريق المسعودي، عن عاصم، به . وأخرجه أحمد 1/404 و 406، والدارمي 2/235 من طريقين عن ابن مسعود .

(متن حدیث): ثُمَّ إِنَّهُ أَتَى عَبْدَ اللَّهِ، فَقَالَ: مَا بَيْنِي وَبَيْنَ أَحَدٍ مِنَ الْعَرَبِ إِحْنَةٌ، وَإِنِّي مَرَرْتُ بِمَسْجِدٍ لِبَنِي حَنِيفَةَ، فَإِذَا هُمْ يُؤْمِنُونَ بِمُسَيْلِمَةَ، فَأَرْسَلَ إِلَيْهِمْ عَبْدَ اللَّهِ، فَجِيءَ بِهِمْ فَاسْتَتَابَهُمْ غَيْرَ ابْنِ النَّوَّاحَةِ، وَقَالَ: لَهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: لَوْلَا أَنَّكَ رَسُولٌ لَضَرَبْتُ عُنُقَكَ وَأَنْتَ الْيَوْمَ لَسْتَ بِرَسُولٍ، فَأَمَرَ قَرَظَةَ بْنَ كَعْبٍ، فَضَرَبَ عُنُقَهُ فِي السُّوقِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى ابْنِ النَّوَّاحَةِ، فَلْيَنْظُرْ إِلَيْهِ قَتِيلًا، فِي السُّوقِ

❁❁ حضرت حارثہ بن مضرب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے' وہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے: میرے اور کسی بھی عرب کے درمیان کوئی پوشیدہ دشمنی نہیں ہے میں بنوحنیفہ کی مسجد کے پاس سے گزرا وہ لوگ مسیلمہ پر ایمان رکھتے ہیں۔تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کی طرف پیغام بھیجا۔ان لوگوں کو لایا گیا۔حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں سے توبہ کروائی۔صرف ابن نواحہ نے توبہ نہیں کی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اگر تم قاصد نہ ہوتے تو میں تمہاری گردن اڑا دیتا۔''

(پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا) آج تم قاصد نہیں ہو۔حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے قرظہ بن کعب کو حکم دیا۔تو انہوں نے بازار میں اس شخص کی گردن اڑا دی پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔جو شخص ابن نواحہ کو دیکھنا چاہتا ہو وہ اسے بازار میں مقتول پڑا ہوا دیکھ لے۔

4879- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حارثة بن مضرِب فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة .وأخرجه أبو داوُد (2762) في الجهاد: باب في الرسل، والطحاوي في " مشكل الآثار " 4/61، والبيهقي 9/211 عن محمد بن كثير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/384، والنسائي في السير كما في " التحفة " 7/18 من طريق الأعمش، عن أبي إسحاق، بِهِ . وانظر ما قبله .

بَابُ الذِّمِّيِّ وَالْجِزْيَةِ

باب: ذمی اور جزیہ کا بیان

ذِكْرُ إِيجَابِ دُخُوْلِ النَّارِ لِمَنْ اَسْمَعَ اَهْلَ الْكِتَابِ مَا يَكْرَهُوْنَهُ

ایسے شخص کے جہنم میں داخلے کے واجب ہونے کا تذکرہ جو اہل کتاب کو وہ بات سناتا ہے' جسے وہ ناپسند کرتے ہیں

4880 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي مُوْسَى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ سَمَّعَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا دَخَلَ النَّارَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی یہودی یا عیسائی کو سناتا ہے (شاید اس سے مراد یہ ہے: اسے ناحق طور پر قتل کرتا ہے) وہ جہنم میں داخل ہوگا''۔

ذِكْرُ نَفْيِ وُجُودِ رَائِحَةِ الْجَنَّةِ عَنِ الْقَاتِلِ الْمُعَاهَدَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ

مشرکین سے تعلق رکھنے والے معاہد (ذمی) کو قتل کرنے والے شخص کے جنت کی بو سونگھنے کی نفی کا تذکرہ

4881 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حُمَيْدٍ الطَّوِيلُ، قَالَ: حَدَّثَنَا

4880- إسناده صحيح على شرطهما . أبو الوليد: هو الطيالسي: هشام بن عبد الملك، وأبو بشر: هو جعفر بن إياس بن أبي وحشية . وهذا الحديث لم أجده عند غير المؤلف .

4881- أحمد بن يحيى بن حميد الطويل ذكره المؤلف في " الثقات " 8/10، فقال: من أهل البصرة، روى عن حماد بن سلمة، حدثنا عنه أبو خليفة، مات سنة خمس وعشرين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل، وذكره ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل " 2/81، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم . وأخرجه النسائي في السير من " الكبرى " كما في " التحفة " 9/42 عن إبراهيم بن يعقوب، عن حجاج بن منهال، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد وقال: هذا خطأ، والصواب حديث ابن علية يعني عن يونس، عن الحكم بن الأعرج، عن الأشعث بن ثُرمُلة، عن أبي بكرة، وهو الحديث الآتي عند المؤلف بعد هذا .وأخرجه الحاكم 1/44 من طريق أبي سلمة موسى بن إسماعيل، عن حماد بن سلمة به، وقال: هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه .

حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدًا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی ذمی کو قتل کردے وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُولِ الْجَنَّةِ عَنْ قَاتِلِ الْمُسْلِمِ الْمُعَاهَدِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' مسلمان یا معاہد کو قتل کرنے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوگا

4882 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ الْاَعْرَجِ، عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ ثُرْمُلَةَ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدَةً بِغَيْرِ حَقِّهَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ اَنْ يَّشُمَّ رِيحَهَا،

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: هٰذِهِ الْاَخْبَارُ كُلُّهَا مَعْنَاهَا لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يُرِيدُ جَنَّةً دُونَ جَنَّةِ الْقَصْدِ مِنْهُ، الْجَنَّةُ الَّتِي هِيَ اَعْلٰى وَاَرْفَعُ يُرِيدُ مَنْ فَعَلَ هٰذِهِ الْخِصَالَ، اَوِ ارْتَكَبَ شَيْئًا مِنْهَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ، اَوْ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ الَّتِي هِيَ اَرْفَعُ الَّتِي يَدْخُلُهَا مَنْ لَمْ يَرْتَكِبْ تِلْكَ الْخِصَالَ، لِاَنَّ الدَّرَجَاتِ فِي الْجِنَانِ يَنَالُهَا الْمَرْءُ بِالطَّاعَاتِ، وَحَطُّهُ عَنْهَا يَكُونُ بِالْمَعَاصِي، الَّتِي ارْتَكَبَهَا

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص ناحق طور پر کسی ذمی کو قتل کردے اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس بات کو حرام قرار دیتا ہے' وہ جنت کی بو بھی محسوس کرے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان تمام روایات کا مفہوم یہ ہے: وہ شخص کسی ایک مخصوص قسم کی جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ البتہ دوسری جنت میں داخل ہوسکتا ہے اور اس سے مراد جنت کا بالائی حصہ ہے' جس میں وہ داخل نہیں ہوگا۔ یعنی وہ شخص جو اس طرح کے کسی فعل کا مرتکب ہوتا ہے یا کسی بھی ایسی چیز کا مرتکب ہوتا ہے' جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ اس پر جنت کو حرام کردیتا ہے یا وہ شخص اس کی وجہ سے جنت میں داخل نہیں ہوگا۔ تو اس سے مراد وہ جنت ہے' جو جنت کا بلند ترین مرتبہ ہے' جس میں ان کاموں کا مرتکب

4882– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير الأشعث بن ثُرملة، فقد روى له النسائي وهو ثقة .وأخرجه أحمد 5/36 و38 و 52، والنسائي 8/25، وفي السير كما في " التحفة " 9/37، والحاكم 1/44، والبيهقي 9/205 من طرق عن يونس بن عبيد، بهذا الإسناد .وأخرجه الدولابي في " الكنى والأسماء " 2/126 من طريق حميد أبي المغيرة العجلي، عن الأشعث، بِهِ . وانظر ما قبله، وسيأتي برقم (7339) و (7340) .وفي الباب عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رفعه " من قتل معاهَداً لم يرح رائحة الجنة، وإن ريحها توجد من مسيرة أربعين عاماً " أخرجه أحمد 2/186، والبخاري (3166) و (6914)، والنسائي 8/25، وابن ماجه (2686)، وصححه الحاكم 2/126–127 على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي .

شخص داخل نہیں ہوگا۔ اس کی وجہ یہ ہے: جنت کے مختلف درجات ہیں۔ جن تک آدمی نیکیاں کرنے کی وجہ سے پہنچتا ہے اور گناہوں کے ارتکاب کی وجہ سے ان میں سے کسی ایک مرتبے سے نیچے آ جاتا ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ قَضَاءِ حُقُوقِ اَهْلِ الذِّمَّةِ اِذَا كَانُوا مُجَاوِرِينَ لَهُ فَطَمِعَ فِيْ اِسْلَامِهِمْ

اہل ذمہ کے حقوق کی ادائیگی کے مباح ہونے کا تذکرہ، جبکہ وہ مسلمانوں کے ساتھ رہ رہے ہوں اور آدمی کو ان کے اسلام قبول کرنے کی امید بھی ہو

4883 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْخَطِيبُ، بِالْاَهْوَازِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): عَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُودِيًّا

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک یہودی کی عیادت کی تھی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے پہلے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

4884 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَلَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ غُلَامًا يَهُودِيًّا كَانَ يَخْدُمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرِضَ، فَاَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلِمْ، فَنَظَرَ اِلٰى اَبِيهِ وَهُوَ جَالِسٌ عِنْدَ رَاْسِهِ، فَقَالَ لَهُ: اَطِعْ اَبَا الْقَاسِمِ قَالَ: فَاَسْلَمَ، قَالَ: فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ، وَهُوَ يَقُولُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَنْقَذَهُ مِنَ النَّارِ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک یہودی لڑکا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کیا کرتا تھا۔ وہ بیمار ہوگیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی عیادت کرنے کے لیے اس کے پاس تشریف لائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا تم اسلام قبول کرلو۔ اس

4883- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبدة بن عبد الله فمن رجال البخاري . وانظر ما بعده .

4884- إسناده صحيح . إبراهيم بن الحسن العلاف البصري روى عنه جمع، وذكره المؤلف في " الثقات " 8/78، وقال أبو زرعة: كان صاحب قرآن وكان بصيراً به، وكان شيخاً ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .وأخرجه أحمد 3/175 و227 و280، والبخاري (1356) في الجنائز: باب إذا أسلم الصبي فمات هل يصلى عليه . . .، و (5657) في المرضى: باب عيادة المشرك، وأبو داوُد (3095) في الجنائز: باب في عيادة الذمي، والنسائي في السير كما في " التحفة " 1/111، والبخاري في " الأدب المفرد " (524)، وأبو يعلى (3350)، والبيهقي 3/383 و6/206، والبغوي (57) من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد .وأخرجه الحاكم 4/291 من طريقين عن شريك، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بن جبير، عن أنس .

نے اپنے باپ کی طرف دیکھا جو اس کے سرہانے بیٹھا ہوا تھا۔ اس کے باپ نے اس سے کہا: تم حضرت ابوالقاسم ﷺ کی بات مان لو۔ راوی کہتے ہیں: تو اس نے اسلام قبول کرلیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ جب اس کے پاس سے واپس تشریف لائے' تو آپ ﷺ یہ فرمارہے تھے ہر طرح کی حمد اللہ کے لیے مخصوص ہے' جس نے اس کو جہنم سے بچالیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ مُخَالَطَةِ الْمُسْلِمِ لِلْمُشْرِكِ فِى الْبَيْعِ وَالشِّرَاءِ وَالْقَبْضِ وَالِاقْتِضَاءِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' خرید وفروخت اور لین دین میں مسلمان مشرک سے مل سکتا ہے

4885 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِى الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ خَبَّابٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ رَجُلًا قَيْنًا وَكَانَ لِىْ عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ دَيْنٌ فَاَتَيْتُهُ اَتَقَاضَاهُ، فَقَالَ لِىْ: لَا اَقْضِيكَ حَتّٰى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، قَالَ: قُلْتُ: لَنْ اَكْفُرَ بِهٖ حَتّٰى تَمُوْتَ، ثُمَّ تُبْعَثَ، قَالَ: وَاِنِّىْ لَمَبْعُوْثٌ بَعْدَ الْمَوْتِ سَوْفَ اَقْضِيكَ، اِذَا رَجَعْتَ اِلَىَّ مَالِىْ، وَوَلَدِىْ، قَالَ: فَنَزَلَتْ، هٰذِهِ الْاٰيَةُ (اَفَرَاَيْتَ الَّذِىْ كَفَرَ بِاٰيَاتِنَا، وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا) (مریم: 77)

❁❁ حضرت خباب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں ایک سنار تھا۔ میں نے عاص بن وائل سے کچھ قرض واپس لینا تھا۔ میں اس کے پاس آیا اور اس سے قرض کا تقاضا کیا۔ اس نے مجھ سے کہا میں اس وقت تک تمہارا قرض ادا نہیں کروں گا۔ جب تک تم حضرت محمد ﷺ کا انکار نہیں کردیتے۔ حضرت خباب رضی اللہ عنہ نے کہا میں ان کا اس وقت تک انکار نہیں کروں گا' جب تک تم مر نہیں جاتے اور دوبارہ زندہ نہیں ہوتے۔ اس نے کہا کہ اگر مجھے مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کیا جائے گا' تو میں تمہارا قرض ادا کردوں گا۔ کیونکہ اس وقت میرا مال اور میری اولاد مجھے دوبارہ واپس مل جائیں گے۔

4885- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه الواحدى فى " أسباب النزول " ص 204 من طريق أبى خيثمة وعلى بن مسلم، كلاهما عن وكيع، بهذا الإسناد .وأخرجه البخارى (4735) فى التفسير: باب (ونرثه ما يقول ويأتينا فرداً)، ومسلم (2795) فى صفات المنافقين وأحكامهم: باب سؤال اليهود النبى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التقاضى، والطبرانى (3653) من طرق عن وكيع، به .وأخرجه أحمد 5/111، والبخارى (2091) فى البيوع: باب ذكر القين والحداد و (2275) فى الإجارة: باب هل يؤاجر الرجل نفسه من مشرك فى أرض الحرب، و (2425) فى الخصومات: باب التقاضى، و (4734) فى التفسير: باب (كلا سنكتب ما يقول ونمد له من العذاب مداً)، والترمذى (231) فى التفسير: باب ومن سورة مريم، والنسائى فى التفسير من " الكبرى " كما فى " التحفة " 3/118، والطبرى فى " جامع البيان " 16/120، والواحدى فى " أسباب النزول " ص 204، والطبرانى (3651) و (3652) و (3654)، والبغوى فى " معالم التنزيل " 3/207-208 من طرق عن الأعمش .وسيرد عند المؤلف برقم (5010) من طريق آخر .

راوی بیان کرتے ہیں' تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

''کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جو ہماری آیات کا انکار کرتا ہے اور یہ کہتا ہے مجھے مال اور اولاد ضرور دیئے جائیں گے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُفَسِّرِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى (حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّهُمْ صَاغِرُوْنَ) (التوبة: 29)

اس روایت کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وضاحت کرتی ہے

''یہاں تک کہ وہ مجبور ہو کر جزیہ دیں' جبکہ وہ کم تر ہوں''

4886 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عِيْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): بَعَثَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ، فَاَمَرَنِیْ اَنْ اٰخُذَ مِنَ الْبَقَرِ مِنْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ مُسِنَّةً، وَمِنْ كُلِّ ثَلَاثِيْنَ تَبِيْعًا، اَوْ تَبِيْعَةً، وَمِنْ كُلِّ حَالِمٍ دِيْنَارًا، اَوْ عِدْلَهٗ مَعَافِرَ

❀❀ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یمن بھیجا اور یہ ہدایت دی کہ میں گائے میں سے ہر چالیس میں سے ایک ''مسنہ'' اور تیس میں سے ایک ''تبیع'' وصول کروں اور ہر بالغ شخص سے ایک دینار یا اس کے وزن کے برابر ''معافر'' (مخصوص قسم) کی خوشبو وصول کروں۔

4886- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن عيسى فمن رجال مسلم، وهو صدوق يخطىء، وقد توبع عليه . شقيق: هو ابن سلمة أبو وائل .وأخرجه ابن ماجه (1803) في الزكاة: باب صدقة البقر، عن محمد بن عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/230 وعبد الرزاق (6841)، والطيالسي (567)، والدارمي 1/382، وأبو داوٗد (1378) في الزكاة: باب في زكاة السائمة، والترمذي (623) في الزكاة: باب ما جاء في زكاة البقر، وابن الجارود (343)، والنسائي 5/25-26 و 26 في الزكاة: باب زكاة البقر، والدارقطني 2/102، والحاكم 1/398، والبيهقي 4/98 و 9/193 من طرق عن الأعمش، بِهٖ . قال الترمذي: هذا حديث حسن، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي .وأخرجه الدارمي 1/382، والبيهقي 9/187 من طريق عاصم، عن أبي وائل، بِهٖ .وأخرجه أبو داوٗد (1577)، والدارقطني 2/102، والبيهقي 4/98 من طريق الأعمش، عن إبراهيم، عن مسروق، بِهٖ .

كِتَابُ اللُّقَطَةِ

لقطہ (گم شدہ ملنے والی چیز) کے بارے میں روایات

4887 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِىْ مُسْلِمِ الْجَذْمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ

❀❀ حضرت جاروت رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مسلمان کی گمشدہ چیز جہنم کا شعلہ ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ اَرَادَ بِهِ بَعْضَ الضَّالِّ لَا الْكُلَّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان

''مسلمان کی گمشدہ چیز'' اس کے ذریعے آپ کی مراد بعض گمشدہ چیزیں ہیں تمام گمشدہ چیزیں مراد نہیں ہیں

4888 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

4887– إسناده قوى، أو مسلم الجذمى روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات" 5/581، وقد توبع، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين . يزيد بن عبد اللّٰه: هو ابن الشخير أبو العلاء، وأبان: هو ابن يزيد العطار . وهو فى "مسند أبى يعلى" (919) و (1539) .وأخرجه الطبرانى فى "الكبير" (2114) من طريق مسلم بن إبراهيم، عن أبان، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسى (1234)، وأحمد 5/80، والنسائى فى "الكبرى" كما فى "التحفة" 2/406، والطحاوى 4/133، والطبرانى (2109) و (2115) و (2116) و (2117)، والبيهقى 6/190 من طريق عن قتادة، بِهِ .وعلّقه الترمذى بإثر الحديث (1881) فى الأشربة: باب ما جاء فى النهى عن الشرب قائماً .

4888– إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، فمن رجال البخارى، يحيى: هو ابن سعيد القطان، وحميد: هو ابن أبى حميد الطويل، والحسن: هو البصرى، مطرف: هو ابن عبد اللّٰه بن الشخير .وأخرجه ابن سعد 7/34، وأحمد 4/25، والنسائى فى "الكبرى" كما فى "التحفة" 4/360، وابن ماجه "2502" فى اللقطة: باب ضالة الإبل البقر والغنم، وأبو عبيد فى "غريب الحديث" 1/22 و2/203، والطحاوى 2/133، والبيهقى 6/191، والبغوى "2209" و"2210" من طرق عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد .

(متن حدیث): قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطٌ مِّنْ بَنِي عَامِرٍ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّا نَجِدُ فِي الطَّرِيقِ هَوَامِيَ مِنَ الْإِبِلِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ

❀❀ مطرف اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں بنو عامر سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ ہمیں راستے میں اونٹ ملے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسلمانوں کی گم شدہ چیز جہنم کا شعلہ ہے۔

4889 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيسَ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ يَزِيدَ، مَوْلَى الْمُنْبَعِثِ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلَهُ عَنِ اللُّقَطَةِ، فَقَالَ: اعْرِفْ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا، ثُمَّ عَرِّفْهَا سَنَةً، فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَإِلَّا فَشَأْنَكَ بِهَا، قَالَ: فَضَالَّةُ الْغَنَمِ، قَالَ: لَكَ، اَوْ لِاَخِيكَ، اَوْ لِلذِّئْبِ، قَالَ: فَضَالَّةُ الْإِبِلِ، قَالَ: مَا لَكَ، وَلَهَا مَعَهَا سِقَاؤُهَا، وَحِذَاؤُهَا تَرِدُ الْمَاءَ، وَتَأْكُلُ الشَّجَرَ، حَتّٰى يَلْقَاهَا رَبُّهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَلْاَمْرُ بِاسْتِعْمَالِ الْاِنْتِفَاعِ، بِاللُّقَطَةِ بَعْدَ تَعْرِيفِ سَنَةٍ، اَضْمَرَ فِيهِ اعْتِقَادَ الْقَلْبِ عَلٰى رَدِّهَا عَلٰى صَاحِبِهَا، إِذَا جَاءَ، وَعَرَّفَ عِفَاصَهَا وَوِكَاءَهَا

❀❀ حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے آپ ﷺ سے ایسی چیز کے بارے میں دریافت کیا جو کہیں گری ہوئی ملتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اس کی تھیلی اور اس تھیلی کے منہ پر بندھی ہوئی چیز کی شناخت رکھو پھر ایک سال تک اس کا اعلان کرتے رہو۔ اگر اس کا مالک آ جاتا ہے تو ٹھیک ہے۔ ورنہ تم اسے استعمال کرو۔ اس شخص نے دریافت کیا گمشدہ بکری (کا کیا حکم ہوگا) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ تمہیں ملے گی یا تمہارے کسی بھائی کو

4889– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "الموطأ" 2/757 في الأقضية: باب القضاء في اللقطة ومن طريق مالك إخرجه الشافعي 2/137، والبخاري "2372" في المساقاة: باب شرب الناس وسقي الدواب من الأنهار، و "2429" في اللقطة: في فاتحته، وأبو داوٗد "1705" في اللقطة، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/242 – 243، والطحاوي 4/134، ابن الجاورد "666"، الطبراني "5250"، والبيهقي 6/185 و186 و192، والبغوي "2207" . وأخرجه عبد الرزاق "18602"، الحميدي "816"، وابن أبي شيبة 6/456، وأحمد 4/117، والبخاري "91" في العلم: باب الغضب والموعظة في التعليم إذا رأى ما يكره، و "2427" في اللقطة: باب ضالة الإبل، و "2428" باب ضالة الغنم، و "2436" باب إذا جاء صاحب اللقطة بعد سنة ردها عليه لأنها عليه لأنها وديعة عندهن و "2438" باب من عرف اللقطة ولم يرفعها للسلطان، و "6112" في الأدب: ما يجوز من الغضب والشدة لأمر الله تعالى، ومسلم "1722"، وأبو داوٗد "1704" والترمذي "1372" في الأحكام: باب ماجاء في اللقطة وضالة الإبل والغنم، وأبو عبيد في "غريب الحديث " 2/201، والطحاوي 4/134، وابن الجارود "667"، والطبراني "5249" و"5252" و"5255" و"5257"، والدارقطني 4/235 و236، البيهقي 6/185، و189، و192 و197، والبغوي "2208" من طرق عن ربيعة بن أبي عبد الرحمٰن، به .وأخرجه أبو داوٗد "1707"، والطبراني "5258"، والبيهقي 6/186 من طريق أحمد بن حفص بن عبد الله، عن إبراهيم بن طهمان، عن عباد بن إسحاق، عن عبد الله بن يزيدن عن أبيه، به .

ملے گی یا بھیڑیا لے جائے گا۔ اس شخص نے دریافت کیا گمشدہ اونٹ (کا کیا حکم ہے) نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارا اس کے ساتھ کیا واسطہ ہے اس کا پیٹ اس کے ساتھ ہے۔ اس کے پاؤں اس کے پاس ہیں۔ وہ خود ہی پانی تک پہنچ جائے گا اور درخت سے کچھ کھا پی لے گا۔ یہاں تک کہ اس کا مالک اس تک پہنچ جائے گا۔

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''انہیں ایک دوسرے کے ذریعے رزق حاصل ہوگا'' اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے: اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے رزق عطا کرے گا

4964 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَبِيعُ حَاضِرٌ لِبَادٍ دَعُوا النَّاسَ، يَرْزُقُ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''کوئی شہری کسی دیہاتی کے لئے سودا نہ کرے تم لوگوں کو (ان کے حال پر) رہنے دو۔ اللہ تعالیٰ انہیں ایک دوسرے کے ذریعے رزق عطا کرے گا۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الْمَرْءِ عَلٰى بَيْعِ اَخِيهِ قَبْلَ اَنْ يَتَفَرَّقَ الْبَائِعُ وَالْمُشْتَرِى

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی شخص اپنے بھائی کے سودے پر سودا کرے' یہ (ممانعت) اس سے پہلے ہے' فروخت کرنے والا اور خریدار ایک دوسرے سے جدا ہو جائیں

4965 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

4964– إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله، وانظر "4960".

4965– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ 2/683 "في البيوع :باب ما ينهى عنه من المساقاة والمبايعة . ومن طريقه أخرجه الشافعي 2/146، وأحمد 2/63، والدارمي 2/255، والبخاري "2139"في البيوع :باب لايبيع على بيع أخيه ولايسوم على سوم أخيه، و "2165"باب النهي عن تلقي الركبان، ومسلم "1412"ص 1154في البيوع :باب تحريم بيع الرجل على بيع أخيه والنسائي 7/256في البيوع :باب بيع أخيه، وابن ماجه "2171"في التجارات :باب لا يبيع الرجل على بيع أخيه، والطحاوي 3/3، والبيهقي 5/344، والبيهقي، والبغوي ."2093" وأخرجه البخاري "5142"في النكاح : باب ما يخطب على خطبة أخيه حتى ينكح أو يدع ومسلم "1412"في البيوع، والترمذي "1292"في البيوع :باب ما جاء في النهي عن البيع أخيه، والنسائي 7/258من طرق عن نافع، به .وانظر ما بعد بعده.

''کوئی شخص کسی دوسرے کے سودے پر سودا نہ کرے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ اِنَّمَا زُجِرَ عَنْهُ مَا لَمْ يَاْذَنِ الْبَائِعُ الْاَوَّلُ فِيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اس فعل سے منع اس صورت میں کیا گیا ہے' جب پہلا فروخت کرنے والا شخص اس بارے میں اجازت نہ دے

4966 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَبِعْ اَحَدُكُمْ عَلٰى بَيْعِ اَخِيهِ، اِلَّا بِاِذْنِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کوئی شخص اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے البتہ اس کی اجازت کے ساتھ کر سکتا ہے۔''

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِیْ مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ هٰذَا الْبَيْعِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس سودے سے منع کیا گیا ہے

4967 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، اَخْبَرَنَا الدَّرَاوَرْدِیُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ صَالِحِ بْنِ دِيْنَارٍ التَّمَّارُ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ،

(متن حدیث): اَنَّ يَهُوْدِيًّا قَدِمَ زَمَنَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثِيْنَ حِمْلِ شَعِيْرٍ، وَتَمْرٍ، فَسَعَّرَ مُدًّا، بِمُدِّ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَيْسَ فِی النَّاسِ يَوْمَئِذٍ طَعَامٌ غَيْرُهُ، وَكَانَ قَدْ اَصَابَ النَّاسَ قَبْلَ ذٰلِكَ جُوْعٌ، لَا يَجِدُوْنَ فِيْهِ طَعَامًا، فَاَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، النَّاسُ يَشْكُوْنَ اِلَيْهِ، غَلَاءَ السِّعْرِ، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: لَا اَلْقَيَنَّ اللّٰهَ مِنْ قَبْلِ اَنْ اُعْطِیَ اَحَدًا مِنْ مَالِ اَحَدٍ، مِنْ غَيْرِ طِيْبِ نَفْسٍ، اِنَّمَا الْبَيْعُ عَنْ تَرَاضٍ، وَلٰكِنَّ فِیْ بُيُوْعِكُمْ خِصَالًا، اَذْكُرُهَا لَكُمْ، لَا تُضَاغِنُوْا، وَلَا تَنَاجَشُوْا، وَلَا تَحَاسَدُوْا، وَلَا يَسُوْمُ الرَّجُلُ، عَلٰى سَوْمِ اَخِيهِ، وَلَا يَبِيعَنَّ حَاضِرٌ لِبَادٍ، وَالْبَيْعُ عَنْ تَرَاضٍ، وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللّٰهِ اِخْوَانًا

4966- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله. وأخرجه أبو داود "2081"في النكاح :باب كراهية أن يخطب الرجل على خطبة أخيه عن الحسن بن علي، عن ابن نميرن بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "1412"في النكاح :باب تحريم الخطبة على خطبة أخيه، والنسائي 74 - 6/73في النكاح :باب خطبة الرجل إذا ترك الخاطب، وعبد الرزاق "14868"ن وعلي بن الجعد "3160"، والطحاوي 3/3، والبيهقي 5/344من طرق عن نافع، به.

4967- إسناده قوي .سعيد بن عبد الجبار :هو ابن يزيد القرشي. وأخرجه منه قوله " :إنما البيع عن تراض :"ابن ماجه "2185"في التجارات :باب بيع الخيارن والبيهقي 6/17من طريقين عن عبد العزيز الدراوردي بهذا الإسناد .وقال البوصيري في "مصباح الزجاجية :138/2 "هذا إسناد صحيح، رجاله ثقات.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک یہودی تئیس اونٹوں پر لاد کر جو اور کھجوریں لے آیا۔ اس نے ایک مد کی قیمت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مد سے زیادہ مقرر کر دی۔ ان دنوں لوگوں کے پاس اس کے علاوہ اناج حاصل کرنے کا اور کوئی ذریعہ نہیں تھا۔ اس سے پہلے وہ بھوک کا شکار ہو چکے تھے۔ انہیں اس دوران اناج نہیں ملتا تھا۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ کے سامنے اس بات کی شکایت کی کہ قیمت زیادہ ہو گئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے۔ آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی' پھر آپ نے ارشاد فرمایا: میں' اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایسی حالت میں ہرگز حاضر نہیں ہوں گا کہ میں نے کسی کا مال اس کی ناپسندیدگی کے ساتھ کسی دوسرے کو دیا ہو۔ خرید و فروخت باہمی رضامندی سے ہوتی ہے' تاہم تمہاری خرید و فروخت میں کچھ چیزیں ہیں جن کے حوالے سے میں تمہیں نصیحت کرنا چاہتا ہوں تم ایک دوسرے کے لئے کینہ نہ رکھو۔ ایک دوسرے کے مقابلے میں بولی نہ لگاؤ۔ آپس میں ایک دوسرے سے حسد نہ رکھو اور کوئی شخص اپنے بھائی کی بولی پر بولی نہ لگائے اور شہری شخص دیہاتی کے لئے ہرگز (کوئی چیز) فروخت نہ کرے۔ خرید و فروخت باہمی رضامندی سے ہوتی ہے تم اللہ کے بندے اور بھائی' بھائی بن کے رہو۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ مُّزَايَدَةِ الْمَرْءِ عَلَى الشَّيْءِ الْمَبِيعِ مِنْ غَيْرِ قَصْدِهِ لِشِرَائِهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی شخص کسی فروخت ہونے والی چیز کو خریدنے کے ارادے کے بغیر اس چیز کی زیادہ قیمت لگائے

4968 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ النَّجْشِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مصنوعی بولی لگانے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَصْرِيَةِ ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ، عِنْدَ بَيْعِهَا

جانوروں کو فروخت کرنے کے وقت ان کا ''تصریہ'' کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

4969 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ

4968- إسناده صحيح على شرط الشيخين وهو في "الموطأ 2/684 "في البيوع :باب ما ينهى عنه من المساومة والمبايعة. ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/63و 108و156، والشافعي 2/145، والبخاري "2142"في البيوع :باب النجش، و "6963"في الحيل :باب مايكره من التناجش، ومسلم "1516"في البيوع :باب تحريم بيع الرجل على بيع أخيه وتحريم النجش، والنسائي 7/258في البيوع :باب النجش، وابن ماجه "2173"في التجارات :باب ماجاء في النهي عن النجش، والبيهقي 5/343، والبغوي ."2097"

الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبُوْ كَثِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا بَاعَ اَحَدُكُمُ اللِّقْحَةَ، اَوِ الشَّاةَ، فَلَا يُحَفِّلْهَا

✿✿ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب کوئی شخص اونٹنی یا بکری کو فروخت کرنے لگے' تو وہ اس کا تصریہ نہ کرے۔''

ذِكْرُ وَصْفِ الْحُكْمِ فِیْ تَصْرِيَةِ ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ عِنْدَ بَيْعِهَا

جانوروں کو فروخت کرنے کے وقت تصریہ کے بارے میں حکم کی صفت کا تذکرہ

4970 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا تُصَرُّوا الْاِبِلَ وَالْغَنَمَ، فَمَنِ ابْتَاعَهَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ، بَعْدَ اَنْ يَّحْلُبَهَا اِنْ رَضِيَهَا اَمْسَكَهَا، وَاِنْ سَخِطَهَا رَدَّهَا وَصَاعًا مِنْ تَمْرٍ

✿✿ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اونٹنیوں اور بکریوں کا تصریہ نہ کرو جو اس شخص اس کے بعد اسے خرید لے' اسے دو میں سے ایک چیز کا اختیار ہوگا۔ اس کا دودھ دوہ لینے کے بعد اگر وہ پسند کرے' تو اس جانور کو اپنے پاس رہنے دے اور اگر ناپسند کرے' تو اسے واپس کر دے اور کھجور کا ایک صاع بھی دے''۔

4969– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير أبی كثير وهو السحيمی فمن رجال مسلم. وهو فی "مصنف عبد الرزاق "14864" "ومن طريقه أخرجه النسائی 253 - 7/252فی البيوع :باب المحفلة. وأخرجه أحمد 2/481، وابن أبی شيبة 6/215من طريق عَلِیُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِی كثير، بهذا الإسناد.

4970– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو فی "الموطأ 2/683 "فی البيوع :باب ما ينهى عن المساومة والمبايعة. ومن طريق مالك أخرجه الشافعی 142 - 2/141، والبخاری "2150فی البيوع :باب النهی للبائع أن يحفل الإبل الغنم والبقر، ومسلم "11" "1515"فی البيوع :باب تحريم بيع الرجل على بيع أخيه، وأبو داود "3443"فی البيوع :باب من اشترى مصراة فكرههان والبيهقی 5/318، والبغوی ."2092" واخرجه الشافعی 2/142، وأحمد 2/242، والنسائی 253 7/فی البيوع :باب النهی عن المصراة من طريق سفيان، عن أبی الزناد به. أخرجه عبد الرزاق "14858"و "14862"و"14862، وأحمد 2/259 و 273و 386و 420و 463 430و 469و481، والبخاری "2151"فی البيوع :باب إذا شاء رد المصراة وفی جلبتها صاع تمر، ومسلم "1524"و "22"و "26فی البيوع :باب حكم بيع المصراة، وأبوداود "3445"ن والترمذی "1251"فی البيوع : باب ما جاء فی المصراة، والنسائی 254 - 7/253، والطحاوی 4/17و18ن والبيهقی 5/318و 319من طرق عن أبی هريرة، به. وأخرجه عبد الرزاق "14859"، ومسلم "241" "1524"و"25"ن والترمذی "1252"والنسائی 7/254، وابن ماجه "2239" فی التجارات :باب بيع المصراة، والدارمی 2/251، والطحاوی 4/18و19، والبيهقی 5/320، والدارقطنی 3/74،

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اسْتِثْنَاءِ الْبَائِعِ الشَّیْءَ الْمَجْهُولَ مِنَ الشَّیْءِ الْمَبِیعِ فِی نَفْسِ الْعَقْدِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کسی چیز کوفروخت کرنے والا شخص نفس عقد میں اس چیز میں سے مجہول حصے کا استثنٰی کرلے

4971 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ زُهَیْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِیَادُ بْنُ اَیُّوبَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ بْنُ حُسَیْنٍ، عَنْ یُونُسَ بْنِ عُبَیْدٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الثُّنْیَا اِلَّا اَنْ تُعْلَمَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سُفْیَانُ بْنُ حُسَیْنٍ فِیْ غَیْرِ الزُّهْرِیِّ، ثَبْتٌ، فَاِنَّمَا اخْتَلَطَ عَلَیْهِ صَحِیفَةُ الزُّهْرِیِّ، فَكَانَ یَهِمُ فِیهَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (غیر متعین) استثناء سے منع کیا ہے البتہ جب اس کے بارے میں تعین کرلیا جائے' (توحکم مختلف ہے۔)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سفیان بن حسین نامی راوی زہری کے علاوہ نقل کرنے میں ثبت ہے' تاہم زہری کے صحیفے کے حوالے سے وہ اختلاط کا شکار ہوگیا تھا۔اس میں سے نقل کرتے ہوئے وہ وہم کا شکار ہوجاتا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ یَقَعَ بَیْعُ الْمَرْءِ عَلٰی شَیْءٍ مَجْهُولٍ اَوْ اِلٰی وَقْتٍ غَیْرِ مَعْلُومٍ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی کا سوداکسی مجہول چیز پرواقع ہویا کسی غیر متعین وقت تک کے لیے ہو

4972 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَی السَّخْتِیَانِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی، قَالَ:

4971- إسناده صحيح على شرط الصحيح .يونس بن عبيد :هو ابن دينار العبدي .وأخرجه الترمذي "1290"في البيوع: باب ما جاء في النهي عن الثنيا، والنسائي 38 - 7/37في المزارعة: باب النهي عن كراء الأرض بالثلث والربع، و 7/296في البيوع :باب النهي عن بيع الثنيا حتى يعلم، وفي الشروط من "الكبرى "كما في "التحفة 2/246 "عن زياد بن أيوب، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داود "3405في البيوع :باب في المخابرة، والبيهقي 5/304من طريقين عن عباد بن عوام، به . وأخرجه أحمد 3/323و 356و364، وابن أبي شيبة 6/327، ومسلم "85 "1536"وفي البيوع :باب المحاقلة والمزابنة، وأبو داود "3404"، والنسائي 7/296، والبيهقي 5/304من طريقين عن جابر، به

4972- إسناده صحيح على شرط مسلم .محمد بن عبد الأعلى الصّنعاني :ثقة من رجال مسلم، من فوقه من رجال الشيخين .معتمر :هو ابن سليمان بن طرخان التيمي. وأخرجه أحمد 2/144، والبيهقي 5/338من طريقين عن نافع، بهذا الإسناد، ذكره الهيثمي في "المجمع 4/80 "، ونسبة للطبراني في "الأوسط "وقال :رجاله ثقات .وقد تقدم برقم "4951"من حديث أبي هريرة.

حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْغَرَرِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دھوکے کی بیع سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الشَّیْءِ بِمِئَةِ دِيْنَارٍ نَسِيْئَةً وَّبِتِسْعِيْنَ دِيْنَارًا نَقْدًا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی چیز ایک سو دینار ادھار اور نوے دینار نقد پر فروخت کی جائے

4973 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ نَهٰى عَنْ بَيْعَتَيْنِ فِیْ بَيْعَةٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ نے ایک بیع میں دو بیع کرنے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُشْتَرِیَ اِذَا اشْتَرٰى بَيْعَتَيْنِ فِیْ بَيْعَةٍ عَلٰى مَا وَصَفْنَا وَاَرَادَ مُجَانَبَةَ الرِّبَا كَانَ لَهٗ اَوْكَسُهُمَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب کوئی خریدار ایک ہی سودے میں دو چیزیں خرید لیتا ہے

جو اس کے مطابق ہو' جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے اور وہ اس بارے میں سود سے اجتناب کرنا چاہتا ہے' تو اسے اس چیز کا حق حاصل ہوگا' جو کم قیمت کی ہوگی

4974 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِیْ زَائِدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

4973– إسناده حسن، محمد بن عمرو وهو ابن علقمة -روى له البخاري مقروناً ومسلم في المتابعات، وهو صدوق، وباقي رجاله ثقات من رجال الشيخين .عبدة بن سليمان :هو الكلابي. وأخرجه الترمذي "1231"في البيوع :باب النهي عن بيعين في بيعة، عن هناد، عن عبدة بن سليمان، بهذا الإسناد .وقال :حسن صحيح . وأخرجه أحمد 2/432و 475و503، والنسائي 7/295 - 296في البيوع :بيعتين في بيعة، وابن الجارود "600"، والبيهقي 5/343، والبغوي "2111"من طرق عن محمد بن عمرو، به.

4974– إسناده حسن الذي قبله .ابن أبي زائدة :هو يحيى بن زكريا، وهو عند ابن أبي شيبة في "المصنف 6/120." وأخرجه أبو داود "3461"في البيوع :باب فيمن باع بيعتين في بيعة، والحاكم 2/45، وعنه البيهقي 3/343من طريق ابن أبي شيبة، بهذا والإسناد.

(متن حدیث): مَنْ بَاعَ بَيْعَتَيْنِ فِي بَيْعَةٍ فَلَهُ اَوْكَسُهُمَا اَوِ الرِّبَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص ایک ہی سودے میں دو سودے کر لیتا ہے' تو اس کے حصے میں' یا' تو نقصان آئے گا یا سود آئے گا''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ

بیع ملامسہ اور منابذہ کی ممانعت کا تذکرہ

4975 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى، عَنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ملامسہ اور منابذہ سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ بَيْعِ الْمُلَامَسَةِ وَكَيْفِيَّةِ الْمُنَابَذَةِ

ملامسہ کی صفت اور منابذہ کی کیفیت کا تذکرہ

4976 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ بِعَسْقَلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ:

4975– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الزناد :هو عبد الله بن ذكوان، والأعرج :هو عبد الرحمن بن هرمز، وهو فى "الموطأ 2/666 "فى البيوع باب بيع الملامسة والمنابذة . ومن طريق مالك أخرجه الشافعى 2/144، والبخارى "2146"فى البيوع :باب بيع المنابذة، و "5821"فى اللباس :باب الاحتباء فى الثوب والواحد، والنسائى 7/259فى البيوع :باب بيع الملامسة، والبيهقى 5/341، والبغوى "2101وأخرجه عبد الرزاق "14989"، وأحمد 2/476و480، والبخارى "368"فى الصلاة :باب مايستر من العورة، ومسلم، "1511"فى البيوع :باب بيع الملامسة والمنابذةن والترمذى "1310"فى البيوع : باب ما جاء فى الملامسة والمنابذة، وابن أبى شيبة 7/43، والبيهقى 5/34من طرق عن سفيان، عن أبى الزناد، به. وأخرجه مالك 2/666، ومن طريقه الشافعى 2/144، والبخارى "2146"، ومسلم "1511"، والنسائى 7/259، والبيهقى 5/341، والبيهقى، والبغوى "2101"عن محمد بن يحيى بن حبان، عن الأعرج، به . وأخرجه أحمد 2/380، وابن أبى شيبة 7/43، والبخارى "584" فى مواقيت الصلاة :باب اشتمال الصماء ، ومسلم "1511"، والنسائى 7/260و262 - 261، وابن ماجه . "2169"

4976– حديث صحيح .ابن أبى السرى وهو محمد بن المتوكل -قد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين. وهو فى "مصنف عبد الرزاق "14987" "، وأخرجه من طريقه أبو داود "3378"فى البيوع :باب بيع الغرر، والنسائى 7/261فى البيوع: باب بيع المنابذة، البيهقى .5/342 وأخرجه البخارى "2147"فى البيوع :باب بيع المنابذة، عن عياش بن والوليدن عن عبد الأعلى، عن معمر، به . وأخرجه ابن أبى شيبة 7/43ن والدارمى 253، والبخارى "6284"فى الاشتئذان :باب الجلوس كيفما تيسر، وأبو داود "3377"، والنسائى 7/260ن وابن ماجه "2170"فى التجارات :باب ماجاء فى النهى عن المنابذة والملامسة، وابن الجارود "592"، والبيهقى 5/342من طرق عن سفيان بن عيينة، عن الزهرى، به .وأخرجه البخارى "2144"فى البيوع : باب بيع لملامسة، و "5820"فى اللباس :باب اشتمال الصماء ، ومسلم "1512"، وأبو داود "3379"، والنسائى 7/260 و261، والبيهقى 342 - 5/341و 342من طرق عن الزهرى عن عامربن سعد بن أبى وقاص، عن أبى سعيد الخدرى.

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَزِیدَ اللَّیْثِیِّ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعَتَیْنِ الْمُلَامَسَةِ وَالْمُنَابَذَةِ،

فَالْمُنَابَذَةُ هُوَ اَنْ یَّقُوْلَ: اِذَا نَبَذْتُ اِلَیْكَ هٰذَا الثَّوْبَ، فَقَدْ وَجَبَ الْبَیْعُ، وَالْمُلَامَسَةُ اَنْ یَّمَسَّهُ بِیَدِهٖ، وَلَا یَنْشُرُهُ، وَلَا یُقَلِّبُهُ، یَقُوْلُ: اِذَا مَسَّهُ وَجَبَ الْبَیْعُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْمُنَابَذَةُ اَنْ یَّنْبِذَ الْمُشْتَرِی ثَوْبًا اِلَی الْبَائِعِ وَیَنْبِذَ الْبَائِعُ اِلَی الْمُشْتَرِی ثَوْبًا لِیَبِیعَ اَحَدُهُمَا بِالْاٰخَرِ عَلٰی اَنَّهُمَا اِذَا وَقَفَا بَعْدَ ذٰلِكَ عَلَی الطُّوْلِ وَالْعَرْضِ لَا یَكُوْنُ لَهُمَا الْخِیَارُ اِلَّا ذٰلِكَ النَّبْذُ فَقَطْ، وَالْمُلَامَسَةُ اَنْ یَّلْمِسَ الْمُشْتَرِی الثَّوْبَ، ثُمَّ یَشْتَرِیَهُ عَلٰی اَنْ لَا خِیَارَ لَهٗ بَعْدَ ذٰلِكَ، اِذَا نَشَرَهٗ وَقَلَّبَهٗ سِوٰی ذٰلِكَ اللَّمْسِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوطرح کی بیع سے منع کیا ہے ملامسہ اور منابذہ

(راوی کہتے ہیں:) منابذہ یہ ہے آدمی یہ کہے: جب میں تمہاری طرف یہ کپڑا پھینکوں گا تو سودا طے ہو جائے گا۔

ملامسہ یہ ہے: آدمی اپنے ہاتھ کے ذریعے اسے چھوئے اسے کھولے نہیں اسے پلٹے نہیں اور یہ کہے: جیسے ہی اسے چھولیا تو سودا لازم ہو جائے گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) منابذہ یہ ہے: خریدار کپڑے کو فروخت کرنے والے کی طرف پھینکے اور فروخت کرنے والا کپڑے کو خریدار کی طرف پھینکے تا کہ ان دونوں کا آپس میں سودا طے ہو جائے۔ اس شرط پر کہ جب وہ اس کے بعد کپڑے کی لمبائی اور چوڑائی پر واقف ہو تو انہیں سودا ختم کرنے کا کوئی اختیار نہ ہو صرف یہ پھینکنا ہی (سودا طے ہونے کی نشانی ہو)

ملامسہ یہ ہے: خریدار کپڑے کو چھولے تو پھر اسے خریدے اس شرط پر کہ اس کے بعد اس کے پاس اختیار باقی نہیں رہے گا یعنی جب وہ اسے کھولے گا اور جب اسے الٹائے گا (تو اختیار نہیں ہوگا) صرف چھونا کافی ہوگا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَیْعِ مَا یَقَعُ عَلَیْهِ حَصَاةُ الْمُشْتَرِی

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ آدمی ایسی بیع کرے جس میں خریدار کی کنکری واقع ہوتی ہے

4977 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْعُمَرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبُو الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَیْعِ الْحَصَاةِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: بَیْعُ الْحَصَاةِ اَنْ یَّاْتِیَ الرَّجُلُ اِلٰی قَطِیعِ غَنَمٍ، اَوْ عَدَدِ دَوَابَّ، اَوْ جَمَاعَةِ رَقِیقٍ، ثُمَّ یَقُوْلُ لِلْبَائِعِ: اَخْذِفُ بِحَصَاتِیْ هٰذِهٖ فَكُلُّ مَنْ وَقَعَ عَلَیْهِ حَصَاتِیْ هٰذِهٖ فَهُوَ لِیْ بِكَذَا وَكَذَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریوں والی بیع کرنے سے منع کیا ہے۔

4977– أسناده صحيح على شرط الشيخين .يحيى بن سعيد :هو القطان .وقد تقدم برقم ."4951"

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) کنکریوں والی بیع یہ ہے' آدمی بکریوں کے ریوڑ کے پاس یا کچھ جانوروں کے گروہ کے پاس آتا ہے اور پھر وہ فروخت کرنے والے سے کہتا ہے: میں یہ کنکری پھینکوں گا' تو جس پر بھی یہ کنکری گری وہ اتنی' اتنی رقم کے عوض میں میرا ہو گا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الطَّعَامِ الْمُشْتَرَى قَبْلَ اسْتِيفَائِهِ

خریدے گئے اناج کو پورا ماپنے سے پہلے' آگے فروخت کرنے کی ممانعت کا تذکرہ

4978 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى الْجَوَالِيقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنِ اشْتَرَى طَعَامًا، فَلَا يَبِعْهُ حَتّٰى يَسْتَوْفِيَهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَمْلَيْنَا هٰذَا الْخَبَرَ فِي هٰذَا النَّوْعِ لِاَنَّ لَهُ مَدْخَلَيْنِ، اَحَدُهُمَا اَنَّ الْمَرْءَ مَمْنُوْعٌ اَبَدًا اَنْ يَّبِيعَ الطَّعَامَ الَّذِي اشْتَرَاهُ قَبْلَ الْقَبْضِ لَهُ، وَالْمَدْخَلُ الثَّانِي اَنَّ الْمَرْءَ مَمْنُوْعٌ عَنْ هٰذَا الْفِعْلِ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ لَا الْكُلِّ وَهُوَ بَعْدَ اشْتِرَائِهِ قَبْلَ الْقَبْضِ لَا قَبْلَ اشْتِرَائِهِ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی شخص اناج خریدے' تو وہ اسے اس وقت تک آگے فروخت نہ کرے' جب تک اسے پوری طرح (اپنے قبضے میں نہ لے)''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ہم نے یہ روایت اس قسم میں اس لئے املاء کروائی ہے کیونکہ اس میں دو پہلو ہیں۔

ان میں سے ایک پہلو یہ ہے: آدمی کے لئے یہ بات ہمیشہ کے لئے ممنوع ہے' جو سودا اس نے خریدا ہے اسے قبضے میں لینے سے پہلے آگے فروخت کرے۔

دوسرا پہلو یہ ہے: آدمی کو اس فعل سے بعض حالتوں میں منع کیا گیا ہے ہر حالت میں یہ منع نہیں ہے اور اس سے مراد قبضے میں لینے سے پہلے خریدنا ہے۔ خریدنے سے پہلے ایسا کرنا مراد نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَسْتَوْفِيَهُ اَرَادَ بِهِ حَتّٰى يَقْبِضَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''یہاں تک کہ وہ اسے پورا کر لے'' اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: آدمی اسے اپنے قبضے میں لے

4979 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ

عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتّٰى يَقْبِضَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص کوئی اناج خریدے وہ اسے اس وقت تک (آگے) فروخت نہ کرے' جب تک وہ اسے اپنے قبضے میں نہ لے لے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِي صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّ خَبَرَ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ مَوْهُوْمٌ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ حماد بن سلمہ کے حوالے سے جو روایت ہم نے نقل کی ہے وہ موہوم ہے (یعنی اس کو نقل کرنے میں راوی کو وہم ہوا ہے)

4980 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنِ اشْتَرٰى طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتّٰى يَقْبِضَهُ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَاَحْسِبُ كُلَّ شَيْءٍ بِمَنْزِلَةِ الطَّعَامِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَسَمِعَهُ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَهُمَا طَرِيْقَانِ جَمِيْعًا مَحْفُوْظَانِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص اناج خریدے وہ اسے اس وقت تک آگے فروخت نہ کرے' جب تک وہ اسے اپنے قبضے میں نہ لے لے۔''

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: میرا یہ خیال ہے' ہر چیز کی حیثیت اناج کی طرح ہے۔

4979– إسناده صحيح على شرط مسلم. وقد صرح ابن جريج وأبو الزبير بالتحديث عند مسلم والبيهقي، فانتفت شبهة تدليسهما. وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار" 4/38 "عن يونس، عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه وأحمد 3/392، ومسلم "1529" في البيوع: باب بطلان بيع المبيع قبل القبض، والبيهقي 5/312 من طرق عن ابن جريج، به.

4980– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي، وعمرو بن دينار: هو المكي. وأخرجه أحمد 2/111، وأبو داود "3495" في البيوع: باب النهي عن بيع اشترى من الطعام بكيل حتى يستوفي، والطحاوي 4/38، والطبراني في "الكبير "13097" و"13098"، والبيهقي 5/314 من طريقين عن القاسم بن محمد، عن ابن عمر، به. وانظر "4981" و"4986".

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عمرو بن دینار نے یہ روایت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی سنی ہے اور انہوں نے یہ روایت طاؤس کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی سنی ہے' تو اس کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ خَبَرَ ابْنَ عُمَرَ الَّذِیْ ذَكَرْنَاهُ، لَمْ یَهِمْ فِیْهِ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَاَنَّ الْخَبَرَ مِنْ حَدِیْثِ ابْنِ عُمَرَ لَهٗ اَصْلٌ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے

منقول وہ روایت جو ہم نے ذکر کی ہے اسے نقل کرنے میں حماد بن سلمہ نامی راوی کو وہم نہیں ہوا اور وہ روایت حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی نقل کردہ حدیث کے طور پر منقول ہے اس کی اصل موجود ہے

4981 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَى بْنُ اَیُّوبَ الْمَقَابِرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَاَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِیْنَارٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، یَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَبِیعُوا الثَّمَرَ حَتّٰى یَبْدُوَ صَلَاحُهَا وَمَنِ ابْتَاعَ طَعَامًا فَلَا یَبِعْهُ حَتّٰى یَقْبِضَهٗ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''پھل کو اس وقت تک فروخت نہ کرو' جب تک اس کی صلاحیت ظاہر نہ ہو جائے اور جو شخص کوئی اناج خریدے وہ اسے اس وقت تک آگے فروخت نہ کرے' جب تک اسے اپنے قبضے میں نہ لے۔''

4981- إسناده صحيح. بشر بن معاذ العقدي: حديثه عند أهل السنن، وروى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"، ووثقه النسائي في أسماء شيوخه، وقال أبو حاتم: صالح الحديث، وصدوقن وقال مسلمة بن قاسم: بصري، ثقة صالح. ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه ابن ماجه "2227" في التجارات: باب النهي عن بيع الطعام قبل مالم يقبض عن بشر بن معاذ العقدي، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "1525" في البيوع: باب بطلان بيع المبيع قبل القبض، والترمذي "1291" في البيوع: باب في كراهية بيع الطعام حتى يستوفيه، وأبو داود "3497" في البيوع: باب بيع الطعام قبل أن يستوفي، وابن ماجه "2227"، والطبراني "10873" من طرق عن حماد بن زيد، به. وأخرجه الشافعي 2/142، والطيالسي "2602"، وأحمد 2/270 و369، وعبد الرزاق "14211"، وابن أبي شيبة 6/368 و369، والبخاري "2135" في البيوع: باب بيع الطعام قبل أن يقبض وبيع ماليس عندك، ومسلم "1525"، والنسائي 7/285 في البيوع: باب بيع الطعام قبل أن يستوفي، وابن ماجه "2227"، والطحاوي 2/39، وابن الجارود "606"، والطبراني "10871" و"10872" و"10873" و"10874" و"10875" و"10877" "10876" و"10878"، والبيهقي 5/312 و313، والبغوي "2089" من طرق عن عمرو بن دينار، به. وأخرجه عبد الرزاق "14210"، وأحمد 2/356 و368، والبخاري "2132" في البيوع: باب مايذكر في البيع والحكرة، ومسلم "1525"، وأبو داود "3496"، والنسائي 7/385 و286 - 285، والطبراني "10915" من طرق عن طاووس، به.

ذِكْرُ وَصْفِ الْقَبْضِ الَّذِىْ يَحِلُّ بِهٖ بَيْعُ الطَّعَامِ الْمُشْتَرٰى

قبضے کی اس صفت کا تذکرہ جس کے ذریعے خریدار کے لیے اناج کو آگے فروخت کرنا حلال ہوجاتا ہے

4982 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَشْتَرِى الطَّعَامَ، مِنَ الرُّكْبَانِ جُزَافًا، فَنَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَبِيعَهُ حَتّٰى نَنْقُلَهُ مِنْ مَكَانِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم پہلے (تجارتی) سواروں سے اندازے کے تحت ڈھیر خرید لیا کرتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات سے منع کیا کہ ہم اسے اس وقت تک آگے فروخت نہ کریں' جب تک اس کی جگہ سے اسے (دوسری جگہ) منتقل نہ کردیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ كُلَّ شَىْءٍ بِيْعَ سِوَى الطَّعَامِ حُكْمُهٗ حُكْمُ الطَّعَامِ فِىْ هٰذَا الزَّجْرِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' اناج کے علاوہ ہر چیز کے سودے کا وہی حکم ہے' جو اس ممانعت کے بارے میں اناج کا حکم ہے

4983 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ بِفَمِ الصِّلْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ كَثِيرٍ، اَنَّ يَعْلَى بْنَ حَكِيمٍ، حَدَّثَهُ اَنَّ يُوسُفَ بْنَ مَاهَكٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عِصْمَةَ حَدَّثَهُ، اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ حَدَّثَهُ قَالَ:

4982– إسناده صحيح على شرط مسلم. يحيى بن أيوب من رجال مسلم،ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه القسم الأول من الحديث :مسلم "52" "1534"في البيوع :باب النهي عن بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها عن يحيى بن أيوب، بهذا الإسناد. وأخرجه أيضاً مسلم "52" "1534"، والطحاوي 2/23،والبغوي "2078"،والبيهقي 5/300من طرق عن إسماعيل بن جعفر، به. وأخرج القسم الثاني منه :مسلم "36" "1526"في البيوع :باب بطلان بيع المبيع قبل القبض، والطحاوي 2/37من طرق عن إسماعيل بن جعفر، به .وأخرجه القسم الثاني منه أيضاً :الطيالسي "1787"، ومالك 2/640في البيوع :باب العينة وما يشبهها، وأحمد 2/59، والطحاوي 2/38من طرق عن عبد الله بن دينار، به. وأخرج القسم الأول منه :عبد الرزاق "14314"، والبخاري "2183"في البيوع :باب بيع المزابنة، و "2159"باب إذا باع الثمار قبل أن يبدو صلاحها، والنسائي 263 - 7/262 و 263في البيوع :باب بيع الثمر قبل أن يبدو صلاحه، وأحمد 2/59، وابن أبي شيبة 6/507، والطحاوي 2/23، والطبراني "13463"، وابن الجارود "603"والبيهقي 296 - 5/295و 299من طرق عن ابن عمر .وانظر "4986"و."4991" "4989"

(متن حدیث): قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّیْ رَجُلٌ اَشْتَرِی الْمَتَاعَ فَمَا الَّذِیْ يَحِلُّ لِیْ مِنْهَا وَمَا يَحْرُمُ عَلَیَّ، فَقَالَ: يَا بْنَ اَخِیْ، اِذَا ابْتَعْتَ بَيْعًا فَلَا تَبِعْهُ حَتّٰى تَقْبِضَهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا الْخَبَرُ مَشْهُوْرٌ، عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكٍ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ لَيْسَ فِيْهِ ذِكْرُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِصْمَةَ، وَهٰذَا خَبَرٌ غَرِيْبٌ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں ایک ایسا شخص ہوں جو کوئی سامان خریدتا ہے تو اس میں سے کیا چیز میرے لئے حلال ہے اور کیا چیز مجھ پر حرام ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! جب تم کوئی چیز خریدو تو اسے اس وقت تک آگے فروخت نہ کرو جب تک اسے اپنے قبضے میں نہ لے لو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت یوسف بن مالک کے حوالے سے حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے منقول ہونے کے طور پر مشہور ہے۔ اس میں عبداللہ بن عصمہ نامی راوی کا ذکر نہیں ہے اور یہ روایت ''غریب'' ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ حُكْمَ الطَّعَامِ وَغَيْرِهِ مِنَ الْاَشْيَاءِ الْمَبِيْعَةِ فِيْهِ سَوَاءٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے اس بارے میں اناج اور دیگر فروخت ہونے والی اشیاء کا حکم برابر ہے

4984 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبُو الزِّنَادِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمَ رَجُلٌ مِّنَ الشَّامِ بِزَيْتٍ فَسَاوَمْتُهُ، فِيْمَنْ سَاوَمَهُ مِنَ التُّجَّارِ حَتّٰى ابْتَعْتُهُ مِنْهُ، فَقَامَ اِلَیَّ رَجُلٌ، فَاَرْبَحَنِیْ، حَتّٰى اَرْضَانِیْ، فَاَخَذْتُ بِيَدِهٖ لِاَضْرِبَ عَلَيْهَا، فَاَخَذَ رَجُلٌ بِذِرَاعِیْ مِنْ خَلْفِیْ، فَالْتَفَتُّ اِلَيْهِ،

4983- إسناده حسن، عبد الله بن عصمة :روى عنه جمع، وذكره المصنف فى "الثقات" وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين غير العباس بن عبد العظيم فمن رجال مسلم .وابن أبى كثير :اسمه يحيى. وأخرجه الدارقطنى 2/9، وابن الجارود "602"من طريقين عن حبان بن هلال، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "14214"، والطيالسى "1318"، وأحمد 3/402 .والنسائى فى "الكبرى "كما فى "التحفة3/76 "، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار 4/41 "، والدارقطنى 9 - 2/8و9، وابن الجارود "602"، والبيهقى 5/313من طريق عن يحيى بن أبى كثير، به .وقال البيهقى :إسناده متصل، وكذلك رواه همام بن يحيى وأبان العطار عن يحيى بن أبى كثير، به.

4984- إسناده قوى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن إسحاق، فقد علق له البخارى، وروى له مسلم مقروناً بغيره وهو صدوق .وقد صرح بالتحديث عند المصنف وغير، فانتفت شبهة تدليسه، أبو خيثمة :هو زهير بن حرب، أبو الزناد :هو عبد الله بن ذكوان. وأخرجه أحمد 5/191عن يعقوب بن إبراهيمن بهذ؛ الإسناد. وأخرجه أبو داود "3499"فى البيوع :باب بيع الطعام قبل أن يستوفى، والطبرانى فى "الكبير "4782" و"4783"، والحاكم 2/40، والبيهقى 5/314من طريقين عن ابن إسحاق، به . وأخرجه الطبرانى "4781"من طريقين عن حسين بن محمد، عن جرير بن حازم، عن ابى الزناد، به.

فَاِذَا زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، فَقَالَ لِي: لَا تَبِعْهُ حَتّٰى تَحُوزَهُ اِلٰى رَحْلِكَ، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ فَاَمْسَكْتُ يَدَيَّ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: شام سے ایک شخص زیتون کا تیل لے کر آیا جن تاجروں نے اس کی قیمت لگائی تھی ان کے ساتھ میں نے بھی بولی میں حصہ لیا' یہاں تک کہ میں نے وہ تیل اس سے خرید لیا پھر ایک شخص میرے پاس آ کر کھڑا ہوا اور مجھے زیادہ معاوضہ دینے لگا' یہاں تک کہ اس نے مجھے راضی کر دیا۔ میں اپنا ہاتھ اس پر مارنے ہی لگا تھا۔ (یعنی سودا طے کرنے ہی لگا تھا) کہ اسی دوران میرے پیچھے سے کسی نے میری کلائی پکڑ لی میں نے مڑ کر دیکھا' تو وہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ تھے۔ انہوں نے مجھ سے فرمایا تم اسے اس وقت تک فروخت نہ کرو' جب تک تم اسے اپنی مخصوص جگہ تک منتقل نہیں کر دیتے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کیا ہے (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں)' تو میں نے اپنے ہاتھ کو روک لیا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الْمَرْءِ الطَّعَامَ الَّذِي اشْتَرَاهُ قَبْلَ قَبْضِهِ وَاسْتِيفَائِهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے خریدے ہوئے اناج کو اپنے قبضے میں لینے سے پہلے اور پورا (ماپ لینے سے پہلے) آگے فروخت کر دے

4985 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ حِزَامِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ يَعْنِي، عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): اشْتَرَيْتُ طَعَامًا مِنْ طَعَامِ الصَّدَقَةِ، فَاَرْبَحْتُ فِيهِ قَبْلَ اَنْ اَقْبِضَهُ، فَاَرَدْتُ بَيْعَهُ، فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَبِعْهُ حَتّٰى تَقْبِضَهُ

❀❀ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے صدقے کے اناج میں سے کچھ اناج خریدا اس کو قبضے میں لینے سے پہلے ہی مجھے اس کا منافع ملنے لگا۔ میں نے اسے فروخت کرنے کا ارادہ کیا۔ میں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اسے اس وقت تک فروخت نہ کرو' جب تک اپنے قبضے میں نہیں لیتے۔

4985- إسناده صحيح على شرط مسلم. منصور بن أبي مزاحم من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. أبو الأحوص: هو سلام بن سليم. وقد تقدم نحوه برقم "4983" وأخرجه ابن أبي شيبة 6/386 - 366 عن أبي الأحوص بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 7/286 في البيوع: باب بيع الطعام قبل أن يستوفى والطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/38"، والطبراني في "الكبير "3110" من طرق عن أبي الأحوص به.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُكْمَ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ وَغَيْرِهِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ فِى هٰذَا الزَّجْرِ سَوَاءٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اس ممانعت کے بارے میں حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ اور دیگر تمام مسلمانوں کا حکم برابر ہے

4986 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّولَابِيُّ مُنْذُ ثَمَانِينَ سَنَةً، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنِ اشْتَرٰى طَعَامًا فَلَا يَبِعْهُ حَتّٰى يَسْتَوْفِيَهُ، قَالَ: وَنَهٰى اَنْ يَّبِيعَهُ حَتّٰى يُحَوِّلَهُ مِنْ مَكَانِهِ، اَوْ يَنْقُلَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص کوئی اناج خریدے وہ اسے اس وقت تک فروخت نہ کرے' جب تک اسے پوری طرح قبضے میں نہ لے۔''

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے' آدمی اسے دوسری جگہ منتقل کرنے سے پہلے اسے فروخت کردے۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الطَّعَامِ الَّذِىْ اشْتَرٰى مُجَازَفَةً قَبْلَ اَنْ يُّؤْوِيَهُ اِلٰى رَحْلِهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی نے جو اناج اندازے کے تحت خریدا ہے اسے اپنی مخصوص جگہ تک منتقل کرنے سے پہلے آگے فروخت کردے

4987 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ رَزِيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ حَدَّثَنِىْ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ اَصْحَابَ الطَّعَامِ يَضْرِبُوْنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا اشْتَرَوْا

4986– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه ابن أبي الشيبة 6/366،ومسلم "34" "1526"و "1527"في البيوع :باب بطلان بيع المبيع قبل القبض، والطحاوى 4/37من طرق عن عبيد الله بن عمر، بهذا الإسناد . وأخرج القسم الأول منه :مالك 2/640في البيوع :باب والعينة ومايشبهها، والشافعي 2/142، وأحمد 64 - 2/63، والدارمي 253 - 2/252، والبخاري "2124"في البيوع :باب ما ذكر في الأسواق، و "2126"باب الكيل على البائع المعطى، و "2136"باب بيع الطعام قبل أن يقبض، ومسلم "32" "1526"و"35"، وأبو داود "3492"في البيوع :باب بيع الطعام قبل مالم يقبض، والطحاوى 2/37، والبيهقي 312 - 5/311، والبغوي "2087"من طرق عن نافع، به.

طَعَامًا مُجَازَفَةً فَبَاعُوهُ قَبْلَ اَنْ يُؤْوُوهُ اِلٰى رِحَالِهِمْ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے دیکھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں اناج والے ان افراد کی پٹائی کی جاتی تھی۔ جب وہ اندازے کے تحت کوئی اناج خرید کر اسے اپنی مخصوص جگہ تک منتقل کرنے سے پہلے ہی آگے فروخت کر دیتے تھے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ عَلٰى اَشْجَارِهَا حَتّٰى تَطْعَمَ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' پھلوں کو ان کے درختوں پر (لگے ہوئے ہی) فروخت کر دیا جائے' حالانکہ وہ ابھی کھانے کے قابل نہ ہوئے ہوں

4988 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتّٰى يَطْعَمَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کو فروخت کرنے سے منع کیا ہے' جب تک وہ (کھانے کے قابل نہیں ہو جاتا)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَتّٰى يَطْعَمَ اَرَادَ بِهِ ظُهُوْرَ صَلَاحِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''یہاں تک کہ وہ کھانے کے قابل ہو جائے'' اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: اس کی صلاحیت ظاہر ہو جائے

4987– إسناده قوى، عمرو نب محمد بن أبى رزين :حديثه عند الترمذى، وروى عنه جمع وذكره المؤلف فى "الثقات" وقال :ربما أخطأ، وقال ابن قانع :بصرى صالح، وقال الحاكم :صدوق، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه عبد الرزاق "14598"، وأحمد 2/7و 40و 53و 150و157، والبخارى فى البيوع :باب يذكر فى الطعام والحكرة، و "2137"باب من رأى إذا اشترى طعاماً جزافاً أن لايبعه حتى يؤته إلى رحله، و "6852"فى الحدود :باب كم التعزير والأدب .ومسلم "1527" "37"و "38فى البيوع :باب بيع ما يشترى من الطعام جزافاً قبل أن ينقل من مكانه، من طرق عن الزهرى، عن سالم بن عبد الله بن عمر "أخى حمزة بن عبد الله "عن أبيه بن عبد الله بن عمر . وفى هذا الحديث مشروعية تأديب من تعاطى العقود الفاسدة، وإقامة الإمام على الناس من يراعى أحوالهم فى ذلك

4988– إسناده صحيح على شرط البخارى .مسدد من رجال البخارى، ومن فوقه من رجال الشيخين .سفيان :هو بن عيينة. وأخرجه الشافعى 150 - 2/149ومن طريق البيهقى 5/302عن ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابن عباس موقوفاً. وأخرجه عبد الرزاق "14318"عن ابن عيينة، عن عمرو بن دينارن عن طاووس، عن ابن عباس قال :لا أدرى أبلغ به النبى صلى الله عليه وسلم قال :فذكره موقوفاً. وأخرجه الدارقطنى 15 - 3/14من طرق عن عمربن فروخ، عن خبيب بن الزبير، عن عكرمة، عن ابن عباس، وهذا إسناد حسن.

4989 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحوضیُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الثَّمَرِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کو اس وقت تک فروخت کرنے سے منع کیا ہے جب تک اس کی صلاحیت ظاہر نہ ہو جائے۔ (یعنی وہ پک نہ جائے)

ذِكْرُ وَصْفِ ظُهُوْرِ الصَّلَاحِ فِي الثَّمَرِ الَّذِیْ يَحِلُّ بَيْعُهَا عِنْدَ ظُهُوْرِهِ

پھل میں صلاحیت کے ظہور کی صفت کا تذکرہ جس کے ظہور کے وقت پھل کو فروخت کرنا جائز ہوتا ہے

4990 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى تُزْهِيَ، قِيْلَ: وَمَا تُزْهِي؟، قَالَ: حَتّٰى تَحْمَرَّ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتَ اِذَا مَنَعَ اللّٰهُ الثَّمَرَةَ، بِمَ يَاْخُذُ اَحَدُكُمْ مَالَ اَخِيْهِ؟

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کو فروخت کرنے سے منع کیا ہے جب تک وہ بہتر نہ ہو جائے۔ ان سے دریافت کیا گیا بہتر ہونے سے مراد کیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جب تک وہ سرخ نہ ہو جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا کیا خیال ہے اگر اللہ تعالیٰ اس پھل (کی پیداوار) کو روک لے تو تم میں سے کوئی ایک شخص کس بنیاد پر اپنے بھائی کے مال کو حاصل کرے گا۔

4989– إسناده صحيح على شرط البخاري. الحوضي: هو حفص بن عمر، وهو من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 2/46 و79 و108، والطيالسي "1886" و"1887"، والبخاري "1486" في الزكاة: باب من باع ثماره أو نخله أو أرضه أو زرعه ..... ومسلم "1534" في البيوع: باب النهي عن بيع الثمار قبل بدو صلاحها، والطحاوي 2/23، والبيهقي 5/300 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه الشافعي 2/148، ومسلم "1534" من طريق سفيان، عن عبيد الله بن دينار، به. وقد تقدم برقم "4981" من طريق إسماعيل بن جعفر، عن ابن دينار، وانظر "4991"

4990– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 2/618 "في البيوع باب في النهي عن بيع الثمار حتى تبدو صلاحها. ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 149 - 2/148، والبخاري "1488" في الزكاة: باب من باع ثماره أو نخله أو أرضه أو زرعه، و "2198" في البيوع: باب إذا باع الثمار قبل أن تبدو صلاحها ثم أصابته عاهة فهو من البائع، ومسلم "1555" في المساقاة: باب وضع الجوائح، والنسائي 7/274 في البيوع: باب شراء الثمار قبل أن تبدو صلاحها، والبيهقي 5/300، والبغوي "2080". وأخرجه الشافعي 2/149، وأحمد 3/115، والبخاري "2195" في البيوع: باب إذا باع الثمار قبل أن تبدو صلاحها، و "2197" باب بيع النخل قبل أن تبدو صلاحها و "2208" باب بيع المخاضرة، ومسلم "1555" و "15" و"16"، والطحاوي 2/24، وابن الجارود "604"، والبيهقي 5/300 و301 - 300، والبغوي "2081" من طرق عن حميد، به. وانظر "4993"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُكْمَ الْبَائِعِ وَالْمُشْتَرِى فِى هٰذَا الزَّجْرِ الَّذِى ذَكَرْنَاهُ سَوَاءٌ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اس ممانعت کے بارے میں جس کا ہم نے ذکر کیا ہے، فروخت کرنے والے اور خریدار کا حکم برابر ہے

4991 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ الثِّمَارِ حَتّٰى يَبْدُوَ صَلَاحُهَا نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِىَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پھل کی صلاحیت سوواد ہونے سے پہلے اسے فروخت کرنے سے منع کیا ہے۔ آپ نے فروخت کرنے والے اور خریدار (دونوں کو) منع کیا ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ ظُهُوْرِ الصَّلَاحِ فِى النَّخْلِ الَّذِى يَحِلُّ بَيْعُهَا عِنْدَهُ

کھجور میں صلاحیت کے ظہور کی صفت کا تذکرہ جس کی موجودگی میں اسے فروخت کرنا جائز ہوتا ہے

4992 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو الرَّقِّيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِى اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِى الْوَلِيْدِ الْمَكِّيِّ - قَالَ

4991– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 2/618 "في البيوع :باب النهي عن بيع الثمار حتى يبدو صلاحها ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 2/148، وعبد الرزاق "14315"، وأحمد 2/62 - 63 والدارمي 2/251 - 252، والبخاري "2194" في البيوع :باب بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها، ومسلم "1534" في البيوع :باب النهي عن بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها، وأبو داود "3367" في البيوع :باب بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحه، وابن ماجه "2214" في التجارات :باب النهي عن بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها، والبيهقي 5/299 والبغوي "2077". وأخرجه مسلم "1534"، والطحاوي 2/22، والبيهقي 5/99 من طرق عن نافع، به.

4992– إسناده صحيح على شرط مسلم .رجاله ثقات رجال الشيخين غير زكريا بن عدي، فمن رجال مسلم . وأخرجه مسلم "1536" في البيوع :باب النهي عن بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها، والبيهقي 5/301 عن إسحاق بن إبراهيم وهو ابن راهويه -بهذا الإسناد .وأخرجه مختصراً أحمد 3/320، والبخاري "2196" في البيوع :باب بيع الثمار قبل أن تبدو صلاحها، ومسلم "84" "1536"، وأبو داود "3370" في البيوع :باب بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها، والبيهقي 5/301 من طريقين عن سعيد بن ميناء .به.وأخرجه مختصراً أيضاً ابن أبي شيبة 7/129، والبخاري "1487" في الزكاة :باب من باع ثمره أو نخله أوزرعه، ومسلم "1536"، وأبو داود "3373"، والنسائي 7/263 و264 - 263 في البيوع :باب بيع الثمر قبل أن يبدو صلاحهن و7/270 باب بيع الزرع بالطعامن والترمذي "1290" في البيوع :باب ماجاء في النهي عن الثنيا، وقال حسن صحيح غريبن والبيهقي 5/307 و309، والبغوي "2071" من طريقين عن عطا ، عن جابرن به .

زَيْدٌ: حَدَّثَنَا وَهُوَ عِنْدَ عَطَاءٍ جَالِسٌ - عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ نَهٰى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ، وَالْمُخَابَرَةِ، وَعَنْ بَيْعِ النَّخْلِ، حَتّٰى يُشْقِحَ، وَالْإِشْقَاحُ، اَنْ يَّحْمَرَّ، اَوْ يَصْفَرَّ، اَوْ يُؤْكَلَ مِنْهُ شَيْءٌ ،

قَالَ زَيْدٌ: فَقُلْتُ لِعَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ اَسَمِعْتَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَذْكُرُ ذٰلِكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: نَعَمْ.

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ: اَبُو الْوَلِيدِ هٰذَا، هُوَ سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءٍ رَوٰى عَنْهُ اَبُوْ حَنِيفَةَ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ نے محاقلہ، مزابنہ مخابرہ اور درخت پر لگی ہوئی کھجور کو فروخت کرنے سے منع کیا ہے جب تک اس کا رنگ تبدیل نہ ہو جائے رنگ تبدیل ہونے سے مراد یہ ہے: وہ سرخ یا زرد نہ ہو جائے یا کھانے کے قابل نہ ہو جائے۔

زید بن ابوانیسہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: میں نے عطاء بن ابی ریاح سے دریافت کیا: کیا آپ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نقل کرتے ہوئے خود سنا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

شیخ کہتے ہیں: ابو ولید نامی یہ راوی سعید بن میناء ہے جس کے حوالے سے امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے روایات نقل کی ہیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ ظُهُوْرِ الصَّلَاحِ فِي الْحُبُوْبِ الَّتِيْ يَحِلُّ بَيْعُهَا عِنْدَ وُجُوْدِهِ

دانوں میں صلاحیت کے ظہور کی صفت کا تذکرہ جس کی موجودگی میں انہیں فروخت کرنا جائز ہوتا ہے

4993 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ النَّخْلِ حَتّٰى تَزْهُوَ وَعَنْ بَيْعِ الْحَبِّ حَتّٰى يَشْتَدَّ، وَعَنْ بَيْعِ الْعِنَبِ حَتّٰى يَسْوَدَّ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کو فروخت کرنے سے منع کیا ہے جب تک اس کا رنگ

4993- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم .أبو الوليد :هو هشام بن عبد الملك الطيالسي. وأخرجه أبو داود "3371"في البيوع :باب ما جاء في كراهية بيع الثمرة حتى يبدو صلاحها، والترمذي "1228"في البيوع :باب ماجاء في كراهية بيع الثمرة حتى يبدو صلاحها، والطحاوي 2/24من طريقين عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد .وقال الترمذي :حسن غريب . وأخرجه أحمد 3/221و250، وابن أبي شيبة 7/116، والترمذي "1228"، وابن ماجه "2217"في التجارات :باب النهي عن بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها، والدارقطني 48 - 3/47، والحاكم 2/19، والبيهقي 5/301، البغوي "2082"من طرق عن حماد بن سلمة، به .وصححه الحاكم على شرط مسلمن ووافقه الذهبي.

تبدیل نہ ہو جائے آپ نے دانے کو فروخت کرنے سے منع کیا ہے جب تک وہ سخت نہ ہو جائے اور آپ نے انگور کو فروخت کرنے سے منع کیا ہے جب تک وہ سیاہ نہ ہو جائے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ بَيْعِ مَا وَصَفْنَا

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے اس فروخت سے منع کیا گیا ہے جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

4994 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنِيعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ بَيْعِ السُّنْبُلِ حَتّٰى يَبْيَضَّ وَيَاْمَنَ مِنَ الْعَاهَةِ، نَهَى الْبَائِعَ وَالْمُشْتَرِيَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سنبل (بالی) کو فروخت کرنے سے منع کیا ہے جب تک وہ سفید نہ ہو جائے اور آفت سے محفوظ نہ ہو جائے آپ نے فروخت کرنے والے اور خریدار (دونوں کو) منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ بَيْعِ الْمَرْءِ ثَمَرَةَ نَخْلِهٖ سِنِيْنَ مَعْلُوْمَةً مِمَّا بَاعَ السَّنَةَ الْاُوْلٰى مِنْهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ آدمی نے اپنے کھجوروں کے درخت کے جس پھل کو پہلے سال فروخت کیا تھا اس میں سے کچھ پھل متعین سالوں (کے بعد ادائیگی کی شرط پر) فروخت کر دے

4995 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ مَعِينٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ

5099 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ مُّسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ، وَهُوَ يَخْطُبُ، يَقُوْلُ: انْطَلَقَ بِیْ اَبِیْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُشْهِدَهُ عَلٰى عَطِيَّةٍ اَعْطَانِيهَا، فَقَالَ: هَلْ لَكَ بَنُونَ سِوَاهُ؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: سَوِّ بَيْنَهُمْ

❀❀ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیتے ہوئے یہ بات بیان کی میرے والد مجھے ساتھ لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں گئے تاکہ وہ نبی اکرم ﷺ کو اس عطیے کے بارے میں گواہ بنالیں جو انہوں نے مجھے دیا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تمہارے اس کے علاوہ اور بھی بیٹے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر تم ان کے درمیان برابری کرو۔

ذِكْرُ لَفْظَةٍ اَوْهَمَتْ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ الْاِيْثَارَ فِي النَّحْلِ بَيْنَ الْاَوْلَادِ جَائِزٌ

ان الفاظ کا بیان جس نے ایک عالم کو غلط فہمی کا شکار کیا کہ اولاد کے درمیان عطیہ میں کسی کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا جائز ہے

5100 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ

(متن حدیث): اَنَّ اَبَاهُ اَتٰى بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّیْ نَحَلْتُ ابْنِیْ هٰذَا غُلَامًا كَانَ لِیْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكُلَّ وَلَدِكَ نَحَلْتَهُ مِثْلَ هٰذَا؟، فَقَالَ: لَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَارْجِعْهُ

❀❀ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کے والد انہیں ساتھ لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں گئے۔

5099– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير فِطرن وهوابن خليفة، فقد روى له البخارى حديثاً واحداً قرنه بغيره، وروى له أصحاب السنن.عبد الله :هو ابن المبارك.وأخرجه النسائى 6/262عن محمد بن حاتم، عن حبان بن موسى، بهذا الإسناد.

5100– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو فى "الموطأ 752 - 2/751 "فى الأقضية :باب مالا يجوز من النحل. ومن طريق مالك أخرجه البخارى "2586"فى الهبة :باب الهبة للولدن ومسلم "9" "1623"، والنسائى 6/258، والطحاوى 4/84ن والبغوى "2202"، والبيهقى 6/176 .

انہوں نے عرض کی: میں نے اپنے اس بیٹے کو اپنا غلام عطیے کے طور پر دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اپنی تمام اولاد کو اسی طرح عطیہ دیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اسے واپس لے لو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَارْجِعْهُ اَرَادَ بِهِ لِاَنَّهُ غَيْرُ الْحَقِّ

اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: "تم اسے واپس لو" اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: یہ چیز حق کے خلاف ہے

5101 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتِ امْرَاَةُ بَشِيرٍ: انْحَلِ ابْنِى هٰذَا غُلَامًا، وَاَشْهِدْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ - يَعْنِى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -: اَلَهُ اِخْوَةٌ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَاَعْطَيْتُ كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ مِثْلَ مَا اَعْطَيْتَهُ؟ ، فَقَالَ: لَا، فَقَالَ: لَا يَصْلُحُ هٰذَا، وَاِنِّى لَا اَشْهَدُ اِلَّا عَلَى الْحَقِّ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت بشیر رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نے کہا: آپ میرے اس بیٹے کو غلام عطیے کے طور پر دیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں گواہ بنالیں' تو انہوں نے یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کے والد سے) دریافت کیا: کیا اس کے اور بھی بھائی ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے ان میں سے ہر ایک کو اسی طرح عطیہ دیا ہے' جس طرح اسے دیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ درست نہیں ہے اور میں صرف حق بات پر گواہ بنتا ہوں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِنَفْيِ جَوَازِ الْاِيثَارِ فِى النَّحْلِ بَيْنَ الْاَوْلَادِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' اولاد کو عطیہ دیتے ہوئے ان میں سے کسی ایک کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا جائز نہیں ہے

5102 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَاهُ اَعْطَاهُ غُلَامًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰذَا الْغُلَامُ؟ ، قَالَ: غُلَامٌ

5101- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابى الزبير، فقد روى له البخارى مقروناً، واحتج به مسلم وغيره . وأخرجه أبو داود "3545"فى البيوع والإجارات :باب فى الرجل يفضل بعض ولده فى النُحل، وعن محمد بن رافع، يحيى بن آدم، بهذا الإسناد، وأخرجه أحمد 3/326، ومسلم "1624"فى الهبات :باب كراهة تفضيل بعض الأولاد فى الهبة، والطحاوى 4/87، والبيهقى 6/177من طرقن عن زهير بن معاوية .به.

اَعْطَانِيهِ اَبِي، قَالَ: فَكُلُّ اِخْوَتِكَ اَعْطَاهُ كَمَا اَعْطَاكَ؟، قَالَ: لَا، قَالَ: فَارْدُدْهُ، وَقَالَ لِاَبِيهِ: لَا تُشْهِدْنِي عَلٰى جَوْرٍ

❀❀ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کے والد نے انہیں غلام عطیے کے طور پر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کس کا غلام ہے۔ انہوں نے جواب دیا: یہ وہ غلام ہے جو میرے والد نے مجھے عطا کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا انہوں نے تمہارے تمام بھائیوں کو اسی طرح عطا کیا ہے جس طرح تمہیں عطا کیا ہے؟ حضرت نعمان رضی اللہ عنہ نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اسے واپس کر دو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے والد سے فرمایا: تم کسی زیادتی کے کام میں مجھے گواہ نہ بناؤ۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الْاِيثَارَ بَيْنَ الْاَوْلَادِ غَيْرُ جَائِزٍ فِي النَّحْلِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے عطیہ دیتے ہوئے اولاد میں سے کسی ایک کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا جائز نہیں ہے

5103 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُو حَيَّانَ التَّيْمِيُّ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلَتْ اُمِّي اَبِي بَعْضَ الْمَوْهِبَةِ مِنْ مَالِهِ فَالْتَوٰى بِهِ سَنَةً، ثُمَّ بَدَا لَهُ، فَوَهَبَهَا لِي، وَاَنَّهَا قَالَتْ: لَا اَرْضٰى حَتّٰى تُشْهِدَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اُمَّ هٰذَا بِنْتَ رَوَاحَةَ، قَاتَلَتْنِي مُنْذُ سَنَةٍ عَلٰى بَعْضِ مَوْهِبَةٍ لِابْنِي هٰذَا، وَقَدْ بَدَا لِي، فَوَهَبْتُهَا لَهُ، وَقَدْ اَعْجَبَهَا، اَنْ تُشْهِدَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ: يَا بَشِيرُ، اَلَكَ وَلَدٌ سِوٰى هٰذَا؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: لَا تُشْهِدْنِي عَلٰى جَوْرٍ

❀❀ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری والدہ نے میرے والد سے یہ گزارش کی کہ وہ اپنے مال میں سے

5102– إسناده صحيح على شرطهما، أبو خيثمة :هو زهير بن حرب، وجرير :هوابن عبد الحميد الضبي، وعاصم :هو ابن سليمان الأحوال، والشعبي :هو عامر بن شراحيل . وأخرجه مسلم "16" "1623"في الهبات :باب كراهة تفضيل بعض الأولاد في الهبة، والدارقطني 3/42من طريقين عن جرير، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "16494"، والطيالسي "789"، وأحمد 4/270و273، وابن أبي شيبة 220 - 11/219، الحميدي "919"، والبخاري "2587"في الهبة :باب الإشهاد في الهبة، ومسلم "13" "1623"و "18"وأبو داود "3542"في البيوع والإجازات :باب في الرجل يفضل بعض ولده في النحل، والدارقطني 3/42، والطحاوي 4/86، والبيهقي 6/176و 177و 178من طرق عامر الشعبي به.

5103– إسناده صحيح على شرط الشيخين .عبد الله :هو ابن المبارك، وأبو حيان التيمي :اسمه يحيى بن سعيد بن حيان . وأخرجه البخاري "2650"في الشهادات :باب لايشهد على شهادة جور إذا أشهد، البيهقي 6/176، عن عبد الله بن عثمان عبدان، عن عبد الله، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/268، وابن أبي شيبة 11/220، ومسلم "14" "1623"في الهبات :باب كراهية تفضيل بعض الأولاد في الهبة، والنسائي 6/260في أول كتاب النحل، من طرق عن أبي حيان التيمي، به.

کوئی چیز مجھے ہبہ کردیں۔ وہ ایک سال تک اسے ملتوی کرتے رہے' پھر انہیں یہ مناسب لگا انہوں نے وہ چیز مجھے ہبہ کردی۔ میری والدہ نے یہ کہا میں اس وقت تک راضی نہیں ہوں گی' جب تک آپ نبی اکرم ﷺ کو اس بارے میں گواہ نہیں بنالیتے' تو حضرت بشیر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! اس لڑکے کی والدہ جو رواحہ کی صاحب زادی ہے۔ وہ ایک سال سے مجھے یہ کہہ رہی تھیں میں اپنے اس بیٹے کو کوئی چیز ہبہ کروں اب مجھے مناسب لگا' تو میں نے اسے ہبہ کردیا۔ اس عورت کی یہ خواہش ہے' یارسول اللہ (ﷺ)! آپ اس کے گواہ بن جائیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: اے بشیر کیا تمہاری اس کے علاوہ اور اولاد بھی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر تم کسی زیادتی کے کام میں مجھے گواہ نہ بناؤ۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الْإِيثَارَ بَيْنَ الْاَوْلَادِ فِي النَّحْلِ حَيْفٌ غَيْرُ جَائِزٍ اسْتِعْمَالُهُ

اس تیسری روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' عطیہ دیتے ہوئے اولاد کے درمیان کسی ایک کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا زیادتی ہے اور اس پر عمل کرنا جائز نہیں ہے

5104 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُغِيْرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): طَلَبَتْ عَمْرَةُ بِنْتُ رَوَاحَةَ، اِلٰى بَشِيْرِ بْنِ سَعْدٍ، اَنْ يَّنْحَلَنِيَ، نَحْلًا مِنْ مَالِهٖ، وَاَنَّهٗ اَبٰى عَلَيْهَا، ثُمَّ بَدَا لَهٗ بَعْدَ حَوْلٍ، اَوْ حَوْلَيْنِ، اَنْ يَّنْحَلَنِيْهِ، فَقَالَ لَهَا: الَّذِيْ سَاَلْتِ لِابْنِيْ كُنْتُ مَنَعْتُكِ، وَقَدْ بَدَا لِيْ، اَنْ اَنْحَلَهٗ اِيَّاهُ، قَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ، لَا اَرْضٰى، حَتّٰى تَاْخُذَ بِيَدِهٖ، فَتَنْطَلِقَ بِهٖ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتُشْهِدَهٗ، قَالَ: فَاَخَذَ بِيَدِيْ، فَانْطَلَقَ بِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَصَّ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ مَعَهٗ وَلَدٌ غَيْرُهٗ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَهَلْ آتَيْتَ كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ مِثْلَ الَّذِيْ آتَيْتَ هٰذَا؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: فَاِنِّيْ لَا اَشْهَدُ عَلٰى هٰذَا، هٰذَا جَوْرٌ اَشْهِدْ عَلٰى هٰذَا غَيْرِيْ، اعْدِلُوْا بَيْنَ اَوْلَادِكُمْ، فِي النَّحْلِ كَمَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّعْدِلُوْا بَيْنَكُمْ فِي الْبِرِّ، وَاللُّطْفِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْهِدْ عَلٰى هٰذَا غَيْرِيْ ، اَرَادَ بِهِ الْإِعْلَامَ، بِنَفْيِ جَوَازِ اسْتِعْمَالِ الْفِعْلِ، الْمَاْمُوْرِ بِهٖ لَوْ فَعَلَهٗ، فَزَجَرَ عَنِ الشَّيْءِ، بِلَفْظِ الْاَمْرِ بِضِدِّهٖ، كَمَا قَالَ لِعَائِشَةَ: اشْتَرِطِيْ لَهُمُ الْوَلَاءَ ، فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ

5104- إسناده صحيح على شرطهما .جرير :هو ابن عبد الحميد الضبي ومغيرة :هو ابن مقسم الضبي. وأخرجه البيهقي 6/178عن أبي الربيع عن جرير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/270، وأبو داود "3542في البيوع والإجازات :في الرجل يفضل بعض ولده في النحل، عن هشيم، عن مغيرة ,به.

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: (میری والدہ) عمرہ بنت رواحہ نے (میرے والد) حضرت بشیر بن سعد سے یہ کہا کہ وہ اپنے مال میں سے مجھے (یعنی حضرت نعمان بن بشیر کو) کوئی عطیہ دیں' لیکن انہوں نے اس خاتون کی بات تسلیم نہیں کی۔ ایک یا دو سال گزرنے کے بعد انہیں یہ مناسب لگا' تو انہوں نے مجھے ایک عطیہ دے دیا۔ انہوں نے اس خاتون سے کہا تم نے جو میرے بیٹے کے بارے میں درخواست کی تھی اسے میں نے پورا نہیں کیا تھا۔ اب مجھے یہ مناسب لگا کہ میں اسے عطیہ دے دوں۔ اس خاتون نے کہا: جی نہیں اللہ کی قسم میں اس وقت تک راضی نہیں ہوں گی' جب تک آپ اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے ساتھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہیں جاتے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا گواہ نہیں بناتے۔ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے ساتھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے اور آپ کو پورا واقعہ سنایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: کیا تمہاری اس کے علاوہ اور اولاد بھی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: جس طرح تم نے اسے دیا ہے۔ اسی طرح ان میں سے ہر ایک کو بھی دیا ہے۔ انہوں نے عرض کی: جی نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر میں اس بات کا گواہ نہیں بنتا یہ زیادتی ہے' تم میرے علاوہ کسی اور کو گواہ بنا لو تم لوگ اپنی اولاد کے درمیان عطیات کے حوالے سے انصاف سے کام لو جس طرح تم لوگ اس بات کو پسند کرتے ہو کہ وہ نیکی اور بھلائی کے حوالے سے تمہارے ساتھ انصاف سے کام لے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: "میرے علاوہ کسی اور کو گواہ بنا لو"۔ اس کے ذریعے اس بات کی اطلاع دینا مراد ہے' اگر وہ یہ فعل کر لیتے ہیں' تو اس پر عمل کرنا جائز نہیں ہوگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کی ممانعت اس کے متضاد کا حکم دینے کے الفاظ کے ذریعے کی ہے' جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا تھا: تم (ولاء) کی شرط ان کے لئے رہنے دو کیونکہ ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو ملتا ہے۔"

ذِكْرُ خَبَرٍ رَابِعٍ يَدُلُّ عَلَى اَنَّ الْإِيثَارَ فِي النَّحْلِ مِنَ الْاَوْلَادِ غَيْرُ جَائِزٍ

اس چوتھی روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' عطیہ دینے میں اولاد کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا جائز نہیں ہے

5105 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَحْمُودِ بْنِ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، خَتَنُ ابْنِ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ:

5105- حديث صحيح، عمرو بن صالح :ذكره المؤلف في ثقة 8/486وقال :عمروبن صالح الصائغ المروزى أبو حفص، ويروى عن ابن المبارك، حدثنا عنه الحسن بن سفيانن وعبد الله بن محمودن وإبراهيم بن المغيرة :ذكره الؤلف في "ثقاته" 6/25وقال :يروى عن الأعمش ومسعرن روى عنه عمرو بن صالح المراوزةن وأولاده وأورده ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل 2/136 "وقال :ختن على بن الحسين بن واقدن وكلاهما متابعن ومن فوقهما ثقات على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم "15" "1623"في الهبات :باب كراهية تفضيل بعض الأولاد في الهبةن عن ابن نميرن عن أبيه عن إسماعيل، بهذا الإسناد.

(متن حدیث):اَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَشِيْرَ بْنَ سَعْدٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ عَمْرَةَ بِنْتَ رَوَاحَةَ اَرَادَتْنِي اَنْ اَتَصَدَّقَ عَلٰى ابْنِهَا بِصَدَقَةٍ، وَاَمَرَتْنِي اَنْ اُشْهِدَكَ عَلَيْهَا، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ بَنُوْنَ سِوَاهُ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَكُلُّهُمْ اَعْطَيْتَهُمْ، مِثْلَ مَا اَعْطَيْتَ هٰذَا؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: فَلَا تُشْهِدْنِي عَلٰى جَوْرٍ

❀❀ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے' تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! (میری بیوی) عمرہ بنت رواحہ نے یہ ارادہ کیا کہ میں اس کے بیٹے کو کوئی چیز عطیے کے طور پر دوں۔ اس نے مجھے کہا ہے' میں آپ کو اس بات پر گواہ بنالوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تمہارے اس کے علاوہ اور بھی بچے ہیں۔ انہوں نے عرض کی: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے ان سب کو عطیہ دیا ہے' جس طرح تم نے اسے عطیہ دیا ہے۔ اس نے عرض کی: جی نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم زیادتی کے کام میں مجھے گواہ نہ بناؤ۔

ذِكْرُ خَبَرٍ خَامِسٍ يُصَرِّحُ بِتَرْكِ اسْتِعْمَالِ الْإِيثَارِ لِلْمَرْءِ فِي النَّحْلِ بَيْنَ وَلَدِهِ

اس پانچویں روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' آدمی اپنی اولاد کو عطیہ دیتے ہوئے کسی کے ساتھ ترجیحی سلوک نہیں کرے گا

5106 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث):اِنَّ اَبِي نَحَلَنِي كَذَا، وَكَذَا، فَاَتٰى بِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِيُشْهِدَهُ، فَقَالَ: اَكُلَّ وَلَدِكَ اَعْطَيْتَ، مِثْلَ مَا اَعْطَيْتَ؟ ، فَقَالَ: لَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشْهِدْ عَلٰى هٰذَا غَيْرِي، هٰذَا جَوْرٌ ثُمَّ قَالَ: اَتُحِبُّوْنَ اَنْ يَكُوْنُوْا فِي الْبِرِّ سَوَاءً؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَلَا اِذًا

❀❀ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے والد نے مجھے فلاں' فلاں چیز عطیے کے طور پر دی وہ مجھے ساتھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے تاکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں گواہ بنالیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم نے اپنی تمام اولاد کو اسی طرح عطیہ دیا ہے' جس طرح اسے دیا ہے۔ انہوں نے عرض کی: جی نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری بجائے کسی اور کو گواہ بنالو یہ ظلم ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات کو پسند کرتے ہو کہ تمہاری تمام اولاد تمہارے ساتھ نیکی

5106– إسناده صحيح على شرط مسلمن رجاله ثقات رجال الشيخين غير داود بن أبي هند، فمن رجال مسلم. إسماعيل بن إبراهيم :هو ابن علية. وأخرجه مسلم "17" "1623"عن إسحاق بن إبراهيم الحنظلي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/269 و270، ومسلم "17" "1623"، وأبو داود "3542"في البيوع والإجارات :باب في الرجل يفضل بعض ولده في النحلن والنسائي 6/259و 260في أول كتاب النحل، وابن ماجه "2375"في الهبات :باب الرجل ينحل ولدهن والطحاوي 4/86، وابن الجارود "992"والدارقطني 3/42، والبيهقي 6/177من طرق عن داود بن أبي هند، به.

کرنے میں برابر ہو۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر یہ درست نہیں ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ سَادِسٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الْإِيثَارَ فِي النَّحْلِ بَيْنَ الْاَوْلَادِ غَيْرُ جَائِزٍ

اس چھٹی روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' اولاد کو عطیہ دیتے ہوئے کسی کے ساتھ ترجیحی سلوک کرنا جائز نہیں ہے

5107 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: قَرَاْتُ عَلَى الْفُضَيْلِ، عَنْ اَبِي حَرِيزٍ، اَنَّ عَامِرًا، حَدَّثَهُ اَنَّ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ وَالِدِي بَشِيرَ بْنَ سَعْدٍ، اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ عَمْرَةَ بِنْتَ رَوَاحَةَ نُفِسَتْ بِغُلَامٍ، وَاِنِّي سَمَّيْتُهُ نُعْمَانَ، وَاِنَّهَا اَبَتْ اَنْ تُرَبِّيَهُ حَتّٰى جَعَلْتُ لَهُ حَدِيقَةً لِي اَفْضَلَ مَالِي هُوَ، وَاِنَّهَا قَالَتْ: اَشْهِدِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى ذٰلِكَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ لَكَ وَلَدٌ غَيْرُهُ؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: لَا تُشْهِدْنِي، اِلَّا عَلٰى عَدْلٍ، فَاِنِّي لَا اَشْهَدُ عَلٰى جَوْرٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: تَبَايُنُ الْاَلْفَاظِ فِي قِصَّةِ النَّحْلِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ قَدْ يُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ الْخَبَرَ فِيهِ تَضَادٌّ وَتَهَاتُرٌ، وَلَيْسَ كَذٰلِكَ، لِاَنَّ النَّحْلَ مِنْ بَشِيرٍ لِابْنِهِ كَانَ فِي مَوْضِعَيْنِ مُتَبَايِنَيْنِ، وَذَاكَ اَنَّ اَوَّلَ مَا وَلَدَ النُّعْمَانُ اَبَتْ عَمْرَةُ اَنْ تُرَبِّيَهُ حَتّٰى يَجْعَلَ لَهُ بَشِيرٌ حَدِيقَةً، فَفَعَلَ ذٰلِكَ، وَاَرَادَ الْاِشْهَادَ عَلٰى ذٰلِكَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تُشْهِدْنِي اِلَّا عَلٰى عَدْلٍ، فَاِنِّي لَا اَشْهَدُ عَلٰى جَوْرٍ، عَلٰى مَا فِي خَبَرِ اَبِي حَرِيزٍ، تُصَرِّحُ هٰذِهِ اللَّفْظَةُ، اَنَّ الْحَيْفَ فِي النَّحْلِ بَيْنَ الْاَوْلَادِ غَيْرُ جَائِزٍ، فَلَمَّا اَتٰى عَلَى الصَّبِيِّ مُدَّةٌ، قَالَتْ عَمْرَةُ لِبَشِيرٍ: انْحَلِ ابْنِي هٰذَا فَالْتَوٰى عَلَيْهِ سَنَةً اَوْ سَنَتَيْنِ عَلٰى مَا فِي خَبَرِ، اَبِي حَيَّانَ التَّيْمِيِّ، وَالْمُغِيرَةِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، فَنَحَلَهُ غُلَامًا، فَلَمَّا جَاءَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِيُشْهِدَهُ، قَالَ: لَا تُشْهِدْنِي عَلٰى جَوْرٍ، وَيُشْبِهُ اَنْ يَكُونَ النُّعْمَانُ، قَدْ نَسِيَ الْحُكْمَ الْاَوَّلَ، اَوْ تَوَهَّمَ اَنَّهُ قَدْ نُسِخَ، وَقَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا

5107– أبو حريز بوزن عظيم :-اسمه عبد الله بن الحسين الأزدي، مختلف فيه، وثقه أبو زرعة، وابن معين في رواية ابن أبي خيثمة، والمؤلف، وقال وأبو حاتم :حسن الحديث، ليس بمنكر الحديث، يكتب حديثه، وضعفه النسائي، وابن معين في رواية معاوية بن صالح، وقال ابن عدى :عامة مايروية لايتابعه عليه احد وقال الجوزجاني :غير محمود في الحديث، وقال الدارقطني : يعتبر به وقال الذهبي في "الكاشف :"مختلف فيه، وقد وثق، وقال الحافظ في "التقريب "صدوق يخطء. قلت :وقد خالف في هذا الحديث من هو أوثق منه في نوع العطية وزمنها، فجعل العطية حديقة، وجعل زمنها الولادةن بينما الروايات المقدمة وكلها صحيحة تنص على أن العطية كانت غلاماً، وأنها حصلت والنعمان بن بشير غلام. والجمع بين الروايتين كما فعل المؤلف وغيره إنما يصار إليه إذا كانتا في الصحة في مرتبة واحدةن وهذا مفقود هنان فالصواب تضعيف هذه الرواية بأبي حريز والاعتماد على الروايات السابقة التي وراها الثقات.

تُشْهِدْنِي عَلَىٰ جَوْرٍ، فِي الْكَرَّةِ الثَّانِيَةِ زِيَادَةُ تَأْكِيدٍ فِي نَفْيِ جَوَازِهِ، وَالدَّلِيلُ عَلَىٰ أَنَّ النَّحْلَ فِي الْغُلَامِ لِلنُّعْمَانِ كَانَ ذٰلِكَ، وَالنُّعْمَانُ مُتَرَعْرِعٌ، أَنَّ فِي خَبَرِ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: مَا هٰذَا الْغُلَامُ؟، قَالَ: غُلَامٌ أَعْطَانِيهِ أَبِي، فَدَلَّتْكَ هٰذِهِ اللَّفْظَةُ، عَلَىٰ أَنَّ هٰذَا النُّحْلَ غَيْرُ النُّحْلِ الَّذِي فِي خَبَرِ، أَبِي حَرِيزٍ، فِي الْحَدِيقَةِ، لِأَنَّ ذٰلِكَ عِنْدَ امْتِنَاعِ عَمْرَةَ، عَنْ تَرْبِيَةِ النُّعْمَانِ عِنْدَمَا وَلَدَتْهُ، ضِدَّ قَوْلِ مَنْ زَعَمَ، أَنَّ أَخْبَارَ الْمُصْطَفَىٰ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، تَتَضَادُّ، وَتَتَهَاتَرُ، وَأَبُو حَرِيزٍ، كَانَ قَاضِيَ سِجِسْتَانَ

❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے والد حضرت بشیر بن سعد رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! (میری اہلیہ) عمرہ بنت رواحہ کے ہاں بچہ پیدا ہوا میں نے اس کا نام نعمان رکھا۔ اس نے اس بچے کو پالنے پوسنے سے انکار کردیا' جب تک میں اس بچے کو اپنا وہ باغ نہیں دیتا جو سب سے بہترین مال ہے اور اس عورت نے یہ کہا کہ آپ نبی اکرم ﷺ کو اس بارے میں گواہ بنالیں' تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت بشیر رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا تمہاری اس کے علاوہ اور اولاد بھی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم مجھے صرف انصاف کے کام میں گواہ بناؤ۔ میں زیادتی کے کام میں گواہ نہیں بنتا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عطیہ دینے کا یہ جو واقعہ ہم نے ذکر کیا ہے اس کے الفاظ میں اختلاف پایا جاتا ہے' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ اس روایت میں شاید اختلاف پایا جاتا ہے' حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ یہ عطیہ حضرت بشیر نے اپنے بیٹے کو دیا تھا یہ دو مختلف مقامات پر منقول ہیں۔ وہ یوں کہ جب پہلی مرتبہ حضرت نعمان پیدا ہوئے' تو ان کی والدہ سیّدہ عمرہ نے ان کی تربیت کرنے سے اس وقت تک انکار کردیا' جب تک حضرت بشیر انہیں کوئی باغ عطیے کے طور پر نہیں دیتے' تو انہوں نے ایسا ہی کیا۔ انہوں نے اس بارے میں گواہ بنانے کا ارادہ کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم صرف انصاف کے کام پر مجھے گواہ بناؤ کیونکہ میں زیادتی کے کام میں گواہ نہیں بنتا۔ جیسا کہ ابوحریز نامی راوی کی روایت میں یہ بات مذکور ہے اور یہ الفاظ اس بات کی صراحت کرتے ہیں' عطیہ دیتے ہوئے اولاد کے ساتھ امتیازی سلوک کرنا درست نہیں ہے' پھر جب بچہ بڑا ہو گیا' تو عمرہ نے حضرت بشیر سے کہا آپ میرے اس بیٹے کو کوئی عطیہ دیجئے' تو وہ ایک سال یا دو سال تک اس کو ملتوی کرتے رہے۔ جیسا کہ ابوحیان تیمی اور مغیرہ کی شعبی کے حوالے سے نقل کردہ روایت میں یہ بات مذکور ہے پھر انہوں نے اسے غلام عطیہ کردیا جب وہ نبی اکرم ﷺ کے پاس آئے تا کہ انہیں اس بارے میں گواہ بنائیں' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ظلم کے کام میں مجھے گواہ نہ بناؤ' تو اس بات کا احتمال موجود ہے' حضرت نعمان رضی اللہ عنہ پہلا حکم بھول چکے ہوں' یا انہیں یہ غلط فہمی ہوئی ہو کہ وہ حکم منسوخ ہو گیا اور نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''تم ظلم کے کام میں مجھے گواہ نہ بناؤ''۔ یہ دوسری مرتبہ اس کام کے جائز ہونے کی نفی میں زیادہ تاکید پیدا کرنے کے لئے ہو اور اس بات کی دلیل کہ غلام کی صورت میں دیا جانے والا عطیہ بھی حضرت نعمان رضی اللہ عنہ کو ہی دیا گیا تھا یہ ہے' عاصم نے امام شعبی کے حوالے سے روایت نقل کی ہے اس میں یہ بات مذکور ہے' نبی اکرم ﷺ نے حضرت نعمان رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا یہ غلام کہاں سے آیا ہے۔ انہوں نے کہا: یہ وہ غلام ہے' جو میرے والد نے مجھے عطا کیا ہے' تو یہ الفاظ آپ کی رہنمائی اس بات کی طرف کریں گے کہ یہ عطیہ اس

عطیے کے علاوہ تھا جس کا ذکر ابوحریز کی نقل کردہ روایت میں کیا گیا ہے' جو باغ کے بارے میں ہے کیونکہ (حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کی والدہ) عمرہ کا ان کی تربیت کرنے سے انکار کرنا اس وقت تھا' جب ان کی پیدائش ہوئی تھی۔ یہ بات اس شخص کے موقف کے برخلاف ہے' جو اس بات کا قائل ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے منقول روایات متضاد ہیں اور ان میں اختلاف پایا جاتا ہے۔

ابوحریز نامی راوی بحستان کے قاضی تھے۔

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ قَبُولِ مَا يُهْدِى اَخُوْهُ الْمُسْلِمُ اِيَّاهُ اِذَا تَعَرّٰى عَنْ عِلَّتَيْنِ فِيْهِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اس چیز کو قبول کرلے جو اس کے مسلمان بھائی نے اس کو تحفے کے طور پر دی ہو جب کہ اس میں دو علتیں نہ ہوں (جن کا ذکر درج ذیل حدیث میں ہے)

5108 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ بِبُسْتَ، اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسَى بْنِ خَتٍّ، حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ اَيُّوْبَ، حَدَّثَنِىْ اَبُو الْاَسْوَدِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَدِيٍّ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ بَلَغَهُ مَعْرُوْفٌ عَنْ اَخِيْهِ مِنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ، وَلَا اِشْرَافِ نَفْسٍ، فَلْيَقْبَلْهُ، وَلَا يَرُدَّهُ

حضرت خالد بن زید جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جس شخص کو اپنے بھائی کی طرف سے مانگے بغیر اور لالچ کے بغیر کوئی بھلائی (یعنی مال و دولت وغیرہ) ملے اسے اس کو قبول کر لینا چاہئے اسے وہ واپس نہیں کرنا چاہئے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ رَدِّ الْمَرْءِ الطِّيبَ، اِذَا عُرِضَ عَلَيْهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی خوشبو (کا تحفہ) قبول نہ کرے جب وہ اس کے سامنے پیش کیا جائے

5109 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ اَيُّوْبَ، قَالَ حَدَّثَنِىْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيْعَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنْ

5108– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن موسى بن ختن فمن رجال البخاري . المقبريء :هو أبو عبد الرحمن عبد الله بن يزيدن و أبو الأسود :هو محمد بن عبد الرحمن بن نوفل يتيم عروة .وقد تقدم برقم "3404".

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ عُرِضَ عَلَيْهِ طِيبٌ، فَلَا يَرُدَّهُ، فَإِنَّهُ خَفِيفُ الْمَحْمَلِ، طَيِّبُ الرَّائِحَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس شخص کو خوشبو دی جائے وہ اسے واپس نہ کرے کیونکہ اس کا وزن بھی زیادہ نہیں ہوتا اور خوشبو بھی پاکیزہ ہوتی ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْمَرْءَ وَإِنْ كَانَ خَيِّرًا فَاضِلًا إِذَا أُهْدِيَ إِلَيْهِ شَيْءٌ وَإِنْ كَانَ قَلِيلًا عَلَيْهِ قَبُولُهُ وَالْإِفْضَالُ مِنْهُ عَلَى غَيْرِهِ دُوْنَ الْإِزْدِرَاءِ بِالشَّيْءِ الْيَسِيرِ، وَالتَّأَمُّلِ لِلشَّيْءِ الْكَثِيرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی اگرچہ نیک اور فضیلت والا ہو اور پھر اسے کوئی چیز تحفے کے طور پر

پیش کی جائے' تو اگرچہ وہ چیز تھوڑی ہو اسے قبول کرنا اس پر لازم ہے اور اس میں سے کچھ چیز دوسروں پر بھی خرچ کرنی چاہئے تاہم آدمی کو اس بارے میں تھوڑی چیز کو لینے میں ہچکچاہٹ نہیں کرنی چاہئے اور زیادہ چیز کے حصول کا خواہش مند نہیں ہونا چاہئے

5110 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي دَارِ أَبِي أَيُّوبَ، فَأُتِيَ بِطَعَامٍ فِيهِ ثُومٌ، فَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ وَأَرْسَلَ بِهِ إِلَى أَبِي أَيُّوبَ، فَلَمْ يَأْكُلْ مِنْهُ أَبُو أَيُّوبَ، إِذْ لَمْ يَرَ فِيهِ أَثَرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ أَتَاهُ، فَسَأَلَهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَحَرَامٌ هُوَ؟، قَالَ: لَا، وَلَكِنْ كَرِهْتُهُ مِنْ أَجْلِ الرِّيحِ، فَقَالَ: إِنِّي أَكْرَهُ مَا كَرِهْتَ

5109– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملةن وهو ابن يحيى فمن رجال مسلم . وأخرجه أحمد 2/320، ومسلم "2253"في الألفاظ من الأدب وغيرها :باب استعمال المسكن وأبو داود "4272"في الترجل: باب رد الطيب، والنسائي 8/189في الزينة :باب الطيب، والبيهقي 3/245من طرق عن أبي عبد الرحمن المقرء، عن سعيد بن أبي أيوب، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ .قال بعضهم في حتديثه " :من عرض عليه ريحان " وفي رواية الأخرين "من عرض عليه طيب "وهو أشهر. والمحمل كمجلس :المراد به الحملن أي خفيف الحمل ليس بثقيل.

5110– إسناده حسن على شرط مسلم .سماك بن حرب وأن كان من رجال مسلم -لا ترتقي حديث إلى الصحة، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه الطبراني في "الكبير "1889" "عن سليمان بن الحسن العطار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/95، والترمذي "1807"في الأطعمة :باب ماجاء في كراهية أكل الثوم والبصل، والبيهقي 3/77من طريقين عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 5/94و 96 - 95و 103و106، والطبراني "1940"و "1972"و "2047"من طرق عن سماك بن حرب، به .وقال الترمذي :حسن صحيح .وقد تقدم برقم ."2095"

✿✿ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر میں موجود تھے۔ آپ کی خدمت میں کھانا لایا گیا جس میں لہسن تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے نہیں کھایا۔ آپ نے وہ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ کو بھجوا دیا۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے بھی اس میں سے نہیں کھایا کیونکہ انہیں اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے استعمال کا نشان نظر نہیں آیا تھا' پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے اس بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ حرام ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں' لیکن میں نے اس کی بو کی وجہ سے اسے ناپسند کیا ہے۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے عرض کی: جسے آپ نے ناپسند کیا ہے اسے میں بھی ناپسند کرتا ہوں۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ قَبُولِ الْجَمَاعَةِ الْهِبَةَ الْوَاحِدَةَ الْمُشَاعَةَ مِنَ الرَّجُلِ الْوَاحِدِ وَاِنْ لَمْ يَعْلَمْ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ حِصَّتَهُ مِنْهَا

ایک جماعت کے لیے ''ایک ہبہ'' کو قبول کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ' جو قابلِ تقسیم ہو

اور ایک شخص کی طرف سے کیا گیا ہو' اگرچہ اس جماعت میں سے ہر شخص اپنے (مخصوص) حصے کے بارے میں علم نہ رکھتا ہو

5111 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيُّ، عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَلَمَةَ الضَّمْرِيِّ، اَنَّهُ اَخْبَرَهُ عَنِ الْبَهْزِيِّ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يُرِيْدُ مَكَّةَ، حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالرَّوْحَاءِ، اِذَا حِمَارٌ وَحْشِيٌّ عَقِيْرٌ، فَذُكِرَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: دَعُوْهُ، فَاِنَّهُ يُوْشِكُ اَنْ يَّاْتِيَ صَاحِبُهُ، فَجَاءَ الْبَهْزِيُّ، وَهُوَ صَاحِبُهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَاْنُكُمْ بِهٰذَا الْحِمَارِ، فَاَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَكْرٍ، فَقَسَمَهُ بَيْنَ الرِّفَاقِ، ثُمَّ مَضٰى حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالْاُثَايَةِ بَيْنَ الرُّوَيْثَةِ،

5111- إسناد صحيح رجاله ثقات رجال الشيخين، وعمر بن سلمة الضمري، والبهزي صحابيان، حديثهما عند النسائي، والبهزي :قيل اسمه زيد بن كعب. قال الزرقاني في "شرح الموطأ :2/278 "هكذا رواه مالك، ولم يختلف عليه في إسناده، وتابعه عليه أبو أياس، عبد الوهاب الثقفي، وحماد بن سلمة وغيرهم عن يحيى، ورواه حماد بن زيد وهشيم، ويزيد بن هارون، وعلي بن مسهر، عن يحيى بن سعيد، فلم يقولوا :عن البهزي .قال موسى بن هارون :الصحيح أن الحديث من مسند عمير بن سلمة، وليس بينه وبين النبي صلى الله عليه وسلم، وذلك بيّنٌ في رواية يزيد بن الهاد، وعبد ربه بن سعيد، عن محمد بن إبراهيم، قال :ولم يأت ذلك من مالك، لأن جماعة رووه عن يحيى كما رواه مالك، وإنما جاء ذلك من يحيى كان أحياناً يقول :عن البهزي، وأحياناً لايقولهن وأظن المشيخة الأولى كان ذلك جائزاً عندهم، وليس هو رواية عن فلان، وإنما هو قصة عن فلان .هذا كلام موسى هارون نقله في "التمهيد"، والدارقطني في "العلل." وهو في "الموطأ 1/351 "في الحج :باب مايجوز للمحرم أكله من الصيد، ومن طريقه أخرجه عبد الرزاق "8339"، والنسائي 5/18في الحج :باب ما يجوز للمحرم أكله، والبيهقي 6/171و 9/322. وأخرجه أحمد 3/452، والطبراني "5283"من طريق يزيد بن هارون، عن يحيى بن سعيدن به.

وَالْعَرْجِ، إِذَا ظَبْيٌ حَاقِفٌ، فِي ظِلٍّ، وَفِيهِ سَهْمٌ، فَزَعَمَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَمَرَ رَجُلًا يَقِفُ عِنْدَهُ لَا يَرِيبُهُ أَحَدٌ مِّنَ النَّاسِ حَتّٰى يُجَاوِزَهُ

❀❀ حضرت بہزی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ مکہ کی طرف روانہ ہونے کے لئے نکلے یہاں تک کہ جب آپ روحاء کے مقام پر پہنچے تو وہاں ایک زیبرا تھا جس کا پاؤں کٹا ہوا تھا اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اسے رہنے دو عنقریب اس کا مالک اس تک آ جائے گا' پھر حضرت بہزی رضی اللہ عنہ آ گئے وہ اس کے مالک تھے وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں آئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! آپ اس زیبرے کو استعمال کریں' تو نبی اکرم ﷺ نے اس کے بارے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حکم دیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسے اپنے ساتھیوں میں تقسیم کر دیا پھر نبی اکرم ﷺ روانہ ہوئے' یہاں تک کہ رویثہ اور عرج کے درمیان اثایا کے مقام پر پہنچے تو وہاں ایک سائے میں ہرن بیٹھا ہوا تھا جس کو تیر لگا ہوا تھا۔

حضرت بہزی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو حکم دیا کہ وہ اس ہرن کے پاس ٹھہرا رہے' تا کہ کوئی بھی شخص اس کو تنگ نہ کرے' یہاں تک کہ وہ لوگ وہاں سے گزر جائیں۔

ذِكْرُ إِبَاحَةِ قَبُوْلِ الْمَرْءِ الْهِبَةَ لِلشَّيْءِ الْمَشَاعِ بَيْنَهُ وَبَيْنَ غَيْرِهِ

آدمی کے لیے اس ہبہ کو قبول کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ' جو ایسی چیز کے بارے میں ہو جو اس کے اور دوسرے آدمیوں کے درمیان مشترک ہو

5112 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرٍ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَلَمَةَ الضَّمْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا نَحْنُ نَسِيْرُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِبَعْضِ أَثْنَاءِ الرَّوْحَاءِ، وَهُمْ حُرُمٌ، إِذَا حِمَارٌ مَعْقُورٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعُوهُ، فَيُوشِكُ صَاحِبُهُ أَنْ يَأْتِيَهُ، فَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْ بَهْزٍ هُوَ الَّذِي عَقَرَ الْحِمَارَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَأْنَكُمْ بِهٰذَا الْحِمَارِ، فَأَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَبَا بَكْرٍ، فَقَسَمَهُ بَيْنَ النَّاسِ

❀❀ حضرت عمیر بن سلمہ ضمری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سفر کر رہے تھے۔ روحاء کے قریب ہم پہنچے' تو ہم سب حالت احرام میں تھے۔ وہاں ایک زیبرا تھا جو زخمی تھا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسے رہنے دو اس کا

5112- إسناده صحيح على شرطهما غير صحابي الحديث، فقد روى له النسائي. وابن الهاد: يزيد بن عبد الله بن أسامة بن الهاد الليثي. وأخرجه النسائي 7/205 في الصيد والذبائح: باب إباحة أكل لحوم حمر الوحش، عن قتيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 3/624 عن عبد العزيز بن أبي حازم، عن يزيد بن الهاد، به. وسكت عنه وقال الذهبي: سنده صحيح. وأخرجه أحمد 3/418 عن هشيم، عن يحيى بن سعيد، عن محمد بن إبراهيم، به. وانظر ماقبله.

مالک اس کے پاس آجائے گا' پھر بہزی قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص آیا یہ وہ شخص تھا جس نے اس زیبرے کو زخمی کیا تھا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! آپ اس کو استعمال کر سکتے ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو حکم دیا' تو انہوں نے اس کا گوشت لوگوں کے درمیان تقسیم کر دیا۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اِهْدَاءِ الْمَرْءِ الْهَدِيَّةَ اِلٰى اَخِيهِ وَاِنْ لَمْ يَحِلَّ لِوَاحِدٍ مِّنْهُمَا اسْتِعْمَالُ تِلْكَ الْهَدِيَّةِ بِاَنْفُسِهِمَا

آدمی کے لیے اپنے بھائی کو ایسی چیز تحفے کے طور پر دینے کے مباح ہونے کا تذکرہ' اگرچہ ان دونوں میں سے کسی ایک کے لیے بذات خود اس ہدیے کو استعمال کرنا جائز نہ ہو

5113 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يُحَدِّثُ

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَرَجَ فَرَاٰى حُلَّةَ اِسْتَبْرَقٍ تُبَاعُ فِي السُّوقِ، فَاَتٰى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اشْتَرِهَا فَالْبَسْهَا يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَحِينَ يَقْدَمُ عَلَيْكَ الْوُفُودُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّمَا يَلْبَسُ هٰذِهِ، مَنْ لَا خَلَاقَ لَهُ ، قَالَ: ثُمَّ اُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثِ حُلَلٍ مِّنْهَا، فَكَسَا عُمَرَ حُلَّةً، وَكَسَا عَلِيًّا حُلَّةً، وَكَسَا اُسَامَةَ حُلَّةً، فَاَتَاهُ عُمَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قُلْتَ: فِيهَا مَا قُلْتَ: ثُمَّ بَعَثْتَ بِهَا اِلَيَّ، فَقَالَ: بِعْهَا، فَاقْضِ بِهَا حَاجَتَكَ، اَوْ شُقَّهَا خُمُرًا بَيْنَ نِسَائِكَ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ (بازار) گئے انہوں نے استبرق سے بنا ہوا ایک حلّہ بازار میں فروخت ہوتے ہوئے دیکھا' تو وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! آپ اسے خرید لیجئے اور جمعہ کے دن اور جب وفد آپ کی بارگاہ میں حاضر ہوں۔ اس دن اسے زیب تن کر لیا

5113- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن الحارث المخزومي، فمن رجال مسلم .وإخرجه النسائي 8/198في الزينة :باب ذكر النهي لبس الإستبرق، من طريق إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/39عن إسحاق بن سليمان، وعبد الله بن الحارث، به . وأخرجه أحمد 2/24، والبخاري "948"في العيدين والتجمل فيه، و "2104"في البيوع :باب التجارة فيما يكره لبسه للرجال والنسائي، و "3054"في الجهاد والسير :باب التجمل للوفود، و "6081"في الأدب :وباب من تجمل للوفود، ومسلم "8" "2068"و "9"في اللباس والزينة :باب تحريم استعمال إناء الذهب والفضة على الرجال والنساء ، وأبو داود "4041"في اللباس :باب ماجاء في لبس الحرير، والبيهقي 3/280من طرق عن سالم، به . وأخرجه أحمد 2/51و 68و 82و127، ولطيالسي "1937"، والبخاري "2619"في الهبة :باب الهدية للمشركين، و "5981"في الأدب :باب صلة الأخ المشرك، والنسائي 8/201في الزينة :باب التشديد في لبس الحرير من طرق عن ابن عمر وانظر ."5439"

کریں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسے وہ شخص پہنے گا' جس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہوگا۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں اسی قسم کے تین حلے پیش کیے گئے' تو آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ان میں سے ایک حلہ عطا کیا۔ ایک عدد حضرت علی رضی اللہ عنہ کو عطا کیا اور ایک حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو عطا کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ آپ نے' تو اس کے بارے میں فلاں بات ارشاد فرمائی تھی اب آپ نے یہ میری طرف بھیج دیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اسے فروخت کرو اور اس کے ذریعے اپنی ضروریات کو پورا کرو یا پھر اسے کاٹ کر اپنی بیویوں کی چادریں بنوا دو۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اَخْذِ الْمُهْدِي هَدِيَّةَ نَفْسِهِ بَعْدَ بَعْثِهِ اِلَى الْمُهْدَى اِلَيْهِ وَمَوْتُ الْمُهْدَى اِلَيْهِ قَبْلَ وُصُولِ الْهَدِيَّةِ اِلَيْهِ

تحفہ دینے والے کے لیے اپنے تحفے کو دوبارہ لینے کے مباح ہونے کا تذکرہ جب کہ اس نے دوسرے شخص کی طرف اسے بھیجا ہو اور دوسرا شخص اسے وصول کرنے سے پہلے فوت ہو جائے

5114 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ اُمِّ كُلْثُومٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنِّي قَدْ اَهْدَيْتُ اِلَى النَّجَاشِيِّ حُلَّةً وَاَوَاقِيَّ مِسْكٍ، وَلَا اُرَاهُ اِلَّا قَدْ مَاتَ، وَسَتُرَدُّ الْهَدِيَّةُ، فَاِنْ كَانَ كَذٰلِكَ، فَهِيَ لَكِ، قَالَتْ: فَكَانَ كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَاتَ النَّجَاشِيُّ، وَرُدَّتِ الْهَدِيَّةُ، فَدَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلَى كُلِّ امْرَاَةٍ مِّنْ نِسَائِهِ اُوقِيَّةَ مِسْكٍ، وَدَفَعَ الْحُلَّةَ، وَسَائِرَ الْمِسْكِ اِلَى اُمِّ سَلَمَةَ

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم ﷺ نے میرے ساتھ شادی کی' تو آپ نے فرمایا میں نے نجاشی کو

5114– إسناده ضعيف. مسلم بن خالد: هو الزنجي سيء الحفظ، وأم موسى بن عقبة: لاتعرف. وأم كلثوم، نسبها المؤلف في "ثقاته 5/594 "، فقال: بنت أسماء، وروى حديثها ابن أبي عاصم في "الوحدان" كما في "الإصابة 4/467 "من طريق مُسْلِمُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عن أمه، عن أم كلثوم بنت سملة قال الحافظ: ورواه مسدد، عن مسلم بن خالد، لكن لم ينسبها. أخرجه ابن منده من طريقه، فقال: أم كلثوم غير منسوبة، ورواه هشام بن عمار، عن مسلم بن خالد فقال في روايته: عن أمه، عن أم كلثوم عن أم سلمة. وأخرجه ابن حبان في "صحيحه "من طريقه وهو لمحفوظ. وأخرجه أحمد 6/404، والطبراني 25/"205" و "206"من طريق مسلم بن خالدن عن موسى بن عقبة، عن أمه عن أم كلثوم بنت أبي سلمة، به. وأخرجه ابن سعد 8/95، والبيهقي 6/26من طريق مسلم بن خالد عن موسى بن عقبة، عن أمه، عن أم كلثوم قالت: لما تزوج رسول الله صلى الله عليه وسلم ... وأخرجه البيهقي 6/26من طريق ابن وهب ومسدد، كلاهما عن مسلم بن خالد، عن موسى بن عقبة، عن أم كلثوم قال ابن وهب في روايته أم كلثوم بنت سلمة قالت: لما تزوج رسول الله صلى الله عليه وسلم .... وأخرجه أحمد 6/404عن يزيد بن هارون، عن مسلم بن خالد، عن موسى بن عقبةن عن أبيه، عن أم كلثوم.

ایک حلہ اور مشک کے کچھ اوقیہ تحفے کے طور پر بھجوائے تھے۔ میرا خیال ہے اس کا انتقال ہو گیا ہے' تو یہ تحفہ واپس آ جائے گا اگر ایسا ہی ہوا' تو وہ تمہیں ملے گا۔ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پھر ویسا ہی ہوا جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا تھا نجاشی کا انتقال ہو گیا تھا وہ تحفہ واپس آ گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تمام ازواج کی طرف مشک کا ایک اوقیہ بھجوایا اور وہ حلہ اور باقی تمام مشک سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو دے دی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ إِبَاحَةِ أَكْلِ الْمَرْءِ الْهَدِيَّةَ الَّتِي كَانَتْ تُصُدِّقَتْ عَلَى الْمُهْدِي قَبْلَ أَنْ يُهْدِيَهَا إِلَيْهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی کے لیے اس ہدیے کو کھا لینا مباح ہے' جو اسے ہدیے کے طور پر ملنے سے پہلے ہدیہ دینے والے کو صدقے کے طور پر دیا گیا ہو

5115 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّازُ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَ، بَرِيرَةَ لِلْعِتْقِ، فَاشْتَرَطُوا، وَلَاءَ هَا، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْتَرِيهَا وَأَعْتِقِيهَا، فَإِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ وَأُهْدِيَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمٌ، فَقُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا تُصُدِّقَ عَلَى بَرِيرَةَ، فَقَالَ: هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ، وَلَنَا هَدِيَّةٌ

قَالَ: عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، وَكَانَ زَوْجُهَا حُرًّا

✿✿ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے بریرہ کو آزاد کرنے کے لئے اسے خریدنے کا ارادہ کیا' تو اس کے مالکان نے اس کے ولاء کی شرط عائد کی۔ اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے خرید کر اسے آزاد کر دو کیونکہ ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو حاصل ہوتا ہے۔

ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو گوشت تحفے کے طور پر دیا گیا' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: یہ بریرہ کو صدقے کے طور پر دیا گیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اس کے لئے صدقہ تھا اور ہمارے لئے تحفہ ہے۔

5115- إسناده صحيح على شرط الصحيح .وأبو داود :هو الطيالسي سليمان بن داود بن الجارود البصري، وهو في "مسند "أبي داود والطيالسي "برقم ."1417" وأخرجه البيهقي 7/220من طريق يونس، عن أبي داود، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "2578"في الهبة :باب قبول الهدية، ومسلم "173""1075"في الزكاة :باب إباحة الهدية للنبي صلى الله عليه وسلم....، و "1504"و "13"في العتق :باب الولاء لمن أعتق والنسائي - 6/165و 166في الطلاق :باب خيار الأمة تعتق وزوجها مملوك، والبيهقي 10/338من طرق عن شعبة، به. وأخرجه مسلم "11" "1504" "173" "1075"، والنسائي 6/165، والبيهقي 6/185و 7/134و 220و 15/295من طريقين عن زائدة، عن سماك، عن عبد الرحمن به .وقد تقدم ."4269"

عبدالرحمٰن نامی راوی بیان کرتے ہیں: اس خاتون کا شوہر آزاد شخص تھا۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا قَالَتْ عَائِشَةُ: هٰذَا تُصُدِّقَ عَلٰى بَرِيرَةَ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی تھی "یہ بریرہ کو صدقے کے طور پر دیا گیا تھا"

5116 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ فِي بَرِيرَةَ ثَلَاثُ سُنَنٍ اِحْدَى السُّنَنِ الثَّلَاثِ اَنَّهَا اُعْتِقَتْ، فَخُيِّرَتْ فِي زَوْجِهَا، وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ، وَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْبُرْمَةُ تَفُورُ بِلَحْمٍ فَقُرِّبَ اِلَيْهِ خُبْزٌ، وَاُدُمٌ مِنْ اُدُمِ الْبَيْتِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَمْ اَرَ بُرْمَةً، فِيهَا لَحْمٌ، قَالُوا: بَلٰى، يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَلٰكِنْ ذَاكَ لَحْمٌ تُصُدِّقَ بِهِ عَلٰى بَرِيرَةَ، وَاَنْتَ لَا تَاْكُلُ الصَّدَقَةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ وَهُوَ لَنَا هَدِيَّةٌ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بریرہ کے بارے میں تین شرعی احکام سامنے آئے جب وہ آزاد ہوئی' تو اسے اس کے شوہر کے ساتھ رہنے (یا علیحدگی اختیار کرنے) کے بارے میں اختیار دیا گیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو حاصل ہوتا ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں داخل ہوئے' تو ہنڈیا میں گوشت پک رہا تھا' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں روٹی اور گھر کا دوسرا سالن پیش کیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا میں نے ہنڈیا میں گوشت نہیں دیکھا تھا۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم' لیکن یہ وہ گوشت ہے' جو بریرہ کو صدقے کے طور پر دیا گیا تھا اور آپ صدقہ نہیں کھاتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ اس کے لئے صدقہ تھا اور ہمارے لئے تحفہ ہے۔

ذِكْرُ جَوَازِ اَكْلِ الصَّدَقَةِ الَّتِيْ تُصُدِّقَ بِهَا عَلٰى اِنْسَانٍ، ثُمَّ اَهْدَاهَا الْمُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ لَهُ وَاِنْ كَانَ مِمَّنْ لَا يَحِلُّ لَهُ اَخْذُ الصَّدَقَةِ وَلَا اَكْلُهَا

اس صدقے کو کھانے کے جائز ہونے کا تذکرہ' جو کسی شخص کو صدقے کے طور پر دیا گیا ہو

5116- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "الموطأ" 2/562 "في الطلاق: باب ماجاء في الخيار. ومن طريق مالك أخرجه البخاري "5097" في النكاح: باب الحرة تحت العبد، و "5279" في الطلاق: باب لايكون بيع الأمة طلاقاً، ومسلم "1075" "173" في الزكاة: باب إباحة الهدية للنبي صلى الله عليه وسلم ...، و "14" "1504" في العتق: باب الولاء لمن أعتق، والنسائي 6/162 في الطلاق: "باب خيار الأمة، والبيهقي 6/161، والبغوي "1611" وانظر "4269".

اور پھر جس کو صدقے کے طور پر دیا گیا تھا اس نے وہ آگے تحفے کے طور پر دے دیا ہو، اگرچہ آگے والا شخص ایسا ہو کہ اس کے لیے صدقے کو لینا یا اسے کھانا جائز نہ ہو

5117 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عُبَيْدَ بْنَ السَّبَّاقِ، زَعَمَ اَنَّ جُوَيْرِيَةَ زَوْجَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: هَلْ مِنْ طَعَامٍ؟ ، قَالَتْ: لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا عِنْدَنَا طَعَامٌ، اِلَّا عَظْمَ شَاةٍ، اُعْطِيَتْ مَوْلَاتِي مِنَ الصَّدَقَةِ، قَالَ: قَرِّبِيهِ، فَقَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا

❁❁ نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ ان کے ہاں تشریف لائے آپ نے دریافت کیا: کیا کھانے کے لئے کچھ ہے اس خاتون نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! اللہ کی قسم نہیں ہے۔ ہمارے پاس کوئی کھانا نہیں ہے صرف ایک بکری کی ہڈی (والا گوشت) ہے جو میری کنیز کو صدقے کے طور پر دیا گیا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ ہی پیش کردو کیونکہ وہ اپنے مقام تک پہنچ چکا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ، قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ عُبَيْدَ بْنَ السَّبَّاقِ، لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ جُوَيْرِيَةَ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے عبید بن سباق نامی راوی نے یہ روایت سیدہ جویریہ رضی اللہ عنہا سے نہیں سنی ہے

5118 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ السَّبَّاقِ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَتْنِي جُوَيْرِيَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَخَلَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: هَلْ مِنْ طَعَامٍ؟ ، قَالَتْ: لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِلَّا طَعَامٌ اُعْطِيَتْهُ مَوْلَاةٌ لَنَا، مِنَ الصَّدَقَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَرِّبِيهِ

5117– إسناده صحيح .يزيد بن موهب :هو يزيد بن موهب، ثقة، روى له أبو داود، والنسائي، والترمذي، من فوقه ثقات على شرطهما . وأخرجه أحمد 6/430، ومسلم "1073"و "169"في الزكاة :باب إباحة الهدية للنبي صلى الله عليه وسلم، والطبراني "164"/24، والحاكم 4/28من طرق عن الليث، بهذا الإسناد .وصححه الحاكم على شرط الشيخين . وأخرجه الطبراني "165"/24و "166"و "167"و "169"من طرق عن ابن شهاب، به.

5118– إسناده صحيح على شرطهما .سفيان :هوابن عيينة . وأخرجه أحمد 6/429، والحميدي "169" "317"في الزكاة :باب إباحة الهدية للنبي صلى الله عليه وسلم، والطبراني "77"/24من طرق عن سفيان بهذا الإسناد .ووقع في الطبراني بدل جويرية" :"ميمونة."

سیدہ جویریہ بنت حارث رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے۔ آپ نے دریافت کیا: کیا کچھ کھانے کے لئے ہے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! جی نہیں صرف وہ کھانا ہے جو ہماری کنیز کو صدقے میں سے دیا گیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے ہی پیش کردو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِإِبَاحَةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جواس بات کے مباح ہونے کی صراحت کرتی ہے جس کا ذکر ہم نے کیا ہے

5119 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ حَفْصَةَ، عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِعَائِشَةَ: عِنْدَكِ شَيْءٌ تُطْعِمِينِي؟ ، قَالَتْ: لَا، إِلَّا مِنَ الشَّاةِ، الَّتِي بُعِثَتْ بِهَا إِلَى نُسَيْبَةَ مِنَ الصَّدَقَةِ، قَالَ: هَاتِيهِ، فَقَدْ بَلَغَتْ مَحِلَّهَا

ام عطیہ بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کیا تمہارے پاس کوئی ایسی چیز ہے جو مجھے کھانے کے لئے دو۔ انہوں نے عرض کی: جی نہیں۔ صرف وہ بکری ہے جو نسیبہ کو صدقے میں سے دی گئی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے ہی پیش کردو وہ اپنے مقام تک پہنچ چکی ہے۔

ذِكْرُ جَوَازِ قَبُولِ الْمَرْءِ الَّذِي لَا يَحِلُّ لَهُ اَخْذُ الصَّدَقَةِ الْهَدِيَّةَ مِمَّنْ تُصُدِّقَ عَلَيْهِ بِتِلْكَ الْهَدِيَّةِ

آدمی کے لیے اس چیز کو ہدیے کے طور پر قبول کرنے کے جائز ہونے کا تذکرہ

جسے صدقے کے طور پر لینا اس کے لیے جائز نہ ہو اور یہ اس کی طرف سے قبول کیا جائے جسے وہ ہدیہ صدقے کے طور پر دیا گیا ہو

5120 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، قَالَ:

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' کوئی شخص اپنے پڑوسی کو پیشکش کرنے سے پہلے اپنی زمین کو فروخت کر دے

5178 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلشُّفْعَةُ فِي كُلِّ رَبْعَةٍ اَوْ حَائِطٍ لَا يَصْلُحُ لَهُ اَنْ يَّبِيعَ حَتّٰى يَعْرِضَ عَلٰى صَاحِبِهِ، فَاِنْ شَاءَ اَخَذَ، وَاِنْ شَاءَ تَرَكَ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر زمین اور باغ میں شفعہ ہو سکتا ہے اسے اس وقت تک فروخت کرنا درست نہیں ہے' جب تک آدمی اپنے ساتھی کو اس بارے میں پیشکش نہ کر دے اگر وہ چاہے' تو اسے حاصل کر لے اور اگر چاہے' تو اسے ترک کر دے۔''

5178- إسناده حسن، وهو حديث هشام بن عمار حسن الحديث، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير أبي الزُّبير :محمد بن مسلم بن تَدْرُسَ، فقد روى له البخاري مقروناً واحتج به مسلم، وقد صرح ابن جريج وأبو الزبير بالسماع عند مسلم وغيره . وأخرجه عبد الرزاق "14403"، والشافعي 2/165، وأحمد 3/316، والحميدي "1272"، والدارمي 2/273-274، ومسلم "134" "1608"و "135"في المساقاة :باب الشفعة، وأبو داود "3513"في البيوع والإجارات :باب الشفعة، والنسائي 7/301في البيوع :باب بيع المشاع، و :320باب الشركة في الرباع، وابن الجارود "642"، والطحاوي 4/120، والبيهقي 6/104و 105و109، من طرق عن ابن جريج، بهذا الإسناد .وألفاظه عندهم متقاربة . وأخرجه بنحوه عبد الرزاق "14403"، وأحمد 3/307و 310و382، وابن أبي شيبة 7/168، والنسائي 7/319في البيوع :باب الشركة في النخيل، و :321باب ذكر الشفعة وأحكامها، وابن ماجه "2492"في الشفعة :باب من باع رباعاً فيؤذن شريكه، أبو يعلى "1835"، وابن الجارود "641"، والطبراني في "الصغير "25"من طرق عن أبي الزبير، به . وأخرجه أحمد 3/357، والترمذي "1312"في البيوع :باب ماجاء في أرض المشترك يريد بعضهم بيع نصيبه، من طريقين عن سعيد عن قتادة، عن سليمان اليشكري، عن جابر. قال الترمذي :هذا حديث إسناده ليس بمتصل، سمعت محمداً يقول سليمان اليشكري يقال :أنه مات في حياة جابر بن عبد الله، يقال ولم يسمع منه قتادة ولاأبو بشير.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الزَّجْرَ اِنَّمَا زُجِرَ عَنْهُ مَنْ كَانَ لَهٗ شَرِيكٌ فِيْ اَرْضِهٖ اِذِ الشُّفْعَةُ لَا تَكُوْنُ اِلَّا لِلشُّرَكَاءِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اس چیز سے منع اس وقت کیا گیا ہے جب کہ وہ پڑوسی اس کی زمین میں اس کا شراکت دار ہو کیونکہ شفعہ صرف شراکت دار کو حاصل ہوتا ہے

5179 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ كَانَ لَهٗ شَرِيكٌ فِيْ رَبْعَةٍ، اَوْ نَخْلٍ، فَلَيْسَ لَهٗ اَنْ يَبِيعَ حَتّٰى يُؤْذِنَ شَرِيكَهٗ، فَاِنْ رَضِيَ اَخَذَ وَاِنْ كَرِهَ تَرَكَ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جس شخص کا کسی زمین یا کھجور کے باغ میں کوئی حصہ دار ہو تو اسے اپنے حصے کو فروخت کرنے کا اس وقت تک اختیار نہیں ہوگا' جب تک وہ اپنے شراکت دار کو اطلاع نہ دیدے اگر وہ (شراکت دار) راضی ہو' تو اسے حاصل کر لے اور اگر نہ چاہے' تو چھوڑ دے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاَخْذِ الشُّفْعَةِ لِلْجَارِ فِي الْعُقْدَةِ الْمَبِيعَةِ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' پڑوسی اس وقت شفعہ کا حق اختیار کرے گا جب سودا ہو رہا ہو

5180 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا

5179- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير، فمن رجال مسلم، وروى له البخاري مقروناً .أبو الوليد :هو الطيالسي هشم بن عبد الملك . وأخرجه أحمد 3/312و397، وأبو القاسم البغوي في "الجعديات"2701" "، ومسلم "133" "1608"، وأبو يعلى "2171"، والبغوي في "شرح السنة "2173" "من طرق عن زهير بن معاوية بهذا الإسناد .وانظر ما قبله.

5180- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الجبار بن العلاء فمن رجال مسلم. وأخرجه عبد الرزاق "14382"، والحميدي "552"، وأحمد 6/390، والشافعي 2/165، وابن أبي شيبة 165 - 164، والبخاري "6977"و "6978"في الحيل :باب في الهبة والشفعة، و "6980"و :"6981"باب احتيال العامل ليهدى له، وأبو داود "3516"في البيوع والإجارات :باب في الشفعة، والنسائي 7/320في البيوع :باب الشفعة وأحكامها، وابن ماجه "2498"في الشفعة :باب إذا وقعت الحدود فلاشفعة، والطحاوي 4/123، والدارقطني 223 - 4/222و223، والبيهقي 6/105و 105- 106، والبغوي "2172من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد .ومنهم من ذكر فيه قصة لسعد بن أبي وقاص والمسور بن مخرمة، وسيأتي عند المؤلف ابن ماجه وإحدى روايات الدارقطني "الشريك."....

سُفْيَانُ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ، عَنْ اَبِىْ رَافِعٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:
(متن حدیث): اَلْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهِ

حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''پڑوسی اپنے پڑوس کے بارے میں زیادہ حق دار ہوتا ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهِ اَرَادَ بِهِ الْجَارَ الَّذِىْ يَكُوْنُ شَرِيكًا دُوْنَ الْجَارِ الَّذِىْ لَا يَكُوْنُ بِشَرِيكٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''پڑوسی اپنے پڑوس کے بارے میں

زیادہ حق دار ہوتا ہے' اس کے ذریعے وہ پڑوسی مراد ہوتا ہے' جو شراکت دار بھی ہوتا ہے وہ پڑوسی مراد نہیں ہے' جو شراکت دار نہیں ہوتا

5181 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ حَدَّثَنِىْ رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ، قَالَ:
(متن حدیث): كُنْتُ مَعَ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ وَقَّاصٍ، وَالْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ، فَجَاءَ اَبُوْ رَافِعٍ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِسَعْدِ بْنِ مَالِكٍ: اشْتَرِ مِنِّىْ بَيْتَيَّ اللَّذَيْنِ فِىْ دَارِكَ، فَقَالَ: لَا، اِلَّا بِاَرْبَعَةِ آلَافٍ مُنَجَّمَةٍ، اَوْ قَالَ: مُقَطَّعَةٍ، فَقَالَ: اَمَا وَاللّٰهِ، لَوْلَا اَنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: الْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهِ مَا بِعْتُكَهَا، لَقَدْ اُعْطِيتُ بِهَا خَمْسَ مِائَةِ دِيْنَارٍ

عمرو بن شرید بیان کرتے ہیں: میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ موجود تھا۔ اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے۔ انہوں نے حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ سے کہا آپ مجھ سے میرے وہ دو گھر خرید لیں جو آپ کے محلے میں ہیں' تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے کہا: جی نہیں میں اس شرط پر خریدوں گا ان کی قیمت چار ہزار (درہم) ہوگی اور وہ بھی قسطوں میں ادا کی جائے گی (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے)' تو حضرت ابورافع نے فرمایا اللہ کی قسم اگر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا کہ ''پڑوسی اپنے پڑوس کا زیادہ حق دار ہوتا ہے'' تو میں وہ گھر آپ کو فروخت نہ کرتا کیونکہ مجھے اس کے پانچ سو دینار مل رہے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ جَهِلَ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّ الْجَارَ الْمُلَاصِقَ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ شَرِيكًا لَهُ الشُّفْعَةُ

5181– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، فمن رجال البخاري. وانظر ما قبله.

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث سے ناواقف ہے (اور وہ اس بات کا قائل ہے) جو پڑوسی ساتھ رہتا ہوا گرچہ وہ شراکت دار نہ بھی ہو پھر بھی اسے شفعہ کا حق ہوتا ہے

5182 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الازْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): جَارُ الدَّارِ اَحَقُّ بِالدَّارِ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''گھر کا پڑوسی گھر کا زیادہ حق دار ہوتا ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ عُمُومَ هٰذَا الْخَطَّابِ اَرَادَ بِهٖ بَعْضَ الْجَارِ الَّذِي يَكُونُ شَرِيكًا دُونَ مَنْ لَمْ يَكُنْ شَرِيكًا

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' اس روایت کے الفاظ کے عموم سے مراد بعض قسم کے پڑوسی ہیں جو شراکت دار ہوتے ہیں وہ پڑوسی مراد نہیں ہیں جو شراکت دار نہیں ہوتے

5183 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ مَيْسَرَةَ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ الشَّرِيدِ، اَخْبَرَهُ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): وَقَفْتُ عَلٰى سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، فَجَاءَ الْمِسْوَرُ بْنُ مَخْرَمَةَ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلٰى اَحَدِ مَنْكِبَيَّ اِذْ جَاءَ اَبُو رَافِعٍ، مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا سَعْدُ ابْتَعْ مِنِّي بَيْتَيَّ فِي دَارِكَ، فَقَالَ سَعْدٌ: لَا

5182– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين. سعيد هو ابن أبي عروبة، وعيسى بن يونس قد روى عنه قبل الاختلاط. وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/122"، والضياء المقدسي في "الاحاديث المختارة 204/1" من طريقين عن عيسى بن يونس، عَنْ سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أنس، سمرة بن جندب. فجعله من حديث سمرة. وأخرجه أيضاً من طريق همام وشعبة كلاهما عن قتادة، عن أنس، عن سمرة ومن حديث سمرة بن جندب أخرجه أحمد 5/12 و13، ابن أبي شيبة 7/165، والترمذي "1368" في الأحكام: باب ما جاء في الشفعة، والطبراني "6803" و"6804" من طرق عن سعيد بن أبي عروبة، عن قتادةن عن الحسن، عن سمرة. وأخرجه أحمد 5/8 و17 و18 و22، وأبو داود "3517" في البيوع: باب الشفعة، والطيالسي "904"، وابن الجارود "6800" و"6801" و"6805 "6802"، والبيهقي 6/106 من طرق عن قتادة، عن الحسن، عن سمرة. وأخرجه الطحاوي 4/123 من طريق شعبة، عن يونس، عن الحسن عن سمرة.

5183– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يوسف بن سعيد، وهو ثقة، وري له النسائي. وأخرجه البخاري "2258" في الشفعة: باب عرض الشفعة على صاحبها قبل البيع، عن المكي بن إبراهيم، عن ابن جريج، بهذا الإسناد. وأنظر "5180" و"5181".

وَاللّٰهِ، لَا اَبْتَاعُهُمَا، فَقَالَ الْمِسْوَرُ: وَاللّٰهِ لَتَبْتَاعَنَّهُمَا، فَقَالَ سَعْدٌ: وَاللّٰهِ لَا اَزِيدُكَ عَلٰى اَرْبَعَةِ آلَافٍ مُنَجَّمَةٍ، اَوْ مُقَطَّعَةٍ، فَقَالَ اَبُوْ رَافِعٍ: وَاللّٰهِ لَقَدْ اُعْطِيتُ بِهَا خَمْسَ مِائَةِ دِيْنَارٍ، وَلَوْلَا اَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اَلْمَرْءُ اَحَقُّ بِسَقَبِهٖ، مَا اَعْطَيْتُكَهُمَا بِاَرْبَعَةِ آلَافِ دِرْهَمٍ وَاَنَا اُعْطٰى بِهِمَا خَمْسَ مِائَةِ دِيْنَارٍ

عمرو بن شرید بیان کرتے ہیں: میں حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے پاس کھڑا ہوا تھا۔ اسی دوران حضرت مسور بن مخرمہ رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے۔ انہوں نے اپنا ہاتھ میرے کندھے پر رکھا۔ اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام حضرت ابورافع رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے۔ انہوں نے فرمایا: اے حضرت سعد رضی اللہ عنہ آپ مجھ سے اپنے محلے میں موجود میرے گھر خرید لیجئے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: جی نہیں اللہ کی قسم میں ان دونوں گھروں کو نہیں خریدوں گا۔ حضرت مسور رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم آپ ان دونوں کو خریدیں گے۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم میں چار ہزار (درہم) سے زیادہ ادائیگی نہیں کروں گا اور وہ بھی قسطوں میں ہوگی، تو حضرت ابورافع نے کہا: اللہ کی قسم مجھے اس کے پانچ سو دینار مل رہے ہیں اگر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا۔

"آدمی اپنے پڑوس کا زیادہ حق دار ہوتا ہے" تو میں چار ہزار درہم کے عوض میں یہ دونوں گھر آپ کو نہ دیتا جبکہ مجھ کو ان کے پانچ سو دینار دیئے جا رہے ہیں"۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ الْجَارَ سَوَاءٌ كَانَ مُتَلَاصِقًا اَوْ مُجَاوِرًا لَا يَكُوْنُ لَهُ الشُّفْعَةُ حَتّٰى يَكُوْنَ شَرِيكًا لِبَائِعِ الدَّارِ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات کی صراحت کرتی ہے، پڑوسی اس بارے میں برابر کی حیثیت

رکھتے ہیں خواہ وہ ساتھ رہتے ہوں خواہ وہ قریب رہتے ہوں انہیں شفعہ کا حق اس وقت تک حاصل نہیں ہوگا، جب تک وہ فروخت کرنے والے کے گھر میں شراکت دار نہ ہوں

5184 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّمَا جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ال شُّفْعَةَ فِيْ كُلِّ مَالٍ لَمْ يُقْسَمْ، فَاِذَا وَقَعَتِ

5184- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير نوح بن حبيب، وهو ثقة، روى له أبو داود والنسائي، وهو في "مصنف عبد الرزاق "14391" ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 3/296، والبخاري "2213"في البيوع :باب بيع الشريك من شريكه، والترمذي "1370"في الأحكام :باب ماجاء إذا حدت الحدود ووقعت السهام فلا شفعة، وأبو داود "3514"وابن ماجه "2499"في الشفعة :باب في الهبة والشفعة، والنسائي 7/321في البيوع :باب ذكر الشفعة، والشافعي 2/165، والبغوي، "2171"من طرق عن معمر به . وأخرجه بنحوه الطيالسي "1691"، وأحمد 3/372، والدولابي في "الكنى والأسماء 2/150 "، والبيهقي 6/103من طريق صالح بن أبي الأخضر، عن الزهري، به . وأخرجه البيهقي 6/103من طريق يحيى بن أبي كثير، عن أبي سلمة، به.

الْحُدُوْدُ وَصُرِفَتِ الطُّرُقُ فَلَا شُفْعَةَ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شفعہ کا حق ہر اس زمین میں دیا ہے' جو تقسیم نہ ہوئی ہو' لیکن جب حدود واقع ہو جائیں اور راستے مختلف ہو جائیں' تو پھر شفعہ نہیں رہے گا۔

ذِكْرُ نَفْيِ الشُّفْعَةِ عَنِ الْعَقْدِ اِذَا اشْتَرَاهَا غَيْرُ شَرِيكٍ لِبَائِعِهَا مِنْهَا

عقد سے شفعہ کی نفی کا تذکرہ جب کہ اسے فروخت کرنے والے سے اس شخص نے خریدا ہو جو شراکت دار نہ ہو

5185 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَرُّ بْنُ سُلَيْمَانَ بِاَطْرَابُلُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمَاجِشُونُ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدٍ، وَاَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلشُّفْعَةُ فِيمَا لَمْ يُقْسَمْ، فَاِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِفَتِ الطُّرُقُ فَلَا شُفْعَةَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: رَفَعَ هٰذَا الْخَبَرَ عَنْ مَالِكٍ اَرْبَعَةُ اَنْفُسٍ الْمَاجِشُونُ، وَاَبُوْ عَاصِمٍ، وَيَحْيَى بْنُ اَبِيْ قُتَيْلَةَ، وَاَشْهَبُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَرْسَلَهُ عَنْ مَالِكٍ سَائِرُ اَصْحَابِهِ وَهٰذِهِ كَانَتْ عَادَةً لِمَالِكٍ، يَرْفَعُ فِي الْاَحَايِينِ الْاَخْبَارَ وَيُوقِفُهَا مِرَارًا وَيُرْسِلُهَا مَرَّةً وَيُسْنِدُهَا اُخْرَى عَلٰى حَسَبِ نَشَاطِهِ، فَالْحُكْمُ اَبَدًا لِمَنْ رَفَعَ عَنْهُ وَاَسْنَدَ بَعْدَ اَنْ يَكُوْنَ ثِقَةً حَافِظًا، مُتْقِنًا عَلَى السَّبِيلِ الَّذِيْ وَصَفْنَاهُ، فِيْ اَوَّلِ الْكِتَابِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''شفعہ اس چیز میں ہوتا ہے' جو تقسیم نہ ہوئی ہو جب حدود واقع ہو جائیں اور راستے مختلف ہو جائیں' تو شفعہ نہیں رہے گا۔''

5185– حديث صحيح، سعد بن عبد الله بن عبد الكريم :روى عن جمع، وروى عنه جمع، وذكره ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل 4/92 "وقال :سمعت منه بمكة وبمصر، وهو صدوق، سئل أبي عنه فقال :مصرى صدوق، وقال ابن يونس : كان رجلاً صالحاً، والماجشون :هو عبد الملك بن عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سلمة الماجشون، روى له النسائي وابن ماجه، وذكره المؤلف في "ثقاته8/389 "، وهو وإن تكلم فيه -قد تابعه عليه غير واحد، وباقي السند على شرطهما . وأخرجه البيهقي 6/103من طريقين عن ابن الماجشونن به . وأخرجه الطحاوى 4/121، والبيهقي 6/103و104، وابن ماجه "2497"في الشفعة :باب إذا وقعت الحدود فلا شفعة، من طريق أبي عاصم النبيل، وابن قتيلة المدني، كلاهما عن مالك، به .قال أبو عاصم : حديث أبي سلمة عن أبي هريرة مسند، وحديث سعيد مرسل . وأخرجه أبو داود "3515"في البيوع والإجارات :باب في الشفعة والبيهقي 6/104من طريقين عن الزهرى، به. وهو في "الموطأ 2/713 "في الشفعة :باب ماتقع فيه الشفعة مرسلاً عن سعيد وأبي سلمة، من طريق مالك أخرجه الشافعي 165 - 2/164، وابن أبي شيبة 7/171، والطحاوى 4/121، والبيهقي .6/103 وأخرجه الطحاوى 4/122، والبيهقي 6/103من طريقين عن الزهرى، عن سعيد مرسلاً بنحوه . وأخرجه النسائي 7/321في البيوع :باب ذكر الشفعة وأحكامها، من طريق معمر، عن الزهرى، عن أبي سلمة مرسلاً.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) امام مالک کے حوالے سے اس روایت کو چار حضرات نے مرفوع حدیث کے طور پر نقل کیا ہے ماجشون، ابوعاصم، یحییٰ بن ابوقتیلہ اور اشہب بن عبدالعزیز۔

جب کہ امام مالک کے حوالے سے ان کے دیگر تمام شاگردوں نے اس روایت کو مرسل حدیث کے طور پر نقل کیا ہے امام مالک کی یہ عادت تھی کہ وہ بعض اوقات روایت کو مرفوع حدیث کے طور پر نقل کر دیتے تھے اور بعض اوقات موقوف روایت کے طور پر نقل کر دیتے تھے اور کبھی مرسل کے طور پر نقل کر دیتے تھے اور کبھی مسند کے طور پر نقل کر دیتے تھے۔ یہ ان کی مرضی کے مطابق ہوتا تھا' تو جس روایت کو انہوں نے مرفوع حدیث کے طور پر مسند کے طور پر نقل کیا ہو اور ان سے نقل کرنے والا راوی ثقہ اور حافظ ہو اور متقن ہو تو اس کی وہی صورت حال ہوگی جو ہم کتاب کے آغاز میں بیان کر چکے ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَا مَعْنٰى قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْجَارُ اَحَقُّ بِسَقَبِهٖ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے' جو نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کے معنی کے بارے میں ہے "پڑوسی اپنے پڑوس کا زیادہ حق دار ہوتا ہے"

5186 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي ال شُّفْعَةِ فِيْ كُلِّ مَا لَمْ يُقْسَمْ، فَاِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِفَتِ الطُّرُقُ فَلَا شُفْعَةَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے شفعہ کے بارے میں یہ فیصلہ دیا ہے' یہ ہر اس چیز میں ہوتا ہے' جو تقسیم نہ ہوئی ہو' لیکن جب حدود واقع ہو جائیں اور راستے مختلف ہو جائیں' تو پھر شفعہ نہیں رہے گا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس تیسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

5187 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا

5186- إسناده صحيح، وهو مكرر "5184".

5187- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير بشير بن معاذ العقدي، فروى له الترمذي والنسائي وابن ماجهن وهوثقة. وأخرجه البخاري "2214" في البيوع :باب بيع الأرض والدور والعروض مشاعاً غير مقسوم و "2257" في الشفعة :باب الشفعة فيما لم يقسم، فإذا وقعت الحدود فلاشفعة، و "2496" في الشركة :باب إذا قسم الشركاء الدور أو غيرها فليس لهم رجوع ولاشفعة، وأحمد 3/399، والطحاوي 4/122، والبيهقي 6/102، والبغوي "2171" من طرق عن عبد الواحد، بهذا الإسناد وقد تقدم بأسانيد مختلفة.

عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:
(متن حدیث):قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِال شُّفْعَةِ فِیْ كُلِّ مَالٍ لَمْ يُقْسَمْ، فَاِذَا وَقَعَتِ الْحُدُوْدُ وَصُرِفَتِ الطُّرُقُ فَلَا شُفْعَةَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شفعہ کے بارے میں یہ فیصلہ دیا ہے' یہ ہر اس زمین میں ہوسکتا ہے' جو تقسیم نہ ہوئی ہو' لیکن جب حدود واقع ہو جائیں اور راستے مختلف ہو جائیں' تو پھر شفعہ نہیں رہے گا۔

كِتَابُ الْمُزَارَعَةِ

کتاب! مزارعت کے بارے میں روایات

5188 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ اَبُوْ عُمَرَ الْقَزَّازُ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِى الشَّوَارِبِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ السَّائِبِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَعْقِلٍ عَنِ الْمُزَارَعَةِ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ ثَابِتُ بْنُ الضَّحَّاكِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَهٰى عَنِ الْمُزَارَعَةِ

عبداللہ بن سائب بیان کرتے ہیں: میں نے عبداللہ بن معقل سے موزرعت کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا حضرت ثابت بن ضحاک نے مجھے یہ بات بتائی ہے' نبی اکرم ﷺ نے مزارعت سے منع فرمایا ہے۔

5189 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عَطَاءٌ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَتْ لِرِجَالٍ مِّنَّا فُضُوْلُ اَرَضِيْنَ يُؤَاجِرُوْنَهَا عَلَى الثُّلُثِ، وَالرُّبُعِ، وَالنِّصْفِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَتْ لَهٗ فُضُوْلُ اَرَضِيْنَ، فَلْيَزْرَعْهَا، اَوْ لِيُزْرِعْهَا اَخَاهُ، فَاِنْ اَبٰى فَلْيُمْسِكْ اَرْضَهٗ

5188- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات الشيخين غير عبد الله بن السائب وهو الكندى أو الشيبانى الكوفى - وابن أبى الشوارب، فمن رجال مسلم. سليمان الشيبانى :هو أبو إسحاق سليمان بن أبى سليمان. وأخرجه أحمد 4/33، ومسلم "118" "1549"فى البيوع :باب فى المزارعة والمؤاجرة، والدارمى 271 - 2/270، والطحاوى 4/106، والبيهقى 6/128، والطبرانى 1342"من طرق عن عبد الواحد بن زياد بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "118" "1549"و"119"، والطبرانى "1343"، والطحاوى 4/107من طريقين عن سليمان الشيبانى، به.

5189- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن إبراهيمن وهو الملقب بدحيم، فمن رجال البخارى. الوليدك هو ابن مسلم الدمشقى، وقد صرح بسماعه هنا وعطاء ك هو ابن أبى رباح. وأخرجه ابن ماجه "2451"فى الرهون :باب المزارعة بالثلث والربع، عن عبد الرحمن بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/354، والبخارى "2340"فى الحرث والمزارعة :باب ما كان أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم يواسى بعضهم بعضاً فى الزراعة والتمر، و "2632"فى الهبة :باب فضل المنيحةن ومسلم "1536"و "89"فى البيوع :المختلفة فى النهى عن كراء الأرض بالثلث، والربع، والبيهقى 6/130من طرق عن الأوزاعى، به. وقد تقدم عند المؤلف برقم. "5148"

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ لِيُزْرِعْهَا اَخَاهُ، يُرِيْدُ بِهٖ، فَلْيَمْنَحْهَا اَخَاهُ ، وَلَوْ كَانَ ذٰلِكَ الزِّرَاعَةَ نَفْسَهَا لَمْ يَكُنْ لِقَوْلِهٖ، اَوْ لِيَزْرَعْهَا، مَعْنًى لِاَنَّهُمْ كَانُوا يُزَارِعُوْنَ عَلَى الثُّلُثِ، وَالرُّبُعِ، وَالنِّصْفِ عَلٰى مَا فِي الْخَبَرِ

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: پہلے ہم میں سے کچھ لوگوں کے پاس اضافی زمینیں ہوتی تھیں۔ وہ ایک تہائی یا ایک چوتھائی یا نصف پیداوار کے عوض میں ان زمینوں کو کرائے پہ دے دیتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے پاس اضافی زمین موجود ہو وہ اس میں خود کھیتی باڑی کرے یا اپنے کسی بھائی کو کھیتی باڑی کے لئے دیدے اگر وہ نہیں مانتا' تو وہ زمین اپنے پاس رکھے۔ (لیکن کرائے پر نہ دے)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''یا وہ اپنے بھائی کو کھیتی باڑی کروادے'' اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: وہ اپنے بھائی کو بلا معاوضہ طور پر (عارضی استعمال کے لئے) دیدے اگر اس کے ذریعے مزارعت ہی مراد ہوتی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اسے چاہئے کہ وہ اس میں زراعت کرے'' اس کا کوئی مطلب نہ ہوتا کیونکہ وہ لوگ پہلے ہی ایک تہائی یا ایک چوتھائی یا نصف پیداوار کے عوض میں مزارعت کیا کرتے تھے جیسا کہ روایت میں یہ بات مذکور ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا اللَّفْظَةَ الَّتِيْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہماری ان الفاظ کی بیان کردہ تاویل کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے جن الفاظ کا ذکر پہلے گزر چکا ہے

5190 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَسْمَاءَ ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَطَرُ الْوَرَّاقُ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):مَنْ كَانَتْ لَهٗ اَرْضٌ فَلْيَزْرَعْهَا فَاِنْ عَجَزَ عَنْهَا فَلْيَمْنَحْهَا اَخَاهُ

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس شخص کے پاس زمین ہو' وہ اس میں کھیتی باڑی کرے اگر وہ ایسا نہیں کر سکتا' تو وہ اپنے بھائی کو (بلا معاوضہ طور پر عارضی استعمال کے لئے) دیدے۔

5190- إسناده حسن .مطر الوراق :روى له مسلم في المتابعات، وعلق له البخاري، وروى له أصحاب السنن، وهو صدوق، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين .عطاء :هو ابن أبي رباح. وأخرجه مسلم "88" 3/1176في البيوع :باب كراء الأرض، والبيهقي، 6/129من طريقين عن مهدي بن ميمون، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه النسائي 7/37في المزارعة :باب ذكر الأحاديث المختلفة في النهي عن كراء الأرض بالثلث والربع، من طريق ابن شوذب، عن مطر الوراقن به .وقد تقدم .انظر "5148".

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ لِيُزْرِعْهَا ، اَرَادَ بِهِ الزَّجْرَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ الَّتِيْ تَكُوْنُ بِشَرَائِطَ مَجْهُوْلَةٍ فَنَدَبَ اِلَى الْمَنِيحَةِ مِنْ اَجْلِهَا

اس تیسری روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان:

"یا وہ اسے زراعت کے لیے دیدے" اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد مخابرہ سے منع کرنا ہے جو مجہول شرائط کے ذریعے ہوتی ہے اور اسی وجہ سے عطیے کے طور پر دینے کو مستحب قرار دیا گیا ہے

5191 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُو النَّجَاشِيِّ، اَنَّهُ سَمِعَ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ، يُحَدِّثُ عَنْ عَمِّهِ ظُهَيْرِ بْنِ رَافِعٍ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَمْرٍ كَانَ لَنَا مُوَافِقًا، فَقُلْتُ: مَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهُوَ حَقٌّ، فَقَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَصْنَعُوْنَ بِمَحَاقِلِكُمْ؟ ، قُلْنَا: نُؤَاجِرُهَا عَلَى الثُّلُثِ، وَالرُّبُعِ، وَالْاَوْسُقِ مِنَ الْبُرِّ، وَالشَّعِيْرِ، قَالَ: فَلَا تَفْعَلُوْا ازْرَعُوهَا، اَوْ اَزْرِعُوهَا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو النَّجَاشِيِّ اسْمُهُ، عَطَاءُ بْنُ صُهَيْبٍ مَوْلٰى رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ

❀❀ حضرت ظہیر بن رافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہمیں ایک ایسی چیز سے منع کر دیا جو ہمیں موافق تھی، تو میں نے سوچا نبی اکرم ﷺ نے جو بات ارشاد فرمائی ہے وہ حق ہے انہوں نے بتایا: نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

"تم لوگ اپنے کھیت کے بارے میں کیا طریقہ کار اختیار کرتے ہو ہم نے عرض کی: ہم ایک تہائی یا ایک چوتھائی پیداوار یا گندم یا جو کے مخصوص وسق کے عوض میں اسے کرائے پر دے دیتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ایسا نہ کرو تم خود اس میں کھیتی باڑی کرو یا دوسرے کو کھیتی باڑی کرنے کے لئے دے دو۔"

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابونجاشی نامی راوی کا نام عطا بن صہیب ہے اور یہ حضرت رافع بن خدیج کا غلام ہے۔

5191- إسناده صحيح على شرط الشيخين البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمن، وهو ابن إبراهيم لقبه دحيم، فمن رجال البخاري. وأخرجه البيهقي "2339"/6في الحرث والمزارعة :باب ماكان مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يواسي بعضهم بعضاً في الزراعة والتمر، ومسلم "114" "1548"في البيوع :باب كراء الأرض بالطعام، والنسائي 7/49 في المزارعة :باب ذكر الأحاديث المختلفة في النهي عن كراء الأرض بالثلث والربع واختلاف ألفاظ الناقلين للخبر، والطبراني "8266"، وأبو داود تعليقاً ضمن حديث "3294"في البيوع :باب في التشديد في ذلك، من طريقين عن الأوزاعي، به . وأخرجه أحمد 4/142، والبخاري "2346"في الحرث والمزارعة :باب كراء الأرض بالذهب والفضة، و "4012"في المغازي، ومسلم "113" "1548"، والنسائي 42 - 7/41و 42و43، وأبو داود ."3294"والطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/105 "، وفي "مشكل الآثار 285 - 3/284 "و 285و288، والبيهقي 6/129و 131و 132من طرق وبألفاظ مختلفة عن رافع بن خديج، عن عمه، به .وبعض الروايات :عن عميه.

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اسْتِكْرَاءِ الْمَرْءِ الْاَرْضَ بِبَعْضِ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا اِذَا كَانَ ذٰلِكَ عَلٰى شَرْطٍ مَجْهُوْلٍ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی زمین کو اس کی پیداوار کے کچھ حصے کے عوض کرایے پر دے جب کہ وہ مجہول شرط کے ساتھ ہو

5192 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَكِيمُ بْنُ سَيْفٍ الرَّقِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِي الْوَلِيدِ الْمَكِّيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَهٰى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ، وَالْمُخَابَرَةِ، وَاَنْ يُبَاعَ النَّخْلُ حَتّٰى يُشْقِحَ، وَالْاِشْقَاحُ، اَنْ تَحْمَرَّ اَوْ تَصْفَرَّ اَوْ يُطْعَمَ مِنْهُ شَيْءٌ"، قَالَ زَيْدٌ: فَقُلْتُ لِعَطَاءٍ: اَسَمِعْتَ هٰذَا مِنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ذَكَرَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: نَعَمْ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَبُو الْوَلِيدِ هٰذَا اسْمُهُ سَعِيدُ بْنُ مِينَاءَ الْمَكِّيُّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محاقلہ' مزابنہ' مخابرہ سے منع کیا ہے' اور اس چیز سے منع کیا ہے' کھجور کے پھل کو فروخت کیا جائے' جب تک وہ شقح نہیں ہو جاتا اور شقح سے مراد یہ ہے: وہ سرخ یا زرد ہو جائے یا کھانے کے قابل ہو جائے۔

زید نامی راوی کہتے ہیں: میں نے عطاء سے کہا: آپ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے زبانی خود یہ بات سنی ہے' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ حدیث ذکر کی ہو۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوولید نامی راوی کا نام سعید بن میناء مکی ہے۔

5192- إسناده حسن. حكيم بن سيف الرقي: صدوق، روى له أبو داود والنسائي في "اليوم والليلة"، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم "83" 3/1174 في البيوع: باب النهي عن المحاقلة والمزابنة، والبيهقي 5/301 من طرق عن زكريا بن عدي، عبيد الله بن عمرو، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "2196" في البيوع: باب بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها، ومسلم "84" 3/1175، وأبو داود "3370" في البيوع: باب بيع الثمار قبل أن تبدو صلاحها، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" 4/112، وفي "مشكل الآثار 3/290"، والبيهقي 5/301 و304 من طرق عن سعيد بن ميناء، به. وبعضهم يزيد فيه على بعض. وأخرجه بنحوه البخاري "2381" في الشراب والمساقاة: باب الرجل يكون له ممراً شرب في الحائط أو في نخل، "1487" في الزكاة: باب من باع ثماره أو نخله أو أرضه، و "2189" في البيوع: باب بيع الثمار على رؤوس النخل بالذهب أو الفضة، ومسلم "81" "1536"، والترمذي "1290" في البيوع: باب ماجاء في عن الثنايا، وأبو داود "3404" في البيوع: باب في المخابرة، و "3373"، وابن ماجة "2216" في التجارات: باب النهي عن بيع الثمار قبل أن يبدو صلاحها، والنسائي 7/37، و 38 في المزارعة: باب ذكر الأحاديث المختلفة في النهي عن كراء الأرض، و 7/263 و 264 في البيوع: باب بيع الثمر قبل أن يبدو صلاحه، والدارقطني 3/48، والطحاوي في شرح المعاني 4/112، وفي "مشكل الآثار 3/290"، والبيهقي 5/301 و304 و307 و309 من طرق عن عطاء عن جابر.

ذِكْرُ وَصْفِ الْمُزَارَعَةِ الَّتِىْ نُهِىَ عَنْهَا

مزارعت کے اس طریقے کا تذکرہ جس سے منع کیا گیا ہے

5193 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِىْ سَلَمَةَ، حَدَّثَهُ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ اَبِىْ عَيَّاشٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ كِرَاءِ الْاَرْضِ ، قَالَ بُكَيْرٌ: وَحَدَّثَنِىْ نَافِعٌ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُوْلُ: كُنَّا نُكْرِىْ اَرْضَنَا، تَرَكْنَا ذٰلِكَ حِيْنَ سَمِعْنَا حَدِيْثَ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زمین کو کرائے پر دینے سے منع کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: پہلے ہم زمین کرائے پر دیا کرتے تھے پھر جب ہم نے حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث سنی' تو ہم نے اسے ترک کردیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ نَافِعًا لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے نافع نے یہ روایت حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے

5194 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ:

(متن حدیث): انْطَلَقَ ابْنُ عُمَرَ وَانْطَلَقْنَا مَعَهُ حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، وَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ: اِنِّىْ نُبِّئْتُ اَنَّكَ تُحَدِّثُ عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ نَهٰى عَنْ كِرَاءِ الْمَزَارِعِ، قَالَ: نَعَمْ، فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ،

5193- إسناده صحيح على شرط مسلم .بكير :هو ابن عبد الله بن الأشج. وأخرجه مسلم "99" 3/1178في البيوع: باب "17"كراء الأرض عن هارون بن سعيد، عن ابن وهب، بهذا الإسناد وأخرجه النسائي 7/37في المزارعة :باب النهي عن كراء الأرض، والبيهقي 6/129من طريق مطر، عن عطاء عن جابر .وانظر ما مضى . وحديث ابن عمر أخرجه الطبراني "4309" من طريق أحمد بن صالح عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه بنحوه أحمد 1/234و 2/11و3/463و465و4/142، والطيالسي "965"، ومسلم "106" "1547"و"107"و"108"و"112"، وأبو داود "3389"في البيوع :باب في المزارعة و "3394"باب التشديد في ذلك، والنسائي 7/46و47و48، والبيهقي 6/129، والطبراني "4248" "4252"من طرق عن ابن عمر، وانظر الحديث الآتي.

اِذَا سُئِلَ بَعْدَ ذٰلِكَ، يَقُولُ: حَدَّثَنَا رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَهٰى عَنْ كِرَاءِ الْمَزَارِعِ

❀❀ نافع بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما تشریف لے گئے۔ ان کے ہمراہ ہم بھی روانہ ہو گئے' یہاں تک کہ ہم حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان سے کہا مجھے یہ بات پتہ چلی ہے' آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھیت کو کرائے پر دینے سے منع کیا ہے۔ حضرت رافع نے جواب دیا: جی ہاں۔

اس کے بعد حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے جب بھی اس بارے میں دریافت کیا جاتا' تو وہ یہ کہتے: حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ نے ہمیں یہ حدیث بیان کی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھیت کو کرائے پر دینے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ كِرَاءِ الْمَزَارِعِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے کھیت کو کرائے پر دینے سے منع کیا گیا ہے

5195 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، بِبُسْتٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ

5194– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري. وأخرجه الطبراني "4303"عن معاذ بن جبل، عن مسدد، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "109" "1547"في البيوع :باب كراء عن الأرض، عن يحيى بن يحيى، والنسائي 7/46في البيوع باب النهي عن كراء الأرض بالثلث والربع، عن محمد بن بزيع، كلاهما عن يزيد بن زريع، به. وأخرجه أحمد 4/140، والبخاري "2343"و "2344"في الحرث والمزارعة :باب ما كان مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يواسي بعضهم بعضاً في الزراعة والثمر، ومسلم "109" "1547"في البيوع :باب كراء الأرض، والطبراني "4302"، والبيهقي 6/130من طريقين عن أيوب به بألفاظ متقاربة. وأخرجه أحمد 3/465، ومسلم "110" "1547"، والنسائي 7/45و 46في المزارعة :باب النهي عن كراء الأرض بالثلث والربع، وابن ماجة "2453"في الرهون :باب كراء الأرض، والبيهقي 6/135والطبراني "4304" "4322"من طريق عن نافع، به.

5195– حديث صحيح .شريك هو ابن عبد الله النخعي وإن كان سيء الحفظ، قد توبع، وباقي السند ثقات على شرطهما. وأخرجه مسلم "121" "1550"في البيوع :باب الأرض تمنح عن علي بن حجر، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي 6/134 والبغوي في "الجعديات"1687" "، والطبراني "1879"من طريقين عن الفضل بن موسى، به. وأخرجه بنحوه أحمد 1/234 و 281و349، ومسلم "120" "1550"و"121"، وعبد الرزاق "14466"، والبخاري "2330"في الحرث والمزارعة :باب رقم "10"، و "2342"باب ما كان من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم يواسي بعضهم بعضا والثمر، "2634"في الهبة :باب فضل المنحية، وأبو داود "3389"في البيوع :باب المزارعة، والنسائي 7/36في المزارعة :باب النهي عن كراء الأرض بالثلث والربع، وابن ماجة "2456"في الرهون :باب الرخصة في كراء الأرض البيضاء بالذهب والفضة، و "2462"و "2464"باب الرخصة في المزارعة بالثلث والربع، والطحاوي في "شرح المعاني4/110 "، وفي "المشكل3/289 "، والبيهقي 6/133 و134، والبغوي "218"، والطبراني "10880" "10885"من طرق عن عمرو بن دينار، به.

عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمْ يُحَرِّمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُزَارَعَةَ وَلٰكِنْ اَمَرَ النَّاسَ اَنْ يَّرْفُقَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزارعت کو حرام قرار نہیں دیا بلکہ آپ نے لوگوں کو یہ حکم دیا ہے، وہ ایک دوسرے کے ساتھ اچھائی کریں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُفَسِّرِ لِلْاَلْفَاظِ الْمُجْمَلَةِ الَّتِيْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

ان مجمل الفاظ کی وضاحت کرنے والی روایت کا تذکرہ جو ہم اس سے پہلے نقل کر چکے ہیں

5196 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ الزُّرَقِيِّ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ،

(متن حدیث): قَالَ: كُنَّا نُكْرِي الْاَرْضَ، فَيَسْتَثْنِيْ صَاحِبُ الْاَرْضِ، مَا عَلَى الْمَاذِيَانَاتِ، وَاَقْبَالِ الْجَدَاوِلِ، فَيَهْلِكُ هٰذَا، وَيَسْلَمُ هٰذَا، فَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ رَافِعٌ: اَمَّا بِشَيْءٍ مَضْمُوْنٍ مَعْلُوْمٍ، فَلَا بَاْسَ بِهِ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پہلے ہم زمین کرائے پر دیا کرتے تھے، تو زمین کا مالک کھیت کے کسی مخصوص حصے کو اور پانی کی آمد کے آس پاس کی جگہ کو مستثنیٰ کر لیا کرتا تھا، تو بعض اوقات ایک حصے کی پیداوار خراب ہو جاتی تھی اور ایک حصے کی ٹھیک رہتی تھی، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کر دیا۔

5196- إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن إبراهيم، فمن رجال البخارى. الوليد :هو ابن مسلم، قد صرح بالتحديث .وأخرجه الطبرانى "4333"عن إبراهيم بن دحيم، عن أبيه، عن الوليد بن مسلم، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "116" 3/1183فى البيوع :باب كراء الأرض بالذهب والورق، وأبو داود "3392"فى البيوع :باب فى المزارعة، والنسائى /7فى المزارعة :باب النهى عن كراء الأرض بالثلث والربع، والبيهقى 6/132، والطبرانى "4332" و "4333"من طرق عن الأوزاعى، به. وأخرجه أحمد /4و 140و142، وعبد الرزاق "14452"، والشافعى 2/136، ومسلم "115" "1547"، ومالك 2/711فى كراء الأرض :باب ماجاء فى كراء الأرض، وأبو داود "3392"و "3393"و "3397"باب فى التشديد فى ذلك، والنسائى 43 - 7/42و44، والطحاوى فى "مشكل الآثار 3/289 "، والبيهقى 6/131و132، والبغوى "2184"والطبرانى "4331" "4329"و "4334"من طرق عن ربيعة، به. وأخرجه عبد الرزاق "14453"، والحميدى "406"، والبخارى "2327"فى الحرث والمزارعة :باب رقم "7"، و "2332"باب مايكره من الشروط فى المزارعة، و "2722"فى الشروط :باب الشروط باب الشروط فى المزارعة ومسلم "117" "1547"، والنسائى 7/44، وابن ماجه "2458"فى الرهون: باب الرخصة فى كراء الأرض البيضاء بالذهب والفضة، والطحاوى فى "شرح معانيالآثار 3/287و288، والبيهقى 6/132، والطبرانى "4336"و "4338"من طرق عن يحيى بن سعيد، عن حنظلة بن قيس، به بألفاظ مختلفة.

حضرت رافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: البتہ اگر کسی متعین چیز کے عوض میں (زمین کو ٹھیکے پر دیا جائے) تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ بِشَىْءٍ مَضْمُونٍ اَرَادَ بِهِ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ کے یہ الفاظ ''ایسی چیز جس کا ضمان ادا کیا جائے'' اس کے ذریعے ان کی مراد سونا اور چاندی ہے

5197 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَبِيعَةُ بْنُ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَتِ الْاَرْضُ تُكْرَى بِالْمَاذِيَانَاتِ وَشَىْءٍ مِّنَ التِّبْنِ يُسْتَثْنٰى بِهِ، فَنَهَاهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ كِرَاءِ الْاَرْضِ، قَالَ رَافِعٌ: فَاَمَّا الذَّهَبُ، وَالْوَرِقُ، فَلَا بَاْسَ بِهِ

❁❁ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پہلے زمین پیداوار کے عوض میں اور کچھ اناج کے عوض میں بھی' جس کا استثنیٰ کر لیا گیا ہو' کرائے پر دی جاتی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو زمین کو کرائے پر دینے سے منع کر دیا۔

حضرت رافع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: جہاں تک سونے یا چاندی کے عوض میں (زمین کو کرائے پر دینے کا تعلق ہے)' تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الزَّجْرَ عَنِ الْمُزَارَعَةِ وَكِرَاءِ الْاَرْضِ، اِنَّمَا زُجِرَ، اِذَا كَانَ ذٰلِكَ عَلٰى شَرْطٍ غَيْرِ مَعْلُومٍ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' مزارعت اور زمین کو کرائے پر دینے کی ممانعت اس صورت میں ہے' جب وہ کسی ایسی شرط پر ہو جو غیر متعین ہو

5198 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُّجَاهِدٍ، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ ظُهَيْرٍ، قَالَ:

5197- حديث صحيح .هشام بن عمار :حسن الحديث، وقد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 3/463 و4/142، الطبراني "4335"من طريقين عن العزيز بن محمد، بهذا الإسناد .وانظر ماقبله.

5198- إسناده صحيح على الشيخين غير صحابيه، فقد روى له أصحاب السنن. وأخرجه البيهقي 6/135من طريق أبي عبيد، عن جريرن بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/464، وعبد الرزاق "14463"، وأبو داود "3398"في البيوع :التشديد في ذلك، والنسائي 7/33و 34في المزارعة :باب النهي عن كراء الأرض بالثلث والربع، وابن ماجه "2460"في الرهون :باب مايكره من المزارعة، والبيهقي 6/132والطبراني "4256"و "4361"و "4362"من طرق عن منصور، به وأخرجه أحمد 3/463و464،والطحاوي 4/105، والطبراني "4363"من طريقين عن مجاهد، به.

(متن حدیث): كَانَ اَحَدُنَا اِذَا اسْتَغْنٰى عَنْ اَرْضِهٖ وَافْتَقَرَ اِلَيْهَا غَيْرُهٗ زَارَعَهَا بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ وَالنِّصْفِ، وَكَانَ يَشْتَرِطُ ثَلَاثَ جَدَاوِلَ، وَمَا سَقَى الرَّبِيعُ، وَكُنَّا نُعَالِجُهَا عِلَاجًا شَدِيدًا بِالْبَقَرِ وَالْحَدِيدِ وَبِاَشْيَاءَ، وَكُنَّا نُصِيبُ مِنْهَا، فَاَتَانَا رَافِعُ بْنُ خَدِيجٍ، فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، نَهَاكُمْ عَنْ اَمْرٍ كَانَ يَنْفَعُكُمْ عَنِ الْحَقْلِ - وَالْحَقْلُ: الثُّلُثُ وَالرُّبُعُ - فَمَنْ كَانَتْ لَهٗ اَرْضٌ فَاسْتَغْنٰى عَنْهَا، فَلْيَمْنَحْهَا اَخَاهُ، اَوْ لِيَزْرَعْ، وَنَهَاكُمْ عَنِ الْمُزَابَنَةِ

❁❁ حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پہلے ہم میں سے کسی ایک شخص کو اگر زمین کی ضرورت نہ ہوتی اور کسی دوسرے شخص کو وہاں کھیتی باڑی کی ضرورت ہوتی' تو وہ ایک تہائی یا ایک چوتھائی یا نصف پیداوار کے عوض میں معاہدہ کر لیتا تھا اور وہ تین نالیوں کے (آس پاس کی جگہ) کی شرط عائد کرتا تھا یا بڑی نالی کے آس پاس کی جگہ کی شرط عائد کرتا تھا (یعنی وہاں کی پیداوار میری ہوگی) ہم لوگ گائے لوہے اور دیگر اشیاء کے ذریعے بڑی محنت سے وہاں کام کرتے تھے پھر ہمیں اس میں سے کچھ ملتا تھا۔ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آئے انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں ایک ایسی چیز سے منع کیا ہے' جو تمہارے لئے حقل کے حوالے سے فائدہ مند تھی حقل سے مراد ایک تہائی یا ایک چوتھائی پیداوار کے عوض میں (زمین ٹھیکے پر دینا ہے)

تو جس شخص کے پاس کوئی زمین ہو اور اسے اس کی ضرورت نہ ہو' تو وہ اپنے بھائی کو (بلا معاوضہ طور پر عارضی استعمال کے لئے) دیدے یا اس میں خود کھیتی باڑی کرے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزابنہ سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الزَّجْرَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ وَالْمُزَارَعَةِ اللَّتَيْنِ نَهٰى عَنْهُمَا اِنَّمَا زَجَرَ عَنْهُ اِذَا كَانَ عَلٰى شَرْطٍ مَجْهُولٍ

اس تیسری روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے' مخابرہ اور مزارعہ' جن دونوں سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے ان سے ممانعت اس صورت میں ہے' جب کہ وہ مجہول شرط کے ساتھ ہوں

5199 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ عَمْرٍو الْقُرَشِيُّ اَبُوْ يَزِيدَ الْمُعَدِّلُ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، فِيمَا يَحْسِبُ اَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَاتَلَ اَهْلَ خَيْبَرَ حَتّٰى اَلْجَاَهُمْ اِلٰى قَصْرِهِمْ فَغَلَبَ عَلَى الْاَرْضِ، وَالزَّرْعِ، وَالنَّخْلِ، فَصَالَحُوهُ عَلٰى اَنْ يُجْلَوْا مِنْهَا وَلَهُمْ مَا حَمَلَتْ رِكَابُهُمْ، وَلِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّفْرَاءُ وَالْبَيْضَاءُ، وَيَخْرُجُونَ مِنْهَا، فَاشْتَرَطَ عَلَيْهِمْ اَنْ لَا يَكْتُمُوا وَلَا يُغَيِّبُوا شَيْئًا، فَاِنْ فَعَلُوا، فَلَا ذِمَّةَ لَهُمْ وَلَا عِصْمَةَ، فَغَيَّبُوا مَسْكًا فِيهِ مَالٌ وَحُلِيٌّ لِحُيَيِّ بْنِ اَخْطَبَ، كَانَ احْتَمَلَهٗ مَعَهٗ اِلٰى خَيْبَرَ، حِينَ اُجْلِيَتِ النَّضِيرُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمِّ حُيَيٍّ: مَا فَعَلَ مَسْكُ حُيَيٍّ الَّذِي جَاءَ بِهٖ مِنْ

النَّضِيرِ؟ ، فَقَالَ: اَذْهَبَتْهُ النَّفَقَاتُ وَالْحُرُوبُ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَهْدُ قَرِيبٌ وَالْمَالُ اَكْثَرُ مِنْ ذٰلِكَ، فَدَفَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلَى الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، فَمَسَّهُ بِعَذَابٍ، وَقَدْ كَانَ حُيَيٌّ قَبْلَ ذٰلِكَ قَدْ دَخَلَ خَرِبَةً، فَقَالَ: قَدْ رَاَيْتُ حُيَيًّا يَطُوفُ فِيْ خَرِبَةٍ هَاهُنَا، فَذَهَبُوا فَطَافُوا، فَوَجَدُوْا الْمَسْكَ فِيْ خَرِبَةٍ فَقَتَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَيْ اَبِيْ حَقِيقٍ وَاَحَدُهُمَا زَوْجُ صَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيِّ بْنِ اَخْطَبَ، وَسَبَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَ هُمْ وَذَرَارِيَّهُمْ، وَقَسَمَ اَمْوَالَهُمْ لِلنَّكْثِ الَّذِیْ نَكَثُوهُ، وَاَرَادَ اَنْ يُجْلِيَهُمْ مِنْهَا، فَقَالُوا: يَا مُحَمَّدُ دَعْنَا نَكُوْنُ فِيْ هٰذِهِ الْاَرْضِ نُصْلِحُهَا، وَنَقُومُ عَلَيْهَا وَلَمْ يَكُنْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا لِاَصْحَابِهِ غِلْمَانُ يَقُومُوْنَ عَلَيْهَا فَكَانُوا لَا يَتَفَرَّغُونَ اَنْ يَقُومُوا، فَاَعْطَاهُمْ خَيْبَرَ عَلٰى اَنَّ لَهُمُ الشَّطْرَ مِنْ كُلِّ زَرْعٍ وَنَخْلٍ وَشَيْءٍ مَا بَدَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ يَاْتِيهِمْ كُلَّ عَامٍ يَخْرُصُهَا عَلَيْهِمْ، ثُمَّ يُضَمِّنُهُمُ الشَّطْرَ، قَالَ: فَشَكَوْا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شِدَّةَ خَرْصِهِ، وَاَرَادُوْا اَنْ يَرْشُوهُ، فَقَالَ: يَا اَعْدَاءَ اللّٰهِ اَتُطْعِمُونِی السُّحْتَ، وَاللّٰهِ لَقَدْ جِئْتُكُمْ مِنْ عِنْدِ اَحَبِّ النَّاسِ اِلَيَّ، وَلَاَنْتُمْ اَبْغَضُ اِلَيَّ مِنْ عِدَّتِكُمْ مِنَ الْقِرَدَةِ وَالْخَنَازِيرِ، وَلَا يَحْمِلُنِیْ بُغْضِی اِيَّاكُمْ وَحُبِّی اِيَّاهُ عَلٰى اَنْ لَا اَعْدِلَ عَلَيْكُمْ ، فَقَالُوا: بِهٰذَا قَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْاَرْضُ.

قَالَ: وَرَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَيْنَیْ صَفِيَّةَ خُضْرَةً، فَقَالَ: يَا صَفِيَّةُ مَا هٰذِهِ الْخُضْرَةُ؟، فَقَالَتْ: كَانَ رَاْسِی فِیْ حِجْرِ بْنِ اَبِیْ حَقِيقٍ وَاَنَا نَائِمَةٌ، فَرَاَيْتُ كَاَنَّ قَمَرًا وَقَعَ فِیْ حِجْرِی، فَاَخْبَرْتُهُ بِذٰلِكَ

5199- أسناده صحيح .عبد الواحد بن غياث :ثقة، روى له أبو داود، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح. وأخرجه البيهقي في "السنن 6/114، وفي "الدلائل 231 - 4/229 "من طريق يوسف بن يعقوب القاضي، عن عبد الواحد بن غياث، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه أبو داود "3006"في الخرااج والإمارة :باب ماجاء في حكم أرض خيبر، من طريق هارون بن زيد بن أبي الزرقاء، عن أبيه عن حماد بن سلمة، به . وأخرجه بنحوه مختصراً :أحمد 2/22و37، والبخاري "2328"في الحرث والمزارعة :باب المزارعة بالشطر ونحوه، و "2329"بباب إذا لم يشترط السنن في المزارعة، و "2331"بباب في المزارعة مع اليهودن ومسلم "1551"و "1"و "2"و "3"في الشرب والمساقاة :باب المساقاة والمعاملة بجزء من الثمر والزرع، وأبو داود "3408"في البيوع والإجارات :باب في المساقات والترمذي "1383"في الأحكام :باب ماذكرفي المزارعة، والدارمي 2/270، وابن ماجه "2467"في الرهون :باب معاملة النخيل والكرم، وابن الجارود "1101"، وابن شبة في "تاريخ المدينة المنورة 1/180 "و186، والطحاوي في"شرح معاني الآثار 4/113 "و"مشكل الآثار 3/113 "و 116 - 115من طرق عن عبيد الله بن عمر، به. وأخرجه البخاري "2285"في الإجارة :بباب إذا استأجر أرضاً فمات أحدهما، و "2499"في الشركة :بباب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم يعطي المؤلفة قلوبهمن و "4248"في المغازي :بباب معاملة النبي صلى الله عليه وسلم أهل خيبر ,ومسلم "4""1551" و "5"و"6"، وأبوداود "3409"، والنسائي 7/53في المزارعة :بباب اختلاف الألفاظ والمأثورة في المزارعةن وابن الجارود 1102"، وابن شيبة 1/178و184، والطحاوي 3/283، والبيهقي و 6/114و 115و116، والبغوي "2177"من طرق عن نافع، به مختصراً . والقصة الأخيرة أخرجها بنحوها البخاري "2338"في الحرث والمزارعة :بباب إذا قال رب الأرض أقرك ما أقرك الله، و "2730"في الشروط :بباب إذا اشترط في المزارعة :إذا شئت أخرجتك، وأبو داود "3007"، والبيهقي 6/114، وفي "الدلائل4/234 "، من طرق عن نافع، به.

فَلَطَمَنِي، وَقَالَ: تَمَنَّيْنَ مَلِكَ يَثْرِبَ؟ قَالَتْ: وَكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَبْغَضِ النَّاسِ اِلَيَّ قَتَلَ زَوْجِي وَاَبِي وَاَخِي، فَمَا زَالَ يَعْتَذِرُ اِلَيَّ، وَيَقُولُ: اِنَّ اَبَاكِ اَلَّبَ عَلَيَّ الْعَرَبَ وَفَعَلَ وَفَعَلَ حَتّٰى ذَهَبَ ذٰلِكَ مِنْ نَفْسِي، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِي كُلَّ امْرَاَةٍ مِنْ نِسَائِهِ ثَمَانِينَ وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ كُلَّ عَامٍ وَعِشْرِينَ وَسْقًا مِنْ شَعِيرٍ.

فَلَمَّا كَانَ زَمَنَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، غَشُّوا الْمُسْلِمِينَ، وَاَلْقَوْا ابْنَ عُمَرَ مِنْ فَوْقِ بَيْتٍ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: مَنْ كَانَ لَهُ سَهْمٌ مِنْ خَيْبَرَ، فَلْيَحْضُرْ حَتّٰى نَقْسِمَهَا بَيْنَهُمْ، فَقَسَمَهَا عُمَرُ بَيْنَهُمْ، فَقَالَ رَئِيسُهُمْ: لَا تُخْرِجْنَا دَعْنَا نَكُونُ فِيهَا كَمَا اَقَرَّنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ عُمَرُ لِرَئِيسِهِمْ: اَتَرَاهُ سَقَطَ عَنِّي قَوْلُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكَ: كَيْفَ بِكَ اِذَا اَفَضَتْ بِكَ رَاحِلَتُكَ نَحْوَ الشَّامِ يَوْمًا ثُمَّ يَوْمًا وَقَسَمَهَا عُمَرُ بَيْنَ مَنْ كَانَ شَهِدَ خَيْبَرَ مِنْ اَهْلِ الْحُدَيْبِيَةِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل خیبر کے ساتھ جہاد کیا' یہاں تک کہ جب ان لوگوں نے اپنے قلعے میں پناہ لے لی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی زمین کھیتوں اور کھجوروں کے باغات پر غالب آ گئے' تو ان لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس شرط پر صلح کر لی کہ انہیں وہاں سے جلاوطن کر دیا جائے اور وہ اپنی سواریوں پر جو کچھ لاد کر لے جا سکتے ہیں' اسے لے جا سکیں گے البتہ سونا اور چاندی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملیں گے وہ لوگ وہاں سے نکلنے کے لئے تیار ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر یہ شرط عائد کی تھی کہ وہ کوئی چیز چھپائیں گے نہیں اور کوئی چیز غائب نہیں کریں گے۔ اگر وہ ایسا کرتے ہیں' تو پھر ان کے لئے کوئی ذمہ اور کوئی پناہ نہیں ہوگی۔ انہوں نے اس میں سے ایک تھیلے کو غائب کر دیا جس میں کچھ مال تھا اور زیورات تھے وہ حیی بن اخطب کے تھے وہ اپنے ساتھ اس تھیلے کو اٹھا کر خیبر آیا تھا اس وقت جب بنو نضیر کو جلاوطن کیا گیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حیی کے چچا سے کہا حیی کے اس تھیلے کا کیا بنا جو وہ بنو نضیر سے لے کر آیا تھا' تو اس کے چچا نے کہا: اخراجات اور جنگوں نے سب کچھ خرچ کروا دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابھی' تو اتنا زیادہ وقت نہیں گزرا وہ مال اس سے زیادہ تھا (کہ ختم ہو جاتا) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا۔ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اسے مارا پیٹا حی بن اخطب اس سے پہلے ایک کھنڈر میں داخل ہو چکا تھا' تو اس نے کہا: میں نے حیی کو یہاں کے ایک کھنڈر میں چکر لگاتے ہوئے دیکھا تھا۔ لوگ گئے وہاں چکر لگایا' تو انہیں اس کھنڈر میں سے وہ تھیلا مل گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوحقیق کے دونوں بیٹوں کو قتل کروا دیا ان میں سے ایک حیی بن اخطب کی صاحب زادی سیدہ صفیہ کا شوہر بھی تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کی خواتین اور بچوں کو قیدی بنا لیا اور ان کے اموال لوگوں میں تقسیم کر دیئے۔ آپ نے ان لوگوں کو وہاں سے جلاوطن کرنے کا ارادہ کیا' تو ان لوگوں نے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ ہمیں ہماری سرزمین پر رہنے دیں۔ ہم یہاں کام کاج کریں گے۔ اس کی دیکھ بھال کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھیوں کے پاس ایسے لوگ نہیں تھے جو زمین کی دیکھ بھال کرتے اور وہاں کی نگرانی کرتے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کی سرزمین ان لوگوں کو اس شرط پر دی کہ وہاں کی زراعت کھجوروں اور دیگر چیزوں میں سے نصف حصہ ان لوگوں کو ملے گا (اور نصف حصہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ادا کیا جائے گا)'

جب تک نبی اکرم ﷺ چاہیں گے (یعنی جب نبی اکرم ﷺ چاہیں گے یہ معاہدہ ختم کر دیں گے)

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ ہر سال وہاں آیا کرتے تھے ان کی پیداوار کا اندازہ لگاتے تھے پھر وہ ان لوگوں کو نصف ادائیگی کا پابند کرتے تھے راوی کہتے ہیں: ان لوگوں نے حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ کے اندازے کی سختی کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ سے شکایت کی انہوں نے پہلے انہیں رشوت دینے کی بھی کوشش کی تھی' تو حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے اللہ کے دشمنو! کیا تم مجھے حرام کھلانا چاہتے ہو۔ اللہ کی قسم میں تمہارے پاس اس ہستی کی طرف سے آیا ہوں۔ جو میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہیں اور تم لوگ میرے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ ہو' یہاں تک کہ بندروں اور خنزیروں سے بھی زیادہ ناپسندیدہ ہو' لیکن اس کے باوجود تمہارے ساتھ میری نفرت اور نبی اکرم ﷺ کے ساتھ میری محبت بھی مجھے اس چیز پر آمادہ نہیں کر سکی کہ میں تمہارے ساتھ ناانصافی کروں' تو ان لوگوں نے کہا: اسی (ایمان داری کی وجہ سے) آسمان اور زمین قائم ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی دونوں آنکھوں پر سبز رنگ کا نشان دیکھا' تو دریافت کیا: اے صفیہ! یہ سبز رنگ کا نشان کس وجہ سے ہے' تو انہوں نے بتایا میرا سر ابوحقیق کے صاحب زادے (یعنی میرے سابقہ شوہر) کی گود میں تھا۔ میں اس وقت سوئی ہوئی تھی میں نے خواب میں دیکھا کہ چاند میری گود میں آ گیا ہے۔ (بیدار ہونے کے بعد) میں نے اپنے شوہر کو اس بارے میں بتایا' تو اس نے مجھے ایک طمانچہ لگایا اور بولا تم یثرب کے بادشاہ (یعنی نبی اکرم ﷺ) کی آرزومند ہو۔

سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پہلے نبی اکرم ﷺ میرے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ شخصیت تھے کیونکہ انہوں نے میرے شوہر میرے والد اور میرے بھائی کو قتل کروایا تھا نبی اکرم ﷺ مسلسل میرے سامنے عذر بیان کرتے رہے۔ آپ یہ فرماتے تھے تمہارے والد نے تمام عربوں کو میرے خلاف کر دیا تھا۔ اس نے یہ کیا تھا اس نے وہ کیا تھا (اس وجہ سے میں اس سے لڑنے پر مجبور ہوا تھا)' یہاں تک کہ میرے دل میں (نبی اکرم ﷺ کے بارے میں جو ناپسندیدگی تھی) وہ ختم ہو گئی۔

نبی اکرم ﷺ اپنی ازواج میں سے ہر خاتون کو ہر سال کھجور کے اسی (۸۰) وسق اور جو کے بیس (۲۰) وسق دیا کرتے تھے۔

جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا عہد خلافت آیا اور (خیبر کے یہودیوں نے) مسلمانوں کے ساتھ دھوکا کرنا شروع کیا اور انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے صاحب زادے کو گھر کی چھت سے نیچے گرا دیا' تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا جس شخص کا خیبر میں مخصوص حصہ ہے وہ آ جائے تاکہ ہم اسے ان کے درمیان تقسیم کر دیں پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے ان لوگوں کے درمیان تقسیم کر دیا۔ ان کے سردار نے کہا: آپ ہمیں (خیبر سے) نہ نکالیں آپ ہمیں یہاں رہنے دیں' جس طرح نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ہمیں یہاں رہنے دیا تھا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے سردار سے کہا: کیا تم اس کے بارے میں یہ رائے رکھتے ہو کہ میں نے اس بارے میں نبی اکرم ﷺ کے قول کے برخلاف کیا ہے۔ اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تمہاری سواری تمہیں لے کر شام کی طرف بڑھ رہی ہوگی۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے وہاں کی زمین ان لوگوں کے درمیان تقسیم کر دی جو صلح حدیبیہ میں موجود تھے اور غزوۂ خیبر میں شریک ہوئے تھے۔

ذِكْرُ التَّغْلِيظِ عَلٰى مَنْ لَمْ يَتْرُكِ الْمُخَابَرَةَ، الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا، بَعْدَ عِلْمِهِ بِالنَّهْيِ عَنْهَا

ایسے شخص پر شدت کا تذکرہ‘ جو مخابرہ کو ترک نہیں کرتا ہے‘ جس کا ہم نے پہلے ذکر کیا ہے اور وہ اس کی ممانعت کا علم ہونے کے بعد (بھی اسے ترک نہیں کرتا)

5200 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَحْيٰى بْنُ سُلَيْمٍ، عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ لَمْ يَذَرِ الْمُخَابَرَةَ، فَلْيَاْذَنْ بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ

هُوَ اِسْحَاقُ بْنُ اَبِيْ اِسْرَائِيْلَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں‘ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

”جو شخص مخابرہ کو ترک نہیں کرتا وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ کا اعلان کرتا ہے۔“

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) راوی کا نام اسحاق بن ابواسرائیل ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ يَنْفِي الرِّيَبَ عَنِ الْخَلَدِ اَنَّ نَهْيَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُخَابَرَةِ كَانَ لِلْعِلَّةِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا

اس روایت کا تذکرہ‘ جو اس چیز سے شک کی نفی کرتی ہے‘ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مخابرہ سے منع اس علت کی وجہ سے کیا ہے‘ جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

5201 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِكْرِمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَبِيبَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ:

5200- إسحاق بن إبراهيم :هو إسحاق بن أبي إسرائيل إبراهيم بن كعب كامجر والمروزي .وهوثقة روى له أبو داود والنسائي، ومن فوقه من رجال الصحيح، وأبو الزبير قد عنعن .يحيى بن سليم :وهو الطائف وقد توبع، وابن خثيم :هو عبد الله بن عثمان بن خيثم . وأخرجه الترمذي في "العلل 1/526 "، والطحاوي 4/107 من طريقين عن يحيى بن سليم، به .قال الترمذي : سألت محمداً عن هذا الحديث، قلت له :روى هذا الحديث عن ابن خثيم غير يحيى بن سليم؟ قال نعم، ورواه مسلم بن خالد، وداود بن عبد الرحمن العطار، قلت له :ما معنى هذا الحديث؟ قال :إنما نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن تلك الشروط الفاسدة التي كانوا يشترطون، فقال :من لم ينته عن الذي نهيت عنه فليؤذن بحرب من الله ورسوله . واخرجه أبو داود "3406"في البيوع :باب في باب في المخابرة، والطحاوي 4/107، والبيهقي 6/128، وأبو نعيم في "الحلية 9/326 "من طريقين عن ابن رجاء المكي، عن ابن خثيم، به .وذكره الحاكم 286 - 2/2/285 عن ابن خيثم، وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبي.

(متن حدیث): كُنَّا نُكْرِى الْاَرْضَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا عَلَى السَّوَاقِى مِنَ الزَّرْعِ وَبِمَا سُقِىَ بِالْمَاءِ مِنْهَا، فَنَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، وَرَخَّصَ لَنَا اَنْ نُكْرِيَهَا بِالذَّهَبِ وَالْوَرِقِ

❁❁ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پہلے ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں زمین کو کرائے پر دیتے تھے کہ کھیت کا جو حصہ بارانی پانی یا نالی کے پانی کے قریب ہے (اس کی پیداوار مالک کو ملے گی) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے منع کر دیا۔ آپ نے ہمیں اس بات کی اجازت دی کہ ہم سونے یا چاندی کے عوض میں زمین کو کرائے پر دے سکتے ہیں۔

5201- إسناده ضعيف محمد بن عبد الرحمن بن لبيبة، بن عكرمة لم يروعنه سوى إبراهيم بن سعد. وأخرجه الدارمي 2/271عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/182، وأبو داود 4/111، وفي "مشكل لآثار 3/286 "، والبيهقي 6/133، والبخاري في "التاريخ الكبير 1/195 "من طريق بن سعد به. وأخرجه أحمد 1/178، والنسائي 7/41في المزارعة: باب النهي عن كراء الأرض بالثلث والربع، من طريقين عن محمد بن عكرمة، به.

كِتَابُ اِحْيَاءِ الْمَوَاتِ

کتاب! بنجر زمین کو آباد کرنے کے بارے میں روایات

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاَجْرَ لِمُحْيِي الْمَوَاتِ مِنْ اَرْضِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کے لیے اجر کو نوٹ کرنے کا تذکرہ' جو اللہ کی بنجر زمین کو آباد کرتا ہے

5202 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ اَحْيَا اَرْضًا مَيْتَةً، فَلَهُ فِيْهَا اَجْرٌ، وَمَا اَكَلَتِ الْعَافِيَةُ، فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص بنجر زمین کو آباد کرتا ہے اسے اس کا اجر ملے گا اور اس میں سے جو بھی کچھ کھا لیتا ہے' تو یہ چیز اس آدمی کے لئے صدقہ ہوگی''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا مَجْهُوْلٌ لَا يُعْرَفُ وَلَا يُعْلَمُ لَهُ سَمَاعٌ مِّنْ جَابِرٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' عبداللہ بن عبدالرحمٰن نامی راوی مجہول ہے اس کی شناخت نہیں ہو سکی اور اس کے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سماع کے بارے میں بھی کوئی علم نہیں ہے

5202- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عبد الله بن عبد الله بن عبد الرحمن، قال الحافظ :مستور، روى له أبو داود والترمذي والنسائي، وقد تابعه غير واحد. وأخرجه أحمد 3/313و 327و318، وأبو عبيد في "الأموال"1050" "، والدارمي 2/267، والبغوي "1651"، والبيهقي 6/148من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا لإسناد .وسموه :عبيد الله بن عبد الرحمن. وأخرجه يحيى /3بن آدم في "الخراج "259" "من طريق أبي معاوية، عن هشام بن عروة، به. وأخرجه أحمد 3/363عن عفان، عن سعيد بن يزيد، عن ليث، عن أبي وقال عفان مرة :عن أبي بكر بن محمد -عن جابر، عن النبي صلى الله عليه وسلم بلفظ: "من أحيا أرضاً وعرة من المصر أو رمية من مصر، فهي له "وتحرف في المطبوع من "المسند" "وعروة "إلى "دعوة "والمثبت من "مجمع الزوائد 4/157 "، وفيه ليث، وهو ابن أبي سليم، وهو ضعيف. وعلقه الإمام البخاري في "صحيحه 5/23 "بصيغة التمريض في كتاب الحرث والمزارعة :باب من أحيا أرضا مواتاً.

5203 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ اَحْيَا اَرْضًا مَيْتَةً، فَلَهُ بِهَا اَجْرٌ، وَمَا اَكَلَتِ الْعَافِيَةُ، فَلَهُ بِهَا اَجْرٌ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص بنجر زمین کو آباد کرتا ہے اسے اس کا اجر ملے گا اس میں سے جو بھی جاندار چیز کچھ کھا لیتی ہے اسے اس کا اجر ملے گا''۔

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْاَجْرَ لِلْمُسْلِمِ اِذَا اَحْيَا اَرْضًا مَيْتَةً مَعَ كِتْبَةِ الصَّدَقَةِ لَهُ بِمَا تَاْكُلُ الْعَافِيَةُ مِنْهَا

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کو اجر عطا کرنے کا تذکرہ' جو مسلمان کسی بنجر زمین کو آباد کرتا ہے' اس کے ہمراہ اس شخص کو صدقہ کرنے کا ثواب بھی ملتا ہے' جب اس زمین میں سے کوئی بھی جاندار چیز کچھ کھاتی ہے

5204 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ يَزِيْدَ بْنَ الْمِنْهَالِ ابْنِ اَخِي الْحَجَّاجِ بْنِ مِنْهَالٍ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ اَحْيَى اَرْضًا مَيْتَةً، فَلَهُ فِيْهَا اَجْرٌ، وَمَا اَكَلَتِ الْعَافِيَةُ، مِنْهَا فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ دَلِيْلٌ صَحِيْحٌ، عَلٰى اَنَّ الذِّمِّيَّ، اِذَا اَحْيَى اَرْضًا مَيْتَةً لَمْ تَكُنْ لَهُ، لِاَنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَكُوْنُ اِلَّا لِلْمُسْلِمِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص بنجر زمین کو آباد کرتا ہے اسے اس کا اجر ملے گا اور اس میں سے جو چیز بھی کچھ کھا لیتی ہے' تو یہ اس شخص کے حق میں صدقہ شمار ہو گا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں اس بات کی صحیح دلیل موجود ہے' جب کوئی ذمی شخص کسی بنجر زمین کو آباد کرے' تو وہ اس کی ملکیت نہیں ہو گی کیونکہ صدقہ صرف مسلمان کے لئے ہوتا ہے۔

5203– هو مكرر ماقبله.

5204– إسناده على شرط مسلم، ولاتضر عنعنة أبي الزبير، لأنه متابع. وأخرجه أحمد 3/356، وابن زنجويه في "الأموال" "1049"، وأبو يعلى "1805"، والبغوي "1650"، والبيهقي 6/148من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الذِّمِّيَّ اِذَا اَحْيَى اَرْضًا مَيْتَةً لَّمْ تَكُنْ لَهُ
اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے جب کوئی ذمی کسی بنجر زمین کو آباد کردے تو وہ اس کی ملکیت نہیں ہوگی

5205 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلَّانَ بِاَذَنَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الزِّمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ اَحْيَى اَرْضًا مَيْتَةً، فَهِيَ لَهُ، وَمَا اَكَلَتِ الْعَوَافِيْ مِنْهَا، فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لَمَّا قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ: وَمَا اَكَلَتِ الْعَوَافِيْ مِنْهَا فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ، كَانَ فِيْهِ اَبْيَنُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْخِطَابَ وَرَدَ فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ لِلْمُسْلِمِيْنَ دُوْنَ غَيْرِهِمْ، وَاَنَّ الذِّمِّيَّ لَمْ يَقَعْ خِطَابُ الْخَبَرِ عَلَيْهِ، وَاَنَّهُ اِذَا اَحْيَى الْمَوَاتَ لَمْ يَكُنْ لَهُ ذٰلِكَ، اِذِ الصَّدَقَةُ لَا تَكُوْنُ اِلَّا لِلْمُسْلِمِيْنَ.

وَقَدْ سَمِعَ هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَهُمَا طَرِيْقَانِ مَحْفُوْظَانِ.

(توضیح مصنف): وَطُلَّابُ الرِّزْقِ يُسَمَّوْنَ: الْعَافِيَةَ.

قَالَهُ اَبُوْ حَاتِمٍ رَحِمَهُ اللّٰهُ

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص بنجر زمین کو آباد کرتا ہے وہ اس کی ملکیت ہوتی ہے اس میں سے جو بھی جانور وغیرہ جو کچھ کھا لیتا ہے یہ چیز اس کے لئے صدقہ ہوگی۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس روایت میں یہ فرمادیا ''اس میں سے جو بھی جانور وغیرہ کچھ کھا لیتا ہے' تو یہ اس کے حق میں صدقہ ہوگا'' اس میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے' اس روایت میں موجود حکم مسلمانوں کے لئے ہے دوسروں کے لئے نہیں ہے اور اس روایت کا حکم ذمیوں پر لاگو نہیں ہوگا کہ اگر وہ کسی بنجر زمین کو آباد کر لیتے ہیں' تو وہ ان کی ملکیت نہیں ہوگی کیونکہ صدقہ صرف مسلمانوں کی طرف سے ہوتا ہے۔

5205- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى الزماني، وهو محمد نب يحيى بن فياض الزماني، وهو يقة، روى له أبو داود والنسائي في "اليوم والليلة ."عبد الوهاب الثقفي :هو عبد الوهاب بن عبد المجيد بن الصلت الثقفي. وأخرجه أبو يعلى "2195"عن سفيان، عن عبد الوهاب الثقفي :بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/304و338، والترمذي "1379" في الأحكام :باب ماذكرفي إحياء الأرض الموات، من طرق عن هشام بن عروة، به .وقال الترمذي -وقد أخرج الشطر الأول فقط :-حديث حسن صحيح.

ہشام بن عروہ نے یہ روایت وہب بن کیسان سے سنی ہے اور عبداللہ بن عبدالرحمٰن کے حوالے سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے سنی ہے اس کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

رزق کے طلب گاروں کے لئے لفظ ''عافیہ'' استعمال ہوتا ہے (جو اس حدیث میں استعمال ہوا ہے) یہ بات امام ابوحاتم نے بیان کی ہے۔

کِتَابُ الْاَطْعِمَةِ

کتاب! کھانے کے بارے میں روایات

بَابُ آدَابِ الْاَكْلِ

کھانے کے آداب

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ لَا يَخْلُوَ بَيْتُهُ مِنَ التَّمْرِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' اس کے گھر میں ہروقت کھجوریں موجود ہونی چاہئیں

5206 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي الْحَوَارِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيهِ جِيَاعٌ اَهْلُهُ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جس گھر میں کھجوریں نہ ہو اس کے گھر والے بھوکے ہوتے ہیں۔''

ذِكْرُ الْاِسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ تَغْطِيَةَ ثَرِيدِهِ قَبْلَ الْاَكْلِ رَجَاءَ وُجُودِ الْبَرَكَةِ فِيهِ

آدمی کے لیے اس بات کے مستحب ہونے کا تذکرہ' وہ کھانے سے پہلے اپنے ثرید کو ڈھانپ کر رکھے یہ امید رکھتے ہوئے کہ اس طرح اس میں برکت پائی جائے گی

5207 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، حَدَّثَنَا ابْنُ

5206–إسناده صحيح .أحمد بن أبى الحوارى :هو أحمد بن عبد الله بن ميمون بن العباس بن الحارث التغلبى ابن أبى الحوارى.ثقة روى له أبو داود وابن ماجه ,ومن فوقه من رجال الشيخين غير مروان بن محمد_وهو ابن حسان الأسدى _فمن رجال مسلم. وأخرجه بن ماجة 3327فى الأطعمة :باب فى التمر ,وأبو نعيم فى "الحلية" 10/31من طريق أحمد بن أبى الحوارى ,بهذا الإسناد وأخرجه الدرامى ,2/104ومن طريقه مسلم 2046فى الأشربة :باب فى إدخال التمر ونحوه من الأقوات للعيال , والترمذى 1815فى الأطعمة :باب ما جاء فى استحباب التمر ,عن يحيى بن حسان ,عن سليمانبن بلال ,به.

وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ قُرَّةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِیْ بَكْرٍ،

(متن حدیث): اَنَّهَا كَانَتْ اِذَا ثَرَدَتْ غَطَّتْهُ حَتّٰى يَذْهَبَ فَوْرُهٗ، ثُمَّ تَقُوْلُ: اِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّهٗ اَعْظَمُ لِلْبَرَكَةِ

سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے جب وہ ثرید بناتی تھیں تو اسے ڈھانپ دیتی تھیں یہاں تک کہ اس کی گرمی رخصت ہو جاتی تھی پھر وہ یہ فرماتی تھیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: یہ برکت میں اضافے کا باعث ہے''۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُحْدِثِ الْاَكْلَ قَبْلَ اِحْدَاثِ الْوُضُوْءِ مِنْ حَدَثِهٖ

بے وضو شخص کے لیے حدث لاحق ہونے کے بعد نئے سرے سے وضو کرنے سے پہلے کھانے کے مباح ہونے کا تذکرہ

5208 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ الْحَافِظُ، بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ فَطَعِمَ، فَقِيْلَ لَهٗ: قَبْلَ اَنْ تَتَوَضَّاَ؟ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّیْ اُرِيْدُ اَنْ اُصَلِّیَ فَاَتَوَضَّاَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کر کے تشریف لائے آپ کھانا کھانے لگے تو آپ کی خدمت میں عرض کی گئی آپ وضو کرنے سے پہلے ہی (کھانے لگے ہیں؟) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں کیا نماز پڑھنے لگا ہوں جو وضو کروں۔

5207-حديث حسن ,رجاله ثقات رجال الصحيح غير قرة بن عبد الرحمن ,فهو من رواة أصحاب "السنن "وروى له مسلم مقروناً بغيره ,وضعفه ابن معين وأبو زرعة وأبو حاتم والنسائي ,وذكره المؤلف في "الثقات,"وقال ابن عدى :لم أر له حديثاً منكراً جداً ,وأرجو أنه لا بأس به ,وقال الحافظ في "التقريب:"صدوق له مناكير .قلت :وقد تابعه عليه ابن لهيعة عند أحمد ,فيتقوى .أبو الطاهر :هو أحمد بن عمرو بن عبد الله بن عمرو بن السرح . وأخرجه الدارمي ,2/100والطبراني في "الكبير,24/226"والحاكم ,4/118والبيهقي 7/280من طرق عن ابن وهب ,بهذا الإسناد.

5208-إسناده صحيح على شرط الصحيح . وأخرجه مسلم 347في الطهارة :باب جواز أكل المحدث الطعام وأنه لا كراهة في ذلك ,والدارمي 2/107-108و ,108والترمذي في ":الشمائل ,187"والنسائي في الوليمة كما في "التحفة 4/461" من طرق عن عمرو بن دينار ,بهذا الإسناد.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْعَشَاءِ عِنْدَ اِقَامَةِ الصَّلَاةِ لِلْمَغْرِبِ اِذَا اجْتَمَعَا

مغرب کی نماز قائم ہونے کے وقت کھانا کھالینے کے حکم ہونے کا تذکرہ' جب (نماز اور کھانا دونوں) اکٹھے ہو جائیں

5209 - حَدَّثَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا وُضِعَ الْعَشَاءُ وَاُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَابْدَئُوا بِالْعَشَاءِ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب کھانا رکھ دیا جائے اور نماز کھڑی ہو جائے' تو پہلے کھانا کھالو''

5210 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، فِىْ عَقِبِهٖ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

❀❀ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالتَّسْمِيَةِ عِنْدَ ابْتِدَاءِ الطَّعَامِ لِمَنْ اَرَادَ اَكْلَهُ

جو شخص کھانا کھانے کا ارادہ کرے اسے کھانا کھانے کے آغاز میں بسم اللہ پڑھنے کے حکم کا تذکرہ

5211 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْمَاطِيُّ الشَّيْخُ الصَّالِحُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ هَمَّامٍ الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِىْ وَجْزَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْلِسْ يَا بُنَيَّ وَسَمِّ اللّٰهَ وَكُلْ بِيَمِينِكَ وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ قَالَ: فَوَاللّٰهِ مَا زَالَتْ اَكْلَتِىْ بَعْدُ.

5209- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وانظر 2066و ,20069وأبو قلابة :هو عبد الله بن زيد الجرمي.

5210- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو مكرر ما قبله.

5211-إسناده صحيح ,رجاله رجال الصحيح غير أبى وجزة ,فقد روى له أبو داود والنسائى ,وهو ثقة . وأخرجه الطيالسى 1358عن عبد الله بن المبارك ,عن هشام بن عروة ,بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد ,27-4/26والترمذى 1857فى الأطعمة :باب ما جاء فى التسمية على الطعام ,والنسائى فى "الكبرى" ,8/130وفى "اليوم والليلة, 274275"وابن ماجة3265فى الأطعمة :باب التسمية عند الطعام ,وابن السنى فى "اليوم والليلة 464"من طرق عن هشام بن عروة ,عن أبية ,عن عمر بن أبى سلمة ,وليس فيه أبو وجزة .قال الترمذى :وقد روى عن هشام بن عروة ,عن أبى وجزة السعدى ,عن رجل من مزينة ,عن عمر بن أبى سلمة ,وقد اختلف أصحاب هشام بن عروة فى رواية هذا الحديث.

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُوْ وَجْزَةَ يَزِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ السَّعْدِيُّ

حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے میرے بیٹے! بیٹھو بسم اللہ پڑھو اور اپنے دائیں ہاتھ سے اور اپنے آگے سے کھاؤ۔ حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس کے بعد میں ہمیشہ اسی طرح کھاتا ہوں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابووجزہ نامی راوی یزید بن عبید سعدی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ اَبُوْ وَجْزَةَ وَوَهْبُ بْنُ كَيْسَانَ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کو نقل کرنے میں ابووجزہ اور وہب بن کیسان نامی راوی منفرد ہیں

5212 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزُّهْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَاهُ اِلٰى طَعَامٍ، فَقَالَ: تَعَالَ يَا بُنَيَّ، كُلْ مِمَّا يَلِيْكَ، وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ، وَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ

عبدالرحمٰن بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں کھانے پر بلایا اور فرمایا: اے میرے بیٹے آگے آجاؤ اور اپنے آگے سے کھاؤ اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اس پر اللہ کا نام لے لو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ الْمَرْءِ بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ اَوَّلِهٖ وَاٰخِرِهٖ، اِنَّمَا يَقُوْلُ ذٰلِكَ عِنْدَ ذِكْرِهٖ نِسْيَانَ التَّسْمِيَةِ عِنْدَ ابْتِدَاءِ الطَّعَامِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' آدمی بسم اللہ فی اولہ و اٰخرہ اس وقت پڑھے گا جب وہ کھانے کے آغاز میں بسم اللہ پڑھنا بھول جائے

5213 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلِيْفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ

5212– حديث صحيح ,وهو مكرر ما قبله .عبد الرحمن بن محمد بن عمر ذكره المؤلف في "الثقات ,7/88 "والبخاري في "التاريخ الكبير 5/346 "وقالا :روى عنه يعقوب بن محمد ,وأبوه محمد بن عمر بن أبي سلمه ذكره المؤلف في "الثقات ,5/263 "وترجمه البخاري في "تاريخه الكبير ,1/176 "وقال الحافظ في "التقريب":مقبول. والحديث علقه البخاري في "التاريخ:1/176 "فقال :قال يعقوب بن محمد :حدثنا عبد الرحمن بن محمد بن عمر بن أبي سلمة. . . فذكره .وانظر.5211

بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ مُوْسَى الْجُهَنِيَّ، يَقُوْلُ: اَخْبَرَنِي الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهٖ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ نَّسِيَ اَنْ يَّذْكُرَ اللّٰهَ فِيْ اَوَّلِ طَعَامِهٖ فَلْيَقُلْ حِيْنَ يَذْكُرُ: بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ اَوَّلِهٖ وَاٰخِرِهٖ، فَاِنَّهٗ يَسْتَقْبِلُ طَعَامَهٗ جَدِيْدًا، وَيَمْنَعُ الْخَبِيْثَ مَا كَانَ يُصِيْبُ مِنْهُ

❀❀ قاسم بن عبدالرحمٰن اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کھانے کے آغاز میں اللہ کا ذکر کرنا بھول جائے' تو اسے جب یاد آئے' تو وہ اس وقت یہ پڑھ لے:

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے آغاز میں بھی اور آخر میں بھی۔''

تو وہ گویا اپنے کھانے کو نئے سرے سے شروع کرے گا۔ اس سے پہلے جو خرابی اس تک پہنچی تھی اسے روک دے گا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ مُوْسَى الْجُهَنِيُّ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کو نقل کرنے میں موسیٰ جہنی نامی راوی منفرد ہے

5214 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَلَفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ السَّمَرْقَنْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ اَحْمَدَ،

5213– إسناده صحيح ,خليفة بن خياط :هو الإمام الحافظ العلامة الإخباري أبو عمرو العصفري البصري, صاحب "التاريخ "و"الطبقات "وهو صدوق أخرج له البخاري في "صحيحه "جملة أحاديث متابعة وتعليقاً ,وذكره المؤلف في"الثقات 8/233 "وقال :كان متقناً عالماً بأيام الناس وأنسابهم .وقال ابن عدي :له حيث كثير ,وتاريخ حسن ,وكتاب في طبقات الرجال ,وهو مستقيم الحديث ,صدوق من متيقظي رواة الحديث ,ومن فوقه ثقات على شرط الصحيح ,وسماع عبد الرحمن من أبيه ثبته سفيان الثوري وشريك بن عبد الله ,وابن معين والبخاري وأبو حاتم .موسى الجهني :هو موسى بن عبد الله , وقيل :ابن عبد الرحمن الجهني .وهو في"مسند خليفة .62" وأخرجه ابن السني في "عمل اليوم والليلة 461"عن أبي يعلى ,بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني 10354عن عبد الله بن الأمام أحمد ,عن خليفة بن خياط ,به .قال الهيثمي في "المجمع:5/23 "رواه الطبراني في"الكبير "و"الأوسط "ورجاله ثقات.

5214– حديث صحيح ,رجاله ثقات رجالالصحيح غير عيسى بن أحمد ,وهو ثقة روى له الترمذي ,إلا أن فيه انقطاعاً, عبد الله بن عبيد بن عمير لم يسمع من عائشة ,ورواه جماعة عن هشام الدستوائي فزادوا فيه بين عبد الله وبين عائشة "أم كلثوم" كما يأتي ,وهو الصواب. وأخرجه أحمد ,6/143والدارمي ,2/94وابن ماجة 3264في الأطعمة :باب في التسمية عند الطعام, من طريق يزيد بن هارون ,بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد ,6/246والبيهقي 7/276عن روح ,وأحمد 6/265عن عبد الوهاب الخفاف ,والدارمي 2/94عن معاذ بن هشام ,وأبو داود 3767في الأطعمة :باب التسمية على الطعام ,عن إسماعيل ابن علية, وأحمد ,6/207-208والترمذي 1858في الأطعمة :باب ما جاء في التسمية على الطعام ,عن وكيع ,والنسائي في "اليوم والليلة 281"عن المعتمر بن سليمان ,والطيالسي 1566ومن طريقه الطحاوي في"مشكل الآثار ,2/21 "والبيهقي ,7/276 والحاكم 4/108.

قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ بُدَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ طَعَامًا فِيْ سِتَّةِ نَفَرٍ، فَجَاءَ اَعْرَابِيٌّ فَاَكَلَهُ بِلُقْمَتَيْنِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا اِنَّهُ لَوْ كَانَ سَمَّى بِاللّٰهِ لَكَفَاكُمْ، فَاِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلْيَذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَاِنْ نَسِيَ فِيْ اَوَّلِهِ فَلْيَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهُ وَاٰخِرَهُ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چھ آدمیوں کے ہمراہ کھانا کھا رہے تھے۔ اسی دوران ایک دیہاتی آیا اس نے دو لقمے لئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس نے بسم اللہ پڑھ لی ہوتی تو یہ کھانا تم سب کے لئے کافی ہوتا جب کوئی شخص کھانا کھائے تو اسے اللہ کا نام لے لینا چاہئے اور اگر وہ اس کے آغاز میں اللہ کا نام لینا بھول جاتا ہے تو پھر یہ پڑھنا چاہئے۔

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے اس کے آغاز میں بھی اور آخر میں بھی۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ وَاكَلَ غَيْرَهُ اَنْ يَّاْكُلَ مِنْ بَيْنَ يَدَيْهِ بِالْيَمِيْنِ مَعَ ابْتِدَاءِ التَّسْمِيَةِ

جو شخص کسی دوسرے کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھائے اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ وہ دائیں ہاتھ کے ذریعے اپنے آگے سے کھائے اور آغاز میں بسم اللہ پڑھ لے

5215 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحَاقَ الْاَنْمَاطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمِصِّيْصِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ اَبِيْ وَجْزَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اُدْنُ بُنَيَّ فَسَمِّ اللّٰهَ، وَكُلْ بِيَمِيْنِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيْكَ.

قَالَ: اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُوْ وَجْزَةَ اسْمُهُ يَزِيْدُ بْنُ عُبَيْدٍ السَّعْدِيُّ

❀❀ حضرت عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اے میرے بیٹے! آگے آجاؤ اللہ کا نام لو اپنے دائیں ہاتھ سے اور اپنے آگے سے کھاؤ۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابووجزہ نامی راوی کا نام یزید بن عبید سعدی ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِتَحْمِيْدِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ الْفَرَاغِ مِنَ الطَّعَامِ عَلٰى مَا اَسْبَغَ وَاَفْضَلَ وَاَنْعَمَ

5215- إسناده صحيح، وقد تقدم برقم 5211و.5212 وأخرجه أحمد 4/27، وأبو داود 3777في الأطعمة :باب الأكل باليمين، عن محمد بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/27من طريقين عن سليمان بن بلال، به.

کھانے سے فارغ ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرنے کے حکم کا تذکرہ ' اس بات پر جو اس نے مہربانی کی اور فضل کیا اور انعام کیا

5216 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيْدٍ السَّعْدِيُّ بِخَبَرٍ غَرِيبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَيْسَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ اَبُوْ بَكْرٍ بِالْهَاجِرَةِ اِلَى الْمَسْجِدِ، فَسَمِعَ بِذٰلِكَ عُمَرُ، فَقَالَ: يَا اَبَا بَكْرٍ، مَا اَخْرَجَكَ هٰذِهِ السَّاعَةَ؟ قَالَ: مَا اَخْرَجَنِيْ اِلَّا مَا اَجِدُ مِنْ حَاقِ الْجُوْعِ، قَالَ: وَاَنَا وَاللّٰهِ مَا اَخْرَجَنِيْ غَيْرُهُ، فَبَيْنَمَا هُمَا كَذٰلِكَ اِذْ خَرَجَ عَلَيْهِمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا اَخْرَجَكُمَا هٰذِهِ السَّاعَةَ؟، قَالَا: وَاللّٰهِ مَا اَخْرَجَنَا اِلَّا مَا نَجِدُ فِيْ بُطُوْنِنَا مِنْ حَاقِ الْجُوْعِ، قَالَ: وَاَنَا وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ مَا اَخْرَجَنِيْ غَيْرُهُ، فَقُومَا، فَانْطَلَقُوْا حَتّٰى اَتَوْا بَابَ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ، وَكَانَ اَبُوْ اَيُّوْبَ يَدَّخِرُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا اَوْ لَبَنًا، فَاَبْطَاَ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ، فَلَمْ يَاْتِ لِحِيْنِهٖ، فَاَطْعَمَهُ لِاَهْلِهٖ وَانْطَلَقَ اِلٰى نَخْلِهٖ يَعْمَلُ فِيْهِ، فَلَمَّا انْتَهَوْا اِلَى الْبَابِ خَرَجَتِ امْرَاَتُهُ، فَقَالَتْ: مَرْحَبًا بِنَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِمَنْ مَعَهُ، فَقَالَ لَهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَيْنَ اَبُوْ اَيُّوْبَ؟ فَسَمِعَهُ وَهُوَ يَعْمَلُ فِيْ نَخْلٍ لَهُ، فَجَاءَ يَشْتَدُّ، فَقَالَ: مَرْحَبًا بِنَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِمَنْ مَعَهُ، يَا نَبِيَّ اللّٰهِ لَيْسَ بِالْحِيْنِ الَّذِيْ كُنْتَ تَجِيْءُ فِيْهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقْتَ قَالَ: فَانْطَلَقَ فَقَطَعَ عِذْقًا مِنَ النَّخْلِ فِيْهِ مِنْ كُلِّ التَّمْرِ وَالرُّطَبِ وَالْبُسْرِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَرَدْتُ اِلٰى هٰذَا، اَلَا جَنَيْتَ لَنَا مِنْ تَمْرِهٖ فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَحْبَبْتُ اَنْ تَاْكُلَ مِنْ تَمْرِهٖ وَرُطَبِهٖ وَبُسْرِهٖ، وَلَاَذْبَحَنَّ لَكَ مَعَ هٰذَا، قَالَ: اِنْ ذَبَحْتَ فَلَا تَذْبَحَنَّ ذَاتَ دَرٍّ، فَاَخَذَ عَنَاقًا اَوْ جَدْيًا فَذَبَحَهُ، وَقَالَ لِامْرَاَتِهٖ: اخْبِزِيْ وَاعْجِنِيْ لَنَا، وَاَنْتِ اَعْلَمُ بِالْخُبْزِ، فَاَخَذَ الْجَدْيَ فَطَبَخَهُ وَشَوٰى نِصْفَهُ، فَلَمَّا اَدْرَكَ الطَّعَامُ، وُضِعَ بَيْنَ

5216–وأورده الهيثمي في "المجمع 10/317-318 "وقال :رواه الطبراني في "الصغير "و"الأوسط "وفيه عبد الله بن كيسان المروزي ,وقد وثقه ابن حبان وضعفه غيره ,وبقية رجاله رجال الصحيح . وقال الحافظ في "تخريج الأذكار "فيما نقله عن ابن علان 5/231-232 بعد إيراده وتخريجه :هذا حديث حسن ,فيه غرابه من وجهين ,أحدهما ذكر أبي أيوب ,وقصة فاطمة "قلت :قصة فاطمة لم ترد عند المصنف "والمشهور في هذا قصة أبي الهيثم بن التيهان . . . وفي الباب عن أبي هريرة شبيهبأصل القصة عند مسلم ,2038والترمذي ,2369والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة" ,1/467وقال الترمذي :حديث حسن صحيح غريب . وعن عمر عند أبي يعلى ,250والبزار ,3681والبيهقي في "دلائل النبوة ,1/362 "وفي سنده عبد الله بن عيسى أبو خلف وهو ضعيف . وعن أبي بكر عن المروزي في "مسند أبي بكر ,55"وأبي يعلى ,78وفي سنده يحيى بن عبيد الله بن عبد الله بن موهب التيمي وهو متروك . وعن ابن مسعود أخرجه الطبراني في "الكبير ,10496"وفي سنده محمد بن السائب الكلبي متهم بالكذب . وعن ابن عمر عند الطبراني كما في "المجمع ,10/319-321 "قال الهيثمي :فيه بكار بن محمد السيريني وقد ضعفه الجمهور ,ووثقه ابن معين ,وبقية رجاله ثقات . وعن أبي الهيثم بن التيهان عند البيهقي في "الدلائل ,1/360 "وراويه عن أبي الهيثم مجهول.

يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهٖ، فَاَخَذَ مِنَ الْجَدْيِ فَجَعَلَهٗ فِيْ رَغِيفٍ، فَقَالَ: يَا اَبَا اَيُّوْبَ اَبْلِغْ بِهٰذَا فَاطِمَةَ، فَاِنَّهَا لَمْ تُصِبْ مِثْلَ هٰذَا مُنْذُ اَيَّامٍ، فَذَهَبَ بِهٖ اَبُوْ اَيُّوْبَ اِلٰى فَاطِمَةَ، فَلَمَّا اَكَلُوْا وَشَبِعُوا، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُبْزٌ وَلَحْمٌ وَتَمْرٌ وَبُسْرٌ وَرُطَبٌ وَدَمِعَتْ عَيْنَاهُ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ، اِنَّ هٰذَا لَهُوَ النَّعِيْمُ الَّذِيْ تُسْاَلُوْنَ عَنْهُ، قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا (ثُمَّ لَتُسْاَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ) (التكاثر: 8) فَهٰذَا النَّعِيْمُ الَّذِيْ تُسْاَلُوْنَ عَنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَكَبُرَ ذٰلِكَ عَلٰى اَصْحَابِهٖ، فَقَالَ: بَلْ اِذَا اَصَبْتُمْ مِثْلَ هٰذَا، فَضَرَبْتُمْ بِاَيْدِيكُمْ، فَقُوْلُوْا: بِسْمِ اللّٰهِ، وَاِذَا شَبِعْتُمْ فَقُوْلُوْا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هُوَ اَشْبَعَنَا وَاَنْعَمَ عَلَيْنَا وَاَفْضَلَ، فَاِنَّ هٰذَا كَفَافٌ بِهَا فَلَمَّا نَهَضَ قَالَ لِاَبِيْ اَيُّوْبَ: ائْتِنَا غَدًا وَكَانَ لَا يَاْتِيْ اِلَيْهِ اَحَدٌ مَعْرُوْفًا اِلَّا اَحَبَّ اَنْ يُجَازِيَهٗ، قَالَ: وَاِنَّ اَبَا اَيُّوْبَ لَمْ يَسْمَعْ ذٰلِكَ، فَقَالَ عُمَرُ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَكَ اَنْ تَاْتِيَهٗ غَدًا، فَاَتَاهُ مِنَ الْغَدِ، فَاَعْطَاهُ وَلِيدَتَهٗ، فَقَالَ: يَا اَبَا اَيُّوْبَ اسْتَوْصِ بِهَا خَيْرًا، فَاِنَّا لَمْ نَرَ اِلَّا خَيْرًا مَا دَامَتْ عِنْدَنَا فَلَمَّا جَاءَ بِهَا اَبُوْ اَيُّوْبَ مِنْ عِنْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا اَجِدُ لِوَصِيَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرًا مِنْ اَنْ اَعْتِقَهَا، فَاَعْتَقَهَا

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: دن چڑھنے کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مسجد تشریف لائے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کی آواز سنی تو بولے: اے ابوبکر آپ اس وقت تو نہیں آتے ہیں۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بتایا میں شدید بھوک کی وجہ سے اس وقت آیا ہوں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم میں بھی صرف اسی وجہ سے آیا ہوں ابھی یہ دونوں حضرات اسی حالت میں تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان دونوں کے پاس تشریف لے آئے۔ آپ نے دریافت کیا تم دونوں اس وقت کیوں آئے ہو؟ ان دونوں نے عرض کی: اللہ کی قسم ہم شدید ترین بھوک کی وجہ سے اس وقت باہر نکلے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میں بھی صرف اسی وجہ سے باہر آیا ہوں تم دونوں اٹھو پھر یہ دونوں حضرات حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کھانا اور دودھ وغیرہ سنبھال کر رکھتے تھے۔ اس دن تاخیر ہوگئی تھی وہ اس وقت نہیں آئے تھے۔ انہوں نے اپنے گھر والوں کو کھانا کھلایا اور خود کھجور کے باغ میں چلے گئے تاکہ وہاں کام کرتے رہیں۔ جب یہ حضرات حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے گھر پہنچے تو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کی اہلیہ باہر آئیں۔ انہوں نے عرض کی: اللہ کے نبی اور ان کے ساتھیوں کو خوش آمدید نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے دریافت کیا: ابوایوب کہاں ہے؟ حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ نے آپ کی آواز سن لی وہ اس وقت اپنے باغ میں کام کررہے تھے۔ وہ جلدی سے چلتے ہوئے آئے اور عرض کی اللہ کے نبی اور ان کے ساتھیوں کو خوش آمدید اے اللہ کے نبی آپ عام طور پر اس وقت تشریف نہیں لاتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم نے ٹھیک کہا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ گئے اور کھجور کے باغ میں سے ہر قسم کی کھجوریں خشک' تازہ اور تر کھجوریں لے کر آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں یہ نہیں چاہتا تھا تم نے ہمارے لئے صرف خشک کھجوریں لے آنی تھیں۔ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی میں یہ چاہتا تھا کہ آپ خشک اور تازہ ہر طرح کی کھجوریں کھائیں۔ میں اس کے ہمراہ آپ کے لئے جانور بھی ذبح کرتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم نے ذبح کرنا ہے'

تو دودھ دینے والا جانور ذبح نہ کرنا پھر انہوں نے ایک بکری یا بھیڑ کا بچہ ذبح کیا اور اپنی بیوی سے کہا تم روٹی پکاؤ اور ہمارے لئے آٹا گوندھ لو تمہیں اچھی روٹی پکانی آتی ہے پھر انہوں نے بھیڑ کا بچہ لے کر اس کو پکایا اور اس کا نصف حصہ بھون لیا جب کھانا تیار ہوا تو وہ نبی اکرم ﷺ اور آپ کے ساتھیوں کے سامنے رکھا گیا' تو نبی اکرم ﷺ نے کچھ گوشت لے کر اس کے ساتھ روٹی رکھی اور فرمایا: اے ابوایوب! یہ فاطمہ تک پہنچا دو کیوں کہ اس نے بھی کئی دن سے کھانا نہیں کھایا۔ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ وہ کھانا سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا تک پہنچانے چلے گئے جب ان حضرات نے کھانا کھا لیا اور سیر ہو گئے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: روٹی اور گوشت خشک تازہ اور تر کھجوریں' پھر آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ آپ نے فرمایا اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ یہ وہ نعمتیں ہیں جن کے بارے میں تم سے دریافت کیا جائے گا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اس دن تم سے ضرور نعمتوں کے بارے میں دریافت کیا جائے گا۔''

(نبی اکرم ﷺ نے فرمایا)' تو یہ وہ نعمتیں ہیں جن کے بارے میں قیامت کے دن تم سے حساب لیا جائے گا۔ یہ بات آپ کے ساتھیوں کو گراں گزری' تو آپ نے ارشاد فرمایا: جب تمہیں اس طرح کی نعمتیں نصیب ہوں' تو تم اپنے ہاتھ آگے بڑھاؤ اور بسم اللہ پڑھ لو اور جب تم سیر ہو جاؤ' تو یہ پڑھو۔

''ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے مخصوص ہے' جس نے ہمیں سیر کیا اور اس نے ہم پر نعمتیں کیں اور فضل کیا۔''

تو یہ ان کے لئے کفایت کر جائے گا۔

جب یہ حضرات اٹھنے لگے' تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوایوب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم کل ہمارے ہاں آنا نبی اکرم ﷺ کے ساتھ جب بھی کوئی اچھائی کی جاتی تھی' تو آپ کو یہ بات پسند تھی کہ آپ اس کا بدلہ دیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے یہ بات نہیں سنی' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا نبی اکرم ﷺ نے آپ کو یہ ہدایت کی ہے' آپ کل ان کی خدمت میں حاضر ہوں۔ اگلے دن حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو نبی اکرم ﷺ نے اپنی کنیز انہیں عطا کی آپ نے ارشاد فرمایا: اے ابوایوب اس کے بارے میں بھلائی کی تلقین کو قبول کرو کیونکہ یہ جب تک ہمارے پاس رہی۔ ہم نے اس میں صرف بھلائی دیکھی ہے' جب حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ اس کنیز کو نبی اکرم ﷺ کے پاس سے لے آئے' تو انہوں نے کہا: نبی اکرم ﷺ نے اس کے بارے میں جو بھلائی کی تلقین کی ہے۔ اس کے حوالے سے مجھے اس سے بہتر کوئی چیز نہیں ملتی کہ میں اسے آزاد کر دوں' تو حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے اس کنیز کو آزاد کر دیا۔

ذِكْرُ مَا يَحْمَدُ الْعَبْدُ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا بِهِ عِنْدَ فَرَاغِهِ مِنْ طَعَامٍ طَعِمَهُ

اس بات کا تذکرہ' بندہ کھانا کھا لینے کے بعد فارغ ہو کر اپنے پروردگار کی حمد کیسے بیان کرے؟

5217 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ جَشِيْبٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عِنْدَ انْقِضَاءِ الطَّعَامِ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ، وَلَا مُوَدَّعٍ، وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ

حضرت ابوامامہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو سنا آپ نے کھانے سے فارغ ہو کر یہ دعا پڑھی۔
"ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے جو زیادہ ہو پاکیزہ ہو اس میں برکت موجود ہو وہ ایسی نہ ہو کہ کفایت نہ کرے اور نہ ہی اسے وداع کیا گیا ہو اور نہ ہی اس سے بے نیازی اختیار کی گئی ہو"۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ لَمْ يَسْمَعْهُ خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے خالد بن معدان نامی راوی نے یہ روایت حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے

5218 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ بَحِيرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْنَا طَعَامًا فِيْ مَنْزِلِ عَبْدِ الْاَعْلٰى وَمَعَنَا اَبُوْ اُمَامَةَ، فَقَالَ اَبُوْ اُمَامَةَ عِنْدَ انْقِضَاءِ الطَّعَامِ: مَا اُحِبُّ اَنْ اَكُوْنَ خَطِيْبًا، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عِنْدَ انْقِضَاءِ الطَّعَامِ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ جَشِيْبٍ،

5217– إسناده صحيح ,رجاله ثقات رجال الصحيح غير عامر بن جشيب ,فقد روى له النسائي وأبو داود في "المراسيل" وذكره المؤلف في "ثقاته "وروى عنه جماعة ,ونقل الحافظ في "التقريب "توثيقه عن الدارقطني وأخرجه النسائي في "الكبرى" كما في "التحفة 4/163 "عن يونس بن عبد الأعلى ,عن ابن وهب ,بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الكبير 7471"من طريقين عن معاوية بن صالح -وهو ابن حدير -به. وأخرجه أحمد ,5/2667والنسائي في ":الكبرى ,"وفي "عمل اليوم والليلة ,283"وابن السني في "اليوم والليلة ,469"والطبراني 7472من طرق عن السري بن ينعم الجيزي ,عن عامر بن جشيب ,به. وأخرجه الدارمي ,2/95والبخاري 5458و 5459في الأطعمة :باب ما يقول إذا فرغ من طعامه ,وأبو داود 3849في الأطعمة :باب ما يقول الرجل إذا طعم ,والترمذي 3456في الدعوات :باب ما يقال إذا فرغ من الطعام ,وابن ماجة 3284في الأطعمة :باب ما يقال إذا فرغ من الطعام ,والطبراني 7469و ,7470والحاكم ,4/136والبيهقي ,7/286والبغوي 2827و 2828من طرق عن ثور بن يزيد ,عن خالد بن معدان ,به .وانظر ما بعده.

5218– إسناده صحيح رجاله ثقات .وأخرجه أحمد 5/261عن عبد الرحمن بن مهدي ,والحاكم 4/135-136من طريق يحيى بن أبي طالب ,عن زيد بن الحباب ,كلاهما عن عامر بن جشيب ,عن معاوية بن صالح ,بهذا الإسناد .وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.

وَبَحِيرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، فَالطَّرِيقَانِ جَمِيعًا مَحْفُوظَانِ

خالد بن معدان بیان کرتے ہیں: ہم لوگ عبدالاعلیٰ کے گھر کھانے پر مدعو تھے۔ ہمارے ساتھ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ کھانے سے فارغ ہونے پر حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا مجھے یہ بات پسند نہیں ہے میں خطبہ دینا شروع کر دوں لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھانے سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا پڑھتے تھے۔

''ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے۔ ایسی حمد جو زیادہ ہو پاکیزہ ہو اس میں برکت موجود ہو اسے وداع نہ کیا گیا ہو اور اس سے بے نیازی نہ اختیار کی گئی ہو''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت معاویہ بن صالح نے عامر بن جشیب کے حوالے سے اور بحیر بن سعد نے خالد بن معدان کے حوالے سے سنی ہے تو اس کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ مَا يَحْمَدُ الْعَبْدُ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا بَعْدَ غَسْلِهِ يَدَهُ مِنَ الْغَمَرِ مِنْ طَعَامٍ اَكَلَهُ

اس بات کا تذکرہ آدمی کھانا کھانے کے بعد اپنے ہاتھ سے (چکنائی وغیرہ کی بو کو) دھونے کے بعد اپنے پروردگار کی حمد کیسے بیان کرے؟

5219 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِى صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): دَعَا رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَانْطَلَقْنَا مَعَهُ، فَلَمَّا طَعِمَ وَغَسَلَ يَدَهُ، قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَطْعَمَ وَلَا يُطْعَمُ، مَنَّ عَلَيْنَا فَهَدَانَا، وَاَطْعَمَنَا وَسَقَانَا، وَكُلَّ بَلَاءٍ حَسَنٍ اَبْلَانَا، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ اَطْعَمَ مِنَ الطَّعَامِ، وَسَقٰى مِنَ الشَّرَابِ، وَكَسَا مِنَ الْعُرْىِ، وَهَدٰى مِنَ الضَّلَالَةِ، وَبَصَّرَ مِنَ الْعَمٰى، وَفَضَّلَ عَلٰى كَثِيْرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا، الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک انصاری نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں بھی چلا گیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانا کھا لیا اور اپنے ہاتھ دھو لئے تو آپ نے یہ پڑھا۔

''ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے جو کھلاتا ہے اسے کھلایا نہیں جاتا اس نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں ہدایت نصیب کی اس نے ہمیں کھانے کے لئے دیا۔ ہمیں پلایا اور ہمیں اچھی طرح کی صورت حال میں مبتلا کیا۔ ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے مخصوص ہے جس نے کھانے میں سے کھلایا اور مشروب میں سے پلایا اور بے لباس جسم کو پہنایا اور

5219- إسناده صحيح على شرط مسلم .بشر بن منصور :هو السليمي البصري . وأخرجه أبو نعيم في "الحلية 6/242" من طريقين عن الحسن بن سفيان ,بهذا الإسناد ,وقال :غريب من حديث سهيل وزهير ,تفرد به بشر بن منصور . وأخرجه النسائي في "عمل اليوم والليلة ,301"وابن السني في "اليوم والليلة ,486"والحاكم 1/546 من طرق عن عبد الأعلى ابن حماد .وصحّحه الحاكم على شرط مُسلمٍ ووافقه الذهبي. وأخرجه الحاكم 1/546 من طريق أزهر بن مروان ,عن بشر بن منصور ,به.

گمراہی سے ہدایت نصیب کی۔ نابینا کو بصارت عطا کی اور اس نے اپنی مخلوق میں سے بہت سے لوگوں پر ہمیں فضیلت عطا کی ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے"۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ عِنْدَ فَرَاغِهِ مِنَ الطَّعَامِ اَنْ يَّحْمَدَ اللّٰهَ عَلٰى مَا سَوَّغَ الطَّعَامَ مِنَ الطُّرُقِ، وَجَعَلَ لِنَفَاذِهِ مَخْرَجًا

اس بات کا تذکرہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے اس بات پر کہ اس نے کھانا عطا کیا اور اس کے نکلنے کا راستہ بنایا

5220 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِیْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِیْ عَقِيْلٍ الْقُرَشِيِّ، عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِیْ اَيُّوْبَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ

(متن حدیث): كَانَ اِذَا اَكَلَ اَوْ شَرِبَ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَ وَسَقٰى وَسَوَّغَهُ وَجَعَلَ لَهُ مَخْرَجًا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُوْ عَقِيْلٍ هٰذَا هُوَ زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ، مِنْ سَادَاتِ اَهْلِ فِلَسْطِيْنَ ثِقَةً وَاِتْقَانًا

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: جب آپ کھا کر یا پی کر فارغ ہوتے تھے تو آپ یہ پڑھتے تھے۔

"ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے: جس نے کھلایا اور پلایا اور اس نے اسے خوشگوار کیا اور اس نے اس کے لئے نکلنے کا راستہ بنایا۔"

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوعقیل نامی راوی زہری بن معبد ہے یہ فلسطین کے سرداروں میں سے ہیں اور ثقہ اور متقن ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ مِنَ الْمُتَصَوِّفَةِ اَنَّ الْاَكْلَ عَلَى الْمَائِدَةِ مِنَ الْاِسْرَافِ

اس بات کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو صوفیاء کے طبقے سے

5220–إسناده صحيح على شرط الصحيح .أبو عبد الرحمن الحبلي :اسمه عبد الله بن يزيد المعافري ,وابن وهب :هو عبد الله بن وهب بن مسلم. وأخرجه ابن السني في "اليوم والليلة 471"عن أبي يعلى ,بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داود 3851في الأطعمة :باب ما يقول الرجل إذا طعم ,والنسائي في "اليوم والليلة 285,"وفي "الكبرى "كما في "التحفة 3/93," والطبراني 4082من طرق عن ابن وهب ,به. وأخرجه ابن أبي الدنيا في كتاب "الشكر 168,"والطبراني 4082,والبغوي 2830 من طرق عن زهرة بن معبد ,به.

تعلق رکھتا ہے (اور اس بات کا قائل ہے) دستر خوان پر کھانا اسراف ہے

5221 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ خَالَتَهُ اَهْدَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمْنًا وَاَقِطًا وَاَضُبًّا، فَاَكَلَ مِنَ السَّمْنِ وَالْاَقِطِ، وَلَمْ يَاْكُلْ مِنَ الْاَضُبِّ تَقَذُّرًا، قَالَ: ابْنُ عَبَّاسٍ: اُكِلَ عَلٰى مَائِدَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَوْ كَانَ حَرَامًا لَمْ يُؤْكَلْ عَلَيْهَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ان کی خالہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گھی، پنیر اور گوہ پیش کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھی اور پنیر کو کھالیا' لیکن آپ نے گوہ کو نہیں کھایا آپ نے اسے پسند نہیں کیا۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دستر خوان پر اسے کھایا گیا اگر یہ حرام ہوتی' تو آپ کے دستر خوان پر اسے نہ کھایا جاتا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْاَكْلَ عَلَى الْمَائِدَةِ مِنَ الْاِسْرَافِ

اس بات کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: دستر خوان پر کھانا اسراف ہے

5222 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

5221– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الوليد :هو الطيالسي هشام بن عبد الملك ,وشعبة :هو ابن الحجاج ,وأبو بشر :هو جعفر بن إياس بن أبي وحشية. وأخرجه أحمد 1/255, والبخاري 2575 في الهبة :باب قبول الهدية ,و 5402 في الأطعمة :باب الأقط ,ومسلم 1947 في الصيد :باب إباحة الصيد ,وأبو داود 3793 في الأطعمة :باب في أكل الضب ,والنسائي 7/198-199 في الصيد :باب الضب ,والطحاوي 4/202, وابن الجارود 894, والطبراني 12440, والبغوي 2800 من طرق عن شعبة ,بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/259 و 322, والبخاري 5389 في الأطعمة :باب الخبز المرقق ,و 7358 في الاعتصام : باب الأحكام التي تعرف بالدلائل ,من طرق عن أبي بشر ,به .وانظر 5223 و5263 و5267. والأقط :هو اللبن المجمد حتى يستحجر ,ويطبخ.

5222– إسناده صحيح على شرط البخاري ,رجاله رجال الشيخين غير سهل بن بكار فمن رجال البخاري ,وهيب :هو ابن خالد بن عجلان الباهلي ,وأيوب :هو ابن أبي تميمة السختياني :وأبو قلابة :هو عبد الله بن زيد الجرمي. وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص 200 عن أبي يعلى ,عن إبراهيم بن الحجاج ,عن وهيب ,بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/394 و 397-398, والدارمي 2/103, والبخاري 4385 في المغازي :باب الأشعريين ,و 5517 في الذبائح :باب لحم الدجاج ,ومسلم 1649 في الأيمان :باب ندب من حلف يميناً فرأى غيرها خيراً منها ,والنسائي 7/206 في الصيد :باب إباحة أكل لحوم الدجاج , والترمذي 1827 في الأطعمة :باب ما جاء في أكل الدجاج ,وفي "الشمائل 156" ,والبيهقي 5/333-334, والبغوي 2807 من طرق عن أيوب ,بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 1649, والترمذي 1826 من طريقين عن زهدم ,به.

وُهَيْبٌ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ زَهْدَمٍ الْجَرْمِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْنَا عَلٰى اَبِیْ مُوْسٰى وَبَيْنَ يَدَيْهِ دَجَاجَةٌ يَاْكُلُ مِنْهَا، قُلْنَا تَاْكُلُ مِنْهَا؟ فَقَالَ: اَكَلْتُهُ عَلٰى مَائِدَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ زہدم جرمی بیان کرتے ہیں: ہم حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان کے سامنے مرغی رکھی ہوئی تھی اور وہ اسے کھا رہے تھے۔ ہم نے دریافت کیا آپ اسے کھا رہے ہیں۔ انہوں نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دستر خوان پر اسے کھایا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ يُدْحِضُ قَوْلَ الْجَهَلَةِ مِنَ الْمُتَصَوِّفَةِ اَنَّ الْاَكْلَ عَلَى الْمَائِدَةِ لَيْسَتْ سُنَّةً

اس روایت کا تذکرہ' جو اس جاہل صوفی کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس کے نزدیک دستر خوان پر کھانا سنت نہیں ہے

5223 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَهْدَتْ اُمُّ حُفَيْدٍ خَالَتِیْ بِنْتُ الْحَارِثِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمْنًا وَاَقِطًا وَاَضُبًّا، فَدَعَا بِهِنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُكِلَ عَلٰى مَائِدَتِهٖ وَتَرَكَهُنَّ كَالْمُتَقَذِّرِ لَهُنَّ، وَلَوْ كَانَ حَرَامًا مَا اُكِلَتْ عَلٰى مَائِدَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا اَمَرَ بِاَكْلِهِنَّ

❁❁ حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سات (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) چھ ایسے غزوات میں شرکت کی ہے جس میں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ٹڈی کھاتے رہے ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ مَنْ قَذَفَهُ الْبَحْرُ مِنَ الْمَيْتَةِ اَوْ مَا اصْطِيدَ مِنْهُ مِمَّا لَا يَعِيشُ اِلَّا فِيهِ مَيْتَةٌ حَلَالٌ اَكْلُهُ وَاِنْ بَايَنَتْ خِلْقَهَا خِلْقَةَ الْحُوتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ ہر وہ چیز جسے سمندر مردار کی شکل میں باہر پھینک دے یا جسے سمندر میں سے شکار کیا جاتا ہے وہ مردار ہوتی ہے لیکن اس چیز کی گزر بسر سمندر میں ہی ہوتی ہے تو اسے کھانا حلال ہوتا ہے اگرچہ اس کی ظاہری جسامت مچھلی سے کچھ مختلف ہو

5258 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْقَعْنَبِيُّ عَنْ مَالِكٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَلَمَةَ، مِنْ آلِ ابْنِ الْاَزْرَقِ اَنَّ الْمُغِيرَةَ بْنَ اَبِي بُرْدَةَ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ، سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ

(متن حدیث): سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا نَرْكَبُ الْبَحْرَ وَنَحْمِلُ مَعَنَا الْقَلِيلَ مِنَ الْمَاءِ، فَاِنْ تَوَضَّاْنَا بِهِ عَطِشْنَا، اَفَنَتَوَضَّاُ مِنْ مَاءِ الْبَحْرِ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ الطَّهُوْرُ مَاؤُهُ الْحِلُّ مَيْتَتُهُ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم

5257- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو يعفور: هم العبدى, وأسمه وقدان, قيل: واقد. وأخرجه البيهقى 9/256-257 من طريقين عن أبى بكر الإسماعيلى, عن أبى خليفة الفضل بن الحباب, بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسى 818, واحمد 4/357, والبخارى 5495 فى الصيد: باب أكل الجراد, ومسلم 1952 فى الصيد: باب إباحة الجراد, وأبو داود 3812 فى الأطعمة: باب فى أكل الجراد, والترمذى 1822 فى الأطعمة: باب ما جاء فى أكل الجراد, والنسائى 7/210 فى الصيد: باب الجراد, والبيهقى 9/257 من طريقين عن شعبة, به. وأخرجه الحميدى 713, وعبد الرزاق 8762, وابن أبى شيبة 8/325 وأحمد 4/353 و 380 والدرامى 2/91, ومسلم 1952, والترمذى 1821 و 1822, والنسائى 7/210, وابن الجارود 880, والبيهقى 9/257, والبغوى 2802 من طرق عن سفيان بن عيينة, به.

5258- إسناده صحيح رجاله ثقات, وقد تقدم تخريجه برقم 1244.

سمندری سفر کرتے ہیں۔ ہم اپنے ساتھ تھوڑا سا پانی لے جاتے ہیں۔ اگر ہم اس کے ذریعے وضو کریں' تو خود پیاسے رہ جائیں کیا ہم سمندر کے پانی کے ذریعے وضو کرلیا کریں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس کا پانی پاک ہے اور اس کا مردار حلال ہے۔

5259 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ثَلَاثِ مِائَةِ رَاكِبٍ، وَاَمِيْرُنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، نَرْصُدُ عِيْرًا لِقُرَيْشٍ، فَاَقَمْنَا بِالسَّاحِلِ نِصْفَ شَهْرٍ، فَاَصَابَنَا جُوْعٌ شَدِيْدٌ، حَتّٰى اَكَلْنَا الْخَبَطَ، قَالَ: فَسُمِّيَ ذٰلِكَ الْجَيْشُ جَيْشَ الْخَبَطِ، ثُمَّ اَلْقَى الْبَحْرُ دَابَّةً يُقَالُ لَهَا: الْعَنْبَرُ، فَاَكَلْنَا مِنْهُ نِصْفَ شَهْرٍ حَتّٰى ثَابَتْ اَجْسَامُنَا وَادَّهَنَّا بِوَدَكِهٖ، فَاَخَذَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ ضِلَعًا مِنْ اَضْلَاعِهٖ، وَنَظَرَ اِلٰى اَطْوَلِ جَمَلٍ فِي الْجَيْشِ وَاَطْوَلِ رَجُلٍ، فَحَمَلَهٗ عَلَيْهِ فَمَرَّ تَحْتَهٗ قَالَ: سُفْيَانُ: قَالَ اَبُو الزُّبَيْرِ: عَنْ جَابِرٍ: اَعْطَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِرَابًا فِيْهِ تَمْرٌ، فَلَمَّا نَفِدَ، وَجَدْنَا فَقْدَهٗ، فَجَعَلَ يَجِيْءُ الرَّجُلُ بِالشَّيْءِ، قَالَ: وَاَخْرَجْنَا مِنْ عَيْنَيْهِ كَذَا وَكَذَا حُبًّا مِنْ وَدَكٍ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَنَا: هَلْ مَعَكُمْ مِنْهُ شَيْءٌ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہم تین سو سواروں کو (ایک مہم پر) روانہ کیا ہمارے امیر حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ سے ہم قریش کے قافلے کی گھات میں تھے ہم نے پندرہ دن تک ساحل پر قیام کیا' ہمیں شدید بھوک لاحق ہوگئی' یہاں تک کہ ہم پتے کھانے لگے۔ اسی وجہ سے اس لشکر کا نام پتوں والا لشکر رکھا گیا تھا' پھر سمندر نے ایک بڑے سے جانور کو باہر پھینک دیا جس کا نام عنبر تھا۔ ہم نے پندرہ دن تک اس کا گوشت کھایا' یہاں تک کہ ہمارے جسم مضبوط ہوگئے۔ ہم نے اس کی چربی کو تیل کے طور پر استعمال کیا پھر حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے اس کی ایک پسلی کو لیا۔ انہوں نے لشکر میں موجود سب سے اونچے اونٹ اور سب سے لمبے آدمی کا انتخاب کیا۔ اسے اس اونٹ پر سوار کیا' تو وہ آدمی اس پسلی کے نیچے سے گزر گیا۔

ایک اور سند کے ساتھ یہ منقول ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ہمیں ایک تھیلا دیا تھا۔ جس میں کھجوریں موجود تھیں جب وہ ختم ہوگئیں' تو ہمیں ان کی غیر موجودگی محسوس ہوئی پھر کوئی آدمی کوئی چیز لے آیا کرتا تھا۔

اس روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں: ہم نے اس (سمندری جانور) کی آنکھوں سے اتنی اتنی چربی نکالی جب ہم نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو آپ نے ہم سے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس اس کا کچھ (گوشت) ہے۔

5259- إسناده صحيح على شرط الشيخين .سفيان :هو ابن عيينة .وهو في "مسند أبي يعلى 1955 "و .1956وأخرجه عبد الرزاق ,8667والحميدي ,1242وأحمد ,309-3/308والدارمي ,92-2/91والبخاري 4361في المغازي :باب غزوة سيف البحر ,ومسلم 193518في الصيد :باب إباحة ميتات البحر ,والنسائي 208-7/207في الصيد :باب ميتة البحر , والبيهقي 9/251من طرق عن سفيان ,بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد ,3/311والبخاري 5493في الصيد :باب قول الله تعالى (أُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ) , والبيهقي ,9/251 والبغوي 2804من طريقين عن عمرو بن دينار ,به .وانظر ما بعده.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَلَ مِمَّا حَمَلَهُ اَهْلُ ذٰلِكَ الْجَيْشِ مِنَ الْعَنْبَرِ الَّذِىْ قَذَفَهُ الْبَحْرُ لَهُمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جانور کا گوشت کھایا تھا جسے اس لشکر والے لوگ اٹھا کر لائے تھے جو عنبر کا گوشت تھا جسے سمندر نے باہر پھینکا تھا

5260 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَّرَ عَلَيْنَا اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ يَتَلَقَّى عِيرًا لِقُرَيْشٍ، وَزَوَّدَنَا جِرَابَ تَمْرٍ لَمْ يَجِدْ لَنَا غَيْرَهُ، فَكَانَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ يُطْعِمُنَا تَمْرَةً تَمْرَةً، قُلْتُ: فَكَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ بِهَا؟ قَالَ: نَمُصُّهَا كَمَا يَمُصُّ الصَّبِيُّ، ثُمَّ نَشْرَبُ عَلَيْهَا مِنَ الْمَاءِ، فَيَكْفِينَا يَوْمَنَا اِلَى اللَّيْلِ، قَالَ: وَكُنَّا نَضْرِبُ بِعِصِيِّنَا الْخَبَطَ ثُمَّ نَبُلُّهُ بِالْمَاءِ فَنَاْكُلُهُ، قَالَ: فَانْطَلَقْنَا، فَرُفِعَ لَنَا عَلٰى سَاحِلِ الْبَحْرِ كَهَيْئَةِ الْكَثِيبِ الضَّخْمِ، فَاَتَيْنَاهُ فَاِذَا هُوَ دَابَّةٌ تُدْعٰى الْعَنْبَرَ، فَقَالَ: اَبُوْ عُبَيْدَةَ: مَيْتَةٌ، ثُمَّ قَالَ: لَا، نَحْنُ رُسُلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَقَدِ اضْطُرِرْتُمْ فَكُلُوا، قَالَ: فَاَقَمْنَا عَلَيْهِ شَهْرًا، وَنَحْنُ ثَلَاثُ مِائَةٍ حَتّٰى سَمِنَّا، وَلَقَدْ رَاَيْتُنَا نَغْتَرِفُ مِنْ وَقْبِ عَيْنَيْهِ بِالْقِلَالِ، وَنَقْطَعُ مِنْهُ الْفِدَرَ كَالثَّوْرِ اَوْ كَقَدْرِ الثَّوْرِ، وَلَقَدْ اَخَذَ مِنَّا اَبُوْ عُبَيْدَةَ ثَلَاثَةَ عَشَرَ رَجُلًا، فَاَقْعَدَهُمْ فِىْ وَقْبِ عَيْنِهِ، وَاَخَذَ ضِلَعًا مِنْ اَضْلَاعِهِ فَاَقَامَهَا، ثُمَّ اَرْحَلَ اَعْظَمَ بَعِيرٍ مِّنَّا فَمَرَّ تَحْتَهَا، قَالَ: وَتَزَوَّدْنَا مِنْ لَحْمِهِ وَشَائِقَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ، اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: هُوَ رِزْقٌ اَخْرَجَهُ اللّٰهُ لَكُمْ، فَهَلْ مِنْ لَحْمِهِ مَعَكُمْ شَىْءٌ تُطْعِمُونَا؟ فَاَرْسَلْنَا اِلَيْهِ مِنْهُ فَاَكَلَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک مہم پر روانہ کیا۔ آپ نے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو ہمارا امیر مقرر کیا۔ ہمارا ارادہ قریش کے قافلے کو روکنے کا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زادراہ کے طور پر کھجوروں کا ایک تھیلا ہمیں دے دیا۔ ہمیں اس کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں ملی۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ اس میں سے ایک ایک کھجور ہمیں کھانے کے لئے دیا کرتے تھے۔

5260– إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله رجال الشيخين غير أبى الزبير ,فمن رجال مسلم ,وقد صرح بالتحديث فى رواية عند أحمد . وأخرجه أحمد ,3/311-312 ومسلم 193517 فى الصيد :باب إباحة ميتات البحر ,وأبو داود 3840 فى الأطعمة :باب فى دواب البحر ,والبيهقى 9/251 من طرق عن أبى الزبير ,بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسى ,1744 وعبد الرزاق ,8668 وابن أبى شيبة ,5/381 وأحمد 3/303 و ,311 والنسائى 7/208 و 7/209-208 فى الصيد :باب ميتة البحر ,وأبو يعلى 1920 و ,1954 وابن الجارود 878 من طرق عن أبى الزبير ,به. والوشائق جمع وشيقة :وهو لحم يغلى فى ماء وملح ,ثم يخرج فيصير فى "الجبجبة -"وهو البعير يقور -ثم يجعل ذلك اللحم فيه ,فيكون زاداً لهم فى أسفارهم.

(راوی بیان کرتے ہیں) میں نے دریافت کیا آپ لوگ اس کا کیا' کیا کرتے تھے؟ انہوں نے فرمایا: ہم اسے یوں چوستے تھے جس طرح کوئی بچہ چوستا ہے' پھر اس کے بعد ہم پانی پی لیا کرتے تھے' تو وہ ہمارے لئے پورے دن کے لئے کافی ہوتی تھی۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ اپنے عصا کے ذریعے پتے اتارا کرتے تھے۔ انہیں پانی میں بھگویا کرتے تھے اور پھر انہیں کھالیا کرتے تھے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ چلتے رہے' یہاں تک کہ ساحل سمندر پر ہمارے سامنے بڑی چٹان جیسی کوئی چیز آگئی ہم اس کے پاس آئے' تو وہ ایک جانور تھا جسے عنبر کہا جاتا تھا حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ مردار ہے پھر انہوں نے فرمایا: جی نہیں۔ ہم اللہ کے رسول کے بھیجے ہوئے لوگ ہیں۔ اور اللہ کی راہ میں ہیں تم لوگ اضطراری حالت میں ہو' تو تم لوگ اسے کھالو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ہم ایک ماہ وہاں مقیم رہے۔ ہم تین سو افراد تھے' یہاں تک کہ ہم (اسے کھا کر) موٹے تازے ہوگئے۔ مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے' ہم نے اس کی آنکھوں سے چربی کے کئی مٹکے نکالے تھے اور ہم نے اس سے خشک گوشت کاٹ لیا۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے ہم میں سے تیرہ آدمیوں کو لیا' تو وہ اس کی آنکھ کے سوراخ میں بیٹھ گئے' پھر حضرت ابوعبیدہ نے اس کی ایک پسلی کو لے کر کھڑا کیا اور سب سے اونچے اونٹ پر آدمی کو سوار کیا' تو وہ اس کے نیچے سے گزر گیا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر ہم نے اس کے گوشت کو زادراہ کے طور پر ساتھ رکھ لیا جب ہم مدینہ منورہ آئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو ہم نے آپ کے سامنے اس بات کا ذکر کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ وہ رزق ہے' جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے نکالا تھا کیا تمہارے پاس اس کے گوشت میں سے کوئی چیز ہے' جو تم ہمیں بھی کھلاؤ' ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس کا گوشت بھجوایا' تو آپ نے اسے کھالیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ مَا قَذَفَهُ الْبَحْرُ مِمَّا لَا يَعِيْشُ اِلَّا فِيْهِ حُوْتٌ كُلُّهُ وَاِنْ كَانَتْ خِلْقَتُهَا مُتَبَايِنَةً لِخِلْقَةِ الْحُوْتِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' ایسا جانور جو سمندر میں ہی رہتا ہو اور اسے سمندر باہر پھینک دے وہ تمام جانور مچھلی شمار ہوں گے اگرچہ ان کی ظاہری ہیئت مچھلی سے مختلف ہو

5261 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيْدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ مِقْسَمٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا اِلٰى اَرْضِ جُهَيْنَةَ، وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ رَجُلًا، فَلَمَّا نَفِدَتْ اَزْوَادُهُمْ اَمَرَ اَمِيْرُهُمْ بِمَا بَقِيَ مِنْ اَزْوَادِهِمْ فَجُمِعَتْ، فَجَعَلَ يُقَوِّتُنَا كُلَّ يَوْمٍ تَمْرَةً تَمْرَةً، قَالَ:

5261- إسناده صحيح على شرط الصحيح .عثمان بن عمر :هو ابن فارس العبدى ,وداود بن قيس :هو الفراء الدباغ . وأخرجه مسلم 1935في الصيد :باب إباحة ميتات البحر ,عن حجاج بن الشاعر ,عن عثمان بن عمر ,بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1935عن محمد بن رافع ,عن أبي المنذر -وهو إسماعيل بن عمر _عن داود بن قيس ,به.

قُلْتُ: يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، مَا كَانَتْ تُغْنِيْ عَنْكُمْ تَمْرَةٌ؟ قَالَ: وَاللّٰهِ اِنَّهَا فُقِدَتْ، فَوَجَدْنَا فَقْدَهَا، كَانَ اَحَدُنَا يَضَعُهَا بَيْنَ اَسْنَانِهِ وَحَنَكِهِ فَيَمُصُّهَا، وَنُصِيبُ مِنْ وَرَقِ الشَّجَرِ وَنَبَاتِ الْاَرْضِ مَعَ ذٰلِكَ، حَتّٰى انْتَهَيْنَا اِلٰى سَاحِلِ الْبَحْرِ، فَاَخْرَجَ اللّٰهُ لَنَا حُوتًا اَلْقَاهُ الْبَحْرُ فَاَكَلْنَا وَقَدَدْنَا، فَلَمَّا اَرَدْنَا اَنْ نَرْتَحِلَ اَمَرَ اَمِيرُنَا بِضِلَعٍ مِّنْ ضُلُوعِهِ فَنُكِبَ طَرَفَاهُ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ اَمَرَ بِبَعِيرٍ فَرُحِّلَ، فَمَرَّ تَحْتَهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جہینہ کی سرزمین کی طرف ایک مہم روانہ کی۔ آپ نے ایک شخص کو ان لوگوں کا امیر مقرر کیا جب ان لوگوں کا زادِراہ ختم ہو گیا' تو ان کے امیر نے حکم دیا کہ باقی بچ جانے والے زادِراہ کو جمع کیا جائے۔ وہ جمع کر دیا گیا' تو امیر ہمیں روزانہ ایک ایک کھجور دیا کرتے تھے۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا ایک کھجور سے آپ کا کیا بنتا تھا۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم جب وہ بھی ختم ہو گئی' تو ہمیں اس کے ختم ہونے کا شدید احساس ہوا۔ ہم میں سے کوئی ایک شخص اسے اپنے دانتوں کے درمیان رکھ کر چوس لیا کرتا تھا ہمیں درختوں کے پتے ملتے اور زمین کے نباتات اس کے ساتھ مل جاتے تھے' یہاں تک کہ ہم سمندر کے ساحل تک آئے' تو اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے ایک مچھلی کو نکالا جسے سمندر نے باہر پھینک دیا تھا۔ ہم نے اسے کھایا اور اس کی چربی استعمال کی جب ہم وہاں سے روانہ ہونے لگے' تو ہمارے امیر نے حکم دیا کہ اس کی ایک پسلی کو زمین پر کھڑا کیا جائے پھر ان کے حکم کے تحت ایک اونٹ پر سامان رکھا گیا' تو وہ اونٹ اس کے نیچے سے گزر گیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعَرَبَ كَانَتْ تُسَمِّيْ مَا قَذَفَهُ الْبَحْرُ حُوتًا وَاِنْ لَمْ يَكُنْ يُّشْبِهُ خِلْقَتُهُ خِلْقَةَ الْحُوتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' سمندر جس چیز کو نکال کر باہر پھینک دیتا ہے عرب اسے حوت کہتے ہیں' اگرچہ وہ ظاہری شکل وصورت کے اعتبار سے مچھلی سے مشابہت نہیں رکھتی

5262 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْ نُعَيْمٍ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا قِبَلَ السَّاحِلِ، وَاَمَّرَ عَلَيْنَا اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ

5262– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ 2/930" في صفة النبي صلى الله عليه وسلم :باب جامع ما جاء في الطعام والشراب. ومن طريق مالك أخرجه البخاري 2483 في الشركة :باب الشركة في الطعام والنهد والعروض ,و 4360 في المغازي :باب غزوة سيف البحر ,ومسلم 193521 في الصيد :باب إباحة ميتات البحر ,والبيهقي ,9/252 والبغوي 2806. وأخرجه مختصراً ومطولاً عبد الرازق ,8666 والبخاري 2983 في الجهاد :باب حمل الزاد على الرقاب ,ومسلم 1935 20, والترمذي 2475 في صفة القيامة :باب رقم ,34 والنسائي ,7/207 في الصيد :باب ميتة البحر ,والبيهقي ,9/252 والبغوي 2805 من طريقين عن وهب بن كيسان ,به .والترمذي :حديث صحيح.

الْجَرَّاحِ، وَهُمْ ثَلَاثُ مِائَةٍ، وَأَنَا فِيهِمْ، قَالَ: فَخَرَجْنَا حَتّٰى إِذَا كُنَّا بِبَعْضِ الطَّرِيقِ فَنِيَ الزَّادُ، فَأَمَرَ أَبُو عُبَيْدَةَ بِأَزْوَادِ ذٰلِكَ الْجَيْشِ، فَجُمِعَ كُلُّهُ فَكَانَ مِزْوَدَ تَمْرٍ، فَكَانَ يُقَوِّتُنَا كُلَّ يَوْمٍ قَلِيلًا قَلِيلًا، حَتّٰى فَنِيَ وَلَمْ يُصِبْنَا إِلَّا تَمْرَةً تَمْرَةً، فَقُلْتُ: وَمَا تُغْنِي تَمْرَةٌ، قَالَ: لَقَدْ وَجَدْنَا فَقْدَهَا حَيْثُ فَنِيَتْ، قَالَ: ثُمَّ انْتَهَى إِلَى الْبَحْرِ، فَإِذَا حُوتٌ مِثْلُ الظَّرِبِ، فَأَكَلَ مِنْهُ ذٰلِكَ الْجَيْشُ إِحْدَى عَشْرَةَ لَيْلَةً، ثُمَّ أَمَرَ أَبُو عُبَيْدَةَ بِضِلَعَيْنِ مِنْ أَضْلَاعِهِ، ثُمَّ أَمَرَ بِرَاحِلَةٍ فَرُحِلَتْ، ثُمَّ مَرَّتْ تَحْتَهُمَا وَلَمْ تُصِبْهُمَا

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ساحل کی سمت ایک مہم روانہ کی۔ آپ نے حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ کو ہمارا امیر مقرر کیا۔ ہم تین سو افراد تھے۔ میں بھی ان میں شامل تھا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ روانہ ہوئے راستے میں ہمارا زادِ سفر ختم ہو گیا' تو حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اس لشکر کے تمام زادِ راہ کے بارے میں حکم دیا ان سب کو جمع کیا گیا' تو وہ ایک کھجوروں کا تھیلا بنا' تو حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ اس میں سے روزانہ تھوڑی تھوڑی سی کھجوریں ہمیں دیا کرتے تھے' یہاں تک کہ وہ بھی ختم ہو گئیں' تو ہمیں ایک کھجور ملا کرتی تھی۔

(راوی کہتے ہیں:) ایک کھجور سے۔ آپ کا کیا بنتا تھا۔ انہوں نے فرمایا: جب وہ بھی ختم ہو گئی' تو پھر ہمیں اس کی غیر موجودگی محسوس ہوئی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر ہم لوگ سمندر تک پہنچ گئے' تو وہاں چھوٹے ٹیلے کی طرح ایک مچھلی تھی اس لشکر نے گیارہ دن تک اس کا گوشت کھایا' پھر حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے حکم کے تحت اس کی دو پسلیوں کو کھڑا کیا گیا پھر ایک اونٹ تیار کیا گیا' تو وہ اونٹ ان پسلیوں کے نیچے سے گزر گیا۔ اس نے انہیں چھوا نہیں۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ أَكْلَ الضِّبَابِ مَا لَمْ يَتَقَذَّرْهَا

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ گوہ کھا سکتا ہے' جب کہ وہ اسے ناپسند نہ کرتا ہو

5263 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِدْرِيسَ الْأَنْصَارِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ

5263- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ" 2/968 6 "في الاستئذان :باب ما جاء في أكل الضب .لكن هو عنده :عن عبد الله بن عباس ,عن خالد بن الوليد. . . قال الحافظ في "الفتح :9/663 "هذا الحديث مما اختلف فيه على الزهري :هل هو من مسند ابن عباس ,أومن مسند خالد؟ وكذا اختلف فيه على مالك ,فقال الأكثر :عن ابن عباس عن خالد . . . وذكر روايات ,ثم قال :والجمع بين هذه الروايات أن ابن عباس كان حاضراً للقصة في بيت خالته ميمونة كما صرح به في إحدى الروايات ,وكأنه استثبت خالد بن الوليد في شيء منه ,لكونه باشر السؤال عن حكم الضب وباشر أكله أيضا فكان ابن عباس ربما رواه عنه ,ويؤيد ذلك أن محمد بن المنكدر حدث به عن وعنده خالد بن الوليد بلحم ضب . . .الحديث أخرجه مسلم ,1945 والطبراني في "الكبير.3822" والحديث أخرجه الشافعي ,2/174ومسلم 1945في الصيد :باب إباحة الضب ,والبيهقي ,9/323 والبغوي ,2799من طريق مالك ,بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 5537في الذبائح :باب الضب ,وأبو داود 3794في الأطعمة: باب في أكل الضب ,والطبراني ,3816والبيهقي 9/323من طريق مالك عن الزهري ,عن أبي أمامة بن سهل بن حنيف ,عن ابن عباس ,عن خالد بن الوليد. وأخرجه الدارمي ,2/93والبخاري 5391في الأطعمة :باب ما كان النبي صلى الله عليه وسلم لا يأكل حتى يسمى له فيعلم ما هو ,و :5400باب الشواء ,ومسلم,1946والنسائي 198-7/197و 198في الصيد :باب الضب , والطبراني3815 و3817و 3821من طرق عن الزهري ,به.

مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ اَنَا وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ مَيْمُونَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، فَاُتِيَ بِضَبٍّ مَحْنُوذٍ، فَاَهْوٰى اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ بَعْضُ النِّسْوَةِ اللَّاتِىْ فِىْ بَيْتِ مَيْمُونَةَ: اَخْبِرُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا يُرِيْدُ اَنْ يَّاْكُلَ، فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، قَالَ: فَقُلْتُ: اَحَرَامٌ هُوَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ لَمْ يَكُنْ بِاَرْضِ قَوْمِىْ فَاَجِدُنِىْ اَعَافُهُ قَالَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ: فَاجْتَرَرْتُهُ فَاَكَلْتُهُ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بنت حارث کے پاس آئے (جو میری اور حضرت خالد رضی اللہ عنہ کی خالہ بھی تھیں) بھنی ہوئی گوہ لائی گئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک اس کی طرف بڑھایا' تو گھر میں موجود خواتین میں سے کسی نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات' تو بتا دو کہ آپ کیا کھانے لگے ہیں (جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات بتائی گئی کہ یہ گوہ کا گوشت ہے)' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ کھینچ لیا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا یہ حرام ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں' لیکن یہ میرے علاقے کی خوراک نہیں ہے۔ اس لئے میں اس سے بچتا ہوں۔

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اسے اپنی طرف کھینچ لیا اور میں نے کھالیا' جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ملاحظہ فرما رہے تھے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَكْلَ الضِّبَابِ اِذَا لَمْ يَتَقَذَّرْهَا

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ گوہ کھا سکتا ہے' جب کہ وہ اسے ناپسند نہ کرتا ہو

5264 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِىْ قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ تَوْبَةَ الْعَنْبَرِيِّ، سَمِعَ الشَّعْبِيَّ، سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مَعَهُ نَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِهِ فِيْهِمْ سَعْدٌ، فَاُتِيَ بِلَحْمِ ضَبٍّ، فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِّنْ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ لَحْمُ ضَبٍّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُوْا فَاِنَّهُ حَلَالٌ، وَلٰكِنَّهُ لَيْسَ مِنْ طَعَامِىْ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آپ کے کچھ اصحاب بھی تھے جن میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ گوہ کا گوشت پیش کیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے ایک خاتون نے عرض کی: یہ گوہ کا گوشت ہے' تو

5264- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم 1944في الصيد :باب إباحة الضب ,عن عبيد الله بن معاذ , بهذا الإسناد. وأخرجه احمد ,2/137والبخارى 7267خبر الواحد :باب خبر المرأة الواحدة ,ومسلم ,1944والطحاوى ,4/200والبيهقى 9/323من طرق عن شعبة ,به.

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اسے کھالو یہ حلال ہے لیکن یہ میری خوراک نہیں ہے۔

5265 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَاَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّبِّ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَسْتُ بِآكِلِهِ وَلَا مُحَرِّمِهِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے گوہ کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: میں اسے کھاتا بھی نہیں ہوں اور اسے حرام بھی قرار نہیں دیتا۔

5266 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَسَنَةَ الْمَهْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلْنَا اَرْضًا كَثِيْرَةَ الضِّبَابِ وَنَحْنُ مُرْمِلُوْنَ، فَاَصَبْنَاهَا، فَكَانَتِ الْقُدُوْرُ تَغْلِيْ بِهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰذَا؟ فَقُلْنَا: ضِبَابًا اَصَبْنَاهَا، فَقَالَ: اِنَّ اُمَّةً مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ مُسِخَتْ، وَاَنَا اَخْشٰى اَنْ تَكُوْنَ هٰذِهِ فَاَمَرَنَا فَاَكْفَاْنَا وَاِنَّا لَجِيَاعٌ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَلْاَمْرُ بِاِكْفَاءِ الْقُدُوْرِ الَّتِيْ فِيْهَا الضِّبَابُ اَمْرٌ قُصِدَ بِهِ الزَّجْرُ عَنْ اَكْلِ الضِّبَابِ، وَالْعِلَّةُ الْمُضْمَرَةُ هِيَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَعَافُهَا لَا اَنَّ اَكْلَهَا مُحَرَّمٌ

❁❁ حضرت عبدالرحمٰن بن حسنہ مہری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک غزوہ میں شرکت کی۔ ہم نے ایک ایسی جگہ پر پڑاؤ کیا جہاں گوہ بہت زیادہ تھیں ہم لوگ ضرورت مند تھے' ہم نے انہیں پکڑا' تو ہنڈیا میں وہ پکنے لگی

5265- إسناده صحيح على شرط مسلم ,رجاله رجال الشيخين غير يحيى المقابرى فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم 1943في الصيد :باب إباحة الضب ,عن يحيى بن أيوب المقابرى ,بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1943من طرق عن إسماعيل بن جعفر ,به. وأخرجه مالك 2/968في الاستئذان :باب ما جاء في أكل الضب ,والطيالسى ,1877وأحمد 2/62و ,74 والدارمى ,2/92والبخارى 5536في الصيد :باب الضب ,والترمذى 1790في الأطعمة :باب ما جاء في أكل الضب ,والنسائى 7/197في الصيد :باب الضب ,وابن ماجة 3242في الصيد :باب الضب ,والطحاوى ,4/200والبيهقى ,9/322-323 والبغوى 2797و 2798من طرق عن عبد الله بن دينار ,به .قال الترمذى :حسن صحيح . وأخرجه الشافعى ,2/174وعبد الرازق ,8672وأحمد ,2/33ومسلم194340و ,41والنسائى ,7/197والطحاوى ,4/200والبيهقى ,9/322 والبغوى2796و 2898من طرق عن نافع ,عن ابن عمر.

5266- إسناده صحيح ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير أن صحابيه لم يخرجا له ,وحديثه عند أصحاب "السنن ."وهو في"مسند أبى يعلى ,931"ومن طريقه أخرجه ابن الأثير في "أسد الغابة.3/436 " وأخرجه أحمد ,4/196وابن أبى شيبة 8/266 عن وكيع ,بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد ,4/196والطحاوى في "معانى الآثار ,4/197 "وفي"مشكل الآثار ,4/278 "4" والبزار 1217من طرق عن الأعمش ,به .وذكره الهيثمى في "المجمع4/36-37"وقال :رواه أحمد والطبرانى في "الكبير "وأبو يعلى والبزار ,ورجال الجميع رجال الصحيح.

نبی اکرم ﷺ نے یہ دریافت کیا: یہ کیا چیز ہے؟ ہم نے عرض کی: یہ گوہ ہے، جو ہم نے پکڑی ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بنی اسرائیل کے ایک گروہ کو مسخ کر دیا گیا تھا۔ مجھے یہ اندیشہ ہے؟ شاید یہ وہی نہ ہوں پھر نبی اکرم ﷺ نے ہمیں حکم دیا، تو ہم نے ہنڈیاؤں کو اُلٹ دیا، حالانکہ ہم بھوکے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان ہنڈیاؤں کو الٹانے کا حکم دینا جن میں گوہ پک رہی تھی۔ یہ ایک ایسا حکم ہے، جس کے ذریعے گوہ کھانے کی ممانعت مقصود ہے اور اس میں علت یہ ہے، نبی اکرم ﷺ اس سے بچتے تھے۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے، اسے کھانا حرام دیا گیا ہے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ هِيَ مُضْمَرَةٌ فِيْ نَفْسِ الْخِطَابِ

اس علت کا تذکرہ، جو روایت کے الفاظ میں پوشیدہ ہے

5267 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ اَنَا وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْتَ مَيْمُوْنَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ، فَاِذَا بِضَبٍّ مَحْنُوْذٍ، فَاَهْوٰى اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ، فَقَالَتِ النِّسْوَةُ اللَّاتِيْ فِيْ بَيْتِ مَيْمُوْنَةَ: اَخْبِرُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يُرِيْدُ اَنْ يَّاْكُلَ، فَاَخْبَرُوْهُ، فَرَفَعَ يَدَهٗ، قَالَ: قُلْتُ: اَحَرَامٌ هُوَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنَّهٗ لَمْ يَكُنْ بِاَرْضِ قَوْمِيْ فَاَجِدُنِيْ اَعَافُهٗ قَالَ خَالِدٌ: فَاجْتَرَرْتُهٗ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بنت حارث کے گھر میں داخل ہوئے، تو وہاں گوہ بھنی ہوئی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک اس کی طرف بڑھایا، تو سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں موجود خواتین نے کہا: نبی اکرم ﷺ کو یہ تو بتا دو کہ آپ کیا کھانے لگے ہیں۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو اس بارے میں بتایا، تو نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک کھینچ لیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ (ﷺ)! کیا یہ حرام ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی نہیں، لیکن یہ میرے علاقے کی خوراک نہیں ہے اس لئے میں اس سے پرہیز کرتا ہوں۔

حضرت خالد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اسے اپنی طرف کھینچ لیا (اور کھانا شروع کیا) جب کہ نبی اکرم ﷺ ملاحظہ فرما رہے تھے۔

5267– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو مكرر.5263

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ كَرِهَ أَكْلَ لُحُومِ الْخَيْلِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے'

جو اس بات کا قائل ہے گھوڑے کا گوشت کھانا مکروہ ہے

5268 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَطْعَمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُومَ الْخَيْلِ، وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَكُوْنَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ عَنْ جَابِرٍ، لِاَنَّ حَمَّادَ بْنَ زَيْدٍ، رَوَاهُ عَنْ عَمْرٍو، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرٍ، وَيُحْتَمَلُ اَنْ يَكُوْنَ عَمْرٌو سَمِعَ جَابِرًا وَسَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرٍ

✿✿ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھلایا ہے اور آپ نے ہمیں گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا امکان موجود ہے' عمرو بن دینار نے یہ روایت حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نہ سنی ہو کیونکہ حماد بن زید نے یہ روایت عمرو کے حوالے سے امام محمد باقر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے نقل کی ہے' تو اس بات کا احتمال موجود ہے' عمرو نے یہ روایت حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سنی ہو اور یہ روایت امام باقر کے حوالے سے حضرت جابر سے سنی ہو۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاَكْلِ لُحُومِ الْخَيْلِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ كَرِهَهُ

گھوڑے کا گوشت کھانے کا حکم ہونے کا تذکرہ: یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے' جس نے اسے مکروہ قرار دیا ہے

5269 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا الطُّفَاوِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلُحُومِ الْخَيْلِ، وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

5268– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه الترمذى 1793في الأطعمة :باب ما جاء فى أكل لحوم الخيل ,عن نصر بن على ,بهذا الإسناد. 2)) وأخرجه الحميدى ,1254والشافعى ,2/172وابن أبى شيبة ,8/256وعبد الرازق ,8734 والترمذى ,1793والطحاوى 4/204من طريق سفيان بن عيينة ,به. وأخرجه الدارقطنى 4/289و 290-289من طريقين عن عمرو بن دينار ,به.وقال الترمذى :هذا حديث حسن صحيح ,ورواه حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ ,عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ ,عن محمد بن على ,عن جابر ,ورواية ابن عيينة أصح ,وسمعت محمداً"يعنى البخارى "يقول :سفيان بن عيينة أحفظ من حماد بن زيد .وانظر.5272

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھانے کا حکم دیا (یعنی اجازت دی) اور آپ نے ہمیں پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اَكْلِ الْمَرْءِ لُحُومَ الْخَيْلِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ كَرِهَهُ

آدمی کے لیے گھوڑے کا گوشت کھانے کے مباح ہونے کا تذکرہ یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے جس نے اسے مکروہ قرار دیا ہے

5270 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنِ الرَّيَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الطُّفَاوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوبُ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَخَّصَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَكْلِ لُحُومِ الْخَيْلِ، وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں گھوڑوں کا گوشت کھانے کی اجازت دی ہے اور آپ نے ہمیں پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَكْلَ لُحُومِ الْخَيْلِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ وہ گھوڑے کا گوشت کھائے

5271 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ جَدَّتِهَا اَسْمَاءَ اَنَّهَا قَالَتْ:

5269– إسناده قوي ,الطفاوي _واسمه محمد بن عبد الرحمن _إن روى له البخاري ,لا يرتقي إلى درجة الصحة ,وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح ,وأبو الزبير صرح بالتحديث عند غير المؤلف .أيوب :وهو ابن أبي تميمة السختياني . وأخرجه عبد الرزاق ,8737وابن أبي شيبة ,8/256ومسلم 1941في الصيد :باب في أكل لحوم الخيل ,وابن ماجة 3191 في الذبائح :باب لحوم الخيل ,من طريق ابْنِ جُرَيْجٍ ,أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ ,أَنَّهُ سَمِعَ جابر بن عبد الله . . . وأخرجه النسائي 7/201من طريق الحسين بن واقد ,عن أبي الزبير ,به.

5270– حديث صحيح ,وهو مكرر ما قبله.

5271– إسناده صحيح على شرط الشيخين .سفيان :هو الثوري . وأخرجه عبد الرزاق ,8731والشافعي ,2/172 والبخاري 5519في الصيد :باب النحر والذبح ,والدارقطني ,4/290والبيهقي 9/327من طريق سفيان ,بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق ,8731والدارمي ,2/87وأحمد 6/345و346و ,353وابن أبي شيبة ,8/255-256ومسلم 1942في الصيد :باب في أكل لحوم الخيل ,وابن ماجة 3190في الذبائح :باب لحوم الخيل ,والطحاوي ,4/211وابن الجارود ,886والدارقطني ,4/290والبيهقي 9/327من طرق عن هشام بن عروة ,به. وأخرجه الدارقطني 4/290من طريق هشام بن عروة ,عن أبيه ,عن أسماء .

(متن حدیث): نَحَرْنَا فَرَسًا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَكَلْنَاهُ

سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں ہم نے گھوڑا قربان کیا اور اس کا (گوشت) کھا لیا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَكْلِ لُحُومِ الْبِغَالِ

خچر کا گوشت کھانے کی ممانعت کا تذکرہ

5272 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا غَسَّانُ بْنُ الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ

(متن حدیث): اَنَّهُمْ ذَبَحُوْا يَوْمَ خَيْبَرَ الْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيرَ، فَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِغَالِ وَالْحَمِيرِ، وَلَمْ يَنْهَ عَنِ الْخَيْلِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ خیبر کے موقع پر ان لوگوں نے گھوڑے خچر اور گدھے ذبح کئے تو نبی اکرم ﷺ نے خچروں اور گدھوں سے منع کر دیا البتہ آپ نے گھوڑوں سے منع نہیں کیا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

پالتو گدھوں کا گوشت کھانے کی ممانعت کا تذکرہ

5273 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ السَّيَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

5272– حديث صحيح ,غسان بن الربيع ذكره المؤلف في "الثقات 9/2, "وروى عن أحمد بن حنبل ويحيى بن معين وأبو يعلى وخلق ,وقال الذهبي :وكان صالحاً ورعاً ,وليس بحجة في الحديث ,واختلف فيه قول الدارقطني فيما نقله الخطيب في "تاريخه" 12/329فضعفه مرة ,وقال مرة :صالح ,وقد توبع ,ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح ,وقد صرح أبو الزبير بالتحديث عن عبد الرزاق وغيره. وأخرجه أحمد ,3/356وأبو داود 3789في الأطعمة :في أكل لحوم الخيل ,والدارقطني ,4/289والبيهقي 9/327من طرق عن حماد بن سلمة بهذا الإسناد ,وصححه الحاكم ,4/235ووافقه الذهبي. وأخرجه عبد الرازق ,8733والنسائي ,7/201في الصيد والذبائح :باب الأذن في أكل لحوم الخيل ,والطحاوي ,4/211والدارقطني ,4/288والبيهقي ,9/327والبغوي 2811من طريقين عن عطاء عن جابر بنحوه.

5273– إسناده صحيح ,عمر بن يزيد من رجال أبي داود ,روى عنه جماعة ,وذكره المؤلف في "الثقات 8/446 "وقال: مستقيم الحديث ,وقال الدارقطني :لا بأس به ,ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .محمد بن علي :هو ابن الحسين بن علي بن أبي طالب أبو جعفر الباقر .أخرجه أحمد ,3/361الدارمي ,2/87والبخاري 4219في المغازي :باب غزوة خيبر ,و 5520في الذبائح :باب لحوم الخيل ,و :5524باب لحوم الحمر الإنسية ,ومسلم 1941في الصيد :باب في أكل لحوم الخيل ,وأبو داود 3788في الأطعمة :باب في أكل لحوم الخيل ,والنسائي 7/201في الصيد :باب الإذن في أكل لحوم الخيل ,والطحاوي ,4/204وابن الجارود ,885والبيهقي ,9/326-327والبغوي 2810من طرق عن حماد بن زيد ,بهذا الإسناد.

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ، وَاَذِنَ فِي لُحُومِ الْخَيْلِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خیبر کے موقع پر گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کر دیا تھا البتہ آپ نے گھوڑوں کا گوشت کھانے کی اجازت دی تھی۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا زُجِرَ عَنْ اَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا گیا ہے

5274 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنِ ابْنِ سِيْرِينَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ مُنَادِيَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَادٰى: اِنَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يَنْهَيَانِكُمْ عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ، فَاِنَّهَا رِجْسٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منادی نے یہ اعلان کیا کہ بیشک اللہ اور اس کا رسول تم لوگوں کو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کرتے ہیں کیونکہ یہ ناپاک ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَوْمَ كَانُوا مُحْتَاجِيْنَ اِلٰى اَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ لَمَّا نَهَاهُمُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ لوگ اس وقت پالتو گدھوں کا گوشت کھانے کے محتاج تھے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں کھانے سے منع کر دیا تھا

5275 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي وَمَعْنُ بْنُ عِيْسٰى، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الْحِمَارِ الْاَهْلِيِّ يَوْمَ خَيْبَرَ، وَكَانَ النَّاسُ

5274- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "مصنف عبد الرزاق" 8719. ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 3/164، وابن ماجة 3196 في الذبائح: باب لحوم الحمر الأهلية. وأخرجه الحميدي 1200، وأحمد 3/111، والدارمي 2/86، والبخاري 2991 في الجهاد: باب التكبير عند الحرب، و 4199 في المغازي: باب غزوة خيبر، و 5528 في الذبائح: باب لحوم الحمر الإنسية، ومسلم 1940 في الصيد: باب تحريم أكل لحم الحمر الإنسية، والنسائي 7/204 في الصيد: باب تحريم أكل لحوم الأهلية، والبيهقي 9/331 من طريقين عن أيوب، به. وأخرجه أحمد 3/121، وابن أبي شيبة 8/262، ومسلم 194035، والطحاوي 4/206 من طريقين عن هشام بن حسان، عن محمد بن سيرين، به.

اِحْتَاجُوا اِلَيْهَا

⊛⊛ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ خیبر کے موقع پر گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کر دیا تھا' حالانکہ لوگوں کو اس کی (شدید ترین) ضرورت تھی۔

5276 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى خَيْبَرَ، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ: اَيْ عَامِرُ لَوْ مَتَّعْتَنَا مِنْ هَنَاتِكَ، فَنَزَلَ يَحْدُو لَهُمْ، فَذَكَرَ اللّٰهَ، وَذَكَرَ شِعْرًا لَمْ اَحْفَظْهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هٰذَا السَّائِقُ؟ قَالُوْا: عَامِرُ بْنُ الْاَكْوَعِ، قَالَ: يَرْحَمُهُ اللّٰهُ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوْ مَتَّعْتَنَا بِهٖ، فَلَمَّا اَصَابُوا الْقَوْمَ قَاتَلُوهُمْ وَاُصِيبَ عَامِرٌ، فَلَمَّا اَمْسَوْا اَوْقَدُوْا نَارًا كَثِيْرًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا هٰذِهِ النَّارُ؟ عَلٰى اَيِّ شَيْءٍ تُوقَدُ؟ قَالُوا: عَلَى الْحُمُرِ الْاِنْسِيَّةِ، فَقَالَ: اَهْرِيقُوْا مَا فِيْهَا وَكَسِّرُوهَا فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نُهَرِيقُ مَا فِيْهَا وَنَغْسِلُهَا؟ فَقَالَ: فَذَاكَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْرِيقُوْا مَا فِيْهَا اَمْرُ حَتْمٍ، وَقَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَسِّرُوهَا: اَمْرُ تَشْدِيدٍ وَتَغْلِيظٍ دُوْنَ الْحُكْمِ، اَلَا تَرَى الرَّجُلَ مِمَّنْ اَمَرَهُمْ بِكَسْرِهَا قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نُهَرِيقُ مَا فِيْهَا وَنَغْسِلُهَا؟ قَالَ: فَذَاكَ

⊛⊛ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ خیبر کی طرف روانہ ہوئے حاضرین میں سے ایک صاحب نے کہا: اے عامر! اگر آپ اپنے نغمے کے ذریعے ہمیں لطف اٹھانے کا موقع دیں (تو یہ مناسب ہوگا)' تو حضرت عامر رضی اللہ عنہ لوگوں کو حُدی سنانے کے لئے سواری سے نیچے اُتر آئے۔ انہوں نے اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا پھر ایک شعر ذکر کیا جو مجھے یاد نہیں رہا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا جانور کو لے کر چلنے والا یہ شخص کون ہے لوگوں نے بتایا یہ عامر بن اکوع ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

5275- إسناده صحيح على شرط مسلم .ابن أبي عمر :اسمه محمد بن يحيى . وأخرجه مسلم 56125ص 1538في الصيد :باب تحريم أكل لحم الحمر الإنسية ,من طريق محمد بن يحيى بن أبي عمر ,بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 56125من طريق ابن جريج ,أخبرني نافع ,به.

5276- إسناده صحيح على شرط البخارى ,رجاله رجال الشيخين غير مسدد ,فمن رجال البخارى . وأخرجه البخارى 6331في الدعوات :باب قول الله تعالى (وَصَلِّ عَلَيْهِم) , عن مسدد بن مسرهد ,بهذا الإسناد. وأخرجه مختصرا ومطولا :أحمد ,4/47-48والبخارى 2477في المظالم :باب هل تكسر الدنان التي فيها الخمر أو تخرق الزقاق ,و 4196في المغازى :باب غزوة خيبر ,و 5497في الصيد :باب آنية المجوس والميتة ,و 6148في الأدب :باب ما يجوز من الشعر والرجز , و 6891في الديات :باب إذا قتل نفسه خطأ فلا دية له ,ومسلم 1802في الجهاد :باب غزوة خيبر ,وابن ماجة 3195في الذبائح :باب لحوم الحمر الوحشية ,والطبرانى 6294و ,6301والبيهقى ,9/330والبغوى3805من طرق عن يزيد بن أبي عبيد, به.

نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے حاضرین میں سے ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! اگر آپ ہمیں اس سے (لطف اندوز ہونے کا موقع دیں، تو عنایت ہوگی)

جب ان لوگوں نے دشمنوں پر حملہ کیا' اوران کے ساتھ لڑائی کی' تو حضرت عامر رضی اللہ عنہ زخمی ہو گئے جب شام کا وقت ہوا' تو انہوں نے ڈھیر ساری آگ جلالی نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا یہ آگ کس وجہ سے ہے اور یہ کیا چیز پکائی جارہی ہے۔لوگوں نے بتایا گدھے کا گوشت پکایا جارہا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہنڈیوں میں موجود چیزوں کو انڈیل دو اور انہیں توڑ دوایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! کیا ہم ایسا نہ کریں کہ ان میں موجود چیز کو انڈیل کران کو دھولیں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایسا کرلو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''اس میں جو کچھ موجود ہے اسے بہادو'' یہ ایک لازمی حکم ہے اور نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''تم اسے توڑ دو'' یہ شدت اور سختی ظاہر کرنے کا حکم ہے۔لازمی حکم نہیں ہے۔کیا آپ ﷺ نے یہ بات ملاحظہ نہیں کی کہ جسے نبی اکرم ﷺ نے ہنڈیا توڑنے کا حکم دیا تھا۔اس شخص نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! کیا ہم اس موجود چیز کو بہا کرانہیں دھو نہ لیں' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایسا ہی کرلو۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِمُجَانَبَةِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ عِنْدَ الْاَكْلِ

اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ' آدمی کھانا کھاتے ہوئے پالتو گدھوں کے گوشت سے اجتناب کرے

5277 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُمْ كَانُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَصَابُوا حُمُرًا فَذَبَحُوهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْفِئُوا الْقُدُورَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھے انہیں کچھ گدھے ملے انہوں نے انہیں ذبح کرلیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہنڈیاؤں کو الٹ دو۔

5277–إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الوليد :هو الطيالسي هشام بن عبد الملك . وأخرجه أحمد ,4/291 والبخاري 5525في الذبائح :باب لحوم الحمر الإنسية ,والبيهقي 9/329من طرق عن شعبة ,بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 4/291و ,356والبخاري4221و4223و 4225في المغازي :باب غزوة خيبر ,ومسلم 193828في الصيد والذبائح :باب تحريم أكل لحم الحمر الإنسية ,والطحاوي 4/205من طرق عن شعبة ,عن عدي بن ثابت ,عن البراء بن عازب ,وعبد اله بن أوفى. وأخرجه أحمد ,4/291ومسلم ,193829والطحاوي ,4/205والبيهقي 9/329من طريق أبي إسحاق ,عن البراء نحوه. وأخرج عبد الرزاق ,8724والبخاري ,4226ومسلم ,193831والنسائي 7/230في الصيد :باب تحريم أكل لحوم الحمر الأهلية ,وابن ماجة 3194في الذبائح :باب الحمر الوحشية ,والبيهقي

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَكْلِ ذِی الْاَنْيَابِ مِنَ السِّبَاعِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' نوکیلے دانتوں والے درندوں (کا گوشت) کھایا جائے

5278 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِیْ حَكِيْمٍ، عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ سُفْيَانَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَكْلُ كُلِّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ حَرَامٌ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"ہر نوکیلے دانت والے درندے (کا گوشت کھانا) حرام ہے۔"

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَبَاحَ اَكْلَ بَعْضِ ذِی الْاَنْيَابِ مِنَ السِّبَاعِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے نوکیلے دانتوں والے بعض جانوروں کا گوشت کھانے کو مباح قرار دیا ہے

5279 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِیْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ اَكْلِ كُلِّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ

5278– إسناده صحيح على شرط مسلم .وهو في "الموطأ 2/496 "في الصيد :باب تحريم أكل كل ذي ناب وذي مخلب. ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في "الرسالة "فقرة ,562ومسلم 1933في الصيد :باب تحريم أكل كل ذي ناب من السباع , والنسائي 7/200في الصيد :باب تحريم أكل السباع ,وابن ماجة 3233في الصيد :باب أكل كل ذي ناب من السباع ,والبيهقي 9/315,والبغوي.2794 وأخرجه الترمذي 1479في الصيد :باب ما جاء في كراهية كل ذي ناب وذي مخلب ,عن قتيبة ,عن عبد العزيز بن محمد ,عن محمد بن عمرو ,عن أبي سلمة ,عن أبي هريرة ,أن رسول الله صلى الله عليه وسلم حرم كل ذي ناب من السباع .قال الترمذي :حديث حسن.

5279– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ 2/496 "في الصيد :باب تحريم أكل كل ذي ناب من السباع . ومن طريق مالك أخرجه الدارمي ,85-2/84والبخاري 5530في الصيد :باب أكل كل ذي ناب من السباع , ومسلم 1932في الصيد :باب تحريم أكل كل ذي ناب من السباع ,وأبو داود 3802في الأطعمة :باب النهي عن أكل السباع, والترمذي 1477في الصيد :باب ما جاء في كراهية كل ذي ناب وذي مخلب ,والطبراني ,22/549والبغوي.2793 وأخرجه عبد الرزاق ,8704وأحمد ,4/194والدارمي ,2/85والبخاري5780و 5781في الطب :باب ألبان الأتن ,ومسلم ,1932 والترمذي 1477والنسائي 7/200-201في الصيد :باب تحريم أكل السباع ,وابن ماجة 3232في الصيد :باب أكل كل ذي ناب من السباع ,والطبراني 22/548و550و551و552و553و554و555و557و 558و559 و560 و561,562 و563 و564 و565و ,566والبيهقي 9/315و 316-315من طرق عن الأزهري ,به. وأخرجه الطيالسي ,1016وأحمد 4/193 و194-193و ,195-194والطبراني 22/556من طرق عن أبي إدريس الخولاني ,به.

❁❁ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نوکیلے دانت والے درندے (کا گوشت کھانے) سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَكْلِ كُلِّ ذِیْ مِخْلَبٍ وَنَابٍ مِّنَ الطَّيْرِ وَالسِّبَاعِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ نوکیلے پنجوں والے پرندوں یا نوکیلے دانتوں والے درندوں (کا گوشت کھایا جائے)

5280 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ النِّيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ، عَنْ مَيْمُوْنَ بْنِ مِهْرَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ كُلِّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَكُلِّ ذِیْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّيْرِ.

(توضیح مصنف): النِّيْلُ قَرْيَةٌ بِوَاسِطَ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نوکیلے دانت والے درندے اور نوکیلے پنجوں والے پرندے (کا گوشت کھانے) سے منع کیا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نیل، واسط میں ایک بستی ہے۔

5280- إسناده صحيح ,إبراهيم بن الحجاج النيلي ثقة ,روى له النسائي ,ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير ميمون بن مهران فمن رجال مسلم .أبو بشر :هو جعفر بن إياس بن أبي وحشية. وأخرجه أحمد 1/244و302و ,327والدارمي ,2/85 والطيالسي ,2745ومسلم 1934في الصيد :باب تحريم أكل كل ذي ناب من السباع ,والطبراني ,12995والبيهقي 9/315من طرق عن أبي عوانة وضاح اليشكري ,بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد ,1/302ومسلم ,1934والبيهقي 9/315من طريقين عن الحكم بن عتيبة ,عن أبي بشر بن أبي وحشية ,به. وأخرجه أحمد ,1/289ومسلم ,1934والطبراني ,12994والبغوي 2795من طريقين عن الحكم بن عتيبة ,عن ميمون بن مهران ,به.

بَابُ الضِّيَافَةِ

باب! مہمان نوازی کا بیان

5281 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا اَتٰى اَحَدُكُمْ عَلٰى رَاعِي اِبِلٍ فَلْيُنَادِ: يَا رَاعِيَ الْاِبِلِ ثَلَاثًا، فَاِنْ اَجَابَهُ وَاِلَّا فَلْيَحْلِبْ وَلْيَشْرَبْ، وَلَا يَحْمِلَنَّ، وَاِذَا اَتٰى اَحَدُكُمْ عَلٰى حَائِطٍ فَلْيُنَادِ، ثَلَاثًا: يَا اَصْحَابَ الْحَائِطِ فَاِنْ اَجَابَهُ وَاِلَّا فَلْيَاْكُلْ وَلَا يَحْمِلَنَّ قَالَ: وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ فَمَا زَادَ فَصَدَقَةٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اُضْمِرَ فِیْ هٰذَا الْخَبَرِ عِلَّةُ الْاَمْرِ، وَهِيَ اضْطِرَارُ الْمَرْءِ وَحَاجَتُهُ اِلَيْهِ دُوْنَ تَلَفِ النَّفْسِ دُوْنَ الْقُدْرَةِ وَالسَّعَةِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی شخص اونٹوں کے چرواہے (یعنی چرنے والے اونٹوں) کے پاس آئے تو بلند آواز میں تین مرتبہ پکارے: اے اونٹوں کے چرواہے! اگر وہ اسے جواب دیدے تو ٹھیک ہے' ورنہ ان کا دودھ دوہ کر پی لے' اور جب کوئی شخص کسی باغ کے پاس آئے تو تین مرتبہ بلند آواز میں پکارے: اے باغ والو! اگر وہ اس کا جواب دیں تو ٹھیک ہے' ورنہ وہ (اس باغ میں سے کھجوریں) کھالے' لیکن وہ اٹھا کے ہرگز نہ لے جائے''۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''مہمان نوازی تین دن ہوتی ہے' جو اس سے زیادہ ہو' وہ صدقہ ہوتا ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں:) اس روایت میں اس حکم کی علت پوشیدہ ہے' اور وہ آدمی کا اضطراری حالت میں مبتلا ہونا اور

5281- حديث صحيح رجاله ثقات رجال الصحيح إلا أن سعيداً الجريري قد اختلط بآخره ,ويزيد بن هارون روى عنه بعد الاختلاط ,لكن أخرج له مسلم في "صحيحه ,1161200"من طريق يزيد بن هارون ,عن الجرجيري ,وقد تابع يزيد حماد بن سلمة عند أحمد 3/807وهو ممن روى عنه قبل الاختلاط وهو في "مسند أبي يعلى1244"و.1287 وأخرجه أحمد 3/21عن يزيد بن هارون ,بهذا الإسناد .أخرج القسم الأول منه ابن ماجة 2300في التجارات :باب من مر على ماشية قوم أو حائط هل يصيب منه؟ والحاكم ,4/132والبيهقي 9/359من طرق عن يزيد بن هارون ,به .وصححه الحاكم على شرط مسلم وأقره الذهبي. وأخرجه أحمد ,3/85-86والطحاوي 4/240من طريق علي بن عاصم ,عن الجريري ,به. وأخرج القسم الأخير منه البزار في "مسنده 1932"من طريق حماد بن سلمة ,عن الجريري . . . وأخرجه أيضاً 1931من طريقين عن حماد بن سلمة ,عن قتادة , عن أبي نضرة ,عن أبي سعيد.

ان چیزوں کا حاجت مند ہوتا ہے' تا کہ اس کی جان ضائع نہ ہو' اگر آدمی کے پاس قدرت اور گنجائش ہو (تو پھر وہ مالکان کی اجازت کے بغیر ان چیزوں کو حاصل نہیں کر سکتا)۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْاَمْرَ لَيْسَ بِاِبَاحَةٍ عَلَى الْعُمُوْمِ، بَلْ اِذَا كَانَ الْمَرْءُ مُضْطَرًّا يَخَافُ عَلٰى نَفْسِهِ التَّلَفَ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' یہ حکم عمومی طور پر مباح قرار دینے کے لیے نہیں ہے بلکہ اس صورت میں ہے' جب آدمی انتہائی مجبور ہو اور اسے اپنی جان کے ضائع ہونے کا خدشہ ہو

5282 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَحْتَلِبَنَّ اَحَدٌ مَاشِيَةَ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِهٖ، اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تُؤْتٰى مَشْرَبَتُهٗ فَتُكْسَرَ خِزَانَتُهٗ فَيُنْتَثَلَ طَعَامُهٗ، اِنَّمَا ضُرُوْعُ مَوَاشِيْهِمْ وَاَطْعِمَتُهُمْ، فَلَا يَحْتَلِبَنَّ اَحَدٌ مَاشِيَةَ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِهٖ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کوئی بھی شخص کسی دوسرے کے جانور کو اس کی اجازت کے بغیر ہرگز نہ دوہ لے' کیا کوئی شخص یہ بات پسند کرے گا کہ اس کے گودام کے پاس کوئی آئے اس کا خزانہ توڑ کر اس کا اناج منتقل کرلے؟ لوگوں کے جانوروں کے تھن اور ان کی خوراک (ایک ہی طرح قابل احترام ہے)' تو کوئی شخص کسی دوسرے کے جانور کا دودھ اس کی اجازت کے بغیر ہرگز نہ دوہ لے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْحَالِبِ اِذَا حَلَبَ اَنْ يَّتْرُكَ دَاعِيَ اللَّبَنِ

دودھ دوہنے والے کے لیے اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ' جب وہ دودھ دوہ رہا ہو' تو دودھ کے داعی (یعنی جانور کے بچے) کے لیے بھی اسے چھوڑ دے

5283 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ بَحِيْرٍ، عَنْ ضِرَارِ بْنِ الْاَزْوَرِ، قَالَ:

5282- إسناده صحيح على شرط الشيخين ,وقد تقدم برقم 5171من غير هذا الطريق .وهو في "الموطأ 2/971 "في الاستئذان :باب ما جاء في أمر الغنم . ومن طريق مالك أخرجه البخاري 2435في اللقطة :باب لا تحتلب ماشية أحد بغير إذنه , مسلم 1726في اللقطة :باب تحريم حلب الماشية بغير إذن مالكها ,وأبو داود 2623في الجهاد :باب فيمن قال :لا يحلب , والطحاوي في"شرح معاني الآثار" ,4/241وفي"شرح مشكل الآثار ,4/41"والبيهقي ,9/358والبغوي.2168

بَعَثَنِي أَهْلِي بِلَقُوحٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَأَتَيْتُهُ بِهَا، فَأَمَرَنِي أَنْ أَحْلُبَهَا فَحَلَبْتُهَا، فَقَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْ دَاعِيَ اللَّبَنِ

حضرت ضرار بن ازور رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے اہل خانہ نے ایک حاملہ اونٹنی کے ہمراہ مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔ راوی بیان کرتے ہیں: میں اسے ساتھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' تو آپ نے مجھے حکم دیا کہ میں اس کا دودھ دوہ لوں۔ میں نے اس کا دودھ دوہ لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: دودھ کے داعی کے لئے (تھوڑا سا دودھ) چھوڑ دو۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ حَدِّ الضِّيَافَةِ الَّذِي يَجِبُ عَلَى الضَّيْفِ أَنْ لَا يَتَعَدَّاهُ حَذَرَ دُخُولِهِ فِي الْمُتَصَدَّقِينَ عَلَيْهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' جو مہمان نوازی کی حد کے بارے میں ہے جو مہمان پر لازم ہوتی ہے' وہ اس سے آگے نہ بڑھے' اس بات سے بچتے ہوئے کہ اس کا شمار ان لوگوں میں ہوگا' جنہیں صدقہ دیا گیا ہو

5284 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، مَوْلَى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ، حَدَّثَنَا

5283- يعقوب بن بحير ذكره المؤلف في "الثقات 5/553, "فقال :يروى عن ضرار بن الأزور ,روى عنه الأعمش وقد اختلف على الأعمش فيه ,وقال الذهبي في "الميزان :4/449 "لا يعرف ,تفرد عنه الأعمش ,ثم اخرج حديثه هذا بإسناده ,وقال بإثره :غريب فرد ,والأعمش فمدلس ,وما ذكر سماعا ,ولا يعقوب ذكر سماعه من ضرار ,ولا أعرف لضرار سواه . وضرار بن الأوزر ,قال البخاري وأبو حاتم والمؤلف :له صحبة ,كان فارسا شجاعا شاعرا ,شهد قتال مسيلمة باليمامة ,فأبلى فيه بلاء عظيما حتى قطعت ساقاه جميعا ,فجعل يحبو على ركبتيه ويقاتل ,وتطؤه الخيل حتى غلبه الموت ,قاله الواقدي ,وقيل :قتل بأجنادين من الشام ,قاله موسى بن عقبة ,وقيل :شهد فتح دمشق ,ثم نزل حران ,وقيل :توفي بالكوفة زمن عمر بن الخطاب ,ويقال :توفي بدمشق ,ودفن بظاهر الباب الشرقي .وانظر"أسد الغابة ,3/52-53 "و"الإصابة" .2/200-201 والحديث عند وكيع في "الزهد ,495"ومن طريقه أخرجه أحمد ,4/339والطبراني.8128 وأخرجه أحمد 4/76و322و ,339والدارمي ,2/88 والبخاري في"التاريخ الكبير 4/338-339 "و339وهناد في"الزهد" ,795والفسوي في "المعرفة والتاريخ ,2/654" والطبراني ,8129والحاكم ,3/237والبيهقي ,8/16وابن الأثير في "أسد الغابة ,3/53 "والذهبي في ":الميزان 4/449 "من طرق عن الأعمش ,بهذا الإسناد .قال الحاكم :صحيح الإسناد ,ولا يحفظ لضرار عن رسول الله صلى الله عليه وسلم غير هذا. وأخرجه أحمد4/311و ,339والبخاري في"التاريخ الكبير ,4/339"والطبراني ,8127والحاكم 3/620م.

5284- إسناده صحيح على شرط الصحيح .عبد الرحمن بن إسحاق :هو ابن عبد الله بن الحارث بن كنانة المدني. وأخرجه أحمد 2/288و ,354وأبو داود 3749في الأطعمة :باب ما جاء في الضيافة ,والبيهقي 9/197من طريقين عن أبي هريرة ,به. وله شاهد من حديث ابن عمر عند البزار .1929 وآخر من حديث ابن عباس عند الطبراني في "الأوسط ,"قال الهيثمي :8/176فيه رشدين بن كريب وهو ضعيف . وثالث من حديث زيد بن خالد عند الطبراني 5186و ,5187والبزار 1925قال الهيثمي :ورجال الصحيح . ورابع من حديث ابن مسعود عند البزار ,1928وقال الهيثمي :رجاله ثقات . وخامس عن أبي سعيد الخدري ,وقد تقدم ضمن حديث مطول.5281

ابْنُ عُلَيَّةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ، فَمَا وَرَاءَ هَا فَهُوَ صَدَقَةٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مہمان نوازی تین دن تک ہوتی ہے' جو اس سے زیادہ ہو وہ صدقہ ہوگی۔''

ذِكْرُ الْاِسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ تَقْدِيمَ مَا حَضَرَ لِلْاَضْيَافِ وَاِنْ لَمْ يُشْبِعْهُمْ فِي الظَّاهِرِ

آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ' جو کچھ موجود ہو وہ مہمان کے سامنے پیش کر دے اگرچہ بظاہر وہ انہیں سیر نہ کر سکتا ہو

5285 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، وَثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ، رَاٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَاوِيًا، فَاَتٰى اُمَّ سُلَيْمٍ، فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكِ شَيْءٌ؟ فَقَالَتْ: مَا عِنْدَنَا اِلَّا نَحْوُ مُدٍّ مِنْ دَقِيقِ شَعِيرٍ، قَالَ: فَاعْجِنِيهِ وَاَصْلِحِيهِ، عَسٰى اَنْ نَدْعُوَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَاْكُلَ عِنْدَنَا، قَالَ: فَعَجَنَتْهُ وَخَبَزَتْهُ، فَجَاءَ قُرْصًا، فَقَالَ: ادْعُ لِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ نَاسٌ، قَالَ مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ: اَحْسِبُهُ بِضْعَةً وَثَمَانِينَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ: اَبُوْ طَلْحَةَ يَدْعُوكَ، فَقَالَ لِاَصْحَابِهِ: اَجِيبُوا اَبَا طَلْحَةَ فَجِئْتُ مُسْرِعًا حَتّٰى اَخْبَرْتُهُ اَنَّهُ قَدْ جَاءَ وَاَصْحَابُهُ، قَالَ بَكْرٌ: فَقَفَدَنِي قَفْدًا، وَقَالَ ثَابِتٌ: قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمُ بِمَا فِي بَيْتِي مِنِّي، وَقَالَا جَمِيعًا عَنْ اَنَسٍ: فَاسْتَقْبَلَهُ اَبُوْ طَلْحَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا عِنْدَنَا شَيْءٌ اِلَّا قُرْصٌ، رَاَيْتُكَ طَاوِيًا، فَاَمَرْتُ اُمَّ سُلَيْمٍ، فَجَعَلَتْ ذٰلِكَ قُرْصًا، قَالَ: فَدَعَا بِالْقُرْصِ، وَدَعَا بِجَفْنَةٍ فَوَضَعَهُ فِيهَا، وَقَالَ: هَلْ مِنْ سَمْنٍ؟ قَالَ: اَبُوْ طَلْحَةَ: وَكَانَ فِي الْعُكَّةِ شَيْءٌ، فَجَاءَ بِهَا، فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ طَلْحَةَ يَعْصِرَانِهَا حَتّٰى خَرَجَ شَيْءٌ، فَمَسَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهِ سَبَّابَتَهُ، ثُمَّ مَسَحَ الْقُرْصَ فَانْتَفَخَ، وَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ فَانْتَفَخَ الْقُرْصُ، فَلَمْ يَزَلْ يَصْنَعُ ذٰلِكَ وَالْقُرْصُ يَنْتَفِخُ حَتّٰى رَاَيْتُ الْقُرْصَ فِي الْجَفْنَةِ يَتَمَيَّعُ، فَقَالَ: ادْعُ عَشَرَةً مِنْ اَصْحَابِي فَدَعَوْتُ لَهُ عَشَرَةً، قَالَ: فَوَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فِي

5285- إسناده حسن ,رجاله رجال الشيخين غير مبارك بن فضالة فقد روى له البخارى تعليقا وأصحاب السنن وهو صدوق ,وقد صرح بالتحديث ,فانتفت شبهة تدليسه ,وأبو طلحة :هو زيد بن سهل الأنصارى زوج أم سليم والدة أنس .وهو في"مسند أبي يعلى "ورقة ,195/1وأخرجه الفيريابي في "دلائل النبوة 11"عن هدبة بن خالد ,بهذا الإسناد ,وأورده الحافظ ابن كثير في"شمائل الرسول "ص 200-199عن أبي يعلى .

وَسَطِ الْقُرْصِ، وَقَالَ: كُلُوْا بِسْمِ اللّٰهِ فَاَكَلُوْا حَوَالَيِ الْقُرْصِ حَتّٰى شَبِعُوا، ثُمَّ قَالَ: ادْعُ لِيْ عَشَرَةً فَلَمْ يَزَلْ يَدْعُو عَشَرَةً عَشَرَةً، يَاْكُلُوْنَ مِنْ ذٰلِكَ الْقُرْصِ حَتّٰى اَكَلَ مِنْهُ بَضْعَةٌ وَثَمَانُوْنَ مِنْ حَوَالَيِ الْقُرْصِ حَتّٰى شَبِعُوا، وَاِنَّ وَسَطَ الْقُرْصِ حَيْثُ وَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ كَمَا هُوَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھوک کے عالم میں دیکھا' تو وہ سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور بولے: تمہارے پاس کچھ کھانے کے لئے ہے۔ انہوں نے عرض کی: میرے پاس' تو صرف جو کے آٹے کا ایک مد ہے حضرت ابوطلحہ نے کہا: تم اسے گوندھ لو اور اسے تیار کرلو ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کرتے ہیں تا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس کھانا کھائیں حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس خاتون نے آٹا گوندھ لیا اور روٹی پکا لی پھر حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ روٹیوں کے پاس آئے اور بولے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے ہاں بلا لاؤ راوی بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا آپ کے ہمراہ کچھ لوگ بھی تھے۔ یہاں مبارک بن فضالہ نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کرتے ہیں: میرا خیال ہے وہ 80 سے زیادہ لوگ تھے میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے آپ کو بلایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے کہا ابوطلحہ کی دعوت کو قبول کرو (حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں تیزی سے چلتا ہوا آیا اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو اس بارے میں بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب تشریف لا رہے ہیں۔

یہاں بکر نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں: میں تیزی سے چلتا ہوا آیا اور ثابت نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اس بارے میں مجھ سے زیادہ بہتر جانتے ہیں جو کچھ میرے گھر میں ہے پھر اس کے بعد دونوں راویوں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا استقبال کیا۔ انہوں نے عرض کی: ہمارے پاس' تو صرف ایک تھال (جتنا) کھانا ہے میں نے آپ کو بھوکا دیکھا تھا' تو میں نے اُمّ سلیم سے کہا اس نے یہ کھانا تیار کر دیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ تھال منگوایا اور آپ نے ایک پیالہ منگوا کر وہ روٹی اس میں رکھی۔ آپ نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس گھی ہے حضرت ابوطلحہ نے عرض کی: ایک کپی میں تھوڑا سا ہے وہ اسے لے کر آگئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اسے نچوڑنے لگے' یہاں تک کہ تھوڑا سا گھی نکل آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اپنی شہادت کی انگلی کے ذریعے لگایا اور اسے روٹی پر لگا دیا' تو وہ پھول گئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بسم اللہ پڑھا' تو روٹی اور پھول گئی۔ اس کے بعد مسلسل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کرتے رہے' یہاں تک کہ وہ روٹی پھولتی ہوئی اس پوری پرات کے اوپر غالب آگئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے اصحاب میں سے دس آدمیوں کو بلاؤ میں نے دس آدمیوں کو بلوایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک روٹی کے درمیان میں رکھا۔ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے کھانا شروع کرو۔ انہوں نے اطراف سے روٹی کھانا شروع کی' یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس دس آدمیوں کو بلا کر لاؤ اس کے بعد حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ دس دس کر کے آدمیوں کو بلاتے رہے' یہاں تک کہ ان سب لوگوں نے وہ روٹی 80 سے زیادہ افراد نے روٹی کے اطراف میں سے کھالیا' یہاں تک کہ وہ سب سیر ہو گئے اور روٹی کا درمیان کا وہ حصہ جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک رکھا ہوا تھا۔ وہ اسی طرح تھا

جیسے پہلے تھا۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اِيْثَارُ الْاَضْيَافِ عَلٰى اِشْبَاعِ عِيَالِهٖ اِذَا عَلِمَ اَنَّ ذٰلِكَ لَا يَضُرُّهُمْ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ مہمانوں کے لیے ایثار کرتے ہوئے اپنے گھر والوں کو بھوکا رکھے جبکہ اسے اس بات کا علم ہو کہ یہ چیز انہیں نقصان نہیں پہنچائے گی

5286 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّيْ مَجْهُوْدٌ، فَاَرْسَلَ اِلٰى بَعْضِ نِسَائِهٖ، فَقَالَتْ: وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ نَبِيًّا، مَا عِنْدِيْ اِلَّا مَاءٌ، ثُمَّ اَرْسَلَ اِلٰى اُخْرٰى فَقَالَتْ مِثْلَ ذٰلِكَ، حَتّٰى قُلْنَ كُلُّهُنَّ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَقَالَ: مَنْ يُّضِيفُ هٰذَا اللَّيْلَةَ رَحِمَهُ اللّٰهُ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَانْطَلَقَ بِهٖ اِلٰى رَحْلِهٖ، فَقَالَ لِامْرَاَتِهٖ: هَلْ عِنْدَكِ شَيْءٌ؟ قَالَتْ: لَا، اِلَّا قُوْتُ صِبْيَانِيْ، قَالَ: فَعَلِّلِيْهِمْ بِشَيْءٍ، فَاِذَا دَخَلَ ضَيْفُنَا فَاَطْفِئِي السِّرَاجَ وَاَرِيهِ اَنَّا نَاْكُلُ، فَاِذَا اَهْوٰى لِيَاْكُلَ قُوْمِيْ اِلَى السِّرَاجِ حَتّٰى تُطْفِئِيْهِ، قَالَ: فَقَعَدُوْا وَاَكَلَ الضَّيْفُ، فَلَمَّا اَصْبَحَ غَدَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: لَقَدْ عَجِبَ اللّٰهُ مِنْ صَنِيعِكُمَا اللَّيْلَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: میں ضرورت مند ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کسی زوجہ محترمہ کی طرف پیغام بھجوایا' تو اس خاتون نے عرض کی۔ اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میرے پاس صرف پانی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسری زوجہ محترمہ کی طرف پیغام بھجوایا۔ انہوں نے بھی یہ جواب دیا' یہاں تک کہ تمام ازواج نے اسی طرح کا جواب دیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا آج رات کون اسے مہمان بنائے گا اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے' تو ایک انصاری کھڑا ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں بناؤں گا وہ اسے ساتھ لے کر اپنے گھر چلا گیا۔ اس نے اپنی بیوی سے کہا: کیا تمہارے پاس کھانے کے لئے کچھ ہے۔ اس نے جواب دیا: جی نہیں

5286- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وأبو حازم: هو سلمان الأشجعي. وهو في "مسند أبي يعلى" ورقة 285/1. وأخرجه مسلم 2054 في الأشربة: باب إكرام الضيف وفضل إيثاره، عن زهير بن حرب، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 3798 في مناقب الأنصار: ﴿وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ﴾، و 4889 في تفسير سورة الحشر: باب ﴿وَيُؤْثِرُونَ عَلَىٰ أَنْفُسِهِم﴾، والواحدي في "أسباب النزول" ص 281، والبيهقي "السنن" 4/185، وفي "الأسماء والصفات" 2/217 من طرق عن فضيل بن غزوان، به. وأخرجه بنحوه أبو يعلى ورقة 286 من طريقين عن يزيد بن كيسان، عن أبي حازم، به.

صرف بچوں کی خوراک ہے۔ اس انصاری نے کہا: تم انہیں کسی چیز کے ذریعے بہلا دینا جب ہمارا مہمان اندر آئے تو تم چراغ روشن کرنا اور یوں ظاہر کرنا جیسے ہم کھانا کھانے لگے ہیں جب وہ کھانے کے لئے ہاتھ بڑھائے تو تم چراغ کی طرف جا کر اسے بجھا دینا۔ راوی بیان کرتے ہیں تو وہ سب لوگ بیٹھ گئے اور کھانا صرف مہمان نے کھایا۔ اگلے دن صبح وہ انصاری نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کو گزشتہ رات تم دونوں (میاں بیوی) کا کیا ہوا طرز عمل بہت پسند آیا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّثْوِىَ الضَّيْفُ عِنْدَ مِنْ يُّضَيِّفُهُ حَتّٰى يُحْرِجَهُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ مہمان میزبان کے ہاں اتنا طویل قیام کرے کہ اسے حرج میں مبتلا کردے

5287 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِىْ شُرَيْحٍ الْكَعْبِيِّ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيُكْرِمْ جَارَهُ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتَ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ، جَائِزَتُهُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ، وَالضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ، فَمَا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ، وَلَا يَحِلُّ لَهُ اَنْ يَّثْوِىَ عِنْدَهُ حَتّٰى يُحْرِجَهُ

(توضیح مصنف): اَبُوْ شُرَيْحٍ الْكَعْبِيُّ اسْمُهُ خُوَيْلِدُ بْنُ عَمْرٍو مِنْ جِلَّةِ الصَّحَابَةِ، عِدَادُهُ فِىْ اَهْلِ الْحِجَازِ، مَاتَ سَنَةَ ثَمَانٍ وَسِتِّيْنَ

حضرت ابوشریح کعبی رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہے اسے اپنے مہمان کی عزت افزائی کرنی چاہیے جو شخص اللہ تعالیٰ

5287- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ" 2/929 "في صفة النبي صلى الله عليه وسلم :باب جامع ما جاء في الطعام والشراب. ومن طريق مالك أخرجه أحمد ,6/385 والبخاري 6135 في الأدب :باب إكرام الضيف وخدمته , وفي "الأدب المفرد ,743" وأبو داود 3748 في الأطعمة :باب ما جاء في الضيافة ,والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة" ,9/224 والطحاوي في "شرح مشكل الآثار ,4/22 "والطبراني في "الكبير .22/475 " وأخرجه أيضا من طريق مالك الحاكم ,4/164 وجزم بأن الشيخين لم يخرجاه !وقال :والذي عندي أن الشيخين رضي الله عنهما أهملا حديث أبي شريح !الرواية عبد الرحمن بن إسحاق عن سعيد المقبري ,عن أبي هريرة رضي الله عنه ,ثم ذكره الحديث المتقدم برقم 506 و516. وأخرجه أحمد 4/31 و ,386-6/385 والبخاري 6019 في الأدب :باب من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يؤذ جاره, و 6476 في الرقاق :باب حفظ اللسان ,وفي "الأدب المفرد ,741" ومسلم 4814 ص 1352 في اللقطة :باب الضيافة وغاية الضيافة إلى كم هي ,وابن ماجة 3675 في الأدب :باب حق الضيف ,والنسائي في "الكبرى ,"والطحاوي في "مشكل الآثار ,4/22 "والبيهقي 197-9/196 والطبراني 22/476 و477 و478 من طرق عن سعيد المقبري ,به. وأخرجه أحمد 4/31 و ,6/384 ومسلم 48 في الإيمان :باب الحث على إكرام الجار والضيف ,والبخاري في "الأدب ,102" والطحاوي في "المشكل ,4/21 "والبيهقي 5/86 من طريقين عن نافع بن جبير بن مطعم ,عن أبي شريح ,بنحوه.

اورآخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہوا سے بھلائی کی بات کہنی چاہئے ورنہ خاموش رہنا چاہئے جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہوا سے اپنے مہمان کی عزت افزائی کرنی چاہئے۔اہتمام کے ساتھ اس کی دعوت ایک دن اور ایک رات ہوگی عام مہمان نوازی تین دن ہوگی اور جو اس کے بعد ہو وہ صدقہ شمار ہوگا۔البتہ مہمان کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے وہ اتنے دن وہاں قیام کرے کہ میزبان کو حرج میں مبتلا کردے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابوشریح کعبی کا نام خویلد بن عمرو ہے یہ جلیل القدر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک ہیں۔ان کا شمار اہل حجاز میں ہوتا ہے ان کا انتقال **68** ہجری میں ہوا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ لِلضَّيْفِ مُطَالَبَةَ حَقِّهِ عَمَّنْ يَّنْزِلُ بِهٖ اِذَا لَمْ يَقُمْ بِهٖ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' مہمان کو اپنے حق کا مطالبہ کرنے کا حق حاصل ہے اس شخص سے' جس کے ہاں وہ پڑاؤ کرتا ہے اور وہ اس کا حق ادا نہیں کرتا

5288 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنْ يَّزِيدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُمْ قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَنْزِلُ بِقَوْمٍ لَا يُضَيِّفُوْنَا، فَكَيْفَ تَرَى فِيْ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ نَزَلْتُمْ بِقَوْمٍ فَاَمَرُوا لَكُمْ بِمَا يَنْبَغِي لِلضَّيْفِ فَاقْبَلُوا، وَاِنْ لَمْ يَفْعَلُوْا فَخُذُوا مِنْهُمْ حَقَّ الضَّيْفِ الَّذِيْ يَنْبَغِي لَهُ

✿✿ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہم کسی قوم کے ہاں پڑاؤ کرتے ہیں۔وہ ہماری مہمان نوازی نہیں کرتے' تو اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم کسی قوم کے ہاں پڑاؤ کرو' تو اگر وہ تمہارے لئے اس چیز کا حکم دیں جو مہمان کے لئے مناسب ہوتی ہے' تو اسے قبول کرلو اور اگر وہ ایسا نہیں کرتے' تو تم ان سے مہمان کا وہ حق حاصل کرو جو مہمان کے لئے ہونا چاہئے۔

5288- إسناده صحيح على شرط الشيخان أبو الوليد هوا الطيالسي هشام بن عبد الملك وليث :هو ابن سعد ,وأبو الخير: اسمه مرثد بن عبد الله. وأخرجه احمد , 4/149والبخاري 2461في المظالم :باب قصاص المظلوم إذا وجد مال ظالمه , 6137في الأدب :باب إكرام الضيف وخدمة إياه نفسه ,وفي الأدب , 745ومسلم 1727في اللقطة باب وابن ماجه 3676في الأدب باب حق الضيف ,والبيهقي 9/179و .270-10والبغوي 3003من طرق الليث بن سعد بهذا الإسناد . وأخرجه الترمذي 1589في السير :باب ما يحل أموال أهل الذمة ,عن قتيبة ,عن ابن لهيعة ,عن يزيد بن أبي حبيب ,عن أبي الخير ,عن عقبه بن عامر ,قال :قلت يا رسول إنا نمر بقوم فلا هم يضيفونا ولا يؤدون مالنا عليهم من حق ولا نحن نأخذ منهم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم" :إن أبو ألا إن تأخذوا كرها فخذوا "وقال :هذا الحديث حسن ,وقد رواه الليث بن سعد عن يزيد بن أبي حبيب أيضا.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاِجَابَةِ الدَّعْوَةِ اِذَا دُعِیَ الْمَرْءُ اِلَيْهَا

جب آدمی کو دعوت دی جائے' تو دعوت کو قبول کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

5289 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِيتُوا الدَّعْوَةَ اِذَا دُعِيتُمْ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب تمہیں دعوت دی جائے' تو تم دعوت میں جاؤ''۔

5290 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْهَيْثَمِ الْاَيْلِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيِّ، اَنَّ نَافِعًا، حَدَّثَهُ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ،

(متن حدیث): كَانَ اِذَا دُعِیَ ذَهَبَ اِلَى الدَّاعِي، فَاِنْ كَانَ صَائِمًا دَعَا بِالْبَرَكَةِ ثُمَّ انْصَرَفَ، وَاِنْ كَانَ مُفْطِرًا جَلَسَ فَاَكَلَ، قَالَ نَافِعٌ: قَالَ ابْنُ عُمَرَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا دُعِيتُمْ اِلٰى كُرَاعٍ فَاَجِيبُوا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: جب انہیں دعوت دی جاتی تھی' تو وہ دعوت میں چلے جاتے تھے۔ اگر انہوں نے روزہ رکھا ہوتا تھا' تو برکت کی دعا کر کے واپس تشریف لے آتے تھے اور اگر روزہ نہیں ہوتا تھا' تو وہاں تشریف فرما ہوتے تھے اور کھانا کھالیا کرتے تھے۔

نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب تمہاری پائے (کھانے) کی دعوت کی جائے' تو تم اسے قبول کرلو''۔

5289- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أيوب :هوا ابن أبى تميمة السختياني.وأخرجه احمد 2/68و 127ومسلم 99 1429فى النكاح باب الأمر بإجابة الداعي إلى دعوه من طريق حماد بن زيد بهذا الإسناد وانظر ما بعده والحديث 5270

5290- إسناده صحيح على شرط مسلم رجاله ثقات رجال الشيخين غير هارون بن سعيد الايلى فمن رجال مسلم ابن وهب:أبو عبد الله. واخرج القسم الأول منه أبو عوانة فى صحيحه فيما ذكره الحافظ فى "الفتح 9/247 "من طريق عمر بن محمد العمرى بهذا الإسناد واخرج القسم الثانى منه مسلم 104 1429فى النكاح باب الأمر بإجابة الداعي إلى دعوه والبيهقى 7/262 من طريق حرملة بن يحيى عن ابن وهب بهذا الإسناد واخرج البخارى 5179والبيهقى 2/262من طرق عن حجاج محمد قال : قال ابن جريج :اخبرنى موسى بن عقبه ,عن نافع :قال سمعت عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم"أجيبوا هذه الدعوة إذا دعيت لها "قال :وكان عبد الله بن عمر يأتى الدعوة فى العرس وغير العرس ,ويأتيها وهو صائم .لفظ مسلم وأخرجه احمد 2-101عن عفان ,عن وهيب ,عن أيوب ,عن نافع بنحوه وأخرج ابن أبى شيبه 3/64عن مجاهد قال :كان ابن عمر إذا دعى إلى طعام وهو صائم فأجاب ,فإذا جاؤوا بالمائدة وعليها الطعام مد يده ثم قال :خذوا باسم الله ,فإذا أهوى القوم كف يده.

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاِجَابَةِ الدَّعْوَةِ وَقَبُولِ الْهَدِيَّةِ وَلَوْ كَانَ الشَّيْءُ تَافِهًا

دعوت قبول کرنے اور تحفہ قبول کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ خواہ وہ کوئی معمولی سی چیز ہو

5291 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَوْ اُهْدِيَ اِلَيَّ كُرَاعٌ لَقَبِلْتُهُ، وَلَوْ دُعِيتُ اِلَيْهِ لَاَجَبْتُهُ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اگر مجھے پایہ تحفے کے طور پر دیا جائے' تو میں اسے قبول کرلوں گا اور اگر اس کے لئے میری دعوت کی جائے' تو میں اسے قبول کرلوں گا۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَرْكِ الْمَرْءِ اِجَابَةَ الدَّعْوَةِ وَاِنْ كَانَ الْمَدْعُوُّ اِلَيْهِ تَافِهًا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی دعوت کو قبول نہ کرے اگرچہ جس چیز کی طرف دعوت دی گئی ہے وہ کوئی معمولی سی چیز ہو

5292 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَوْ دُعِيتُ اِلٰى كُرَاعٍ لَاَجَبْتُ، وَلَوْ اُهْدِيَ اِلَيَّ لَقَبِلْتُ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اگر مجھے پائے کی دعوت دی جائے' تو میں اسے قبول کرلوں گا اور اگر وہ مجھے تحفے کے طور پر دیا جائے' تو میں اسے قبول کرلوں گا۔''

5291- إسناده صحيح على شرط البخاري رجاله ثقات رجال الشيخين غير الحسن بن محمد فثقة روا ه له البخاري .أبو حازم :هو سليمان الاشجعي، أسباط بن محمد بهذا الإسناد. وأخرجه احمد 2/424و 479و 481و 512.والبخاري 2568في الهبة :باب القليل من الهبة ,و 5178في النكاح :باب من أجاب إلى كراع .والنسائي في الوليمة كما في التحفه 10/83 والبيهقي 6/169من طرق عن الأعمش ,به.

5292- إسناده صحيح على شرط الشيخين وسماع يزيد بن زريع من سعيد بن أبي عروبة قبل الاختلاط. وأخرجه الترمذي في السنن 1338في الأحكام :باب ما جاء في قبول الهدية وإجابة الدعوة وفي "الشمائل 330 "عن محمد بن عبد الله بن بزيع عن بشر بن المفضل عن سعيد بن أبي عروبة بهذا الإسناد. وقال حسن :صحيح وأخرجه البيهقي 6/169من طريق سعيد بن بشير , عن قتادة ,به.

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اِجَابَةِ الْمَرْءِ اِذَا دُعِيَ عَلَى الشَّيْءِ الطَّفِيفِ

آدمی کے لیے دعوت قبول کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ جب اسے کسی معمولی سی چیز کی دعوت دی جائے

5293 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

(متن حدیث): اَنَّ خَيَّاطًا بِالْمَدِينَةِ دَعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خُبْزِ شَعِيرٍ وَاِهَالَةٍ سَنِخَةٍ، وَكَانَ فِيهَا قَرْعٌ، قَالَ اَنَسٌ: فَكُنْتُ اَرَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الْقَرْعُ، قَالَ: فَكُنْتُ اُقَدِّمُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَلَمْ يَزَلِ الْقَرْعُ يُعْجِبُنِي مُنْذُ رَاَيْتُهُ يُعْجِبُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مدینہ منورہ میں ایک درزی تھا۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کی جس میں جو کی روٹی تھی اور بھنا ہوا گوشت تھی جس میں کدو ملے ہوئے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ کو کدو پسند آئے، تو میں کدو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے کرنے لگا جب سے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو انہیں پسند کرتے ہوئے دیکھا ہے اس کے بعد میں بھی ہمیشہ کدو کو پسند کرتا ہوں۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِجَابَةِ اِلَى الْوَلَائِمِ اِذَا دُعِيَ الْمَرْءُ اِلَيْهَا

ولیمے کی دعوت قبول کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ جب آدمی کو اس کی دعوت دی جائے

5293– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وقد تقدم برقم 4539من غير هذا الطريق وأخرجه احمد 3/180و 252و 289من طريق همام بن يحيى ,بهذا الإسناد وأخرجه مختصرا احمد 3/210-211و 270من طريق أبان ,عن قتادة وفي لفظه عنده"يهوديا"بدل"خياطا."

5294– إسناده صحيح على شرط الشيخين وهو في "الموطأ 2/564 "في النكاح .باب جاء في الوليمة .ومن طريق مالك أخرجه البخارى 5173في النكاح :باب حق إجابة الوليمة والدعوة ,ومسلم 142996في النكاح :باب الأمر بإجابة الداعي إلى دعوه ,وأبو داود 3736في الأطعمة :باب ما جاء في أجابه الدعوة ,والبغوى.2314 وأخرجه احمد , 2/37ومسلم ,142997 والترمذى 1098في النكاح :باب ما جاء في إجابة الداعي ,وأبو داود 3737من طريقين عن نافع ,به .قال الترمذى :حسن صحيح . زاد أبو داود"فإن كان مفطرا أكلها ,وان كان صائما فليدع" إسناده صحيح ,سويد بن نصر ثقة روى له الترمذى والنسائى ,ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عبد الحميد بن المنذر بن الجارود فمن رجال ابن ماجه ,وهو ثقة .ابن عون: هو عبد الله بن عون أرطبان ,وابن سيرين :هو انس بن سيرين. وأخرجه احمد 3/112و , 128-129وأبو عبيد في "غريب الحديث , 3/419 "وابن ماجه 756في المساجد والجماعات : باب المساجد في الدور ,من طرق عن عبد الله بن عون ,بهذا الإسناد. ونسبه البويصى في "مصباح الزجاجة "ورقة 51/2إلى احمد وحسن إسناده ,وقال :وله أصل في الصحيح من حديث إسحاق بن أبي طلحة عن أنس بن مالك.

5294 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا دُعِیَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْوَلِيْمَةِ فَلْيَاْتِهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کسی شخص کو ولیمے کی دعوت دی جائے' تو اسے اس میں جانا چاہیے۔''

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلتَّقِيِّ الْفَاضِلِ اَنْ يَاْكُلَ فِیْ بَيْتِ مَنْ هُوَ دُوْنَهٗ فِی التُّقٰى وَالْفَضْلِ

متقی اور فاضل شخص کے لیے اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ' وہ اس شخص کے ہاں کھانا کھائے جو پرہیز گاری اور فضیلت میں اس سے کم درجے کا ہو

5295 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمَاعِيْلَ، بِبُسْتَ قَالَ: حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ الْمُنْذِرِ بْنِ الْجَارُوْدِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): قَالَ: صَنَعَ بَعْضُ عُمُوْمَتِیْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا، وَقَالَ: اِنِّیْ اُحِبُّ اَنْ تَاْكُلَ فِیْ بَيْتِیْ، وَتُصَلِّیَ فِيْهِ، فَاَتَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِذَا فِی الْبَيْتِ فَحْلٌ مِّنْ تِلْكَ الْفُحُوْلِ، فَاَمَرَ بِجَانِبٍ مِّنْهُ فَكُنِسَ، ثُمَّ رُشَّ فَصَلّٰى وَصَلَّيْنَا مَعَهٗ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے ایک چچا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کھانا تیار کرلیا۔ انہوں نے گزارش کی کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ میرے گھر میں کھانا کھائیں اور وہاں نماز ادا کریں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں آئے گھر میں ایک نر جانور تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس کے ایک طرف جھاڑو دی گئی پھر وہاں پانی چھڑکا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں نماز ادا کی۔ ہم نے بھی آپ کی اقتداء میں نماز ادا کی۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ دُعَاءِ الضَّيْفِ لِلْمُضِيْفِ بِغَيْرِ مَا وَصَفْنَا عِنْدَ فَرَاغِهٖ مِنَ الطَّعَامِ

مہمان کا میزبان کے لیے دعا کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ جب وہ کھانا کھا کر فارغ ہو' یہ اس کے علاوہ ہے' جو ہم نے پہلے بیان کیا ہے

5296 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَفْطَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ سَعْدٍ، فَقَالَ: اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ،

وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ، وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے ہاں افطاری کی' تو ارشاد فرمایا: تمہارے ہاں روزہ داروں نے افطاری کی ہے اور فرشتوں نے تمہارے لئے دعائے رحمت کی اور نیک لوگوں نے تمہارا کھانا کھایا ہے۔

ذِكْرُ مَا يَدْعُو الضَّيْفُ لِمَنْ اَكَلَ مِنْ طَعَامِهِمْ

اس بات کا تذکرہ' مہمان نے جن لوگوں کا کھانا کھایا ہو وہ انہیں کیا دعا دے

5297 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ السُّلَمِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَبِي فَنَزَلَ عَلَيْهِ، فَاَتَاهُ بِطَعَامٍ وَحَيْسٍ وَسَوِيقٍ وَتَمْرٍ، ثُمَّ اَتَاهُ بِشَرَابٍ فَنَاوَلَ مَنْ عَنْ يَمِينِهِ، قَالَ: وَكَانَ يَاْكُلُ التَّمْرَ وَيَضَعُ النَّوٰى عَلٰى ظَهْرِ اُصْبُعَيْهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطٰى، ثُمَّ يَرْمِي بِهِ، ثُمَّ دَعَا لَهُمْ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ، وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ

حضرت عبداللہ بن بسر سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے والد کے ہمراہ تشریف لائے۔ آپ نے وہاں قیام کیا۔ آپ کی خدمت میں کھانا، حیس، ستو اور کھجور پیش کئے گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں مشروب پیش کیا گیا' تو آپ نے اپنے دائیں طرف والے شخص کی طرف بڑھا دیا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کھاتے تھے اور گٹھلی کو اپنی شہادت کی انگلی اور درمیان والی انگلی کے درمیان رکھ دیتے تھے پھر آپ اسے پھینک دیتے تھے پھر آپ نے ان لوگوں کے لئے دعائے رحمت کی اور یہ دعا کی۔

"اے اللہ! جو رزق' تو نے انہیں عطا کیا ہے اس میں ان کے لئے برکت رکھ دے ان کی مغفرت کر اور ان پر رحم کر دے۔"

5296- صحيح بشاهده وهذا سند ضعيف ,مصعب بن ثابت ,هو ابن عبد الله بن الزبير ,ضعفه أحمد وابن معين ,وأبو حاتم والنسائي وغيرهم ,وذكره المؤلف في "الثقات "وقال :قد أدخلته في "الضعفاء "وهو ممن استخير الله تعالى فيه .سعيد بن يحيى :هو اللخمي . وأخرجه ابن ماجه 1747في الصيام باب :ثواب في فطر صائما عن هشام بن عمار في هذا الإسناد وضعف البوصيري "مصباح الزجاجة"ورقه 114/2إسناده بمصعب بن ثابت

5297- إسناد صحيح على شرط مسلم رجاله الشيخين غير يزيد بن خمير فمن رجال مسلم وأخرجه احمد 4/188 و189 و190ومسلم 2042في الأشربة :باب استحباب وضع النوى خارج التمرة وأبو داود 3729وفي الأشربة :في النفخ في الشرب والتنفس فيه والترمذي 3576وفي الدعوات باب ما جاء في دعاء الضيف والنسائي في "اليوم والليلة 292"و 293وأبو الشيخ في "أخلاق النبي"ص 205والبيهقي 7/274من طريق عن شعبه وبهذا الإسناد قال الترمذي :حسن صحيح وأخرجه احمد 4/187 188والنسائي في"اليوم والليلة 294 "من طريق هشيم عن هاشم بن يوسف عن عبد الله بن بسر به

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ جَاءَ دَارَ بُسْرٍ كَانَ رَاكِبًا بَغْلَتَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' جب نبی اکرم ﷺ حضرت بسر رضی اللہ عنہ کے ہاں آئے تھے' تو آپ ﷺ اپنے خچر پر سوار تھے

5298 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَبِي وَهُوَ عَلٰى بَغْلَةٍ بَيْضَاءَ، فَاَخَذَ بِلِجَامِهَا، فَقَالَ: انْزِلْ عِنْدِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَنَزَلَ عِنْدَهُ، قَالَ: فَجَاءَ هُمْ بِحَيْسٍ فَاَكَلُوهُ، ثُمَّ جَاءَ هُمْ بِتَمْرٍ، قَالَ: فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ وَيَقُولُ بِالنَّوٰى هٰكَذَا وَيَقْلِبُهُ، وَضَمَّ شُعْبَةُ اُصْبُعَيْهِ، ثُمَّ جَاءُوهُ بِشَرَابٍ فَشَرِبَ، ثُمَّ نَاوَلَ الَّذِي عَنْ يَمِينِهِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ، وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ میرے والد کے پاس سے گزرے آپ اس وقت سفید خچر پر سوار تھے۔ میرے والد نے اس کی لگام پکڑ لی، انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! آپ میرے ہاں قیام کریں' تو نبی اکرم ﷺ ان کے ہاں ٹھہر گئے راوی بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حیس لے کر آئے ان لوگوں نے اسے کھالیا پھر وہ کھجوریں لے کر آئے' تو نبی اکرم ﷺ کھجوریں کھانے لگے' اور اس کی گٹھلیوں کو یوں الٹنے لگے۔ یہاں شعبہ نامی راوی نے دو انگلیوں کو ملا کر یہ دکھایا' پھر ان کی خدمت میں مشروب پیش کیا گیا' تو نبی اکرم ﷺ نے اسے پی لیا پھر آپ نے اپنے دائیں طرف موجود شخص کی طرف اسے بڑھا دیا پھر آپ نے دعا کی۔

"اے اللہ! جو رزق' تو نے انہیں عطا کیا ہے اس میں ان کے لئے برکت رکھ دے ان کی مغفرت کردے اور ان پر رحم کر دے۔"

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ يَزِيدُ بْنُ خُمَيْرٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے اس روایت کو نقل کرنے میں یزید بن خمیر نامی راوی منفرد ہے

5299 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيدٍ السَّعْدِيُّ، اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، اَخْبَرَنَا

5298- إسناده صحيح على شرط مسلم وهو مكرر ما قبل ابن أبي عدي هو محمد بن إبراهيم. وأخرجه مسلم " 2042" في الأشربة :باب استحباب وضع النواه خارج الثمرة عن حمد بن بشار بهذا الإسناد.

عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ عَمْرٍو، وَسَمِعَهُ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث):قَالَ اَبِیْ لِاُمِّیْ: لَوْ صَنَعْتِ طَعَامًا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَنَعَتْ ثَرِيْدَةً، وَقَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا يُقَلِّلُهَا، فَانْطَلَقَ اَبِیْ فَدَعَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَضَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلٰى ذِرْوَتِهَا، ثُمَّ قَالَ: خُذُوْا بِاسْمِ اللّٰهِ فَاَخَذُوْا مِنْ نَوَاحِيْهَا، فَلَمَّا طَعِمُوْا، دَعَا لَهُمْ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ، وَبَارِكْ لَهُمْ فِيْ رِزْقِهِمْ

حضرت عبداللہ بن بسر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے والد نے میری والدہ سے کہا اگر تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کھانا تیار کرو (تو یہ مناسب ہوگا) اس خاتون نے ثرید تیار کیا۔ راوی نے اپنے ہاتھ کے ذریعے اشارہ کر کے بتایا: وہ تھوڑا سا تھا۔ میرے والد گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بلا کر لائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک برتن کے اوپر رکھا پھر آپ نے فرمایا: اللہ کا نام لے کر اسے حاصل کرو لوگوں نے اطراف سے اسے حاصل کرنا شروع کیا جب ان لوگوں نے کھانا کھالیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے دعا کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اے اللہ! ان کی مغفرت کر دے ان پر رحم کر اور ان کے رزق میں برکت عطا کر۔''

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ اِذَا دُعِيَ اِلٰى دَعْوَةٍ وَجَاءَ مَعَهُ بِغَيْرِهٖ اَنْ يَسْتَاْذِنَ صَاحِبَ الْبَيْتِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' جب اسے کسی دعوت پر بلایا جائے اور اس کے ساتھ کوئی دوسرا شخص بھی آجائے' تو وہ اس کے بارے میں صاحب خانہ سے اجازت لے

5300 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ،

5299– إسناده صحيح على شرط مسلم ,وهو مكرر ما قبله .عيسى بن يونس :هو ابن أبي إسحاق السبيعي ,وصفوان بن عمرو :هو ابن هرم السكسكي أبو عمرو الحمصي . وأخرجه الدارمي ,95-2/94والنسائي في الوليمة كما في "التحفة 4/294" من طريقين عن عيسى بن يونس ,بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/188عن أبي المغيرة ,عن صفوان بن أمية ,عن صفوان بن عمرو, به.

5300– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو خيثمة :هو زهير بن حرب ,وجرير :هو ابن عبد الحميد ,وأبو معاوية : هو محمد بن خازم الضرير. وأخرجه مسلم 2036في الأشربة :باب ما يفعل الضيف إذا تبعه غير من دعاه صاحب الطعام ,والبيهقي 7/265من طريقين عن زهير بن حرب ,عن أبي معاوية ,بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم ,2036والطبراني في"الكبير 17/530 "من طريقين عن جرير ,عن الأعمش ,به. وأخرجه مسلم ,2036والترمذي 1099في النكاح :باب ما جاء في من يجيء إلى الوليمة من غير دعوة ,والطبراني 17/531من طرق عن أبي معاوية ,عن الأعمش ,به. وأخرجه أحمد ,4/120والدارمي ,2/105-106 والبخاري 2081في البيوع :باب ما قيل في اللحام والجزار ,و 2456في المظالم :باب إذا أذن إنسان لآخر شيئا جاز ,و 5434 في الأطعمة :باب الرجل يدعى إلى طعام فيقول :وهذا معي ,و :5461باب الرجل يتكلف الطعام لإخوانه ,ومسلم ,2036 والطبراني 17/524و525و526و527و528و ,529والبيهقي 7/264-265من طرق عن الأعمش ,به .وانظر 5302.

وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ، عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ اَبُوْ شُعَيْبٍ، وَكَانَ لَهُ غُلَامٌ لَحَّامٌ، فَرَاٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَفَ فِیْ وَجْهِهِ الْجُوْعَ، فَقَالَ لِغُلَامِهٖ: اصْنَعْ لَنَا طَعَامًا لِخَمْسَةٍ، فَاِنِّیْ اُرِيْدُ اَنْ اَدْعُوَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَامِسَ خَمْسَةٍ، قَالَ: فَصَنَعَ ثُمَّ جَاءَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَامِسَ خَمْسَةٍ وَتَبِعَهُمْ رَجُلٌ، فَلَمَّا بَلَغَ الْبَابَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذَا تَبِعَنَا، فَاِنْ شِئْتَ اَنْ تَاْذَنَ لَهُ وَاِنْ شِئْتَ رَجَعَ قَالَ: بَلْ آذَنُ لَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص جس کا نام ابوشعیب تھا۔ اس کا ایک غلام تھا جو گوشت بنایا کرتا تھا۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' تو اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر بھوک محسوس ہوئی۔ اس نے اپنے غلام سے کہا تم ہمارے پانچ آدمیوں کے لئے کھانا تیار کرو میں یہ چاہتا ہوں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سمیت پانچ آدمیوں کی دعوت کروں۔ راوی کہتے ہیں: اس شخص نے کھانا تیار کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پانچ آدمیوں سمیت تشریف لائے۔ ایک اور شخص بھی آپ کے پیچھے آ گیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دروازے پر پہنچے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شخص ہمارے پیچھے آ گیا ہے اگر تم چاہو' تو تم اسے اجازت دو اور اگر چاہو' تو یہ واپس چلا جائے۔ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں اسے اجازت دیتا ہوں۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اِذَا دُعِیَ اِلٰی ضِيَافَةٍ اَنْ يَّسْتَدْعِیَ مِنَ الْمُضِيْفِ ذَهَابَ غَيْرِهٖ مَعَهٗ اِذَا عَلِمَ عَدَمَ كَرَاهِيَةِ الْمُضِيْفِ لِذٰلِكَ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' جب اسے کسی دعوت میں بلایا جائے'

تو وہ میزبان سے یہ گزارش کرے کہ وہ اپنے ساتھ کسی دوسرے کو بھی لے جائے جب کہ اسے اس بات کا پتہ ہو کہ میزبان اس چیز کو ناپسند نہیں کرے گا

5301 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا فَارِسِيًّا كَانَ جَارًا لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَتْ مَرَقَتُهٗ اَطْيَبَ شَیْءٍ رِيحًا، فَصَنَعَ طَعَامًا، ثُمَّ اَتَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَوْمَاَ اِلَيْهِ اَنْ تَعَالَ، وَعَائِشَةُ اِلٰی جَنْبِهٖ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهٰذِهٖ مَعِیْ وَاَشَارَ اِلٰی عَائِشَةَ، فَقَالَ: لَا، قَالَ: ثُمَّ اَشَارَ اِلَيْهِ، فَقَالَ: وَهٰذِهٖ مَعِیْ قَالَ: لَا، ثُمَّ

5301- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أبو يعلى 3354 عن عبد الرحمن بن سلام الجمحي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/123 و272، ومسلم 2037 في الأشربة: باب ما يفعل الضيف إذا تبعه غير من دعاه، والنسائي 6/158 في الطلاق: باب الطلاق بالإشارة المفهومة، من طرق عن حماد بن سلمة، به. وأخرجه الدارمي 2/105 من طريق سليمان بن المغيرة، عن ثابت، به.

اَشَارَ اِلَيْهِ الثَّالِثَةَ، فَقَالَ: وَهٰذِهِ مَعِي وَاَشَارَ اِلٰى عَائِشَةَ، قَالَ: نَعَمْ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک فارسی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پڑوسی تھا۔ اس کا شوربا انتہائی خوشبودار ہوتا تھا۔ اس نے کھانا تیار کیا پھر وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو اشارہ کیا کہ آپ تشریف لے آئیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ بھی میرے ساتھ آئے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف اشارہ کیا' تو اس نے جواب دیا: جی نہیں پھر اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اشارہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ میرے ساتھ ہے اس نے پھر عرض کی جی نہیں پھر اس نے تیسری مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اشارہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ میرے ساتھ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف اشارہ کیا تھا' تو اس نے کہا: ٹھیک ہے (یعنی یہ بھی تشریف لے آئیں)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَّسْتَعْمِلُ هٰذَا الْفِعْلَ بِعَائِشَةَ وَحْدَهَا دُوْنَ غَيْرِهَا مِنْ اُمَّتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ عمل صرف سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے لیے نہیں کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت میں سے کسی اور کے لیے یہ کیا ہی نہ ہو

5302 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ، عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): صَنَعَ رَجُلٌ طَعَامًا، فَبَعَثَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: ائْتِنِيْ اَنْتَ وَخَمْسَةٌ، قَالَ: فَبَعَثَ اِلَيْهِ: اَتَاْذَنُ لِيْ فِيْ سَادِسٍ

❀❀ حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے کھانا تیار کیا اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیغام بھجوایا اور عرض کی آپ سمیت پانچ آدمی میرے ہاں تشریف لے آئیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پیغام بھجوایا کیا تم میرے ساتھ چھٹے آدمی کو بھی شریک ہونے کی اجازت دو گے۔

5302- إسناده صحيح على شرط الشيخين .بندار :هو لقب محمد بن بشار ,وسليمان :هو امش ,وابن عدى :هو محمد بن إبراهيم .وقد تقدم مطولا برقم.5300 وأخرجه مسلم 2036في الأشربة :باب ما يفعل الضيف إذا الضيف إذا تبعه غير من دعاه صاحب الطعام ,والنسائى فى الوليمة كما فى "التحفة 7/331 "من طريقين عن شعبة ,بهذا الإسناد. وأخرجه النسائى عن أحمد بن عبد الله بن الحكم ,عن عثمان بن عمر بن فارس ,عن شعبة ,عن الحكم ,عن أبى وائل ,به .وقال بإثره :هذا خطأ ,والصواب الذى قبله.

ذِكْرُ تَخْيِيرِ الْمَدْعُوِّ اِلَى الدَّعْوَةِ بَعْدَ الْاِجَابَةِ بَيْنَ الْاَكْلِ وَالتَّرْكِ

دعوت میں بلائے جانے والے کو اس بات کے اختیار ہونے کا تذکرہ' وہ دعوت میں آنے کے بعد کھائے یا نہ کھائے

5303 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا دُعِىَ اَحَدُكُمْ فَلْيُجِبْ، فَاِنْ شَاءَ اَكَلَ وَاِنْ شَاءَ تَرَكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب کسی شخص کو دعوت میں بلایا جائے' تو اسے دعوت کو قبول کرنا چاہئے اگر وہ چاہے تو کھائے اور اگر چاہے' تو نہ کھائے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِاِجَابَةِ الدَّعْوَةِ اِذَا دُعِىَ الْمَرْءُ اِلَيْهَا اَمْرُ حَتْمٍ لَا نَدْبٍ

اس بات کے بیان کرنے کا تذکرہ' دعوت کو قبول کرنے کا حکم لازمی طور پر نہیں ہے بلکہ استحباب کے طور پر ہے' جب آدمی کو اس میں بلایا گیا ہو

5304 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِىِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِىِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

5303- إسناده صحيح على شرط مسلم رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير فمن رجال مسلم ,وقد صرح هو وابن جريج بالتحديث عند الطحاوى ,فانتفت شبهه تدليسها أبو عاصم هو الضحاك بن مخلد النبيل . وأخرجه مسلم 1430في النكاح: باب الأمر بإجابة الداعي إلى الدعوة وابن ماجه 1751في الصيام باب من دعي إلى طعام وهو صائم ,والطحاوى في "مشكل الآثار" 4/148من طرق عن أبي عاصم بهذا الإسناد . وأخرجه احمد 3/392ومسلم 1430وأبو داورد 3740في الأطعمة :باب ما جاء في أجابه الدعوة والطحاوى في "المشكل 4/148 "والبغوى 2316من طرق عن سفيان عن أبي الزبير ,به.

5304- حديث صحيح ابن أبي السرى متابع ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين وهو في مصنف عبد الرزاق 19662 ومن طريق عبد الرزاق أخرجه احمد 2/267ومسلم 1432109في النكاح :باب الأمر بإجابة الداعي إلى دعوة والبيهقي .7/263 وأخرجه مالك 2/546في النكاح :باب ما جاء في الوليمة وسعيد بن منصور 24والحميدى 1171واحمد 2/241والدرامي 2/105والبخارى 5177في النكاح :باب من ترك الدعوة فقد عصى الله ورسوله ومسلم 1432وأبو داود 3742في الأطعمة: باب ما جاء في الدعوة وابن ماجه 1931في النكاح :بابأجابه الداعيوالطحاوى في "مشكل الآثار 4/143 "والبيهقي 7/261 والبغوى 2315من طرق عن الزهرى ,عن الأعرج ,به موقوفا.

(متن حدیث): شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيمَةِ، يُدْعَى اِلَيْهَا الْاَغْنِيَاءُ وَيُتْرَكُ الْمَسَاكِينُ، وَمَنْ لَمْ يُجِبِ الدَّعْوَةَ، فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُولَهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَالَ لَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا قَصَّرْتُ بِهِ، لِاَنَّ اَصْحَابَ الزُّهْرِيِّ كُلَّهُمْ كَذَا قَالُوْا مَوْقُوفًا وَالْمُسْنَدُ هُوَ اٰخِرُ الْحَدِيْثِ: وَمَنْ لَمْ يُجِبِ الدَّعْوَةَ

ﷺﷺ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں سب سے برا کھانا ولیمے کا ہوتا ہے جس میں خوشحال لوگوں کو بلا لیا جاتا ہے اور غریبوں کو چھوڑ دیا جاتا ہے اور جو شخص دعوت قبول نہیں کرتا وہ اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابن قتیبہ نے ہمیں یہ بات بیان کی کہ یہ روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔ میں نے اس کو مختصر طور پر ذکر کر دیا ہے کیونکہ زہری کے تمام شاگردوں نے اس روایت کو اسی طرح موقوف روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔ مسند روایت دوسری ہے۔ ''جو شخص دعوت قبول نہیں کرتا۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

5305 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينٍ، بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطُّفَاوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوبُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): قَالَ: شَرُّ الطَّعَامِ طَعَامُ الْوَلِيمَةِ، يُدْعَى الْاَغْنِيَاءُ وَيُتْرَكُ الْفُقَرَاءُ، وَمَنْ لَمْ يُجِبِ الدَّعْوَةَ، فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُولَهُ

ﷺﷺ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سب سے برا کھانا ولیمے کا کھانا ہے جس میں خوشحال لوگوں کو دعوت دی جاتی ہے اور غریبوں کو چھوڑ دیا جاتا ہے جو شخص دعوت قبول نہیں کرتا وہ اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُفَسِّرِ لِلْاَلْفَاظِ الْمُجْمَلَةِ الَّتِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

ان مجمل الفاظ کی وضاحت کرنے والی روایت کا تذکرہ جو (مجمل الفاظ) ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

5305- إسناده قوى ,رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الرحمن الطفاوى فمن رجال البخارى ,وفيه كلام ينزله عن رتبه الصحة ,وهو مكرر ما قبله. وأخرجه احمد 2/405 406عن النعمان بن راشد ,عن الزهرى ,بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسى 2303عن زمعة ,عن الزهرى ,عن سعيد أو غيره ,به. قال النووى فى "شرح مسلم :9/237 "معنى هذا الحديث : الإخبار بما يقع من الناس بعده صلى الله عليه وسلم من مراعاة الأغنياء فى الولائم ونحوها ,وتخصيصهم بالدعوة ,وإيثارهم بطيب الطعام ,ورفع مجالسهم وتقديمهم ,وغير ذلك مما هو الغالب فى الولائم ,والله المستعان.

5306 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا دُعِيَ اَحَدُكُمْ فَلْيُجِبْ، فَاِنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيُصَلِّ، وَاِنْ كَانَ مُفْطِرًا فَلْيَطْعَمْ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنْ كَانَ صَائِمًا فَلْيُصَلِّ يُرِيْدُ بِهِ: فَلْيَدْعُ، لِاَنَّ الصَّلَاةَ دُعَاءٌ، قَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِصَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، (خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ اِنَّ صَلَاتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ) (التوبة: 103) اَرَادَ بِهِ، وَادْعُ لَهُمْ فَاَمَّا الْمُجْمَلُ مِنَ الْاَخْبَارِ فَهُوَ الْخَبَرُ الَّذِىْ يَرْوِيهِ صَحَابِيٌّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَفْظَةٍ مُسْتَقِلَّةٍ يَتَهَيَّاُ اسْتِعْمَالُهَا عَلٰى عُمُوْمِ الْخِطَابِ.

وَالْمُفَسَّرُ هُوَ رِوَايَةُ صَحَابِيٍّ اٰخَرَ ذٰلِكَ الْخَبَرَ بِعَيْنِهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِزِيَادَةِ بَيَانٍ لَيْسَ فِىْ خَبَرِ ذٰلِكَ الصَّحَابِيِّ الْاَوَّلِ ذٰلِكَ الْبَيَانُ حَتّٰى لَا يَتَهَيَّاَ اسْتِعْمَالُ تِلْكَ اللَّفْظَةِ الْمُجْمَلَةِ الَّتِىْ هِيَ مُسْتَقِلَّةٌ بِنَفْسِهَا اِلَّا بِاسْتِعْمَالِ هٰذِهِ الزِّيَادَةِ الَّتِىْ هِيَ الْبَيَانُ لِتِلْكَ اللَّفْظَةِ الَّتِىْ لَيْسَتْ فِىْ خَبَرِ ذٰلِكَ الصَّحَابِيِّ، قَدْ ذَكَرْنَا كُلَّ خَبَرٍ مُجْمَلٍ وَمُفَسَّرٍ لَهُ فِى السُّنَنِ فِىْ كِتَابِ: فُصُوْلِ السُّنَنِ، فَاَغْنٰى ذٰلِكَ عَنِ الْاِسْتِقْصَاءِ فِىْ هٰذَا النَّوْعِ مِنْ هٰذَا الْكِتَابِ، لِاَنَّ فِيْمَا اَوْمَاْنَا اِلَيْهِ مِنْهُ غُنْيَةً لِمَنْ وَفَّقَهُ اللّٰهُ وَتَدَبَّرَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب کسی شخص کو دعوت میں بلایا جائے' تو اسے قبول کرنا چاہئے اور اگر وہ روزہ دار ہو' تو دعائے رحمت کر دے اور اگر روزہ دار نہ ہو' تو کھانا کھا لے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اگر وہ روزہ دار ہو' تو دعائے رحمت کر دے۔'' اس کے ذریعے مراد یہ ہے: وہ دعا کر دے کیونکہ الصلوٰۃ کا مطلب دعا ہے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب سے یہ فرمایا ہے۔

''تم ان کے اموال میں سے صدقہ وصول کر کے انہیں پاک کر دو اور ان کا تزکیہ اس کے ذریعے کر دو اور ان کے لئے دعائے رحمت کرو بیشک تمہاری دعا ان کے لئے سکون کا باعث ہے۔''

تو اس کے ذریعے مراد یہی ہے' تم ان کے لئے دعا کر دو۔

جہاں تک مجمل روایت کا تعلق ہے' تو یہ وہ روایت ہے' جو ایک صحابی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے مستقل لفظ کے طور پر نقل کی ہے' جس میں روایت کے الفاظ عمومی ہیں البتہ وضاحتی روایت وہ ہے' جو دوسرے صحابی نے انہی الفاظ کے ساتھ

5306- إسناده صحيح على شرط الشيخين. هشام: أبو حسان. وأخرجه مسلم 1431 في النكاح: باب الأمر بإجابة الداعي إلى دعوة، عن أبي بكر بن أبي شيبه، بهذا الإسناد. وأخرجه احمد 2/279 و507، وأبو داود 2640 في الصوم: باب في الصائم يدعى إلى وليمه، والترمذي 780 في الصوم: باب ما جاء في إجابة الصائم الدعوة، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة 10/350" والطحاوي في "مشكل الآثار 4/148"، 149، والبيهقي 7/263، والبغوي 1816، والخطيب في "تاريخه" من طرق هشام، به.

5516 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِى شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِى بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ مُسْلِمٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّ جَارِيَةً مِنَ الْاَنْصَارِ تَزَوَّجَتْ وَاَنَّهَا مَرِضَتْ، فَتَمَرَّطَ شَعْرُهَا، فَاَرَادُوْا اَنْ يَصِلُوْهَا، فَسَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ، فَلَعَنَ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انصار سے تعلق رکھنے والی ایک لڑکی کی شادی ہوئی۔ وہ بیمار ہوئی تو اس کے بال جھڑ گئے۔ ان لوگوں نے اسے نقلی بال لگانے کا ارادہ کیا۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے اس بارے میں دریافت کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے نقلی بال لگانے والی اور لگوانے والی پر لعنت کی۔

5516- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو مكرر (5514)). وأخرجه ابن أبى شيبة 8/489، وعنه مسلم (2123)) في اللباس :باب تحريم فعل الواصلة والمستوصلة، عن يحيى بن أبى بكير، بهذا الإسناد.

بَابُ آدَابِ النَّوْمِ

باب! سونے کے آداب

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِتَرْكِ الْاِنْتِشَارِ لِلْمَرْءِ اِذَا هَدَاَتِ الرِّجْلُ

آدمی کو اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ' جب لوگ سو جائیں' تو وہ گھر سے باہر نہ نکلیں

5517 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى عَبْدَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُقَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ كِلَابٍ اَوْ نُهَاقَ حُمُرٍ بِاللَّيْلِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰهِ، فَاِنَّهُمْ يَرَوْنَ مَا لَا تَرَوْنَ، وَاَقِلُّوا الْخُرُوْجَ اِذَا هَدَاَتِ الرِّجْلُ، فَاِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا يَبُثُّ مِنْ خَلْقِهِ فِيْ لَيْلِهٖ مَا شَاءَ، وَاَجِيْفُوا الْاَبْوَابَ، وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا اُجِيْفَ، وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَغَطُّوا الْجِرَارَ، وَاَكْفِئُوا الْاٰنِيَةَ، وَاَوْكُوا الْقِرَبَ

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب تم رات کے وقت کتے کے بھونکنے یا گدھے کے رینکنے کی آواز سنو' تو اللہ کی پناہ مانگو کیونکہ وہ اس چیز کو دیکھتے ہیں' جسے تم نہیں دیکھتے اور جب لوگ سو جائیں' تو تم گھر سے باہر کم نکلا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ رات کے وقت اپنی مخلوق میں سے جسے چاہتا ہے پھیلا دیتا ہے تم دروازے بند کرو اور ان پر اللہ کا نام لے لو کیونکہ شیطان ایسا دروازہ نہیں کھولتا جسے بند کر دیا گیا ہو اور اس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اور تم گھڑوں کو ڈھانپ دیا کرو اور برتنوں کو ڈھانپ دیا کرو اور مشکیزوں کے منہ بند کر لیا کرو۔''

5517- إسناده قوى، محمد بن عثمان العقيلي روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات 9/98 "، وقال الحافظ في " التقريب :"صدوق، ومن فوقه من رجال الشيخين غير ابن إسحاق، فقد روى له أهل السنن، وقرنه مسلم بغيره، وقد صرح بالتحديث في الإسناد الآتي، فانتفت شبهة تدليسه .عبد الأعلى :هو ابن عبد الأعلى البصرى السامي، ومحمد بن إبراهيم :هو ابن الحارث التيمي .وأخرجه مطولاً ومختصراً أحمد 3/306، والبغوى في "الأدب المفرد 1234) ") ، وأبو داود 5103)) في الأدب :باب ما جاء في الديك والبهائم، والحاكم 284-4/283، والبغوى 3060)) من طرق عن محمد بن إسحاق، بهذا الإسناد . وصحَّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ ووافقه الذهبي. وأخرجه مختصراً أحمد 356-3/355، وأبو داود 5104)) والبخارى في " الأدب المفرد 1233) ") و 1235)) من طريقين عن أبى داود، به .وانظر الأحاديث من 1272)) إلى 1277)).

5518 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَوَارِیرِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَزِیدُ بْنُ زُرَیْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِیمَ، نَحْوَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلٰى اَهْلِ الْبَيْتِ بَيْتَهُمْ بِاَمْرِ الشَّيْطَانِ اِيَّاهَا ذٰلِكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' چوہا بعض اوقات گھر والوں سمیت گھر کو آگ لگا دیتا ہے کیونکہ شیطان نے اس کو اس بات کا حکم دیا ہوتا ہے

5519 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ آدَمَ الْجُرْجَانِیُّ غُنْدَرٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَمَّادِ بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَسْبَاطٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ تْ فَارَةٌ، فَاَخَذَتْ تَجُرُّ الْفَتِيلَةَ، فَذَهَبَتِ الْجَارِيَةُ تَزْجُرُهَا، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعِيهَا قَالَ: فَجَاءَ تْ بِهَا فَاَلْقَتْهَا بَيْنَ يَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْخُمْرَةِ الَّتِیْ كَانَ عَلَيْهَا قَاعِدًا، فَاَحْرَقَتْ مِنْهَا مِثْلَ مَوْضِعِ دِرْهَمٍ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا نِمْتُمْ فَاَطْفِئُوا سُرُجَكُمْ، فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَدُلُّ مِثْلَ هٰذِهِ عَلٰى هٰذَا فَتُحْرِقُكُمْ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک چوہیا آئی۔ اس نے (چراغ کی) بتی کو کھینچنا شروع کیا۔ ایک کنیز اسے بھگانے کی کوشش کرنے لگی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے کرنے دو وہ چوہیا اس بتی کو لے کر آئی اور اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے چٹائی پر رکھ دیا جس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے۔ اس کے ذریعے اس چٹائی کا ایک درہم جتنا حصہ جل گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم سونے لگو' تو چراغوں کو بجھا دو کیونکہ شیطان اس طرح کے (جانوروں کی) رہنمائی اس طرح کے کاموں پر کرتا ہے' تو وہ تمہیں جلا دیتے ہیں۔

5518– إسناده قوى رجاله رجال الشيخين غير محمد بن إسحاق، وهو صدوق، وهو مكرر ما قبله .القواريرى :هو عبيد الله بن عمر .وهو فى "مسند أبى يعلى (2327) "). وأخرجه أبو يعلى أيضاً (2221)) عن أبى خيثمة، عن يزيد بن زريع بهذا الإسناد.

5519– حديث صحيح لغيره، وإسناده ضعيف، أسباط :هو ابن نصر الهمدانى، روى له البخارى تعليقاً، واحتج به الباقون، وقد ضُعّف، وأنكر أبو زرعة على الإمام مسلم إخراج حديث أسباط، وقال الساجى :روى أحاديث لا يتابع عليها عن سماك بن حرب .قلت :رواية سماك عن عكرمة فيها اضطراب . وأخرجه البخارى فى "الأدب المفرد (1222) ") ، وأبو داود (5247)) فى الأدب :باب فى إطفاء النار بالليل، والحاكم 4/284-285من طرق عن عمرو بن حماد بهذا الإسناد وصحّح الحاكم إسناده ووافقه الذهبى ! وفى الباب عن جابر رفعه "خمروا الآنية، وأجيفوا الأبواب، وأطفئوا المصابيح، فإن الفويسقة ربما جرّت الفتيلة، فأحرقت أهل البيت "أخرجه البخارى (6295)) ، ومسلم (2012)).

ذِكْرُ اِطْلَاقِ اسْمِ الْعَدُوِّ عَلَى النَّارِ لِلْعِلَّةِ الَّتِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا

آگ پر لفظ ''دشمن'' کے اطلاق کا تذکرہ اس علت کی وجہ سے جسے ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

5520 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ بُرَيْدٍ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، قَالَ:

(متن حدیث): اِحْتَرَقَ بَيْتٌ بِالْمَدِيْنَةِ عَلٰى اَهْلِهٖ مِنَ اللَّيْلِ، فَلَمَّا حُدِّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَأْنِهِمْ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذِهِ النَّارَ اِنَّمَا هِيَ عَدُوٌّ لَّكُمْ، فَاِذَا نِمْتُمْ فَاَطْفِئُوْهَا عَنْكُمْ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مدینہ منورہ میں رات کے وقت ایک گھر اپنے گھر والوں سمیت جل گیا۔ جب ان کے معاملے کا ذکر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: یہ آگ تمہاری دشمن ہے' جب تم سونے لگو' تو اسے بجھا دیا کرو۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ مِنْ اِزَالَةِ الْغَمَرِ مِنْ يَدِهٖ عِنْدَ اِرَادَتِهِ النَّوْمَ بِاللَّيْلِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ رات کو سوتے وقت اپنے ہاتھ سے بو کو زائل کر دے

5521 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ بَاتَ وَفِيْ يَدِهٖ غَمَرٌ، فَعَرَضَ لَهٗ عَارِضٌ، فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ

5520- إسناده صحيح على شرط الشيخين أبو كريب :هو محمد بن العلاء بن كريب، وأبو أسامة :هو حماد بن أسامة، وبريد :هو ابن عبد الله بن أبي بردة بن أبي موسى الأشعري .وهو في "مسند أبي يعلى "ورقة 340/2. وأخرجه مسلم 2016)) في الأشربة :باب الأمر بتغطية الإناء وإيكاء السقاء ، عن أبي كريب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد وابنه عبد الله في "المسند " 4/399، والبخاري 6294)) في الاستئذان :باب لا تترك النار في البيت عند النوم، ومسلم 2016)) ، وابن ماجة 3770)) في الأدب :باب إطفاء النار عند المبيت، من طرق عن أبي أسامة، به.

5521-إسناده صحيح .خالد بن عبد الله :هو الواسطي . وأخرجه الدارمي 2/104عن عمرو بن عون، عن خالد بن عبد الله، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/263و537، والبغوي في "الجعديات 2768) ") ، والبخاري في "الأدب المفرد " 1220)) ، وأبو داود 3852)) في الأطعمة :باب في غسل اليد من الطعام، وابن ماجة 3297)) في الأطعمة :باب من بات وفي يده ريح غمر، والبيهقي 7/276، والبغوي 2878)) من طرق عن سهيل بن أبي صالح، به .وقال الحافظ في "الفتح :11/512" وسنده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه الترمذي 1860)) في الأطعمة :باب ما جاء في كراهة البيتوتة وفي يده ريح غمر؛ والحاكم 4/137من طريق محمد بن إسحاق الصغاني، عن محمد بن جعفر المدائني، عن منصور بن أبي الأسود عن الأعمش، عن أبي صالح، به.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جو شخص سونے لگے' اور اس کے ہاتھ میں کسی چیز کی بو ہو اور پھر اسے کوئی نقصان لاحق ہو' تو وہ اسے اپنے آپ کو ملامت کرے۔''

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْمَرْءُ إِذَا اَوٰى اِلٰى مَضْجَعِهِ يُرِيْدُ النَّوْمَ

اس بات کا تذکرہ' آدمی جب اپنے بستر پر سونے کے لیے جائے' تو کیا پڑھے

5522 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبِ الْبَلْخِيُّ قَالَ، حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ اَبِيْ مُزَاحِمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهُ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى تَحْتَ خَدِّهِ الْاَيْمَنِ، ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بستر پر لیٹتے تھے' تو آپ اپنا دایاں دست مبارک اپنے دائیں رخسار مبارک کے نیچے رکھتے تھے اور یہ پڑھتے تھے:

''اے اللہ' تو اس دن مجھے اپنے عذاب سے بچانا جب' تو اپنے بندوں کو زندہ کرے گا۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ لَمْ يَسْمَعْهُ اَبُوْ اِسْحَاقَ عَنِ الْبَرَاءِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے'

5522- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير منصور بن أبي مزاحم، فمن رجال مسلم .أبو الأحوص :هو سلام بن سليم الحنفي، وأبو إسحاق .هو السبيعي الهمداني، وأخرج البخاري ومسلم لأبي أسحاق من رواية أبي الأحوص، انظر البخاري 7488)) ومسلماً 30))49) . وأخرجه الطيالسي 709)) عن شعبة، وابن أبي شيبة 9/76عن زكريا، وأحمد 4/290و 298و301، والبخاري في "الأدب المفرد 1215) " عن سفيان وإسرائيل، والنسائي في "عمل اليوم والليلة 752) " و 753)) عن زهير وسفيان، كلهم عن أبي إسحاق، بهذا الإسناد .وصححه الحافظ في "الفتح .11/115 " وأخرجه أحمد 4/300و301، والترمذي في "الشمائل 252) " ، والنسائي 755)) ، والبغوي 1310)) من طرق عن إسرائيل، عن أبي إسحاق السبيعي، عن عبد الله بن يزيد، عن البراء .وأخرجه الترمذي 3399)) في الدعوات :باب رقم 18)) من طريقين عن إسحاق بن منصور السلولي، عن إبراهيم بن يوسف بن أبي إسحاق، عن أبيه، عن أبي إسحاق، عن أبي بردة بن أبي موسى الأشعري، عن البراء .وقال :هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه.وأخرجه النسائي 757)) من طريق إبراهيم بن طهمان، عن أبي إسحاق عن أبي عبيدة بن أبي موسى الأشعري، عن البراء .وأخرجه أحمد 4/281، والترمذي في "الشمائل 252") ، والنسائي 754)) ، وأبو يعلى 1711)) من طرق عن أبي إسحاق، عن أبي عبيدة ورجل آخر عن البراء .

یہ روایت ابواسحاق نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے

5523 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يُونُسُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ اَبِيْ وَحَدَّثَنِي الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ كَانَ اِذَا اضْطَجَعَ لِيَنَامَ وَضَعَ يَدَهُ الْيُمْنٰى تَحْتَ خَدِّهِ الْاَيْمَنِ، وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ

❁❁ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نقل کرتے ہیں: جب آپ سونے کے لئے لیٹتے تھے' تو آپ اپنا دایاں دست مبارک اپنے دائیں رخسار مبارک کے نیچے رکھتے تھے اور یہ دعا پڑھتے تھے:

''اے اللہ! تو اس دن مجھے اپنے عذاب سے بچانا جس دن' تو اپنے بندوں کو زندہ کرے گا''۔

ذِكْرُ مَا يَقُوْلُ الْمَرْءُ اِذَا اَتٰى مَضْجَعَهُ مِنَ التَّسْبِيْحِ وَالتَّكْبِيْرِ وَالتَّحْمِيْدِ

اس بات کا تذکرہ' آدمی جب اپنے بستر پر آئے' تو وہ تسبیح' تکبیر اور تحمید میں سے کیا پڑھے

5524 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيْدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرَّمَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ بُكَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ،

(متن حدیث): اَنَّ فَاطِمَةَ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشْكُوْ اِلَيْهِ اَثَرَ الرَّحٰى، وَبَلَغَهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِسَبْيٍ، فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهُ خَادِمًا، فَلَمْ تَلْقَهُ وَلَقِيَتْ عَائِشَةَ، فَحَدَّثَتْهَا الْحَدِيْثَ، فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ بِذٰلِكَ، فَاَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا، فَذَهَبْنَا لِنَقُوْمَ، فَقَالَ: مَكَانَكُمَا وَقَعَدَ بَيْنَنَا حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ قَدَمِهِ عَلٰى صَدْرِيْ، فَقَالَ: اَدُلُّكُمَا عَلٰى خَيْرٍ مِمَّا سَاَلْتُمَانِيْ، تُكَبِّرَانِ اَرْبَعًا وَثَلَاثِيْنَ، وَتُسَبِّحَانِ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَتَحْمَدَانِ ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ اِذَا اَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا، فَاِنَّهُ خَيْرٌ لَكُمَا مِنْ خَادِمٍ

❁❁ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر

5523- إسناده صحيح على شرط مسلم .وهو مكرر ما قبله، وهو في "مسند أبي يعلى 1682) ".

5524- إسناد صحيح، الرمادي :هو إبراهيم بن بشار، روى له أبو داود والترمذي، وهو حافظ وقد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين .الحكم :هو ابن عتيبة.وأخرجه أحمد 1/96، والبخاري 3113)) في فرض الخمس :باب الدليل على أن الخمس لنوائب رسول الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ والمساكين، و 5361)) في النفقات باب عمل المرأة في بيت زوجها، و 6318)) في الدعوات :باب التكبير والتسبيح عند المنام، ومسلم 2727)) في الذكر والدعاء :باب التسبيح أول النهار وعند النوم، وأبو داود 5062)) في الأدب :باب في التسبيح عند النوم، والبغوي 1322)) من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه بأطول مما هنا ابن السني في "عمل اليوم والليلة 744) " من طريق زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عتيبة، به.

ہوئیں تاکہ چکی پیسنے کی وجہ سے ہونے والی مشقت کی شکایت آپ سے کریں۔ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اس بات کا پتہ چلا تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ قیدی آئے ہیں' تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے خادم مانگنے کے لئے تشریف لائی تھیں۔ ان کی ملاقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ہوئی۔ ان کی ملاقات سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہوئی۔ انہوں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو ساری بات بتادی۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات بتادی۔ (حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (رات کے وقت) اس وقت ہمارے پاس تشریف لائے جب ہم اپنے بستر میں لیٹ چکے تھے ہم اٹھنے لگے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ اپنی جگہ پر رہو۔ آپ ہمارے درمیان بیٹھ گئے' یہاں تک کہ میں نے آپ کے قدم مبارک کی ٹھنڈک اپنے سینے پر محسوس کی۔ آپ نے ارشاد فرمایا: تم دونوں نے مجھ سے جو چیز مانگی ہے کیا میں اس سے زیادہ بہتر چیز کی طرف تمہاری رہنمائی نہ کروں۔ تم **34** مرتبہ اللہ اکبر **33** مرتبہ سبحان اللہ اور **33** مرتبہ الحمد للہ اس وقت پڑھ لیا کرو جب تم اپنے بستر پر لیٹو' یہ تم دونوں کے لئے خادم (کے ملنے) سے زیادہ بہتر ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِقِرَاءَةِ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّاْخُذَ مَضْجَعَهُ

جو شخص اپنے بستر پر آئے اسے سورۃ کافرون کی تلاوت کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

5525 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، بِحَرَّانَ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ الْاَشْجَعِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، عَلِّمْنِيْ شَيْئًا اَقُوْلُهُ اِذَا اَوَيْتُ اِلٰى فِرَاشِي، قَالَ: اقْرَاْ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ

❁❁ فروہ بن نوفل اشجعی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ مجھے کسی ایسی چیز کی تعلیم دیجئے جسے میں اس وقت پڑھ لیا کروں جب میں اپنے بستر پر (سونے کے لئے) آتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سورہ الکافرون پڑھ لیا کرو۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ بِهٰذَا الْفِعْلِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے یہ فعل کرنے کا حکم دیا گیا ہے

5526 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الصُّوْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ اَبِيْهِ،

5525- حديث صحيح، رجاله ثقات .أبو عبد الرحيم :اسمه خالد بن يزيد، ويقال :ابن أبي يزيد الحراني .وقد تقدم برقم (790)) ، وانظر ما بعده.

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَلْ لَكَ فِيْ رَبِيبَةٍ لَنَا، فَتَكْفُلُهَا زَيْنَبُ؟ قَالَ: ثُمَّ جَاءَ فَسَاَلَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تَرَكْتُهَا عِنْدَ اُمِّهَا، قَالَ: فَمَجِيءٌ مَا جَاءَ بِكَ؟ قَالَ: جِئْتُ لِتُعَلِّمَنِيْ شَيْئًا اَقُوْلُهُ عِنْدَ مَنَامِي، قَالَ: اقْرَاْ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ، ثُمَّ نَمْ عَلٰى خَاتِمَتِهَا، فَاِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِّنَ الشِّرْكِ

فروہ بن نوفل اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تمہیں ہماری سوتیلی صاحب زادی (کی تعلیم و تربیت) میں دلچسپی ہے تاکہ زینب اس کی کفالت کرے۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان سے (اس بچی کے بارے میں) دریافت کیا تو انہوں نے عرض کی: میں اسے اس کی ماں کے پاس چھوڑ کر آیا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا پھر تم کس کام سے آئے ہو۔ انہوں نے عرض کی: میں اس لئے آیا ہوں تاکہ آپ مجھے کسی ایسی چیز کی تعلیم دیجئے جسے میں سوتے وقت پڑھ لیا کروں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم سورت الکافرون کی تلاوت کیا کرو اور ان اختتامی کلمات کے ہمراہ سوجایا کرو یہ سورت شرک سے بری ذمہ ہونے کا اظہار ہے۔

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِيْ اِذَا قَالَهُ الْمَرْءُ عِنْدَ الرُّقَادِ، ثُمَّ اَدْرَكَتْهُ الْمَنِيَّةُ مَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ

اس چیز کا تذکرہ جب آدمی سوتے وقت اسے پڑھ لے اور پھر اسی رات اسے موت آجائے تو وہ فطرت پر مرے گا

5527 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ،

5526- إسناد صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح، وقد أخرج البخاري ومسلم لزهير بن معاوية من روايته عن أبي إسحاق. وهو في "مسند علي بن الجعد "رقم 2654)) ، ونوفل :هو ابن فروة الأشجعي، يكنى أبا فروة، وليس له في الكتب الستة غير هذا الحديث، وقد تقدم مع تخريجه برقم 791)) ، ونزيد هنا :أخرجه الدارمي 2/459، وابن أبي شيبة 9/74 و10/249 عن أبي نعيم الفضل بن دكين، حدثنا زهير، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي في "اليوم والليلة 802) ")

5527- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الوليد :هو الطيالسي هشام ابن عبد الملك، ومحمد بن كثير :هو العبدي، وأبو إسحاق :هو عمرو ابن عبد الله السبيعي، وسماع شعبة منه قديم .وأخرجه الدارمي 2/288 عن أبي الوليد الطيالسي، عن شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/285 و300، والبخاري 6313)) في الدعوات :باب ما يقول إذا نام، ومسلم 2711)) في الذكر والدعاء :باب ما يقول عند النوم وأخذ المضجع، والنسائي في "عمل اليوم والليلة 775) " ، وأبو يعلى 1721)) من طرق عن شعبة، به .وأخرجه عبد الرزاق 19829)) ، والطيالسي 708)) ، والحميدي 723)) ، وابن أبي شيبة 9/71 و75 و 10/245 و246، وأحمد 4/299 و302 -301، والبخاري 7488)) في التوحيد :باب قول الله تعالى (أنزله بعلمه والملائكة يشهدون) ، ومسلم 2710))58) ، والترمذي 3394)) في الدعوات :باب ما جاء في الدعاء إذا أوى إلى فراشه، والنسائي في "اليوم والليلة 773) " و 774)) و 776)) و 777)) و 778)) و 779)) ، وابن ماجة 3876)) في الدعاء :باب ما يدعو به إذا أوى إلى فراشه، وأبو يعلى 1668)) ، والبغوي 1317)) من طرق عن أبي إسحاق، به .وأخرج البخاري 6315)) في الدعوات . باب النوم على الشق الأيمن، وفي "الأدب المفرد 1211) " و 1213)) ، ومن طريقه البغوي 1316)) من طريقين عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ البراء بن عازب قَالَ :كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إذا أوى إلى فراشه، قال ...وذكره .وانظر 5536)) و 5542)).

قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث):اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ رَجُلًا اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهُ، وَقَالَ ابْنُ كَثِيْرٍ: اَوْصَى رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ اِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ اِلَيْكَ، وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِيْ اِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ اِلَيْكَ، رَغْبَةً وَّرَهْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ، وَنَبِيِّكَ الَّذِيْ اَرْسَلْتَ، فَاِنْ مَاتَ مَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ

❁❁ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو حکم دیا کہ جب وہ بستر پر جائے۔ یہاں ابن کثیر نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ تلقین کی کہ وہ یہ پڑھے۔

''اے اللہ! میں اپنا آپ تیرے سپرد کرتا ہوں میں نے اپنا رخ تیری طرف کیا میں نے اپنی پشت کو تیرے سہارے کر دیا۔ میں نے اپنا معاملہ تیرے سپرد کر دیا۔ تیری طرف رغبت رکھتے ہوئے بھی اور تیری (بے نیازی سے) ڈرتے ہوئے بھی تیرے علاوہ اور کوئی پناہ گاہ اور نجات کی جگہ نہیں ہے۔ تیرے مقابلے میں صرف تیری طرف رجوع کیا جا سکتا ہے۔ میں تیری اس کتاب پہ ایمان لایا جسے تو نے نازل کیا اور تیرے اس نبی پر ایمان لایا جسے تو نے مبعوث کیا ہے۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کلمات کو پڑھنے والا شخص اگر اسی رات میں) فوت ہو جاتا ہے تو وہ فطرت (یعنی دین اسلام) پر مرے گا۔''

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِيْ يَغْفِرُ اللّٰهُ ذُنُوْبَ قَائِلِهٖ اِذَا اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ

اس چیز کا تذکرہ جسے بستر پر جاتے وقت پڑھنے والے کے گناہوں کی اللہ تعالیٰ مغفرت کر دے گا

5528 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ الْاَهْوَازِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الْكُوْفِيُّ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَاهُ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):مَنْ قَالَ حِيْنَ يَاْوِيْ اِلٰى فِرَاشِهٖ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، غَفَرَ اللّٰهُ ذُنُوْبَهٗ اَوْ خَطَايَاهُ - شَكَّ مِسْعَرٌ - وَاِنْ كَانَ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ بادشاہی اسی کے لئے مخصوص ہے حمد اسی کے لئے مخصوص ہے اور وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا۔ اللہ کی ذات عیب سے پاک ہے ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے

اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔"

تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہوں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اس کی خطاؤں کی مغفرت کر دیتا ہے یہ شک مسعر نامی راوی کو ہے (آگے روایت میں یہ الفاظ ہیں) "خواہ وہ سمندر کی جھاگ جتنے ہوں۔"

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِيْ إِذَا قَالَهُ الْمَرْءُ عِنْدَ الرُّقَادِ يَكُوْنُ خَيْرًا لَهُ مِنْ خَادِمٍ يَخْدُمُهُ

اس چیز کا تذکرہ جسے آدمی سوتے وقت پڑھ لے تو یہ اس کے لیے ایسے خادم سے زیادہ بہتر ہے جو اس کی خدمت کرے

5529 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى، عَنْ عَلِيٍّ،

(متن حدیث): اَنَّ فَاطِمَةَ، اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْتَخْدِمُهُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا اَدُلُّكِ اَوْ اُعَلِّمُكِ مَا هُوَ خَيْرٌ لَكِ مِنْ ذٰلِكَ، اِذَا اَوَيْتِ اِلٰى فِرَاشِكِ فَسَبِّحِي وَكَبِّرِي وَهَلِّلِي ثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَثَلَاثًا وَثَلَاثِيْنَ، وَاَرْبَعًا وَثَلَاثِيْنَ قَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فَلَمْ اَدَعْهَا مُنْذُ سَمِعْتُهَا مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالُوا: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّيْنَ؟ قَالَ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّيْنَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا خادم مانگنے کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہاری رہنمائی نہ کروں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) کیا میں تمہیں اس چیز کی تعلیم نہ دوں جو تمہارے لئے اس سے زیادہ بہتر ہو۔ جب تم اپنے بستر پر (سونے کے لئے) جاؤ تو **33،33** مرتبہ سبحان اللہ، اللہ اکبر اور لا الہ الا اللہ پڑھ لیا کرو۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب سے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے میں نے اس عمل کو کبھی ترک نہیں کیا۔ لوگوں نے دریافت کیا جنگ صفین کی رات بھی نہیں۔ انہوں نے جواب دیا: جنگ صفین کی رات بھی (میں نے اس عمل کو ترک نہیں کیا)

5529- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وقد تقدم برقم 5499)). وأخرجه الحميدي 43)) ، وأحمد 1/80، والبخاري 5362)) في النفقات :باب خادم المرأة ومسلم 2727)) في الذكر والدعاء :باب التسبيح أول النهار وعند النوم، والنسائي في "اليوم والليلة 814) " ، وأبو يعلى 578)) ، وابن السني في "اليوم والليلة 745) " من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 2727)) من طريق عطاء ، عن مجاهد، به .وأخرجه أحمد 1/144، والدارمي 2/289، والنسائي 815)) ، وأبو يعلى 274)) و 345)) و 552)) من طريق يزيد بن هارون، عن العوام ابن حوشب، عن ابن أبي ليلى، به.

ذِكْرُ مَا يُهَلِّلُ الْمَرْءُ بِهِ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلا إِذَا تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ

اس بات کا تذکرہ‘ جب آدمی رات کو بیدار ہو‘ تو اپنے پروردگار کی معبودیت کا اعتراف کیسے کرے

5530 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَيَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا تَضَوَّرَ مِنَ اللَّيْلِ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ، رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے وقت بیدار ہوتے تھے‘ تو یہ پڑھتے تھے۔

”اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہ ایک ہے وہ غلبے والا ہے وہ آسمان و زمین اور اس کے درمیان موجود تمام چیزوں کا پروردگار ہے۔ وہ غالب ہے اور مغفرت کرنے والا ہے۔“

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ أَنْ يُعْقِبَ التَّهْلِيلَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ بِسُؤَالِ الْمَغْفِرَةِ وَالزِّيَادَةِ فِي الْعِلْمِ وَنَفْيِ الزَّيْغِ عَنِ الْخَلَدِ

اس بات کا تذکرہ‘ ہم نے تہلیل کے جو کلمات ذکر کیے ہیں ان کے بعد آدمی کے لیے کیا کرنا

مستحب ہے‘ جس کا تعلق مغفرت طلب کرنے‘ علم میں اضافے کا سوال کرنے اور ہدایت حاصل ہونے کے بعد ٹیڑھے پن سے بچنے (کی دعا کرنے سے ہے)

5531 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، مَوْلَى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَى مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمُتَعَالِ بْنُ طَالِبٍ الْبَغْدَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اسْتَيْقَظَ مِنَ اللَّيْلِ، قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، سُبْحَانَكَ

5530- إسناده صحيح، أحمد بن سيار روى له النسائي، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح .وأخرجه النسائي في النعوت كما في "التحفة 12/183 "، وفي "اليوم والليلة 864) ") ، وابن السني 762)) ، والحاكم 1/540، والبيهقي في " الأسماء والصفات 1/42 "

5531- عبد الله بن الوليد :هو ابن قيس بن الأخرم التجيبي المصري روى له أبو داود والنسائي في "اليوم والليلة"، هذا الحديث، وروى عنه جمع، وذكره المصنف في "الثقات"، وقال الدارقطني :لا يعتبر بحديثه، وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح . وأخرجه النسائي في "اليوم والليلة 865) ") ، وابن السني 761)) من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد.وأخرجه أبو داود 5061)) في الأدب :باب ما يقال عند النوم، والمزي في ترجمة عبد الله بن الوليد من "تهذيب الكمال "، من طريق سعيد بن أبي أيوب، به وصححه الحاكم 1/450، ووافقه الذهبي!

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِی، وَاَسْاَلُكَ رَحْمَتَكَ، اَللّٰهُمَّ زِدْنِیْ عِلْمًا، وَلَا تُزِغْ قَلْبِیْ بَعْدَ اَنْ هَدَيْتَنِیْ، وَهَبْ لِیْ مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے وقت بیدار ہوتے تھے تو آپ یہ پڑھتے تھے۔

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ اے اللہ! تو پاک ہے میں اپنے ذنب کی مغفرت تجھ سے طلب کرتا ہوں۔ میں تجھ سے تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میرے علم میں اضافہ کر اور میرے دل کو تو نے ہدایت نصیب کی ہے اس کے بعد اسے ٹیڑھا نہ کرنا اور محض اپنے فضل کے تحت مجھے رحمت عطا کر بے شک تو بہت زیادہ عطا کرنے والا ہے۔''

ذِكْرُ مَا يَحْمَدُ الْمَرْءُ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى مَا اَحْيَاهُ بَعْدَ اِمَاتَتِهِ

اس بات کا تذکرہ آدمی کو اپنے پروردگار کی کیسے حمد بیان کرنی چاہئے جب وہ اسے موت (یعنی نیند) دینے کے بعد زندگی (یعنی بیداری) عطا کرے

5532 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهِ قَالَ: اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَحْيَا، وَبِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْيَانَا بَعْدَمَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بستر پر جاتے تھے تو یہ پڑھتے تھے۔

''اے اللہ! میں تیرے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے زندہ ہوتا ہوں (یعنی بیدار ہوتا ہوں) اور تیرے نام سے

5532- إسناده صحيح على شرط البخاري، ورجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري .سفيان :هو الثوري.وأخرجه أحمد 5/397و 399و407، وابن أبي شيبة 9/71و10/247، والبخاري 6312)) في الدعوات :باب ما يقول إذا نام، و 6324)) : باب ما يقول إذا أصبح، وفي "الأدب المفرد 1205) ") ، وأبو داود 5049)) في الأدب :باب ما يقال عند النوم، والنسائي في "اليوم والليلة 747) ") و 856)) و 857)) ، وابن ماجه 3880)) في الدعاء :باب ما يدعو إذا انتبه من الليل، من طرق عن سفيان "بهذا الإسناد .وأخرجه النسائي 748)) و 858)) من طريق أبي خالد، عن سفيان، عن عبد الملك بن عمير، عن الشعبي، عن ربعي بن حراش .وأخرجه ابن أبي شيبة 10/247، والبخاري 6314)) في الدعوات :باب وضع اليد اليمنى تحت الخد والترمذي 3417)) في الدعوات :باب ما يدعو به عند النوم، وفي "الشمائل 253) ") ، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي "ص 167، والبغوي 1311)) و 1312)) من طرق عن عبد الملك بن عمير، عن ربعي، به .وانظر 5514)). وأخرجه النسائي 749)) و 750)) و 860)) من طريقين عن منصور، عن ربعي، به. وفي الباب عن أبي ذر عند البخاري 6325)) و 7395)) ، وعن البراء عند أحمد 4/302و 294ومسلم 2711)) ، وأبي الشيخ ص 166.

برکت حاصل کرتے ہوئے مرتا ہوں (یعنی سوتا ہوں)۔"

جب نبی اکرم ﷺ بیدار ہوتے تھے تو آپ یہ پڑھتے تھے۔

"ہر طرح کی حمد اللہ کے لئے مخصوص ہے جس نے ہمیں موت (یعنی نیند) دینے کے بعد زندگی (یعنی بیداری) دی اور اسی کی طرف لوٹ کے جانا ہے۔"

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِي إِذَا قَالَهُ الْمَرْءُ عِنْدَ اسْتِيقَاظِهِ مِنَ النَّوْمِ دَخَلَ الْجَنَّةَ بِقَوْلِهِ ذٰلِكَ إِنْ أَدْرَكَتْهُ مَنِيَّتُهُ

اس چیز کا تذکرہ جب آدمی نیند سے بیدار ہونے پر اسے پڑھ لے تو وہ اسے پڑھنے کی وجہ سے جنت میں داخل ہوگا اگر اسے اسی دن موت آجائے

5533 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَّافِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أَوَى الرَّجُلُ إِلٰى فِرَاشِهِ أَتَاهُ مَلَكٌ وَشَيْطَانٌ، فَيَقُولُ الْمَلَكُ: اخْتِمْ بِخَيْرٍ، وَيَقُولُ الشَّيْطَانُ: اخْتِمْ بِشَرٍّ، فَإِنْ ذَكَرَ اللّٰهَ، ثُمَّ نَامَ بَاتَتِ الْمَلَائِكَةُ تَكْلَؤُهُ، فَإِنِ اسْتَيْقَظَ قَالَ الْمَلَكُ: افْتَحْ بِخَيْرٍ، وَقَالَ الشَّيْطَانُ: افْتَحْ بِشَرٍّ، فَإِنْ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي رَدَّ عَلَيَّ نَفْسِي، وَلَمْ يُمِتْهَا فِي مَنَامِهَا، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا إِلٰى آخِرِ الْآيَةِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي يُمْسِكُ السَّمَاءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ، فَإِنْ وَقَعَ مِنْ سَرِيرِهِ فَمَاتَ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جب کوئی شخص اپنے بستر پر جاتا ہے تو ایک فرشتہ اور ایک شیطان اس کے پاس آتے ہیں فرشتہ یہ کہتا ہے: بھلائی کے ذریعے (اپنے دن بھر کے کاموں کا) اختتام کرو۔ شیطان کہتا ہے: برائی کے ذریعے (اپنے دن بھر کے کاموں کا) اختتام کرو۔"

5533- إبراهيم بن الحجاج السامي، روى له النسائي وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح، إلا أن فيه عنعنة أبي الزبير .وهو في "مسند أبي يعلى (1791) "). وأخرجه عن أبي يعلى مختصراً ابن السني في "عمل اليوم والليلة 750) ") ، ونسبه المنذري، في "الترغيب والترهيب 1/416 "إلى أبي يعلى، وصحح إسناده. وذكره الهيثمي في "المجمع "10/120-121ونسبه إلى أبي يعلى، وقال :رجاله رجال الصحيح غير إبراهيم بن الحجاج السامي، وهو ثقة .وأخرجه النسائي في "اليوم والليلة 854) ") عن الحسن بن أحمد، عن إبراهيم بن الحجاج، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 853)) ، وأبو يعلى، وابن السني 12)) من طريق المغيرة بن مسلم، وأخرجه الحاكم 1/548من طريق هشام الدستوائي، كلاهما عن أبي الزبير، به .قال الحاكم :صحيح على شرط مسلم، ووافقه الذهبي! وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد 1214) ") ، والنسائي 855)) من طريقين عن حَجَّاجٌ الصَّوَّافُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قال

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں) اگر وہ شخص اللہ کا ذکر کر کے سوتا ہے' تو فرشتے رات بھر اس کی حفاظت کرتے رہتے ہیں' جب وہ بیدار ہو جائے' تو فرشتہ کہتا ہے بھلائی کے ذریعے (اپنے دن کے کاموں) کا آغاز کرو اور شیطان کہتا ہے: برائی کے ذریعے آغاز کرو اگر وہ شخص یہ پڑھ لے۔

''ہر طرح کی حمد اللہ کے لئے مخصوص ہے' جس نے میری جان مجھے واپس کر دی اور اسے سونے کے دوران ہی موت نہیں دی ہر طرح کی حمد اللہ کے لئے مخصوص ہے' جس نے آسمانوں اور زمین کو اس بات سے روکا ہوا ہے' وہ برباد ہو جائیں۔ (یہ آیت کے آخر تک پڑھنا ہے) ہر طرح کی حمد اس کے لئے مخصوص ہے' جس نے آسمان کو اس بات سے روکا ہوا ہے' وہ زمین پر گر جائے البتہ اس کی اجازت سے ایسا ہو سکتا ہے۔''

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں) اگر وہ شخص اس چارپائی سے گر کر مر جائے' تو وہ جنت میں داخل ہوگا۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِمَسْاَلَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْغُفْرَانَ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّاْتِيَ مَضْجَعَهُ اِنْ اَمْسَكَ نَفْسَهُ وَحَفِظَهَا اِنْ اَرْسَلَهَا

اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ اس شخص کے لیے جو اپنے بستر پر آتا ہے

(ان الفاظ میں) اگر اللہ تعالیٰ نے اس کی جان کو روک لیا (تو اس کی مغفرت کر دے) اگر اسے چھوڑ دیا' تو اس کی حفاظت کرے

5534 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبَانَ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اَوٰى اَحَدُكُمْ اِلٰى فِرَاشِهٖ فَلْيَاْخُذْ دَاخِلَةَ اِزَارِهٖ، فَلْيَنْفُضْ بِهَا فِرَاشَهٗ، وَيُسَمِّي اللّٰهَ، فَاِنَّهٗ لَا يَدْرِيْ مَا خَلَفَهٗ عَلَيْهِ بَعْدَهٗ عَلٰى فِرَاشِهٖ، وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّضْطَجِعَ فَلْيَضْطَجِعْ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ، وَلْيَقُلْ: سُبْحَانَكَ رَبِّيْ، بِكَ وَضَعْتُ جَنْبِيْ، وَبِكَ اَرْفَعُهٗ، اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لَهَا، وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا حَفِظْتَ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

5534- حديث صحيح، أحمد بن أبان القرشي ذكره المؤلف في "الثقات 8/32 "فقال :من ولد خالد بن أسيد، من أهل البصرة، يروي عن سفيان بن عيينة، حدثنا عنه ابن قحطبة وغيره، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد 1217) ") ، ومسلم 2714)) في الذكر والدعاء :باب ما يقول عند النوم وأخذ المضجع، من طريقين عن أنس بن عياض، بهذا الإسناد .وعندهما "وليُسَمِّ الله ." وأخرجه البخاري 6320)) في الدعوات :باب رقم 13)) ، وفي "الأدب المفرد 1210) ") ، ومسلم 2714)) ، وأبو داود 5050)) في الدعوات :باب ما يقال عند النوم، والنسائي في "اليوم والليلة " 791)) من طرق عن عبد الله بن عمر، به.

"جب کوئی شخص اپنے بستر پر جائے تو وہ اپنے تہبند کے اندرونی حصے کے ذریعے اسے جھاڑ لے اور بسم اللہ پڑھ لے کیونکہ وہ یہ بات نہیں جانتا اس کے بعد اس کے بستر پر کیا چیز آئی تھی پھر جب وہ لیٹنے کا ارادہ کرے تو دائیں پہلو پر لیٹے اور یہ پڑھے۔

"تو پاک ہے اے میرے پروردگار میں تیری مدد کے ذریعے اپنا پہلو (بستر پر) رکھتا ہوں اور تیری مدد کے ذریعے اسے اٹھاؤں گا اگر تو نے میری جان کو روک لیا (یعنی مجھے موت دے دی) تو اس کی مغفرت کرنا اگر تو نے اسے چھوڑ دیا (یعنی میں دوبارہ بیدار ہو گیا) تو اس چیز کے ہمراہ اس کی حفاظت کرنا جس کے ہمراہ تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ اِنَّمَا اُمِرَ لِمَنْ اَتٰى مَضْجَعَهُ وَوَسَّدَ يَمِيْنَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ یہ حکم اس شخص کو دیا گیا ہے جو بستر پر (سونے کے لیے) آتا ہے اور دائیں طرف کو تکیہ بناتا ہے

5535 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَعْشَرٍ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا اَوٰى اَحَدُكُمْ اِلٰى فِرَاشِهٖ فَلْيَنْزِعْ اِزَارَهُ، وَلْيَنْفُضْ بِدَاخِلَتِهَا فِرَاشَهُ، ثُمَّ لِيَتَوَسَّدْ يَمِيْنَهُ، وَيَقُوْلُ: بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ اَضَعُ جَنْبِى، وَبِكَ اَرْفَعُهُ، اللّٰهُمَّ اِنْ اَمْسَكْتَهَا فَارْحَمْهَا، وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، وَسَمِعَهُ مِنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، فَالطَّرِيْقَانِ جَمِيْعًا مَحْفُوْظَانِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جب کوئی شخص اپنے بستر پر جائے تو اپنے تہبند کا (ایک سرا) باہر نکال کر اس کے اندرونی حصے کے ذریعے اپنے بستر کو جھاڑ لے پھر وہ دائیں پہلو کے بل تکیے (پر سر رکھے) اور یہ پڑھے۔

5535– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو مكرر ما قبله. وأخرجه أحمد 2/422، والنسائي في "اليوم والليلة" 792)) ، والبيهقي في "الأسماء والصفات 126-1/125 "من طريق يحيى بن سعيد القطان، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق 19830)) ، وابن أبي شيبة 9/73و 10/248، والدارمي 2/288، وأحمد 2/283و 295و432، والنسائي 793)) من طرق عن عبيد الله بن عمر، به. وأخرجه البخاري 7393)) في التوحيد :باب السؤال بأسماء الله تعالى، من طريق مالك، والترمذي 3401)) في الدعوات :باب رقم 20)) ، من طريق ابن عجلان، كلاهما عن سعيد المقبري، به .قال الترمذي :حديث حسن . وأخرجه النسائي 794)) من طريق ابن المبارك، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أبي هريرة موقوفاً.

''اے اللہ! میں تیرے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے اپنا پہلو (بستر پر) رکھتا ہوں اور تیری مدد سے ہی اسے اٹھاؤں گا: اے اللہ! اگر تو نے اسے روک لیا تو اس پر رحم کرنا اور اگر اسے چھوڑ دیا' تو اس کی اس چیز کے ہمراہ حفاظت کرنا جس کے ذریعے' تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سعید مقبری نے یہ روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی سنی ہے اور انہوں نے یہ روایت اپنے والد کے حوالے سے بھی حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنی ہے اس کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ بِهٰذَا الدُّعَاءِ اِنَّمَا اُمِرَ لِلْاٰخِذِ مَضْجَعَهُ وَهُوَ مُتَوَضِّءٌ لِلصَّلَاةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اس دعا کا حکم اس شخص کو ہے' جو اپنے بستر پر آتا ہے اور نماز کے لیے وضو کی طرح (وضو کرتا ہے)

5536 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ مَنْصُوْرَ بْنَ الْمُعْتَمِرِ، يُحَدِّثُ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَكَ فَتَوَضَّاْ وُضُوءَكَ لِلصَّلَاةِ، ثُمَّ اضْطَجِعْ عَلٰى شِقِّكَ الْاَيْمَنِ، ثُمَّ قُلِ: اللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ وَجْهِي اِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ اَمْرِي اِلَيْكَ، وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِي اِلَيْكَ، رَغْبَةً وَرَهْبَةً اِلَيْكَ، لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي اَنْزَلْتَ، وَبِنَبِيِّكَ الَّذِي اَرْسَلْتَ، وَاجْعَلْهُ اٰخِرَ مَا تَقُوْلُ، فَاِنْ مِتَّ مِتَّ عَلَى الْفِطْرَةِ فَقُلْتُ: اَسْتَذْكِرُهُنَّ وَبِرَسُوْلِكَ الَّذِي اَرْسَلْتَ؟ فَقَالَ: وَبِنَبِيِّكَ الَّذِي اَرْسَلْتَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم بستر پر جانے لگو تو نماز کے وضو کی طرح وضو کر لو پھر اپنے دائیں پہلو کے بل لیٹ جاؤ پھر یہ پڑھو۔

5536- حديث صحيح، ابن أبي السري -وهو محمد بن المتوكل -متابع، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين .معمر :هو ابن سليمان .وقد تقدم برقم 5527)) وسيأتي برقم 5542)). وأخرجه البخاري 6311)) في الدعوات :باب إذا بات طاهرًا، وأبو داود 5046)) في الأدب :باب ما يقال عند النوم، والنسائي في "اليوم والليلة 782) " ، والبغوي 1315)) من طريقين عن معتمر بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/292-293، ومسلم 2710))56)) في الذكر والدعاء :باب ما يقول عند النوم وأخذ المضجع، أبو داود 5048)) من طرق عن منصور بن المعتمر، به. وأخرجه أحمد 4/290و296، ومسلم 2710)) ، وأبو داود 5047)) و 5048)) والنسائي 780)) و 783)) و 784)) و 785)) من طرق عن سعد بن عبيدة، به . وأخرجه النسائي 781)) عن أبي بكر بن إسحاق، عن محمد بن سابق، عن إبراهيم بن طهمان، عن منصور بن المعتمر، عن الحكم بن عتيبة، عن سعد بن عبيدة، عن البراء بن عازب قال ...فذكره. وقال الحافظ في "الفتح 11/109 "بعد أن أورد كلام ابن أبي حاتم هذا :قلت :فهو من المزيد في متصل للأسانيد .

''اے اللہ! میں نے اپنا چہرہ تیرے سامنے جھکا دیا میں نے اپنا معاملہ تیرے سپرد کر دیا۔ میں نے رغبت رکھتے ہوئے اور ڈر رکھتے ہوئے اپنی پشت تیرے ساتھ لگا دی (یعنی تجھ پر آسرا کر لیا) تیرے مقابلے میں تیرے علاوہ اور کوئی جائے پناہ اور جائے نجات نہیں ہے۔ میں تیری اس کتاب پر ایمان لایا جسے تو نے نازل کیا ہے اور تیرے اس نبی پر ایمان لایا جسے تو نے مبعوث کیا ہے۔''

(نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:) تم ان کلمات کو اپنی آخری گفتگو بناؤ اگر تم (اسی رات میں) فوت ہو جاتے ہو تو تم فطرت (یعنی دین اسلام) پہ فوت ہو گے۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے انہیں یاد کرتے ہوئے لفظ ''تیرے نبی پر ایمان لایا'' کی بجائے ''تیرے رسول پر ایمان لایا'' پڑھ دیا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: (یہ پڑھو) تیرے اس نبی پر ایمان لایا جسے تو نے مبعوث کیا ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِسُؤَالِ الْعَبْدِ رَبَّهُ قَضَاءَ دَيْنِهِ وَغِنَاهُ مِنَ الْفَقْرِ عِنْدَ مَنَامِهِ

بندے کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ وہ سوتے وقت اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگے: وہ اس کا قرض ادا کر دے اور اسے غربت سے بے نیاز کر دے

5537 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ سُهَيْلٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ اَبُوْ صَالِحٍ، يَاْمُرُنَا اِذَا اَرَادَ اَحَدُنَا اَنْ يَّنَامَ اَنْ يَّضْطَجِعَ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ ثُمَّ، يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ وَرَبَّ الْاَرْضِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى، مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيلِ وَالْفُرْقَانِ، اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ، اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ، وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، اقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ وَكَانَ يَرْوِي ذٰلِكَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❁❁ سہیل نامی راوی بیان کرتے ہیں: ابوصالح ہمیں یہ ہدایت کرتے تھے کہ جب ہم میں سے کوئی شخص سونے لگے تو وہ اپنے دائیں پہلو کے بل (بستر پر) لیٹ جائے اور پھر یہ پڑھے۔

''اے اللہ! اے تمام آسمانوں کے پروردگار اور زمین کے پروردگار اور عظیم عرش کے پروردگار اے ہمارے پروردگار اور اے ہر چیز کے پروردگار! اے دانے اور گٹھلی کو چیرنے والے! اے تورات انجیل اور قرآن کو نازل کرنے والے!

5537- إسناده صحيح على شرط مسلم، سهل بن أبي صالح من رجال مسلم، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد. وأخرجه مسلم (2713) في الذكر والدعاء: باب ما يقول عند النوم وأخذ المضجع، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي في "اليوم والليلة 790") ، وعنه ابن السني (720) عن إسحاق بن راهويه، عن جرير، به. وأخرجه مسلم (2713)(62) ، والترمذي (3400) في الدعوات: باب رقم (19) من طريقين عن خالد الطحان

میں ہر اس چیز کی شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جس کی پیشانی کو تو نے پکڑا ہوا ہے تو ہی سب سے پہلے ہے تجھ سے پہلے کچھ نہیں ہے تو ہی سب کے بعد ہے تیرے بعد کچھ نہیں ہے تو ایسا ظاہر ہے تیرے اوپر کوئی نہیں ہے تو ہماری طرف سے قرض کو ادا کر دے اور ہمیں غربت سے محفوظ کر دے۔"

سہیل نامی راوی بیان کرتے ہیں: ابو صالح نے یہ روایت حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کی ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّحْمَدَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَزَّ عَلٰى مَا كَفَاهُ وَآوَاهُ عِنْدَ اِرَادَتِهِ النَّوْمَ

آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ جب وہ سونے کا ارادہ کرے تو اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے جو اس نے بندے کی کفایت کی ہے اور اس بندے کو پناہ عطا کی ہے

5538 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِی، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ الْمُعَلِّمُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ بُرَيْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا تَبَوَّاَ مَضْجَعَهُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَفَانِیْ وَآوَانِیْ وَسَقَانِیْ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ مَنَّ عَلَیَّ فَاَفْضَلَ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَعْطَانِیْ فَاَجْزَلَ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ، اللّٰهُمَّ رَبَّ كُلِّ شَیْءٍ، وَمَالِكَ كُلِّ شَیْءٍ، وَاِلٰهَ كُلِّ شَیْءٍ، لَكَ كُلُّ شَیْءٍ، اَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ "

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بستر پر لیٹتے تھے تو یہ پڑھتے تھے: "ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے جس نے میری ضروریات کی کفایت کی مجھے پناہ دی اور مجھے سیراب کیا ہر طرح کی حمد اس اللہ کے لئے مخصوص ہے جس نے مجھ پر احسان کرتے ہوئے اپنا فضل کیا ہر طرح کی حمد اس اللہ کے لئے مخصوص ہے جس نے مجھے عطا کرتے ہوئے بہترین عطا کیا ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے جو ہر حالت میں ہو اے اللہ! اے ہر چیز کے پروردگار اے ہر چیز کے مالک اے ہر چیز کے معبود ہر چیز تیری ملکیت ہے میں جہنم سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔"

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يُّسَمِّيَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا عِنْدَ اِرَادَتِهِ النَّوْمَ

اس بات کا تذکرہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ سونے کے ارادے کے

5538- إسناده صحيح على شرط الشيخين . ابن بريدة :هو عبد الله بن بريدة بن الحصيب . وأخرجه أحمد 2/117، وأبو داود 5058)) في الأدب :باب ما يقال عند النوم، والنسائي في "اليوم والليلة 798) ") ، وفي النعوت كما في "التحفة " 5/443، وابن السني 728)) ، والبغوي 1319)) من طرق عن عبد الصمد ابن عبد الوارث، بهذا الإسناد.

وقت اللہ تعالیٰ کا نام لے

5539 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ، قَالَ: اللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا وَاِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَانَا بَعْدَمَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ

✿✿ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بستر پر جاتے تھے تو آپ یہ پڑھتے تھے۔

"اے اللہ! میں تیرے اسم سے برکت حاصل کرتے ہوئے مرتا ہوں (یعنی سوتا ہوں) اور زندہ ہوں گا (یعنی بیدار ہوں گا)"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بیدار ہوتے تھے تو یہ پڑھتے تھے۔

"ہر طرح کی حمد اس اللہ کے لئے مخصوص ہے جس نے ہمیں موت (یعنی نیند) دینے کے بعد زندگی (یعنی بیداری) دی اور اسی کی بارگاہ میں دوبارہ زندہ ہونا ہے۔"

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّحْمَدَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى مَا اَطْعَمَهٗ وَسَقَاهُ وَكَفَاهُ عِنْدَ اِرَادَتِهِ النَّوْمَ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ سونے کے ارادے کے وقت اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرے اس بات پر کہ اس نے اس کو کھلایا ہے اسے پلایا ہے اور اس کی کفایت کی ہے

5540 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهٖ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَكَفَانَا، فَكَمْ مِمَّنْ لَا كَافِيَ لَهٗ وَلَا مُؤْوِيَ

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بستر پر جاتے تھے تو یہ پڑھتے تھے۔

"ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے جس نے ہمیں کھلایا ہمیں پلایا اور ہماری کفایت کی تو کتنے ہی لوگ ایسے

5539- إسناده صحيح على شرط الشيخين. يحيى بن سعيد: هو القطان، وسفيان: هو الثوري. وهو مكرر (5532).

5540- إسناده صحيح، إبراهيم بن الحجاج السامي روى له النسائي، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح. وأخرجه أحمد 3/153 و167 و253 ومسلم (2715) في الذكر والدعاء: باب ما يقول عند النوم وأخذ المضجع، وأبو داود (5053) في الأدب: باب ما يقال عند النوم، والترمذي (3396) في الدعوات: باب ما جاء في الدعاء إذا أوى إلى فراشه، وفي "الشمائل (256)"، والنسائي في "عمل اليوم والليلة (799)" من طرق عن حماد بن سلمة بهذا الإسناد. وقال الترمذي: حسن صحيح غريب.

ہے جن کا کفایت کرنے والا کوئی نہیں ہے جنہیں پناہ دینے والا کوئی نہیں ہے۔"

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْاَلَ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا الْمَغْفِرَةَ عِنْدَ اِرَادَتِهِ النَّوْمَ

اس بات کا تذکرہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے وہ سونے کے ارادے کے وقت اللہ تعالیٰ سے مغفرت کا سوال کرے

5541 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا اَوٰى اِلٰى فِرَاشِهِ قَالَ: اللّٰهُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِي وَاَنْتَ تَتَوَفَّاهَا، لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا، اللّٰهُمَّ اِنْ تَوَفَّيْتَهَا فَاغْفِرْ لَهَا، وَاِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا، اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْعَافِيَةَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِّنْ وَلَدِهِ: اَكَانَ عُمَرُ يَقُوْلُ هٰذَا؟ قَالَ: بَلْ خَيْرٌ مِّنْ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُهُ، فَظَنَنَّا اَنَّهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: جب وہ بستر پر لیٹتے تھے تو یہ پڑھتے تھے:

"اے اللہ! تو نے میری جان کو پیدا کیا ہے تو ہی اسے موت دے گا اس کی موت اور زندگی تیرے ہاتھ میں ہے اے اللہ! اگر تو نے اسے موت دے دی تو اس کی مغفرت کرنا اور اگر اسے زندہ رکھا تو اس کی حفاظت کرنا اے اللہ! میں تجھ سے عافیت کا سوال کرتا ہوں۔"

تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی اولاد میں سے ایک صاحب نے دریافت کیا: کیا حضرت عمران رضی اللہ عنہ کلمات کو پڑھتے تھے انہوں نے فرمایا: جی نہیں بلکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے زیادہ بہتر شخصیت ان کلمات کو پڑھتی تھیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں ایک مرتبہ ان کا گزر ایک ظالم حکمران کے پاس سے ہوا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ ان کی اہلیہ سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں اس بادشاہ کو بتایا گیا کہ یہاں ایک شخص ہے جس کے ساتھ ایک انتہائی خوبصورت خاتون ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اس شخص نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بلوایا حضرت ابراہیم علیہ السلام اس کے پاس گئے اس نے ان سے سوالات کئے تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بتایا: یہ میری (دینی) بہن ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں حضرت ابراہیم علیہ السلام سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور انہیں بتایا کہ اس حکمران نے مجھ سے تمہارے بارے میں دریافت کیا تھا' تو میں نے اسے بتایا: تم میری بہن ہو تو تم اللہ کی کتاب میں میری بہن ہو اس لیے تم مجھے جھوٹا قرار نہ دینا۔

5737- إسناده صحيح على شرط الشيخين .محمد :هو ابن سيرين .وأخرجه أبو داود "2212"في الطلاق :باب في الحل يقول لامرأته :يا أختي، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة 10/357 "من طريقين عن هشام بن حسان، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "3357"و "3358"في الأنبياء :باب قول الله تعالى :(وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلاً) ، و "5084"في النكاح : باب اتخاذ السرري، ومسلم "2371"في الفضائل :باب من فضائل إبراهيم الخليل صلى الله عليه وسلم، والبيهقي 7/366من طريق أيوب، عن محمد بن سيرين، به وأخرجه أحمد 2/403ـ 404والبخاري "2217"في البيوع :باب شراء المملوك من الحربي وهبته وعتقه، و "2635"في الهبة :باب إذا قال :أخدمتك هذه الجارية على ما يتعارف الناس فهو جائز، و "6950"في الإكراه :باب إذا استكرهت المرأة على الزنى فلا حد عليها، والترمذي "3166"في التفسير :باب ومن سورة الأنبياء ، من طرق عن أبي الزناد، عن الأعرج، عن أبي هريرة مطولاً ومختصراً . وأخرجه البيهقي 7/366من طريق أيوب، عن ابن سيرين، عن أبي هريرة، موقوفاً.

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں جب اس حکمران نے سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا کو دیکھا' تو وہ ان کے پاس آنے لگا سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا نے اس کے لیے دعائے ضرر کی' تو وہ گرفت میں آ گیا اس شخص نے کہا: اللہ تعالیٰ سے میرے لیے دعا کیجئے میرے اوپر یہ بات لازم ہے' میں دوبارہ یہ غلطی نہیں کروں گا پھر سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا نے اس کے حق میں دعا کی وہ دوبارہ سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا کے قریب آنے لگا سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا نے پھر بددعا کی' تو اس پر دوبارہ گرفت ہوئی جو پہلی سے زیادہ سخت تھی اس نے کہا: آپ اللہ تعالیٰ سے میرے حق میں دعا کیجئے مجھ پر یہ بات لازم ہے' میں دوبارہ یہ حرکت نہیں کروں گا۔ سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا نے پھر اس کے لیے دعا کی وہ پھر آگے آنے لگا سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا نے پھر دعاء ضرر کی' تو اس کو دوبارہ گرفت میں لیا گیا جو پہلی دونوں مرتبہ کی گرفت سے زیادہ سخت تھی' تو اس نے کہا: آپ اللہ تعالیٰ سے میرے حق میں دعا کیجئے مجھ پر یہ بات لازم ہے' میں دوبارہ یہ حرکت نہیں کروں گا۔ سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا نے اس کے حق میں دعا کی' تو اس کی طبیعت ٹھیک ہوگئی اس نے اپنے پاس موجود اپنے وزیر سے یہ کہا تم میرے پاس کسی انسان کو نہیں لے کر آئے تم میرے پاس شیطان کو لے کر آئے ہو پھر اس نے سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا کو خادمہ کے طور پر سیدہ حاجرہ رضی اللہ عنہا دے دیں جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اس خاتون کو دیکھا' تو فرمایا یہ کہاں سے آئی ہے سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا نے بتایا اللہ تعالیٰ نے کافر گنہگار شخص کے فریب کا توڑ کیا اور حاجرہ رضی اللہ عنہا کو خادمہ کے طور پر دے دیا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ جب یہ حدیث بیان کرتے تھے' تو ساتھ یہ بھی کہتے تھے: اے آسمانی پانی سے سیراب ہونے والے لوگو وہ تمہاری والدہ ہیں۔

نضر نامی راوی یہ الفاظ بلند آواز میں بیان کرتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سیدہ حاجرہ رضی اللہ عنہا کی اولاد کے لیے آسمانی پانی سے سیراب ہونے والے کا لفظ اس لیے استعمال کیا گیا ہے کیونکہ حضرت اسماعیل علیہ السلام سیدہ حاجرہ رضی اللہ عنہا کے صاحبزادے تھے اور ان کی نشوونما آب زم زم کے ذریعے ہوئی تھی اور یہ آسمانی پانی ہے' جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عزت افزائی کی تھی اس وقت جب ان کی والدہ سیدہ حاجرہ رضی اللہ عنہا نے انہیں جنم دیا تھا' تو ان کی اولاد وہ اولاد ہے' جس نے آسمانی پانی کے ذریعے (نشوونما پائی تھی)

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمُتَشَبِّعَةِ مِنْ زَوْجِهَا مَا لَمْ يُعْطِهَا

اس عورت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اپنے شوہر کی طرف سے خود کو ایسی چیز کے حوالے سے سیر ظاہر کرتی ہے' جو شوہر نے اس کو نہیں دی

5738 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةٌ، فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِيْ ضَرَّةً، فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ اَنْ اَتَشَبَّعَ مِنْ زَوْجِيْ، مَا لَمْ يُعْطِنِيْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمُتَشَبِّعُ بِمَا لَمْ يُعْطَ

كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُورٍ

❀❀ سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں: ایک خاتون نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! میری ایک سوکن ہے کیا مجھ پر کوئی گناہ ہوگا اگر میں خود کو اپنے شوہر کے حوالے سے ایسی بات کے حوالے سے سیر ظاہر کروں جو اس نے مجھے نہیں دی ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو چیز نہیں دی گئی اس کے حوالے سے خود کو سیر ظاہر کرنے والا شخص جھوٹ کے دو کپڑے پہننے والے کی مانند ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ تَشَبُّعِ الْمَرْاَةِ عِنْدَ ضَرَّتِهَا بِمَا لَمْ يُعْطِهَا زَوْجُهَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' کسی عورت کے لیے اپنی سوکن کے سامنے خود کو ایسی چیز کے حوالے سے سیر ظاہر کرنا جائز نہیں ہے' جو اس کے شوہر نے اسے نہ دی ہو

5739 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الطُّفَاوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ، قَالَتْ:

(متن حدیث): جَاءَ تِ امْرَاَةٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِيْ ضَرَّةً، فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ اِنِ اسْتَكْثَرْتُ مِنْ زَوْجِيْ بِمَا لَمْ يُعْطِنِيْ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْمُتَشَبِّعَ بِمَا لَمْ يُعْطَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُورٍ

❀❀ سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں: ایک خاتون نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اس نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! میری ایک سوکن ہے کیا مجھ پر کوئی گناہ ہوگا اگر میں اپنے شوہر کے حوالے سے ایسی چیز کا اظہار کروں جو اس نے مجھے نہیں دی ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو چیز نہیں دی گئی اس کے حوالے سے خود کو سیر ظاہر کرنے والا شخص جھوٹ کے دو کپڑے پہننے والے کی مانند ہے۔

5738- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو خيثمة :هو زهير بن حرب. وأخرجه أحمد 6/346، ومسلم "2130" في اللباس والزينة :باب النهي عن التزوير في اللباس، من طريق أبي معاوية محمد بن حازم، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/346 و353، والبخاري "5219" في النكاح :باب المتشبع بما لم ينل وما ينهى من إفتخار الضرة، ومسلم "2130"، وأبو داود "4997" في الأدب :باب في المتشبع بما لم يعط، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة 11/255 "، والطبراني "322"/24 و"323" و "324" و "0325 و "326" و "327" و "328"، والحميدي "319"، والبيهقي في "السنن 7/307 "، وفي "الآداب" 522" "، والبغوي "2331" من طرق عن هشام بن عروة، به.

5739- إسناده صحيح على شرط البخاري .الطفاوي :هو محمد بن عبد الرحمن، قد توبع .وهو مكرر ما قبله.

بَابُ اللَّعْنِ

باب! لعنت کرنا

5740 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ قِلَابَةَ، عَنْ عَمِّهٖ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ، وَامْرَاَةٌ عَلٰى نَاقَةٍ لَهَا، فَضَجِرَتْ فَلَعَنَتْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذُوا مَتَاعَكُمْ عَنْهَا، وَاَرْسِلُوْهَا، فَاِنَّهَا مَلْعُوْنَةٌ قَالَ: فَفَعَلُوا، فَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَيْهَا نَاقَةً وَرْقَاءَ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَمُّ اَبِيْ قِلَابَةَ هٰذَا هُوَ عَمْرُو بْنُ مُعَاوِيَةَ بْنِ زَيْدِ الْجَرْمِيُّ كُنْيَتُهٗ اَبُو الْمُهَلَّبِ، وَهِمَ الْاَوْزَاعِيُّ فِيْ كُنْيَتِهٖ، فَقَالَ: اَبُو الْمُهَاجِرِ، اِذِ الْجَوَادُ يَعْثُرُ

❁ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سفر کر رہے تھے ایک خاتون اپنی اونٹنی پر سوار تھی اس خاتون نے اس اونٹنی کو جھڑکتے ہوئے اس پر لعنت کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اپنا سامان اس اونٹنی سے اتار لو اور اسے چھوڑ دو کیونکہ اس پر لعنت کر دی گئی ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: لوگوں نے ایسا ہی کیا اس اونٹنی کا منظر گویا کہ آج بھی میری نگاہ میں ہے وہ خاکستری رنگ کی اونٹنی تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوقلابہ نامی راوی کے چچا عمرو بن معاویہ بن زید جرمی ہیں جن کی کنیت ابومہلب ہے امام اوزاعی کو ان کی کنیت کے بارے میں وہم ہوا' تو انہوں نے یہ کہا کہ ان کی کنیت ابومہاجر ہے اس کی وجہ یہ ہے' سوار کو بھی کبھی ٹھوکر لگ جاتی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' اس روایت کو نقل کرنے میں یحییٰ بن ابوکثیر نامی راوی منفرد ہے

5740- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن إبراهيم، فمن رجال البخاري، وعم أبي قلابة، فمن رجال مسلم .أبو قلابة :هو عبج الله بن زيد الجرمي .وانظر ما بعده. 2وقيل :عبد الرحمن بن معاوية، وقيل :عبد الرحمن بن عمرو، وقيل :معاوية، وقيل :النضر.

5741 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهِ اِذْ سَمِعَ لَعْنَةً، فَقَالَ: مَنْ هٰذَا؟ فَقِيْلَ: هٰذِهِ فُلَانَةُ لَعَنَتْ رَاحِلَتَهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ضَعُوْا عَنْهَا، فَاِنَّهَا مَلْعُوْنَةٌ، قَالَ: فَوُضِعَ عَنْهَا قَالَ عِمْرَانُ: فَكَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَيْهَا نَاقَةً وَرْقَاءَ

❁ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کر رہے تھے اسی دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کے لعنت کرنے کی آواز سنی' تو دریافت کیا یہ کون ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا یہ فلاں خاتون ہے' جس نے اپنی سواری پر لعنت کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس سواری کو چھوڑ دو کیونکہ اس پر لعنت کر دی گئی ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں' تو اس سواری پر سے سامان اتار لیا گیا۔

حضرت عمران رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس اونٹنی کا منظر گویا کہ آج بھی میری نگاہ میں ہے وہ خاکستری رنگ کی اونٹنی تھی۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے یہ حکم دیا گیا

5742 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ مُجَاهِدٍ اَبُوْ حَزْرَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): سِرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَطْلُبُ الْمَجْدِيَّ بْنَ عَمْرٍو الْجُهَنِيَّ، وَكَانَ النَّاضِحُ يَعْتَقِبُهُ مِنَّا الْخَمْسَةُ، وَالسِّتَّةُ وَالسَّبْعَةُ، فَدَنَا عُقْبَةُ رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ عَلٰى نَاضِحٍ لَّهُ، فَاَنَاخَهُ فَرَكِبَهُ، ثُمَّ بَعَثَهُ، فَتَلَدَّنَ عَلَيْهِ بَعْضَ التَّلَدُّنِ، فَقَالَ: شَاْ لَعَنَكَ اللّٰهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هٰذَا اللَّاعِنُ بَعِيْرَهُ؟ قَالَ: اَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: انْزِلْ عَنْهُ، فَلَا تَصْحَبْنَا بِمَلْعُوْنٍ، لَا تَدْعُوْا عَلٰى اَنْفُسِكُمْ، وَلَا تَدْعُوْا عَلٰى اَوْلَادِكُمْ، وَلَا تَدْعُوْا عَلٰى اَمْوَالِكُمْ، لَا تُوَافِقُوْا مِنَ السَّاعَةِ فَيَسْتَجِيْبَ لَكُمْ

5741- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات، رجال الشيخين غير أبي المهلب فمن رجال مسلم . وأخرجه الدارمي 2/286، وأبو داود "2561"في الجهاد :باب النهي عن لعن البهيمة، عن سليمان بن حرب، عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/429و431، ومسلم "2595"في البر والصلة :باب النهي عن لعن الدواب وغيرها، والبيهقي 5/254 من طرق عن أيوب، به. وأخرجه النسائي في "الكبرى "كما في "التحفة 8/202 "من طريق عمران بن حدير، عن أبي قلابة، به.

5742- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير يعقوب بن مجاهد، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم "3009"في الزهد :باب حديث جابر الطويل وقصة أبي اليسر، عن هارون بن معروف ومحمد بن عبادة، كلاهما عن حاتم بن إسماعيل، بهذا الإسناد.

❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سفر کر رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجدی بن عمرو جہنی کی تلاش میں تھے ہمارا یہ حال تھا کہ ہم پانچ یا چھ یا سات افراد ایک اونٹ پر باری باری سوار ہوتے تھے انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص جن کا نام عقبہ تھا وہ اپنے اونٹ کے پاس آئے انہوں نے اسے بٹھایا تا کہ اس پر سوار ہوں پھر انہوں نے اسے کھڑا کیا' تو اس اونٹ نے کچھ شوخی دکھائی' تو ان صاحب نے کہا: اٹھو اللہ تعالیٰ تم پر لعنت کرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا اپنے اونٹ پر لعنت کرنے والا شخص کون ہے۔ ان صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس سے نیچے اتر جاؤ تم ہمارے ساتھ کسی لعنت یافتہ کو نہ رکھو تم لوگ اپنے خلاف بددعا نہ کیا کرو اپنی اولاد کے خلاف بددعا نہ کیا کرو اپنے اموال کے خلاف بددعا نہ کیا کرو کیونکہ تمہیں نہیں معلوم کہ وہ کسی ایسی گھڑی میں ہو جائے جس میں وہ تمہارے لیے مستجاب ہو جائے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا خَبَرَ عِمْرَانَ بْنِ الْحُصَيْنِ بِاَنَّ لَعْنَةَ هٰذِهِ اللَّاعِنَةِ قَدِ اسْتُجِيبَ لَهَا فِيْ نَاقَتِهَا

اس روایت کا تذکرہ' جو ہماری بیان کردہ اس تاویل کے صحیح ہونے کی دلالت کرتی ہے'

جو ہم نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت کی تاویل کی ہے' لعنت کرنے والی اس عورت کی لعنت اس کی اونٹنی کے بارے میں مستجاب ہوگئی تھی

5743 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ، عَنْ اَبِيْ بَرْزَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ جَارِيَةً، بَيْنَا هِيَ عَلٰى بَعِيْرٍ اَوْ رَاحِلَةٍ عَلَيْهَا مَتَاعُ الْقَوْمِ بَيْنَ جَبَلَيْنِ، فَتَضَايَقَ بِهَا الْجَبَلُ، وَاَتٰى عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا اَبْصَرَتْهُ جَعَلَتْ تَقُوْلُ: حَلْ، اللّٰهُمَّ الْعَنْهُ، اللّٰهُمَّ الْعَنْهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَصْحَبْنَا رَاحِلَةٌ عَلَيْهَا لَعْنَةٌ مِّنَ اللّٰهِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَمْرُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَسْيِيْبِ الرَّاحِلَةِ الَّتِيْ لُعِنَتْ اَمْرٌ اُضْمِرَ فِيْهِ سَبَبُهُ، وَهُوَ حَقِيْقَةُ اسْتِجَابَةِ الدُّعَاءِ لِلَّاعِنِ، فَمَتٰى عُلِمَ اسْتِجَابَةُ الدُّعَاءِ مِنْ لَاعِنٍ مَا رَاحِلَةً لَهٗ، اَمَرْنَاهُ بِتَسْيِيْبِهَا، وَلَا سَبِيْلَ اِلٰى عِلْمِ هٰذَا لِانْقِطَاعِ الْوَحْيِ، فَلَا يَجُوْزُ اسْتِعْمَالُ هٰذَا الْفِعْلِ لِاَحَدٍ اَبَدًا

❁ حضرت ابوبرزہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک کنیز ایک اونٹ پر سوار تھی جس پر لوگوں کا سامان رکھا ہوا تھا وہ دو پہاڑوں کے درمیان میں سے گزر رہی تھی پہاڑ کا راستہ تنگ تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پہاڑ پر تشریف لائے جب اس لڑکی نے

5743- إسناده صحيح على شرط الشيخين .سليمان :هو بن طرخان التيمي، وأبو عثمان :هو عبد الرحمن بن مَلّ. وأخرجه أحمد 4/423، والبيهقي 5/254 من طريق يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/421 و423، ومسلم "2596" في البر والصلة :باب النهي عن لعن الدواب وغيرها ,من طرق عن سليمان التيمي، به.

نبی اکرم ﷺ کو دیکھا' تو یہ کہنے لگی اٹھوا ے اللہ اس پر لعنت کر' اے اللہ! اس پر لعنت کر۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہمارے ساتھ کوئی ایسی سواری نہیں رہے گی' جس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے لعنت ہوئی ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ کا اس سواری کو چھوڑ دینے کا حکم دینا جس پر لعنت کی گئی تھی اس میں یہ حکم پوشیدہ ہے' جو اس کا سبب ہے اور وہ یہ کہ لعنت کرنے والے کی دعا مستجاب نہ ہو جائے' تو جب لعنت کرنے والے کی دعا کے مستجاب ہونے کے بارے میں علم ہو جائے' تو پھر ہم اسے یہ حکم دیں گے کہ وہ اس سواری کو چھوڑ دے' لیکن وحی کے منقطع ہونے کی وجہ سے اس کا علم حاصل کرنے کا امکان نہیں رہا اس لیے اب کسی کے لیے اس فعل پر عمل کرنا جائز نہیں ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ لِلنِّسَاءِ عَنْ اِكْثَارِ اللَّعْنِ، وَاِكْفَارِ الْعَشِيْرِ

خواتین کے لیے بکثرت لعنت کرنے اور شوہر کی ناشکری کرنے کی ممانعت کرنے کا تذکرہ

5744 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الذُّهْلِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ، اَخْبَرَنِيْ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَضْحًى، اَوْ فِطْرٍ اِلَى الْمُصَلَّى، فَصَلَّى ثُمَّ انْصَرَفَ، فَقَامَ، فَوَعَظَ النَّاسَ وَاَمَرَهُمْ بِالصَّدَقَةِ، قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ، تَصَدَّقُوْا ، ثُمَّ انْصَرَفَ، فَمَرَّ عَلَى النِّسَاءِ فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ، فَاِنِّيْ اَرَاكُنَّ اَكْثَرَ اَهْلِ النَّارِ ، فَقُلْنَ: وَلِمَ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ، وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيْرَ، مَا رَاَيْتُ مِنْ نَاقِصَاتِ عَقْلٍ وَدِيْنٍ اَذْهَبَ لِلُبِّ الرَّجُلِ الْحَازِمِ مِنْ اِحْدَاكُنَّ، يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ ، فَقُلْنَ لَهُ: مَا نُقْصَانُ دِيْنِنَا وَعَقْلِنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلَيْسَ شَهَادَةُ الْمَرْاَةِ مِثْلَ نِصْفِ شَهَادَةِ الرَّجُلِ ؟ قُلْنَ: بَلٰى، قَالَ: فَذَاكَ نُقْصَانُ عَقْلِهَا، اَوَ لَيْسَتْ اِذَا حَاضَتِ الْمَرْاَةُ لَمْ تُصَلِّ وَلَمْ تَصُمْ ؟ قُلْنَ: بَلٰى، قَالَ: فَذَاكَ نُقْصَانُ دِيْنِهَا ثُمَّ انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا صَارَ اِلٰى مَنْزِلِهٖ جَاءَتْ زَيْنَبُ امْرَاَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ تَسْتَاْذِنُ عَلَيْهِ، فَقِيْلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هٰذِهٖ زَيْنَبُ تَسْتَاْذِنُ عَلَيْكَ، فَقَالَ: اَيُّ الزَّيَانِبِ ؟ قِيْلَ: امْرَاَةُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: نَعَمْ، ائْذَنُوْا لَهَا ، فَاُذِنَ لَهَا، فَقَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنَّكَ اَمَرْتَنَا الْيَوْمَ بِالصَّدَقَةِ، وَكَانَ

5744- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن يحيى الذهلي، فمن رجال البخاري . ابن أبي مريم :هو سعيد. وأخرجه البخاري "304"في الحيض :باب ترك الحائض الصوم، و "1462"في الزكاة :باب الزكاة على الأقارب، و "1951"في الصوم :باب الحائض تترك الصوم والصلاة، و "2658"في الشهادات :باب شهادة النساء، ومسلم "80" في الإيمان :باب بيان نقصان الإيمان بنقص الطاعات وبيان وبيان إطلاق لفظ الكفر على غير الكفر بالله ككفر النعمة والحقوق، والبيهقي 4/235- 236، والبغوي "19"من طريق سعيد بن أبي مريم، بهذا الإسناد، مطولاً ومختصراً . وأخرجه مختصراً مسلم "889"في العيدين، والنسائي 3/187في العيدين :باب استقبال الإمام الناس بوجهه في الخطبة، وابن ماجة "1288"في إقامة الصلاة :باب ما جاء في الخطبة في العيدين، من طريق داود بن قيس، عن عياض بن عبد الله، به.

عِنْدِی حُلِیٌّ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَصَدَّقَ، فَزَعَمَ ابْنُ مَسْعُودٍ اَنَّهُ وَوَلَدَهُ اَحَقُّ مَنْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ.

زَوْجُكِ وَوَلَدُكِ اَحَقُّ مَنْ تَصَدَّقْتِ بِهِ عَلَيْهِمْ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید الاضحیٰ یا عید الفطر کے موقع پر عید گاہ کی طرف تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ختم کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو وعظ و نصیحت کرتے ہوئے انہیں صدقہ کرنے کا حکم دیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے لوگو صدقہ کرو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے مڑے اور خواتین کے پاس تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے خواتین کے گروہ تم لوگ صدقہ کرو کیونکہ میں نے دیکھا ہے جہنم میں اکثریت تم خواتین کی ہے ان خواتین نے دریافت کیا: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اس کی وجہ کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ لعنت کثرت سے کرتی ہو اور شوہر کی ناشکری کرتی ہو اے خواتین کے گروہ میں نے ایسی کوئی مخلوق نہیں دیکھی جو عقل اور دین کے اعتبار سے ناقص ہونے کے باوجود سمجھ دار اور تجربہ کار آدمی کی عقل کو رخصت کر دیتی ہے ان خواتین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہمارے دین اور عقل میں کیا کمی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا ایک عورت کی گواہی مرد کی گواہی کا نصف نہیں ہوتی۔ ان خواتین نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ان کی عقل کی کمی کی وجہ سے ہے کیا جب عورت حائضہ ہوتی ہے تو وہ نماز اور روزہ ترک نہیں کر دیتی ان خواتین نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ان کے دین کی کمی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے مڑے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر کی طرف روانہ ہو گئے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی اہلیہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! سیدہ زینب رضی اللہ عنہا اندر آنا چاہ رہی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کون سی زینب۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں اس خاتون کو اندر آنے دو اس خاتون کو اندر آنے کی اجازت دی گئی اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے آج ہمیں صدقہ کرنے کا حکم دیا میرے پاس کچھ زیورات ہیں میں نے انہیں صدقہ کرنے کا ارادہ کیا' تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ خیال ہے' وہ اور ان کی اولاد اس بات کے زیادہ حقدار ہیں' میں یہ زیورات ان پر صدقہ کروں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے' تمہارا شوہر اور تمہاری اولاد اس بات کے زیادہ حق دار ہیں' تم ان پر صدقہ کرو۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ لَعْنِ الْمَرْءِ الرِّيَاحَ، لِاَنَّهَا مَامُورَةٌ، تَاْتِی بِالْخَيْرِ وَالشَّرِّ مَعًا

اس بارے میں ممانعت کا تذکرہ' آدمی ''ہوا'' پر لعنت کرے کیونکہ وہ حکم کی پابند ہوتی ہے' وہ بھلائی اور برائی دونوں چیزیں لاتی ہے

5745 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو قُدَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ،

قَالَ: حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِى الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا، لَعَنَ الرِّيحَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَلْعَنِ الرِّيحَ، فَاِنَّهَا مَامُورَةٌ، وَلَيْسَ اَحَدٌ يَلْعَنُ شَيْئًا لَيْسَ لَهُ بِاَهْلٍ اِلَّا رَجَعَتْ عَلَيْهِ اللَّعْنَةُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں ہوا پر لعنت کی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ہوا پر لعنت نہ کرو کیونکہ وہ حکم کی پابند ہے' جب بھی کوئی شخص کسی ایسی چیز پر لعنت کرے جو لعنت کی اہل نہ ہو' تو وہ لعنت اس کرنے والے کی طرف واپس آجاتی ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّلْعَنَ الْمَرْءُ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ دُوْنَ اَنْ يَّاْتِيَ بِمَعْصِيَةٍ تَسْتَوْجِبُ مِنْهُ اِيَّاهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے مسلمان بھائی پر لعنت کرے' ماسوائے اس کے' اس دوسرے شخص نے کسی ایسے گناہ کا ارتکاب کیا ہو' جس کی وجہ سے اس پر لعنت کرنا لازم ہو جائے

5746 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى مَعْشَرٍ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ عَبْدُ الْمَلِكِ يُرْسِلُ اِلَى اُمِّ الدَّرْدَاءِ، قَالَ: وَرُبَّمَا بَاتَتْ عِنْدَهُ، قَالَ: فَدَعَا عَبْدُ الْمَلِكِ خَادِمًا فَاَبْطَاَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ الْعَنْهُ، فَقَالَتْ: لَا تَلْعَنْهُ، فَاِنِّى سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَاءِ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ اللَّعَّانِيْنَ لَا يَكُوْنُوْنَ شُهَدَاءَ، وَلَا شُفَعَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

زید بن اسلم بیان کرتے ہیں: عبدالملک نے سیدہ ام درداء رضی اللہ عنہا کی طرف پیغام بھیجا۔ راوی بیان کرتے ہیں: وہ

5745- أبو قدامة هو - فيما إرجح - عبيد الله بن سعيد بن يحيى بن برد اليشكرى مولاهم، خرج حديثه الشيخان، وهو متفق على إمامته وحفظه وإتقانه، قال المؤلف فى "ثقاته :8/406 "حدثنا عنه شيوخنا ابن خزيمة ومحمد بن إسحاق الثقفى وغيرهما. ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين أيضاً .أبو العالية :هو رفيع بن مهران الرياحى . وأخرجه أبو داود "4908"فى الأدب :باب فى اللعنة، والترمذى "1978"فى البر والصلة :باب ما جاء فى اللعنة، والطبرانى "12757"من طريق زيد بن أخزم، عن بشر بن عمر، بهذا الإسناد .وقال الترمذى :هذا حديث حسن غريب. وأخرجه أبو داود "4908"عن مسلم بن إبراهيم، عن أبان بن يزيد، به.

5746- إسناده قوى، مخلد بن مالك :هو ابن شيبان القرشى، روى له النسائى فى "مسند على"، قال أبو حاتم :شيخ، وقال أبو زرعة لا بأس به، وذكره المؤلف فى "الثقات"، وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم "85" "2598" فى البر والصلة :باب النهى عن لعن الدواب وغيرها، عن سويد بن سعيد، عن حفص بن ميسرة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد6/448، وعبد الرزاق "19530"، والبخارى فى "الأدب المفرد "316" "، ومسلم "85" "2598"و"86"، وأبو داود "4907"فى الأدب :باب ما جاء فى اللعن، والحاكم 1/48، والبيهقى10/193، والبغوى "3556"من طرق عن زيد بن أسلم، به. وأخرجه مسلم"86" "2598"، وأبو داود "4907"، والحاكم 1/48من طريق هشام بن سعد، عن أبى حازم، عن أم الدرداء، به.

خاتون بعض اوقات ان کے ہاں قیام بھی کر لیتی تھیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: عبدالملک نے اپنے خادم کو بلوایا اسے آنے میں دیر ہو گئی' تو عبدالملک نے کہا: اے اللہ اس پر لعنت کر دے۔ اس خاتون نے کہا: تم اس پر لعنت نہ کرو کیونکہ میں نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہوئے سنا ہے:

''بے شک لعنت کرنے والے لوگ قیامت کے دن نہ' تو شہید ہوں گے' اور نہ شفیع ہوں گے۔''

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ تَرْكُ اللَّعْنِ عَلَى الْمُنَافِقِينَ فِي قُنُوتِهِ، إِذَا كَانَ مِمَّنْ يَفْعَلُ ذٰلِكَ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ دعائے قنوت میں منافقین پر لعنت کو ترک کر دے' حالانکہ آدمی پہلے ایسا کرتا رہا ہو

5747 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ حِينَ رَفَعَ رَأْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ: رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ فِي الرَّكْعَةِ الْآخِرَةِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ الْعَنْ فُلَانًا، وَفُلَانًا، وَدَعَا عَلٰى أُنَاسٍ مِنَ الْمُنَافِقِينَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ) (آل عمران: **128**)

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فجر کی نماز میں رکوع سے سر اٹھانے کے بعد یہ کہتے ہوئے سنا۔

''اے ہمارے پروردگار حمد تیرے لیے مخصوص ہے'' یہ دوسری رکعت کی بات ہے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہا۔

''اے اللہ فلاں پر لعنت کر اور فلاں پر لعنت کر۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقین سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں کے خلاف دعائے ضرر کی' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''تمہارا اس معاملے سے کوئی واسطہ نہیں ہے خواہ اللہ تعالیٰ انہیں توبہ کی توفیق دے یا انہیں عذاب دے بے شک وہ ظالم ہیں۔''

5747- حديث صحيح، ابن أبي السرى -هو محمد بن المتوكل العسقلاني وقد توبع ومن فوقه على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 2/147، والنسائي 2/203في الصلاة :باب لعن المنافقين في القنوت، من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/147، والبخاري "4069"في المغازي :باب (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ) ، و "4559"في تفسير آل عمران: باب (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ) ، "7342"في الإعتصام :باب (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ) ،والبيهقي 2/198و207، والبغوي في "تفسيره1/350 "، من طريق ابن المبارك، عن معمر، به. وأخرجه أحمد 2/93، والطبري "7819"من طريق عمر بن حمزة، عن سالم، به. وأخرجه البخاري "4070"من طريق حنظلة بن أبي سفيان، عن سالم مرسلاً. وأخرجه أحمد 2/104و118، والترمذي "3005"في التفسير :باب ومن سورة آل عمران، والطبري "7818"من طريق نافع، عن ابن عمر.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْمَرْءَ بِالْمَعْصِيَةِ لَا يَجِبُ اَنْ يُّلْعَنَ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے' معصیت کی وجہ سے آدمی پر لعنت کرنا لازم نہیں ہوتا

5748 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَعَنَ اللّٰهُ السَّارِقَ يَسْرِقُ الْبَيْضَةَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ، وَيَسْرِقُ الْحَبْلَ فَتُقْطَعُ يَدُهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَّكُوْنَ اَرَادَ بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخِطَابِهٖ هٰذَا بَيْضَةَ الْحَدِيْدِ اَوْ بَيْضَةَ النَّعَامَةِ الَّتِيْ قِيمَتُهَا تَبْلُغُ رُبْعَ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا، وَكَذٰلِكَ الْحَبْلُ، اَرَادَ بِهِ الْحِبَالَ الْكِبَارَ الَّتِيْ تَكُوْنُ لِلْآبَارِ الْعَمِيقَةِ الْقَعْرِ، اَوْ لِلْمَرَاكِبِ الْعَمَّالَةِ فِي الْبَحْرِ، وَذٰلِكَ اَنَّ اَهْلَ الْحِجَازِ الْغَالِبُ عَلَيْهِمُ الْآبَارُ الْعَمِيقَةُ الْقَعْرِ، وَعَلَيْهَا بَكَرَاتٌ لَهُمْ بِحِبَالِ الدِّلَاءِ تَدُوْرُ، فَتُتْرَكُ بِاللَّيْلِ عَلٰى حَالِهَا، وَهٰكَذَا حِبَالُ الْمَرَاكِبِ، لِاَنَّ الْمَرْكَبَ اِذْ اَرْسٰى رُبَّمَا طُرِحَتِ الْمَرَاسِي بِحَالِهَا بَرًّا، فَتَمُرُّ بِهِ السَّابِلَةُ، فَزَجَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْخِطَابِ مَسَّ شَيْءٍ مِّنْهَا عَلٰى سَبِيْلِ الْاِسْتِحْلَالِ دُوْنَ الْاِنْتِفَاعِ بِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ چور پر لعنت کرے جو ایک انڈہ (یا ڈھال) چوری کرتا ہے' تو اس کے نتیجے میں اس کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے وہ ایک رسی چوری کرتا ہے' تو اس کا ہاتھ کاٹ دیا جاتا ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس بات کا احتمال موجود ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس فرمان میں لفظ ''انڈہ'' کے ذریعے لوہے کا ٹکڑا مراد لیا ہو یا شتر مرغ کا انڈا مراد لیا ہو' جس کی قیمت ایک چوتھائی دینار یا اس سے زیادہ کے برابر ہوتی ہے اسی طرح رسی کے ذریعے وہ رسی لی ہو جو بڑی ہوتی ہے' جو گہرے کنوؤں میں استعمال ہوتی ہے یا سمندر میں کشتیوں وغیرہ کے لیے استعمال ہوتی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ اہل حجاز کے ہاں زیادہ تر کنویں گہرے ہوتے ہیں وہاں ڈولوں کے ساتھ جو رسیاں ہوتی ہیں وہ گھومتی رہتی ہیں انہیں رات کے وقت اسی حالت میں چھوڑ دیا جاتا ہے اسی طرح سواریوں (یا کشتیوں) کی رسیوں کا عالم ہے کیونکہ جب سواری کو چھوڑ دیا جاتا ہے' تو بعض اوقات اس کی رسیاں خشکی پر اسی عالم میں رہ جاتی ہیں' جس پر نمی والی ہوا گزرتی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

5748- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد بن مسرهد، فمن رجال البخاري. وأخرجه البخاري "6799"في الحدود :باب قول الله تعالى :(وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوا أَيْدِيَهُمَا) ، عن موسى بن إسماعيل، عن عبد الواحد بن زياد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/253، والبخاري "6783"في الحدود :باب لعن السارق إذا لم يسم، ومسلم "1687"في الحدود باب حد السرقة ونصابها، والنسائي 8/65في السارق :باب تعظيم السرقة، وابن ماجة "2583"في الحدود :باب حد السارق، والبيهقي8/258، والبغوي"2597"و "2598"من طرق عن الأعمش، به.

ان الفاظ کے ذریعے ایسی کسی بھی چیز کو چھونے سے منع کیا ہے' جب کہ آدمی اسے ذاتی ملکیت میں لے' اس سے یہ مراد نہیں ہے' اس سے نفع حاصل کرنے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى مَعَ سَائِرِ الْاَنْبِيَاءِ اَقْوَامًا مِنْ اَجْلِ اَعْمَالٍ ارْتَكَبُوْهَا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیگر انبیاء کے ہمراہ کچھ ایسے لوگوں پر لعنت کرنا جو ان لوگوں کے کیے ہوئے کچھ اعمال کی وجہ سے ہو

5749 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِى الْمَوَالِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سِتَّةٌ لَعَنْتُهُمْ، وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ وَكُلُّ نَبِيٍّ مُجَابٌ: الزَّائِدُ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ، وَالْمُكَذِّبُ بِقَدَرِ اللّٰهِ، وَالْمُسَلَّطُ بِالْجَبَرُوْتِ لِيُذِلَّ بِذٰلِكَ مَنْ اَعَزَّ اللّٰهُ، وَلِيُعِزَّ بِهٖ مَنْ اَذَلَّ اللّٰهُ، وَالْمُسْتَحِلُّ لِحَرَمِ اللّٰهِ، وَالْمُسْتَحِلُّ مِنْ عِتْرَتِىْ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ، وَالتَّارِكُ لِسُنَّتِىْ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: چھ لوگوں پر میں نے لعنت کی ہے اور ان پر اللہ تعالیٰ نے بھی لعنت کی ہے اور ہر اس نبی نے لعنت کی ہے' جس کی دعا مستجاب ہوتی ہے' ایک اللہ کی کتاب میں اضافہ کرنے والا شخص، اللہ کی تقدیر کو جھٹلانے والا شخص، ظلم کے طور پر مسلط کیے جانے والا حکمران تاکہ وہ حکومت کے ذریعے اس شخص کو ذلیل کرے جسے اللہ تعالیٰ نے عزت عطا کی ہے اور اس شخص کو عزت دے جسے اللہ تعالیٰ نے رسوا کیا ہے اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیز کو حلال قرار دینے والا شخص اور میری عترت کے بارے میں اس چیز کو حلال قرار دینے والے شخص جسے اللہ تعالیٰ نے حرام قرار دیا ہے اور میری سنت کو چھوڑنے والا شخص۔

ذِكْرُ لَعْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُذَكَّرَاتِ، وَالْمُخَنَّثِيْنَ مَعًا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مردوں کے ساتھ مشابہت رکھنے والی خواتین اور خواتین کے ساتھ مشابہت رکھنے والے مردوں پر لعنت کرنے کا تذکرہ

5749- إسناده ضعيف، عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَوْهَبٍ مختلف فيه، رواه عنه غير واحد مرسلاً. فقد أخرجه الترمذى "2154"فى القدر :باب رقم "17"، عن قتيبة، بهذا الإسناد .وقال :هكذا روى عبد الرحمن بن أبى الموال هذا الحديث عَنْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم، ورواه سفيان الثورى وحفص بن غياث وغير واحد عَنْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَوْهَبٍ، عن على بن حسين، عن النبى صلى الله عليه وسلم،مرسلاً، وهذا أصح. وأخرجه ابن أبى عاصم فى "السنة "44" "و "337"، والطحاوى فى "مشكل الآثار4/366 "، والحاكم 2/525من طرق عن عبد الرحمن بن أبى الموال، به .

5750 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَلَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ الْمُذَكَّرَاتِ مِنَ النِّسَاءِ، وَالْمُخَنَّثِينَ مِنَ الرِّجَالِ

❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کے ساتھ مشابہت رکھنے والی خواتین اور خواتین کے ساتھ مشابہت رکھنے والے مردوں پر لعنت کی ہے۔

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَشَبِّهِينَ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ، اَوِ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مردوں کے ساتھ مشابہت رکھنے والی خواتین اور خواتین کے ساتھ مشابہت اختیار کرنے والے مردوں پر لعنت کا تذکرہ

5751 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث):لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ يَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْاَةِ، وَالْمَرْاَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ

5750– حديث صحيح، محمد بن عبد الرحمن العلاف :ذكره المؤلف في "الثقات 9/98 "وقال :من أهل البصرة، يروى عن محمد بن سواء وأبي عاصم، حدثنا عنه الحسن بن سفيان وقد توبع، وباقي رجاله رجال الصحيح. سعيد :هو ابن أبي عروبة. وأخرجه أحمد 1/339، والطيالسي "2679"، والبخاري "5885"في اللباس :باب المتشبهون بالنساء والمتشبهات بالرجال، وأبو داود "4098"في اللباس :باب لباس النساء ، والترمذي "2784"في الأدب :باب ما جاء في المتشبهات بالرجال من النساء ، وابن ماجة "1904"في النكاح :باب في المخنثين، والطبراني "11823"من طرق عن قتادة، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "20433" وأحمد،1/225و227و237و254و330و365، والدارمي 2/278- 279، والبخاري "5886"في اللباس :باب إخرج المتشبهين بالنساء من البيوت، و "6834"في المحاربين :باب نفي أهل المعاصي والمخنثين، وأبو داود "4930"في الأدب :باب في الحكم في المخنثين، والترمذي "2785"، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة5/173 "، وأبو يعلى "2433"، والطبراني "11647" و "11618"و "11683و "11847"و "11848"و "11987"و "11988"و"116989"، والبيهقي 8/224من طرق عن عكرمة، به. وأخرجه الطبراني "12148"من طريق مقسم، عن ابن عباس.

5751– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سهيل بن أبي صالح، فمن رجال مسلم .أبو خيثمة :هو زهير بن حرب، وأبو عامر العقدي :هو عبد الملك بن عمرو القيسي . وأخرجه أبو داود "4098"في اللباس :باب لباس النساء ، عن أبي خيثمة زهير بن حرب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/325عن أبي عامر العقدي، به وأخرجه الحاكم 4/194من طريق زهير بن محمد، عن سهيل بن أبي صالح، به .وصححه على شرط مسلم . وأخرجه أحمد 2/287و 289عن أيوب بن النجار، عن طيب بن محمد، عن عطاء بن أبي هريرة.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص پر لعنت کی ہے' جو عورتوں کا سا لباس پہنتا ہے اور اس عورت پر لعنت کی ہے' جو مردوں کا سا لباس پہنتی ہے۔

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَشَبِّهِينَ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مشابہت اختیار کرنے والے مردوں اور خواتین پر لعنت کرنے کا تذکرہ

5752 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْخَلِيلُ بْنُ اَحْمَدَ، بِوَاسِطَ قَالَ: حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ الْكُرْدِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ سَلَمَةَ الْخُزَاعِيُّ وَسَاَلَهُ اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ يَلْبَسُ لُبْسَةَ الْمَرْاَةِ، وَالْمَرْاَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص پر لعنت کی ہے' جو عورت کا سا لباس پہنتا ہے اور اس عورت پر لعنت کی ہے' جو مردوں کا لباس پہنتی ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ النِّسَاءِ اللَّاتِي يَسْتَحِقْقَنَ اللَّعْنَ بِاَفْعَالِهِنَّ

ان خواتین کی صفت کی اطلاع کا تذکرہ' جو اپنے افعال کی وجہ سے لعنت کی مستحق بنتی ہیں

5753 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يَقُوْلُ، سَمِعْتُ عِيسَى بْنَ هِلَالٍ الصَّدَفِيَّ، وَاَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ يَقُوْلَانِ: سَمِعْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سَيَكُوْنُ فِي اٰخِرِ اُمَّتِي رِجَالٌ يَرْكَبُوْنَ عَلٰى سُرُوجٍ كَاَشْبَاهِ الرِّجَالِ، يَنْزِلُوْنَ عَلٰى اَبْوَابِ الْمَسَاجِدِ، نِسَاؤُهُمْ كَاسِيَاتٌ عَارِيَاتٌ، عَلٰى رُءُوسِهِنَّ كَاَسْنِمَةِ الْبُخْتِ الْعِجَافِ الْعَنُوهُنَّ فَاِنَّهُنَّ مَلْعُوْنَاتٌ، لَوْ كَانَ وَرَاءَكُمْ اُمَّةٌ مِنَ الْاُمَمِ خَدَمَهُنَّ نِسَاؤُكُمْ، كَمَا خَدَمَكُمْ نِسَاءُ الْاُمَمِ قَبْلَكُمْ

5752- إسناده صحيح، جابر بن كردی :روى له النسائی، وهو صدوق، وهو مكرر ما قبله.

5753- إسناده، عبد الله بن عياش بن عباس ضعفه أبو داود والنسائی، وقال أبو حاتم :ليس بالمتين، صدوق يكتب حديثه، وهو قريب من ابن لهيعة، وقال ابن يونس :منكر الحديث، ورواية مسلم له فی الشواهد، وباقی رجاله ثقات رجال الصحيح غير عيسى بن هلال، فقد روى له أبو داود والترمذی والنسائی، وهو صدوق أبو عبد الرحمن الحُبُلی :هو عبد الله بن يزيد المعافری. وأخرجه أحمد 2/223، والطبرانی مختصراً فی "الصغير "1125" "من طريق عبد الله بن المقرء، بهذا الإسناد. وأورده الهيثمی فی "المجمع 5/137 "وقال :رواه أحمد والطبرانی فی الثلاثة، ورجال أحمد رجال الصحيح.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آخری زمانے میں کچھ لوگ ہوں گے جو مردوں کی طرح زین پر سوار ہوں گے وہ مردوں* کے ساتھ مشابہت رکھتے ہوں گے وہ مسجدوں کے دروازوں پر پڑاؤ کریں گے ان کی عورتیں لباس پہننے کے باوجود برہنہ ہوں گی ان کے سروں پر بختی اونٹوں کی طرح کی کوہان (نما بالوں کے جوڑے) ہوں گے تم لوگ ان پر لعنت کرو کیونکہ وہ لعنت یافتہ ہوں گی اگر تمہارے بعد کوئی اور امت ہوتی' تو ان کی خواتین ان کی خدمت کرتیں' جس طرح تم سے پہلے کی امتوں کی خواتین تمہاری خدمت کرتی رہی ہیں۔

*(شیخ شعیب ارناؤط نے اس حدیث کے حاشیے میں یہ بات بیان کی ہے: شیخ احمد شاکر کہتے ہیں: حدیث کے یہ الفاظ کچھ مشکل ہیں' کیونکہ مردوں کو مردوں سے تشبیہ دینا بعید از فہم ہے۔ حاکم کی روایت میں تشبیہ کے الفاظ نہیں ہیں اور اس کا مفہوم واضح ہے۔)

بَابُ ذِی الْوَجْهَيْنِ

دو غلے شخص کا بیان

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّاْتِيَ الْمَرْءُ فِي الْاَسْبَابِ اَقْوَامًا بِضِدِّ مَا يَاْتِي غَيْرَهُمْ فِيهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی اپنے معمولات میں کچھ لوگوں کے پاس جائے

اوراس کے برعکس ہوکر جائے جس طرح سے وہ اس بارے میں دوسرے لوگوں کے پاس جاتا ہے(یعنی دو غلے پن کا مظاہرہ کرے)

5754 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَّزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث):اِنَّ شَرَّ النَّاسِ ذُو الْوَجْهَيْنِ، الَّذِيْ يَاْتِي هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ، وَهٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

سب سے برا شخص وہ ہے' جو دوغلا ہو جو اس کے پاس یہ رخ لے کر آئے اور اس کے پاس وہ رخ لے کر جائے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ شَرَّ النَّاسِ ذُو الْوَجْهَيْنِ اَرَادَ بِهٖ مِنْ شَرِّ النَّاسِ

''بے شک لوگوں میں سب سے برا وہ شخص ہے' جو دوغلہ ہو''

اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے:ایسا شخص برے لوگوں میں سے ایک ہے

5755 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ

5754– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الوليد :هو هاشم بن عبد الملك الطيالسي. وأخرجه أحمد 2/307و455، والبخاری "7179"فی الأحكام :باب ما يكره من ثناء السلطان وإذا خرج قال غير ذلك، ومسلم ص "99" 2011فی البر والصلة :باب ذم ذی الوجهين، من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/336و 445، والبخاری "6058"فی الأدب :باب ماقيل فی ذی الوجهين، والترمذی "2025"فی البر والصلة :باب ما جاء فی ذی الوجهين، وابن أبی الدنيا فی "الصمت"275" "، والبيهقی10/246، والبغوی "3567"من طريق أبی صالح، عن أبی هريرة.

اَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):مِنْ شَرِّ النَّاسِ ذُو الْوَجْهَيْنِ، الَّذِىْ يَاْتِىْ هَؤُلَاءِ بِوَجْهٍ، وَهَؤُلَاءِ بِوَجْهٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''برے ترین افراد میں سے ایک شخص دوغلا ہے' جواس کے پاس یہ چہرہ لے کر آتا ہےاوراس کے پاس وہ چہرہ لے کر جاتا ہے۔''

ذِكْرُ وَصْفِ عُقُوبَةِ ذِى الْوَجْهَيْنِ فِى النَّارِ، نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا

دوغلے شخص کوجہنم میں دی جانے والی سزا کا تذکرہ: ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

5756 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ حَنْظَلَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ، عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِى الدُّنْيَا كَانَ لَهُ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جوشخص دنیا میں دوغلا ہوگا قیامت کے دن اس کی آگ سے بنی ہوئی دوزبانیں ہوں گی۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ ذَا الْوَجْهَيْنِ مِنَ النَّاسِ يَكُوْنُ مِنْ شِرَارِ النَّاسِ فِىْ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' لوگوں میں سے دوغلہ شخص قیامت کے دن بدترین افراد میں سے ہوگا

5757 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ

5755- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ 2/991 "في الكلام :باب ما جاء في إضاعة المال وذى الوجهين. ومن طريق مالك أخرجه أحمد2/465و517،ومسلم ص"98" 2011، والبغوى"3566" وأخرجه أحمد2/245، وأبو داود "4872"في الأدب :باب في ذى الوجهين، وابن أبي الدنيا "276"من طريق سفيان، عن أبي الزناد، به وانظر الحديث "5754"و."5757"

5756- إسناده حسن، شريك ـ وهو ابن عبد الله النخعي القاضي ـ حديثه حسن في الشواهد، وهذا منها، وباقي رجاله ثقات. ونقل في "التهذيب "في ترجمة نعيم بن حنظلة عن على ابن المدينى أنه قال في الحديث :إسناده حسن، ولايحفظ عن عمار عن النبي صلى الله عليه وسلم إلا من هذا الطريق، وحسنه الحافظ العراقي أيضاً في "تخريج الإحياء 3/158 "والحديث في "مسند أبي يعلى"1620" "، وهو في "مصنف أبي شيبة "أيضاً 8/558 وأخرجه أبو داود "4873"في الأدب :باب في ذى الوجهين، عن أبي بكر بن أبي شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "644"، والدارمي 2/321، والبخاري في "الأدب المفرد"1310" "، وأبو يعلى "1637"، وابن أبي الدنيا في "الصمت"274" "، والبيهقي 10/246من طريق عن شريك، به. وأخرجه البغوى في "الجعديات"2412" "، ومن طريقه أبو محمد البغوى في "شرح السنة "3568" "عن على بن الجعد، عن شريك، به .موقوفاً وله شاهد من حديث أنس يصح به، عند أبي يعلى "2771"

وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): تَجِدُونَ النَّاسَ مَعَادِنَ، فَخِيَارُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ خِيَارُهُمْ فِي الْإِسْلَامِ إِذَا فَقِهُوا، وَتَجِدُونَ خَيْرَ النَّاسِ فِي هَذَا الْأَمْرِ أَكْرَهَهُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ يَقَعَ فِيهِ، وَتَجِدُونَ مِنْ شَرِّ النَّاسِ ذَا الْوَجْهَيْنِ، الَّذِي يَأْتِي هَؤُلَاءِ بِوَجْهٍ، وَهَؤُلَاءِ بِوَجْهٍ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم لوگوں کو معدنیات کی شکل میں پاؤ گے ان میں سے زمانہ جاہلیت میں جو لوگ اچھے تھے وہ اسلام میں بھی اچھے شمار ہوں گے جبکہ وہ (دینی احکام کی) سمجھ بوجھ حاصل کر لیں اور اس معاملے کے بارے میں تم لوگوں میں سب سے بہتر اس شخص کو پاؤ گے جو اسے سب سے زیادہ ناپسند کرتا ہو اس سے پہلے کہ وہ اس میں مبتلا ہو جائے اور تم لوگوں میں سب سے زیادہ برا دوغلے شخص کو پاؤ گے جو ان لوگوں کے پاس ایک چہرہ لے کر آتا ہے اور ان کے پاس اس چہرے کے ساتھ جاتا ہے۔''

5757- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم. ابن وهب: هو عبد الله. وأخرجه مسلم "2526" في فضائل الصحابة: باب خيار الناس، و "100" "2526" ص 2011 في البر والصلة: باب ذم ذي الوجهين وتحريم فعله، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/524- 525 عن وهب بن جرير، عن أبيه، عن يونس، به. وأخرجه البخاري "3493" و "3494" في المناقب: باب قول الله تعالى: (يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثَى)، ومسلم "2526" و "100" "2526" ص 2011 من طريق أبي زرعة، عن أبي هريرة. وأخرجه البخاري "3459"، و "3587" في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، ومسلم "2526" من طريق أبي الزناد، عن الأعرج، عن أب هريرة، مختصراً. وأخرج الجملة الأولى منه البخاري "3353" في الأنبياء: باب قول الله تعالى (وَاتَّخَذَ اللَّهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلاً)، و: "3374" باب (أَمْ كُنْتُمْ شُهَدَاءَ إِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ)، و: "3383" باب قول الله تعالى: (لَقَدْ كَانَ فِي يُوسُفَ وَإِخْوَتِهِ آيَاتٌ لِلسَّائِلِينَ)، و "4689"، في التفسير: باب (لَقَدْ كَانَ فِي يُوسُفَ وَإِخْوَتِهِ آيَاتٌ لِلسَّائِلِينَ)، من طريق عبيد الله، عن سعيد بن أبي سعيد، عن أبي هريرة. وزاد البخاري في "3353" بعد سعيد بن أبي سعيد: عن أبيه. وانظر الحديث رقم "5754" و "5755"

بَابُ الْغِيبَةِ

باب! غیبت کا بیان

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْفَصْلِ بَيْنَ الْغِيبَةِ وَالْبُهْتَانِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' غیبت اور بہتان کے درمیان میں کیا فرق ہے

5758 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): أَتَدْرُونَ مَا الْغِيبَةُ؟ قَالُوا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: أَنْ تَذْكُرَ أَخَاكَ بِمَا فِيهِ، قَالَ: أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ فِي أَخِي مَا ذَكَرْتُ؟ قَالَ: إِنْ كَانَ فِيهِ مَا ذَكَرْتَ فَقَدِ اغْتَبْتَهُ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ مَا ذَكَرْتَ فَقَدْ بَهَتَّهُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کیا تم لوگ جانتے ہو غیبت کیا ہے لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کہ تم اپنے بھائی کا ذکر اس میں موجود خامی کے ہمراہ کرو (لوگوں نے) عرض کی: اس بارے میں اس کی آپ کی کیا رائے ہے' اگر وہ چیز واقعی میرے بھائی میں موجود ہو' جس کا میں نے ذکر کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر وہ چیز واقعی اس میں موجود ہو' جس کا تم نے ذکر کیا ہے' تو تم نے اس کی غیبت کی اور تم نے جس کا ذکر کیا ہے اگر وہ اس میں موجود نہ ہو' تو پھر تم نے اس پر بہتان لگایا۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ صِيَانَةِ أَخِيهِ الْمُسْلِمِ بِتَحَفُّظِ لِسَانِهِ عَنِ الْوَقِيعَةِ فِيهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی پر یہ بات لازم ہے' وہ اپنی زبان کو اپنے مسلمان بھائی کے بارے میں استعمال کرنے سے حفاظت کر کے اپنے مسلمان بھائی کی عزت کو محفوظ رکھے

5758- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير العلاء وأبيه فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 2/230 و 458عن محمد بن جعفر، بهذا الإسناد . وأخرجه البغوى "3561"من طريق عثمان بن عمر، عن شعبة، به، مختصراً. وأخرجه أحمد 2/384و 386، والدارمى 2/297، وأبو داود "4874"فى الأدب :باب فى الغيبة، والترمذى "1934"فى البر والصلة : باب ما جاء فى الغيبة، من طريقين عن العلاء ، به .وقال الترمذى :حديث حسن صحيح=.

5759 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَتَدْرُونَ مَا الْغِيبَةُ؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: ذِكْرُكَ اَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ، قَالَ: اَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ فِي اَخِي مَا اَقُولُ؟ قَالَ: فَاِنْ كَانَ فِيهِ مَا تَقُولُ فَقَدِ اغْتَبْتَهُ، وَاِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهِ فَقَدْ بَهَتَّهُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کیا تم لوگ جانتے ہو غیبت سے مراد کیا ہے لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا اپنے بھائی کا اس چیز کے ہمراہ ذکر کرنا جسے وہ ناپسند کرتا ہو۔ سائل نے عرض کیا: آپ کی کیا رائے ہے؟ اگر میرے بھائی میں وہ چیز واقعی موجود ہو جو میں نے بیان کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اس میں وہ چیز موجود ہو جو تم نے بیان کی ہے' تو یوں تم نے اس کی غیبت کی اور اگر وہ اس میں نہ ہو' تو تم نے اس پر بہتان لگایا''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جَوَازِ ذِكْرِ تَتَبُّعِ الْمَرْءِ عُيُوبَ اَخِيهِ الْمُسْلِمِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آدمی کا اپنے مسلمان بھائی کے عیوب کی جستجو کرنا جائز نہیں ہے

5760 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلَى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): اِنَّكَ اِنِ اتَّبَعْتَ عَوْرَاتِ النَّاسِ اَفْسَدْتَهُمْ، اَوْ كِدْتَ اَنْ تُفْسِدَهُمْ

قَالَ: يَقُولُ اَبُو الدَّرْدَاءِ: كَلِمَةٌ سَمِعَهَا مُعَاوِيَةُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا

❀❀ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

5759- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله. وأخرجه مسلم "2589" في البر والصلة: باب تحريم الغيبة، والبغوي "3560"، والبيهقي في "السنن 10/247"، ومن "الآداب "154" "من طرق عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد.

(متن حدیث): اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ صُوْرَةٌ قَالَ بُسْرٌ: ثُمَّ اشْتَكَى فَعُدْنَاهُ، فَاِذَا عَلَى بَابِهِ سِتْرٌ، وَاِذَا فِيهِ صُوْرَةٌ، فَقُلْتُ لِعُبَيْدِ اللّٰهِ الْخَوْلَانِيِّ: اَلَمْ يُخْبِرْنَا، وَيَدَعُ الثَّوْبَ؟ قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: اَلَمْ تَسْمَعْهُ؟ قَالَ: اِلَّا رَقْمًا فِي ثَوْبٍ؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر موجود ہو۔''

بسر نامی راوی بیان کرتے ہیں: بعد میں وہ بیمار ہو گئے ہم ان کی عیادت کرنے کے لیے گئے تو ان کے دروازے پر ایک پردہ لٹکا ہوا تھا جس میں تصویر بنی ہوئی تھی میں نے عبیداللہ خولانی سے کہا: کیا انہوں نے ہمیں (تصویر کے بارے میں) حدیث نہیں سنائی تھی اور یہ کپڑا انہوں نے لگا دیا ہے' تو عبیداللہ نے کہا: کیا تم نے انہیں یہ کہتے ہوئے نہیں سنا تھا کہ کپڑے پر نقش و نگار کا حکم مختلف ہے (یعنی اس کی اجازت ہے)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ: اِلَّا رَقْمًا فِي ثَوْبٍ مِّنْ كَلَامِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا مِنْ كَلَامِ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ یہ الفاظ ''ماسوائے اس نقش و نگار کے جو کپڑے میں ہوں''

5850- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد ـ وهو ابنُ خالد بن يزيد بن وهب ـ فروى له أصحاب السنن، وهو ثقة. وأخرجه أحمد 4/28، والبخارى "5958" فى اللباس: باب من كره القعود على الصور، ومسلم "85" "2106" فى اللباس: باب تحريم تصوير صورة الحيوان، وأبو داود "4155" فى اللباس: باب فى الصور، والنسائى 8/212 فى الزينة: باب التصاوير، والبيهقى 7/217، والبغوى "3222" من طريق عن الليث، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى "3226" فى بدء الخلق: باب إذا قال أحدكم: آمين، ومسلم "86" "2106"، والطحاوى 4/285، والبيهقى 7/271 من طريق عمرو بن الحارث عن بكير، به. وانظر الحديث رقم "5444" و "5851" و "5855".

یہ نبی اکرم ﷺ کے کلام کا حصہ ہیں یہ زید بن خالد کے کلام کا حصہ نہیں ہیں

5851 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ، مَوْلٰى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ دَخَلَ عَلٰى اَبِيْ طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيِّ يَعُوْدُهُ، قَالَ: فَوَجَدْنَا عِنْدَهُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ، قَالَ: فَدَعَا اَبُوْ طَلْحَةَ اِنْسَانًا، فَنَزَعَ نَمَطًا تَحْتَهُ، فَقَالَ لَهُ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ: لِمَ تَنْزِعُهُ؟ فَقَالَ: اِنَّ فِيْهِ تَصَاوِيْرَ، وَقَدْ قَالَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَدْ عَلِمْتَ، فَقَالَ سَهْلٌ: اَلَمْ يَقُلْ: اِلَّا مَا كَانَ رَقْمًا فِيْ ثَوْبٍ؟ قَالَ: بَلٰى، وَلٰكِنَّهُ اَطْيَبُ لِنَفْسِيْ

✿✿ عبیداللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: وہ حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ان کی عیادت کرنے کے لیے گئے راوی کہتے ہیں: تو ہم نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو ان کے پاس پایا راوی کہتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو بلایا اس نے ان کے نیچے سے بچھونا نکال لیا' تو حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا آپ نے اسے کیوں نکالا ہے انہوں نے بتایا اس میں تصویریں بنی ہوئی ہیں اور ان کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے جو بات ارشاد فرمائی وہ آپ جانتے ہیں' تو حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا نبی اکرم ﷺ نے یہ نہیں فرمایا کپڑے پر بنے ہوئے نقش ونگار کا حکم مختلف ہے' تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں' لیکن میں اپنے اطمینان کے لیے (اسے بھی نکال رہا ہوں)

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِيْنَ يُصَوِّرُوْنَ الْاَشْيَاءَ

نبی اکرم ﷺ کا ان لوگوں پر لعنت کرنے کا تذکرہ' جو اشیاء کی تصویریں بناتے ہیں

5852 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا

5851– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو النضر :هو سالم بن أبى أمية التيمي.وهو فى "الموطأ 2/966 "فى الاستئذان :باب ما جاء فى الصور والتماثيل، ومن طريقه أخرجه النسائى 8/212، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار .4/285 " وأخرجه الطحاوى 4/285عن ابن إسحاق، عن أبى النضر بهذا الإسناد، وانظر الحديث رقم "5444"و "5850"و "5855"سرت، فسألته.

5852– إسناده صحيح على شرط الشخين.وأخرجه الطبرانى "296"/22عن أبى خليفة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسى "1043"، وأحمد 4/308و 309، والبخارى "2086"فى البيوع :باب موكل الربا، "2238"باب ثمن الكلب، "5347"فى الطلاق :باب مهر البغى والنكاح الفاسد، "5945"فى اللباس :باب الواشمة، و "5962"باب لعن المصور، وأبو داود "3383" فى البيوع :باب فى أثمان الكلب ,وأبو يعلى "89"، والطبرانى "295"/22، والبيهقى 6/6، والبغوى "2039"من طرق عن شعبة، به.وأخرجه أحمد 4/309، والطبرانى 22/287من طريق يزيد بن زياد بن أبى الجعد، عن عون أبى جحفة، به، وختصراً . وأخرجه الطبرانى "272" /22، و "273"من طريق عبد الجبار بن العباس، و "284"من طريق كامل أبى العلاء ، و "298"من طريق محمد بن جابر، ثلاثتهم عن عون، به .وأخرجه "299"/22من طريق أيوب بن جابر، عن عون، عن أبيه قال :كان لنا غلام حجام، فهنانا النبى صلى الله عليه وسلم عن أن نأكل من كسبه شيئاً، وانظر ."4939"

عَوْنُ بْنُ اَبِیْ جُحَیْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَیْتُ اَبِیْ اشْتَرَی حَجَّامًا، فَاَتَی بِمَحَاجِمِهٖ فَکُسِرَتْ، فَسَاَلْتُهٗ عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی عَنْ ثَمَنِ الدَّمِ، وَثَمَنِ الْكَلْبِ، وَكَسْبِ الْبَغِیِّ، وَلَعَنَ الْوَاشِمَةَ، وَالْمُسْتَوْشِمَةَ، وَآكِلَ الرِّبَا وَمُوْكِلَهٗ، وَلَعَنَ الْمُصَوِّرَ

❁❁ عون بن ابوجحیفہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے والد کو دیکھا انہوں نے پچھنے لگانے والا ایک غلام خریدا وہ اپنے پچھنے لگانے کے آلات لے کر آیا' تو انہیں توڑ دیا گیا میں نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا بے شک نبی اکرم ﷺ نے خون (یعنی پچھنے لگانے) کی قیمت کتے کی قیمت فاحشہ عورت کی آمدن (استعمال کرنے سے) منع کیا ہے اور آپ ﷺ نے جسم گودنے والی عورت اور گدوانے والی عورت، سود کھانے والے شخص اور کھلانے والے شخص پر لعنت کی ہے اور آپ ﷺ نے تصویر بنانے والے پر لعنت کی ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ الْبُيُوْتَ الَّتِیْ فِیْهَا التَّمَاثِیْلُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جہاں تصویریں ہوں

5853 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِیْ كَرِیْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحِیْمِ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَبِیْ اُنَیْسَةَ، عَنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ السَّبِیْعِیِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ جِبْرِیْلَ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَتَی النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِیْ بَیْتِ نَبِیِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتْرٌ مُصَوَّرٌ فِیْهِ تَمَاثِیْلُ، فَقَالَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْخُلْ، فَقَالَ: اِنَّا لَا نَدْخُلُ بَیْتًا فِیْهِ تَمَاثِیْلُ، فَاِنْ كُنْتَ لَابُدَّ جَاعِلًا فِیْ بَیْتِكَ، فَاقْطَعْ رُئُوْسَهَا اَوِ اقْطَعْهَا وَسَائِدَ، وَاجْعَلْهَا بُسُطًا

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے نبی اکرم ﷺ کے گھر میں ایک پردہ تھا جس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں۔ نبی اکرم ﷺ نے کہا: اندر آجائیں' تو انہوں نے عرض کی: ہم ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویریں موجود ہوں اگر آپ ﷺ نے انہیں اپنے گھر میں ضرور استعمال کرنا ہے' تو آپ ﷺ ان کے سر کاٹ دیں' یا انہیں کاٹ کر تکیے بنالیں' یا انہیں بچھونے بنالیں۔

5853– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير محمد بن وهب بن أبي كريمة، فقد روى له النسائي، وهو صدوق، وأبو إسحاق ـ إن اختلط بأخره ـ قد توبع .محمد بن سلمة :هو ابن عبد الله الباهلي، وأبو عبد الرحيم :هو خالد بن أبي يزيد بن سماك الحراني.وأخرجه النسائي 8/216في الزينة :باب ذكر أشد الناس عذابا، وعبد الرزاق "19488"، ومن طريقه ومن طريقه أحمد 2/308، والبيهقي 7/270، والبغوي "3223"من طريقين عن أبي إسحاق السبيعي، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "2112"في اللباس :باب تحريم تصوير صورة الحيوان، من طريق سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أبي هريرة مختصراً .وانظر الحديث الآتي.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ مُجَاهِدًا لَمْ يَسْمَعْ مِنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ شَيْئًا

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے'

مجاہد نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کسی بھی حدیث کا سماع نہیں کیا

5854 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِیُّ، اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِیْ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُجَاهِدًا، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِیْ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَتَانِیْ جِبْرِيْلُ، فَقَالَ: اِنِّیْ كُنْتُ اَتَيْتُكَ الْبَارِحَةَ فَلَمْ يَمْنَعْنِیْ اَنْ اَدْخُلَ الْبَيْتَ الَّذِیْ كُنْتَ فِيْهِ اِلَّا اَنَّهٗ كَانَ فِی الْبَيْتِ تِمْثَالُ رَجُلٍ، وَكَانَ فِی الْبَيْتِ سِتْرٌ فِيْهِ تَمَاثِيْلُ، وَكَانَ فِی الْبَيْتِ كَلْبٌ، فَاَمَرَ بِرَاْسِ التِّمْثَالِ اَنْ يُّقْطَعَ، وَاَمَرَ بِالسِّتْرِ الَّذِیْ فِيْهِ التِّمْثَالُ اَنْ يُّقْطَعَ رَاْسُ التِّمْثَالِ، وَجُعِلَ مِنْهُ وِسَادَتَانِ، وَاَمَرَ بِالْكَلْبِ فَاُخْرِجَ، وَكَانَ الْكَلْبُ جَرْوًا لِلْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ تَحْتَ نَضَدٍ لَهُمْ، قَالَ: ثُمَّ اَتَانِیْ جِبْرِيْلُ، فَمَا زَالَ يُوْصِيْنِیْ بِالْجَارِ، حَتّٰی ظَنَنْتُ اَنَّهٗ سَيُوَرِّثُهٗ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جبرائیل میرے پاس آئے اور انہوں نے کہا: میں گزشتہ رات آپ کے پاس آیا تھا' لیکن میں اس لیے آپ کے گھر میں داخل نہیں ہوسکا کیونکہ گھر میں آدمی کی تصویر موجود تھی (راوی کہتے ہیں:) گھر میں ایک پردہ تھا جس میں تصویر بنی ہوئی تھی اور گھر میں ایک کتا بھی تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تصویر کے سر کے بارے میں حکم دیا کہ اسے کاٹ دیا جائے اور جس پردے میں تصویریں بنی ہوئی تھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں حکم دیا کہ اس میں تصویروں کے سر کاٹ دیئے جائیں اور اس کپڑے کے ذریعے تکیے بنا لیے جائیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت کتے کو باہر نکال دیا گیا وہ کتے کا بچہ تھا جس کے ساتھ حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما کھیلا کرتے تھے وہ ان کے پلنگ کے نیچے تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں پھر جبرائیل میرے پاس آئے اس کے بعد وہ مسلسل مجھے پڑوسی کے بارے میں تلقین کرتے رہے' یہاں تک کہ مجھے یوں محسوس ہوا کہ وہ اسے وارث قرار دے دیں گے۔

5854- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يونس بن أبي إسحاق، فمن رجال مسلم، وهو صدوق. وأخرجه أحمد 2/305و478، وأبو داود "4158"في اللباس :باب في الصور، والترمذي "2806"في الأدب :باب ما جاء إن الملائكة لا تدخل بيتا فيه صورة ولا كلب، والبيهقي 7/270من طرق عن يونس بن أبي إسحاق، بهذا الإسناد. وانظر الحديث السابق، وحديث رقم ."512"

ذِكْرُ نَفْيِ دُخُولِ الْمَلَائِكَةِ الْمَوَاضِعَ الَّتِي فِيهَا الصُّوَرُ وَالْكِلَابُ

فرشتوں کے ایسی جگہ پر داخل ہونے کی نفی کا تذکرہ جہاں تصویر یا کتا موجود ہو

5855 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهٗ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا طَلْحَةَ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُوْرَةٌ

✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر موجود ہو۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ قَوْلَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ صُوْرَةٌ، وَلَا كَلْبٌ اَرَادَ بِهٖ بَيْتًا يُوحٰى فِيهِ، لَا كُلَّ الْبُيُوْتِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان:

''فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر یا کتا موجود ہو'' اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: اس گھر میں وحی کی جاتی ہو اس کے ذریعے تمام گھر مراد نہیں ہیں

5856 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ،

5855- إسناده صحيح على شرط مسلم .رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة فمن رجال مسلم .عبيد الله بن عبد الله: هو ابن عتبة بن مسعود الهذلي .وأخرجه مسلم "84" "2106"من طريق أبي الطاهر، عن ابن وهب، به .وأخرجه الطيالسي "1228"، والحميد "431"، وابن أبي شيبة 8/478، وأحمد 4/28و29، والبخاري "3225"في بدء الخلق :باب إذا قال أحدكم " :آمين"، و "3322"إذا وقع الذباب في شراب أحدكم فليغمسه، و "4002"في المغازي :باب 12، و "2804"في الأدب :باب التصاوير، ومسلم "83" "2106"و"84"، والترمذي "2804"في الأدب :باب ما جاء أن الملائكة لا تدخل بيتاً فيه صورة ولا كلب، والنسائي 7/185- 186في الصيد والذبائح :باب امتناع الملائكة من دخول بيت فيه كلب، و 8/212 في الزينة :باب التصاوير، وابن وابن ماجة "3649"في اللباس :باب الصور في البيت، وأبو يعلى "1430"،

5856- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم.وأخرجه مسلم "2105"في اللباس :باب تحريم تصوير صورة الحيوان، والبيهقي 1/242من طريق حرملة بن يحيى، بهذا الإسنادوأخرجه أبو داود "4157"في اللباس :باب في الصور، والبيهقي 1/242و 243من طريقين عن ابن وهب، به وأخرجه الطبراني "1047"/23 من طريق الليث، عن يونس، به .وأخرجه أحمد 6/330، والنسائي 7/186في الصيد :باب امتناع الملائكة من دخول بيت فيه كلب، والطبراني "1047"/23و "32"/24من طرق عن الزهري، به.وأخرجه الطبراني "1046"/23، والبيهقي 1/243

اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنِ ابْنِ السَّبَّاقِ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَخْبَرَتْنِي مَيْمُونَةُ، زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْبَحَ يَوْمًا وَاجِمًا، قَالَتْ مَيْمُونَةُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اسْتَنْكَرْتُ هَيْئَتَكَ مُنْذُ الْيَوْمِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ جِبْرِيلَ كَانَ وَعَدَنِي اَنْ يَلْقَانِيَ اللَّيْلَةَ فَلَمْ يَلْقَنِي، اَمَا وَاللّٰهِ مَا اَخْلَفَنِي، قَالَ: فَظَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَهُ ذٰلِكَ عَلٰى ذٰلِكَ، ثُمَّ وَقَعَ فِي نَفْسِهِ جِرْوُ كَلْبٍ تَحْتَ فُسْطَاطٍ لَهُ، فَاَمَرَ بِهِ فَاُخْرِجَ، ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِهِ مَاءً، فَنَضَحَ مَكَانَهُ، فَلَمَّا اَمْسٰى لَقِيَهُ جِبْرِيلُ، فَقَالَ: قَدْ كُنْتَ وَعَدْتَنِي اَنْ تَلْقَانِيَ الْبَارِحَةَ قَالَ: اَجَلْ، وَلٰكِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ، وَلَا صُورَةٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: هٰذَا هُوَ عُبَيْدُ بْنُ السَّبَّاقِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پریشان تھے سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آج آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا مزاج درست محسوس نہیں ہورہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جبرائیل نے مجھ سے یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ گزشتہ رات مجھ سے ملیں گے لیکن وہ مجھ سے نہیں ملے اللہ کی قسم وہ تو میرے ساتھ وعدہ خلافی نہیں کرتے۔ راوی بیان کرتے ہیں: وہ سارا دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی عالم میں گزار دیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذہن میں کتے کے پلے کا خیال آیا جو آپ کے پلنگ کے نیچے تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اسے باہر نکال دیا گیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک میں پانی لے کر اس جگہ پر چھڑکا جب شام ہوئی تو حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنے کے لیے آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے مجھ سے یہ وعدہ کیا تھا کہ گزشتہ رات مجھ سے ملنے کے لیے آؤ گے تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی: جی ہاں لیکن ہم (فرشتے) کسی ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا یا تصویر موجود ہو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يَدُلُّ عَلٰى اَنَّ هٰذِهِ الْاَخْبَارَ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قُصِدَ بِهَا الْمَوَاضِعُ الَّتِي فِيهَا الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُونَ غَيْرِهَا مِنَ الْمَوَاضِعِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے یہ روایات جو ہم نے ذکر کی ہیں ان کے ذریعے مقصود وہ مقامات ہیں جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم موجود ہوتے تھے دیگر مقامات مراد نہیں ہیں

5857 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ، اَخْبَرَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ زَمَنَ الْفَتْحِ وَهُوَ

5857– إسناده جيد .وأخرجه أبو داود "4156"في اللباس :باب في الصور، ومن طريقه البيهقي 7/268 عن الحسن بن الصباح، بهذا الإسناد.وفي الباب عن ابن عباس، وسيأتي برقم ."5861"

بِالْبَطْحَاءِ اَنْ يَّأْتِيَ الْكَعْبَةَ فَيَمْحُوَ كُلَّ صُوْرَةٍ فِيْهَا، فَلَمْ يَدْخُلْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى مُحِيَتْ كُلُّ صُوْرَةٍ فِيْهَا

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو فتح مکہ کے موقع پر بطحاء میں یہ حکم دیا کہ وہ خانہ کعبہ کے پاس آئیں اور اس میں موجود ہر تصویر کو مٹا دیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر اس وقت تک داخل نہیں ہوئے جب تک اس میں موجود تمام تصویریں مٹا نہیں دی گئیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ دُخُوْلِ الْمَلَائِكَةِ الْبُيُوْتَ الَّتِيْ فِيْهَا الصُّوَرُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس گھر میں تصویریں موجود ہوں

5858 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ دَخَلَ الْبَيْتَ وَجَدَ فِيْهِ صُوْرَةَ اِبْرَاهِيْمَ وَصُوْرَةَ مَرْيَمَ، قَالَ: اَمَّا هُمْ لَقَدْ سَمِعُوْا اَنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ، هٰذَا اِبْرَاهِيْمُ مُصَوَّرٌ، فَمَا بَالُهُ يَسْتَقْسِمُ؟

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب خانہ کعبہ کے اندر داخل ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس میں حضرت ابراہیم علیہ السلام اور سیدہ مریم رضی اللہ عنہا کی تصویریں ملیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے تو یہ لوگ یہ بات جانتے ہیں فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر موجود ہو یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی تصویر موجود ہے یہ بھلا کب پانسہ کھیلا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ تَرْكِ التَّصْوِيْرِ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا عَلٰى شَيْءٍ مِّنَ الْاَشْيَاءِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ آدمی پر یہ بات لازم ہے وہ اس دنیا میں کسی بھی چیز کی تصویر کو ترک کر دے (یعنی کسی بھی چیز کی تصویر نہ بنائے)

5859 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، قَالَ:

5858– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم .بكير :هو عبد الله بن الأشج.وأخرجه أحمد 1/277، والبخاري "3351"في الأنبياء :باب قول الله تعالى :(وَاتَّخَذَ اللّٰهُ إِبْرَاهِيمَ خَلِيلًا) ،والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة5/201 "، والطحاوي 4/282والطبراني في "الكبير"12171" "، والبيهقي 5/158من طريق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "12198"من طريق ابن لهيعة، عن بكير، به وانظر الحديث رقم ."5861"

(متن حدیث): دَخَلْتُ اَنَا وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ دَارًا لِسَعِيْدٍ، اَوْ لِمَرْوَانَ، فَرَاٰى مُصَوِّرًا يُصَوِّرُ فِي الْجِدَارِ، فَقَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: مَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ كَخَلْقِي؟ فَلْيَخْلُقُوْا حَبَّةً، اَوْ لِيَخْلُقُوْا ذَرَّةً

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلْيَخْلُقُوْا حَبَّةً، اَوْ لِيَخْلُقُوْا ذَرَّةً، مِنْ اَلْفَاظِ الْاَوَامِرِ الَّتِي مُرَادُهَا التَّعْجِيزُ

ابوزرعہ بیان کرتے ہیں: میں اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سعید یا شاید مروان (نامی حکمران) کے گھر میں داخل ہوئے' تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے دیوار پر تصویر بنی دیکھی' تو انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

''اس شخص سے زیادہ ظالم اور کون ہوگا' جو میری مخلوق کی طرح تخلیق کرنے کی کوشش کرتا ہے ان لوگوں کو چاہئے کہ وہ ایک دانہ بنادیں' یا ایک ذرّہ پیدا کردیں۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: انہیں چاہئے کہ وہ ایک دانہ بنادیں' یا ایک ذرہ پیدا کردیں یہاں پہ الفاظ امر کے ہیں' لیکن اس کے ذریعے مراد یہ ہے: مقابل کو عاجز قرار دیا جائے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ تَرْكُ الدُّخُوْلِ فِي الْبُيُوْتِ الَّتِي فِيهَا سُتُوْرٌ عَلَيْهَا تَمَاثِيْلُ

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ ایسے گھر میں داخل ہونے کو ترک کردے جس میں ایسے پردے موجود ہوں' جس پر تصویریں بنی ہوئی ہوں

5860 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرًا، حَدَّثَهُ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ حَدَّثَهُ، اَنَّ اَبَاهُ، حَدَّثَهُ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهَا نَصَبَتْ سِتْرًا فِيهِ تَصَاوِيرُ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَعَهُ، قَالَتْ: فَقَطَّعْتُهُ وِسَادَتَيْنِ، فَقَالَ رَجُلٌ فِي الْمَجْلِسِ يُقَالُ لَهُ: رَبِيعَةُ بْنُ عَطَاءٍ مَوْلٰى بَنِي زُهْرَةَ: اَمَا سَمِعْتَ اَبَا مُحَمَّدٍ يَذْكُرُ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: فَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْتَفِقُ عَلَيْهِمَا؟ قَالَ ابْنُ الْقَاسِمِ: لَا، قَالَ: لٰكِنِّي قَدْ سَمِعْتُهُ يُرِيْدُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ

5859- إسناده صحيح على شرط الشيخين أبو خيثمة :هوزهير بن حرب، وجرير :هو ابن عبد الحميد، وأبو زرعة :هو ابن عمرو بن جرير البجلي .وأخرجه مسلم "2111"في اللباس :باب تحريم تصوير صورة الحيوان، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد , وأخرجه ابن أبي شيبة 8/484، والبخاري "5953"في اللباس :باب نقض الصور، و "7559"في التوحيد :باب قول الله تعالى: (وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ) ، ومسلم "2111"، والبيهقي 7/268، والطحاوي 4/283، والبغوي "3217"من طريقين عن عمارة بن القعقاع، به. وأخرجه أحمد 2/259، و391، و451و 527من طريق أبي سلمة بن عبد الرحمن، عن أبي هريرة.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے ایک پردہ لٹکایا جس میں تصویریں بنی ہوئی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں داخل ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اتار دیا سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے اسے کاٹ کر دو تکیے بنالیے۔

حاضرین میں سے ایک صاحب نے (حدیث بیان کرنے والے محدث) سے کہا: آپ نے ابومحمد کو یہ بات ذکر کرتے ہوئے نہیں سنا کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بتائی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تکیوں کے ساتھ ٹیک بھی لگائی تھی' تو قاسم کے صاحبزادے نے کہا: جی نہیں تاہم میں نے انہیں یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے قاسم کے صاحبزادے کی مراد قاسم بن محمد تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ لَا يَدْخُلَ بَيْتًا فِيْهِ صُوْرَةٌ، وَاِنْ كَانَ ذٰلِكَ الْبَيْتُ مِمَّا يُتَقَرَّبُ بِهٖ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ' آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ کسی ایسے گھر میں داخل نہ ہو جہاں تصویر موجود ہو اگرچہ وہ کوئی ایسا گھر ہو' جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کیا جاتا ہے

5861 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا رَاَى الصُّوَرَ فِي الْبَيْتِ - يَعْنِي الْكَعْبَةَ - لَمْ يَدْخُلْ، وَاَمَرَ بِهَا فَمُحِيَتْ، وَرَاَى اِبْرَاهِيمَ، وَاِسْمَاعِيلَ بِاَيْدِيهِمَا الْاَزْلَامُ، فَقَالَ: قَاتَلَهُمُ اللّٰهُ، وَاللّٰهِ مَا اسْتَقْسَمَا بِالْاَزْلَامِ قَطُّ

5860- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم "95" "2107"في اللباس :باب تحريم تصوير صورة الحيوان، والنسائي 8/214في الزينة باب التصاوير، والبيهقي 7/269من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه الطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/284 "من طريق عمرو بن الحارث، به. وأخرجه أحمد 6/103من طريق ابن لهيعة، عن بكير، به. وأخرجه الطيالسي "1433"، وأحمد 6/172و214، والبخاري "2479"في المظالم :باب هل تكسر الدنان التي فيها خمر، ومسلم "93" "2107"و"94"، والنسائي 8/213۔ 214في الزينة :باب التصاوير، وابن ماجه "3653"في اللباس :باب الصور فيما يوطأ، والطحاوي 4/284من طرق عن عبد الرحمن بن القاسم، عن أبيه، عن عائشة بنحوه وأخرجه الطحاوي 4/284 4/284من طريق ربيعة بن عطاء، عن القاسم، به ,وانظر الحديث رقم "5843"و"5845"و."5847"

5861- إسناد صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير على بن المديني وعكرمة فمن رجال البخاري. وهوفي "مصنف عبد الرزاق "19485" "، ومن طريقه أخرجه أحمد 1/365، والطبراني "11845"، والبغوي "3214" وأخرجه البخاري "3352"في الأنبياء :باب قول الله تعالى :(وَاتَّخَذَ اللّٰهُ اِبْرَاهِيمَ خَلِيلاً) ,والحاكم 2/550من طريق هشام بن يوسف، عن معمر، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/334، والبخاري "1601"في الحج :باب من كبر في نواحي الكعبة، و "4288"في المغازي :باب أين ركز النبي صلى الله عليه وسلم الراية يوم الفتح، وأبو داود "2027"في المناسك :باب في دخول الكعبة، والبيهقي 5/158، والبغوي "3815"من طريق عبد الوارث، عن أيوب بن أبي تميمة، به.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر میں (یعنی خانہ کعبہ کے اندر) تصویریں دیکھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے اندر تشریف نہیں لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت انہیں مٹا دیا گیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں تصویر دیکھی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ہاتھ میں پانسے کے تیر ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو برباد کرے اللہ کی قسم ان دونوں صاحبان نے کبھی پانسہ نہیں کھیلا۔

ذِكْرُ وَصْفِ عَدَدِ الْاَصْنَامِ الَّتِيْ كَانَتْ حَوْلَ الْكَعْبَةِ ذٰلِكَ الْيَوْمَ

بتوں کی تعداد کی صفت کا تذکرہ جو اس دن خانہ کعبہ کے اندر موجود تھے

5862 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيحٍ، عَنْ مُّجَاهِدٍ، عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ وَحَوْلَهُ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَسِتُّوْنَ صَنَمًا، فَجَعَلَ يَطْعُنُهَا بِعُوْدٍ كَانَ مَعَهُ وَيَقُوْلُ: جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں داخل ہوئے تو اس وقت اس کے اردگرد تین سو ساٹھ بت تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ میں موجود چھڑی کے ذریعے انہیں مارنا شروع کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ پڑھتے جا رہے تھے۔

حق آ گیا اور باطل رخصت ہو گیا بے شک باطل نے رخصت ہی ہونا تھا۔

5862– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو خيثمة :هو زهير بن حرب، وسفيان هو ابن عيينة، وابن أبى نجيح :هو عبد الله، وأبو معمر :هو عبد الله سخبرة . وأخرجه أحمد 1/377، والبخارى "2478"، فى المظالم :باب هل تكسر الدنان التى فيها الخمر أو تخرق الزقاق، و "4287"فى المغازى :بعاب أين ركز النبى صلى الله عليه الراية يوم الفتح، و "4720"فى تفسير سورة بنى إسرائيل :باب (وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقاً) ،ومسلم "17881"فى الجهاد :باب إزالة الأصنام من حول الكعبة، والترمذى "3138"فى التفسير :باب ومن سورة بنى إسرائيل، والنسائى فى "الكبرى "كما فى "التحفة الأشراف 7/66 "، والطبرانى "10427"، والبيهقى 6/101، والبغوى فى "شرح السنة"، "3813"، وفى "التفسير 3/133 "من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "1781"، والطبرانى فى "جامع البيان 15/152 "، والطبرانى فى "الصغير "210" "، وفى "الكبرى "10535" "من طريق عبد الرزاق، عن الثورى، عن ابن أبى نجيح، به .وقال الطبرانى فى "الصغير :"لم يروه عن سفيان الثورى إلا عبد الرزاق.

بَابُ اللَّعِبِ وَاللَّهْوِ

باب! کھیل کود (کے احکام)

ذِكْرُ جَوَازِ لَعِبِ الْمَرْأَةِ إِذَا كَانَ لَهَا زَوْجٌ وَّهِيَ غَيْرُ مُدْرِكَةٍ بِاللَّعِبِ

عورت کے لیے کھیل کے جائز ہونے کا تذکرہ جب کہ اس کا شوہر موجود ہو اور وہ عورت کھیل کے لئے مدرکہ نہ ہو

5863 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): كُنْتُ اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: فَكُنَّ يَاْتِيْنِي صَوَاحِبِي، فَكُنَّ اِذَا رَاَيْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقَمِعْنَ مِنْهُ، فَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَرِّبُهُنَّ اِلَيَّ يَلْعَبْنَ مَعِي

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں میں گڑیا کے ساتھ کھیلا کرتی تھی میری سہیلیاں میرے پاس آجاتی تھیں جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتی تھیں، تو اٹھ کر چلی جاتی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں میرے ساتھ کھیلنے کے لیے میری طرف بھیج دیتے تھے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِصِغَارِ النِّسَاءِ اللَّعِبَ بِاللُّعَبِ، وَإِنْ كَانَ لَهَا صُوَرٌ

چھوٹی عمر کی لڑکیوں کے لیے گڑیا کے ساتھ کھیلنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

5863– إسناده صحيح على شرط الشيخين .يحيى بن سعيد :هو ابن أبان الأموى . وأخرجه أحمد 6/234عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "19722"، والحميدى "260"، وأحمد 6/166و233، وابن سعد 8/58–59و61و65، والبخارى "6130"فى الأدب :باب الانبساط إلى الناس، ومسلم "2440"فى فضائل الصحابة :باب فى فضل عائشة رضى الله عنها، وأبو داود "4931"فى الأدب :باب فى اللعب بالبنات، والنسائى 6/131فى النكاح :باب البناء بابنة تسع، وابن ماجة "1982"فى النكاح :باب حسن معاشرة النساء، والطبرانى "277" "275"/23و"278"، والبيهقى 10/219 من طرق عن هشام بن عروة، به. وأخرجه ابن سعد 8/62، والطبرانى "280"/23من طريق يريد بن رومان، عن عروة، به .وانظر الأحاديث الثلاثة الآتية. وقوله" :ينقمعن "أى :يتغيبن ويستترن، و "يسربهن "أى :يرسلهن ويدفعهن إلى واستدل بهذا الحديث كما فى "الفتح 10/527 "على جواز اتخاذ صور البنات واللعب من أجل لعب البنات بهن ,وخص ذلك من عموم النهى عن اتخاذ الصور، وبه جزم عياض، ونقله عن الجمهور، وأنهم أجازوا بيع اللعب للبنات لتدريبهن من صغرهن على أمر بيوتهن وأولادهن.

اگرچہ اس کی شکل وصورت بھی ہو

5864 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ اَبِى النَّضْرِ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ عَلَيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَلْعَبُ بِاللُّعَبِ، فَرَفَعَ السِّتْرَ، وَقَالَ: مَا هٰذَا يَا عَائِشَةُ؟ فَقُلْتُ: لُعَبٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: مَا هٰذَا الَّذِى اَرَى بَيْنَهُنَّ ؟ قُلْتُ: فَرَسٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَرَسٌ مِّنْ رِقَاعٍ لَهُ جَنَاحٌ ؟ قَالَتْ: فَقُلْتُ: اَلَمْ يَكُنْ لِسُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ خَيْلٌ لَهَا اَجْنِحَةٌ؟ فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے میں اس وقت گڑیا کے ساتھ کھیل رہی تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پردہ ہٹایا اور دریافت کیا: اے عائشہ (رضی اللہ عنہا)! یہ کیا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ گڑیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے درمیان جو چیز ہے یہ کیا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ گھوڑا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا کپڑے سے بنے ہوئے گھوڑے کے پر ہوتے ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: کیا حضرت سلیمان علیہ السلام کے گھوڑے کے پر نہیں تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرادیے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تُسَمِّيْ لُعَبَهَا الْبَنَاتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اپنی گڑیا کے لیے لفظ ''لڑکی'' استعمال کرتی تھیں

5865 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى مَعْشَرٍ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ عَلَيَّ وَاَنَا اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لاتے تھے میں اس وقت گڑیا کے ساتھ

5864- إسناده على شرط مسلم .أبو النضر :هو سالم بن أبى أمية، ويحيى بن أيوب :هو الغافقي . وأخرجه أبو داود "4932"في الأدب :باب في اللعب بالبنات، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة12/358 "، والبيهقي 10/219من طريق سعيد بن أبي مريم، عن يحيى بن أيوب، عن عمارة بن غزية، عن محمد بن إبراهيم، عن أبي سلمة بن عبد الرحمن، عن عائشة .وهذا إسناد صحيح على شرط مسلم أيضاً .وانظر الحديث رقم "5863"و "5865"و "5866"

5865- إسناده قوى . كثير بن عبيد :هو الحمصي، روى له أصحاب السنن، وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين غير محمد بن حمير، فمن رجال البخاري، وهو صدوق . وأخرجه الطبراني "23/"276"عن أحمد بن على الأبار، عن كثير بن عبيد الحمصي، بهذا الإسناد .وانظر الحديث رقم "5863"و "5864"و"5865" إسناده صحيح على شرط مسلم الشيخين .واخرجه أحمد 6/57، وابن سعد 8/66، والطبراني "23/"279من طريق عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد .وانظر الحديث رقم "5863"و "5864"و ."5865"

کھیل رہی ہوتی تھی۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ اَنْ تَجْتَمِعَ مَعَ اَمْثَالِهَا لِلَّعِبِ الَّذِیْ وَصَفْنَاهُ

اس بات کے مباح ہونے کا تذکرہ' کوئی کم سن لڑکی اپنی ہم عمر لڑکیوں کے ساتھ گڑیا کے ساتھ کھیلنے کے لیے اکٹھی ہو' جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

5866 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ، وَتَجِیءُ صَوَاحِبِیْ فَيَلْعَبْنَ مَعِیْ، فَاِذَا رَاَيْنَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْنَ مِنْهُ، فَكَانَ يُدْخِلُهُنَّ اِلَیَّ فَيَلْعَبْنَ مَعِیْ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں گڑیا کے ساتھ کھیل رہی ہوتی تھی میری سہیلیاں آ جاتی تھیں اور میرے ساتھ کھیلتی تھیں جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتی تھیں' تو اٹھ کر چلی جاتی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں میرے پاس بھیج دیتے تھے' تو وہ میرے ساتھ کھیلا کرتی تھیں۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ النَّظَرَ اِلٰى لَعِبِ الْحَبَشَةِ الَّذِیْ لَا يَشُوْبُهٗ شَیْءٌ مِمَّا يَكْرَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ حبشیوں کے کرتب دیکھ سکتا ہے جن میں کوئی ایسی چیز شامل نہ ہو' جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے

5867 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا الْحَبَشَةُ يَلْعَبُوْنَ بِحِرَابِهِمْ اِذْ دَخَلَ عُمَرُ فَاَهْوٰی اِلَی الْحَصَا فَحَصَبَهُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُمْ يَا عُمَرُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ کچھ حبشی اپنے جنگی ہتھیاروں کے ساتھ کرتب دکھا رہے تھے اسی دوران حضرت عمر رضی اللہ عنہ آ گئے انہوں نے ان کی طرف کنکریاں پھینکیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمر! انہیں کرنے دو۔

5866- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "مصنف عبد الرزاق "19724" "، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/308، ومسلم "893"في العيدين :باب الرخصة في اللعب الذي لا معصية فيه في أيام العيد، والبيهقي 10/17، والبغوي "1112" وأخرجه البخاري "2901"في الجهاد :باب اللهو بالحراب ونحوها، من طريق هشام، عن معمر، بهذا الإسناد .وانظر الحديث رقم "5876"

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْحُرَّةِ النَّظَرَ اِلٰى لَعِبِ الْحَبَشَةِ الَّذِیْ وَصَفْنَاهُ، وَاِنْ كَانَ لَهَا زَوْجٌ

آزاد عورت کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ حبشیوں کے کرتب دیکھ سکتی ہے' جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے خواہ اس عورت کا شوہر موجود ہو

5868 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث):اَنَّ اَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا جَارِيَتَانِ فِیْ اَيَّامِ مِنًى تُغَنِّيَانِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُسَجًّى بِثَوْبِهٖ، فَانْتَهَرَهُمَا اَبُوْ بَكْرٍ، فَكَشَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ وَقَالَ: دَعْهُمَا يَا اَبَا بَكْرٍ، فَاِنَّهَا اَيَّامُ عِيْدٍ ، قَالَتْ: وَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتُرُنِیْ بِرِدَائِهٖ، وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَى الْحَبَشَةِ، وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ وَاَنَا جَارِيَةٌ، فَاقْدُرُوْا قَدْرَ الْجَارِيَةِ الْعَرِبَةِ الْحَدِيْثَةِ السِّنِّ

✿✿ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ان کے ہاں آئے اس وقت ان کے پاس دو لڑکیاں بیٹھی ہوئی تھیں جو گانا گا رہی تھیں یہ عید کے موقع کی بات ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کپڑے کے ذریعے چہرہ ڈھانپا ہوا تھا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان لڑکیوں کو ڈانٹا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چہرے سے کپڑا ہٹایا اور فرمایا: اے ابوبکر! ان دونوں کو گانے دو کیونکہ یہ عید کے دن ہیں۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات یاد ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر کے ذریعے مجھے اوٹ میں لیا ہوا تھا اور میں ان حبشیوں کو دیکھ رہی تھی جو کرتب دکھا رہے تھے میں اس وقت کم سن لڑکی تھی' تو تم خود اندازہ کر لو کہ ایک کم سن لڑکی جس کی عمر بھی زیادہ نہ ہو (اسے اس طرح کے کرتب دیکھنے میں کتنی دلچسپی ہوگی)

5868- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم . وأخرجه مسلم "892" "17" في العيدين :باب الرخصة في اللعب الذى لا معصية فيه، عن هارون بن سعيد، عن ابن وهب، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/33و127، والنسائى 3/195 في العيدين :باب ضرب الدف في يوم العيد من طريقين عن الزهرى، به وأخرج البخارى "949" و "950" فى العيدين :باب الحراب والدرق يوم العيد، و "2906" و "2907" فى الجهاد :باب الدرق، ومسلم "892" "19" من طريق محمد بن عبد الرحمن الأسدى، عن عروة، به . وأخرجه عبد الرزاق "19736" من طريق ابن ملكية، عن عائشة , وأخرج الجزء الأخير منه :عبد الرزاق "19721"، والبخارى "454" فى الصلاة :باب أصحاب الحراب فى المسجد، و "5190" فى النكاح :باب حسن المعاشرة مع الأهل، و "5229" باب نظر المرأة إلى الجيش ونحوهم من غير ريبة، ومسلم "18" "892"، والنسائى 3/195- 196 فى العيدين :باب اللعب فى المسجد، والبيهقى 7/92 من طريق الزهرى، به . وأخرجه أيضاً مسلم "892" "21" من طريق عبيد بن عمير، عن عائشة .وانظر الحديث رقم "5869" و "5871" و . "5877"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَبَا بَكْرٍ خَرَقَ دُفُوفَهُمَا فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اس دن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں لڑکیوں کی دف کو توڑ دیا تھا

5869 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ عَسْكَرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ*، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متنِ حدیث): اَنَّ اَبَا بَكْرٍ، دَخَلَ عَلَيْهَا فِيْ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ وَعِنْدَهَا جَارِيَتَانِ تُغَنِّيَانِ وَتَضْرِبَانِ بِالدُّفِّ، فَسَبَّهُمَا وَخَرَقَ دُفَّيْهِمَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُمَا، فَاِنَّهَا اَيَّامُ عِيدٍ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ایام تشریق میں ان کے ہاں آئے ان کے پاس دو لڑکیاں بیٹھی ہوئی گا رہی تھیں اور دف بجا رہی تھیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کو ڈانٹا اور ان دونوں کی دف کو پھاڑ دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انہیں کرنے دو کیونکہ یہ عید کے دن ہیں۔

ذِكْرُ بَعْضِ مَا كَانَتِ الْحَبَشَةُ تَقُوْلُ فِيْ لَعِبِهِمْ ذٰلِكَ

حبشی اپنے کرتبوں کے دوران جو کہتے تھے اس میں سے کچھ چیزوں کا تذکرہ

5870 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ*، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ الْحَبَشَةَ كَانُوا يَزْفِنُونَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَتَكَلَّمُونَ بِكَلَامٍ لَا يَفْهَمُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَقُوْلُوْنَ ؟ قَالُوا: مُحَمَّدٌ عَبْدٌ صَالِحٌ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حبشی لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کرتب دکھایا کرتے تھے وہ ایسی باتیں کرتے تھے جو سمجھ نہیں آتی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ کیا کہہ رہے ہیں' تو لوگوں نے بتایا: یہ کہہ رہے ہیں: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایک نیک بندے ہیں۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الْقَوْلِ اِذَا لَمْ يَكُنْ بِغَزَلٍ فِيْ اَيَّامِ الْعِيدِ، وَكَذٰلِكَ اللَّعِبِ فِي الْمَسْجِدِ

عید کے ایام میں قول کے مباح ہونے کا تذکرہ جب کہ وہ غزل نہ ہو اسی طرح مسجد میں (عید کے ایام میں) کھیل کود کرنے (کے مباح ہونے کا تذکرہ)

5869- إسناده صحيح، محمد بن سهل بن عسكر :ثقة من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير إسحاق بن راشد، فمن رجال البخاري. وانظر "5867"و "5871"و "5876"و ."5877"

5870- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/152عن عبد الصمد، عن حماد، بهذا الإسناد.

5871 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَقِيلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا بَكْرٍ، دَخَلَ عَلَيْهَا فِيْ اَيَّامِ عِيدٍ وَعِنْدَهَا جَارِيَتَانِ تُغَنِّيَانِ، وَتُدَفِّفَانِ، وَتَضْرِبَانِ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَغَشٍّ بِثَوْبِهِ، فَانْتَهَرَهُمَا اَبُوْ بَكْرٍ، فَكَشَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَجْهِهِ وَقَالَ: دَعْهُنَّ يَا اَبَا بَكْرٍ، فَاِنَّهَا اَيَّامُ عِيدٍ، وَتِلْكَ اَيَّامُ مِنًى، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتُرُنِيْ بِرِدَائِهِ، وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَى الْحَبَشَةِ، وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ فِي الْمَسْجِدِ وَاَنَا جَارِيَةٌ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: فَهٰذَا اٰخِرُ جَوَامِعِ الْإِبَاحَاتِ عَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَمْلَيْنَاهَا بِفُصُوْلِهَا، وَقَدْ بَقِيَ فِيْ هٰذَا الْقِسْمِ اَحَادِيْثُ بَدَّدْنَاهَا فِيْ سَائِرِ الْاَقْسَامِ، كَمَا بَدَّدْنَا مِنْهَا فِيْ هٰذَا الْقِسْمِ عَلٰى مَا اَصَّلْنَا الْكِتَابَ عَلَيْهِ، وَاِنَّمَا نُمْلِيْ بَعْدَ هٰذَا الْقِسْمِ الْقِسْمَ الْخَامِسَ مِنْ اَقْسَامِ السُّنَنِ الَّتِيْ هِيَ اَفْعَالُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفُصُوْلِهَا، وَاَنْوَاعِهَا اِنِ اللّٰهُ قَضٰى ذٰلِكَ وَشَاءَهُ، جَعَلَنَا اللّٰهُ مِمَّنْ هُدِيَ لِسَبِيْلِ الرَّشَادِ، وَوُفِّقَ لِسُلُوْكِ السَّدَادِ، وَشَمَّرَ فِيْ جَمْعِ السُّنَنِ وَالْاَخْبَارِ، وَتَفَقَّهَ فِيْ صَحِيْحِ الْاٰثَارِ، وَآثَرَ مَا يُقَرِّبُ اِلَى الْبَارِيْ جَلَّ وَعَلَا مِنَ الْاَعْمَالِ عَلٰى مَا يُبَاعِدُ مِنْهُ فِي الْاُصُوْلِ، اِنَّهُ خَيْرُ مَسْئُوْلٍ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ عید کے دنوں میں ان کے ہاں آئے' تو ان کے پاس دو لڑکیاں بیٹھی ہوئی گانا گا رہی تھیں اور دف بجا رہی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چہرے پر کپڑا لے کر لیٹے ہوئے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان دونوں لڑکیوں کو ڈانٹا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چہرے سے کپڑا ہٹایا اور ارشاد فرمایا: اے ابوبکر! انہیں کرنے دو کیونکہ یہ عید کے دن ہیں (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) یہ منیٰ کے مخصوص دن تھے (یعنی بڑی عید کا موقع تھا)

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات یاد ہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی چادر کے ذریعے مجھے اوٹ میں لیا ہوا تھا اور میں حبشیوں کو دیکھ رہی تھی جو مسجد میں کرتب دکھا رہے تھے میں اس وقت کم سن لڑکی تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول اباحات کے بارے میں روایات کا یہ آخری حصہ ہے' جسے ہم نے مختلف فصلوں میں املاء کروایا ہے اس قسم سے تعلق رکھنے والی کچھ احادیث باقی رہ گئی ہیں' جنہیں ہم دیگر اقسام میں ذکر کر دیں گے جس طرح ہم نے انہیں اس قسم میں ذکر کیا ہے' جو اس بنیادی طریقہ کار کے مطابق ہے' جس کے مطابق ہم نے کتاب ترتیب دی ہے۔

اس قسم کے بعد ہم سنن کی پانچویں قسم املاء کروائیں گے' اور یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ افعال ہیں جو ان کی فصول اور انواع کے ہمراہ املاء کروائے جائیں گے اگر اللہ تعالیٰ نے یہ فیصلہ دیا اور اس نے یہ چاہا۔

5871- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد ابن موهب، وهو يزيد بن خالد بن عقيل. وأخرجه البخاري "987" و "988" في العيدين: باب إذا فاته العيد يصلي ركعتين، و "3529" و "3530" في الأنبياء: باب قصة الحبش، والبيهقي 7/92 و 10/224 من طريق يحيى بن بكير، عن الليث، بهذا الإسناد. وانظر "5868" و "5869" و "5876" و "5877".

اللہ تعالیٰ ہمیں ان لوگوں میں شامل کرے جن کی رہنمائی سیدھے راستے کی طرف کی گئی اور درست راستے کی توفیق دی گئی اور جنہوں نے سنن اور اخبار کو جمع کرنے کا ارادہ کیا اور مستند روایات کا فہم حاصل کیا اور اس چیز کو ترجیح دی جو اعمال انہیں باری تعالیٰ کی بارگاہ میں مقرب کر سکتے ہیں اور اس چیز پر ترجیح دی جو اصول میں اس سے دور کرتے ہیں بیشک وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) سب سے بہتر مسؤول ہے۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ اسْمِ الْعِصْيَانِ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّاعِبِ بِالنَّرْدِ فِي الدُّنْيَا

پانسا کھیلنے والے کے لیے اللہ اور اس کے رسول کے نافرمان کے نام کے اثبات کا تذکرہ

5872 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص پانسہ کھیلتا ہے وہ اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتا ہے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ اللَّاعِبِ بِالنَّرْدِ فِي التَّمْثِيْلِ

تشبیہ کی اس صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو پانسا کھیلنے والے کے بارے میں (حدیث میں ذکر کی گئی ہے)

5872- رجاله ثقات رجال الشيخين غير موسى بن ميسرة، فقد روى له أبو داود، وهو ثقة، لكن فيه علة الانقطاع بين سعيد بن أبي هند وأبي موسى، فإن سعيد بن أبي هند لم يلق أبا موسى فيما قاله أبو حاتم كما نقله، ابنه في "المراسيل "ص74، لكن له طريق آخر بنحوه يتقوى به وهو في "الموطأ 2/958 "في الرؤيا :باب ما جاء في النرد، ومن طريقه أخرجه أحمد 4/397، والبخاري في "الأدب المفرد "1269" "، وأبو داود "4938"في الأدب :باب في النهي عن اللعب بالنرد، والبيهقي 10/214 ، والبغوي ."3414"وأخرجه ابن أبي شيبة 8/735و737، وأحمد 4/394و400، والبخاري في "الأدب المفرد "1272" "، وأبو يعلى ورقة 340/2، وابن ماجة "3762"في الأدب :باب اللعب بالنرد، والحاكم 1/50، والبيهقي 10/215من طريق نافع وأسامة بن زيد الليثي، كلاهما عن سعيد بن أبي هند، عن أبي موسى، به وأخرجه عبد الرزاق "19730"من طريق أسامة بن زيد، عن سعيد بن أبي هند، عن أبي مرة مولى عقيل، عن أبي موسى .وقال الدارقطني في "العلل "كما في "التهذيب "في ترجمة سعيد بن أبي هند: هذا أثبته بالصواب .وعلق عليه ابن حجر بقوله :رواه كذلك من طريق عبد الله بن المبارك، عن أسامة، لكن رواه ابن وهب عن أسامة، فلم يذكر فيه أبا مرة.وأخرجه الطيالسي "510"عن حماد بن زيد، عن أيوب، عن نافع، عن سعيد بن أبي هند، عن أبي موسى موقوفاً.وأخرجه أحمد 4/407، وأبو يعلى ورقة 340، والبيهقي 10/315من طريق يزيد بن خصفة، عن حميد بن بشير بن المحرر، عن محمد بن كعب القرظي، عن أبي موسى رفعه " :لا يقلب كعباتها أحد ينتظر ما تأتي به إلا عصى الله ورسوله"، وحميد بن بشير :ذكره ابن حبان في "الثقات 6/191 "وسماه :حميد بن بكر، وقال :يعتبر بحديثه إذا لم يكن في إسناده إنسان ضعيف، وباقي رجاله ثقات .فهذا الطريق يشد الطريق الأول، فيتقوى به الحديث، ويشهد له حديث بريدة الآتي.

5873 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الثَّوْرِيَّ، يُحَدِّثُ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ فَكَاَنَّمَا غَمَسَ يَدَهُ فِي لَحْمِ خِنْزِيرٍ وَدَمِهِ

سلیمان بن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص پانسہ کھیلتا ہے گویا کہ وہ اپنا ہاتھ خنزیر کے گوشت اور خون میں لت پت کر لیتا ہے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اشْتِغَالِ الْمَرْءِ بِالْحَمَامِ وَسَائِرِ الطُّيُوْرِ عَبَثًا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی فضول طور پر کبوتر یا دیگر پرندوں میں مشغول رہے

5874 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يَتْبَعُ حَمَامَةً فَقَالَ: شَيْطَانٌ يَتْبَعُ شَيْطَانَةً

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اللَّاعِبُ بِالْحَمَامِ لَا يَتَعَدّٰى لَعِبُهُ مِنْ اَنْ يَتَعَقَّبَهُ بِمَا يَكْرَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا، وَالْمُرْتَكِبُ لِمَا يَكْرَهُ اللّٰهُ عَاصٍ، وَالْعَاصِي يَجُوْزُ اَنْ يُقَالَ لَهُ: شَيْطَانٌ، وَاِنْ كَانَ مِنْ اَوْلَادِ آدَمَ، قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: (شَيَاطِينَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ) (الأنعام: 112) فَسَمَّى الْعُصَاةَ مِنْهُمَا شَيَاطِينَ، وَاِطْلَاقُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ الشَّيْطَانِ عَلَى الْحَمَامَةِ لِلْمُجَاوَرَةِ، وَلِاَنَّ الْفِعْلَ مِنَ الْعَاصِي بِلَعِبِهَا تَعَدَّاهُ اِلَيْهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو کبوتر کے پیچھے دوڑتے ہوئے دیکھا' تو فرمایا ایک شیطان دوسرے شیطان کے پیچھے جا رہا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) کبوتر کے ساتھ کھیلنے والے شخص کا فعل آگے بڑھ کر ایسی صورت حال لے آتا ہے' جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہو' تو جو شخص کسی ایسی چیز کا مرتکب ہوتا ہے' جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہو وہ شخص گنہگار ہوتا ہے اور گنہگار شخص کو شیطان کہنا جائز

5873- إسناده صحيح على شرط مسلم .رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الطاهر ـ واسمه أحمد بْنُ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بن السرح ـ وسليمان بن بريدة، فمن رجال مسلم وأخرجه أحمد 5/352و357و361، وابن أبي شيبة 8/735، والبخاري في "الأدب المفرد "1271" "، ومسلم "2260"ف الشعر :باب تحريم اللعب بالنردشير، وأبو داود "4939"في الأدب :باب اللعب بالنرد، والبيهقي 10/214، والبغوي "3415"من طرق عن سفيان الثوري، بهذا الإسناد.

5874- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الصحيح غير محمد بن عمرو ـ وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ ـ فقد روى له البخاري مقروناً ومسلم متابعة، وهوصدوق .وأخرجه أحمد 2/345، والبخاري في "الأدب المفرد "1300" "، وأبو داود "4940"في الأدب :باب في اللعب بالحمام، وابن ماجة "3765"في الأدب :باب اللعب بالحمام، والبيهقي 10/213من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد.

ہے اگر چہ اس کا تعلق اولاد آدم سے ہو اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

''انسانوں اور جنات سے تعلق رکھنے والے شیاطین۔''

تو اللہ تعالیٰ نے ان دونوں طبقوں میں سے گنہگار کے لیے لفظ شیطان استعمال کیا ہے اسی طرح نبی اکرم ﷺ نے کبوتر کے لیے لفظ شیطان محاورت کے طور پر استعمال کیا ہے کیونکہ یہاں پہ گنہگار شخص کا فعل اسی کبوتر سے متعلق ہے۔

فَصْلٌ فِي السَّمَاعِ

فصل: سماع کا حکم

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ فِي الْاِحْتِجَاجِ بِهِ مَنْ لَمْ يَتَفَقَّهُ فِي صَحِيحِ الْآثَارِ، وَلَا اَبْلَغَ الْمَجْهُودَ فِي طُرُقِ الْاَخْبَارِ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو مستند روایات کا فہم نہیں رکھتا

اوراس نے روایات کے طرق کے بارے میں کوشش نہیں کی اوراس نے اس روایت سے استدلال کرلیا (اور غلط فہمی کا شکار ہوا)

5875 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدٍ الزُّهْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمِّي، حَدَّثَنَا اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيُّ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ سَهْلِ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ فِي حِجْرِي جَارِيَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ، فَزَوَّجْتُهَا، قَالَتْ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عُرْسِهَا، فَلَمْ يَسْمَعْ غِنَاءً وَلَا لَعِبًا، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ، هَلْ غَنَّيْتُمْ عَلَيْهَا؟ اَوَ لَا تُغَنُّونَ عَلَيْهَا؟ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هٰذَا الْحَيَّ مِنَ الْاَنْصَارِ يُحِبُّوْنَ الْغِنَاءَ

(متن حدیث):اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَاِذَا شَهِدُوْا اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَاسْتَقْبَلُوْا قِبْلَتَنَا، وَاَكَلُوْا ذَبِيْحَتَنَا، وَصَلُّوْا صَلَاتَنَا، فَقَدْ حُرِّمَتْ عَلَيْنَا دِمَاؤُهُمْ وَاَمْوَالُهُمْ، لَهُمْ مَا لِلْمُسْلِمِيْنَ، وَعَلَيْهِمْ مَا عَلَيْهِمْ

مَا رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ اِلَّا ثَلَاثَةُ نَفَرٍ مِّنَ الْغُرَبَاءِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْبَجَلِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عِيْسَى بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ سُمَيْعٍ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مجھے اس بات کا حکم دیا گیا ہے' میں لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جنگ کرتا رہوں' جب تک وہ اس بات کی گواہی نہیں دیتے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور جب وہ اس بات کی گواہی دے دیں گے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں وہ ہمارے قبلہ کی طرف رخ کرلیں ہمارے ذبیحہ کو کھائیں ہماری نماز کے مطابق نماز ادا کریں' تو ان کی جانیں اور مال ہمارے لیے قابل احترام ہو جائیں گے انہیں وہ تمام حقوق حاصل ہوں گے جو مسلمانوں کو حاصل ہوتے ہیں اور ان پر وہ تمام پابندیاں عائد ہوں گی جو مسلمانوں پر عائد ہوتی ہیں''۔

یہ روایت حمید طویل کے حوالے سے صرف تین آدمیوں نے نقل کی ہے عبداللہ بن مبارک، یحییٰ بن ایوب عجلی اور محمد بن عیسیٰ بن قاسم بن سمیع۔

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شخص پر لعنت کرنے کا تذکرہ' جو جانور ذبح کرتے وقت

5895- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه أبو نعيم في "الحلية 8/173 "من طريق الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 7/76في تحريم الدم، عن محمد بن حاتم بن نعيم، عن حبان بن موسى، به وأخرجه أحمد 3/199و 224 225، والبخاري "392"في الصلاة :باب فضل استقبال القبلة، وأبو داود "2641"في الجهاد :باب على ما يقاتل المشركون، والترمذي "2608"في الإيمان :باب ما جاء في قول النبي صلى الله عليه وسلم :أمرت بقتالهم، وأبو نعيم في "الحلية8/173 "، والخطيب في "تاريخه10/464 "، والبيهقي 2/3من طرق عن عبد الله بن المبارك، به. وأخرجه البخاري "393"تعليقا، ومن طريقه البغوي "34"عن ابن مريم، عن يحيى بن أيوب، عن سعيد بن أبي مريم، به . وأخرجه أبو داود "2642"من طريق ابن وهب، عن يحيى بن أيوب، به.وأخرجه النسائي 7/75 76من طريق محمد بن عيسى بن القاسم بن سميع، عن حميد الطويل، به. وأخرجه البخاري "391"، والبيهقي 2/3من طريق ميمون بن سياه، عن أنس. وأخرجه البخاري تعليقا "393"، والنسائي 7/76من طريق حميد قال :سأل ميمون بن سياه أنس بن مالك، قال :يا أبا حمزة، ما يحرم دم المسلم وماله؟ فقال ...فذكره موقوفاً.

اللہ تعالیٰ کی بجائے (کسی اور کا نام بلند آواز سے لیتا ہے)

5896 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيْسَى بْنِ السُّكَيْنِ الْبَلَدِيُّ، بِوَاسِطَ قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ زَيْدٍ الْخَطَّابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ اَبِيْ بَزَّةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ: عِنْدَكُمْ شَيْءٌ سِوَى كِتَابِ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، اِلَّا مَا فِيْ قِرَابِ هٰذَا السَّيْفِ صَحِيفَةٌ صَغِيرَةٌ، قَالَ: فَوَجَدْنَا فِيهَا: لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ اَهَلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ، وَلَعَنَ اللّٰهُ مَنْ تَوَلّٰى لِغَيْرِ مَوَالِيهِ

ابوطفیل بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا آپ کے پاس اللہ کی کتاب کے علاوہ کوئی اور چیز بھی ہے انہوں نے جواب دیا: جی نہیں، ماسوائے اس چیز کے، جو تلوار کے میان کی اندر ایک چھوٹا سا صحیفہ موجود ہے راوی کہتے ہیں: ہم نے اس میں یہ بات پائی۔

''اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جو غیر اللہ کے نام پر جانور قربان کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جو اپنے اصل آقا کی بجائے کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرتا ہے۔''

5896- إسناده صحيح .إسحاق بن زيد الخطابي :ذكره المؤلف في "الثقات 8/122 "، وروى عن جمع، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير فطر بن خليفة، فقد روى له البخاري مقرونا والأربعة، وأبو نعيم :هو الفضل بن دكين الملائي، وأبو الطفيل :هو عامر بن واثلة . وأخرجه أحمد 1/118و152، والبخاري في "الأدب المفرد "17" "، ومسلم "45" "1978"في الأضاحي :باب تحريم الذبح لغير الله تعالى، والبغوي "2788"من طريقين عن شعبة، عن القاسم بن أبي بزة، بهذا الإسناد وأخرجه عبد الله بن أحمد في زوائد "المسند 1/108 "، ومسلم "43" "1978"و"44"، والنسائي 7/232في الضحايا :باب من ذبح لغير الله عز وجل، وأبو يعلى "602"، والبيهقي 6/99من طريق منصور بن حيان، عن أبي الطفيل، به. وأخرجه الحاكم 4/153من طريق هانء مولى علي بن أبي طالب، عن علي

كِتَابُ الْأُضْحِيَّةِ

کتاب! قربانی کے بارے میں روایات

5897 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيِّ، اَنَّ ابْنَ الْمُسَيِّبِ، اَخْبَرَهُ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ اَرَادَ اَنْ يُّضَحِّيَ، فَلَا يُقَلِّمْ اَظْفَارَهُ، وَلَا يَحْلِقْ شَيْئًا مِنْ شَعْرِهٖ فِي الْعَشْرِ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ

❁❁ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص قربانی کرنے کا ارادہ کرے وہ ذوالحج میں اپنے ناخن نہ تراشے اور اپنے بال نہ کاٹے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْاِمَامِ اِعْطَاءُ الرَّعِيَّةِ غَنَمًا لِيُضَحُّوْا مِنْهَا فِيْ اَعْيَادِهِمْ

اس بات کا تذکرہ' امام کے لیے یہ بات مستحب ہے' وہ اپنی رعایا کو بکریاں دے تاکہ وہ عید کے موقع پر ان کی قربانی کریں

5898 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ:

5897- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة وعمرو بن مسلم، فمن رجال مسلم. خالد بن يزيد :هو الجمحي .واختلفوا في عمرو بن مسلم :هو هو عمرو أو عمر؟ قال الترمذي :والصحيح :هو عمرو بن مسلم، وقال أبو داود :اختلفوا على مالك وعلى محمد بن عمرو في عمرو بن مسلم، قال بعضهم :عمر، وأكثرهم قال :عمرون قال أبو داود وهو عمرو بن مسلم بن أكيمة الليثي الجندعي .وانظر "تحفة الأشراف 7. - 13/6 " وأخرجه مسلم "42" "1977"عن أحمد بن عبد الرحمن ابن أخي ابن وهب، عن ابن وهب، به .وأخرجه النسائي 7/212في الضحايا في فاتحته، والطحاوي 4/181، والطبراني "563"/23من طريق الليث، عن خالد بن يزيد، به. وأخرجه أحمد 6/301من طريق ابن لهيعة، عن سعيد بن أبي هلال، به .وأخرجه الحميدي "293"، ومسلم "39" "1977"و"40"، والنسائي 7/212، وابن ماجة "3149"في الأضاحي: باب من أراد أن يضحي فلا يأخذ في العشر من شعره واظفاره، والطبراني "565"/23، والبيهقي 9/266، والبغوي "1127"من طريق سفيان بن عيينة، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرحمن، عن سعيد بن المسيب، به. وأخرجه الطبراني "557"/23، والحاكم 4/220 221من طريق أبي سلمة، عن أم سلمة .وانظر الحديث رقم "5886"و "5887"و ."5888"

(متن حدیث):اَعْطَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَمًا اَقْسِمُهَا عَلٰى اَصْحَابِهٖ، فَقَسَمْتُهَا، فَبَقِيَ مِنْهَا عَتُوْدٌ، فَذَكَرْتُهُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ضَحِّ بِهٖ اَنْتَ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کچھ بکریاں دیں تاکہ میں انہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں تقسیم کردوں میں نے انہیں تقسیم کردیا ان میں سے ایک چھ ماہ کا بکری کا بچہ باقی بچا میں نے اس کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے تم قربان کرلو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَسْمَ الْغَنَمِ الَّذِیْ وَصَفْنَاهُ كَانَ لِلضَّحَايَا الَّتِیْ ذَكَرْنَاهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' بکریوں کی وہ تقسیم جس کا ہم نے ذکر کیا ہے یہ اس قربانی کے لیے تھی جسے ہم پہلے ذکر کرچکے ہیں

5899 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِیْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عُمَارَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ طُعْمَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث):قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ اَصْحَابِهٖ غَنَمًا لِلضَّحَايَا، فَاَعْطَانِیْ عَتُوْدًا مِنَ الْمَعْزِ، فَجِئْتُهُ بِهٖ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهٗ جَذَعٌ، فَقَالَ: ضَحِّ بِهٖ

5898- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الوليد الطيالسي :هو هشام بن عبد الملك، وأبو الخير :هو مرثد بن عبد الله اليزني . وأخرجه أحمد 2/149، والدارمي 2/78، والبخاري "2300"في الوكالة :باب الشريك في القسمة، و "2500"في الشركة :باب قسم الغنم والعدل فيها، و "5555"في الأضاحي :باب أضحية النبي بكبشين أقرنين، ومسلم "15" "1965"في الأضاحي :باب سن الأضحية، والترمذي "1500"في الأضاحي :باب ما جاء في الجذع من الضأن في الأضاحي، والنسائي 7/218في الضحايا :باب المسنة والجعة، وابن ماجة "3138"في الأضاحي :باب ما يجزء من الأضاحي، والطبراني "761"/17، والبيهقي 9/269 270 والبغوي، "1116"من طرق عن الليث، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داود والطيالسي "1002"، وأحمد 4/144 145و156، والدارمي 2/77 78، والبخاري "5547"في الأضاحي :باب قسمة الإمام الأضاحي بين الناس، ومسلم "16" "1965"، والترمذي "1500"، والنسائي 7/218، وأبو يعلى "1758"، وابن خزيمة "2916"، والطبراني "945"/17و "946"و "947"، والبيهقي 9/269من طريق بعجة بن عبد الله الجهني، عن عقبة بن عامر . وأخرجه الإمام أحمد 4/152، وعبد الرزاق "8153"، والطبراني "954"/17و "955"من طرق عن سعيد بن المسيب، عن عقبة، وانظر الحديث رقم "5904"

5899- إسناده حسن، عمارة بن عبد الله بن طعمة :وثقه المؤلف، وروى عنه جمع، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن إسحاق وهو محمد بن إسحاق بن يسار فقد روى له الأربعة ومسلم متابعة، وهو صدوق إذا صرح بالتحديث كما في هذا الحديث .أبو خيثمة :هو زهير بن حرب ويعقوب بن إبراهيم :هو ابن سعد بن إبراهيم الزهري. وأخرجه أحمد 5/194عن يعقوب بن إبراهيم بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داود "2798"في الضحايا :باب ما يجوز من السن في الضحايا، والطبراني "5217" و "5217"و "5218"و "5220"، والبيهقي 9/270من طرق عن ابن إسحاق، به.

❁❁ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں کے درمیان کچھ بکریاں قربانی کے لیے تقسیم کیں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے چھ ماہ کا بکری کا بچہ مجھے عطا کر دیا میں اسے لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ' تو چھ ماہ کا بچہ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس کی قربانی کرلو۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ ذَبْحِ الْمَرْءِ نَسِيكَتَهُ بِيَدِهِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ اپنے قربانی کے جانور کو اپنے ہاتھ کے ذریعے ذبح کرے

5900 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): ضَحّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَبْشَيْنِ اَمْلَحَيْنِ اَقْرَنَيْنِ، يُسَمِّيْ وَيُكَبِّرُ، وَلَقَدْ رَاَيْتُهُ يَذْبَحُ بِيَدِهِ وَاضِعًا قَدَمَهُ عَلٰى صِفَاحِهِمَا

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو سیاہ آنکھوں والے اور سینگوں والے دنبے قربان کیے آپ نے اللہ کا نام لے کر تکبیر کہی میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کے ذریعے انہیں ذبح کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا پاؤں ان کے پہلو پر رکھا ہوا تھا۔

5900- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب فمن رجال مسلم. وقد صرح هشيم بالتحديث عند أحمد وأبي يعلى، فانتفت شبهة تدليسه. وهو في "مسند أبي يعلى ."3076" " وأخرجه أحمد 3/232، والنسائي 7/230في الضحايا: باب تسمية الله عز وجل على الضحية، من طريق هشيم، بهذا الإسناد وأخرجه الطيالسي "1968"، وأحمد 3/115و183و222و255و272و279، والدارمي 2/75، والبخاري "5558"في الأضاحي: باب من ذبح الأضاحي بيده، ومسلم "18" "1966"في الأضاحي: باب استحباب الضحية وذبحها مباشرة بلا توكيل، والنسائي 7/230باب في الضحايا: باب وضع الرجل على صفحة الضحية، و 231 - 230باب التكبير عليها، وابن ماجة "3120"في الأضاحي: باب أضاحي رسول الله صلى الله عليه وسلم، وابن الجارود "909"، وأبو يعلى "3136"و "3247"و "3248"من طرق عن شعبة، به. وأخرجه الطيالسي "1968"، وعبد الرزاق "8129"، وأحمد 3/170و211و214و258، والبخاري "5564"في الأضاحي: باب وضع القدم على صفحة الذبيحة، و "5565"باب التكبير عند الذبح، و "7399"في التوحيد: باب السؤال بأسماء الله تعالى، ومسلم "17" "1966"و"18"، وأبو داود "2794"في الأضاحي: باب مايستحب من الضحايا، والترمذي "1494"في الأضاحي: ما جاء في الأضحية بكبشين، والنسائي 7/220باب الكبش و 231باب ذبح الرجل أضحيته بيده، وابن الجارود "902"، وأبو يعلى "2859"و "2877"و "3118"و "3166"و "3247"، والبيهقي 9/259و 283و285، والبغوي "1118" و "1119"، من طرق عن قتادة، به.

ذِكْرُ وَصْفِ ذَبْحِ الْمَرْءِ نَسِيكَتَهُ إِذَا أَرَادَ ذَٰلِكَ

آدمی کے اپنے قربانی کے جانور کو ذبح کرنے کے طریقے کا تذکرہ جب وہ اس بات کا ارادہ کرے

5901 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُضَحِّي بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ، وَكَانَ يُسَمِّي وَيُكَبِّرُ، فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَذْبَحُهُمَا بِيَدِهِ وَاضِعًا عَلَى صِفَاحِهِمَا قَدَمَهُ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیاہ آنکھوں والے اور سینگوں والے دو دنبے قربان کیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کا نام لے کر تکبیر کہی میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کے ذریعے انہیں ذبح کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا پاؤں مبارک ان کے پہلو پر رکھا ہوا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ ذَبْحَ الْكَبْشَيْنِ لَيْسَ بِعَدَدٍ لَا يَجُوزُ اسْتِعْمَالُ مَا هُوَ أَقَلُّ مِنْهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ دو دنبوں کو ذبح کرنا یہ کوئی ایسا عدد نہیں ہے اس سے کم پر عمل کرنا جائز ہی نہ ہو

5902 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ:

(متن حدیث): أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحَّى بِكَبْشٍ أَقْرَنَ فَحِيلٍ يَأْكُلُ فِي سَوَادٍ، وَيَنْظُرُ فِي سَوَادٍ، وَيَشْرَبُ فِي سَوَادٍ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سینگوں والے دنبے کو قربان کیا جس کے منہ اور آنکھوں کے پاس کی جگہ سیاہ تھی۔

5901- إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن الصباح الجرجرائي فقد روى له أبو داود وابن ماجه، وهو صدوق. وانظر الحديث السابق.

5902- إسناده صحيح على شرط مسلم كما قال صاحب "الاقتراح"، رجاله ثقات رجال الشيخين غير جعفر بن محمد وهو ابن علي بن الحسين بن علي بن أبي طالب، فمن رجال مسلم. وأخرجه ابن ماجة "3128" في الأضاحي: باب ما يستحب من الأضاحي، عن محمد بن عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داود "2796" في الضحايا: باب ما يستحب من الضحايا، والترمذي "1496" في الأضاحي: باب ما يستحب من الأضاحي، والنسائي 7/221 في الضحايا: باب الكبش، والحاكم 4/228، والبيهقي 9/273، والبغوي "1120" من طرق عن حفص بن غياث، به. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي! وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه إلا من حديث حفص بن غياث. وفي الباب عن عائشة، وسيأتي برقم "5915"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْبُدْنَ يَجِبُ اَنْ تُنْحَرَ قِيَامًا مَعْقُولَةً

اس بات کے بیان کا تذکرہ' قربانی کے اونٹوں کے بارے میں یہ بات لازم ہے' انہیں باندھ کر کھڑا کر کے نحر کیا جائے

5903 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ اَتَى عَلَى رَجُلٍ قَدْ اَنَاخَ بَدَنَتَهُ يَنْحَرُهَا، قَالَ: ابْعَثْهَا قِيَامًا مُقَيَّدَةً، سُنَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ زیاد بن جبیر بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا وہ ایک شخص کے پاس آئے جس نے اپنے قربانی کے اونٹ کو قربان کرنے کے لیے بٹھا دیا تھا' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم اسے کھڑا کر کے اور باندھ کے ذبح کرو' جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ بِاَنْ يَّذْبَحَ الْجَذَعَ مِنَ الضَّاْنِ فِيْ نَسِيكَتِهِ

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ' وہ اپنی قربانی میں بھیڑ کے چھ ماہ کے بچے کو ذبح کرے

5904 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بُكَيْرَ بْنَ الْاَشَجِّ، حَدَّثَهُ اَنَّ مُعَاذَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيَّ حَدَّثَهُ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): ضَحَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَذَعَ مِنَ الضَّاْنِ

❀❀ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں قربانی کرتے ہوئے چھ ماہ کی بھیڑ کی بھی قربانی کی تھی۔

5903- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري "1713"في الحج :باب نحر الإبل مقيدة، وابن خزيمة "2893"، والبغوي "1957"من طريقين عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/3و86و139، والدارمي 2/66، ومسلم "1320"في الحج :باب نحر البدن، قياماً مقيدة، وأبو داود "1768"في المناسك باب كيف تنحر البدن، وابن خزيمة "2893"، والبيهقي 5/237من طرق عن يونس بن عبيد، به.

5904- إسناده قوي، رجاله رجال الصحيح غير معاذ بن عبد الله الجهني، فقد روى له أصحاب السنن، وهو صدوق، بكير : هو ابن عبد الله بن الأشجع. وأخرجه النسائي 7/219في الضحايا :باب المسنة والجذعة، وابن الجارود "905"من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "953"/17، والبيهقي 9/270من طرق بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، به وانظر الحديث رقم. "5898"

5905 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، بِمَنْبِجَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا بُرْدَةَ بْنَ نِيَارٍ، ذَبَحَ قَبْلَ اَنْ يَذْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْاَضْحٰى، فَزَعَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُ اَنْ يُعِيدَ اُضْحِيَّةً اُخْرٰى، قَالَ اَبُوْ بُرْدَةَ: لَا اَجِدُ اِلَّا جَذَعًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاِنْ لَمْ تَجِدْ اِلَّا جَذَعًا فَاذْبَحْهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَمْرُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاِعَادَةِ الْاُضْحِيَّةِ اَمْرُ نَدْبٍ قَصَدَ بِهِ التَّعْلِيمَ، اِذِ النَّسِيكَةُ لَا يَكُوْنُ فَضْلُهَا اِلَّا لِمَنْ ذَبَحَهَا بَعْدَ الصَّلَاةِ، فَمَا كَانَ مِنْهَا قَبْلَ الصَّلَاةِ فَفِيهِ الْفَضْلُ لَا فَضْلَ النَّسِيكَةِ، لِاَنَّ الشَّيْءَ اِذَا جُعِلَ لِفَضْلِ الْوَقْتِ ثُمَّ نُدِبَ اِلَيْهِ، لَوْ قَدَّمَهُ الْاِنْسَانُ عَنْ وَقْتِهِ لَمْ يَجِدْ ذٰلِكَ الْفَضْلَ الَّذِي وُعِدَ عَلٰى ذٰلِكَ الْفَضْلِ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ الْوَقْتِ، وَاِنْ لَمْ يَعْدَمِ الْفَضْلَ فِي ذٰلِكَ الْفِعْلِ الْمُقَدَّمِ عَنْ وَقْتِهِ، وَنَظِيرُ هٰذَا اَنَّ صَلَاةَ الضُّحٰى نُدِبَ اِلَيْهَا لِوَقْتِ الضُّحٰى، فَلَوْ صَلّٰى اِنْسَانٌ فِي بَعْضِ اللَّيْلِ يُرِيدُ بِهِ صَلَاةَ الضُّحٰى لَمْ يُؤْجَرْ عَلَيْهِ اَجْرَ صَلَاةِ الضُّحٰى، وَاِنْ كَانَ الْفَضْلُ مَوْجُوْدًا فِي صَلَاتِهِ تِلْكَ

حضرت ابو بردہ بن نیار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عید قربان کے دن ذبح کرنے سے پہلے اپنا جانور ذبح کرلیا۔ حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بتائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ حکم دیا کہ وہ دوسری قربانی کریں۔

حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: مجھے تو صرف چھ ماہ کا بچہ ملتا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تمہیں صرف چھ ماہ کا بچہ ملتا ہے' تو تم اسے ہی ذبح کردو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دوبارہ قربانی کرنے کا حکم دینا یہ استحباب کے طور پر تھا اور اس کے ذریعے مراد تعلیم دینا تھا کیونکہ قربانی کی فضیلت اسی وقت حاصل ہوتی ہے' جو شخص نماز عید ادا کرنے کے بعد اسے ذبح کرتا ہے' جو شخص نماز عید سے پہلے قربانی کر لیتا ہے' تو اس میں فضیلت' تو ہے' لیکن قربانی کی فضیلت نہیں ہے کیونکہ جب کسی چیز کو کسی خاص وقت کے ساتھ مخصوص کیا گیا ہو اور پھر اسے اس بارے میں مستحب قرار دیا گیا ہو' تو اگر آدمی اس مخصوص وقت سے پہلے وہ کام کرے' تو اسے اس عمل کی وہ فضیلت حاصل نہیں ہوتی جو اس مخصوص وقت میں کرنے کی فضیلت کا وعدہ کیا گیا ہے اگرچہ وقت سے پہلے کیے جانے والے اس فعل کی فضیلت مطلق طور پر بھی معدوم نہیں ہوتی اس کی مثال یہ ہے چاشت کی نماز کے لیے مستحب یہ قرار دیا گیا ہے' اسے چاشت کے وقت ادا کیا جائے اگر کوئی شخص رات کے وقت چاشت کی نماز کے طور پر کوئی نماز ادا کر لیتا ہے' تو اسے چاشت کی

5905- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "الموطأ 2/483 "في الضحايا :باب النهى عن ذبح الضحية قبل انصراف الإمام، ومن طريقه أخرجه الشافعي في "السنن المأثورة "585" "، والدرامي 2/80، والبيهقي 9/263. وأخرجه أحمد 3/466، والنسائي 7/224في الضحايا :باب ذبح الضحية قبل الإمام، من طريق يحيى بن سعيد الأنصاري، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/45من طريق محمد بن إسحاق، عن بشير بن يسار، به، وسيرد ضمن حديث البراء برقم "5906"و "5907"و "5908" و "5910"و ."5911"

نماز کا اجر نہیں ملے گا' لیکن اسے وہ نماز پڑھنے کا اجر ملے گا۔

ذِكْرُ لَفْظَةٍ جَهِلَ فِيْ تَاْوِيلِهَا مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ

ان الفاظ کا تذکرہ جن کی تاویل سے وہ شخص ناواقف ہے' جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

5906 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ زُبَيْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ فِيْ يَوْمِ عِيدٍ: اَوَّلُ مَا نَبْدَاُ يَوْمَنَا هٰذَا اَنْ نُصَلِّيَ ثُمَّ نَنْحَرَ، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ، فَقَدْ اَصَابَ سُنَّتَنَا، وَمَنْ تَعَجَّلَ فَاِنَّمَا هُوَ لَحْمٌ قَدَّمَهُ لِاَهْلِهِ، قَالَ: وَكَانَ اَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ عِنْدِيْ جَذَعَةً خَيْرٌ مِّنْ مُّسِنَّةٍ، قَالَ: اجْعَلْهَا مَكَانَهَا، وَلَنْ تُجْزِءَ اَوْ تُوَفِّيَ عَنْ اَحَدٍ بَعْدَكَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عید کے دن ارشاد فرمایا:

''آج کے دن ہم سب سے پہلے نماز عید ادا کریں گے پھر ہم قربانی کریں گے جو شخص جیسا کرے گا اس نے سنت کے مطابق عمل کیا اور جس شخص نے جلدی کر لی تھی' تو یہ صرف ایک گوشت ہے' جو اس نے اہل خانہ کے لیے تیار کیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت ابو بردہ بن نیار رضی اللہ عنہ نماز عید سے پہلے قربانی کر چکے تھے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میرے پاس' تو ایک چھ ماہ کا بچہ ہے' جو ایک سال کے بچے سے بہتر ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے تم اس کی جگہ قربان کرلو' لیکن تمہارے بعد یہ کسی کے لیے جائز (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) کافی نہیں ہو گا''۔

5906- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الوليد :هو هشام بن عبد الملك الطيالسي. وأخرجه الطيالسي "743"، وأحمد 4/303، والبخاري "951"في العيدين :باب سنة العيدين لأهل الإسلام، و "965"باب الخطبة بعد العيد، و "968"باب التكبير إلى العيد، و "5545"في الأضاحي :باب سنة الأضحية، و "5560"باب الذبح بعد الصلاة، ومسلم "7" "1961"في الأضاحي :باب وقتها، والطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/172 "، والبيهقي 9/269و276، والبغوي "1114"من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 2/80من طريق سفيان، والبخاري "976"في العيدين :باب استقبال الإمام الناس في خطبة العيد، والطحاوي 4/173، والبيهقي 3/311من طريق محمد بن طلحة، كلاهما عن زبيد، به. وأخرجه البخاري "5556"في الأضاحي :باب قول النبي صلى الله عليه وسلم لأبي بردة" :ضحّ بالجذع من المعز "، ومسلم "4" "1961"، وأبو داود "2801" في الضحايا :باب ما يجوز من السن في الضحايا، والبيهقي 9/269و 277من طريق مطرف، ومسلم "8" "1961"من طريق عاصم الأحول، وابن الجارود "908"من طريق داود بن علي، ثلاثتهم عن الشعبي، به. وأخرجه أحمد 4/45عن حجاج وحجين، عن إسرائيل، عن أبي إسحاق، عن البراء، عن خاله أبي بردة أنه ...وانظر الحديث رقم "5907"و "5908"و "5910" و."5911"

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ اَمْرُ تَعْلِيمٍ فِيْ اَوَّلِ مَا خَرَجَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ اِلَى الصَّحْرَاءِ لِيُعَيِّدَ بِهِمْ، فَعَلَّمَهُمْ كَيْفَ يُضَحُّوْنَ، لَا اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ اَمْرُ حَتْمٍ وَاِيْجَابٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' یہ حکم آغاز میں تعلیم دینے کے لیے تھا'

جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو ساتھ لے کر کھلے میدان میں تشریف لے گئے تھے تا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم انہیں نماز عید پڑھائیں' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں تعلیم دی کہ وہ لوگ کس طرح قربانی کریں گے ایسا نہیں ہے' یہ کوئی ایسا حکم تھا جو لازمی اور واجب قرار دینے کے طور پر ہو

5907 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْهَيْثَمِ، بِبَلَدَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ، وَزُبَيْدٌ، وَدَاوُدُ، وَابْنُ عَوْنٍ، وَمُجَالِدٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، وَهٰذَا حَدِيْثُ زُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ، يُحَدِّثُ عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا عِنْدَ سَارِيَةِ الْمَسْجِدِ، فَلَوْ كُنْتُ ثَمَّ لَاَخْبَرْتُكُمْ بِمَوْضِعِهَا، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: اِنَّ اَوَّلَ مَا نَبْدَاُ بِهٖ فِيْ يَوْمِنَا هٰذَا اَنْ نُصَلِّيَ، ثُمَّ نَرْجِعَ فَنَنْحَرَ، فَمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ اَصَابَ سُنَّتَنَا، وَمَنْ ذَبَحَ قَبْلَ ذٰلِكَ فَاِنَّمَا هُوَ لَحْمٌ قَدَّمَهٗ لِاَهْلِهٖ، لَيْسَ مِنَ النُّسُكِ فِيْ شَيْءٍ، قَالَ: وَذَبَحَ خَالِيْ اَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ ذَبَحْتُ، وَعِنْدِيْ جَذَعَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُسِنَّةٍ، قَالَ: اجْعَلْهَا مَكَانَهَا، وَلَا تُجْزِءُ عَنْ اَحَدٍ بَعْدَكَ

❁❁ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ مسجد کے ستون کے پاس موجود تھے اگر میں اس وقت (مسجد نبوی میں) ہوتا' تو میں تمہیں اس کی جگہ بتاتا۔ حضرت براء رضی اللہ عنہ نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

''آج کے دن ہم سب سے پہلے نماز عید ادا کریں گے پھر ہم واپس جا کر قربانی کریں گے جو شخص ایسا کرے گا وہ ہمارے طریقے پر عمل پیرا ہوگا اور جو شخص اس سے پہلے قربانی کر چکا ہو' تو یہ صرف ایک گوشت ہے' جو اس نے اپنے اہل خانہ کے لیے تیار کیا

5907- إسناده صحيح على شرط البخاري .عفان :هو ابن مسلم، ومنصور :هو ابن المعتمر، وداود .:هو ابن هند، وابن عون :هو عبد الله بن عون بن أرطبان البصري، ومجالد :هو ابن سعيد بن عمير الهمداني . وأخرجه أحمد 4/281 282، والطحاوي في "شرح معاني الأثار 4/172 "من طريق عفان بن مسلم، بهذا الإسناد .ووقع في "المسند ":فيستدرك تصحيحه من هنا. وأخرجه الشافعي في "السنن"588" "، ومسلم "5" "1961"، والترمذي "1508"في الأضاحي :باب ما جاء في الذبح بعد الصلاة، والنسائي 7/222في الضحايا :باب ذبح الضحية قبل الإمام، وأبو يعلى "1661"، والبيهقي 9/262و 276من طرق عن داود بن أبي هند، عن الشعبي، به . وأخرجه البخاري "6673"في الأيمان والنذور :باب إذا حنث ناسياً في الأيمان، من طريق معاذ بن معاذ، ع ابن عون، عن الشعبي، به .وانظر الحديث رقم "5906"و "5908"و "5910"و ."5911"

ہے اس کا مذہبی قربانی سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے ماموں حضرت ابو بردہ بن نیار رضی اللہ عنہ پہلے ہی جانور ذبح کر چکے تھے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں تو پہلے ہی ذبح کر چکا ہوں اب میرے پاس چھ ماہ کا بچہ ہے جو ایک سال کے بچے سے بہتر ہوتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے تم اس کی جگہ کرلو لیکن تمہارے بعد یہ کسی کے لیے جائز نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ ذَبْحَ اَبِىْ بُرْدَةَ الْاُضْحِيَّةِ قَبْلَ الصَّلَاةِ كَانَ ذٰلِكَ عَنِ ابْنِهٖ، لَا عَنْ نَفْسِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ کا نماز سے پہلے قربانی کو ذبح کر دینا ان کے بیٹے کی طرف سے تھا ان کی اپنی ذات کی طرف سے نہیں تھا

5908 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ، حَدَّثَنِىْ فِرَاسٌ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ وَجَّهَ قِبْلَتَنَا، وَصَلّٰى صَلَاتَنَا، وَنَسَكَ نُسُكَنَا، فَلَا يَذْبَحْ حَتّٰى يُصَلِّيَ، فَقَالَ خَالِيْ اَبُوْ بُرْدَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّيْ نَسَكْتُ عَنِ ابْنٍ لِيْ، قَالَ: ذَاكَ شَيْءٌ عَجَّلْتَهٗ لِاَهْلِكَ، قَالَ: فَاِنَّ عِنْدِيْ جَذَعَةً، قَالَ: ضَحِّ بِهَا عَنْهُ، فَاِنَّهَا خَيْرُ نُسُكِهٖ

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جو شخص ہمارے قبلہ کی طرف رخ کرے ہماری نماز کی طرح نماز ادا کرتا ہے ہماری قربانی کی طرح قربانی کرتا ہے وہ نماز ادا کرنے سے پہلے قربانی نہ کرے تو میرے ماموں حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں نے تو اپنے بیٹے کی طرف سے قربانی کرلی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک ایسی چیز ہے جسے تم نے اپنے اہل خانہ کے لیے جلدی تیار کرلیا ہے۔ انہوں نے عرض کی: میرے پاس ایک چھ ماہ کا بچہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے تم اس کی طرف سے قربان کرلو کیونکہ یہ بہترین قربانی ہے"۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَجَازَ لِاَبِىْ بُرْدَةَ اُضْحِيَتَهٗ قَبْلَ الصَّلَاةِ، وَنَفْىَ جَوَازَ مِثْلِهٖ لِاَحَدٍ بَعْدَهٗ اَنْ يَّاْتِيَ بِهٖ اِلَّا فِيْ مَوْضِعِهِ الَّذِيْ اَمَرَ بِهٖ، وَاِنْ كَانَ الْقَصْدُ فِيْهِ النَّدْبَ وَالْاِرْشَادَ

5908– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عثمان العجلي، فمن رجال البخاري. وأخرجه مسلم "6" "1961"، والنسائي 7/222 من طريقين عن زكريا بن أبي زائدة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "5563" في الأضاحي: باب من ذبح قبل الصلاة أعاد، والبيهقي 9/276 من طريق أبي عوانة، عن فراس، به وانظر الحديث رقم "5906" و "5907" و "5910" و "5911".

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ کے نماز سے پہلے قربانی کو

جائز قرار دیا تھا اور ان کے بعد کسی کے لیے اس کی مثل کے جائز ہونے کی نفی کی تھی ماسوائے اس مقام کے جس کے بارے میں آپ ﷺ نے حکم دیا تھا اگرچہ اس میں آپ ﷺ کا مقصد ندب اور استحباب تھا

5909 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، بِالْمَوْصِلِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا ذَبَحَ قَبْلَ اَنْ يُصَلِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُجْزِءُ عَنْ اَحَدٍ بَعْدَكَ اَنْ يَذْبَحَ حَتّٰى يُصَلِّيَ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کے نماز عید ادا کرنے سے پہلے جانور ذبح کر لیا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہارے بعد یہ کسی کے لیے جائز نہیں ہوگا کہ وہ نماز ادا کرنے سے پہلے جانور ذبح کرے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِمَعْنٰى مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

5910 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ النَّحْرِ بَعْدَ الصَّلَاةِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ صَلّٰى صَلَاتَنَا، وَنَسَكَ نُسُكَنَا، فَقَدْ اَصَابَ النُّسُكَ، وَمَنْ نَسَكَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَتِلْكَ شَاةُ لَحْمٍ، قَالَ اَبُو بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَقَدْ نَسَكْتُ قَبْلَ اَنْ اَخْرُجَ اِلَى الصَّلَاةِ، وَعَرَفْتُ اَنَّ الْيَوْمَ يَوْمُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ، فَتَعَجَّلْتُ فَاَكَلْتُ وَاَطْعَمْتُ اَهْلِيْ وَجِيْرَانِيْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تِلْكَ شَاةُ لَحْمٍ، قَالَ: فَاِنَّ عِنْدِيْ عَنَاقًا جَذَعَةً خَيْرٌ مِّنْ شَاتَيْ لَحْمٍ، فَهَلْ تُجْزِءُ عَنِّيْ؟ قَالَ: نَعَمْ، تُجْزِءُ عَنْكَ وَلَنْ تُجْزِءَ عَنْ اَحَدٍ بَعْدَكَ

5909– إسناده على شرط مسلم .وهو في "مسند أبي يعلى ."1779" " وأخرجه أحمد 3/364، والطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/172 "من طريقين عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد .وذكره الهيثمي في "المجمع 4/14 "وقال :رواه أحمد وأبو يعلى، ورجالهما رجال الصحيح.

5910– إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو الأحوص :هو سلام بن سليم، ومنصور :هو ابن المعتمر .وأخرجه مسلم "7" "1961"في الأضاحي :باب وقتها، والنسائي 7/223في الضحايا :باب ذبح الضحية قبل الإمام، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد.وأخرجه البخاري "983"في العيدين :باب كلام الإمام والناس في خطبة العيد، ومسلم "7" "1916"، وأبو داود "2800"في الضحايا :باب ما يجوز من السن في الضحايا، والبيهقي 3/283 284و311و9/276من طرق عن أبي الأحوص، به. وأخرجه الدارمي 2/80، والبخاري "955"باب الأكل يوم النحر، ومسلم "7" "1961"، والبيهقي 3/283 284من طريقين عن منصور، به .وانظر الحديث رقم "5901"و "5906"و "5907"و"5908"

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن نماز کے بعد ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: جس شخص نے ہمارے ساتھ نماز ادا کی اور ہمارے طریقے کے ذریعے قربانی کرنا چاہتا ہے وہ قربانی کرلے گا اور جس شخص نے نماز سے پہلے جانور ذبح کرلیا تھا' تو وہ صرف گوشت ہے۔ حضرت ابو بردہ بن نیار رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں نے تو نماز کیلئے نکلنے سے پہلے ہی جانور قربان کرلیا تھا میرا یہ خیال تھا کہ آج کھانے پینے کا دن ہے اس لیے میں نے جلدی کی اور اپنے اہل خانہ اور پڑوسیوں کے لیے کھانا تیار کروالیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ صرف گوشت ہے انہوں نے عرض کی: میرے پاس ایک چھ ماہ کا بکری کا بچہ ہے' جو گوشت کے اعتبار سے ایک سال کے جانور سے بہتر ہے' تو کیا یہ میری طرف سے جائز ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں یہ تمہاری طرف سے جائز ہو جائے گا' لیکن تمہارے بعد کسی کی طرف سے جائز نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَبَا بُرْدَةَ اِنَّمَا خُصَّ لِجَوَازِ اُضْحِيَتِهٖ قَبْلَ الصَّلَاةِ، مَعَ الْاَمْرِ بِاِعَادَةِ الْاُضْحِيَّةِ بَعْدَ الصَّلَاةِ ثَانِيًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نماز سے پہلے قربانی کا جائز ہونا صرف حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ مخصوص ہے اور انہیں اس بات کا حکم بھی دیا گیا تھا کہ وہ نماز کے بعد دوسری قربانی بھی کریں

5911 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا جُحَيْفَةَ وَهْبًا السُّوَائِيَّ يُحَدِّثُ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ،

(متن حدیث): اَنَّ خَالِيَ ذَبَحَ قَبْلَ اَنْ يُّصَلِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَاتُكَ شَاةُ لَحْمٍ، وَلَيْسَ مِنَ النُّسُكِ فِيْ شَيْءٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَعِنْدِيْ عَنَاقٌ جَذَعَةٌ، هِيَ خَيْرٌ مِّنْ مُّسِنَّةٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُوْفِيْ عَنْكَ، وَلَا تُوْفِيْ عَنْ اَحَدٍ بَعْدَكَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے ماموں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز ادا کرنے سے پہلے ہی جانور ذبح کرلیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہاری بکری صرف گوشت والی بکری ہے اس کا قربانی کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میرے پاس ایک چھ ماہ کا بکری کا بچہ ہے' جو ایک سال کے جانور سے بہتر ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تمہاری طرف سے کافی ہوگا' لیکن تمہارے بعد کسی کی طرف سے کافی نہیں ہوگا۔

5911- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أبو عامر العقدى :هو عبد الملك بن عمرو القيسي، وأخرجه، ومسلم "9" "1961"عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وإخرجه وأخرجه البخارى "5557"في الأضاحى :باب قول النبى صلى الله عليه وسلم، لأبى بردة" :ضع بالجذع من المعز"، ومسلم "9" "1961"، والبيهقى 9/277من طرق عن شعبة، به وانظر الحديث. رقم "5906"و "5907"و "5908"و ."5910"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ قَدْ اَمَرَ بِهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْضًا غَيْرَ اَبِىْ بُرْدَةَ بْنِ نِيَارٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ حکم جو نبی اکرم ﷺ نے دیا تھا' یہ حضرت ابوبردہ بن نیار رضی اللہ عنہ کے علاوہ بھی کسی کو دیا تھا

5912 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ، عَنْ عُوَيْمِرِ بْنِ اَشْقَرَ الْاَنْصَارِيِّ ثُمَّ الْمَازِنِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّهُ ذَبَحَ اُضْحِيَّةً قَبْلَ اَنْ يَغْدُوَ يَوْمَ الْاَضْحٰى وَاَنَّهُ ذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُعِيْدَ اُضْحِيَّةً اُخْرٰى

حضرت عویمر بن اشقر انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نماز عید کے لیے جانے سے پہلے جانور قربان کرلیا پھر انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ وہ دوسری مرتبہ قربانی کریں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ اُمِرَ بِهِ غَيْرُ هٰذَيْنِ اَيْضًا فِىْ اَوَّلِ ابْتِدَاءِ اِنْشَاءِ الْعِيْدِ، حَيْثُ جَهِلُوْا كَيْفِيَّةَ الْاُضْحِيَةِ فِىْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' یہ حکم ان دو حضرات کے علاوہ بھی دیا گیا ہے' جو عید کے آغاز میں پیش آیا تھا' جب لوگ اس موقع پر قربانی کی کیفیت سے ناواقف تھے

5913 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْجُنَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ،

5912– رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم، عويمر بن أشقر: أنصارى بدرى، روى عن النبى صلى الله عليه وسلم، وما ذكر عن ابن معين أَنَّ عَبَّادًا لم يَسْمَع منه، فقد رده ابن عبد البر كما سيأتى، وقد روى له ابن ماجة. يحيى بن سعيد: هو الأنصار. وأخرجه مالك 2/484 فى الضحايا: باب النهى عن ذبح الضحية قبل انصرف الإمام، ومن طريقه البيهقى 9/236، وابن الأثير فى "أسد الغابة 4/318 "، وأخرجه أحمد 3/454 و4/341، والمزى فى "تهذيب الكمال "فى ترجمة عويمر، من طريق يزيد بن هارون، وابن ماجة "3153" فى الأضاحى: باب النهى عن ذبح الأضحية قبل الصلاة.

5913– إسناده صحيح على شرط الشيخين. الجنيدى: هو: محمد بن عبد الله بن جنيد، أبو عوانة: هو الوضاح بن عبد الله اليشكرى. وأخرجه البخارى "5500" فى الذبائح والصيد: باب قول النبى صلى الله عليه وسلم، قبل الإمام، عن قتيبة بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسى "936"، والحميدى "775"، وأحمد 4/312 و313، والبخارى "985" فى العيدين: باب كلام الإمام والناس فى خطبة العيد، و "5562" فى الأضاحى: باب من ذبح قبل الصلاة أعاد، و "6674" فى الأيمان والنذور: باب إذا حنث ناسياً فى الأيمان، و "7400" فى التوحيد: باب السوال بأسماء الله تعالى، ومسلم "1960" فى الأضاحى: باب وقتها، وابن ماجة "3152" فى الأضاحى: باب النهى عن ذبح الأضحية قبل الصلاة، والطحاوى فى "شرح معانى الآثار 4/173 ".

عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ الْبَجَلِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): ضَحَّيْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا نَاسٌ ذَبَحُوا ضَحَايَاهُمْ قَبْلَ الصَّلَاةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَآهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ ذَبَحُوا قَبْلَ الصَّلَاةِ، فَقَالَ: مَنْ ذَبَحَ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلْيَذْبَحْ مَكَانَهَا أُخْرَى، وَمَنْ لَمْ يَذْبَحْ حَتّٰى صَلَّيْنَا فَلْيَذْبَحْ عَلَى اسْمِ اللّٰهِ

❁❁ حضرت جندب بن سفیان بجلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں قربانی کی کچھ لوگوں نے نماز سے پہلے اپنے جانور قربان کر لیے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ملاحظہ کیا کہ وہ لوگ نماز سے پہلے ہی جانور ذبح کر چکے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے نماز سے پہلے جانور ذبح کر لیا تھا وہ اس کی جگہ دوسرا جانور ذبح کرے اور جس شخص نے ذبح نہیں کیا تھا' یہاں تک کہ ہم نے نماز ادا کر لی' تو اب وہ اللہ کا نام لے کر ذبح کر لے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى اَنَّ الْأُضْحِيَّةَ وَالْاَمْرَ بِهَا لَيْسَ بِوَاجِبٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے' قربانی اور اس کے بارے میں حکم دینا واجب نہیں ہے

5914 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ عَيَّاشِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ هِلَالٍ الصَّدَفِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ: اُمِرْتُ بِيَوْمِ الْاَضْحٰى عِيدًا جَعَلَهُ اللّٰهُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ، فَقَالَ الرَّجُلُ: اَفَرَاَيْتَ اِنْ لَمْ اَجِدْ اِلَّا مَنِيحَةً اُنْثٰى، اَفَاُضَحِّي بِهَا؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ تَاْخُذُ مِنْ شَعْرِكَ، وَتُقَلِّمُ اَظْفَارَكَ، وَتَحْلِقُ عَانَتَكَ، وَتَقُصُّ شَارِبَكَ، فَذٰلِكَ تَمَامُ اُضْحِيَتِكَ عِنْدَ اللّٰهِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے فرمایا مجھے یہ حکم دیا گیا ہے' قربانی کے دن کو عید قرار دوں اللہ تعالیٰ نے اسے اس امت کے لیے (عید قرار دیا ہے) ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ کی کیا رائے ہے اگر مجھے قربانی کرنے کے لیے صرف مونث جانور ملتا ہے' تو کیا میں اس کی قربانی کرلوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں تم اپنے بال کاٹ لو، ناخن کاٹ لو، زیرناف بال صاف کرلو، اپنی مونچھیں چھوٹی کرلو یہ تمام چیزیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ

5914- إسناده صحيح عيسى بن هلال الصدفي :وثقه المؤلف، وروى عنه جمع، وباقي رجاله ثقات رجال مسلم غير يزيد وهو ابنُ خالد بن يزيد بن موهب فقد روى له أبو داود والنسائي وابن ماجه، وهو ثقة. وأخرجه النسائي 7/212 213في الضحايا: باب من لم يجد الأضحية، والدارقطني 4/282، والحاكم 4/223، والبيهقي 9/263من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 2/169،وأبو داود "2789"في لأضاحي :باب ما جاء في إيجاب الأضاحي، من طريق أبي عبد الرحمن عبد الله بن يزيد، عن سعيد بن أبي أيوب، به. وأخرجه الدارقطني 4/282،والحاكم 4/223، والبيهقي 9/263 264من طيقين عن عياش بن عباس، به.

میں تمہاری قربانی شمار ہوں گی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰی اَنَّ الْاُضْحِيَّةَ اسْتِعْمَالُهَا لَيْسَ بِفَرْضٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے قربانی کرنا فرض نہیں ہے

5915 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ صَخْرٍ، عَنِ ابْنِ قُسَيْطٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِكَبْشٍ اَقْرَنَ يَطَاُ فِيْ سَوَادٍ، وَيَنْظُرُ فِيْ سَوَادٍ، وَيَبْرُكُ فِيْ سَوَادٍ، فَاَتٰى بِهٖ لِيُضَحِّيَ بِهٖ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَائِشَةُ، هَلُمِّي الْمُدْيَةَ، ثُمَّ قَالَ: حُدِّيهَا بِحَجَرٍ، فَفَعَلْتُ، فَاَخَذَهَا وَاَخَذَ الْكَبْشَ، فَاَضْجَعَهُ، ثُمَّ ذَبَحَهُ، وَقَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ، مِنْ مُّحَمَّدٍ، وَآلِ مُحَمَّدٍ، وَمِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ، ثُمَّ ضَحّٰى بِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک سینگوں والا مینڈھا لایا گیا جس کے پاؤں، آنکھوں اور پیٹھ کے قریب سیاہ نشان تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے تاکہ اسے قربان کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! چھری پکڑاؤ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے پتھر پر تیز کرلو میں نے ایسا ہی کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چھری کو لیا اس مینڈھے کو پکڑا اسے لٹایا اور ذبح کردیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا:

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے اے اللہ میں تیرے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے محمد، محمد کے گھر والوں اور محمد کی امت کی طرف سے (اسے قربان کر رہا ہوں)''

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے قربان کردیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰی اَنَّ الْاُضْحِيَّةَ اسْتِعْمَالُهَا غَيْرُ فَرْضٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے قربانی کرنا فرض نہیں ہے

5916 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ الْاَرْغِيَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ كَثِيْرٍ الْعَنْبَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

5915- إسناده قوي على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة وأبي صخر وهو حميد بن زياد الخراط فمن رجال مسلم، والثاني :صدوق .ابن قسيط :هو يزيد بن عبد الله بن قسيط . وأخرجه البيهقي 9/272عن محمد بن الحسن بن قتيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/78، ومسلم "1967"في الأضاحي :باب استحباب الضحية وذبحها مباشرة بلا توكيل، وأبو داود "2792"في الضحايا :باب ما يستحب من الضحايا، والبيهقي 9/267و 286من طريقين عن ابن وهب، به .وانظر "5902".

(متن حدیث): إِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ هِلَالَ ذِى الْحِجَّةِ وَاَرَادَ اَنْ يُّضَحِّىَ فَلْيُمْسِكْ عَنْ شَعْرِهٖ وَاَظْفَارِهٖ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: وَهِمَ فِيْهِ مَالِكٌ، حَيْثُ قَالَ: عَمْرُو بْنُ مُسْلِمٍ، وَاِنَّمَا هُوَ عُمَرُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ اُكَيْمَةَ، وَاَخُوْهُ عَمْرُو بْنُ مُسْلِمٍ لَمْ يُدْرِكْهُ مَالِكٌ، وَهُوَ تَابِعِيٌّ، رَوٰى عَنْهُ الزُّهْرِيُّ

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جب کوئی شخص ذوالحج کا چاند دیکھ لے اور اس کا قربانی کرنے کا ارادہ ہو تو اسے اپنے بال اور ناخن نہیں کاٹنے چاہئیں۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں امام مالک کو وہم ہوا انہوں نے یہ کہا کہ یہ روایت عمرو بن مسلم سے منقول ہے حالانکہ راوی کا نام عمر بن مسلم بن عمار بن اکیمہ ہے اس کے بھائی کا نام عمرو بن مسلم ہے لیکن امام مالک نے اس کا زمانہ نہیں پایا عمرو بن مسلم تابعی ہیں جن کے حوالے سے زہری نے روایات نقل کی ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ اِنَّمَا زُجِرَ عَنْهُ لِمَنْ عِنْدَهٗ اُضْحِيَّةٌ يُرِيْدُ ذَبْحَهَا، وَاَهَلَّ عَلَيْهِ هِلَالُ ذِى الْحِجَّةِ، وَهِىَ عِنْدَهٗ دُوْنَ مَنِ اشْتَرَاهَا بَعْدَ هِلَالِهٖ عَلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ اس فعل سے منع اس شخص کو کیا گیا ہے

جس کے پاس قربانی کا جانور موجود ہو اور اسے ذبح بھی کرنا چاہتا ہو اور جب ذوالحج کا چاند نظر آئے اور وہ قربانی کا جانور اس کے پاس موجود ہو یہ نہیں کہ اس نے ذوالحج کا چاند نظر آنے کے بعد اسے خریدنا ہو

5917 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَ:

5916- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير عمرو بن مسلم، ويقال :عمر بن مسلم، وسيأتي كذلك عند المصنف برقم "5918"فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم "41" "1977"في الأضاحي :باب نهي من دخل عليه عشر ذي الحجة وهو مريد التضحية أن يأخذ من شعره أو أظفاره شيئا، وابن ماجة "315"في الأضاحي :باب من أراد أن يضحي فلا يأخذ في العشر من شعره وأظفاره، من طريقين عن يحيى بن كثير العنبري، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/311، ومسلم "1977" "41"، والترمذي "1523"في الأضاحي :باب ترك أخذ الشعر لمن أراد أن يضحي، والنسائي 7/211 212في الضحايا في فاتحته، وابن ماجة "315"، والطحاوي في "شرح معاني الآثار 4/181 "، والطبراني "564"/23، والحاكم 4/220من طرق عن شعبة، به . وأخرجه الطحاوي 4/182، والطبراني "562"/23من طرق عن مالك بن وهب، به وانظر الحديث رقم "5897" والحديثين الآتيين.

5917- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال مسلم غير محمد بن عمرو وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ فقد روى له البخاري مقروناً، ومسلم متابعة، وهو صدوق، وقد توبع . وأخرجه مسلم "42" "1977"في الأضاحي :باب نهي من دخل عليه عشر ذي الحجة وهو مريد التضحة أن يأخذ من شعره أو أظفاره شيئا، وأبو داود "2791"في الضحايا :باب الأضحية أن يأخذ من شعره أو أظفاره شيئا، وابو داود "2791"في الأضحية عن الميت، عن عبيد الله بن معاذ، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "925"/23من طريق ابن أبي عدي، عن محمد بن عمرو، عن عمرو بن مسلم، به .وانظر الحديث رقم "5897"و "5916"و."5918"

حَدَّثَنَا اَبِیْ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ اُكَيْمَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اُمَّ سَلَمَةَ، تَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ لَهُ ذِبْحٌ يَذْبَحُهُ، فَاِذَا اَهَلَّ هِلَالُ ذِي الْحِجَّةِ فَلَا يَاْخُذْ مِنْ شَعْرِهٖ، وَلَا مِنْ اَظْفَارِهٖ حَتّٰى يُضَحِّيَ

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جس شخص نے قربانی کرنی ہو' جب ذوالحجہ کا چاند نظر آ جائے' تو وہ شخص اپنے بال نہ کاٹے اور اپنے ناخن نہ کاٹے' جب تک قربانی نہیں کر لیتا۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِالشَّرْطِ الَّذِیْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهٗ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو اس شرط کی صراحت کرتی ہے' جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں

5918 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنِیْ عُمَرُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ عَمَّارٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا فِی الْحَمَّامِ قُبَيْلَ الْاَضْحٰى، فَاِذَا اُنَاسٌ قَدِ اطَّلَوْا، فَقَالَ بَعْضُ مَنْ فِی الْحَمَّامِ: اِنَّ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ يَكْرَهُ هٰذَا وَيَنْهٰى عَنْهُ، قَالَ: فَلَقِيْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ، فَقَالَ: ابْنَ اَخِیْ، اِنَّ هٰذَا حَدِيْثٌ قَدْ نُسِیَ، حَدَّثَتْنِیْ اُمُّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا دَخَلَ الْعَشْرُ وَعِنْدَ اَحَدِكُمْ ذِبْحٌ يُرِيْدُ اَنْ يَذْبَحَهٗ، فَلْيُمْسِكْ عَنْ شَعْرِهٖ وَاَظْفَارِهٖ

عمر بن مسلم بیان کرتے ہیں: ہم لوگ عیدالاضحیٰ سے کچھ عرصہ پہلے حمام میں موجود تھے وہاں کچھ لوگوں نے بال صاف کرنے کی تیاری کی' تو حمام میں موجود ایک شخص نے کہا: سعید بن مسیب نے اس بات کو مکروہ قرار دیا ہے اور وہ اس سے منع کرتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: میری ملاقات سعید بن مسیب سے ہوئی میں نے ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے اس حدیث کو بھلا دیا گیا ہے۔ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے مجھے یہ بات بتائی ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''جب (ذوالحجہ کا پہلا) عشرہ شروع ہو جائے اور تم میں سے کسی کے پاس قربانی کا جانور ہو' جسے قربان کرنے کا اس کا ارادہ ہو' تو اسے (قربانی کرنے تک) اپنے بال اور ناخن نہیں کاٹنے چاہئیں۔''

5918- إسناده حسن، وهو مكرر ما قبله .عبدة بن سليمان :هو الكلابي. وأخرجه مسلم "42" "1977"، والبهقي 9/266 من طريقين عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد .وعمرو بن مسلم :هو عمرو بن مسلم .وانظر الحديث رقم "5897"و "5916"و "5917".

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ أَنْ يُضَحِّيَ الْمَرْءُ بِأَرْبَعَةِ أَنْوَاعٍ مِنَ الضَّحَايَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ' آدمی چار قسم کے جانوروں میں سے (کسی ایک قسم کی) قربانی کرے

5919 ۔ (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ فَيْرُوزَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ،

(متن حدیث): أَنَّهُ ذَكَرَ الْأَضَاحِيَّ فَقَالَ: أَشَارَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ وَيَدِي أَقْصَرُ مِنْ يَدِهِ فَقَالَ: أَرْبَعٌ لَا يُضَحَّى (ص:241) بِهِنَّ: الْعَوْرَاءُ الْبَيِّنُ عَوَرُهَا، وَالْمَرِيضَةُ الْبَيِّنُ مَرَضُهَا، وَالْعَرْجَاءُ الْبَيِّنُ ظَلَعُهَا، وَالْعَجْفَاءُ الَّتِي لَا تُنْقِي فَقَالُوا لِلْبَرَاءِ: فَإِنَّمَا نَكْرَهُ النَّقْصَ فِي السِّنِّ وَالْأُذُنِ، وَالذَّنَبِ، قَالَ: فَاكْرَهُوا مَا شِئْتُمْ وَلَا تُحَرِّمُوا عَلَى النَّاسِ

❁❁ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے انہوں نے قربانی کا ذکر کرتے ہوئے یہ بات بتائی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کے ذریعے اشارہ کیا ویسے میرا ہاتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کے مقابلے میں چھوٹا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چار طرح کے جانوروں کی قربانی نہیں کی جاسکتی ایسا کانا جانور جس کا کانا پن واضح ہو، ایسا بیمار جانور جس کی بیماری نمایاں ہو، ایسا لنگڑا جانور جس کا لنگڑا پن واضح ہو اور اتنا کمزور جانور جس کے جسم میں گودا ہی نہ ہو۔

لوگوں نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: ہم تو ایسے جانور کو بھی ناپسندیدہ قرار دیتے ہیں' جس کے دانتوں' یا کان یا دم میں کوئی نقص ہو' تو حضرت براء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم لوگ جسے چاہو ناپسند سمجھو' لیکن لوگوں کے لیے اسے حرام قرار نہ دو۔

5920 ۔ (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ،

5946- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال مسلم غير عبد الله بن معاوية الجمحي، فقد روى له أصحاب السنن، وهوثقة، وقد صرح أبو الزبير بالحديث في الطريق المتقدمة ."5943"وأخرجه الترمذي "2163"في الفتن :باب ما جاء في النهي عن تعاطي السيف المسلول، عن عبد الله بن معاوية، بهذا الإسناد، وقال :حسن غريب من حديث حماد بن سلمة.وأخرجه الطيالسي "1759"، وأحمد 3/300و361، وأبو داود "2588"في الجهاد :باب في النهي أن يتعاطى السيف مسلولا، والحاكم 4/290من طرق عن حماد بن سلمة، به .وصححه الحاكم على شرط مسلم، ووافقه الذهبي .وقد تقدم برقم"5943"

5947- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير علي بن خشرم، فمن رجال مسلم .عيسى بن يونس :هو ابن أبي إسحاق السبيعي .وقد تقدم برقم 5948."5944"- حديث صحيح ابن أبي السرح وهو محمد بن المتوكل بن أبي السري قد توبع، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين .وهوفي "صحيفة همام"100" "، و "مصنف عبد الرزاق " ."18679"ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/317، والبخاري "7072"في الفتن :باب قول النبي صلى الله عليه وسلم : "من حمل علينا السلاح فليس منا"، ومسلم، "2617"في البر والصلة :باب النهي عن الإشارة بالسلاح إلى مسلم، والبيقهي 8/23، والبغوي ."2573"

(متن حدیث): لَا يُشِيرُ اَحَدُكُمْ اِلٰى اَخِيهِ بِالسِّلَاحِ، فَاِنَّهُ لَا يَدْرِى لَعَلَّ الشَّيْطَانَ يَنْزِعُ مِنْ يَدِهِ، فَيَقَعُ فِيمَنْ يُنَاوِلُ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کوئی شخص اپنے بھائی کی طرف ہتھیار کے ذریعے اشارہ نہ کرے کیونکہ وہ یہ بات نہیں جانتا شاید شیطان اس کے ہاتھ سے اسے گرادے اور وہ ہتھیار دوسرے شخص کو لگ جائے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْخَذْفِ بِالْحَصَى اِرَادَةَ الْاَذَى بِالنَّاسِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ لوگوں کو اذیت پہنچانے کے لیے کنکریاں ماری جائیں

5949 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، حَدَّثَنَا كَهْمَسٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغَفَّلِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ رَاٰى رَجُلًا يَخْذِفُ، قَالَ: لَا تَخْذِفْ، فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَذْفِ، اَوْ قَالَ: كَرِهَ الْخَذْفَ، وَقَالَ: اِنَّهُ لَا يُصَادُ بِهٖ صَيْدٌ، وَلَا يُنْكَاُ بِهٖ عَدُوٌّ، وَلٰكِنَّهَا قَدْ تَكْسِرُ السِّنَّ، وَتَفْقَاُ الْعَيْنَ، ثُمَّ رَآهُ يَخْذِفُ فَقَالَ: اُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَنْتَ تَخْذِفُ؟ لَا اُكَلِّمُكَ كَذَا وَكَذَا

❀❀ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے کہ انہوں نے ایک شخص کو کنکریاں مارتے ہوئے دیکھا' تو فرمایا تم کنکریاں نہ مارو کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریاں مارنے سے منع کیا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریاں مارنے کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اس کے ذریعے کوئی شکار نہیں کیا جا سکتا اس کے ذریعے دشمن کو نہیں مارا جا سکتا اس کے ذریعے صرف دانت توڑا جا سکتا ہے اور آنکھ کو پھوڑا جا سکتا ہے۔

پھر حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو کنکریاں مارتے ہوئے دیکھا' تو فرمایا میں نے تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے اور تم پھر کنکریاں مار رہے ہو۔ میں تم سے اتنے' اتنے عرصے تک کبھی بات نہیں کروں گا۔

5949- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأبو خيثمة :هو زهير بن حرب، وكهمس :هو ابن الحسن. وأخرجه البخاري "5479" في الذبائح والصيد :باب الحذف والبندقة، والنسائي 8/47 في القسامة :باب دية جنين المرأة، من طريقين عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/86 و5/56، والدارمي 1/117، والبخاري "5479"، ومسلم "54" "1954" في الصيد والذبائح :باب إباحة ما يستعان به على الاصطياد والعدو، والبيهقي 9/248، والبغوي "2574" من طرق عن كهمس، به وأخرجه الطيالسي "914"، وأحمد 5/45، والبخاري "6220" في الأدب :باب النهي عن الخذف، والبيهقي 9/248 من طريق شعبة، وأحمد 5/57 من طريق سعيد، كلاهما عن قتادة، عن عقبة بن صهبان، عن عبد الله بن مغفل. وأخرجه الحاكم 4/283 من طريق علي بن عاصم، عن خالد الحذاء عن الحكم بن الأعرج، عن عبد الله بن مغفل.

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ لُزُومِ خَاصَّةِ نَفْسِهِ، وَإِصْلَاحِ عَمَلِهِ عِنْدَ تَغْيِيرِ الْأَمْرِ، وَوُقُوعِ الْفِتَنِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ جب معاملہ متغیر ہو جائے اور فتنے واقع ہونا شروع ہو جائیں' تو اس وقت وہ صرف اپنا دھیان رکھے اور اپنے عمل کو درست رکھے

5950 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَيْفَ اَنْتَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اِذَا بَقِيتَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ؟ قَالَ: وَذَاكَ مَا هُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ذَاكَ اِذَا مَرِجَتْ اَمَانَاتُهُمْ وَعُهُودُهُمْ، وَصَارُوا هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ قَالَ: فَكَيْفَ بِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَعْمَلُ مَا تَعْرِفُ، وَدَعْ مَا تُنْكِرُ، وَتَعْمَلُ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَتَدَعُ عَوَامَّ النَّاسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عبداللہ اس وقت تمہارا کیا عالم ہوگا جب تم لوگوں کے چھان میں رہ جاؤ گے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ کون لوگ ہوں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ صورت حال اس وقت پیش آئے گی جب ان کی امانتیں اور ان کے عہد اس طرح ہو جائیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کر کے فرمایا۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اس وقت میں کیا کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم وہ کام کرو جسے تم نیکی سمجھتے ہو اور اس بات کو چھوڑ دو جسے تم برا سمجھو اور تم اپنی ذات کے لیے عمل کرو اور لوگوں کو (ان کے حال) پر چھوڑ دو۔

5950- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير العلاء وأبيه وهو عبد الرحمن بن يعقوب الحرقي فمن رجال مسلم .وأخرجه الدولابي 2/35من طريق عمرو بن أبي عمرو، عن العلاء، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن ابي شيبة 15/9 10،وأحمد 2/212،وابو داود "4343"في الملاحم :باب الأمر والنهي، من طريق الفضل بن دكين، والحاكم 4/282 283من طريق محمد بن عبيد الطنافسي، كلاهما عن يونس بن أبي إسحاق، عن هلال بن خباب أبي العلاء، عن عكرمة، عن عبد الله بن عمرو وسقط من المطبوع من ابن أبي شيبة" :عكرمة " وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 2/221، والحاكم 4/435من طريق يعقوب بن عبد الرحمن، وأبو داود "4342"،وابن ماجة "3957"في الفتن :باب التثبت في الفتنة، من طريق عبد العزيز بن أبي حازم، كلاهما عن أبي حازم، عن عمارة بن عمرو بن حزم، عن عبد الله بن عمرو .وأخرجه أحمد 2/162عن إسماعيل، عن الحسن، عن عبد الله بن عمرو .وأخرجه 2/220عن حسين بن محمد، عن محمد بن مطرف، عن أبي حازم، عن عمرو بن شعيب، عن أبيه، عن جده عبد الله بن عمرو. وأخرجه عبد الرزاق "2074"عن معمر، عن غير واحد منهم، عن الحسن أن النبي صلى الله عليه وسلم قال لبعد الله بن عمرو ....وانظر الحديث الآتي.وأخرجه الطبراني في "الكبير "5868" "و "5984"من طريقين، عن أبي حازم، عن سهل بن سعد الساعدي، قال الهيثمي في "المجمع :7/279 "رواه الطبراني بإسنادين، ورجال أحدهما ثقات.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ اَنْ يَكُوْنَ عَلَيْهِ فِي آخِرِ الزَّمَانِ

اس طریقہ کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ آخری زمانے میں وہ اس طریقہ کار پر عمل پیرا ہو

5951 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): كَيْفَ اَنْتَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو اِذَا بَقِيتَ فِي حُثَالَةٍ مِنَ النَّاسِ؟ قَالَ: وَذَاكَ مَا هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ذَاكَ اِذَا مَرِجَتْ اَمَانَاتُهُمْ وَعُهُوْدُهُمْ، وَصَارُوْا هٰكَذَا وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ قَالَ: فَكَيْفَ تَرَى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: تَعْمَلُ مَا تَعْرِفُ وَتَدَعُ مَا تُنْكِرُ، وَتَعْمَلُ بِخَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَتَدَعُ عَوَامَّ النَّاسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اے عبداللہ عمرو! اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تم لوگوں کے چھان میں باقی رہ جاؤ گے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ کون لوگ ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسا اس وقت ہوگا جب ان کی امانات اوران کے عہد ایک دوسرے کے ساتھ ملے ہوئے ہوں گے' اور وہ یوں ہو جائیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کر کے فرمایا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس بارے میں کیا رائے ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جسے تم اچھائی سمجھو اسے تم کر لینا اور جسے تم برائی سمجھو اسے نہ کرنا اور تم صرف اپنی ذات کے لیے عمل کرنا اور لوگوں کو (ان کے حال پر) چھوڑ دینا۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّ آخِرَ الزَّمَانِ عَلَى الْعُمُوْمِ يَكُوْنُ شَرًّا مِنْ اَوَّلِهِ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) آخری زمانہ عمومی طور پر پہلے زمانے سے برا ہوگا

5952 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، بِالرَّيِّ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ يَزِيْدَ، جَبْرٌ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ، قَالَ:

5951- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله. وأخرجه الطبراني في "الأوسط "2797" "عن إبراهيم بن هاشم، عن أمية بن بسطام، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في "المجمع 7/283 "وقال: رواه الطبراني في "الأوسط "بإسنادين، رجال أحدهما رجال الصحيح.

(متن حدیث):اَتَيْنَا اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، فَشَكَوْنَا اِلَيْهِ الْحَجَّاجَ، فَقَالَ: اصْبِرُوا، فَاِنَّهُ لَا يَاْتِي عَلَيْكُمْ يَوْمٌ اَوْ زَمَانٌ اِلَّا وَالَّذِي بَعْدَهُ شَرٌّ مِّنْهُ حَتّٰى تَلْقَوْا رَبَّكُمْ سَمِعْتُهُ مِنْ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

زبیر بن عدی بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس آئے ہم نے حجاج کی شکایت ان سے کی' تو انہوں نے فرمایا: تم لوگ صبر سے کام لو کیونکہ تم پر اب جو بھی دن (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جو بھی زمانہ آئے گا' تو اس کے بعد والا زمانہ اس سے زیادہ برا ہوگا' یہاں تک کہ تم لوگ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہو جاؤ گے یہ بات میں نے تمہارے نبی کی زبانی سنی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ خَبَرَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ لَمْ يُرِدْ بِعُمُومِ خِطَابِهٖ عَلَى الْاَحْوَالِ كُلِّهَا

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایات میں یہ مراد نہیں ہے کہ متن کے الفاظ سے ہر طرح کا حال مراد ہو

5953 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَبُوْ شِهَابٍ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

5952- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه الطبراني في "الأوسط "2797" "عن إبراهيم بن هاشم، عن أمية بن بسطام، بهذا الإسناد .وذكره الهيثمي في "المجمع 7/283 "وقال :رواه الطبراني في "الأوسط "بإسنادين، رجال أحدهما رجال الصحيح2.حديث صحيح مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ عَجْلَانَ الأصبهاني :لم يرو عن غير أبيه شيئا، ولا يعرف بجرح ولا تعديل .مترجم في "الجرح والتعديل "، 8/53، وأبو عصام بن يزيد :ترجمه المؤلف في "ثقاته 8/520 "وقال :يروى عن الثوري ومالك بن مغول، روى عنه ابنه محمد بن عصام يتفرد ويخالف، وكان صدوقا، حديثه عند الأصبهانيين، وذكره ابن أبي حاتم 7/26، وأبو نعيم في "تاريخ أصبهان 2/138 "فلم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلا، وقد توبعا، ومن فوقهما من رجال الشيخين . وسفيان :هو الثوري.وأخرجه أحمد 3/132و177و179، والبخاري "7068"في الفتن :باب "لا يأتي زمان إلا الذي بعده شر منه "، والترمذي "3307"في الفتن :باب رقم 35، وأبو يعلى "4037"من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو يعلى "4036"من طريق مالك بن مغول، عن الزبير بن عدي، به .وأخرجه الطبراني في "المعجم الصغير"528" "، والخطيب في "تاريخه 8/183 "من طريق علي بن عبد العزيز، عن مسلم بن إبراهيم، عن شعبة، عن الزبير بن عدي، به وقال الطبراني :لم يروه عن شعبة إلا مسلم، تفرد به علي 1.محمد بن إبرهيم :وذكره المؤلف في "الثقات 9/39 "فقال :محمد بن إبراهيم أبو شهاب الكناني، ويروي عن عاصم ابن بهدلة، روى عنه مسدد بن مسرهد، وذكره البخاري في "التاريخ الكبير 1/25 "، وابن حاتم 7/185، وقال :سألت أبي عنه، فقال :ليس بمشهور، يكتب حديثه، وباقي رجاله ثقات من رجال البخاري غير عاصم ابن بهدلة، فقد روى له الشيخان مقرونا، وهو صدوق .والدارقطني، وقال أبو حاتم :ليس بالقوي، ومحله الصدق، وقال العجلي :كان معروفا بالحديث صدوقا، وقال ابن عدي :رواياته مستقيمة، قال :والقول فيه ما قال شعبة :إنه لا بأس به .وأخرجه الترمذي "2231"في الفتن :باب ما جاء في المهدي، من طريق سفيان بن عيينة، عن عاصم بن بهدلة، عن أبي صالح، عن أبي هريرة موقوفا .وقال هذا إسناد صحيح.

(متن حدیث): لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا لَيْلَةٌ، لَمَلَكَ فِيهَا رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اگر دنیا ختم ہونے میں صرف ایک رات باقی رہ جائے' تو اس میں بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت سے تعلق رکھنے والا ایک شخص بادشاہ ضرور بنے گا۔''

5954 - وَحَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، فِيْ عَقِبِهِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَبُوْ شِهَابٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ ابْنُ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرٍّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَوْ لَمْ يَبْقَ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا لَيْلَةٌ، لَمَلَكَ فِيهَا رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ بَيْتِيْ (يُوَاطِءُ) * اسْمُهُ اسْمِي

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اگر دنیا ختم ہونے میں ایک رات باقی رہ جائے' تو اس میں میرے اہل بیت سے تعلق رکھنے والا ایک شخص حکمران ضرور بنے گا' جس کا نام میرے نام کی طرح ہوگا۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِنْفِرَادِ بِالدِّينِ عِنْدَ وُقُوعِ الْفِتَنِ

فتنوں کے وقوع کے وقت (اپنے) دین کے ہمراہ تنہا ہو جانے کا تذکرہ

5955 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِيْ صَعْصَعَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَوْشَكَ اَنْ يَكُوْنَ خَيْرُ مَالِ الْمُسْلِمِ غُنَيْمَةً يَتْبَعُ بِهَا سَعَفَ الْجِبَالِ، وَمَوَاضِعَ الْقَطْرِ، يَفِرُّ بِدِيْنِهِ مِنَ الْفِتَنِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ: هٰكَذَا أَخْبَرَنَا أَبُوْ خَلِيفَةَ: سَعَفَ، وَاِنَّمَا هِيَ بِالشِّيْنِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عنقریب ایسا وقت آئے گا جب مسلمان کا سب سے بہتر مال چند بکریاں ہوں گی' جنہیں وہ ساتھ لے کر پہاڑوں کی چوٹیوں پر اور بارش نازل ہونے کے مقامات (یعنی

5954– محمد بن إبراهيم :قد توبع، وباقي السند رجاله ثقات غير عاصم، وهو حسن الحديث .وأخرجه الطبراني في الكبير "10216" "عن معاذ بن المثنى، عن مسدد، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/376و 377و 430و 448، وأبو داود "4282" في المهدي، والترمذي "2230"و "2231"في الفتن :باب ما جاء في المهدي، والطبراني في "الصغير"1181" "، وفي "الكبير" "10213"و "10214"و "10215"و "10217"و "10219"و "10220"و "10221"و "10222"و "10223" و "10224"و "10225"و "10226"و "10227"و "10228"و "10229"و"1230"، وأبو نعيم في "أخبار أصبهان " 2/195، والخطيب في "تاريخه 4/388 "من طرق عن عاصم ابن بهدلة، به وهذا سند حسن .وأخرجه الطبراني "10208" و"10218"، وأبو نعيم في "أخبارأصبهان2/195 "، وفي "الحلية 5/75 "من طرق عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ. وفي الباب عن علي عند أبي داود "4283"، وأحمد 1/99 وعن أبي سعيد الخدري عند أحمد 3/17 و36.

جنگلات) میں چلا جائے گا وہ اپنے دین کو فتنوں سے بچانے کے لیے بھاگے گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوخلیفہ نامی راوی نے یہ لفظ سعف نقل کیا ہے' حالانکہ اصل لفظ شین کے ساتھ ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْفَارَّ مِنَ الْفِتَنِ عِنْدَ وُقُوْعِهَا يَكُوْنُ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ فِيْ ذٰلِكَ الزَّمَانِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ فتنوں کے وقوع کے وقت فتنوں سے فرار اختیار کرنے والا شخص اس زمانے میں سب سے بہتر ہوگا

5956 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ قَيْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ كُرْزٌ الْخُزَاعِيُّ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ اَعْرَابِيٌّ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ لِهٰذَا الْاِسْلَامِ مِنْ مُنْتَهًى؟ قَالَ: نَعَمْ، مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا مِنْ عَرَبٍ اَوْ عَجَمٍ اَدْخَلَهُ عَلَيْهِمْ، قَالَ: ثُمَّ مَاذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: ثُمَّ تَقَعُ فِتَنٌ كَالظُّلَلِ، قَالَ: كَلَّا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلٰى وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهٖ، لَتَعُوْدُنَّ فِيْهَا اَسَاوِدَ صُبًّا، يَضْرِبُ

5955–إسناده صحيح إبراهيم بن بشار وهو الرمادى الحافظ قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال البخارى .سفيان :هو ابن عيينة، وعبد الله بن عبد الرحمن بن صعصعة :هُوَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِى صعصعة، ومنهم من يسقط عبد الرحمن من نسبه، ومنهم من ينسبه إلى جده، فيقول :عبد الرحمن بن أبى صعصعة، قال ابن المدينى :وهم ابن عيينة فى نسبه حيث قال :عبد الله بن عبد الرحمن، وقال الشافعى :يشبه أن يكون مالك حفظه، وقال الدارقطنى :لم يختلف على مالك فى تسمية عبد الرحمن بن عبد الله. وأخرجه الحميدى "733"، وأحمد 3/6، وأبو يعلى "983"من طريق سفيان، بهذا الإسناد .وعند أحمد وأبى يعلى :ابن أبى صعصعة.وأخرجه أحمد 3/30، وابن أبى شيبة 15/10، وابن ماجة "3980"فى الفتن :باب العزلة، من طريق يحيى بن سعيد

5956– إسناده حسن .عبد الواحد بن قيس :روى له ابن ماجة، وهو حسن الحديث، قال ابن عدى :حدّث عن هـ الأوزاعى بغير حديث، وأرجو أنه لا بأس به، لأن فى رواية الأوزاعى عنه استقامة، وقد توبع، وباقى رجاله ثقات رجال البخارى غير صحابيه . كرز بن حبيش الخزاعى، كما فى "المسند 3477 " أسلم يوم الفتح، وعُمِّرَ عمراً طويلا، وكتب معاوية إلى عامله على مكة :إن كان كرز بن علقمة حياً مره فليوقفكم على معالم الحرم، ففعل، وهى معالمهم إلى الساعة " ...طبقات ابن سعد.5/458 " وأخرجه أحمد 3/477، والبزار "3355"، وابن الأثير فى "أسد الغابة 4/46 "ى 9من طرق عن الأوزاعى، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسى "1290"، والحميدى "5749"، وابن أبى شيبة 15/13، وأحمد 3/477، والبزار "3353"، والطبرانى "443"/19، والحاكم مختصراً 1/34من طريق سفيان بن عيينة، وعبد الرزاق "20747"، والطبرانى "442"/19، والحاكم 1/34و4/455، والبغوى "4235"من طريق معمر، والطبرانى "444"/19من طريق عبد الرحمن بن خالد بن مسافر، و "445"من طريق معاوية بن يحيى، "446"من طريق عقيل، والبزار "3354"من طريق سفيان بن حسن، ستتهم عن الزهرى، عن عروة، به .وزاد سفيان عند أحمد ابن أبى شيبة والحميدى :قال الزهرى :والأسود :الحية إذا أرادة أن تنهش تنتصب هكذا ورفع الحميدى يده ثم تنصب .لفظ الحميدى.

بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ، فَخَيْرُ النَّاسِ يَوْمَئِذٍ مُؤْمِنٌ مُعْتَزِلٌ فِيْ شِعْبٍ مِنَ الشِّعَابِ، يَتَّقِي اللّٰهَ، وَيَذَرُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهِ

حضرت کرز خزاعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا اس اسلام کا کچھ اختتام ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں اللہ تعالیٰ عربوں اور عجمیوں میں سے جس کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کرے گا اسے اسلام میں داخل کرے گا۔ اس دیہاتی نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! پھر کیا ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پھر تاریکیوں کی طرح کے فتنے آئیں گے۔ اس شخص نے عرض کی: ہرگز نہیں اللہ کی قسم! یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! (ایسا نہیں ہوگا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے (ایسا ہی ہوگا) اور تم لوگ دوبارہ اس میں ایسی صورت حال کا شکار ہو جاؤ گے کہ سانپوں کی طرح پھن پھیلا لو گے اور ایک دوسرے کی گردنیں اڑانے لگو گے اس زمانے میں سب سے بہتر شخص وہ مومن ہوگا' جو کسی گھاٹی میں الگ تھلگ رہتا ہوگا وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوگا اور لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھے گا۔

ذِكْرُ اِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْمُتَعَبِّدَ عِنْدَ وُقُوْعِ الْفِتَنِ ثَوَابَ الْهِجْرَةِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اللہ تعالیٰ کا فتنوں کے وقوع کے وقت عبادت گزار شخص کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کرنے کا ثواب عطا کرنے کا تذکرہ

5957 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ بَسَّامٍ، بِالْبَصْرَةِ قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْعِبَادَةُ فِي الْهَرْجِ كَالْهِجْرَةِ اِلَيَّ

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

5957– إسناده قوى .مستلم بن سعيد الثقفى :روى له الأربعة، قليل الحديث .قال أحمد :شيخ ثقة من أهل واسط، وقال ابن معين :صويلح، وقال النسائى :ليس به بأس، وذكره المؤلف فى "الثقات"، وقد توبع، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 5/27، وابن أبى شيبة "19146"ومن طريقه الطبرانى "492"/20، كلاهما عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد .وقد تصحف "مستلم "عند أحمد وابن أبى شيبة إلى "مسلم"، وعند الطبرانى إلى "مسلمة "كما سقط من إسناد الطبرانى منصور بن زاذان. وأخرجه الطيالسى "932"، وأحمد 5/25، ومسلم "2948"فى الفتن :باب فضل العبادة فى الهرج، والترمذى "2201" فى الفتن :باب ما جاء فى الهرج والعبادة فيه، وابن ماجة "3985"فى الفتن :باب الوقوف عند الشبهات، والطبرانى "488"/20 و"489"و "490"و "491"من طرق عن معلى بن زياد، و "493"من طريق سليمان التقفى، و "494"من طريق الأعمش، ثلاثتهم عن معاوية بن قرة، به .ولفظ أحمد 5/25، والطبرانى " :"489"العمل فى الهرج كهجرة إلىّ"

''فتنے کے دنوں میں عبادت کرنا میری طرف ہجرت کرنے کی مانند ہوگا۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الِاعْتِزَالَ فِي الْفِتَنِ يَجِبُ أَنْ يَلْزَمَهُ الْمَرْءُ دُوْنَ الْوَثْبَةِ إِلَى كُلِّ هَيْعَةٍ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ فتنوں کے زمانے میں آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ گوشہ نشینی اختیار کرے، نہ کہ فتنے والی جگہ کی طرف جائے

5958 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يُوشِكُ أَنْ يَكُوْنَ خَيْرَ مَالِ الْمُسْلِمِ غَنَمٌ، يَتْبَعُ شَعَفَ الْجِبَالِ، وَمَوَاقِعَ الْقَطْرِ، يَفِرُّ بِدِينِهِ مِنَ الْفِتَنِ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''عنقریب ایسا وقت آئے گا کہ جب مسلمان کا سب سے بہتر مال بکریاں ہوں گی، جنہیں وہ ساتھ لے کر پہاڑوں کی چوٹیوں اور جنگلات میں چلا جائے گا وہ اپنے دین کو فتنوں سے بچانے کے لیے بھاگے گا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ اخْتِلَاطَ الْفِتَنِ بِالْمَرْءِ يَكُوْنُ عَلَى حَسَبِ اسْتِشْرَافِهِ لَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ فتنہ آدمی کے ساتھ اسی حساب سے ملے گا جس حساب سے آدمی اس کی طرف جھانکے گا

5959 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

5959– إسناده صحيح على شرط مسلم رجاله ثقات رجال الشيخين غير وهب بن بقية، وعبد الرحمن بن إسحاق، فمن رجال مسلم .خالد بن عبد الله :هو الواسطى الطحان، وأبو سلمة :هو ابن عبد الرحمن .وأخرجه أحمد 2/282، والبخارى "3601"فى المناقب :باب علامات النبوة قبل الإسلام، و "7082"فى الفتن :باب تكون فتنة القاعد فيها خير من القائم، ومسلم "10" "2886"فى الفتن :باب نزول الفتن كمواقع القطر، والبغوى "4229"من طرق عن الزهرى، بهذا الإسناد.وأخرجه الطيالسى "2344"، والبخارى "7081"، ومسلم "12" "2886"، والبيهقى 8/190من طريق إبرهيم بن سعيد بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هريرة، ولفظهم غير البخارى " :تكون فتنة النائم فيها خير من اليقظان، واليقظان فيها خير من القائم، والقائم فيها خير من الساعى، فمن وجد ملجأ أو معاذاً فليستعذ "وأخرجه البخارى "3601"و"7081"، ومسلم "10" "2886"من طريق صالح بن كيسان، عن سعيد بن المسيب، عن أبى هريرة.

وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): سَتَكُونُ فِتَنٌ كَرِيَاحِ الصَّيْفِ، الْقَاعِدُ فِيهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، مَنِ اسْتَشْرَفَ لَهَا اسْتَشْرَفَتْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''عنقریب ایسے فتنے آئیں گے جو گرمی کی ہواؤں کی طرح ہوں گے ان میں بیٹھا ہوا شخص کھڑے ہوئے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہوا چلنے والے سے بہتر ہوگا' جو شخص ان کی طرف جھانک کر دیکھے گا یہ اسے اپنی طرف کھینچ لیں گے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى الْمَرْءِ عِنْدَ وُقُوعِ الْفِتَنِ الْعُزْلَةَ وَالسُّكُونَ، وَاِنْ اَتَتِ الْفِتْنَةُ عَلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ فتنوں کے واقع ہونے کے وقت آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ تنہائی اور سکون اختیار کرے اگرچہ فتنہ اس تک آپہنچے

5960 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، كَيْفَ تَفْعَلُ اِذَا جَاعَ النَّاسُ حَتّٰى لَا تَسْتَطِيعَ اَنْ تَقُومَ مِنْ فِرَاشِكَ اِلٰى مَسْجِدِكَ ؟ فَقُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: تَعَفَّفْ ، ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ تَصْنَعُ اِذَا مَاتَ النَّاسُ حَتّٰى يَكُونَ الْبَيْتُ بِالْوَصِيفِ ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: تَصْبِرُ ، ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ تَصْنَعُ اِذَا اقْتَتَلَ النَّاسُ حَتّٰى يَغْرَقَ حَجَرُ الزَّيْتِ ؟ قُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: تَاْتِي مَنْ اَنْتَ فِيهِ ، فَقُلْتُ: اَرَاَيْتَ اِنْ اَتٰى عَلَيَّ؟ قَالَ: تَدْخُلُ بَيْتَكَ ، قُلْتُ: اَرَاَيْتَ اِنْ اَتٰى عَلَيَّ؟ قَالَ: اِنْ خَشِيتَ اَنْ يَبْهَرَكَ شُعَاعُ السَّيْفِ، فَاَلْقِ طَائِفَةَ رِدَائِكَ عَلٰى وَجْهِكَ يَبُوءُ بِاِثْمِكَ وَاِثْمِهِ ، فَقُلْتُ: اَفَلَا اَحْمِلُ السِّلَاحَ؟ قَالَ: اِذًا تَشْرَكُهُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: اے ابوذر! اس وقت تمہارا کیا عالم ہوگا جب لوگوں میں بھوک عام ہوگی' یہاں تک کہ تم اس بات کی استطاعت بھی نہیں رکھو گے کہ اپنے بچھونے سے اٹھ کر مسجد تک جاسکو۔

5960- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة وعبد الله بن الصامت، فمن رجال مسلم .عبد الله :هو ابن المبارك، وأبو عمران الجوني :هو عبد الملك بن حبيب .وأخرجه الحاكم 4/423 424من طريق سعيد بن هبيرة وأخرجه عبد الرزاق "20729"ومن طريقه الحاكم 2/156 157، و4/423، والبغوى "4220"عن معمر، أحمد 5/163وفيه زيادة في أوله، وابن أبي شيبة 15/12 مختصراً عن عبد العزيز بن عبد الصمد العمي، والبيهقي 8/191من طريق شعبة، وأحمد 5/149من طريق مرحوم بن عبد العزيز وسيأتي عند المؤلف برقم "6650" أربعتهم عن أبي عمران الجوني، به.وأخرجه الطيالسي "459"، وأبو داود "4261"في الفتن والملاحم :باب في النهي عن السعي في الفتنة، وابن ماجة "3958" في الفتن :باب التثبت في الفتنة، والحاكم 4/324، والبيهقي 8/191و 269من طرق عن حماد بن زيد، عن أبي ذر، وقال أبو داود :لم يذكر المشعث في هذا الحديث غير حماد بن زيد.

میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم بچنے کی کوشش کرنا پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اس وقت تم کیا کرو گے جب لوگ مر جائیں گے' یہاں تک کہ گھر (یعنی قبر کی جگہ) خادم کے عوض میں ملے گی' ہوگا۔ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم صبر سے کام لینا پھر نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: اس وقت تم کیا کرو گے جب لوگ ایک دوسرے کے ساتھ لڑائی کریں گے' یہاں تک کہ حجر زیت کا مقام (خون میں) ڈوب جائے گا میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اس جگہ پر رہنا جہاں تم رہتے ہو (یعنی باہر نہ نکلنا) میں نے عرض کی: آپ ﷺ کی کیا رائے ہے اگر وہ پھر بھی مجھ تک پہنچ جائیں' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اپنے گھر کے اندر چلے جانا۔ میں نے عرض کی: اگر وہ پھر میرے تک پہنچ گئے' تو آپ ﷺ کی کیا رائے ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر تمہیں یہ اندیشہ ہو کہ تلوار کی چمک تمہیں پریشان کر دے گی' تو تم اپنی چادر کا کنارہ اپنے چہرے پر ڈال لینا وہ شخص تمہارے اور اپنے گناہ کا بوجھ اٹھائے گا۔ میں نے عرض کی: کیا میں اس پر ہتھیار نہ اٹھاؤں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس صورت میں تم بھی اس کے برابر ہو جاؤ گے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عِنْدَ وُقُوْعِ الْفِتَنِ عَلَى الْمَرْءِ مَحَبَّةُ غَيْرِهِ مَا يُحِبُّهُ لِنَفْسِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ فتنوں کے وقوع کے وقت آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ دوسروں کے لیے بھی وہی بات پسند کرے جو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے

5961 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ رَبِّ الْكَعْبَةِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، يُحَدِّثُ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ، فَمِنَّا مَنْ يَّنْتَضِلُ، وَمِنَّا مَنْ هُوَ فِيْ مَجْشَرِهِ، وَمِنَّا مَنْ يُّصْلِحُ خِبَاءَهُ، اِذْ نُوْدِيَ بِالصَّلَاةِ جَامِعَةً، فَاجْتَمَعْنَا، فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَقُوْلُ: لَمْ يَكُنْ قَبْلِي نَبِيٌّ اِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَّدُلَّ اُمَّتَهُ عَلٰى مَا هُوَ خَيْرٌ لَّهُمْ، وَيُنْذِرَهُمْ مَا يَعْلَمُ اَنَّهُ شَرٌّ لَّهُمْ، وَاِنَّ هٰذِهِ الْاُمَّةَ جُعِلَتْ عَافِيَتُهَا فِيْ اَوَّلِهَا، وَسَيُصِيبُ آخِرَهَا بَلَاءٌ، فَتَجِيءُ فِتْنَةُ الْمُؤْمِنِ، فَيَقُوْلُ: هٰذِهِ مُهْلِكَتِي، ثُمَّ تَجِيءُ فَيَقُوْلُ: هٰذِهِ مُهْلِكَتِي، ثُمَّ

5961- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن عبد رب الكعبة، فمن رجال مسلم محمد بن كثير :هو العبدي، وسفيان :هو الثوري. وأخرجه ابن أبي شيبة 15/5 76، وأحمد مختصراً ومطولاً 2/161 و191، ومسلم "46" "1844"في الإمارة :باب وجوب الوفاء ببيعة الخلفاء الأول فالأول، وأبو داود مختصراً "4248"في الفتن :باب ذكر الفتن ودلائلها، والنسائي 7/152 154في البيعة :ذكر من بايع الإمام وأعطاه بصفقة يده وثمرة قلبه، وابن ماجة "3956"في الفتن :باب ما يكون من الفتن من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "47" "1844"من طريق عبد الله بن أبي السفر، عن عامر، عن عبد الرحمن بن عبد رب الكعبة، عن ابن عمرو.

تَنْكَشِفُ، فَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يُزَحْزَحَ عَنِ النَّارِ وَيَدْخُلَ الْجَنَّةَ، فَلْتُدْرِكْهُ مَنِيَّتُهُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ بِاللّٰهِ، وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ، وَلْيَاْتِ اِلَى النَّاسِ الَّذِيْ يُحِبُّ اَنْ يُؤْتٰى اِلَيْهِ، وَمَنْ بَايَعَ اِمَامًا فَاَعْطَاهُ صَفْقَةَ يَدِهٖ، وَثَمَرَةَ قَلْبِهٖ، فَلْيُطِعْهُ مَا اسْتَطَاعَ ، قَالَ: قُلْتُ: هٰذَا ابْنُ عَمِّكَ مُعَاوِيَةُ، يَاْمُرُنَا اَنْ نَاْكُلَ اَمْوَالَنَا بَيْنَنَا بِالْبَاطِلِ، وَنُهْرِيقُ دِمَاءَ نَا، وَقَالَ اللّٰهُ: (يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ) (النساء : 29) ، وَقَالَ: (وَلَا تَقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ) (النساء : 29) قَالَ: ثُمَّ سَكَتَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: اَطِعْهُ فِيْ طَاعَةِ اللّٰهِ، وَاعْصِهٖ فِيْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے خانہ کعبہ کے سائے میں یہ بات بیان کی: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کر رہے تھے ہم میں سے کچھ لوگ تیراندازی کر رہے تھے کچھ لوگ جانوروں کو چرا رہے تھے اور کچھ لوگ خیمے ٹھیک کر رہے تھے اسی دوران یہ اعلان کیا گیا نماز ہونے لگی ہے ہم لوگ اکٹھے ہو گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھ سے پہلے جو بھی نبی تھا' تو اللہ تعالیٰ کے ذمے یہ بات لازم تھی کہ وہ نبی اپنی امت کی رہنمائی اس چیز کی طرف کرے جو ان کے حق میں زیادہ بہتر ہو اور ان لوگوں کو ان چیزوں سے ڈرائے جن کے بارے میں وہ یہ جانتا ہے کہ یہ ان کے حق میں برے ہوں گے جہاں تک اس امت کا تعلق ہے' تو اس کی عافیت اس کے ابتدائی حصے میں ہے اور اس کے آخری حصے میں آزمائشیں ہوں گی مومن کے پاس ایک آزمائش آئے گی' تو وہ یہ کہے گا میں اس میں ہلاکت کا شکار ہو جاؤں گا پھر دوسری آئے گی' تو یہ کہے گا اس میں ہلاکت کا شکار ہو جاؤں پھر وہ بھی ختم ہو جائے گی' تو تم میں سے جو شخص اس بات کو پسند کرتا ہو کہ اسے جہنم سے بچا کر جنت میں داخل کر دیا جائے اس کی موت ایسے عالم میں آنی چاہئے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو اور وہ لوگوں کے ساتھ وہی سلوک کرے' جس کے بارے میں وہ یہ پسند کرتا ہے کہ اس کے ساتھ اس طرح کا سلوک کیا جائے جو شخص کسی حکمران کے ہاتھ پر بیعت کر لے اور اپنا ہاتھ اور اپنی ذہنی آمادگی اس کو دیدے' تو اسے جہاں تک ہو سکے' اس حکمران کی فرمانبرداری کرنی چاہئے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے کہا: یہ آپ کے چچا زاد حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ' تو ہمیں یہ کہتے ہیں: ہم اپنے (یعنی ایک دوسرے کے) اموال ناحق طور پر کھائیں اور خون بہائیں جبکہ اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے۔

''اے ایمان والو! ایک دوسرے کے مال ناحق طور پر نہ کھاؤ۔''

اور اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے۔

''تم ایک دوسرے کو قتل نہ کرو۔''

راوی کہتے ہیں: وہ (یعنی حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ) تھوڑی دیر کے لیے خاموش رہے پھر انہوں نے فرمایا: تم اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کے معاملے میں ان کی اطاعت کرو اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے معاملے میں اس کی بات نہ مانو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى الْمَرْءِ عِنْدَ الْفِتَنِ اَنْ يَّكُوْنَ مَقْتُوْلًا لَا قَاتِلًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ فتنوں کے وقت آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ مقتول ہو قاتل نہ ہو

5962 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مِهْرَانَ السَّبَّاكُ، قَالَ: حَدَّثَنَا

عَبْدُ الْوَارِثِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ اَبِىْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ لَفِتَنًا كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ، يُصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا، وَيُمْسِي كَافِرًا، وَيُمْسِي مُؤْمِنًا، وَيُصْبِحُ كَافِرًا، الْقَاعِدُ فِيْهَا خَيْرٌ مِّنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرٌ مِّنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي خَيْرٌ مِّنَ السَّاعِي، كَسِّرُوا قِسِيَّكُمْ، وَقَطِّعُوْا اَوْتَارَكُمْ، وَاضْرِبُوْا بِسُيُوْفِكُمُ الْحِجَارَةَ، فَاِنْ دُخِلَ عَلٰى اَحَدٍ بَيْتَهُ، فَلْيَكُنْ كَخَيْرِ ابْنَىْ آدَمَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت سے پہلے کچھ فتنے یوں ہوں گے جس طرح تاریک رات کے ٹکڑے ہوتے ہیں ان میں آدمی صبح کے وقت مومن ہوگا' تو شام کے وقت کافر ہو جائے گا شام کے وقت مومن ہوگا' تو صبح کے وقت کافر ہوگا اس وقت میں بیٹھا ہوا شخص کھڑے ہوئے سے بہتر ہوگا اور کھڑا ہوا چلنے والے سے بہتر ہوگا اور چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا تم اپنی کمانیں توڑ دینا اپنے تانت (یعنی جسے کمان پر باندھا جاتا ہے) کاٹ دینا اپنی تلواریں پتھروں پر مار دینا اگر کسی شخص کے گھر میں اسے (قتل کرنے کے لیے) کوئی داخل ہو جائے' تو اسے آدم کے دو بیٹوں میں سے بہتر والے کی مانند ہو جانا چاہیے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الدُّعَاةَ اِلَى الْفِتَنِ عِنْدَ وُقُوْعِهَا، اِنَّمَا هُمُ الدُّعَاةُ اِلَى النَّارِ، نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ فتنوں کے وقوع کے وقت فتنوں کی طرف دعوت دینے والے لوگ دراصل جہنم کی طرف دعوت دینے والے ہوں گے' ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

5963 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَاصِمٍ اللَّيْثِيُّ، قَالَ:

5962– حديث صحيح. جعفر بن مهران السباك: ذكره المؤلف في "ثقاته 8/160 " 161، وروى عنه جمع، وقد توبع، وباقي رجاله رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن ثروان، وهزيل بن شرحبيل، فمن رجال البخاري. وأخرجه أبو داود "4259"في الفتن: باب في النهي عن السعي في الفتنة، وابن ماجة "3961"في الفتن: باب التثبت في الفتنة، والبيهقي 8/191من طريقين عن عبد الوارث بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/416من طريق عبد الصمد، و4/408، وابن أبي شيبة 15/12، والترمذي "2204"في الفتن: باب ما جاء في اتخاذ سيف من خشب في الفتنة، من طريق همام مختصراً، كلاهما عن محمد بن جحادة، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب صحيح. وأخرجه أبو داود "4262"، والحاكم 4/440من طريقين عن عبد الواحد بن زياد، عن عاصم الأحول، عن أبي كبشة، عن أبي موسى

(متن حدیث): اَتَيْنَا الْيَشْكُرِيَّ فِي رَهْطٍ مِنْ بَنِي لَيْثٍ، فَقَالَ: مِمَّنِ الْقَوْمُ؟ فَقُلْنَا: بَنُو لَيْثٍ، فَسَاَلْنَاهُ وَسَاَلَنَا، وَقَالُوا: اِنَّا اَتَيْنَاكَ نَسْاَلُكَ عَنْ حَدِيْثِ حُذَيْفَةَ، فَقَالَ: اَقْبَلْنَا مَعَ اَبِي مُوْسَى قَافِلِينَ مِنْ بَعْضِ مَغَازِيهِ، قَالَ: وَغَلَتِ الدَّوَابُّ بِالْكُوفَةِ، قَالَ: فَاسْتَاْذَنْتُ اَنَا وَصَاحِبِي اَبَا مُوْسٰى، فَاَذِنَ لَنَا، فَقَدِمْنَا الْكُوفَةَ بَاكِرًا مِنَ النَّهَارِ، فَقُلْتُ لِصَاحِبِي: اِنِّي دَاخِلٌ الْمَسْجِدَ، فَاِذَا قَامَتِ السُّوقُ خَرَجْتُ اِلَيْكَ، فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ، فَاِذَا اَنَا بِحَلْقَةٍ كَاَنَّمَا قُطِعَتْ رُءُوْسُهُمْ، يَسْتَمِعُوْنَ اِلٰى حَدِيْثِ رَجُلٍ، قَالَ: فَجِئْتُ فَقُمْتُ عَلَيْهِمْ، فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَامَ اِلٰى جَنْبِي، فَقُلْتُ لِلرَّجُلِ: مَنْ هٰذَا؟ فَقَالَ: اَبَصْرِيٌّ اَنْتَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: قَدْ عَرَفْتُ اَنَّكَ لَوْ كُنْتَ كُوفِيًّا لَمْ تَسْاَلْ عَنْ هٰذَا، هٰذَا حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ، فَدَنَوْتُ مِنْهُ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ: كَانَ النَّاسُ يَسْاَلُوْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَيْرِ، وَكُنْتُ اَسْاَلُهُ عَنِ الشَّرِّ، وَعَرَفْتُ اَنَّ الْخَيْرَ لَمْ يَسْبِقْنِي فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ فَقَالَ: يَا حُذَيْفَةُ، تَعَلَّمْ كِتَابَ اللّٰهِ وَاتَّبِعْ مَا فِيْهِ، يَقُوْلُهَا لِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ مِنْ شَرٍّ؟ قَالَ: فِتْنَةٌ وَشَرٌّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ بَعْدَ هٰذَا الشَّرِّ خَيْرٌ؟ قَالَ: هُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هُدْنَةٌ عَلٰى دَخَنٍ مَا هِيَ؟ قَالَ: لَا تَرْجِعُ قُلُوبُ اَقْوَامٍ عَلَى الَّذِي كَانَتْ عَلَيْهِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ: يَا حُذَيْفَةُ، تَعَلَّمْ كِتَابَ اللّٰهِ، وَاتَّبِعْ مَا فِيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ بَعْدَ هٰذَا الْخَيْرِ شَرٌّ؟ قَالَ: فِتْنَةٌ عَمْيَاءُ صَمَّاءُ عَلَيْهَا دُعَاةٌ عَلٰى اَبْوَابِ النَّارِ، فَاِنْ مُتَّ يَا حُذَيْفَةُ وَاَنْتَ عَاضٌّ عَلٰى جِذْرِ خَشَبَةٍ يَابِسَةٍ خَيْرٌ لَكَ مِنْ اَنْ تَتْبَعَ اَحَدًا مِنْهُمْ

الْيَشْكُرِيُّ اسْمُهُ سُلَيْمَانُ *

نصر بن عاصم لیثی بیان کرتے ہیں: ہم لوگ بنولیث کے کچھ افراد یشکری کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے دریافت کیا آپ کا تعلق کون سے قبیلے سے ہے ہم نے جواب دیا: بنولیث سے ہم نے ان سے دریافت کیا انہوں نے ہم سے

5963- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال مسلم غير اليشكري واسمه سبيع بن خالد وأخطأ المؤلف هنا فسماه سليمان فقد روى له أبو داود، وهو ثقة، وثقه ابن حبان والعجلي، وروى عنه جمع .وأخرجه أحمد 5/386 387، وأبو داود "4246"في الفتن :باب ذكر الفتن ودلائلها وابن أبي شيبة :15/9و 17من طرق، عن سليمان بن المغيرة، بهذا الإسناد .وسقط من ابن أبي شيبة " :15/9اليشكري "فيستدرك.وأخرجه عبد الرزاق "20711"، ومن طريقه أحمد 5/403، وأبو داود "4245"، والبغوى "4219"عن معمر، "4244"عن أبي عوانة، كلاهما عن قتادة، عن نصر بن عاصم الليثي، به بغير هذا اللفظ، وبزيادة في آخره . وأخرجه أحمد 5/403، وابن أبي شيبة 15/8، وأبو داود "4247"من طريق صخر بن بدر العجلي كسابعه، وأحمد 5/406من طريق علي بن زيد مختصراً، كلاهما عن اليشكري، عن حذيفة. وأخرجه البخاري "3606"في المناقب :باب علامات النبوة في الإسلام، و "7084"في الفتن :باب كيف الأمر إذا لم يكن جماعة، ومسلم "1847"و "51"في الإمارة :باب وجوب ملازمة جماعة المسلمين عند ظهور الفتن وفي كل حال، والبيهقي في "السنن8/190 "، وفي "الدلائل6/490 "، والبغوي "4222"من طرق عن الوليد بن مسلم، عن عبد الرحمن بن يزيد بن جابر، عن بسر بن عبيد الله الحضرمي، عن أبي إدريس الخولاني، عن حذيفة بغير هذا اللفظ .وأخرجه الحاكم 4/432من طريق من طريق صالح بن رستم، عن حميد بن هلال، عن عبد الرحمن بن قرط، عن حذيفة، وصححه

سوالات کیے لوگوں نے بتایا: ہم آپ کے پاس اس لیے آئے ہیں تاکہ ہم آپ سے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول حدیث کے بارے میں دریافت کریں' تو انہوں نے بتایا ہم لوگ کسی جنگ سے واپس آ رہے تھے ہم حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے انہوں نے بتایا کوفہ میں جانور مہنگے ہو گئے۔ پھر میں نے اور میرے ساتھی نے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے اجازت مانگی انہوں نے ہمیں اجازت دی' تو ہم دن کے ابتدائی حصے میں کوفہ آ گئے میں نے اپنے ساتھی سے کہا میں مسجد میں جاتا ہوں جب بازار شروع ہونے کا وقت ہو گا' تو میں تمہارے پاس آ جاؤں گا میں مسجد میں داخل ہوا' تو وہاں ایک حلقہ موجود تھا ان لوگوں کے سر بالکل ساکت تھے وہ لوگ ایک شخص کی بات سن رہے تھے۔ راوی کہتا ہے میں آیا اور ان کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا پھر ایک اور شخص آیا اور میرے پہلو میں کھڑا ہو گیا میں نے اس شخص سے دریافت کیا: یہ کون صاحب ہیں؟ اس نے دریافت کیا: کیا تم بصرہ کے رہنے والے ہو میں نے جواب دیا: جی ہاں اس نے کہا: مجھے اندازہ ہو گیا تھا کیونکہ اگر تم کوفہ کے رہنے والے ہوتے' تو تم ان صاحب کے بارے میں سوال نہ کرتے یہ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ ہیں (جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں) میں ان کے اور قریب ہو گیا' تو میں نے انہیں یہ بیان کرتے ہوئے سنا۔

لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھلائی کے بارے میں دریافت کرتے تھے اور میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے خرابیوں کے بارے میں دریافت کیا کرتا تھا مجھے اس بات کا پتہ تھا کہ بھلائی مجھ سے آگے نہیں نکلے گی میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا اس بھلائی کے بعد کوئی برائی بھی آئے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے حذیفہ تم کتاب اللہ کا علم حاصل کرو اور اس میں موجود احکام کی پیروی کرو یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے تین مرتبہ ارشاد فرمائی میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اس بھلائی کے بعد کوئی برائی بھی آئے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آزمائش اور برائی ہو گی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا اس برائی کے بعد کوئی بھلائی بھی آئے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہدنۃ علی دخن میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہدنۃ علی دخن سے مراد کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں کے دل دوبارہ اس کیفیت پر واپس نہیں جائیں گے جس پر وہ پہلے تھے میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اس بھلائی کے بعد کوئی برائی بھی آئے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے حذیفہ تم اللہ کی کتاب کا علم حاصل کرو۔ اس میں موجود احکام کی پیروی کرو یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا اس بھلائی کے بعد کوئی برائی بھی آئے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایسی آزمائش ہو گی جو اندھا اور گونگا کر دے گی اس فتنے پر وہ لوگ موجود ہوں گے جو جہنم کی طرف بلائیں گے اے حذیفہ اگر تم ایسی حالت میں مرتے ہو کہ تم نے کسی خشک لکڑی کے تنے کو دانتوں میں پکڑا ہوا ہے' تو یہ تمہارے لیے اس سے زیادہ بہتر ہو گا کہ تم ان میں سے کسی ایک شخص کی پیروی کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یشکری نامی راوی کا نام سلیمان ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى الْمَرْءِ عِنْدَ وُقُوْعِ الْفِتَنِ السَّمْعُ وَالطَّاعَةُ لِمَنْ وَلِيَ عَلَيْهِ، مَا لَمْ يَأْمُرْهُ بِمَعْصِيَةٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ فتنوں کے وقوع کے وقت آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اس وقت کے حاکم کی اطاعت اور فرمانبرداری کرے جب تک وہ حاکم اسے کسی گناہ کے بارے میں حکم نہ دے

5964 - (سندِ حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الصَّامِتِ، يَقُوْلُ:

(متنِ حدیث):قَدِمَ اَبُوْ ذَرٍّ عَلٰى عُثْمَانَ مِنَ الشَّامِ، فَقَالَ: يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، افْتَحِ الْبَابَ حَتّٰى يَدْخُلَ النَّاسُ، اَتَحْسِبُنِيْ مِنْ قَوْمٍ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ؟ يَمْرُقُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ مُرُوقَ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ، ثُمَّ لَا يَعُوْدُوْنَ فِيهِ حَتّٰى يَعُوْدَ السَّهْمُ عَلٰى فُوقِهِ؟ هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيقَةِ، وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْ اَمَرْتَنِيْ اَنْ اَقْعُدَ لَمَا قُمْتُ، وَلَوْ اَمَرْتَنِيْ اَنْ اَكُوْنَ قَائِمًا لَقُمْتُ مَا اَمْكَنَتْنِيْ رِجْلَايَ، وَلَوْ رَبَطْتَنِيْ عَلٰى بَعِيرٍ لَمْ اُطْلِقْ نَفْسِي حَتّٰى تَكُوْنَ اَنْتَ الَّذِيْ تُطْلِقُنِيْ، ثُمَّ اسْتَاْذَنَهُ اَنْ يَّاْتِيَ الرَّبَذَةَ، فَاَذِنَ لَهُ فَاَتَاهَا، فَاِذَا عَبْدٌ يَؤُمُّهُمْ، فَقَالُوا: اَبُوْ ذَرٍّ فَنَكَصَ الْعَبْدُ، فَقِيلَ لَهُ: تَقَدَّمْ، فَقَالَ: اَوْصَانِيْ خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ: اَنْ اَسْمَعَ وَاُطِيعَ، وَلَوْ لِعَبْدٍ حَبَشِيٍّ مُجَدَّعِ الْاَطْرَافِ، وَاِذَا صَنَعْتُ مَرَقَةً فَاَكْثِرْ مَاءَهَا، ثُمَّ انْظُرْ جِيرَانَكَ فَاَنِلْهُمْ مِنْهَا بِمَعْرُوفٍ، وَصَلِّ الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، فَاِنْ اَتَيْتَ الْاِمَامَ وَقَدْ صَلّٰى كُنْتَ قَدْ اَحْرَزْتَ صَلَاتَكَ، وَاِلَّا فَهِيَ لَكَ نَافِلَةٌ

عبداللہ بن صامت بیان کرتے ہیں: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ شام سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے ملنے کے لیے آئے انہوں نے کہا: اے امیر المومنین آپ دروازہ کھولیے تاکہ لوگ اندر آجائیں کیا آپ مجھے ایسے لوگوں سے روک رہے ہیں جو قرآن کی تلاوت کریں گے' لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں جائے گا اور وہ دین سے یوں خارج ہو جائیں گے جس طرح تیر نشانے کے پار ہو جاتا ہے پھر وہ اس میں دوبارہ نہیں آئیں گے' جب تک تیر کمان کی طرف واپس نہیں آتا یہ ساری مخلوق کے سب سے برے فرد ہوں گے اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اگر آپ مجھے بیٹھنے کا حکم دیں' تو میں کھڑا نہیں رہوں گا اور اگر آپ مجھے کھڑا رہنے کا حکم دیں' تو میں کھڑا ہو جاؤں گا' جب تک میرے پاؤں میرا ساتھ دیں گے' اور اگر آپ مجھے کسی

5964- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن الصامت، فمن رجال مسلم . وأخرجه ابن أبي شيبة 15/306، مسلم "1067"في الزكاة :باب الخوارج شر الخلق الخليقة، وابن ماجة "170"في المقدمة : باب في ذكر الخوارج، من طريق سليمان بن المغيرة، وأحمد 5/176من طريق شعبة، كلاهما عَنْ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " :إِنَّ بَعْدِي مِنْ أُمَّتِي، اوسيكون بعدى قوم يقرؤون القرآن، لا يجاوز حلاقيمهم، يَخْرُجُونَ مِنَ الدِّينِ كَمَا يَخْرُجُ السَّهْمِ مِنَ الرَّمِيَّةِ، ثُمَّ لَا يَعُودُونَ فِيهِ، هُمْ شَرُّ الخلق والخليقة ."وقد تقدم القسم الأخير من الحديث برقم "1719"و"1720"

اونٹ کے ساتھ باندھ دیں' تو میں خود کو کھولنے کی کوشش نہیں کروں گا' جب تک آپ خود مجھے نہیں کھولتے پھر حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اجازت لی کہ وہ ربذہ چلے جائیں' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے انہیں اجازت دیدی وہ وہاں آ گئے وہاں ایک غلام ان لوگوں کی امامت کیا کرتا تھا لوگوں نے کہا: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' تو غلام نے سر جھکا لیا۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے کہا گیا آپ آگے بڑھیے (اور نماز پڑھائیے)' تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے خلیل نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تین باتوں کی تلقین کی ہے یہ کہ میں اطاعت و فرمانبرداری کروں خواہ کوئی ایسا حبشی حکمران ہو' جس کے ناک اور کان کٹے ہوئے ہوں دوسرا یہ کہ جب میں شوربا بناؤں' تو اس میں پانی زیادہ ڈال دوں اور پھر اس بات کا جائزہ لوں کہ میرے پڑوسیوں میں سے کسے بھیجا جا سکتا ہے اور (تیسری بات یہ کہ) نماز کو اس کے مخصوص وقت پر ادا کرنا پھر اگر تم امام کے پاس آؤ اور وہ تم سے پہلے نماز پڑھ چکے ہوں' تو تم اپنی نماز کو محفوظ کر چکے تھے ورنہ یہ نماز تمہارے لیے نفل شمار ہوگی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ عَلَى الْمَرْءِ عِنْدَ وُقُوعِ الْفِتَنِ كَسْرَ سَيْفِهِ، ثُمَّ الِاعْتِزَالَ عَنْهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ فتنوں کے وقوع کے وقت آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اپنی تلوار کو توڑ دے اور پھر فتنوں سے الگ تھلگ ہو جائے

5965 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ الشَّحَّامُ، قَالَ حَدَّثَنِي مُسْلِمُ بْنُ أَبِي بَكْرَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِنَّهَا سَتَكُونُ فِتَنٌ يَكُونُ الْمُضْطَجِعُ فِيهَا خَيْرًا مِنَ الْجَالِسِ، وَالْجَالِسُ خَيْرًا مِنَ الْقَائِمِ، وَالْقَائِمُ خَيْرًا مِنَ الْمَاشِي، وَالْمَاشِي خَيْرًا مِنَ السَّاعِي، قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا تَأْمُرُنِي؟ قَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ إِبِلٌ فَلْيَلْحَقْ بِإِبِلِهِ، وَمَنْ كَانَ لَهُ غَنَمٌ فَلْيَلْحَقْ بِغَنَمِهِ، وَمَنْ كَانَتْ لَهُ أَرْضٌ فَلْيَلْحَقْ بِأَرْضِهِ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ شَيْءٌ مِنْ ذَلِكَ، فَلْيَعْمِدْ إِلَى سَيْفِهِ، فَلْيَضْرِبْ بِحَدِّهِ عَلَى صَخْرَةٍ، ثُمَّ لِيَنْجُ إِنِ اسْتَطَاعَ النَّجَاةَ

❁❁ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''عنقریب ایسے فتنے ہوں گے جن میں لیٹا ہوا شخص بیٹھے ہوئے شخص سے بہتر ہوگا بیٹھا ہوا شخص کھڑے ہوئے سے بہتر ہوگا کھڑا ہوا چلنے والے سے بہتر ہوگا چلنے والا دوڑنے والے سے بہتر ہوگا۔ ایک صاحب نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! (اس طرح کی صورت حال میں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں کیا حکم دیتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے اونٹ ہوں وہ اپنے اونٹوں کے پاس چلا جائے جس شخص کی بکریاں ہوں وہ اپنی بکریوں کے پاس چلا

5965– إسناده على شرط مسلم، وهو في "مصنف ابن أبي شيبة 15/7 "، ومن طريقه أخرجه مسلم "2887"في الفتن: باب نزول الفتن كمواقع القطر. وأخرجه أحمد 5/39 40، ومسلم "2887"، وأبو داود "4256"في الفتن :باب النهي عن السعي في الفتنة، من طرق عن وكيع، به. وأخرجه أحمد 5/48، ومسلم "2887"، والحاكم 4/440 441، والبيهقي 8/190من طرق عن عثمان الشحام

جائے جس شخص کی زمین ہو وہ اپنی زمین کے ساتھ مصروف ہو جائے جس شخص کے پاس ان میں سے کچھ نہ ہو وہ اپنی تلوار کی طرف جائے اور پھر اس کی دھار کو پتھر پر مار کر (اپنی تلوار کو بے کار کر دے) پھر جہاں تک اس سے ہو سکے وہ نجات حاصل کرنے کی کوشش کرے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّلَاةَ، وَالصِّيَامَ، وَالصَّدَقَةَ تُكَفِّرُ آثَامَ الْفِتَنِ عَمَّنْ وَصَفْنَا نَعْتَهُ فِيهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ نماز، روزہ اور صدقہ کرنا اس شخص کی طرف سے فتنوں کے ان گناہوں کا کفارہ بنتے ہیں کہ فتنوں کے بارے میں، جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

5966 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنِ الْاَعْمَشِ، قَالَ: حَدَّثَنِي شَقِيقٌ، قَالَ: سَمِعْتُ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ عُمَرَ، فَقَالَ: اَيُّكُمْ يَحْفَظُ حَدِيثَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْفِتْنَةِ؟ قَالَ: قُلْتُ: اَنَا، قَالَ: اِنَّكَ لَجَدِيرٌ، اَوْ لَجَرِيءٌ، فَكَيْفَ قَالَ؟ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: فِتْنَةُ الرَّجُلِ فِي نَفْسِهِ وَاَهْلِهِ، وَمَالِهِ، وَوَلَدِهِ، وَجَارِهِ يُكَفِّرُهَا الصِّيَامُ، وَالصَّدَقَةُ، وَالصَّلَاةُ، وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَالنَّهْيُ عَنِ الْمُنْكَرِ، فَقَالَ عُمَرُ: لَيْسَ هٰذَا اُرِيدُ، اِنَّمَا اُرِيدُ الَّتِي تَمُوجُ كَمَوْجِ الْبَحْرِ، فَقُلْتُ: وَمَا لَكَ وَلَهَا يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ اِنَّ بَيْنَكَ وَبَيْنَهَا بَابًا مُغْلَقًا، قَالَ: فَيُكْسَرُ الْبَابُ اَمْ يُفْتَحُ؟ قَالَ: قُلْتُ: بَلْ يُكْسَرُ، قَالَ: ذٰلِكَ اَحْرَى اَنْ لَا يُغْلَقَ اَبَدًا، قَالَ: قُلْنَا لِحُذَيْفَةَ: هَلْ كَانَ يَعْلَمُ مَنِ الْبَابُ؟ قَالَ: نَعَمْ، كَمَا يَعْلَمُ اَنَّ دُونَ غَدٍ اللَّيْلَةَ، اِنَّ حُذَيْفَةَ حَدَّثَنَا حَدِيثًا لَيْسَ بِالْاَغَالِيطِ، قَالَ: فَهِبْنَا اَنْ نَسْاَلَ حُذَيْفَةَ مَنِ الْبَابُ، فَقُلْنَا لِمَسْرُوقٍ: سَلْهُ، فَسَاَلَهُ فَقَالَ: عُمَرُ

❀❀ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے انہوں نے دریافت کیا آپ میں سے کس کو فتنے کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث یاد ہے میں نے جواب دیا: مجھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ

ثُمَّ مَدَّ بِيَدِهِ إِلَى الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: إِي وَاللَّهِ، لَقَدْ حَدَّثَنِي بِهَذَا جُنْدُبُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْبَجَلِيُّ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْمَسْجِدِ

❀❀ حسن بصری بیان کرتے ہیں: پہلے زمانے میں ایک شخص کو پھوڑا نکل آیا جب اس کی تکلیف بڑھ گئی' تو اس شخص نے اپنے ترکش میں سے ایک تیر لیا اور اسے چیر دیا اس کا خون نہیں رکا' یہاں تک کہ وہ شخص مرگیا' تو تمہارے پروردگار نے فرمایا: میں اس کے لیے جنت کو حرام قرار دیتا ہوں۔

اس کے بعد حسن بصری نے اپنا ہاتھ مسجد کی طرف پھیلاتے ہوئے کہا: اللہ کی قسم! یہ حدیث حضرت جندب بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اس مسجد میں بیان کی تھی۔

بَابُ الْقِصَاصِ

باب! قصاص کا حکم

5990 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَسَعَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ: يَا لَلْاَنْصَارِ وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا لَلْمُهَاجِرِينَ قَالَ: فَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ، فَقَالَ: مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ؟ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِينَ كَسَعَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: دَعُوهَا فَاِنَّهَا مُنْتِنَةٌ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ ابْنُ سَلُولٍ: قَدْ فَعَلُوهَا، لَئِنْ رَجَعْنَا اِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ، فَقَالَ عُمَرُ: دَعْنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَضْرِبْ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، فَقَالَ: دَعْهُ، لَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ اَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ اَصْحَابَهُ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنَّهَا مُنْتِنَةٌ يُرِيدُ اَنَّهُ لَا قِصَاصَ فِي هٰذَا، وَكَذٰلِكَ قَوْلُهُمْ: فَاِنَّهَا ذَمِيمَةٌ، وَمَا يُشْبِهُهَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مہاجرین سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو مارا' تو انصاری نے کہا: اے انصار (میری مدد کیلئے آجاؤ) مہاجر نے کہا: اے مہاجرین (میری مدد کیلئے آجاؤ) راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آواز سنی' تو فرمایا یہ کیا زمانہ جاہلیت کے بلانے کا طریقہ ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! مہاجرین سے تعلق رکھنے والے ایک شخص نے انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو مارا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے چھوڑ دو یہ بدبودار چیز ہے۔ اس پر (منافقین کے سردار) عبداللہ بن ابی نے کہا: ان لوگوں نے ایسا کیا ہے' جب ہم مدینہ جائیں گے' تو وہاں سے عزت دار لوگ ذلیل لوگوں کو باہر نکال دیں گے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)!

5990– إسناده صحيح على شرط الشيخين. سفيان: هو ابن عيينة، وهو في "مسند أبي يعلى" "1957" وأخرجه الحميدي "1239"، والطيالسي "1708"، والبخاري "4905" في تفسير سورة المنافقين: باب ﴿سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ أَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ﴾، "4907" باب ﴿يَقُولُونَ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ﴾، ومسلم "63" "2584" في البر والصلة: باب نصر الأخ ظالما أو مظلوما، والنسائي في السير من "الكبرى" كما في "التحفة 2/254"، وفي "عمل اليوم والليلة" "977"، والترمذي "3315" في تفسير سورة المنافقين، وأبو يعلى "1824"، والبيهقي في "دلائل النبوة 4/53" 54 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/338، والبخاري "3518" في مناقب الأنصار: باب ما ينهى من دعوى الجاهلية، ومسلم "2854" "64"، والطبري في "جامع البيان 28/112" و113، وأبو يعلى "1959" من طرق عن عمرو بن دينار، به وسيأتي الحديث برقم "6548"

مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن اڑا دوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو! ورنہ لوگ یہ کہیں گے محمد اپنے ساتھیوں کو قتل کروا دیتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ کا فرمان "یہ بدبودار چیز ہے" اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے اس طرح کی صورت حال میں قصاص نہیں ہوتا اسی طرح ان لوگوں کا یہ کہنا ہے: یہ قابل مذمت چیز ہے اس طرح کے دیگر الفاظ (کا یہی مفہوم ہوگا)

ذِكْرُ الْحُكْمِ فِي الْقَوَدِ عَنِ الْمُسْلِمِينَ وَاَهْلِ الذِّمَّةِ، اَوْ بَعْضِهِمْ مَعَ بَعْضٍ

مسلمانوں اور ذمیوں سے قصاص لینے کے بارے میں حکم کا تذکرہ

یا ان میں سے کسی ایک کا دوسرے سے (قصاص لینا)

5991 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ، بِالرَّقَّةِ قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَابُورَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ يَهُوْدِيًّا قَتَلَ جَارِيَةً عَلٰى اَوْضَاحٍ، فَقَتَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک یہودی نے ایک ہار کی وجہ سے ایک لڑکی کو قتل کر دیا، تو نبی اکرم ﷺ نے اس (یہودی کو) قتل کروا دیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْقَوَدَ لَا يَكُوْنُ اِلَّا بِالسَّيْفِ اَوِ الْحَدِيدِ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے قصاص صرف تلوار یا لوہے کی چیز کے ساتھ لیا جاتا ہے

5992 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّاجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ يَهُوْدِيًّا قَتَلَ جَارِيَةً عَلٰى اَوْضَاحٍ لَهَا، فَقَتَلَهَا بِحَجَرٍ، قَالَ: فَجِيءَ بِهَا، وَبِهَا رَمَقٌ، قَالَ

5991– إسناده قوی، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الله بن سابور "بالسين المهملة "فقد روى له ابن ماجة، وقال أبو حاتم: صدوق، ووثقه المؤلف وأخرجه أحمد 3/170، والبخاری "6885"فی الديات: باب قتل الرجل بالمرأة، والنسائی 8/22فی القسامة: باب القود من الرجل للمرأة، والبيهقی 8/28من طرق عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، بهذا الإسناد.

لَهَا: اَقَتَلَكِ فُلَانٌ ؟ فَاَشَارَتْ بِرَاْسِهَا اَنْ لَا، ثُمَّ قَالَ لَهَا الثَّانِيَةَ، فَاَشَارَتْ بِرَاْسِهَا اَنْ لَا، ثُمَّ سَاَلَهَا الثَّالِثَةَ، فَقَالَتْ: نَعَمْ، وَاَشَارَتْ بِرَاْسِهَا فَقَتَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ حَجَرَيْنِ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک یہودی نے ایک لڑکی کو ہار کی وجہ سے قتل کر دیا اس نے پتھر کے ذریعے اسے قتل کیا اس لڑکی کو لایا گیا اس میں تھوڑی سی زندگی موجود تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لڑکی سے دریافت کیا تمہیں فلاں نے قتل کیا ہے اس نے اپنے سر کے ذریعے اشارہ کر کے جواب دیا: جی نہیں پھر اس سے دوسری مرتبہ دریافت کیا اس نے اپنے سر کے ذریعے اشارہ کیا جی نہیں پھر اس سے تیسرے شخص کے بارے میں دریافت کیا' تو اس نے اپنے سر کے ذریعے اشارہ کر کے جواب دیا: جی ہاں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس (یہودی قاتل) کا سر دو پتھروں کے درمیان رکھوا کے اسے قتل کروا دیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَتَلَ قَاتِلَ الْمَرْاَةِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا بِاِقْرَارِهِ عَلٰى نَفْسِهِ بِقَتْلِهِ اِيَّاهَا، لَا بِاِقْرَارِهَا عَلَيْهِ بِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لڑکی کو قتل کرنے والے شخص'

جس لڑکی کی صفت ہم نے بیان کی ہے' کو اس شخص کے اپنی ذات کے حوالے سے اس لڑکی کو قتل کرنے کے اقرار کی وجہ سے قتل کروایا تھا اس مرد کے خلاف اس لڑکی کے اقرار کی وجہ سے قتل نہیں کروایا تھا

5993 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ جَارِيَةً وُجِدَ رَاْسُهَا قَدْ رُضَّ بَيْنَ حَجَرَيْنِ، فَقَالُوا لَهَا: مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِكِ؟ فُلَانٌ وَّفُلَانٌ؟ حَتّٰى ذُكِرَ رَجُلٌ يَهُوْدِيٌّ، فَاَوْمَاَتْ بِرَاْسِهَا، فَاُخِذَ الْيَهُوْدِيُّ فَاَقَرَّ، فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّرَضَّ رَاْسُهُ بِالْحِجَارَةِ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک لڑکی ایسی حالت میں پائی گئی کہ اس کا سر دو پتھروں کے درمیان رکھ کر کچلا گیا تھا لوگوں نے اس لڑکی سے دریافت کیا تمہارے ساتھ ایسا کس نے کیا: کیا کہا فلاں نے؟ فلاں نے' یہاں تک کہ ایک

5992– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم "1672"في القسامة :باب ثبوت القصاص في القتل بالحجر وغيره، عن محمد بن المثنى وابن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "6879"في الديات :باب من أقاد بحجر أو عصا، وابن ماجة "2666"في الديات :باب يقتاد من القاتل كما قتل، عن محمد بن بشار، به. وأخرجه أحمد 3/171 و203، والبخاري "15" "6877"، وأبو داود "5429"في الديات :باب يقاد من القاتل، وابن ماجة "2666"، والدارقطني 3/168، والبيهقي 8/42 من طرق عن شعبة، به. وعلقه البخاري "5295"في الطلاق :باب الإشارة في الطلاق ولأمور، قال :وقال الأويسي "هو عبد العزيز بن عبد الله الأويسي :"حدثنا إبراهيم بن سعد، عن شعبة، ووصله الطحاوي في "شرح معاني الآثار 3/179 "عن إبراهيم بن داود، عن عبد العزيز الأويسي، به .أبو نعيم في "المستخرج "كما في "تغليق التعليق 4/473 " 474من طريق يعقوب بن سفيان، حدثنا عبد العزيز الأويسي، به.

یہودی شخص کا ذکر کیا گیا' تو اس نے اپنے سر کے ذریعے اشارہ کر کے کہا (اس نے کیا ہے) اس یہودی کو پکڑ لیا گیا اس نے اقرار کر لیا' تو نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت اس کا سر پتھر کے ذریعے کچل دیا گیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ يَجِبُ اَنْ يُّحْسِنَ الْقِتْلَةَ فِي الْقِصَاصِ، اِذْ هُوَ مِنْ اَخْلَاقِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ قصاص میں قتل کرتے ہوئے اچھے طریقے سے قتل کرے کیونکہ یہ مومنین کے اخلاق کا حصہ ہے

5994 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا جَرِيْرُ

5993–إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه مسلم "17" "1672"في القسامة :باب ثبوت القصاص في القتل بالحجر وغيره، وأبو يعلى "2866"عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد . وأخرجه الإمام أحمد 3/183و269، والدارمي 2/190، والبخاري "2413"في الخصومات :باب ما يذكر في الأشخاص والخصومة بين المسلم واليهودي، و "2746"في الوصايا :باب إذا أومأ المريض برأسه إشارة بينة جازة، و "6876"في الديات :باب سؤال القاتل حتى يقر والإقرار في الحدود، و "6884"باب إذا أقر بالقتل مرة قتل به، وأبو داود "4527"في الديات :باب يقاد من القاتل، و "4535"باب القود بغير حديد، والترمذي "1394"في الديات :باب ما جاء فيمن رضخ رأسه بصخرة، والنسائي 8/22في القسامة :باب القود من الرجل للمرأة، وابن ماجة "2665"في الديات :باب ما يقتاد من القاتل كما قتل، والدارقطني 3/169، وابن الجارود 838"، والطحاوي 3/190، والبيهقي 8/42، والبغوي "2528"من طرق عن همام بن يحيى، به . وأخرجه ابن أبي شيبة 9/295، وأحمد 3/193و262، والنسائي 8/22، وأبو يعلى "3149"، والدارقطني 3/168، وابن الجارود "837"من طرق عن قتادة، به . وأخرج عبد الرزاق "10171" و "18233"و"18525"، وأحمد 3/163، ومسلم "16" "1672"، وأبو داود "4528"، والطحاوي 3/181، والدارقطني 3/169من طريق مَعْمَرٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رجلا من اليهود قتل جارية من الأنصار على حلي لها، ثم ألقاها في القليب، ورضخ رأسها بالحجارة، فأخذ، فأتي بِهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فأمر به أن يرجم حتى يموت، فرجم حتى مات. وأخرجه الطيالسي "1986"

5994– حديث حسن مغيرة وهو ابن مقسم الضبي -ثقة متقن من رجال الشيخين إلا أنه كان يدلس ولاسيما عن إبراهيم، وقد عرفت الواسطة بينهما عند غير المؤلف هنا وهو شباك الضبي -وهو ثقة -وهُني بن نويرة :روى عنه إبراهيم النخعي وابو جبيرة "ويقال :أبو جبر "ووثقه المؤلف والعجلي، وقال الآجري عن أبي داود :كان من العباد، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير حامد بن يحيى البلخي، وهو ثقة روى له أبو داود .إبراهيم :هو ابن يزيد النخعي. وأخرجه أحمد 1/393من طريق شعبة، والبيهقي 8/61من طريق أبي عوانة، كلاهما عن المغيرة، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داود "2666"في الجهاد :باب النهي عن المثلة، وابن ماجه "2681"في الديات :باب أعف الناس قتلة أهل الإيمان، وأبو يعلى "4973"، والبيهقي 9/71من طرق عن هشيم، أخبرنا مغيرة، عن شباك الضبي الكوفي، عن إبراهيم، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 9/420، وابن ماجه "2682"والطحاوي 3/183، وأبو يعلى "4974"من طريق شعبة، عن مغيرة، عن شباك، به . وأخرجه ابن الجارود في "المنتقى "840" "عن زياد بن أيوب، قال: حدثنا هشيم، قال :حدثنا مغيرة، لعله قال :عن شباك عن إبراهيم، به. واخرجه أحمد 1/393من طريق سريج بن النعمان، والطحاوي 3/183من طريق عمرو بن عون، عن هشيم، أنبأنا مغيرة، عن غبراهيم، عن علقمة، به .ولم يذكر هُنيا . وأخرجه عبد الرزاق "18232"، والطبراني في "الكبير "9737" "عن الثوري، عن الأعمش، وابن أبي شيبة 422-9/421

بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ هُنَيِّ بْنِ نُوَيْرَةَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

(متن حدیث): إِنَّ أَعَفَّ النَّاسِ قِتْلَةً أَهْلُ الْإِيمَانِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ''قتل کرنے میں سب سے زیادہ بچنے والے اہل ایمان ہیں (یعنی وہ مقتول کو اذیت پہنچانے سے بچتے ہیں)۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ جِنَايَةِ الْأَبِ عَنِ ابْنِهِ، وَالِابْنِ عَنْ أَبِيهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ بیٹے کی طرف سے باپ اور باپ کی طرف سے بیٹا سزا نہیں بھگتے گا

5995 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ إِيَادِ بْنِ لَقِيطٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي إِيَادُ بْنُ لَقِيطٍ، عَنْ أَبِي رِمْثَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): انْطَلَقْتُ مَعَ أَبِي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَأَيْتُهُ قَالَ أَبِي: مَنْ هٰذَا؟ قُلْتُ: لَا أَدْرِي، قَالَ: هٰذَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاقْشَعْرَرْتُ حِينَ قَالَ ذٰلِكَ، وَكُنْتُ أَظُنُّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُشْبِهُ النَّاسَ فَإِذَا لَهُ وَفْرَةٌ بِهَا رَدْعٌ مِنْ حِنَّاءٍ، وَعَلَيْهِ بُرْدَانِ أَخْضَرَانِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ أَبِي، ثُمَّ أَخَذَ يُحَدِّثُنَا سَاعَةً، قَالَ: ابْنُكَ هٰذَا؟ قَالَ: إِي وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، أَشْهَدُ بِهِ، قَالَ: أَمَا إِنَّ ابْنَكَ هٰذَا لَا يَجْنِي عَلَيْكَ، وَلَا تَجْنِي عَلَيْهِ، ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (لَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ أُخْرَى) (الأنعام: **164**) ثُمَّ نَظَرَ إِلَى السِّلْعَةِ الَّتِي بَيْنَ كَتِفَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي كَأَطَبِّ الرِّجَالِ، أَلَا أُعَالِجُهَا؟ قَالَ: طَبِيبُهَا الَّذِي خَلَقَهَا

5995- إسناده صحيح على شرط مسلم غير أن صحابيه أبا رمثة -وقد اختلف في اسمه، وهو مشهور، بكنيته أخرج حديثه أصحاب السنن سوى ابن ماجه .ابو الوليد الطيالسي :اسمه هشام بن عبد الملك. وأخرجه الطبراني في "الكبير "720"/22 "عن أبي خليفة، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 2/199، والطبراني "720"/22، والحاكم 2/425، وعنه البيهقي 8/345من طريق أبي الوليد لطيالسي، به، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه مطولا ومقطعا أحمد 2/226و2/228-227، وأبو داود "4206"في الترجل :باب في الخضاب، و "4495"في الديات :باب لا يؤخذ احد بجريرة أخيه أو أبيه، والترمذي "2812"في الأدب :باب ما جاء في الثوب الأخضر، والنسائي 3/185في العيدين :باب الزينة للخطبة والعيدين، والدولابي في "الكنى1/29 "، والبيهقي 8/27من طرق عن عبيد الله بن إياد، به .وقال الترمذي :هذا حديث حسن غريب لا نعرفه إلا من حديث عبيد الله بن إياد . وأخرجه أيضا مطولا ومقطعا الشافعي 2/98، والحميدي "866"، وأحمد 2/226و 227-226و 227و4/163 228، والدارمي 2/198-199، وأبو داود "4407"، والترمذي في "الشمائل "42" و"44"، والنسائي 8/53في الديات :باب هل يؤخذ أحد بجريرة غيره؟ و 8/140في الزينة :باب الخضاب بالحناء والكتم، و 8/204باب الخضر من الثياب، وابن الجارود "770"، والطبراني "713"/22و "714"و "715"و "716"و "717"و "718"و "719"و "721"و "722"و "723"و "724" و"726"، والحاكم 2/607، والبيهقي 8/27، والبغوي "2534"من طرق عن إياد بن لقيط، به.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اسْمُ اَبِیْ رِمْثَةَ: رِفَاعَةُ بْنُ يَثْرِبِيٍّ التَّيْمِيُّ تَيْمُ الرِّبَابِ، وَمَنْ قَالَ: اِنَّ اَبَا رِمْثَةَ هُوَ الْخَشْخَاشُ الْعَنْبَرِيُّ فَقَدْ وَهِمَ

حضرت ابورمثہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اپنے والد کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' تو میرے والد نے دریافت کیا: یہ کون ہے؟ میں نے جواب دیا: مجھے نہیں معلوم میرے والد نے بتایا یہ اللہ کے رسول ہیں جب انہوں نے یہ بات کہی' تو مجھ پر کپکپی طاری ہوگئی میرا یہ خیال تھا کہ اللہ کے رسول لوگوں کی طرح شکل وصورت کے نہیں ہوں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لمبے بال تھے جن میں کچھ مہندی لگی ہوئی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سبز رنگ کی دو چادریں اوڑھی ہوئی تھیں۔ میرے والد نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ساتھ کچھ بات چیت کرتے رہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ تمہارا بیٹا ہے میرے والد نے جواب دیا: جی ہاں رب کعبہ کی قسم میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا یہ بیٹا تمہارے کئے ہوئے جرم کی سزا نہیں بھگتے گا اور تم اس کے کئے ہوئے جرم کی سزا نہیں بھگتو گے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی۔

''کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔''

پھر میرے والد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دو کندھوں کے درمیان تھوڑی سی جگہ ابھری ہوئی دیکھی' تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میں حکمت کا کام بھی کرتا ہوں کیا میں اس کا علاج نہ کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا علاج وہ ذات کرے گی' جس نے اسے پیدا کیا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابورمثہ رضی اللہ عنہ کا نام رفاعہ بن یثربی تیمی ہے' یہ تیم رباب سے تعلق رکھتے ہیں' جس شخص نے یہ کہا ہے کہ حضرت ابورمثہ رضی اللہ عنہ کا نام خشخاش عنبری ہے اسے غلط فہمی ہوئی ہے۔

ذِكْرُ نَفْيِ الْقِصَاصِ فِي الْقَتْلِ، وَاِثْبَاتِ التَّوَارُثِ بَيْنَ اَهْلِ مِلَّتَيْنِ

مذاہب سے تعلق رکھنے والوں کے قتل میں قصاص کی نفی کا تذکرہ

اور ایک دوسرے کے وارث بننے کے اثبات کا تذکرہ

5996 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ، بِمَرْوَ، وَبِقَرْيَةِ سِنْجَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْهَيَّاجِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَرْحَبِيُّ، حَدَّثَنِيْ عُبَيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْوَلِيْدِ، عَنْ سِنَانِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): كَانَتْ خُزَاعَةُ حُلَفَاءَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَتْ بَنُوْ بَكْرٍ، رَهْطٌ مِّنْ بَنِيْ

5996- إسناده حسن سنان بن الحارث بن مصرف :ذكره المؤلف في "ثقاته 6/424 "، روى عنه جمع، وباقي السند من رجال "التهذيب"، وهم ما بين صدوق وثقة .والخبر بطوله من حديث ابن عمر لم أجده عن غير المؤلف.

كِنَانَةَ حُلَفَاءَ لِاَبِيْ سُفْيَانَ، قَالَ: وَكَانَتْ بَيْنَهُمْ مُوَادَعَةٌ اَيَّامَ الْحُدَيْبِيَةِ، فَاَغَارَتْ بَنُو بَكْرٍ عَلٰى خُزَاعَةَ فِيْ تِلْكَ الْمُدَّةِ، فَبَعَثُوا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَمِدُّونَهُ، فَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُمِدًّا لَهُمْ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ، فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ قُدَيْدًا ثُمَّ اَفْطَرَ، وَقَالَ: لِيَصُمِ النَّاسُ فِي السَّفَرِ وَيُفْطِرُوا، فَمَنْ صَامَ اَجْزَاَ عَنْهُ صَوْمُهُ، وَمَنْ اَفْطَرَ وَجَبَ عَلَيْهِ الْقَضَاءُ فَفَتَحَ اللّٰهُ مَكَّةَ، فَلَمَّا دَخَلَهَا اَسْنَدَ ظَهْرَهُ اِلَى الْكَعْبَةِ فَقَالَ: كُفُّوا السِّلَاحَ، اِلَّا خُزَاعَةَ عَنْ بَكْرٍ، حَتّٰى جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهُ قُتِلَ رَجُلٌ بِالْمُزْدَلِفَةِ، فَقَالَ: اِنَّ هٰذَا الْحَرَمَ حَرَامٌ عَنْ اَمْرِ اللّٰهِ، لَمْ يَحِلَّ لِمَنْ كَانَ قَبْلِي، وَلَا يَحِلُّ لِمَنْ بَعْدِي، وَاِنَّهُ لَمْ يَحِلَّ لِي اِلَّا سَاعَةً وَاحِدَةً، وَاِنَّهُ لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يُّشْهِرَ فِيْهِ سِلَاحًا، وَاِنَّهُ لَا يَخْتَلِى خَلَاهُ، وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهُ، وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهُ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِلَّا الْاِذْخَرَ، فَاِنَّهُ لِبُيُوتِنَا وَقُبُورِنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِلَّا الْاِذْخَرَ، وَاِنَّ اَعْتَى النَّاسِ عَلَى اللّٰهِ ثَلَاثَةٌ: مَنْ قَتَلَ فِيْ حَرَمِ اللّٰهِ، اَوْ قَتَلَ غَيْرَ قَاتِلِهِ، اَوْ قَتَلَ لِذَحْلِ الْجَاهِلِيَّةِ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنِّي وَقَعْتُ عَلٰى جَارِيَةِ بَنِيْ فُلَانٍ، وَاِنَّهَا وَلَدَتْ لِي، فَاْمُرْ بِوَلَدِيْ فَلْيُرَدَّ اِلَيَّ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ بِوَلَدِكَ، لَا يَجُوزُ هٰذَا فِي الْاِسْلَامِ، وَالْمُدَّعٰى عَلَيْهِ اَوْلٰى بِالْيَمِيْنِ، اِلَّا اَنْ تَقُومَ بَيِّنَةٌ، اَلْوَلَدُ لِصَاحِبِ الْفِرَاشِ، وَبِفِي الْعَاهِرِ الْاَثْلَبُ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، وَمَا الْاَثْلَبُ؟ قَالَ: الْحَجَرُ، فَمَنْ عَهَرَ بِامْرَاَةٍ لَا يَمْلِكُهَا، اَوْ بِامْرَاَةِ قَوْمٍ اٰخَرِينَ فَوَلَدَتْ، فَلَيْسَ بِوَلَدِهِ، لَا يَرِثُ وَلَا يُوْرَثُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يَدٌ عَلٰى مَنْ سِوَاهُمْ، تَتَكَافَاُ دِمَاؤُهُمْ، يُجِيرُ عَلَيْهِمْ اَوَّلُهُمْ، وَيَرُدُّ عَلَيْهِمْ اَقْصَاهُمْ، وَلَا يُقْتَلُ مُؤْمِنٌ بِكَافِرٍ، وَلَا ذُو عَهْدٍ فِيْ عَهْدِهِ وَلَا يَتَوَارَثُ اَهْلُ مِلَّتَيْنِ وَلَا تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا، وَلَا عَلٰى خَالَتِهَا، وَلَا تُسَافِرُ ثَلَاثًا مَعَ غَيْرِ ذِيْ مَحْرَمٍ وَّلَا تُصَلُّوا بَعْدَ الْفَجْرِ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَلَا تُصَلُّوا بَعْدَ الْعَصْرِ حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: خزاعہ قبیلے کے لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیف تھے جبکہ بنو کنانہ کا ایک گروہ بنو بکر' ابوسفیان (یعنی مشرکین مکہ) کے حلیف تھے۔ صلح حدیبیہ کے موقع پر ان کے درمیان معاہدہ ہو گیا' پھر بنو بکر نے اسی مدت کے درمیان خزاعہ قبیلے کے لوگوں پر حملہ کر دیا' تو ان لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مدد کیلئے پیغام بھجوایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی مدد کرنے کیلئے رمضان کے مہینے میں روانہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھا ہوا تھا' یہاں تک کہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم قدید کے مقام پر پہنچے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ ختم کر دیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں کو سفر کے دوران روزہ رکھ بھی لینا چاہئے اور ترک بھی کر دینا چاہئے جو شخص روزہ رکھ لے گا اس کا روزہ درست ہوگا اور جو شخص نہیں رکھے گا اس پر قضاء کرنا لازم ہوگی۔

پھر اللہ تعالیٰ نے مکہ کو فتح کر دیا جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پشت خانہ کعبہ کے ساتھ لگائی اور ارشاد فرمایا: اپنے ہتھیاروں کو روک لو البتہ خزاعہ قبیلے کے لوگ بنو بکر (سے بدلہ لے سکتے ہیں)' یہاں تک کہ ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! مزدلفہ میں ایک شخص قتل ہو گیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ حرم ہے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے تحت قابل احترام ہے مجھ سے پہلے یہ کسی کے لیے حلال قرار نہیں دیا گیا اور میرے بعد بھی کسی کے

لیے حلال نہیں ہوگا اور میرے لیے بھی تھوڑی سی دیر کے لیے اسے حلال قرار دیا گیا ہے کسی بھی مسلمان کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اس میں ہتھیار نکال کر چلے یہاں کے کانٹے کو کاٹا نہیں جائے گا یہاں کے درخت کو کاٹا نہیں جائے گا یہاں کے شکار کو بھگایا نہیں جائے گا۔ ایک صاحب نے عرض کی: یا رسول اللہ (ﷺ)! اذخر (کی اجازت دید یجئے) کیونکہ وہ ہمارے گھروں اور قبرستان میں استعمال ہوتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اذخر کا حکم مختلف ہے اللہ تعالیٰ کے سب سے زیادہ نافرمان تین لوگ ہیں وہ شخص جو اللہ کے حرم میں کسی کو قتل کرے یا جو شخص اپنے قاتل کے علاوہ (یعنی قصاص کے بدلے کے علاوہ) کسی کو قتل کرے یا جو شخص زمانہ جاہلیت کی دشمنی کی بنیاد پر کسی کو قتل کرے۔

ایک صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی ﷺ میں نے بنوفلاں کی کنیز کے ساتھ صحبت کی تھی تو اس کے ہاں بچہ ہو گیا آپ ﷺ میرے بچے کے بارے میں حکم دیجئے کہ وہ مجھے دیا جائے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ تمہاری اولاد (شمار نہیں ہوگا) کیونکہ اسلام میں یہ بات جائز نہیں ہے جس شخص کے خلاف دعویٰ کیا گیا ہو وہ قسم اٹھانے کا زیادہ حق دار ہے ماسوائے اس صورت کے کہ ثبوت کے ذریعے ثابت ہو جائے بچہ صاحب فراش کا ہوتا ہے اور زنا کرنے والے کے منہ میں پتھر ہوں گے۔ ایک صاحب نے عرض کی: اے اللہ کے نبی ﷺ اثلب سے کیا مراد ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: پتھر جو شخص کسی ایسی عورت کے ساتھ زنا کا مرتکب ہوتا ہے جس کا وہ مالک نہ ہو یا کسی دوسری قوم کی عورت کے ساتھ زنا کا مرتکب ہوتا ہے اور وہ عورت بچے کو جنم دیتی ہے تو وہ اس شخص کا بچہ شمار نہیں ہوگا نہ وہ اس کا وارث بنے گا اور نہ ہی اسے اس کا وارث بنایا جائے گا۔ اہل ایمان اپنے علاوہ سب لوگوں کے لیے ایک ہاتھ کی مانند ہیں ان کی جانیں برابر کی حیثیت رکھتی ہیں ان کے آگے کا کوئی فرد اگر پناہ دیدیتا ہے تو سب سے پیچھے والا بھی اسے پورا کرے گا کسی مومن کو کسی کافر کے بدلے میں قتل نہیں کیا جائے گا اور کسی ذمی کو اس کے ساتھ کیے گئے معاہدے کے دوران (قتل نہیں کیا جائے گا) دو مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد ایک دوسرے کے وارث نہیں بنیں گے کسی عورت کے ساتھ اس کی پھوپھی پر یا اس کی خالہ پر نکاح نہیں کیا جائے گا اور کوئی عورت محرم کے بغیر تین دن سے زیادہ کا سفر نہیں کرے گی اور تم لوگ فجر کے بعد اس وقت تک (کوئی نفل نماز) ادا نہیں کرو گے جب تک سورج نکل نہیں آتا اور عصر کے بعد اس وقت تک ادا نہیں کرو گے جب تک سورج غروب نہیں ہو جاتا۔

ذِكْرُ اِسْقَاطِ الْقَوَدِ عَنِ الثَّنَايَا الْعَاضِّ اِنْسَانًا اٰخَرَ

ایسے شخص کے دانتوں کے قصاص کے ساقط ہونے کا تذکرہ جو کسی دوسرے انسان (کے جسم کے کسی حصے کو) چبا لیتا ہے (یا کاٹ لیتا ہے)

5997 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ بْنُ السَّرْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ يَعْلٰى بْنِ اُمَيَّةَ، حَدَّثَهُ، عَنْ يَعْلٰى بْنِ اُمَيَّةَ، قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ الْعُسْرَةِ، وَكَانَتْ اَوْثَقَ اَعْمَالِي فِي نَفْسِي، وَكَانَ لِي اَجِيرٌ، فَقَاتَلَ اِنْسَانًا، فَعَضَّ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ، فَانْتَزَعَ اُصْبُعَهُ، فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتَاهُ، فَجَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَهْدَرَ ثَنِيَّتَهُ، قَالَ: وَحَسِبْتُ اَنَّ صَفْوَانَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيَدَعُ يَدَهُ فِي فِيكَ فَتَقْضِمُهَا كَقَضْمِ الْفَحْلِ؟

حضرت یعلیٰ بن امیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوہ تبوک میں شرکت کی ہے میرے نزدیک یہ میرا سب سے بہترین عمل ہے میرا ایک ملازم تھا جس نے ایک شخص کے ساتھ لڑائی کی ان دونوں میں سے کسی ایک نے دوسرے کے ہاتھ پر کاٹ لیا اس نے اپنی انگلی کھینچی تو کاٹنے والے کے سامنے کے دانت ٹوٹ گئے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے دانتوں کو رائیگاں قرار دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: میرا خیال ہے صفوان نامی راوی نے یہ الفاظ بھی نقل کیے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''کیا وہ اپنا ہاتھ تمہارے منہ میں رہنے دیتا تا کہ تم اسے یوں چبا لیتے جس طرح اونٹ چباتا ہے۔''

ذِكْرُ اِبْطَالِ الْقِصَاصِ فِي ثَنِيَّةِ الْعَاضِّ يَدَ اَخِيهِ اِذَا انْقَلَعَتْ بِجَذْبِ الْمَعْضُوضِ يَدَهُ مِنْهُ

اپنے بھائی کے ہاتھ پر دانت کاٹنے والے کے دانت ٹوٹنے پر قصاص کے کالعدم ہونے کا تذکرہ، جبکہ اس شخص نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا ہو جسے کاٹا گیا ہو

5998 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيٰى، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ،

5997– إسناده صحيح على شرط مسلم، ورجاله ثقات رجال الشيخين غير أبى الطاهر فمن رجال مسلم. وأخرجه البيهقي 8/336من طريق أبى العباس محمد بن يعقوب، حديثا بحر بن نصر حدثنا ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه الشافعى 2/100، والحميدى "788"، وعبد الرزاق "17546"، وأحمد 4/222، 224، والبخارى "2265"فى الإجارة :باب الأجير فى الغزو، و "2973"فى الجهاد :باب الأجير، و "4417"فى المغازى :باب غزوة تبوك، ومسلم "23" "1674"فى القسامة :باب الصائل على نفس الإنسان أو عضوه، وأبو داود "4584"و "4585"فى الديات :باب فى الرجل يقاتل الرجل فيدفعه عن نفسه، و النسائى 8/30-31و 31فى القسامة :باب ذكر الاختلاف على عطاء فى هذا الحديث، و ابن الجارود فى "المنتقى"792" "، والطبرانى 22/"648"و "649"و "650"و "652"من طرق عن ابن جريج، به. وأخرجه مسلم "20" "1674"، والنسائى 8/30 و30-31و 31من طرق عن عطاء ، به. وأخرجه النسائى 8/32من طريق محمد بن مسلم، عن صفوان بن يعلى بن أمية، به . وأخرجه عبد الرزاق "17547"عن الثورى، عن حميد الأعرج، عن مجاهد قال :كان ليعلى بن أمية عض يد رجل ...فذكر نحوه. وأخرجه الطيالسى "1224"، والبغوى فى "الجعديات"252" "، والنسائى 8/29-30و31، والطبرانى 22/"651"من طريق شعبة، عن الحكم، عن مجاهد، عن يعلى بن منية ...فذكر نحوه .ويعلى بن منية :هو ابن أمية، ومنية :أمه أو جدته .أخرجه أحمد 4/222-223، والنسائى 8/30، وابن ماجه "2656"فى الديات :باب من عض رجلا فنزع يده، فندر ثناياه، من طرق عن محمد بن إسحاق، قال :حدثنى عطاء ، عن صفوان بن عبد الله، عن عمَية يعلى وسلمة ابنى أمية بنحوه .وانظر ."6000"

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَاتَلَ رَجُلًا، فَعَضَّ يَدَهُ، فَنَدَرَتْ ثَنِيَّتُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَعَضُّ اَحَدُكُمْ كَمَا يَعَضُّ الْفَحْلُ؟ وَاَبْطَلَهَا

❀❀ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے دوسرے کے ساتھ جھگڑا کیا اور اس کے ہاتھ پر کاٹ لیا (دوسرے نے ہاتھ کو کھینچا)' تو اس کے سامنے کے دانت گر گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم میں سے ایک شخص یوں کاٹتا ہے' جس طرح اونٹ کاٹتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس کے دانتوں کے ضائع ہونے کو رائیگاں قرار دیا)

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ شُعْبَةَ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ عَنْ قَتَادَةَ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے کہ شعبہ نے یہ روایت قتادہ سے نہیں سنی ہے

5999 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ اَوْفٰى يُحَدِّثُ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا عَضَّ يَدَ رَجُلٍ، فَقَالَ بِيَدِهِ هٰكَذَا، فَنَزَعَهَا مِنْ فِيهِ، فَوَقَعَتْ ثَنِيَّتَاهُ، فَاخْتَصَمُوا اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَعَضُّ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ كَمَا يَعَضُّ الْفَحْلُ؟ لَا دِيَةَ لَكَ

❀❀ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے دوسرے کے ہاتھ پر کاٹ لیا انہوں نے اپنے ہاتھ کے ذریعے اشارہ کر کے بتایا: اس طرح دوسرے شخص نے اس کے منہ سے اپنا ہاتھ کھینچا' تو اس کے سامنے کے دانت گر گئے' تو وہ لوگ اپنا مقدمہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص اپنے بھائی کے ہاتھ پر یوں کاٹتا ہے' جس طرح اونٹ کاٹتا ہے؟ تمہیں دیت نہیں ملے گی۔

5998- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخينغير مسدد، فمن رجال البخاري. يحيى :هو ابن سعيد القطان. وأخرجه أحمد 4/435عن يحيى بن سعيد بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/427، والدارمي 2/195، والبخاري "6892"في الديات :باب إذا عض رجلا فوقعت ثناياه، ومسلم "1673"في القسامة :باب الصائل على نفس الإنسان أو عضوه إذا دفعه المصول عليه فأتلف نفسه أو عضوه لا ضمان عليه، والترمذي "1416"في الديات :باب ما جاء في القصاص، والنسائي 8/29في القسامة :باب القود من العضة، والبيهقي 8/336من طرق عن شعبة، بهزوأخرجه أحمد 4/428، والنسائي 29-8/28و29، وابن ماجه "2657"في الديات :باب من عض رجلا فنزع يده فندر ثناياه، والطبراني في " الكبير "531"/18" و "532"و "533"و"534"و "535"و "536"من طرق عن قتادة، به.وأخرجه عَبْدُ الرَّزَّاقِ "17549"عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عمران .وهذا سند منقطع.وأخرجه عبد الرزاق "17548"، واحمد 4/430، ومسلم "21" "1673"، والنسائي 8/28من طريقين عن محمد بن سيرين، عن عمران بن حصين .وانظر ما بعده.

5999- إسناده صحيح على شرط البخاري، وهو مكرر ما قبله .وهو في "مسند علي بن الجعد ."987" "وأخرجه الطبراني في "الكبير "530"/18 "من طريقين عن علي بن الجعد، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ قَتَادَةُ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے حضرت زرارہ بن اوفی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے اس روایت کو نقل کرنے میں قتادہ منفرد ہے

6000 - (سندِ حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ اَبِىْ رَبَاحٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متنِ حدیث):اَتَـى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَدْ عَضَّ يَدَ رَجُلٍ، فَانْتَزَعَ يَدَهُ مِنْهُ، فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتَا الَّذِىْ عَضَّهُ، قَالَ: فَاَبْطَلَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: اَرَدْتَّ اَنْ تَقْضِمَهُ كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ؟

❀❀ صفوان بن یعلیٰ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے کسی دوسرے شخص کے ہاتھ پر کاٹا' دوسرے شخص نے اپنا ہاتھ کھینچا' تو کاٹنے والے شخص کے سامنے کے دانت ٹوٹ گئے۔ راوی بیان کرتے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے رائیگاں قرار دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم یہ چاہتے تھے تم اسے یوں چبالو جس طرح اونٹ چباتا ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اِسْقَاطِ الْحَرَجِ عَمَّنْ فَقَاَ عَيْنَ النَّاظِرِ فِىْ بَيْتِهٖ بِغَيْرِ اِذْنِهٖ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ ایسے شخص سے گناہ ساقط ہو جاتا ہے' جو اپنے گھر میں اجازت

6000- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير شيبان بن فروخ، فمن رجال مسلم .وقد تقدم برقم "5997". وأخرجه مسلم "1674"في القسامة :باب الصائل على نفس الإنسان أو عضوه، عن شيبان بن فروخ، به.وأخرجه الطبراني في "الكبير "651"/22 "عن عبد الله بن أحمد بن حنبل، عن شيبان بن فروخ، به .وأخرجه الطبراني في "الكبير "530"/18من طريقين عن علي بن الجعد، بهذا الإسناد 1 .إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن موهب، وهو يزيدبن خالد بن يزيد بن موهب الرملي، فقد روى له أبو داود والنسائي وابن ماجه، وهو ثقة.وأخرجه البخاري "6901"في الديات: باب من اطلع في بيت قوم ففقؤوا عينه، وفي "الأدب المفرد"1070" "، ومسلم "40" "2156"في الآداب :باب تحريم النظر في بيت غيره، والنسائي 61-8/60في القسامة :باب في العقول، والطبراني في "الكبير "5662" "من طرق عن الليث. وأخرجه ابن ابي شيبة 8/756، وأحمد 5/330، والبخاري "6241"في الاستئذان :باب الإستئذان من أجل البصر، ومسلم "40" "2156"، والترمذي "2709"في الاستئذان :باب من اطلع في بيت قوم بغير إذنهم، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار1/404 "، والطبراني "5663"و "5668"، والبيهقي 8/338من طرق عن سفيان، كلاهما "الليث وسفيان "عن الزهري، بهذا الإسناد. وأخرجه الشافعي 2/101، وعبد الرزاق "19431"، وأحمد 335-5/334، والدارمي 198-2/197و198، والبخاري "5924"في اللباس :باب الامتشاط، ومسلم "40" "2156"والطحاوي "في شرح المشكل1/404 "، والطبراني "5660"و "5664" و "5665"و "5666"و "5667"و "5669"و "5670"و "5671"و "5672"و"5673"، والبيهقي 8/338، والبغوي "2567"من طرق عن الزهري، به . والمدرى :شيء يعمل من حديد أو خشب على شكل سن من أسنان المشط، وأطول منه، يسرح به الشعر المتلبد .قاله ابن الأثير في "النهاية.2/115 "

کے بغیر جھانکنے والے کی آنکھ پھوڑ دیتا ہے

6001 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَسُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ، اَخْبَرَهُ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ فِي بَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مِدْرًى يَحُكُّ بِهَا رَأْسَهُ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ اَعْلَمُ اَنَّكَ تَنْظُرُنِي لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، اِنَّمَا جُعِلَ الْاِذْنُ مِنْ اَجْلِ الْبَصَرِ

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے کی جھری سے جھانک کر دیکھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں اس وقت ایک کنگھی تھی اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر کو کھجار ہے تھے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا' تو ارشاد فرمایا اگر مجھے پتہ ہوتا کہ تم مجھے دیکھ رہے ہو' تو اسے میں تمہاری آنکھ میں چبھو دیتا اجازت لینے کا حکم اسی لیے دیا گیا ہے تا کہ (گھر والوں پر) نگاہ نہ پڑے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ اِنَّمَا هُوَ اِخْبَارٌ دُوْنَ الْحُكْمِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے یہ روایت اطلاع دینے کے لیے ہے حکم بیان کرنے کے لیے نہیں ہے

6002 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ، بِمِصْرَ، حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ، اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَوْ اَنَّ اِنْسَانًا اطَّلَعَ عَلَيْكَ فَحَذَفْتَ عَيْنَهُ فَفَقَاْتَهَا، لَمَا كَانَ عَلَيْكَ جُنَاحٌ اَخْبَرَنَاهُ اِسْمَاعِيْلُ فِي عَقِبِهِ، حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ، اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ ذٰلِكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

6001- إسناده حسن .ابن عجلان :هو محمد بن عجلان المدني، روى له البخاري مقرونا ومسلم متابعة، وأبوه روى له النسائي.وأخرجه الطحاوي في "شرح مشكل الآثار 1/403-404 "، وابن الجارود في "المنتقى "791" "من طريقين عن محمد بن عجلان، بهذا الإسناد.

6002- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن عجلان وهو صدوق.وأبو الزناد :هوعبد بن ذكوان، والأعرج: هو عبد الرحمن بن هرمز . في الديات :باب من اطلع في بيت قوم ففقأوا عينه فلا دية له، ومسلم "44" "2158"في الآداب :باب تحريم النظر في بيت غيره، والنسائي 8/61في القسامة :باب من اقتص وأخذ حقه دون السلطان، وابن الجارود "789"، والبيهقي 8/338، والبغوي "2568"من طرق عن سفيان بن عيينة، عن أبي الزناد، بهذا الإسناد .وانظر ما بعده.

''اگر کوئی شخص تمہارے گھر میں جھانکنے کی کوشش کرتا ہے اور تم اس کی آنکھ پھوڑ دیتے ہو تو تم پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔''

ذِكْرُ نَفْيِ الْجُنَاحِ عَمَّنْ فَقَأَ عَيْنَ النَّاظِرِ فِيْ بَيْتِهِ بِغَيْرِ اِذْنِهِ

ایسے شخص سے گناہ کی نفی کا تذکرہ جو اپنے گھر میں اجازت کے بغیر جھانکنے والے کی آنکھ پھوڑ دیتا ہے

6003 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلاعِيُّ، بِحِمْصَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَوِ اطَّلَعَ اَحَدٌ فِيْ بَيْتِكَ، وَلَمْ تَأْذَنْ لَهُ فَخَذَفْتَهُ بِحَصَاةٍ فَفَقَأْتَ عَيْنَهُ مَا كَانَ عَلَيْكَ جُنَاحٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اگر کوئی شخص تمہارے گھر میں جھانکنے کی کوشش کرتا ہے' حالانکہ تم نے اسے اجازت نہیں دی اور تم اس کی آنکھ میں کنکری مار کر اس کی آنکھ پھوڑ دیتے ہو تو تم پر کوئی گناہ نہیں ہوگا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا كَانَ عَلَيْكَ جُنَاحٌ اَرَادَ بِهِ نَفْيَ الْقِصَاصِ وَالدِّيَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''تم پر کوئی گناہ نہیں ہوگا'' اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد قصاص اور دیت کی نفی کرنا ہے

6004 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، بِتُسْتَرَ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

6003- إسناده صحيح. عمرو بن عثمان بن سعيد بن دينار القرشي: هو وأبوه ثقتان روى لهما أصحاب السنن خلا الترمذي، ومن فوقهما على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله. وأخرجه البخاري "6888"في الديات: باب من أخذ حقه أو اقتص دون السلطان، وفي "الأدب المفرد "1068" "عن أبي اليمان، عن شعيب بن أبي حمزة، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "19433"، وأبوبكر وابن أبي شيبة 8/758، وأحمد 2/266و 414و527، ومسلم "2158"في الآداب: باب تحريم النظر في بيت غيره، وأبو داود "5172"في الأدب باب في الاستئذان، والنسائي 8/61في القسامة: باب من اقتص وأخذ حقه دون السلطان، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار 1/404 "، والبيهقي 8/338من طرق عن سهيل بن أبي صالح، عن أبيه عن أبي هريرة. وأخرجه الطبراني في "الصغير"169" "، وفي "الأوسط "2037" قال: حدثنا أحمد بن سعيد بن عروة الأصبهاني، حدثنا إسحاق بن موسى أبو موسى الأنصاري، حدثنا عاصم بن عبد العزيز الأشجعي، حدثنا أبو سهيل بن مالك، عن أبيه، =

(متن حدیث): مَنِ اطَّلَعَ اِلٰى دَارِ قَوْمٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ فَفَقَؤُوا عَيْنَهُ، فَلَا دِيَةَ وَلَا قِصَاصَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص کسی دوسرے کی اجازت کے بغیر اس کے گھر میں جھانکنے کی کوشش کرتا ہے اور وہ اس کی آنکھ پھوڑ دیتا ہے' تو کوئی دیت اور کوئی قصاص نہیں ہوگا۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ اِسْقَاطِ الْحَرَجِ عَنْ مُسْتَاْجِرِ الْمَرْءِ فِي الْمَعْدِنِ اِذَا انْهَارَ عَلَيْهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ ایسے شخص سے گناہ ساقط ہوگا' جس نے کسی کان میں کام کرنے کے لیے کسی کو مزدور رکھا اور (اس کان کا ملبہ) اس پر گر پڑا

6005 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ

6004- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير زيد بن أخرم، فمن رجال البخاري، ومعاذ بن هشام: هو ابن أبي عبد الله الدستوائي، وقتادة :هو ابن دعامة السدوسي. وأخرجه النسائي 8/61في القسامة :باب من اقتص وأخذ حقه دون السلطان، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار1/405 "، وابن الجارود "790"، والبيهقي. 8/338

6005- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "شرح السنة "للبغوي = "1586"من طريق أحمد بن أبي بكر، بهذا الإسناد. وأخرجه محمد بن الحسن في "الموطأ "677" "عن مالك به. وأخرجه الدارمي 1/393و2/196، والبخاري في الزكاة: باب في الركاز الخمس، ومسلم "45" "1710"في الحدود :باب جرح العجماء والمعدن والبئر جبار، والنسائي 5/45في الزكاة :باب المعدن، وابن خزيمة "2326"، والطحاوي 3/203، والدارقطني 3/151، والبيهقي 4/155من طرق عن مالك، به. وهو في "الموطأ "برواية يحيى 1/249مختصرا، ولفظه" :وفي الركاز الخمس ."وأخرجه عنه الشافعي في "مسنده.1/248 " وأخرجه الطيالسي "2305"، وأحمد 2/239و 254و 274و 285و319، والحميدي "1079"، وعبد الرزاق "18373"، وابن أبي شيبة 9/271، ومسلم "45" "1710"، وأبو داود "3085"في الإمارة :باب ما جاء في الركاز، والنسائي 5/44-45، وابن ماجه "2673"في الديات :باب الجبار، وابن الجارود "327"و"795"، والدارقطني 3/151، والبيهقي 4/155من طرق عن الزهري، به. وأخرجه الشافعي 1/248، وابن أبي شيبة 3/225عن سفيان، عن الزهري، به، مختصرا بلفظ" :في الركاز الخمس." وأخرجه الترمذي "1377"في الأحكام :باب ما جاء في العجماء جرحها جبار، وابن خزيمة "2326"، والطحاوي 3/203"، والدارقطني 3/149-150و 152من طريقين عن سفيان، عن الزهري، عن سعيد بن المسيب، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/495و501، والدارمي 2/196، وأبو عبيد في "غريب الحديث 1/181 "، ومسلم "46" "1710"، وابن خزيمة "2326"، والطحاوي 3/204"، والدارقطني 3/149-150من طرق عن أبي سلمة، عن أبي هريرة.وأخرجه مسلم "45" "1710"، والنسائي 5/45، والطحاوي 3/204 ،والدارقطني 3/151-152من طرق عن ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ ابن المسيب وعبيد الله، عن أبي هريرة .وقال الدارقطني :لا أعلم أحدا ذكر في إسناده عبيد الله بن عبد الله غير يونس بن يزيد .وأخرجه ابن أبي شيبة 9/272، وأحمد 2/228و 382و386و 415و 454و 456و 482و 493و499، وابن الجعد "1157"، والبخاري "2355" في الشرب :باب من حفر بئرا في ملكه لم يضمن، و "6913"في الديات :باب العجماء جبار، ومسلم "1710"، في، والنسائي 5/45-46، والطحاوي 3/204 ، والبيهقي 8/110و 343من طرق عن أبي هريرة .وانظر مابعده. سعد، عن بن شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَأَبِي سَلَمَةَ

شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَاَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَفِى الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جانور کا مارنا رائیگاں جائے گا، کنویں میں گرنا رائیگاں جائے گا، معدنیات میں گرنا رائیگاں جائے گا (یعنی ان صورتوں میں مرنے کی صورت میں قصاص یا دیت نہیں ہوں گے) اور خزانے میں خمس کی ادائیگی لازم ہوگی۔"

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْجُبَارِ مَا كَانَ مِنَ الْعَجْمَاءِ، وَالْبِئْرِ، وَالْمَعْدِنِ

جبار (یعنی خون کے رائیگاں جانے) کے اثبات کا تذکرہ، جو جانور کے مارنے یا کنویں میں گرنے یا معدنیات میں گر (کر مرنے کی وجہ سے ہو)

6006 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِى اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، وَاَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ، وَفِى الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جانور کا مارنا رائیگاں جائے گا، کنویں میں گرنا رائیگاں جائے گا، معدنیات میں گرنا رائیگاں جائے گا اور خزانے میں خمس کی ادائیگی لازم ہوگی۔"

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ نَفْيِ لُزُوْمِ الْحَرَجِ عَنْ مَالِكِ الْعَجْمَاءِ اِذَا لَمْ يَكُنْ مَعَهَا سَائِقٌ، اَوْ قَائِدٌ، اَوْ رَاكِبٌ بِمَا اَتَتْ عَلَيْهِ

جانور کے مالک سے حرج لازم ہونے کی نفی کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ، جبکہ اس جانور کے ساتھ کوئی چلانے والا یا اسے لے کر چلنے والا یا اس پر سوار کوئی شخص نہ ہو اور پھر وہ جانور کوئی نقصان کردے

6007 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ

6006– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد ابن موهب، وهو ثقة روى له أصحاب السنن غير الترمذي. وهو مكرر ماقبله. وأخرجه البخاري "6912"في الديات :باب المعدن جبار والبئر جبار، ومسلم "1710"في الحدود :باب جرح العجماء، والترمذي "642"في الزكاة :باب رقم "16"، "1377"في الأحكام :باب ما جاء في العجماء جرحها جبار، والدارقطني 3/151، والبيهقي 8/110من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد.

6007– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله.

اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَسَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ، وَالْبِئْرُ جُبَارٌ، وَفِی الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جانور کا زخمی کرنا رائیگاں جائے گا، کنویں میں (گر کر مرنا) رائیگاں جائے گا اور خزانے میں خمس کی ادائیگی لازم ہو گی۔''

ذِكْرُ مَا يُحْكَمُ فِيمَا اَفْسَدَتِ الْمَوَاشِي اَمْوَالَ غَيْرِ اَرْبَابِهَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا

اس بارے میں (اطلاع کا تذکرہ) جب مویشی اپنے مالک کی زمینوں کے علاوہ کسی دوسرے کی زمینوں کو رات یا دن کے وقت خراب کر دے' تو پھر کیا فیصلہ دیا جائے گا

6008 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَیْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی السَّرِیِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ حَرَامِ بْنِ مُحَیِّصَةَ، عَنْ اَبِیْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ نَاقَةً لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ دَخَلَتْ حَائِطًا، فَاَفْسَدَتْ فِیْهِ: فَقَضٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی اَهْلِ الْاَرْضِ حِفْظَهَا بِالنَّهَارِ، وَعَلٰی اَهْلِ الْمَوَاشِی حِفْظَهَا بِاللَّیْلِ

حضرت محیصہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کی ایک اونٹنی ایک باغ میں داخل ہوئی اور اس نے وہاں (موجود پیداوار کو) خراب کر دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فیصلہ دیا کہ زمین کے مالکان پر یہ بات لازم ہے کہ وہ دن کے وقت اس کی حفاظت کریں اور مویشیوں کے مالکان پر یہ بات لازم ہے کہ وہ رات کے وقت ان کی حفاظت کریں۔

6008- ابن أبي السری وهو محمد بن المتوكل وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير حرام بن محيصة وهو حرام بن سعد بن محصة ينسب إلى جده أحيانا، وهو ثقة روى له أصحاب السنن، وأبو سعد بن محيصة لم يرو له غير أبي داود في "التفرد"، قيل :له صحبة أو رؤية. قلت :لكن لم يتابع عبد الرزاق على قوله فيه" :عن أبيه"، وهو في "مصنفه"18437" " ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 5/436، وأبو داود "3569"في الأقضية :باب المواشي تفسد زرع قوم، والدارقطني 3/154 155، والبيهقي 8/342.

بَابُ الْقَسَامَةِ

باب! قسامت کا بیان

ذِكْرُ وَصْفِ الْحُكْمِ فِي الْقَتِيلِ إِذَا وُجِدَ بَيْنَ الْقَرْيَتَيْنِ، عِنْدَ عَدَمِ الْبَيِّنَةِ عَلَى قَتْلِهِ

مقتول کے بارے میں فیصلے کی صفت کا تذکرہ کہ جب وہ بستیوں کے درمیان پایا جائے اور اس کے قتل کے بارے میں کوئی ثبوت موجود نہ ہو

6009 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، قَالَ:

6009- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير خلف بن هشام البزار فمن رجال مسلم، يحيى بن سعيد :هو الأنصاري وأخرجه أحمد 4/142، والبخاري "6142"و "6143"في الأدب :باب إكرام الكبير ويبدأ الأكبر بالكلام والسؤال، ومسلم "2" "1669"في القسامة :باب القسامة، وأبو داود "4520"في الديات :باب القتل بالقسامة، والطبراني "5627"، وابن الجارود "800"، والبيهقي 8/118 119، والبيهقي 8/118من طرق عن يحيى بن سعد، به. وأخرجه الشافعي 2/113 114و114، وعبد الرزاق "18259"، والحميدي "403"، وأحمد 4/2، والبخاري "2702"في الصلح :باب الصلح مع المشركين، و "3173"في الجهاد :باب الموادعة والمصالحة مع المشركين بالمال وغيره، ومسلم "2" "1669"، والنسائي 8/9، 9 10و10و11،والطحاوي 3/197، والطبراني "5625"، والطحاوي 3/197، وابن الجارود "798"، والدارقطني 3/108 109والبيهقي 8/1188و119، والبغوي "2545"من طرق عن يحيى بن سعيد، عن بشير بن يسار، عن سهل بن أبي حثمة، ولم يذكروا فيه رافعا. وأخرج ابن أبي شيبة 9/383، والبخاري "6898"في الديات :باب القسامة، ومسلم "5" "1669"، وأبو داود "4523"، والنسائي 8/12، والطحاوي 3/198، والطبراني "5629"، والدارقطني 3/110، البيهقي 8/120من طريق أبي نعيم الفضل بن دكين، عن سعيد بن عبيد، عن بشير بن يسار، عن سهل بن أبي حثمة .وأخرجه أحمد 4/3، والدارمي 2/179 من طريقين عن محمد بن إسحاق، حدثني بشير بن يسار، به.وأخرجه مالك في "الموطأ 2/877 " 878في القسامة :باب تبرئة أهل الدم في القسامة، عن أبي ليلى بن عبد الله بن عبد الرحمن بن سهل، عن سهل بن أبي حثمة أنه أخبره رجال من كبراء قومه أن عبد الله بن سهل ومحيصة خرجا ...فذكر الحديث.ومن طريق مالك أخرجه الطحاوي 3/198 199، والبيهقي .8/117وأخرجه أحمد 4/3، والبيهقي 8/117من طريق الشافعي، والبخاري "7192"في الأحكام :باب كتاب الحاكم إلى عماله والقاضي إلى أمنائه، عن عبد الله بن يوسف وإسماعيل بن أبي أويس، وأبو داود "4521"من طريق ابن وهب، والنسائي 7- 8/6من طريق أبي القاسم، والبغوي "2547"من طريق أبي مصعب، جميعهم عن مالك، عن أبي ليلى بن عبد الله، عن سهل بن أبي حثمة، أنه أخبره هو ورجال من كبراء قومه أن عبد الله بن سهل ومحيصة خرجا ...وأخرجه مسلم "6" "1669"، وابن الجارود "799"من طريق بشر بن عمر، والطبراني "5630"من طريق عبد الله بن يوسف، كلاهما عن مالك، عن أبي ليلى بن عبد الله بن سهل، عن سهل بن أبي حثمة، أنه أخبره عن رجال من كبراء قومه ...وأخرجه الشافعي 2/112 113عن مالك، بهذا الإسناد، وفيه :أخبره هو ورجال من كبراء قومه.وأخرجه النسائي 8/5 6

حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِي حَثْمَةَ، وَرَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ، حَدَّثَاهُ،

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَهْلٍ، وَمُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُوْدٍ اَتَيَا خَيْبَرَ فِي حَاجَةٍ لَهُمَا، فَتَفَرَّقَا، فَقُتِلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخُوهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ، وَابْنُ عَمِّهِ حُوَيِّصَةُ، قَالَ: فَتَكَلَّمَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْكُبْرَ الْكُبْرَ ، قَالَ: فَتَكَلَّمَا بِاَمْرِ صَاحِبِهِمَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسْتَحِقُّونَ صَاحِبَكُمْ - اَوْ قَالَ: قَتِيلَكُمْ - بِاَيْمَانِ خَمْسِينَ مِنْكُمْ ، قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَمْ نَشْهَدْهُ، كَيْفَ نَحْلِفُ عَلَيْهِ؟ قَالَ: فَتُبْرِئُكُمْ يَهُودُ بِاَيْمَانِ خَمْسِينَ مِنْهُمْ قَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَوْمٌ كُفَّارٌ قَالَ: فَوَدَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِهِ، قَالَ سَهْلٌ: فَدَخَلْتُ مِرْبَدًا لَهُمْ يَوْمًا، فَرَكَضَتْنِي نَاقَةٌ مِّنْ تِلْكَ الْاِبِلِ رَكْضَةً

حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ اور حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن سہیل رضی اللہ عنہ اور حضرت محیصہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کسی کام کے سلسلے میں خیبر آئے' وہ ایک دوسرے سے جدا ہو گئے' پھر حضرت عبداللہ قتل ہو گئے' ان کے بھائی عبدالرحمٰن بن سہل اور ان کے چچازاد حویصہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' عبدالرحمٰن بات شروع کرنے لگے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پہلے بڑے کو موقع دو' پہلے بڑے کو موقع دو' پھر ان دونوں نے اپنے ساتھی کے بارے میں گفتگو کی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے 50 آدمیوں کی قسم کے ذریعے تم اپنے ساتھی (راوی کو شک ہے یا شاید یہ لفظ ہے) اپنے مقتول (کی دیت) کے مستحق ہو سکتے ہو' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم وہاں موجود ہی نہیں تھے تو پھر ہم اس پر کیسے حلف اٹھا سکتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر یہودیوں کے 50 آدمی قسم اٹھا کر تم سے بری الذمہ ہو جائیں گے' ان لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کافر لوگ ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے انہیں دیت ادا کی۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گزشتہ رات میرے سامنے انبیاء کو پیش کیا گیا' تو کسی نبی کے ساتھ ایک شخص تھا کسی نبی کے ساتھ دو شخص تھے کسی نبی کے ساتھ کچھ لوگ تھے' یہاں تک کہ میں نے بہت سے لوگوں کو دیکھا' میں نے یہ گمان کیا کہ شاید یہ میری امت ہے۔ میں نے دریافت کیا یہ کون لوگ ہیں' تو بتایا گیا یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کے افراد ہیں پھر میں نے بہت زیادہ لوگوں کو دیکھا جنہوں نے آسمان کے افق کو بھر دیا تھا میں نے دریافت کیا یہ کون لوگ ہیں' تو بتایا گیا یہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ہے۔ میں اس بات پر بہت خوش ہوا مسرور ہوا پھر بتایا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں ان لوگوں کے بعد ستر ہزار لوگ جنت میں داخل ہوں گے جن سے کوئی حساب نہیں لیا جائے گا اور انہیں کوئی عذاب نہیں ہوگا۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھ کر تشریف لے گئے۔ حاضرین نے سوچا یہ کون لوگ ہوں گے وہ آپس میں اس بارے میں بات چیت کرتے رہے پھر ان سب نے اس بارے میں اتفاق کیا کہ یہ وہ لوگ ہوں گے جو مسلمان گھرانے میں پیدا ہوئے اور ہمیشہ مسلمان رہے جنہوں نے شرک کا زمانہ پایا ہی نہیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے لوگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ان لوگوں کے بارے میں دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ لوگ ہوں گے جو (علاج میں) داغ نہیں لگواتے ہوں گے' اور (زمانہ جاہلیت کے رواج کے مطابق) جھاڑ پھونک نہیں کرتے ہوں گے' اور فال نہیں نکالتے ہوں گے' اور اپنے پروردگار پر توکل کرتے ہوں گے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) داغ لگوانے اور جھاڑ پھونک کرنے میں ممانعت کی علت یہ ہے کہ زمانہ جاہلیت کے لوگ اس پر عمل کرتے تھے اور وہ یہ سمجھتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر وہ لوگ محض ان دو چیزوں سے ٹھیک ہو جاتے ہیں' تو جب یہ علت موجود ہوگی ان دونوں چیزوں سے ممانعت باقی رہی' لیکن جب کوئی شخص ان پر عمل کرے اور ان دونوں کو ایسا سبب قرار دے جو اللہ کے فیصلے کے مطابق آدمی کی تندرستی کے لیے سبب بنتا ہے اور وہ شخص یہ نہ سمجھے محض ان دونوں کاموں کی وجہ سے (فائدہ ہوتا ہے)' تو ایسا کرنا جائز ہوگا۔

ذِكْرُ التَّغْلِيظِ عَلٰى مَنْ قَالَ بِالرُّقٰى وَالتَّمَائِمِ مُتَّكِلًا عَلَيْهَا

اس بارے میں شدید مذمت کا بیان جو شخص دم کرتے ہوئے اور تعویذ دیتے ہوئے صرف اسی پر بھروسہ کرے

6090 - حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاصِلُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَلٰى امْرَاَةٍ وَّفِيْ عُنُقِهَا شَيْءٌ مُعَوَّذٌ، فَجَذَبَهُ فَقَطَعَهُ، ثُمَّ قَالَ: لَقَدْ اَصْبَحَ آلُ عَبْدِ اللّٰهِ اَغْنِيَاءَ اَنْ يُّشْرِكُوا بِاللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

يَقُولُ: إِنَّ الرُّقَى وَالتَّمَائِمَ، وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ قَالُوا: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، هٰذِهِ الرُّقَى وَالتَّمَائِمُ قَدْ عَرَفْنَاهَا، فَمَا التِّوَلَةُ؟ قَالَ: شَيْءٌ يَصْنَعُهُ النِّسَاءُ يَتَحَبَّبْنَ اِلٰى اَزْوَاجِهِنَّ

❀❀ یحییٰ بن جزار بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ایک خاتون کے پاس تشریف لے گئے جس نے اپنی گردن میں تعویذ باندھا ہوا تھا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کھینچ کر اسے کاٹ دیا پھر انہوں نے فرمایا: عبداللہ کے گھر والے اس چیز سے بے نیاز ہیں جو کسی کو اللہ کا شریک قرار دیں' جب تک اس بارے میں کوئی دلیل نازل نہیں ہوتی پھر انہوں نے یہ بات بیان کی میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

"بے شک جھاڑ پھونک تعویذ اور تولہ شرک ہے لوگوں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن جھاڑ پھونک اور تعویذ کا' تو ہمیں پتہ ہے یہ لفظ تولہ کیا ہوتا ہے۔ انہوں نے فرمایا: یہ وہ کام ہے' جو خواتین کرتی ہیں تاکہ اپنے شوہروں کی محبت حاصل کر لیں۔"

6091 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، بِالْمَوْصِلِ قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرُّقَى، وَلِيْ خَالٌ يَرْقِيْ مِنَ الْعَقْرَبِ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يَّنْفَعَ اَخَاهُ فَلْيَفْعَلْ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جھاڑ پھونک سے منع کیا ہے میرے ماموں بچھو کے کاٹے کا دم کیا کرتے تھے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جو شخص اپنے کسی بھائی کو کوئی بھی فائدہ پہنچا سکتا ہو اسے وہ کرنا چاہیے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الرُّقَى الْمَنْهِيَّ عَنْهَا اِنَّمَا هِيَ الرُّقَى الَّتِيْ يُخَالِطُهَا الشِّرْكُ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا دُوْنَ الرُّقَى الَّتِيْ لَا يَشُوْبُهَا شِرْكٌ

6090– رجاله ثقات رجال الصحيح، إلا ان فيه أنقطاعاً بين يحيى بن الجزار وبين عبد الله بن مسعود ابْنُ فُضَيْلٍ :هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غزوان. وأخرجه بأطوله مما هنا أحمد 1/381، وابن ماجة "353"في الطب :باب تعليق التمائم، والبغوى "3240"، واختصره أبو داود "3883"في الطب :باب تعليق التمائم، والبيهقى 9/350من طريقين عن الأعمش، عن عمران مرة، عن يحيى بن الجزار، عَنِ ابْنِ أَخِي زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللَّهِ بن مسعود، وقد وقع عند ابن ماجة "ابن أخت زينب "بدل "ابن أخي زينب "، وأشار الحافظ فى "التقريب :"كأنه صحابى، ولم أره مسمى،

6091– حديث صحيح، رجاله رجال الصحيح، عبيدة بن حميد من رجال البخارى، وأبو سفيان :هو طلحة بن نافع احتج به مسلم وقرنه البخارى، وحديثه عن جابر صحيفة، وقد تابعة أبو الزبير عن جابر، جابر، تقدم عند المؤلف برقم ."532"والحديث عند مسلم فى "صحيحه "62" "2199" "و "63"من طريق الأعمش، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن أبى شيبة 358/34، وأبو يعلى "2299"، والطحاوى4/328، والبيهقى 9/349من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد .وانظر "6097"

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ممنوعہ قسم کا دم وہ ہے' جس میں شرکیہ کلمات پڑھے جاتے ہوں وہ دم (ممنوعہ قسم میں) شامل نہیں ہوگا' جس میں شرکیہ کلمات نہ ہوں

6092 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْجَرَّاحِ بْنِ الضَّحَّاكِ، عَنْ كُرَيْبٍ الْكِنْدِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): اَخَذَ بِيَدِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ فَانْطَلَقْنَا اِلٰى شَيْخٍ مِنْ قُرَيْشٍ يُقَالُ لَهُ ابْنُ اَبِي حَثْمَةَ، يُصَلِّي اِلٰى اُسْطُوَانَةٍ، فَجَلَسْنَا اِلَيْهِ، فَلَمَّا رَاٰى عَلِيًّا انْصَرَفَ اِلَيْهِ، فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ: حَدِّثْنَا حَدِيْثَ اُمِّكَ فِي الرُّقْيَةِ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي اُمِّي اَنَّهَا كَانَتْ تَرْقِي فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا جَاءَ الْاِسْلَامُ قَالَتْ: لَا اَرْقِي حَتّٰى اَسْتَاْذِنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَتْهُ فَاسْتَاْذَنَتْهُ، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْقِي، مَا لَمْ يَكُنْ فِيهَا شِرْكٌ

کریب کندی بیان کرتے ہیں: حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑا اور ہم لوگ قریش سے تعلق رکھنے والے ایک عمر رسیدہ صاحب کے پاس چلے گئے ان کا نام ابن ابوحثمہ تھا وہ ستون کی طرف منہ کر کے نماز ادا کر رہے تھے ہم ان کے پاس بیٹھ گئے جب انہوں نے امام زین العابدین کو دیکھا' تو نماز ختم کر کے ان کے پاس آئے۔ امام زین العابدین نے ان سے کہا آپ دم کرنے کے بارے میں اپنی والدہ کی نقل کردہ روایت ہمیں بیان کیجئے' تو انہوں نے بتایا میری والدہ نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ وہ زمانہ جاہلیت میں دم کیا کرتی تھیں جب اسلام آ گیا' تو انہوں نے یہ کہا میں اس وقت تک دم نہیں کروں گی' جب تک میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں اجازت نہیں لیتی وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم دم کرو جب کہ اس کے الفاظ میں شرک نہ ہو۔

ذِكْرُ اسْتِعْمَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرُّقْيَةَ الَّتِي اَبَاحَ اسْتِعْمَالَ مِثْلِهَا لِاُمَّتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ دم کیے ہیں جن کی مانند دم کرنے کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے لیے مباح قرار دیا ہے

6093 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، بِفَمِ الصِّلْحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ

6092- حديث صحيح بطريقه وشواهده، كريب الكندي :هو ابن سليم، ويقال :ابن سليمان، ذكره المصنف في "الثقات" 5/339، وقال :يروي عن أمه، وهي :بنت خالد بن سعيد بن العاص، امرأة الزبير بن العوام، ولها صحبة، روى عنه الجراح بن الضحاك، وذكره ابن أبي حاتم 7/119، ولم يذكر فيه جرحا ولا تعديلا، وعلي بن الحسين :هو ابن علي بن أبي طالب الملقب بزين العابدين، وابن أبي حيثمة :هو أبو بكر بن سليمان بن ابي حثمة.

اَبِي الشَّوَارِبِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَدَغَتْنِي عَقْرَبٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَقَانِي وَمَسَحَهَا

قیس بن طلق اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں ایک بچھو نے مجھے ڈنک مار دیا' تو نبی اکرم ﷺ نے مجھے دم کیا اور (اس جگہ پر) دست مبارک پھیرا۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اسْتِرْقَاءِ الْمَرْءِ لِلْعِلَلِ الَّتِي تَحْدُثُ بِمَا يُبِيحُهُ الْكِتَابُ وَالسُّنَّةُ

آدمی کا کسی بیماری کے پیش آنے پر ایسا دم کروانا مباح ہونے کا تذکرہ

جس دم کو کتاب وسنت میں مباح قرار دیا ہو

6094 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا نَرْقِي فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا تَقُولُ فِي ذٰلِكَ؟ قَالَ: اعْرِضُوا عَلَيَّ رُقَاكُمْ، وَلَا بَاْسَ بِالرُّقَى مَا لَمْ يَكُنْ شِرْكًا

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ زمانہ جاہلیت میں دم کیا کرتے تھے ہم نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! آپ اس بارے میں کیا کہتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اپنے دم کے الفاظ میرے سامنے پیش کرو ایسے دم میں کوئی حرج نہیں ہے' جس میں شرکیہ الفاظ نہ ہوں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ نَفَى جَوَازَ اسْتِعْمَالِ الرُّقَى لِلْمُسْلِمِينَ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے مسلمانوں کے لیے

6093- إسناده قوى طلق: هو ابن على الحنفي اليمامي رضى الله عنه . وأخرجه الطحاوى 4/326عن محمد بن خزيمة، عن محمد بن عبد الملك بن أبي الشوارب، بهذا الإسناد. وأخرجه الطحاوى 4/326، والطبرانى "8244"، والحاكم 4/416من طرق عن ملازم بن عمرو، به وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبى ! وأخرجه الطبرانى "8263"من طريق عن الحسن بن قزعة، عن ملازم بن عمرو، "8262"من طريق مسدد، عن محمد بن جابر، كلاهما عن عبد الله بن بدر عن طلق بن على، ولم يذكر فيه قيساً.

6094- إسناده قوى على شرط مسلم أحمد بن عيسى: هو ابن حسان المصرى المعروف بابن التسترى . وأخرجه البيهقى 9/349من طريق محمد بن جابر، عن أحمد بن عيسى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "2200"فى السلام :باب لا بأس بالرقى ما لم يكن فيه شرك، وأبو داود "3886"فى الطب :باب ما جاء فى الرقى، من طريقين عن ابن وهب، به . وأخرجه الطحاوى 4/328،والطبرانى "88"/18من طريقين عن عبد الله بن صالح، عن معاوية بن صالح، به.

دم کروانے کے جائز ہونے کی نفی کی ہے

6095 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا السَّخْتِيَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَزْهَرَ بْنِ سَعِيْدٍ الْحَرَازِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ السَّائِبِ ابْنِ اَخِي، مَيْمُوْنَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ مَيْمُوْنَةَ، قَالَتْ لِي يَا ابْنَ اَخِي، اَلَا اَرْقِيكَ بِرُقْيَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: بَلٰى، قَالَتْ: بِاسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيكَ، وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ، مِنْ كُلِّ دَاءٍ فِيكَ، اَذْهِبِ الْبَاْسَ، رَبَّ النَّاسِ، اشْفِ اَنْتَ الشَّافِي، لَا شَافِيَ اِلَّا اَنْتَ

❀❀ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے روایت کرتے ہیں سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے مجھ سے کہا: اے میرے بھتیجے کیا میں تمہیں وہ دم نہ کروں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے یہ پڑھا۔

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے میں تمہیں دم کرتی ہوں اللہ تعالیٰ تمہیں شفاء عطا کرے ہر اس بیماری سے جو تمہیں لاحق ہے۔ اے لوگوں کے پروردگار تکلیف کو دور کر دے شفاء عطا کر دے تو ہی شفاء عطا کرنے والا ہے تیرے علاوہ اور کوئی شفاء عطا کرنے والا نہیں ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) درست یہ ہے کہ راوی کا نام اظہر بن سعد ہے اظہر بن سعید نہیں ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6096 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيْدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

6095- عبد الرحمن بن السائب ذكره المؤلف في "ثقاته5/93 "، ونقل ابن حجر في "التهذيب "عن المؤلف :أنه روى عنه سعيد المقبري، والحارث بن أبي ذباب، وليس هو في المطبوع من "الثقات"، وقد نص الإمام الذهبي في "ميزانه 2/566 "أنه تفرد عنه أزهر بن سعيد الحرازي، وباقي رجاله ثقات، وانظر ما بعده .وميمونة :هي زوج النبي صلى الله عليه وسلم. وأخرجه النسائي في "عمل اليوم والليلة "1021" "عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/332، ومن طريقه المزي في ترجمة عبد الرحمن بن السائب من "تهذيب الكمال"، عن عبد الرحمن بن مهدي، به . وأخرجه الطحاوي 4/329، والطبراني 23/"1061" من طريقين عن معاوية بن صالح، به. وذكره الهيثمي في "المجمع5/113 "، وقال :رواه الطبراني في "الأوسط" و"والكبير"، وفيه عبد الله بن صالح كاتب الليث وقد وثق وفيه ضعف، وعلى كل حال إسناده حسن.

6096-إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير علي بن خشرم فمن رجال مسلم عيسى بن يونس :هو ابن أبي إسحاق السبيعي، وقد تقدم تخريجه برقم "2972"من غير هذا الوجه. وأخرجه النسائي في "عمل اليوم والليلة "1020" " عن علي بن خشرم، بهذا الإسناد. وأخرجه أيضا "1019"عن ابن راهويه، عن أبي معاوية، عن هشام بن عروة، به.

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْقِي: امْسَحِ الْبَاسَ، رَبَّ النَّاسِ، بِيَدِكَ الشِّفَاءُ، لَا كَاشِفَ إِلَّا أَنْتَ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دم کیا کرتے تھے۔

''اے لوگوں کے پروردگار! تو تکلیف کو دور کر دے شفاء تیرے دست قدرت میں ہے اس تکلیف کو صرف تو ہی دور کر سکتا ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِإِبَاحَةِ الرُّقْيَةِ لِلْعَلِيلِ بِغَيْرِ كِتَابِ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُنْ شِرْكًا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے بیمار شخص کے لیے ایسا دم کروانا مباح ہے جس کا ذکر اللہ کی کتاب میں نہ ہو جبکہ وہ کلمات شرکیہ نہ ہوں

6097 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُوْ يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): قَالَ: نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرُّقَى، فَقِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، إِنَّكَ نَهَيْتَ عَنِ الرُّقَى؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ أَنْ يَنْفَعَ أَخَاهُ فَلْيَفْعَلْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دم کرنے سے منع کیا عرض کی گئی یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دم کرنے سے منع کر دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جو شخص اپنے بھائی کو کوئی فائدہ پہنچا سکتا ہو اسے ایسا کر لینا چاہئے۔

6098 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَامْرَأَةٌ تُعَالِجُهَا أَوْ تَرْقِيهَا، فَقَالَ:

6097- إسناده على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير أبي سفيان واسمه طلحة بن نافع فمن رجال مسلم، وری له البخاری مقرونا أبو خيثمة :هو زهير بن حرب، وجرير :هو ابن عبد الحميد وهو في "مسند أبي يعلى "1914" "، وقد تقدم برقم "6091" بسند آخر.

6098- رجاله ثقات رجال الشيخين، إلا أن أبا أحمد الزبير _وهو مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ أحمد :كان كثير الخطأ في حديث سفيان، وقال أبو حاتم :عابد مجتهد حافظ للحديث له أوهام . وأخرجه مالك 2/943 في العين :باب التعوذ والرقية من المرض، والبيهقي 9/349 عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُمَرَةَ بِنْتِ عبد الرحمن أن أبا بكر الصديق دخل على عائشة وهي تشتكي، ويهودية ترقيها، فقال أبو بكر :ارقيها بكتاب الله قال الزرقاني في "شرح الموطأ :4/328" "قال الربيع :سألت الشافعي عن الرقية، فقال :لا بأس أن ترقى بكتاب الله وبما يعرف من ذكر الله، قلت :أيرقى أهل الكتاب المسلمين؟ قال :نعم إذا رقوا من كتاب الله

عَالِجِيهَا بِكِتَابِ اللّٰهِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَالِجِيهَا بِكِتَابِ اللّٰهِ اَرَادَ عَالِجِيهَا بِمَا يُبِيحُهُ كِتَابُ اللّٰهِ، لِاَنَّ الْقَوْمَ كَانُوا يَرْقُونَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ بِاَشْيَاءَ فِيهَا شِرْكٌ، فَزَجَرَهُمْ بِهٰذِهِ اللَّفْظَةِ عَنِ الرُّقَى، اِلَّا بِمَا يُبِيحُهُ كِتَابُ اللّٰهِ دُوْنَ مَا يَكُوْنُ شِرْكًا

✿✿ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں آئے تو ایک خاتون سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا علاج کر رہی تھی (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ان پر دم کر رہی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اللہ کی کتاب کے مطابق اس کا علاج کرنا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''تم اللہ کی کتاب کے مطابق اس کا علاج کرنا''۔ اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ تھی کہ تم ایسے طریقے سے اس کا علاج کرنا جسے اللہ کی کتاب نے مباح قرار دیا ہو کیونکہ پہلے لوگ زمانہ جاہلیت میں ایسے الفاظ کے ذریعے دم کیا کرتے تھے جن میں شرک پایا جاتا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الفاظ میں دم کرنے سے ان لوگوں کو منع کر دیا' البتہ جس چیز کو اللہ کی کتاب نے مباح قرار دیا ہو اور جس میں شرک نہ ہو اس کا حکم مختلف ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى صِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا تِلْكَ الصِّفَةَ الْمُعَبَّرَ عَنْهَا فِي الْبَابِ الْمُتَقَدِّمِ

اس روایات کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہم نے گزشتہ باب میں جس صفت کی تاویل بیان کی ہے وہ صحیح ہے

6099 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، بِبُسْتَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اُتِيَ بِالْمَرِيضِ يَدْعُو وَيَقُوْلُ: اَذْهِبِ الْبَاْسَ، رَبَّ النَّاسِ، اشْفِ اَنْتَ الشَّافِي، لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا

✿✿ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی بیمار لایا جاتا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے۔

''اے لوگوں کے پروردگار' تو تکلیف کو دور کر دے' تو شفاء عطا کر دے' تو ہی شفاء عطا کرنے والا ہے شفاء صرف وہی ہے' جو تو نے عطا کی ہو' تو ایسی شفاء عطا کر دے جو بیماری کو بالکل نہ رہنے دے۔''

6099- إسناده صحيح، إبراهيم بن يوسف :هو ابن ميمونة الباهلي، روى له النسائي وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين أبو الأحوص :هو سلام بن سليم، والأسود :هو ابن يزيد النخعي وهو مكرر "2972"، وانظر الحديث رقم."6096"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اسْتِرْقَاءِ الْمَرْءِ عِنْدَ وُجُوْدِ الْعِلَلِ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ بیماری کے درپیش ہونے پر آدمی کا دم کروانا اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے مطابق ہے

6100 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، بِالْفُسْطَاطِ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْعَلَاءِ الزُّبَيْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّـهٗ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ دَوَاءً نَتَدَاوٰى بِهٖ، وَرُقًى نَسْتَرْقِيْ بِهَا، وَاَشْيَاءَ نَفْعَلُهَا، هَلْ تَرُدُّ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ؟ قَالَ: يَا كَعْبُ، بَلْ هِيَ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ

(توضیح مصنف): عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ حِمْصِيٌّ ثِقَةٌ، وَلَيْسَ عَمْرَو بْنَ الْحَارِثِ الْمِصْرِيَّ

❀❀ عبداللہ بن کعب اپنے والد (حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ) کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! اس بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کیا رائے ہے کہ ہم جو دوا استعمال کرتے ہیں' یا جو دم کرتے ہیں یا اس طرح کے دیگر کام کرتے ہیں' تو کیا یہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ تقدیر کو بدل دیتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے کعب بلکہ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی تقدیر کا حصہ ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عمرو بن حارث حمصی نامی راوی ثقہ ہے یہ عمرو بن حارث مصری نہیں ہے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الْاِسْتِرْقَاءِ لِلْمَرْءِ مِنْ لَدْغِ الْعَقَارِبِ

آدمی کے لیے بچھو کے کاٹنے پر دم کروانے کے مباح ہونے کا تذکرہ

6101 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَيْلَانَ، بِاَذَنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، لُوَيْنٌ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ مُغِيْرَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّقْيَةِ مِنَ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ

6101– إسناده صحيح، محمد بن سليمان ثقة روى له أبو داود والنسائي، ومن فوقه من رجال الشيخين أبو الأحوص :هو سلام بن سليم، ومغيرة :هو ابن مقسم الضبي، وإبراهيم :هو النخعي، والأسود :هو ابن يزيد النخعي .وأخرجه ابن ماجة "3517" في الطب :باب رقية الحية والعقرب، والطحاوي 4/326من طرق عن أبي الأحوص، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "1395"، ومسلم "53" "2193"في السلام :باب استحباب الرقية من العين، من طريقين عن مغيرة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/34، والبخاري "5741"في الطب :باب رقية الحية والعقرب، ومسلم "52" "2193"، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة" 11/377، والبيهقي 9/347من طرق عن سليمان الشيباني، عن عبد الرحمن بن الأسود، عن أبيه، عن عائشة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رخص في الرقية من كل ذي حمة. والحمة، بضم الحاء فتح الميم المخففة :سم العقرب وغيره.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سانپ اور بچھو کے کاٹنے پر دم کرنے کی اجازت دی ہے۔

6102 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰی، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَنِیْ عَمْرِو بْنِ عَوْفٍ فِیْ رُقْيَةِ الْحَيَّةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو عمرو بن عوف کو سانپ کے کاٹنے پر دم کرنے کی اجازت دی تھی۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالِاسْتِرْقَاءِ مِنَ الْعَيْنِ لِمَنْ اَصَابَتْهُ

آدمی کے لیے نظر لگنے پر دم کروانے کے مباح ہونے کا تذکرہ

6103 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، حَدَّثَنَا مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُهَا اَنْ تَسْتَرْقِیَ مِنَ الْعَيْنِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ ہدایت کی تھی کہ وہ نظر لگنے کا دم کر دیا کریں۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّسْتَرْقِیَ اِذَا عَانَهُ اَخُوْهُ الْمُسْلِمُ

آدمی کے لیے اس وقت دم کروانے کے مباح ہونے کا تذکرہ جب اسے کسی مسلمان بھائی کی نظر لگ جائے

6104 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ السِّنْدِیِّ، قَالَ:

6102- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير أبي الزبير فمن رجال مسلم، وروى له البخاري مقرونا، وقد صرح هو وابن جريج بالسماع أبو عاصم :هو الضحاك بن مخلد النبيل .وأخرجه مسلم "2198"في السلام :باب استحباب الرقية من العين، عن عقبة بن مكرم العمي، عن أبي عاصم، بهذ الإسناد. وأخرجه مسلم "61 "2199"عن محمد بن حاتم، عن روح بن عبادة عن ابن جريج، به وانظر "532"و "6091"و."6097"

6103- إسناده صحيح على شرط الشيخين .محمد بن بشر :هو العبدي . وأخرجه مسلم "2195"في السلام :باب استحباب الرقية من العين، من طرق عن محمد بن بشر بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم أيضا "2195"عن نمير، عن أبيه، عن مسعر، به وأخرجه أحمد 6/63و138، وابن ماجة "3512"في الطب :باب من استرقى من العين، عن وكيع، عن مسعر وسفيان، عن معبد بن خالد، به . وأخرجه البخاري "5738"في الطب :باب رقية العين، ومسلم "56" "2195"، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة 11/41"، والطحاوي 4/327، والبيهقي 9/347، والبغوي "3242"من طرق عن سفيان، عن معبد بن خالد، به.

حَـدَّثَـنَا وَكِيعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث):رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّقْيَةِ مِنَ الْعَيْنِ، وَالنَّمْلَةِ، وَالْحُمَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نظر لگنے پر، چیونٹی کے کاٹنے پر، بھڑ کے کاٹنے پر دم کرنے کی اجازت دی تھی۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ رَاٰى بِاَخِيهِ شَيْئًا حَسَنًا اَنْ يُّبَرِّكَ لَهٗ فِيهِ، فَاِنْ عَانَهٗ تَوَضَّاَ لَهٗ

جو شخص اپنے کسی بھائی کی کوئی اچھی چیز دیکھے اسے اس بات کے حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اس بارے میں اس کے لیے برکت کی دعا کرے اور اگر وہ اسے نظر لگا دیتا ہے تو پھر وہ اس کے لیے وضو کرے

6105 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عُـمَـرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَاهُ اَبَا اُمَامَةَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث):اغْتَسَلَ اَبِـي سَهْـلُ بْـنُ حُـنَيْفٍ بِالْخَرَّارِ، فَنَزَعَ جُبَّةً كَانَتْ عَلَيْهِ، وَعَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ يَنْظُرُ، قَـالَ: وَكَـانَ سَهْـلٌ رَجُلًا اَبْيَـضَ حَسَـنَ الْجِلْدِ، قَالَ: فَقَالَ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ: مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ، وَلَا جِلْدَ عَذْرَاءَ فَـوُعِكَ سَهْـلٌ مَكَانَهٗ، فَاشْتَدَّ وَعْكُهٗ، فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهٗ اَنَّ سَهْلًا وُعِكَ، وَاَنَّهٗ غَيْرُ رَائِحٍ مَعَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاَتَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَهٗ سَهْلٌ الَّذِيْ كَانَ مِنْ شَاْنِ عَامِرِ بْنِ

6104- حديث صحيح، موسى بن السندى ذكره المؤلف فى "ثقاته"، وكناه أبا محمد، وقال :يروى عن وكيع بن الجراح، وأبى نعيم، والمؤمل، حدثنا عنه عمران بن موسى بن مجاشع قلت :قد توبع، ومن فوقه ثقات رجال الشيخين غير يوسف بن عبد الله بن الحارث، فمن رجال مسلم .عاصم بن سليمان :هو الأحول. وأخرجه أحمد 3/118و 119عن وكيع، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/127، وابن أبى شيبة 8/36و 37 38، ومسلم "58" "2196"فى السلام :باب استحباب الرقية من العين، والترمذى "2056"فى الطب :باب ما جاء فى الرخصة من الرقية، والنسائى فى "الكبرى "كما فى "التحفة1/441 "، والبيهقى 9/348، البغوى "3244"من طرق عن سفيان، به. وأخرجه مسلم "2196"عن أبى خيثمة، عن حميد بن عبد الرحمن، عن عاصم الأحول، به. وأخرجه الترمذى "2056"، ابن ماجة "3516"فى الطب :باب ما رخص فيه من الرقى، عن عبدة بن عبد الله الخزاعى، عن معاوية بن هشام، عن سفيان، عن عاصم، عن عبد الله الحارث، عن أنس. وقال الترمذى بعد أن أخرج الحديث من طريق يحيى بن آدم وأبى نعيم عن سفيان :هذا حديث حسن غريب، وهذا عندى أصح من حديث معاوية بن هشام عن سفيان.

6105- رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن أبى أمامة، فقد روى له أصحاب السنن غير الترمذى، وقال الزرقانى فى "شرح الموطأ :4/319 "ظاهره الإرسار، لكنه محمول على أن أبا أمامة سمع ذلك من أبيه، ففى بعض طرقه :عن أبى أمامة، حدثنى أبى ...وهو فى "الموطأ 2/938 "فى العين :باب الوضوء من العين. ومن طريق مالك أخرجه النسائى فى الطب من "الكبرى "كما فى "التحفة1/66 "، والطبرانى "5580"وانظر الحديث التالى. وأخرجه أبو داود "3880"من حديث عائشة قالت :كان يؤمر العائن فيتوضأ، ثم يغتسل منه المعين .واسناده صحيح على شرطهما.

رَبِيعَةَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ؟ اَلا بَرَّكْتَ اِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ، تَوَضَّاْ لَهُ، فَتَوَضَّاَ لَهُ عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ، فَرَاحَ سَهْلٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ بِهِ بَاْسٌ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میرے والد حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ نے خرار کے مقام پر غسل کیا انہوں نے اپنے جسم پر موجود جبہ اتارا' تو عامر بن ربیعہ نے انہیں دیکھ لیا۔ راوی کہتے ہیں: حضرت سہل رضی اللہ عنہ گورے چٹے شخص تھے ان کی جلد بہت خوبصورت تھی عامر بن ربیعہ نے کہا: میں نے آج جو (خوبصورت جلد) دیکھی ہے اس طرح کی جلد' تو کسی کنواری لڑکی کی بھی نہیں ہوتی' تو حضرت سہل رضی اللہ عنہ اسی جگہ بیمار ہو گئے ان کو تیز بخار ہو گیا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا: حضرت سہل رضی اللہ عنہ کو بخار ہو گیا ہے یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کے قابل بھی نہیں ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے انہیں عامر بن ربیعہ والے واقعہ کے بارے میں بتایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص کیوں اپنے بھائی کو قتل کرنا چاہتا ہے کیا تمہیں پتہ نہیں ہے نظر لگنا حق ہے تم اس کے لیے وضو کرو۔ عامر بن ربیعہ نے ان کے لیے وضو کیا' تو حضرت سہل رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ چلتے ہوئے آئے یوں جیسے انہیں کوئی تکلیف نہیں تھی (یعنی ان کی بیماری ختم ہو گئی)

ذِكْرُ وَصْفِ الْوُضُوءِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ لِمَنْ وَصَفْنَاهُ

وضو کے اس طریقے کا تذکرہ' جس کے بارے میں ہم نے یہ ذکر کیا ہے کہ اس صورتحال میں (اسے وضو کرنا چاہئے)

6106 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ يَعْقُوبَ، بِحِمْصَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْبَهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَالِحٍ الْوُحَاظِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى الْكَلْبِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمِ بْنِ شِهَابٍ، حَدَّثَنِي اَبُو اُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ،

(متن حدیث): اَنَّ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ، اَخَا بَنِي عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ رَاَى سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ وَّهُوَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَرَّارِ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ، وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ قَالَ: فَلُبِطَ سَهْلٌ، فَاُتِيَ

6106- حديث صحيح واخرجه عبد الرزاق "19766"، ومالك 2/939 في العين :باب الوضوء من العين، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة 1/66 "، وفي "عمل اليوم والليلة"208" "، والطبراني "5574"و "5575"و "5576"و "5577" و"5579"، والبيهقي 9/351و352و352، والبغوي "3245"من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن أبي شيبة 8/58 59، والنسائي في "عمل اليوم والليلة "209" "، وأحمد 4/386، والطبراني "5573"و "5578"من طرق عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عن أبيه سهل بن حنيف . وأخرجه الطبراني "5581"من طريق مسلمة بن خالد الأنصاري، و "5582"من طريق عبد الله بن أبي حبيبة، كلاهما عن أبي امامة بن سهل، عن أبيه وذكره صاحب "المجمع 5/107 "وقال :رواه أحمد والطبراني، ورجال أحمد رجال الصحيح، وفي أسانيد الطبراني ضعف.

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، هَلْ لَكَ فِيْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، لَا يَرْفَعُ رَاْسَهُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تَتَّهِمُوْنَ مِنْ اَحَدٍ؟ قَالُوا: نَعَمْ، عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ رَآهُ يَغْتَسِلُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ، وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرَ بْنَ رَبِيعَةَ فَتَغَيَّظَ عَلَيْهِ، وَقَالَ: عَلَامَ يَقْتُلُ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ؟ اَلَا تُبَرِّكُ؟ اغْتَسِلْ لَهُ فَغَسَلَ لَهُ عَامِرٌ، فَرَاحَ سَهْلٌ مَعَ الرَّكْبِ لَيْسَ بِهِ بَاْسٌ

قَالَ: وَالْغُسْلُ اَنْ يُؤْتٰى بِالْقَدَحِ، فَيُدْخِلَ الْغَاسِلُ كَفَّيْهِ جَمِيعًا فِيْهِ، ثُمَّ يَغْسِلُ وَجْهَهُ فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ الْيُمْنٰى، فَيَغْسِلُ صَدْرَهُ فِي الْقَدَحِ، ثُمَّ يُدْخِلُ يَدَهُ فَيَغْسِلُ ظَهْرَهُ، ثُمَّ يَاْخُذُ بِيَدِهِ الْيُسْرٰى يَفْعَلُ مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَغْسِلُ رُكْبَتَيْهِ، وَاَطْرَافَ اَصَابِعِهِ مِنْ ظَهْرِ الْقَدَمِ، وَيَفْعَلُ ذٰلِكَ بِالرِّجْلِ الْيُسْرٰى، ثُمَّ يُعْطِي ذٰلِكَ الْاِنَاءَ قَبْلَ اَنْ يَضَعَهُ بِالْاَرْضِ الَّذِيْ اَصَابَهُ الْعَيْنُ، ثُمَّ يَمُجُّ فِيْهِ، وَيَتَمَضْمَضُ وَيُهَرِيقُ عَلٰى وَجْهِهِ، وَيَصُبُّ عَلٰى رَاْسِهِ، وَيُكْفِيءُ الْقَدَحَ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِهِ

❁❁ حضرت ابوامامہ بن سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عامر بن ربیعہ جن کا تعلق بنوعدی بن کعب سے تھا انہوں نے حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو دیکھا جو اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ خرار کے مقام پر موجود تھے وہ غسل کرنے لگے تو عامر بن ربیعہ نے کہا: اللہ کی قسم! میں نے کسی پردہ نشین عورت کی بھی اتنی خوبصورت جلد نہیں دیکھی تو حضرت سہل رضی اللہ عنہ اسی وقت بیمار ہو گئے انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا عرض کی گئی یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سہل بن حنیف کا کچھ کریں گے یہ اپنا سر بھی نہیں اٹھا رہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم کسی پر الزام عائد کرتے ہو۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں عامر بن ربیعہ نے انہیں غسل کرتے دیکھا تو یہ کہا اللہ کی قسم! میں نے تو کسی پردہ نشین عورت کی بھی اتنی اچھی جلد نہیں دیکھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عامر بن ربیعہ کو بلایا اور ان پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا تم میں سے کوئی ایک کیوں اپنے بھائی کو قتل کرنا چاہتا ہے کیا تم برکت کی دعا نہیں دے سکتے تھے تم اس کے لیے غسل کرو۔ عامر نے ان کے لیے غسل کیا تو حضرت سہل رضی اللہ عنہ سواروں کے ساتھ روانہ ہو گئے یوں جیسے انہیں کوئی تکلیف نہیں تھی (یعنی ان کی بیماری ختم ہو گئی)

راوی بیان کرتے ہیں: غسل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پیالہ لایا جائے غسل کرنے والا شخص اپنے دونوں ہاتھ اس میں داخل کرے پھر وہ اپنے چہرے کو اس پیالے میں دھوئے (یعنی چہرے کو دھونے والا پانی دوبارہ پیالے میں گرے) پھر وہ اپنا دایاں ہاتھ اس میں داخل کرے اور اپنے سینے کو پیالے میں دھوئے وہ اپنا ہاتھ داخل کرے اور اپنی پشت کو دھوئے اپنا بایاں ہاتھ لے اور اسی طرح کرے اسی طرح دو گھٹنے دھوئے اور اپنی انگلیوں کے کنارے تک دھوئے اسی طرح وہ اپنے بائیں پاؤں کے ساتھ کرے پھر وہ برتن زمین پر رکھنے سے پہلے اس شخص کو دے جسے نظر لگی ہے پھر وہ اس میں کلی کرے اور اپنے چہرے پر وہ پانی ڈالے اور اپنے سر پر وہ بہائے اور پھر اپنی پشت کے پیچھے کی طرف اس پیالے کو الٹا دے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِغْتِسَالِ لِمَنْ عَانَهُ اَخُوهُ الْمُسْلِمُ

جو شخص اپنے کسی مسلمان بھائی کو نظر لگا دیتا ہے اسے غسل کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

6107 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ، صَاعِقَةُ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا وهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْعَيْنُ حَقٌّ، وَلَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابِقَ الْقَدَرِ لَسَبَقَتْهُ الْعَيْنُ، وَاِذَا اسْتُغْسِلْتُمْ فَاغْسِلُوا

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
''نظر لگنا حق ہے اگر کوئی چیز تقدیر کو تبدیل کر سکتی' تو نظر اسے تبدیل کر دیتی اور جب تم سے غسل کرنے کے لیے کہا جائے' تو تم غسل کر لو (یعنی نظر کے اثرات دور کرنے کے لیے ایسا کرو)''۔

6108 - حَدَّثَنَاهُ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خِرَاشٍ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا وهَيْبٌ، مِثْلَهُ

❁❁ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ كَرِهَ اسْتِعْمَالَ الرُّقَى عِنْدَ الْحَوَادِثِ تَحْدُثُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے تکلیف لاحق ہونے پر دم کرنا (یا دم کروانا) مکروہ ہے

6109 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى السَّخْتِيَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْبَدُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُهَا اَنْ تَسْتَرْقِيَ مِنَ الْعَيْنِ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں یہ ہدایت کرتے تھے کہ ہم نظر لگنے کا دم کر دیا کریں۔

6108- إسناده صحيح على شرط الصحيح، وهيب :هو ابن عجلان الباهلي، وابن طاوس :هو عبد الله. وأخرجه ابن أبي شيبة8/59، والترمذي "2062"في الطب :باب ما جاء في العين، من طريق أحمد بن إسحاق الحضرمي، بهذا الإسناد .قال الترمذي :حديث حسن صحيح غريب. وأخرجه عبد الرزاق "2188"في السلام :باب الطب والمرضى والرقى، عن أحمد بن الحسن بن خراش، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم "2188"، والطبراني "10905"، والبيهقي 9/351من طرق عن مسلم بن إبراهيم، به.

6109- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو مكرر."6103"

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اَخْذِ الرَّاقِي الْاُجْرَةَ عَلٰى رُقْيَتِهِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا

دم کرنے والے کے لیے اپنے ایسے دم کرنے کا معاوضہ لینے کے مباح ہونے کا تذکرہ جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

6110 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، قَالَ: اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ التَّمِيمِيِّ، عَنْ عَمِّهِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ مَرَّ بِقَوْمٍ عِنْدَهُمْ مَجْنُوْنٌ مُوْثَقٌ فِي الْحَدِيدِ، فَقَالَ لَهُ بَعْضُهُمْ: عِنْدَكَ شَيْءٌ تُدَاوِيْ هٰذَا بِهِ؟ فَاِنَّ صَاحِبَكُمْ قَدْ جَاءَ بِخَيْرٍ، قَالَ: فَقَرَاْتُ عَلَيْهِ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، كُلَّ يَوْمٍ مَرَّتَيْنِ، فَبَرَاَ، فَاَعْطَاهُ مِائَةَ شَاةٍ، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ لَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلْ، فَمَنْ اَكَلَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ، فَقَدْ اَكَلْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ

❀❀ خارجہ بن صلت تیمی اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: وہ کسی قوم کے پاس سے گزرے جن میں ایک پاگل شخص تھا جسے لوہے میں باندھا گیا تھا ان میں سے کسی نے کہا: کیا آپ کے پاس کوئی ایسی چیز ہے جس کے ذریعے آپ اس کا علاج کر سکیں کیونکہ آپ کے ساتھی بھلائی لے کر آئے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: تو میں نے تین دن تک اس پر سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کیا روزانہ میں دو مرتبہ اس کو دم کرتا تھا وہ ٹھیک ہو گیا تو اس شخص نے انہیں ایک سو بکریاں دیں وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اسے کھا لو کیونکہ جو شخص باطل دم کے ذریعے کھاتا ہے (وہ ممنوع ہے) تم تو حق کے دم کے ذریعے کھانے لگے ہو۔

6111 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ التَّمِيمِيِّ، عَنْ عَمِّهِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اَقْبَلَ رَاجِعًا مِنْ عِنْدِهِ، فَمَرَّ عَلٰى قَوْمٍ عِنْدَهُمْ رَجُلٌ

6110- إسناده حسن، خارجة بن الصلت ذكره المؤلف في "ثقات 4/211"، وروى عنه اثنان، وقال الإمام الذهبي في "الكاشف": "محله الصدق، وباقي رجاله رجال الشيخين غير صحابيه يزيد: هو ابن هارون. وأخرجه الحاكم 1/559 560 من طريق إبراهيم بن عبد الله السعدي، عن زيد بن هاروه، بهذا الإسناد، وصححه ووافقه الذهبي. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/53، والطبراني "509"/17، والحاكم، والمزي في "تهذيب الكمال 8/14" من طريق زكريا بن أبي زايدة، به. وأخرجه أحمد 5/211، وأبو داود "3420" في الإجارة: باب كسب الأطباء، "3897" و "3901" في الطب: باب كيف الرقي، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة 8/249"، وفي "عمل اليوم والليلة "1032"، وابن السني في "عمل اليوم والليلة "635"، والطحاوي 4/126 من طرق عن الشعبي، به.

6111- هو مكرر ما قبله يحيى: هو ابن سعيد الأنصاري، وزكريا: هو ابن أبي زائدة. وأخرجه أبو داود "3896" في الطب: باب كيف الرقي؟ عن مسدد بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/210 211 عن يحيى بن سعيد، به.

مُوثَقٌ بِالْحَدِيدِ، فَقَالَ اَهْلُهُ: اِنَّهُ قَدْ حُدِّثْنَا اَنَّ مَلِكَكُمْ هٰذَا قَدْ جَاءَ بِخَيْرٍ، فَهَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ تَرْقِيهِ؟ فَرَقَيْتُهُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ، فَبَرَاَ، فَاَعْطَوْنِي مِائَةَ شَاةٍ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: خُذْهَا، فَلَعَمْرِي لَمَنْ اَكَلَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ، فَقَدْ اَكَلْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذْهَا اَرَادَ بِهٖ جَوَازَ ذٰلِكَ الشَّيْءِ الْمَاْخُوذِ، مَعَ جَوَازِ اسْتِعْمَالِهٖ فِي الْمُسْتَقْبَلِ، لِاَنَّ الشَّاءَ اَخَذَهَا الرَّاقِي قَبْلَ اَنْ يَّاْتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ سَاَلَ بَعْدَ ذٰلِكَ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خُذْهَا اَرَادَ بِهٖ جَوَازَ فِعْلِ الْمَاضِي وَالْمُسْتَقْبَلِ مَعًا، وَعَمُّ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ عِلَاقَةُ بْنُ صُحَارٍ السَّلِيطِيُّ، وَسَلِيطٌ مِّنْ بَنِي تَمِيمٍ

❀❀ خارجہ بن صلت تیمی اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے جب وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت سے واپس جارہے تھے‘ تو ان کا گزر ایک قوم کے پاس سے ہوا جہاں ایک شخص لوہے میں بندھا ہوا تھا اس کے رشتے داروں نے یہ کہا ہمیں یہ بات پتہ چلی ہے کہ آپ کے آقا بھلائی لے کر آئے ہیں‘ تو کیا آپ کے پاس کوئی ایسی چیز ہے‘ جس کے ذریعے آپ اسے دم کردیں میں نے اس شخص کو سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کیا وہ ٹھیک ہوگیا ان لوگوں نے مجھے ایک سو بکریاں دیں میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ نے فرمایا: اسے حاصل کرلو میری زندگی کی قسم جو شخص باطل دم کے ذریعے کھاتا ہے (وہ غلط ہے) تم‘ تو حق کے دم کے ذریعے کھا رہے ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ”تم اسے حاصل کرلو“ اس کے ذریعے مراد یہ ہے‘ جو چیز حاصل کی گئی ہے اسے جائز قرار دیا جائے اور مستقبل میں بھی ایسا عمل کرنے کو جائز قرار دیا جائے کیونکہ دم کرنے والے صاحب نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہونے سے پہلے وہ بکریاں حاصل کرلی تھیں اس کے بعد اس بارے میں نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا تھا‘ تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا انہیں حاصل کرلو اس کے ذریعے مراد یہ ہے کہ ماضی میں جو فعل کیا گیا وہ بھی جائز ہے اور اگر آئندہ کیا جائے‘ تو وہ بھی جائز ہوگا۔

خارجہ بن صلت کے چچا کا نام حضرت علاقہ بن صحار سلیطی ہے اور سلیط بنوتمیم کی ایک شاخ ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَخْذَ الْاُجْرَةِ الْمُشْتَرَطَةِ فِي الْبِدَايَةِ عَلَى الرُّقٰى

آدمی کیلئے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ دم کرنے سے پہلے ہی معاوضے کی شرط طے کرسکتا ہے

6112 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ السَّخْتِيَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث):بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ، فَمَرَرْنَا عَلٰى اَهْلِ اَبْيَاتٍ، فَاسْتَضَفْنَاهُمْ، فَاَبَوْا اَنْ يُّضَيِّفُونَا، فَنَزَلُوا بِالْعَرَاءِ، فَلُدِغَ سَيِّدُهُمْ، فَاَتَوْنَا فَقَالُوا: هَلْ فِيكُمْ اَحَدٌ يَرْقِي؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، اَنَا اَرْقِي، قَالُوا: ارْقِ صَاحِبَنَا، قُلْتُ: لَا، قَدِ اسْتَضَفْنَاكُمْ فَاَبَيْتُمْ اَنْ تُضَيِّفُونَا، قَالُوا: فَاِنَّا نَجْعَلُ لَكُمْ جُعْلًا، قَالَ:

فَجَعَلُوا لِي ثَلَاثِينَ شَاةً، قَالَ: فَاَتَيْتُهُ، فَجَعَلْتُ اَمْسَحُهُ، وَاَقْرَاُ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ حَتّٰى بَرَاَ، فَاَخَذْنَا الشَّاءَ، فَقُلْنَا: نَاْخُذُهَا وَنَحْنُ لَا نُحْسِنُ نَرْقِي؟ فَمَا نَحْنُ بِالَّذِيْ نَاْكُلُهَا حَتّٰى نَسْاَلَ عَنْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْنَاهُ، فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ، قَالَ: فَجَعَلَ يَقُوْلُ: وَمَا يُدْرِيكَ اَنَّهَا رُقْيَةٌ؟ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا دَرَيْتُ اَنَّهَا رُقْيَةٌ، شَيْءٌ اَلْقَاهُ اللّٰهُ فِيْ نَفْسِي، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُوا، وَاضْرِبُوْا لِي مَعَكُمْ بِسَهْمٍ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک مہم پر روانہ کیا ہمارا گزر ایک بستی کے پاس سے ہوا ہم نے انہیں مہمان نوازی کے لیے کہا' تو انہوں نے ہماری مہمان نوازی کرنے سے انکار کر دیا ہم لوگوں نے آبادی سے باہر ایک جگہ پڑاؤ کیا ان لوگوں کے سردار کو کسی زہریلی چیز نے کاٹ لیا وہ لوگ ہمارے پاس آئے انہوں نے کہا: کیا آپ کے درمیان کوئی ایسا شخص ہے' جو دم کرتا ہو میں نے کہا: جی ہاں میں دم کرتا ہوں ان لوگوں نے کہا: ہمارے ساتھی کو دم کر دیجئے' میں نے کہا: جی نہیں ہم نے تمہیں مہمان نوازی کیلئے کہا تھا تم نے ہماری مہمان نوازی کرنے سے انکار کر دیا تھا ان لوگوں نے کہا: ہم آپ کو اس کا معاوضہ دیں گے۔ راوی کہتے ہیں:' تو انہوں نے ہمیں تیس (30) بکریاں دینے کا معاہدہ کیا میں اس شخص کے پاس آیا میں نے اس پر ہاتھ پھیرنا شروع کیا اور سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرنا شروع کیا' یہاں تک کہ وہ شخص ٹھیک ہو گیا' تو ہم نے بکریاں حاصل کر لیں ہم نے سوچا کہ ہم نے بکریاں' تو لے لی ہیں' لیکن ہمیں باقاعدہ طور پر دم کرنا نہیں آتا اس لیے ہم ان بکریوں کو اس وقت تک نہیں کھائیں گے' جب تک ان کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت نہیں کرتے پھر ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تمہیں کیسے پتہ چلا کہ سورہ فاتحہ کا دم بھی ہوتا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! مجھے نہیں پتہ تھا کہ اس کا دم بھی ہوتا ہے یہ' تو ایک چیز ہے' جو اللہ تعالیٰ نے میرے ذہن میں ڈال دی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے کھاؤ اور اپنے ساتھ میرا بھی حصہ رکھو۔

6112– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي نضرة، واسمه المنذري بن مالك بن قطعة، فمن رجال مسلم. جرير: هو ابن عبد الحميد. وأخرجه ابن السني في "عمل اليوم والليلة "641" "عن أحمد بن يحيى بن زهير، حدثنا يوسف بن موسى، حدثنا جرير وأبو معاوية الضرير، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/53 54، وأحمد 3/10، والترمذي "2063"في الطب: باب ما جاء في أخذ الأجرة على التعويذ، والنسائي في "الكبرى "كما في "التحفة3/452 "، وفي "عمل اليوم والليلة "1027" "و"1030"، وابن ماجة "2156"في التجارات: باب أجر الرقى، والدارقطني 3/63 64و 64من طرق عن الأعمش، به وقال الترمذي: حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد 3/2، ومسلم "65" "2201"في السلام: باب جواز أخذ الأجرة على الرقية بالقران والأذكار، والنسائي في "اليوم والليلة"1029" "، ابن ماجة "2156"، والطحاوي، 4/126 127 من طريق هشيم. وأخرجه البخاري "2276"في الإجازة: باب ما يعطى في الرقية على أحياء العرب بفاتحة الكتاب، و "5749"في الطب: باب النفث في الرقية، وأبو داود "3418"في الإجازة: باب كسب الأطباء، و "3900"في الطب باب كيف الرقى، والبيهقي 6/124من طريق أبي عوانة. وأخرجه أحمد 3/44، والبخاري "5736"في الطب: باب الرقى بفاتحة الكتاب، الترمذي "2064"، والنسائي "1028"، والدارقطني 3/63من طريق شعبة، ثلاثتهم "هشيم وأبو عوانة وشعبة "عن أبي بشر جعفر بن إياس، عن أبي المتوكل الناجي، عن أبي سعيد أن ناسا من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم مروا بحي من العرب فلم يقروهم....فذكره بنحوه.

6113 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِينَ، عَنْ اَخِيهِ، مَعْبَدِ بْنِ سِيْرِينَ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): نَزَلْنَا مَنْزِلًا، فَاَتَتْنَا امْرَاَةٌ، فَقَالَتْ: اِنَّ سَيِّدَ الْحَيِّ سَلِيْمٌ لُدِغَ، فَهَلْ فِيكُمْ مِنْ رَاقٍ؟ قَالَ: فَقَامَ مَعَهَا رَجُلٌ مِنَّا، كُنَّا نَظُنُّهُ يُحْسِنُ رُقْيَةً، فَرَقَى بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ فَبَرَاَ، فَاَعْطَوْهُ غَنَمًا، وَسَقَوْهُ لَبَنًا، قَالَ: فَقُلْتُ: لَا تُحَرِّكُوهُ حَتّٰى نَاْتِيَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: مَا كَانَ يُدْرِيهِ اَنَّهَا رُقْيَةٌ؟ اقْسِمُوا وَاضْرِبُوْا لِي بِسَهْمٍ مَعَكُمْ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے ایک جگہ پڑاؤ کیا ایک عورت ہمارے پاس آئی اور بولی اس قبیلے کے سردار کو کسی زہریلی چیز نے کاٹ لیا ہے کیا تمہارے درمیان کوئی دم کرنے والا ہے۔ راوی کہتے ہیں: تو ہم میں سے ایک شخص اٹھ کر اس کے ساتھ چلا گیا ہم اس کے بارے میں یہ گمان کرتے تھے کہ یہ اچھا دم کر لیتا ہے اس نے سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کیا' تو وہ شخص ٹھیک ہو گیا ان لوگوں نے ہمیں بکریاں دیں اور ہمیں دودھ بھی پلایا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے کہا: تم لوگ انہیں حرکت نہ دو' جب تک ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہیں ہو جاتے پھر ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا اسے کیسے پتہ چلا کہ اس سورت کا دم بھی ہوتا ہے تم لوگ ان کو تقسیم کر لو اور اپنے ساتھ میرا بھی حصہ رکھو۔

6113- إسناده صحيح على شرط الشيخين وأخرجه مسلم "2201" في السلام :باب جواز أخذ الأجرة على الرقية بالقرآن والأذكار، وأبو داود "3419" في الطب :باب كيف الرقى، من طريقين عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري "5007" في فضائل القرآن :باب فاتحة الكتاب، ومسلم "66" "2201" عن محمد بن المثنى، عن وهب بن جرير، عن هشام بن حسان، به.

كِتَابُ الْعَدْوٰى وَالطِّيَرَةِ وَالْفَالِ

کتاب! عدوی، طیرہ اور فال کے بارے میں روایات

6114 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ عَتِيقٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا عَدْوَى، وَلَا طِيَرَةَ، وَيُعْجِبُنِي الْفَالُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''عدوی اور طیرہ کوئی حقیقت نہیں ہے' البتہ مجھے فال پسند ہے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِقَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوَى اَوْ نَاسِخٌ لَهُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان: ''عدوی کی کوئی حیثیت نہیں ہے'' کی متضاد ہے یا اس کی ناسخ ہے

6115 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا عَدْوَى ، وَحَدَّثَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُوْرِدُ مُمْرِضٌ عَلٰى مُصِحٍّ ، قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: فَكَانَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ بِهِمَا كِلَيْهِمَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ صَمَتَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ قَوْلِهِ: لَا عَدْوَى ، وَاَقَامَ عَلٰى اَنْ: لَا يُوْرِدُ مُمْرِضٌ عَلٰى مُصِحٍّ فَقَالَ الْحَارِثُ بْنُ اَبِيْ ذِئَابٍ وَّهُوَ ابْنُ عَمِّ اَبِيْ هُرَيْرَةَ: كُنْتُ اَسْمَعُكَ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ تُحَدِّثُنَا مَعَ هٰذَا الْحَدِيْثِ حَدِيْثًا اٰخَرَ قَدْ سَكَتَّ عَنْهُ، كُنْتَ تَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا

6114- إسناده صحيح إبراهيم بن الحجاج السامي :روى له النسائي، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم "2223" "113" في السلام :باب الطيرة والفال وما يكون فيه من الشؤم، من طريق معلى بن أسد، عن عبد العزيز بن المختار، بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "5826" و "6121" و "6124" و. "6125"

عَدْوٰى فَاَبٰى اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَنْ يَّعْرِفَ ذٰلِكَ، وَقَالَ: لَا يُورِدُ مُمْرِضٌ عَلٰى مُصِحٍّ قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: وَلَعَمْرِى لَقَدْ كَانَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا عَدْوٰى ، وَلَا اَدْرِى اَنَسِىَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، اَوْ نَسَخَ اَحَدُ الْقَوْلَيْنِ الْاٰخَرَ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَيْسَ بَيْنَ الْخَبَرَيْنِ تَضَادٌّ، وَلَا اَحَدُهُمَا نَاسِخٌ لِلْاٰخَرِ، وَلٰكِنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا عَدْوٰى سُنَّةٌ تُسْتَعْمَلُ عَلَى الْعُمُوْمِ، وَقَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُوْرِدُ مُمْرِضٌ عَلٰى مُصِحٍّ اَرَادَ بِهٖ اَنْ لَا يُوْرِدَ الْمُمْرِضُ عَلَى الْمُصِحِّ، وَيُرَادُ بِهِ الْاِعْتِقَادُ فِىْ اسْتِعْمَالِ الْعَدْوٰى اَنْ تَضُرَّ بِاَخِيهِ فِى الْقَصْدِ، وَاِنْ لَمْ تَضُرَّ الْعَدْوٰى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ‘ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

”عدوی کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔“

انہوں نے یہ بات بھی بیان کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:”بیمار شخص تندرست کے پاس نہ آئے۔“

ابوسلمہ کہتے ہیں: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ ہمیں یہ دونوں روایات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے تھے اس کے بعد حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ یہ بیان کرنے سے رک گئے کہ بیماری کے متعدی ہونے کی کوئی حیثیت نہیں ہے‘ البتہ وہ یہ چیز بیان کرتے رہے کہ کسی بیمار کو کسی تندرست کے پاس نہ لایا جائے۔

قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيْنَ كَانَ رَبُّنَا قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ؟ قَالَ: فِيْ عَمَاءٍ، مَا فَوْقَهُ هَوَاءٌ وَّمَا تَحْتَهُ هَوَاءٌ .

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: وَهِمَ فِيْ هٰذِهِ اللَّفْظَةِ حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ مِنْ حَيْثُ فِيْ غَمَامٍ اِنَّمَا هُوَ فِيْ عَمَاءٍ، يُرِيْدُ بِهٖ اَنَّ الْخَلْقَ لَا يَعْرِفُوْنَ خَالِقَهُمْ مِنْ حَيْثُ هُمْ، اِذْ كَانَ وَلَا زَمَانَ وَلَا مَكَانَ، وَمَنْ لَمْ يُعْرَفْ لَهُ زَمَانٌ، وَلَا مَكَانٌ وَّلَا شَيْءٌ مَعَهُ، لِاَنَّهُ خَالِقُهَا، كَانَ مَعْرِفَةُ الْخَلْقِ اِيَّاهُ كَاَنَّهُ كَانَ فِيْ عَمَاءٍ عَنْ عِلْمِ الْخَلْقِ، لَا اَنَّ اللّٰهَ كَانَ فِيْ عَمَاءٍ اِذْ هٰذَا الْوَصْفُ شَبِيْهٌ بِاَوْصَافِ الْمَخْلُوْقِيْنَ

✿✿ حضرت ابورزین عقیلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! کیا ہم قیامت کے دن اپنے پروردگار کا دیدار کریں گے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا جب بادل نہ ہو تو تم چودھویں رات کے چاند کو یا سورج کو دیکھ سکتے ہو۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو اللہ تعالیٰ اس سے زیادہ عظیم ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہمارا پروردگار آسمان وزمین کو تخلیق کرنے سے پہلے کہاں تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ مقام عماء میں تھا (یعنی اس کا ادراک حاصل نہیں کیا جاسکتا) اس کے اوپر اور اس کے نیچے خلا تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان الفاظ کو نقل کرنے میں حماد بن سلمہ نامی کو وہم ہوا انہوں نے لفظ غمام نقل کردیا ہے' حالانکہ لفظ عماء ہے اور اس کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ مخلوق میں یہ صلاحیت نہیں ہے کہ اپنے خالق کا حقیقی فہم حاصل کرسکے کیونکہ ان کا پروردگار اس وقت بھی موجود تھا' جب زمانہ اور مکان موجود نہیں تھے اور نہ ہی زمانے یا مکان یا کسی اور چیز کے ساتھ شناخت حاصل ہوسکتی ہے کیونکہ وہ' تو ان سب چیزوں کا پروردگار ہے' تو اس کی ذات کے بارے میں مخلوق کی معرفت یوں ہوگی جیسے اس کی ذات مخلوق کے علم کے حوالے سے پردہ عماء میں ہے اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ عماء کی کیفیت میں تھا کیونکہ یہ وہ صفت ہے' جو مخلوق کے اوصاف سے مشابہت رکھتی ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا كَانَ عَلَيْهِ الْعَرْشُ قَبْلَ خَلْقِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ کے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے سے پہلے عرش کس چیز پر تھا

6142 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى الْعَبْسِيُّ، عَنْ شَيْبَانَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ:

(متن حدیث): إِنِّي لَجَالِسٌ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ جَاءَهُ قَوْمٌ مِّنْ بَنِي تَمِيمٍ، فَقَالَ: اقْبَلُوا الْبُشْرَى يَا بَنِي تَمِيمٍ، قَالُوا: قَدْ بَشَّرْتَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَأَعْطِنَا، فَدَخَلَ عَلَيْهِ نَاسٌ مِّنْ أَهْلِ الْيَمَنِ، فَقَالَ: اقْبَلُوا الْبُشْرَى يَا أَهْلَ الْيَمَنِ، إِذْ لَمْ يَقْبَلْهَا بَنُو تَمِيمٍ، قَالُوا: قَدْ قَبِلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، جِئْنَا لِنَتَفَقَّهَ فِي الدِّينِ وَنَسْأَلَكَ عَنْ أَوَّلِ هٰذَا الْأَمْرِ، مَا كَانَ؟ فَقَالَ: كَانَ اللّٰهُ، وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ قَبْلَهُ، وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ، ثُمَّ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ، وَكَتَبَ فِي الذِّكْرِ كُلَّ شَيْءٍ.

قَالَ: ثُمَّ أَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا عِمْرَانُ بْنَ حُصَيْنٍ رَاحِلَتَكَ أَدْرِكْهَا، فَقَدْ ذَهَبَتْ، فَانْطَلَقْتُ أَطْلُبُهَا، فَإِذَا السَّرَابُ يَنْقَطِعُ دُوْنَهَا، وَايْمُ اللّٰهِ لَوَدِدْتُ أَنَّهَا ذَهَبَتْ وَلَمْ أَقُمْ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا اسی دوران بنوتمیم سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بنوتمیم! تم لوگ خوشخبری قبول کرو۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں پہلے بھی خوش خبری دے چکے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں (مال و دولت) عطا کیجئے پھر یمن سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اہل یمن تم لوگ خوش خبری حاصل کرلو کیونکہ بنوتمیم نے اسے حاصل نہیں کیا۔ ان لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہم اسے قبول کرتے ہیں ہم اس لیے حاضر خدمت ہوئے ہیں تاکہ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کریں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس معاملے کے آغاز کے بارے میں دریافت کریں کہ یہ کیسے تھا (یعنی کائنات کا آغاز کیسے ہوا)' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پہلے اللہ تعالیٰ تھا اس سے پہلے کوئی چیز نہیں تھی عرش پانی پر تھا' پھر اس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور اس نے ذکر (یعنی لوح محفوظ) میں ہر چیز تحریر کردی۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: اے عمران اپنی سواری کو پکڑیں کیونکہ وہ چلی گئی ہے' تو میں اس کی تلاش میں نکل کھڑا ہوا سراب اس سے پہلے ہی منقطع ہو جاتا تھا۔ اللہ کی قسم! میری یہ خواہش ہے کہ وہ چلی گئی ہوتی لیکن میں وہاں سے نہ اٹھتا۔

6142- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عثمان العجلي، فمن رجال البخاري .شيبان :هو ابن عبد الرحمن التميمي . وأخرجه أحمد 4/431، والبخاري 3191)) في بدء الخلق :باب ما جاء في قول الله تعالى :(وَهُوَ الَّذِي يَبْدَأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ) ، و7418)) في التوحيد :باب (وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ) ، (وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ) ، والطبري في "تاريخه 1/38 "، والدارمي في "الرد على الجهمية "ص 14، والطبراني 499) /18) و 500)) ، والبيهقي في "الأسماء والصفات "ص231، وفي "السنن 9/2"و 3-2من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد . وأخرجه مختصرا أحمد 4/426و 433و 436، وابن أبي شيبة 12/203، والبخاري 4365)) في المغازي :باب وفد تميم، و 4386)) : باب قدوم الأشعريين، وأهل اليمن، والترمذي 3951)) في المناقب :باب في ثقيف وبني حنيفة، والدارمي ص 14، والطبراني 96) /18) من طرق عن سفيان الثوري، عن جامع بن شداد، به. وأخرجه كذلك النسائي في "الكبرى "كما في "التحفة 8/183 "، والطبري في "جامع البيان 17982) ") ، وفي "التاريخ 1/38 "، وابن خزيمة في "التوحيد "ص 376من طرق عن المسعودي، عن جامع بن شداد، به . وانظر 6140)) و 7292)).

6143 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ كَتَبَ فِيْ كِتَابِهٖ يَكْتُبُهُ عَلٰى نَفْسِهٖ، وَهُوَ مَرْفُوْعٌ فَوْقَ الْعَرْشِ: اِنَّ رَحْمَتِيْ تَغْلِبُ غَضَبِيْ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَهُوَ مَرْفُوْعٌ فَوْقَ الْعَرْشِ مِنَ الْاَلْفَاظِ الْاَضْدَادِ الَّتِيْ تَسْتَعْمِلُ الْعَرَبُ فِيْ لُغَتِهَا.

يُرِيْدُ بِهٖ تَحْتَ الْعَرْشِ لَا فَوْقَهٗ، كَقَوْلِهٖ جَلَّ وَعَلَا: (وَكَانَ وَرَاءَهُمْ مَلِكٌ) (الكهف: **79**) يُرِيْدُ بِهٖ: اَمَامَهُمْ، اِذْ لَوْ كَانَ وَرَاءَهُمْ لَكَانُوْا قَدْ جَاوَزُوْهُ، وَنَظِيْرُ هٰذَا قَوْلُهٗ جَلَّ وَعَلَا: (اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِيْ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا) (البقرة: **26**) اَرَادَ بِهٖ: فَمَا دُوْنَهَا

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا' تو اس نے اپنی کتاب میں تحریر کیا جو چیز اس نے اپنی ذات پر لازم کی ہے اور وہ تحریر عرش کے اوپر رکھی ہوئی ہے (اس میں یہ تحریر ہے)

''بے شک میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''وہ عرش کے اوپر رکھی ہوئی ہے'' یہ ان الفاظ سے تعلق رکھتی ہے' جو عرب اپنے محاورے میں استعمال کرتے ہیں' حالانکہ اس سے مراد عرش کے نیچے ہے عرش کے اوپر مراد نہیں ہے' جس طرح اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے۔

''ان کے پیچھے ایک بادشاہ ہے'' اس سے مراد یہ ہے ان کے آگے ایک بادشاہ ہے اگر وہ پیچھے ہوتا' تو وہ لوگ وہاں سے گزر آئے تھے۔

6143- إسناده صحيح على شرط الشيخين .أحمد بن يونس :هو أحمد بن عبد الله بن يونس التميمي اليربوعي، وذكوان: هو السمان عن الأعمش، به . وأخرجه أحمد 2/466، والطبرى فى "جامع البيان13096) ") من طريقين عن سفيان الثورى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد2/397، والبخارى7404)) فى التوحيد :باب قول الله :(وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهُ) من طريقين عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد 2/242و260-259، والبخارى3194)) فى بدء الخلق :باب ما جاء فى قوله تعالى :(وَهُوَ الَّذِى يَبْدأُ الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيدُهُ) و7422)) ، فى التوحيد :باب (وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ) و7453)) باب قول الله تعالى :(وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ) ، ومسلم2751)) فى التوبة :باب فى سعة رحمة الله تعالى وأنها سبقت غضبه، والبيهقى فى "الأسماء والصفات "ص 396-395و 416من طرق عَنْ أَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِى هريرة . وأخرجه أحمد2/313، والبغوى فى "شرح السنة " 4177)) ، وفى "معالم التنزيل2 "؟ 87من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن همام، عن أبى هريرة، وهو فى "صحيفة همام "برقم 14)) ، وانظر ما بعده.

اس کی مثال اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ہے:

''بے شک اللہ تعالیٰ اس بات سے حیا نہیں کرتا کہ وہ مچھر کی مثال بیان کرے یا جو اس سے اوپر ہے (اس کی مثال بیان کرے)''

اس سے مراد یہ ہے کہ جو چیز مچھر سے بھی نیچے ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ اَرَادَ بِهِ: لَمَّا قَضَى خَلْقَهُمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا'' اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے ان کو پیدا کرنے کا فیصلہ کیا

6144 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا قَضَى اللّٰهُ الْخَلْقَ كَتَبَ فِي كِتَابٍ عِنْدَهُ: غَلَبَتْ، اَوْ قَالَ: سَبَقَتْ رَحْمَتِي غَضَبِي.

قَالَ: فَهِيَ عِنْدَهُ فَوْقَ الْعَرْشِ.

اَوْ كَمَا قَالَ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق (کو پیدا کرنے) کا فیصلہ کیا' تو اس نے اپنے پاس موجود کتاب میں یہ تحریر کیا کہ میری رحمت میرے غضب پر غالب آ گئی ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) میری رحمت میرے غضب سے سبقت لے گئی ہے۔''

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں' تو یہ تحریر اللہ تعالیٰ کے پاس عرش کے اوپر ہے۔

(راوی کہتے ہیں:) یا شاید جیسے بھی آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كِتْبَةَ اللّٰهِ الْكِتَابَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ كَتَبَهُ بِيَدِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے جو کتاب نوٹ کی ہے

6144– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير أحمد بن المقدام، فمن رجال البخاري .أبو رافع: هو نفيع الصائغ . وأخرجه أحمد 2/381، والبخاري 7554)) في التوحيد :باب قول الله :(بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَجِيدٌ فِي لَوْحٍ مَحْفُوظٍ) .وعلقه البخاري7553)) ، قال :وقال لي خليفة بن الخياط :حدثنا معتمر بن سليمان، فذكره .وانظر ما بعده.

جس کا ہم نے ذکر کیا ہے وہ اس نے اپنے دستِ قدرت کے ذریعے تحریر کی ہے

6145 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ بِمِصْرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: اَنْبَانَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: حِينَ خَلَقَ اللّٰهُ الْخَلْقَ كَتَبَ بِيَدِهِ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ: اَنَّ رَحْمَتِي غَلَبَتْ غَضَبِي

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کر دیا تو اس نے اپنے دستِ رحمت کے ذریعے اپنی ذات پر رحمت کو لازم قرار دیا (اور یہ تحریر کیا)

"بے شک میری رحمت میرے غضب پر غالب آ گئی۔"

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ خَلْقِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَدَدَ الرَّحْمَةِ الَّتِي يَرْحَمُ بِهَا عِبَادَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے رحمت کی کتنی تعداد پیدا کی ہے

جس کے ذریعے قیامت کے دن وہ اپنے بندوں پر رحم کرے گا

6146 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدَ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ يَوْمَ خَلَقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ مِائَةَ رَحْمَةٍ طِبَاقَ مَا بَيْنَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ، فَجَعَلَ فِي الْاَرْضِ مِنْهَا رَحْمَةً فَبِهَا تَعْطِفُ الْوَالِدَةُ عَلٰى وَلَدِهَا، وَالْوَحْشُ بَعْضُهَا بَعْضًا، وَاَخَّرَ تِسْعًا وَتِسْعِينَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ اَكْمَلَهَا بِهٰذِهِ الرَّحْمَةِ مِائَةً

6145- إسناده حسن .ابن عجلان -وهو محمد -حسن الحديث. وأخرجه الترمذى (3543) فى الدعوات :باب خلق الله مئة رحمة، حدثنا قتيبة، حدثنا الليث بهذا الإسناد، وقال :هذا حديث حسن صحيح غريب. وأخرجه ابن ماجه (4295) فى الزهد: باب ما يرجى من رحمة الله يوم القيامة، من طريق أبى خالد الأحمر، وأحمد 2/432 عن يحيى، كلاهما عن ابن عجلان، به.

6146- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير داود بن أبى هند، فمن رجال مسلم .أبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير. وأخرجه مسلم (2753) (21) فى التوبة :باب سعة رحمة الله وأنها سبقت غضبة، والحسين المروزى فى زيادات "الزهد "لابن المبارك (1038) ، والطبرانى فى "الكبير" (6144) من طرق عن أبى معاوية، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 5/439، ومسلم (2753) ، والطبرانى (6126) من طرق عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، به . وأخرجه المروزى فى زيادات "الزهد" (1037) ، والطبرى فى "جامع البيان" (13098) من طرق عن داود بن أبى هند، عن أبى عثمان، عن سلمان موقوفا . وأخرجه المروزى فى "زيادات الزهد" (1020) و(1036) من طريقين عن سليمان التيمى، عن أبى عثمان النهدى، عن سلمان موقوفا أيضا.

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے جس دن آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اس دن اس نے ایک سو رحمتیں پیدا کیں جو آسمانوں اور زمین کے درمیان ایک دوسرے کے اوپر نیچے ہیں' تو ان میں سے ایک رحمت اس نے زمین میں رکھی ہے اس رحمت کی وجہ سے ماں اپنی اولاد پر مہربانی کرتی ہے اور وحشی جانور ایک دوسرے کا خیال رکھتے ہیں جب کہ **99** رحمتیں اس نے قیامت کے دن تک کے لیے مخصوص کی ہیں جب قیامت کا دن آئے گا' تو وہ اس رحمت کے ذریعے ایک سو کو مکمل کرے گا''

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِىْ مِنْ اَجْلِهٖ يُكْمِلُ اللّٰهُ هٰذِهِ الرَّحْمَةَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اس سبب کا تذکرہ' جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن رحمت کو مکمل کرے گا

6147 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَدِّى الْحَسَنُ بْنُ عِيْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِىْ سُلَيْمَانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ لِلّٰهِ مِائَةَ رَحْمَةٍ اَنْزَلَ مِنْهَا رَحْمَةً وَاحِدَةً بَيْنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالْبَهَائِمِ، فَبِهَا يَتَعَاطَفُوْنَ، وَبِهَا يَتَرَاحَمُوْنَ، وَبِهَا تَعْطِفُ الْوُحُوْشُ عَلٰى اَوْلَادِهَا، وَاَخَّرَ تِسْعًا وَتِسْعِيْنَ رَحْمَةً، يَرْحَمُ بِهَا عِبَادَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ کی ایک سو رحمتیں ہیں جن میں سے ایک رحمت اس نے جنوں، انسانوں اور جانوروں کے درمیان نازل کی ہے اس رحمت کی وجہ سے وہ ایک دوسرے سے مہربانی کا برتاؤ کرتے ہیں اور اسی کی وجہ سے وہ ایک دوسرے پر رحم کرتے ہیں اسی کی وجہ سے وحشی جانور اپنی اولاد پر مہربان ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ نے **99** رحمتیں مؤخر کی ہیں جن کے ذریعے وہ قیامت کے دن اپنے بندوں پر رحم کرے گا''

6147- إسناده صحيح على شرط مسلم .الحسن بن عيسى :هو ابن ماسرجس مولى عبد الله بن المبارك، وهو أخو حسين بن عيسى بن ماسرجس، أسلم الحسن على يد عبد الله بن المبارك، ولم يُسلم الحسين، وسماه محمد بن أحمد -شيخ ابن حبان -جده مجازاً .وعطاء :هو ابن أبي رباح . وأخرجه البغوي في "شرح السنة4179) ") ، وفي "معالم التنزيل 2/87 "من طريق عبد الرحمن المروزي، عن ابن المبارك، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد2/434، ومسلم2752)) في التوبة :باب سعة رحمة الله وأنها سبقت غضبه، وابن ماجه 4293)) في الزهد :باب ما يرجى من رحمة الله يوم القيامة، من طرق عن عبد الملك بن أبي سليمان . به .وانظر ما بعده.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ بَعْضِ تَعَطُّفِ الْوَحْشِ عَلٰى اَوْلَادِهَا لِلْجُزْءِ الْوَاحِدِ مِنْ اَجْزَاءِ الرَّحْمَةِ الَّتِىْ ذَكَرْنَاهَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ جو اس چیز کی صفت کے بارے میں ہے کہ

وحشی جانور بھی اپنی اولاد پر مہربانی اس ایک جزء کی وجہ سے کرتے ہیں جو رحمت کے اجزاء سے تعلق رکھتا ہے جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

6148 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ ابْنَ الْمُسَيَّبِ اَخْبَرَهُ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): جَعَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الرَّحْمَةَ مِائَةَ جُزْءٍ، فَاَمْسَكَ عِنْدَهُ تِسْعَةً وَتِسْعِيْنَ، وَاَنْزَلَ فِى الْاَرْضِ جُزْءًا وَاحِدًا، فَمِنْ ذٰلِكَ الْجُزْءِ يَتَرَاحَمُ الْخَلَائِقُ حَتّٰى تَرْفَعَ الدَّابَّةُ حَافِرَهَا عَنْ وَلَدِهَا خَشْيَةَ اَنْ تُصِيْبَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اللہ تعالیٰ نے رحمت کے ایک سو جزء کیے ہیں جن میں سے **99** جزء اس نے اپنے پاس رکھ لیے ہیں ان میں سے ایک جزء زمین پر نازل کیا ہے اس ایک جزء کی وجہ سے مخلوق ایک دوسرے پر رحم کرتی ہے یہاں تک کہ کوئی جانور اپنا پاؤں اپنے بچے پر نہیں دیتا کہ کہیں اسے نقصان نہ پہنچا دے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ كُلَّ شَىْءٍ بِمَشِيْئَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَقُدْرَتِهٖ سَوَاءٌ كَانَ مَحْبُوْبًا اَوْ مَكْرُوْهًا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ ہر چیز اللہ تعالیٰ کی مشیت کے تابع ہے

اور اس کی قدرت کے ماتحت ہے خواہ وہ پسندیدہ ہو یا ناپسندیدہ ہو

6149 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَاوُسٍ الْيَمَانِيِّ، قَالَ:

6148- إسناده صحيح على شرط مسلم. يونس: هو ابن يزيد الأيلي. وأخرجه مسلم (2752) في التوبة: باب سعة رحمة الله تعالى وأنها سبقت غضبه، عن حرملة بن يحيى بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 2/321، والبخاري في "صحيحه" (6000) في الأدب: باب جعل الله الرحمة في مئة جزء، وفي "الأدب المفرد" (100)، وحسين المروزي في "زيادات الزهد" لابن المبارك (1039)، والطبراني في "الأوسط" (995)، والبيهقي في "الآداب" (35) من طرق عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 2/334، والبخاري (6469) في الرقائق: باب الرجاء مع الخوف، ومسلم (2752) (18)، والترمذي (3541) في الدعوات: باب رقم (100)، والبغوي (4180) من طرق عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هريرة، بنحوه.

(متن حدیث): اَدْرَكْتُ نَاسًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُوْنَ: كُلُّ شَيْءٍ بِقَدَرٍ، فَسَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ شَيْءٍ بِقَدَرٍ حَتَّى الْعَجْزُ وَالْكَيْسُ اَوِ الْكَيْسُ وَالْعَجْزُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ہر چیز تقدیر کے مطابق ہے' یہاں تک کہ عاجز ہو جانا اور سمجھداری بھی (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں)' یہاں تک کہ سمجھداری اور عاجز ہو جانا''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْاَشْيَاءِ الَّتِي قَضَى اللّٰهُ اَسْبَابَهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّزِيْدَ عَلَيْهَا اَوْ يَنْقُصَ مِنْهَا شَيْئًا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو ان اشیاء کے بارے میں ہے جن کے اسباب کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فیصلہ کر دیا ہے اب اس میں کوئی اضافہ یا کمی نہیں ہوگی

6150 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَزِيْرُ بْنُ صُبَيْحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مَيْسَرَةَ بْنِ حَلْبَسٍ، عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

6149- إسناده على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عمرو بن مسلم - وهو الجندي اليماني -فمن رجال مسلم، وهو مختلف فيه، ضعفه أحمد، وقال النسائي :ليس بالقوي، وذكره المؤلف في "الثقات 7/217 "، وقال ابن عدي :ليس له حديث منكر جداً، واختلف قول ابن معين فيه، فقال في رواية ابن الجنيد :لا بأس به، وقال في رواية الدوري :ليس بالقوي. والحديث في "الموطأ 2/899 "في القدر :باب النهي عن القول في القدر، وأخرجه أحمد 2/110، وابنه عبد الله في "السنة " 748)) و749)) ، والبخاري في "خلق أفعال العباد "ص 25، ومسلم2655)) في القدر :باب كل شيء بقدر، والبغوي 73)) من طريق مالك بهذا الإسناد.

6150- حديث صحيح .هشام بن عمار حسنُ الحديث، والوزير بن صبيح، روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات "، وقال :ربما أخطأ، وقال أبو حاتم :صالح الحديث، وقد توبعا، ومن فوقهما ثقات. وأخرجه أحمد 5/197، وابن أبي عاصم في "السنة303) ") و304)) و305)) و306)) و308)) ، والقضاعي في "مسند الشهاب602) ") من طرق عن خالد بن صبيح وهو خالد بن يزيد بن صالح بن صبيح) عن يونس بن ميسرة بن حلبس، بهذا الإسناد. وأخرجه البزار 2152)) حدثنا عبدُ الله بن أحمد، حدثنا صفوان بن صالح، حدثنا العوام بن صبيح، حدثنا يونس بن ميسرة بن حلبس، به .وقال البزار :روى عن أبي الدرداء من غير وجه، وهذا أحسنها. وأخرجه أحمد 5/197، وابن أبي عاصم 307)) من طريق زيد بن يحيى الدمشقي، حدثنا خالد بن صبيح المري قاضي البلقاء، حدثنا إسماعيلُ بن عبيد الله، أنه سمع أم الدرداء تحدث عن أبي الدرداء قال ... :فذكره. وذكره الهيثمي في "المجمع7/195 "، وقال :رواه أحمد، والبزار، والطبراني في "الكبير "و "الأوسط "، وأحد إسنادي أحمد رجاله ثقات.

(متن حدیث): فَرَّغَ اللّٰهُ اِلٰى كُلِّ عَبْدٍ مِنْ خَمْسٍ: مِنْ رِزْقِهٖ وَاَجَلِهٖ وَعَمَلِهٖ وَاَثَرِهٖ وَمَضْجَعِهٖ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ ہر بندے کے لیے پانچ چیزیں طے کر چکا ہے اس کا رزق، اس کی موت، اس کا عمل، اس کا نشان اور اس کا ٹھکانہ (یعنی قبر)''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ جَعَلَ لِقَضَايَاهُ اَسْبَابًا تَجْرِى لَهَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فیصلوں کے لیے اسباب مقرر کیے ہیں یہ اس کے مطابق ہی جاری ہوتے ہیں

6151 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ، عَنْ اَبِى الْمَلِيْحِ بْنِ اُسَامَةَ، عَنْ اَبِىْ عَزَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ قَبْضَ عَبْدٍ بِاَرْضٍ جَعَلَ لَهٗ فِيْهَا حَاجَةً

حضرت ابوعزہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب اللہ تعالیٰ کسی سرزمین پر کسی بندے کی روح قبض کرنے کا ارادہ کرتا ہے' تو اس بندے کے لیے اس علاقے میں کوئی کام پیدا کر دیتا ہے''۔

6151- إسناده صحيح. مُسَدَّد بن مُسَرهَد من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير صحابيه، واسمه يسار بن عبد، فقد أخرج حديثه البخاري في "الأدب المفرد"، وأبو داود في "القدر"، والترمذي. إسماعيل بن إبراهيم: هو ابن عُلية، وأيوب: هو السختياني. وأخرجه أحمد3/429، ومن طريقه الحاكم 1/42عن إسماعيل بن عُلية، بهذا الإسناد. وقال الحاكم: هذا حديث صحيح، ورواته عن آخرهم ثقات . وأخرجه الترمذي2148)) في القدر: باب ما جاء أن النفس تموت حيث ما كتب لها، ومن طريقه ابنُ الأثير في "أسد الغابة 6/213 "من طريقين عن إسماعيل بن عُلية به، وقال الترمذي: هذا حديث صحيح. وذكره البخاري في "تاريخه 8/419 "عن علي ابن المديني، أخبرنا إسماعيل بن عُلية، به . وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد1282) ") ، وأبو يعلى927)) ، والحاكم1/42، والقضاعي في "مسند الشهاب1392) ") من طريقين عن أيوب، به. وأخرجه الطبراني في "الكبير706) /22 ") من طريقين عن حجاج بن منهال، عن حماد بن سلمة، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي قِلابة، عَنْ أَبِي المليح، به. وأخرجه الطبراني707) /22) و708)) ، والقضاعي1393)) و1394)) من طريقين عن أيوب، عن أبي المليح، عن رجل من قومه وكانت له صحبة، قالَ: سمعتُ رَسُولَ اللّٰهِ -صَلّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم- يقول ... :فذكره. وأخرجه ابن أبي حاتم كما في "تفسير ابن كثير6/358 "، وابن عدي في "الكامل4/1634 "، وأبو نعيم في "الحلية 8/374 "من طريقين عن عبيد الله بن أبي حميد، عن أبي المليح، به .وهذا سند حسن في المتابعات، فإن عبيد الله بن أبي حميد ضعيف.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ اسْتِقْرَارِ الشَّمْسِ فِي كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ لَيَالِي الدُّنْيَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ دنیا کی راتوں کے اعتبار سے ہر رات میں سورج اپنی گزرگاہ پر چلتا ہے

6152 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا: (وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا) (يس: 38) ، قَالَ: مُسْتَقَرُّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا۔

''سورج اپنی مخصوص گزرگاہ پر چلتا ہے۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی گزرگاہ عرش کے نیچے ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ اسْتِقْرَارِ الشَّمْسِ تَحْتَ الْعَرْشِ كُلَّ لَيْلَةٍ

ہر رات میں عرش کے نیچے سورج کی گزرگاہ کی صفت کا تذکرہ

6153 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

6152– إسناده صحيح على شرط الشيخين. إبراهيم التيمي: هو إبراهيم بن يزيد بن شريك. وأخرجه أحمد 5/158 عن وكيع بن الجراح، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 4803)) في تفسير سورة يس، و 7433)) في التوحيد: باب قول الله تعالى: (تَعْرُجُ الْمَلَائِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ) ، ومسلم 159))251)) في الإيمان: باب بيان الزمن الذي لا يقبل فيه الإيمان، والبيهقي في " الأسماء والصفات "ص 393، والبغوي 4293)) من طرق عن وكيع، به. وأخرجه الطحاوي في "شرح مشكل الآثار 281) " من طريق أبي معاوية، عن الأعمش، به.

6153– إسناده صحيح على شرط الشيخين. إسماعيل بن إبراهيم: هو ابن علية، ويونس بن عبيد: هو ابن دينار العبدي. وأخرجه مسلم 159)) في الإيمان: باب بيان الزمن الذي لا يقبل فيه الإيمان، والنسائي في التفسير من "الكبرى "كما في " التحفة 9/189 "عن إسحاق بن إبراهيم بن راهويه، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم 159)) ، والطبري في "جامع البيان " 14205)) من طرق عن إسماعيل ابن علية، به. وأخرجه مسلم، والطبري 14204)) من طرق عن خالد بن عبد الله الطحان، عن يونس بن عبيد، به. وأخرجه مختصراً أحمد 5/145، والطبري 14221)) من طريق حماد بن سلمة، عن يونس بن عبيد، به. وانظر ما بعده وما قبله.

وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: اَتَدْرُوْنَ اَيْنَ تَذْهَبُ الشَّمْسُ؟، قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ.

قَالَ: فَاِنَّهَا تَجْرِي حَتّٰى تَنْتَهِيَ اِلٰى مُسْتَقَرِّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ، فَتَخِرَّ سَاجِدَةً، فَلَا تَزَالُ كَذٰلِكَ حَتّٰى يُقَالَ لَهَا: ارْتَفِعِي ارْجِعِي مِنْ حَيْثُ جِئْتِ فَتَرْجِعُ فَتَطْلُعُ طَالِعَةً مِنْ مَطْلِعِهَا، ثُمَّ تَجِيءُ حَتّٰى تَنْتَهِيَ اِلٰى مُسْتَقَرِّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ، فَتَخِرَّ سَاجِدَةً، فَلَا تَزَالُ كَذٰلِكَ حَتّٰى يُقَالَ لَهَا: ارْتَفِعِي ارْجِعِي مِنْ حَيْثُ جِئْتِ فَتَرْجِعُ، فَتَطْلُعُ طَالِعَةً مِنْ مَطْلِعِهَا، ثُمَّ تَجِيءُ حَتّٰى تَنْتَهِيَ اِلٰى مُسْتَقَرِّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ فَتَخِرَّ سَاجِدَةً فَلَا تَزَالُ كَذٰلِكَ حَتّٰى يُقَالَ لَهَا: ارْتَفِعِي ارْجِعِي مِنْ حَيْثُ جِئْتِ فَتَرْجِعُ فَتَطْلُعُ مِنْ مَطْلِعِهَا، ثُمَّ تَجْرِي لَا يَسْتَنْكِرُ النَّاسُ مِنْهَا شَيْئًا حَتّٰى تَنْتَهِيَ اِلٰى مُسْتَقَرِّهَا تَحْتَ الْعَرْشِ، فَيُقَالُ لَهَا: ارْتَفِعِي فَاطْلُعِي مِنْ مَغْرِبِكِ فَتَطْلُعُ مِنْ مَغْرِبِهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَدْرُوْنَ مَتٰى ذٰلِكَ؟ حِينَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا اِيمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ كَسَبَتْ فِي اِيمَانِهَا خَيْرًا

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰكَذَا قَالَ اِسْحَاقُ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، وَالْمَشْهُوْرُ هٰذَا الْخَبَرُ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم لوگ جانتے ہو سورج کہاں جاتا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ چلتا رہتا ہے' یہاں تک کہ یہ عرش کے نیچے اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچ جاتا ہے' تو سجدے میں گر جاتا ہے اس کے بعد یہ اسی حالت میں رہتا ہے' یہاں تک کہ اسے یہ کہا جاتا ہے تم اپنے سر کو اٹھاؤ اور وہاں واپس چلے جاؤ جہاں سے تم آئے ہو' تو وہ واپس آتا ہے اور اپنے طلوع ہونے کی جگہ سے طلوع ہوتا ہے پھر وہ آتا ہے' یہاں تک کہ اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچ جاتا ہے' جو عرش کے نیچے ہے پھر وہ سجدے میں چلا جاتا ہے اور سجدے کی حالت میں رہتا ہے' یہاں تک کہ اسے یہ کہا جاتا ہے اپنا سر اٹھاؤ اور واپس اسی جگہ چلے جاؤ جہاں سے آئے ہو' تو وہ واپس آجاتا ہے اور اپنے مخصوص مقام سے طلوع ہوتا ہے پھر وہ آتا ہے اور عرش کے نیچے اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچ جاتا ہے اور سجدے میں چلا جاتا ہے پھر وہ اسی حالت میں رہتا ہے' یہاں تک کہ اسے یہ کہا جاتا ہے تم اپنے سر کو اٹھاؤ اور جہاں سے آئے ہو وہاں واپس چلے جاؤ وہ واپس چلا جاتا ہے اور اپنے مخصوص مقام سے طلوع ہوتا ہے پھر وہ چلتا رہتا ہے۔ لوگوں کو اس میں کوئی خرابی نظر نہیں آتی' یہاں تک کہ ایک مرتبہ وہ عرش کے نیچے اپنے مخصوص ٹھکانے تک پہنچے گا' تو اسے کہا جائے گا تم سر کو اٹھاؤ اور مغرب کی طرف سے طلوع ہو جاؤ' تو وہ مغرب کی طرف سے طلوع ہو جائے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم لوگ جانتے ہو ایسا کب ہوگا؟ اس وقت جب کسی ایسے شخص کو ایمان لانا فائدہ نہیں دے گا' جو اس سے پہلے ایمان نہیں لایا تھا جس نے اپنے ایمان میں بھلائی نہیں کمائی تھی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اسحاق نامی راوی نے یہ روایت اسی طرح یونس بن عبید کے حوالے سے ابراہیم تیمی سے

نقل کی ہے حالانکہ مشہور یہ ہے کہ یہ روایت یونس بن خباب کے حوالے سے ابراہیم تیمی سے منقول ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ اسْتِقْرَارِ الشَّمْسِ كُلَّ لَيْلَةٍ تَحْتَ الْعَرْشِ، وَاسْتِئْذَانِهَا فِي الطُّلُوعِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ ہر رات میں سورج کی مخصوص گزرگاہ ہے جوعرش کے نیچے ہے اور وہ طلوع ہونے کے وقت اجازت بھی طلب کرتا ہے

6154 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْمُلَائِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ عِنْدَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ، فَقَالَ: اَتَدْرُوْنَ اَيْنَ تَغْرُبُ الشَّمْسُ؟ ، فَقُلْتُ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ.

قَالَ: تَذْهَبُ حَتّٰى تَنْتَهِيَ تَحْتَ الْعَرْشِ عِنْدَ رَبِّهَا، ثُمَّ تَسْتَاْذِنُ، فَيُؤْذَنُ لَهَا، وَتُوشِكُ اَنْ تَسْتَاْذِنَ فَلَا يُؤْذَنُ لَهَا، وَتَسْتَشْفِعَ وَتَطْلُبَ، فَاِذَا كَانَ ذٰلِكَ قِيلَ لَهَا: اطْلَعِي مِنْ مَكَانِكِ، فَهُوَ قَوْلُهُ (وَالشَّمْسُ تَجْرِي لِمُسْتَقَرٍّ لَهَا ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ) (يٰس: 38)

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سورج غروب ہونے کے قریب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسجد میں موجود تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ سورج کہاں غروب ہوتا ہے۔ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کے رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ جاتا ہے یہاں تک کہ یہ عرش کے نیچے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں پہنچ جاتا ہے پھر یہ اجازت مانگتا ہے تو اسے اجازت ملتی ہے عنقریب ایسا وقت آئے گا یہ اجازت مانگے گا تو اسے اجازت نہیں ملے گی وہ اس سے سفارش طلب کرتا ہے اور مطالبہ کرتا ہے جب اس طرح کی صورت حال ہوتی ہے تو اسے کہا جاتا ہے تم اپنی جگہ سے طلوع ہو جاؤ۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے: ''سورج اپنے مخصوص راستے پر چلتا ہے یہ غالب اور علم رکھنے والی ذات کا مقرر کردہ (نظام) ہے''۔

6154- إسناده صحيح على شرط الشيخين الملائي -بضم الميم -وهو أبو نعيم الفضل بن دكين. وأخرجه البيهقي في "الأسماء والصفات "ص 393-392من طريقين عن أبي نعيم، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/177، والبخاري3199)) في بدء الخلق :باب صفة الشمس والقمر، و 4802)) في تفسير سورة يس، و7424)) في التوحيد :باب (وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ) ، ومسلم159)) في الإيمان :باب بيان الزمن الذي لا يقبل فيه الإيمان، والطيالسي 460)) ، والترمذي2186)) في الفتن :باب ما جاء في طلوع الشمس من مغربها، و 3227)) في التفسير :باب ومن سورة يس، والطبري في "جامع البيان23/5 "، والبغوي في "معالم التنزيل 13-4/12 "من طرق عن الأعمش، به.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الْمَلَائِكَةَ وَالْجَانَّ مِنْهُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے کس چیز کے ذریعے فرشتوں کو اور کس چیز کے ذریعے جنّات کو پیدا کیا ہے

6155 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خُلِقَتِ الْمَلَائِكَةُ مِنْ نُورٍ، وَخُلِقَ الْجَانُّ مِنْ نَارٍ، وَخُلِقَ آدَمُ مِمَّا قَدْ وُصِفَ لَكُمْ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''فرشتوں کو نور سے پیدا کیا گیا ہے جنات کو آگ سے پیدا کیا گیا ہے اور انسانوں کو اس چیز سے پیدا کیا گیا ہے' جس کے بارے میں تمہیں بتایا گیا ہے۔''

ذِكْرُ وَصْفِ اَجْنَاسِ الْجَانِّ الَّتِي عَلَيْهَا خُلِقَتْ

جنات کی مختلف اجناس کی صفت کا تذکرہ جن پر انہیں پیدا کیا گیا ہے

6156 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ اَبِي الزَّاهِرِيَّةِ حُدَيْرِ بْنِ كُرَيْبٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَلْجِنُّ عَلٰى ثَلَاثَةِ اَصْنَافٍ: صِنْفٌ كِلَابٌ وَّحَيَّاتٌ، وَصِنْفٌ يَطِيرُوْنَ فِي الْهَوَاءِ، وَصِنْفٌ يَحُلُّونَ وَيَظْعَنُوْنَ

6155- حديث صحيح، ابن أبي السرى .هو محمد بن المتوكل، قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه أحمد 6/153و168، ومسلم(2996)) في الزهد :باب في أحاديث متفرقة، والبيهقي في "الأسماء والصفات "ص386-385 من طريق عبد الرزاق بهذا الإسناد. وأورده السيوطي في "الدر المنثور7/695 "، وزاد نسبته لعبد بن حميد، وابن المنذر، وابن مردويه.

6156- إسناده قوي .يزيد بن موهب :هو يزيد بن خالد بن يزيد بن عبد الله بن مَوْهَبٍ، روى له أبو داود والنسائي وابن ماجه، وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الصحيح .ابن وهب :هو عبد الله .وأخرجه الطحاوي في "شرح مشكل الآثار 96-4/95 " عن بحر بن نصر، حدثنا ابن وهب، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبراني في "الكبير573) /22 ") ، والحاكم2/456، وعنه البيهقي في "الأسماء والصفات "ص 388عن عبد الله بن صالح، وأبو نعيم في "الحلية 5/137 "عن علي بن مسهر، كلاهما عن معاوية بن صالح، به، وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي .وذكره الهيثمي في "المجمع8/136 "، ونسبه إلى الطبراني، وقال :ورجاله وثقوا، وفي بعضهم خلاف. وذكره في "المطالب العالية3/268 "، ونسبه لأبي يعلى.

❀❀ حضرت ابوثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''جنوں کی تین قسمیں ہوتی ہیں ایک قسم کتوں اور سانپوں کی شکل میں ہوتی ہے ایک قسم ہوا میں اڑتی ہے اور ایک قسم کرتی ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْجِنَّ تَقْتُلُ اَوْلَادَ آدَمَ اِذَا شَاءَ تْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جنات جب چاہیں اولادِ آدم کو قتل کر سکتے ہیں

6157 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، عَنِ اللَّيْثِ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ صَيْفِيِّ بْنِ سَعِيْدٍ، مَوْلَى الْاَنْصَارِ اَخْبَرَ بِهِ، عَنْ اَبِي السَّائِبِ، قَالَ:

(متنِ حدیث): اَتَيْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، فَبَيْنَا اَنَا جَالِسٌ، عِنْدَهُ سَمِعْتُ تَحْتَ سَرِيْرِهِ تَحْرِيكَ شَيْءٍ، فَنَظَرْتُ فَاِذَا حَيَّةٌ، فَقُمْتُ.

فَقَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: مَا لَكَ؟ قُلْتُ: حَيَّةٌ هَاهُنَا.

قَالَ: فَتُرِيْدُ مَاذَا؟ قُلْتُ: اُرِيْدُ قَتْلَهَا.

قَالَ: فَاَشَارَ اِلٰى بَيْتٍ فِيْ دَارٍ فَعَايَنْتُهُ، فَقَالَ: اِنَّ ابْنَ عَمٍّ لِي كَانَ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ الْاَحْزَابِ اسْتَاْذَنَ اِلٰى اَهْلِهِ، وَكَانَ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ فَاَذِنَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَمَرَهُ اَنْ يَّذْهَبَ بِسِلَاحِهِ، فَاَتٰى دَارَهُ فَوَجَدَ امْرَاَتَهُ قَائِمَةً عَلٰى بَابِ الْبَيْتِ، فَاَشَارَ اِلَيْهَا بِالرُّمْحِ.

فَقَالَتْ: لَا تَعْجَلْ عَلَيَّ حَتّٰى تَنْظُرَ مَا اَخْرَجَنِيْ، فَدَخَلَ الْبَيْتَ، فَاِذَا حَيَّةٌ مُنْكَرَةٌ، فَطَعَنَهَا بِالرُّمْحِ، ثُمَّ خَرَجَ بِهَا فِي الرُّمْحِ تَرْتَكِضُ.

فَقَالَ: لَا اَدْرِي اَيُّهُمَا كَانَ اَسْرَعَ مَوْتًا الرَّجُلُ اَمِ الْحَيَّةُ، فَاَتٰى قَوْمُهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّرُدَّ صَاحِبَنَا، فَقَالَ: اسْتَغْفِرُوا لِصَاحِبِكُمْ.

ثُمَّ قَالَ: اِنَّ نَفَرًا مِنَ الْجِنِّ بِالْمَدِيْنَةِ قَدْ اَسْلَمُوا فَاِذَا رَاَيْتُمْ اَحَدًا مِنْهُمْ فَحَذِّرُوْهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ اِنْ بَدَا لَكُمْ اَنْ تَقْتُلُوْهُ فَاقْتُلُوْهُ بَعْدَ الثَّلَاثِ

❀❀ ابوسائب بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا میں ان کے پاس بیٹھا ہوا تھا اسی دوران مجھے ان کے پلنگ کے نیچے کسی چیز کے حرکت کرنے کی آواز محسوس ہوئی میں نے جائزہ لیا' تو وہاں سانپ موجود تھا' تو

6157- إسناده حسن .محمد بن عجلان روى له البخارى تعليقاً ومسلم متابعة، وهو صدوق، وباقى رجاله ثقات .أبو السائب :هو الأنصارى مولى ابن زهرة . وأخرجه أبو داود 5257)) فى الأدب :باب فى قتل الحيات، حدثنا يزيد بن موهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/41عن يونس، حدثنا الليث به . وأخرجه أبو داود5258)) ، وأبو يعلى 1192)) من طريقين عن يحيى بن سعيد، عن ابن عجلان به. وله طريق اخر تقدم عند المصنف برقم5637)).

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تمہیں کیا ہوا ہے میں نے کہا: یہاں سانپ موجود ہے۔ انہوں نے دریافت کیا تم کیا کرنا چاہتے ہو۔ میں نے جواب دیا: میں اسے مارنا چاہتا ہوں' تو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے اس محلے میں موجود ایک گھر کی طرف اشارہ کیا جو مجھے نظر آرہا تھا۔ انہوں نے فرمایا: میرا چچازاد اس گھر میں رہتا تھا غزوۂ احزاب کے موقع پر اس نے اپنے گھر جانے کی اجازت مانگی اس کی نئی نئی شادی ہوئی تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اجازت دیدی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ہدایت کی کہ وہ اپنے ہتھیار ساتھ لے کر جائے جب وہ اپنے محلہ میں آیا' تو اس نے اپنی بیوی کو گھر کے دروازے پر کھڑا ہوا پایا اس نے نیزے کے ذریعے اس عورت کی طرف اشارہ کیا اس عورت نے کہا: آپ میرے بارے میں جلد بازی کا مظاہرہ نہ کیجئے پہلے اس بات کا جائزہ لیں میں کیوں باہر آئی ہوں۔ وہ شخص گھر کے اندر گیا وہاں ایک عجیب وغریب سانپ موجود تھا اس نے اپنے نیزے سے سانپ کو مارا اور پھر اسے اس نیزے میں پرو کر باہر لے آیا وہ سانپ ہل جل رہا تھا۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھے نہیں پتہ کہ ان دونوں میں سے کون جلدی مرا؟ وہ آدمی یا سانپ۔ اس کی قوم کے افراد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ ہمارے ساتھی کو واپس کر دے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے ساتھی کے لیے دعا مغفرت کرو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کچھ جنات مدینہ منورہ میں رہتے ہیں جو اسلام قبول کر چکے ہیں جب تم ان میں سے کسی کو دیکھو' تو تین مرتبہ ڈراؤ پھر وہ تمہارے سامنے آجائے' تو تم اسے قتل کرو تم تین مرتبہ (اسے ڈرانے کے بعد) پھر قتل کرنا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الدُّنْيَا اِنَّمَا هِيَ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ دنیا وہ ہے' جو آسمان اور زمین کے درمیان ہے

6158 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متنِ حدیث): وَاللّٰهِ: لَقِيدُ سَوْطِ اَحَدِكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ خَيْرٌ لَهُ مِمَّا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ کی قسم! جنت میں کسی شخص کے کوڑا رکھنے کی جگہ اس کے لیے آسمان اور زمین کے درمیان موجود ہر چیز سے زیادہ بہتر ہے۔''

6158- حديث صحيح .ابن أبي السري متابع، ومَنْ فوقه على شرط الشيخين، وهو في "مصنف عبد الرزاق(20885) "، و "صحيفة "همّام برقم 55)) ، ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد2/315، والبغوي(4370)) بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم 7417)) و(7418)). ويستفاد من الحديث .تعظيم شأن الجنة، وأن اليسيرَ منها إن قل قدره خير من مجموع الدنيا بحذافيرها، والمراد بذكر السوط التمثيل لا موضع السوط بعينه.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ قَدْرِ طُولِ الدُّنْيَا وَمُدَّتِهَا فِيْ جَنْبِ بَقَاءِ الْأخِرَةِ وَامْتِدَادِهَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو آخرت اور ان کی بقاء اور پھیلاؤ کے مقابلے میں دنیا کی طوالت اور اس کی مدت کی مقدار کی صفت کے بارے میں ہے

6159 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمُسْتَوْرِدَ، اَخَا بَنِي فِهْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَا الدُّنْيَا فِي الْآخِرَةِ اِلَّا كَمَا يَضَعُ اَحَدُكُمْ اُصْبُعَهُ السَّبَّابَةَ فِي الْيَمِّ فَلْيَنْظُرْ بِمَ يَرْجِعُ

❀❀ مستورد جن کا تعلق بنوفہر سے ہے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''آخرت کے مقابلے میں دنیا کی مثال اس طرح ہے' جس طرح کوئی شخص اپنی شہادت کی انگلی کو سمندر میں داخل کرے اور پھر اس بات کا جائزہ لے کہ وہ کس چیز (یعنی کتنے پانی) کے ہمراہ واپس آئی ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ مِنْ اَدِيمِ الْاَرْضِ كُلِّهَا، اَرَادَ بِهِ: مِنْ قَبْضَةٍ وَّاحِدَةٍ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو تمام روئے زمین سے پیدا کیا ہے'' اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے کہ روئے زمین میں سے ایک مٹھی بھر مٹی لے کر اس سے پیدا کیا ہے

6160 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا عَوْفٌ، سَمِعَ قَسَامَةَ بْنَ زُهَيْرٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا مُوْسَى الْاَشْعَرِيَّ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

6159– حديث صحيح، ابن أبي السّرى قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير صحابيه، فمن رجال مسلم، وأخرج له البخاري تعليقاً .وقد تقدم تخريجه برقم(4330)).

6160–حديث صحيح ابن أبي السّرى قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير قسامة بن زهير، فقد روى له أصحابُ السنن إلا ابن ماجه، وهو ثقة عوف :هو ابن أبي جميلة العبدى . وأخرجه أحمد 4/400، وأبو داود4693)) في السنة: باب في القدر، والترمذي2995)) في التفسير :باب ومن سورة البقرة، وابن سعد في "الطبقات 1/26 "، وعبد بن حميد في "المنتخب 548) ") ، والطبري في "جامع البيان 645) ") ، والحاكم262-2/261، والبيهقي في "الأسماء والصفات "ص 385من طرق عن عوف العبدى، بهذا الإسناد وصححه الحاكم ووافقه الذهبي، وقال الترمذي :حسن صحيح :وانظر6181)).

(متن حدیث): إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى خَلَقَ آدَمَ مِنْ قَبْضَةٍ قَبَضَهَا مِنْ جَمِيعِ الْأَرْضِ، فَجَاءَ بَنُو آدَمَ عَلَى قَدْرِ الْأَرْضِ، مِنْهُمُ الْأَحْمَرُ وَالْأَسْوَدُ وَالْأَبْيَضُ وَالْأَصْفَرُ، وَبَيْنَ ذٰلِكَ، وَالسَّهْلُ وَالْحَزْنُ، وَالْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو ایسی مٹی سے پیدا کیا ہے' جو تمام روئے زمین سے اکٹھی کی گئی تھی اس لیے حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد زمین کی خصوصیات کی حامل ہے ان میں کچھ لوگ سرخ ہوتے ہیں کچھ سفید ہوتے ہیں کچھ سیاہ ہوتے ہیں کچھ زرد ہوتے ہیں کچھ ان کے درمیان ہوتے ہیں کچھ آسان ہوتے ہیں کچھ غمگین ہوتے ہیں کچھ بد باطن ہوتے ہیں کچھ پاکیزہ مزاج ہوتے ہیں۔''

ذِكْرُ الْيَوْمِ الَّذِي خَلَقَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا آدَمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ

اس دن کا تذکرہ' جس دن میں اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا

6161 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ، عَنْ أَيُّوبَ بْنِ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ، مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): أَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي، فَقَالَ: خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالَى التُّرْبَةَ يَوْمَ السَّبْتِ، وَخَلَقَ فِيهَا الْجِبَالَ يَوْمَ الْأَحَدِ، وَخَلَقَ الشَّجَرَ يَوْمَ الْإِثْنَيْنِ، وَخَلَقَ الْمَكْرُوهَ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ، وَخَلَقَ النُّورَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ، وَبَثَّ فِيهَا الدَّوَابَّ يَوْمَ الْخَمِيسِ، وَخَلَقَ آدَمَ بَعْدَ الْعَصْرِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ آخِرَ الْخَلْقِ مِنْ آخِرِ السَّاعَةِ مِنْ سَاعَاتِ الْجُمُعَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا اور ارشاد فرمایا۔

''اللہ تعالیٰ نے ہفتہ کے دن مٹی کو (یعنی زمین کو) پیدا کیا، اتوار کے دن اس نے زمین میں پہاڑ بنائے، پیر کے دن درخت پیدا کئے، منگل کے دن ناپسندیدہ چیز کو پیدا کیا، بدھ کے دن نور کو پیدا کیا، جمعرات کے دن زمین میں جانور پھیلا دیئے اور حضرت آدم علیہ السلام کو جمعہ کے دن عصر کے بعد پیدا کیا اس نے آخری مخلوق کو جمعہ کی آخری گھڑی میں پیدا کیا''۔

6161–إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو في "مسند أبي يعلى" (6132) إلا أن غير واحد من الحفاظ أعلوه وجعلوه من كلام كعب الأحبار. وأخرجه مسلم (2789) في صفة المنافقين وأحكامهم: باب ابتداء الخلق وخلق آدم، عن سريج بن يونس، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/327، ومسلم، والنسائي في التفسير من "الكبرى" كما في "التحفة" 10/133، والطبري في "التاريخ" 1/23 و45، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص 383 من طرق عن حجاج بن محمد، به. وأخرجه ابن معين في "تاريخه" ص 305، وعنه الدولابي في "الكنى" 1/175 عن هشام بن يوسف، عن ابن جريج، به. وأخرجه الحاكم في "معرفة علوم الحديث" ص 33-34 من طريق إبراهيم بن أبي يحيى، عن صفوان بن سليم، عن أيوب بن خالد، به. وأخرجه النسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 10/264 من طريق ابن جريج، عن عطاء، عن أبي هريرة.

ذِكْرُ وَصْفِ طُولِ آدَمَ حَيْثُ خَلَقَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اس وقت ان کی لمبائی کا تذکرہ

6162 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهِ وَطُولِهِ سِتُّونَ ذِرَاعًا، فَلَمَّا خَلَقَهُ قَالَ: اذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰى اُولَئِكَ النَّفَرِ، وَهُمْ مِنَ الْمَلَائِكَةِ جُلُوْسٌ، فَاسْتَمِعْ مَا يُحَيُّونَكَ فَاِنَّهَا تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ.

قَالَ: فَذَهَبَ فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَزَادُوْهُ: وَرَحْمَةُ اللّٰهِ.

قَالَ: فَكُلُّ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ آدَمَ طُوْلُهُ سِتُّونَ ذِرَاعًا

فَلَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ حَتَّى الْآنَ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا الْخَبَرُ تَعَلَّقَ بِهٖ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ وَاَخَذَ يُشَنِّعُ عَلٰى اَهْلِ الْحَدِيْثِ الَّذِيْنَ يَنْتَحِلُوْنَ السُّنَنَ، وَيَذُبُّونَ عَنْهَا، وَيَقْمَعُوْنَ مَنْ خَالَفَهَا بِاَنْ قَالَ: لَيْسَتْ تَخْلُو هٰذِهِ الْهَاءُ مِنْ اَنْ تُنْسَبَ اِلَى اللّٰهِ اَوْ اِلٰى آدَمَ، فَاِنْ نُسِبَتْ اِلَى اللّٰهِ كَانَ ذٰلِكَ كُفْرًا، اِذْ (لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ) (الشورى: 11)، وَاِنْ نُسِبَتْ اِلٰى آدَمَ تَعَرَّى الْخَبَرُ عَنِ الْفَائِدَةِ، لِاَنَّهُ لَا شَكَّ اَنَّ كُلَّ شَيْءٍ خُلِقَ عَلٰى صُوْرَتِهِ لَا عَلٰى صُوْرَةِ غَيْرِهِ، وَلَوْ تَمَلَّقَ قَائِلُ هٰذَا اِلٰى بَارِئِهِ فِي الْخَلْوَةِ، وَسَاَلَهُ التَّوْفِيقَ لِاِصَابَةِ الْحَقِّ وَالْهِدَايَةَ لِلطَّرِيقِ الْمُسْتَقِيمِ فِيْ لُزُوْمِ سُنَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكَانَ اَوْلٰى بِهٖ مِنَ الْقَدْحِ فِيْ مُنْتَحِلِي السُّنَنِ بِمَا يَجْهَلُ مَعْنَاهُ، وَلَيْسَ جَهْلُ الْاِنْسَانِ بِالشَّيْءِ دَالًّا عَلٰى نَفْيِ الْحَقِّ عَنْهُ لِجَهْلِهِ بِهٖ.

وَنَحْنُ نَقُوْلُ: اِنَّ اَخْبَارَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَحَّتْ مِنْ جِهَةِ النَّقْلِ لَا تَتَضَادُّ، وَلَا تَتَهَاتَرُ، وَلَا تَنْسَخُ الْقُرْآنَ بَلْ لِكُلِّ خَبَرٍ مَعْنًى مَعْلُوْمٌ يُعْلَمُ، وَفَصْلٌ صَحِيحٌ يُعْقَلُ، يَعْقِلُهُ الْعَالِمُوْنَ.

فَمَعْنَى الْخَبَرِ عِنْدَنَا بِقَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ عَلٰى صُوْرَتِهِ: اِبَانَةُ فَضْلِ آدَمَ عَلٰى سَائِرِ الْخَلْقِ، وَالْهَاءُ رَاجِعَةٌ اِلٰى آدَمَ، وَالْفَائِدَةُ مِنْ رُجُوعِ الْهَاءِ اِلٰى آدَمَ دُوْنَ اِضَافَتِهَا اِلَى الْبَارِءِ جَلَّ وَعَلَا - جَلَّ رَبُّنَا وَتَعَالٰى عَنْ اَنْ يُّشَبَّهَ بِشَيْءٍ مِنَ الْمَخْلُوْقِينَ - اَنَّهُ جَلَّ وَعَلَا جَعَلَ سَبَبَ الْخَلْقِ الَّذِيْ هُوَ الْمُتَحَرِّكُ النَّامِي بِذَاتِهِ اجْتِمَاعَ الذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى، ثُمَّ زَوَالَ الْمَاءِ عَنْ قَرَارِ الذَّكَرِ اِلٰى رَحِمِ الْاُنْثٰى، ثُمَّ تَغَيُّرَ ذٰلِكَ اِلَى الْعَلَقَةِ بَعْدَ

6162- حديث صحيح، ابن أبي السري متابع، ومن فوقه على شرط الشيخين. وهو في " صحيفة همّام " رقم (59)، وفي " مصنف عبد الرزّاق " رقم (19435). ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/315، والبخاري (3336) في الأنبياء: باب خلق آدم وذريته، و (6227) في الاستئذان: باب بدء السلام، ومسلم (2841) في الجنة: باب يدخل الجنة أقوام أفئدتهم مثل أفئدة الطير، وابن خزيمة في " التوحيد " ص41-40، واللالكائي في " أصول الاعتقاد " (711)، والبيهقي في " الأسماء والصفات " ص 289-290، والبغوي (3298).

مُدَّةٍ، ثُمَّ إِلَى الْمُضْغَةِ، ثُمَّ إِلَى الصُّورَةِ، ثُمَّ إِلَى الْوَقْتِ الْمَمْدُودِ فِيهِ، ثُمَّ الْخُرُوجِ مِنْ قَرَارِهِ، ثُمَّ الرَّضَاعِ، ثُمَّ الْفِطَامِ، ثُمَّ الْمَرَاتِبِ الْأُخَرِ عَلَى حَسَبِ مَا ذَكَرْنَا إِلَى حُلُولِ الْمَنِيَّةِ بِهِ.

هٰذَا وَصْفُ الْمُتَحَرِّكِ النَّامِي بِذَاتِهِ مِنْ خَلْقِهِ وَخَلَقَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا آدَمَ عَلٰى صُورَتِهِ الَّتِي خَلَقَهُ عَلَيْهَا، وَطُولُهُ سِتُّونَ ذِرَاعًا مِنْ غَيْرِ أَنْ تَكُونَ تَقَدَّمَهُ اجْتِمَاعُ الذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى، أَوْ زَوَالُ الْمَاءِ، أَوْ قَرَارُهُ، أَوْ تَغْيِيرُ الْمَاءِ عَلَقَةً أَوْ مُضْغَةً، أَوْ تَجْسِيمُهُ بَعْدَهُ، فَأَبَانَ اللّٰهُ بِهٰذَا فَضْلَهُ عَلٰى سَائِرِ مَنْ ذَكَرْنَا مِنْ خَلْقِهِ، بِأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ نُطْفَةً فَعَلَقَةً، وَلَا عَلَقَةً فَمُضْغَةً، وَلَا مُضْغَةً فَرَضِيعًا، وَلَا رَضِيعًا فَفَطِيمًا، وَلَا فَطِيمًا فَشَابًّا كَمَا كَانَتْ هٰذِهِ حَالَةَ غَيْرِهِ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ زَعَمَ أَنَّ أَصْحَابَ الْحَدِيثِ حَشْوِيَّةٌ يَرْوُونَ مَا لَا يَعْقِلُونَ وَيَحْتَجُّونَ بِمَا لَا يَدْرُونَ

❁❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صورت کے مطابق پیدا کیا ان کا قد 60 گز تھا' جب اللہ تعالیٰ نے انہیں پیدا فرمایا: کیا تو تم جاؤ اور اس گروہ کو سلام کروں۔ فرشتے تھے جو بیٹھے ہوئے تھے تم غور سے سننا کہ وہ تمہیں کیا جواب دیتے ہیں کیونکہ وہ تمہارا اور تمہاری اولاد کا سلام کرنے کا طریقہ ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت آدم علیہ السلام گئے انہوں نے کہا: السلام علیکم' تو فرشتوں نے جواب میں رحمت اللہ کا اضافہ کیا۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: جنت میں جو شخص بھی داخل ہوگا حضرت آدم علیہ السلام کی طرح اس کا قد 60 گز ہوگا اس کے بعد مسلسل انسانوں کے قد کم ہوتے رہے' یہاں تک کہ یہ صورت حال آ گئی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ وہ روایت ہے' جس کے ساتھ وہ شخص متعلق ہوا جو علم احادیث میں مہارت نہیں رکھتا اور اس نے اس روایت کی وجہ سے محدثین پر اعتراضات کیے جو سنت کی خدمت کرتے ہیں اور اس پر ہونے والے اعتراض کو پرے کرتے ہیں اور جو شخص سنت کی خلاف ورزی کرتا ہے وہ اس کی بھرپور مخالفت کرتے ہیں اس شخص نے یہ کہا کہ لفظ صورکہ میں ضمیر' یا تو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہوگی' یا حضرت آدم علیہ السلام کی طرف منسوب ہوگی اگر اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جائے' تو یہ چیز کفر ہوگی کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

''اس کی مانند کوئی چیز نہیں ہے۔''

اگر اس کی نسبت حضرت آدم علیہ السلام کی طرف کی جائے' تو روایت میں فائدہ حاصل نہیں ہوگا کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں ہے تمام انسانوں کی شکل وصورت حضرت آدم علیہ السلام جیسی ہے کسی اور جیسی نہیں ہے۔

اگر اس بات کا قائل شخص تنہائی میں بیٹھ کر اپنے پروردگار کی بارگاہ میں التجاء کرتا اور اس سے حق اور ہدایت کی توفیق کا سوال کرتا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کو لازم پکڑنے کی صورت میں سیدھا راستہ ہے' تو پھر اس کے لیے مناسب یہ تھا کہ وہ جس حدیث کا مفہوم نہیں جانتا اس کے حوالے سے سنت کے خادمین پر اعتراض نہ کرتا اگر انسان کسی چیز کے بارے علم نہیں رکھتا' یہ چیز تو اس بات پر دلالت نہیں کرتی کہ اس کی ناواقفیت کی وجہ سے حق کی نفی کر دی جائے۔

ہم یہ کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے منقول روایت جب نقل کے اعتبار سے مستند طور پر ثابت ہو تو اس میں کوئی اعتراض اور اختلاف نہیں ہوگا اور نہ ہی وہ قرآن کو منسوخ کرے گی بلکہ ہر روایت کا اپنا مخصوص مفہوم ہوتا ہے اور ہر روایت کا اپنا پس منظر ہوتا ہے جسے اہل علم سمجھ جاتے ہیں ہمارے نزدیک نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کا مطلب یہ ہے "اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صورت میں پیدا کیا" اس کا مقصد یہ ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام کی دیگر تمام مخلوق کی فضیلت کو ظاہر کیا جائے اور اس میں ضمیر حضرت آدم علیہ السلام کی طرف راجع ہے اور ضمیر کے حضرت آدم علیہ السلام کی طرف راجع ہونے کا فائدہ یوں ہے کہ اس ضمیر کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف نہیں کی جاسکتی کیونکہ ہمارا پروردگار اس چیز سے بلند و برتر ہے کہ اسے مخلوق میں سے کسی سے مشابہ قرار دیا جائے اللہ تعالیٰ نے تخلیق کا سبب ایک ایسی چیز کو قرار دیا ہے جو حرکت بھی کرتی ہے اور جس کے وجود میں نشو و نما کی صلاحیت بھی پائی جاتی ہے یہ مذکر اور مؤنث کے اجتماع کی صورت میں (نشو و نما پاتی ہے) اس کے بعد مادہ تولید مذکر کے مخصوص کام سے مؤنث کے رحم کی طرف منتقل ہو جاتا ہے اس کے بعد وہ ایک متعین مدت تک جمے ہوئے خون کی شکل میں رہتا ہے پھر وہ لوتھڑے کی شکل میں رہتا ہے پھر شکل و صورت بن جاتی ہے پھر ایک مخصوص وقت تک وہی رہتا ہے پھر وہ اپنی جگہ سے نکلتا ہے پھر دودھ پلانے کا مرحلہ آتا ہے پھر دودھ چھڑانے کا مرحلہ آتا ہے پھر دیگر مراتب ہیں جو ہم ذکر کر چکے ہیں یہاں تک کہ اسے موت آجاتی ہے۔

تو حرکت کرنے والے اور اپنی ذات کے اعتبار سے نشو و نما کی صلاحیت رکھنے والے کی یہ صفت ہے اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو ان کی صورت پر پیدا کیا ہے یعنی وہ تخلیق جو اس اعتبار سے ہوئی تھی ان کی لمبائی ساٹھ گز تھی لیکن ان سے پہلے کسی مذکر اور مؤنث کا اجتماع نہیں ہوا۔ مادہ تولید کسی جگہ سے زائل نہیں ہوا تھا کسی جگہ آکر ٹھہرا نہیں وہ مادہ جمے ہوئے خون یا گوشت کے لوتھڑے کی شکل میں تبدیل نہیں ہوا اس نے بعد میں جسم کی شکل اختیار نہیں کی تو اللہ تعالیٰ نے اس چیز کے ذریعے ان کی فضیلت کو واضح کر دیا جو وہ دیگر تمام مخلوق پر رکھتے ہیں کہ وہ پہلے نطفے کی شکل میں نہیں تھے کہ پھر جما ہوا خون بن جاتے جما ہوا خون نہیں تھے کہ گوشت کا لوتھڑا بن جائے گوشت کا لوتھڑا نہیں تھے کہ دودھ پینے کی نوبت آتی دودھ پینے والے نہیں تھے کہ دودھ چھڑانے کی نوبت آتی دودھ چھڑانے والے نہیں تھے کہ بعد میں نوجوان ہو جاتے جیسا کہ حضرت آدم علیہ السلام کے علاوہ دیگر انسانوں کی صورت حال ہوتی ہے یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ محدثین حشویہ فرقے کے سے نظریات رکھتے ہیں وہ ایسی چیزیں روایت کر دیتے ہیں جن کا فہم حاصل نہیں ہوسکتا اور وہ ایسی چیزوں کے ذریعے استدلال کرتے ہیں جن کا انہیں پتہ نہیں ہوتا۔

6163 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا

6163- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه الطيالسي (2024)، وأحمد 3/152 و229 و240 و254 ومسلم (2611) في البر: باب خلق الإنسان خلقاً لا يتمالك وابن سعد في "الطبقات" 1/27، والحاكم 1/37، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص 386 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وقال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم، وقد بلغني أنه أخرجه في آخر الكتاب. قلت: ولفظه عند جميع من خرجه: "فلما رآه أجوف، عرف أنه خلق لا يتمالك" ولفظ المؤلف نسبه السيوطي في "الجامع الكبير" ص 656 إلى أبي الشيخ في "العظمة"

حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ جَعَلَ اِبْلِيسَ يُطِيفُ بِهِ، فَلَمَّا رَآهُ اَجْوَفَ قَالَ: ظَفِرْتُ بِهِ، خَلْقٌ لَا يَتَمَالَكُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا' تو ابلیس ان کے جسم کے گرد چکر لگانے لگا جب اس نے انہیں اندر سے خالی دیکھا' تو بولا: ''میں نے اس کو دیکھ لیا ہے' یہ مخلوق قابو میں رہنے والی نہیں ہے۔

ذِكْرُ حَمْدِ آدَمَ رَبَّهُ لَمَّا خَلَقَهُ بِاِلْهَامِهِ جَلَّ وَعَلَا اِيَّاهُ ذٰلِكَ

جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا' تو حضرت آدم علیہ السلام کا اپنے پروردگار کی حمد بیان کرنے کا تذکرہ' جس کے کلمات اس نے انہیں الہام کئے تھے

6164 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ عَطَسَ فَاَلْهَمَهُ رَبُّهُ اَنْ قَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، فَلِذٰلِكَ سَبَقَتْ رَحْمَتُهُ غَضَبَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا' تو انہیں چھینک آ گئی ان کے پروردگار نے انہیں یہ الہام کیا کہ وہ الحمد للہ کہیں' تو ان کے پروردگار نے ان سے فرمایا: اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے' اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ کی رحمت اس کے غضب پر سبقت لے گئی ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ عَطَسَ، اَرَادَ بِهِ بَعْدَ نَفْخِ الرُّوحِ فِيهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو

6164- حديث حسن، رجال ثقات غير مبارك بن فضالة، ففيه لين وهو مدلس، وقد عنعن، لكن يشهد له حديث أنس الآتي بعده دون قوله: " فلذلك سبقت رحمته غضبه "، وكذلك حديث أبي هريرة (6167) المطول. وأخرجه ابن أبي عاصم في " السنة " رقم (205) عن يحيى بن محمد بن السكن، بهذا الإسناد وقد صرح مبارك بن فضالة في هذه الرواية بالتحديث، لكن ابن أبي عاصم اقتصر على ذكر طرقه: ولم يسقه بتمامه.

پیدا کیا' تو انہیں چھینک آئی' اس کے ذریعے نبی اکرم ﷺ کی مراد یہ ہے کہ ان میں روح پھونکے جانے کے بعد (انہیں چھینک آئی تھی)

6165 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَفَخَ فِيْ آدَمَ، فَبَلَغَ الرُّوحُ رَاْسَهُ عَطَسَ، فَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. فَقَالَ لَهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: يَرْحَمُكَ اللّٰهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام میں روح پھونکی اور وہ ان کے سر تک پہنچی' تو ان کو چھینک آ گئی' تو انہوں نے یہ کہا ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کیلئے مخصوص ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' تو اللہ تعالیٰ نے ان سے فرمایا: اللہ تم پر رحم کرے۔''

ذِكْرُ اِخْرَاجِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ ظَهْرِ آدَمَ ذُرِّيَّتَهٗ، وَاِعْلَامِهٖ اِيَّاهُ اَنَّهٗ خَالِقُهَا لِلْجَنَّةِ وَالنَّارِ

اللہ تعالیٰ کا حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے ان کی ذریت کو نکالنے کا تذکرہ اور انہیں اس بارے میں اطلاع دینے کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو جنت اور جہنم کے لیے پیدا کیا ہے

6166 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَا: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ الْجُهَنِيِّ،

6165- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم. وأخرجه الحاكم 4/263 من طريقين عن موسى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ موقوفاً، وقال هذا حديث صحيح الإسناد على شرط مسلم وإن كان موقوفاً، فإن إسناده صحيح بمرة.

6166- مسلم بن يسار الجهني لم يسمع من عمر، ثم إنه لم يوثقه غير المصنف والعجلي، ولم يروِ عنه غير عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بن الخطاب، وأخطأ الشيخ ناصر الألباني في " تخريج المشكاة " (96) فظن أنه ثقة من رجال الشيخين، وباقي رجال الإسناد ثقات رجال الشيخين. وهو في " الموطأ "899-2/898 في القدر: باب النهي عن القول بالقدر. ومن طريق مالك أخرجه أحمد45-1/44، وأبو داود (4703) في السنَّة: باب في القدر، والترمذي (3075) في التفسير: باب ومن سورة الأعراف، والطبري في " جامع البيان " (15357)، وفي " التاريخ "1/135، واللالكائي (990) والآجري في " الشريعة " ص170 وابن أبي حاتم كما في " تفسير ابن كثير "2/273، والبيهقي في " الأسماء والصفات " ص325، والبغوي في " شرح السنة " (77)، وفي " معالم التنزيل "2/211 و544. وصححه الحاكم في ثلاثة مواضع من كتابه 1/27 و2/324-325 و544، ووافقه الذهبي في الموضعين الثاني والثالث، وخالفه في الموضع الأول، فقال: فيه إرسال.

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سُئِلَ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ: (وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْ آدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّاتِهِمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوا بَلٰى) الْاٰيَةَ.

قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْهَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ آدَمَ ثُمَّ مَسَحَ عَلٰى ظَهْرِهِ بِيَمِيْنِهٖ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً، فَقَالَ: خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلْجَنَّةِ، وَبِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ يَعْمَلُوْنَ، ثُمَّ مَسَحَ ظَهْرَهُ فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ ذُرِّيَّةً، فَقَالَ: خَلَقْتُ هٰؤُلَاءِ لِلنَّارِ، وَبِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ يَعْمَلُوْنَ.

فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَفِيمَ الْعَمَلُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ اِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلْجَنَّةِ اسْتَعْمَلَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَمُوْتَ عَلٰى عَمَلٍ مِنْ اَعْمَالِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيُدْخِلُهُ بِهِ الْجَنَّةَ، وَاِذَا خَلَقَ الْعَبْدَ لِلنَّارِ اسْتَعْمَلَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى يَمُوْتَ عَلٰى عَمَلٍ مِنْ اَعْمَالِ اَهْلِ النَّارِ فَيُدْخِلُهُ بِهِ النَّارَ

۞۞ مسلم بن یسار جہنی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کیا گیا۔

''اور جب تمہارے پروردگار نے اولادِ آدم کو ان کی پشتوں سے ان کی ذریت کو نکالا اور ان لوگوں کو اپنی ذات کے بارے میں گواہ بنایا (اور دریافت کیا) کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔''

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کے بارے میں دریافت کیا گیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا پھر اس نے ان کی پشت پر اپنا دست قدرت پھیرا اور ان کی پشت میں سے ان کی ذریت کو نکال دیا اور فرمایا میں نے ان لوگوں کو جنت کیلئے اور اہل جنت کے سے عمل کرنے کیلئے پیدا کیا ہے پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی پشت پر ہاتھ پھیرا اور اس میں سے ان کی ذریت کو نکالا اور فرمایا میں نے ان لوگوں کو جہنم کے لیے اور اہل جہنم کے سے عمل کرنے کیلئے پیدا کیا ہے۔

ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! پھر عمل کیوں کیا جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے کسی بندے کو جنت کیلئے پیدا کیا ہو' تو اس سے اہل جنت کے سے عمل کرواتا ہے' یہاں تک کہ وہ شخص اہل جنت کے سے عمل کرتے ہوئے مرتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کر دیتا ہے' جب اللہ تعالیٰ نے کسی بندے کو جہنم کے لیے پیدا کیا ہو' تو اس سے اہل جہنم کے سے عمل کرواتا ہے' یہاں تک کہ وہ بندہ اہل جہنم کے سے عمل کرتے ہوئے مرجاتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس وجہ سے اسے جہنم میں داخل کر دیتا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهٗ يُضَادُّ خَبَرَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

6167 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ ذُبَابٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ وَنَفَخَ فِيْهِ الرُّوْحَ عَطَسَ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَقَالَ لَهٗ رَبُّهٗ: يَرْحَمُكَ رَبُّكَ يَا آدَمُ، اذْهَبْ اِلٰى اُولٰئِكَ الْمَلَائِكَةِ اِلٰى مَلَاٍ مِنْهُمْ جُلُوْسٍ، فَسَلِّمْ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالُوْا: وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى رَبِّهٖ، فَقَالَ: هٰذِهٖ تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ بَنِيْكَ بَيْنَهُمْ، وَقَالَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا وَيَدَاهُ مَقْبُوْضَتَانِ: اخْتَرْ اَيَّهُمَا شِئْتَ، فَقَالَ: اخْتَرْتُ يَمِيْنَ رَبِّيْ وَكِلْتَا يَدَيْ رَبِّيْ يَمِيْنٌ مُبَارَكَةٌ، ثُمَّ بَسَطَهُمَا فَاِذَا فِيْهِمَا آدَمُ وَذُرِّيَّتُهٗ، فَقَالَ: اَيْ رَبِّ مَا هٰؤُلَاءِ؟ فَقَالَ: هٰؤُلَاءِ ذُرِّيَّتُكَ، فَاِذَا كُلُّ اِنْسَانٍ مِنْهُمْ مَكْتُوْبٌ عُمْرُهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ، فَاِذَا فِيْهِمْ رَجُلٌ اَضْوَؤُهُمْ اَوْ مِنْ اَضْوَئِهِمْ لَمْ يَكْتُبْ لَهٗ اِلَّا اَرْبَعِيْنَ سَنَةً، قَالَ: يَا رَبِّ، مَا هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا ابْنُكَ دَاوُدُ، وَقَدْ كَتَبَ اللّٰهُ عُمْرَهٗ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً، قَالَ: اَيْ رَبِّ، زِدْهُ فِيْ عُمْرِهٖ، قَالَ: ذَاكَ الَّذِيْ كَتَبْتُ لَهٗ.

قَالَ: فَاِنِّيْ قَدْ جَعَلْتُ لَهٗ مِنْ عُمْرِيْ سِتِّيْنَ سَنَةً، قَالَ: اَنْتَ وَذَاكَ اسْكُنِ الْجَنَّةَ، فَسَكَنَ الْجَنَّةَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ اُهْبِطَ مِنْهَا، وَكَانَ آدَمُ يَعُدُّ لِنَفْسِهٖ، فَاَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ، فَقَالَ لَهٗ آدَمُ: قَدْ عَجِلْتَ، قَدْ كُتِبَ لِيْ اَلْفُ سَنَةٍ، قَالَ: بَلٰى، وَلٰكِنَّكَ جَعَلْتَ لِابْنِكَ دَاوُدَ مِنْهَا سِتِّيْنَ سَنَةً، فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهٗ، وَنَسِيَ فَنَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهٗ،

6167- إسناده قوى على شرط مسلم، وهو فى كتاب " التوحيد " ص .67 وأخرجه الترمذى (3368) فى تفسير القرآن. باب ومن سورة المعوذتين، عن محمد بن بشار بهذا الإسناد. وقال: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه. وأخرجه الحاكم 1/64 و4/263، وصححه، وعنه البيهقى فى " الأسماء والصفات " ص325-324 عن أبى العباس محمد بن يعقوب، حدثنا بكار بن قتيبة، عن صفوان بن عيسى، به. وأخرجه ابن أبى عاصم فى " السنة " (206)، والطبرى فى " التاريخ "1/96 من طريقين عن الحارث بن عبد الرحمن، به. وأخرجه ابن سعد فى " الطبقات "28-1/27، والطبرى، والحاكم586-2/585 من طريقين عن هشام بن سعد، أخبرنا زيد بن أسلم، عن أبى صالح، عن أبى هريرة، وهذا سند قوى، وصححه الحاكم، وأقره الذهبى. وانظر الحديث رقم (6164) . وأخرجه الحاكم 1/46 وصححه، ووافقه الذهبى، من طريق مخلد بن مالك، عن أبى خالد الأحمر، عن داود بن أبى هند، عن الشعبى: عن أبى هريرة. وأخرجه الطبرى 1/96 من طريق أبى خالد الأحمر سليمان بن حيان، حدثنى محمد بن عمرو، عن أبى سلمة، عن أبى هريرة، وهذا سند حسن. ومن طريق أبى خالد عن الأعمش، عن أبى صالح، عن أبى هريرة، وهذا إسناد صحيح.

فَيَوْمَئِذٍ اُمِرَ بِالْكِتَابِ وَالشُّهُودِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اوران میں روح کو پھونکا' تو انہیں چھینک آ گئی انہوں نے الحمد اللہ کہا انہوں نے اللہ کے حکم کے تحت اللہ کی حمد بیان کی تھی' تو ان کے پروردگار نے ان سے فرمایا تمہارا پروردگار تم پر رحم کرے اے آدم تم ان فرشتوں کے گروہ کے پاس جاؤ جو بیٹھے ہوئے ہیں اور انہیں سلام کرو' تو حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: السلام علیکم فرشتوں نے جواب دیا: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ پھر حضرت آدم علیہ السلام اپنے پروردگار کے پاس واپس آئے' تو پروردگار نے فرمایا: یہ تمہارا اور تمہاری اولاد کا سلام کرنے کا طریقہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے دو ہاتھ بند تھے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم ان دونوں میں سے جسے چاہو اختیار کرلو' تو حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: میں اپنے پروردگار کے دائیں ہاتھ کو پسند کرتا ہوں ویسے میرے پروردگار کے دونوں ہاتھ دائیں اور برکت والے ہیں پھر پروردگار نے دونوں ہاتھوں کو پھیلایا' تو ان میں حضرت آدم علیہ السلام اوران کی ذریت موجود تھی۔ حضرت آدم علیہ السلام نے دریافت کیا: اے میرے پروردگار یہ کون لوگ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ تمہاری اولاد ہے ان میں سے ہر شخص کی عمر اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھی ہوئی ہے ان لوگوں میں ایک شخص تھا جو چمکدار چہرے کا مالک تھا اس کی عمر صرف چالیس سال لکھی ہوئی تھی حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: اے میرے پروردگار یہ کون ہے اللہ تعالیٰ نے فرمایا: یہ تمہاری اولاد میں سے ایک شخص داؤد ہے اللہ تعالیٰ نے اس کی عمر چالیس برس مقرر کی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار اس کی عمر میں اضافہ کردے۔ پروردگار نے فرمایا: وہ میں نے اس کیلئے مقرر کردی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کی: میں اپنی عمر کے ساٹھ سال اسے دیتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: تم اور وہ (یعنی تمہاری بیوی) جنت میں رہو' تو جب تک اللہ تعالیٰ کو منظور تھا وہ جنت میں رہے پھر انہیں وہاں سے نکالا گیا۔ حضرت آدم علیہ السلام اپنی عمر شمار کرتے رہے پھر ملک الموت ان کے پاس آیا' تو حضرت آدم علیہ السلام نے کہا: کیا تم جلدی نہیں آ گئے میری عمر' تو ایک ہزار سال تھی۔ ملک الموت نے کہا: جی ہاں' لیکن آپ نے اس میں سے ساٹھ سال اپنے بیٹے داؤد کو دیدیئے تھے' تو حضرت آدم علیہ السلام نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا اسی وجہ سے ان کی اولاد بھی انکار کرتی ہے۔ حضرت آدم علیہ السلام بھول گئے اسی وجہ سے ان کی اولاد بھی بھول جاتی ہے' تو اس دن (کئے گئے معاہدے) کو تحریر کرنے یا گواہ قائم کرنے کا حکم دیا گیا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ سَبَبِ ائْتِلَافِ النَّاسِ وَافْتِرَاقِهِمْ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو لوگوں کے ایک دوسرے سے مانوس ہونے یا ایک دوسرے سے غیر متعلق رہنے کے سبب کے بارے میں ہے

6168 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْاَرْوَاحُ جُنُودٌ مُجَنَّدَةٌ، فَمَا تَعَارَفَ مِنْهَا ائْتَلَفَ، وَمَا تَنَاكَرَ مِنْهَا اخْتَلَفَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''روحیں گروہوں کی شکل میں رہتی ہیں ان میں سے جو (عالم ارواح میں) ایک دوسرے سے شناسا ہوتی ہیں وہ دنیا میں بھی ایک دوسرے سے مانوس ہوتی ہیں اور جو ایک دوسرے سے شناسا نہیں ہوتی ہیں وہ دنیا میں بھی ایک دوسرے سے لاتعلق رہتی ہیں۔''

ذِكْرُ اِلْقَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا النُّورَ عَلٰى مَنْ شَاءَ مِنْ خَلْقِهِ هِدَايَتَهُ

اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں سے جس کی ہدایت کو چاہا اس پر نور کو القاء کرنے کا تذکرہ

6169 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيْدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فَقُلْتُ: اِنَّهُمْ يَزْعُمُوْنَ اَنَّكَ تَقُوْلُ: الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِيْ بَطْنِ اُمِّهِ، فَقَالَ: لَا اُحِلُّ لِاَحَدٍ يَكْذِبُ عَلَيَّ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ خَلْقَهُ فِيْ ظُلْمَةٍ، وَاَلْقٰى عَلَيْهِمْ مِنْ نُوْرِهِ، فَمَنْ اَصَابَهُ مِنْ ذٰلِكَ النُّوْرِ اهْتَدٰى، وَمَنْ اَخْطَاَ ضَلَّ، فَلِذٰلِكَ اَقُوْلُ: جَفَّ الْقَلَمُ عَنْ عِلْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

عبداللہ بن دیلمی بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے کہا: لوگ یہ کہتے ہیں کہ آپ یہ کہتے ہیں: وہ شخص بدبخت ہوتا ہے' جو ماں کے پیٹ میں بدبخت ہو' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں کسی شخص کیلئے یہ بات حلال قرار نہیں دیتا کہ وہ میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے

6168– إسناده صحيح على شرط مسلم . أخرجه أحمد 2/295 عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/527، ومسلم (2638) في البر والصلة: باب الأرواح جنود مجندة، والبخاري في " الأدب المفرد " (901) ، وأبو الشيخ في " الأمثال " (102) ، وأبو نعيم في " تاريخ أصبهان "2/94، والخطيب في " تاريخ بغداد "3/319 من طرق عن سهيل بن أبي صالح به . وأخرجه أحمد 2/539، ومسلم (2638) وأبو داود (4834) في الأدب: باب من يؤمر أن يجالس، وأبو نعيم 1/238، والبغوي (3471) من طريقين عن أبي هريرة.

6169– إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين، غيرَ عبد الله ابن الديلمي: وهو ابن فيروز، فقد روى له أصحاب السنن إلا ابن ماجه، وهو ثقة . وأخرجة ابن أبي عاصم في " السنة " (244) عن المسيَّب بن واضح، عن ابن المبارك، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/176، واللالكائي (1079) ، والآجري في " الشريعة " ص 175، وابن أبي عاصم في " السنّة " (243) و (244) ، والحاكم 1/30، من طرق عن الأوزاعي به، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه اللالكائي (1077) و (107) من طريقين عن عبد الرحمن بن ميسرة، عن ربيعة بن يزيد، به. وأخرجه أحمد 2/197، والحاكم، والترمذي (2642) في الإيمان: باب ما جاء في افتراق هذه الأمة وحسنه والآجري، وابن أبي عاصم (241) و (242) من طرق عن عبد الله ابن الديلمي، به . وأخرجه البزار (2145) من طريق يحيى بن أبي عمرو الشيباني، عن أبيه، عن عبد الله بن عمرو وذكره الهيثمي في " المجمع "7/193-194، وقال: رواه أحمد بإسنادين، والبزار، والطبراني، ورجال أحد إسنادي أحمد ثقات. وانظر ما بعده.

سنا ہے۔

"بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو تاریکی میں پیدا کیا پھر اس نے ان پر اپنا نور ڈالا' تو ان میں سے جسے نور ملا وہ ہدایت پا گیا اور جس تک وہ نور نہیں پہنچا وہ گمراہ ہو گیا اسی وجہ سے میں یہ کہتا ہوں اللہ تعالیٰ کے علم کے حوالے سے (تقدیر مقرر ہو چکی ہے اور) قلم خشک ہو چکا ہے۔"

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ عِلْمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، مَنْ يُّصِيبُهُ مِنْ ذٰلِكَ النُّورِ اَوْ يُخْطِئُهُ عِنْدَ خَلْقِهِ الْخَلْقَ فِي الظُّلْمَةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ کو اس بات کا علم تھا' جب اس نے مخلوق کو تاریکی میں پیدا کیا' تو وہ نور اس کی مخلوق میں کس تک پہنچے گا اور کس تک نہیں پہنچے گا

6170 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ، بِالْفُسْطَاطِ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ ابْنِ الدَّيْلَمِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو: بَلَغَنِي اَنَّكَ تَقُولُ: اِنَّ الْقَلَمَ قَدْ جَفَّ، قَالَ: فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا خَلَقَ النَّاسَ فِي ظُلْمَةٍ ثُمَّ اَخَذَ نُورًا مِنْ نُورِهِ، فَاَلْقَاهُ عَلَيْهِمْ فَاَصَابَ مَنْ شَاءَ، وَاَخْطَاَ مَنْ شَاءَ، وَقَدْ عَلِمَ مَنْ يُخْطِئُهُ مِمَّنْ يُصِيبُهُ، فَمَنْ اَصَابَهُ مِنْ نُورِهِ شَيْءٌ اهْتَدَى، وَمَنْ اَخْطَاَهُ فَقَدْ ضَلَّ ؛ فَفِي ذٰلِكَ مَا اَقُولُ: اِنَّ الْقَلَمَ قَدْ جَفَّ

ابن دیلمی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے کہا مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ یہ کہتے ہیں: قلم خشک ہو چکا ہے' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

"بے شک اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو تاریکی میں پیدا کیا پھر اس نے اپنے نور میں سے نور لیا اور اسے ان لوگوں پر ڈالا' تو جسے اس نے چاہا اس تک وہ نور پہنچ گیا اور جسے اس نے چاہا اس تک نور نہیں پہنچا' حالانکہ وہ یہ بات جانتا تھا کہ یہ نور کس تک نہیں پہنچے گا اور کس تک پہنچے گا' تو جس تک وہ نور پہنچ گیا اس نے ہدایت پالی اور جس تک نہیں پہنچا وہ گمراہ ہو گیا۔"

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا) اسی وجہ سے میں یہ کہتا ہوں قلم خشک ہو چکا ہے (یعنی تقدیر کا فیصلہ طے ہو چکا ہے)

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِعَدَدِ النَّاسِ وَاَوْصَافِ اَعْمَالِهِمْ

لوگوں کی تعداد اور ان کے اعمال کی صفات کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

6170- إسناده قوي، وهو مكرر ما قبله. 6171- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غيرَ عم الربيع، واسمه: يسَيْر بن عَمِيلَةَ، فقد روى له الترمذي والنسائي، وهو ثقة. وقد تقدم الحديث مختصراً برقم (4647)، فانظر تخريجه هناك.

6171 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ النَّحْوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرُّكَيْنُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ الْاَسَدِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): النَّاسُ اَرْبَعَةٌ، وَالْاَعْمَالُ سِتَّةٌ: مُوجِبَتَانِ وَمِثْلٌ بِمِثْلٍ، وَحَسَنَةٌ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا، وَحَسَنَةٌ بِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ، وَالنَّاسُ مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، وَمُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا، مَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرَةِ، وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا مُوَسَّعٌ عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرَةِ، وَمَقْتُورٌ عَلَيْهِ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، وَشَقِيٌّ فِي الدُّنْيَا، وَشَقِيٌّ فِي الْاٰخِرَةِ، وَالْمُوجِبَتَانِ مَنْ قَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، اَوْ قَالَ: مُؤْمِنًا بِاللّٰهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ مَاتَ وَهُوَ يُشْرِكُ بِاللّٰهِ دَخَلَ النَّارَ، وَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَعَمِلَهَا كُتِبَتْ لَهُ عَشَرَةُ اَمْثَالِهَا، وَمَنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ، وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةٌ، وَمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَعَمِلَهَا كُتِبَتْ لَهُ سَيِّئَةٌ وَّاحِدَةٌ غَيْرُ مُضَعَّفَةٍ، وَمَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فَاضِلَةً فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ فَبِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ

❀❀ حضرت خریم بن فاتک اسدی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''لوگ چار طرح کے ہوتے ہیں اور اعمال چھ قسم کے ہوتے ہیں (جنت اور جہنم کو) واجب کرنے والے اعمال' جن کا بدلہ برابر برابر ہو' جس میں ایک نیکی کا بدلہ دس گنا ہو ایک نیکی کا بدلہ سات سو گنا ہو کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں' جنہیں دنیا اور آخرت میں کشادگی نصیب ہوتی ہے کچھ کو دنیا میں کشادگی نصیب ہوتی ہے اور آخرت میں تنگی نصیب ہوگی کچھ کو دنیا میں تنگی نصیب ہوتی ہے اور آخرت میں کشادگی نصیب ہوگی کچھ کو دنیا اور آخرت دونوں میں تنگی نصیب ہوگی کچھ لوگ دنیا میں بدبخت ہوتے ہیں اور آخرت میں بھی بدبخت ہوتے ہیں دو واجب کرنے والی چیزیں (یہ ہیں) جو شخص یہ کہے اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جو اللہ پر ایمان رکھے وہ جنت میں داخل ہوگا' جو شخص ایسی حالت میں مرے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک ٹھہراتا ہو گا وہ جہنم میں داخل ہوگا' جو شخص نیکی کا ارادہ کر کے اس پر عمل کر لے اسے اس کا دس گنا اجر ملے گا اور جو شخص کسی نیکی کا ارادہ کر کے اس پر عمل نہ کرے اس کے نامہ اعمال میں ایک نیکی نوٹ کی جائے گی جو شخص کسی برائی کا ارادہ کر کے اس پر عمل نہ کرے اس کے نامہ اعمال میں ایک نیکی نوٹ کی جائے گی جو شخص کسی برائی کا ارادہ کر کے اس پر عمل کر لے اس کے نامہ اعمال میں ایک برائی نوٹ کی جائے گی اس میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا اور جو شخص اضافی چیز کو خرچ کرے گا' تو اس کا بدلہ سات سو گنا تک ہوگا۔''

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ بِالْاِبِلِ الْمِائَةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا لوگوں کو 100 اونٹوں سے تشبیہ دینا

6172 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):إِنَّمَا النَّاسُ كَإِبِلٍ مِائَةٍ لَا يَجِدُ الرَّجُلَ فِيهَا رَاحِلَةً

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''لوگوں کی مثال ایسے ایک سو اونٹوں کی طرح ہے جن میں آدمی کو ایک بھی سواری نہیں ملتی۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ اللَّهَ جَلَّ وَعَلَا يَجْعَلُ أَهْلَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ ضِدَّ قَوْلِ مَنْ رَأَى ضِدَّهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اہل جنت کو اور اہل جہنم کو اس وقت طے کر دیا تھا

جب وہ اپنے آباؤ اجداد کی پشتوں میں تھے یہ بات اس شخص کے موقف کے برخلاف ہے' جو اس کے برعکس رائے رکھتا ہے

6173 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ،

(متن حدیث):أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُتِيَ بِصَبِيٍّ مِنَ الْأَنْصَارِ يُصَلِّي عَلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ عُصْفُورٌ مِنْ عَصَافِيرِ الْجَنَّةِ، قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَلَا تَدْرِينَ أَنَّ اللَّهَ خَلَقَ لِلْجَنَّةِ خَلْقًا فَجَعَلَهُمْ لَهَا أَهْلًا وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ، وَخَلَقَ النَّارَ وَخَلَقَ لَهَا أَهْلًا وَهُمْ فِي أَصْلَابِ آبَائِهِمْ

ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک انصاری بچے کو لایا گیا تاکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نماز جنازہ ادا کریں میں نے عرض کی: یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ تو جنت کی ایک چڑیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم یہ بات نہیں جانتی کہ اللہ تعالیٰ نے جنت کے لیے مخصوص مخلوق کو پیدا کیا ہے اس نے ان لوگوں کو جنت کا اہل بنایا ہے اس وقت جب وہ اپنے آباؤ اجداد کی پشتوں میں تھے اس نے جہنم کو بھی پیدا کیا اور جہنم کے اہل افراد بھی پیدا کئے جبکہ وہ اپنے آباؤ اجداد کی پشتوں میں تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ أَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ أَنَّهُ يُضَادُّ خَبَرَ عَائِشَةَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

6172– حديث صحيح، ابن أبى السرى -وهو محمد بن المتوكل - قد توبع، من فوقه ثقات من رجال الشيخين، وهو فى " مصنف عبد الرزاق " (20447) . ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/88، ومسلم (2547) فى فضائل الصحابة: باب قوله صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الناس كإبل مئة ... "، والترمذى (2872) فى الأمثال: باب ما جاء فى مثل ابن آدم وأجله وأمله، والقضاعى فى " مسند الشهاب (198) ، والبغوى (4195) . وأخرجه ابن المبارك فى " الزهد " (186) ، وأحمد 2/7 و44، والحميدى (663) ، والطحاوى فى " شرح مشكل الآثار "2/210، وأبو الشيخ فى " الأمثال " (131) و (132) من طرق عن معمر، به . وانظر الحديث المتقدم برقم (5797) .

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول اس روایت کے متضاد ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

6174 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، وَشُعَيْثُ بْنُ مُحْرِزٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ الصَّادِقُ الْمَصْدُوْقُ: اِنَّ خَلْقَ اَحَدِكُمْ يُجْمَعُ فِي بَطْنِ اُمِّهِ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا وَاَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً، ثُمَّ يَكُوْنُ عَلَقَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَكُوْنُ مُضْغَةً مِثْلَ ذٰلِكَ، ثُمَّ يَبْعَثُ اللّٰهُ اِلَيْهِ مَلَكًا فَيُؤْمَرُ بِاَرْبَعِ كَلِمَاتٍ، فَيَقُوْلُ: اكْتُبْ عَمَلَهُ وَاَجَلَهُ وَرِزْقَهُ وَشَقِيٌّ اَوْ سَعِيْدٌ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْجَنَّةِ اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَغْلِبُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ الَّذِيْ سَبَقَ فَيُخْتَمُ لَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ بَيْنَهُ وَبَيْنَهَا اِلَّا ذِرَاعٌ فَيَغْلِبُ عَلَيْهِ الْكِتَابُ الَّذِيْ سَبَقَ فَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ

❁❁ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ بات بتائی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سچے ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق بھی کی گئی کسی بھی شخص کے نطفے کو اس کی ماں کے پیٹ میں چالیس دن تک (نطفے کی شکل میں) رکھا جاتا ہے پھر وہ اتنے ہی عرصے تک جما ہوا خون بن کے رہتا ہے پھر وہ اتنے ہی عرصے تک گوشت کے ٹکڑے کی شکل میں رہتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتے کو بھیجتا ہے جسے چار باتوں کا حکم دیا جاتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تم اس کے عمل اس کی موت اس کا رزق اور اس کے بدبخت یا نیک بخت ہونے کو نوٹ کرو۔

6174- إسناده صحيح على شرط الشيخين . رجاله ثقات رجال الشيخين غير شعيث بن محرز: وهو ابن شعيث بن زيد بن أبي الزعراء الأزدي، فقد ذكره المؤلف في " الثقات "8/315، وقال: مستقيم الحديث، وقال ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل " 4/386. روى عنه أبي وأبو زرعة ومحمد بن الحسين البرجلاني. سألت أبي عنه فقال: هو شيخ، وقال الذهبي في " الميزان ": صدوق مشهور، أدركه أبو خليفة الجمحي. وأخرجه البخاري (6594) في القدر . باب في القدر، عن أبي الوليد وهو الطيالسي هشام بن عبد الملك، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي (298) ، والبخاري (7454) في التوحيد: باب (وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ) ، ومسلم (2643) في القدر: باب كيفية الخلق الآدمي في بطن أمه وأبو داود (4708) في السنة . باب في القدر، والدارمي في " الرد على الجهمية " ص 81، من طرق عن شعبة، به. وأخرجه الحميدي (126) ، وأحمد1/382 و430، والبخاري (3208) في بدء الخلق: باب ذكر الملائكة، و (3332) في الأنبياء : باب خلق آدم وذريته، ومسلم، وأبو داود، والترمذي (2137) في القدر: باب ما جاء أن الأعمال بالخواتيم، وقال: حسن صحيح، والنسائي في التفسير من " الكبرى " كما في " التحفة "6/29، وابن ماجه (76) في المقدمة: باب في القدر، وابن أبي عاصم في " السنة " (175) و (176) ، وأبو يعلى (5157) ، والدارمي، واللالكائي في " أصول الاعتقاد " (1040) و (1041) و (1042) " والبيهقي في " الأسماء والصفات " ص 387 وفي " الاعتقاد " ص138-137، وأبو القاسم البغوي في " الجعديات " (2688) ومن طريقه أبو محمد البغوي في " شرح السنة " (71) من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد1/414 والنسائي في " الكبرى" من طريقين عن فطر بن خليفة، عن سلمة بن كهيل، عن زيد بن وهب، به. وانظر الحديث رقم (6177) .

(نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں) ایک شخص اہل جنت کے سے عمل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور جنت کے درمیان ایک بالشت کا فاصلہ باقی رہ جاتا ہے پھر تقدیر کا لکھا ہوا اس پر غالب آجاتا ہے اور اس کے لیے اہل جہنم کی مہر لگا دی جاتی ہے (یا اس کا خاتمہ اہل جہنم پر ہوتا ہے) اور ایک شخص اہل جہنم کے سے عمل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اس کے اور جہنم کے درمیان ایک بالشت کا فاصلہ رہ جاتا ہے تو تقدیر کا لکھا ہوا اس پر غالب آجاتا ہے اور وہ اہل جنت کا سا عمل کر کے جنت میں داخل ہو جاتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحُكْمَ الْحَقِيقِيَّ بِمَا لِلْعَبْدِ عِنْدَ اللّٰهِ لَا مَا يَعْرِفُ النَّاسُ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں بندے کی حقیقی حیثیت کیا ہے؟ اس بارے میں اس چیز کا اعتبار نہیں ہوگا' جو لوگ ایک دوسرے کے بارے میں جانتے ہیں

6175 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(متن حدیث): اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ: اِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فِيمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ النَّاسِ وَاِنَّهٗ لَمِنْ اَهْلِ النَّارِ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فِيمَا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ النَّاسِ وَاِنَّهٗ لَمِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

✿✿ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"ایک شخص اہل جنت کے سے عمل کرتا ہے' جو اس کے اور لوگوں کے درمیان معاملے کے حوالے سے ہوتے ہیں' حالانکہ وہ شخص جہنمی ہوتا ہے اور ایک شخص اپنے اور لوگوں کے درمیان معاملے کے حوالے سے اہل جہنم کا سا عمل کرتا ہے' حالانکہ وہ اہل جنت میں سے ہوتا ہے۔"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَفْصِيلَ هٰذَا الْحَكَمِ يَكُوْنُ لِلْمَرْءِ عِنْدَ خَاتِمَةِ عَمَلِهٖ دُوْنَ مَا يَنْقَلِبُ فِيْهِ فِیْ حَيَاتِهٖ

6175– حديث صحيح إسناده حسن . أسامة بن زيد -وهو الليثي - علق له البخاري، وروى له مسلم مقروناً، وهو صدوق ليس بحديثه بأس، يروي عن ابن وهب نسخة صالحة، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات، ويزيد بن موهب: هو يزيد بن خالد بن يزيد بن عبد الله بن موهب، وأبو حازم: هو سلمة بن دينار الأعرج. وأخرجه أحمد5/331-332 و335 وأبو القاسم البغوي في " الجعديات " (3039) ، والبخاري (2898) في الجهاد: باب لا يقول: فلان شهيد، و (4202) و (4207) في المغازي: باب غزوة خيبر، و (6493) في الرقاق: باب الأعمال بالخواتيم، و (6607) في القدر: باب العمل بالخواتيم، ومسلم (112) في الإيمان: باب غلظ تحريم قتل الإنسان نفسه، وص 2042 في القدر: باب كيفية الخلق الآدمي، وأبو عوانة في " مسنده "1/50-51، والطبراني في " المعجم الكبير " (5784) و (5798) و (5799) و (5806) و (5825) و (5830) و (5891) و (5952) و (6001) ، وابن أبي عاصم في " السنة " (216) ، والآجري في: " الشريعة " ص185، والبيهقي في " دلائل النبوة "4/252 من طرق عن أبي حازم، بهذا الإسناد

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اس حکم کی تفصیل اس وقت کی ہوگی جو آدمی کے اختتامی عمل کی حالت ہوگی اپنی زندگی کے دوران جو وہ تبدیلی کرتا ہے اس کا اعتبار نہیں ہوگا

6176 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): إِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الزَّمَانَ الطَّوِيلَ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ، ثُمَّ يَخْتِمُ اللّٰهُ لَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ فَيَجْعَلُهُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيَعْمَلُ الزَّمَانَ الطَّوِيلَ بِعَمَلِ اَهْلِ النَّارِ، ثُمَّ يَخْتِمُ اللّٰهُ لَهُ بِعَمَلِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَجْعَلُهُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک شخص طویل عرصے تک اہل جنت کے سے عمل کرتا رہتا ہے لیکن پھر اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ اہل جہنم کے سے عمل پر کرتا ہے اور اسے اہل جہنم میں شامل کردیتا ہے ایک شخص طویل عرصے تک اہل جہنم کے سے عمل کرتا ہے پھر اللہ تعالیٰ اس کا خاتمہ اہل جنت کے سے عمل کے ذریعے کرتا ہے اور اسے اہل جنت میں شامل کردیتا ہے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَمْ يَطْلُبِ الْعِلْمَ مِنْ مَظَانِّهِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جس نے علم حدیث کو اس کے

اصل ماخذ سے حاصل نہیں کیا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے متضاد ہے جسے ہم پہلے ذکر کرچکے ہیں

6177 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ الْمَكِّيِّ، اَنَّ عَامِرَ بْنَ وَاثِلَةَ، حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ مَسْعُوْدٍ

6176– إسناده صحيح على شرط مسلم. القعنبي: هو عبد الله بن مسلمة بن قعنب، وعبد العزيز بن محمد: هو الدراوردي. وأخرجه مسلم (2651) في القدر: باب كيفية الخلق الآدمي، عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/484-485، وابن أبي عاصم (218) من طريقين عن العلاء بن عبد الرحمن، به.

6177– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه مسلم في " صحيحه " (2645) في القدر: باب كيفية الخلق الآدمي، والطبراني في " الكبير " من طريقين عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم، والآجري في " الشريعة " ص184-183، واللالكائي في " أصول الاعتقاد " (1547) من طريقين عن ابن جريج، عن أبي الزبير، به. وأخرجه الحميدي (826)، وأحمد 4/6-7، ومسلم، والآجري ص183-182، واللالكائي (1045) و (1046)، وابن أبي عاصم في " السنّة " (177) و (179) و (180)، والطبراني (3036) ... (3043) و (3045) من طرق عن عامر بن واثلة، به.

يَقُولُ:

(متن حدیث): الشَّقِيُّ مَنْ شَقِيَ فِي بَطْنِ أُمِّهِ، وَالسَّعِيدُ مَنْ وُعِظَ بِغَيْرِهِ، فَأَتَى رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَالُ لَهُ حُذَيْفَةُ بْنُ أَسِيدٍ الْغِفَارِيُّ، فَحَدَّثَ بِذٰلِكَ مِنْ قَوْلِ ابْنِ مَسْعُودٍ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا مَرَّ بِالنُّطْفَةِ ثِنْتَانِ وَأَرْبَعُونَ لَيْلَةً بَعَثَ اللّٰهُ إِلَيْهَا مَلَكًا فَصَوَّرَهَا، وَخَلَقَ سَمْعَهَا وَبَصَرَهَا وَجِلْدَهَا وَلَحْمَهَا وَعِظَامَهَا، ثُمَّ يَقُولُ: يَا رَبِّ ذَكَرٌ أَمْ أُنْثَى؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ مَا يَشَاءُ وَيَكْتُبُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ: يَا رَبِّ أَجَلُهُ؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ مَا يَشَاءُ وَيَكْتُبُهُ الْمَلَكُ، ثُمَّ يَقُولُ: يَا رَبِّ رِزْقُهُ؟ فَيَقْضِي رَبُّكَ مَا يَشَاءُ، فَيَأْخُذُ الْمَلَكُ بِالصَّحِيفَةِ فِي يَدِهِ فَلَا يُزَادُ فِي أَمْرٍ وَّلَا يُنْقَصُ

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَلَقَ سَمْعَهَا مِنْ أَلْفَاظِ التَّعَارُفِ لَا أَنَّ الْمَلَكَ يَخْلُقُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بدبخت شخص وہ ہوتا ہے' جو ماں کے پیٹ میں بدبخت ہو نیک بخت وہ ہوتا ہے' جسے دوسرے کے ذریعے نصیحت کی جاسکے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک صاحب تشریف لائے ان کا نام حضرت حذیفہ بن اوسید غفاری رضی اللہ عنہ تھا انہیں یہ بات حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے قول کے طور پر بتائی گئی' تو انہوں نے بتایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''جب نطفے کو بیالیس (42) دن گزر جاتے ہیں' تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف ایک فرشتے کو بھیجتا ہے جو اس کی شکل و صورت متعین کرتا ہے اس کی سماعت و بصارت، اس کی کھال، اس کا گوشت اور اس کی ہڈیاں بناتا ہے پھر وہ دریافت کرتا ہے اے پروردگار! کیا یہ لڑکا ہوگا یا لڑکی ہوگی' تو تمہارے پروردگار نے جو چاہا ہوتا ہے وہ فیصلہ سنا دیتا ہے فرشتہ اسے نوٹ کر لیتا ہے پھر وہ دریافت کرتا ہے پروردگار اس کی موت کا وقت کیا ہوگا تمہارے پروردگار نے جو چاہا ہوتا وہ فیصلہ سنا دیتا ہے فرشتہ اسے نوٹ کر لیتا ہے پھر وہ عرض کرتا ہے پروردگار اس کا رزق کتنا ہوگا' تو تمہارے پروردگار نے جو چاہا ہوتا ہے وہ فیصلہ بتا دیتا ہے' تو فرشتہ وہ صحیفہ اپنے ہاتھ میں لے لیتا ہے اب اس معاملے میں کوئی اضافہ یا کمی نہیں ہوسکتی۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''اس نے اس کی سماعت کو پیدا کیا'' یہ الفاظ لوگوں کے محاورے کے اعتبار سے ہیں اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ فرشتہ اس چیز کو پیدا کرتا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ الرِّعَاعَ مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے بعض لوگوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ ان روایات کے برخلاف ہے جن کو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

6178 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ هُنَيْدَةَ حَدَّثَهُ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّخْلُقَ نَسَمَةً، قَالَ مَلَكُ الْاَرْحَامِ مُعْرِضًا: يَا رَبِّ اَذَكَرٌ اَمْ اُنْثٰى؟ فَيَقْضِي اللّٰهُ اَمْرَهُ، ثُمَّ يَقُوْلُ: يَا رَبِّ اَشَقِيٌّ اَمْ سَعِيْدٌ؟ فَيَقْضِي اللّٰهُ اَمْرَهُ، ثُمَّ يَكْتُبُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ مَا هُوَ لَاقٍ حَتّٰى النَّكْبَةَ يُنْكَبُهَا

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''جب اللہ تعالیٰ کسی جان کو پیدا کرنا چاہتا ہے' تو رحم سے متعلق فرشتہ عرض کرتا ہے اے پروردگار! یہ لڑکا ہوگا یا لڑکی' تو اللہ تعالیٰ اپنے فیصلے کو سنا دیتا ہے پھر وہ عرض کرتا ہے پروردگار یہ بدبخت ہوگا یا نیک بخت ہوگا' تو اللہ تعالیٰ اس بارے میں اپنا فیصلہ سنا دیتا ہے پھر وہ اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان وہ سب چیزیں تحریر کر دیتا ہے' جس کا وہ شخص (بڑا ہو کر) سامنا کرے گا' یہاں تک کہ اسے جو ٹھوکر لگے گی (وہ بھی تحریر کر دی جاتی ہے)''۔

ذِكْرُ الْمُدَّةِ الَّتِيْ قَضَى اللّٰهُ فِيْهَا عَلٰى آدَمَ مَا قَضٰى قَبْلَ خَلْقِهِ اِيَّاهَا

اس مدت کا تذکرہ' کہ حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق سے اتنا عرصہ پہلے اللہ تعالیٰ نے انہیں پیدا کرنے کا فیصلہ کر لیا تھا

6179 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيْبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ

6178- إسناده صحيح، حرملة بن يحيى من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين غير عبد الرحمن بن هنيدة -ويقال: ابن أبي هنيدة- وهو مولى عمر رضى الله عنه، فقد وثقه المصنف5/113-114، وأبو داود وأبو زرعة. وأخرجه الدارمي في "الرد على الجهمية" ص 80، والمزى في "تهذيب الكمال "17/471-473 (3984) من طريقين عن ابن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو يعلى (5775) حدثنا زهير، حدثنا وهيب بن جرير، حدثنا أبي، قال: سمعت يونس يحدث عن الزهرى ... فذكره. وأخرجه البزار (2149) حدثنا محمد بن معمر، حدثنا وهب بن جرير، حدثنا صالح بن أبي الأخضر، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قال رسول - صلى الله عليه وسلم - ... فذكر الحديث. وقال البزار: لا نعلم رواه عن الزهرى، عن سالم، عن أبيه إلا صالح. قلت: وصالح ضعيف. وذكره الهيثمي في "المجمع"7/193، وقال: رواه أبو يعلى والبزار، ورجال أبي يعلى رجال الصحيح.

سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِحْتَجَّ آدَمُ وَمُوْسٰى، فَقَالَ مُوْسٰى: اَنْتَ آدَمُ الَّذِيْ خَلَقَكَ اللّٰهُ بِيَدِهِ، وَنَفَخَ فِيكَ مِنْ رُوحِهِ، وَاَغْوَيْتَ النَّاسَ، وَاَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ، فَقَالَ آدَمُ: اَنْتَ مُوْسَى الَّذِيْ اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِكَلَامِهِ تَلُومُنِيْ عَلٰى عَمَلٍ عَمِلْتُهُ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلَيَّ قَبْلَ اَنْ يَّخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضَ؟ قَالَ: فَحَجَّ آدَمُ مُوْسٰى

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان بحث ہوگئی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: آپ وہ حضرت آدم علیہ السلام ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے دست قدرت کے ذریعے پیدا کیا آپ اپنی روح کو پھونکا' لیکن آپ نے لوگوں کو گمراہ کر دیا اور انہیں جنت سے نکلنے پر مجبور کر دیا حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: آپ وہ موسیٰ ہیں' جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کے ذریعے منتخب کیا آپ مجھے ایک ایسے عمل کے بارے میں ملامت کر رہے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے آسمان و زمین کی تخلیق سے پہلے ہی میرے حوالے سے لکھ دیا تھا۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو حضرت آدم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غالب آ گئے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْخَبَرِ الَّذِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ اس روایت کی متضاد ہے' جو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

6180 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّيْرَفِيُّ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

6179- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن حبيب، فمن رجال مسلم. أبو صالح: هو ذكوان السمّان. وأخرجه الترمذى (2134) فى القدر: باب رقم (2)، وابن أبى عاصم فى "السنّة" (140)، وابن خزيمة فى "التوحيد" ص 57 عن يحيى بن حبيب بن عربى، بهذا الإسناد. وقال الترمذى: حسن صحيح غريب من هذا الوجه من حديث التيمى عن الأعمش. وأخرجه أحمد 2/398، وابن أبى عاصم (141)، وابن خزيمة ص 55 و 109 وعثمان بن سعيد الدارمى فى "الرد على الجهمية" ص 87 من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد 2/264 و 268، وابنه عبد الله فى "السنّة" (701)، والبخارى (3409) فى الأنبياء: باب وفاة موسى وذكره بعد، و (4736) فى تفسير سورة طه: باب قوله: (واصطنعتك لنفسى)، و (4738) باب قوله: (فلا يخرجنكما من الجنّة فتشقى)، و (7515) فى التوحيد: باب قول الله تعالى: (وكلم الله موسى تكليماً)، ومسلم (2652) فى القدر: باب حجاج آدم وموسى عليهما السلام، وابن أبى عاصم (139) و (146) و (147) و (148) و (149) و (150) و (151) و (152) و (157) و (158) و (159) و (160) وابن خزيمة ص 9 و 54 و 55، والآجرى فى "الشريعة" ص 324، والدارمى ص 86 و 87-86، واللالكائى (1033) و (1034) و (1035)، والبيهقى فى "الاعتقاد" ص 99، وفى "الأسماء والصفات" ص191-190 و233-232 و 284 و316-315، والبغوى (69) من طرق عن أبى هريرة، به. وانظر ما بعده و (6210).

(متن حدیث): احْتَجَّ آدَمُ وَمُوسٰى، فَقَالَ مُوسَى: يَا آدَمُ أَنْتَ أَبُونَا خَيَّبْتَنَا وَأَخْرَجْتَنَا مِنَ الْجَنَّةِ، فَقَالَ لَهُ آدَمُ: يَا مُوسَى اصْطَفَاكَ اللّٰهُ بِكَلَامِهِ وَخَطَّ لَكَ بِيَدِهِ تَلُومُنِيْ عَلٰى أَمْرٍ قَدْ قُدِّرَ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ يَّخْلُقَنِيْ بِأَرْبَعِيْنَ سَنَةً؟ قَالَ: فَحَجَّ آدَمُ مُوسٰى، فَحَجَّ آدَمُ مُوسٰى، فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا پتہ چلا ہے: ایک مرتبہ حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے درمیان بحث ہوگئی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کہا: اے (حضرت) آدم (علیہ السلام) آپ ہمارے جد امجد ہیں آپ نے ہمیں رسوائی کا شکار کیا اور ہمیں جنت سے نکلوا دیا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے ان سے فرمایا: اے موسیٰ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کے لیے تمہیں منتخب کیا اور اپنے دست قدرت کے ذریعے تمہارے لیے (تورات کو) تحریر کیا تم ایک ایسے مسئلے کے بارے میں مجھے ملامت کر رہے ہو جو میری تخلیق سے چالیس سال پہلے میرے نصیب میں لکھ دیا گیا تھا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو حضرت آدم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غالب آ گئے حضرت آدم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غالب آ گئے حضرت آدم علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام پر غالب آ گئے۔

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِيْ مِنْهُ خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ جَلَّ وَعَلَا صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

اس چیز کا تذکرہ' جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اللہ تعالیٰ کا درود ان پر نازل ہو

6181 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ عَوْفٍ، عَنْ قَسَامَةَ بْنِ زُهَيْرٍ، عَنْ أَبِيْ مُوسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَلَقَ اللّٰهُ آدَمَ مِنْ أَدِيمِ الْأَرْضِ كُلِّهَا، فَخَرَجَتْ ذُرِّيَّتُهُ عَلٰى حَسَبِ ذٰلِكَ فَمِنْهُمُ الْأَسْوَدُ وَالْأَبْيَضُ وَالْأَحْمَرُ وَالْأَصْفَرُ، وَمِنْهُمْ بَيْنَ ذٰلِكَ، وَالسَّهْلُ وَالْحَزْنُ، وَالْخَبِيثُ وَالطَّيِّبُ

6180- إسناده صحيح على شرط الشيخين. سفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه الحميدي (1115) عن سفيان به، وأخرجه أحمد 2/248، والبخاري (6614) في القدر: باب تحاج آدم وموسى عند الله، ومسلم (2652) في القدر: باب حجاج آدم وموسى عليهما السلام، وأبو داود (4701) في السنّة: باب في القدر، وابن ماجة (80) في المقدمة: باب في القدر، وابن أبي عاصم في "السنّة" (145)، وابن خزيمة في "التوحيد، ص 56، والآجري في "الشريعة" ص 181، 302، -325324، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (1030) و (1031) و (1032)، والبيهقي في "الاعتقاد" ص 138، وفي "الأسماء والصفات" 190 و316، والبغوي (68) من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وانظر الحديث الآتي برقم (6210).

6181- إسناده صحيح. مسَدَّدُ بنُ مُسَرْهَدٍ من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير قسامة بن زهير، فقد روى له أبو داود والترمذي والنسائي، وهو ثقة. عوف: هو ابن أبي جميلة. وأخرجه أبو داود (4693) في السنة: باب في القدر، عن مسدد بن مسرهد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/400 و406، والترمذي (2955) في التفسير: باب ومن سورة البقرة، والطبري في "جامع البيان" (645) من طريق يحيى القطان، به، وقال الترمذي: حسن صحيح. وانظر الحديث رقم (6160).

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو تمام روئے زمین سے پیدا کیا ہے' تو ان کی ذریت اسی حساب سے ہو گی ان میں سے کچھ لوگ سیاہ ہیں کچھ سفید ہیں کچھ سرخ ہیں کچھ زرد ہیں کچھ ان کے درمیان ہیں کوئی آسان ہے کوئی غمگین ہے کوئی خراب ہے کوئی عمدہ ہے۔''

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اَوْلَادَ آدَمَ لِدَارَيِ الْخُلُوْدِ، وَاسْتِعْمَالِهِ اِيَّاهُمْ لَهُمَا فِيْ دَارِ الدُّنْيَا

اللہ تعالیٰ کا اولاد آدم کے لیے آخرت میں (مقام کو) طے کر دینے کا تذکرہ اور دنیا میں ان سے ان دونوں مقامات کے مطابق عمل لینے کا (تذکرہ)

6182 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ، بِالْفُسْطَاطِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ الْجُوْزَجَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ يَعْمَرَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ الدِّيْلِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِي عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ: يَا اَبَا الْاَسْوَدِ اَرَاَيْتَ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ الْيَوْمَ وَيَكْدَحُوْنَ فِيْهِ، اَشَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى اَوْ فِيْمَا يَسْتَقْبِلُوْنَ مِمَّا اَتَاهُمْ بِهِ نَبِيُّهُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاتُّخِذَتْ بِهِ الْحُجَّةُ عَلَيْهِمْ؟ فَقُلْتُ: بَلْ شَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى عَلَيْهِمْ.

قَالَ: فَيَكُوْنُ ذٰلِكَ ظُلْمًا؟ قَالَ: فَفَزِعْتُ مِنْ ذٰلِكَ فَزَعًا شَدِيْدًا، فَقُلْتُ: اِنَّهُ لَيْسَ شَيْءٌ اِلَّا خَلْقُ اللّٰهِ وَمِلْكُ يَدِهِ، مَا يُسْاَلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْاَلُوْنَ، فَقَالَ عِمْرَانُ: سَدَّدَكَ اللّٰهُ اَوْ وَفَّقَكَ اللّٰهُ، اَمَا وَاللّٰهِ مَا سَاَلْتُكَ اِلَّا لِاَحْزِرَ عَقْلَكَ اِنَّ رَجُلًا مِنْ مُزَيْنَةَ اَتَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ مَا يَعْمَلُ النَّاسُ الْيَوْمَ وَيَكْدَحُوْنَ فِيْهِ، اَشَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى عَلَيْهِمْ، اَوْ فِيْمَا يَسْتَقْبِلُوْنَ مِمَّا اَتَاهُمْ بِهِ نَبِيُّهُمْ وَاتُّخِذَتْ عَلَيْهِمْ بِهِ الْحُجَّةُ؟ فَقَالَ: بَلْ شَيْءٌ قُضِيَ عَلَيْهِمْ وَمَضَى عَلَيْهِمْ، قَالَ: فَلِمَ نَعْمَلُ اِذًا؟ قَالَ: مَنْ كَانَ اللّٰهُ خَلَقَهُ لِوَاحِدَةٍ مِنَ الْمَنْزِلَتَيْنِ فَهُوَ يُسْتَعْمَلُ لَهَا، وَتَصْدِيْقُ ذٰلِكَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ: (وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰهَا فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا

(متن حدیث): اشْتَرَى اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ عَازِبٍ رَحْلًا بِثَلَاثَةَ عَشَرَ دِرْهَمًا، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ لِعَازِبٍ: مُرِ الْبَرَاءَ فَلْيَحْمِلْهُ اِلٰى اَهْلِيْ، فَقَالَ لَهُ عَازِبٌ: لَا حَتّٰى تُحَدِّثُنِيْ كَيْفَ صَنَعْتَ اَنْتَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حِيْنَ خَرَجْتُمَا مِنْ مَكَّةَ، وَالْمُشْرِكُوْنَ يَطْلُبُوْنَكُمْ؟ فَقَالَ: ارْتَحَلْنَا مِنْ مَكَّةَ فَاَحْيَيْنَا لَيْلَتَنَا حَتّٰى اَظْهَرْنَا، وَقَامَ قَائِمُ الظَّهِيْرَةِ، فَرَمَيْتُ بِبَصَرِيْ، هَلْ نَرٰى ظِلًّا نَاْوِيْ اِلَيْهِ؟ فَاِذَا اَنَا بِصَخْرَةٍ، فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهَا، فَاِذَا بَقِيَّةُ ظِلِّهَا، فَسَوَّيْتُهُ، ثُمَّ فَرَشْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قُلْتُ: اضْطَجِعْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاضْطَجَعَ، ثُمَّ ذَهَبْتُ اَنْظُرُ، هَلْ اَرٰى مِنَ الطَّلَبِ اَحَدًا؟ فَاِذَا اَنَا بِرَاعِيْ غَنَمٍ يَّسُوْقُ غَنَمَهُ اِلَى الصَّخْرَةِ، يُرِيْدُ مِنْهَا مِثْلَ الَّذِيْ اُرِيْدُ - يَعْنِي الظِّلَّ - فَسَاَلْتُهُ، فَقُلْتُ: لِمَنْ اَنْتَ يَا غُلَامُ؟ قَالَ الْغُلَامُ: لِفُلَانٍ رَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ، فَعَرَفْتُهُ، فَقُلْتُ: هَلْ فِيْ غَنَمِكَ مِنْ لَبَنٍ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: هَلْ اَنْتَ حَالِبٌ لِيْ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَاَمَرْتُهُ، فَاعْتَقَلَ شَاةً مِنْ غَنَمِهِ، وَاَمَرْتُهُ اَنْ يَّنْفُضَ ضَرْعَهَا مِنَ الْغُبَارِ، ثُمَّ اَمَرْتُهُ اَنْ يَّنْفُضَ كَفَّيْهِ، فَقَالَ هٰكَذَا، وَضَرَبَ اِحْدٰى يَدَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى، فَحَلَبَ لِيْ كُثْبَةً مِنْ لَبَنٍ، وَقَدْ رَوَيْتُ مَعِيْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِدَاوَةً عَلٰى فَمِهَا خِرْقَةٌ، فَصَبَبْتُ عَلَى اللَّبَنِ حَتّٰى بَرَدَ اَسْفَلُهُ فَانْتَهَيْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَافَقْتُهُ قَدِ اسْتَيْقَظَ، فَقُلْتُ: اشْرَبْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَشَرِبَ، فَقُلْتُ: قَدْ آنَ الرَّحِيْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَارْتَحَلْنَا وَالْقَوْمُ يَطْلُبُوْنَنَا، فَلَمْ يُدْرِكْنَا اَحَدٌ مِّنْهُمْ غَيْرُ سُرَاقَةَ بْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ عَلٰى فَرَسٍ لَهُ، فَقُلْتُ: هٰذَا الطَّلَبُ قَدْ لَحِقَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَبَكَيْتُ، فَقَالَ: لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا، فَلَمَّا دَنَا مِنَّا، وَكَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ قِيْدُ رُمْحَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ، قُلْتُ: هٰذَا الطَّلَبُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ لَحِقَنَا، فَبَكَيْتُ، قَالَ: مَا يُبْكِيْكَ؟، قُلْتُ: اَمَا وَاللّٰهِ مَا عَلٰى نَفْسِيْ اَبْكِيْ، وَلٰكِنْ اَبْكِيْ عَلَيْكَ، فَدَعَا عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُ بِمَا شِئْتَ، قَالَ: فَسَاخَتْ بِهٖ فَرَسُهُ فِي الْاَرْضِ اِلٰى بَطْنِهَا فَوَثَبَ عَنْهَا، ثُمَّ قَالَ: يَا مُحَمَّدُ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّ هٰذَا عَمَلُكَ، فَادْعُ اللّٰهَ اَنْ يُّنَجِّيَنِيْ مِمَّا اَنَا فِيْهِ، فَوَاللّٰهِ لَاُعَمِّيَنَّ عَلٰى مَنْ وَرَائِيْ مِنَ الطَّلَبِ، وَهٰذِهٖ كِنَانَتِيْ، فَخُذْ مِنْهَا سَهْمًا، فَاِنَّكَ سَتَمُرُّ عَلٰى اِبِلِيْ وَغَنَمِيْ فِيْ مَكَانِ كَذَا وَكَذَا، فَخُذْ مِنْهَا حَاجَتَكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حَاجَةَ لَنَا فِيْ اِبِلِكَ، وَدَعَا لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقَ رَاجِعًا اِلٰى اَصْحَابِهٖ، وَمَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَتّٰى اَتَيْنَا الْمَدِيْنَةَ لَيْلًا، فَتَنَازَعَهُ الْقَوْمُ، اَيُّهُمْ يَنْزِلُ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ اَنْزِلُ اللَّيْلَةَ عَلٰى بَنِي النَّجَّارِ اَخْوَالِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، اُكْرِمُهُمْ بِذٰلِكَ، فَخَرَجَ النَّاسُ حِيْنَ قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فِي الطُّرُقِ، وَعَلَى الْبُيُوْتِ مِنَ الْغِلْمَانِ وَالْخَدَمِ يَقُوْلُوْنَ جَاءَ مُحَمَّدٌ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا اَصْبَحَ انْطَلَقَ، فَنَزَلَ حَيْثُ اُمِرَ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ صَلّٰى نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا اَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ شَهْرًا، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ اَنْ يُّوَجَّهَ نَحْوَ الْكَعْبَةِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَاءِ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضَاهَا فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ) (البقرة: 144) قَالَ: وَقَالَ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ وَهُمُ الْيَهُوْدُ: (مَا وَلّٰهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمِ الَّتِيْ كَانُوا عَلَيْهَا) (البقرة: 142) فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (قُلْ لِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ) (البقرة: 142)، قَالَ: وَصَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَخَرَجَ بَعْدَمَا صَلّٰى فَمَرَّ عَلٰى قَوْمٍ مِنَ الْاَنْصَارِ وَهُمْ رُكُوْعٌ فِيْ صَلَاةِ الْعَصْرِ نَحْوَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ، فَقَالَ: هُوَ يَشْهَدُ اَنَّهُ صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَّهُ قَدْ وُجِّهَ نَحْوَ الْكَعْبَةِ، فَانْحَرَفَ الْقَوْمُ حَتّٰى تَوَجَّهُوا اِلَى الْكَعْبَةِ، قَالَ الْبَرَاءُ: وَكَانَ اَوَّلُ مَنْ قَدِمَ عَلَيْنَا مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ اَخُوْ بَنِيْ عَبْدِ الدَّارِ بْنِ قُصَيٍّ، فَقُلْنَا لَهُ: مَا فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: هُوَ مَكَانَهُ وَاَصْحَابُهُ عَلٰى اَثَرِيْ، ثُمَّ اَتٰى بَعْدَهُ عَمْرُو بْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ الْاَعْمٰى اَخُوْ بَنِيْ فِهْرٍ، فَقُلْنَا: مَا فَعَلَ مَنْ وَرَاءَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ؟ قَالَ: هُمُ الْاٰنَ عَلٰى اَثَرِيْ، ثُمَّ اَتَانَا بَعْدَهُ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ، وَسَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ، وَبِلَالٌ، ثُمَّ اَتَانَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ عِشْرِيْنَ مِنْ اَصْحَابِهٖ رَاكِبًا، ثُمَّ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَهُمْ، وَاَبُوْ بَكْرٍ مَعَهُ، قَالَ الْبَرَاءُ: فَلَمْ يَقْدَمْ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قَرَاْتُ سُوَرًا مِنَ الْمُفَصَّلِ، ثُمَّ خَرَجْنَا نَلْقَى الْعِيْرَ، فَوَجَدْنَاهُمْ قَدْ حَذِرُوْا

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے (میرے والد سے) تیرہ درہم کے عوض میں ایک پالان خریدا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عازب رضی اللہ عنہ سے کہا آپ براء کو ہدایت کریں کہ وہ اسے اٹھا کر میرے گھر پہنچا دے' تو حضرت عازب نے ان سے کہا ایسا اس وقت تک نہیں ہوگا' جب تک آپ ہمیں یہ نہیں بتاتے کہ جب آپ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے نکلے اور مشرکین آپ کی تلاش میں تھے' تو آپ کے ساتھ کیا صورت حال پیش آئی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بتایا ہم لوگ مکہ سے روانہ ہوئے۔ ہم رات بھر سفر کرتے رہے' یہاں تک کہ جب دن چڑھ گیا' تو میں نے اس بات کا جائزہ لیا کہ کیا ہمیں کوئی سایہ دار جگہ نظر آرہی ہے' جس کی پناہ میں ہم چلے جائیں۔ وہاں ایک چٹان موجود تھی۔ میں اس کے پاس آیا جس کا تھوڑا سا سایہ تھا۔ میں نے وہاں زمین کو درست کیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے بچھونا بچھا دیا' پھر میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپ لیٹ جائیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لیٹ گئے پھر میں نے اس بات کا جائزہ لیا کہ کیا مجھے کوئی ایسا شخص نظر آرہا ہے' جو ہماری تلاش میں ہو وہاں مجھے بکریوں کا ایک چرواہا نظر آیا جو اپنی بکریاں لے کر چٹان کی طرف آرہا تھا۔ وہ بھی چٹان سے وہی فائدہ حاصل کرنا چاہتا تھا جو میں چاہتا تھا یعنی سائے میں آنا چاہتا تھا میں نے اس سے دریافت کیا۔ میں نے کہا: تم کس کے (ملازم یا غلام) ہو نوجوان نے کہا: میں فلاں شخص کا (غلام ہوں) اس نے قریش کے ایک شخص کا نام لیا جس سے میں واقف تھا میں نے دریافت کیا: کیا تمہاری بکریوں میں دودھ ہے۔ اس نے جواب دیا: جی ہاں! میں نے کہا: کیا تم میرے لئے اسے دوہ دو گے۔ اس نے کہا: جی ہاں میں نے اسے ہدایت کی' تو اس نے اپنی بکریوں میں سے ایک بکری لے لی۔ میں نے اسے ہدایت کی کہ وہ اس کے تھنوں سے غبار کو صاف کر دے'

پھر میں نے اسے ہدایت کی کہ وہ اپنے دونوں ہاتھ جھاڑ لے پھر راوی نے اس طرح کر کے دکھایا یعنی ایک ہاتھ دوسرے پر مار کر دکھایا پھر اس نے دودھ کا ایک پیالہ مجھے دوہ کر دیا۔ میں اپنے ساتھ نبی اکرم ﷺ کے لئے ایک برتن لے کر آیا تھا جس کے منہ پر کپڑا بندھا ہوا تھا۔ میں نے وہ (پانی) دودھ پر انڈیلا' یہاں تک کہ اس کے نیچے کا حصہ ٹھنڈا ہو گیا۔ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا' تو میں نے آپ کو پایا کہ آپ بیدار ہو چکے تھے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! اسے پی لیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے اسے پی لیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! روانگی کا وقت ہو گیا' پھر ہم لوگ روانہ ہوئے۔ لوگ ہماری تلاش میں تھے ان میں سے کوئی ہم تک نہیں پہنچ سکا۔ صرف سراقہ بن مالک اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر ہم تک آ گیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! ایک تلاش کرنے والا شخص ہم تک پہنچ چکا ہے' تو میں رو پڑا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم غمگین نہ ہو۔ بے شک اللہ تعالیٰ ہمارے ساتھ ہے۔ جب وہ ہمارے قریب ہوا اور ہمارے اور اس کے درمیان دو یا تین نیزوں جتنا فاصلہ رہ گیا' تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! یہ تلاش میں آنے والا شخص ہمارے قریب پہنچ چکا ہے۔ میں پھر رو پڑا نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا تم کیوں رو رہے ہو۔ میں نے عرض کی: اللہ کی قسم! میں اپنی ذات کے حوالے سے نہیں رو رہا بلکہ میں آپ کی وجہ سے رو رہا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے اس کے لئے دعائے ضرر کی آپ نے کہا: اے اللہ' تو اس کے حوالے سے ہمارے لئے جیسے' تو چاہے کافی ہو جا راوی کہتے ہیں:' تو اس شخص کا گھوڑا پیٹ تک زمین میں دھنس گیا۔ وہ شخص اس سے اترا اور بولا: اے حضرت محمد ﷺ میں یہ بات جانتا ہوں کہ یہ آپ کا کام ہے آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ میں' جس مصیبت کا شکار ہوا ہوں وہ مجھے اس سے نجات عطا کر دے۔ اللہ کی قسم! میں اپنے پیچھے موجود آپ کی تلاش میں آنے والے لوگوں کو بھٹکا دوں گا یہ میرا ترکش ہے آپ اس میں سے ایک تیر لے لیجئے۔ آپ کا گزر فلاں مقام پر میرے اونٹوں اور بکریوں کے پاس سے ہو گا۔ وہاں آپ اپنی ضرورت کے مطابق چیزیں حاصل کر لیجئے گا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہمیں تمہارے اونٹوں کی ضرورت نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس کے حق میں دعا کی' تو وہ اپنے ساتھیوں کے پاس واپس چلا گیا اور نبی اکرم ﷺ آگے روانہ ہو گئے' یہاں تک کہ ہم رات کے وقت مدینہ منورہ پہنچے لوگوں کے درمیان اس بارے میں اختلاف ہو گیا۔ نبی اکرم ﷺ ان میں سے کس کے ہاں پڑاؤ کریں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: آج رات میں بنونجار کے ہاں پڑاؤ کروں گا۔ وہ جناب عبدالمطلب کے ننھیال ہیں۔ میں اس حوالے سے ان کی عزت افزائی کروں گا۔

(حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) جب ہم لوگ مدینہ منورہ پہنچے' تو لوگ راستوں میں نکل آئے۔ گھروں کے اوپر بچے اور خادم موجود تھے۔ وہ یہ کہہ رہے تھے حضرت محمد ﷺ تشریف لے آئے۔ اللہ کے رسول ﷺ تشریف لے آئے نبی اکرم ﷺ چلتے رہے' یہاں تک کہ آپ نے اس جگہ پڑاؤ کیا جہاں آپ کو حکم دیا گیا تھا۔

نبی اکرم ﷺ **16** یا شاید **17** ماہ تک بیت مقدس کی طرف رُخ کر کے نماز ادا کرتے رہے۔ آپ کی یہ خواہش تھی کہ آپ کا رُخ خانہ کعبہ کی طرف کر دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''ہم آسمان کی طرف تمہارے چہرے کا اٹھنا دیکھ رہے ہیں۔ ہم عنقریب تمہیں اس قبلہ کی طرف پھیر دیں گے' جس

سے تم راضی ہو تو تم اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف پھیر لو۔''

راوی کہتے ہیں: کچھ بے وقوف لوگوں نے (راوی کہتے ہیں: اس سے مراد یہودی ہیں) یہ کہا: ان لوگوں کو اس قبلہ سے کس نے پھیر دیا جس پر یہ پہلے تھے۔

تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''تم یہ فرما دو مشرق اور مغرب اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں وہ جسے چاہتا ہے سیدھے راستے کی طرف ہدایت نصیب کرتا ہے۔''

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک شخص نے نماز ادا کی۔ وہ نماز ادا کرنے کے بعد وہاں سے نکلا۔ اس کا گزر کچھ انصاریوں کے پاس سے ہوا جو عصر کی نماز میں رکوع کی حالت میں بیت مقدس کی طرف رخ کئے ہوئے تھے۔ اس نے گواہی دیتے ہوئے یہ بات کہی۔ اس نے نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ کا رُخ خانہ کعبہ کی طرف کر دیا گیا ہے، تو وہ لوگ اسی وقت پلٹ پڑے۔ انہوں نے اپنا رخ خانہ کعبہ کی طرف کر لیا۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مہاجرین میں سے سب سے پہلے حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آئے جن کا تعلق بنو عبد دار سے تھا۔ ہم نے ان سے دریافت کیا۔ نبی اکرم ﷺ کا کیا حال ہے۔ انہوں نے بتایا نبی اکرم ﷺ، تو اپنی جگہ پر ہیں، البتہ آپ کے ساتھی میرے پیچھے پیچھے آرہے ہیں۔ ان کے بعد حضرت عمرو بن ام مکتوم نابینا رضی اللہ عنہ آئے جن کا تعلق بنو فہر سے تھا۔ ہم نے ان سے دریافت کیا۔ آپ کے پیچھے نبی اکرم ﷺ اور آپ کے ساتھیوں کا کیا حال ہے، تو انہوں نے بتایا: وہ میرے پیچھے آرہے ہیں۔ اس کے بعد حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ ہمارے پاس آئے، پھر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اپنے **20** ساتھیوں کے ہمراہ سوار ہو کر ہمارے پاس آئے، پھر ان کے بعد نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے۔ آپ کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی تھے۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی مدینہ منورہ کی تشریف آوری سے پہلے میں مفصل سورتوں کا علم حاصل کر چکا تھا، پھر ہم (دشمن کے) قافلے کا مقابلہ کرنے کے لئے نکلے، تو ہم نے انہیں ایسی حالت میں پایا، کہ وہ اپنا بچاؤ کر چکے تھے۔

ذِكْرُ مُوَاسَاةِ الْاَنْصَارِ، بِالْمُهَاجِرِينَ مِمَّا مَلَكُوا مِنْ هٰذِهِ الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

انصار، اس فنا ہو جانے والی اور زائل ہو جانے والی دنیا میں سے، جن چیزوں کے مالک تھے ان چیزوں کے بارے میں ان کا مہاجرین کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کا تذکرہ

6282 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُوْنَ مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِينَةِ قَدِمُوا وَلَيْسَ بِاَيْدِيهِمْ شَيْءٌ، وَكَانَ الْاَنْصَارُ

اَهْلَ الْاَرْضِ وَالْعَقَارِ، قَالَ: فَقَاسَمَهُمُ الْاَنْصَارِ عَلٰى اَنْ يُّعْطُوهُمْ اَنْصَافَ ثِمَارِ اَمْوَالِهِمْ كُلَّ عَامٍ، فَيَكْفُوهُمُ الْعَمَلَ، قَالَ: وَكَانَتْ اُمُّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَعْطَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْذَاقًا لَهَا، فَاَعْطَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّ اَيْمَنَ مَوْلَاتَهُ اُمَّ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، فَلَمَّا فَرَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِ اَهْلِ خَيْبَرَ، وَانْصَرَفَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ، رَدَّ الْمُهَاجِرُوْنَ اِلَى الْاَنْصَارِ مَنَائِحَهُمُ الَّتِيْ كَانُوا مَنَحُوهُمْ مِنْ ثِمَارِهِمْ، قَالَ: فَرَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُمِّيْ اَعْذَاقَهَا، وَاَعْطٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّ اَيْمَنَ مَكَانَهَا مِنْ حَائِطِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب مہاجرین مکہ سے مدینہ منورہ آئے وہ ایسی حالت میں آئے کہ ان کے پاس کوئی بھی چیز نہیں تھی، جب کہ انصار کے پاس زمینیں بھی تھیں اور جائیدادیں بھی تھیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، تو انصار نے ان کے ساتھ یہ طے کیا کہ وہ ہر سال اپنی زمینوں کی پیداوار کا نصف پھل مہاجرین کو دیں گے، اور مہاجرین کی جگہ کام کاج کرلیا کریں گے۔ راوی بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی والدہ نے اپنی کھجوروں کے کچھ خوشے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کئے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ اپنی کنیز ام ایمن کو عطا کردیے جو حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کی والدہ تھی، جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اہل خیبر کی طرف سے فارغ ہوئے اور واپس مدینہ منورہ تشریف لائے، تو مہاجرین نے انصار کے عطیات انہیں واپس کر دیئے جو انہوں نے اپنے پھل وغیرہ انہیں عطیے کے طور پر دیئے تھے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میری والدہ کو ان کے کھجوروں کے خوشے بھی واپس کر دیئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ ام ایمن رضی اللہ عنہا کو اس کی جگہ اپنا باغ عطا کیا۔

ذِكْرُ عَدَدِ غَزَوَاتِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غزوات کی تعداد کا تذکرہ

6283 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، وَابْنُ كَثِيْرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ النَّاسُ يَسْتَسْقُوْنَ وَفِيهِمْ زَيْدُ بْنُ اَرْقَمَ، مَا بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ اِلَّا رَجُلٌ، قَالَ: قُلْتُ: كَمْ غَزَا؟ وَقَالَ ابْنُ كَثِيْرٍ: يَا اَبَا عَمْرٍو كَمْ غَزَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: تِسْعَ عَشْرَةَ، قُلْتُ: كَمْ

6282- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم . وأخرجه مسلم (1771) في الجهاد: باب رد المهاجرين إلى الأنصار منائحهم من الشجر والتمر حين استغنوا، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (2630) في الهبة: باب فضل المنيحة، ومسلم والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 1/398، والبيهقي 6/116 من طرق عن ابن وهب، به. وعلقه البخاري بإثر حديث (2630) ، فقال: وقال أحمد بن شبيب: أخبرنا أبي، عن يونس، به . قلت: وصله البيهقي 6/116 من طريق محمد بن أيوب، أنبأنا أحمد بن شبيب، بهذا الإسناد.

غَـزَوْتَ مَـعَهُ؟ قَالَ: سَبْعَ عَشْرَةَ، قُلْتُ: مَا اَوَّلُ مَا غَزَا؟ قَالَ: ذُو الْعُشَيْرَةِ اَوِ الْعُسَيْرَةِ، فَصَلَّى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدٍ بِالنَّاسِ رَكْعَتَيْنِ

❁❁ ابواسحاق بیان کرتے ہیں: لوگ نماز استسقاء ادا کرنے کے لئے نکلے۔ ان میں حضرت زید بن ارقم بھی تھے۔ میرے اوران کے درمیان صرف ایک شخص تھا میں نے دریافت کیا آپ نے کتنے غزوات میں شرکت کی ہے۔

یہاں ابن کثیر نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں۔ اے ابوعمرو! نبی اکرم ﷺ نے کتنے غزوات میں شرکت کی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: **19** غزوات میں' میں نے دریافت کیا آپ نے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ کتنے غزوات میں شرکت کی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: سترہ **(17)** میں' میں نے دریافت کیا سب سے پہلا غزوہ کون سا تھا۔ انہوں نے بتایا ذوعشرہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہے) عسیرہ

پھر عبداللہ بن زید نے لوگوں کو دو رکعات نماز پڑھائی۔

6283- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبـو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي، وابن كثير: هو محمد بن كثير العبـدي، وأبو إسحاق: هو عمرو بن عبد الله السبيعي. وأخـرجه الطبراني في "الكبير" (5042) ، وأبو نعيم في "الحلية" 4/343 عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/373، والطيالسي (682) ، والبخاري (3949) في المغازي: باب غزوة العشيرة أو العسيرة، ومسلم ص 1447 في الجهاد: باب عدد غزوات النبي - صلى الله عليه وسلم -، والترمذي (1676) في فـضـائـل الجهاد: باب ما جاء في غزوات النبي - صـلـى الله عليه وسلم - وكـم غـزا، وقال: حسن صحيح، والفسوي في "المعرفة والتـاريخ" 2/629، والبيهـقي في "الدلائل" 5/460، وفي "السنن" 3/348، والـطبراني (5042) مـن طـرق عن شعبة، به. ذكر بـعـضهُـم الاستسقاء وبعضهم لم يذكره . وأخـرجه ابن أبي شيبة 351-1/350، وأحمد 4/368 و 370 و 372-371، والبخاري (4404) فـي الـمغازي: باب حجة الوداع، (4471) : بـاب كم غزا النبي - صـلـى الله عليه وسلم -، ومسلم (1254) (218) في الحج: باب بيان عُمَر النبي - صلى الله عليه وسلم - وزمانهن، وص 1447، والبيهقي في "الدلائل" 5/453، والطبراني (5043) و (5044) و (5045) و (5046) و (5047) و (5048) مـن طـرق عـن أبي إسحاق، به. وأخـرجه أحمد 4/374 عـن غـنـدر، حدثنا شعبة، عن ميمون أبي عبد الله، قال: سمعتُ زيد بن أرقم يقول: ... فذكره.

بَابُ مِنْ صِفَتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَخْبَارِهِ

نبی اکرم ﷺ کے حلیہ مبارک کا تذکرہ

6284 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا الْحَوْضِيُّ، وَابْنُ كَثِيرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مَرْبُوعًا، بَعِيدَ مَا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ، لَهُ شَعَرٌ يَبْلُغُ شَحْمَةَ اُذُنَيْهِ، رَاَيْتُهُ فِىْ حُلَّةٍ حَمْرَاءَ، لَمْ اَرَ قَطُّ اَحْسَنَ مِنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ درمیانی قد کے مالک تھے۔آپ کا سینہ چوڑا تھا،آپ کے بال کانوں کی لوتک آتے تھے۔میں نے آپ کو سرخ حلے میں دیکھا ہے میں نے آپ سے زیادہ خوبصورت کوئی نہیں دیکھا۔

ذِكْرُ وَصْفِ قَامَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم ﷺ کی قامت کی صفت کا تذکرہ

6285 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا السِّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ يُوسُفَ بْنِ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْسَنَ النَّاسِ وَجْهًا، وَاَحْسَنَهُمْ خَلْقًا وَخُلُقًا لَيْسَ

6284– إسناده صحيح على شرط الشيخين . الحوضي: هو حفص بن عمر، وابن كثير: هو العبدي، واسمه محمد، وأبو إسحاق: هو السبيعي . وأخرجه البخاري (3551) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وأبو داود (4072) في اللباس: باب الرخصة في الحمرة، (4184) في الترجل: باب ما جاء في شعر النبي - صلى الله عليه وسلم -، عن حفص بن عمر الحوضي، بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي (721) ، والبخاري (5848) في اللباس: باب الثوب الأحمر، ومسلم (2337) في الفضائل: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، والترمذي في "الشمائل" (3) ، والنسائي 8/183 في الزينة: باب اتخاذ الجمة، و8/203: باب لبس الحلل، وأبو يعلى (1714) ، وابن سعد في " الطبقات "428-1/427، والبيهقي في "الدلائل"1/222 و 240، وابن عساكر في "تاريخ دمشق" قسم السيرة النبوية ص 243 من طرق عن شعبة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/365 و 450، وأحمد 4/290 و 295 و 300 و 303، والبخاري (5901) في اللباس: باب الجعد، ومسلم (2337) ، والترمذي (3635) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وفي " الشمائل " (4) ، وأبو داود (4183) ، وابن ماجه (3599) في اللباس: باب لبس الأحمر للرجال، والنسائي 8/183، وأبو يعلى (1700) و (1705) ، وابن سعد 1/427 و 428، والبيهقي 223-1/222، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم "- ص 112، وابن عساكر ص 243 و 244 و 245 و 246 من طرق عن أبي اسحاق بنحوه.

بِالطَّوِيلِ الذَّاهِبِ وَلَا بِالْقَصِيرِ

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ خوبصورت تھے۔ آپ اپنی شکل وصورت اور اخلاق کے اعتبار سے سب سے اچھے تھے۔ آپ نہ بہت زیادہ لمبے تھے نہ ہی چھوٹے قد کے مالک تھے۔

ذِكْرُ لَوْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رنگت کا تذکرہ

6286 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ لَوْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْمَرَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا رنگ گندمی تھا۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يُشَبَّهُ بِهِ وَجْهُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک کو (نورانیت اور چمک میں) کس چیز سے تشبیہ دی جاتی تھی؟

6287 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ

6285- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو كريب: هو محمد بن العلاء . وأخرجه مسلم (2337) (93) في الفضائل: باب في صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وابن عساكر في "تاريخ دمشق" قسم السيرة النبوية ص 245 عن أبي كريب، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (3549) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وابن عساكر ص245-244 و 245 من طريقين عن إسحاق بن منصور، به. وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة" 1/250 .

6286- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهب بن بقية من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين . خالد: هو ابن عبد الله الطحان . وأخرجه أبو يعلى (3741) عن وهب بن بقية، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 259-3/258، والبزار (2388) ، والبيهقي في "الدلائل" 1/203 من طرق عن خالد بن عبد الله، به . وذكره الهيثمي في "المجمع" 8/272 وقال: رواه أحمد وأبو يعلى والبزار، ورجال أبي يعلى رجال الصحيح، وصححه الحافظ في "الفتح" 6/569، وزاد نسبته إلى ابن منده.

6287- إسناده صحيح على شرط الشيخين. زهير: هو ابن معاوية، ومع أنه سمع من أبي اسحاق بعد الاختلاط، فقد أخرج له الشيخان في "صحيحيهما" من روايته عنه، على أن الإمام الذهبي -رحمه الله- يرى أنه شاخ ونسي ولم يختلط . وأخرجه البخاري (3552) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، والدارمي 1/32، والبيهقي في "دلائل النبوة" 1/195 عن الفضل بن دكين، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي (727) ، وأحمد 4/281، والترمذي (3636) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وفي (الشمائل) (10) ، والبيهقي في "الدلائل" 1/195، وابن عساكر في "تاريخ دمشق " قسم السيرة النبوية ص 249 من طرق عن زهير بن معاوية، به.

بْنُ دُكَيْنٍ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ لِلْبَرَاءِ: كَانَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ السَّيْفِ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ مِثْلَ الْقَمَرِ

ابواسحاق بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک تلوار کی مانند (چمک دار تھا؟) انہوں نے جواب دیا: جی نہیں! بلکہ چاند کی مانند (چمکدار تھا)

ذِكْرُ وَصْفِ عَيْنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھوں کی صفت کا تذکرہ

6288 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذِ بْنِ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ عَنْ صِفَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَانَ اَشْكَلَ الْعَيْنَيْنِ، ضَلِيعَ الْفَمِ، مَنْهُوسَ الْعَقِبِ

سماک بن حرب بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیے کے بارے میں دریافت کیا' تو انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں سفید تھیں' جن میں سرخ ڈورے تھے' آپ کا منہ کشادہ تھا' آپ کی ایڑھیوں پر گوشت کم تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ اَشْكَلُ الْعَيْنَيْنِ، اَرَادَ بِهِ اَشْهَلَ الْعَيْنَيْنِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا: اَشْكَلُ الْعَيْنَيْنِ اس سے مراد یہ ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں سفید تھیں' جن میں سرخ ڈورے موجود تھے

6289 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

6288- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير سماك بن حرب، فمن رجال مسلم، ثم هو صدوق لا يرقى حديثه إلى رتبة الصحيح. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (1904) عن عبد الله بن أحمد بن حنبل وسليمان بن الحسن، حدثنا عبيد الله بن معاذ، بهذا الإسناد. وهو في "زوائد المسند" 5/97. وأخرجه أحمد 5/86 و 88 و 103، ومسلم (2339) في الفضائل: باب صفة فم النبي - صلى الله عليه وسلم -، وعينيه وعقبيه، والترمذي (3646) و (3647) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، وفي "الشمائل" (8)، والطبراني (1903)، والبيهقي في "الدلائل" 1/211، والبغوي (3634) من طرق عن شعبة، به. وجاء في رواية عند أحمد ومسلم والترمذي: قال شعبة: قلت لسماك: ما ضليع الفم؟ قال: عظيم الفم، قال: قلت: ما أشكل العين؟ قال: طويل شق العين، قال: قلت: ما منهوس العقب؟ قال: قليل لحم العقب.

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَلِيعَ الْفَمِ، اَشْهَلَ الْعَيْنَيْنِ، مَنْهُوسَ الْكَعْبَيْنِ اَوِ الْقَدَمَيْنِ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا منہ کشادہ تھا' آپ کی آنکھیں سفید تھیں' جن میں کچھ سرخی ملی ہوئی تھی' آپ کے ٹخنوں پر (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) آپ کے قدموں پر گوشت کم تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ ثَغْرًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سامنے کے دانتوں کے حوالے سے بھی سب سے زیادہ خوب صورت تھے

6290 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ عَمْرٍو الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنِي سِمَاكُ بْنُ الْوَلِيْدِ، اَخْبَرَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ، اَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، قَالَ:

(متن حدیث): ضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ ثَغْرًا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیے آپ مسکراتے ہوئے سب سے زیادہ خوبصورت لگتے تھے۔

6289- إسناده على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله. وأخرجه البيهقي في "الدلائل" 1/210 من طريق إبراهيم بن سرزوق، عن وهب بن جرير، بهذا الإسناد، وعنده: "أشكل العينين." وأخرجه الطيالسي (765)، وعنه ابن سعد 1/416، والبيهقي في "الدلائل" 1/411 عن شعبة به، بلفظ "أشهل العينين." قال أبو عبيد في "غريب الحديث" 3/27-28: الشُّكلة: الحمرة تكونُ في بياض العين، والشُّهلة غير الشكلة، وهي حمرة في سواد العين.

6290- إسناده حسن على شرط مسلم. وهو قطعة من حديثٍ مطول تقدم تخريجه برقم (4188). 6291- إسناده صحيح على شرط مسلم، شيبان بن أبي شيبة: هو ابن فروخ، من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم (2338) (94) في الفضائل: باب صفة شعر النبي - صلى الله عليه وسلم -، والبيهقي في "دلائل النبوة" 1/220 عن شيبان بن فروخ، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/135 و 203، والبخاري (5905) و (5906) في اللباس: باب الجعد، والترمذي في "الشمائل" (26)، وابن ماجه (3634) في اللباس: باب اتخاذ الجمة والذوائب، وابن سعد في "الطبقات" 1/428، والبيهقي 1/219 من طرق عن جرير بن حازم، به. وأخرج أحمد 3/118، والبخاري (5903) و (5904) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، ومسلم (2338) (95)، والنسائي 8/183 في الزينة: باب اتخاذ الجمة، وابن سعد 1/428، والبيهقي 1/220-221 من طرق عن هَمَّام، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ شَعر رَسُولِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم - يضرب منكبيه. وأخرج عبد الرزاق (20519)، ومسلم (2338) (96)، وأبو داود (4186) في الترجل: باب ما جاء في الشعر، والنسائي 8/183، وابن سعد 1/428 من طريقين عن أنس، قال: كَانَ شَعر رَسُولِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وسلم - أنصاف أذنيه. وأخرجه أحمد 3/135، وابن سعد 1/428 و 428-429 من طريقين عن أنس، قال: كان شعره لا يجاوز أذنيه. وأخرج أبو داود (4185)، وعنه البيهقي في "الدلائل" 1/421 من طريق عبد الرزّاق، عن معمر، عن ثابت، قال: كان شَعر رسول الله - صلى الله عليه وسلم - إلى شحمة أذنيه.

ذِكْرُ وَصْفِ شَعْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں کی صفت کا تذکرہ

6291 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: كَيْفَ كَانَ شَعْرُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: كَانَ شَعْرًا رَجِلًا، لَيْسَ بِالْجَعْدِ، وَلَا بِالسَّبْطِ بَيْنَ اُذُنَيْهِ وَعَاتِقِهِ

قتادہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بال کیسے تھے؟ انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بال ہلکے سے گھنگھریالے تھے' نہ زیادہ گھنگھریالے تھے اور نہ ہی بالکل سیدھے تھے' وہ کانوں اور کندھوں کے درمیان تک آتے تھے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الشَّعَرَاتِ الَّتِيْ شَابَتْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان بالوں کی صفت کا تذکرہ' جو سفید ہو گئے تھے

6292 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُمْ قَالُوا لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: هَلْ شَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا شَانَهُ اللّٰهُ بِشَيْبٍ، مَا كَانَ فِيْ رَاْسِهِ وَلِحْيَتِهِ سِوَى سَبْعَ عَشْرَةَ اَوْ ثَمَانِ عَشْرَةَ شَعْرَةً

ثابت بیان کرتے ہیں: لوگوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سفید بال آگئے تھے' تو انہوں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے آپ کو سفید بالوں کے ذریعے (بوڑھا ظاہر) نہیں کیا۔ آپ کے سر اور داڑھی مبارک میں 17 یا 18 سے زیادہ سفید بال نہیں تھے۔

6292– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم . وأخرجه أحمد 3/254، وابن سعد في "الطبقات" 432-1/431 عن عفان، وأخرجه البيهقي في "الدلائل" 232-1/231 من طريقين عن حجاج بن منهال، كلاهما عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وأخرج مسلم (2341) (105) في الفضائل: باب شيبه - صلى الله عليه وسلم -، وابن سعد 1/431 من طريقين عن أنس أنه سئل عن شيب رسول الله - صلى الله عليه وسلم -، فقال: ما شانه الله ببيضاء . وأخرج ابن ماجه (2629) في اللباس: باب من ترك الخضاب، من طريق حميد، قال: سئل أنس بن مالك: أخضب رسول الله - صلى الله عليه وسلم -؟ قال: إنه لم ير من الشيب إلّا نحو سبعة عشر أوعشرين شعرة في مقدم لحيته . وقال البوصيري في "الزوائد" 225/2: هذا إسناد صحيح. وانظر الحديث التالي و (6387) .

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ بَعْضَ النَّاسِ ضِدَّ مَا وَصَفْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے بعض لوگوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا جو اس چیز کے برعکس ہے، جو ہم نے بیان کی ہے

6293 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا عَدَدْتُ فِي رَأْسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِحْيَتِهِ اِلَّا اَرْبَعَ عَشْرَةَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر اور داڑھی میں صرف چودہ 14 سفید بال شمار کیے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ اَنَسٍ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ لَمْ يُرِدْ بِهِ النَّفْيَ عَمَّا وَرَاءَ ذٰلِكَ الْعَدَدِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا وہ قول جو ہم نے ذکر کیا ہے اس کے ذریعے اس کے علاوہ کی نفی مراد نہیں ہے

6294 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ، بِالْاُبُلَّةِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْوَلِيْدِ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ شَرِيْكٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ شَيْبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِشْرِيْنَ شَعْرَةً

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صرف بیس بال سفید تھے۔

ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِيْ كَانَ فِيْهِ تِلْكَ الشَّعَرَاتُ

اس مقام کا تذکرہ جہاں وہ (سفید) بال موجود تھے

6295 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ،

6293- إسناده صحيح، محمد بن عبد الملك بن زنجويه ثقة روى له أصحاب السنن، ومن فوقه من رجال الشيخين، وهو عند عبد الرزّاق في "المصنف" (20185)، وعنه أخرجه أحمد 3/165 والترمذي في "الشمائل" (37)، والبغوي (3653).

6294- إسناده ضعيف. شريك: هو ابن عبد الله الكوفي القاضي، سيء الحفظ. وأخرجه ابن ماجه (3630) في اللباس: باب من ترك الخضاب، والترمذي في "الشمائل" (39)، وفي "العلل الكبير" 2/929، والبيهقي في "دلائل النبوة" 1/239 عن محمد بن عمر الكندي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/90، ومن طريقه البغوي (3656) عن يحيى ابن آدم، به. وقال الترمذي في "العلل": سألت محمداً -يعني البخاري- عن هذا الحديث، فقال: لا أعلم أحداً روى هذا الحديث عن عبيد الله غير شريك. وذكره البوصيري في "زوائد ابن ماجه" 225/2، وقال: إسناده صحيح ورجاله ثقات!

حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:
(متن حدیث): رَاَيْتُ شِيبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوًا مِنْ عِشْرِينَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ فِيْ مُقَدَّمَتِهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تقریباً بیس سال سفید دیکھے ہیں جو آگے کی طرف تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الشَّعَرَاتِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا لَمْ تَكُنْ فِيْ لِحْيَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُوْنَ غَيْرِهَا مِنْ بَدَنِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ چند (سفید) بال جن کی صفت ہم نے بیان کی ہے وہ نہ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھی مبارک میں تھے اور نہ ہی داڑھی کے علاوہ جسم کے کسی اور حصے پر تھے

6296 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا الْمُثَنّٰى بْنُ سَعِيْدٍ الضُّبَعِيُّ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،
(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَخْضِبُ، اِنَّمَا كَانَ شَمَطٌ عِنْدَ الْعَنْفَقَةِ يَسِيْرًا، وَفِي الرَّاْسِ يَسِيْرًا، وَفِي الصُّدْغَيْنِ يَسِيْرًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خضاب نہیں لگاتے تھے۔ آپ کے منہ اور ٹھوڑی کے درمیان میں تھوڑے سے بال سفید تھے۔ سر میں تھوڑے سے بال سفید تھے اور کنپٹیوں پر تھوڑے سے بال سفید تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الشَّعَرَاتِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا كَانَ اِذَا مُشِّطْنَ وَدُهِنَّ لَمْ يَتَبَيَّنْ شَيْبُهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ چند بال جن کا ہم نے ذکر کیا ہے

6295- إسناده ضعيف، وهو مكرر ما قبله.

6296- إسناده صحيح على شرط الشيخين . عبد الصمد: هو ابن عبد الوراث. وأخرجه النسائي 7/141 في الزينة: باب الخضاب بالصفرة، عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي في "الدلائل" 1/232 من طريق محمد بن أبي بكر، عن عبد الصمد بن عبد الوراث، به . وأخرجه مسلم (2341) (104) في الفضائل: باب شيبه - صلى الله عليه وسلم -، وابن سعد 1/432 من طريقين عن المثنى بن سعيد، به . وأخرج البخاري (3550) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، والنسائي 8/140-141، وابن سعد 1/432، والترمذي في "الشمائل" (36) ، وعنه البغوي (3652) من طرق عن هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أنه سئل: هل خضب النبي - صلى الله عليه وسلم -؟ قال: لا، إنما كان شيء في صدغيه. وأخرج البخاري (5895) في اللباس: باب ما يذكر في الشيب، وأبو داود (4209) من طريقين عن حماد بن زيد، عن ثابت، قال: سئل أنس عن خضاب النبي - صلى الله عليه وسلم -، فقال: إنه لم يخضب، ولو شئت أن أعد شمطاته في لحيته. لفظ البخاري. وأخرج البخاري (5894) ، ومسلم (2341) ، والبيهقي في "الدلائل" 1/229-230 و 230 عن المعلى بن أسد، حدثنا وهيب، عن أيوب،

جب ان میں کنگھی کر دی جاتی اور تیل لگا دیا جاتا' تو ان کا سفید ہونا ظاہر نہیں ہوتا تھا

6297 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنْ سِمَاكٍ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ شَمِطَ مُقَدَّمُ رَاْسِهِ وَلِحْيَتُهُ، وَاِذَا ادَّهَنَ وَمُشِّطْنَ لَمْ يَتَبَيَّنْ، وَاِذَا شَعِثَ رَاَيْتُهُ، وَكَانَ كَثِيْرَ الشَّعْرِ وَاللِّحْيَةِ فَقَالَ رَجُلٌ: وَجْهُهُ مِثْلُ السَّيْفِ؟ ، قَالَ: لَا، كَانَ مِثْلَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ الْمُسْتَدِيرِ، قَالَ: فَرَاَيْتُ خَاتِمَهُ عِنْدَ كَتِفِهِ مِثْلَ بَيْضَةِ النَّعَامَةِ" يُشْبِهُ جَسَدَهُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر کے آگے کی طرف اور داڑھی مبارک کے کچھ بال سفید تھے۔ جب آپ تیل لگاتے تھے اور کنگھی کرتے تھے' تو وہ بھی نظر نہیں آتے تھے' لیکن جب آپ کے بال خشک ہوتے تھے' تو نظر آجاتے تھے آپ کے سر اور داڑھی کے بال بہت زیادہ تھے۔

ایک شخص نے دریافت کیا آپ کا چہرہ تلوار کی مانند (چمکدار تھا) انہوں نے جواب دیا: جی نہیں وہ سورج کی مانند اور گول (یعنی چودہویں کے) چاند کی مانند (چمکدار تھا)

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے کندھے کے قریب مہر نبوت دیکھی ہے' جو شتر مرغ کے انڈے کی مانند تھی اور آپ کے جسم مبارک سے مشابہت رکھتی تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ مِثْلُ بَيْضَةِ النَّعَامَةِ وَهَمٌ فِيهِ اِسْرَائِيْلُ اِنَّمَا هُوَ مِثْلُ بَيْضَةِ الْحَمَامَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ الفاظ "شتر مرغ کے انڈے کی مانند" اس میں اسرائیل نامی راوی کو وہم ہوا ہے اصل بات یہ ہے کہ کبوتر کے انڈے کی مانند تھے

6297- إسناده حسن. عبد الرحمن بن صالح: هو الأزدى العتكى الكوفى، وثقه المصنف وأحمد وابن معين، وقال مرة: لا بأس به، وقال أبو حاتم: صدوق، ومن فوقه من رجال الشيخين غير سماك، وهو ابن حرب، فمن رجال مسلم ثم هو صدوق. إسرائيل: هو ابن يونس بن إبى إسحاق السبيعى، وهو فى "مسند أبى يعلى ".349/1 وأخرجه أحمد 5/102 و 107، ومسلم (2344) (109) فى الفضائل: باب شيبه - صلى الله عليه وسلم -، وابن سعد فى " الطبقات "1/425 و 433، والطبرانى فى "الكبير" (1918) ، والبيهقى فى "دلائل النبوة "1/235 و 262، وابن عساكر فى القسم الأول من السيرة النبوية فى "تاريخ دمشق" ص 252 من طرق عن إسرائيل، بهذا الإسناد . وأخرج القسم الأول منه أحمد 5/86، وابن سعد 1/433 عن أبى داود الطيالسى، وأخرجه مسلم (2344) (108) ، والنسائى 8/150 فى الزينة: باب الدهن، والترمذى فى "الشمائل" (38) ، عن محمد بن المثنى، وأخرجه البيهقى 1/234 من طريق يونس بن حبيب، كلاهما عن أبى داود الطيالسى، عن شعبة . وأخرجه أحمد 5/90، والترمذى فى "الشمائل" (43) ، والطبرانى فى "الكبير" (1963) ، والبيهقى 1/234، والبغوى (3654)

6298 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحَسَنِ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبِی، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): نَظَرْتُ اِلَى الْخَاتَمِ الَّذِیْ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: كَاَنَّهٗ بَيْضَةُ حَمَامَةٍ

❀❀ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے مہر نبوت کو دیکھا ہے' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک پر موجود تھی۔ راوی کہتے ہیں: وہ کبوتر کے انڈے کی مانند تھی۔

ذِكْرُ تَخْصِيصِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَاتَمِ الَّذِیْ جَعَلَهٗ بَيْنَ كَتِفَيْهِ

اللہ تعالیٰ کا مہر نبوت کی شکل میں اپنے محبوب کو یہ خصوصیت عطا کرنے کا تذکرہ جو اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں کندھوں کے درمیان بنائی تھی

6299 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْقَزَّازُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْجُمَحِیُّ، حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ:

(متن حدیث): اَنَّهٗ رَاَى النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبْصَرَ الْخَاتَمَ الَّذِیْ بَيْنَ كَتِفَيْهِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے اور آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان موجود مہر نبوت کی بھی زیارت کی ہے۔

6298- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير سماك، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 5/90 و 95، وابنه عبد الله فی "زوائد المسند" 5/98 ، ومسلم (2344) (110) فی الفضائل: باب شيبه - صلى الله عليه وسلم -، وابن سعد فی "الطبقات" 1/425، والطبرانی فی "الكبير" (1908) من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (2344) (110) ، وابن سعد 1/425، والطبرانی (2008) ، والبيهقی فی "الدلائل" 1/262-263 من طرق عن عبيد الله بن موسى، عن حسن بن صالح، وأخرجه الترمذی (3644) ، وفی "الشمائل" (16) ، ومن طريقه البغوی (3633) من طريق أيوب بن جابر، كلاهما عن سماك به، وقال الترمذی: هذا حديث حسن صحيح. وانظر الحديث رقم (6301) .

6299- إسناده صحيح، عد الله بن معاوية الجمحی ثقة روى له أبو داود والترمذی وابن ماجه، ومن فوقه من رجال الشيخين غَيْرَ صحابيه، فمن رجال مسلم . عاصم الأحول: هو ابن سليمان. وأخرجه أحمد 5/182 من طريقين عن ثابت بن يزيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/82 و83-82، ومسلم (2346) فی الفضائل: باب إثبات خاتم النبوة، والترمذی فی "الشمائل" (22) ، وابن سعد 1/426، وأبو يعلى (1563) ، والبيهقی فی "الدلائل" 1/263 و 264، وأبو القاسم البغوی فی "الجعديات" (2245) ، وأبو محمد البغوی فی "شرح السنّة" (3634) من طرق عن عاصم الأحول، عن عبد الله بن سرجس بأطول مما هنا.

ذِكْرُ وَصْفِ الْخَاتَمِ الَّذِیْ كَانَ بَیْنَ كَتِفَیِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

مہر کی اس صفت کا تذکرہ' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں کندھوں کے درمیان تھی

6300 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ یَعْلٰی، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِیْ عَاصِمِ النَّبِیلُ، حَدَّثَنَا اَبِیْ، حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، حَدَّثَنَا عِلْبَاءُ بْنُ اَحْمَرَ الْیَشْكُرِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زَیْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: ادْنُ مِنِّیْ فَامْسَحْ ظَهْرِیْ.

قَالَ: فَكَشَفْتُ عَنْ ظَهْرِهٖ، وَجَعَلْتُ الْخَاتَمَ بَیْنَ اُصْبُعِیْ فَغَمَزْتُهَا، قِیلَ: وَمَا الْخَاتَمُ؟ قَالَ: شَعْرٌ مُجْتَمِعٌ عَلٰی كَتِفِهٖ

❀❀ حضرت ابوزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: میرے قریب ہو کر میری کمر پر ہاتھ پھیرو۔ راوی کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کمر مبارک سے کپڑا ہٹایا' تو میں نے مہر نبوت کو اپنی دو انگلیوں کے درمیان لے کر (معمولی سا) دبایا۔ ان سے دریافت کیا گیا: وہ مہر کیا چیز تھی؟ انہوں نے بتایا: کچھ بال تھے جو آپ کے کندھے (کے قریب) ایک جگہ پر اکٹھے تھے۔

ذِكْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ قَوْلَ اَبِیْ زَیْدٍ عَلٰی كَتِفِهٖ اَرَادَ بِهٖ بَیْنَ كَتِفَیْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت ابوزید رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا ''آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کندھے پر تھی'' اور اس کے ذریعے ان کی مراد یہ تھی: دونوں کندھوں کے درمیان تھی

6301 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، اَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، یَقُوْلُ:

(متن حدیث): رَاَیْتُ الْخَاتَمَ الَّذِیْ بَیْنَ كَتِفَیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، مِثْلَ بَیْضَةِ الْحَمَامَةِ لَوْنُهَا لَوْنُ جَسَدِهٖ

❀❀ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دو کندھوں کے درمیان مہر نبوت دیکھی ہے

6300- إسناده صحيح، عمرو بن أبي عاصم روى له ابن ماجه وهو ثقة، ومن فوقه من رجال مسلم . أبو زيد: هو عمرو بن أخطب رضي الله عنه. وهو في "مسند أبي يعلى" (6846) . وأخرجه أحمد 5/341، والترمذي في " الشمائل " (19) من طريق أبي عاصم النبيل، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/77، والطبراني في "الكبير"/17 (44) من طريقين عن عزرة بن ثابت، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" 8/281، ونسبه لأحمد والطبراني وأبي يعلى، وقال: أحدُ أسانيد أحمد رجال الصحيح.

6301- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير سماك بن حرب، فمن رجال مسلم . وقد تقدم تخريجه برقم (6298) .

جو کبوتری کے انڈے کی مانند تھی۔ اس کا رنگ نبی اکرم ﷺ کے جسم مبارک کے رنگ جیسا تھا۔

ذِكْرُ حَقِيقَةِ الْخَاتَمِ الَّذِیْ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعْجِزَةً لِنُبُوَّتِهِ

مہر نبوت کی اس حقیقت کا تذکرہ' جو مہر نبوت نبی اکرم ﷺ کی نبوت کا معجزہ تھی

6302 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ الْفَتْحِ بْنِ سَالِمٍ الْمُرَبَّعِيُّ الْعَابِدُ، بِسَمَرْقَنْدَ، حَدَّثَنَا رَجَاءُ بْنُ مُرَجَّى الْحَافِظُ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَاضِي سَمَرْقَنْدَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ خَاتَمُ النُّبُوَّةِ فِيْ ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ الْبُنْدُقَةِ مِنْ لَحْمٍ عَلَيْهِ، مَكْتُوبٌ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مہر نبوت نبی اکرم ﷺ کی پشت پر موجود تھی جو بندقہ (بیر کی طرح کے ایک پھل) کی مانند تھی۔ اس پہ ''محمد رسول اللہ'' لکھا ہوا تھا۔

ذِكْرُ وَصْفِ لِينِ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَطِيبِ عَرَقِهِ

نبی اکرم ﷺ کے دونوں ہاتھوں کی نرمی اور آپ ﷺ کے پسینے کی خوشبو کی صفت کا تذکرہ

6303 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا مَسِسْتُ حَرِيْرًا قَطُّ، وَلَا دِيبَاجًا اَلْيَنَ مِنْ كَفِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا شَمَمْتُ رِيحًا قَطُّ، وَلَا عَرَقًا اَطْيَبَ مِنْ رِيحِ عَرَقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے کبھی کوئی ریشم اور دیباج ایسا نہیں چھوا' جو نبی اکرم ﷺ کی ہتھیلی مبارک سے زیادہ نرم ہو اور میں نے کبھی کوئی خوشبو یا پسینہ ایسا نہیں سونگھا' جو نبی اکرم ﷺ کے پسینے سے زیادہ خوشبودار ہو۔

6302– ضعيف، علته إسحاق بن إبراهيم قاضي سمرقند، فإنه لم يوثقه غير المؤلف 8/109، وضعفه الحافظ ابن حجر كما وجد بخطه في هامش الأصل من " موارد الظمآن ." وأورده السيوطي في "الخصائص" 1/60، ونسبه لابن عساكر والحاكم في " تاريخ نيسابور ."

6303– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البخاري (3561) في المناقب: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، عن سليمان بن حرب، بهذا الإسناد . وعنده: عَرْف بدل عَرَق، والعرف بفتح العين وسكون الراء : الريح، طيبة كانت أو منتنة، وأكثر ما يستعمل في الطيبة . وأخرجه مسلم (2330) (82) في الفضائل: باب طيب رائحة النبي - صلى الله عليه وسلم - ولين مسه، والبيهقي في "الدلائل" 1/254 من طريقين عن حماد بن زيد، به. وأخرجه أحمد 3/222 و 227 و 265 و 267، والدارمي 1/31، وابن سعد في "الطبقات" 1/413، ومسلم (2330) ، والترمذي (2015) في البر والصلة: باب ما جاء في خلق النبي - صلى الله عليه وسلم -، والبيهقي 1/255، وابن عساكر في "السيرة النبوية" ص 240 و 241 من طرق عن ثابت البناني، به. وانظر ما بعده.

ذِكْرُ وَصْفِ طِيبِ رِيحِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم ﷺ کے (جسم کی) مہک کی پاکیزگی کی صفت کا تذکرہ

6304 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَاشَمَمْتُ مِسْكَةً، وَلَا عَنْبَرَةً قَطُّ اَطْيَبَ مِنْ رِيحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ کوئی مشک یا عنبر نہیں سونگھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَرَقَ صَفِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ يُجْمَعُ لِيُتَطَيَّبَ بِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ کے محبوب کا پسینہ جمع کیا جاتا تھا

تاکہ اسے خوشبو کے طور پر استعمال کیا جاسکے

6305 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْتِيْ اُمَّ سُلَيْمٍ، فَيَقِيلُ عِنْدَهَا عَلٰى نَطْعٍ، وَكَانَ كَثِيْرَ الْعَرَقِ، فَتَتَبَّعُ الْعَرَقَ مِنَ النَّطْعِ، فَتَجْعَلُهُ فِيْ قَوَارِيْرَ مَعَ الطِّيبِ، وَكَانَ يُصَلِّي عَلَى الْخُمْرَةِ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سیدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لاتے تھے آپ ان کے ہاں بچھونے پر دوپہر کے وقت آرام کیا کرتے تھے۔ آپ کو پسینہ بہت زیادہ آتا تھا۔ سیدہ اُم سلیم رضی اللہ عنہا آپ کے بچھونے سے آپ کا پسینہ اکٹھا کر کے خوشبو میں ملا کے شیشی میں ڈال لیتی تھیں۔ نبی اکرم ﷺ چٹائی پر نماز ادا کر لیتے تھے۔

6304- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير وهب بن بقية، فمن رجال مسلم. خالد: هو ابن عبد الله الطحان الواسطي. وأخرجه أبو يعلى (3761) عن وهب بن بقية، بهذا الاسناد. وأخرجه ابن سعد في " الطبقات "414-413 و 414 من طرق عن خالد بن عبد الله، به. وأخرجه أحمد 3/107 و267، والبخاري (1973) في الصيام: باب ما يذكر من صوم النبي - صلى الله عليه وسلم -، وأبو يعلى (3866) ، والبغوي (3658) من طرق عن حميد الطويل، به.

6305- إسناده صحيح. إبراهيم بن الحجاج السامي روى له النسائي، وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين. وهيب: هو ابن عجلان الباهلي، وأيوب: هو ابن أبي تميمة السَّختياني. وهو في " مسند أبي يعلى " (2791). وأخرجه أبو يعلى (2795) عن عبد الأعلى، حدثنا وهيب، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي (2587) ، وأحمد 3/103 و 226 و 231 و 287، والبخاري (6281) في الاستئذان: باب من زار قوماً فَقَالَ عِنْدَهُمْ، ومسلم (2331) في الفضائل: باب طيب عرق النبي - صلى الله عليه وسلم - والتبرك به، والنسائي 8/218 في الزينة: باب ما جاء في الأنطاع، والبيهقي في "السنن" 2/421، وفي " الدلائل "258-257-1/، والبغوي (3660) من طرق عن أنس بنحوه. وأخرج مسلم (2332) ، والبيهقي في "الدلائل" 1/258 و "السنن" 2/421 من طريقين عن عفان، عن وهيب، عن أيوب، عن أبي قِلابة، عن أنس، عن أم سُليم.

ذِكْرُ وَصْفِ حَيَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم ﷺ کی حیا کی صفت کا تذکرہ

6306 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، حَدَّثَنِيْ قَتَادَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ عُتْبَةَ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشَدَّ حَيَاءً مِنَ الْعَذْرَاءِ فِيْ خِدْرِهَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ پردے میں کنواری لڑکیوں سے زیادہ حیا والے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ قَتَادَةَ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ عُتْبَةَ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے قتادہ نے یہ روایت عبداللہ بن ابوعتبہ سے نہیں سنی ہے

6307 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْكَبِيْرِ بْنُ عُمَرَ الْخَطَّابِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، وَعُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ بِالصُّغْدِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ الْقَطَّانُ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مَهْدِيٍّ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا سَعِيْدٍ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَشَدَّ حَيَاءً مِنَ الْعَذْرَاءِ فِيْ خِدْرِهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، عَنْ مِثْلِ هٰذَا فَاسْاَلْ، عَنْ مِثْلِ هٰذَا فَاسْاَلْ.

حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِيْ عُتْبَةَ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: كَانَ

6335 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ جَهْمِ بْنِ اَبِىْ جَهْمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ،

(متن حدیث): عَنْ حَلِيمَةَ اُمِّ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّعْدِيَّةِ الَّتِىْ اَرْضَعَتْهُ قَالَتْ: خَرَجْتُ فِىْ نِسْوَةٍ مِنْ بَنِىْ سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ نَلْتَمِسُ الرُّضَعَاءَ بِمَكَّةَ عَلٰى اَتَانٍ لِىْ قَمْرَاءَ فِىْ سَنَةٍ شَهْبَاءَ لَمْ تُبْقِ شَيْئًا، وَمَعِى زَوْجِى، وَمَعَنَا شَارِفٌ لَنَا، وَاللّٰهِ مَا اِنْ يَبِضُّ عَلَيْنَا بِقَطْرَةٍ مِنْ لَبَنٍ، وَمَعِى صَبِىٌّ لِى اِنْ نَنَامُ لَيْلَتَنَا مِنْ بُكَائِهِ مَا فِىْ ثَدْيَىَّ مَا يُغْنِيهِ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ لَمْ تَبْقَ مِنَّا امْرَاَةٌ اِلَّا عُرِضَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَاْبَاهُ، وَاِنَّمَا كُنَّا نَرْجُو كَرَامَةَ الرَّضَاعَةِ مِنْ وَالِدِ الْمَوْلُودِ، وَكَانَ يَتِيمًا، وَكُنَّا نَقُولُ: يَتِيمًا مَا عَسَى اَنْ تَصْنَعَ اُمُّهُ بِهِ، حَتّٰى لَمْ يَبْقَ مِنْ صَوَاحِبِىْ امْرَاَةٌ اِلَّا اَخَذَتْ صَبِيًّا غَيْرِى، فَكَرِهْتُ اَنْ اَرْجِعَ وَلَمْ اَجِدْ شَيْئًا وَقَدْ اَخَذَ صَوَاحِبِى، فَقُلْتُ لِزَوْجِى: وَاللّٰهِ لَاَرْجِعَنَّ اِلٰى ذٰلِكَ الْيَتِيمِ فَلَآخُذَنَّهُ، فَاَتَيْتُهُ، فَاَخَذْتُهُ وَرَجَعْتُ اِلٰى رَحْلِى، فَقَالَ زَوْجِى: قَدْ

6335– في سنده انقطاع بين عبد الله بن جعفر -وهو ابن أبي طالب- وبين حليمة. وقول الحافظ في "الإصابة" 4/266: إن أبا يعلى وابن حبان صرّحا بالتحديث بين عبد الله وحليمة، فيه ما فيه، فليس يوجد التصريح بالسماع في الأصل الخطي الذي بين أيدينا من "مسند أبي يعلى"، ولا في الأصول التي روت الحديث من طريق أبي يعلى كابن حبان وابن عساكر. نعم ورد التصريحُ بالتحديث عند الطبراني في "معجمه الكبير"، إلا أن أبا نعيم الحافظ روى الحديث في "دلائل النبوة" عن الطبراني بالعنعنة ولم يصرح فيه بالتحديث. وجَهم بن أبي جهم: ذكره المؤلف في "الثقات" 4/113، فقال: يروى عن عبد الله بن جعفر، وعن المِسور بن مَخرَمَةَ، وهو مولى الحارث بن حاطب القرشي، روى عنه محمد بن إسحاق وعبد الله العمري، والوليد بن عبد الله بن جميع، وذكره البخاري 2/229، وابن أبي حاتم 2/521، فلم يذكرا فيه جرحاً ولا تعديلا، ومسروق بن المرزبان، وإن قال فيه أبو حاتم: ليس بالقوى، قد توبع، ومحمد بن إسحاق قد صرح بالتحديث عند المصنف في السند الذي ذكره بإثره، وباقي رجاله ثقات. وهو في "مسند أبي يعلى" 1/333-2/332، ومن طريقه أخرجه ابن عساكر في "السيرة النبوية" ص. 76-74 وأخرجه الطبراني 24/(545)، وعنه أبو نعيم في "دلائل النبوة" (94) عن محمد بن عبد الله الحضرمي، عن مسروق بن المرزبان، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبرى 160-2/158، والطبراني من طرق عن ابن إسحاق، به. وذكره الهيثمي في "مجمع الزوائد" 221-8/220، ونسبه لأبي يعلى والطبراني، وقال: رجالهما ثقات. وهو في "سيرة ابن إسحاق 175-1/171 حدثني جهم بن أبي جهم مولى الحارث بن حاطب الجمحي، عن عبد الله بن جعفر بن أبي طالب، أو عمن حدثه قال: كانت حليمة تحدث أنها خرجت ... فذكره. وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة" 136-1/132، وابن عساكر ص 79-77، وابن الأثير في "أسد الغابة" 7/68، وابن كثير في "البداية والنهاية" 256-2/254، عن محمد بن إسحاق، قال: حدثني جهم بن أبي جهم، حدثني من سمع عبد الله بن جعفر يقول: حُدِّثت عن حليمة بنت الحارث ..

اَخَذْتِيهِ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ وَاللّٰهِ، وَذَاكَ اَنِّیْ لَمْ اَجِدْ غَيْرَهُ، فَقَالَ: قَدْ اَصَبْتِ، فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ فِيهِ خَيْرًا، قَالَتْ: فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ جَعَلْتُهُ فِیْ حِجْرِی اَقْبَلَ عَلَيْهِ ثَدْيِی بِمَا شَاءَ اللّٰهُ مِنَ اللَّبَنِ، فَشَرِبَ حَتّٰى رَوِیَ، وَشَرِبَ اَخُوهُ - يَعْنِیْ ابْنَهَا - حَتّٰى رَوِیَ، وَقَامَ زَوْجِی اِلٰی شَارِفِنَا مِنَ اللَّيْلِ، فَاِذَا بِهَا حَافِلٌ فَحَلَبَهَا مِنَ اللَّبَنِ مَا شِئْنَا، وَشَرِبَ حَتّٰى رَوِیَ، وَشَرِبْتُ حَتّٰى رَوِيتُ، وَبِتْنَا لَيْلَتَنَا تِلْكَ شِبَاعًا رُوَاءً، وَقَدْ نَامَ صِبْيَانُنَا، يَقُولُ اَبُوهُ يَعْنِی زَوْجَهَا: وَاللّٰهِ يَا حَلِيمَةُ مَا اُرَاكِ اِلَّا قَدْ اَصَبْتِ نَسَمَةً مُبَارَكَةً، قَدْ نَامَ صَبِيُّنَا، وَرَوِیَ، قَالَتْ: ثُمَّ خَرَجْنَا، فَوَاللّٰهِ لَخَرَجَتْ اَتَانِیْ اَمَامَ الرَّكْبِ، حَتّٰى اِنَّهُمْ لَيَقُولُوْنَ: وَيْحَكِ كُفِّی عَنَّا، اَلَيْسَتْ هٰذِهِ بِاَتَانِكِ الَّتِیْ خَرَجْتِ عَلَيْهَا؟ فَاَقُولُ: بَلٰى وَاللّٰهِ، وَهِیَ قُدَّامُنَا حَتّٰى قَدِمْنَا مَنَازِلَنَا مِنْ حَاضِرِ بَنِیْ سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ، فَقَدِمْنَا عَلٰى اَجْدَبِ اَرْضِ اللّٰهِ، فَوَالَّذِیْ نَفْسُ حَلِيمَةَ بِيَدِهٖ اِنْ كَانُوا لَيَسْرَحُونَ اَغْنَامَهُمْ اِذَا اَصْبَحُوا، وَيَسْرَحُ رَاعِی غَنَمِی فَتَرُوحُ بِطَانًا لَبَنًا حُفَّلًا، وَتَرُوحُ اَغْنَامُهُمْ جِيَاعًا هَالِكَةً، مَا لَهَا مِنْ لَبَنٍ، قَالَتْ: فَنَشْرَبُ مَا شِئْنَا مِنَ اللَّبَنِ، وَمَا مِنَ الْحَاضِرِ اَحَدٌ يَحْلُبُ قَطْرَةً وَلَا يَجِدُهَا، فَيَقُولُوْنَ لِرِعَائِهِمْ: وَيْلَكُمْ اَلَا تَسْرَحُونَ حَيْثُ يَسْرَحُ رَاعِی حَلِيمَةَ، فَيَسْرَحُونَ فِی الشِّعْبِ الَّذِیْ تَسْرَحُ فِيهِ، فَتَرُوحُ اَغْنَامُهُمْ جِيَاعًا مَا بِهَا مِنْ لَبَنٍ، وَتَرُوحُ غَنَمِی لَبَنًا حُفَّلًا، وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشِبُّ فِی الْيَوْمِ شَبَابَ الصَّبِیِّ فِیْ شَهْرٍ، وَيَشِبُّ فِی الشَّهْرِ شَبَابَ الصَّبِیِّ فِیْ سَنَةٍ، فَبَلَغَ سَنَةً وَهُوَ غُلَامٌ جَفْرٌ، قَالَتْ: فَقَدِمْنَا عَلٰى اُمِّهٖ، فَقُلْتُ لَهَا، وَقَالَ لَهَا اَبُوهُ: رُدِّی عَلَيْنَا ابْنِیْ، فَلْنَرْجِعْ بِهٖ، فَاِنَّا نَخْشٰى عَلَيْهِ وَبَاءَ مَكَّةَ قَالَتْ: وَنَحْنُ اَضَنُّ شَیْءٍ بِهٖ مِمَّا رَاَيْنَا مِنْ بَرَكَتِهٖ، قَالَتْ: فَلَمْ نَزَلْ حَتّٰى قَالَتِ: ارْجِعَا بِهٖ، فَرَجَعْنَا بِهٖ، فَمَكَثَ عِنْدَنَا شَهْرَيْنِ، قَالَتْ: فَبَيْنَا هُوَ يَلْعَبُ وَاَخُوهُ يَوْمًا خَلْفَ الْبُيُوتِ يَرْعَيَانِ بَهْمًا لَنَا، اِذْ جَاءَنَا اَخُوهُ يَشْتَدُّ، فَقَالَ لِی وَلِاَبِيهِ: اَدْرِكَا اَخِی الْقُرَشِیَّ، قَدْ جَاءَهُ رَجُلَانِ، فَاَضْجَعَاهُ، وَشَقَّا بَطْنَهُ، فَخَرَجْنَا نَشْتَدُّ، فَانْتَهَيْنَا اِلَيْهِ وَهُوَ قَائِمٌ مُنْتَقِعٌ لَوْنُهُ، فَاعْتَنَقَهُ اَبُوهُ وَاعْتَنَقْتُهُ، ثُمَّ قُلْنَا: مَا لَكَ اَیْ بُنَیَّ؟ قَالَ: اَتَانِیْ رَجُلَانِ عَلَيْهِمَا ثِيَابٌ بِيضٌ، فَاَضْجَعَانِیْ، ثُمَّ شَقَّا بَطْنِیْ، فَوَاللّٰهِ، مَا اَدْرِی مَا صَنَعَا ، قَالَتْ: فَاحْتَمَلْنَاهُ، وَرَجَعْنَا بِهٖ، قَالَتْ: يَقُولُ اَبُوهُ: يَا حَلِيمَةُ مَا اَرٰی هٰذَا الْغُلَامَ اِلَّا قَدْ اُصِيبَ، فَانْطَلِقِی، فَلْنَرُدَّهُ اِلٰی اَهْلِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّظْهَرَ بِهٖ مَا نَتَخَوَّفُ، قَالَتْ: فَرَجَعْنَا بِهٖ، فَقَالَتْ: مَا يَرُدُّكُمَا بِهٖ، فَقَدْ كُنْتُمَا حَرِيصَيْنِ عَلَيْهِ؟ قَالَتْ: فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ، اِلَّا اَنَّا كَفَلْنَاهُ، وَاَدَّيْنَا الْحَقَّ الَّذِیْ يَجِبُ عَلَيْنَا، ثُمَّ تَخَوَّفْنَا الْاَحْدَاثَ عَلَيْهِ، فَقُلْنَا: يَكُوْنُ فِیْ اَهْلِهٖ، فَقَالَتْ اُمُّهُ: وَاللّٰهِ مَا ذَاكَ بِكُمَا، فَاَخْبِرَانِیْ خَبَرَكُمَا وَخَبَرَهُ، فَوَاللّٰهِ مَا زَالَتْ بِنَا حَتّٰى اَخْبَرْنَاهَا خَبَرَهُ، قَالَتْ: فَتَخَوَّفْتُمَا عَلَيْهِ، كَلَّا وَاللّٰهِ، اِنَّ لِابْنِیْ هٰذَا شَاْنًا، اَلَا اُخْبِرُكُمَا عَنْهُ اِنِّی حَمَلْتُ بِهٖ، فَلَمْ اَحْمِلْ حَمْلًا قَطُّ، كَانَ اَخَفَّ عَلَیَّ، وَلَا اَعْظَمَ بَرَكَةً مِنْهُ، ثُمَّ رَاَيْتُ نُورًا كَاَنَّهُ شِهَابٌ خَرَجَ مِنِّی حِينَ وَضَعْتُهُ، اَضَاءَتْ لَهُ اَعْنَاقُ الْاِبِلِ بِبُصْرَى، ثُمَّ وَضَعْتُهُ، فَمَا وَقَعَ كَمَا يَقَعُ الصِّبْيَانُ، وَقَعَ وَاضِعًا يَدَهُ بِالْاَرْضِ، رَافِعًا رَاْسَهُ اِلَى السَّمَاءِ، دَعَاهُ وَالْحَقَا بِشَاْنِكُمَا.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: قَالَ وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا

جَهْمُ بْنُ اَبِیْ جَهْمٍ نَحْوَهُ، حَدَّثَنَاهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ، اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِیْرٍ

✿✿ عبداللہ بن جعفر سیدہ حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رضاعی ماں تھیں۔ وہ بیان کرتی ہیں: میں بنوسعد بن بکر کی کچھ خواتین کے ہمراہ مکہ آئی تا کہ دودھ پلانے کے لئے کوئی بچہ حاصل کروں میں اپنی گدھی پر سوار ہو کر آئی تھی جو کہ قحط سالی کی وجہ سے انتہائی کمزور ہو چکی تھی۔ میرے ساتھ میرا شوہر بھی تھا۔ ہمارے ساتھ ہماری ایک اونٹنی بھی تھی اللہ کی قسم! اس کا دودھ بہت کم نکلتا تھا۔ میرے ساتھ میرا چھوٹا سا بچہ بھی تھا۔ اس کے رونے کی وجہ سے ہم رات کو سو نہیں پاتے تھے کیونکہ میرے سینے میں اتنا دودھ نہیں تھا جو اس کی کفایت کر سکے جب ہم لوگ مکہ آئے' تو ہم میں سے ہر عورت کو پیش کش کی گئی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلانے کے لئے لے جائے' لیکن کسی بھی عورت نے اسے قبول نہیں کیا کیونکہ خواتین کو یہ لالچ ہوتا تھا کہ دودھ پلانے کا معاوضہ بچے کے باپ سے وصول کریں گی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یتیم تھے ہم لوگ یہ کہا کرتے تھے۔ کسی یتیم کے بارے میں اس کی ماں کیا کر سکتی ہے۔ میرے ساتھ آنے والی خواتین میں سے ہر ایک نے کوئی نہ کوئی بچہ گود میں لے لیا۔ مجھے یہ بات پسند نہیں تھی کہ میں ایسی حالت میں واپس جاؤں کہ مجھے کوئی بچہ نہ ملا ہو جب کہ میری ساتھی خواتین بچہ لے چکی ہوں۔ میں نے اپنے شوہر سے کہا اللہ کی قسم! میں اس یتیم بچے کو لے کر چلی جاؤں گی ہم اسے ضرور حاصل کریں گے۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر آئی میں نے آپ کو حاصل کر لیا۔ میں اپنی رہائشی جگہ پر واپس آئی' تو میرے شوہر نے کہا: تم نے اسے حاصل کر لیا ہے۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اللہ کی قسم! اس کی وجہ یہ ہے کہ مجھے ان کے علاوہ اور کوئی بچہ نہیں ملا۔ شوہر نے کہا: تم نے ٹھیک کیا ہے ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس میں ہمارے لئے کوئی بھلائی رکھ دے۔

سیدہ حلیمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری گود میں تھے کہ اسی دوران میری چھاتی میں اللہ تعالیٰ نے اتنا دودھ پیدا کر دیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پیا اور سیر ہو کر پیا۔ آپ کے رضاعی بھائی نے بھی اسے پی لیا یعنی سیدہ حلیمہ رضی اللہ عنہا کے بیٹے نے بھی اسے پی لیا' یہاں تک کہ وہ بھی سیر ہو گیا۔ رات کے وقت میرا شوہر ہماری اونٹنی کے پاس گیا' تو اس کا بھی دودھ اترا ہوا تھا۔ میرے شوہر نے اس کا اتنا دودھ دوہ لیا جتنا ہم چاہتے تھے۔ اس نے پیا اور سیر ہو کر پیا میں نے بھی پیا اور سیر ہو گئی۔ اس رات ہم نے پیٹ بھر کر اور سیر ہو کر رات گزاری۔ ہمارے بچے بھی سوتے رہے۔ بچے کے باپ یعنی سیدہ حلیمہ کے شوہر نے کہا: اللہ کی قسم! اے حلیمہ میرا یہ خیال ہے کہ تمہیں ایک مبارک وجود ملا ہے۔ ہمارے بچے آرام سے سو رہے ہیں اور وہ سیر ہیں۔

سیدہ حلیمہ بیان کرتی ہیں: پھر ہم لوگ وہاں سے روانہ ہوئے اللہ کی قسم! میری گدھی سب سے زیادہ آگے چل رہی تھی' یہاں تک کہ میرے ساتھی یہ کہتے تھے کہ تمہارا ستیاناس ہو تم اس کو آرام سے لے کر چلو کیا یہ تمہاری وہی گدھی نہیں ہے' جس پر سوار ہو کر تم آئی تھی' تو میں جواب دیتی جی ہاں اللہ کی قسم! (وہی ہے)' لیکن وہ بدستور آگے چلتی رہی' یہاں تک کہ ہم بنوسعد بن بکر کے علاقے میں اپنے گھر آ گئے۔ ہم ایک ایسی جگہ پر آئے تھے جو سب سے زیادہ خشک تھی۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں حلیمہ کی جان ہے دوسرے لوگ صبح کے وقت اپنی بکریوں کو چرنے کے لئے بھیج دیتے تھے اور میری بکریوں کا چرواہا بھی میری بکریاں لے جاتا تھا' تو میری بکریاں جب شام کو واپس آتی تھیں' تو دودھ سے بھری ہوئی ہوتی تھیں جبکہ ان کی بکریاں جب واپس آتی تھیں' تو

بھوکی ہوتی تھیں۔ ہلاکت کے قریب ہوتی تھیں ان میں دودھ بھی نہیں ہوتا تھا۔ سیدہ حلیمہ بیان کرتی ہیں۔ ہم جتنا چاہتے تھے دودھ پی لیتے تھے جبکہ باقی قبیلے میں کسی کو ایک قطرہ بھی دودھ دوہنے کے لئے اور پینے کے لئے نہیں ملتا تھا' تو وہ لوگ اپنے چرواہوں سے یہ کہتے تھے تمہارا ستیاناس ہو کیا تم اپنی بکریاں اس جگہ نہیں چراتے جہاں حلیمہ کا چرواہا چراتا ہے' پھر وہ لوگ بھی اپنی بکریاں اسی گھاٹی میں چراتے تھے جس میں میری بکریاں چرتی تھیں' لیکن اس کے باوجود ان کی بکریاں بھوکی آتی تھیں۔ ان میں دودھ نہیں ہوتا تھا' جبکہ میری بکریاں دودھ سے بھری ہوئی آتی تھیں۔

نبی اکرم ﷺ کی نشوونما ایک دن میں اتنی ہو رہی تھی جتنی کسی عام بچے کی ایک مہینے میں ہوتی ہے اور آپ کی نشوونما ایک ماہ میں اتنی ہوگئی جتنی کسی بچے کی ایک سال میں ہوتی ہے' جب آپ کی عمر ایک سال ہوئی' تو آپ بھرپور صحت مند لگتے تھے۔

سیدہ حلیمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پھر ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کی والدہ کی خدمت میں آئے۔ میں نے ان سے یہ درخواست کی اور میرے شوہر نے بھی ان سے یہ درخواست کی کہ آپ اس بچے کو ہمیں دیدیں تاکہ ہم اسے واپس لے جائیں کیونکہ ہمیں اس کے بارے میں یہ اندیشہ ہے کہ یہ مکہ میں وباء کا شکار نہ ہو جائے۔ سیدہ حلیمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم نے نبی اکرم ﷺ کی جو برکت دیکھی تھی۔ ہمیں اس کا لالچ تھا' تو ہم مسلسل ان کے ساتھ بات چیت کرتے رہے' یہاں تک کہ انہوں نے یہ فرمایا: تم اسے ساتھ لے جاؤ۔ ہم نبی اکرم ﷺ کو ساتھ لے کر واپس آگئے نبی اکرم ﷺ دو ماہ ہمارے پاس ٹھہرے رہے۔ ایک مرتبہ آپ اپنے بھائی کے ساتھ گھروں کے پیچھے کھیل رہے تھے وہ دونوں ہماری بکری کے بچے کے ساتھ کھیل رہے تھے۔ اسی دوران نبی اکرم ﷺ کا رضاعی بھائی تیزی سے دوڑتا ہوا ہمارے پاس آیا اور مجھ سے اور اپنے والد سے بولا میرے قریشی بھائی کے پاس جائیں۔ اس کے پاس دو آدمی آئے ہیں انہوں نے اسے لٹا دیا ہے اور اس کا پیٹ چیر دیا ہے۔ (سیدہ حلیمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) ہم لوگ دوڑتے ہوئے نبی اکرم ﷺ کے پاس آئے' تو آپ کھڑے ہوئے تھے۔ آپ کے چہرے کی رنگت تبدیل تھی۔ آپ کے والد نے آپ کو گلے سے لگا لیا۔ میں نے بھی آپ کو گلے سے لگا لیا پھر ہم نے دریافت کیا: اے میرے بیٹے تمہیں کیا ہوا ہے۔ آپ نے بتایا میرے پاس دو آدمی آئے۔ انہوں نے سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ انہوں نے مجھے لٹا لیا پھر انہوں نے میرے پیٹ کو چیر دیا۔ اللہ کی قسم! مجھے اندازہ نہیں ہوا کہ انہوں نے کیا کیا سیدہ حلیمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ ہم نے آپ کو گود میں اٹھا لیا اور آپ کو لے کر واپس آگئے سیدہ حلیمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ آپ کے رضاعی والد نے کہا: اے حلیمہ مجھے لگتا ہے اس لڑکے کے ساتھ کوئی نہ کوئی خاص معاملہ ہے تم چلو ہم اسے اس کے گھر والوں کے سپرد کر آتے ہیں۔ اس سے پہلے کہ اس کی طرف سے کوئی ایسی صورت حال سامنے آئے جس کا ہمیں اندیشہ ہے سیدہ حلیمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ ہم آپ کو لے کر واپس آئے' تو سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا تم لوگ اسے واپس لے کر کیوں آگئے ہو تم' تو اسے اپنے پاس رکھنا چاہ رہے تھے۔

سیدہ حلیمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے عرض کی: جی نہیں اللہ کی قسم! ہم نے اس کی کفالت کر لی ہے اور ہمارے ذمے جو حق لازم تھا وہ ہم نے ادا کر دیا ہے پھر ہمیں اس کے بعد کسی مشکل پیش آنے کا اندیشہ ہوا (تو ہم نے یہ سوچا کہ یہ اپنے گھر میں ہی ٹھیک رہے گا۔) سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اس کے ساتھ کیا معاملہ پیش آیا ہے۔ اللہ کی قسم!! تم دونوں مجھے بتاؤ۔ سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا مسلسل

ہمارے ساتھ اصرار کرتی رہیں' یہاں تک کہ ہم نے انہیں اصل واقعہ بتا دیا۔ سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا: کیا تمہیں اس کے بارے میں خوف ہے۔ ہرگز نہیں میرے اس بیٹے کی بڑی شان ہوگی میں تمہیں اس بارے میں بتاتی ہوں جب مجھے اس کا حمل ہوا' تو مجھے حمل کی کوئی پریشانی محسوس نہیں ہوئی۔ یہ میرے لئے انتہائی آسان اور زیادہ برکت والی صورت حال تھی' پھر مجھے ایک نور دکھائی دیا جو انتہائی چمکدار تھا' جب میں نے اسے جنم دیا' تو وہ نور میرے اندر سے نکلا اور اس نور کی وجہ سے بصری میں موجود اونٹوں کی گردنیں میرے سامنے روشن ہوگئیں (یعنی مجھے نظر آنے لگی) پھر میں نے اسے جنم دیا' تو یہ اس طرح باہر نہیں آیا جس طرح عام طور پر بچے باہر آتے ہیں بلکہ جب یہ باہر آیا' تو اس نے اپنے ہاتھ زمین پر رکھے اور اپنا سر آسمان کی طرف اٹھایا اور دعا مانگی' تو تم (اس واقعہ کو) اپنے والے واقعے کے ساتھ ملا کر دیکھ لو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) وہب بن جریر نے اپنی سند کے ساتھ یہ روایت نقل کی ہے اور عبداللہ بن محمد نے بھی یہ روایت اپنی سند کے ساتھ نقل کی ہے۔

ذِكْرُ شَقِّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ صَدْرَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ صِبَاهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بچپن' میں حضرت جبرائیل علیہ السلام کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک کو شق کرنے کا تذکرہ

6336 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَهُوَ يَلْعَبُ مَعَ الصِّبْيَانِ، فَاَخَذَهُ، فَصَرَعَهُ، فَشَقَّ قَلْبَهُ، فَاسْتَخْرَجَ مِنْهُ عَلَقَةً، فَقَالَ: هٰذَا حَظُّ الشَّيْطَانِ مِنْكَ، ثُمَّ غَسَلَهُ فِيْ طَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ بِمَاءِ زَمْزَمَ، ثُمَّ اَعَادَهُ فِيْ مَكَانِهِ، فَجَاءَ الْغِلْمَانُ يَسْعَوْنَ اِلٰى اُمِّهِ - يَعْنِيْ ظِئْرَهُ - فَقَالَ: اِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ قُتِلَ، فَاسْتَقْبَلُوْهُ مُنْتَقِعَ اللَّوْنِ.

قَالَ اَنَسٌ: كُنْتُ اَرٰى اَثَرَ ذٰلِكَ الْمِخْيَطِ فِيْ صَدْرِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے (یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بچپن کی بات ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت بچوں کے ساتھ کھیل رہے تھے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پکڑا آپ کو لٹایا۔ آپ کے قلب مبارک کو چیر دیا۔ اس میں سے کوئی لوتھڑا نکالا اور بولے: یہ آپ کے اندر شیطان کا حصہ تھا' پھر انہوں نے سونے کے بنے ہوئے طشت میں آبِ زم زم کے ذریعے آپ کے قلب مبارک کو دھویا اور پھر اسے دوبارہ اس کی جگہ رکھ دیا۔ بچے دوڑتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ یعنی دائی ماں کے پاس آئے اور بولے: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دیا گیا ہے۔ وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے' تو آپ کے چہرے کی رنگت بدلی ہوئی تھی۔

6336– إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر (6334).

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک میں اس سینے کا نشان میں نے دیکھا ہے۔

ذِكْرُ مَا خَصَّ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا رَسُوْلَهٗ دُوْنَ الْبَشَرِ بِمَا كَانَ يَرَى خَلْفَهٗ كَمَا كَانَ يَرَى اَمَامَهٗ

اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو یہ خصوصیت عطا کی جو کسی اور بشر کو عطا نہیں کی گئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پیچھے بھی اسی طرح دیکھ لیتے تھے جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سامنے دیکھ لیتے تھے

6337 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِى الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَلْ تَرَوْنَ قِبْلَتِىْ هَا هُنَا؟ فَوَاللّٰهِ مَا يَخْفٰى عَلَىَّ خُشُوْعُكُمْ وَلَا رُكُوْعُكُمْ، وَاِنِّىْ لَاَرَاكُمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِىْ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کیا تم سمجھتے ہو کہ میری توجہ صرف قبلہ کی طرف ہوتی ہے۔ اللہ کی قسم! تمہارا خشوع اور تمہارا رکوع کرنا مجھ سے مخفی نہیں رہتا۔ میں اپنی پشت کے پیچھے بھی تمہیں دیکھ لیتا ہوں۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَرَى مِنْ خَلْفِهٖ كَمَا يَرَى بَيْنَ يَدَيْهِ فَرْقًا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ اُمَّتِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پیچھے بھی اسی طرح دیکھ لیتے تھے

جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سامنے دیکھتے تھے اس حوالے سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے درمیان فرق ہے

6338 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ ذِئْبٍ، عَنْ عَجْلَانَ، عَنْ

6337- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو فى "الموطأ" 1/167 فى قصر الصلاة: باب العمل فى جامع الصلاة . ومن طريق مالك أخرجه أحمد-3752/303، والبخارى (418) فى الصلاة: باب عظة الإمام الناس فى إتمام الصلاة، و (741) فى الأذان: باب الخشوع فى الصلاة، ومسلم (424) فى الصلاة: باب الأمر بتحسين الصلاة، والبيهقى فى "دلائل النبوة" 6/73، والبغوى (3712) . وأخرجه أحمد 3/365 من طريق سفيان بن عيينة، عن أبى الزناد، به. وانظر ما بعده.

6338- إسناده حسن . عجلان وهو المدنى مولى المُشْمَعِلّ، قال النسائى: ليس به باس، وذكره ابن حبان فى "الثقات"، وقال الدارقطنى: يُعتبر به، وباقى رجاله رجال الشيخين غير على بن الجعد، فمن رجال البخارى . ابن أبى ذئب: اسمه محمد بن عبد الرحمن بن المغيرة . والحديث فى "مسند على بن الجعد " (2897) . وأخرجه أحمد 2/234 عن عمرو بن الهيثم، عن ابن أبى ذئب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد أيضاً 2/379 عن قتيبة بن سعيد، عن لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِيه، عَنْ أَبِى هريرة.

اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنِّی لَاَنْظُرُ اِلٰی مَا وَرَائِی كَمَا اَنْظُرُ اِلٰی مَا بَيْنَ يَدَیَّ، فَاَقِيمُوا صُفُوفَكُمْ، وَحَسِّنُوا رُكُوعَكُمْ وَسُجُوْدَكُمْ

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں اپنے پیچھے بھی اسی طرح دیکھ لیتا ہوں' جس طرح میں اپنے سامنے دیکھتا ہوں تم لوگ اپنی صفیں درست رکھو اور رکوع وسجود اچھے طریقے سے کرو۔''

ذِكْرُ بَعْضِ الْعِلَّةِ الَّتِیْ مِنْ اَجْلِهَا كَانَ يَتَاَمَّلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُ مِنْهُمْ ذٰلِكَ

اس ایک علت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پیچھے موجود افراد کا جائزہ لیتے تھے

6339 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رُصُّوا صُفُوفَكُمْ، وَقَارِبُوْا بَيْنَهَا، وَحَاذُوا بِالْاَعْنَاقِ، فَوَالَّذِی نَفْسِی بِيَدِهٖ اِنِّی لَاَرَی الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ مِنْ خَلَلِ الصُّفُوفِ، كَاَنَّهَا الْحَذَفُ.

قَالَ مُسْلِمٌ: الْحَذَفُ: النَّقَدُ الصِّغَارُ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اپنی صفیں ملا کر رکھو ایک دوسرے کے قریب رہو گردنیں سیدھی رکھو اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں شیطان کو دیکھتا ہوں کہ وہ صفوں کے درمیان خالی جگہ میں یوں داخل ہوتا ہے جیسے وہ بھیڑ کا بچہ ہو۔''

مسلم نامی راوی کہتے ہیں: حزف سے مراد بھیڑ کے بچے ہیں۔

ذِكْرُ مَا عَرَّفَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَنْ صَفِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْبَابَ هٰذِهِ الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ عِنْدَ ابْتِدَاءِ اِظْهَارِ الرِّسَالَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے رسالت کے اظہار کے آغاز میں اپنے محبوب کو اس فنا اور زائل ہو جانے والی (دنیا) کے اسباب میں سے کیا عطا کیا تھا

6339– إسناده صحيح على شرط الشيخين، هو في "صحيح ابن خزيمة" (1545)، وقد تقدم تخريجه برقم (2157). وانظر (2164).

6340 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَلَسْتُمْ فِيْ طَعَامٍ وَّشَرَابٍ مَا شِئْتُمْ؟.

لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بِهٖ بَطْنَهٗ

❀❀ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کیا تم لوگ آج طرح طرح کے کھانے اور مشروبات نہیں پیتے؟ جیسے تم چاہتے ہو حالانکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ کو ہلکی قسم کی کھجوریں اتنی بھی نہیں ملتی تھیں کہ آپ ان کے ذریعے آپ اپنا پیٹ بھر لیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الْحَالَةَ كَانَتْ بِالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ اعْتِرَاضِ حَالَةِ الِاضْطِرَارِ وَالِاخْتِبَارِ لَهٗ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ صورت حال اس وقت درپیش ہوتی تھی جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اضطرار لاحق ہوتا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم (کے طرز عمل) کو ظاہر کیا جاتا

6341 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ، قَالَ: سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بَطْنَهٗ، وَهُوَ جَائِعٌ

❀❀ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھوکے ہوتے تھے تو آپ کو ہلکی قسم کی کھجوریں اتنی بھی نہیں ملتی تھیں کہ آپ اپنا پیٹ بھر لیں۔

6340- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير سماك، وهو ابن حرب، فمن رجال مسلم، وهو صدوق حسن الحديث. أبو الأحوص: هو سلام بن سليم الحنفي. وأخرجه مسلم (2977) في أول الزهد، والترمذي (2372) في الزهد: باب في معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم -، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: هذا حديث صحيح. وأخرجه هناد بن السري في "الزهد" (727)، وابن أبي شيبة 13/224، وعنه مسلم، عن وكيع، عن أبي الأحوص، به. وأخرجه أحمد 4/268، وابن سعد في "الطبقات" 1/406، ومسلم (2977) (35) من طريق زهير وإسرائيل، عن سماك به، وزاد زهير: "وما ترضون دون ألوان التمر والزبد." وانظر ما بعده.

6341- إسناده حسن عل شرط مسلم كسابقه. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري. وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم" - ص 275 من طريقين عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: بإثر حديث رقم (2372): وروى أبو عوانة وغير واحد عن سماك بن حرب نحو حديث أبي الأحوص.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ سِمَاكَ بْنَ حَرْبٍ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنَ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے کہ سماک بن حرب نے یہ روایت حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے

6342 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيْرٍ، يَخْطُبُ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ عُمَرُ - وَذَكَرَ مَا اَصَابَ النَّاسَ مِنَ الدُّنْيَا -: لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْتَوِيْ وَمَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بَطْنَهُ

❁❁ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیتے ہوئے یہ بات ذکر کی کہ لوگوں کو اب طرح طرح کی دنیاوی نعمتیں حاصل ہوگئی ہیں' حالانکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ جب آپ بھوکے ہوتے تھے' تو آپ کو ہلکی قسم کی کھجوریں اتنی بھی نہیں ملتی تھیں کہ آپ اس کے ذریعے اپنا پیٹ بھر لیں۔

ذِكْرُ سُؤَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ جَلَّ وَعَلَا اَنْ تَعْزُبَ الدُّنْيَا عَنْ آلِهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگنے کا تذکرہ کہ وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل سے دنیا کو دور رکھے

6343 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْاَعْمَشَ، يُحَدِّثُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ آلِ مُحَمَّدٍ كَفَافًا

6342- إسناده حسن وهو مكرر ما قبله. اسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهوية، وأبو عامر العقدي: هو عبد الملك بن عمرو القيسي. وأخرجه أحمد في "المسند" 1/24، وفي "الزهد" ص 30، وابن سعد 406-1/405، ومسلم (2978) في أول الزهد، وابن ماجه (4146) في الزهد: باب معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم -، من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وقال الترمذي بإثر الحديث (2372) : وروى شعبة هذا الحديث عن سماك، عن النعمان بن بشير، عن عمر.

6343- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وأبو زرعة: هو ابن عمرو بن جرير. وأخرجه النسائي في الرقائق من "الكبرى" كما في "التحفة" 10/442 عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (1055) (19) ص 2281 في الزهد، والبيهقي في "السنن الكبرى" 2/150 و 7/46، وفي "دلائل النبوة" 1/339 و 6/87، وأبو الشيخ في "أخلاق - صلى الله عليه وسلم "- ص 268-267 من طرق عن أبي أسامة، به. ولفظ البيهقي: "قوتاً." وانظر ما بعده.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اے اللہ! محمد کے گھر والوں کو گزارہ کرنے جتنا رزق عطا کر۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَفَافًا ، اَرَادَ بِهٖ قُوتًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''گزارے لائق'' اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد ضروری خوراک ہے

6344 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَاضِرُ بْنُ الْمُوَرِّعِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنِ ابْنِ اَخِي ابْنِ شُبْرُمَةَ، عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ، اجْعَلْ رِزْقَ آلِ مُحَمَّدٍ قُوتًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اے اللہ! محمد کے گھر والوں کو (ضروری) خوراک جتنا رزق عطا کر۔''

ذِكْرُ مَا عَزَبَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا الشِّبَعَ مِنْ هٰذِهِ الْفَانِيَةِ عَنْ آلِ صَفِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَّامًا مَعْلُوْمَةً

اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی آل کو متعین مدت تک اس فنا ہو جانے والی (دنیا) سے سیراب ہونے سے دور رکھا

6344- إسناده حسن، العباس بن عبد العظيم: هو العنبرى ثقة روى له مسلم والأربعة وعلّق له البخارى، ومن فوقه من رجال الشيخين غير محاضر بن المورع، روى له أصحاب السنن، وعلّق له البخارى، وروى له مسلم حديثاً واحداً متابعة، وهو حسن الحديث . ابن أخى ابن شبرمة: هو عمارة بن القعقاع، وعمه هو عبد الله بن شبرمة. وأخرجه البيهقى فى "دلائل النبوة "6/87 من طريق العباس بن محمد الدورى، عن محاضر بن المورع، بهذا الإسناد . وأخرجه وكيع فى "الزهد" (119) عن الأعمش، به . ومن طريق وكيع أخرجه أحمد فى "المسند"2/446 و 481، وفى "الزهد" ص 8، وابن ابى شيبة13/240-241، ومسلم (1055) (126) فى الزكاة: باب الكفاف والقناعة، وص 2281 فى الزهد، والترمذى (2361) فى الزهد: باب ما جاء فى معيشة النبى - صلى الله عليه وسلم -، وابن ماجه (4139) فى الزهد: باب القناعة، وقال الترمذى: حديث حسن صحيح . وأخرجه أحمد2/232، والبخارى (6460) فى الرقاق: باب كيف كان عيش النبى - صلى الله عليه وسلم -، وأبو الشيخ فى " أخلاق النبى - صلى الله عليه وسلم - " ص 268 من طريق محمد بن فضيل بن غزوان، عن أبيه، عن عمارة بن القعقاع به . ولفظ البخارى: "اللّٰهم ارزق آل محمد قوتاً." ولفظ أحمد: "اللّٰهم اجعل رزق آل بيتى قوتاً." ولفظ أبى الشيخ: "اللّٰهم اجعل عيش آل محمد قوتاً."

6345 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ الرَّیَّانِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَیْنُ بْنُ حُرَیْثٍ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰی، عَنِ الْفُضَیْلِ بْنِ غَزْوَانَ، عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ طَعَامٍ وَّاحِدٍ ثَلَاثًا حَتّٰى قُبِضَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْاَسْوَدَیْنِ: التَّمْرَ وَالْمَاءَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر والوں نے کبھی بھی تین دن تک پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھایا' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوگیا آپ کی خوراک صرف دو سیاہ چیزیں یعنی کھجور اور پانی تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَالَةَ الَّتِیْ ذَكَرْنَاهَا كَانَتِ اخْتِيَارًا مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَهْلِهٖ، دُوْنَ اَنْ تَكُوْنَ تِلْكَ حَالَةً اضْطِرَارِيَّةً

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ حالت جسے ہم نے ذکر کیا ہے یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اپنے اہل خانہ کے لیے اختیار کے طور پر تھی یہ اضطراری حالت نہیں تھی

6346 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، حَدَّثَنَا الْمُحَارِبِیُّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا اَشْبَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلَهٗ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ تِبَاعًا مِنْ خُبْزِ الْبُرِّ حَتّٰى فَارَقَ الدُّنْيَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی مسلسل تین دن تک اپنے گھر والوں کو گندم کی روٹی پیٹ بھر کے نہیں کھلائی' یہاں تک کہ آپ دنیا سے رخصت ہوگئے۔

6345– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو حازم: هو سلمان الأشجعي . وأخرجه دون قوله: إلا الأسودين ... البخاري (5374) في الأطعمة: باب قول الله تعالى: (كلوا من طيبات ما رزقناكم) عن يوسف بن عيسى، حدثنا محمد بن فضيل، عن أبيه، بهذا الإسناد. وأخرج وكيع في الزهد (107) عَنْ فُضَيْلِ بْنُ غَزْوَانَ، عَنْ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: مَا شَبِعَ آلُ مُحَمَّدٍ - صَلَّى الله عليه وسلم - من طعام بُرٍّ حتى قبضه.

6346– إسناده على شرط مسلم . المحاربي: هو عبد الرحمن بن محمد. وهو في "مسند أبي يعلى ".2/285 وأخرجه الترمذي (2358) في الزهد: باب ما جاء في معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم -، عن أبي كريب، عن عبد الرحمن المحاربي، بهذا الإسناد، وقال: حديث صحيح حسن غريب من هذا الوجه . وأخرجه أحمد 2/434، ومسلم (2976) في الزهد، وابن ماجة (3343) في الأطعمة: باب خبز البر، من طرق عن يزيد بن كيسان، به.

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے ایک عالم کو غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کی متضاد ہے، جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

6347 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ السَّاعِدِيَّ، فَقُلْتُ: هَلْ اَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ؟ فَقَالَ سَهْلٌ: مَا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ مِنْ حِينِ ابْتَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى قَبَضَهُ قَالَ: فَقُلْتُ: هَلْ كَانَ لَكُمْ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنَاخِلُ؟ قَالَ: مَا رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْخُلًا مِنْ حِينِ ابْتَعَثَهُ حَتّٰى قَبَضَهُ قُلْتُ: كَيْفَ كُنْتُمْ تَاْكُلُوْنَ الشَّعِيرَ غَيْرَ مَنْخُولٍ؟ قَالَ: كُنَّا نَطْحَنُهُ، فَنَنْفُخُهُ فَيَطِيرُ مَا طَارَ، وَمَا بَقِيَ ثَرَّيْنَاهُ، فَاَكَلْنَاهُ

ابو حازم بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم چھنے ہوئے آٹے کی روٹی کھاتے تھے۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے بتایا جب سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے مبعوث کیا ہے اس وقت سے لے کر آپ کے وصال تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی چھنے ہوئے آٹے کی روٹی نہیں کھائی۔ میں نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں آپ لوگوں کے پاس چھلنیاں نہیں ہوتی تھیں۔ انہوں نے فرمایا: جب سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے اس وقت سے لے کر اپنے وصال تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی چھلنی نہیں دیکھی میں نے دریافت کیا' تو آپ چھانے بغیر جو کیسے کھا لیتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: ہم لوگ اسے پیس کر اس میں پھونک مارتے تھے جو چیز اڑنی ہوتی تھی وہ اڑ جاتی تھی جو باقی بچ جاتی تھی ہم اسے پکا کر کھا لیتے تھے۔

ذِكْرُ مَا كَانَ فِيْهِ آلُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَدَمِ الْوَقُوْدِ فِيْ دُوْرِهِمْ بَيْنَ اَشْهُرٍ مُتَوَالِيَةٍ

6347– إسناده صحيح على شرط الشيخين. يعقوب بن عبد الرحمن: هو ابن محمد بن عبد الله بن عبد القاري المدني، وأبو حازم: هو سلمة بن دينار. وأخرجه البخاري (5413) في الأطعمة: باب مَا كَانَ النَّبِيُّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وأصحابه يأكلون، والنسائي في الرقاق من "الكبرى" كما في "التحفة" 4/121، والطبراني في "الكبير" (5999)، والبغوي (2845) عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/332، والبخاري (5410) في الأطعمة: باب النفخ في الشعير، والترمذي (2364) في الزهد: باب ما جاء في معيشة النبي - صلى الله عليه وسلم - وأهله، وابن ماجة (3335) في الأطعمة: باب الحوّارى، والطبراني (1796) و (5846) و (5889) من طرق عن أبي حازم، به.

اس بات کا تذکرہ کہ بعض اوقات نبی اکرم ﷺ کے گھر والے کئی ماہ تک (کھانا پکانے کے لیے) آگ نہیں جلا پاتے تھے

6348 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): اِنْ كُنَّا لَنَنْظُرُ اِلَى الْهِلَالِ، ثُمَّ الْهِلَالِ، ثُمَّ الْهِلَالِ ثَلَاثَةَ اَهِلَّةٍ فِي شَهْرَيْنِ، وَمَا اُوقِدَتْ فِي بُيُوتِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَارٌ قُلْتُ: يَا خَالَةُ فِيمَا كَانَ يُعَيِّشُكُمْ؟ قَالَتْ: الْاَسْوَدَانِ: التَّمْرُ وَالْمَاءُ، اِلَّا اَنَّهُ كَانَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِيرَانَ مِنَ الْاَنْصَارِ - نِعْمَ الْجِيرَانُ - كَانَتْ لَهُمْ مَنَائِحُ، فَكَانُوا يَمْنَحُونَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَلْبَانِهَا، فَكَانَ يَسْتَقِينَا مِنْهُ

✿✿ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم لوگ پہلی کا ایک چاند دیکھ لیتے تھے پھر اگلی پہلی کا چاند دیکھ لیتے تھے پھر اگلی پہلی کا چاند دیکھ لیتے تھے یعنی دو مہینوں میں تین چاند دیکھ لیتے تھے' لیکن اس دوران نبی اکرم ﷺ کے گھروں میں آگ نہیں جلتی تھی۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: خالہ جان آپ لوگوں کا گزارا کیسے ہوتا تھا؟ انہوں نے جواب دیا دو سیاہ چیزوں پر کھجوروں اور پانی پر' البتہ نبی اکرم ﷺ کے کچھ انصاری پڑوسی تھے جو بہت اچھے پڑوسی تھے۔ ان لوگوں کے پاس دودھ دینے والے جانور تھے وہ ان کا دودھ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں تحفے کے طور پر بھجوا دیتے تھے' تو ہم وہ پی لیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ آلَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُونُوا يَدَّخِرُونَ الشَّيْءَ الْكَثِيرَ لِمَا يُسْتَقْبَلُونَ مِنَ الْاَيَّامِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کے گھر والے آگے آنے والے دنوں کے لیے زیادہ چیز کو ذخیرہ کر کے نہیں رکھتے تھے

6348– إسناده صحيح، محمد بن الصباح الجرجرائي وثقه المصنف، وأبو زرعة، ومحمد بن عبد الله الحضرمي، وقال أبو حاتم: صالح الحديث، وقال ابن معين: ليس به بأس، روى له أبو داود، وابن ماجة، وقد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين. أبو حازم: هو سلمة بن دينار. وأخرجه البخاري (2567) في أول كتاب الهبة، و (6459) في الرقائق: باب كيف كان عيش النبي - صلى الله عليه وسلم -، ومسلم (2972) (28) في الزهد من طريقين عن عبد العزيز بن أبي حازم، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي" ص 274 من طريق هشام بن سعد، عن أبي حازم، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 13/249 عن أبي خالد الأحمر، عن ابن عجلان، عن القعقاع، عن القاسم، عن عائشة بنحوه. وقد تقدم برقم (729)، وسيأتي برقم (6361) و (6372).

6349 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا اَبَانُ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَاتَ يَوْمٍ: مَا اَصْبَحَ فِي آلِ مُحَمَّدٍ صَاعُ بُرٍّ، وَلَا صَاعُ تَمْرٍ.

وَاِنَّ لَهُ يَوْمَئِذٍ تِسْعَ نِسْوَةٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (آج) محمد کے گھر میں نہ تو گندم کا ایک صاع ہے اور نہ ہی کھجوروں کا ایک صاع ہے۔

راوی کہتے ہیں: اس زمانے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نو ازواج تھیں۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يَتَمَنَّى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاِقْلَالَ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کی آرزو کی: اس فنا اور زائل ہو جانے والی دنیا میں سے تھوڑی سی چیز (آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو ملے)

6350 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَوْ كَانَ عِنْدِي اُحُدٌ ذَهَبًا، لَاَحْبَبْتُ اَنْ لَا يَاْتِيَ عَلَيَّ ثَلَاثٌ وَّعِنْدِي مِنْهُ دِينَارٌ لَا اَجِدُ مَنْ يَتَقَبَّلُهُ مِنِّي، لَيْسَ شَيْءٌ اَرْصُدُهُ لِدَيْنٍ عَلَيَّ

6349– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه أحمد في "الزهد" ص 4 عن عبد الصمد، عن أبان بن يزيد العطار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/133 و 208، والبخاري (2069) في البيوع: باب شراء النبي - صلى الله عليه وسلم - بالنسيئة، و (2508) في أول الرهن، والترمذي (1215) في البيوع: باب ما جاء في الرخصة في الشراء إلى أجل، من طرق عَنْ هِشَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مالك، أنه مشى إلى النبي - صلى الله عليه وسلم - بخبز وإهالة سَنِخَة، ولقد رهن النبي - صلى الله عليه وسلم - درعاً له بالمدينة عند يهودي، وأخذ منه الشعير لأهله، ولقد سمعتُه يقول: "ما أمسى عندَ آل محمد - صلى الله عليه وسلم - صاع بُرٍّ ولا صاع حبٍّ"، وإن عنده لتسع نسوة. وأخرجه أحمد 3/238، وابن ماجه (4147) في الزهد: باب معيشة آل محمد - صلى الله عليه وسلم -، وأبو يعلى (3059) من طريق الحسن بن موسى، عن شيبان، عن قتادة، به. وأورده البوصيري في "مصباح الزجاجة" 262/2، وقال: هذا إسناد صحيح رجاله ثقات، رواه ابن حبان في "صحيحه" من طريق أبان العطار، عن قتادة به، وأصله في "صحيح" البخاري والترمذي والنسائي من حديث أنس بغير هذا السياق، ورواه الإمام أحمد في "مسنده" من حديث أنس بن مالك أيضاً كما رواه ابن ماجة.

6350– حديث صحيح، ابن أبي السري -وهو محمد بن المتوكل- متابع، ومن فوقه على شرطهما. وهو في "صحيفة همام" (83). وأخرجه أحمد 2/316، والبخاري (7228) في التمني: باب تمني الخير، والبغوي (1653) من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وقد تقدم برقم (3214) من طريق آخر عن أبي هريرة.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد کی جان ہے اگر میرے پاس احد پہاڑ جتنا سونا ہو تو مجھے یہ بات پسند ہوگی کہ تین گزرنے سے پہلے میرے پاس ان میں سے ایک دینار بھی باقی نہ رہے سوائے اس دینار کے جسے میں نے قرض کی ادائیگی کے لئے سنبھال کر رکھا ہو''۔

6351 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الدَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ يَعْمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ حَدَّثَنِي اَخِي زَيْدُ بْنُ سَلَّامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ لُحَيٍّ الْهَوْزَنِيُّ، قَالَ:

(متن حدیث): لَقِيتُ بِلَالًا مُؤَذِّنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا بِلَالُ اَخْبِرْنِي كَيْفَ كَانَتْ نَفَقَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا كَانَ لَهُ مِنْ شَيْءٍ، وَكُنْتُ اَنَا الَّذِي اِلَى ذٰلِكَ مُنْذُ بَعَثَهُ اللّٰهُ حَتّٰى تُوُفِّيَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ اِذَا اَتَاهُ الْاِنْسَانُ الْمُسْلِمُ فَرَآهُ عَارِيًا، يَاْمُرُنِي، فَاَنْطَلِقُ، فَاَسْتَقْرِضُ، فَاَشْتَرِي الْبُرْدَةَ اَوِ النَّمِرَةَ، فَاَكْسُوهُ، وَاُطْعِمُهُ، حَتّٰى اعْتَرَضَنِي رَجُلٌ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ: يَا بِلَالُ اِنَّ عِنْدِي سَعَةً، فَلَا تَسْتَقْرِضْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا مِنِّي، فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ، تَوَضَّاْتُ، ثُمَّ قُمْتُ اُؤَذِّنُ بِالصَّلَاةِ، فَاِذَا الْمُشْرِكُ فِي عِصَابَةٍ مِنَ التُّجَّارِ، فَلَمَّا رَآنِي قَالَ: يَا حَبَشِيُّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا لَبَّيْهُ، فَتَجَهَّمَنِي، وَقَالَ لِي قَوْلًا غَلِيظًا، وَقَالَ: اَتَدْرِي كَمْ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الشَّهْرِ؟ قَالَ: قُلْتُ: قَرِيبٌ، قَالَ لِي: اِنَّمَا بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ اَرْبَعٌ، فَآخُذُكَ بِالَّذِي عَلَيْكَ، فَاِنِّي لَمْ اُعْطِكَ الَّذِي اَعْطَيْتُكَ مِنْ كَرَامَتِكَ عَلَيَّ، وَلَا كَرَامَةِ صَاحِبِكَ، وَلٰكِنِّي اِنَّمَا اَعْطَيْتُكَ لِتَجِبَ لِي عَبْدًا، فَاَرُدُّكَ تَرْعَى الْغَنَمَ كَمَا كُنْتَ قَبْلَ ذٰلِكَ، فَاَخَذَ فِي نَفْسِي مَا يَاْخُذُ النَّاسُ، فَانْطَلَقْتُ، ثُمَّ اَذَّنْتُ بِالصَّلَاةِ، حَتّٰى اِذَا صَلَّيْتُ الْعَتَمَةَ رَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اَهْلِهِ، فَاسْتَاْذَنْتُ عَلَيْهِ فَاَذِنَ لِي، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بِاَبِي اَنْتَ اِنَّ الْمُشْرِكَ الَّذِي ذَكَرْتُ لَكَ اَنِّي كُنْتُ اَتَدَيَّنُ مِنْهُ قَالَ لِي كَذَا وَكَذَا، وَلَيْسَ عِنْدَكَ مَا تَقْضِي عَنِّي، وَلَا عِنْدِي، وَهُوَ فَاضِحِي، فَاْذَنْ لِي اَنُوءُ اِلَى بَعْضِ هٰؤُلَاءِ الْاَحْيَاءِ الَّذِينَ اَسْلَمُوا حَتّٰى يَرْزُقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ مَا يَقْضِي عَنِّي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا شِئْتَ اعْتَمَدْتَ، قَالَ: فَخَرَجْتُ حَتّٰى آتِيَ مَنْزِلِي، فَجَعَلْتُ سَيْفِي وَجُعْبَتِي وَمِجَنِّي وَنَعْلِي عِنْدَ رَاْسِي، وَاسْتَقْبَلْتُ بِوَجْهِي

6351- حديث صحيح . محمد بن خلف الداری: روی عنه جمع، وأورده ابن أبی حاتم 7/245، ولم يذكر فيه جرحاً ولا تعديلاً، ومعمر بن يعمر ذكره المصنف فی "الثقات" 9/192؛ وقال: يُغرب، قلت: وكلاهما قد توبع، ومن فوقهما ثقات من رجال مسلم غير عبد الله الهوزنی، فقد روی له أصحاب السنن غير الترمذی، وهو ثقة. وأخرجه أبو داود (3055) فی الخراج: باب فی الإمام يقبل هدايا المشركين، والطبرانی فی " الكبير " (1119) ، والبيهقی فی "دلائل النبوة "351-1/348 من طريق أبی توبة الربيع بن نافع، وأخرجه أبو داود (3056) عن محمود بن خالد، حدثنا مروان بن محمد، كلاهما عن معاوية بن صالح بهذا الإسناد .
وقول بلال: "يا لبيه": هو من التلبية، وهی إجابة المنادی، يقال: لبيك ولبيه، قال الفراء : معنی " لبيك ": إجابة بعد إجابة، ونصبه علی المصدر.

الْاُفُقَ، فَكُلَّمَا نِمْتُ سَاعَةً اسْتَنْبَهْتُ، فَإِذَا رَأَيْتُ عَلَيَّ لَيْلًا نِمْتُ حَتّٰى اَسْفَرَ الصُّبْحُ الْاَوَّلُ، اَرَدْتُ اَنْ اَنْطَلِقَ، فَإِذَا اِنْسَانٌ يَسْعٰى يَدْعُو: يَا بِلَالُ اَجِبْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ حَتّٰى اَتَيْتُهُ، فَإِذَا اَرْبَعُ رَكَائِبَ مُنَاخَاتٌ عَلَيْهِنَّ اَحْمَالُهُنَّ، فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَاْذَنْتُهُ، فَقَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرْ، فَقَدْ جَاءَ اللّٰهُ بِقَضَائِكَ، فَحَمِدْتُ اللّٰهَ، وَقَالَ: اَلَمْ تَمُرَّ عَلَى الرَّكَائِبِ الْمُنَاخَاتِ الْاَرْبَعِ؟، فَقُلْتُ: بَلٰى، فَقَالَ: اِنَّ لَكَ رِقَابَهُنَّ، وَمَا عَلَيْهِنَّ كِسْوَةٌ وَّطَعَامٌ اَهْدَاهُنَّ اِلَيَّ عَظِيمُ فَدَكَ، فَاقْبِضْهُنَّ، ثُمَّ اقْضِ دَيْنَكَ قَالَ: فَفَعَلْتُ، فَحَطَطْتُ عَنْهُنَّ اَحْمَالَهُنَّ، ثُمَّ عَقَلْتُهُنَّ، ثُمَّ عَمَدْتُ اِلٰى تَاْذِيْنِ صَلَاةِ الصُّبْحِ، حَتّٰى اِذَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجْتُ لِلْبَقِيعِ، فَجَعَلْتُ اُصْبُعَيَّ فِيْ اُذُنِيْ، فَنَادَيْتُ: مَنْ كَانَ يَطْلُبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَيْنًا فَلْيَحْضُرْ، فَمَازِلْتُ اَبِيعُ وَاَقْضِي، وَاَعْرِضُ فَاَقْضِي، حَتّٰى اِذَا فَضَلَ فِيْ يَدَيَّ اُوقِيَّتَانِ اَوْ اُوقِيَّةٌ وَّنِصْفٌ، انْطَلَقْتُ اِلَى الْمَسْجِدِ، وَقَدْ ذَهَبَ عَامَّةُ النَّهَارِ، فَإِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَحْدَهُ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ مَا قِبَلَكَ؟، فَقُلْتُ: قَدْ قَضَى اللّٰهُ كُلَّ شَيْءٍ كَانَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَبْقَ شَيْءٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفَضَلَ شَيْءٌ؟، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: انْظُرْ اَنْ تُرِيحَنِيْ مِنْهَا، فَلَمَّا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَتَمَةَ دَعَانِيْ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ مِمَّا قِبَلَكَ؟، قَالَ: قُلْتُ: هُوَ مَعِي لَمْ يَاْتِنَا اَحَدٌ، فَبَاتَ فِي الْمَسْجِدِ حَتّٰى اَصْبَحَ، فَظَلَّ فِي الْمَسْجِدِ الْيَوْمَ الثَّانِيْ، حَتّٰى كَانَ فِيْ آخِرِ النَّهَارِ جَاءَ رَاكِبَانِ، فَانْطَلَقْتُ بِهِمَا فَكَسَوْتُهُمَا وَاَطْعَمْتُهُمَا، حَتّٰى اِذَا صَلَّى الْعَتَمَةَ دَعَانِيْ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فَعَلَ الَّذِيْ قِبَلَكَ؟، فَقُلْتُ: قَدْ اَرَاحَكَ اللّٰهُ مِنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَكَبَّرَ وَحَمِدَ اللّٰهَ شَفَقًا اَنْ يُدْرِكَهُ الْمَوْتُ وَعِنْدَهُ ذٰلِكَ، ثُمَّ اتَّبَعْتُهُ حَتّٰى جَاءَ اَزْوَاجَهُ فَسَلَّمَ عَلَى امْرَاَةٍ امْرَاَةٍ، حَتّٰى اَتٰى مَبِيتَهُ، فَهٰذَا الَّذِيْ سَاَلْتَنِيْ عَنْهُ

عبداللہ ہوزنی بیان کرتے ہیں: میری ملاقات نبی اکرم ﷺ کے مؤذن حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے ہوئی۔ میں نے کہا: اے بلال آپ مجھے بتایئے کہ نبی اکرم ﷺ کا خرچ کیسے چلتا تھا' تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے بتایا نبی اکرم ﷺ کے پاس کوئی چیز نہیں ہوتی تھی' جب سے اللہ تعالیٰ نے آپ کو مبعوث کیا اس دن سے آپ کے وصال تک میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ رہا ہوں جب کوئی مسلمان آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا اور آپ دیکھتے کہ اس کے پاس مناسب کپڑے نہیں ہیں' تو آپ مجھے حکم دیتے میں جاتا آپ کے نام پر قرض لیتا۔ اس کے ذریعے کپڑا یا چادر خریدتا اور اس شخص کو پہننے کے لئے دیدیتا اور اس شخص کو کھانا کھلا دیتا' یہاں تک کہ ایک مشرک شخص میرے پاس آیا اور بولا: اے بلال میرے پاس گنجائش ہے تم صرف مجھ سے قرض لیا کرو میں نے ایسا ہی کیا۔ ایک دن میں نے وضو کیا میں نماز کے لئے اذان دینے کے لئے اٹھنے لگا' تو وہ مشرک شخص کچھ تاجروں کے ساتھ آیا جب اس نے مجھے دیکھا' تو بولا: اے حبشی میں نے کہا: کیا ہے' تو اس نے مجھے برا بھلا کہا اور میرے بارے میں سختی سے کام لیا۔ اس نے دریافت کیا: کیا تم یہ بات جانتے ہو کہ مہینہ ختم ہونے میں کتنے دن رہ گئے ہیں۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں تھوڑا ہی وقت ہے۔ اس نے مجھ سے کہا

مہینہ ختم ہونے میں چار دن باقی رہ گئے ہیں' پھر میں نے تم سے وہ وصولی کر لینی ہے' جو تمہارے ذمے لازم ہے میں نے تمہیں قرض اس لئے نہیں دیا تھا کہ تم میرے نزدیک معزز ہو یا تمہارے آقا میرے نزدیک معزز ہیں۔ میں نے تمہیں قرض اس لئے دیا تھا' تا کہ مجھے (قرض وصول نہ ہونے کی صورت میں) غلام حاصل ہو جائے' تو میں تم سے بکریاں چرواؤں گا' جس طرح تم پہلے چرایا کرتے تھے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں بھی پریشان ہو گیا جس طرح لوگ پریشان ہوتے ہیں۔ خیر میں گیا میں نے نماز کے لئے اذان دی' یہاں تک کہ جب میں نے عشاء کی نماز ادا کر لی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر واپس تشریف لے گئے' تو میں نے آپ کے ہاں اندر آنے کی اجازت مانگی۔ آپ نے مجھے اجازت عطا کی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! میرے والد آپ پر قربان ہوں۔ وہ مشرک جس کا میں نے آپ کے سامنے ذکر کیا تھا کہ میں اس سے قرض لیتا ہوں۔ اس نے مجھے اس اس طرح کی باتیں کی ہیں اور آپ کے پاس کوئی ایسی چیز بھی نہیں ہے' جو آپ میری طرف سے ادا کر دیں اور میرے پاس بھی نہیں ہے اور وہ شخص مجھے رسوا کر دے گا۔ آپ مجھے اجازت دیجئے' تا کہ میں ان قبائل کی طرف جاؤں جنہوں نے اسلام قبول کیا ہے' تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو اتنا رزق عطا کر دے کہ وہ میرا قرض ادا کر دیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم یہ چاہتے ہو' تو ایسا کر لو حضرت بلال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں وہاں سے نکل کر اپنے گھر آیا۔ میں نے اپنی تلوار' اپنا ترکش اپنی ڈھال اپنے جوتے اپنے سرہانے رکھ لئے۔ میں نے اپنا رُخ اُفق کی طرف کیا۔ میں جب بھی تھوڑی دیر کے لئے سوتا تھا' تو فوراً بیدار ہو جاتا تھا' لیکن اس رات میں ایسا سویا کہ صبح صادق ہو گئی۔ میں نے اٹھنے کا ارادہ کیا اسی دوران ایک شخص دوڑتا ہوا آیا وہ کہہ رہا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ میں اٹھا اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہاں چار سواریاں موجود تھیں جن پر ان کے پالان وغیرہ بندھے ہوئے تھے۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے اندر آنے کی اجازت مانگی۔ آپ نے مجھ سے فرمایا تمہارے لئے خوشخبری ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے قرض کی ادائیگی کا بندوبست کر دیا ہے' تو میں نے اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہارا گزر ان چار سواریوں کے پاس نہیں ہوا جو باندھی ہوئی تھیں۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ سواریاں اور ان پر موجود کپڑے اور کھانا تمہارے ہوئے' یہ سب چیزیں مجھے فدک کے امیر نے تحفے کے طور پر بھیجی ہیں۔ تم انہیں حاصل کر لو اور اپنا قرض ادا کر دو۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ایسا ہی کیا۔ میں نے ان کے اوپر سے پالان اتار لی اور پھر انہیں باندھ دیا پھر میں صبح کی نماز کے لئے اذان دینے گیا' یہاں تک کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کر لی' تو میں نکل کر بقیع کے میدان میں آیا۔ میں نے اپنی دونوں انگلیاں کانوں میں دیں اور بلند آواز میں اعلان کیا جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے قرض واپس لینا تھا وہ آ جائے اس کے بعد میں خرید و فروخت کرتا رہا اور قرض ادا کرتا رہا' یہاں تک کہ میرے ہاتھ میں دو اوقیہ یا ڈیڑھ اوقیہ باقی بچ گئے۔ میں مسجد کی طرف آیا دن کا زیادہ حصہ رخصت ہو چکا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں اکیلے تشریف فرما تھے۔ میں نے آپ کو سلام کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تمہاری کیا صورت حال ہے۔ میں نے عرض کی: اللہ تعالیٰ نے ہر وہ چیز ادا کروا دی ہے' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمے لازم تھی کوئی بھی چیز (یعنی قرض) باقی نہیں رہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا کوئی چیز باقی بچی ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم دیکھو کہ اس کے ذریعے مجھے آرام پہنچانا پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کر لی' تو آپ نے مجھے

بلایا آپ نے دریافت کیا تمہاری کیا صورت حال ہے۔ میں نے عرض کی: وہ چیز میرے پاس ہے۔ ہمارے پاس کوئی بھی نہیں آیا۔ نبی اکرم ﷺ نے وہ رات مسجد میں گزاری' یہاں تک کہ صبح ہوگئی آپ اگلا دن بھی مسجد میں رہے' یہاں تک کہ دن کا آخری حصہ آ گیا' تو دو سوار آئے۔ میں ان دونوں کو ساتھ لے کر گیا۔ میں نے ان دونوں کو پہننے کے لئے کپڑے لے کر دیئے۔ انہیں کھانا کھلایا' یہاں تک کہ جب نبی اکرم ﷺ نے عشاء کی نماز ادا کر لی' تو آپ نے مجھے بلایا نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا صورت حال ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس چیز کی طرف سے راحت پہنچا دی ہے (یعنی وہ بقیہ مال بھی اللہ کی راہ میں خرچ ہو گیا ہے)' تو نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی کبریائی بیان کی اور اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی' اس اندیشے کے تحت کہ آپ کو کہیں ایسی حالت میں موت نہ آ جائے کہ وہ مال آپ کے پاس موجود ہو' پھر میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ چلتا ہوا آیا۔ نبی اکرم ﷺ اپنی تمام ازواج کے پاس تشریف لے گئے۔ آپ نے ہر ایک زوجہ محترمہ کو سلام کیا۔ یہاں تک آپ اس گھر میں آئے جہاں آپ نے رات بسر کرنی تھی۔

(حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے فرمایا) یہ وہ صورت حال تھی جس کے بارے میں تم نے مجھ سے دریافت کیا تھا۔

ذِكْرُ مَا مَثَّلَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسَهُ وَالدُّنْيَا بِمِثْلِ مَا مَثَّلَ بِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی ذات اور دنیا (کے باہمی تعلق) کے بارے میں کیا مثال بیان کی ہے

(متن حدیث): تَحَدَّثْنَا عِنْدَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ حَتّٰى اَكْرَيْنَا الْحَدِيْثَ، ثُمَّ تَرَاجَعْنَا اِلَى الْبَيْتِ، فَلَمَّا اَصْبَحْنَا غَدَوْنَا اِلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ: عُرِضَتْ عَلَيَّ الْاَنْبِيَاءُ اللَّيْلَةَ بِاَتْبَاعِهَا مِنْ اُمَّتِهَا، فَجَعَلَ النَّبِيُّ يَجِيءُ وَمَعَهُ الثَّلَاثَةُ مِنْ قَوْمِهِ، وَالنَّبِيُّ يَجِيءُ وَمَعَهُ الْعِصَابَةُ مِنْ قَوْمِهِ، وَالنَّبِيُّ وَمَعَهُ النَّفَرُ مِنْ قَوْمِهِ، وَالنَّبِيُّ لَيْسَ مَعَهُ مِنْ قَوْمِهِ اَحَدٌ، حَتّٰى اَتٰى عَلَيَّ مُوْسَى بْنُ عِمْرَانَ فِيْ كَبْكَبَةٍ مِنْ بَنِيْ اِسْرَائِيلَ فَلَمَّا رَاَيْتُهُمْ اَعْجَبُوْنِيْ، فَقُلْتُ: يَا رَبِّ، مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: هٰذَا اَخُوكَ مُوْسَى بْنِ عِمْرَانَ، قَالَ: وَاِذَا ظِرَابٌ مِّنْ ظِرَابِ مَكَّةَ قَدْ سَدَّ وُجُوهَ الرِّجَالِ، قُلْتُ: رَبِّ، مَنْ هٰؤُلَاءِ؟ قَالَ: اُمَّتُكَ، قَالَ: فَقِيلَ لِي: رَضِيتَ؟ قَالَ: قُلْتُ: رَبِّ رَضِيتُ، رَبِّ رَضِيتُ، قَالَ: ثُمَّ قِيلَ لِي: اِنَّ مَعَ هٰؤُلَاءِ سَبْعِيْنَ اَلْفًا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ لَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ، قَالَ: فَاَنْشَاَ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ اَخُو بَنِيْ اَسَدِ بْنِ خُزَيْمَةَ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، ادْعُ رَبَّكَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، قَالَ: اللّٰهُمَّ، اجْعَلْهُ مِنْهُمْ، قَالَ: ثُمَّ اَنْشَاَ رَجُلٌ اٰخَرُ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، ادْعُ رَبَّكَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ.

فَقَالَ: سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ قَالَ: ثُمَّ قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِدَاكُمْ اَبِيْ وَاُمِّي اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَكُوْنُوا مِنَ السَّبْعِيْنَ، فَكُوْنُوا فَاِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُوْنُوا مِنْ اَهْلِ الظِّرَابِ، فَاِنْ عَجَزْتُمْ وَقَصَّرْتُمْ فَكُوْنُوا مِنْ اَهْلِ الْاُفُقِ، فَاِنِّي رَاَيْتُ ثَمَّ اُنَاسًا يَتَهَرَّشُونَ كَثِيْرًا، قَالَ: فَقَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَّكُوْنَ مَنْ تَبِعَنِيْ مِنْ اُمَّتِي رُبُعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ، قَالَ: فَكَبَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ: اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَّكُوْنُوا الثُّلُثَ، قَالَ: فَكَبَّرْنَا، ثُمَّ قَالَ: اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَّكُوْنُوا الشَّطْرَ، قَالَ: فَكَبَّرْنَا، فَتَلَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِينَ وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِينَ) (الواقعة: 40).

قَالَ: فَتَرَاجَعَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلٰى هٰؤُلَاءِ السَّبْعِيْنَ، فَقَالُوا: نَرَاهُمْ اُنَاسًا وُلِدُوْا فِي الْاِسْلَامِ، ثُمَّ لَمْ يَزَالُوا يَعْمَلُوْنَ بِهٖ حَتّٰى مَاتُوا عَلَيْهِ، قَالَ: فَنَمٰى حَدِيْثُهُمْ اِلٰى نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ كَذٰلِكَ، وَلٰكِنَّهُمُ الَّذِيْنَ لَا يَسْتَرْقُونَ، وَلَا يَكْتَوُونَ، وَلَا يَتَطَيَّرُوْنَ، وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ.

قَالَ الشَّيْخُ: اَكْرَيْنَا: اَخَّرْنَا

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک رات ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے بات چیت کررہے تھے' یہاں تک کہ ہماری بات چیت طویل ہوگئی' پھر ہم اپنے گھر واپس آ گئے۔ اگلے دن صبح جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے سامنے گزشتہ رات انبیاء اوران کی

6431- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير العلاء بن زياد متابع الحسن البصرى، فقد روى له النسائى، وابن ماجه، وعلق له البخارى، وهو ثقة . ابن أبى عدى: هو محمد بن إبراهيم، وسعيد هو: ابن أبى عروبة، وهو أثبت الناس فى قتادة، وقد روى له الشيخان من رواية ابن أبى عدى عنه . وأخرجه الطبرانى (9768) ، والبزار (3538) عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد، وأخرجه الطبرانى (9769) من طريق يزيد بن زريع، عن سعيد بن أبى عروبة، به. وانظر الحديث الآتى برقم (7302) .

امت سے تعلق رکھنے والے پیروکار لوگوں کو پیش کیا گیا' تو کوئی ایک نبی آیا' اس کے ساتھ اس کی قوم کے تین افراد تھے۔ایک نبی آئے ان کے ساتھ ان کی قوم کا ایک گروہ تھا۔ایک نبی آئے ان کے ساتھ ان کی قوم کے کچھ لوگ تھے۔ایک نبی آئے ان کے ساتھ ان کی قوم کا کوئی بھی فرد نہیں تھا' یہاں تک کہ حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام بنی اسرائیل کے ہجوم میں میرے سامنے آئے جب میں نے ان لوگوں کو دیکھا' تو (ان کی کثرت) مجھے اچھی لگی میں نے دریافت کیا: اے میرے پروردگار! یہ کون لوگ ہیں؟ تو پروردگار نے فرمایا: یہ تمہارے بھائی موسیٰ بن عمران ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اسی دوران مکہ کا ایک چھوٹا پہاڑ لوگوں کے چہروں سے بھر گیا۔میں نے دریافت کیا: یہ کون لوگ ہیں؟ اے میرے پروردگار! اس نے فرمایا: یہ تمہاری امت ہے۔مجھ سے دریافت کیا گیا کہ کیا تم راضی ہو' تو میں نے جواب دیا: اے میرے پروردگار میں راضی ہوں۔اے میرے پروردگار میں راضی ہوں پھر مجھے بتایا: ان لوگوں کے ہمراہ ستر ہزار ایسے لوگ بھی جنت میں داخل ہوں گے جن سے کوئی حساب نہیں لیا جائے گا۔

راوی کہتے ہیں:' تو اسی دوران بنو اسد بن خزیمہ سے تعلق رکھنے والے حضرت عکاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پروردگار سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے ان میں شامل کرے۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ اسے ان میں شامل کر لے۔راوی کہتے ہیں: پھر ایک اور شخص کھڑا ہوا۔اس نے عرض کی: اے اللہ کے نبی آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ وہ مجھے ان میں شامل کر لے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عکاشہ اس حوالے سے تم سے آگے نکل گیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

میرے ماں باپ تم پر قربان ہوں اگر تم اس بات کی استطاعت رکھتے ہو کہ تم ان ستر ہزار لوگوں میں شامل ہو' تو تم ایسا کر لو اور اگر تم اس حوالے سے عاجز آ جاتے ہو اور کوتاہی کے مرتکب ہوتے ہو' تو کم از کم تم چھوٹے پہاڑ پر موجود افراد میں شامل ہو جانا (جو مجھے خواب میں دکھائے گئے تھے) کیونکہ میں نے وہاں ایسے لوگ بھی دیکھے ہیں جو ایک دوسرے سے لڑ رہے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ امید ہے کہ میری امت سے تعلق رکھنے والے میرے پیروکار اہل جنت کا ایک چوتھائی حصہ ہوں گے۔راوی کہتے ہیں: ہم نے اللہ اکبر کہا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے یہ امید ہے کہ وہ لوگ ایک تہائی حصہ ہوں گے۔راوی کہتے ہیں: ہم نے تکبیر کہی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ امید ہے کہ وہ لوگ نصف ہوں گے' تو ہم نے تکبیر کہی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی۔

''پہلے والوں میں سے بھی بہت سے لوگ اور بعد والوں میں سے بھی بہت سے لوگ۔''

راوی بیان کرتے ہیں: پھر مسلمانوں نے ان ستر ہزار لوگوں کے بارے میں گفتگو شروع کی۔انہوں نے کہا: ہم یہ سمجھتے ہیں اس سے مراد وہ لوگ ہوں گے جو زمانہ اسلام میں پیدا ہوئے اور ساری زندگی اسلام کے احکام پر عمل کرتے رہے' یہاں تک کہ مسلمان ہونے کے عالم میں فوت ہوئے۔راوی کہتے ہیں: ان لوگوں کی بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایسا نہیں ہے بلکہ یہ وہ لوگ ہیں (جو غیر شرعی الفاظ کے ذریعے) دم نہیں کرتے (علاج کے طور پر) داغ نہیں لگواتے، فال نہیں نکالتے اور اپنے پروردگار پر توکل کرتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لفظ اکرینا کا مطلب ہے ہم نے مؤخر کر دیا۔

ذِكْرُ عَرْضِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَعَدَ أُمَّتَهُ فِي الْاٰخِرَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے اس چیز کو ظاہر کیا تھا جس کا وعدہ اس نے نبی اکرم ﷺ کی امت کے بارے میں آخرت میں کیا ہے

6432 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ هُوَ ابْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، - وَذَكَرَ ابْنُ سَلْمٍ اٰخَرَ مَعَهُ - عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِيْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِمَاسَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): صَلَّيْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، فَاَطَالَ الْقِيَامَ، وَكَانَ اِذَا صَلّٰى لَنَا خَفَّفَ، ثُمَّ لَا نَسْمَعُ مِنْهُ شَيْئًا غَيْرَ اَنَّهُ يَقُوْلُ: رَبِّ، وَاَنَا فِيْهِمْ ثُمَّ رَاَيْتُهُ اَهْوٰى بِيَدِهٖ لِيَتَنَاوَلَ شَيْئًا، ثُمَّ رَكَعَ، ثُمَّ اَسْرَعَ بَعْدَ ذٰلِكَ، فَلَمَّا سَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهٗ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ عَلِمْتُ اَنَّهٗ رَاعَكُمْ طُوْلُ صَلَاتِیْ وَقِيَامِیْ قُلْنَا: اَجَلْ، يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَسَمِعْنَاكَ تَقُوْلُ: رَبِّ، وَاَنَا فِيْهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِيَدِهٖ مَا مِنْ شَیْءٍ وُعِدْتُّمُوْهُ فِی الْاٰخِرَةِ اِلَّا قَدْ عُرِضَ عَلَیَّ فِیْ مَقَامِیْ هٰذَا حَتّٰى لَقَدْ عُرِضَتْ عَلَیَّ النَّارُ، فَاَقْبَلَ اِلَیَّ مِنْهَا شَیْءٌ حَتّٰى دَنَا بِمَكَانِیْ هٰذَا، فَخَشِيْتُ اَنْ تَغْشَاكُمْ، فَقُلْتُ: رَبِّ وَاَنَا فِيْهِمْ، فَصَرَفَهَا عَنْكُمْ، فَاَدْبَرَتْ قِطَعًا كَاَنَّهَا الزَّرَابِیُّ، فَنَظَرْتُ اِلَيْهَا نَظْرَةً، فَرَاَيْتُ عَمْرَو بْنَ حُرْثَانَ اَخَا بَنِیْ غِفَارٍ مُتَّكِئًا فِیْ جَهَنَّمَ عَلٰى قَوْسِهٖ، وَاِذَا فِيْهَا الْحِمْيَرِيَّةُ صَاحِبَةُ الْقِطَّةِ الَّتِیْ رَبَطَتْهَا، فَلَا هِیَ اَطْعَمَتْهَا وَلَا هِیَ اَرْسَلَتْهَا

❁❁ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن ہم نے نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز ادا کی۔ نبی اکرم ﷺ نے طویل قیام کیا' حالانکہ آپ ﷺ جب ہمیں نماز پڑھاتے تھے' تو مختصر پڑھاتے تھے ہم نے آپ ﷺ کو صرف یہ کہتے ہوئے سنا۔ اے میرے پروردگار میں بھی ان میں ہوں' پھر ہم نے آپ ﷺ کو دیکھا کہ آپ ﷺ نے کوئی چیز پکڑنے کے لیے اپنا دست مبارک آگے بڑھایا' پھر آپ ﷺ رکوع میں چلے گئے۔ اس کے بعد آپ ﷺ نے تیزی سے نماز ادا کی۔ جب

6432- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه الطبراني في "الكبير" 17/ (872) : حدثنا أحمد ابن رشدين، حدثنا أحمد بن صالح، حدثنا ابن وهب، بهذا الإسناد . وأورده الهيثمي في "مجمع الزوائد " 2/88، وقال: رواه الطبراني في "الكبير"، ورجاله رجال الصحيح خلا شيخ الطبراني أحمد بن محمد بن رشدين. وأورده أيضاً 10/386، وقال: رواه الطبراني في "الأوسط" وفي "الكبير"، وفيه ابن لهيعة، وهو ضعيف وقد وثق، وكذلك بكر بن سهل، وبقية رجاله وثقوا . قلتُ: وقد تقدم نحوه من حديث عبد الله بن عمرو بن العاص برقم (2838) و (5622) ، ومن حديث ابن عباس برقم (2832) و (2853) ، ومن حديث عائشة برقم (2841) .

نبی اکرم ﷺ نے سلام پھیر لیا' تو آپ ﷺ تشریف فرما ہوئے ہم بھی آپ ﷺ کے اردگرد بیٹھ گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ مجھے اس بات کا اندازہ ہے کہ میری نماز اور قیام کی طوالت نے تمہیں گھبراہٹ کا شکار کیا ہے۔ ہم نے عرض کی: جی ہاں' یارسول اللہ ﷺ۔ ہم نے آپ ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا تھا کہ اے میرے پروردگار میں ان میں موجود ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے آخرت کے حوالے سے تمہارے ساتھ جس بھی چیز کا وعدہ کیا گیا ہے وہ ابھی میرے اس جگہ قیام کے دوران میرے سامنے پیش کی گئی ہے' یہاں تک کہ جہنم میرے سامنے پیش کی گئی اس کا کچھ حصہ میری طرف آیا' یہاں تک کہ میری اس جگہ کے قریب ہو گیا' تو مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کہیں وہ تمہیں اپنی لپیٹ میں نہ لے' تو میں نے عرض کی: اے میرے پروردگار میں ان لوگوں میں موجود ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے اسے تم لوگوں سے پھیر دیا' پھر اس کے ٹکڑے مڑ گئے' جیسے وہ غالیچے ہوں' میں نے اس کی طرف دیکھا' تو بنو غفار سے تعلق رکھنے والا عمرو بن حرثان جہنم میں اپنی کمان سے ٹیک لگائے ہوئے تھا۔ اور جہنم میں ایک حمیری عورت بھی تھی جو بلی کی مالکن تھی۔ اس نے بلی کو باندھ دیا تھا۔ اور وہ اسے کھانے کے لیے کچھ دیتی بھی نہیں تھی اور اسے چھوڑتی بھی نہیں تھی۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَجْلِسِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ قَصَدَهُ

نبی اکرم ﷺ کی مجلس کی صفت کا تذکرہ کہ جو شخص وہاں آنا چاہتا تھا (وہ کہاں اور کیسے بیٹھتا تھا)

6433 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا اِذَا اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ اَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِي

❁❁ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب ہم نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے' تو کوئی شخص وہاں بیٹھتا تھا جہاں آخری فرد بیٹھا ہوتا تھا (یعنی کوئی لوگوں کو پھلانگ کر آگے نہیں جاتا تھا)

ذِكْرُ مَا كَانَ يَحْفَظُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسَهُ مِنْ اَذَى الْمُسْلِمِيْنَ مَعَ التَّسْوِيَةِ بَيْنَ اُمَّتِهِ وَنَفْسِهِ فِيْ اِقَامَةِ الْحَقِّ

6433- شريك -وهو ابن عبد الله النخعي القاضي - سيء الحفظ، وباقي رجاله ثقات . زكريا بن يحيى: هو ابن صبيح الواسطي، وسماك: هو ابن حرب. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (1951) عن محمد بن أحمد الواسطي، عن زكريا بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/98، والطيالسي (780)، والبخاري في "الأدب المفرد" (1141)، وأبو داود (4825) في الأدب: باب في التحلق، والترمذي (2725) في الاستئذان: باب رقم (29)، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 2/256، والطبراني، والبيهقي 3/231 من طرق عن شريك، به . وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب ! وفي الباب: عن شيبة بن عثمان بن طلحة الحجبي عند الطبراني في "الكبير" (7197) رفعه: "إذا انتهى أحدكم إلى المجلس، فإن وسع له، فليجلس، وإلا فلينظر إلى أوسع مكان يرى فليجلس"، وحسن إسناده الهيثمي في "المجمع" 8/59.

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ اپنے آپ کو مسلمانوں کو تکلیف پہنچانے سے کس طرح بچا کر رکھتے تھے نیز حق کو قائم کرنے میں آپ ﷺ اپنی امت اور اپنے درمیان برابری رکھتے تھے

6434 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ عُبَيْدَةَ بْنِ مُسَافِعٍ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ شَيْئًا، اَقْبَلَ رَجُلٌ فَاَكَبَّ عَلَيْهِ فَطَعَنَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُرْجُونٍ مَعَهُ، فَجُرِحَ بِوَجْهِهِ، فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَعَالَ فَاسْتَقِدْ ، فَقَالَ: قَدْ عَفَوْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کوئی چیز تقسیم کر رہے تھے۔ اسی دوران ایک شخص آگے بڑھا اور آپ ﷺ پر جھک آیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنے ہاتھ میں موجود چھڑی اسے ماری' جو اس کے چہرے پر لگی' پھر نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا۔ تم آؤ اور بدلہ لے لو۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! میں نے معاف کیا۔

ذِكْرُ مَا يَسْتَعْمِلُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُسْنِ التَّاَنِّي فِي الْعِشْرَةِ مَعَ اُمَّتِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ اپنی امت کے ساتھ تعلق میں کس طرح اچھا سلوک کیا کرتے تھے

6435 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَذْرَمِيُّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قَطَنٍ، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا رَاَيْتُ رَجُلًا قَطُّ اَخَذَ بِيَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَتْرُكُ يَدَهُ حَتّٰى يَكُوْنَ الرَّجُلُ هُوَ الَّذِيْ يَتْرُكُ يَدَهُ

6434– عبيدة بن مسافع: ذكره المؤلف فی "ثقاته" 7/163، وروى عنه ابنه مالك وبكير بن الأشج، وباقی رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم . وأخرجه أحمد 3/28، وأبو داود (4536) فی الديات: باب القود من الضربة وقص الأمير من نفسه، والنسائی 8/32 فی القسامة: باب القود فی الطعنة، والبيهقی 8/43 و 48، والمزی فی ترجمة عبيدة بن مسافع من "تهذيب الكمال" من طرق عن عبد الله بن وهب، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائی عن أحمد بن سعيد الرباطی، عن وهب بن جرير،

6435– مبارك بن فضالة، مدلس وقد عنعن وباقی رجاله ثقات، أبو قطن: هو عمرو بن الهيثم . وهو فی "مسند أبی يعلى" (3471) . وأخرجه أبو الشيخ فی "أخلاق النبی - صلى الله عليه وسلم "- ص 31 عن أبی يعلى، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داود (4794) فی الأدب: باب فی حسن العشرة، وأبو الشيخ، والبيهقی فی "الدلائل" 321-1/320 من طرق عن أبی قطن، به . وأخرجه ابن المبارك فی "الزهد" (392) ، وعلی بن الجعد (3568) ، والترمذی (2490) فی صفة القيامة: باب رقم (46) ، وابن ماجة (3716) فی الأدب: باب إكرام الرجل جليسه، والبيهقی فی "الدلائل" 1/320، والبغوی (3680) من طريقين عن زيد العمی، عن أنس. وقال الترمذی والبغوی: حديث غريب، وقال البوصيری فی "زوائد ابن ماجة" 2/230: مدار الحديث علی زيد العمی وهو ضعيف.

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے کبھی کسی شخص کو نہیں دیکھا کہ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک پکڑا ہو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ چھوڑ دیا ہو یہاں تک کہ وہ شخص ہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک (پہلے چھوڑتا تھا)

ذِكْرُ مَا كَانَ يَسْتَعْمِلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَمَا كَانَ يُقَدَّمُ اِلَيْهِ الْمَاْكُولُ وَالْمَشْرُوْبُ

اس بات کا تذکرہ کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھانے پینے کی چیز پیش کی جاتی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کیا کرتے تھے

6436 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا عَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ، اِذَا اشْتَهٰى اَكَلَ، وَاِلَّا تَرَكَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی بھی کسی کھانے کی چیز میں عیب نہیں نکالا۔ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خواہش ہوتی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو کھا لیتے تھے۔ اگر نہیں ہوتی تھی تو نہیں کھاتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6437 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا عَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ، اِنِ اشْتَهَاهُ اَكَلَهُ، وَاِنْ كَرِهَهُ تَرَكَهُ

6436– حديث صحيح، عبد الرحمن بن عمرو البجلي: وثقه المؤلف 8/380، وسئل عنه أبو زرعة، فقال: شيخ، وقد توبع ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. أبو حازم: هو سلمان الأشجعي. وأخرجه مسلم (2064) في الأشربة: باب لا يعيب الطعام، عن أحمد بن يونس، حدثنا زهير بن معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (3563) في مناقب الأنصار: باب صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -، ومسلم، وعليٌّ بن الجعد (762)، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم "- ص 190، والبيهقي في "السنن" 7/279، وفي "الدلائل" 1/321، والبغوي (2843) من طرق عن الأعمش، به. وأخرجه مسلم (2064) (188)، وابن ماجة (3259) في الأطعمة: باب النهي أن يعاب الطعام، وأبو الشيخ ص 189 و 190 و 191 من طرق عن أبي هريرة. وانظر ما بعده.

6437– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو مكرر ما قبله. وأخرجه البخاري (5409) في الأطعمة: باب ما عاب النبي - صلى الله عليه وسلم - طعاماً، وأبو داود (3763) في الأطعمة: باب كراهية ذم الطعام، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم "- ص 189، والبيهقي 7/279 عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (2064) (187) في الأشربة: باب لا يعيب الطعام، والترمذي (2031) في البر والصلة: باب ما جاء في ترك عيب الطعام، وابن ماجة (3259) في الأطعمة: باب النهي أن يعاب الطعام، من طرق عن سفيان، به.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی کھانے کی چیز میں عیب نہیں نکالا اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی خواہش ہوتی تھی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو کھا لیتے تھے اور اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پسند نہیں آتا تھا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو چھوڑ دیتے تھے۔

ذِكْرُ وَصْفِ تَعْرِيسِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَرَّسَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کے وقت پڑاؤ کرتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑاؤ کرنے کی کیفیت کا تذکرہ

6438 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا عَرَّسَ بِاللَّيْلِ تَوَسَّدَ يَمِيْنَهُ، وَاِذَا عَرَّسَ بَعْدَ الصُّبْحِ نَصَبَ سَاعِدَهُ نَصْبًا، وَوَضَعَ رَاْسَهُ عَلٰى كَفِّهِ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب (سفر کے دوران) رات کے وقت پڑاؤ کرتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دائیں ہاتھ کو تکیہ بنا لیتے تھے۔ اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے بعد پڑاؤ کرتے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی کلائی کو کھڑا کر لیتے تھے۔ اور اپنا سر اپنی ہتھیلی پر رکھ لیتے تھے۔

ذِكْرُ الْعَلَامَةِ الَّتِيْ بِهَا كَانَ يُعْلَمُ اهْتِمَامُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ مِنَ الْاَشْيَاءِ

اس علامت کا تذکرہ' جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کسی چیز کے بارے میں اہتمام کرنا معلوم ہو جاتا تھا

6439 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا هَمَّهُ شَيْءٌ اَخَذَ بِلِحْيَتِهِ هٰكَذَا، وَقَبَضَ ابْنُ مُسْهِرٍ

6438– إسناده صحيح. إبراهيم بن الحجاج السامي ثقة روى له النسائي، ومن فوقه ثقات على شرط مسلم. حميد: هو ابن أبي حميد الطويل. وأخرجه عبد الله بن أحمد في "زوائد المسند" 5/298 عن إبراهيم بن الحجاج، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/298، ومسلم (683) في المساجد: باب قضاء الصلاة الفائتة واستحباب تعجيل قضائها، والترمذي في "الشمائل" (257) من طرق عن حماد بن سلمة، به.

6439– حديث حسن صحيح. محمد بن عمرو: هو ابن علقمة بن وقاص الليثي، روى له البخاري مقرونا ومسلم متابعة، وهو صدوق، وأبوه عمرو بن علقمة ذكره المؤلف في "الثقات" 5/174، وصحح له الترمذي حديثاً تقدم عند المؤلف برقم (280)، وصحح له ابن خزيمة أيضاً حديثاً آخر غير هذا. وانظر (7028). وأخرجه أبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم"- ص 71 عن عمر بن حسن الحلبي.

عَلٰی لِحْیَتِهٖ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی اہم معاملہ درپیش ہوتا تھا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی داڑھی شریف کو اس طرح پکڑ لیتے تھے۔

ابن مسہر نامی راوی نے اپنی داڑھی کو مٹھی میں لے کر یہ روایت بیان کی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَكُوْنُ فِیْ مِهْنَةِ اَهْلِهٖ، عِنْدَ دُخُوْلِهٖ بَيْتَهٗ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر میں تشریف لانے کے بعد گھر کے کام کاج کر لیا کرتے تھے

6440 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی السَّرِیِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): سَاَلَهَا رَجُلٌ: هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ فِیْ بَيْتِهٖ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْصِفُ نَعْلَهٗ، وَيَخِيطُ ثَوْبَهٗ، وَيَعْمَلُ فِیْ بَيْتِهٖ كَمَا يَعْمَلُ اَحَدُكُمْ فِیْ بَيْتِهٖ

❁❁ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں یہ بات منقول ہے ایک شخص نے ان سے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے کام کاج کیا کرتے تھے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے جوتے خود گانٹھ لیا کرتے تھے۔ اپنے کپڑے خود سی لیا کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے وہ تمام کام کاج کرتے تھے جو کوئی بھی شخص اپنے گھر میں کرتا ہے۔

ذِكْرُ مَا كَانَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغُضُّ عَمَّنْ اَسْمَعَهٗ مَا كَرِهَ اَوِ ارْتَكَبَ مِنْهُ حَالَةً مَكْرُوْهٍ لَهٗ

6440- حديث صحيح. ابن أبی السری متابع، ومن فوقه علی شرط الشيخين. وهو فی "مصنف عبد الرزاق " (20492). ومن طريقه أخرجه أحمد 6/167، والبيهقی فی "دلائل النبوة" 1/328، والبغوی (3675). وأخرجه أحمد 6/121 و 260، وابن سعد فی "الطبقات" 1/366، وأبو الشيخ فی "أخلاق النبی - صلی الله عليه وسلم "- ص 21 و 62 من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/49 و126 و 256، وابن سعد 1/365 و 366، والبخاری (676) فی الأذان: باب من كان فی حاجة أهله فأقيمت الصلاة، و (5363) فی النفقات: باب خدمة الرجل فی أهله، و (6039) فی الأدب: باب كيف يكون الرجل فی أهله، والترمذی (2489) فی صفة القيامة: باب رقم (45)، وفی " الشمائل " (335)، والبيهقی 1/327 و 328، وأبو الشيخ ص 20، والبغوی (3676) و (3678) من طرق عن عائشة بنحوه.

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کوئی ناپسندیدہ بات سن کر یا اپنے ساتھ کسی ناپسندیدہ رویے کو دیکھ کر کس طرح چشم پوشی کرتے تھے

6441 - حَدَّثَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَهْطٌ مِنَ الْيَهُودِ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: السَّامُ عَلَيْكُمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلَيْكُمْ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَفَهِمْتُهَا، فَقُلْتُ: عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَهْلًا يَا عَائِشَةُ، اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْاَمْرِ كُلِّهِ قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوا؟ قَالَ: قَدْ قُلْتُ: عَلَيْكُمْ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کچھ یہودی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے کہا: السام علیکم (یعنی آپ کو موت آئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: علیکم (یعنی تمہیں بھی آئے) سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے ان لوگوں کی بات سمجھ لی۔ میں نے کہا: تمہیں موت آئے اور تم پر لعنت بھی ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ (رضی اللہ عنہا)! آرام سے اللہ تعالیٰ ہر معاملے میں نرمی کو پسند کرتا ہے میں نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! کیا آپ ﷺ نے سنا نہیں انہوں نے کیا کہا ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں نے بھی علیکم کہہ دیا ہے (یعنی تمہیں بھی آئے)

ذِكْرُ نَفْيِ الْفُحْشِ وَالتَّفَحُّشِ عَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ بداخلاقی اور بدزبانی کا مظاہرہ نہیں کرتے تھے

6441- حديث صحيح، ابن أبي السرى متابع، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين، وهو في "مصنف عبد الرزاق" (19460) ، ومن طريقه أخرجه أحمد 6/199، ومسلم (2165) في السلام: باب النهي عن ابتداء أهل الكتاب بالسلام، والبيهقي في "السنن" 9/203، والبغوى (3314) . وأخرجه أحمد 6/37، والبخارى (6024) في الأدب: باب الرفق في الأمر كله، و (6256) في الاستئذان: باب كيف يرد على أهل الذمة السلام، و (6395) في الدعوات: باب الدعاء على المشركين، وفي " الأدب المفرد " (412) ، ومسلم، والترمذى (2701) في الاستئذان: باب ما جاء في التسليم على أهل الذمة، والبيهقي في "الآداب" (286) من طرق عن الزهرى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/85، والدارمى 2/323، وابن ماجه (3688) في الأدب: باب الرفق، من طريق الأوزاعي عن الزهرى مختصراً دون قصة سلام اليهود. وأخرجه البخارى (2935) في الجهاد: باب الدعاء على المشركين بالهزيمة والزلزلة، و (6030) في الأدب: باب لم يكن النبي - صلى الله عليه وسلم - فاحشاً ولا متفحشاً، و (6401) في الدعوات: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "يُستجاب لنا في اليهود ولا يستجاب لهم فينا"، وفي "الأدب المفرد" (311) ، والبغوى (3313) من طريقين عن أيوب، عن عبد الله بن أبي مليكة، ومسلم (2165) (11) من طريق مسروق، كلاهما عن عائشة بنحوه.

6442 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو:

(متن حدیث):اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا، وَلَا مُتَفَحِّشًا، وَكَانَ يَقُولُ: خِيَارُكُمْ اَحَاسِنُكُمْ اَخْلَاقًا

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بدزبان اور بداخلاق نہیں تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرماتے تھے تم میں بہتر لوگ وہ ہیں جن کے اخلاق زیادہ اچھے ہوں۔

ذِكْرُ خِصَالٍ يُسْتَحَبُّ مُجَانَبَتُهَا لِمَنْ اَحَبَّ الْاِقْتِدَاءَ بِالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ان خصائل کا تذکرہ جن سے اجتناب کرنا اس شخص کے لیے مستحب ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنے کو پسند کرتا ہے

6443 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث):قُلْتُ لِعَائِشَةَ: كَيْفَ كَانَ خُلُقُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَهْلِهِ؟ قَالَتْ: كَانَ اَحْسَنَ النَّاسِ خُلُقًا، لَمْ يَكُنْ فَاحِشًا، وَلَا مُتَفَحِّشًا، وَلَا سَخَّابًا فِي الْاَسْوَاقِ، وَلَا يَجْزِي بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ، وَلٰكِنْ يَعْفُو وَيَصْفَحُ

ابوعبداللہ جدلی بیان کرتے ہیں: میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ گھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کیسے تھے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے اچھے اخلاق کے مالک تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم بدزبانی نہیں کرتے تھے۔ بداخلاقی نہیں کرتے تھے۔ بازار میں چیخ کر نہیں بولتے تھے۔ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیتے تھے۔ بلکہ معاف کر دیتے تھے۔ اور درگزر کرتے تھے۔

6442- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد تقدم تخريجه برقم (477). ونزيد هنا أنه أخرجه البخاري في "الأدب المفرد" (271)، والبغوي (3666) عن محمد بن كثير، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/514، والطيالسي (2246)، وابن سعد في "الطبقات" 1/365، والبيهقي في "دلائل النبوة" 1/313-314 من طرق عن الأعمش، به.

6443- إسناده صحيح. رجاله رجال الشيخين غير أبي عبد الله الجدلي، واسمه عبد بن عبد، ويقال: عبد الرحمن بن عبد، وهو ثقة. أبو إسحاق: هو السبيعي، وقد أخرج له الشيخان من رواية زكريا بن أبي زائدة، عنه. وأخرجه ابن أبي شيبة 8/514، وأحمد 6/236 عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/246، والطيالسي (1520)، والترمذي (2016) في البر والصلة: باب ماجاء في خُلُق النبي - صلى الله عليه وسلم -، وفي "الشمائل" (340)، والبيهقي في "الدلائل" 1/315، والبغوي (3668) من طرق عن شعبة، عن أبي إسحاق، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح، قلت: وهو كما قال، فسماع شعبة من أبي إسحاق قديم.

ذِكْرُ مَا كَانَ يَسْتَعْمِلُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَرْكِ ضَرْبِ اَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بِنَفْسِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ معمول اختیار کیا تھا آپ ﷺ نے بذات خود کبھی کسی مسلمان کو نہیں مارا

6444 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): مَا ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ شَيْئًا قَطُّ اِلَّا اَنْ يُّجَاهِدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَمَا ضَرَبَ امْرَاَةً قَطُّ، وَلَا خَادِمًا قَطُّ

❁❁ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اپنے دست مبارک کے ذریعے کبھی کسی چیز کو نہیں مارا' البتہ آپ ﷺ جب اللہ کی راہ میں جہاد کررہے ہوتے تھے (تو آپ ﷺ نے دشمنوں پر حملہ کیا ہے) اور نبی اکرم ﷺ نے اپنی اہلیہ کو یا اپنے کسی خادم کو کبھی نہیں مارا۔

بَابُ الْحَوْضِ وَالشَّفَاعَةِ

باب! حوض کوثر اور شفاعت کا تذکرہ

6445 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ الصَّيْرَفِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي الشَّوَارِبِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَا فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ

❁❁ حضرت جندب بن سفیان بجلی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''میں حوض (کوثر) پر تم لوگوں کا پیش رو ہوں گا۔''

6444- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد تقدم تخريجه برقم (488).

6445- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير ابن أبي الشوارب، فمن رجال مسلم. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (1690) عن معاذ بن المثنى، عن مسدد، عن أبي عوانة، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي (787)، وابن أبي شيبة 11/440، وأحمد 4/313، والبخاري (6589) في الرقاق: باب في الحوض، ومسلم (2289) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، والطبراني (1688) و (1689) و (18691) و (1692) و (1693) و (1694) من طرق عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، به.

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6446 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اِسْمَاعِيْلَ بْنَ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنِ الصُّنَابِحِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):اَلَا اِنِّي فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمُ الْاُمَمَ، فَلَا تَقْتَتِلُنَّ بَعْدِي

حضرت صنابح رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''خبردار میں حوض (کوثر) پر تمہارا پیش رو ہوں گا اور میں دیگر امتوں کے سامنے تمہاری کثرت پر فخر کروں گا' تو میرے بعد تم ایک دوسرے کو قتل نہ کرنا۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكُوْنُ فَرَطَ اُمَّتِهِ عَلٰى حَوْضِهِ بِفَضْلِ اللّٰهِ عَلَيْنَا بِالشُّرْبِ مِنْهُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حوض کوثر پر اپنی امت کے پیش رو ہوں گے اللہ تعالیٰ ہم پر یہ فضل کرے کہ ہم بھی اس میں سے پئیں

6447 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، وَعَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَحْرٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى الصَّنْعَانِيُّ، قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنِ الصُّنَابِحِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):اَلَا اِنِّي فَرَطُكُمْ عَلَى الْحَوْضِ، وَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمْ، فَلَا تَقْتَتِلُنَّ بَعْدِي

حضرت صنابح رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''خبردار میں حوض (کوثر) پر تمہارا پیش رو ہوں گا اور میں تمہاری کثرت پر فخر کروں گا' تو تم لوگ میرے بعد ایک دوسرے کو قتل نہ کرنا۔''

6446– إسناده صحيح، محمد بن عبد الأعلى من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين غير صحابيه، فقد روى له ابن ماجه هذا الحديث، وقد تقدم تخريجه برقم (5985) . وانظر ما بعده.

6447– إسناده صحيح وهو مكرر ما قبله.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الطُّوْلِ الَّذِیْ يَكُوْنُ بَيْنَ حَافَتَیْ حَوْضِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْقِيَامَةِ اَوْرَدَنَا اللّٰهُ اِيَّاهُ بِفَضْلِهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو اس طوالت کی صفت کے بارے میں ہے جو نبی اکرم ﷺ کے حوض کے دو کناروں کے درمیان قیامت کے دن ہوگی اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت ہمیں وہاں پہنچائے

6448 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، وَعَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِیْ يُحَدِّثُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): مَا بَيْنَ نَاحِيَتَیْ حَوْضِی كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ، وَالْمَدِيْنَةِ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''میرے حوض کے دو کناروں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا صنعاء اور مدینہ کے درمیان ہے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الَّذِیْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

6449 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ اَبُو الزُّبَيْرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متنِ حدیث): اَنَا فَرَطُكُمْ بَيْنَ اَيْدِيكُمْ، فَاِنْ لَمْ تَجِدُوْنِیْ فَاَنَا عَلَى الْحَوْضِ مَا بَيْنَ اَيْلَةَ اِلٰى مَكَّةَ، وَسَيَاْتِیْ رِجَالٌ وَّنِسَاءٌ بِآنِيَةٍ وَّقِرَبٍ ثُمَّ لَا يَذُوقُونَ مِنْهُ شَيْئًا.

6448- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير هُرَيم بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى وَعَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ، فمن رجال مسلم، وهو في "صحيحه" (2303) (41) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، عن عاصم بن النضر التَّيمي وهُرَيْم بن عبد الأعلى، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي في "البعث والنشور" (119) من طريق محمد بن بشر، عن هُريم ومن طريق الحسن بن سفيان عن عاصم بن النضر. وانظر الحديث رقم (6451) و (6452) و (6459).

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَسَيَأْتِي رِجَالٌ وَّنِسَاءٌ بِآنِيَةٍ وَّقِرَبٍ ثُمَّ لَا يَذُوقُونَ مِنْهُ شَيْئًا اُرِيْدَ بِهِ: مِنْ سَائِرِ الْاُمَمِ الَّذِيْنَ قَدْ غُفِرَ لَهُمْ، يَجِيءُ وْنَ بِاَوَانِي لِيَسْتَقُوا بِهَا مِنَ الْحَوْضِ، فَلَا يُسْقَوْنَ مِنْهُ لِاَنَّ الْحَوْضَ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ خَاصٌّ دُوْنَ سَائِرِ الْاُمَمِ، اِذْ مُحَالٌ اَنْ يَّقْدِرَ الْكَافِرُ وَالْمُنَافِقُ عَلٰى حَمْلِ الْاَوَانِي وَالْقِرَبِ فِي الْقِيَامَةِ، لِاَنَّهُمْ يُسَاقُوْنَ اِلَى النَّارِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ

❁❁ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''میں تمہارے آگے تمہارا پیش رو ہوں گا اگر تم مجھے نہ پاؤ' تو میں حوض (کوثر) کے پاس موجود ہوں گا' جو ایلہ سے لے کر مکہ تک کے فاصلے جتنا بڑا ہے۔ عنقریب کچھ مرد اور عورتیں برتن اور مشکیزے لے کر آئیں گے' لیکن وہ اس حوض میں سے کچھ بھی چکھ نہیں سکیں گے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: عنقریب کچھ مرد اور کچھ عورتیں برتن اور مشکیزے لے کر آئیں گے' اور پھر وہ اس میں سے کچھ بھی چکھ نہیں سکیں گے۔ اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے دیگر امتوں سے تعلق رکھنے والے لوگ آئیں گے ان کی مغفرت ہو چکی ہوگی۔ وہ برتن لے کر آئیں گے تاکہ وہ اس حوض سے سیراب ہوں' لیکن وہ اس سے سیراب نہیں ہوں گے کیونکہ وہ حوض اس امت کے لیے مخصوص ہے۔ دیگر امتوں کے لیے نہیں ہے۔ یہ بات ناممکن ہے کہ کوئی کافر یا منافق شخص قیامت کے دن برتن اور مشکیزے حاصل کرنے پر قادر ہو جائے اس کی وجہ یہ ہے کہ ان لوگوں کو' تو قیامت کے دن جہنم کی طرف ہانک کر لے جایا جائے گا ہم جہنم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَمْ يَطْلُبِ الْعِلْمَ مِنْ مَظَانِّهِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْخَبَرَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

اس تیسری روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت

نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت ان دو روایات کے برخلاف ہے' جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر

6449- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير أبي الزبير، فمن رجال مسلم، وقد صرَّحَ هو وابنُ جريج بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسهما وأخرجه البزار (3481) عن محمد بن معمر، بهذا الإسناد، وقال: لا نعلمه يُروى بهذا اللفظ إلا عن جابر، وإنما يُعرف هذا من حديث حجاج عن ابن جريج. قلت: رواية حجاج أخرجها الطبراني في " الأوسط " (753) حدثنا أحمدُ ابن بشير الطيالسي، قال: حدثنا يحيى بنُ معين، قال: حدثنا حجاجٌ، عن ابن جريج، فذكره. وقال الطبراني: لم يرو هذا الحديث عن ابن جريج إلا حجاج. قلت: بل تابعه أبو عاصم عند المصنف كما ترى. وأخرجه الآجري في "الشريعة" ص 357 من طريق حماد بن الحسن الورّاق، عن أبي عاصم، به. وأخرجه أحمد 3/284 عن روح، عن ابن جريج به موقوفاً ولم يرفعه جابر. وأخرجه أحمد 3/345، والآجري في "الشريعة" ص 357 من طريقين عن ابن لهيعة، عن أبي الزبير به. وأورده الهيثمي في " المجمع " 10/364، وقال: رواه أحمد مرفوعاً وموقوفاً، وفي إسناد المرفوع ابن لهيعة، ورجال الموقوف رجال الصحيح، ورواه الطبراني في "الأوسط" مرفوعاً، وفيه ابن لهيعة، ورواه باختصار قوله: "فلا يطعمون منه شيئاً" برجال الصحيح، ورواه البزار كذلك.

چکے ہیں

6450 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ مَكْحُولٌ بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الدَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ يَعْمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَخِي زَيْدُ بْنُ سَلَّامٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ زَيْدٍ الْبِكَالِيُّ، اَنَّهُ سَمِعَ عُتْبَةَ بْنَ عَبْدٍ السُّلَمِيَّ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَامَ اَعْرَابِيٌّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا حَوْضُكَ الَّذِي تُحَدِّثُ عَنْهُ؟ فَقَالَ: هُوَ كَمَا بَيْنَ صَنْعَاءَ اِلٰى بُصْرَى، ثُمَّ يُمِدُّنِي اللّٰهُ فِيْهِ بِكُرَاعٍ لَا يَدْرِي بَشَرٌ مِمَّنْ خُلِقَ اَيُّ طَرَفَيْهِ، قَالَ: فَكَبَّرَ عُمَرُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَّا الْحَوْضُ فَيَزْدَحِمُ عَلَيْهِ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ الَّذِيْنَ يُقْتَلُوْنَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَيَمُوْتُوْنَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، وَاَرْجُو اَنْ يُوْرِدَنِيَ اللّٰهُ الْكُرَاعَ فَاَشْرَبَ مِنْهُ

حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نبی اکرم ﷺ کے سامنے کھڑا ہوا۔ اس نے دریافت کیا آپ ﷺ کا حوض کتنا بڑا ہے۔ جس کے بارے میں آپ ﷺ بیان کررہے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ اتنا بڑا ہے جتنا صنعاء اور بصریٰ کے درمیان فاصلہ ہے پھر اللہ تعالیٰ میرے لیے اس کی گہرائی کو بڑھا دے گا اور کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ اس کو کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے اور اس کا دوسرا کنارا کہاں ہے۔ راوی کہتے ہیں: تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تکبیر کہی۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جہاں تک حوض کا تعلق ہے تو غریب مہاجرین کا اس پر ہجوم ہوگا جنہیں اللہ کی راہ میں شہید کیا گیا اور جو اللہ کی راہ میں (کوشش کرتے ہوئے) انتقال کر گئے مجھے یہ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے اس کے پاس لے جائے گا۔ اور میں اس میں سے پانی پیوں گا۔

6450- محمد بن خلف الداری: هو محمد بن خلف بن طارق بن كيسان الداري، أبو عبد الله الشامي، سكن بيروت . روى عنه أبو داود وأبو مُسْهِر، وأبو حاتِم الرازي، وأبو بكر بنُ أبي داود، وابنُ جوصا، وذكره القاضي عبد الجبار الخولاني في "تاريخ داريا"، ومعمر بن يعمر ذكره المؤلف في " الثقات " 9/192، وقال: يُغرب، وروى عنه جمع، وقد توبع هو ومحمد بن خلف. وعامر بن زيد البكالي: ترجم له الحافظ في "تعجيل المنفعة" ص 204، فقال: عامر بن زيد البِكاليُّ، عن عتبة بن عبدٍ السلمي، وعنه يحيى بن أبي كثيرٍ ليس بالمشهور، قلت (القائل الحافظ ابن حجر) : بل هو معروف، ذكره البخاري، فقال: سمع عتبة بن عبد، روى عنه أبو سلام حديثه في الشاميين، ولم يذكر فيه جرحاً، وتبعه ابن أبي حاتم، وأخرج ابن حبان في "صحيحه" من طريق أبي سلام عنه أحاديث، ومقتضاه أنه عنده ثقة، ولم أر له ذكراً في النسخة التي عندي من "الثقات" فما أدري هل أغفله أو سقط من نسختي، ولا ترجم له ابن عساكر في " تاريخ دمشق "، قلت: هو مترجم في "الثقات" 5/191، فالظاهر أنه سقط من نسخة الحافظ التي عنده . وأخرجه ضمن حديث مطول الطبراني في "الكبير" /17 (312) ، و "الأوسط" (404) ، والفسوي في "المعرفة" 342-2/341، والبيهقي في "البعث" (274) عن أبي توبة الربيع بن نافع، حدثنا معاويةُ بنُ سلام، بهذا الإسناد . وذكره الهيثمي في "المجمع" 10/413-414، وقال: رواه الطبراني في "الأوسط" و "الكبير"، وفيه عامر بن زيد البكالي، وقد ذكره ابن أبي حاتم، ولم يخرجه، ولم يوثقه، وبقية رجاله ثقات.

ذِكْرُ خَبَرٍ رَابِعٍ قَدْ يُوهِمُ بَعْضَ الْمُسْتَمِعِينَ أَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْأَخْبَارِ الثَّلَاثِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

اس چوتھی روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جس نے احادیث کا سماع

کیا (لیکن وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت ان تینوں روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

6451 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا بَيْنَ نَاحِيَتَيْ حَوْضِي كَمَا بَيْنَ الْمَدِينَةِ، وَصَنْعَاءَ، أَوْ كَمَا بَيْنَ الْمَدِينَةِ، وَعَمَّانَ.

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُو حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذِهِ الْأَخْبَارُ الْأَرْبَعُ قَدْ تُوهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ أَنَّهَا مُتَضَادَّةٌ، أَوْ بَيْنَهَا تَهَاتِرٌ، لِأَنَّ فِي خَبَرِ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ: مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ، وَالْمَدِينَةِ وَفِي خَبَرِ جَابِرٍ: مَا بَيْنَ أَيْلَةَ إِلَى مَكَّةَ، وَفِي خَبَرِ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ: مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ إِلَى بُصْرَى، وَفِي خَبَرِ قَتَادَةَ: مَا بَيْنَ الْمَدِينَةِ وَعَمَّانَ، وَلَيْسَ بَيْنَ هٰذِهِ الْأَخْبَارِ تَضَادٌّ، وَلَا تَهَاتِرٌ، لِأَنَّهَا أَجْوِبَةٌ خَرَجَتْ عَلَى أَسْئِلَةٍ ذَكَرَ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي كُلِّ خَبَرٍ مِمَّا ذَكَرْنَا جَانِبًا مِنْ جَوَانِبِ حَوْضِهِ أَنَّ مَسِيرَةَ كُلِّ جَانِبٍ مِنْ حَوْضِهِ مَسِيرَةُ شَهْرٍ، فَمِنْ صَنْعَاءَ إِلَى الْمَدِينَةِ مَسِيرَةُ شَهْرٍ لِغَيْرِ الْمُسْرِعِ، وَمِنْ أَيْلَةَ إِلَى مَكَّةَ كَذٰلِكَ، وَمِنْ صَنْعَاءَ إِلَى بُصْرَى كَذٰلِكَ، وَمِنَ الْمَدِينَةِ إِلَى عَمَّانَ، الشَّامِ كَذٰلِكَ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میرے حوض کے دو کناروں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے۔ جتنا مدینہ اور صنعاء کے درمیان ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) مدینہ اور عمان کے درمیان ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ چار روایات اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کرتی ہیں جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ یہ سمجھتا ہے) کہ ان میں تضاد پایا جاتا ہے یا ان میں اختلاف پایا جاتا ہے' تو سلیمان تیمی کی نقل کردہ روایات میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا صنعاء اور مدینہ کے درمیان فاصلہ ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا ایلہ سے لے کر مکہ کے درمیان تک فاصلہ ہے۔ عتبہ بن عبد کی نقل کردہ روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا صنعاء اور بصری کے درمیان فاصلہ ہے۔ قتادہ کی نقل کردہ روایت میں یہ الفاظ ہیں۔ جتنا مدینہ اور عمان کے درمیان فاصلہ ہے۔

حالانکہ ان روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں پایا جاتا۔ کیونکہ یہ سوالات کے جوابات ہیں' جو سوالات کے مطابق

6451- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري. وأخرجه أحمد 3/133 و 216 و 219، والطيالسي (1993)، ومسلم (2303) (42) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، وابن ماجه (4304) في الزهد: باب ذكر الحوض، والآجري في "الشريعة" ص 354 من طرق عن هشام، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم عن أبي الوليد الطيالسي، عن أبي عوانة، عن قتادة، به. وانظر الحديث المتقدم برقم (6448)، والآتي برقم (6459).

نبی اکرم ﷺ نے ذکر کیے ہیں۔ ہم نے جو روایات ذکر کی ہیں۔ ان سب روایات میں حوض کوثر کے کناروں میں سے کسی ایک کنارے کا ذکر ہے کہ اس حوض کے ہر طرف کا کنارہ ایک ماہ کی مسافت جتنا ہے' تو صنعاء سے لے کر مدینہ منورہ تک ایک ماہ کی مسافت جتنا ہے۔ جبکہ آدمی تیز رفتاری سے نہ چل رہا ہو۔ ایلہ سے لے کر مکہ تک کا سفر بھی اتنا ہے۔ صنعاء سے لے کر بصریٰ تک کا سفر بھی اتنا ہی ہے۔ اور مدینہ سے لے کر عمان یا شام تک کا فاصلہ بھی اتنا ہی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ لَيْسَ بَيْنَ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا تَضَادٌّ وَّلَا تَهَاتُرٌ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ہم نے جو روایات نقل کی ہیں ان میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں پایا جاتا

6452 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زُهَيْرٍ الضَّبِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، قَالَ: قَالَ: ابْنُ عَمْرٍو، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): حَوْضِيْ مَسِيْرَةُ شَهْرٍ، زَوَايَاهُ سَوَاءٌ، مَاؤُهُ اَبْيَضُ مِنَ الثَّلْجِ، وَاَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ، آنِيَتُهُ كَنُجُوْمِ السَّمَاءِ، مَنْ شَرِبَ مِنْهُ لَا يَظْمَاُ بَعْدَهُ اَبَدًا

✿✿ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''میرا حوض ایک ماہ کی مسافت جتنا ہے۔ اس کے کنارے برابر ہیں۔ اس کا پانی برف سے زیادہ سفید، مشک سے زیادہ خوشبودار ہے۔ اس کے برتن آسمان کے ستاروں کی طرح (بے شمار ہیں) جو شخص اس میں سے پی لے گا وہ اس کے بعد کبھی پیاسا نہیں ہوگا۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِلْاَخْبَارِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت ان تمام روایات کے برخلاف ہے' جنہیں ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

6453 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

6452- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير داود بن عمرو الضبي، فمن رجال مسلم، وهو من كبار شيوخه. وأخرجه عنه في " صحيحه " (2292) في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -. وأخرجه ابن منده في " الإيمان " (1076)، والبيهقي في " البعث والنشور " (140) من طريقين عن داود بن عمرو، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (6579) في الرقاق: باب ذكر الحوض، وابن أبي عاصم في "السنة" (728)، وابن منده (1067) من طريقين عن نافع بن عمر الجمحي، به.

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): إِنَّ اَمَامَكُمْ حَوْضًا كَمَا بَيْنَ جَرْبَاءَ، وَاَذْرُحَ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: الْمَسَافَةُ بَيْنَ جَرْبَاءَ، وَاَذْرُحَ كَمَا بَيْنَ الْمَدِيْنَةِ وَعَمَّانَ، وَمَكَّةَ وَاَيْلَةَ، وَصَنْعَاءَ وَالْمَدِيْنَةِ، وَصَنْعَاءَ وَبُصْرَى سَوَاءً، مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ تَضَادٌّ، اَوْ تَهَاتُرٌ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تمہارے آگے (قیامت میں) ایک ایسا حوض ہوگا' جو جرباء اور اذرح کے درمیان فاصلے جتنا بڑا ہوگا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جرباء اور اذرح کے درمیان کتنا فاصلہ ہے جتنا مدینہ اور عمان کے درمیان یا مکہ اور ایلہ کے درمیان یا صنعاء اور مدینہ کے درمیان یا صنعاء اور بصری کے درمیان ہے' تو اس حوالے سے ان روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں پایا جاتا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْاَوَانِي الَّتِيْ تَكُوْنُ فِيْ حَوْضِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ان برتنوں کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوض پر ہوں گے

6454 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تُرَى فِيْهِ اَبَارِيْقُ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ كَعَدَدِ نُجُوْمِ السَّمَاءِ، اَوْ اَكْثَرَ.

يَعْنِي: الْحَوْضَ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تمہیں اس میں سونے اور چاندی کے بنے ہوئے پیالے ملیں گے جو آسمان کے ستاروں کی تعداد جتنے ہوں گے یا اس

6453- إسناده صحيح على شرط الشيخين. محمد بن بشر: هو العبدى . وأخرجه ابن أبى شيبة 11/440، وعنه مسلم (2299) فى الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، عن محمد بن بشر، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/21، والبخارى (6577) ، ومسلم، وابن منده فى " الإيمان " (1073) ، والبيهقى فى "البعث والنشور " (139) من طرق عن يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عمر، به . وأخرجه أحمد 2/125 و 134، ومسلم، وأبو داود (4745) فى السنّة: باب فى الحوض، من طرق، عن نافع، به.

6454- إسناده صحيح على شرط الشيخين . سعيد: هو ابن أبى عروبة، وقد سمع منه يزيد بن زريع قبل اختلاطه . وأخرجه مسلم (2303) (43) فى الفضائل: باب إثبات حوض نبينا - صلى الله عليه وسلم -، وابن ماجه (4305) فى الزهد: باب ذكر الحوض، وهناد فى "الزهد" (137) من طريقين عن سعيد بن أبى عروبة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/238، ومسلم من طريق الحسن بن موسى، عن شيبان، عن قتادة، به. إلا أنه زاد: "أو أكثر من عدد النجوم."

سے بھی زیادہ ہوں گے"۔ نبی اکرم ﷺ کی مراد حوض کوثر تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنِ الْكُرَاعَ الَّذِىْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهٗ حَيْثُ يُنْصَبُ اِلَى الْحَوْضِ يُمَدُّ مَاؤُهٗ مِنَ الْجَنَّةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ وہ کُراع جس کا ذکر ہم کر چکے ہیں، جسے حوض پر نصب کیا جائے گا وہ جنت سے پانی کو کھینچے گا

6455 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِىْ عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ الْيَعْمُرِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَنَا عِنْدَ عُقْرِ حَوْضِى اَذُوْدُ عَنْهُ النَّاسَ، اِنِّى لَاَضْرِبُهُمْ بِعَصَاىَ حَتّٰى يَرْفَضَّ قَالَ: وَسُئِلَ نَبِىُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ سَعَةِ الْحَوْضِ، فَقَالَ: مِثْلُ مَقَامِىْ هٰذَا اِلٰى عَمَّانَ مَا بَيْنَهُمَا شَهْرٌ اَوْ نَحْوَ ذٰلِكَ وَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَرَابِهٖ، فَقَالَ: اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ، يَنْبَعِثُ فِيْهِ مِيزَابَانِ مِدَادُهُمَا الْجَنَّةُ اَحَدُهُمَا دُرٌّ وَّالْاٰخَرُ ذَهَبٌ

❀❀ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

(متنِ حدیث): عَرَّسَ بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَافْتَرَشَ كُلُّ رَجُلٍ مِنَّا ذِرَاعَ رَاحِلَتِهِ، فَانْتَبَهْتُ فِي بَعْضِ اللَّيْلِ، فَإِذَا نَاقَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ قُدَّامَهَا اَحَدٌ، فَانْطَلَقْتُ اَطْلُبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَيْسٍ قَائِمَانِ، قَالَ: قُلْتُ: اَيْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ؟ قَالَا: مَا نَدْرِي، غَيْرَ اَنَّا سَمِعْنَا صَوْتًا بِاَعْلَى الْوَادِي، فَإِذَا مِثْلُ هَدِيرِ الرَّحَى، فَلَمْ نَلْبَثْ اِلَّا يَسِيْرًا حَتّٰى اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّهُ اَتَانِي اللَّيْلَةَ آتٍ مِنْ رَبِّي فَخَيَّرَنِي بَيْنَ اَنْ يَدْخُلَ نِصْفُ اُمَّتِي الْجَنَّةَ، وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ، وَاِنِّي اخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ ، فَقُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، نَنْشُدُكَ اللّٰهَ وَالصُّحْبَةَ لَمَا جَعَلْتَنَا مِنْ اَهْلِ شَفَاعَتِكَ، قَالَ: فَاِنَّكُمْ مِنْ اَهْلِ شَفَاعَتِيْ قَالَ: فَاَقْبَلْنَا اِلَى النَّاسِ، فَإِذَا هُمْ فَزِعُوا، وَفَقَدُوا نَبِيَّهُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ اَتَانِيَ اللَّيْلَةَ آتٍ، فَخَيَّرَنِيْ بَيْنَ اَنْ يَدْخُلَ نِصْفُ اُمَّتِي الْجَنَّةَ، وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ، وَاِنِّي اخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ ، فَقَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، نَنْشُدُكَ اللّٰهَ لَمَا جَعَلْتَنَا مِنْ اَهْلِ شَفَاعَتِكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ: اِنِّي اُشْهِدُ مَنْ حَضَرَ اَنَّ شَفَاعَتِيَ لِمَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا مِنْ اُمَّتِي

❀❀ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک رات نبی اکرم ﷺ نے ہمارے ساتھ پڑاؤ کیا ہر شخص نے اپنی سواری کو بٹھا دیا۔ رات کے کسی حصے میں' میں بیدار ہوا' تو نبی اکرم ﷺ کی اونٹنی کے آگے کوئی موجود نہیں تھا (یعنی نبی اکرم ﷺ موجود نہیں تھے) میں نبی اکرم ﷺ کو تلاش کرنے کے لیے چل پڑا' تو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ بھی کھڑے نظر آئے میں نے دریافت کیا: اللہ کے رسول کہاں ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہمیں نہیں معلوم' البتہ ہم نے وادی کے بالائی حصے کی طرف سے ایک آواز سنی ہے' جو چکی کے چلنے جیسی آواز ہے۔ راوی کہتے ہیں: تھوڑی ہی دیر بعد نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لے آئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میرے پروردگار کی طرف سے ایک قاصد میرے پاس آیا۔ اس نے مجھے اس بات کا اختیار دیا' یا تو میری امت کا نصف حصہ جنت میں داخل ہو جائے یا پھر میں شفاعت کروں (خواہ وہ کتنے ہی لوگوں کی کیوں نہ ہو)' تو میں نے شفاعت کو اختیار کر لیا۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ (ﷺ)! ہم آپ ﷺ کو اللہ کا اور اپنے ساتھ کا واسطہ دے کر یہ کہتے ہیں: آپ ﷺ ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل کریں' جنہیں آپ ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ان لوگوں میں شامل ہو' جن کو میری شفاعت نصیب ہوگی۔ راوی کہتے ہیں: پھر ہم لوگ لوگوں کی طرف آئے' تو وہ گھبرائے ہوئے تھے۔

6470- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري، وأبو المليح: هو ابن أسامة بن عمير. وقد تقدم تخريجه برقم (211)، وانظر الحديث المتقدم برقم (6463)، والحديث الآتي برقم (7180).

انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو غیر موجود پایا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے پاس اس رات (میرے پروردگار کا) قاصد آیا' تو اس نے مجھے اس بات کا اختیار دیا کہ یا' تو میری امت کا نصف حصہ جنت میں داخل ہو جائے یا میں شفاعت کو اختیار کروں' تو میں نے شفاعت کو اختیار کیا۔ لوگوں نے عرض کی: ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کا واسطہ دے کر یہ کہتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں بھی ان لوگوں میں شامل کیجئے' جن کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمام حاضرین کو اس بات کا گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میری شفاعت میری امت کے ہر اس شخص کو نصیب ہوگی جو ایسی حالت میں فوت ہوتا ہے کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْكَوْثَرِ الَّذِىْ اَعْطَاهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس کوثر کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو عطا کیا

6471 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، قَالَ: قَرَاَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ: (اِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ) (الكوثر: 1) قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْكَوْثَرُ نَهَرٌ فِي الْجَنَّةِ يَجْرِى عَلٰى وَجْهِ الْاَرْضِ، حَافَّتَاهُ قِبَابُ الدُّرِّ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَضَرَبْتُ بِيَدِىْ فَاِذَا طِينُهُ مِسْكٌ اَذْفَرُ، وَاِذَا حَصْبَاؤُهُ اللُّؤْلُؤُ

ثابت بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت کی "بے شک ہم نے تمہیں کوثر عطا کی۔"

حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

"کوثر جنت میں موجود ایک نہر ہے' جو (جنت کی زمین پر) بہتی ہے' اس کے دونوں کناروں پر موتیوں سے بنے ہوئے خیمے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے اپنا ہاتھ مارا' تو جنت کی مٹی کی خوشبو مشک کی طرح کی تھی۔ اور اس کی کنکریاں موتیوں کی طرح کی تھیں"۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَوْثَرَ الَّذِىْ خَصَّهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بِاِعْطَائِهِ اِيَّاهُ فِى الْجَنَّةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کوثر نامی (نہر کی) صفت بیان کرنے کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ نے جنت میں بطور خاص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کی

6472 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ،

6471– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/152 و 247 من طريقين عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وانظر ما بعده.

حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَاِذَا اَنَا بِنَهَرٍ حَافَّتَاهُ مِنَ اللُّؤْلُؤِ، فَضَرَبْتُ بِيَدِىْ مَجْرَى الْمَاءِ، فَاِذَا مِسْكٌ اَذْفَرُ، فَقُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، مَا هٰذَا؟ قَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ اَعْطَاكَهُ اللّٰهُ، اَوْ اَعْطَاكَ رَبُّكَ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں جنت میں داخل ہوا' تو وہاں ایک نہر موجود تھی۔ جس کے کناروں پر موتی تھے۔ میں نے اپنا ہاتھ پانی کے بہاؤ پر مارا' تو اس کی خوشبو مشک کی طرح تھی۔ میں نے کہا: اے جبرائیل یہ کیا ہے؟ انہوں نے بتایا یہ وہ کوثر ہے' جو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کی ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پروردگار نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کی ہے۔''

ذِكْرُ وَصْفِ بَيَاضِ مَاءِ الْكَوْثَرِ وَحَلَاوَتِهِ الَّذِىْ وَصَفْنَاهُ

اس کوثر کے پانی کی سفیدی اور اس کی مٹھاس کی صفت کا تذکرہ' جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

6473 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِىْ حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَاِذَا اَنَا بِنَهَرٍ يَّجْرِى، بَيَاضُهُ بَيَاضُ اللَّبَنِ، وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ، وَحَافَّتَاهُ خِيَامُ اللُّؤْلُؤِ، فَضَرَبْتُ بِيَدِى، فَاِذَا الثَّرَى مِسْكٌ اَذْفَرُ، فَقُلْتُ لِجِبْرِيلَ: مَا هٰذَا؟ فَقَالَ: هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِىْ اَعْطَاكَهُ اللّٰهُ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں جنت میں داخل ہوا' تو وہاں ایک نہر بہہ رہی تھی جس کا پانی دودھ کی طرح سفید تھا۔ اور وہ شہد سے زیادہ میٹھا تھا۔ اس کے دونوں کناروں پر موتیوں سے بنے ہوئے خیمے موجود تھے۔ میں نے اپنا ہاتھ لگایا' تو وہاں کی مٹی مشک کی طرح تھی۔ میں نے حضرت جبرائیل علیہ السلام سے دریافت کیا یہ کیا ہے انہوں نے بتایا یہ وہ کوثر ہے' جو اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا کی ہے۔''

6472- إسناده صحيح على شرط البخارى . رجاله رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخارى. وأخرجه ابن أبى شيبة 11/437 و 13/147، وأحمد 3/103، وهناد بن السرى فى "الزهد" (134) ، والطبرى فى "جامع البيان" 30/323، وأبو نعيم فى "صفة الجنة " (327) ، والبغوى فى "شرح السنّة " (4343) ، وفى " معالم التنزيل " 4/335 من طرقٍ عن حميد الطويل، بهذا الإسناد. وانظر الحديث التالى.

6473- إسناده صحيح على شرط مسلم، يحيى بن أيوب المقابرى من رجال مسلم، ومن فوقه على شرطهما . وانظر الحديث السابق.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَافَّتَاهُ مِنَ اللُّؤْلُؤِ ، اَرَادَ بِهِ: قِبَابَ اللُّؤْلُؤِ الْمُجَوَّفِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: ''اس کے دونوں کنارے موتیوں کے ہیں'' اس کے ذریعے آپ ﷺ کی مراد یہ ہے کہ وہ گنبد ہیں جو اندر سے خالی موتیوں سے بنے ہوئے ہیں

6474 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَ، قَالَ: بَيْنَا اَنَا اَسِيْرُ فِي الْجَنَّةِ اِذْ عَرَضَ لِي نَهَرٌ، حَافَّتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ الْمُجَوَّفِ، فَقَالَ الْمَلَكُ الَّذِيْ مَعَهُ: اَتَدْرِي مَا هٰذَا؟ هٰذَا الْكَوْثَرُ الَّذِيْ اَعْطَاكَ رَبُّكَ، وَضَرَبَ بِيَدِهٖ اِلٰى اَرْضِهٖ، فَاَخْرَجَ مِنْ طِيْنِهِ الْمِسْكَ

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ایک مرتبہ میں جنت میں جا رہا تھا۔ اسی دوران میرے سامنے ایک نہر آئی۔ جس کے دونوں کناروں پر اندر سے خالی موتیوں کے بنے ہوئے خیمے تھے' تو نبی اکرم ﷺ کے ساتھ موجود فرشتے نے کہا: کیا آپ ﷺ یہ بات جانتے ہیں کہ یہ کیا ہے؟ یہ وہ کوثر ہے' جو آپ ﷺ کے پروردگار نے آپ ﷺ کو عطا کی ہے' پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک زمین سے لگایا اور آپ ﷺ نے اس کی مٹی کو اٹھایا' تو وہ مشک کی طرح کی تھی۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَكُوْنُ اَوَّلَ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ، وَاَوَّلَ شَافِعٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ قیامت کے دن نبی اکرم ﷺ وہ پہلے شخص ہوں گے جن کے لیے زمین کو شق کیا جائے گا اور آپ ﷺ سب سے پہلے شفاعت کریں گے

6474- إسناده صحيح على شرط الشيخين . سعيد: هو ابن أبي عروبة، وقد روى عنه يزيد بن زريع قبل الاختلاط . وأخرجه الطبري في "جامع البيان" 30/333، والآجري في "الشريعة" ص 396-395 من طريقين عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 232-3/231 عن عبد الوهاب بن عطاء الخفاف، عن سعيد بن أبي عروبة، به. وأخرجه أحمد 3/164 و 191 و 207 و 289، والبخاري (4964) في تفسير سورة (إنا أعطيناك الكوثر) ، و (6581) في الرقاق: باب الحوض، والترمذي (3359) و (3360) في التفسير: باب ومن سورة (إنا أعطيناك الكوثر) ، وأبو داود (4748) في السنة: باب في الحوض، والطبري في "جامع البيان" 324-30/323 من طرق عن قتادة، به.

6475 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي شَدَّادُ اَبُو عَمَّارٍ، عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى كِنَانَةَ مِنْ وَلَدِ اِسْمَاعِيلَ، وَاصْطَفٰى قُرَيْشًا مِنْ كِنَانَةَ، وَاصْطَفٰى بَنِي هَاشِمٍ مِنْ قُرَيْشٍ، وَاصْطَفَانِي مِنْ بَنِي هَاشِمٍ، فَاَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ، وَاَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ، وَاَوَّلُ شَافِعٍ، وَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کنانہ کو منتخب کیا۔ کنانہ میں سے قریش کو منتخب کیا۔ قریش میں سے بنو ہاشم کو منتخب کیا۔ بنو ہاشم میں سے مجھے منتخب کیا۔ میں تمام اولاد آدم کا سردار ہوں میں یہ بات فخر سے نہیں کہہ رہا۔ سب سے پہلے میرے لیے زمین کو شق کیا جائے گا۔ سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول ہوگی۔''

ذِكْرُ وَصْفِ قَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَوَّلُ شَافِعٍ، وَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کی صفت کا تذکرہ ''آپ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے شفاعت کرنے والے ہوں گے' اور وہ سب سے پہلے فرد ہوں گے جس کی شفاعت قبول کی جائے گی''

6476 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، بِخَبَرٍ غَرِيبٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ،

6475- إسناده صحيح على شرط الصحيح، عبد الرحمن بن إبراهيم من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين غير شداد فمن رجال مسلم. وهو مكرر الحديث رقم (6242) ، وانظر الحديث رقم (6333) .

6476- إسناده جيد. إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهوية، وأبو نعامة العدوي: هو عمرو بن عيسى بن سويد بن هبيرة البصري، وثقه المصنف وابن معين والنسائي واحتج به مسلم في " صحيحه "، وقال الإمام الذهبي في "الكاشف": ثقة، قيل: تغير قبل موته بأخرة، وأبو هنيدة البراء بن نوفل: روى عنه جمع، ووثقه ابن معين كما في "الجرح والتعديل " 2/40، والمصنف، وقال ابن سعد في "الطبقات" 7/226: كان معروفاً قليل الحديث، ووالان العدوي: هو والان بن بهيس أو ابن قرفة، وثقه ابن معين والمصنف، وقول ابن الجوزي في "العلل المتناهية" 2/922: قال أبو حاتم الرازي: والان مجهول، وهم منه رحمه الله، فإن أبا حاتم قال هذا في حق والان أبي عروة المرادي كما نقله عنه ابنه عبد الرحمن في "الجرح والتعديل " 9/43-44، أما والان العدوي فقد نقل ابن أبي حاتم عن يحيى بن معين القول بتوثيقه، وقول الدارقطني في "العلل" 191-1/190: ووالان غير مشهور إلاّ في هذا الحديث، والحديث غير ثابت، متعقب بما في "اللسان" 6/216: كذا قال، وقد قال يحيى بن معين: بصري ثقه، وذكره ابن حبان في "الثقات" وأخرج حديثه في "صحيحه"، وكذا أخرجه أبو عوانة وهو من زياداته على مسلم. وأخرجه مختصراً الطحاوي في "شرح مشكل الآثار " (1556) بتحقيقي، والدارمي في "الرد على الجهمية " ص 57 و 88 عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد. وأخرجه مطولاً ومختصراً أحمد 1/4-5، والدولابي في "الكنى" 156-2/155، وابن أبي عاصم في "السنّة" (751) و (812) ، وأبو يعلى (56) ، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 312-310، وأبو بكر المروزي في "مسند أبي بكر " (15) بتحقيقي، وأبو عوانة 178-1/175، والبزار (3465) ، وابن الجوزي في "العلل المتناهية" (1539)

حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نَعَامَةَ الْعَدَوِىُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هُنَيْدَةَ الْبَرَاءُ بْنُ نَوْفَلٍ، عَنْ وَالَانَ الْعَدَوِيِّ، عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ، عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ:

(متن حدیث): اَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَصَلَّى الْغَدَاةَ، ثُمَّ جَلَسَ حَتّٰى اِذَا كَانَ مِنَ الضُّحٰى ضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَلَسَ مَكَانَهُ حَتّٰى صَلَّى الْاُوْلٰى وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ كُلُّ ذٰلِكَ لَا يَتَكَلَّمُ، حَتّٰى صَلَّى الْعِشَاءَ الْاٰخِرَةَ، ثُمَّ قَامَ اِلٰى اَهْلِهِ، فَقَالَ النَّاسُ لِاَبِىْ بَكْرٍ: سَلْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاْنُهُ؟ صَنَعَ الْيَوْمَ شَيْئًا لَمْ يَصْنَعْهُ قَطُّ. فَسَاَلَهُ، فَقَالَ: نَعَمْ، عُرِضَ عَلَيَّ مَا هُوَ كَائِنٌ مِّنْ اَمْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، فَجُمِعَ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ بِصَعِيْدٍ وَّاحِدٍ حَتّٰى انْطَلَقُوا اِلٰى آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَالْعَرَقُ يَكَادُ يُلْجِمُهُمْ، فَقَالُوا: يَا آدَمُ اَنْتَ اَبُو الْبَشَرِ اصْطَفَاكَ اللّٰهُ، اشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ، فَقَالَ: لَقَدْ لَقِيتُ مِثْلَ الَّذِىْ لَقِيتُمْ، فَانْطَلِقُوا اِلٰى اَبِيكُمْ بَعْدَ اَبِيكُمْ، اِلٰى نُوحٍ (اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى آدَمَ وَنُوحًا وَآلَ اِبْرَاهِيمَ وَآلَ عِمْرَانَ عَلَى الْعَالَمِينَ) (آل عمران: 33)، فَيَنْطَلِقُوْنَ اِلٰى نُوْحٍ، فَيَقُوْلُوْنَ: اشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ فَاِنَّهُ اصْطَفَاكَ اللّٰهُ، وَاسْتَجَابَ لَكَ فِىْ دُعَائِكَ، فَلَمْ يَدَعْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْكَافِرِينَ دَيَّارًا، فَيَقُوْلُ: لَيْسَ ذَاكُمْ عِنْدِى، فَانْطَلِقُوا اِلٰى اِبْرَاهِيمَ، فَاِنَّ اللّٰهَ اتَّخَذَهُ خَلِيلًا، فَيَاْتُوْنَ اِبْرَاهِيمَ، فَيَقُوْلُ: لَيْسَ ذَاكُمْ عِنْدِى، فَانْطَلِقُوا اِلٰى مُوْسٰى، فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَلَّمَهُ تَكْلِيمًا، فَيَقُوْلُ مُوْسٰى: لَيْسَ ذَاكُمْ عِنْدِى، وَلٰكِنِ انْطَلِقُوا اِلٰى عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ، فَاِنَّهُ يُبْرِئُ الْاَكْمَهَ، وَالْاَبْرَصَ، وَيُحْيِى الْمَوْتٰى، فَيَقُوْلُ عِيسٰى: لَيْسَ ذَاكُمْ عِنْدِى، وَلٰكِنِ انْطَلِقُوا اِلٰى سَيِّدِ وَلَدِ آدَمَ، فَاِنَّهُ اَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، انْطَلِقُوا اِلٰى مُحَمَّدٍ، فَلْيَشْفَعْ لَكُمْ اِلٰى رَبِّكُمْ.

قَالَ: فَيَنْطَلِقُونَ وَآتِى جِبْرِيلَ، فَيَاْتِىْ جِبْرِيلُ رَبَّهُ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: ائْذَنْ لَهُ وَبَشِّرْهُ بِالْجَنَّةِ.

قَالَ: فَيَنْطَلِقُ بِهِ جِبْرِيلُ، فَيَخِرُّ سَاجِدًا قَدْرَ جُمُعَةٍ، ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰى: يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَاْسَكَ، وَقُلْ يُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَيَرْفَعُ رَاْسَهُ، فَاِذَا نَظَرَ اِلٰى رَبِّهِ خَرَّ سَاجِدًا قَدْرَ جُمُعَةٍ اُخْرٰى، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: يَا مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَاْسَكَ، وَقُلْ يُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَيَذْهَبُ لِيَقَعَ سَاجِدًا، فَيَاْخُذُ جِبْرِيلُ بِضَبْعَيْهِ، وَيَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ مِنَ الدُّعَاءِ شَيْئًا لَمْ يَفْتَحْهُ عَلٰى بَشَرٍ قَطُّ، فَيَقُوْلُ: اَىْ رَبِّ جَعَلْتَنِىْ سَيِّدَ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ، وَاَوَّلَ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، حَتّٰى اِنَّهُ لَيَرِدُ عَلَى الْحَوْضِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرُ مَا بَيْنَ صَنْعَاءَ وَاَيْلَةَ.

ثُمَّ يُقَالُ: ادْعُ الصِّدِّيقِينَ فَيَشْفَعُوْنَ، ثُمَّ يُقَالُ: ادْعُ الْاَنْبِيَاءَ فَيَجِىءُ النَّبِىُّ مَعَهُ الْعِصَابَةُ، وَالنَّبِىُّ مَعَهُ الْخَمْسَةُ وَالسِّتَّةُ، وَالنَّبِىُّ لَيْسَ مَعَهُ اَحَدٌ، ثُمَّ يُقَالُ: ادْعُ الشُّهَدَاءَ فَيَشْفَعُوْنَ لِمَنْ اَرَادُوا، فَاِذَا فَعَلَتِ الشُّهَدَاءُ ذٰلِكَ يَقُوْلُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: اَنَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ، اَدْخِلُوا جَنَّتِىْ مَنْ كَانَ لَا يُشْرِكُ بِىْ شَيْئًا، فَيَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ، ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى: انْظُرُوا فِى النَّارِ هَلْ فِيهَا مِنْ اَحَدٍ عَمِلَ خَيْرًا قَطُّ، فَيَجِدُوْنَ فِى النَّارِ رَجُلًا، فَيُقَالُ لَهُ: هَلْ عَمِلْتَ خَيْرًا قَطُّ، فَيَقُوْلُ: لَا غَيْرَ اَنِّى كُنْتُ اُسَامِحُ النَّاسَ فِى الْبَيْعِ، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ: اسْمَحُوا لِعَبْدِىْ كَاِسْمَاحِهِ

اِلٰى عَبِيدِى، ثُمَّ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ اٰخَرُ يُقَالُ لَهُ: هَلْ عَمِلْتَ خَيْرًا قَطُّ، فَيَقُوْلُ: لَا، غَيْرَ اَنِّى كُنْتُ اَمَرْتُ وَلَدِى، اِذَا مِتُّ فَاحْرِقُوْنِى فِى النَّارِ، ثُمَّ اطْحَنُوْنِى، حَتّٰى اِذَا كُنْتُ مِثْلَ الْكُحْلِ، فَاذْهَبُوْا بِىْ اِلَى الْبَحْرِ، فَذُرُّوْنِى فِى الرِّيحِ، فَقَالَ اللّٰهُ: لِمَ فَعَلْتَ ذٰلِكَ؟ قَالَ: مِنْ مَخَافَتِكَ، فَيَقُوْلُ: انْظُرُوا اِلٰى مُلْكِ اَعْظَمِ مُلْكٍ، فَاِنَّ لَكَ مِثْلَهُ وَعَشَرَةُ اَمْثَالِهِ، فَيَقُوْلُ: لِمَ تَسْخَرُ بِى، وَاَنْتَ الْمَلِكُ؟ فَذٰلِكَ الَّذِى ضَحِكْتُ مِنْهُ مِنَ الضُّحَى.

قَالَ اِسْحَاقُ: هٰذَا مِنْ اَشْرَفِ الْحَدِيْثِ، وَقَدْ رَوٰى هٰذَا الْحَدِيْثَ عِدَّةٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا، مِنْهُمْ: حُذَيْفَةُ، وَابْنُ مَسْعُوْدٍ، وَاَبُوْ هُرَيْرَةَ، وَغَيْرُهُمْ.

اَخْبَرَنَاهُ اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ نَعَامَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ هُنَيْدَةَ بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهُ

❀❀ حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کے وقت فجر کی نماز ادا کی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہوئے۔جب چاشت کا وقت ہوا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جگہ پر تشریف فرما رہے' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر،عصر،مغرب اور عشاء کی نماز نمازیں ادا کرلیں۔اس دوران آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کے ساتھ بات چیت نہیں کی' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز ادا کرلی' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر تشریف لے گئے۔ لوگوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا آپ اللہ کے رسول سے دریافت کریں کیا معاملہ ہے آج آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا طرز عمل اختیار کیا ہے کہ ایسا پہلے کبھی نہیں کیا۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں میرے سامنے وہ تمام چیزیں پیش کی گئیں جو دنیا اور آخرت کے اعتبار سے آگے ہوں گی تمام پہلے اور بعد والے لوگوں کو ایک میدان میں اکٹھا کیا جائے گا' یہاں تک کہ وہ لوگ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس جائیں گے وہ لوگ پسینے میں ڈوبے ہوئے ہوں گے وہ یہ کہیں گے اے حضرت آدم علیہ السلام آپ انسانوں کے جد امجد ہیں۔اللہ تعالیٰ نے آپ کو منتخب کیا۔اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے' تو حضرت آدم علیہ السلام یہ کہیں گے مجھے بھی اسی طرح کی صورتحال درپیش ہے' جو تم کو درپیش ہے۔تم لوگ اپنے ایک باپ کے بعد والے دوسرے باپ (یعنی حضرت نوح علیہ السلام کی طرف جاؤ کیونکہ ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''بے شک اللہ تعالیٰ نے آدم اور نوح اور ابراہیم کی آل اور عمران کی آل کو تمام جہانوں میں منتخب کرلیا ہے۔''

تو لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جائیں گے' اور یہ کہیں گے کہ آپ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کیجئے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو منتخب کیا تھا۔اس نے آپ کی دعا کو مستجاب بھی کیا تھا' یہاں تک کہ زمین پر کوئی بھی کافر بستا ہوا نہیں رہا تھا' تو حضرت نوح علیہ السلام کہیں گے میں یہ نہیں کرسکتا۔تم لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف جاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنا خلیل بنایا تھا' تو لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے' تو وہ یہ کہیں گے کہ میں یہ نہیں کرسکتا تم لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس جاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں کلام کا شرف عطا کیا ہے۔حضرت موسیٰ علیہ السلام کہیں گے میں یہ نہیں کرسکتا تم لوگ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے پاس جاؤ کیونکہ وہ پیدائشی اندھے اور برص کے مریض کو ٹھیک کردیا کرتے تھے۔وہ مردوں کو زندہ کردیا کرتے تھے۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی

یہی کہیں گے میں یہ نہیں کر سکتا۔ تم لوگ ان کے پاس جاؤ جو تمام اولاد آدم کے سردار ہیں۔ قیامت کے دن سب سے پہلے انہی کے لیے زمین کو شق کیا گیا۔ تم لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ تا کہ وہ تمہارے پروردگار کی بارگاہ میں تمہاری شفاعت کریں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: وہ لوگ (میری طرف) آئیں گے۔ میں جبرائیل کے پاس جاؤں گا۔ جبرائیل اپنے پروردگار کے پاس جائیں گے، تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا اسے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو) اجازت دو اور اسے جنت کی خوش خبری دو۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ لے کر جائیں گے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدے میں چلے جائیں گے جو تقریباً ایک ہفتے جتنا ہوگا، پھر اللہ تعالیٰ یہ فرمائے گا محمد اپنے سر کو اٹھاؤ۔ تم بولو سنا جائے گا۔ شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا سر اٹھائیں گے جب وہ اپنے پروردگار کا دیدار کریں گے تو دوبارہ سجدے میں چلے جائیں گے جو پورے ایک ہفتے جتنا طویل ہوگا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنا سر اٹھاؤ بولو سنا جائے گا شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پھر سجدے میں جانے لگیں گے، تو حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلو سے پکڑ لیں گے اس وقت اللہ تعالیٰ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دعا کے جیسے کلمات القاء کرے گا۔ اس نے اس سے پہلے کسی انسان کو وہ القاء نہیں کئے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عرض کریں گے اے میرے پروردگار، تو نے مجھے تمام اولاد آدم کا سردار بنایا ہے۔ میں یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہہ رہا۔ قیامت کے دن سب سے پہلے میرے لیے زمین کو شق کیا گیا۔ میں یہ بات فخر سے نہیں کہہ رہا، یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قیامت کے دن حوض کوثر کے پاس آئیں گے۔ وہ صنعاء اور ایلہ کے درمیان جگہ سے زیادہ بڑا ہے پھر یہ کہا جائے گا صدیق کو بلاؤ تا کہ وہ شفاعت کرے، پھر یہ کہا جائے گا انبیاء کو بلاؤ، تو کوئی ایک نبی آئے گا۔ ان کے ساتھ کچھ لوگ ہوں گے کوئی ایک نبی آئے گا ان کے ساتھ پانچ یا چھ افراد ہوں گے۔ کسی نبی کے ساتھ کوئی بھی نہیں ہوگا پھر یہ کہا جائے گا شہداء کو بلاؤ تا کہ وہ جس کی چاہے شفاعت کریں۔ جب شہداء ایسا کر لیں گے، تو اللہ تعالیٰ یہ فرمائے گا میں سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہوں تم میری جنت میں ہر اس شخص کو داخل کر دو جو کسی کو میرا شریک نہ ٹھہراتا ہو، تو لوگ جنت میں داخل ہو جائیں گے، پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: جہنم میں جائزہ لو کیا وہاں کوئی ایسا شخص ہے، جس نے کبھی کوئی بھلائی کی ہو، تو فرشتوں کو جہنم میں ایک شخص ملے گا۔ اس سے دریافت کیا جائے گا کیا تم نے کبھی کوئی بھلائی کی ہے۔ وہ بولے گا: جی نہیں، البتہ میں خرید وفروخت کرتے ہوئے لوگوں سے نرمی سے کام لیتا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا میرے اس بندے کے ساتھ نرمی کرو۔ جس طرح اس نے میرے بندوں کے ساتھ نرمی کی تھی، پھر ایک اور شخص کو جہنم سے نکالا جائے گا۔ اس سے دریافت کیا جائے گا، تم نے کبھی کوئی بھلائی کی۔ وہ جواب دے گا۔ جی نہیں، البتہ میں نے اپنی اولاد کو یہ حکم دیا تھا کہ جب میں مر جاؤں، تو تم لوگ مجھے آگ میں جلا دینا اور پھر مجھے پیس دینا، یہاں تک کہ جب میں سرمہ بن جاؤں، تو مجھے دریا میں بہا دینا اور اسے ہوا میں اڑا دینا، تو اللہ تعالیٰ نے دریافت کیا: تم نے ایسا کیوں کیا؟ وہ عرض کرے گا: تیرے خوف کی وجہ سے، تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم دیکھو جو سب سے بڑا ملک ہے تمہیں اس جتنا اور اس جتنا مزید دس گنا علاقہ دیا جاتا ہے بندہ عرض کرے گا، تو میرے ساتھ کیوں مذاق کر رہا ہے، جبکہ تو بادشاہ ہے۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا) اس بات پر میں چاشت کے وقت ہنس پڑا تھا۔

اسحاق نامی راوی کہتے ہیں: یہ سب سے بہترین حدیث ہے یہ روایت متعدد افراد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اسی کی

مانند نقل کی ہے جن میں حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور دیگر حضرات شامل ہیں۔
یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُمَّتَهُ يَكُوْنُوْنَ شُهَدَاءَ عَلٰى سَائِرِ الْاُمَمِ فِى الْقِيَامَةِ

اس بات کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ قیامت کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت دیگر تمام امتوں پر گواہ ہوں گے

6477 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): **يُدْعٰى نُوحٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُوْلُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ يَا رَبِّ، فَيَقُوْلُ: هَلْ بَلَّغْتَ؟ فَيَقُوْلُ: نَعَمْ يَا رَبِّ، فَيَقُوْلُ لِاُمَّتِهِ: هَلْ بَلَّغَكُمْ؟ فَيَقُوْلُوْنَ: مَا اَتَانَا مِنْ نَذِيرٍ، فَيُقَالُ: مَنْ يَّشْهَدُ لَكَ؟ فَيَقُوْلُ: مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاُمَّتُهُ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَيَشْهَدُوْنَ اَنَّهُ قَدْ بَلَّغَ، وَيَكُوْنُ الرَّسُوْلُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ: (وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِتَكُوْنُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا)** (البقرة: **143**) **وَالْوَسَطُ: الْعَدْلُ**

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت کے دن حضرت نوح علیہ السلام کو بلایا جائے گا' تو وہ عرض کریں گے اے میرے پروردگار میں حاضر ہوں۔ پروردگار دریافت کرے گا۔ کیا تم نے تبلیغ کر دی تھی۔ وہ جواب دیں گے۔ جی ہاں اے میرے پروردگار' تو پروردگار ان کی امت سے دریافت کرے گا۔ کیا اس نے تم لوگوں کو تبلیغ کر دی تھی' تو لوگ کہیں گے کہ ہمارے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں آیا' تو پروردگار (حضرت نوح علیہ السلام سے) دریافت کرے گا تمہارے حق میں گواہی کون دے گا۔ حضرت نوں علیہ السلام عرض کریں گے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اوران کی امت۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں' تو (میری امت کے افراد) یہ گواہی دیں گے کہ حضرت نوح علیہ السلام نے تبلیغ کر دی تھی۔ اوررسول (یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) ان لوگوں پر گواہ ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے۔

''اسی طرح ہم نے تمہیں عادل امت بنایا ہے' تا کہ تم لوگوں پر گواہ بن جاؤ اور رسول تم لوگوں پر گواہ ہو۔''

لفظ وسط سے مراد عادل ہے۔

6477– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد، والأعمش: هو سليمان بن مهران، وأبو صالح: هو ذكوان السمان . وهو في "مسند أبي يعلى " (1173) . وانظر تخريجه في الحديث الآتي برقم (7216) .

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْاَنْبِيَاءَ اَوَّلَهُمْ وَآخِرَهُمْ يَكُوْنُوْنَ فِي الْقِيَامَةِ تَحْتَ لِوَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ قیامت کے دن تمام پہلے والے اور بعد والے انبیاء نبی اکرم ﷺ کے جھنڈے کے نیچے ہوں گے

6478 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْكِلَابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ مَعْمَرِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ يَعْقُوْبَ، عَنْ بِشْرِ بْنِ شَغَافٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ، وَاَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ، وَاَوَّلُ شَافِعٍ، وَمُشَفَّعٍ، بِيَدِيْ لِوَاءُ الْحَمْدِ، تَحْتِيْ آدَمُ فَمَنْ دُوْنَهُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''قیامت کے دن میں تمام اولادِ آدم کا سردار ہوں گا۔ اور یہ بات فخر سے نہیں کہہ رہا۔ اور سب سے پہلے میرے لیے زمین کو شق کیا جائے گا اور سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا۔ اور میری شفاعت قبول کی جائے گی۔ میرے ہاتھ میں ''لواء الحمد'' ہوگا۔ حضرت آدم علیہ السلام اور ان کے علاوہ سب لوگ میرے نیچے (یعنی اس جھنڈے کے نیچے) ہوں گے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ الَّذِيْ وَعَدَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلَّغَهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ بِفَضْلِهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو مقام محمود کی صفت کے بارے میں ہے' جس کا اللہ تعالیٰ نے

6478- حديث صحيح لغيره، إسناده ضعيف، عمرو بن عثمان الكلابي تركه النسائي، ولينه العقيلي، وقال أبو حاتم: يتكلمون فيه يحدث من حفظه بمناكير، وقال ابن عدي: روى عنه ثقات، وهو ممن يكتب حديثه، وباقي رجاله رجال الشيخين غير بشر بن شغاف، فقد روى له أبو داود والترمذي والنسائي، وهو ثقة. عبد الله: هو ابن سلام رضي الله عنه. والحديث في "مسند أبي يعلى" 350/1. وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنة" (793) عن عمر بن الخطاب السجستاني، حدثنا عمرو بن عثمان، بهذا الإسناد، وأخطأ الشيخ ناصر الدين الألباني، فصحح إسناده هنا وفي "الصحيحة" 4/100-101. وذكره الهيثمي في "المجمع" 8/254، وقال: رواه أبو يعلى والطبراني، وفيه عمرو بن عثمان الكلابي، وثقه ابن حبان على ضعفه. قلت: لكن يشهد له حديث أبي سعيد الخدري عند أحمد 3/2، والترمذي (3615) وابن ماجه (4308) وفيه علي بن زيد بن جدعان وفيه ضعف، وحديثه حسن في الشواهد، وهذا منها، ولذا قال الترمذي: حديث حسن، وآخر من حديث أبي هريرة عند مسلم (2278) في أول الفضائل.

اپنے محبوب کے ساتھ وعدہ کیا ہے کہ وہ اپنے فضل کے تحت آپ ﷺ کو اس مقام پر فائز کرے گا

6479 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ الزُّبَيْدِيِّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يُبْعَثُ النَّاسُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَاَكُوْنُ اَنَا وَاُمَّتِيْ عَلٰى تَلٍّ، فَيَكْسُوْنِيْ رَبِّيْ حُلَّةً خَضْرَاءَ، فَاَقُوْلُ: مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ اَقُوْلَ، فَذٰلِكَ الْمَقَامُ الْمَحْمُوْدُ

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قیامت کے دن لوگوں کو زندہ کیا جائے گا۔ سب سے پہلے میں اور میری امت ایک ٹیلے پر آئیں گے۔ میرا پروردگار مجھے سبز حلہ پہنائے گا' تو جو اللہ کو منظور ہوگا میں اس وقت (اللہ تعالیٰ کی حمد کے طور پر کلمات) کہوں گا۔ یہی مقام محمود ہے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ هُوَ الْمَقَامُ الَّذِيْ يَشْفَعُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اُمَّتِهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ کہ مقام محمود وہ مقام ہے جس پر (فائز ہونے کے بعد) آپ ﷺ اپنی امت کی شفاعت کریں گے

6480 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَثِيْرُ بْنُ حَبِيبٍ اللَّيْثِيُّ اَبُوْ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

6479– إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير كثير بن عبيد، وهو ابن نمير الحمصي، فقد روى له أبو داود والنسائي وابن ماجه، وهو ثقة. محمد بن حرب: هو الخولاني الحمصي، والزبيدي: هو محمد بن الوليد بن عامر. وأخرجه أحمد 3/456، والطبري في "جامع البيان" 15/147، والطبراني في "الكبير" /19 (142)، والحاكم 2/363 من طرق عن محمد بن حرب، بهذا الإسناد، وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي. وأخرجه الطبري 15/146، والطبراني من طريقين عن بقية بن الوليد، عن الزبيدي، به. وذكره الهيثمي في " المجمع " 7/51، وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح. ثم ذكره 10/377، ونسبه للطبراني في "الكبير" و " الأوسط "، وقال: وأحد إسنادي الكبير رجاله رجال الصحيح.

6480– إسناده حسن، كثير بن حبيب الليثي ذكره المؤلف في "الثقات" 7/354، وقال أبو حاتم فيما نقله عنه ابنه في " الجرح والتعديل " 7/150: لا بأس به، وباقي رجاله رجال الشيخين غير علي ابن المديني، فمن رجال البخاري. وأخرجه الذهبي في "ميزان الاعتدال" 3/403 من طريق أبي خليفة بهذا الإسناد، ونسبه لأبي نعيم في كتاب "الرؤية"، وقال: هذا حديث غريب جداً. وأخرجه البخاري (7510)، ومسلم (193) (326)، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 299 من طرق عن حماد بن زيد، عن معبد بن هلال العنزي، عن أنس بن مالك. وانظر (6464).

(متن حدیث): إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنبَرًا مِنْ نُورٍ، وَإِنِّي لَعَلَى أَطْوَلِهَا وَأَنْوَرِهَا، فَيَجِيءُ مُنَادٍ، فَيُنَادِي: أَيْنَ النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ؟ قَالَ: فَيَقُولُ الْأَنْبِيَاءُ: كُلُّنَا نَبِيٌّ أُمِّيٌّ، فَإِلَى أَيِّنَا أُرْسِلَ؟ فَيَرْجِعُ الثَّانِيَةَ، فَيَقُولُ: أَيْنَ النَّبِيُّ الْأُمِّيُّ الْعَرَبِيُّ؟ قَالَ: فَيَنْزِلُ مُحَمَّدٌ حَتَّى يَأْتِيَ بَابَ الْجَنَّةِ، فَيَقْرَعَهُ، فَيَقُولُ: مَنْ؟ فَيَقُولُ: مُحَمَّدٌ أَوْ أَحْمَدُ، فَيُقَالُ: أَوَقَدْ أُرْسِلَ إِلَيْهِ؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُ، فَيَدْخُلُ، فَيَتَجَلَّى لَهُ الرَّبُّ، وَلَا يَتَجَلَّى لِنَبِيٍّ قَبْلَهُ، فَيَخِرُّ لِلَّهِ سَاجِدًا، وَيَحْمَدُهُ بِمَحَامِدَ لَمْ يَحْمَدْهُ أَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَهُ وَلَنْ يَحْمَدَهُ أَحَدٌ بِهَا مِمَّنْ كَانَ بَعْدَهُ، فَيُقَالُ لَهُ: مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ، تَكَلَّمْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أُمَّتِي أُمَّتِي، فَيُقَالُ: أَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ شَعِيرَةٍ، ثُمَّ يَرْجِعُ الثَّانِيَةَ فَيَخِرُّ لِلَّهِ سَاجِدًا وَيَحْمَدُهُ بِمَحَامِدَ لَمْ يَحْمَدْهُ أَحَدٌ كَانَ قَبْلَهُ، وَلَنْ يَحْمَدَهُ بِهَا أَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ بَعْدَهُ، فَيُقَالُ لَهُ: مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ، تَكَلَّمْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، فَيُقَالُ لَهُ: أَخْرِجْ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ بُرَّةٍ، ثُمَّ يَرْجِعُ الثَّالِثَةَ، فَيَخِرُّ لِلَّهِ سَاجِدًا، وَيَحْمَدُهُ بِمَحَامِدَ لَمْ يَحْمَدْهُ بِهَا أَحَدٌ كَانَ قَبْلَهُ، وَلَنْ يَحْمَدَهُ أَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ بَعْدَهُ، فَيُقَالُ لَهُ: أَخْرِجْ مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالُ خَرْدَلَةٍ، ثُمَّ يَرْجِعُ، فَيَخِرُّ سَاجِدًا، وَيَحْمَدُهُ بِمَحَامِدَ لَمْ يَحْمَدْهُ بِهَا أَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ قَبْلَهُ، وَلَنْ يَحْمَدَهُ بِهَا أَحَدٌ مِمَّنْ كَانَ بَعْدَهُ، فَيُقَالُ لَهُ: مُحَمَّدُ ارْفَعْ رَأْسَكَ، تَكَلَّمْ تُسْمَعْ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، وَسَلْ تُعْطَهْ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ مَنْ قَالَ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، فَيُقَالُ لَهُ: مُحَمَّدُ لَسْتَ هُنَاكَ، تِلْكَ لِي، وَأَنَا الْيَوْمَ أَجْزِي بِهَا

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت کے دن ہر نبی کے لیے نور کا منبر ہوگا اور میں سب سے زیادہ اونچے اور سب سے زیادہ نورانی منبر پر ہوں گا' پھر ایک منادی آکر یہ اعلان کرے گا۔ اُمی نبی کہاں ہیں؟ تو انبیاء جواب دیں گے کہ ہم میں سے ہر ایک اُمی نبی ہے۔ ہم میں کسے بلایا گیا ہے وہ دوسری مرتبہ واپس آئے گا اور دریافت کرے گا۔ اُمی عربی نبی کہاں ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ممبر سے نیچے اتریں گے' اور جنت کے دروازے پر آکر اس کو کھٹکھٹائیں گے۔

(اندر سے) داروغہ پوچھے گا کون ہے' تو آپ جواب دیں گے محمد' (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) احمد۔ دریافت کیا جائے گا کیا انہیں بلایا گیا ہے' تو وہ جواب دیں گے جی ہاں' تو ان کے لیے دروازہ کھول دیا جائے گا۔ وہ اس کے اندر داخل ہوں گے' تو ان کا پروردگار ان کے سامنے تجلی کرے گا۔ ان سے پہلے کسی اور نبی کے لیے پروردگار نے تجلی نہیں کی ہوگی' تو وہ اللہ کی بارگاہ میں سجدے میں چلے جائیں گے۔ اور ایسے کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کریں گے کہ ان سے پہلے اور ان کے بعد کسی نے بھی ان کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کی ہوگی۔ ان سے کہا جائے گا: اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اپنا سر اٹھاؤ تم بات کرو اسے سنا جائے گا۔ تم شفاعت کرو اسے قبول کیا جائے گا۔ مانگو وہ دیا جائے گا۔ وہ عرض کریں گے: اے پروردگار میری امت، میری امت' تو ان سے کہا جائے گا۔ تم ہر اس شخص کو (جہنم سے) نکال لو۔ جس کے دل میں جو کے وزن جتنا (ایمان ہو) پھر وہ دوبارہ آکر اللہ کی بارگاہ میں سجدے میں چلے جائیں گے۔ اور ایسے کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کریں گے کہ ان سے پہلے کسی نے بھی ان کلمات

کے ذریعے حمد بیان نہیں کی ہوگی۔ اوران کے بعد بھی کوئی ان کلمات کے ذریعے اس حمد کو بیان نہیں کرے گا' تو ان سے کہا جائے گا محمد اپنا سراٹھاؤ۔ بات کرواسے سنا جائے گا شفاعت کرواسے قبول کیا جائے گا۔ مانگووہ دیا جائے گا' پھران سے کہا جائے گا تم ایسے ہراس شخص کو جہنم سے نکال لو جس کے دل میں گندم کے دانے کے وزن جتنا ایمان ہو' پھر وہ تیسری مرتبہ آئیں گے' اوراللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سجدے میں چلے جائیں گے۔ اورایسے کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کریں گے کہ ان سے پہلے کسی نے ان کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کی ہوگی اوران کے بعد بھی کوئی ان کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کرے گا' تو ان سے کہا جائے گا جہنم سے ہراس شخص کو نکال لو جس کے دل میں رائی جتنا ایمان ہو۔ نبی اکرم ﷺ واپس تشریف لاکر سجدے میں چلے جائیں گے' اوراللہ تعالیٰ کی ایسے کلمات کے ذریعے حمد بیان کریں گے کہ ان کلمات کے ذریعے آپ ﷺ سے پہلے کسی نے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کی ہوگی اورآپ ﷺ کے بعد بھی کوئی ان کلمات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی حمد بیان نہیں کرے گا' تو آپ ﷺ سے یہ کہا جائے گا: اے محمد (ﷺ) اپنا سراٹھاؤ۔ بات کرواسے سنا جائے گا۔ شفاعت کرواسے قبول کیا جائے گا۔ مانگووہ دیا جائے گا' تو نبی اکرم ﷺ عرض کریں گے اے میرے پروردگار جس شخص نے لَا اِلٰــهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا ہو (اسے بھی جہنم سے نکلنے کا حکم دیا جائے)' تو آپ ﷺ سے یہ کہا جائے گا: اے محمد (ﷺ) اس کے ساتھ تمہارا واسطہ نہیں ہے یہ میرے ساتھ مخصوص ہے اورآج میں خود اس کا بدلہ دوں گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ مَنْ يَّقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ فِي الْقِيَامَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ قیامت کے دن جنت کے دروازے کو سب سے پہلے نبی اکرم ﷺ کھٹکھٹائیں گے

6481 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَنَا اَوَّلُ مَنْ يَّقْرَعُ بَابَ الْجَنَّةِ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سب سے پہلے میں جنت کے دروازے کو کھٹکھٹاؤں گا۔''

6481– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير المختار بن فلفل، فمن رجال مسلم. أبو أسامة: هو حماد بن أسامة، وسفيان: هو الثوري . وأخرجه ابن أبي شيبة 11/503، ومسلم (196) (331) في الإيمان: باب أدنى أهل الجنة منزلة فيها، وأبو يعلى (3964)، وأبو عوانة 1/109، وابن منده (888)، وابن أبي عاصم (6)، والطبراني (5) في "الأوائل"، من طرق عن معاوية بن هشام، عن سفيان، بهذا الاسناد.

بَابُ الْمُعْجِزَاتِ

باب! معجزات کا تذکرہ

6482 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدَّغُولِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنِّي لَاَعْرِفُ حَجَرًا بِمَكَّةَ كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ اِذْ بُعِثْتُ، اِنِّي لَاَعْرِفُهُ الْآنَ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میں مکہ میں موجود اس پتھر کو پہچانتا ہوں جو مجھے اس وقت سلام کیا کرتا تھا۔ جب مجھے مبعوث کیا گیا تھا۔ میں آج بھی اس کو پہچانتا ہوں۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَبْطَلَ وُجُودَ الْمُعْجِزَاتِ فِي الْاَوْلِيَاءِ دُونَ الْاَنْبِيَاءِ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جس نے اولیاء میں کرامات کے وجود کا انکار کیا ہے' انبیاء (کے معجزات کا انکار) نہیں کیا

6483 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ حَفْصِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): رُبَّ اَشْعَثَ ذِي طِمْرَيْنِ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ

6482- إسناده حسن. محمد بن إسماعيل: هو الإمام البخاري صاحب " الصحيح "، ومن فوقه من رجال الشيخين غير سماك بن حرب، فمن رجال مسلم، وحديثه لا يرقى إلى الصحة. وأخرجه أحمد 5/89 و 95، وابن أبي شيبة 11/464، والدارمي 1/21 ومسلم (2277) في الفضائل: باب نسب النبي - صلى الله عليه وسلم - وتسليم الحجر عليه قبل النبوة، والبيهقي في " الدلائل " 2/153، والبغوي (3709) من طرق عن يحيى بن أبي بكير، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (1995) عن علي بن عبد العزيز، حدثنا أبو حذيفة (وهو موسى بن مسعود النهدي)، وحدثنا إبراهيم بن طهمان، به. وأخرجه الطيالسي (1907)، وأحمد 5/105، والترمذي (3624) في المناقب: باب رقم (5)، والطبراني في "الكبير" (1907) و (1961)، (2028)، وفي " الأوسط " (2033)، وفي "الصغير" (167)، وأبو نعيم (300) و (301)، والبيهقي 2/153 كلاهما في "دلائل النبوة " من طرق عن سماك بن حرب، به.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بکھرے ہوئے بالوں اور پرانے کپڑوں والے کچھ لوگ ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ کے نام کی قسم اٹھالیں' تو اللہ تعالیٰ اسے پوری کروادے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ فِيْ تَاْوِيلِهِ جَمَاعَةٌ لَمْ يُحْكِمُوا صِنَاعَةَ الْعِلْمِ

اس روایت کا تذکرہ' جس کی تاویل کرنے میں ایک جماعت کو غلط فہمی ہوئی جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتی تھی

6484 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيسٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): ذَبَحْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ، فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ، فَنَاوَلْتُهُ، ثُمَّ قَالَ: نَاوِلْنِي الذِّرَاعَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّمَا لِلشَّاةِ ذِرَاعَانِ قَالَ: اَمَا اِنَّكَ لَوِ ابْتَغَيْتَهُ لَوَجَدْتَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے (بکری) ذبح کی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دستی مجھے پکڑا دو۔ میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے دستی پکڑا دو۔ میں نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر فرمایا مجھے دستی پکڑا دو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم)! بکری میں دو ہی دستیاں ہوتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر تم حاصل کرنا چاہتے' تو اسے بھی پا لیتے۔

6483- إسناده صحيح، يزيد ابن موهب: هو ابن خالد، روى له أبو داود والنسائي وابن ماجه، ومن فوقه من رجال الشيخين غير العلاء بن عبد الرحمن، وهو ابن يعقوب الحرقي، فمن رجال مسلم . وأخرجه مسلم (2622) في البر والصلة: باب فضل الضعفاء والخاملين، و (2846) في صفة الجنة ونعيم أهلها: باب النار يدخلها الجبارون، والجنة يدخلها الضعفاء ، ومن طريقه البغوي (4069) عن سويد بن سعيد، عن حفص بن ميسرة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطحاوي في "شرح مشكل الآثار " 1/292، والحاكم 4/328 من طريقين عن إبراهيم بن حمزة، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ كثير بن يزيد، عن المطلب بن عبد الله، عن أبي هريرة رفعه، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي.

6484- إسناده حسن. رجاله رجال مسلم غير محمد بن عجلان المدني مولى فاطمة، فقد روى له مسلم متابعة. عقبة بن مكرم: هو العمي. وأخرجه أحمد 2/517 عن الضحاك -وهو أبو عاصم النبيل- عن محمد بن عجلان، بهذا الإسناد . وفي الباب عَنْ أَبِي رَافِعٍ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - عِنْدَ أحمد 6/8 و 392، والطبراني في "الكبير" و " الأوسط " كما في " المجمع " 8/311، وقال الهيثمي: واحد إسنادي أحمد حسن. وعن سلمى زوجة أبي رافع عند الطبراني في "الكبير" /24 (763) . قال الهيثمي: رجاله ثقات . وعن أبي عبيد مَوْلَى رَسُولَ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - عِنْدَ أحمد 485-3/484، والدارمي 1/22، والترمذي في " الشمائل " (170) ، والطبراني /22 (842) . وقال الهيثمي: رواه أحمد والطبراني ورجالهما رجال الصحيح غير شهر بن حوشب، وقد وثقه غير واحد.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَبْطَلَ وُجُوْدَ الْمُعْجِزَاتِ فِي الْاَوْلِيَاءِ دُوْنَ الْاَنْبِيَاءِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جس نے اولیاء میں کرامات کے وجود کو باطل قرار دیا ہے جب کہ انبیاء (کے معجزات کا انکار) نہیں کیا

6485 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوْقُ بَقَرَةً، فَاَرَادَ اَنْ يَرْكَبَهَا، فَالْتَفَتَتْ اِلَيْهِ، فَقَالَتْ: اِنَّا لَمْ نُخْلَقْ لِهٰذَا اِنَّمَا خُلِقْنَا لِيُحْرَثَ عَلَيْنَا، فَقَالَ مَنْ حَوْلَهُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِهِ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَمَا هُمَا ثَمَّ، قَالَ: وَبَيْنَمَا رَجُلٌ فِيْ غَنَمٍ لَهُ فَاَخَذَ الذِّئْبُ الشَّاةَ، فَتَبِعَهُ الرَّاعِي، فَلَفَظَهَا، ثُمَّ قَالَ: كَيْفَ لَكَ بِيَوْمِ السَّبَاعِ حَيْثُ لَا يَكُوْنُ لَهَا رَاعٍ غَيْرِيْ، فَقَالَ مَنْ حَوْلَهُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِهِ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَمَا هُمَا ثَمَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ایک مرتبہ ایک شخص گائے کو لے کر جا رہا تھا۔ اس نے اس پر سوار ہونے کا ارادہ کیا' تو گائے نے اس کی طرف توجہ کر کے کہا ہمیں اس کے لیے پیدا نہیں کیا گیا ہمیں اس لیے پیدا کیا گیا ہے' تاکہ ہمارے ذریعہ کھیتی باڑی کی جائے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود افراد نے سبحان اللہ کہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: میں اس بات پر یقین رکھتا ہوں۔ ابوبکر اور عمر بھی اس بات پر یقین رکھتے ہیں (کہ گائے کلام کر سکتی ہے)' حالانکہ یہ دونوں صاحبان وہاں موجود نہیں تھے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ایک مرتبہ ایک شخص اپنی بکریاں لے کر جا رہا تھا۔ بھیڑیے نے ایک بکری کو پکڑا۔ چرواہا بھیڑیے کے پیچھے گیا۔ اس نے اس بکری کو اس سے چھڑوالیا' تو بھیڑیے نے کہا۔ اس دن تم کیا کرو گے جو درندوں کی حکومت کا دن ہوگا۔ اس دن ان بکریوں کا نگران میرے علاوہ اور کوئی نہیں ہوگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود افراد نے سبحان

6485- إسناده صحيح. أحمد بن سليمان بن أبي شيبة: هو أحمد بن سليمان بن عبد الملك بن أبي شيبة أبو الحسين الرهاوي، ثقة روى له النسائي، ومن فوقه من رجال الشيخين غير أبي داود الحفري: واسمه عمر بن سعد بن عبيد، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم (2388) في فضائل الصحابة: باب من فضائل أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ محمد بن رافع، عن أبي داود الحفري، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي (1054)، ومن طريقه البغوي (3889) عن سفيان، به. وأخرجه أحمد في "المسند" 2/245-246، وفي "فضائل الصحابة" (183)، والبخاري (3471) في الأنبياء: باب ما ذكر عن بني إسرائيل، ومسلم، من طريق سفيان بن عيينة، عن أبي الزناد، به. وأخرجه أحمد في "فضائل الصحابة" (643) عن قتيبة بن سعيد، عن ابن لهيعة، عن الأعرج، به. وأخرجه البخاري (3663) في فضائل الصحابة: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "لو كنت متخذاً خليلاً" عن أبي اليمان، عن شعيب، عن الزهري، عن أبي سلمة، به. وانظر الحديث التالي.

اللہ کہا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں ابوبکر اور عمر بھی اس بات پر یقین رکھتے ہیں (کہ بھیڑیا کلام کرسکتا ہے) حالانکہ یہ دونوں صاحبان وہاں موجود نہیں تھے۔"

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6486 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَجُلٌ رَاكِبٌ عَلٰى بَقَرَةٍ، اِلْتَفَتَتْ اِلَيْهِ، فَقَالَتْ: اِنِّىْ لَمْ اُخْلَقْ لِهٰذَا اِنَّمَا خُلِقْتُ لِلْحِرَاثَةِ، قَالَ: آمَنْتُ بِهٖ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَاَخَذَ الذِّئْبُ شَاةً، فَتَبِعَهَا الرَّاعِى، فَقَالَ الذِّئْبُ: مَنْ لَهَا يَوْمَ السَّبُعِ، يَوْمَ لَا رَاعِىَ لَهَا غَيْرِىْ، فَقَالَ: صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: آمَنْتُ بِهٖ اَنَا وَاَبُوْ بَكْرٍ، وَعُمَرُ

قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ: وَمَا هُمَا يَوْمَئِذٍ فِى الْقَوْمِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"ایک مرتبہ ایک شخص گائے پر سوار ہوا تو گائے نے اس کی طرف رخ کر کے کہا۔ مجھے اس کام کے لیے پیدا نہیں کیا گیا مجھے کھیتی باڑی کے لیے پیدا کیا گیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں، ابوبکر اور عمر اس بات پر یقین رکھتے ہیں۔

ایک مرتبہ ایک بھیڑیے نے ایک بکری کو پکڑ لیا۔ چرواہا اس کے پیچھے آیا۔ بھیڑیے نے کہا: درندوں کے مخصوص دن میں کون اس کا محافظ ہوگا۔ جب ان کا نگران میرے علاوہ اور کوئی نہیں ہوگا پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں، ابوبکر اور عمر اس پر ایمان رکھتے ہیں (یعنی یقین رکھتے ہیں)"

ابوسلمہ نامی راوی کہتے ہیں: اس دن یہ دونوں صاحبان حاضرین میں موجود نہیں تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِثْبَاتِ كَوْنِ الْمُعْجِزَاتِ فِى الْاَوْلِيَاءِ دُوْنَ الْاَنْبِيَاءِ عَلٰى حَسَبِ نِيَّاتِهِمْ وَصِحَّةِ ضَمَائِرِهِمْ فِيْمَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ خَالِقِهِمْ

6486- إسناده صحيح على شرط الشيخين . بندار: هو لقب محمد بن بشار، وسعد بن إبراهيم: هو ابن عبد الرحمن بن عوف. وأخرجه البخاري (2324) في الحرث والمزارعة: باب استعمال البقر للحراثة ومسلم (2388) في فضائل الصحابة: باب فضائل أبي بكر الصديق رضي الله عنه، والترمذي (3677) في المناقب: باب رقم (17)، و (3695) باب مناقب عمر، ثلاثتهم عن بندار بهذا الإسناد، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد 2/382، ومسلم من طريق محمد بن جعفر، به. وأخرجه الطيالسي (2354)، ومن طريقه الترمذي (3677) و (3695) عن شعبة، به. وأخرجه البخاري (3471) في الأنبياء: باب ما ذكر عن بني اسرائيل، ومسلم من طريقين عن سفيان بن عيينة، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ إبراهيم، به. وأخرجه مسلم، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 4/168 من طرق عن ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ وَأَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أبي هريرة، رفعه.

اس روایت کا تذکرہ‘ جواس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اولیاء میں کرامات پائی جاتی ہیں

جوان کے اوران کے خالق کے درمیان معاملے کے حوالے سے ان کی نیتوں اوران کے پوشیدہ معاملات کی صحت کے حوالے سے ہوتی ہیں

6487 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا الْمَخْزُوْمِيُّ الْمُغِيْرَةُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

6503– حديث صحيح، إسناده على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير ابن أبي ذباب، واسمه الحارث بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سعد فمن رجال مسلم، قال أبو زرعة: ليس به بأس، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال الذهبي في "الميزان": ثقة، وقال أبو حاتم: يروي عن الدراوردي أحاديث منكرة ليس بالقوي، وفي "التقريب": صدوق يهم. ابن أبي ذئب: هو محمد بن عبد الرحمن بن المغيرة .وأخرجه الحميدي (1136)، وأحمد 2/244، والبخاري (3533) في المناقب: باب ما جاء في أسماء رسول الله - صلى الله عليه وسلم -، وأبو نعيم (142)، والبيهقي 1/52 في "دلائل النبوة" من طريق سفيان بن عيينة، وأخرجه أحمد 2/369 عن ورقاء، والنسائي 6/159 في الطلاق: باب الابانة والافصاح بالكلمة الملفوظ بها إذا قصد بها لما لا يحتمل معناها لم توجب شيئاً، ولم تثبت حكماً، عن شعيب، ثلاثتهم عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هريرة.وأخرجه أحمد 2/340

6504– إسناده حسن، المعلى بن مهدي: هو ابن رستم الموصلي، ذكره المصنف في "الثقات" 9/182-183، وقال: يروي عن حماد بن زيد وجعفر بن سليمان الضبعي، حدثنا عنه إبراهيم بن عبد العزيز العمري بالموصل وغيره، وذكره ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل" 8/335، وقال: روى عن أبي عوانة وجعفر بن سليمان، روى عنه علي بن الحسين بن الجنيد وعلي بن حرب، وسألت أبي عنه، فقال: شيخ موصلي أدركته ولم أسمع منه، يحدث أحياناً بالحديث المنكر .قلت: ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عاصم ابن بهدلة، وهو حسن الحديث. أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري، وزر: هو ابن حبيش.والحديث عند أبي يعلى في "مسنده" (4985) .وأخرجه الطبراني في "الكبير" (8456) عن خلف بن عمرو العكبري، حدثنا المعلى بن مهدي، بهذا الإسناد.وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة" 6/84 من طريق أبي الوليد الطيالسي، عن أبي عوانة، به.وأخرجه مطولاً ومختصراً ابن أبي شيبة 11/510، وأحمد 1/379 و 453 و 457 و 462، والطيالسي (353)، والطبراني في "الكبير" (8455)، وأبو نعيم في "الحلية" 1/125، وفي "دلائل النبوة" (233) من طريق حماد بن سلمة، وأخرجه الطبراني في "الصغير" (513)

عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:
(متن حدیث): كُنْتُ يَافِعًا فِيْ غَنَمٍ لِعُقْبَةَ بْنِ اَبِيْ مُعَيْطٍ اَرْعَاهَا، فَاَتٰى عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: يَا غُلَامُ هَلْ مَعَكَ مِنْ لَبَنٍ؟ ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، وَلٰكِنِّيْ مُؤْتَمَنٌ، قَالَ: ائْتِنِيْ بِشَاةٍ لَمْ يَنْزُ عَلَيْهَا الْفَحْلُ ، فَاَتَيْتُهُ بِعَنَاقٍ، فَاعْتَقَلَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ جَعَلَ يَمْسَحُ الضَّرْعَ، وَيَدْعُوْ حَتّٰى اَنْزَلَتْ، فَاَتَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ بِشَيْءٍ، فَاحْتَلَبَ فِيْهِ، ثُمَّ قَالَ لِاَبِيْ بَكْرٍ: اشْرَبْ ، فَشَرِبَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ شَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَهُ، ثُمَّ قَالَ لِلضَّرْعِ: اقْلِصْ ، فَقَلَصَ، فَعَادَ كَمَا كَانَ، قَالَ: ثُمَّ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلِّمْنِيْ مِنْ هٰذَا الْكَلَامِ اَوْ مِنْ هٰذَا الْقُرْآنِ، فَمَسَحَ رَاْسِيْ، وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكَ غُلَامٌ مُعَلَّمٌ قَالَ: فَلَقَدْ اَخَذْتُ مِنْ فِيْهِ سَبْعِيْنَ سُوْرَةً، مَا نَازَعَنِيْ فِيْهَا بَشَرٌ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں جوانی میں عقبہ بن ابومعیط کی بکریاں چرایا کرتا تھا۔ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس تشریف لائے اور انہوں نے دریافت کیا: اے لڑکے کیا تمہارے پاس دودھ ہے۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں لیکن میں امین ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس کوئی ایسی بکری لے کہ آؤ جس کے ساتھ کسی بکرے نے جفتی نہ کی ہو تو میں ایک سال کا بکری کا بچہ لے آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پکڑا پھر آپ نے اس کے تھن پر ہاتھ پھیرا اور دعا کی' یہاں تک کہ اس کا دودھ اترنے لگا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کوئی چیز لے کر آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس برتن میں دودھ دوہ لیا پھر آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم پیو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسے پی لیا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسے پی لیا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تھن سے یہ کہا تم خشک ہو جاؤ تو وہ خشک ہو گیا اور اس طرح ہو گیا جس طرح پہلے تھا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ مجھے بھی یہ کلام (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اس قرآن کی تعلیم دیجئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم ایک ایسے لڑکے ہو جو سمجھ بوجھ رکھتا ہے (یا جسے تعلیم دی جائے گی) راوی کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی ستر سورتیں سیکھی ہیں۔ اس بارے میں کوئی شخص میرا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

ذِكْرُ شَهَادَةِ الشَّجَرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرِّسَالَةِ

(ایک) درخت کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دینے کا تذکرہ

6505 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْجُعْفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ اَبِيْ حَيَّانَ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:
(متن حدیث): كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ، فَاَقْبَلَ اَعْرَابِيٌّ، فَلَمَّا دَنَا مِنْهُ، قَالَ رَسُوْلُ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَيْنَ تُرِيْدُ؟، قَالَ: اِلٰى اَهْلِي، قَالَ: هَلْ لَكَ اِلٰى خَيْرٍ؟، قَالَ: مَا هُوَ؟ قَالَ: تَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، قَالَ: هَلْ مِنْ شَاهِدٍ عَلٰى مَا تَقُوْلُ؟ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذِهِ السَّمُرَةُ، فَدَعَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ بِشَاطِئِ الْوَادِي، فَاَقْبَلَتْ تَخُدُّ الْاَرْضَ خَدًّا حَتّٰى كَانَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَاسْتَشْهَدَهَا ثَلَاثًا، فَشَهِدَتْ اَنَّهُ كَمَا قَالَ، ثُمَّ رَجَعَتْ اِلٰى مَنْبِتِهَا، وَرَجَعَ الْاَعْرَابِيُّ اِلٰى قَوْمِهِ، وَقَالَ: اِنْ يَتَّبِعُوْنِيْ اٰتِيْتُكَ بِهِمْ، وَاِلَّا رَجَعْتُ اِلَيْكَ فَكُنْتُ مَعَكَ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ ایک سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ ایک دیہاتی آیا جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کہاں جا رہے ہو۔ اس نے کہا: اپنے گھر والوں کی طرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں بھلائی میں کوئی دلچسپی ہے۔ اس نے جواب دیا: وہ کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس بات کی گواہی دو کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے۔ وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اس نے دریافت کیا: آپ جو بات کہہ رہے ہیں کیا اس کا کوئی گواہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ ببول کا درخت ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درخت کو بلوایا۔ وہ اس وادی کے کنارے پر موجود تھا تو زمین کو چیرتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آ کر کھڑا ہو گیا۔ اس نے تین مرتبہ کلمہ شہادت پڑھا اور اس بات کی گواہی دی کہ ایسا ہی ہے جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا ہے پھر وہ اس جگہ واپس چلا گیا جہاں وہ اُگا تھا جب وہ دیہاتی اپنی قوم کے پاس واپس جانے لگا تو وہ بولا: اگر ان لوگوں نے میری بات مان لی تو میں ان کو لے کر آپ کی خدمت میں آؤں گا ورنہ میں خود آپ کے پاس واپس آ جاؤں گا اور آپ کے ساتھ رہوں گا۔

6505– رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عبد الله بن عمر الجعفي، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث . ابْنُ فُضَيْلٍ: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غزوان، وأبو حيان: هو يحيى بن سعيد التيمي .وقد أعله أبو حاتم فيما نقله عنه ابنه في " العلل " 1/293 بأن أبا حيان لم يسمع من عطاء ولم يرو عنه، وليس هذا الحديث من حديث عطاء .وأخرجه البيهقي في " دلائل النبوة " 15-6/14 عن أبي عبد الله الحاكم، أخبرنا أبو بكر محمد بن عبد الله الوراق، أخبرنا الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد .وأورده الحافظ ابن كثير في "الشمائل" ص 238 من طريق الحاكم، وقال: هذا إسناد جيد ولم يخرجوه، ولا رواه الإمام أحمد، والله أعلم. وأخرجه الدارمي 10-1/9 عن محمد بن طريف، حدثنا محمد بن فضيل، به .وأخرجه الطبراني في "الكبير" (13582) عن أبي الفضل بن أبي روح البصري، والبزار (2411) عن علي بن المنذر، كلاهما عن عبد الله بن عمر الجعفي، به.وقال البزار: لا نعلم رواه عن ابن عمر بهذا اللفظ وهذا الإسناد، إلا محمد بن فضيل، ولا نعلم أسند أبوحيان عن عطاء إلا هذا الحديث.وأخرجه أبو يعلى (5662) عن أبي هشام الرفاعي، عن محمد بن فضيل، به . وأورده الهيثمي في " المجمع " 8/292، وقال: رواه الطبراني رجاله رجال الصحيح، ورواه أبو يعلى أيضاً والبزار.قلت: وفي الباب عن ابن عباس، وسيرد عند المصنف برقم (6523) وعن أنس عند أحمد 3/113:وهذا إسناد على شرط مسلم، وأخرجه ابن ماجه (4028) في الفتن: باب الصبر على البلاء ، عن محمد بن طريف، عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وعن جابر، وسيأتي عند المصنف برقم (6524) .

ذِكْرُ حَنِينِ الْجِذْعِ الَّذِي كَانَ يَخْطُبُ عَلَيْهِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا فَارَقَهُ

کھجور کے اس تنے کا نبی اکرم ﷺ کی جدائی میں رونے کا تذکرہ، جس کے ساتھ ٹیک لگا کر آپ ﷺ خطبہ ارشاد فرماتے تھے

6506 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى التَّيْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ الْمِصِّيصِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ الْحَدَّادُ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْمُ اِلَى جِذْعٍ، فَيَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَاَنَّهُ لَمَّا صَنَعَ الْمِنْبَرَ تَحَوَّلَ اِلَيْهِ فَحَنَّ الْجِذْعُ، فَاَتَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَسَحَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کھجور کے ایک تنے کے ساتھ ٹیک لگا کر جمعے کا خطبہ دیا کرتے تھے جب آپ نے منبر بنوایا اور آپ اس منبر کی طرف منتقل ہو گئے تو وہ تنا رونے لگا۔ نبی اکرم ﷺ اس کے پاس تشریف لائے اور آپ نے اپنا دست مبارک اس پر پھیرا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْجِذْعَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ اِنَّمَا سَكَنَ عَنْ حَنِيْنِهِ بِاحْتِضَانِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، کھجور کا وہ تنا، جس کا ہم نے ذکر کیا ہے اس کا رونا اس وقت ختم ہوا تھا، جب نبی اکرم ﷺ نے اسے اپنے ساتھ لگا لیا تھا

6507 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ،

6506– إسناده صحيح. أبو عبيدة الحداد: اسمه عبد الواحد بن واصل. وأخرجه الدارمي 1/15، والترمذي (505) في الصلاة: باب ما جاء في الخطبة على المنبر، والبيهقي في "السنن" 3/196، وفي "الدلائل" 2/556 و 557 و 558-557 من طريق عثمان بن عمر، عن معاذ بن العلاء، بهذا الإسناد. وعلقه البخاري بإثر حديث (3583) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، فقال: وقال عبد الحميد: أخبرنا عثمان بن عمر ...وأخرجه البخاري (3583)

6507– حديث صحيح، رجاله ثقات، لكن فيه عنعنة الحسن. وهو في "مسند أبي يعلى" (2756). وأخرجه أحمد 3/226، وأبو القاسم البغوي في "الجعديات" (3341)، وابن خزيمة (1776)، والبيهقي في "دلائل النبوة" 2/559 من طرق عن مبارك بن فضالة، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 1/19، والرمذي (3631) في المناقب: باب حنين الجذع له - صلى الله عليه وسلم -، وابن خزيمة من طرق عن عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبي طلحة، عن أنس بنحوه. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه. قلت: وهذا إسناد رجاله رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث. وأخرجه الدارمي 1/367، وابن ماجه (1415) في الإقامة: باب ما جاء في بدء شأن المنبر، وأبو يعلى (3384)، والبزار كما في "الشمائل" ص 240 لابن كثير من طرق عن حماد بن سلمة، عن ثابت، عن أنس. وهذا إسناد صحيح على شرط مسلم.

قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِلٰى جَنْبِ خَشَبَةٍ يُسْنِدُ ظَهْرَهُ اِلَيْهَا، فَلَمَّا كَثُرَ النَّاسُ، قَالَ: ابْنُوا لِي مِنْبَرًا، فَبَنَوْا لَهُ مِنْبَرًا عَتَبَتَانِ، فَلَمَّا قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ لِيَخْطُبَ حَنَّتِ الْخَشَبَةُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ اَنَسٌ: وَاَنَا فِي الْمَسْجِدِ فَسَمِعْتُ الْخَشَبَةَ حَنَّتْ حَنِيْنَ الْوَلَدِ، فَمَا زَالَتْ تَحِنُّ حَتّٰى نَزَلَ اِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاحْتَضَنَهَا، فَسَكَنَتْ، قَالَ: وَكَانَ الْحَسَنُ اِذَا حَدَّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ بَكٰى، ثُمَّ قَالَ: يَا عِبَادَ اللّٰهِ الْخَشَبَةُ تَحِنُّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَوْقًا اِلَيْهِ لِمَكَانِهِ مِنَ اللّٰهِ، فَاَنْتُمْ اَحَقُّ اَنْ تَشْتَاقُوا اِلٰى لِقَائِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن ایک لکڑی کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے۔ آپ اپنی پشت اس کے ساتھ لگا لیتے تھے جب لوگوں کا ہجوم زیادہ ہو گیا تو آپ نے فرمایا: میرے لئے منبر بنا دو تو لوگوں نے آپ کے لئے دو سیڑھیوں والا منبر بنا دیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کے لئے منبر پر کھڑے ہوئے تو وہ لکڑی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فراق میں رونے لگی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس وقت مسجد میں موجود تھا۔ میں نے اس لکڑی کی آواز سنی یوں جیسے کوئی بچہ روتا ہے اور وہ اس وقت تک روتی رہی جب تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اتر کر اس کے پاس تشریف نہیں لے گئے اور آپ نے اسے اپنے ساتھ نہیں لگا لیا (جب آپ نے اسے اپنے ساتھ لگا لیا) تو وہ پرسکون ہوئی۔

راوی کہتے ہیں: جب حسن بصری یہ روایت بیان کرتے تھے تو وہ رونے لگ پڑتے تھے اور بولتے تھے اے اللہ کے بندو! ایک لکڑی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں روتی ہے۔ اس مرتبے اور مقام کی وجہ سے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کی بارگاہ میں حاصل ہے تو تم لوگ اس بات کے زیادہ حق دار ہو کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری کے مشتاق رہو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهِ اَنَسٌ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے: اس روایت کو نقل کرنے میں حضرت انس رضی اللہ عنہ منفرد ہیں

6508 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ الْعِجْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ اِلٰى جَنْبِ شَجَرَةٍ اَوْ جِذْعٍ اَوْ خَشَبَةٍ اَوْ شَيْءٍ يَسْتَنِدُ اِلَيْهِ يَخْطُبُ، ثُمَّ اتَّخَذَ مِنْبَرًا، فَكَانَ يَقُوْمُ عَلَيْهِ فَحَنَّتْ تِلْكَ الَّتِي كَانَ يَقُوْمُ عِنْدَهَا حَنِيْنًا سَمِعَهُ اَهْلُ الْمَسْجِدِ، فَاَتَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِمَّا قَالَ: مَسَحَهَا، وَاِمَّا قَالَ: فَاَمْسَكَهَا، فَسَكَنَتْ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک درخت کے پہلو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک تنے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک لکڑی (یا شاید یہ الفاظ ہیں) کسی چیز کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر بنوالیا تو آپ اس پر کھڑے ہوئے تو وہ چیز رونے لگی جس کے قریب کھڑے ہو کر (آپ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دیا کرتے تھے) اس کے رونے کی آواز کو تمام اہل مسجد نے سنا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے (راوی کو شک ہے) شاید یہاں انہوں نے یہ الفاظ استعمال کئے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر ہاتھ پھیرا (یا پھر شاید یہ الفاظ استعمال کئے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پکڑ لیا تو اسے سکون آیا۔

ذِكْرُ بُرْءِ رِجْلِ عَمْرِو بْنِ مُعَاذٍ الْمَقْطُوعَةِ عِنْدَ تَفْلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا

اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن لگانے کی وجہ سے حضرت عمرو بن معاذ رضی اللہ عنہ کی کٹی ہوئی ٹانگ ٹھیک ہوگئی تھی

6509 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنِ الرَّيَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِيْ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَفَلَ فِيْ رِجْلِ عَمْرِو بْنِ مُعَاذٍ حِيْنَ قُطِعَتْ رِجْلُهُ، فَبَرَاَ

❁❁ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں جب حضرت عمرو بن معاذ رضی اللہ عنہ کی ٹانگ کٹ گئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر اپنا لعاب دہن ڈالا تو وہ ٹھیک ہو گئے۔

6508- إسناده صحيح على شرط البخاري، أحمد بن المقدم العجلي روى له البخاري، ومن فوقه على شرط الشيخين. أبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قُطعة. وأخرجه أحمد 3/306، وابن ماجه (1417) في الإقامة: باب ما جاء في بدء شأن المنبر، عن محمد بن أبي عدى، عن سليمان التيمي، بهذا الإسناد. وأخرجه الشافعي 143-1/142، وعبد الرزاق (5254)، وابن أبي شيبة 11/485-486، وأحمد 293/3 و 295 و 300 و 324، والدارمي 17-1/16 و 17 و 366، والبخاري (918) في الجمعة: باب الخطبة على المنبر، و (3584) و (3585) في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، والنسائي 3/102 في الجمعة: باب مقام الإمام في الخطبة، وأبو نعيم في "دلائل النبوة" (353)، والبيهقي في "السنن" 3/195، وفي "الدلائل" 2/556 و 560 و 561 و 562 و 563، والبغوي (3724) من طرق عن جابر بنحوه.

6509- إسناده حسن، على بن الحسين بن واقد روى له البخاري في "الأدب المفرد" ومسلم في المقدمة وأصحاب السنن، وهو صدوق، وباقي رجاله رجال الشيخين غير الحسين بن واقد، فمن رجال مسلم. وأخرجه أبو نعيم في "معرفة الصحابة" فيما نقله عنه الحافظ في "الإصابة" 3/18 من طريق الحسن بن سفيان، عن أبي عمار الحسين بن حريث، بهذا الإسناد. وأخرجه الروياني في "مسنده"، والضياء في "المختارة" كما في "الإصابة" من طريق محمد بن حميد الرازي، عن زيد بن الحباب، عن الحسين بن واقد، به. وعمرو بن معاذ: قيل: هو ابن الجموح، وقيل: هو أخو سعد بن معاذ، استشهد يوم أحد، قتله زيد بن الخطاب خطأ.

ذِكْرُ بُرْءِ رِجْلِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ مِنَ الضَّرْبَةِ الَّتِيْ اَصَابَتْهَا حِينَ تَفَلَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهَا

اس بات کا تذکرہ' حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی ٹانگ پر لگنے والی ضرب' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لعاب دہن ڈالنے کی وجہ سے ٹھیک ہوگئی تھی

6510 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ عُبَيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ اَثَرَ ضَرْبَةٍ فِيْ سَاقِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا مُسْلِمٍ مَا هٰذِهِ الضَّرْبَةُ؟ فَقَالَ: هٰذِهِ ضَرْبَةٌ اَصَابَتْنِيْ يَوْمَ حُنَيْنٍ، قَالَ النَّاسُ: اُصِيْبَ سَلَمَةُ، اُصِيْبَ سَلَمَةُ، قَالَ: فَاُتِيَ بِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَفَثَ فِيْهَا ثَلَاثَ نَفَثَاتٍ، فَمَا اشْتَكَيْتُهَا حَتَّى السَّاعَةِ

❁❁ یزید بن ابوعبید بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی پنڈلی پر کسی ضرب کا نشان دیکھا تو میں نے دریافت کیا: اے ابومسلم یہ ضرب کس چیز کی ہے انہوں نے فرمایا: یہ ضرب مجھے غزوہ حنین کے دن لگی تھی۔ لوگوں نے یہ کہا کہ اب سلمہ شہید ہو جائے گا۔ اب سلمہ شہید ہو جائے گا۔ راوی کہتے ہیں: مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر تین مرتبہ اپنا لعاب دہن ڈالا تو اس کے بعد آج تک مجھے اس میں کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔

ذِكْرُ مَا سَتَرَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَيْنِ مَنْ قَصَدَهُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ بِاَذًى

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو اس مشرک کی نظر سے اوجھل کر دیا تھا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہنچانا چاہتا تھا

6511 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الطُّوْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ: (تَبَّتْ يَدَا اَبِيْ لَهَبٍ) (المسد: 1) جَاءَتِ امْرَاَةُ اَبِيْ لَهَبٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَهُ اَبُوْ بَكْرٍ، فَلَمَّا رَآهَا اَبُوْ بَكْرٍ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا امْرَاَةٌ بَذِيْئَةٌ، وَاَخَافُ اَنْ تُؤْذِيَكَ، فَلَوْ

6510– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخارى (4206) فى المغازى: باب غزوة خيبر، وأبو داود (3894) فى الطب: باب كيف الرقى؟ والبيهقى فى " الدلائل " 4/251 من طريق مكى بن إبراهيم، بهذا الإسناد.

قُمْتَ، قَالَ: اِنَّهَا لَنْ تَرَانِيْ ، فَجَاءَ تْ، فَقَالَتْ: يَا اَبَا بَكْرٍ اِنَّ صَاحِبَكَ هَجَانِيْ، قَالَ: لَا، وَمَا يَقُوْلُ الشِّعْرَ، قَالَتْ: اَنْتَ عِنْدِيْ مُصَدَّقٌ، وَانْصَرَفَتْ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَمْ تَرَكَ، قَالَ: لَا، لَمْ يَزَلْ مَلَكٌ يَسْتُرُنِيْ عَنْهَا بِجَنَاحِهِ *

33
33

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

''ابولہب کے دونوں ہاتھ برباد ہو جائیں'' تو ابولہب کی بیوی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی۔ اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو دیکھا تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ عورت بڑی بدزبان ہے۔ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ یہ آپ کواذیت پہنچائے گی اگر آپ تشریف لے جائیں (تو یہ مناسب ہوگا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ مجھے نہیں دیکھ سکے گی۔ وہ عورت آئی اس نے کہا: اے ابوبکر تمہارے آقا نے میری ہجو بیان کی ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: جی نہیں وہ شعر تو کہتے ہی نہیں ہیں۔ اس عورت نے کہا: تم میرے نزدیک سچے آدمی ہو پھر وہ عورت چلی گئی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس نے آپ کو دیکھا ہی نہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں ایک فرشتے نے اپنے پروں کے ذریعے مجھے اس سے چھپایا ہوا تھا''۔

ذِكْرُ مَا اسْتَجَابَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِصَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا دَعَا عَلٰى بَعْضِ الْمُشْرِكِيْنَ فِيْ بَعْضِ الْاَحْوَالِ

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی اس دعا کو مستجاب کیا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض حالات میں بعض مشرکین کے خلاف کی تھی

6512 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، قَالَ:

6511– حديث صحيح بشواهده. محمد بن منصور الطوسي: ثقة روى له أبو داود والنسائي، ومن فوقه من رجال الشيخين غير عطاء بن السائب، فقد روى له البخاري مقروناً وأصحاب السنن، وقد حدث عنه عبد السلام بن حرب بعد الاختلاط. وهو في "مسند أبي يعلى" (25) و (2358) .وأخرجه أبو نعيم في "الدلائل" (141) حدثنا إسحاق بن أحمد، قال: حدثنا إبراهيم بن يوسف، قال: حدثنا محمد بن منصور الطوسي، بهذا الإسناد.وأخرجه البزار (2294) و (2295) من طريقين عن أبي أحمد محمد بن عبد الله بن الزبير الزبيري، به.وقال البزار: وهذا أحسن الإسناد، ويدخل في مسند أبي بكر .وأورده الهيثمي في " المجمع " 7/144، ونسبه لأبي يعلى والبزار، وقال: وقال البزار: إنه حسن الإسناد. قلت (القائل الهيثمي) : فيه عطاء بن السائب وقد اختلط.

6512– إسناده على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث.وأخرجه الطبراني في "الكبير" (6235) ، وعنه أبو نعيم في "معرفة الصحابة" (1206) عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد .وأخرجه الدارمي 2/97، والطبراني، والبيهقي في " السنن " 7/277، وفي " الدلائل " 6/238 من طريق أبي الوليد الطيالسي، به.

(متن حدیث): اَبْصَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ: بُسْرُ بْنُ رَاعِي الْعِيرِ يَأْكُلُ بِشِمَالِهِ، فَقَالَ: كُلْ بِيَمِيْنِكَ قَالَ: لَا اَسْتَطِيعُ، قَالَ: لَا اسْتَطَعْتَ قَالَ: فَمَا نَالَتْ يَدُهُ اِلٰى فِيْهِ بَعْدُ.

ایاس بن سلمہ بن اکوع بیان کرتے ہیں: میرے والد نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا جس کا نام بسر بن راعی العیر تھا۔ وہ بائیں ہاتھ سے کھا رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔ اس نے کہا: میں یہ نہیں کرسکتا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم یہ کر بھی نہیں سکو گے۔ راوی کہتے ہیں: تو پھر اس کے بعد اس کا (دایاں ہاتھ) کبھی اس کے منہ تک نہیں پہنچا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6513 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَبَّاسٍ الْاَهْوَازِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيْهِ:

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَاْكُلُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشِمَالِهِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلْ بِيَمِيْنِكَ قَالَ: لَا اَسْتَطِيعُ، فَقَالَ النَّبِيُّ: لَا اسْتَطَعْتَ، فَمَا رَفَعَهَا اِلٰى فِيْهِ

ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ ایک شخص نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھ کر بائیں ہاتھ سے کھانے لگا تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا تم اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔ اس نے کہا: میں یہ نہیں کرسکتا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم یہ کر بھی نہیں سکو گے۔ اس کے بعد وہ شخص اپنا (دایاں ہاتھ) کبھی اپنے منہ تک نہیں اٹھا سکا۔

ذِكْرُ مَا جَعَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا دَعْوَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَنْ لَمْ يَكُنْ لَهَا بِاَهْلٍ وَّقُرْبَةً اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کی اس شخص کے خلاف کی گئی دعا جو اس کا اہل نہ ہو، اس دعا کو اپنی بارگاہ میں قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دیا ہے

6514 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ

6513– إسناده حسن كالذى قبله، رجاله رجال الصحيح. عبد الله: هو ابن المبارك. وأخرجه الطبراني (6236) من طريق محمد بن جعفر، عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 46-4/45 و 46 و 50، ومسلم (2021) في الأشربة: باب آداب الطعام، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/238 من طرق عن عكرمة، به.

مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَتْ عِنْدَ أُمِّ سُلَيْمٍ يَتِيمَةٌ، فَرَآهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَنْتِ هِيَ؟ لَقَدْ كَبِرْتِ، لَا كَبِرَ سِنُّكِ، فَرَجَعَتِ الْيَتِيمَةُ اِلٰى اُمِّ سُلَيْمٍ تَبْكِي، فَقَالَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ: مَا لَكِ يَا بُنَيَّةُ؟ قَالَتِ الْجَارِيَةُ: دَعَا عَلَيَّ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَا يَكْبَرَ سِنِّي، فَالْاٰنَ لَا يَكْبُرُ سِنِّي اَبَدًا اَوْ قَالَتْ: قَرْنِي، فَخَرَجَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ مُسْتَعْجِلَةً تَلُوثُ خِمَارَهَا حَتّٰى لَقِيَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهَا: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ مَالَكِ؟، قَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اَدَعَوْتَ عَلٰى يَتِيمَتِي؟، قَالَ: وَمَا ذَاكِ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ؟، قَالَتْ: زَعَمَتْ اَنَّكَ دَعَوْتَ عَلَيْهَا اَنْ لَا يَكْبَرَ سِنُّهَا، قَالَ: فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ اَمَا تَعْلَمِيْنَ **شَرْطِي عَلٰى رَبِّي؟ اِنِّي اشْتَرَطْتُ عَلٰى رَبِّي، فَقُلْتُ: اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ اَرْضَى كَمَا يَرْضَى الْبَشَرُ، وَاَغْضَبُ كَمَا يَغْضَبُ الْبَشَرُ، فَاَيُّمَا اَحَدٍ دَعَوْتُ عَلَيْهِ مِنْ اُمَّتِي بِدَعْوَةٍ لَيْسَ لَهَا اَهْلٌ اَنْ يَّجْعَلَهَا لَهُ طَهُوْرًا وَّزَكَاةً وَقُرْبَةً يُقَرِّبُهُ بِهَا مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَكَانَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِيمًا**

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں ایک یتیم لڑکی تھی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو فرمایا کیا یہ تم ہو تمہاری عمر زیادہ ہو جائے گی لیکن تمہارے دانتوں کی عمر زیادہ نہیں ہو گی تو وہ یتیم لڑکی روتی ہوئی سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا کے پاس گئی۔ سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا: اے لڑکی تمہیں کیا ہوا ہے۔ اس لڑکی نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے خلاف دعا کی ہے کہ میرے دانت بڑے نہ ہوں۔ اب تو میرے دانت کبھی بڑے نہیں ہوں گے۔ (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں) میرے بال (بڑے نہیں ہوں گے) سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا تیزی سے اپنی چادر لپیٹ کر نکلی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: اے اُمّ سلیم! کیا معاملہ ہے؟ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی کیا آپ نے میری یتیم لڑکی کے خلاف دعا کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے اُمّ سلیم! وہ کیسے؟ سیّدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: اس لڑکی نے یہ بات بیان کی ہے کہ آپ نے اس کے خلاف یہ دعا کی ہے کہ اس کے دانت بڑے نہ ہوں۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے۔ آپ نے فرمایا: اے اُمّ سلیم! تم یہ بات نہیں جانتی کہ میں نے پروردگار کے ساتھ کیا طے کیا ہے۔ میں نے اپنے پروردگار کے ساتھ یہ طے کیا ہے۔ میں نے عرض کی: اے میرے پروردگار! میں ایک انسان ہوں میں بھی اسی طرح راضی ہوتا ہوں جیسے دوسرے لوگ راضی ہوتے ہیں اور اسی طرح غصے میں آجاتا ہوں جیسے دوسرے لوگ غصے میں آتے ہیں تو اپنی اُمت کے جس بھی شخص کے خلاف میں کوئی ایسی دعا کروں جس کا وہ اہل نہ ہو تو پروردگار اسے اس شخص کے حق میں طہارت کے حصول اور پاکیزگی کے حصول کا اور قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے جس کے ذریعے وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرے۔

6514- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث .وأخرجه مسلم (2603) في البر والصلة: باب من لعنه النبي - صلى الله عليه وسلم - أو سبه ... عن زهير بن حرب أبي خيثمة وأبي معن الرقاشي، قالا: حدثنا عمر بن يونس، بهذا الإسناد.

(راوی کہتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ بڑے رحم دل تھے۔

ذِكْرُ سُؤَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّجْعَلَ سِبَابَهُ لِاُمَّتِهٖ قُرْبَةً لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

نبی اکرم ﷺ کا اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگنا کہ وہ آپ ﷺ کے اپنی امت کو برا کہنے کو قیامت کے دن ان لوگوں کے لیے قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے

6515 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: (متن حدیث): اِنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اَيُّمَا عَبْدٍ مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهُ فَاجْعَلْ ذٰلِكَ قُرْبَةً اِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''اے اللہ! میں جس بھی مومن بندے کو برا کہوں، تو اس چیز کو تو قیامت کے دن اپنی بارگاہ میں قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا وَرَاءَ السِّبَابِ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُمَّتِهٖ اِنَّمَا سَاَلَ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَ ذٰلِكَ كُلَّهُ قُرْبَةً لَهُمْ، وَصَدَقَةً عَلَيْهِمْ فِيْ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ کا اپنی امت کو برا کہنے کے علاوہ، جو کچھ کہنا ہے

اس کے بارے میں آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی ہے کہ وہ ان سب چیزوں کو ان لوگوں کے لیے قیامت کے دن قربت کے حصول کا ذریعہ بنا دے اور ان کے لیے صدقہ بنا دے

6516 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا

6515- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة، فمن رجال مسلم. يونس: هو ابن يزيد الأيلي. وأخرجه مسلم (2601) (92) في البر والصلة: باب من لعنه النبي - صلى الله عليه وسلم - أو سبه ... عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (6361) في الدعوات: باب قول النبي - صلى الله عليه وسلم -: "من آذيته فاجعله له زكاة ورحمة"، عن أحمد بن صالح، حدثنا ابن وهب، به. وأخرجه مسلم (2601) (93) من طريق يعقوب بن إبراهيم، عن ابن أخي الزهري، عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 2/449 و 488 و 493 و 496، ومسلم من طرق عن أبي هريرة بنحوه، وانظر ما بعده.

6516- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "صحيفة همام" (87). وأخرجه أحمد 2/316-317، والبغوي (1239) عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وقوله: "صلاة" أي: رحمة، والصلاة من الله مفسرة بالرحمة، وقوله: "زكاة" يحتمل أن يراد ترقية لنفسه، ويحتمل أن يراد الزيادة في الأجر، كما عبر عنها في الرواية الأخرى بالأجر. وفي هذا الحديث بيان ما اتصف به - صلى الله عليه وسلم - من شفقته على أمته واعتنائه بمصالحهم، وجميل خلقه، وكرم ذاته، حيث قصد مقابلة ما وقع منه بالجبر والتكريم.

عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ اِنِّی اَتَّخِذُ عِنْدَكَ عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَهُ، وَاِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ، فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ آذَيْتُهُ اَوْ شَتَمْتُهُ اَوْ جَلَدْتُهُ اَوْ لَعَنْتُهُ فَاجْعَلْهَا لَهُ صَلَاةً وَزَكَاةً وَقُرْبَةً تُقَرِّبُهُ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے اللہ! میں نے تجھ سے یہ عہد لیا ہے جس کی تو خلاف ورزی نہیں کرے گا کہ میں ایک انسان ہوں جس مومن کو میں اذیت پہنچاؤں یا اسے برا کہوں یا اسے کوڑا ماروں یا اس پر لعنت کروں تو' تو اسی چیز کو اس شخص کے حق میں رحمت، پاکیزگی اور قربت کے حصول کا ذریعہ بنادے جس کے ذریعے وہ قیامت کے دن تیرا قرب حاصل کرے''۔

ذِكْرُ مَا اسْتَجَابَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِصَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ رَاحِلَةِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

اس بات کا تذکرہ' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی سواری کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی دعا کو مستجاب کیا تھا

6517 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَقْبَلْنَا مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَاَعْيَا جَمَلِی، فَتَخَلَّفْتُ عَلَيْهِ اَسُوْقُهُ، قَالَ: وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ حَاجَةٍ مُتَخَلِّفًا، فَلَحِقَنِیْ، فَقَالَ لِیْ: مَا لَكَ مُتَخَلِّفًا؟ ، قَالَ: قُلْتُ: لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِلَّا اَنَّ جَمَلِیْ ظَالِعٌ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَلْحَقَهُ بِالْقَوْمِ، قَالَ: فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَنَبِهِ، فَضَرَبَهُ، ثُمَّ زَجَرَهُ، فَقَالَ: ارْكَبْ قَالَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُنِیْ بَعْدُ، وَاِنِّی لَاَكُفُّهُ عَنِ الْقَوْمِ، قَالَ: فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا دُوْنَ الْمَدِيْنَةِ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَتَعَجَّلَ اِلٰى اَهْلِی، فَقَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَاْتِ اَهْلَكَ طُرُوْقًا قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّی حَدِيْثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ، قَالَ: فَمَا تَزَوَّجْتَ؟ ، قُلْتُ: امْرَاَةً ثَيِّبًا، قَالَ: فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ؟ ، قَالَ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ تُوُفِّیَ اَوِ اسْتُشْهِدَ، وَتَرَكَ جَوَارِیَ، فَكَرِهْتُ اَنْ اَتَزَوَّجَ عَلَيْهِنَّ مِثْلَهُنَّ، قَالَ: فَسَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَقُلْ: اَحْسَنْتَ وَلَا اَسَاْتَ، قَالَ: ثُمَّ قَالَ: بِعْنِیْ جَمَلَكَ هٰذَا قَالَ: قُلْتُ: لَا بَلْ هُوَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا بَلْ بِعْنِيهِ، قَالَ: قُلْتُ: هُوَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا بَلْ بِعْنِيهِ ، قُلْتُ: اَجَلْ عَلٰى اُوْقِيَّةِ ذَهَبٍ، فَهُوَ لَكَ بِهَا، قَالَ: قَدْ

6517- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "مسند أبي يعلى" (1898)، وقد تقدم مختصراً من طريق عثمان بن أبي شيبة عن جرير بهذا الإسناد، وانظر ما بعده، والحديث الآتي برقم (7143).

اَخَذْتُهُ، فَتَبَلَّغَ عَلَيْهِ اِلَى الْمَدِيْنَةِ ، فَلَمَّا قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبِلَالٍ: اَعْطِهِ اُوْقِيَّةَ ذَهَبٍ، وَزِدْهُ ، قَالَ: فَاَعْطَانِيْ اُوْقِيَّةَ ذَهَبٍ، وَزَادَنِيْ قِيْرَاطًا، قَالَ: فَقُلْتُ: لَا تُفَارِقُنِيْ زِيَادَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَكَانَ فِيْ كِيْسٍ لِيْ، فَاَخَذَهُ اَهْلُ الشَّامِ يَوْمَ الْحَرَّةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ سے مدینہ کی طرف آ رہے تھے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میرا اونٹ تھک چکا تھا۔ میں اسے پیچھے لے کر چل رہا تھا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام کے سلسلے میں پیچھے رہ گئے۔ آپ مجھے آ کر ملے تو آپ نے مجھ سے دریافت کیا: کیا وجہ ہے تم پیچھے کیوں چل رہے ہو۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: جی نہیں۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا اونٹ تھک گیا ہے ورنہ میرا تو ارادہ ہے میں لوگوں کے ساتھ چلوں۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پیچھے والے حصے پر مارا اور اسے ڈانٹا پھر آپ نے فرمایا: تم سوار ہو جاؤ۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اس کے بعد میں نے خود کو دیکھا کہ میں اسے روک روک کر لوگوں کے ساتھ چل رہا تھا۔ (یعنی وہ لوگوں سے آگے نکلا جا رہا تھا) راوی کہتے ہیں: مدینہ منورہ سے پہلے ہم نے ایک جگہ پڑاؤ کیا میں نے اپنے گھر جلدی جانے کا ارادہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تم رات کے وقت اپنی بیوی کے پاس نہ جاؤ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری نئی نئی شادی ہوئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم نے کس کے ساتھ شادی کی ہے۔ میں نے عرض کی: ایک ثیبہ عورت کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے کنواری کے ساتھ کیوں نہیں کی تا کہ تم اس کے ساتھ خوش فعلیاں کرتے اور وہ تمہارے ساتھ کرتی۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ (میرے والد) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں) شہید ہو گئے۔ انہوں نے کچھ بیٹیاں (پسماندگان میں) چھوڑی تھیں تو مجھے یہ اچھا نہیں لگا کہ شادی کر کے ان کے پاس ایسی لڑکی لے آؤں جوان کی مانند ہو۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے۔ آپ نے یہ نہیں فرمایا: تم نے اچھا کیا یا تم نے برا کیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنا یہ اونٹ مجھے فروخت کر دو۔ راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ ویسے ہی آپ کا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ تم اسے مجھے فروخت کرو میں نے عرض کی۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ آپ کا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ تم اسے مجھے فروخت کرو۔ میں نے عرض کی: ٹھیک ہے۔ سونے کے ایک اوقیہ کے عوض میں (میں آپ کو فروخت کرتا ہوں) یہ آپ کا ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے یہ لے لیا تم اس پر سوار ہو کر مدینہ تک جا سکتے ہو جب میں مدینہ آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے فرمایا۔ اسے سونے کا ایک اوقیہ دے دو اور (ایک اوقیہ سے) زیادہ دینا۔ راوی کہتے ہیں: انہوں نے مجھے سونے کا ایک اوقیہ اور ایک قیراط دیا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے یہ طے کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے دی گئی اضافی ادائیگی مجھ سے کبھی جدا نہیں ہوگی۔ راوی کہتے ہیں: وہ میرے پاس ایک تھیلی میں موجود رہی' یہاں تک واقعہ حرہ کے موقع پر اہل شام نے اسے چھین لیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَدَّ الرَّاحِلَةَ عَلٰى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بَعْدَ اَنْ اَوْفَاهُ ثَمَنَهَا هِبَةً لَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو ان کے اونٹ کی پوری قیمت ادا کرنے کے بعد' ان کی سواری ہبہ کے طور پر انہیں واپس کردی تھی

6518 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْخَلِيلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْخَلِيلِ ابْنِ بِنْتِ تَمِيمِ بْنِ الْمُنْتَصِرِ الْبَزَّارُ، بِوَاسِطٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزَاةٍ، فَاَبْطَاَ بِيْ جَمَلِي، فَتَخَلَّفْتُ، فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَجَنَهُ بِمِحْجَنِهِ، ثُمَّ قَالَ لِي: ارْكَبْ، فَرَكِبْتُهُ، فَلَقَدْ رَاَيْتُنِيْ اَكُفُّهُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَتَزَوَّجْتَ؟، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ: بِكْرًا اَمْ ثَيِّبًا؟، فَقُلْتُ: بَلْ، ثَيِّبًا قَالَ: فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ، فَقُلْتُ: اِنَّ لِي اَخَوَاتٍ، فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَتَزَوَّجَ امْرَاَةً تَجْمَعُهُنَّ وَتَمْشُطُهُنَّ وَتَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ، قَالَ: اَمَا اِنَّكَ قَادِمٌ، فَاِذَا قَدِمْتَ، فَالْكَيْسَ الْكَيْسَ ثُمَّ قَالَ: اَتَبِيعُ جَمَلَكَ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، فَاشْتَرَاهُ مِنِّي بِاُوقِيَّةٍ، ثُمَّ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلِي، وَقَدِمْتُ بِالْغَدَاةِ، فَجِئْتُ الْمَسْجِدَ، فَوَجَدْتُهُ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ، قَالَ: اَلْاٰنَ حِينَ قَدِمْتَ؟، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَدَعْ جَمَلَكَ، وَادْخُلْ، فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ، قَالَ: فَدَخَلْتُ، فَصَلَّيْتُ، ثُمَّ رَجَعْتُ، وَاَمَرَ بِلَالًا اَنْ يَزِنَ لِي اُوقِيَّةً، قَالَ: فَوَزَنَ لِي بِلَالٌ، فَاَرْجَحَ فِي الْمِيزَانِ، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ، فَلَمَّا وَلَّيْتُ، قَالَ: ادْعُ لِي جَابِرًا، فَدُعِيتُ، فَقُلْتُ: الْاٰنَ يَرُدُّ عَلَيَّ الْجَمَلَ، وَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اَبْغَضَ اِلَيَّ مِنْهُ، قَالَ: جَمَلُكَ وَثَمَنُهُ لَكَ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک غزوہ میں شرکت کے لئے روانہ ہوا۔ میرا اونٹ سست ہوگیا تھا۔ اس لئے میں لوگوں سے پیچھے رہ گیا (راستے میں کسی جگہ) نبی اکرم ﷺ اپنی سواری سے نیچے اترے آپ نے اپنی چھڑی کے ذریعے میرے اونٹ کو مارا اور پھر مجھ سے فرمایا تم اس پر سوار ہو جاؤ جب میں اس پر سوار ہوا تو میں نے خود کو دیکھا میں اس اونٹ کو نبی اکرم ﷺ سے آگے نکلنے سے روک رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم نے شادی کر لی ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کنواری کے ساتھ یا ثیبہ کے ساتھ میں نے عرض کی: بلکہ ثیبہ کے ساتھ؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے کسی کنواری کے ساتھ شادی کیوں نہیں کی کہ تم اس کے خوش فعلیاں کرتے اور وہ تمہارے ساتھ کرتی۔ میں نے عرض

6518- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو موسى: هو محمد بن المثنى بن عبيد العنزى . وانظر الحديث الآتى برقم (7143).

کی: میری بہنیں ہیں۔ مجھے یہ اچھا لگا کہ میں کسی ایسی عورت کے ساتھ شادی کروں جوان کا خیال رکھے۔ان کی کنگھی کرے ان کی نگرانی کرے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اب تم (اپنے گھر) جانے لگے ہو۔ جب تم جاؤ تو عقل مندی کا مظاہرہ کرنا عقلمندی کا مظاہرہ کرنا پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا تم اپنا اونٹ فروخت کرو گے میں نے عرض کی: جی ہاں تو نبی اکرم ﷺ نے ایک اوقیہ کے عوض میں وہ مجھ سے خرید لیا پھر نبی اکرم ﷺ مجھ سے پہلے (مدینہ منورہ) تشریف لے آئے۔ میں اگلے دن آیا میں مسجد میں آیا تو میں نے نبی اکرم ﷺ کو مسجد کے دروازے پر پایا نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم اب آئے ہو۔ میں نے عرض کی: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اپنے اونٹ کو چھوڑ دو اور (مسجد کے اندر) جا کر دو رکعات ادا کرو۔ راوی کہتے ہیں: میں اندر آیا میں نے نماز ادا کی جب میں واپس آیا تو آپ نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا کہ مجھے وزن کر کے ایک اوقیہ دیدیں۔ راوی کہتے ہیں: حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے مجھے وزن کر کے دیا اور میزان میں (میرے پلڑے کو) وزنی رکھا۔ راوی کہتے ہیں: جب میں وہاں سے روانہ ہوا اور مڑ گیا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جابر کو میرے پاس بلا کر لاؤ مجھے بلایا گیا تو میں نے اندازہ لگا لیا کہ اب نبی اکرم ﷺ وہ اونٹ مجھے واپس کر دیں گے مجھے یہ بات سب سے زیادہ ناپسند تھی لیکن نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اونٹ بھی تمہارا ہوا اور قیمت بھی تمہاری ہوئی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اسْتَثْنَى حُمْلَانَ رَاحِلَتِهِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ بَعْدَ الْبَيْعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے اپنی اس سواری پر' مدینہ منورہ تک سوار رہنے کا استثناء کیا تھا' جس سواری کی صفت ہم نے بیان کی ہے اور یہ استثناء سودا ہو جانے کے بعد تھا

6519 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيْدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ زَكَرِيَّا، عَنْ عَامِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّهُ كَانَ يَسِيْرُ عَلٰى جَمَلٍ لَهُ قَدْ اَعْيٰى، فَاَرَادَ اَنْ يُّسَيِّبَهُ، قَالَ: فَلَحِقَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا لَهُ وَضَرَبَهُ، فَسَارَ سَيْرًا لَمْ يَسِرْ مِثْلَهُ، وَقَالَ: بِعْنِيهِ بِاُوقِيَّةٍ، فَقُلْتُ: لَا، ثُمَّ قَالَ: بِعْنِيهِ بِاُوقِيَّةٍ، فَقُلْتُ: لَا، ثُمَّ قَالَ: بِعْنِيهِ بِاُوقِيَّةٍ، فَبِعْتُهُ بِاُوقِيَّةٍ، وَاسْتَثْنَيْتُ حُمْلَانَهُ اِلٰى اَهْلِي، فَلَمَّا بَلَغْتُ اَتَيْتُهُ، فَقَالَ لِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتُرَانِيْ مَاكَسْتُكَ لِاٰخُذَ جَمَلَكَ وَدَرَاهِمَكَ؟ فَهُمَا لَكَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ وہ اپنے اونٹ پر سفر کر رہے تھے جو تھک چکا تھا۔ انہوں نے اس اونٹ کو ویسے ہی چھوڑ دینے کا ارادہ کر لیا۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی مجھ سے ملاقات ہوئی تو نبی اکرم ﷺ نے اس اونٹ کے لئے دعا کی۔ آپ نے اسے مارا تو وہ اتنی تیزی سے چلنے لگا کہ وہ پہلے کبھی اتنا تیز نہیں چلتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

6519- إسناده صحيح على شرط مسلم، علي بن خشرم من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. عيسى بن يونس: هو ابن أبي إسحاق السبيعي، وزكريا: هو ابن أبي زائدة، وعامر: هو الشعبي. وانظر الحديث المتقدم برقم (4912).

ایک اوقیہ کے عوض میں اسے مجھے فروخت کردو۔ میں نے عرض کی: جی نہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک اوقیہ کے عوض میں اسے مجھے فروخت کردو میں نے عرض کی: جی نہیں پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ایک اوقیہ کے عوض میں اسے مجھے فروخت کردو تو میں نے ایک اوقیہ کے عوض میں اسے فروخت کردیا۔ میں نے اس سودے میں یہ استثناء کیا کہ میں اس پر سوار ہو کر اپنے گھر تک جاؤں گا جب میں (مدینہ منورہ) پہنچا تو میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا کیا تم یہ سمجھ رہے تھے کہ میں نے تمہارے اونٹ اور درہموں کی وجہ سے تمہارے ساتھ یہ سودا کیا۔ یہ دونوں تمہارے ہوئے۔

ذِكْرُ مَا اَكْرَمَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا صَفِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهَزِيمَةِ الْمُشْرِكِينَ عَنْهُ عَنْ قَبْضَةِ تُرَابٍ رَمَاهُمْ بِهَا

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ عزت عطا کی کہ آپ ﷺ کے مٹھی بھر مٹی پھینکنے کی وجہ سے' مشرکین کو پسپا کر دیا گیا' جب وہ مٹی آپ ﷺ نے ان کی طرف پھینکی تھی

6520 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ ابْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا، قَالَ فَلَمَّا وَاجَهْنَا الْعَدُوَّ، تَقَدَّمْتُ، فَاَعْلُو ثَنِيَّةً، فَاسْتَقْبَلَنِيْ رَجُلٌ مِّنَ الْعَدُوِّ، فَاَرْمِيهِ بِسَهْمٍ، فَتَوَارَى عَنِّي، فَمَا دَرَيْتُ مَا اَصْنَعُ، ثُمَّ نَظَرْتُ اِلَى الْقَوْمِ، فَاِذَا هُمْ قَدْ طَلَعُوْا مِنْ ثَنِيَّةٍ اُخْرَى، فَالْتَقَوْا هُمْ وَصَحَابَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَلَّى صَحَابَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَرْجِعُ مُنْهَزِمًا، وَعَلَيَّ بُرْدَتَانِ مُتَّزِرًا بِاِحْدَاهُمَا، مُرْتَدِيًا بِالْاُخْرَى، قَالَ: فَانْطَلَقَ رِدَائِي، فَجَمَعْتُهُ، وَمَرَرْتُ عَلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْهَزِمًا، وَهُوَ عَلَى بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ رَاَى ابْنُ الْاَكْوَعِ فَزِعًا، فَلَمَّا غَشُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَنِ الْبَغْلَةِ، ثُمَّ قَبَضَ قَبْضَةً مِنْ تُرَابٍ مِنَ الْاَرْضِ، ثُمَّ اسْتَقْبَلَ بِهِ وُجُوهَهُمْ، فَقَالَ: شَاهَتِ الْوُجُوهُ، فَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْهُمْ اِنْسَانًا اِلَّا مَلَاَ اللّٰهُ عَيْنَهُ تُرَابًا بِتِلْكَ الْقَبْضَةِ، فَوَلَّوْا مُدْبِرِينَ، فَهَزَمَهُمُ اللّٰهُ، وَقَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَائِمَهُمْ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ

❀❀ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے بیان کرتے ہیں۔ میرے والد نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے ہم نے

6520- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة، فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث. وابن سلمة بن الأكوع: هو إياس. وأخرجه البيهقي في "دلائل النبوة" 5/140 عن أبي يعلى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (1777) في الجهاد والسير: باب في غزوة حنين، عن أبي خيثمة زهير بن معاوية، به. وقوله: "منهزماً" حال من ابن الأكوع كما صرح أولاً بانهزامه، وكما يدل عليه قوله - صلى الله عليه وسلم - بعده: " لقد رأى الأكوع فزعاً"، وانظر " شرح مسلم " 12/122 للنووي.

نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ غزوہ حنین میں شرکت کی۔ راوی کہتے ہیں: جب ہم دشمن کے مدمقابل آئے تو میں آگے بڑھا اور میں ایک ٹیلے پر چڑھ گیا دشمن کا ایک شخص میرے مدمقابل آیا تو میں نے اسے تیر مارا۔ وہ میری نگاہوں سے اوجھل ہو گیا۔ مجھے اندازہ نہیں ہوا کہ مجھے کیا کرنا چاہیے۔ جب میں نے لوگوں کی صورت حال کا جائزہ لیا تو دشمن دوسری گھاٹی سے نمودار ہو رہا تھا۔ اس کا اور نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کا سامنا ہوا تو نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے کچھ لوگ منہ پھیر کر پیچھے ہٹ گئے میں بھی پسپا ہو کر پیچھے ہٹا۔ میرے جسم پر دو چادریں تھیں جن میں سے ایک کو میں نے تہبند کے طور پر باندھا ہوا تھا اور دوسری کو جسم پر لپیٹا ہوا تھا۔ میری وہ والی چادر گر گئی تو میں نے اسے اٹھایا اور لپیٹا میرا گزر نبی اکرم ﷺ کے پاس سے ہوا جو پسپا ہونے کی صورت حال میں تھے۔ آپ اس وقت اپنے سفید خچر پر سوار تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ابن اکوع نے گھبراہٹ دیکھ لی ہے جب دشمن نے نبی اکرم ﷺ کو گھیر لیا تو نبی اکرم ﷺ اپنے خچر سے نیچے اترے۔ آپ نے زمین سے مٹھی بھر مٹی لی اور اسے ان لوگوں کی طرف پھینک دیا۔ آپ نے فرمایا: ان کے چہرے بگڑ جائیں تو ان میں سے جو بھی شخص تھا اللہ تعالیٰ نے اس کی آنکھ کو مٹی سے بھر دیا جو اس مٹھی (میں سے ان کی طرف آئی تھی) تو وہ لوگ پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں پسپا کر دیا اور نبی اکرم ﷺ نے ان کا مال غنیمت مسلمانوں کے درمیان تقسیم کیا۔

ذِكْرُ تَكْبِيرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ رُؤْيَتِهِ اَهْلَ حُنَيْنٍ فِي الْحَالِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا

نبی اکرم ﷺ کا اہل حنین کو ایسی حالت میں دیکھ کر تکبیر کہنے کا تذکرہ، جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

6521 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اشْتَدَّ الْقِتَالُ يَوْمَ خَيْبَرَ، فَكُنْتُ رَدِيفَ اَبِيْ طَلْحَةَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ، اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ

قَالَ: فَمَا لَبِثْتُ اَنْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ خیبر کے موقع پر لڑائی شدید ہو گئی میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اللہ اکبر خیبر برباد ہو گیا جب ہم کسی قوم کے میدان میں اترتے ہیں تو ان لوگوں کی حالت بری ہوتی ہے۔ جنہیں ڈرایا گیا تھا۔

راوی کہتے ہیں: اس کے کچھ ہی دیر بعد اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو فتح عطا کر دی۔

6521– حديث صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير مبارك بن فضالة، فقد روى له أصحاب السنن، وهو مدلس، وقد عنعن. وقد تقدم الحديث من طريق آخر صحيح برقم (4725) و (4726)، وسيأتي أيضاً برقم (7212).

ذِكْرُ سُقُوطِ الْاَصْنَامِ الَّتِىْ فِى الْكَعْبَةِ بِاِشَارَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهَا دُوْنَ مَسِّهَا بِشَىْءٍ مِنْهُ

خانہ کعبہ میں موجود بتوں کا' نبی اکرم ﷺ کے ان کی طرف اشارہ کرنے کی وجہ سے گرجانے کا تذکرہ' حالانکہ آپ ﷺ نے انہیں چھوا نہیں تھا

6522 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عُمَرَ، عَنِ ابْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ وَجَدَ بِهَا ثَلَاثَ مِائَةٍ وَّسِتِّيْنَ صَنَمًا، فَاَشَارَ بِعَصًا اِلٰى كُلِّ صَنَمٍ، وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ، اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا، فَسَقَطَ الصَّنَمُ، وَلَمْ يَمَسَّهُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ مکہ میں داخل ہوئے تو آپ نے وہاں تین سو ساٹھ بت پائے۔ آپ عصا کے ذریعے ان میں سے ہر ایک بت کی طرف اشارہ کرتے اور یہ کہتے تھے: ''حق آ گیا اور باطل رخصت ہو گیا۔ بے شک باطل نے رخصت ہی ہونا تھا' تو وہ بت گر جاتا۔ نبی اکرم ﷺ نے ان بتوں کو چھوا نہیں۔

ذِكْرُ مَا اَبَانَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا مِنْ دَلَائِلِ صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى صِحَّةِ نُبُوَّتِهِ مِنْ طَاعَةِ الْاَشْجَارِ لَهُ

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کی نبوت کے صحیح ہونے کی دلیل کے طور یہ چیز ظاہر کی کہ درخت آپ ﷺ کی فرمانبرداری کرتے تھے

6522– إسناده ضعيف، عاصم بن عمر: هو العمري، ضعفه أحمد وابن معين وغيرهم، وقال البخاري: منكر الحديث، وقال الترمذي: متروك. وذكره المؤلف في " المجروحين " 2/127، وقال: منكر الحديث جداً، يروي عن الثقات ما لا يشبه حديث الأثبات، لا يجوز الاحتجاج به إلا فيما وافق الأثبات، ثم ذكره في " الثقات " 7/259، وقال: يخطء ويخالف. وأخرجه الطبراني (13643) عن محمد بن نصر الصائغ البغدادي، حدثنا محمد بن إسحاق المسيبي، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في " المجمع " 6/176 فقال: رواه الطبراني في " الأوسط " و"الكبير"، وفيه عاصم بن عمر العمري، وهو متروك، ووثقه ابن حبان، وقال: يخطء ويخالف. وأخرجه البيهقي في " الدلائل " 5/72 من طريق القاسم بن عبد الله العمري، عن عبد الله بن دينار، به. وهذا إسناد ضعيف جداً، القاسم هذا اتهمه الإمام أحمد بالكذب والوضع. وقال البيهقي: هذا الإسناد وإن كان ضعيفاً، فالذي قبله يؤكده. وذكر حديثاً عن ابن عباس بنحوه، ورواه الطبراني أيضاً، وقال عنه الهيثمي في " المجمع " 6/176: رجاله ثقات. قلت: ويشهد له حديث ابن مسعود المتقدم عند المصنف برقم (5862).

6523 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ عَامِرٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّهُ يُدَاوِيْ وَيُعَالِجُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ اِنَّكَ تَقُوْلُ اَشْيَاءَ، هَلْ لَكَ اَنْ اُدَاوِيَكَ؟ قَالَ: فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ لَكَ اَنْ اُرِيَكَ آيَةً وَعِنْدَهُ نَخْلٌ وَّشَجَرٌ، فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِذْقًا مِنْهَا، فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ وَهُوَ يَسْجُدُ وَيَرْفَعُ رَاْسَهُ، وَيَسْجُدُ وَيَرْفَعُ رَاْسَهُ حَتّٰى انْتَهٰى اِلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ اِلٰى مَكَانِكَ، فَقَالَ الْعَامِرِيُّ: وَاللّٰهِ، لَا اُكَذِّبُكَ بِشَيْءٍ تَقُوْلُهُ اَبَدًا، ثُمَّ قَالَ: يَا آلَ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ، وَاللّٰهِ لَا اُكَذِّبُهُ بِشَيْءٍ.

قَالَ: وَالْعِذْقُ: النَّخْلَةُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: بنو عامر سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ شخص دوا دیا کرتا تھا اور علاج کرتا تھا۔ اس نے کہا: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے کچھ نظریات ہیں کیا آپ کو اس بارے میں دلچسپی ہے کہ میں آپ کو کوئی دوائی دوں۔ (یعنی آپ کا ذہنی توازن ٹھیک نہیں تو میں آپ کو اس کی دوا دیتا ہوں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تمہیں اس بات میں دلچسپی ہے کہ میں تمہیں کوئی نشانی دکھاؤں۔ اس وقت اس شخص کے پاس ایک کھجور کا درخت تھا اور ایک دوسرا درخت تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور کے درخت کو اپنے پاس بلایا۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کبھی سجدہ کرتا ہوا کبھی سر کو اٹھاتا ہوا کبھی سجدہ کرتا ہوا کبھی اپنے سر کو اٹھاتا ہوا آیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ گیا اور آ کے آپ کے سامنے کھڑا ہو گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا تم اپنی جگہ پر واپس چلے جاؤ تو بنو عامر قبیلے سے تعلق رکھنے والے اس شخص نے کہا: اللہ کی قسم! اب میں کبھی بھی آپ کو کسی بھی ایسی بات کے حوالے سے جھوٹا قرار نہیں دوں گا' جو بات آپ بیان کریں گے پھر اس شخص نے کہا: اے عامر بن صعصعہ کی اولاد اللہ کی قسم! میں ان کی کسی بھی بات کو جھٹلاؤں گا نہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لفظ عذق سے مراد کھجور کا درخت ہے۔

6523- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم السامي، فقد روى له النسائي، وهو ثقة. وأخرجه أبو يعلى (2350) عن إبراهيم بن الحجاج السامي، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني في "الكبير" (12595) ، وأبو نعيم (297) ، والبيهقي 6/16-17 كلاهما في "دلائل النبوة" من طريقين عن عبد الواحد بن زياد، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" 9/10 ونسبه لأبي يعلى فقط، وقال: رجاله رجال الصحيح غير إبراهيم بن الحجاج السامي، وهو ثقة. وأخرجه البخاري في " التاريخ الكبير " 3/3، والترمذي (3628) في المناقب: باب رقم (6) ، وقال: حسن غريب صحيح، والطبراني في "الكبير" (12622) ، والحاكم 2/620 وصححه على شرط مسلم ووافقه الذهبي، والبيهقي في "الدلائل" 6/15 من طريق محمد بن سعيد ابن الأصبهاني، حدثنا شريك القاضي، عن سماك، حدثنا أبو ظبيان حصين بن جندب، عن ابن عباس بنحوه، وزاد فيه قول الأعرابي: أشهد أنك رسول الله، وآمن.

ذِكْرُ خَبَرٍ فِيْهِ دَلَائِلُ مَعْلُومَةٌ عَلٰى صِحَّةِ مَا اَصَّلْنَاهُ مِنْ اِثْبَاتِ الْاَشْيَاءِ الْمُعْجِزَةِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس روایت کا تذکرہ جس میں اس بات کے متعین دلائل موجود ہیں جو ہماری بیان کردہ اصل کے صحیح ہونے (پر دلالت کرتے ہیں) کہ نبی اکرم ﷺ کے کچھ معجزات ثابت ہیں

6524 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، فِيْ كِتَابِهٖ قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ الْكِلَابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ مُجَاهِدٍ اَبُوْ حَزْرَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): سِرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى نَزَلْنَا وَادِيًا اَفْيَحَ، فَذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْضِي حَاجَتَهُ، وَاتَّبَعْتُهُ بِاِدَاوَةٍ مِنْ مَاءٍ، فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَرَ شَيْئًا لِيَسْتَتِرَ بِهٖ، فَاِذَا شَجَرَتَانِ بِشَاطِئِ الْوَادِي، فَانْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اِحْدَاهُمَا، فَاَخَذَ بِغُصْنٍ مِنْ اَغْصَانِهَا، فَقَالَ: انْقَادِيْ عَلَيَّ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَانْقَادَتْ مَعَهُ كَالْبَعِيرِ الْمَخْشُوشِ الَّذِيْ يُصَانِعُ قَائِدَهُ حَتّٰى اَتَى الشَّجَرَةَ الْاُخْرٰى، فَاَخَذَ بِغُصْنٍ مِنْ اَغْصَانِهَا، فَقَالَ: انْقَادِيْ عَلَيَّ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَانْقَادَتْ مَعَهُ كَذٰلِكَ حَتّٰى اِذَا كَانَ النِّصْفُ جَمَعَهُمَا، فَقَالَ: الْتَئِمَا عَلَيَّ بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَالْتَامَتَا، قَالَ جَابِرٌ: فَخَرَجْتُ اُحْضِرُ مَخَافَةَ اَنْ يُحِسَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقُرْبِيْ فَيَتَبَاعَدَ، فَجَلَسْتُ، فَحَانَتْ مِنِّيْ لَفْتَةٌ، فَاِذَا اَنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلٌ، وَاِذَا الشَّجَرَتَانِ قَدِ افْتَرَقَتَا، فَقَامَتْ كُلُّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا عَلٰى سَاقٍ، فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ وَقْفَةً، فَقَالَ بِرَاْسِهٖ هٰكَذَا يَمِيْنًا وَيَسَارًا، ثُمَّ اَقْبَلَ، فَلَمَّا انْتَهٰى اِلَيَّ، قَالَ: يَا جَابِرُ هَلْ رَاَيْتَ مَقَامِيْ؟، قُلْتُ: نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَانْطَلِقْ اِلَى الشَّجَرَتَيْنِ، فَاقْطَعْ مِنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا غُصْنًا، فَاَقْبِلْ بِهِمَا، حَتّٰى اِذَا قُمْتَ مَقَامِيْ اَرْسِلْ غُصْنًا عَنْ يَمِيْنِكَ وَغُصْنًا عَنْ يَسَارِكَ قَالَ جَابِرٌ: فَاَخَذْتُ حَجَرًا، فَكَسَرْتُهُ، فَاَتَيْتُ الشَّجَرَتَيْنِ، فَقَطَعْتُ مِنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا غُصْنًا، ثُمَّ اَقْبَلْتُ اَجُرُّهُمَا، حَتّٰى اِذَا قُمْتُ مَقَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْسَلْتُ غُصْنًا عَنْ يَمِيْنِيْ، وَغُصْنًا عَنْ يَسَارِيْ، ثُمَّ لَحِقْتُهُ، فَقُلْتُ: قَدْ فَعَلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَعَمَّ ذٰلِكَ؟ فَقَالَ: اِنِّيْ مَرَرْتُ بِقَبْرَيْنِ يُعَذَّبَانِ، فَاَحْبَبْتُ بِشَفَاعَتِيْ اَنْ يُرَفَّهَ عَنْهُمَا مَا دَامَ الْغُصْنَانِ رَطْبَيْنِ فَاَتَيْنَا الْعَسْكَرَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جَابِرُ نَادِ بِوَضُوْءٍ،

6524- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير يعقوب بن مجاهد، فمن رجال مسلم. وأخرجه مسلم (3012) في الزهد: باب حديث جابر الطويل، والبيهقي في "دلائل النبوة" 10-7-6/7 عن هارون بن معروف ومحمد بن عباد قالا: حدثنا حاتم بن إسماعيل، بهذا الإسناد.

فَقُلْتُ: أَلَا وَضُوءَ أَلَا وَضُوءَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا وَجَدْتُ فِي الرَّكْبِ مِنْ قَطْرَةٍ، وَكَانَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُبْرِدُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ أَشْجَابٍ لَهُ، فَقَالَ: انْطَلِقْ إِلٰى فُلَانِ الْأَنْصَارِيِّ، فَانْظُرْ هَلْ فِيْ أَشْجَابِهِ مِنْ شَيْءٍ؟، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ إِلَيْهِ، فَنَظَرْتُ فِيْهَا، فَلَمْ أَجِدْ فِيْهَا إِلَّا قَطْرَةً فِيْ عَزْلَاءِ شَجْبٍ مِنْهَا، لَوْ أَنِّيْ أُفْرِغُهُ مَا كَانَتْ شَرْبَةً، فَأَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَمْ أَجِدْ فِيْهَا إِلَّا قَطْرَةً فِيْ عَزْلَاءِ شَجْبٍ مِنْهَا لَوْ أَنِّيْ أُفْرِغُهُ لَشَرِبَهُ يَابِسُهُ.

قَالَ: اذْهَبْ فَأْتِنِيْ بِهٖ، فَأَخَذَهُ بِيَدِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَلَ يَتَكَلَّمُ بِشَيْءٍ لَا أَدْرِيْ مَا هُوَ، وَيَغْمِزُهُ بِيَدِهٖ، ثُمَّ أَعْطَانِيْهِ، فَقَالَ: يَا جَابِرُ نَادِ بِ جَفْنَةٍ، فَقُلْتُ: يَا جَفْنَةَ الرَّكْبِ، قَالَ: فَأَتَيْتُ بِهَا تُحْمَلُ، فَوَضَعْتُهَا بَيْنَ يَدَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰكَذَا، وَبَسَطَ يَدَهُ فِيْ وَسَطِ الْجَفْنَةِ، وَفَرَّقَ بَيْنَ أَصَابِعِهٖ، وَقَالَ: خُذْ يَا جَابِرُ، وَصُبَّ عَلَيَّ، وَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ، فَصَبَبْتُ عَلَيْهِ، وَقُلْتُ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَرَأَيْتُ الْمَاءَ يَفُوْرُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى امْتَلَأَتْ، قَالَ: يَا جَابِرُ، نَادِ مَنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ بِمَاءٍ قَالَ: فَأَتَى النَّاسُ، فَاسْتَقَوْا حَتّٰى رَوُوْا، قَالَ: فَقُلْتُ: هَلْ بَقِيَ أَحَدٌ لَهُ حَاجَةٌ؟ قَالَ: فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ مِنَ الْجَفْنَةِ وَهِيَ مَلْأَى

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر پر روانہ ہوئے' یہاں تک کہ ہم نے وادی افیح میں پڑاؤ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے تشریف لے گئے۔ میں پانی کا برتن لے کر آپ کے پیچھے گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا جائزہ لیا تو آپ کو ایسی کوئی چیز نظر نہیں آئی جس کے ذریعے آپ رکاوٹ بنالیں۔ وادی کے کنارے پر دو درخت موجود تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان میں سے ایک کے پاس تشریف لے گئے۔ آپ نے اس کی ایک ٹہنی کو پکڑا اور فرمایا اللہ کے حکم کے تحت میرے ساتھ چلو تو وہ درخت ایک فرمانبردار اونٹ کی طرح آپ کے ساتھ چل پڑا جو اونٹ اپنے ساتھ لے کر چلنے والے کے حکم کے مطابق عمل کرتا ہے' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے درخت کے پاس تشریف لائے۔ آپ نے اس کی بھی ایک ٹہنی کو پکڑا اور فرمایا اللہ کے حکم کے تحت میرے ساتھ چلو تو وہ بھی آپ کے ساتھ اسی طرح چل پڑا' یہاں تک کہ (ان دونوں کے) درمیان میں آ کر وہ دونوں ایک دوسرے سے مل گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اللہ کے حکم کے تحت تم میرے لئے ایک دوسرے کے ساتھ رہنا تو وہ دونوں ایک دوسرے کے ساتھ ہو گئے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہاں سے کچھ پیچھے ہٹ گیا۔ اس اندیشے کے تحت کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو میرا قریب ہونا محسوس ہو گیا تو شاید آپ زیادہ دور تشریف لے جائیں۔ میں وہاں بیٹھ گیا۔ تھوڑی ہی دیر گزرنے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے وہ درخت ایک دوسرے سے الگ ہو چکے تھے۔ ان میں سے ہر ایک اپنی پنڈلی پر کھڑا تھا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ذرا سی دیر کے لئے رُکے اور آپ نے اپنے سر کو بائیں اور دائیں طرف گھمایا پھر آپ تشریف لے آئے جب آپ میرے پاس پہنچے تو آپ نے دریافت کیا: اے جابر کیا تم نے مجھے دیکھ لیا تھا۔ میں نے عرض کی: جی ہاں! یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! نبی

اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ان دونوں درختوں کے پاس جاؤ اور ان میں سے ہر ایک کی ٹہنی توڑ کر انہیں میری طرف لے آؤ' یہاں تک کہ جب تم اس مقام پر پہنچو جہاں تم نے مجھے کھڑے ہوئے دیکھا تھا تو ایک ٹہنی اپنے دائیں طرف چھوڑ دینا اور ایک بائیں طرف چھوڑ دینا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے ایک پتھر لے کر اس کے دو ٹکڑے کیے۔ پھر میں ان دو درختوں کے پاس آیا میں نے ان میں سے ہر ایک کی ٹہنی توڑ لی پھر میں انہیں گھسیٹتا ہوا آیا' یہاں تک کہ اس جگہ پر آ کر کھڑا ہو گیا جہاں نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے تھے تو میں نے ایک ٹہنی کو اپنے دائیں طرف اور ایک ٹہنی کو اپنے بائیں طرف چھوڑ دیا پھر میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آ گیا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! میں نے ایسا کر لیا ہے۔ آپ نے ایسا کیوں کروایا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرا گزر دو قبروں کے پاس سے ہوا جنہیں عذاب دیا جا رہا تھا تو میں نے اس بات کو پسند کیا کہ میری شفاعت کے ذریعے ان دونوں کے عذاب میں اس وقت تک تخفیف ہو جائے جب تک وہ دونوں ٹہنیاں تر رہتی ہیں۔ راوی کہتے ہیں: پھر ہم لشکر کے پاس آئے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے جابر! وضو کے پانی کے لئے اعلان کر دو تو میں نے اعلان کیا خبردار وضو کا پانی ہے خبردار وضو کا پانی ہے۔

میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! مجھے تو لشکر میں پانی کا ایک قطرہ بھی نہیں ملا۔ (راوی کہتے ہیں:) انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص تھا جو اپنے ڈول میں نبی اکرم ﷺ کے لئے ٹھنڈا پانی رکھتا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم فلاں انصاری کے پاس جاؤ اور دیکھو کہ کیا اس کے ڈول میں کوئی پانی ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں اس شخص کے پاس گیا میں نے اس ڈول کا جائزہ لیا تو مجھے اس ڈول کے سرے پر صرف ایک پانی کا قطرہ دکھائی دیا اگر میں اسے انڈیل لیتا تو وہ پینے کے قابل نہ رہتا۔ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! مجھے اس ڈول میں صرف ایک قطرہ ملا جو اس کے سرے پر موجود تھا اگر میں اسے انڈیل لیتا تو اس کے خشک حصے نے اسے جذب کر لینا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم جاؤ اور اسے میرے پاس لے کر آؤ۔ نبی اکرم ﷺ نے وہ قطرہ اپنے دست مبارک پر ڈالا اور کچھ پڑھنا شروع کیا۔ مجھے نہیں معلوم وہ کیا تھا پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنے دست مبارک کے ذریعے اسے ٹٹولنا شروع کیا پھر آپ نے مجھے وہ عطا کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جابر پیالے کے لئے اعلان کرو تو میں نے کہا: کوئی پیالہ لے کر آئے۔ راوی کہتے ہیں: میں اسے لے کر نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا۔ میں نے اسے نبی اکرم ﷺ کے سامنے رکھ دیا۔ تو نبی اکرم ﷺ نے اس طرح کیا یعنی پیالے کے درمیان میں اپنا ہاتھ بڑھایا اپنی انگلیوں کو کشادہ کیا۔ آپ نے فرمایا: اے جابر! اسے حاصل کرو اور اسے میرے اوپر انڈیل دو اور بسم اللہ پڑھ لینا۔ میں نے اسے نبی اکرم ﷺ پر انڈیل دیا اور میں نے بسم اللہ پڑھ لی تو میں نے پانی کو دیکھا کہ وہ نبی اکرم ﷺ کی انگلیوں کے درمیان میں سے پھوٹ رہا تھا' یہاں تک کہ وہ برتن بھر گیا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جابر یہ اعلان کرو کہ جس شخص کو بھی پانی کی ضرورت ہو (وہ آ جائے) راوی کہتے ہیں: تو لوگ آ گئے۔ انہوں نے پانی پی لیا' یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے۔ راوی کہتے ہیں: تو میں نے اعلان کیا کیا کوئی ایسا شخص ہے جسے (پانی کی) ضرورت ہو۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ نے اس پیالے سے اپنا دست مبارک اٹھایا تو وہ پیالہ بھرا ہوا تھا۔

ذِكْرُ اِسْمَاعِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اَهْلَ الْقَلِيبِ مِنْ بَدْرٍ كَلَامَ صَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخِطَابَهُ اِيَّاهُ

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے' بدر کے گڑھے میں پڑے ہوئے لوگوں کو اپنے محبوب کا کلام اوران سے کیا گیا خطاب سنوادیا تھا

6525 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعَ الْمُسْلِمُونَ نِدَاءَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ وَهُوَ عَلٰى بِئْرِ بَدْرٍ يُنَادِي: يَا اَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ، وَيَا عُتْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، وَيَا شَيْبَةُ بْنَ رَبِيعَةَ، وَيَا اُمَيَّةُ بْنَ خَلَفٍ، اَلَا هَلْ وَجَدْتُّمْ مَا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا؟ فَقَالَ الْمُسْلِمُونَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ تُنَادِي قَوْمًا قَدْ جَيَّفُوا؟، فَقَالَ: مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا اَقُولُ مِنْهُمْ اِلَّا اَنَّهُمْ لَا يَسْتَطِيعُونَ اَنْ يُجِيبُونِي

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نصف رات کے وقت مسلمانوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پکار سنی۔ آپ اس وقت بدر کے کنویں کے پاس موجود تھے اور بلند آواز میں فرمارہے تھے۔ اے ابوجہل بن ہشام اے عتبہ بن ربیعہ اے شیبہ بن ربیعہ اے اُمیہ بن خلف تمہارے پروردگار نے تمہارے ساتھ جو وعدہ کیا تھا کیا تم نے اسے سچ پالیا ہے۔ مسلمانوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ ایسی قوم کو مخاطب کررہے ہیں جو مردار ہوچکے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں جو کہہ رہا ہوں تم لوگ ان سے زیادہ اسے نہیں سن رہے' البتہ وہ لوگ اس بات کی استطاعت نہیں رکھتے کہ مجھے جواب دیں۔

ذِكْرُ مَا حِيلَ بَيْنَ الشَّيَاطِينِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَاِرْسَالِ الشُّهُبِ عَلَيْهِمْ عِنْدَ اِظْهَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاِسْلَامَ

اس بات کا تذکرہ' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کا اظہار کیا' تو شیاطین اور آسمان کی خبروں کے درمیان کیا چیز رکاوٹ بن گئی تھی اور ان پر کس طرح شہاب ثاقب چھوڑے جانے لگے تھے

6526 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ اَبِي بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

6525– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب، فمن رجال مسلم . وأخرجه أحمد 3/104 و 182 و 263، وأبو يعلى (3808) و (3809) و (3857) من طرق عن حميد، بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم (4722) و (6498).

(متن حدیث): مَا قَرَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْجِنِّ، وَمَا رَآهُمْ، انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَائِفَةٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ عَامِدِيْنَ اِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ، وَقَدْ حِيلَ بَيْنَ الشَّيَاطِيْنِ وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَاُرْسِلَتْ عَلَيْهِمُ الشُّهُبُ، فَرَجَعَتِ الشَّيَاطِيْنُ اِلٰى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوْا: مَا لَكُمْ؟ قَالُوْا: حِيلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، وَاُرْسِلَتْ عَلَيْنَا الشُّهُبُ.

34
34

قَالُوْا: مَا ذَاكَ اِلَّا شَيْءٌ حَدَثَ، فَاضْرِبُوْا مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، فَانْظُرُوْا مَا هٰذَا الَّذِيْ حَالَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، فَانْطَلَقُوْا يَضْرِبُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا، فَمَرَّ النَّفَرُ الَّذِيْنَ اَخَذُوْا نَحْوَ تِهَامَةَ - وَهُوَ بِنَخْلَةَ - وَهُمْ عَامِدُوْنَ اِلٰى سُوْقِ عُكَاظٍ وَهُوَ يُصَلِّيْ بِاَصْحَابِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الْفَجْرِ، فَلَمَّا سَمِعُوا الْقُرْآنَ، قَالُوْا: هٰذَا الَّذِيْ حَالَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ خَبَرِ السَّمَاءِ، فَرَجَعُوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ، فَقَالُوْا: (اِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا يَّهْدِيْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا اَحَدًا) (الجن: 2)، فَاَوْحَى اللّٰهُ اِلٰى نَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ) (الجن: 1)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنات کے سامنے کوئی تلاوت نہیں کی اور نہ ہی آپ نے انہیں دیکھا۔ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے کچھ اصحاب عکاظ کے بازار کی طرف تشریف لے گئے۔ یہ وہ وقت تھا۔ جب شیاطین اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ آچکی تھی اور ان پر شہاب ثاقب بھیجے جاتے تھے تو شیاطین اپنی قوم کی طرف واپس آئے اور ان لوگوں نے کہا: تم لوگوں کا کیا معاملہ ہے انہوں نے جواب دیا: ہمارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ پڑ چکی ہے اور اب ہمارے اوپر شہاب ثاقب بھیجے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا: یہ کسی ایسی وجہ سے ہوا ہوگا' جو نئی رونما ہوئی ہے تم لوگ زمین کے مشرقی حصوں اور مغربی حصوں کا جائزہ لو اور اس بات کا جائزہ لو کہ وہ کون سی ایسی چیز ہے' جو ہمارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ بن گئی ہے تو وہ لوگ زمین کے مشرقی اور مغربی حصوں کی تلاش میں نکل کھڑے ہوئے۔ ان میں سے کچھ لوگوں کا گزر تہامہ کی طرف سے ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت ایک کھجور کے باغ میں موجود تھے۔ یہ لوگ عکاظ کے بازار کی طرف جاتے ہوئے راستے میں (کھجور کے اس باغ میں تھے) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں فجر کی نماز پڑھا رہے تھے جب ان جنات نے قرآن کی تلاوت سنی تو انہوں نے کہا: یہ وہ چیز ہے' جو ہمارے اور آسمان کی خبروں کے درمیان رکاوٹ بن گئی ہے تو وہ لوگ اپنی قوم کے پاس

6526- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير شيبان بن فروخ فمن رجال مسلم . أبو عوانة: هو الوضاح اليشكري، وأبو بشر: هو جعفر بن إياس بن أبي وحشية.وأخرجه مسلم (449) في الصلاة: باب الجهر بالقراء ة في الصبح، عن شيبان بن فروخ، بهذا الإسناد.وأخرجه البخاري (773) في الأذان: باب الجهر بقراء ة صلاة الفجر، و (4921) في تفسير سورة الجن، والترمذي (3323) في التفسير: باب ومن سورة الجن، والطبري في " جامع البيان " 29/102، والطبراني (12449)، والحاكم 2/503، والبيهقي في "دلائل النبوة" 226-2/225، والبغوي في "معالم التنزيل" 4/173 من طرق عن أبي عوانة به. وقال الحاكم: هذا إسناد صحيح على شرط الشيخين، ولم يخرجاه!تنبيه: روى البخاري الحديث دون قوله: "ما قرأ رسول الله - صلى الله عليه وسلم - على الجن وما رآهم ."قال الحافظ في " الفتح " 8/670: أخرجه أبو نعيم في " المستخرج " عن الطبراني، عن معاذ بن المثنى، عن مسدد شيخ البخاري فيه، فزاد في

واپس گئے اور انہوں نے یہ کہا۔

''ہم نے قرآن کو سنا ہے وہ بڑی حیران کن چیز ہے وہ ہدایت کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔ ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں اور اب ہم کسی کو اپنے پروردگار کا شریک قرار نہیں دیں گے۔''

تو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کی طرف یہ بات وحی کی۔

''تم یہ فرمادو کہ جب جنات کے ایک گروہ نے اسے غور سے سنا۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ ابْنِ عَبَّاسٍ الَّذِیْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے منقول اس روایت کی متضاد ہے، جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

6527 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِیْ هِنْدَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَلْقَمَةَ بْنَ قَيْسٍ: هَلْ كَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ شَهِدَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ؟ قَالَ: فَقَالَ: سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ: هَلْ شَهِدَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْجِنِّ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنَّا كُنَّا مَعَهُ لَيْلَةً، فَفَقَدْنَاهُ، فَبِتْنَا بِشَرِّ لَيْلَةٍ، فَلَمَّا اَصْبَحْنَا اِذَا هُوَ جَاءَ مِنْ قِبَلِ حِرَاءٍ، فَقَالَ: اِنَّهُ قَدْ اَتَانِیْ دَاعِی الْجِنِّ، فَذَهَبْتُ مَعَهُ، فَقَرَاْتُ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَانْطَلَقَ حَتّٰى اَرَانَا نِيْرَانَهُمْ وَآثَارَهُمْ، فَسَاَلُوْهُ عَنِ الزَّادِ، فَقَالَ: لَكُمْ كُلُّ عَظْمٍ طَعَامٍ يُذْكَرُ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ يَقَعُ فِيْ اَيْدِيكُمْ اَوْفَرَ مَا يَكُوْنُ لَحْمًا، وَكُلُّ بَعْرٍ عَلَفٌ لِدَوَابِّكُمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسْتَنْجُوْا بِهِمَا، فَاِنَّهُمَا طَعَامُ اِخْوَانِكُمْ مِنَ الْجِنِّ

امام شعبی بیان کرتے ہیں: میں نے علقمہ بن قیس سے دریافت کیا: کیا جنات سے ملاقات کی رات حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو علقمہ نے جواب دیا: میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ سوال کیا کیا آپ (یعنی صحابہ کرام) میں سے کوئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا جب جنات سے ملاقات ہوئی تھی تو انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ ایک رات ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ ہم نے آپ کو غیر موجود پایا تو ہم نے وہ رات بدترین حالت میں گزاری۔ صبح کے قریب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غار حرا کی طرف سے تشریف لائے۔ آپ نے ارشاد فرمایا: جنات کا پیغام رساں میرے پاس آیا تو میں اس کے ساتھ چلا گیا۔ میں نے ان کے سامنے قرآن کی تلاوت کی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے پھر آپ نے ہمیں جنات کے آگ جلانے اور

6527- إسناده صحيح على شرط الشيخين . إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، وعبد الأعلى: هو ابن حماد النرسي . وقد تقدم برقم (1432) و (6320) .

دیگر چیزوں کے نشانات ہمیں دکھائے۔ ان جنات نے نبی اکرم ﷺ سے زادِراہ کے بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر وہ کھانا جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو اس کی ہر ہڈی جب تمہارے ہاتھ میں آئے گی تو اس پر پہلے سے زیادہ گوشت لگا ہوا ہوگا اور ہر مینگنی تمہاری جانوروں کا چارا ہوگی۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ان دو چیزوں سے استنجاء نہ کرو کیونکہ یہ تمہارے جنات بھائیوں کی خوراک ہے۔

ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِصَفِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْيَسِيْرِ مِنْ اَسْبَابِهِ الَّتِيْ فَرَّقَ بِهَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ غَيْرِهِ مِنْ اُمَّتِهِ

اس بات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب کو یہ برکت عطا کی جو ساز و سامان میں سے

تھوڑی چیز کے بارے میں تھی (یعنی وہ چیز زیادہ ہوگئی تھی) تو اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب اور آپ ﷺ کی امت سے تعلق رکھنے والے دیگر افراد کے درمیان فرق کیا

6528 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِيْ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ دُكَيْنُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمُزَنِيُّ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَكْبٍ مِنْ مُزَيْنَةَ، فَقَالَ لِعُمَرَ: انْطَلِقْ فَجَهِّزْهُمْ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ هِيَ اِلَّا آصُعٌ مِنْ تَمْرٍ، فَانْطَلَقَ، فَاَخْرَجَ مِفْتَاحًا مِنْ حُزْتِهِ فَفَتَحَ الْبَابَ، فَاِذَا شِبْهُ الْفَصِيْلِ الرَّابِضِ مِنَ التَّمْرِ، فَاَخَذْنَا مِنْهُ حَاجَتَنَا، قَالَ: فَلَقَدِ الْتَفَتُّ اِلَيْهِ، وَاِنِّيْ لَمِنْ آخِرِ اَصْحَابِيْ كَاَنَّا لَمْ نَرْزَاهُ تَمْرَةً

❀❀ حضرت دکین بن سعید مزنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں قبیلے کے کچھ سواروں کے ہمراہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم جاؤ اور ان کے لئے ساز و سامان کا بندوبست کرو۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! صرف کھجوروں کے چند صاع ہیں پھر وہ چلے گئے۔ انہوں نے اپنے ڈب میں سے چابی نکال کر دروازہ کھولا تو وہ ڈھیر سارے کھجوریں تھیں۔ ہم نے اس میں سے اپنی ضرورت کے مطابق کھجوریں لے لیں۔ راوی کہتے ہیں: جب میں نے مڑ کر اس

6528- إسناده صحيح، علي بن مسلم: هو ابن سعيد الطوسي، ثقة من رجال البخاري، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير صحابيه، فقد روى له أبو داود حديثه هذا . ابن أبي زائدة: هو يحيى بن زكريا .وأخرجه الحميدي (893) ، وأحمد 4/174 و 174-175، والبخاري في "التاريخ الكبير " 3/255-256، وأبو داود (5238) في الأدب: باب في اتخاذ الغرف، والطبراني (4207) ... (4210) وأبو نعيم في "الحلية" 1/365، وفي " الدلائل " (333) ، وابن الأثير في "أسد الغابة " 2/161-162، والمزي في "تهذيب الكمال " 8/492-493 من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، بهذا الإسناد .وأورده الهيثمي في "المجمع" 8/304-305، وقال: روى أبو داود طرفاً منه، ورواه أحمد والطبراني، ورجالهما رجال الصحيح.

کمرے کی طرف دیکھا تو میں وہاں سے نکلنے والا آخری فرد تھا لیکن یوں لگتا تھا جیسے ہم نے وہاں سے ایک بھی کھجور نہیں لی۔

ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِي الشَّيْءِ الْيَسِيْرِ مِنَ الطَّعَامِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَكَلَ مِنْهُ عَالَمٌ مِّنَ النَّاسِ

اس بات کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کے لیے تھوڑے سے کھانے میں اتنی برکت رکھی کہ بہت سے لوگوں نے اسے کھالیا تھا

6529 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِقَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيْدٍ، فَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيِ الْقَوْمِ، فَتَعَاقَبُوْهَا اِلَى الظُّهْرِ مِنْ غُدْوَةٍ، يَقُوْمُ قَوْمٌ وَّيَجْلِسُ اٰخَرُوْنَ، فَقَالَ رَجُلٌ لِسَمُرَةَ: اَكَانَ يُمَدُّ؟ فَقَالَ سَمُرَةُ: مِنْ اَيِّ شَيْءٍ تَتَعَجَّبُ؟ مَا كَانَ يُمَدُّ اِلَّا مِنْ هَا هُنَا، وَاَشَارَ بِيَدِهِ اِلَى السَّمَاءِ.

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ثرید کا پیالہ پیش کیا گیا وہ لوگوں کے سامنے رکھا گیا تو لوگ صبح سے لے کر دوپہر تک یکے بعد دیگرے اس کے پاس آتے رہے۔ کچھ لوگ اٹھتے تو دوسرے آکر بیٹھ جاتے۔

ایک شخص نے حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا وہ بڑھ رہا تھا؟ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہیں کس بات پر حیرانگی ہو رہی ہے۔ وہ صرف اس طرف سے بڑھ رہا تھا۔ انہوں نے اپنے ہاتھ کے ذریعے آسمان کی طرف اشارہ کر کے کہا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِنَحْوِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6530 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، اَوْ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، شَكَّ الْاَعْمَشُ، قَالَ:

6529– إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو العلاء بن الشخير: وهو يزيد بن عبد الله. وأخرجه الدارمي 1/30 عن عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 11/366، وأحمد 5/12 و 18، والترمذي (3625) في المناقب: باب في آيات إثبات نبوة النبي - صلى الله عليه وسلم -، والطبراني في "الكبير" (6967)، والفريابي (14)، وأبو نعيم (335)، والبيهقي 6/93 ثلاثتهم في "دلائل النبوة" من طريق يزيد بن هارون، به. وصححه الترمذي والبيهقي. وأخرجه أحمد 5/12، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 4/85، والحاكم 2/618، والفريابي (15) و (46)، والبيهقي 6/93 من طريقين عن سليمان التيمي، به. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي.

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ غَزْوَةُ تَبُوكَ اَصَابَ النَّاسَ مَجَاعَةٌ، فَقَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَذِنْتَ لَنَا فَنَحَرْنَا نَوَاضِحَنَا، فَاَكَلْنَا، فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: افْعَلُوا ، فَجَاءَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، وَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُمْ اِنْ فَعَلُوا قَلَّ الظُّهْرُ، وَلٰكِنِ ادْعُهُمْ بِفَضْلِ اَزْوِدَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُ عَلَيْهَا بِالْبَرَكَةِ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَ فِيْ ذٰلِكَ، قَالَ: فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَطْعٍ، فَبَسَطَهُ، ثُمَّ دَعَاهُمْ بِفَضْلِ اَزْوِدَتِهِمْ، قَالَ: فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيءُ بِكَفِّ الذُّرَةِ، وَالْاٰخَرُ بِكَفِّ التَّمْرِ، وَالْاٰخَرُ بِكَسْرَةٍ حَتّٰى اجْتَمَعَ عَلَى النَّطْعِ مِنْ ذٰلِكَ يَسِيْرٌ، قَالَ فَدَعَا عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَرَكَةِ، ثُمَّ قَالَ: خُذُوا فِيْ اَوْعِيَتِكُمْ ، فَاَخَذُوا فِيْ اَوْعِيَتِهِمْ حَتّٰى مَا تَرَكُوا فِي الْعَسْكَرِ وِعَاءً اِلَّا مَلَءُوْهُ، وَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوْا وَفَضَلَ مِنْهُ فَضْلَةٌ، قَالَ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ، لَا يَلْقَى اللّٰهَ بِهِمَا عَبْدٌ غَيْرَ شَاكٍّ فَيُحْجَبَ عَنِ الْجَنَّةِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ (اعمش نامی راوی کو شک ہے شاید) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ تبوک کے موقع پر لوگوں کو بھوک لاحق ہوگئی تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر آپ ہمیں اجازت دیں تو ہم اپنے اونٹ قربان کر کے انہیں کھالیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم لوگ ایسا کرلو حضرت عمر رضی اللہ عنہ (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں) حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر لوگوں نے ایسا کرلیا تو ان کے پاس سواری کے جانور کم ہو جائیں گے۔ آپ انہیں کہیں کہ وہ اضافی بچ جانے والا ساز وسامان لے کر آئیں اور پھر آپ اس سامان پر برکت کی دعا کریں۔ شاید اللہ تعالیٰ اس میں کوئی بہتری کی صورت پیدا کردے۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دسترخوان منگوایا وہ پھیلا دیا گیا۔

(راوی کہتے ہیں:) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو بچ جانے والا (کھانے پینے کا) سامان لانے کے لئے کہا۔ راوی کہتے ہیں: تو کوئی شخص مٹھی بھر جو لے آیا۔ دوسرا شخص مٹھی بھر کھجوریں لے آیا۔ کوئی اور روٹی کا ٹکڑا لے آیا' یہاں تک کہ دسترخوان پر تھوڑا سا سامان اکٹھا ہوگیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر برکت کی دعا کی۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اپنے برتنوں میں ڈالنا شروع کرو۔ لوگوں نے اپنے برتنوں میں ڈالنا شروع کیا' یہاں تک کہ انہوں نے لشکر میں موجود ہر برتن کو بھرلیا۔ انہوں نے کھایا اور سیر ہو کر کھایا پھر بھی باقی رہ گیا۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی

6530– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وأبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير، والأعمش: هو سليمان بن مهران، وأبو صالح: هو ذكوان السمان . وهو في "مسند أبي يعلى" (1199) .وأخرجه أحمد 3/11، ومسلم (27) (45) في الإيمان: باب الدليل على أن من مات على التوحيد دخل الجنة قطعاً، والبيهقي في "دلائل النبوة" 5/229-230، وابن منده في "الإيمان" (36) من طريق أبي معاوية، بهذا الإسناد.وأخرجه ابن منده مختصراً (35) من طريق وكيع، عن الأعمش، به.وأخرجه مسلم (227) (44) ، والبيهقي 229-5/228 و 6/120، وابن منده (90) عن أبي بَكْرِ بْنُ أَبِي النَّضْرِ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عبيد الله ابن الأشجعي، عن مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عن أبي صالح، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 1/421، وابن منده (36) و (89) عن فليح بن سليمان، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عن أبي هريرة.

معبود نہیں ہے اور بے شک میں اللہ کا رسول ہوں جو شخص ان دونوں باتوں کے ہمراہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایسی حالت میں حاضر ہو کہ وہ اس میں شک نہ کرتا ہو وہ جنت میں جائے گا۔

ذِكْرُ مَا بَارَكَ اللّٰهُ مَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کے زادِ راہ میں جو کچھ بچ گیا تھا اللہ تعالیٰ نے اس میں کیا برکت رکھی

6531 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا نَزَلَ مَرَّ الظَّهْرَانِ حِينَ صَالَحَ قُرَيْشًا بَلَغَ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ قُرَيْشًا تَقُوْلُ: اِنَّمَا يُبَايِعُ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعْفًا وَهَزْلًا، فَقَالَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، لَوْ نَحَرْنَا مِنْ ظَهْرِنَا فَاَكَلْنَا مِنْ لُحُومِهَا وَشُحُومِهَا، وَحَسَوْنَا مِنَ الْمَرَقِ اَصْبَحْنَا غَدًا اِذَا غَدَوْنَا عَلَيْهِمْ وَبِنَا جَمَامٌ، قَالَ: لَا، وَلٰكِنِ ائْتُوْنِي بِمَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِكُمْ، فَبَسَطُوا اَنْطَاعًا، ثُمَّ صَبُّوا عَلَيْهَا مَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِهِمْ، فَدَعَا لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَرَكَةِ، فَاَكَلُوا حَتّٰى تَضَلَّعُوْا شِبَعًا، ثُمَّ كَفَءُوْا مَا فَضَلَ مِنْ اَزْوَادِهِمْ فِي جُرُبِهِمْ، ثُمَّ غَدَوْا عَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَرَيْنَ غَمِيزَةً، فَاضْطَبَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ، فَرَمَلُوا ثَلَاثَةَ اَطْوَافٍ، وَمَشَوْا اَرْبَعًا، وَالْمُشْرِكُوْنَ فِي الْحِجْرِ، وَعِنْدَ دَارِ النَّدْوَةِ، وَكَانَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَغَيَّبُوْا مِنْهُمْ بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ الْيَمَانِيِّ وَالْاَسْوَدِ مَشَوْا، ثُمَّ يَطْلُعُوْنَ عَلَيْهِمْ، فَتَقُوْلُ قُرَيْشٌ: وَاللّٰهِ لَكَاَنَّهُمُ الْغِزْلَانُ، فَكَانَتْ سُنَّةً

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ نے قریش سے صلح کر لی (اور آپ عمرہ کرنے کے لئے مکہ کی طرف روانہ ہوئے) تو جب آپ ''مرالظہران'' کے مقام پر پہنچے تو نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کو یہ اطلاع ملی کہ قریش یہ کہتے ہیں کہ حضرت محمد ﷺ کے ہاتھ پر ان کے ایسے اصحاب نے بیعت کی ہے' جو کمزور ہیں تو نبی اکرم ﷺ کے اصحاب نے عرض کی: اے اللہ کے نبی اگر ہم اپنی سواریوں کو قربان کر کے ان کا گوشت اور چربی کھائیں اور ان کا شوربا پئیں تو کل جب ہم ان کے سامنے جائیں گے' تو ہماری حالت ایسی ہوگی کہ ہم طاقتور محسوس ہوں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی نہیں تم لوگ میرے پاس اپنا بچ جانے والا (کھانے پینے کا) سامان لے کر آؤ ان لوگوں نے دسترخوان بچھا دیئے اور اس پر اپنا بچ جانے والا (کھانے پینے کا) سامان ڈال دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ان کے لئے برکت کی دعا کی۔ ان لوگوں نے اسے کھایا' یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے اور

6531- حديث صحيح رجاله رجال الصحيح، وقد تقدم تخريجه برقم (3812).

بچ جانے والا کھانے پینے کا سامان انہوں نے اپنے تھیلوں میں ڈال لیا پھر وہ اگلے دن (کفار قریش) کے سامنے آئے تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمادیا وہ لوگ (تمہارے اندر) کوئی کمزوری نہ دیکھیں پھر نبی اکرم ﷺ اور آپ کے اصحاب نے اضطباع (کے طور پر احرام کی چادر کو) لپیٹا ان حضرات نے تین چکروں میں رمل کیا اور چار چکروں میں عام رفتار سے چلے مشرکین اس وقت حطیم میں اور دار الندوہ کے قریب موجود تھے جب نبی اکرم ﷺ کے اصحاب ان کے دوسری طرف رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان آتے تو عام رفتار سے چلتے پھر جب ان کے سامنے آتے (تو دوڑنے لگتے) تو قریش نے کہا: اللہ کی قسم! یہ تو ہرنوں کی طرح ہیں۔

(حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں:) تو یہ طریقہ سنت قرار پایا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس تیسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6532 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ مُهَاجِرٍ اَبِيْ مَخْلَدٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمَرَاتٍ قَدْ صَفَفْتُهُنَّ فِيْ يَدَيَّ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ لِي فِيْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ، فَدَعَا لِي فِيْهِنَّ بِالْبَرَكَةِ، وَقَالَ: اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَاْخُذَ شَيْئًا فَاَدْخِلْ يَدَكَ، وَلَا تَنْثُرْهُ نَثْرًا، قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: فَحَمَلْتُ مِنْ ذٰلِكَ التَّمْرِ كَذَا وَكَذَا وَسْقًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَكُنَّا نَطْعَمُ مِنْهُ وَنُطْعِمُ، وَكَانَ فِيْ حِقْوِيْ حَتّٰى انْقَطَعَ مِنِّيْ لَيَالِيَ عُثْمَانَ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں چند کھجوریں لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے انہیں اپنے دونوں ہاتھوں میں رکھا ہوا تھا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ ان میں میرے لئے برکت کی دعا کردیں تو نبی اکرم ﷺ نے میرے لئے ان میں برکت کی دعا کی۔ آپ نے ارشاد فرمایا: جب تم نے کوئی چیز لینی ہو تو اپنا ہاتھ ان کے اندر داخل کرنا انہیں مکمل طور پر نہ ختم کر دینا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے ان کھجوروں میں سے اتنے' اتنے وسق اللہ کی راہ میں خیرات کئے ہم خود بھی ان میں سے کھاتے تھے اور دوسروں کو بھی کھلایا کرتے تھے۔ وہ میرے ڈب میں موجود رہتی تھی' یہاں تک حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (کے خلاف بغاوت) کے دنوں میں وہ مجھ سے گر گئی۔

6532- إسناده حسن في الشواهد، رجاله رجال الشيخين، غير أبي مخلد مهاجر بن مخلد، فقد روى له أصحاب السنن، ووثقه المصنف، ولينه أبو حاتم، وقال ابن معين: صالح .وأخرجه أحمد 2/352، والترمذي (3839) في المناقب: باب مناقب أبي هريرة، والبيهقي في "دلائل النبوة" 6/110 من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد، وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه.وأخرجه أبو نعيم في "الدلائل" (341) من طريق حاتم بن وردان، عن أيوب السختياني، عن أبي مخلد،

ذِكْرُ خَبَرٍ رَابِعٍ يَدُلُّ عَلٰى صِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس چوتھی روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے پر دلالت کرتی ہے

6533 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِيُّ، بِالرَّيِّ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سِنَانٍ الْعَوَقِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي، يَقُولُ:

(متنِ حدیث): قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: اَتَتْ عَلَيَّ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ لَمْ اَطْعَمْ فِيهَا طَعَامًا، فَجِئْتُ اُرِيْدُ الصُّفَّةَ، فَجَعَلْتُ اَسْقُطُ فَجَعَلَ الصِّبْيَانُ يُنَادُوْنَ: جُنَّ اَبُوْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: فَجَعَلْتُ اُنَادِيهِمْ، وَاَقُوْلُ: بَلْ اَنْتُمُ الْمَجَانِيْنُ حَتّٰى انْتَهَيْنَا اِلَى الصُّفَّةِ، فَوَافَقْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِقَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيْدٍ، فَدَعَا عَلَيْهَا اَهْلَ الصُّفَّةِ وَهُمْ يَاْكُلُوْنَ مِنْهَا، فَجَعَلْتُ اَتَطَاوَلُ كَيْ يَدْعُوَنِيْ، حَتّٰى قَامَ الْقَوْمُ وَلَيْسَ فِي الْقَصْعَةِ اِلَّا شَيْءٌ فِيْ نَوَاحِي الْقَصْعَةِ، فَجَمَعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَارَتْ لُقْمَةً، فَوَضَعَهَا عَلٰى اَصَابِعِهِ، ثُمَّ قَالَ لِي: كُلْ بِاسْمِ اللّٰهِ، فَوَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهٖ مَا زِلْتُ آكُلُ مِنْهَا حَتّٰى شَبِعْتُ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھ پر تین ایسے دن آئے جن میں میں نے کچھ نہیں کھایا میں صفہ (کے چبوترے) پر آنا چاہ رہا تھا لیکن گر گیا۔ بچوں نے بلند آواز میں کہنا شروع کر دیا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ دیوانہ ہو گیا ہے۔ تو میں نے انہیں بلند آواز میں جواب دینا شروع کیا۔ میں نے کہا: بلکہ تم لوگ پاگل ہو یہاں تک کہ ہم لوگ (اسی عالم میں) صفہ تک آ گئے۔ اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ثرید کا پیالہ پیش کیا گیا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ کھانے کے لئے اہل صفہ کو بلوایا تھا اور وہ لوگ اسے کھا رہے تھے۔ میں نے خود کو سیدھا کرنے کی کوشش کی تاکہ وہ لوگ مجھے بھی دعوت دیں (لیکن کچھ نہیں ہوا) یہاں تک کہ وہ لوگ (کھانا کھا کر) اٹھ گئے۔ اس پیالے میں صرف وہ چیز باقی رہ گئی جو پیالے کے کناروں پر موجود ہوتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اکٹھا کیا تو وہ ایک لقمہ بنا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہ اپنی انگلیوں میں رکھا اور پھر مجھ سے فرمایا اللہ کا نام لے کر اسے کھا لو (حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میں اس ایک لقمے کو اتنی دیر کھاتا رہا کہ میں سیر ہو گیا۔

ذِكْرُ بَرَكَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي الشَّيْءِ الْيَسِيْرِ مِنَ الْخَيْرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَكَلَ مِنْهُ الْفِئَامُ مِنَ النَّاسِ

6533- روح بن حاتم المقرء ذكره المؤلف في "الثقات" 8/244 فقال: روح بن حاتم أبو غسان، من أهل الكوفة، يروى عن وكيع، حدثنا عنه عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمَّادٍ الطِّهْرَانِيُّ وغيره، مستقيم الحديث، وفي نسخة من "الثقات": وكان يقرء الناس بالكوفة. وروى عنه أبو حاتم، وقال: صدوق، وباقي رجاله ثقات من رجال الصحيح غير حيان -وهو ابن بسطام الهذلي- فلم يُوثِّقْهُ غير المؤلِّف، ولم يَرْوِ عنه غيرُ ابنه سليمُ بن حيان، وحديثه عند ابن ماجه. ونقله الحافظ في "الفتح" 11/289 عن المصنف، وسكت عليه. وانظر الحديث الآتي برقم (6535).

بھلائی (یعنی کھانے) میں سے تھوڑی سی چیز میں اللہ تعالیٰ کا نبی اکرم ﷺ کے لیے برکت پیدا کرنے کا تذکرہ یہاں تک کہ بہت سے لوگوں نے اسے کھالیا

6534 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ لِاُمِّ سُلَيْمٍ: لَقَدْ سَمِعْتُ صَوْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَعِيفًا اَعْرِفُ مِنْهُ الْجُوعَ، فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَىْءٍ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَاَخْرَجَتْ اَقْرَاصًا مِنْ شَعِيرٍ، ثُمَّ اَخَذَتْ خِمَارًا لَهَا، فَلَفَّتِ الْخُبْزَ بِبَعْضِهِ، ثُمَّ دَسَّتْهُ تَحْتَ يَدَىَّ، وَرَدَّتْنِىْ بِبَعْضِهِ، ثُمَّ اَرْسَلَتْنِىْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَذَهَبْتُ بِهِ فَوَجَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا فِى الْمَسْجِدِ وَمَعَهُ النَّاسُ، فَقُمْتُ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْسَلَكَ اَبُوْ طَلْحَةَ؟ ، قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: لِلطَّعَامِ؟ ، فَقُلْتُ: نَعَمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ مَعَهُ: قُومُوا ، قَالَ: فَانْطَلَقُوا، وَانْطَلَقْتُ بَيْنَ اَيْدِيهِمْ حَتّٰى جِئْتُ اَبَا طَلْحَةَ، فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ: يَا اُمَّ سُلَيْمٍ قَدْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاسِ، وَلَيْسَ عِنْدَنَا مَا نُطْعِمُهُمْ، فَقَالَتِ: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: فَانْطَلَقَ اَبُوْ طَلْحَةَ حَتّٰى لَقِىَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ حَتّٰى دَخَلَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلُمِّى مَا عِنْدَكِ يَا اُمَّ سُلَيْمٍ ، فَاَتَتْ بِذٰلِكَ الْخُبْزِ، فَاَمَرَ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفُتَّ، وَعَصَرَتْ عَلَيْهِ اُمُّ سُلَيْمٍ عُكَّةً فَاَدَمَتْهُ، ثُمَّ قَالَ فِيهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُوْلَ، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَاَكَلُوا حَتّٰى شَبِعُوا، ثُمَّ خَرَجُوا، ثُمَّ قَالَ: ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ ، حَتّٰى اَكَلَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ وَشَبِعُوا، وَالْقَوْمُ سَبْعُوْنَ رَجُلًا اَوْ ثَمَانُوْنَ

6534- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 928-2/927 في صفة النبي - صلى الله عليه وسلم -: باب ما جاء في الطعام والشراب. ومن طريق مالك أخرجه البخاري (422) في الصلاة: باب من دعا لطعام في المسجد، و (3587) في الأنبياء : باب علامات النبوة في الإسلام، و (5381) في الأطعمة: باب من أكل حتى شبع، و (6688) في الأيمان والنذور: باب إذا حلف ألا يأتدم فأكل تمراً بخبز، ومسلم (2040) في الأشربة: باب جواز استتباعه غيره إلى دار من يثق برضاه، والنسائي في الوليمة من "السنن الكبرى" كما في "التحفة" 1/88، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (1483)، والفريابي (6) و (7)، وأبو نعيم (322) كلاهما في "دلائل النبوة"، والبيهقي في "السنن" 7/273، وفي "الدلائل" 6/88-89، وفي "الاعتقاد" ص 280، والبغوي (3721). وأخرجه أحمد 3/218 و 232 و 242، والبخاري (5450) في الأطعمة: باب من أدخل الضيفان عشرة عشرة، ومسلم، والترمذي (3630) في المناقب: باب رقم (6)، والفريابي (8) و (10)، وأبو نعيم (323)، والبيهقي 6/90 و 91 ثلاثتهم في "دلائل النبوة"، من طرق عن أنس بنحوه. وقد تقدم برقم (5285) من طريق هدبة بن خالد، عن مبارك بن فضالة، عن بكر بن عبد الله المزني وثابت، عن أنس بنحوه. وأخرجه الفريابي في "دلائل النبوة" (11) عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے (اپنی اہلیہ) سیدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا سے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز نقاہت محسوس کی ہے جس سے مجھے اندازہ ہوا کہ آپ کو بھوک لگی ہے تو کیا تمہارے پاس کوئی چیز ہے (جو کھانے کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیش کریں) اس خاتون نے جواب دیا: جی ہاں اس خاتون نے جو کی چند ٹکیاں نکالیں پھر انہوں نے اپنا دوپٹہ لیا اور روٹیاں اس کے کچھ حصے میں لپیٹ دیں اور میری بغل میں دیدیا۔ اس کا کچھ حصہ انہوں نے مجھے اوڑھا دیا اور پھر مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہ لے کر چلا گیا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد میں تشریف فرما پایا۔ آپ کے ساتھ کچھ لوگ بھی تھے۔ میں ان لوگوں کے پاس آ کر کھڑا ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں ابوطلحہ نے بھیجا ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کھانے کے لئے میں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پاس موجود افراد سے فرمایا اٹھو۔ راوی کہتے ہیں: یہ سب حضرات روانہ ہو گئے۔ میں ان حضرات کے آگے چلتا ہوا۔ حضرت ابوطلحہ کے پاس آیا اور انہیں اس بارے میں بتایا تو حضرت ابوطلحہ نے فرمایا: اے اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں۔ ہمارے پاس تو اتنا کچھ نہیں ہے کہ ہم انہیں کھانا کھلا سکیں تو سیدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت ابوطلحہ تشریف لے گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ تشریف لائے یہاں تک کہ یہ دونوں حضرات گھر میں داخل ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اُمّ سلیم! تمہارے پاس جو کچھ ہے اسے پیش کرو تو سیدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا وہ روٹیاں لے آئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان کے ٹکڑے کر دیئے گئے۔ سیدہ اُمّ سلیم رضی اللہ عنہا نے اس پر وہ کپی نچوڑ دی جس میں گھی تھا وہ اس کا سالن بن گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر جو اللہ کو منظور تھا وہ پڑھا پھر آپ نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کی اجازت دو۔ حضرت ابوطلحہ نے انہیں اندر آنے کی اجازت دی۔ ان لوگوں نے کھانا کھایا یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے پھر چلے گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کی اجازت دو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے انہیں اجازت دی۔ ان لوگوں نے بھی کھانا کھایا یہاں تک کہ جب وہ سیر ہو گئے تو چلے گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کے لئے کہو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے انہیں بھی اجازت دی۔ ان لوگوں نے بھی کھانا کھایا یہاں تک کہ جب وہ سیر ہو گئے تو چلے گئے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس آدمیوں کو اندر آنے کے لئے کہو یہاں تک کہ ان سب لوگوں نے کھانا کھا لیا اور سیر ہو کر کھایا ان لوگوں کی تعداد ستر یا شاید اسی تھی۔

ذِكْرُ بَرَكَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِي اللَّبَنِ الْيَسِيرِ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى رَوِيَ مِنْهُ الْفِئَامُ مِنَ النَّاسِ

اللہ تعالیٰ کا تھوڑے سے دودھ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے برکت رکھنے کا تذکرہ یہاں تک کہ بہت سے لوگ (اسے پی کر) سیراب ہو گئے

6535 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ

بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ:

(متنِ حدیث):وَالَّذِيْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ اِنْ كُنْتُ لَاَعْتَمِدُ بِكَبِدِيْ عَلَى الْاَرْضِ مِنَ الْجُوعِ، وَلَقَدْ قَعَدْتُ يَوْمًا عَلٰى طَرِيْقِهِمُ الَّذِيْ يَخْرُجُوْنَ فِيْهِ، فَمَرَّ بِيْ اَبُوْ بَكْرٍ فَسَاَلْتُهُ عَنْ آيَةٍ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَا سَاَلْتُهُ اِلَّا لِيُشْبِعَنِيْ، فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ، وَمَرَّ بِيْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَسَاَلْتُهُ عَنْ آيَةٍ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ، مَا سَاَلْتُهُ اِلَّا لِيُشْبِعَنِيْ، فَمَرَّ وَلَمْ يَفْعَلْ، حَتّٰى مَرَّ بِيْ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَاٰى مَا بِوَجْهِي، وَمَا فِيْ نَفْسِي، قَالَ: اَبَا هِرٍّ، فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَسَعْدَيْكَ، قَالَ: الْحَقْ، فَلَحِقْتُهُ، فَدَخَلَ اِلٰى اَهْلِهِ، فَاَذِنَ، فَدَخَلْتُ، فَاِذَا هُوَ بِلَبَنٍ فِيْ قَدَحٍ، فَقَالَ لِاَهْلِهِ: مِنْ اَيْنَ لَكُمْ هٰذَا؟، قَالَ: هَدِيَّةُ فُلَانٍ، اَوْ قَالَ: فُلَانٌ، فَقَالَ: اَبَا هِرٍّ الْحَقْ اِلٰى اَهْلِ الصُّفَّةِ، فَادْعُهُمْ، وَاَهْلُ الصُّفَّةِ اَضْيَافٌ لِاَهْلِ الْاِسْلَامِ، لَا يَاْوُوْنَ اِلٰى اَهْلٍ اَوْ مَالٍ، اِذَا اَتَتْهُ صَدَقَةٌ بَعَثَ بِهَا اِلَيْهِمْ، وَلَمْ يُشْرِكْهُمْ فِيْهَا، وَاِذَا اَتَتْهُ هَدِيَّةٌ بَعَثَ بِهَا اِلَيْهِمْ وَشَرَكَهُمْ فِيْهَا، وَاَصَابَ مِنْهَا، فَسَاءَنِيْ وَاللّٰهِ ذٰلِكَ، قُلْتُ: اَيْنَ يَقَعُ هٰذَا اللَّبَنُ مِنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ وَاَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، فَانْطَلَقْتُ فَدَعَوْتُهُمْ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَدَخَلُوا وَاَخَذَ الْقَوْمُ مَجَالِسَهُمْ، قَالَ: اَبَا هِرٍّ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: خُذْ، فَنَاوِلْهُمْ، قَالَ فَجَعَلْتُ اُنَاوِلُ رَجُلًا رَجُلًا، فَيَشْرَبُ، فَاِذَا رَوِيَ اَخَذْتُهُ، فَنَاوَلْتُ الْاٰخَرَ حَتّٰى رَوِيَ الْقَوْمُ جَمِيْعًا، ثُمَّ انْتَهَيْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ رَاْسَهُ، فَتَبَسَّمَ، وَقَالَ: اَبَا هِرٍّ، اَنَا وَاَنْتَ، قُلْتُ: صَدَقْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: خُذْ، فَاشْرَبْ، فَمَا زَالَ يَقُوْلُ: اشْرَبْ، حَتّٰى قُلْتُ وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، مَا اَجِدُ لَهُ مَسْلَكًا، قَالَ: فَاَرِنِي الْاِنَاءَ، فَاَعْطَيْتُهُ الْاِنَاءَ، فَشَرِبَ الْبَقِيَّةَ، وَحَمِدَ رَبَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مجاہد بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا اس ذات کی قسم! جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ (بعض اوقات) میرا یہ عالم ہوتا تھا کہ میں بھوک کی شدت کی وجہ سے اپنا کلیجہ زمین کے ساتھ لگا لیا کرتا تھا۔ ایک دن میں لوگوں کے راستے میں بیٹھ گیا جہاں سے وہ گزرا کرتے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ میرے پاس سے گزرے میں نے ان سے اللہ کی کتاب کی ایک آیت کے بارے میں دریافت کیا۔ میں نے ان سے صرف اس لئے سوال کیا تھا' تاکہ وہ مجھے کھانا کھلا دیں لیکن وہ

6535- إسناده صحيح، عبد الغفار بن عبد الله الزبيري: ذكره المؤلف في " الثقات " 8/421، وقال: من أهل الموصل، كنيته أبو نصر، يروى عن علي بن مسهر، حدثنا عنه الحسين بن إدريس الأنصاري والمواصلة، مات سنة أربعين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل .وذكره ابن أبي حاتم في " الجرح والتعديل " 6/54، فقال: روى عن علي بن مسهر وعبد الله بن عطارد الطائي المغربي، روى عنه إبراهيم بن يوسف الهسنجاني، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير عمر بن ذر، فمن رجال البخاري . وأخرجه أحمد 2/515، والبخاري (6246) في الاستئذان: باب إذا دعي الرجل فجاء : هل يستأذن؟ و (6452) في الرقاق: باب كيف كان عيش النبي - صلى الله عليه وسلم - وأصحابه وتخليهم عن الدنيا، والترمذي (2477) في صفة القيامة: باب رقم (36) ، وهناد في "الزهد" (764) ، والفريابي في "دلائل النبوة " (16) ، وأبو نعيم في "الحلية" 339-1/338 و 377، والحاكم 3/15-16، والبيهقي في "دلائل النبوة " 102-6/101، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي - صلى الله عليه وسلم - " ص 78-77، والبغوي (3321) ، وابن حجر في "تغليق التعليق" 170-5/169 من طرق عن عمر بن ذر، بهذا الإسناد. وانظر الحديث الآتي برقم (7151)

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مسلمانوں کا ایک لشکر روانہ ہوا میں ان لوگوں کا امیر تھا' یہاں تک کہ ہم نے اسکندریہ میں پڑاؤ کیا تو ان کے رئیس نے یہ کہا ایک شخص کو میرے پاس بھیجو جو میرے ساتھ بات چیت کرے اور میں اس کے ساتھ بات چیت کروں تو میں نے کہا: اس کے پاس میرے علاوہ اور کوئی نہیں جائے گا۔ میں وہاں سے روانہ ہوا۔ میرے ساتھ میرا ترجمان تھا۔ اس کے ساتھ اس کا ترجمان تھا' یہاں تک کہ ہمارے لئے منبر رکھا گیا۔ اس نے دریافت کیا: تم کون لوگ ہو۔ میں نے جواب دیا: ہم عرب ہیں ہم کانٹوں اور پتے والے لوگ ہیں (یعنی ہمارے علاقے میں سبزہ اور ہریالی نہیں ہوتی) ہم اللہ کے گھر کے (پاس رہنے والے) لوگ ہیں۔ ہماری زمین سب سے زیادہ تنگ تھی اور ہماری زندگی سب سے زیادہ سخت تھی۔ ہم مردار اور خون بھی کھالیا کرتے تھے۔ غرضیکہ ہم بدترین حالت میں تھے یہاں تک کہ ہمارے درمیان ایک صاحب کا ظہور ہوا جو اس وقت قدر و منزلت کے اعتبار سے ہم سب سے زیادہ عظیم نہیں تھے اور نہ ہی مال و دولت کے اعتبار سے زیادہ مال والے تھے۔ انہوں نے یہ کہا میں اللہ کا رسول ہوں جو تمہاری طرف آیا ہوں۔ انہوں نے ہمیں ان باتوں کا حکم دیا جن سے ہم آشنا نہیں تھے اور انہوں نے ہمیں ان چیزوں سے منع کیا جن پر ہم عمل پیرا ہوتے تھے اور جن پر ہمارے باپ دادا چلتے تھے۔ ہم نے ان کی تکذیب کی ہم نے ان کی بات کو مسترد کر دیا' یہاں تک کہ ان کے پاس ایک قوم آئی جو ہم سے تعلق نہیں رکھتی تھی۔ انہوں نے کہا: ہم آپ کی تصدیق کرتے ہیں۔ ہم آپ پر ایمان لاتے ہیں ہم آپ کی پیروی کرتے ہیں اور جو شخص آپ کے ساتھ لڑائی کرے گا ہم اس کے ساتھ لڑیں گے' تو وہ رسول ان کی طرف تشریف لے گئے پھر ہم ان کی طرف جانے کے لئے نکلے ہم نے ان کے ساتھ جنگ کی۔ انہوں نے ہمیں قتل کیا اور ہم پر غالب آ گئے۔ اس کے بعد وہ آس پاس کے دیگر عرب قبائل کی طرف بڑھے۔ انہوں نے ان کے ساتھ جنگیں کیں' یہاں تک ان پر بھی غالب آ گئے اگر میرے پیچھے موجود عربوں کو اس بات کا پتہ چل جائے کہ تم لوگ کس طرح کی ناز و نعمت والی زندگی گزار رہے ہو تو وہاں موجود ہر شخص تمہارے پاس آ جائے گا اور تم لوگ جس ناز و نعمت میں ہو اس بارے میں تمہارا حصہ دار بن

جائے گا۔اس پروہ (یعنی کفار کا امیر) ہنس پڑا پھر وہ بولا: تمہارے رسول نے سچ کہا ہے ہمارے پاس بھی اسی طرح رسول آئے تھے جس طرح تمہارے رسول تشریف لائے۔ ہم بھی ان کی ہدایت پر گامزن رہے یہاں تک کہ ہمارے درمیان بادشاہوں نے غلبہ حاصل کرلیا۔انہوں نے اپنی نفسانی خواہشات پر عمل کرنا شروع کردیا اور انبیاء کے احکام کو ترک کردیا تو تم لوگ جب تک اپنے نبی کے حکم پر کاربند رہو گے تمہارے ساتھ جو بھی لڑے گا تم اس پر غالب آجاؤ گے اور جو شخص تمہارا حصہ دار بننے کی کوشش کرے گا تم اس پر غالب آجاؤ گے۔اور جب تم لوگ وہ طرز عمل اختیار کرو گے جو ہم نے کیا اور تم لوگ نبی کے حکم کو ترک کردو گے اور تم لوگ وہ عمل کرو گے جو ان لوگوں نے عمل کیا تھا جنہوں نے اپنی خواہش نفس کی پیروی کی تھی تو پھر تم ہمارا مقابلہ نہیں کرسکو گے کیونکہ عددی اعتبار سے تم ہم سے زیادہ نہیں ہو۔قوت کے اعتبار سے تم ہم سے زیادہ زبردست نہیں ہو۔

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کبھی ایسے کسی شخص کے ساتھ گفتگو نہیں کی جو اس شخص سے زیادہ مکار ہو۔

ذِكْرُ تَعْيِيرِ الْمُشْرِكِينَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاَحْوَالِ

بعض صورتوں میں مشرکین نبی اکرم ﷺ پر جو تنقید کرتے تھے اس کا تذکرہ

6565 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْجَرْجَرَائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا الْبَجَلِيَّ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَبْطَاَ جِبْرِيلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: قَدْ وُدِّعَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى) (الضحى: 3)

حضرت جندب بجلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کچھ عرصے تک نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر نہیں ہوئے تو مشرکین نے کہنا شروع کردیا انہیں چھوڑ دیا گیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''نہ تو تمہارے پروردگار نے تمہیں چھوڑا ہے اور نہ ہی ناپسند کیا ہے۔''

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ قِيلَ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَصَفْنَاهُ

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ کو وہ بات کہی گئی جس کا ذکر ہم نے کیا ہے

6566 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جُنْدُبًا، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اشْتَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَةً اَوْ لَيْلَتَيْنِ، فَاَتَتْهُ امْرَاَةٌ، فَقَالَتْ:

6565- إسناده صحيح . رجاله رجال الشيخين غير محمد بن الصباح الجرجرائي، فقد روى له أبو داود وابن ماجه، وهو صدوق. وأخرجه مسلم (1797) (114) في الجهاد: باب ما لقي النبي - صلى الله عليه وسلم - من أذى المنافقين، والطبري في " جامع البيان " 30/231، والطبراني في "الكبير" (1712) من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وانظر ما بعده.

يَا مُحَمَّدُ مَا أَرَى شَيْطَانَكَ إِلَّا قَدْ تَرَكَكَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَالضُّحَى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى) (الضحى: 2)

❁❁ حضرت جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہو گئے۔ آپ ایک یا دو رات تک کھڑے نہیں ہو سکے۔ (یعنی باہر تشریف نہیں لائے) تو ایک خاتون آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اس نے عرض کی: اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرا خیال ہے آپ کے شیطان نے آپ کو چھوڑ دیا ہے تو اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی:

"چاشت کے وقت کی قسم ہے اور رات کی قسم ہے جب وہ چھا جائے، تمہارے پروردگار نے نہ تو تمہیں چھوڑا ہے اور نہ ہی ناپسند کیا ہے۔"

ذِكْرُ بَعْضِ أَذَى الْمُشْرِكِينَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عِنْدَ دَعْوَتِهِ إِيَّاهُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مشرکین کو اسلام کی دعوت دینے کے وقت مشرکین کی طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو تکالیف برداشت کرنا پڑیں ان میں سے کچھ کا تذکرہ

6567 - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلٰى، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متنِ حدیث): قُلْتُ: مَا أَكْثَرُ مَا رَأَيْتَ قُرَيْشًا أَصَابَتْ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيمَا كَانَتْ تُظْهِرُ مِنْ عَدَاوَتِهِ؟ قَالَ: قَدْ حَضَرْتُهُمْ وَقَدِ اجْتَمَعَ أَشْرَافُهُمْ فِي الْحِجْرِ، فَذَكَرُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: مَا رَأَيْنَا مِثْلَ مَا صَبَرْنَا عَلَيْهِ مِنْ هٰذَا الرَّجُلِ قَطُّ، سَفَّهَ أَحْلَامَنَا، وَشَتَمَ آبَاءَنَا، وَعَابَ دِينَنَا، وَفَرَّقَ جَمَاعَتَنَا، وَسَبَّ آلِهَتَنَا، لَقَدْ صَبَرْنَا مِنْهُ عَلٰى أَمْرٍ عَظِيمٍ، أَوْ كَمَا قَالُوا، فَبَيْنَا هُمْ فِي ذٰلِكَ، إِذْ طَلَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَقْبَلَ يَمْشِي حَتّٰى اسْتَلَمَ الرُّكْنَ، فَمَرَّ بِهِمْ طَائِفًا بِالْبَيْتِ، فَلَمَّا أَنْ مَرَّ بِهِمْ غَمَزُوهُ

6566- إسناده صحيح على شرط مسلم. عبد الحميد: هو عبد بن حميد صاحب "التفسير"، من رجال مسلم، ومَنْ فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه البخاري (1124) في التهجد: باب ترك القيام للمريض، و (4983) في فضائل القرآن: باب كيف نزول الوحي، والطبراني في "الكبير" (1709)، والبيهقي في "السنن" 3/14 من طرق عن أبي نعيم، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (1125)، والترمذي (3345) في التفسير: باب ومن سورة الضحى، والطبري في "جامع البيان" 30/231، والواحدي في "أسباب النزول" ص 301، والبيهقي في "دلائل النبوة" 7/58 من طرق عن سفيان، به. وأخرجه أحمد 4/312، والبخاري (4950) و (4951) في تفسير سورة الضحى: باب (مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى)، ومسلم (1797) (115) في الجهاد: باب ما لقي النبي - صلى الله عليه وسلم - من أذى المنافقين، والطبري 30/231، والطبراني (1710) و (1711)، والبيهقي في "السنن" 3/14، وفي "دلائل النبوة" 7/59، والبغوي في "معالم التنزيل" 4/497 من طريقين عن الأسود بن قيس، به.

بِبَعْضِ الْقَوْلِ، قَالَ: وَعَرَفْتُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهِ، ثُمَّ مَضَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا مَرَّ بِهِمُ الثَّانِيَةَ غَمَزُوْهُ بِمِثْلِهَا، فَعَرَفْتُ ذٰلِكَ فِيْ وَجْهِهِ، ثُمَّ مَضَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَّ بِهِمُ الثَّالِثَةَ، غَمَزُوْهُ بِمِثْلِهَا، ثُمَّ قَالَ: اَتَسْمَعُوْنَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اَمَا وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، لَقَدْ جِئْتُكُمْ بِالذَّبْحِ قَالَ: فَاَخَذَتِ الْقَوْمَ كَلِمَتُهُ حَتّٰى مَا مِنْهُمْ رَجُلٌ اِلَّا لَكَاَنَّمَا عَلٰى رَاْسِهِ طَائِرٌ وَّاقِعٌ، حَتّٰى اِنَّ اَشَدَّهُمْ فِيْهِ وَطَاَةً قَبْلَ ذٰلِكَ يَتَوَقَّاهُ بِاَحْسَنِ مَا يُجِيبُ مِنَ الْقَوْلِ، حَتّٰى اِنَّهُ لَيَقُوْلُ: انْصَرِفْ يَا اَبَا الْقَاسِمِ، انْصَرِفْ رَاشِدًا، فَوَاللّٰهِ مَا كُنْتَ جَهُوْلًا، فَانْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كَانَ مِنَ الْغَدِ اجْتَمَعُوْا فِي الْحِجْرِ وَاَنَا مَعَهُمْ، فَقَالَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: ذَكَرْتُمْ مَا بَلَغَ مِنْكُمْ، وَمَا بَلَغَكُمْ عَنْهُ، حَتّٰى اِذَا بَادَاكُمْ بِمَا تَكْرَهُوْنَ تَرَكْتُمُوْهُ، وَبَيْنَا هُمْ فِيْ ذٰلِكَ، اِذْ طَلَعَ عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَثَبُوْا اِلَيْهِ وَثْبَةَ رَجُلٍ وَّاحِدٍ، وَاَحَاطُوا بِهِ، يَقُوْلُوْنَ لَهُ: اَنْتَ الَّذِيْ تَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا - لِمَا كَانَ يَبْلُغُهُمْ عَنْهُ مِنْ عَيْبِ آلِهَتِهِمْ وَدِيْنِهِمْ؟ قَالَ: نَعَمْ، اَنَا الَّذِيْ اَقُوْلُ ذٰلِكَ قَالَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُ رَجُلًا مِنْهُمْ اَخَذَ بِمَجْمَعِ رِدَائِهِ، وَقَالَ وَقَامَ اَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ دُوْنَهُ يَقُوْلُ وَهُوَ يَبْكِي: اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ؟، ثُمَّ انْصَرَفُوا عَنْهُ، فَاِنَّ ذٰلِكَ لَاَشَدُّ مَا رَاَيْتُ قُرَيْشًا بَلَغَتْ مِنْهُ قَطُّ

❀❀ یحییٰ بن عروہ اپنے والد کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے بارے میں نقل کرتے ہیں ان کے والد کہتے ہیں میں نے دریافت کیا: قریش نے نبی اکرم ﷺ سے اپنی عداوت کے اظہار کے لئے جو کچھ کیا اس میں آپ نے سب سے زیادہ (شدت والی) کیا چیز دیکھی؟ تو حضرت عبداللہ نے بتایا: ایک مرتبہ میں ان لوگوں کے ساتھ موجود تھا ان کے معززین حطیم میں موجود تھے۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا ہم نے کوئی ایسی چیز نہیں دیکھی جس پر ہمیں اتنا صبر سے کام لینا پڑا ہو اجتنا انصاف کے حوالے سے لینا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے سمجھدار لوگوں کو بے وقوف قرار دیا۔ کیا ہمارے آباؤ اجداد کو برا کہا۔ ہمارے دین کو غلط قرار دیا۔ ہماری اجتماعیت کے ٹکڑے ٹکڑے کئے۔ ہمارے معبودوں کو برا کہا ہم نے ان کی طرف سے ایک بڑے معاملے پر صبر سے کام لیا ہے یا جیسے بھی انہوں نے کہا: ابھی وہ لوگ وہاں بیٹھے ہوئے تھے کہ اسی دوران نبی اکرم ﷺ چلتے ہوئے تشریف لائے: آپ نے حجر اسود کا استلام کیا پھر آپ بیت اللہ کا طواف کرتے ہوئے ان کے پاس سے گزرے جب آپ ان کے پاس سے

6567– إسناده قوی، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن إسحاق، وهو صدوق،وقد صرح بالتحديث، فانتفت شبهة تدليسه، والحديث فی "سيرته" 1/309 .310-ومن طريقه أخرجه أحمد 2/218، والبيهقی فی "دلائل النبوة " 2/275 276- وأورده الهيثمی فی "المجمع" 6/15-16، وقال: فی الصحيح طرف منه، رواه أحمد، وقد صرح ابن إسحاق بالسّماع، وبقية رجاله رجال الصحيح.قلت: أخرج أحمد 2/204، والبخاری (3678) فی فضائل الصحابة: باب قول النبی - صلى الله عليه وسلم -: "لو كنت متخذاً خليلاً"، و (3856) فی مناقب الأنصار: باب ما لقی النبی - صلى الله عليه وسلم - وأصحابه من المشركين، و (4815) فی تفسير سورة المؤمنون، والبيهقی فی "دلائل النبوة " 2/274، والبغوی (3746) من طرق عن الوليد بن مسلم، قال: سمعت الأوزاعی، قال: حدثنا يحيى بن أبی كثير، قال: حدثنی محمد بن إبراهيم بن الحارث التيمی، قال: حدثنی عروة بن الزبير، قال: سألت عبد الله بن عمرو بن العاص قال: قلت: حدثنی بأشدّ شیء صنعه المشركون برسول الله - صلى الله عليه وسلم - ... فذكره مختصراً.

گزرے تو انہوں نے نبی اکرم ﷺ پر آوازے کسے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں مجھے نبی اکرم ﷺ کے چہرے پر (ناپسندیدگی) کا اندازہ ہوگیا' لیکن نبی اکرم ﷺ چلتے رہے جب آپ دوسری مرتبہ ان کے پاس سے گزرے تو انہوں نے پھر آپ پر آوازے کسے' جس کے (ملال) کا اندازہ مجھے نبی اکرم ﷺ کے چہرے پر ہوگیا لیکن نبی اکرم ﷺ تشریف لے گئے۔ جب آپ تیسری مرتبہ ان کے پاس سے گزرے تو ان لوگوں نے پھر اسی طرح کیا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے قریش کے گروہ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے میں تمہارے پاس ذبح کے ہمراہ آیا ہوں۔ (یعنی تم سب لوگ مارے جاؤ گے) یہ سن کر انہیں سانپ سونگھ گیا' یہاں تک کہ ان میں سے ہر ایک شخص کی یہ حالت ہوگئی جیسے اس کے سر پر پرندہ بیٹھا ہوا ہے حالانکہ نبی اکرم ﷺ کو ان کی طرف سے اس سے پہلے بھی شدید صورت حال کا سامنا کرنا پڑا تھا لیکن آپؐ ہمیشہ نرمی سے جواب دیا کرتے تھے۔ (اتنا سخت جواب سن کر) انہوں نے یہ کہا اے ابوالقاسم آپ تشریف لے جائیے۔ آپ ایسی حالت میں تشریف لے جائیے کہ آپ رہنمائی کرنے والے ہوں۔ اللہ کی قسم! آپ تو جہالت کا مظاہرہ نہیں کرتے تھے۔ (یعنی کلام میں شدت کا مظاہرہ نہیں کرتے تھے) تو نبی اکرم ﷺ تشریف لے گئے یہاں تک کہ جب اگلا دن آیا تو وہ لوگ پھر حطیم میں اکٹھے ہوئے۔ میں بھی ان کے ساتھ تھا۔ ان میں سے ایک نے دوسرے سے کہا تمہیں یاد ہے تم نے انہیں کیا بات کہی تھی اور انہوں نے تمہیں کیا بات کہی تھی' یہاں تک کہ جب انہوں نے تمہارے سامنے اس چیز کو ظاہر کیا جو تمہیں پسند نہیں آئی تو پھر تم نے انہیں چھوڑا ابھی یہ لوگ یہی باتیں کر رہے تھے کہ اسی دوران نبی اکرم ﷺ تشریف لے آئے تو وہ سب مل کر نبی اکرم ﷺ کی طرف بڑھے۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو گھیر لیا۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا: کیا آپ ہی نے یہ بات کہی تھی اور یہ بات کہی تھی یعنی وہ باتیں جو نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے پہنچی تھیں کہ آپ ان کے معبودوں اور ان کے دین کو غلط قرار دیتے ہیں تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں میں نے یہ بات کہی تھی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے ان میں سے ایک شخص کو دیکھا کہ اس نے نبی اکرم ﷺ کی چادر کو پکڑا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے آگے کھڑے ہوئے' وہ رو رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے: کیا تم ایک ایسے شخص کے ساتھ مقابلہ کر رہے ہو؟ جو یہ کہتا ہے کہ میرا پروردگار اللہ ہے پھر وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کو چھوڑ کر چلے گئے۔

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں:) قریش کے نبی اکرم ﷺ کے ساتھ برے سلوک کی یہ سب سے سخت صورت حال تھی جو میں نے دیکھی۔

ذِكْرُ رَمْيِ الْمُشْرِكِينَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْجُنُوْنِ

اس بات کا تذکرہ' مشرکین نے نبی اکرم ﷺ پر مجنون ہونے کا الزام عائد کیا تھا

6568 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِىْ هِنْدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ ضِمَادًا قَدِمَ مَكَّةَ مِنْ اَزْدِ شَنُوْءَةَ، وَكَانَ يَرْقِي مِنْ هٰذِهِ الرِّيحِ، فَسَمِعَ سُفَهَاءَ مِنْ اَهْلِ مَكَّةَ يَقُوْلُوْنَ: اِنَّ مُحَمَّدًا مَجْنُوْنٌ، فَقَالَ: لَوْ اَنِّي رَاَيْتُ هٰذَا الرَّجُلَ لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَّشْفِيَهُ عَلٰى يَدَيَّ، قَالَ: فَلَقِيَهُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنِّي اَرْقِي مِنْ هٰذِهِ الرِّيحِ، وَاِنَّ اللّٰهَ يَشْفِيْ عَلٰى يَدَيَّ مَنْ شَاءَ فَهَلْ لَكَ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِيْنُهُ، مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، اَمَّا بَعْدُ، فَقَالَ: اَعِدْ عَلَيَّ كَلِمَاتِكَ هٰذِهِ، فَاَعَادَهَا عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ: لَقَدْ سَمِعْتُ قَوْلَ الْكَهَنَةِ، وَقَوْلَ السَّحَرَةِ، وَقَوْلَ الشُّعَرَاءِ، فَمَا سَمِعْتُ مِثْلَ كَلِمَاتِكَ هٰؤُلَاءِ، هَاتِ يَدَكَ اُبَايِعْكَ عَلَى الْاِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَعَلٰى قَوْمِكَ؟، فَقَالَ: وَعَلٰى قَوْمِيْ، قَالَ: فَبَايَعَهُ، فَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً، فَمَرُّوا بِقَوْمِهِ، فَقَالَ صَاحِبُ السَّرِيَّةِ لِلْجَيْشِ: هَلْ اَصَبْتُمْ مِنْ هٰؤُلَاءِ شَيْئًا؟ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ: اَصَبْتُ مِنْهُمْ مِطْهَرَةً، قَالَ: رُدُّوهَا، فَاِنَّ هٰؤُلَاءِ قَوْمُ ضِمَادٍ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ضماد نامی جس کا تعلق ازدشنوءہ سے تھا وہ مکہ آیا وہ ہوا (یعنی ذہنی خرابی) کا دم کیا کرتا تھا۔

اہل مکہ کے بے وقوف لوگ یہ کہتے تھے: حضرت محمد ﷺ کو جنون لاحق ہو گیا ہے اس شخص نے کہا: اگر میں اس شخص کو دیکھ لوں تو ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ اسے میرے ذریعے شفا دیدے۔ راوی کہتے ہیں: اس کی ملاقات نبی اکرم ﷺ سے ہوئی' اس نے کہا: اے حضرت محمد ﷺ میں اس ہوا (یعنی ذہنی توازن خراب ہونے) کا دم کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے میرے ذریعے شفا دیدیتا ہے تو کیا آپ کو اس میں کوئی دلچسپی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:

''بے شک ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے مخصوص ہے۔ ہم اسی کی حمد بیان کرتے ہیں' اور اسی سے مدد طلب کرتے ہیں جس شخص کو اللہ تعالیٰ ہدایت دیدے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا اور جسے وہ گمراہ رہنے دے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اما بعد''

اس شخص نے کہا: آپ اپنے یہ کلمات میرے سامنے دوبارہ دہرائیے تو نبی اکرم ﷺ نے تین مرتبہ یہ کلمات اس کے سامنے دہرا دیئے۔ اس شخص نے کہا: میں نے کاہنوں کا کلام سنا ہے جادوگروں کا کلام سنا ہے شاعروں کا کلام سنا ہے لیکن میں نے آپ کے

6568- إسناده صحيح على شرط مسلم. عبد الأعلى: هو ابن عبد الأعلى. وأخرجه مسلم (868) في الجمعة: باب تخفيف الصلاة والخطبة، وابن منده في " الإيمان " (132)، والبيهقي 3/214، وابن الأثير في "أسد الغابة" 3/56-57 من طريق محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم وابن منده من طريقين عن عبد الأعلى، به. وأخرجه مختصراً أحمد 1/350، والنسائي 6/89-90 في النكاح: باب ما يستحب من الكلام عند النكاح، وابن ماجه (1893) في النكاح: باب خطبة النكاح، من طرق عن داود بن أبي هند، به.

ان کلمات کی مانند کوئی کلام نہیں سنا۔ آپ اپنا ہاتھ آگے کیجئے تا کہ میں آپ کے دست اقدس پر اسلام کی بیعت کروں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہاری قوم بھی کرے گی؟ اس نے کہا: میری قوم بھی کرے گی۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم ﷺ نے اس سے بیعت لے لی پھر نبی اکرم ﷺ نے ایک جنگی مہم روانہ کی۔ ان لوگوں کا گزر ایک قوم کے پاس سے ہوا تو اس لشکر کے امیر نے اپنے لشکر سے کہا کیا تم نے ان لوگوں سے کوئی چیز لی ہے تو حاضرین میں سے ایک صاحب نے کہا: میں نے ان سے ایک لوٹا لیا ہے تو امیر نے کہا: تم وہ انہیں واپس کر دو کیونکہ یہ ضماد کی قوم کے افراد ہیں۔

ذِكْرُ جَعْلِ الْمُشْرِكِينَ رِدَاءَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ عُنُقِهِ، عِنْدَ تَبْلِيغِهِ اِيَّاهُمْ رِسَالَةَ رَبِّهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ جب نبی اکرم ﷺ نے مشرکین کو اپنے پروردگار کی رسالت کی تبلیغ کی اس وقت انہوں نے نبی اکرم ﷺ کی چادر آپ ﷺ کی گردن میں (ڈال کر اسے کھینچا تھا)

6569 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ:

(متنِ حدیث): مَا رَاَيْتُ قُرَيْشًا اَرَادُوْا قَتْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا يَوْمًا رأيتهم * وَهُمْ جُلُوْسٌ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عِنْدَ الْمَقَامِ، فَقَامَ اِلَيْهِ عُقْبَةُ بْنُ اَبِيْ مُعَيْطٍ، فَجَعَلَ رِدَاءَهٗ فِيْ عُنُقِهِ، ثُمَّ جَذَبَهٗ حَتّٰى وَجَبَ لِرُكْبَتَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَصَايَحَ النَّاسُ، فَظَنُّوا اَنَّهٗ مَقْتُوْلٌ، قَالَ: وَاَقْبَلَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَشْتَدُّ حَتّٰى اَخَذَ بِضَبْعَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ وَرَائِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: اَتَقْتُلُوْنَ رَجُلًا اَنْ يَقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ، ثُمَّ انْصَرَفُوا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَضٰى صَلَاتَهٗ مَرَّ بِهِمْ وَهُمْ جُلُوْسٌ فِيْ ظِلِّ الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اَمَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، مَا اُرْسِلْتُ اِلَيْكُمْ اِلَّا بِالذَّبْحِ، وَاَشَارَ بِيَدِهِ اِلٰى حَلْقِهِ، فَقَالَ لَهٗ اَبُوْ جَهْلٍ: يَا مُحَمَّدُ، مَا كُنْتَ جَهُوْلًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْتَ مِنْهُمْ

❀❀ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے قریش کو نہیں دیکھا کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو قتل کرنے کا ارادہ کیا ہو۔ صرف ایک دن ایسا ہوا میں نے انہیں دیکھا کہ وہ خانہ کعبہ کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے اور نبی اکرم ﷺ مقام ابراہیم

6569- إسناده حسن، محمد بن عمرو بن علقمة صدوق حسن الحديث روى له البخاري مقرونا، ومسلم متابعة، وباقي رجاله رجال الشيخين. وهو في "مسند أبي يعلى" 343/1، و "مصنف ابن أبي شيبة". 14/297 وأخرجه البخاري في "خلق أفعال العباد" (308)، وأبو نعيم في "دلائل النبوة" (159) من طريقين عن عبد الأعلى بن عبد الأعلى، عن محمد بن عمرو، بهذا الإسناد. وأورده الهيثمي في "مجمع الزوائد" 6/16، وقال: رواه أبو يعلى والطبراني، وفيه محمد بن عمرو بن علقمة، وحديثه حسن، وبقية رجال الطبراني رجال الصحيح.

کے پاس نماز ادا کر رہے تھے تو عقبہ بن ابومعیط اٹھ کر نبی اکرم ﷺ کی طرف گیا۔ اس نے نبی اکرم ﷺ کی چادر آپ کی گردن میں ڈالی اور پھر اسے کھینچا' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ گھٹنوں کے بل گر پڑے۔ لوگوں نے چیخنا شروع کر دیا۔ وہ یہ سمجھے کہ شاید آپ شہید ہو گئے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: اسی دوران حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے۔ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو پیچھے سے دونوں بازوؤں سے پکڑا وہ یہ کہہ رہے تھے کیا تم ایک ایسے شخص کو مارنا چاہتے ہو جو یہ کہتا ہے میرا پروردگار اللہ تعالیٰ ہے پھر وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کو چھوڑ کر چلے گئے۔ نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے جب نبی اکرم ﷺ نے اپنی نماز مکمل کر لی تو آپ ان لوگوں کے پاس سے گزرے۔ وہ لوگ اس وقت خانہ کعبہ کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے قریش کے گروہ مجھے تمہاری طرف صرف ذبح کرنے کے لئے بھیجا گیا ہے (یعنی تم سب لوگ میرے ساتھ جنگ کرتے ہوئے مارے جاؤ گے) نبی اکرم ﷺ نے اپنے دست مبارک کے ذریعے اپنے حلق کی طرف اشارہ کر کے یہ بات کہی تو ابوجہل نے نبی اکرم ﷺ سے کہا اے حضرت محمد ﷺ آپ تو سختی سے جواب دینے والے نہیں ہیں تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم بھی ان میں شامل ہو گے (یعنی جو لوگ ان میں مارے جائیں گے)

ذِكْرُ طَرْحِ الْمُشْرِكِينَ سَلَى الْجَزُورِ عَلَى ظَهْرِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ' مشرکین نے اونٹ کی اوجھ نبی اکرم ﷺ کی پشت پر رکھ دی تھی

6570 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا اِسْحَاقَ، يُحَدِّثُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ وَّحَوْلَهُ نَاسٌ، اِذْ جَاءَ عُقْبَةُ بْنُ اَبِي مُعَيْطٍ بِسَلَى جَزُورٍ فَقَذَفَهُ عَلَى ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَرْفَعْ رَاْسَهُ، فَجَاءَتْ فَاطِمَةُ، فَاَخَذَتْهُ مِنْ ظَهْرِهِ، وَدَعَتْ عَلَى مَنْ صَنَعَ ذٰلِكَ، وَقَالَ: اللّٰهُمَّ عَلَيْكَ الْمَلَاَ مِنْ قُرَيْشٍ اَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ، وَعُتْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ، وَشَيْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ، وَعُقْبَةَ بْنَ اَبِي مُعَيْطٍ، وَاُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ، اَوْ اُبَيَّ بْنَ خَلَفٍ، شَكَّ شُعْبَةُ، قَالَ: فَلَقَدْ

6570– إسناده صحيح على شرط الشيخين. محمد: هو ابن جعفر الملقب بغندر، وأبو إسحاق: هو السبيعي، وسماع شعبة منه قديم. وأخرجه البخاري (3854) في مناقب الأنصار: باب ما لقي النبي - صلى الله عليه وسلم - وأصحابه من المشركين بمكة، ومسلم (1794) (108) في الجهاد: باب ما لقي النبي - صلى الله عليه وسلم - من أذى المشركين، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/393 عن محمد بن جعفر، به. وأخرجه البخاري (240) في الوضوء: باب إذا ألقي على ظهر المصلي قذر أو جيفة لم تفسد عليه الصلاة، ومسلم، والبيهقي في "دلائل النبوة" 2/278 من طرق عن شعبة، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 14/298، وأحمد 1/417، والبخاري (240) في الوضوء، و (520) في الصلاة: باب المرأة تطرح عن المصلي شيئاً من الأذى، و (2934) في الجهاد: باب الدعاء على المشركين بالهزيمة والزلزلة، و (3960) في المغازي: باب دعاء النبي - صلى الله عليه وسلم - على كفار قريش، ومسلم، والنسائي 1/161-162 في الطهارة: باب فرث ما يؤكل لحمه يصيب الثوب، واللالكائي في "أصول الاعتقاد" (1418) و (1419)، والبزار (2399)، والبيهقي في "السنن" 9/7-8، وفي "دلائل النبوة" 2/279 و 280-279 و 3/82-83، والبغوي (3745) من طرق عن أبي إسحاق، به.

رَاَيْتُهُمْ يَوْمَ بَدْرٍ وَّاُلْقُوا فِيْ بِئْرٍ، غَيْرَ اَنَّ اُمَيَّةَ تَقَطَّعَتْ اَوْصَالُهُ، فَلَمْ يُلْقَ فِي الْبِئْرِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سجدے کی حالت میں تھے آپ کے اردگرد کچھ لوگ موجود تھے۔ اسی دوران عقبہ بن ابومعیط ایک (اونٹ کی) اوجھ لے کر آیا اور اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت پر رکھ دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر نہیں اٹھایا۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا آئیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت سے اسے ہٹایا اور جس نے ایسا کیا تھا اس کے خلاف دعائے ضرر کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی۔

''اے اللہ قریش کے کچھ افراد کو اپنی گرفت میں لے۔ ابوجہل بن ہشام، عتبہ بن ربیعہ، شیبہ بن ربیعہ، عقبہ بن ابومعیط، اُمیہ بن خلف (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اُبی بن خلف'' یہ شک شعبہ نامی راوی کو ہے''۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ بدر کے موقع پر میں نے ان سب لوگوں کو دیکھا کہ ان کی (لاشوں کو) ایک کنویں میں ڈال دیا گیا۔ صرف اُمیہ کو نہیں ڈالا گیا کیونکہ اس کے جسم کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے تھے۔ اسے کنویں میں نہیں ڈالا گیا۔

ذِكْرُ هَمِّ اَبِيْ جَهْلٍ اَنْ يَّطَاَ رَقَبَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ ابوجہل نے یہ ارادہ کیا تھا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن پر پاؤں رکھ دے گا

6571 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ الدَّوْرَقِيُّ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ اَبِيْ هِنْدَ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ جَهْلٍ: هَلْ يُعَفِّرُ مُحَمَّدٌ وَّجْهَهُ بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ، فَبِالَّذِيْ يُحْلَفُ بِهٖ لَئِنْ رَاَيْتُهُ يَفْعَلُ ذٰلِكَ لَاَطَاَنَّ عَلٰى رَقَبَتِهٖ، فَاَتٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّيْ لِيَطَاَ عَلٰى رَقَبَتِهٖ، قَالَ: فَمَا فَجَاَهُمْ اِلَّا اَنَّهٗ يَتَّقِيْ بِيَدِهٖ، وَيَنْكُصُ عَلٰى عَقِبَيْهِ، فَاَتَوْهُ، فَقَالُوْا: مَا لَكَ يَا اَبَا الْحَكَمِ؟ قَالَ: اِنَّ بَيْنِيْ وَبَيْنَهٗ لَخَنْدَقًا مِنْ نَارٍ وَّهَوْلًا وَاَجْنِحَةً، قَالَ اَبُو الْمُعْتَمِرِ: فَاَنْزَلَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: (اَرَاَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى عَبْدًا اِذَا صَلّٰى) (العلق: 10) اِلٰى آخِرِهٖ (فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ) (العلق: 17)، قَالَ قَوْمُهٗ: (سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ) (العلق: 18) قَالَ الْمَلَائِكَةُ: (لَا تُطِعْهُ) (العلق: 19)، ثُمَّ اَمَرَهٗ بِمَا اَمَرَهٗ مِنَ السُّجُوْدِ فِيْ آخِرِ السُّوْرَةِ، قَالَ: فَبَلَغَنِيْ عَنِ الْمُعْتَمِرِ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ دَنَا مِنِّيْ لَاخْتَطَفَتْهُ الْمَلَائِكَةُ عُضْوًا عُضْوًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ابوجہل نے کہا: کیا تم لوگوں کے درمیان حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چہرے کو بچا

6571- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير نعيم بن أبي هند، فمن رجال مسلم. أبو حازم: هو سلمة بن دينار الأشجعي. وأخرجه أحمد 2/370، ومسلم (2797) في صفات المنافقين: باب قوله تعالى: (إِنَّ الْإِنْسَانَ لَيَطْغَى)، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 10/92، والطبري في "جامع البيان " 30/256، وأبو نعيم (158)، والبيهقي 2/89، والبغوي في "معالم التنزيل" 508-4/507 من طرق عن معتمر بن سليمان، بهذا الإسناد. وأورده السيوطي في "الدر المنثور " 8/565، وزاد نسبته لابن المنذر وابن مردويه.

سکتے ہیں۔اس ذات کی قسم! جس کے نام کا حلف اٹھایا جاتا ہے اگر میں نے انہیں ایسا کرتے ہوئے دیکھا تو میں ان کی گردن پر پاؤں رکھ دوں گا پھر وہ نبی اکرم ﷺ کی طرف آیا تا کہ آپ کی گردن پر پاؤں رکھے۔ نبی اکرم ﷺ اس وقت نماز ادا کر رہے تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں: تھوڑی ہی دیر کے بعد یوں لگا جیسے وہ اپنے ہاتھ کے ذریعے کسی چیز سے بچنا چاہتے ہیں اور وہ الٹے قدموں واپس مڑ گیا۔ دوسرے لوگ اس کے پاس آئے اور انہوں نے دریافت کیا: اے ابوالحکم آپ کو کیا ہوا ہے۔اس نے کہا: میرے اور ان کے درمیان آگ کی ایک خندق تھی اور ہولنا کی تھی اور پر تھے۔(یعنی غیر مرئی مخلوق تھی)

ابو معتمر نامی راوی نے یہ الفاظ نقل کئے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''کیا تم نے اس شخص کو دیکھا جو اس بندے کو روک رہا تھا جو نماز ادا کر رہا تھا''۔ یہ آیت آخر تک ہے۔

''تو اسے چاہئے کہ وہ اپنی نادی کو بلالے''یعنی اپنی قوم کو بلالے۔

''ہم زبانیہ کو بلالیں گے''یعنی فرشتوں کو

''تم اس کی بات نہ مانو''۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو یہ حکم دیا کہ اس سورت کے آخر میں سجدہ تلاوت کرنا ہے۔

راوی کہتے ہیں: معتمر کے حوالے سے یہ روایت بھی ہم تک پہنچی ہے کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''اگر وہ میرے قریب ہوتا تو فرشتے اس کا ایک ایک عضوا چک لیتے''۔

ذِكْرُ تَسْمِيَةِ الْمُشْرِكِينَ صَفِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصُّنَيْبِيرَ وَالْمُنْبَتِرَ

اس بات کا تذکرہ مشرکین نے اللہ کے محبوب ﷺ کو صنیبر اور منبتر (یعنی جس کی اولاد نرینہ نہ ہونے کی وجہ سے اس کی نسل ختم ہو جائے) کا نام دیا

6572 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدَ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا قَدِمَ كَعْبُ بْنُ الْاَشْرَفِ مَكَّةَ اَتَوْهُ، فَقَالُوا: نَحْنُ اَهْلُ السِّقَايَةِ وَالسِّدَانَةِ، وَاَنْتَ سَيِّدُ

6572- إسناده صحيح على شرط الصحيح. ابن أبي عدي: هو محمد بن إبراهيم .وأخرجه الطبري في "جامع البيان" 30/330 عن محمد بن بشار بهذا الإسناد.وأخرجه الطبري (9786) ، والبزار كما في "تفسير ابن كثير" 4/598 من طريقين عن ابن أبي عدي، به، وقال ابن كثير: وهو إسناد صحيح.وأخرجه البزار (2293) عن الحسن بن علي الواسطي، عن يحيى بن راشد، عن داود بن أبي هند، به.وأخرجه الطبراني (11645) من طريق يونس بن سليمان الحمال، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دينار، عن عكرمة، به. وأورده الهيثمي في " المجمع " 6-7/5/7، وقال: فيه يونس بن سليمان الحمال، ولم أعرفه، وبقية رجاله رجال الصحيح.

اَهْلِ يَثْرِبَ، فَنَحْنُ خَيْرٌ اَمْ هٰذَا الصُّنَيْبِيرُ الْمُنْبَتِرُ مِنْ قَوْمِهِ، يَزْعُمُ اَنَّهُ خَيْرٌ مِّنَّا، فَقَالَ: اَنْتُمْ خَيْرٌ مِّنْهُ، فَنَزَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ) (الكوثر: 3)، وَنَزَلَتْ: (اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا نَصِيْبًا مِنَ الْكِتَابِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا هٰؤُلَاءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا سَبِيْلًا) (النساء: 51)

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب (یہودیوں کا سردار) کعب بن اشرف مکہ آیا تو لوگ اس کے پاس آئے اور بولے ہم سقایہ کو سدانہ کی خدمات سرانجام دیتے ہیں اور آپ اہل یثرب کے سردار ہیں۔ ہم زیادہ بہتر ہیں یا یہ صاحب زیادہ بہتر ہیں جو اپنی قوم سے لاتعلق ہو چکے ہیں اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ وہ ہم سے بہتر ہیں تو کعب بن اشرف نے کہا: تم لوگ ان سے بہتر ہو تو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول پر یہ آیت نازل کی۔

''بے شک تمہارے دشمن کا نام ونشان نہیں رہے گا۔''

اور یہ آیت نازل ہوئی:

''کیا تم نے ان لوگوں کی طرف دیکھا جنہیں کتاب میں سے حصہ دیا گیا لیکن وہ پھر بھی جبت اور طاغوت پر ایمان رکھتے ہیں اور کافروں سے کہتے ہیں کہ وہ لوگ ان لوگوں کے مقابلے میں زیادہ ہدایت یافتہ ہیں جو ایمان لائے۔''

ذِكْرُ سُؤَالِ الْمُشْرِكِيْنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَرْدَ الْفُقَرَاءِ عَنْهُ

اس بات کا تذکرہ مشرکین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مطالبہ کیا کہ وہ غریب لوگوں کو اپنے سے دور کر دیں

6573 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ الْحَارِثِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ سِتَّةُ نَفَرٍ، فَقَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: اطْرُدْ هٰؤُلَاءِ عَنْكَ، فَاِنَّهُمْ وَاِنَّهُمْ، وَكُنْتُ اَنَا وَابْنُ مَسْعُوْدٍ وَّرَجُلٌ مِّنْ هُذَيْلٍ، وَبِلَالٌ، وَرَجُلَانِ نَسِيْتُ اَحَدَهُمَا، قَالَ:

6573– إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه في "صحيحه" (2413) في فضائل الصحابة: باب في فضل سعد بن أبي وقاص -رضي الله عنه- من طريق إسرائيل بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/289، وابن ماجه (4128) في الزهد: باب مجالسة الفقراء، وعبد بن حميد (131)، والطبري في "جامع البيان" (13263)، وصححه الحاكم 3/319 من طرق عن المقدام بن شريح به. وأورده السيوطي في "الدر المنثور" 3/13، وزاد نسبته لأحمد، وللفريابي، وابن المنذر، وابن أبي حاتم، وأبي الشيخ، وابن مردويه، وأبي نعيم في "الحلية"، والبيهقي في "الدلائل".

6574– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 3/99، والترمذي (3052) في التفسير: باب ومن سورة آل عمران عن هشيم، والترمذي (3503) عن يزيد بن هارون بهذا الإسناد. وقال الترمذي: حسن صحيح. وأخرجه أحمد 3/206، وابن ماجة (4027) في الفتن: باب الصبر على البلاء، والطبري في "جامع البيان" (7805) و (7806) و (7807) وابن إسحاق في "السيرة" 3/84، والواحدي في "أسباب النزول" ص 80، والبغوي (3748) من طرق عن حميد الطويل به. وانظر ما بعده.

فَوَقَعَ فِي نَفْسِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ ذٰلِكَ مَا شَاءَ اللّٰهُ، وَحَدَّثَ بِهِ نَفْسَهُ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ: (وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهُ) (الأنعام: 52) إِلٰى قَوْلِهٖ: (الظّٰلِمِيْنَ) (الأنعام: 52)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ ہم چھ آدمی تھے۔ مشرکین نے کہا: ان لوگوں کو اپنے سے دور کردیں یہ لوگ ایسے ہیں اور ویسے ہیں (راوی کہتے ہیں:) میں تھا' عبداللہ بن مسعود تھے۔ ہذیل قبیلے سے تعلق رکھنے والا ایک شخص تھا بلال تھے اور دو آدمی اور تھے جن میں سے میں ایک کو بھول چکا ہوں۔ راوی کہتے ہیں: تو اس بارے میں جو اللہ کو منظور تھا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذہن میں خیال آیا اور آپ نے اسے اپنے ذہن میں اسے سوچا (کہ ہم لوگوں کو اپنے پاس سے اٹھا دیتے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اور تم ان لوگوں کو پرے نہ کرو' جو صبح وشام اپنے پروردگار کی عبادت کرتے ہیں اور وہ صرف اس کی رضامندی چاہتے ہیں'' یہ آیت یہاں تک ہے ''ظلم کرنے والے''۔

ذِكْرُ مَا أُصِيْبَ مِنْ وَجْهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ إِظْهَارِهٖ رِسَالَةَ رَبِّهٖ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پروردگار کی رسالت کی تبلیغ کے وقت چہرے پر (زخم لاحق ہوئے تھے)

6574 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَا: حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ:

(متن حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ يَوْمَ أُحُدٍ، وَشُجَّ وَجْهُهُ حَتّٰى سَالَ الدَّمُ عَلٰى وَجْهِهٖ، فَقَالَ: كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ فَعَلُوا هٰذَا بِنَبِيِّهِمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَدْعُوْهُمْ إِلٰى رَبِّهِمْ، فَنَزَلَتْ: (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ) (آل عمران: 128)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ اُحد کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کے دانت زخمی ہو گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ زخمی ہو گیا' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے سے خون بہنے لگا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایسی قوم کیسے فلاح پا سکتی ہے' جو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یہ سلوک کرتی ہے حالانکہ وہ ان کو ان کے پروردگار کی طرف دعوت دیتا ہے تو یہ آیت نازل ہوئی:

''تمہارا اس معاملے سے کوئی واسطہ نہیں ہے' خواہ اللہ تعالیٰ انہیں توبہ کی توفیق دے' یا انہیں عذاب دے' بے شک یہ لوگ ظلم کرنے والے ہیں۔''

ذِكْرُ احْتِمَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّدَائِدَ فِيْ اِظْهَارِ مَا اَمَرَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو (جو تبلیغ) کرنے کا حکم دیا' اس کے اظہار میں نبی اکرم ﷺ نے جو تکالیف برداشت کیں' ان کا تذکرہ

6575 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَوْمَ اُحُدٍ يَسْلُتُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: كَيْفَ يُفْلِحُ قَوْمٌ شَجُّوا نَبِيَّهُمْ، وَكَسَرُوا رَبَاعِيَتَهُ، وَهُوَ يَدْعُوْهُمْ اِلَى اللّٰهِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ) (آل عمران: 128)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ اُحد کے موقع پر نبی اکرم ﷺ اپنے چہرے سے خون پونچھ رہے تھے اور یہ فرما رہے تھے۔ ایسی قوم کیسے فلاح پا سکتی ہے' جو اپنے نبی کو زخمی کر دیتی ہے اور ان کے دانتوں کو زخمی کر دیتی ہے حالانکہ وہ نبی ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''تمہارا اس معاملے سے کوئی واسطہ نہیں ہے۔''

6576 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متنِ حدیث): كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَكٰى نَبِيًّا مِنَ الْاَنْبِيَاءِ ضَرَبَهُ قَوْمُهُ حَتّٰى اَدْمَوْا وَجْهَهُ فَجَعَلَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ، وَيَقُوْلُ: رَبِّ اغْفِرْ لِقَوْمِي فَاِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: گویا کہ میں اس وقت بھی نبی اکرم ﷺ کی طرف دیکھ رہا ہوں کہ

6575- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/253 و 288، ومسلم (1791) في الجهاد: باب غزوة أحد، والواحدي في "أسباب النزول" ص 81-80، والبيهقي في "دلائل النبوة" 3/262 من طريقين عن حماد بن سلمة بهذا الإسناد.

6576- إسناده صحيح. رجاله رجال الشيخين غير عبد الغفار بن عبد الله الزبيري، فقد ذكره المؤلف في "الثقات" 8/421، وقال: من أهل الموصل، كنيته أبو نصر، يروي عن علي بن مسهر، حدثنا عنه الحسن بن إدريس الأنصاري والمواصلة. مات سنة أربعين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل. وذكره ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل" 6/54، وأفاد بأن إبراهيم بن يوسف الهسنجاني قد روى عنه. والحديث في "مسند أبي يعلى" (5072). وأخرجه أحمد 1/380 و 432 و 441، والبخاري (3477) في الأنبياء: باب رقم (54)، و (6929) في استتابة المرتدين: باب رقم (5)، ومسلم (1792) في الجهاد: باب غزوة أحد، وابن ماجه (4025) في الفتن: باب الصبر على البلاء، وأبو يعلى (5205) و (5216)، والبغوي (3749) من طرق عن الأعمش، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/427 و 457-456، وأبو يعلى (4992)، من طريق حماد بن زيد، وأحمد 1/453 عن حماد بن سلمة، كلاهما عن عاصم بن أبي النجود، عن شقيق أبي وائل، بنحوه.

نبی اکرم ﷺ نے ایک نبی کی حکایت بیان کرتے ہوئے کہا کہ ان کی قوم کے افراد نے انہیں اتنا مارا کہ ان کے چہرے کو زخمی کر دیا تو وہ نبی ﷺ اپنے چہرے سے خون کو پونچھ رہے تھے اور یہ کہہ رہے تھے: اے میرے پروردگار! تو میری قوم کی مغفرت کر دے کیونکہ وہ لوگ علم نہیں رکھتے۔

6577 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَمِيَتْ اُصْبُعُهُ فِيْ بَعْضِ الْمَشَاهِدِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

هَلْ اَنْتَ اِلَّا اُصْبُعٌ دَمِيتِ   وَفِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتِ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کسی جنگ میں نبی اکرم ﷺ کی انگلی زخمی ہوگئی تو آپ نے فرمایا:
''تم صرف ایک انگلی ہو، جس سے خون بہہ رہا ہے اور تمہیں اللہ کی راہ میں اس صورت حال کا سامنا کرنا پڑا ہے۔''

ذِكْرُ وَصْفِ غَسْلِ الدَّمِ عَنْ وَجْهِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ شُجَّ

اس بات کا تذکرہ، جب نبی اکرم ﷺ کا چہرہ زخمی ہوا تو آپ ﷺ کے چہرے سے خون کو کیسے دھویا گیا

6578 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ،

(متن حدیث): قَالَ: سَاَلُوا سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ: بِاَيِّ شَيْءٍ دُووِيَ جُرْحُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا

6577– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير خلف بن هشام البزار، فمن رجال مسلم. وهو في "مسند أبي يعلى" (1533) .وأخرجه البخاري (2802) في الجهاد: باب من ينكب في سبيل الله، ومسلم (1796) في الجهاد: باب ما لقي النبي - صلى الله عليه وسلم - من أذى المشركين والمنافقين، والطبراني في "الكبير" (1708) من طرق عن أبي عوانة، بهذا الإسناد .واخرجه الحميدي (776) ، وأحمد 4/312 و313، والبخاري (6146) في الأدب: باب ما يجوز من الشعر والرجز، ومسلم، وابن أبي شيبة 8/716، والترمذي (3345) في تفسير سورة الضحى، والطبراني (1703) ... (1707) ، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 4/299، والبيهقي في "دلائل النبوة" 44-43/7، والبغوي (3401) من طرق عن الأسود، به.

6578– إسناده صحيح على شرط الشيخين. نصر بن علي: هو ابن نصر بن علي الجهضمي، وسفيان: هو ابن عيينة، وأبو حازم: هو سلمة بن دينار .وأخرجه الحميدي (929) ، وأحمد 5/330، والبخاري (243) في الوضوء : باب غسلِ المرأة أباها الدَّمَ عن وجهه، و (3037) في الجهاد: باب دواء الجرح بإحراق الحصير، و (5248) في النكاح: باب (ولا يبدين زينتهن إلا لبعولتهن) ، ومسلم (1790) (103) في الجهاد: باب غزوة أحد، والترمذي (2085) في الطب: باب التداوي بالرماد، والطبراني في " الكبير " (5916) ، من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/334، والبخاري (2903) في الجهاد: باب المِجَنّ ومن يتترس بترس صاحبه، و (4075) في المغازي: باب ما أصاب النبي - صلى الله عليه وسلم - من الجرح يوم أحد، و (5722) في الطب: باب حرق الحصير لسدِّ الدَّمِ، ومسلم، والبيهقي في "دلائل النبوة" 3/261 من طرق عن أبي حازم، به. وانظر ما بعده.

بَقِیَ مِنَ النَّاسِ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّی، کَانَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَجِیءُ بِالْمَاءِ فِیْ شَنَّةٍ، وَفَاطِمَةُ تَغْسِلُ الدَّمَ، فَاُخِذَ حَصِیرٌ، فَاُحْرِقَ، فَدُوِیَ بِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

ابوحازم بیان کرتے ہیں: لوگوں نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زخم پر کس چیز کے ذریعے دوا لگائی گئی تھی تو انہوں نے فرمایا: اب لوگوں میں کوئی شخص ایسا باقی نہیں رہا جو اس بارے میں مجھ سے زیادہ علم رکھتا ہو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ مشکیزے میں پانی لے کر آئے تھے۔ سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا خون کو دھو رہی تھیں پھر چٹائی لی گئی اسے جلایا گیا تو اسے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زخم پر) لگا دیا گیا۔

ذِکْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ رَبَاعِيَةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا كُسِرَتْ هُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلٰى رَاْسِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کے دانت شہید ہو گئے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر پر موجود خود ٹوٹ گیا تھا

6579 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْمُثَنّٰی، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِبْرَاهِیْمَ التَّرْجُمَانِیُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا سَاَلَهٗ عَنْ جُرْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: جُرِحَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَكُسِرَتْ رَبَاعِیَتُهٗ، وَهُشِمَتِ الْبَیْضَةُ عَلٰی رَاْسِهٖ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَغْسِلُ الدَّمَ، وَعَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَسْكُبُ الْمَاءَ عَلَیْهَا بِالْمِجَنِّ، فَلَمَّا رَاَتْ فَاطِمَةُ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ الْمَاءَ لَا یَزِیْدُ الدَّمَ اِلَّا كَثْرَةً اَخَذَتْ قِطْعَةً مِنْ حَصِیرٍ، فَاَحْرَقَتْهُ حَتّٰی اِذَا صَارَ رَمَادًا اَلْصَقَتْهُ بِالْجُرْحِ فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ

ابوحازم کے صاحبزادے اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نے حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زخمی ہونے کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ زخمی ہو گیا تھا اور آپ کے سامنے کے دانت زخمی ہو گئے تھے اور خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر پر لگا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا خون کو دھو رہی تھیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ ڈھال کے ذریعے اس پر پانی بہا رہے تھے جب سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے دیکھا کہ پانی ڈالنے کے نتیجے میں خون زیادہ

6579- إسناده صحيح أبو إبراهيم الترجماني: هو إسماعيل بن إبراهيم بن بسام لا بأس به، روى له النسائي، وهو متابع ومن فوقه من رجال الشيخين. ابن أبي حازم: اسمه عبد العزيز، وهو في "مسند أبي يعلى" 352/1. وأخرجه البخاري (2911) في الجهاد: باب لبس البيضة، ومسلم (1790) في الجهاد: باب غزوة أحد، وابن ماجه (3464) في الطب: باب دواء الجراحة، والطبراني في "الكبير" (5897)، والبيهقي في "دلائل النبوة" 260-3/259 و 260 من طرق عن ابن أبي حازم، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

نکل رہا ہے تو انہوں نے چٹائی کا ایک ٹکڑا لیا اور اسے جلایا' یہاں تک کہ جب وہ راکھ بن گئی تو انہوں نے وہ راکھ اس زخم پر لگادی تو خون رک گیا۔

ذِكْرُ عِنَادِ بَعْضِ اَهْلِ الْكِتَابِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اہل کتاب میں سے کچھ لوگوں کا نبی اکرم ﷺ کے ساتھ عناد رکھنے کا تذکرہ

6580 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ سَالِمٍ، حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ كُلَيْبٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِي، عَنِ الْفَلْتَانِ بْنِ عَاصِمٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا قُعُوْدًا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ، فَشَخَصَ بَصَرُهُ اِلٰى رَجُلٍ يَمْشِي فِي الْمَسْجِدِ، فَقَالَ: يَا فُلَانُ اَتَشْهَدُ اَنِّي رَسُوْلُ اللّٰهِ؟، قَالَ: لَا، قَالَ: اَتَقْرَاُ التَّوْرَاةَ؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَالْاِنْجِيلَ؟، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَالْقُرْآنَ، قَالَ: وَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ اَشَاءُ لَقَرَاْتُهُ، قَالَ: ثُمَّ اَنْشَدَهُ، فَقَالَ: تَجِدُنِيْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيلِ؟، قَالَ: نَجِدُ مِثْلَكَ، وَمَثَلَ اُمَّتِكَ، وَمَثَلَ مُخْرِجِكَ، وَكُنَّا نَرْجُو اَنْ تَكُوْنَ فِينَا، فَلَمَّا خَرَجْتَ تَخَوَّفْنَا اَنْ تَكُوْنَ اَنْتَ، فَنَظَرْنَا فَاِذَا لَيْسَ اَنْتَ هُوَ، قَالَ: وَلِمَ ذَاكَ؟ قَالَ: اِنَّ مَعَهُ مِنْ اُمَّتِهِ سَبْعِيْنَ اَلْفًا، لَيْسَ عَلَيْهِمْ حِسَابٌ، وَلَا عِقَابٌ، وَاِنَّ مَا مَعَكَ نَفَرٌ يَسِيْرٌ، قَالَ: فَوَالَّذِيْ نَفْسِي بِيَدِهِ لَاَنَا هُوَ، وَاِنَّهَا لَاُمَّتِي، وَاِنَّهُمْ لَاَكْثَرُ مِنْ سَبْعِيْنَ اَلْفًا وَسَبْعِيْنَ اَلْفًا وَسَبْعِيْنَ اَلْفًا

حضرت فلتان بن عاصم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کی طرف دیکھا جو مسجد میں چل رہا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم اس بات کی گواہی دیتے ہو کہ میں اللہ کا رسول ﷺ ہوں اس نے جواب دیا: جی نہیں نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا تم تورات کی تلاوت کرتے ہو۔ اس نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: انجیل کی اس نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: قرآن کی۔ اس نے کہا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اگر میں چاہوں' تو اس کا علم بھی حاصل کرلوں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں خدا کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں کیا تم نے میرا ذکر تورات اور انجیل میں پایا ہے تو اس نے بتایا ہمیں (تورات میں) آپ کا آپ کی اُمت کا آپ کے نکلنے کا (یا ہجرت کے مقام کا) ذکر ملتا ہے اور ہمیں یہ امید تھی کہ آپ ہمارے درمیان (یعنی یہودیوں کے درمیان) مبعوث ہوں گے لیکن جب آپ کا ظہور ہوا تو ہمیں یہ اندیشہ ہوا کہ وہ آپ نہ ہوں

6580- حديث حسن. عبد العزيز بن سالم لم أقف له على ترجمة، وهو متابع، ومن فوقه من رجال الصحيح غير كليب بن شهاب والد عاصم، فقد روى له أصحابُ السنن، وهو صدوق .وأخرجه البزار (3554) ، والطبراني في "الكبير" /18 (854) من طريق عفان، والطبراني من طريق يحيى الحماني، كلاهما عن عبد الواحد بن زياد، بهذا الإسناد .وقال البزار: لا نعلم أحداً يرويه عَنْ رسولِ اللّٰهِ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - إلا بهذا الإسناد.وأخرجه الطبراني /18 (855) ، وابن منده في "الصحابة" فيما نقله عنه الحافظ في "الإصابة" 3/204 من طريق صالح بن عمر، عن عاصم بن كليب، به .وأورده الحافظ الهيثمي في "المجمع" 8/242، وقال: رواه الطبراني ورجاله ثقات من أحد الطريقين، وأورده أيضاً 10/408، وقال: رواه البزار ورجاله ثقات.

لیکن جب ہم نے اس بارے میں تحقیق کی تو وہ آپ ﷺ نہیں ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: وہ کیوں؟ اس نے کہا: اس کی وجہ یہ ہے کہ اس نبی کے ہمراہ ان کی اُمت کے ستر ہزار ایسے لوگ ہوں گے جن پر کوئی حساب نہیں ہوگا اور انہیں کوئی عذاب نہیں ہو گا جب کہ آپ کے ساتھ تو بہت تھوڑے سے لوگ ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس کے دست قدرت میں میری جان ہے وہ (نبی جس کا ذکر تورات اور انجیل میں ہے) وہ میں ہی ہوں اور یہ میری اُمت ہے اور (اس کے جنت میں داخل ہونے والے لوگوں کی تعداد (ستر ہزار اور مزید ستر ہزار اور مزید ستر ہزار سے بھی زیادہ ہوگی۔)

ذِكْرُ بَعْضِ مَا كَانَ يُقَاسِي الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُنَافِقِينَ بِالْمَدِينَةِ

ان بعض تکالیف کا تذکرہ جو مدینہ منورہ میں منافقین کی طرف سے نبی اکرم ﷺ کو پیش آئی تھیں

6581 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ حِمَارًا وَعَلَيْهِ اِكَافٌ وَّتَحْتَهُ قَطِيفَةٌ، فَرَكِبَ وَاَرْدَفَ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ وَّهُوَ يَعُودُ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ فِي بَنِي الْحَارِثِ فِي الْخَزْرَجِ، وَذٰلِكَ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ حَتّٰى مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيهِ اَخْلَاطٌ مِّنَ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُشْرِكِينَ وَعَبَدَةُ الْاَوْثَانِ وَالْيَهُودُ، وَمِنْهُمْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ، وَفِي الْمَجْلِسِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ، فَلَمَّا غَشِيَتِ الْمَجْلِسَ عَجَاجَةُ الدَّابَّةِ خَمَّرَ عَبْدُ اللّٰهِ اَنْفَهُ بِرِدَائِهِ، ثُمَّ قَالَ: لَا تُغَبِّرُوا عَلَيْنَا، فَسَلَّمَ عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. وَوَقَفَ عَلَيْهِمْ، فَدَعَاهُمْ اِلَى اللّٰهِ، وَقَرَاَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ: اَيُّهَا الْمَرْءُ، لَاَحْسَنُ مِنْ هٰذَا اِنْ كَانَ مَا تَقُولُ حَقًّا، فَلَا تُؤْذِنَا فِي مَجَالِسِنَا، وَارْجِعْ اِلٰى رَحْلِكَ، فَمَنْ جَاءَكَ مِنَّا فَاقْصُصْ عَلَيْهِ.

فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ: بَلِ اغْشَنَا فِي مَجَالِسِنَا، فَاِنَّا نُحِبُّ ذٰلِكَ، فَاسْتَبَّ الْمُسْلِمُونَ وَالْمُشْرِكُونَ وَالْيَهُودُ حَتّٰى هَمُّوا اَنْ يَّثُورُوا، فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ حَتّٰى سَكَتُوا، ثُمَّ رَكِبَ دَابَّتَهُ، فَدَخَلَ عَلٰى سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، وَقَالَ: اَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالَ اَبُو حُبَابٍ؟ يُرِيدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اُبَيٍّ، قَالَ كَذَا وَكَذَا، قَالَ سَعْدٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اعْفُ، فَوَاللّٰهِ لَقَدْ اَعْطَاكَ اللّٰهُ، وَلَقَدِ اصْطَلَحَ اَهْلُ هٰذِهِ الْبُحَيْرَةِ عَلٰى اَنْ تَوَّجُوهُ بِالْعِصَابَةِ،

6581– حديث صحيح. ابن أبي السَّري قد توبع، ومن فوقه على شرط الشيخين، وهو في "مصنف عبد الرزاق" (9784). ومن طريقه أخرجه أحمد 5/203، ومسلم (1798) في الجهاد والسير: باب فِي دُعَاءِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وصبره على أذى المنافقين، والبيهقي في "دلائل النبوة" 2/576-578. وأخرجه ابن إسحاق في "السيرة" 2/236-238، والبخاري (4566) في التفسير: باب (وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَمِنَ الَّذِينَ أَشْرَكُوا أَذًى كَثِيرًا) و (5663) في المرضى: باب عيادة المريض راكباً وماشياً، و (6207) في الأدب: باب كنية المشرك، و (6254) في الاستئذان: باب التسليم في مجلس فيه أخلاط من المسلمين والمشركين، ومسلم، والنسائي في "السنن الكبرى" كما في "تحفة الأشراف" 1/53، وعمر بن شبة في "تاريخ المدينة" 1/356-357، والبيهقي في "الدلائل" من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد.

فَلَمَّا رَدَّ اللّٰهُ ذٰلِكَ بِالْحَقِّ الَّذِي اَعْطَاكَهُ، شَرِقَ بِذٰلِكَ، فَذٰلِكَ الَّذِي عَمِلَ بِهِ مَا رَاَيْتَ، فَعَفَا عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت اسامہ بن زید بن حارثہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گدھے پر سوار ہوئے جس پر پالان موجود تھا' اور اس کے نیچے چادر تھی۔ آپ نے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو اپنے پیچھے بٹھا لیا۔ آپ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لئے بنو حارث کے محلے کی طرف تشریف لے گئے۔ یہ غزوہ بدر سے پہلے کا واقعہ ہے۔ آپ کا گزران کی ایک محفل سے ہوا جس میں کچھ مسلمان اور مشرکین اور بتوں کے پجاری اور یہودی بیٹھے ہوئے تھے۔ ان میں عبداللہ بن اُبی بھی تھا۔ اس محفل میں حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے۔ جب اس جانور کے پاؤں کی غبار اس محفل تک پہنچی تو عبداللہ نے اپنی چادر اپنے ناک پر رکھ لی پھر اس نے کہا: ہم پر غبار نہ اڑائیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو سلام کیا ان لوگوں کے پاس ٹھہر گئے آپ نے ان لوگوں کو اللہ کی طرف آنے کی دعوت دی اور ان کے سامنے قرآن کی تلاوت کی تو عبداللہ بن اُبی نے کہا: اے صاحب آپ جو باتیں کر رہے ہیں اگر وہ سچی ہیں تو زیادہ مناسب یہ ہے کہ آپ ہمیں ہماری محفل میں تکلیف نہ پہنچائیں۔ آپ اپنی رہائشی جگہ پر تشریف لے جائیں۔ ہم میں سے جو شخص آپ کے پاس آیا کرے آپ اس کے سامنے یہ سب کچھ بیان کر دیا کریں۔ اس پر حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: بلکہ آپ ہمارے ہاں ہماری محفل میں تشریف لایا کریں۔ ہمیں یہ بات پسند ہے اس بات پر مسلمانوں مشرکین اور یہودیوں کے درمیان تو تکرار ہوگئی' یہاں تک کہ ان لوگوں نے لڑنے کا ارادہ کر لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں مسلسل خاموش کروانے کی کوشش کرتے رہے' یہاں تک کہ وہ لوگ خاموش ہو گئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر سوار ہوئے اور حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے ہاں تشریف لے آئے۔ آپ نے فرمایا: کیا تم نے سنا کہ ابوحباب نے کیا کہا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد عبداللہ بن اُبی تھا۔ اس نے یہ یہ بات کہی ہے تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ اس سے درگزر کیجئے۔ اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو مرتبہ اور مقام عطا کیا ہے اس سے پہلے یہاں کے رہنے والے لوگوں نے اس بات پر اتفاق کر لیا تھا کہ اسے یہاں کا بڑا سردار بنا دیں گے لیکن جب اللہ تعالیٰ نے آپ کی تشریف آوری کے ذریعے اس کی یہ خواہش پوری نہیں کی تو وہ اس بات پر جل بھن گیا۔ اسی وجہ سے اس نے یہ طرز عمل اختیار کیا جو آپ نے ملاحظہ فرمایا ہے۔ (راوی کہتے ہیں:) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص سے درگزر کیا۔

6582 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَسَعَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ الْاَنْصَارِيُّ: يَا لِلْاَنْصَارِ، وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا لِلْمُهَاجِرِينَ، قَالَ فَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ، فَقَالَ: مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ؟، فَقَالُوا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِينَ كَسَعَ رَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: دَعُوهَا، فَاِنَّهَا مُنْتِنَةٌ، فَقَالَ عَبْدُ

6582- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر (5990).

اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ: قَدْ فَعَلُوهَا لَئِنْ رَجَعْنَا اِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ، فَقَالَ عُمَرُ: دَعْنِي يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَضْرِبُ عُنُقَ هٰذَا الْمُنَافِقِ، فَقَالَ: دَعْهُ، لَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ اَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ اَصْحَابَهُ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنَّهَا مُنْتِنَةٌ يُرِيْدُ: اَنَّهُ لَا قِصَاصَ فِيْ هٰذَا، وَكَذٰلِكَ قَوْلُهُمْ: فَاِنَّهَا ذَمِيمَةٌ وَّمَا اَشْبَهَهَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مہاجر اور ایک انصاری نے ایک دوسرے کی پٹائی کی۔ انصاری نے کہا: اے انصار (میری مدد کے لئے آؤ) مہاجر نے کہا: اے مہاجرین (میری مدد کے لئے آؤ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات سن لی۔ آپ نے فرمایا: یہ زمانہ جاہلیت کی طرح پکارنے کا کیا معاملہ ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک مہاجر نے ایک انصاری کو مارا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس چیز کو چھوڑ دو کیونکہ یہ بودار ہے۔ اس پر عبداللہ بن اُبی نے کہا: انہوں نے ایسا کیا ہے جب ہم مدینہ واپس جائیں گے تو ہم میں سے عزت دار لوگ وہاں سے ذلیل لوگوں کو نکال دیں گے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ مجھے موقع دیجئے کہ میں اس منافق کی گردن اڑا دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے چھوڑ دو! ورنہ لوگ یہ کہیں گے کہ محمد اپنے ساتھیوں کو قتل کروا دیتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "یہ چیز بودار ہے" اس سے آپ کی مراد یہ تھی کہ اس میں قصاص نہیں ہوگا۔ اسی طرح لوگوں کا یہ کہنا: "یہ چیز قابل مذمت ہے یا اس کی مانند جو دیگر الفاظ ہیں (ان سے یہی مراد ہے)

ذِكْرُ وَصْفِ مَا طِبَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ قُدُومِهِ الْمَدِينَةَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ منورہ تشریف لانے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کیے جانے والے جادو کی صفت کا تذکرہ

6583 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): سَحَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُودِيٌّ مِّنْ بَنِي زُرَيْقٍ يُقَالُ لَهُ: لَبِيدُ بْنُ الْاَعْصَمِ حَتّٰى كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ اَنَّهُ يَفْعَلُ الشَّيْءَ، وَمَا يَفْعَلُهُ حَتّٰى اِذَا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ اَوْ ذَاتَ لَيْلَةٍ دَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ دَعَا ثُمَّ قَالَ: يَا عَائِشَةُ اَشَعُرْتِ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ اَفْتَانِي فِيمَا اسْتَفْتَيْتُهُ، قَدْ جَاءَنِي رَجُلَانِ فَجَلَسَ اَحَدُهُمَا عِنْدَ رَاْسِي وَجَلَسَ الْاٰخَرُ عِنْدَ رِجْلَيَّ، فَقَالَ الَّذِي عِنْدَ رِجْلَيَّ لِلَّذِي عِنْدَ

6583- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه ابن أبي شيبة 8/30-31، وأحمد 6/57، ومسلم (2189) في السلام: باب السحر، وابن ماجه (3545) في الطب: باب السحر، من طريق عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/63 و 96، والبخاري (3175) في الجزية: باب هل يعفى عن الذمي إذا سحر، و (5765) في الطب: باب هل يستخرج السحر، و (5766) باب السحر، و (6063) في الأدب: باب قول الله تعالى: (إِنَّ اللَّهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ)، و (6391) في الدعاء: باب تكرير الدعاء، ومسلم (2189) (44) من طرق عن هشام بن عروة، به.

رَأْسِي: مَا وَجَعُ الرَّجُلِ؟ قَالَ: مَطْبُوبٌ، قَالَ: وَمَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ: لَبِيدُ بْنُ الْاَعْصَمِ، قَالَ: فِيْ اَيِّ شَيْءٍ؟ قَالَ: فِيْ مُشْطٍ وَّمُشَاطَةٍ وَّجُفِّ طَلْعَةِ ذَكَرٍ، قَالَ: وَاَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: فِيْ بِئْرِ ذِيْ ذَرْوَانَ قَالَ: فَاَتَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اُنَاسٍ مِنْ اَصْحَابِهِ، ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ فَكَاَنَّ مَاءَهَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ، وَلَكَاَنَّ نَخْلَهَا رُءُ وْسُ الشَّيَاطِيْنِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَهَلَّا اَحْرَقْتَهُ اَوْ اَخْرَجْتَهُ؟ ، قَالَ: اَمَّا اَنَا فَقَدْ عَافَانِيَ اللّٰهُ، وَكَرِهْتُ اَنْ اُثِيْرَ عَلَى النَّاسِ مِنْهُ شَيْئًا ، فَاَمَرَ بِهَا فَدُفِنَتْ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں بنوزریق سے تعلق رکھنے والے ایک یہودی جس کا نام لبید بن اعصم تھا۔اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کردیا' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں محسوس ہوتا کہ آپ نے کوئی کام کیا ہے۔حالانکہ آپ نے وہ کام نہیں کیا ہوتا تھا ایک دن اور ایک رات تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی کیفیت رہی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دعا مانگتے رہے پھر دعا مانگتے رہے۔ پھر آپ نے فرمایا: اے عائشہ! کیا تمہیں پتہ ہے اللہ تعالیٰ نے مجھے اس چیز کا جواب دیدیا ہے۔جس کے بارے میں' میں نے اس سے دریافت کیا: تھا۔میرے پاس دو آدمی (یعنی دو فرشتے) آئے۔ان میں سے ایک میرے سرہانے بیٹھ گیا اور دوسرا میرے پاؤں کے قریب بیٹھ گیا جو میرے پاؤں کے قریب بیٹھا تھا اس نے میرے سرہانے موجود شخص سے دریافت کیا: ان صاحب کو کیا تکلیف ہے۔اس نے جواب دیا: ان پر جادو ہوا ہے۔اس نے دریافت کیا۔ان پر کس نے جادو کیا ہے۔دوسرے نے جواب دیا: لبید بن اعصم نے پہلے نے دریافت کیا: کس چیز میں کیا ہے۔دوسرے نے جواب دیا: کنگھی میں اور کنگھی میں لگے ہوئے بالوں میں اور نر کھجور کے شگوفے میں پہلے نے دریافت کیا: وہ کہاں ہے۔دوسرے نے جواب دیا: ذی زروان کے کنویں میں ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب میں سے کچھ لوگوں کے ہمراہ اس کنویں کے پاس آئے جب آپ وہاں سے واپس تشریف لائے تو آپ نے فرمایا: اے عائشہ! اس کا پانی یوں تھا جیسے اس میں مہندی گھول دی گئی ہو اور وہاں کے کھجوروں کے درختوں کے سر شیطان کے سروں کی طرح تھے میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے اسے جلوا کیوں نہیں دیا' یا نکلوا کیوں نہیں دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے عافیت عطا کی تو مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ اس کے حوالے سے لوگوں میں کوئی خرابی پیدا کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان چیزوں کو دفن کردیا گیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6584 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، قَالَتْ:

(متن حدیث): سُحِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، سَحَرَهُ رَجُلٌ مِّنْ يَّهُوْدِ بَنِيْ زُرَيْقٍ يُقَالُ لَهُ: لَبِيدُ

6584- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأخرجه البخاري (3268) في بدء الخلق: باب صفة إبليس وجنوده، و (5763) في الطب: باب السحر، عن إبراهيم بن موسى، أخبرنا عيسى بن يونس، بهذا الإسناد. وانظر ما قبله.

بْنُ الْاَعْصَمِ، حَتّٰى كَانَ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ اَنَّهُ فَعَلَ الشَّيْءَ، وَلَمْ يَفْعَلْهُ، حَتّٰى اِذَا كَانَ ذَاتَ يَوْمٍ اَوْ لَيْلَةٍ، قَالَ: يَا عَائِشَةُ اَشَعَرْتِ اَنَّ اللّٰهَ اَفْتَانِي فِيمَا اسْتَفْتَيْتُهُ، اَتَانِي مَلَكَانِ فَقَعَدَ اَحَدُهُمَا عِنْدَ رَاْسِي، وَالْاٰخَرُ عِنْدَ رِجْلَيَّ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهِ: مَا وَجَعُ الرَّجُلِ؟ فَقَالَ الْاٰخَرُ: مَطْبُوبٌ، فَقَالَ: وَمَنْ طَبَّهُ؟ قَالَ: لَبِيدُ بْنُ الْاَعْصَمِ، قَالَ: فِي اَيِّ شَيْءٍ؟ قَالَ: فِي مُشْطٍ وَّمُشَاطَةٍ وَّجُفِّ طَلْعِ نَخْلَةٍ ذَكَرٍ، قَالَ: وَاَيْنَ هُوَ؟ قَالَ: فِي بِئْرِ ذَرْوَانَ قَالَتْ: وَاَتَاهَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَاسٍ مِنَ الصَّحَابَةِ، فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ كَاَنَّ مَاءَهَا نُقَاعَةُ الْحِنَّاءِ، وَكَاَنَّ رَاْسَ نَخْلِهَا رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَفَلَا اسْتَخْرَجْتَهَا؟ قَالَ: قَدْ عَافَانِيَ اللّٰهُ، وَكَرِهْتُ اَنْ اُثِيرَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ مِنْهُ شَرًّا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر جادو کر دیا گیا۔ بنو زریق سے تعلق رکھنے والے ایک یہودی شخص نے آپ پر جادو کیا۔ اس شخص کا نام لبید بن اعصم تھا' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یوں محسوس ہوتا تھا کہ جیسے آپ نے کوئی کام کیا ہے حالانکہ آپ نے وہ کام نہیں کیا ہوتا تھا۔ ایک دن یہی حالت رہی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! کیا تمہیں پتہ ہے میں نے اللہ تعالیٰ سے جس چیز کے بارے میں دریافت کیا تھا: اللہ تعالیٰ نے مجھے اس کے بارے میں بتا دیا ہے۔ میرے پاس دو فرشتے آئے۔ ان میں سے ایک میرے سرہانے بیٹھ گیا اور دوسرا میرے پاؤں کے قریب بیٹھ گیا۔ ان میں سے ایک نے دوسرے سے دریافت کیا۔ ان صاحب کو کیا تکلیف ہے۔ دوسرے نے جواب دیا۔ ان پر جادو ہوا ہے۔ پہلے نے دریافت کیا: ان پر کس نے جادو کیا ہے۔ دوسرے نے جواب دیا: لبید بن اعصم نے پہلے نے دریافت کیا: کس چیز میں کیا ہے۔ دوسرے نے جواب دیا: کنگھی میں اور کنگھی میں لگے ہوئے بالوں میں اور نر کھجور کے شگوفے میں پہلے نے دریافت کیا: وہ کہاں ہے۔ دوسرے نے جواب دیا: ذروان کے کنویں میں ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چند صحابہ کرام کے ہمراہ وہاں تشریف لے گئے (واپس آ کر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! اس کنویں کا پانی یوں تھا جیسے اس میں مہندی گھولی ہوئی ہو اور وہاں کے کھجوروں کے درختوں کے سرے یوں تھے جیسے شیاطن کے سر ہوں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے اسے نکلوا کیوں نہیں دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھے عافیت عطا کی تو مجھے یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میں اس کے حوالے سے مسلمانوں کے درمیان کوئی خرابی پھیلاؤں۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمُشْرِكِينَ بِالسِّنِينَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مشرکین کے خلاف قحط سالی کی دعا کرنے کا تذکرہ

6585 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، وَمَنْصُورٌ، عَنْ اَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا رَجُلٌ يُحَدِّثُ فِي كِنْدَةَ قَالَ: يَجِيءُ دُخَانٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَأْخُذُ بِأَسْمَاعِ الْمُنَافِقِينَ وَأَبْصَارِهِمْ، وَيَأْخُذُ الْمُؤْمِنَ كَهَيْئَةِ الزُّكَامِ، قَالَ: فَفَزِعْنَا، فَأَتَيْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ، قَالَ: وَكَانَ مُتَّكِئًا، فَغَضِبَ، فَجَلَسَ، وَقَالَ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ عَلِمَ شَيْئًا فَلْيَقُلْ بِهِ، وَمَنْ لَمْ يَعْلَمْ شَيْئًا فَلْيَقُلْ: اللّٰهُ أَعْلَمُ، فَإِنَّ مِنَ الْعِلْمِ أَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ لِمَا لَا يَعْلَمُ: لَا أَعْلَمُ، فَإِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَالَ لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (قُلْ مَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ أَجْرٍ وَمَا أَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ) (ص: 86) إِنَّ قُرَيْشًا دَعَا عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلَيْهِمْ بِسَبْعٍ كَسِنِي يُوسُفَ، فَأَخَذَتْهُمْ سَنَةٌ حَتّٰى هَلَكُوا فِيهَا، فَأَكَلُوا الْمَيْتَةَ وَالْعِظَامَ، وَيَرَى الرَّجُلُ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ كَهَيْئَةِ الدُّخَانِ، فَجَاءَهُ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، جِئْتَ تَأْمُرُ بِصِلَةِ الرَّحِمِ، وَقَوْمُكَ هَلَكُوا، فَادْعُ اللّٰهَ، فَقَرَأَ هٰذِهِ الْآيَةَ: (فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَأْتِي السَّمَاءُ بِدُخَانٍ مُبِينٍ يَغْشَى النَّاسَ هٰذَا عَذَابٌ أَلِيمٌ) (الدخان: 11) ، إِلَى قَوْلِهِ: (إِنَّا كَاشِفُو الْعَذَابِ قَلِيلًا إِنَّكُمْ عَائِدُونَ) (الدخان: 15) ، فَيُكْشَفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ إِذَا جَاءَ، ثُمَّ عَادُوا إِلَى كُفْرِهِمْ، فَذٰلِكَ قَوْلُهُ: (يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى) (الدخان: 16) ، فَذٰلِكَ يَوْمُ بَدْرٍ، (فَسَوْفَ يَكُونُ لِزَامًا) (الفرقان: 77) يَوْمَ بَدْرٍ، وَ (الم غُلِبَتِ الرُّومُ فِي أَدْنَى الْأَرْضِ وَهُمْ مِنْ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُونَ) (الروم: 1) ، وَالرُّومُ قَدْ مَضٰى، وَقَدْ مَضَتِ الْأَرْبَعُ

مسروق بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک شخص کندہ میں حدیث بیان کر رہا تھا کہ قیامت کے دن دھواں آئے گا تو وہ منافقین کی سماعت اور بصارت کو اپنی گرفت میں لے گا جبکہ مومن کو اس سے زکام کی سی کیفیت محسوس ہوگی۔ راوی کہتے ہیں: ہم اس بات سے گھبرا گئے پھر میں حضرت عبداللہ بن مسعود کی خدمت میں حاضر ہوا (انہیں یہ بات بتائی) وہ پہلے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ غصے میں آ گئے۔ پھر وہ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔ انہوں نے کہا: اے لوگو! جو شخص کسی چیز کے بارے میں علم رکھتا ہو وہ اس کے مطابق بیان کر دے اور جو شخص علم نہ رکھتا ہو وہ یہ کہہ دے کہ اللہ تعالیٰ زیادہ بہتر جانتا ہے کیونکہ علم ہونے میں یہ بات شامل ہے کہ آدمی کو جس چیز کے بارے میں علم نہیں ہے وہ اس کے بارے میں یہ کہہ دے۔ میں نہیں جانتا۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے

6585- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه الطبراني في "الكبير" (9048) ، وأبو نعيم في "الدلائل" (369) عن الفضل بن الحباب بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (1020) في الاستسقاء : باب إذا استشفع المشركون بالمسلمين عند القحط، و (4774) في تفسير سورة الروم، والطبراني (9048) ، والبغوي في "معالم التنزيل " 150-4/149 عن محمد بن كثير، به . وأخرجه الحميدي (116) ، وعنه البخاري (4693) في تفسير سورة يوسف: باب (وَرَاوَدَتْهُ الَّتِي هُوَ فِي بَيْتِهَا عَنْ نَفْسِهِ) ، عن سفيان، به. وأخرجه أحمد 1/441، والبخاري (4824) في تفسير سورة الدخان: باب (ثم تولوا عنه وقالوا معلم مجنون) ، والترمذي (3254) في التفسير: باب ومن سورة الدخان، من طريق شعبة، عن الأعمش ومنصور بن المعتمر، به. وأخرجه أحمد 381-1/380 و 431، والبخاري (1007) في الاستسقاء: باب دعاء النبي - صلى الله عليه وسلم -: "اجعلها عليهم سنين كسنيّ يوسف "، و (4821) في تفسير سورة الدخان: باب (يغشى الناس هذا عذاب أليم) ، و (4822) باب (ربنا اكشف عنا العذاب إنا مؤمنون) ، و (4823) باب (أنى لهم الذكرى وقد جاء هم رسول أمين) ، ومسلم (2798) (40) في صفات المنافقين: باب الدخان، والطبري في "جامع البيان" 25/111، والطبراني (9046) و (9047) ، والبيهقي في "الدلائل" 325-2/324، و 325 326-، والبغوي في "التفسير" 4/150 من طريق الأعمش، به. وأخرجه مسلم (2798) ، والطبري 25/112، والبيهقي 2/326 من طرق عن جرير، به.

نبی ﷺ سے یہ فرمایا ہے۔

''تم یہ فرمادو کہ میں اس پر تم سے کوئی معاوضہ نہیں چاہتا اور نہ ہی میں بناوٹ کرنے والوں میں سے ہوں۔''

(پھر حضرت عبداللہ نے وضاحت کی) نبی اکرم ﷺ نے قریش کے خلاف دعائے ضرر کی۔ آپ نے دعا کی۔

''اے اللہ تو ان لوگوں کے خلاف میری مدد کر جو حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے کی (قحط سالی کے) سات سالوں کے ذریعے ہو۔''

(حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) تو ان لوگوں کو قحط سالی نے اپنی لپیٹ میں لے لیا' یہاں تک کہ وہ لوگ اس قحط سالی کے دوران ہلاکت کا شکار ہونے لگے۔ وہ مردار اور ہڈیاں تک کھانے لگے' ان میں سے کوئی شخص آسمان کی طرف دیکھتا تھا تو اسے دھواں سا محسوس ہوتا تھا۔ ابوسفیان بن حرب نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: اے حضرت محمد ﷺ آپ صلہ رحمی کا حکم دینے کے لئے تشریف لائے ہیں جبکہ آپ کی قوم کے لوگ ہلاکت کا شکار ہو رہے ہیں۔ آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے تو نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی۔

''تم اس دن کا انتظار کرو جب آسمان واضح دھواں لے کر آئے گا' جو لوگوں کو اپنی لپیٹ میں لے گا اور یہ دردناک عذاب ہوگا۔''

یہ آیت یہاں تک ہے۔

''اگر ہم تھوڑا سا عذاب کم کر دیں تو تم لوگ دوبارہ لوٹ جاتے ہو۔''

جب وہ عذاب آیا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اسے ان لوگوں سے دور کر دیا تو وہ لوگ دوبارہ کفر کی طرف لوٹ گئے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے۔

''جس دن ہم بڑی گرفت کریں گے۔'' اس سے مراد غزوہ بدر ہے۔

''تو عنقریب لزام ہوگا'' اس سے مراد غزوہ بدر ہے۔

(ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''الف لام میم رومی مغلوب ہو گئے زمین کے کچھ حصے میں' اور وہ اپنے مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب آجائیں گے۔''

(پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) رومیوں والا معجزہ رونما ہو چکا ہے اور دیگر چار (معجزات بھی) گزر چکے ہیں۔

بَابُ مَرَضِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم ﷺ کے بیمار ہونے کا بیان

6586 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ يَعْقُوْبَ بْنَ عُتْبَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): رَجَعَ اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مِنْ جَنَازَةٍ بِالْبَقِيعِ، وَاَنَا اَجِدُ صُدَاعًا فِيْ رَاْسِي، وَاَنَا اَقُوْلُ: وَا رَاْسَاهُ، قَالَ: بَلْ اَنَا يَا عَائِشَةُ، وَا رَاْسَاهُ، ثُمَّ قَالَ: وَمَا ضَرَّكِ لَوْ مِتِّ قَبْلِي، فَغَسَّلْتُكِ، وَكَفَّنْتُكِ، وَصَلَّيْتُ عَلَيْكِ، ثُمَّ دَفَنْتُكِ؟ ، قُلْتُ: لَكَاَنِّي بِكَ اَنْ لَوْ فَعَلْتَ ذٰلِكَ قَدْ رَجَعْتَ اِلٰى بَيْتِي، فَاَعْرَسْتَ فِيْهِ بِبَعْضِ نِسَائِكَ، فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ بُدِءَ فِيْ وَجَعِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ایک دن نبی اکرم ﷺ بقیع میں جنازے میں شریک ہونے کے بعد میرے ہاں واپس تشریف لائے۔ مجھے سر میں درد محسوس ہو رہی تھی۔ میں نے کہا: ہائے میرا سر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بلکہ مجھے یہ کہنا چاہئے اے عائشہ! ہائے میرا سر' پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہیں تو کوئی نقصان نہیں ہے اگر تم مجھ سے پہلے فوت ہو جاتی ہو تو میں تمہیں غسل دوں گا۔ میں تمہیں کفن دوں گا میں تمہاری نماز جنازہ ادا کروں گا پھر میں تمہیں دفن کروں گا۔ میں نے عرض کی: جی ہاں جب آپ ایسا کرلیں گے' تو اس کے بعد آپ واپس میرے گھر تشریف لے جائیں گے' اور وہاں اپنی نئی زوجہ محترمہ کے ساتھ رات گزاریں گے' تو نبی اکرم ﷺ مسکرا دیئے۔ اس کے بعد نبی اکرم ﷺ کی اس بیماری کا آغاز ہوا جس میں آپ کا وصال ہوا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْعِلَّةَ قَدْ بَدَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِيْ بَيْتِ مَيْمُوْنَةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کی بیماری کا جب آغاز ہوا

6586- إسناده قوی. رجاله ثقات غير محمد بن إسحاق، وهو صدوق، وقد صرح بالتحديث فی رواية البيهقی فی "الدلائل" فـانتفت شبهة تدليسه. مـحـمد بن سلمة: هو الحرانی. وأخـرجه النسائی فی "الكبری" كما فی "التحفة" 11/482، والبيهقی فی "السنن" 3/396 عـن عمرو بن هشام، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/228، وعنه ابن ماجه (1465) فـی الجنائز: باب ما جاء فی غسـل الـرجـل امرأته وغسل المرأة زوجها، عن محمد بن سلمة . وأخـرجه البيهقی فی "السنن" 3/396 عـن أحمد بن بكار، عن محمد بن سلمة، به. وأخرجه عبد الرزاق (9754) عن معمر، عن الزهری، به. وأخرجه البيهقی فی "الدلائل" 169-168/.7/168 من طـريـق يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، حدثنا يعقوب بن عتبة، به. وقال البوصيری فی "مصباح الزجاجة" 1/95: اسناد رجاله ثقات، ورواه البخاری من وجه آخر مختصراً.

آپ ﷺ اس وقت سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھے

6587 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اَوَّلُ مَا اشْتَكَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ مَيْمُوْنَةَ، فَاشْتَدَّ مَرَضُهُ حَتّٰى اُغْمِيَ عَلَيْهِ، قَالَ: وَتَشَاوَرُوا فِي لَدِّهِ، فَلَدُّوْهُ، فَلَمَّا اَفَاقَ، قَالَ: مَا هٰذَا؟ اَفِعْلُ نِسَاءٍ جِئْنَ مِنْ هَاهُنَا، وَاَشَارَ اِلٰى اَرْضِ الْحَبَشَةِ، وَكَانَتْ اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ فِيهِنَّ، فَقَالُوا: كُنَّا نَتَّهِمُ بِكَ ذَاتَ الْجَنْبِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اِنْ كَانَ ذٰلِكَ لَدَاءٌ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَقْذِفَنِي بِهِ، لَا يَبْقَيَنَّ اَحَدٌ فِي الْبَيْتِ اِلَّا لُدَّ اِلَّا عَمَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَعْنِي عَبَّاسًا، قَالَ: فَلَقَدِ الْتَدَّتْ مَيْمُوْنَةُ يَوْمَئِذٍ، وَاِنَّهَا لَصَائِمَةٌ لِعَزِيمَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ کی بیماری کا آغاز سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں ہوا۔ نبی اکرم ﷺ کی بیماری شدید ہوگئی' یہاں تک کہ آپ پر بے ہوشی طاری ہوگئی۔

راوی بیان کرتے ہیں: گھر والوں نے اس بارے میں مشورہ دیا کہ آپ کے منہ میں دوائی ٹپکائی جائے۔ انہوں نے آپ کے منہ میں دوائی ٹپکا دی۔ جب آپ کو افاقہ محسوس ہوا تو آپ نے دریافت کیا: یہ کیا چیز ہے کیا یہ ان خواتین کا فعل ہے' جو اس طرف سے آئی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے حبشہ کی سرزمین کی طرف اشارہ کیا سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بھی ان خواتین میں شامل تھیں۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ہمیں یہ گمان ہوا کہ شاید آپ کو ذات الجنب کی بیماری لاحق ہوئی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: یہ وہ بیماری ہے جس میں اللہ تعالیٰ مجھے مبتلا نہیں کرے گا۔ اب گھر میں موجود ہر شخص کے منہ میں دوا ٹپکائی جائے گی۔ صرف نبی اکرم ﷺ کے چچا کے ساتھ ایسا نہیں کیا جائے گا یعنی حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس دن سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا نے بھی دوائی پی حالانکہ انہوں نے اس دن روزہ رکھا ہوا تھا لیکن انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے شدید اصرار پر ایسا کیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَ فِي عِلَّتِهِ نِسَاءَهُ اَنْ يَكُوْنَ تَمْرِيضُهُ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ نے اپنی بیماری کے دوران' اپنی ازواج سے یہ

6587- إسناده صحيح على شرط البخاري . رجاله رجال الشيخين غير على ابن المديني، فمن رجال البخاري. وهو في "مصنف عبد الرزاق " (9754) ، ومن طريقه أخرجه أحمد 6/438، والطبراني 24/ (372) ، وصححه الحاكم 4/202، ووافقه الذهبي، وكذا صححه الحافظ في " الفتح " 8/148. وذكره الهيثمي في " المجمع " 9/33، وقال: رواه أحمد ورجالهُ رجالُ الصحيح. واللدود: من الأدوية ما يُسقاه المريض في أحد شِقَّي الفم، ولديدا الفم: جانباه. وقوله: "لَا يَبْقَيَنَّ أَحَدٌ فِي الْبَيْتِ إِلَّا لُدَّ "، قال ابن الأثير: فعل ذلك عقوبة لهم، لأنهم لدُّوه بغير إذنه.

فرمائش کی کہ آپ ﷺ اپنی بیماری کے ایام سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گزاریں گے

6588 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ عَائِشَةَ قُلْتُ: اَخْبِرِينِيْ عَنْ مَرَضِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اشْتَكَى، فَعَلِقَ يَنْفُثُ، فَجَعَلْنَا نُشَبِّهُ نَفْثَهُ بِنَفْثِ آكِلِ الزَّبِيبِ، قَالَتْ: وَكَانَ يَدُورُ عَلٰى نِسَائِهِ، فَلَمَّا ثَقُلَ اسْتَاْذَنَهُنَّ اَنْ يَكُوْنَ عِنْدِيْ وَيَدُرْنَ عَلَيْهِ، قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بَيْنَ رَجُلَيْنِ تَخُطَّانِ رِجْلَاهُ الْاَرْضَ، اَحَدُهُمَا عَبَّاسٌ قَالَ: فَحَدَّثْتُ بِهِ ابْنَ عَبَّاسٍ، فَقَالَ لِي: مَا اَخْبَرَتْكَ بِالْآخَرِ؟ قُلْتُ: لَا، قَالَ: هُوَ عَلِيٌّ

عبیداللہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا میں نے کہا: آپ مجھے نبی اکرم ﷺ کی بیماری کے بارے میں بتایئے تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا نبی اکرم ﷺ بیمار ہوگئے۔ آپ کی بلغم میں خون آنے لگا۔ ہم آپ کے نکلنے والے بلغم کو خشک انگور کھانے والے کے تھوک سے تشبیہ دیتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ باری باری اپنی تمام ازواج کے پاس تشریف لے جایا کرتے تھے جب آپ کی بیماری زیادہ ہوگئی تو آپ نے ان خواتین سے اجازت طلب کی کہ آپ میرے ہاں رہیں اور وہ خواتین آپ کی خدمت میں حاضر ہوجایا کریں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہین جب نبی اکرم ﷺ میرے ہاں تشریف لائے تو آپ دو آدمیوں کے درمیان پر زمین پر پاؤں گھسیٹتے ہوئے تشریف لائے۔ ان میں سے ایک حضرت عباس رضی اللہ عنہ تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو سنائی تو انہوں نے مجھ سے دریافت کیا: کیا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے تمہیں دوسرے صاحب کے بارے میں نہیں بتایا میں نے جواب دیا: جی نہیں، تو انہوں نے بتایا وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا اسْتَثْنَى عَمَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاَمْرِ بِاللَّدُودِ الَّذِيْ وَصَفْنَاهُ

اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ نے اپنے چچا کو منہ میں دوائی ٹپکانے کے حکم سے مستثنیٰ قرار دیا، جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے

6589 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، حَدَّثَنِيْ مُوْسَى بْنُ اَبِيْ عَائِشَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

6588– إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله رجال الشيخين غير عبد الجبار بن العلاء ، فمن رجال مسلم، وقد تقدّم مطولاً برقم (2113) ، وسيأتي أيضاً برقم (6602) .

(متن حدیث): لَدَدْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرَضِهِ، فَجَعَلَ يُشِيْرُ اِلَيْنَا: لَا تَلُدُّوْنِيْ ، فَقُلْنَا: كَرَاهِيَةَ الْمَرِيْضِ الدَّوَاءَ ، فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ: اَلَمْ اَنْهَكُمْ اَنْ تَلُدُّوْنِيْ؟ ، فَقُلْنَا: كَرَاهِيَةَ الْمَرِيْضِ الدَّوَاءَ ، فَقَالَ: لَا يَبْقَى فِي الْبَيْتِ اَحَدٌ اِلَّا لُدَّ ، وَاَنَا اَنْظُرُ اِلَى الْعَبَّاسِ فَاِنَّهُ لَمْ يَشْهَدْهُمْ

عبیداللہ بن عبداللہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ قول نقل کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے دوران آپ کے منہ میں دوائی ٹپکا دی تو آپ نے اشارہ کیا تم لوگ میرے منہ میں دوائی نہ ٹپکاؤ ہم نے سوچا جس طرح بیمار شخص دوا کو ناپسند کرتا ہے (یہ بھی اسی طرح ہے) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت بہتر ہوئی تو آپ نے فرمایا: کیا میں نے تم لوگوں کو اس بات سے منع نہیں کیا تھا کہ تم میرے منہ میں دوائی نہ ٹپکاؤ۔ ہم نے عرض کی: (ہم تو یہ سمجھے تھے) جس طرح بیمار شخص دوائی کو ناپسند کرتا ہے (یہ بھی اسی طرح کی صورت حال ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: گھر میں موجود ہر شخص کے منہ میں دوائی ٹپکائی جائے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھ رہی تھی کیونکہ اس وقت وہ گھر میں موجود نہیں تھے (جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ میں ٹپکائی گئی تھی)

ذِكْرُ قِرَاءَةِ عَائِشَةَ الْمُعَوِّذَتَيْنِ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ عِلَّتِهِ الَّتِيْ تُوُفِّيَ فِيْهَا

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا معوذتین پڑھ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر دم کرنے کا تذکرہ' جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس بیماری کے دوران تھا' جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا

6590 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ:

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اشْتَكٰى نَفَثَ عَلٰى نَفْسِهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ، وَيَمْسَحُ عَنْهُ بِيَدِهِ، قَالَتْ: فَلَمَّا اشْتَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعَهُ الَّذِيْ تُوُفِّيَ فِيْهِ طَفِقْتُ اَنْفُثُ عَلَيْهِ بِالْمُعَوِّذَاتِ الَّتِيْ كَانَ يَنْفُثُ بِهَا عَلٰى نَفْسِهِ وَاَمْسَحُ بِيَدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ

6589- إسناده صحيح على شرط البخاري. رجاله رجال الشيخين غير على ابن المديني، فمن رجال البخاري، وقد أخرجه عنه في "صحيحه" (4458) في المغازي: بَابُ مَرَضِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - ووفاته، و (5712) في الطب: باب اللدود. وأخرجه أحمد 6/53، والبخاري (7886) في الديات: باب القصاص بين الرجال والنساء في الجراحات، و (6897) باب إذا أصاب قوم من رجل هل يعاقب أم يقتص منهم كلهم، ومسلم (2213) في السلام: باب كراهية التداوي باللدود، والنسائي "الكبرى" كما في "التحفة" 11/483 من طرق عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد.

6590- إسناده صحيح على مسلم، رجاله رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم، وقد أخرجه عنه (2192) (51) في السلام: باب رقية المريض بالمعوذات والنفث. وقد تقدم برقم (2693).

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوتے تو آپ اپنے اوپر معوذات پڑھ کر دم کیا کرتے تھے اور اپنا دست مبارک پھیرا کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بیماری میں مبتلا ہوئے جس میں آپ کا وصال ہوا تو میں نے معوذات پڑھ کر آپ پر دم کرنا شروع کیا جنہیں پڑھ کر آپ اپنے اوپر دم کرتے تھے اور میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک آپ کے جسم پر پھیرتی رہی۔

ذِكْرُ مَا كَانَ يَقُوْلُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ عِلَّتِهِ عِنْدَ الدُّعَاءِ بِالشِّفَاءِ لَهُ

اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیماری کے دوران شفاء کے لیے کون سی دعا پڑھا کرتے تھے؟

6591 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُصْعَبٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُرْعَةَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اُغْمِيَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَاْسُهُ فِيْ حِجْرِي، فَجَعَلْتُ اَمْسَحُهُ وَاَدْعُو لَهُ بِالشِّفَاءِ، فَلَمَّا اَفَاقَ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا بَلْ اَسْاَلُ اللّٰهَ الرَّفِيقَ الْاَعْلٰى مَعَ جِبْرِيلَ، وَمِيكَائِيلَ، وإِسْرَافِيلَ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر بے ہوشی طاری ہوئی۔ آپ کا سر میری گود میں تھا میں نے آپ پر ہاتھ پھیرنا شروع کیا اور آپ کے لئے شفا کی دعا مانگنا شروع کی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت بہتر ہوئی تو آپ نے ارشاد فرمایا: جی نہیں بلکہ میں اللہ تعالیٰ سے رفیق اعلیٰ مانگتا ہوں۔ یعنی جبرائیل، میکائیل اور اسرافیل کا ساتھ عطا کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْكَلَامَ كَانَ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ خُيِّرَ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اس بات کا تذکرہ' یہ کلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا (اس وقت) تھا' جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دنیا اور آخرت کے درمیان اختیار دیا گیا تھا

6592 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كُنْتُ اَسْمَعُ اَنَّهُ لَا يَمُوْتُ نَبِيٌّ حَتّٰى يُخَيَّرَ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، قَالَتْ: فَسَمِعْتُ النَّبِيَّ

6591- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله رجال الشيخين غير أبي زرعة الحافظ -واسمه عُبيد الله بن عبد الكريم- فمن رجال مسلم . سفيان: هو الثوري، وأبو بردة: هو ابن أبي موسى الأشعري. وأخرجه النسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/340، وفي "عمل اليوم والليلة" (1097) عن محمد بن علي بن ميمون الرقي، عن الفريابي، عن سفيان، بهذا الإسناد، وانظر ما بعده.

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ، وَاَخَذَتْهُ بُحَّةٌ، فَجَعَلَ يَقُوْلُ: (مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰئِكَ رَفِيْقًا) (النساء: 69) ، قَالَتْ: فَظَنَنْتُ اَنَّهٗ خُيِّرَ حِيْنَئِذٍ

❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے یہ بات سن رکھی تھی کہ کسی بھی نبی کا انتقال اس وقت تک نہیں ہوتا جب تک اسے دنیا میں رہنے یا آخرت میں (منتقل ہونے) کے درمیان اختیار نہیں دیا جاتا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی اس بیماری کے دوران جس میں آپ کا وصال ہوا، یہ کہتے ہوئے سنا حالانکہ اس وقت آپ کی آواز بھاری ہو چکی تھی۔ آپ یہ کہہ رہے تھے۔

''ان لوگوں کے ساتھ جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام کیا جو نبیوں صدیقین شہداء اور صدیقین کے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور یہ بہترین ساتھی ہیں۔''

ذِكْرُ وَصْفِ الْخُطْبَةِ الَّتِيْ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ آخِرِ عُمْرِهٖ حَيْثُ خَرَجَ لِيَعْهَدَ اِلَى النَّاسِ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس خطبے کی صفت کا تذکرہ، جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی عمر کے آخری حصے میں اس وقت دیا تھا، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو تلقین کرنے کے لیے تشریف لے گئے تھے جس کا ذکر ہم پہلے کر چکے ہیں

6593 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى، قَالَ اُنَيْسُ بْنُ اَبِيْ يَحْيٰى: اَخْبَرَنَا عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

6592– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البخاري (4435) في المغازي: بَابُ مَرَضِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -، ومسلم (2444) (86) في الفضائل: باب في فضل عائشة رضي الله عنها، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/176 عن محمد بن جعفر، به .وأخرجه أحمد 6/176 و 205، والبخاري (2436) ، ومسلم، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/6، وفي "اليوم والليلة " (1094) ، وأبو يعلى (4534) من طرق عن شعبة، به .وأخرجه البخاري (4586) في تفسير سورة النساء : باب (فأولئك مَعَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِم مِنَ النَّبِيِّينَ) ، وابن ماجة (1620) في الجنائز: باب ما جاء في مرض النبي - صلى الله عليه وسلم -، من طريقين عن سعد بن إبراهيم، به .وأخرجه أحمد 6/99، والبخاري (4437) عن شعيب، عن الزهري، عن عروة، به.وأخرجه البخاري (6348) في الدعوات: باب دعاء النبي - صلى الله عليه وسلم -: "اللّهم الرفيق الأعلى"، و (6509) في الرقاق: باب من أحب لقاء الله أحب الله لقاءه، ومسلم (2444) (87) من طرق عن الليث، قال: حدثني عقيل، عن ابن شهاب، أخبرني سعيد بن المسيب وعروة بن الزبير في رجال من أهل العلم أن عائشة زوج النبي - صلى الله عليه وسلم - قالت ...وأخرجه البخاري (4463) في المغازي: باب آخر ما تكلم به النبي - صلى الله عليه وسلم -، من طريق يونس، عن الزهري

6593– إسناده قوي. أبو يحيى هو سمعان الأسلمي، روى عنه ابناه أنيس ومحمد، ووثقه المصنف، وقال النسائي: لا بأس به، وباقي رجاله ثقات. وهو في "مسند أبي يعلى " (1155) .وأخرجه الدارمي 1/36 أخبرنا زكريا بن عدي، حدثنا حاتم بن إسماعيل، عن أنيس بن أبي يحيى، بهذا الإسناد.وانظر ما بعده، والحديث الآتي برقم (6861) .

(متن حدیث): خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ وَهُوَ مَعْصُوْبُ الرَّأْسِ، فَاتَّبَعْتُهُ حَتّٰى قَامَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: اِنِّي السَّاعَةَ قَائِمٌ عَلَى الْحَوْضِ، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ عَبْدًا عُرِضَتْ عَلَيْهِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا فَاخْتَارَ الْاٰخِرَةَ، فَلَمْ يَفْطِنْ لَهَا اَحَدٌ مِنَ الْقَوْمِ اِلَّا اَبُوْ بَكْرٍ، فَقَالَ: بِاَبِيْ وَاُمِّيْ، بَلْ نَفْدِيْكَ بِاَمْوَالِنَا وَاَنْفُسِنَا وَاَوْلَادِنَا، قَالَ: ثُمَّ هَبَطَ مِنَ الْمِنْبَرِ، فَمَا رُئِيَ عَلَيْهِ حَتَّى السَّاعَةِ

ﷺ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے یہ اس بیماری کی بات ہے جس میں آپ کا وصال ہوا۔ آپ نے سر پر پٹی باندھی ہوئی تھی۔ میں آپ کے پیچھے پیچھے آیا' یہاں تک کہ آپ منبر پر آ کر کھڑے ہوئے آپ نے ارشاد فرمایا: میں گویا اس وقت بھی حوض کوثر پر کھڑا ہوں پھر آپ نے ارشاد فرمایا: ایک بندے کے سامنے دنیا اور اس کی زیب و زینت پیش کی گئی تو اس بندے نے آخرت کو اختیار کر لیا۔ حاضرین میں سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے علاوہ اور کسی کو یہ بات سمجھ نہیں آئی۔ ہم نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں ہم اپنے اموال اور اپنی جانیں اپنی اولاد آپ کے فدیے کے طور پر دیدیں گے۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے نیچے اتر آئے۔ اس کے بعد آپ کو نہیں دیکھا گیا۔ (یعنی اس کے بعد آپ کا وصال ہو گیا)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُخَيَّرَ فِيْمَا وَصَفْنَا كَانَ صَفِيَّ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' ہم نے جو بیان کیا ہے' اس میں جس شخص کو اختیار دیا گیا' وہ اللہ کے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم تھے

6594 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا سَالِمٌ اَبُو النَّضْرِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، وَعُبَيْدِ بْنِ حُنَيْنٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ خَيَّرَ عَبْدًا بَيْنَ اَنْ يُؤْتِيَهُ مِنْ زَهْرَةِ الدُّنْيَا مَا شَاءَ وَبَيْنَ لِقَائِهِ، فَاخْتَارَ لِقَاءَ رَبِّهِ، فَبَكٰى اَبُوْ بَكْرٍ، وَقَالَ: بَلْ نَفْدِيْكَ بِآبَائِنَا وَاَبْنَائِنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ

6594- إسناده صحيح على شرط الصحيح . رجاله رجال الشيخين غير عليّ ابن المديني، فمن رجال البخاري، وأبي داود -وهو سليمان بن داود الطيالسي- فمن رجال مسلم، وفليح بن سليمان قد توبع عند المؤلف برقم (6861) .وأخرجه أحمد 3/18، وابن أبي شيبة 12/6، وابن أبي عاصم في "السنّة" (1227)، وابن سعد 2/227 من طريق يونس بن محمد، ومسلم (2382) في فضائل الصحابة: باب من فضائل أبي بكر الصديق، وابن سعد 2/227 من طريق سعيد بن منصور، وابن سعد أيضاً من طريق يحيى بن عباد، ثلاثتهم عن فليح، بهذا الإسناد . ووقع في المطبوع من "السنّة": "عبيد بن حنين عن بسر بن سعيد"، وهو تحريف .وأخرجه خاري (466) في الصلاة. باب الخوخة والممر في المسجد، عن محمد بن سنان، عن فليح، به، إلا أن فيه: "عن عبيد بن حنين عن سعيد"، قال الحافظ في "الفتح" 1/559: وقد نقل ابن السكن عن الفربري عن البخاري أنه قال: هكذا حدث به محمد بن مو خطأ، وإنما هو عن عبيد بن حنين وعن بسر بن سعيد، يعني بواو العطف .وأخرجه أحمد 3/18، والبخاري (3654) في ـنة: باب قول النبيّ - صلى الله عليه وسلم - "سدّوا الأبوابَ إلا بابَ أبي بكر"

اللّٰـهِ صَلَّـى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْكُتْ يَا اَبَا بَكْرٍ ثُمَّ قَالَ: اِنَّ اَمَنَّ النَّاسِ عَلَيَّ فِيْ صُحْبَتِهٖ وَمَالِهٖ اَبُوْ بَكْرٍ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيْلًا مِنَ النَّاسِ لَاتَّخَذْتُ اَبَا بَكْرٍ، وَلٰكِنْ اُخُوَّةُ الْاِسْلَامِ وَمَوَدَّتُهٗ، اَلَا لَا يَبْقَيَنَّ فِي الْمَسْجِدِ خَوْخَةٌ اِلَّا سُدَّتْ اِلَّا خَوْخَةَ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ، فَقُلْتُ: الْعَجَبُ يُخْبِرُنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ عَبْدًا خَيَّرَهُ اللّٰـهُ بَيْنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، وَهٰذَا يَبْكِيْ، وَاِذَا الْمُخَيَّرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِذَا الْبَاكِيْ اَبُوْ بَكْرٍ، وَاِذَا اَبُوْ بَكْرٍ اَعْلَمُنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✿✿ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے بندے کو اس بات کا اختیار دیا کہ اسے اللہ تعالیٰ دنیا کی آرائش وزیبائش عطا کردے یا اپنی بارگاہ میں حاضری عطا کردے تو اس شخص نے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضری کو اختیار کیا' اس پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور انہوں نے عرض کی: ہم اپنے آباؤاجداد اور اپنی اولاد آپ کے فدیے کے طور پر پیش کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر تم خاموش رہو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے ساتھ اور مال کے اعتبار سے لوگوں میں میرے ساتھ سب سے اچھا سلوک ابوبکر نے کیا۔ اگر میں نے لوگوں میں سے کسی کو اپنا خلیل بنانا ہوتا تو میں ابوبکر کو بناتا' البتہ اسلام کا بھائی چارہ اور محبت تو ہے ہی' خبردار مسجد میں موجود ہر دروازہ بند کر دیا جائے۔ صرف ابوبکر کا دروازہ کھلا رہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے سوچا اس بات پر حیرانگی ہوتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں اس بات کی اطلاع دے رہے ہیں کہ ایک بندے کو اللہ تعالیٰ نے دنیا اور آخرت کے درمیان اختیار دیا ہے اور یہ صاحب (یعنی حضرت ابوبکر) رو رہے ہیں۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ اختیار دیئے گئے شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور رونے والے شخص حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہم سب سے زیادہ علم رکھتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَرْجَةِ الَّتِيْ وَصَفْنَاهَا لِلْعَهْدِ اِلَى النَّاسِ صَلّٰى عَلٰى شُهَدَاءِ اُحُدٍ قَبْلَ الْخُطْبَةِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

اور وہ اس بات کا قائل ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وہ تشریف آوری جس کا ذکر ہم نے کیا ہے' جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو تلقین کرنے کے لیے تشریف لائے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی دوران خطبہ دینے سے پہلے شہداء احد کی نماز جنازہ ادا کی تھی' وہ خطبہ جس کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

6595 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ

عَامِرٍ،

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلٰى قَتْلٰى اُحُدٍ، ثُمَّ انْصَرَفَ، وَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي بَيْنَ اَيْدِيكُمْ فَرَطٌ، وَاِنِّي عَلَيْكُمْ لَشَهِيدٌ، وَاِنِّي وَاللّٰهِ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تُشْرِكُوا بَعْدِي، وَلٰكِنِّي قَدْ اُعْطِيتُ اللَّيْلَةَ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ، وَاَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنَافَسُوا فِيهَا ، ثُمَّ دَخَلَ فَلَمْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا، وَكَانَتْ آخِرُ خُطْبَةٍ خَطَبَهَا حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء اُحد کی نماز جنازہ ادا کی پھر آپ واپس تشریف لائے۔آپ منبر پر تشریف فرما ہوئے آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی پھر آپ نے ارشاد فرمایا:

''اے لوگو! میں تمہارے آگے تمہارا پیشرو ہوں اور میں تم لوگوں کا گواہ ہوں گا۔اللہ کی قسم! مجھے تمہارے بارے میں اس بات کا اندیشہ نہیں ہے کہ تم میرے بعد شرک کرو گے لیکن گزشتہ رات مجھے زمین اور آسمان کے خزانوں کی چابیاں عطا کی گئیں۔ مجھے تمہارے بارے میں یہ اندیشہ ہے کہ تم ان میں دلچسپی لو گے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر کے اندر تشریف لے گئے پھر آپ اپنے گھر سے باہر نہیں نکلے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی روح کو قبض کرلیا۔ یہ وہ آخری خطبہ تھا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا: یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے (آپ کی روح مبارکہ کو) قبض کرلیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ: صَلَّى عَلٰى قَتْلٰى اُحُدٍ، اَرَادَ بِهِ اَنَّهُ دَعَا وَاسْتَغْفَرَ لَهُمْ لَا اَنَّهُ صَلَّى عَلَيْهِمْ كَمَا يُصَلّٰى عَلَى الْمَوْتٰى

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا: ''نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد کی نماز جنازہ ادا کی''۔اس سے ان کی مراد یہ ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لیے دعا کی اور ان کے لیے مغفرت طلب کی' اس سے یہ مراد نہیں ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح نماز جنازہ ادا کی جس طرح مرحومین کی نماز جنازہ ادا کی جاتی ہے

6596 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسٰى بْنِ مُجَاشِعٍ السَّخْتِيَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَصَّارُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، اَوْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث):قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُبُّوا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ لَمْ تُحْلَلْ اَوْكِيَتُهُنَّ لَعَلِّي اَسْتَرِيحُ، فَاَعْهَدَ اِلَى النَّاسِ قَالَتْ عَائِشَةُ: فَاَجْلَسْنَاهُ فِي مِخْضَبٍ لِحَفْصَةَ مِنْ نُحَاسٍ، وَسَكَبْنَا عَلَيْهِ مِنَ

6595– إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال مسلم غير محمد بن وهب بن أبي كريمة فقد روى له النسائي . محمد بن سلمة: هو الحرّاني، وأبو عبد الرحيم: هو خالد بن أبي يزيد، وأبو الخير: هو مَرْثد بن عبد الله اليزني. وقد تقدم برقم (3198) و (3199) .

الْمَاءِ حَتّٰى طَفِقَ يُشِيرُ اِلَيْنَا اَنْ قَدْ فَعَلْتُنَّ، ثُمَّ خَرَجَ فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، وَاسْتَغْفَرَ لِلشُّهَدَاءِ الَّذِيْنَ قُتِلُوا يَوْمَ اُحُدٍ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''مجھ پر سات ایسے مشکیزوں کے ذریعے پانی بہاؤ جن کے منہ نہ کھولے گئے ہوں تاکہ مجھے تھوڑا سا سکون آئے تاکہ میں لوگوں کو کوئی ہدایت کرسکوں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تانبے کے بنے ہوئے سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے بڑے برتن میں بٹھا دیا۔ ہم نے آپ پر پانی انڈیلا یہاں تک کہ آپ نے ہمیں اشارہ کیا کہ تم لوگوں نے کام پورا کردیا ہے پھر آپ تشریف لے گئے۔ آپ نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی۔ آپ نے ان شہداء کے بارے میں دعائے مغفرت کی جو غزوہ احد میں شہید ہوئے تھے۔

ذِكْرُ اِرَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِتْبَةَ الْكِتَابِ لِاُمَّتِهِ لِئَلَّا يَضِلُّوا بَعْدَهُ

اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کے لیے تحریر لکھنے کا ارادہ کیا تھا' تاکہ وہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد گمراہی کا شکار نہ ہوجائیں

6597 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): لَمَّا حَضَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي الْبَيْتِ رِجَالٌ فِيهِمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَكْتُبُ لَكُمْ كِتَابًا لَا تَضِلُّوا بَعْدَهُ اَبَدًا، قَالَ عُمَرُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ غَلَبَ عَلَيْهِ الْوَجَعُ، وَعِنْدَكُمُ الْقُرْآنُ حَسْبُنَا كِتَابُ اللّٰهِ، قَالَ: فَاخْتَلَفَ اَهْلُ الْبَيْتِ، وَاخْتَصَمُوا لَمَّا اَكْثَرُوا اللَّغَطَ وَالْاَحَادِيْثَ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُومُوا،

6596- إسناده صحيح. محمد بن عبد الله -وهو ابن الحسن العصّار- ذكره المؤلف في "الثقات" 9/103 وحدث عنه جمع، وقال السمعاني في "الأنساب" 8/462: كان مع أحمد بن حنبل في الرحلة إلى اليمن وغيره، وهو أول من أظهر مذهب الحديث بجرجان، ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 6/151 و 228، والبيهقي 1/31 من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي 1/31 من طريق عبد الرزاق، به، ولم يذكر فيه عمرة. وأخرجه الحاكم 1/145، والبيهقي 1/31 من طريقي علي ابن المديني وأحمد بن حنبل، عن عبد الرزاق، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عمرة، عن عائشة. وأخرجه الدارمي 1/38، وأبو يعلى (4770) من طريقين عن عروة، عن عائشة. وأخرجه البخاري (198) في الوضوء: باب الغسل والوضوء في المخضب والقدح والخشب والحجارة، والبيهقي 1/31 عن أبي اليمان، عن شعيب، والبخاري (4442) في المغازي: بَابُ مَرَضِ النَّبِيِّ - صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ -، ومن طريقه البغوي (3825) من طريق عقيل، وابن سعد 2/232، والبخاري (5714) من طريق عبد الله بن المبارك، عن معمر ويونس، وأبو يعلى (4579) من طريق محمد بن إسحاق، خمستهم عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عن عائشة. وانظر الحديثين الآتيين برقم (6599) و (6600).

فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: اِنَّ الرَّزِيَّةَ كُلَّ الرَّزِيَّةِ مَا حَالَ بَيْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ اَنْ يَّكْتُبَ لَهُمْ ذٰلِكَ الْكِتَابَ مِنَ اخْتِلَافِهِمْ وَلَغَطِهِمْ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری وقت قریب آیا تو گھر میں کچھ لوگ موجود تھے جن میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بھی تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہارے لئے ایک تحریر لکھ دیتا ہوں تم اس کے بعد کبھی گمراہ نہیں ہو گے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر تکلیف کا رنگ غالب ہے اور تمہارے پاس قرآن ہے ہمارے لیے اللہ کی کتاب ہی کافی ہے تو گھر میں موجود لوگوں کے درمیان اس بارے میں اختلاف ہو گیا وہ آپس میں اس بارے میں بحث کرنے لگے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں ان کی آوازیں اور گفتگو زیادہ ہو گئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ اٹھ جاؤ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے تھے: مصیبت سی مصیبت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے تحریر لکھنے کے درمیان لوگوں کا اختلاف اور ان کا شور شرابا رکاوٹ بن گیا۔

ذِكْرُ اِشَارَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى مَا اَشَارَ بِهٖ فِيْ اَبِيْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس بات کی طرف اشارہ کرنا، جس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (کے اپنے خلیفہ ہونے) کی طرف اشارہ کیا

6598 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قُدَامَةَ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرَضِهٖ: ادْعِيْ لِيْ اَبَا بَكْرٍ اَبَاكِ حَتّٰى اَكْتُبَ،

6597– حديث صحيح . ابن أبي السري -وهو محمد بن المتوكل العسقلاني - قد توبع ومن فوقه ثقات على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 1/336، والبخاري (4432) في المغازي: باب مرض النبي - صلى الله عليه وسلم - ووفاته، و (5669) في المرضى: باب قول المريض: قوموا عني، ومسلم (1637) (22) في الوصية: باب ترك الوصية لمن ليس له شيء يوصي فيه، من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (5669)، و (7366) في الاعتصام: باب كراهية الخلاف، من طريق هشام بن يوسف الصنعاني، عن معمر، به . وأخرجه أحمد 1/324-325، والبخاري (114) في العلم: باب كتابة العلم، من طريق يونس، عن الزهري، به. وأخرجه الحميدي (526)، وأحمد 1/222، وابن سعد 2/242، والبخاري (3053) في الجهاد: باب هل يستشفع إلى أهل الذمة، و (3168) باب إخراج اليهود من جزيرة العرب، و (4431)، ومسلم (1637) (20)، والبيهقي 9/207 من طريق ابن عيينة، عن سليمان الأحول، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس. وأخرجه مسلم (1637) (21)، وابن سعد 2/242 و 243، والطبراني (12261) من طريقين عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس. وأخرجه أحمد 1/293، والطبراني (10961) و (10962) من طريق ليث، عن طاووس، عن ابن عباس.

فَإِنِّي أَخَافُ أَنْ يَتَمَنَّى مُتَمَنٍّ، وَيَقُولُ أَنَا أَوْلَى وَيَأْبَى اللَّهُ وَالْمُؤْمِنُونَ إِلَّا أَبَا بَكْرٍ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں اپنی بیماری کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے والد ابوبکر کو میرے پاس بلواؤ تاکہ میں تحریر لکھ دوں کیونکہ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ کوئی دوسرا شخص بھی (خلافت کا) خواہش مند ہوسکتا ہے اور وہ یہ کہہ سکتا ہے کہ میں اس کا زیادہ حق دار ہوں حالانکہ اللہ تعالیٰ اور اہل ایمان صرف ابوبکر (کو خلیفہ کے طور پر) قبول کریں گے۔

ذِكْرُ اغْتِسَالِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَاءِ الَّذِي لَمْ يُمَسَّ بَعْدَ أَنْ أُوكِيَ فِي عِلَّتِهِ الَّتِي قُبِضَ فِيهَا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی اس بیماری کے دوران جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا، ایسے پانی کے ذریعے غسل کرنے کا تذکرہ جسے مشکیزے میں ڈالنے کے بعد اسے استعمال نہ کیا گیا ہو

6599 - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجَعِهِ الَّذِي قُبِضَ فِيهِ: صُبُّوا عَلَيَّ مِنْ سَبْعِ قِرَبٍ لَمْ تُحْلَلْ أَوْكِيَتُهُنَّ لَعَلِّي أَعْهَدُ إِلَى النَّاسِ، قَالَتْ: فَأَجْلَسْنَاهُ فِي مِخْضَبٍ لِحَفْصَةَ، فَمَا زِلْنَا نَصُبُّ عَلَيْهِ حَتَّى طَفِقَ يُشِيرُ إِلَيْنَا أَنْ قَدْ فَعَلْتُنَّ

ثُمَّ بُوِيعَ ابْنُهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ يَزِيدَ يَوْمَ النِّصْفِ مِنْ شَهْرِ رَبِيعِ الْاَوَّلِ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّسِتِّينَ، وَمَاتَ يَوْمَ الْخَامِسِ وَالْعِشْرِينَ مِنْ شَهْرِ رَبِيعِ الْآخِرِ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّسِتِّينَ، وَكَانَتْ اِمَارَتُهُ اَرْبَعِينَ لَيْلَةً، وَمَاتَ وَهُوَ ابْنُ اِحْدَى وَعِشْرِينَ سَنَةً، ثُمَّ بَايَعَ اَهْلُ الشَّامِ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ، وَبَايَعَ اَهْلُ الْحِجَازِ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، فَاسْتَوَى الْاَمْرُ لِمَرْوَانَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ لِثَلَاثِ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ سَنَةَ اَرْبَعٍ وَّسِتِّينَ، وَمَاتَ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ بِدِمَشْقَ سَنَةَ خَمْسٍ وَّسِتِّينَ، وَلَهُ ثَلَاثٌ وَّسِتُّونَ سَنَةً، وَكَانَتْ اِمَارَتُهُ عَشَرَةَ اَشْهُرٍ اِلَّا لَيَالٍ.

ثُمَّ بَايَعَ اَهْلُ الشَّامِ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ مَرْوَانَ فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ اَبُوهُ، وَمَاتَ عَبْدُ الْمَلِكِ بِدِمَشْقَ فِي شَوَّالٍ سَنَةَ سِتٍّ وَثَمَانِينَ وَلَهُ اثْنَانِ وَسِتُّونَ سَنَةً، ثُمَّ بَايَعَ اَهْلُ الشَّامِ الْوَلِيدَ ابْنَهُ يَوْمَ تُوُفِّيَ عَبْدُ الْمَلِكِ.

ثُمَّ تُوُفِّيَ الْوَلِيدُ بِدِمَشْقَ فِي النِّصْفِ مِنْ جُمَادَى الْآخِرَةِ سَنَةَ سِتٍّ وَتِسْعِينَ، وَكَانَ لَهُ يَوْمَ مَاتَ ثَمَانٌ وَّاَرْبَعُونَ سَنَةً، وَكَانَتْ اِمَارَتُهُ تِسْعَ سِنِينَ وَثَمَانِيَةَ اَشْهُرٍ.

ثُمَّ بُوِيعَ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ اَخُوهُ لِاُمِّهِ وَاَبِيهِ، وَتُوُفِّيَ سُلَيْمَانُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِعَشْرِ لَيَالٍ بَقِينَ مِنْ صَفَرٍ بِدَابِقَ سَنَةَ تِسْعٍ وَّتِسْعِينَ وَلَهُ خَمْسٌ وَّاَرْبَعُونَ سَنَةً، وَكَانَتْ اِمَارَتُهُ سَنَتَيْنِ وَثَمَانِيَةَ اَشْهُرٍ وَّخَمْسَ لَيَالٍ.

ثُمَّ بَايَعَ النَّاسُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ فِي الْيَوْمِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ سُلَيْمَانُ، وَتُوُفِّيَ رَحِمَهُ اللّٰهُ بِدَيْرِ سَمْعَانَ مِنْ اَرْضِ حِمْصَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِخَمْسِ لَيَالٍ بَقِينَ مِنْ رَجَبٍ سَنَةَ اِحْدَى وَمِائَةٍ، وَلَهُ يَوْمَ مَاتَ اِحْدَى وَاَرْبَعُونَ سَنَةً، وَكَانَتْ خِلَافَتُهُ سَنَتَيْنِ وَخَمْسَةَ اَشْهُرٍ وَّخَمْسَ لَيَالٍ.

وَهُوَ آخِرُ الْخُلَفَاءِ الِاثْنَيْ عَشَرَ الَّذِينَ خَاطَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَّتَهُ بِهِمْ

❁❁ حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''خلافت تیس سال تک ہوگی اس کے بعد بادشاہ ہوں گے خلفاء اور بادشاہ بارہ ہوں گے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ وہ روایت ہے جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا ہے اور وہ یہ کہتا ہے کہ اس کا آخری حصہ اس کے پہلے حصے کا الٹ ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ خلافت تیس سال تک ہوگی پھر آپ نے یہ کہا ہے اس کے بعد سارے بادشاہ ہوں گے' تو تیس سال گزرنے کے بعد جو بھی شخص مسلمانوں کے امور کا نگران بنے گا وہ سب لوگ بادشاہ شمار ہوں گے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خلفاء اور بادشاہوں کی تعداد بارہ ہوگی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تو خلفاء اور بادشاہ کی تعداد تو صرف بارہ تک محدود کی ہے۔

اس لئے بظاہر یہ لگتا ہے کہ یہ الفاظ ابتدائی حصے کے برعکس ہیں۔

حالانکہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کے تحت ایسا نہیں ہے اور یہ بات لازم نہیں ہے کہ اگر آدمی کسی صحیح دلیل تک پہنچنے کی توفیق سے محروم رہا ہو تو وہ منقول روایات کو غلط قرار دینا شروع کر دے بلکہ یہ بات لازم ہے کہ وہ علم کو اس کے اصل ماخذ سے حاصل کرے اور سنن کے بارے میں سمجھ بوجھ حاصل کرے تا کہ اسے یہ بات پتہ چل جائے کہ وہ ذات جو معصوم ہے اور جو خواہش نفس سے کلام نہیں کرتے بلکہ وہ وہی کلام کرتے ہیں جو ان کی طرف وحی کیا جاتا ہے ان کے بیان کردہ فرامین میں کوئی تضاد اور کوئی اختلاف نہیں ہوتا۔ ہمارے نزدیک اس روایت کا مفہوم یہ ہے کہ تیس سال گزرنے کے بعد جو حکمران آئیں گے انہیں اضطراری طور پر (یعنی مجبوری کے عالم میں) خلفاء کہا جا سکتا ہے اگرچہ وہ درحقیقت بادشاہ ہوں گے' اور ان بارہ خلفاء میں سے آخری عمر بن عبدالعزیز ہے جب نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ذکر کر دی کہ حقیقی خلافت تیس سال تک ہوگی اور پھر اس کے بعد بارہ خلفاء میں سے آخری عمر بن عبدالعزیز ہے تو ان کا شمار خلفاء راشدین مہدیین میں ہوگا تو ان کے درمیان اور پہلے چار خلفاء کے درمیان جو لوگ آئے ہیں ان کے لئے لفظ خلفاء استعمال کیا گیا ہے۔ اس کی صورت یوں ہے جب نبی اکرم ﷺ کی روح مبارکہ کو اللہ تعالیٰ نے قبض کیا اور جنت کی طرف منتقل کیا تو یہ پیر کے دن بارہ ربیع الاول کی رات اا ہجری کی بات ہے۔ اس کے بعد نبی اکرم ﷺ کے وصال کے دوسرے دن یعنی منگل کے دن حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو خلیفہ منتخب کر لیا گیا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا وصال **17** جمادی الثانی کی رات کو ہوا ان کی خلافت دو سال تین ماہ اور بائیس دن بنتی ہے۔ اس کے بعد اگلے دن یعنی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے انتقال کے اگلے دن حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو خلیفہ منتخب کر لیا گیا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا۔ ان کی مدت خلافت دس سال چھ ماہ چار دن بنتی ہے۔ پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو ان کی مدت خلافت بارہ سال سے بارہ دن کم بنتی ہے پھر حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو خلیفہ بنایا گیا وہ شہید ہوئے۔ ان کی خلافت پانچ سال تین ماہ بنتی ہے جس میں سے چودہ دن کم ہوں گے جب حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو شہید کیا گیا تو یہ رمضان کی سترہ تاریخ تھی اور سنہ چالیس ہجری تھا۔ اس کے بعد اہل کوفہ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کر لی اور اہل شام نے حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر عالیہ میں بیعت کر لی پھر حضرت معاویہ کوفہ کی طرف (جنگ کرنے کے لئے) روانہ ہوئے اور حضرت امام حسن علی رضی اللہ عنہ ان کی طرف روانہ ہوئے انبار کے قریب دونوں کا سامنا ہوا تو انہوں نے ایک معاہدے کے تحت صلح کر لی جس میں کچھ شرائط پائی جاتی تھیں تو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے حکومت کا معاملہ حضرت امیر معاویہ کے سپرد کر دیا۔ یہ **25** ربیع الاول پیر کے دن کی بات ہے اور اکتالیس ہجری کی بات ہے۔ اس سال کو اجتماعیت کا سال قرار دیا گیا۔

پھر حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا دمشق میں انتقال ہوا یہ پیر کے دن بائیس رجب المرجب ساٹھ ہجری کی بات ہے۔ ان کی حکومت **19** سال اور چار ماہ سے کچھ دن کم تھی جس وقت ان کا انتقال ہوا اس وقت ان کی عمر **78** برس تھی۔

اس کے بعد ان کا بیٹا یزید بن معاویہ پیر کے دن ان کا جانشین بنا' یہ اسی دن کی بات ہے جس دن میں اس کے والد کا انتقال ہوا تھا۔

اس کا انتقال حوارین میں ہوا جو دمشق کی ایک بستی ہے یہ چودہ ربیع الاول سن **64** ہجری کی بات ہے اس وقت اس کی عمر **38**

سال تھی اور اس کی حکومت تین سال 8 ماہ سے کچھ دن کم تھی۔

پھر اس کے بیٹے معاویہ بن یزید کے ہاتھ پر بیعت کی گئی یہ پندرہ ربیع الاول سن 64 ہجری کی بات ہے اس کا انتقال 25 ربیع الثانی 64 ہجری میں ہوا۔ اس کی حکومت 40 دن تھی جب اس کا انتقال ہوا تو اس کی عمر اکیس برس تھی۔

پھر اہل شام نے مروان بن حکم کی بیعت کر لی اور اہل حجاز نے عبداللہ بن زبیر کی بیعت کر لی پھر بدھ کے دن تین ذیقعدہ سن 64 ہجری میں مروان مکمل طور پر حکمران بن گیا۔ مروان بن حکم کا انتقال رمضان کے مہینے میں دمشق میں 65 ہجری میں ہوا۔ اس وقت اس کی عمر 63 برس تھی اور اس کی حکومت دس ماہ سے کچھ دن کم رہی۔ پھر اہل شام نے عبدالملک بن مروان کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ یہ اسی دن کی بات ہے جس دن میں اس کے باپ کا انتقال ہوا تھا۔ عبدالملک کا انتقال دمشق میں شوال میں ہوا۔ یہ سن 86 ہجری کی بات ہے۔ اس وقت اس کی عمر 62 سال تھی پھر اہل شام نے اس کے بیٹے ولید کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ یہ اسی دن کی بات ہے جس دن عبدالملک کا انتقال ہوا تھا۔

پھر ولید کا انتقال دمشق میں پندرہ جمادی الثانی 96 ہجری میں ہوا جس دن اس کا انتقال ہوا اس کی عمر 48 برس تھی اور اس کی حکومت 9 سال 8 ماہ تک رہی پھر سلیمان عبدالملک کے ہاتھ پر بیعت کی گئی جو اس کا سگا بھائی تھا۔ سلیمان کا انتقال دابق کے مقام پر جمعہ کے دن دس صفر 99 ہجری میں ہوا۔ اس وقت اس کی عمر 45 سال تھی اور اس کی حکومت دو سال 8 ماہ پانچ دن تک رہی تھی پھر لوگوں نے عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر اسی دن بیعت کی جس دن سلیمان کا انتقال ہوا تھا' عمر بن عبدالعزیز کا انتقال حمص کی سر زمین پر "دیر سمعان" کے مقام پر ہوا یہ جمعہ کے دن کی بات ہے یہ پانچ رجب المرجب ایک سو ایک ہجری کی بات ہے جس دن ان کا انتقال ہوا اس دن ان کی عمر اکتالیس برس تھی اور ان کی خلافت دو سال پانچ ماہ اور پانچ دن تک رہی۔ یہ ان بارہ خلفاء میں سے آخری خلیفہ تھے جن کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی اُمت کو آگاہ کیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُلُوكَ يُطْلَقُ عَلَيْهِمُ اسْمُ الْخُلَفَاءِ فِي الضَّرُورَةِ اَيْضًا عَلٰى مَا ذَكَرْنَاهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' بادشاہوں کے لیے ضرورت کے پیش نظر "خلیفہ" کا لفظ استعمال کیا جا سکتا ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے

6658 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): سَيَكُوْنُ مِنْ بَعْدِيْ خُلَفَاءُ، يَعْمَلُوْنَ بِمَا يَعْلَمُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ، وَسَيَكُوْنُ مِنْ بَعْدِهِمْ خُلَفَاءُ، يَعْمَلُوْنَ مَا لَا يَعْلَمُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَا لَا يُؤْمَرُوْنَ، فَمَنْ اَنْكَرَ بَرِءَ، وَمَنْ اَمْسَكَ سَلِمَ، وَلٰكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''عنقریب میرے بعد خلفاء ہوں گے جو وہی عمل کریں گے جس کے بارے میں وہ علم رکھتے ہیں اور وہی کچھ کریں گے' جن کا انہیں حکم دیا گیا اور ان کے بعد کچھ اور خلفاء ہوں گے جو وہ عمل کریں گے' جن کے بارے میں وہ علم نہیں رکھتے اور وہ کام کریں گے' جن کا انہیں حکم نہیں دیا گیا تھا جو شخص ان کا انکار کرے گا وہ بری ذمہ ہوگا اور جو شخص (ان کے قریب جانے سے خود) کو روک کے رکھے گا وہ سلامت رہے گا لیکن جو شخص راضی ہوا اور اس نے ان کی پیروی کی اس کا معاملہ مختلف ہے۔

6659 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَاهُ ابْنُ سَلْمٍ، فِيْ عَقِبِهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ الْاَوْزَاعِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَسَمِعَهُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ فَالطَّرِيقَانِ جَمِيعًا مَحْفُوظَانِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ روایت امام اوزاعی نے زہری سے سنی ہے۔ انہوں نے یہ روایت ابراہیم بن مرہ کے حوالے سے بھی زہری سے سنی ہے تو اس کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ الْاَوْزَاعِيَّ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَلٰى مَا ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے: امام اوزاعی نے

6658- إسناده صحيح، الوليد لم يقيده المؤلف، ويحتمل أن يكون ابن مسلم وأن يكون ابن مزيد، و كلاهما يروى عن الأوزاعي، وهما ثقتان الأول روى له الشيخان، والثاني روى له أبو داود والنسائي، وباقي السند رجاله ثقات رجال الشيخين غير عن أبيه، عبد الرحمن بن إبراهيم، فمن رجال البخاري . وأخرجه البيهقي في السنن 8/157 - 158 من طريق العباس بن الوليد بن مزيد، عن أبيه، عن الأوزاعي بهذا الإسناد. وأخرجه أبو يعلى "5902" عن أبي بكر ابن زنجويه، والبيهقي في السنن 8/158، وفي الدلائل 6/521 من طريق محمد بن عوف، كلاهما عن أبي المغيرة عبد القدوس بن الحجاج، عن الأوزاعي، به . وأورده الهيثمي في المجمع 7/270 وقال: رواه أبو يعلى، ورجاله رجال الصحيح غير أبي بكر محمد بن عبد الملك بن زنجويه وهو ثقة. قلت: وصحح هذا الحديث ابن القيم في تهذيب مختصر سنن أبي داود 6/158، وله شاهد من حديث أم سلمة عند أحمد 6/295 و302 و305، ومسلم "1854"، وأبي داود "4760"، والترمذي "2265"، والبيهقي "8/158"، قالت: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "ستكون أمراء فتعرفون وتنكرون فمن عرف برء، ومن أنكر سلم، ولكن من رضي وتابع "، قالوا: أفلا نقاتلهم؟ قال: "لا، ما صلوا"، هذا لفظ مسلم. وانظر: "177" و."6193"

6659- إسناده حسن، إبراهيم بن مرة روى عنه جمع، وقال النسائي: ليس به بأس، وذكره المؤلف في الثقات، وباقي السند رجاله ثقات، وهو مكرر ما قبله.

یہ روایت زہری سے سنی ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے

6660 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَيَكُوْنُ بَعْدِيْ خُلَفَاءُ، يَعْمَلُوْنَ بِمَا يَعْلَمُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ، ثُمَّ يَكُوْنُ مِنْ بَعْدِهِمْ خُلَفَاءُ يَعْمَلُوْنَ بِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ، وَيَفْعَلُوْنَ مَا لَا يُؤْمَرُوْنَ، فَمَنْ اَنْكَرَ عَلَيْهِمْ فَقَدْ بَرِءَ، وَلٰكِنْ مَنْ رَضِيَ وَتَابَعَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''عنقریب میرے بعد کچھ خلفاء ہوں گے جو اس کے مطابق عمل کریں گے جو وہ علم رکھتے ہیں اور وہ کام کریں گے جن کا انہیں حکم دیا گیا ہے پھر ان کے بعد کچھ خلفاء آئیں گے جو وہ عمل کریں گے جس کا وہ علم نہیں رکھتے وہ کام کریں گے جن کا انہیں حکم نہیں دیا گیا تو جو ان کا انکار کرے وہ بری ذمہ ہوگا لیکن جو شخص راضی رہے اور پیروی کرے گا۔ (اس کا معاملہ مختلف ہوگا)''

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّ الْخُلَفَاءَ لَا يَكُوْنُوْنَ بَعْدَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اثْنَيْ عَشَرَ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلفاء صرف بارہ ہوں گے

6661 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ الْجَوْهَرِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ خَيْثَمَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَعِيْدِ الْهَمْدَانِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

6660– إسناده صحيح على شرط الشيخين . الوليد: هو ابن مسلم القرشي، وقد صرح بالتحديث . إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، وهو مكرر ما قبله.

6661– حديث صحيح، الأسود بن سعيد الهمذاني روى عنه جمع، وذكره المؤلف في الثقات وروى له أبو داود، وقد توبع، وباقي السند ثقات من رجال الصحيح، وهو في "مسند علي بن الجعد " ."2756" ومن طريقه أخرجه أبو محمد البغوي في شرح السنة "4236"، وقال: هذا حديث صحيح، وفي المصدرين "ثم رجعت إلى منزلي، فقالوا ... !" وأخرجه أحمد 5/92، وأبو داود "4281" في أول كتاب المهدي، والبيهقي في "الدلائل" 6/520، والطبراني في "الكبير" "2059" من طرق عن زهير بن معاوية، بهذا الإسناد، ولفظ الطبراني والبيهقي "لا تزال هذه الأمة مستقيما أمرها، ظاهرة على عدوها حتى يمضي منها اثنا عشر خليفة ... ." وانظر الحديثين الآتيين بعد هذا.

(متن حدیث): يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ ، فَلَمَّا رَجَعَ إِلَى مَنْزِلِهِ أَتَتْهُ قُرَيْشٌ قَالُوا: ثُمَّ يَكُونُ مَاذَا؟ قَالَ: ثُمَّ يَكُونُ الْهَرْجُ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے وہ سب قریش سے تعلق رکھتے ہوں گے۔''

(راوی کہتے ہیں:) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر تشریف لے گئے تو قریش آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: پھر کیا ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر قتل عام ہوگا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَادَ بِقَوْلِهِ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً ، أَنَّ الْإِسْلَامَ يَكُونُ عَزِيزًا فِي أَيَّامِهِمْ لَا أَنَّهُ أَرَادَ بِهِ نَفْيَ مَا وَرَاءَ هَذَا الْعَدَدِ مِنَ الْخُلَفَاءِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے''

اس کے ذریعے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: ان خلفاء کے دور میں اسلام غالب رہے گا اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے علاوہ تعداد میں خلفاء ہونے کی نفی کی ہے

6662 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): لَا يَزَالُ الْإِسْلَامُ عَزِيزًا إِلَى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً قَالَ: فَقَالَ كَلِمَةً لَمْ أَفْهَمْهَا، قُلْتُ لِأَبِي:

6662- إسناده حسن على شرط مسلم، سماك بن حرب لا يرقى حديثه إلى الصحة. وأخرجه مسلم "1821" "7" في الإمارة: باب الناس تبع لقريش والخلافة في قريش، والطبراني "1964" عن هداب "ويقال أيضا: هدبة " بن خالد، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "1278"، وأحمد 5/90 و92 و94 و95 و108، وابنه عبد الله في زياداته 5/99، وأبو القاسم البغوي في الجعديات "2754"، ومسلم "1821" "6"، والترمذي "2223" في الفتن: باب ما جاء في الخلفاء، والطبراني "1896" و"1923" و"1936" و"2007" و"2044" و"2063" و"2070" من طرق عن سماك بن حرب به. ولفظه عندهم في أوله: "يكون بعدي اثنا عشر"....، وعند بعضهم: "فسألت أبي" وعند آخرين: "فسألت القوم." وأخرجه بنحوه من طرق عن جابر بن سمرة أحمد 5/86 و87 - 88 و89 و97 و97 - 98 و98 و101 و107، والبخاري "7222" و"7223" في الأحكام: باب الاستخلاف، ومسلم "1821" "5" و"6" وأبو داود "4279"، وابو القاسم البغوي في "الجعديات" "2754"، والطبراني "1808" و"1809" و"1841" و"1849" و"1850" و"1851" و"1852" و"1875" و"1876" و"1883" و"2060" و"2061" و"2062" و"2063" و"2067" و"2068" و"2069" و"2071"، والبيهقي في الدلائل 6/519 و519 - 520، والبغوي في "شرح السنة" ."4237"

مَا، قَالَ؟ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''بارہ خلفاء تک اسلام غالب رہے گا۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بات ارشاد فرمائی جو میں سمجھ نہیں سکا میں نے اپنے والد سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا ہے: تو انہوں نے بتایا (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے) ان سب خلفاء کا تعلق قریش سے ہوگا''۔

ذِكْرُ وَصْفِ عِزَّةِ الْإِسْلَامِ الَّتِيْ ذَكَرْنَاهَا فِيْ اَيَّامِ الِاثْنَيْ عَشَرَ

ان بارہ (خلفاء) کے دورِ حکومت میں اسلام کے غلبے کی صفت کا تذکرہ، جس کا ہم ذکر کر چکے ہیں

6663 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا بَكْرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سَعِيْدٍ الطَّاحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ هٰذَا الدِّيْنُ عَزِيْزًا مَنِيعًا، يُنْصَرُوْنَ عَلٰى مَنْ نَاوَاَهُمْ عَلَيْهِ اِلٰى اثْنَيْ عَشَرَ خَلِيفَةً.

قَالَ: ثُمَّ تَكَلَّمَ بِكَلِمَةٍ اَصَمَّتَنِيهَا النَّاسُ، فَقُلْتُ لِاَبِيْ: مَا، قَالَ؟ قَالَ: كُلُّهُمْ مِنْ قُرَيْشٍ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''یہ دین اس وقت تک غالب اور مضبوط رہے گا اور اس کے دشمنوں کے خلاف اس کی مدد کی جاتی رہے گی جب تک بارہ خلفاء رہیں گے۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بات ارشاد فرمائی جو لوگوں کی وجہ سے میں سن نہیں سکا تو میں نے اپنے والد سے دریافت کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا ہے۔ انہوں نے بتایا (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے:) ان سب کا تعلق قریش سے ہوگا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ شَنَّعَ بِهٖ بَعْضُ الْمُعَطِّلَةِ وَاَهْلُ الْبِدَعِ عَلٰى اَصْحَابِ الْحَدِيْثِ حَيْثُ حُرِمُوا تَوْفِيقَ الْإِصَابَةِ لِمَعْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے معطلہ فرقے سے تعلق رکھنے والے لوگ اور اہل بدعت محدثین پر تنقید کرتے ہیں، حالانکہ ان لوگوں کو اس حدیث کا مفہوم سمجھنے کی توفیق سے محروم رکھا گیا

6664 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ

6663- إسناده صحيح على شرط الشيخين . ابن عون: هو عبد الله بن عون بن أرطبان أبو عون البصري . وأخرجه مسلم "1821" و"9" عن نصر بن علي الجهضمي، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 5/101 عن إسماعيل بن إبراهيم، ومسلم "1821" "9" من طريق أزهر بن سعيد، كلاهما عن ابن عون، به. وأخرجه أحمد 5/87 و88 و90 و93 و96 و98 و99، ومسلم "1821" "8"، وأبو داود "4280"، والحاكم 3/617 من طرق عن عامر الشعبي، به. وانظر ما قبله.

هَارُوْنَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِیْ سُلَيْمَانَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث):تَدُورُ رَحَى الْإِسْلَامِ عَلٰى خَمْسٍ وَّثَلَاثِينَ، اَوْ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ فَإِنْ هَلَكُوا، فَسَبِيلُ مَنْ هَلَكَ، وَاِنْ بَقُوا بَقِيَ لَهُمْ دِينُهُمْ سَبْعِيْنَ سَنَةً

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا خَبَرٌ شَنَّعَ بِهِ اَهْلُ الْبِدَعِ عَلٰى اَئِمَّتِنَا، وَزَعَمُوا اَنَّ اَصْحَابَ الْحَدِيْثِ حَشْوِيَّةٌ، يَرْوُنَ مَا يَدْفَعُهُ الْعِيَانُ وَالْحِسُّ وَيُصَحِّحُونَهُ، فَإِنْ سُئِلُوا عَنْ وَصْفِ ذٰلِكَ قَالُوا: نُؤْمِنُ بِهِ وَلَا نُفَسِّرُهُ، وَلَسْنَا بِحَمْدِ اللّٰهِ وَمَنِّهِ مِمَّا رُمِيْنَا بِهِ فِيْ شَيْءٍ بَلْ نَقُوْلُ: اِنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا خَاطَبَ اُمَّتَهُ قَطُّ بِشَيْءٍ لَمْ يُعْقَلْ عَنْهُ، وَلَا فِيْ سُنَنِهِ شَيْءٌ لَا يُعْلَمُ مَعْنَاهُ، وَمَنْ زَعَمَ اَنَّ السُّنَنَ اِذَا صَحَّتْ يَجِبُ اَنْ تُرْوٰى وَيُؤْمَنَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ تُفَسَّرَ وَيُعْقَلَ مَعْنَاهَا فَقَدْ قَدَحَ فِي الرِّسَالَةِ، اللّٰهُمَّ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ السُّنَنُ مِنَ الْاَخْبَارِ الَّتِيْ فِيْهَا صِفَاتُ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الَّتِيْ لَا يَقَعُ فِيْهَا التَّكْيِيفُ بَلْ عَلَى النَّاسِ الْإِيمَانُ بِهَا.

وَمَعْنٰى هٰذَا الْخَبَرِ عِنْدَنَا مِمَّا نَقُوْلُ فِيْ كُتُبِنَا: اِنَّ الْعَرَبَ تُطْلِقُ اسْمَ الشَّيْءِ بِالْكُلِّيَّةِ عَلٰى بَعْضِ اَجْزَائِهِ وَتُطْلِقُ الْعَرَبُ فِيْ لُغَتِهَا اسْمَ النِّهَايَةِ عَلٰى بِدَايَتِهَا، وَاسْمَ الْبِدَايَةِ عَلٰى نِهَايَتِهَا.

اَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهِ: تَدُورُ رَحَى الْإِسْلَامِ عَلٰى خَمْسٍ وَّثَلَاثِينَ اَوْ سِتٍّ وَثَلَاثِينَ زَوَالَ الْاَمْرِ عَنْ بَنِيْ هَاشِمٍ اِلٰى بَنِيْ اُمَيَّةَ لِاَنَّ الْحُكْمَيْنِ كَانَ فِيْ آخِرِ سَنَةِ سِتٍّ وَثَلَاثِيْنَ، فَلَمَّا تَلَعْثَمَ الْاَمْرُ عَلٰى بَنِيْ هَاشِمٍ وَّشَارَكَهُمْ فِيْهِ بَنُو اُمَيَّةَ اَطْلَقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ نِهَايَةِ اَمْرِهِمْ عَلٰى بِدَايَتِهِ، وَقَدْ ذَكَرْنَا اسْتِخْلَافَهُمْ وَاحِدًا وَاحِدًا اِلٰى اَنْ مَاتَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ سَنَةَ اِحْدٰى وَمِائَةٍ، وَبَايَعَ النَّاسُ فِيْ ذٰلِكَ يَزِيْدَ بْنَ عَبْدِ الْمَلِكِ، وَتُوُفِّيَ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بِبَلْقَاءَ مِنْ اَرْضِ الشَّامِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ لِخَمْسٍ لَيَالٍ بَقِينَ مِنْ شَعْبَانَ سَنَةَ

6664- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح. سليمان بن أبي سليمان: هو أبو إسحاق الشيباني، والقاسم بن عبد الرحمن: هو الْقَاسِمُ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ الهذلي .وأخرجه الطبراني "10356" عن معاذ بن المثنى، عن مسدد بن مسرهد، بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد 1/390 و451، وأبو يعلى "5009" و"5298"، والطحاوي في شرح مشكل الآثار 2/235-236، والخطابي "غريب الحديث" 1/549 من طرق عن يزيد بن هارون، به . ووقع في إسناد الطحاوي: سليمان بن بلال، بدل "سليمان بن أبي سليمان"، ولعله خطأ من أحد الرواة.وأخرجه أحمد 1/393 و393 - 394 و395، وأبو داود "4254"، في الفتن: باب ذكر الفتن ودلائلها، وأبو يعلى "5281"، والطحاوي 2/236، والبغوي "4225" من طرق عن سفيان، عن منصور، عن ربعي بن حراش، عن البراء بن ناجية، عن ابن مسعود . وزادوا فيه: "أو سبع وثلاثين". وفي آخر الحديث عند بعضهم أن ابن مسعود قال: مما مضى أو مما بقي؟ فقال: مما "بقي"، وعند بعضهم الآخر أن السائل هو عمر بن الخطاب، وانفرد أبو داود وعنه البغوي - في روايته فقال: "مما مضى."وأخرجه الطيالسي "383"، والطحاوي 2/235، ويعقوب بن سفيان في "المعرفة والتاريخ" 3/355، والخطابي 1/549، والحاكم 4/521، والبيهقي في "الدلائل" 6/393 من طرق عن منصور، به. والسائل عندهم في هذه الرواية عمر، وصحح الحاكم إسناده، ووافقه الذهبي.وأخرجه الطبراني "10311"، والطحاوي 2/236 من طريقين عن أبي نعيم، عن شريك، عن مجالد، عن الشعبي، عن مسروق، عن ابن مسعود.

خَمْسٍ وَّمِائَةٍ، وَبَايَعَ النَّاسُ هِشَامَ بْنَ عَبْدِ الْمَلِكِ اَخَاهُ فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ، فَوَلّٰى هِشَامٌ خَالِدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَسْرِيّ الْعِرَاقَ، وَعَزَلَ عُمَرَ بْنَ هُبَيْرَةَ فِي اَوَّلِ سَنَةِ سِتٍّ وَمِائَةٍ، وَظَهَرَتِ الدُّعَاةُ بِخُرَاسَانَ لِبَنِي الْعَبَّاسِ، وَبَايَعُوْا سُلَيْمَانَ بْنَ كَثِيْرِ الْخُزَاعِيَّ الدَّاعِيَ اِلٰى بَنِي هَاشِمٍ، فَخَرَجَ فِي سَنَةِ سِتٍّ وَمِائَةٍ اِلٰى مَكَّةَ وَبَايَعَهُ النَّاسُ لِبَنِي هَاشِمٍ، فَكَانَ ذٰلِكَ تَلَعُّثُمَ اُمُورِ بَنِي اُمَيَّةَ حَيْثُ شَارَكَهُمْ فِيْهِ بَنُو هَاشِمٍ، فَاَطْلَقَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمَ نِهَايَةِ اَمْرِهِمْ عَلٰى بِدَايَتِهِ، وَقَالَ: وَاِنْ بَقُوا بَقِيَ لَهُمْ دِيْنُهُمْ سَبْعِيْنَ سَنَةً يُرِيْدُ عَلٰى مَا كَانُوا عَلَيْهِ

ﷺ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''35 سال تک اسلام کی چکی گھومتی رہے گی۔ (راوی کوشک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) 36 سال تک اگر وہ لوگ ہلاکت کا شکار ہو گئے تو اس طریقے کے مطابق ہوں گے جس طریقے سے ہلاکت کا شکار ہوئے اور اگر وہ باقی رہ گئے تو ان کا دین ستر سال تک ان کے لئے باقی رہے گا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ وہ روایت ہے جس کی وجہ سے اہل بدعت ہمارے آئمہ پر تنقید کرتے ہیں اور وہ یہ کہتے ہیں کہ محدثین حشویہ فرقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ وہ ایسی چیز کو روایت کرتے ہیں جو غور وفکر اور محسوسات کے حوالے سے غلط ہوتی ہے اور محدثین اسے صحیح بھی قرار دیدیتے ہیں پھر ان سے اگر اس چیز کی صفت کے بارے میں دریافت کیا جائے تو آگے سے کہہ دیتے ہیں: ہم اس پر ایمان رکھتے ہیں لیکن ہم اس کی وضاحت نہیں کرتے۔

(امام ابن حبان کہتے ہیں:) اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کے تحت ہم ایسے نہیں ہیں اور ویسے بھی نہیں ہیں جس طرح کا ہم پر الزام عائد کیا گیا ہے بلکہ ہم یہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنی اُمت کو جن بھی امور کے بارے میں مخاطب کیا ہے ان میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس کی سمجھ نہ آسکے اور آپ کی سنتوں میں کوئی ایسی سنت نہیں ہے جس کے مفہوم کا علم نہ ہو سکے جو شخص یہ گمان کرتا ہے کہ جب سنت مستند طور پر منقول ہو تو یہ بات لازم ہے کہ اسے روایت کر دیا جائے اور اس پر ایمان رکھا جائے۔ باوجودیکہ اس کی وضاحت نہ کی جائے یا اس کے مفہوم کی سمجھ نہ آئے تو ایسا شخص رسالت میں نکتہ چینی کرتا ہے۔ اے اللہ (تیری ہی مدد حاصل کی جاسکتی ہے) ویسے احادیث میں کچھ روایات وہ ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کی صفات کا ذکر ہے جن کی کیفیت کو بیان نہیں کیا جاسکتا لیکن لوگوں پر ان صفات پر ایمان رکھنا لازم ہے۔

ہمارے نزدیک اس روایت کا مفہوم یہ ہے جیسا کہ ہم اپنی کتابوں میں یہ بات بیان کر چکے ہیں کہ بعض اوقات عرب کسی چیز کے کسی ایک جزء کے لئے اس مکمل چیز کا نام استعمال کر لیتے ہیں۔ اس طرح عرب اپنے محاورے میں اختتام کا لفظ آغاز کے لئے استعمال کر لیتے ہیں۔ آغاز کا لفظ اختتام کے لئے استعمال کر لیتے ہیں تو نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ''اسلام کی چکی 35 برس تک (راوی کوشک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) 36 برس تک گھومتی رہے گی۔ اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے کہ حکومت بنو ہاشم سے بنوامیہ کی طرف منتقل ہو جائے گی کیونکہ 36 ہجری کے آخر میں حکومت ان دونوں کی طرف چلی گئی تھی تو جب بنو ہاشم کے لئے یہ معاملہ خراب ہوا اور حکومت کے بارے میں بنوامیہ ان کے حصہ دار بن گئے تو نبی اکرم ﷺ نے حکومت کے اختتام کے لئے آغاز کا لفظ استعمال

کیا۔ اسی طرح ہم اس سے پہلے یہ بات ذکر کر چکے ہیں کہ اس طرح ان میں سے ہر ایک خلیفہ بنا' یہاں تک کہ ایک سو ایک ہجری میں حضرت عمر بن عبدالعزیز کا انتقال ہو گیا تو لوگوں نے یزید بن عبدالملک کی بیعت کر لی۔ یزید بن عبدالملک کا انتقال شام کی سرزمین بلقاء کے مقام پر جمعہ کے دن ہوا جو **25** شعبان ایک سو پانچ ہجری کی بات ہے تو لوگوں نے ہشام بن عبدالملک کے ہاتھ پر بیعت کر لی جو اس کا بھائی تھا یہ اسی دن ہوا پھر ہشام نے خالد بن عبداللہ قسری کو عراق کا امیر مقرر کیا۔ اس نے عمر بن ہبیرہ کو ایک سو چھ ہجری کے آغاز میں معزول کر دیا تو خراسان میں بنو عباس کے داعی نمودار ہوئے۔ انہوں نے سلیمان بن کثیر خزاعی کے ہاتھ پر بیعت کر لی جو بنو ہاشم کی طرف دعوت دینے والا تھا۔ اس نے ایک سو چھ ہجری میں مکہ کی طرف خروج کیا تو لوگوں نے بنو ہاشم کے لئے ان کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ اس طرح بنو امیہ کی حکومت خرابی کا شکار ہو گئی اور بنو ہاشم پھر اس میں ان کے حصے دار بن گئے تو نبی اکرم ﷺ نے ان کی حکومت کے اختتام کے لئے لفظ آغاز استعمال کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ فرمایا اگر وہ باقی رہے تو ان کا دین ستر سال تک ان کے لئے باقی رہے گا۔ اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ تھی کہ جس صورت حال پر وہ اس سے پہلے تھے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ اَوَّلِ نِسَائِهِ لُحُوقًا بِهٖ بَعْدَهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی کون سی زوجہ محترمہ آپ ﷺ کے پاس پہلے پہنچیں گی

6665 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْرَعُكُنَّ لَحَاقًا بِيْ اَطْوَلُكُنَّ يَدًا، قَالَتْ: فَكُنَّ يَتَطَاوَلْنَ اَيُّهُنَّ اَطْوَلُ، قَالَتْ: فَكَانَ اَطْوَلَنَا يَدًا زَيْنَبُ، لِاَنَّهَا كَانَتْ تَعْمَلُ بِيَدِهَا وَتَتَصَدَّقُ.

✿✿ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے:

''میرے بعد مجھ سے' سب سے پہلے تم میں سے وہ خاتون آ کر ملے گی' جس کے ہاتھ سب سے زیادہ لمبے ہیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں تو تمام ازواج مطہرات نے اپنے ہاتھوں کو ناپا کہ کس کا ہاتھ زیادہ لمبا ہے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا ہاتھ سب سے زیادہ لمبا تھا' کیونکہ وہ اپنے ہاتھ کے ذریعے کام کرتی تھیں اور (اس کی آمدن کو) صدقہ کیا کرتی تھیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ عِنْدَ كَوْنِ الصَّحَابَةِ فِيْهِمْ اَوِ التَّابِعِيْنَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ ان مسلمانوں کو فتح نصیب کرے گا

6665- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير طلحة بن يحيى، فمن رجال مسلم. وهو مكرر الحديث رقم "3314"

جن کے درمیان کوئی صحابی یا تابعی موجود ہوگا

6666 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): يَاْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَغْزُو فِيْهِ فِئَامٌ مِّنَ النَّاسِ فَيُقَالُ: هَلْ فِيكُمْ مَنْ صَحِبَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَيُقَالُ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ ثُمَّ يَاْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَغْزُو فِيْهِ فِئَامٌ مِّنَ النَّاسِ، فَيُقَالُ: هَلْ فِيكُمْ مَنْ صَحِبَ اَصْحَابَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَيُقَالُ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ، ثُمَّ يَاْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ يَغْزُو فِيْهِ فِئَامٌ مِّنَ النَّاسِ فَيُقَالُ: هَلْ فِيكُمْ مَنْ صَحِبَ مَنْ صَاحَبَهُمْ؟ فَيُقَالُ: نَعَمْ، فَيُفْتَحُ لَهُمْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جس میں بہت سے لوگ جنگ میں شریک ہونے کے لئے آئیں گے تو یہ دریافت کیا جائے گا: کیا تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص موجود ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابی ہو تو جواب دیا: جائے گا جی ہاں تو ان لوگوں کو فتح نصیب ہوگی پھر لوگوں پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جس میں بہت سے لوگ جنگ کرنے کے لئے جائیں گے تو دریافت کیا جائے گا: کیا تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے ساتھ رہا ہو تو جواب دیا: جائے گا جی ہاں تو ان لوگوں کو بھی فتح نصیب ہوگی پھر ان لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا بہت سے لوگ جنگ میں حصہ لینے کے لئے جائیں گے تو دریافت کیا جائے گا: کیا تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص موجود ہے جو صحابہ کے شاگردوں کے ساتھ رہا ہو تو ان لوگوں کو بھی فتح نصیب ہوگی۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ مَوْتِ اُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ

سیّدہ ام حرام بنت ملحان رضی اللہ عنہا کے انتقال کی کیفیت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

6667 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ عَلَى اُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ فَتُطْعِمُهُ، وَكَانَتْ اُمُّ حَرَامٍ تَحْتَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا، فَاَطْعَمَتْهُ، ثُمَّ

6666– إسناده صحيح، إبراهيم بن بشار: هو الرمادي، حافظ روى له أبو داود والترمذي، ومن فوقه من رجال الشيخين. وهو مكرر "4768".

6667– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "الموطأ" 2/464 - 465 في الجهاد: باب الترغيب في الجهاد. وقد تقدم تخريجه عند الحديث رقم "4608" فانظره هناك.

جَلَسَتْ تَفْلِي رَأْسَهُ، فَنَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، قَالَتْ: فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَاسٌ مِّنْ أُمَّتِي، عُرِضُوا عَلَيَّ غُزَاةً فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ، يَرْكَبُوْنَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ، مُلُوكًا عَلَى الْاَسِرَّةِ اَوْ مِثْلَ الْمُلُوكِ عَلَى الْاَسِرَّةِ - يَشُكُّ اَيُّهُمَا - ، قَالَتْ: فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، فَدَعَا لَهَا، ثُمَّ وَضَعَ رَأْسَهُ فَنَامَ، ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ، قَالَتْ: فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَاسٌ مِّنْ أُمَّتِي، عُرِضُوا عَلَيَّ غُزَاةً فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ كَمَا، قَالَ فِي الْاَوَّلِ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِيْ مِنْهُمْ، قَالَ: اَنْتِ مِنَ الْاَوَّلِينَ ، فَرَكِبَتْ اُمُّ حَرَامٍ الْبَحْرَ فِيْ زَمَانِ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِي سُفْيَانَ، فَصُرِعَتْ عَنْ دَابَّتِهَا حِينَ خَرَجَتْ مِنَ الْبَحْرِ ، فَهَلَكَتْ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ اُمّ حرام بنت ملحان رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے جایا کرتے تھے۔ وہ آپ کی خدمت میں کھانا پیش کرتی تھیں۔ سیّدہ امّ حرام رضی اللہ عنہا حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں۔ نبی اکرم رضی اللہ عنہ ایک دن ان کے ہاں تشریف لے گئے۔ انھوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کھانا پیش کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر سے جوئیں نکالنے لگی۔ اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سو گئے۔ جب آپ بیدار ہوئے تو آپ ہنس رہے تھے۔ سیّدہ اُمّ حرام رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کس بات پر ہنس رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری امت سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگوں کو میرے سامنے پیش کیا گیا جو اللہ کی راہ میں جنگ میں حصہ لینے کے لئے جائیں گے اور وہ اس سمندر کی پشت پر یوں سوار ہوں گے جس طرح بادشاہ تخت پر بیٹھتے ہیں۔ (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) سیّدہ اُمّ حرام رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے۔ وہ مجھے بھی ان میں شامل کرلے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لئے دعا کردی پھر آپ نے اپنا سر رکھا اور سو گئے پھر جب آپ بیدار ہوئے تو آپ ہنس رہے تھے۔ سیّدہ اُمّ حرام رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کس بات پر ہنس رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری اُمت سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ میرے سامنے پیش کئے گئے جو اللہ کی راہ میں جہاد میں حصہ لینے کے لئے جائیں گے۔ اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہی کلمات ارشاد فرمائے جو پہلے ارشاد فرمائے تھے۔ سیّدہ اُمّ حرام رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے وہ مجھے بھی ان میں شامل کرلے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم پہلے والوں میں شامل ہو۔

(حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں سیّدہ امّ حرام رضی اللہ عنہا سمندری سفر پر روانہ ہوئیں (جب وہ واپس تشریف لائیں) تو وہ جب سمندر سے باہر آئیں اور اپنی سواری پر سوار ہوئیں تو اس سے نیچے گر گئیں اور ان کا انتقال ہو گیا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ إِخْرَاجِ النَّاسِ أَبَا ذَرٍّ الْغِفَارِيَّ مِنَ الْمَدِينَةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ لوگ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ سے نکال دیں گے

6668 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي حَرْبِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ الدِّيلِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): أَتَانِي نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا نَائِمٌ فِي مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، فَضَرَبَنِي بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: أَلَا أَرَاكَ نَائِمًا فِيهِ؟ قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ، غَلَبَتْنِي عَيْنِي، قَالَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ إِذَا أُخْرِجْتَ مِنْهُ؟ قُلْتُ: مَا أَصْنَعُ يَا نَبِيَّ اللَّهِ، أَضْرِبُ بِسَيْفِي؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى مَا هُوَ خَيْرٌ لَكَ مِنْ ذَلِكَ، وَأَقْرَبُ رُشْدًا؟ تَسْمَعُ وَتُطِيعُ، وَتَنْسَاقُ لَهُمْ حَيْثُ سَاقُوكَ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے۔ میں اس وقت مسجد نبوی میں سویا ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پاؤں کے ذریعے مجھے مارا اور ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں یہاں سویا ہوا دیکھ رہا ہوں۔ میں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری آنکھ لگ گئی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس وقت تمہارا کیا عالم ہوگا جب تمہیں اس میں سے نکال دیا جائے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس وقت مجھے کیا کرنا چاہئے۔ کیا میں اپنی تلوار کے ذریعے لڑائی کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہاری رہنمائی اس چیز کی طرف نہ کروں جو تمہارے لئے اس سے زیادہ بہتر ہو اور ہدایت کے زیادہ قریب ہو تم اطاعت اور فرمانبرداری سے کام لو اور وہ تمہیں جہاں جانے کے لئے کہیں تم وہاں چلے جاؤ۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

6669 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ:

6668- إسناده ضعيف، عم أبي حرب بن أبي الأسود لا يعرف، ولم يرو عنه غيره، وباقي رجال السند ثقات رجال الصحيح. وأخرجه أحمد 5/156 عن علي بن عبد الله، عن معتمر بن سليمان، بهذا السند. وأخرجه مختصرا إلى قوله "غلبتني عيني": الدارمي 1/325 عن سعيد بن المغيرة، عن معتمر، به. وأخرجه باطول مما هنا أحمد 5/144 و6/457 من طريقين عن شهر بن حوشب، عن عبد الرحمن بن غنم وأسماء بنت يزيد، عن أبي ذر ... وشهر ضعيف. ذكر خبر ثان يصرح بصحة ماذكرناه حديث أبي ذر

6669- إسناده ضعيف لانقطاعه، فإن ضريب بن نقير لم يدرك أبا ذر ولا سمع منه. إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه. وأخرجه أحمد 5/178 - 179، وأحمد بن منيع في مسنده كما في "مصباح الزجاجة" ورقة 268/1 - عن يزيد بن هارون، عن كهمس بن الحسن، بهذا الإسناد. وأورده الهيثمي بطوله في "المجمع" 5/223 وقال: رواه الطبراني ورجاله رجال الصحيح، إلا أن أبا سليل ضريب بن نقير لم يدرك أبا ذر.

اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ الْقَيْسِيُّ، عَنْ اَبِي السَّلِيلِ ضُرَيْبِ بْنِ نُقَيْرٍ الْقَيْسِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ: جَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتْلُو هٰذِهِ الْاٰيَةَ: (وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ) (الطلاق: 3) ، قَالَ: فَجَعَلَ يُرَدِّدُهَا عَلَيَّ حَتّٰى نَعَسْتُ، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، لَوْ اَنَّ النَّاسَ كُلَّهُمْ اَخَذُوا بِهَا لَكَفَتْهُمْ ، ثُمَّ قَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، كَيْفَ تَصْنَعُ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ ؟ قُلْتُ: اِلَى السَّعَةِ وَالدَّعَةِ اَكُوْنُ حَمَامًا مِنْ حَمَامِ مَكَّةَ، قَالَ: كَيْفَ تَصْنَعُ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنْ مَكَّةَ ؟ قُلْتُ: اِلَى السَّعَةِ وَالدَّعَةِ، اِلٰى اَرْضِ الشَّامِ، وَالْاَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ، قَالَ: فَكَيْفَ تَصْنَعُ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنْهَا ؟ قُلْتُ: اِذًا وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ آخُذُ سَيْفِيْ فَاَضَعُهٗ عَلٰى عَاتِقِي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَوَ خَيْرٌ مِّنْ ذٰلِكَ تَسْمَعُ وَتُطِيعُ، لِعَبْدٍ حَبَشِيٍّ مُجَدَّعٍ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کرنا شروع کی۔

"جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے راستہ بنا دیتا ہے اور اسے وہاں سے رزق عطا کرتا ہے جہاں اسے گمان بھی نہیں ہوتا۔"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس آیت کو دہراتے رہے یہاں تک کہ مجھے اونگھ آ گئی۔ آپ نے فرمایا: اے ابوذر! اگر تمام لوگ اسی کو اختیار کر لیں تو یہی ان کے لئے کافی ہے پھر آپ نے فرمایا: اے ابوذر تم اس وقت کیا کرو گے جب تمہیں مدینہ منورہ سے نکال دیا جائے گا۔ میں نے عرض کی: میں اپنی گنجائش کے مطابق یہ کوشش کروں گا کہ میں مکہ کا کبوتر بن جاؤں (یعنی مکہ منتقل ہو جاؤں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم اس وقت کیا کرو گے جب تمہیں مکہ سے بھی نکال دیا جائے گا۔ میں نے عرض کی: میں اپنی گنجائش اور حیثیت کے مطابق کوشش کروں گا کہ میں شام کی سرزمین کی طرف چلا جاؤں اور ارضِ مقدس کی طرف چلا جاؤں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم اس وقت کیا کرو گے جب تمہیں وہاں سے بھی نکال دیا جائے گا۔ میں نے عرض کی: اس صورت میں اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں اپنی تلوار پکڑوں گا اور اسے اپنی گردن میں لٹکا لوں گا (اور ان لوگوں سے لڑنا شروع کر دوں گا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس سے زیادہ صحیح یہ نہیں ہے کہ تم ناک کان کٹے ہوئے اس حبشی غلام کی اطاعت و فرمانبرداری کرو (جو حاکم وقت ہوگا)

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ مَوْتِ اَبِيْ ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

6670 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْاَشْتَرِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اُمِّ ذَرٍّ، قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا حَضَرَتْ اَبَا ذَرٍّ الْوَفَاةُ بَكَيْتُ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ؟ فَقُلْتُ: مَا لِي لَا اَبْكِي وَاَنْتَ تَمُوتُ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، وَلَيْسَ عِنْدِي ثَوْبٌ يَسَعُكَ كَفَنًا، قَالَ: فَلَا تَبْكِي وَاَبْشِرِي، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِنَفَرٍ اَنَا فِيهِمْ: لَيَمُوتَنَّ رَجُلٌ مِنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ، وَلَيْسَ مِنْ اُولَئِكَ النَّفَرِ اَحَدٌ اِلَّا وَقَدْ هَلَكَ فِي قَرْيَةٍ جَمَاعَةٍ، وَاَنَا الَّذِي اَمُوتُ بِفَلَاةٍ، وَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ، فَابْصِرِي الطَّرِيقَ، قَالَتْ: وَاَنَّى وَقَدْ ذَهَبَ الْحَاجُّ وَانْقَطَعَتِ الطُّرُقُ، قَالَ: اذْهَبِي فَتَبَصَّرِي، قَالَتْ: فَكُنْتُ اَجِيءُ اِلَى كَثِيبٍ، فَاَتَبَصَّرُ، ثُمَّ اَرْجِعُ اِلَيْهِ فَاُمَرِّضُهُ، فَبَيْنَمَا اَنَا كَذٰلِكَ اِذَا اَنَا بِرِجَالٍ عَلَى رِحَالِهِمْ، كَاَنَّهُمُ الرَّخَمُ، فَاَقْبَلُوا حَتَّى وَقَفُوا عَلَيَّ وَقَالُوا: مَا لَكِ اَمَةَ اللّٰهِ؟ قُلْتُ لَهُمْ: امْرُؤٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ يَمُوتُ، تُكَفِّنُونَهُ؟ قَالُوا: مَنْ هُوَ؟ فَقُلْتُ: اَبُو ذَرٍّ، قَالُوا: صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَتْ: فَفَدَوْهُ بِآبَائِهِمْ وَاُمَّهَاتِهِمْ، وَاَسْرَعُوا اِلَيْهِ، فَدَخَلُوا عَلَيْهِ، فَرَحَّبَ بِهِمْ، وَقَالَ: اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لِنَفَرٍ اَنَا فِيهِمْ: لَيَمُوتَنَّ مِنْكُمْ رَجُلٌ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَلَيْسَ مِنْ اُولَئِكَ النَّفَرِ اَحَدٌ اِلَّا هَلَكَ فِي قَرْيَةٍ وَّجَمَاعَةٍ، وَاَنَا الَّذِي اَمُوتُ بِفَلَاةٍ اَنْتُمْ تَسْمَعُونَ اِنَّهُ لَوْ كَانَ عِنْدِي ثَوْبٌ يَسَعُنِي كَفَنًا لِي اَوْ لِامْرَاَتِي، لَمْ اُكَفَّنْ اِلَّا فِي ثَوْبٍ لِي اَوْ لَهَا، اَنْتُمْ تَسْمَعُونَ اِنِّي اُشْهِدُكُمْ اَنْ يُكَفِّنَنِي رَجُلٌ مِنْكُمْ كَانَ اَمِيرًا اَوْ عَرِيفًا اَوْ بَرِيدًا اَوْ نَقِيبًا، فَلَيْسَ اَحَدٌ مِنَ الْقَوْمِ اِلَّا قَارَفَ بَعْضَ ذٰلِكَ اِلَّا فَتًى مِنَ الْاَنْصَارِ، فَقَالَ: يَا عَمِّ، اَنَا اُكَفِّنُكَ لَمْ اُصِبْ مِمَّا ذَكَرْتَ شَيْئًا، اُكَفِّنُكَ فِي رِدَائِي هٰذَا، وَفِي ثَوْبَيْنِ فِي عَيْبَتِي مِنْ غَزْلِ اُمِّي حَاكَتْهُمَا لِي، فَكَفَّنَهُ الْاَنْصَارِيُّ فِي النَّفَرِ الَّذِينَ شَهِدُوهُ مِنْهُمْ حُجْرُ بْنُ الْاَدْبَرِ، وَمَالِكُ بْنُ الْاَشْتَرِ فِي نَفَرٍ كُلُّهُمْ يَمَانٍ

❀❀ سیّدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو میں رونے لگی۔ انہوں نے دریافت کیا: تم کیوں رو رہی ہو۔ میں نے کہا: میں کیوں نہ روؤں؟ جبکہ آپ ایک ویرانے میں فوت ہونے لگے ہیں۔ میرے پاس اتنا کپڑا نہیں ہے جو آپ کے کفن کے لئے کافی ہو تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نہ روؤ تمہارے لئے خوشخبری ہے کہ

6670– حديث قوي، إبراهيم بن الأشتر: هو إبراهيم بن مالك بن الحارث، روى عن أبيه وعمر، وروى عنه جمع، وذكره المؤلف في "ثقاته" 4/12، وكان من أعيان الأمراء بالكوفة، وأبوه مالك بن الحارث المعروف بالأشتر روى عنه جمع، وذكره ابن سعد في الطبقة الأولى من تابعي أهل الكوفة، وقال: كان من أصحاب علي، وشهد معه الجمل وصفين ومشاهده كلها، وولاه على مصر، وقال العجلي: كوفي تابعي ثقة، وذكره المؤلف في "الثقات"، وهو من المخضرمين وروى له النسائي، وأم ذر ذكرها المؤلف في ثقات التابعين 5/593، ويقال: لها صحبة، وترجمها الحافظ في "الإصابة" 4/430، وباقي رجاله من رجال الشيخين غير عبد الله بن عثمان فمن رجال مسلم. يحيى بن سليم: هو الطائفي، ومجاهد: هو ابن جبر. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 1/169 - 170 عن أحمد بن محمد بن سنان، عن محمد بن إسحاق الثقفي، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/155 عن إسحاق بن عيسى، وابن سعد في "الطبقات" 4/233 - 234 عن إسحاق بن إسرائيل، والبزار "2716" عن يوسف بن موسى، ثلاثتهم عن يحيى بن سليم، به. ورواية أحمد مختصرة.

میں نے نبی اکرم ﷺ کو کچھ لوگوں کو یہ فرماتے ہوئے سنا: جن میں میں موجود تھا (نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:) تم لوگوں میں سے کسی ایک شخص کا انتقال ویرانے میں ہوگا لیکن اس کی نماز جنازہ میں اہل ایمان کا ایک گروہ شریک ہوگا۔

(حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) ان لوگوں میں سے ہر ایک شخص کا انتقال آبادی میں ہوا۔ صرف میں ویرانے میں مرنے لگا ہوں۔ اللہ کی قسم! نہ تو میں نے غلط بیانی کی ہے اور نہ ہی میرے ساتھ غلط بیانی کی گئی ہے تم راستے کا جائزہ لیتی رہو۔ سیدہ امّ ذر نے عرض کی: اب تو حاجی رخصت ہو چکے ہیں اور راستے منقطع ہو چکے ہیں حضرت ابوذر غفاری نے فرمایا: تم جاؤ اور جا کے جائزہ لو سیدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں ٹیلے کی طرف آئی میں نے جائزہ لیا پھر میں ان کے پاس واپس آئی اور ان کی تیمارداری کرنے لگی۔ ابھی میں ان کی تیمارداری کر رہی تھی کہ اسی دوران کچھ لوگ اپنی سواریوں پر سوار ہو کر وہاں آ گئے۔ یوں لگتا تھا جیسے وہ پرندے ہوں۔ وہ لوگ آئے اور میرے پاس آ کر ٹھہر گئے۔ انہوں نے دریافت کیا: اے اللہ کی کنیز تمہارا کیا معاملہ ہے میں نے ان سے کہا ایک مسلمان شخص فوت ہونے لگا ہے کیا تم لوگ اسے کفن دو گے۔ ان لوگوں نے دریافت کیا: وہ کون ہے؟ میں نے جواب دیا: حضرت ابوذر، انہوں نے دریافت کیا: وہ جو نبی اکرم ﷺ کے صحابی ہیں۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ سیدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں تو ان لوگوں نے یہ کہا ہمارے ماں باپ ان پر قربان ہوں پھر وہ تیزی سے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے انہیں خوش آمدید کہا۔ یہ بات بتائی میں نے نبی اکرم ﷺ کو کچھ لوگوں کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: ان لوگوں میں میں بھی موجود تھا۔

''تم میں سے کسی ایک شخص کا انتقال ویرانے میں ہوگا لیکن اس کے جنازے میں اہل ایمان کا ایک گروہ شریک ہوگا۔''

(حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے بتایا) ان تمام لوگوں میں سے ہر شخص کا انتقال کسی بستی میں یا لوگوں کے اجتماع میں ہوا۔ صرف میں ویرانے میں مرنے لگا ہوں تم لوگ یہ بات سن لو کہ اگر میرے پاس اتنا کپڑا ہوا جو میرے کفن کے لئے کافی ہوا یا میری بیوی کے پاس اتنا کپڑا ہوا تو مجھے صرف میرے یا میری بیوی کے کپڑے میں کفن دیا جائے تم لوگ یہ بات سن لو کہ میں تم لوگوں کو گواہ بنا کے یہ بات کہہ رہا ہوں کہ تم میں سے وہ شخص مجھے کفن دے جو امیر ہو یا عریف ہو یا برید ہو یا نقیب ہو (یعنی کسی نہ کسی عہدے یا مرتبے پر فائز ہو)

(راوی بیان کرتے ہیں) وہاں موجود لوگوں میں سے کوئی بھی شخص ایسا نہیں تھا جو کسی نہ کسی عہدے پر نہ رہا ہو۔ صرف ایک انصاری نوجوان تھا۔ اس نے کہا: اے چچا جان میں آپ کو وہ کفن دوں گا اور وہ چیز شامل نہیں کروں گا جس کا آپ نے ذکر کیا ہے۔ میں آپ کو اپنی اس چادر میں کفن دوں گا اور ان دو کپڑوں میں دوں گا' جو میں نے نیچے پہنے ہوئے ہیں جنہیں میری امی نے میرے لئے اپنے ہاتھوں سے کات کر دیا تھا تو اس انصاری نے ان لوگوں کی موجودگی میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کو کفنایا جو لوگ وہاں موجود تھے ان میں حضرت حجر بن ادبر اور مالک بن اشتر بن شامل تھے۔ یہ تمام لوگ یمن سے تعلق رکھتے تھے۔

ذِكْرُ اِخْبَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مَوْتِ اَبِىْ ذَرٍّ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے انتقال کے بارے میں اطلاع دینے کا تذکرہ

6671 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ، حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ الْاَشْتَرِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اُمِّ ذَرٍّ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): لَمَّا حَضَرَتْ اَبَا ذَرٍّ الْوَفَاةُ بَكَيْتُ، فَقَالَ: مَا يُبْكِيكِ؟ فَقُلْتُ: وَمَا لِىَ لَا اَبْكِى وَاَنْتَ تَمُوْتُ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، وَلَيْسَ عِنْدِىْ ثَوْبٌ يَسَعُكَ كَفَنًا، وَلَا يَدَانِ لِى فِىْ تَغْيِيبِكَ، قَالَ: اَبْشِرِى وَلَا تَبْكِى، فَاِنِّى سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا يَمُوْتُ بَيْنَ امْرَاَيْنِ مُسْلِمَيْنِ وَلَدَانِ اَوْ ثَلَاثٌ، فَيَصْبِرَانِ وَيَحْتَسِبَانِ فَيَرَيَانِ النَّارَ اَبَدًا، وَاِنِّى سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِنَفَرٍ اَنَا فِيهِمْ: لَيَمُوْتَنَّ رَجُلٌ مِّنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَلَيْسَ مِنْ اُولٰئِكَ النَّفَرِ اَحَدٌ اِلَّا وَقَدْ مَاتَ فِىْ قَرْيَةٍ وَّجَمَاعَةٍ، فَاَنَا ذٰلِكَ الرَّجُلُ، وَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ، فَاَبْصِرِى الطَّرِيقَ، فَقُلْتُ: اَنّٰى وَقَدْ ذَهَبَتِ الْحَاجُّ وَتَقَطَّعَتِ الطُّرُقُ، فَقَالَ: اذْهَبِىْ فَتَبَصَّرِى، قَالَتْ: فَكُنْتُ اَشْتَدُّ اِلَى الْكَثِيبِ اَتَبَصَّرُ، ثُمَّ اَرْجِعُ فَاُمَرِّضُهُ، فَبَيْنَمَا هُوَ وَاَنَا كَذٰلِكَ اِذَا اَنَا بِرِجَالٍ عَلٰى رِحَالِهِمْ كَاَنَّهُمُ الرَّخَمُ تَخُبُّ بِهِمْ رَوَاحِلُهُمْ، قَالَتْ: فَاَسْرَعُوْا اِلَىَّ حِينَ وَقَفُوا عَلَىَّ، فَقَالُوا: يَا اَمَةَ اللّٰهِ، مَا لَكِ؟ قُلْتُ: امْرُؤٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ يَمُوْتُ فَتُكَفِّنُوْنَهُ؟ قَالُوا: وَمَنْ هُوَ؟ قَالَتْ: اَبُوْ ذَرٍّ، قَالُوا: صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، فَفَدَّوْهُ بِآبَائِهِمْ وَاُمَّهَاتِهِمْ، وَاَسْرَعُوْا اِلَيْهِ حَتّٰى دَخَلُوا عَلَيْهِ، فَقَالَ لَهُمْ: اَبْشِرُوا، فَاِنِّى سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِنَفَرٍ اَنَا فِيهِمْ: لَيَمُوْتَنَّ رَجُلٌ مِّنْكُمْ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ، يَشْهَدُهُ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَلَيْسَ مِنْ اُولٰئِكَ النَّفَرِ رَجُلٌ اِلَّا وَقَدْ هَلَكَ فِىْ جَمَاعَةٍ، فَوَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ اِنَّهُ لَوْ كَانَ عِنْدِىْ ثَوْبٌ يَسَعُنِىْ كَفَنًا لِى اَوْ لِامْرَاَتِى، لَمْ اُكَفَّنْ اِلَّا فِىْ ثَوْبٍ هُوَ لِى اَوْ لَهَا، اِنِّى اُنْشِدُكُمُ اللّٰهَ اَنْ لَا يُكَفِّنَنِىْ رَجُلٌ مِّنْكُمْ كَانَ اَمِيرًا اَوْ عَرِيفًا اَوْ بَرِيْدًا اَوْ نَقِيبًا، فَلَيْسَ مِنْ اُولٰئِكَ النَّفَرِ اَحَدٌ اِلَّا وَقَدْ قَارَفَ بَعْضَ مَا، قَالَ اِلَّا فَتًى مِنَ الْاَنْصَارِ، قَالَ: اَنَا اُكَفِّنُكَ يَا عَمِّ، اُكَفِّنُكَ فِىْ رِدَائِى هٰذَا، وَفِىْ ثَوْبَيْنِ فِىْ عَيْبَتِى مِنْ غَزْلِ اُمِّى، قَالَ: اَنْتَ فَكَفِّنِّى، فَكَفَّنَهُ الْاَنْصَارِىُّ فِى النَّفَرِ الَّذِيْنَ حَضَرُوا، وَقَامُوا عَلَيْهِ وَدَفَنُوهُ فِىْ نَفَرٍ كُلُّهُمْ يَمَانٍ

سیدہ اُمّ ذر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو میں رونے لگی انہوں نے دریافت کیا: تم کیوں رو رہی ہو۔ میں نے کہا: میں کیوں نہ روؤں جبکہ آپ ایک ویرانے میں مرنے لگے ہیں۔ میرے پاس اتنا

6671- هو مكرر ما قبله. أخرجه الحاكم 3/344 - 346، وعنه البيهقي في "دلائل النبوة" 6/401 - 402 من طريق إسماعيل بن إسحاق القاضي، عن علي بن عبد الله المديني، بهذا الإسناد. وأورده ابن عبد البر في "الاستيعاب" 1/215 - 217 من طريق علي...

کپڑا بھی نہیں ہے' جو آپ کے کفن کے لئے کافی ہو اور آپ کی عدم موجودگی میں میرے لئے رہنا ممکن نہیں ہے تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہارے لئے خوشخبری ہے تم نہ روؤ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جن بھی دو مسلمان (میاں بیوی) کے دو یا تین بچے فوت ہو جائیں اور وہ دونوں صبر سے کام لیں اور ثواب کی امید رکھیں تو وہ کبھی بھی آگ کو نہیں دیکھیں گے'' (یعنی جہنم میں نہیں جائیں گے)

(حضرت ابوذر غفاری نے یہ بھی بتایا) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین آدمیوں سے یہ فرماتے ہوئے سنا: جن میں' میں بھی موجود تھا۔

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کا ذکر کیا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں ہوں گے وہ کچھ لوگوں کے درمیان نکلیں گے ان کی مخصوص نشانی سر منڈوانا ہوگی اور وہ بدترین لوگ ہوں گے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) وہ مخلوق میں بدترین ہوں گے اور انہیں وہ گروہ قتل کرے گا' جو حق کے زیادہ قریب ہوگا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الشَّيْءِ الَّذِيْ يُسْتَدَلُّ بِهٖ عَلٰى مُرُوْقِ اَهْلِ النَّهْرَوَانِ مِنَ الْاِسْلَامِ

اس چیز کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس کے ذریعے یہ استدلال کیا جا سکتا ہے' اہل نہروان' اسلام سے نکل گئے تھے

6741 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، وَالضَّحَّاكُ الْمِشْرَقِيُّ، اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، قَالَ:

(متن حدیث): بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُقْسِمُ قَسْمًا اِذَا جَاءَهُ ذُوالْخُوَيْصِرَةِ وَهُوَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ تَمِيمٍ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اعْدِلْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَيْلَكَ، وَمَنْ يَعْدِلُ اِذَا لَمْ اَعْدِلْ؟ ، قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، ائْذَنْ لِيْ فِيْهِ اَضْرِبْ عُنُقَهُ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُ، فَاِنَّ لَهُ اَصْحَابًا يَحْقِرُ اَحَدُكُمْ صَلَاتَهُ مَعَ صَلَاتِهِمْ، وَصِيَامَهُ مَعَ صِيَامِهِمْ، يَقْرَءُ وْنَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ، يَمْرُقُونَ مِنَ الْاِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ، يُنْظَرُ اِلٰى نَصْلِهٖ فَلَا يُوجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ اِلٰى رِصَافِهٖ فَلَا يُوجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ، ثُمَّ يُنْظَرُ اِلٰى نَضِيِّهٖ فَلَا يُوجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ - وَهُوَ الْقِدْحُ - ثُمَّ يُنْظَرُ اِلٰى قُذَذِهٖ فَلَا يُوجَدُ فِيْهِ شَيْءٌ سَبَقَ الْفَرْثَ وَالدَّمَ، آيَتُهُمْ رَجُلٌ اَسْوَدُ اِحْدٰى عَضُدَيْهِ مِثْلُ ثَدْيِ الْمَرْاَةِ، وَمِثْلُ الْبَضْعَةِ تَدَرْدَرُ، يَخْرُجُونَ عَلٰى حِيْنِ فُرْقَةٍ مِنَ النَّاسِ ، قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: فَاَشْهَدُ اَنِّيْ سَمِعْتُ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَشْهَدُ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ قَاتَلَهُمْ، وَاَنَا مَعَهُ فَاَمَرَ بِذٰلِكَ الرَّجُلِ فَالْتُمِسَ، فَوُجِدَ، فَاُتِيَ بِهٖ حَتّٰى نَظَرْتُ اِلَيْهِ عَلٰى نَعْتِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِيْ نَعَتَ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کچھ تقسیم کر رہے تھے اسی دوران بنو تمیم سے تعلق رکھنے والا ایک شخص ذوخویصرہ آیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ انصاف سے کام

لیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو اگر میں عدل سے کام نہیں لوں گا' تو پھر کون عدل کرے گا۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے اس کے بارے میں اجازت دیجئے کہ میں اس کی گردن اڑا دوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو' کیونکہ اس کے کچھ ایسے ساتھی بھی ہوں گے کہ تم ان کی نمازوں کے سامنے اپنی نمازوں کو' ان کے روزوں کے سامنے اپنے روزوں کو حقیر سمجھو گے' وہ لوگ قرآن کی تلاوت کریں گے' لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں جائے گا وہ لوگ اسلام سے یوں نکل جائیں گے' جس طرح تیر نشانے کے پار ہو جاتا ہے' جب اس کے پھل کا جائزہ لیا جاتا ہے' تو وہاں کچھ نہیں ملتا جب اس کے کونے کا جائزہ لیا جاتا ہے' تو وہاں کچھ نہیں ملتا جب اس کے رصاف (تیر کے پھل کو تانت باندھنے کی جگہ) کا جائزہ لیا جاتا ہے' تو وہاں کچھ نہیں ملتا جب اس کے نضی (تیر کے پیکان اور پر کے درمیان کا حصہ) کا جائزہ لیا جاتا ہے' تو وہاں کچھ نہیں ملتا جو گوبر اور خون پر سبقت لے گیا ہو (نبی اکرم ﷺ نے فرمایا:) ان لوگوں کی مخصوص نشانی ایک سیاہ فام شخص ہے' جس کا ایک بازو عورت کی چھاتی کی مانند ہوگا اور وہ تھرتھراتے ہوئے گوشت کے ٹکڑے کی مانند ہوگا وہ لوگ لوگوں کے درمیان اختلاف کے وقت ظاہر ہوں گے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں: ہم نے یہ بات نبی اکرم ﷺ کی زبانی سنی ہے اور میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کے ساتھ جنگ کی تھی میں اس وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس شخص کے بارے میں حکم دیا کہ اسے تلاش کیا گیا' وہ شخص مل گیا جب اسے لایا گیا اور میں نے اس کا جائزہ لیا تو وہ بالکل ویسا ہی تھا' جس طرح نبی اکرم ﷺ نے اس کا حلیہ بیان کیا تھا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ قَتْلِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ ابْنَ ابْنَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس امت کے نبی اکرم ﷺ کے نواسے (حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ) کو قتل (شہید) کرنے کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

6742 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، قَالَ: قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اسْتَاْذَنَ مَلَكُ الْقَطْرِ رَبَّهُ اَنْ يَّزُوْرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَذِنَ لَهُ، فَكَانَ فِيْ يَوْمِ اُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: احْفَظِيْ عَلَيْنَا الْبَابَ، لَا يَدْخُلُ عَلَيْنَا اَحَدٌ، فَبَيْنَمَا هِيَ عَلَى الْبَابِ اِذْ جَاءَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ فَظَفِرَ، فَاقْتَحَمَ، فَفَتَحَ الْبَابَ، فَدَخَلَ، فَجَعَلَ يَتَوَثَّبُ عَلٰى ظَهْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَعَلَ النَّبِيُّ يَتَلَثَّمُهُ وَيُقَبِّلُهُ، فَقَالَ لَهُ الْمَلَكُ: اَتُحِبُّهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اَمَا اِنَّ اُمَّتَكَ سَتَقْتُلُهُ، اِنْ شِئْتَ اَرَيْتُكَ الْمَكَانَ الَّذِيْ يُقْتَلُ فِيْهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَقَبَضَ قَبْضَةً مِنَ الْمَكَانِ الَّذِيْ يُقْتَلُ فِيْهِ، فَاَرَاهُ اِيَّاهُ، فَجَاءَهُ بِسَهْلَةٍ اَوْ تُرَابٍ اَحْمَرَ، فَاَخَذَتْهُ اُمُّ سَلَمَةَ فَجَعَلَتْهُ فِيْ ثَوْبِهَا.

قَالَ ثَابِتٌ: كُنَّا نَقُوْلُ اِنَّهَا كَرْبَلَاءُ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ بارش کے فرشتے نے اپنے پروردگار سے اجازت مانگی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو تو پروردگار نے اسے اجازت دیدی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس دن سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے) فرمایا دروازے کا خیال رکھنا کوئی بھی شخص اندر نہ آئے' تو سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا ابھی دروازے پر موجود تھیں کہ اسی دوران حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ (جو بچے تھے) وہ آ گئے انہوں نے دروازہ کھولا اور اندر آ گئے وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پشت مبارک پر چڑھنے لگے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں ساتھ لپٹانے لگے اور ان کا بوسہ لینے لگے۔ فرشتے نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے محبت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جی ہاں۔ فرشتے نے کہا: لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت تو انہیں شہید کر دے گی اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم چاہیں' تو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ جگہ دکھا سکتا ہوں جہاں انہیں شہید کیا جائے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے' تو اس فرشتے نے اس جگہ کی مٹھی بھر مٹی لی جہاں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کو شہید کیا جانا تھا اور وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھائی وہ فرشتہ نرم (یعنی باریک) مٹی لے کر آیا تھا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) سرخ مٹی لایا تھا۔ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے وہ مٹی لے لی اور اسے اپنے کپڑے میں رکھ لیا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ قِتَالِ الْمُسْلِمِيْنَ الْعَجَمَ مِنْ اَهْلِ خُوْزَ وَكِرْمَانَ

خوز اور کرمان سے تعلق رکھنے والے عجمیوں کے ساتھ مسلمانوں کے جنگ کرنے کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

6743 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ:

6742- حديث حسن، إسناده ضعيف، عمارة بن زادان مختلف فيه ضعفه الدارقطني وابن عمار الموصلي والساجي، وقال الأثرم عن أحمد: يروى عن ثابت عن أنس مناكير، وقال البخاري: ربما يضطرب في حديثه، وقال الآجري عن أبي داود: ليس بذاك، وقال أبو حاتم: يكتب حديثه ولا يحتج به ليس بالمتين، ووثقه المؤلف والعجلي ويعقوب بن سفيان ورواية عن أحمد، وقال ابن معين: صالح، وقال أبو زرعة: لا بأس به، وقال ابن عدي: هو عندي لا بأس به ممن يكتب حديثه، وباقي رجال السند رجال الصحيح. وأخرجه أبو يعلى "3402"، والطبراني "2813" من طرق عن شيبان بن فروخ، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/242 و265، والبزار "2642"، والطبراني "2813"، والبيهقي في "الدلائل" 6/469، وكذا أبو نعيم "492" من طرق عن عمارة بن زادان، به. وأورده الهيثمي في "المجمع" 9/187 ونسبه إلى أحمد وأبي يعلى والبزار والطبراني وقال: عمارة بن زادان وثقه جماعة وفيه ضعف، وبقية رجال أبي يعلى رجال الصحيح. وفي الباب عن علي عند أحمد 1/85، وفي سنده نجي لم يوثقه غير المؤلف. وعن أم سلمة عند ابن أبي شيبة 98_15/97، والطبراني "2817" و"2819"و"2820"و"2821"، وقال الهيثمي: 9/189: ورجال أحد أسانيد الطبراني ثقات. وعن أبي أمامة عند الطبراني في "الكبير" "8096" وحسن إسناده الذهبي في "السير" 3/289، وقال الهيثمي 9/189: ورجاله موثقون، وفي بعضهم ضعف. وعن عائشة أو أم سلمة عند أحمد 6/294، ورجاله ثقات رجال الشيخين. وعن أم الفضل بنت الحارث، عند الحاكم 177_3/176 وفي سنده انقطاع وضعف. وعن أبي الطفيل عند الطبراني، وحسن إسناده الهيثمي 9/190.

اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوا خُوزَ وَكِرْمَانَ قَوْمًا مِنَ الْاَعَاجِمِ، حُمْرَ الْوُجُوهِ، فُطْسَ الْاُنُوفِ، صِغَارَ الْاَعْيُنِ كَاَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم عجمیوں سے تعلق رکھنے والی دو قوموں خوز اور کرمان کے ساتھ جنگ نہیں کرو گے ان کے چہرے سرخ ہوں گے ناک چپٹے ہوں گے آنکھیں چھوٹی ہونگی اور ان کے چہرے چمڑے کی ڈھالوں کی مانند ہوں گے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ قِتَالِ الْمُسْلِمِيْنَ اَعْدَاءَ اللّٰهِ التُّرْكَ

مسلمانوں کا اللہ تعالیٰ کے دشمن ترکوں سے جنگ کرنے کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

6744 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث):لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتُلُوا قَوْمًا صِغَارَ الْاَعْيُنِ كَاَنَّ وُجُوهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم اس قوم کے ساتھ جنگ نہیں کرو گے جن کی آنکھیں چھوٹی ہوں گی اور ان کے چہرے چمڑے کی بنی ہوئی ڈھالوں کی مانند ہوں گے۔''

6743- حديث صحيح، ابن أبي السّرى قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وهو في "صحيفة همام " "126"، و"المصنف" لعبد الرزاق ."20782" وفي "المصنف" في آخر الحديث زيادة "نعالهم الشعر" ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/319، والبخاري "3590"في المناقب: باب علامات النبوة في الإسلام، والبيهقي في "السنن" 9/176، وفي "الدلائل6/336"، والبغوي ."4244" وذكر البخاري في حديثه الزيادة التي في "المصنف." وأخرجه بنحوه أحمد 2/530، وابن أبي شيبة 5/92، والحميدي "1101"، والبخاري بعد الحديث "2929"في الجهاد: باب قتال الذين ينتعلون الشعر، و "3587" في المناقب، ومسلم "2912" "64" في الفتن: باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل ... ، وابن ماجه "4097" في الفتن: باب الترك، والبيهقي في "السنن" 9/175 - 176والبغوي "4242" من طريق أبي الزناد، عن الأعرج، عن أبي هريرة. وأخرجه أيضا البخاري "2928" في الجهاد: باب قتال الترك، من طريق صالح بن كيسان، والبغوي "4243" من طريق جعفر بن ربيعة، كلاهما عن الأعرج، به. وأخرجه مسلم "66""2912" من طريق قيس بن أبي حازم عن أبي هريرة.

6744-إسناده صحيح على شرط الشيخين . إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه الحنظلي، وسفيان: هو ابن عيينة . وأخرجه أحمد 2/239، وابن أبي شيبة15/92، والحميدي "1100"، والبخاري "2929" في الجهاد: باب قتال المسلمين الذين ينتعلون الشعر، ومسلم ."62""2912" في الفتن: باب لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرجل ... ، وأبو داود "4304"في الملاحم: باب في قتال الترك، والترمذي "2215" في الفتن: باب ما جاء في قتال الترك، وابن ماجه "4096" في الفتن: باب الترك ... ، من طرق عن سفيان بن عيينة. بهذا الإسناد.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ لِبَاسِ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ وَصَفْنَا نَعْتَهُمْ

ان لوگوں کے لباس کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جن کا حلیہ ہم نے بیان کیا ہے

6745 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُقَاتِلَ الْمُسْلِمُوْنَ التُّرْكَ قَوْمًا وُجُوْهُهُمْ كَالْمَجَانِّ الْمُطْرَقَةِ، يَلْبَسُوْنَ الشَّعَرَ، وَيَمْشُوْنَ فِی الشَّعَرِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک مسلمان ترکوں کے ساتھ جنگ نہیں کریں گے جو ایک ایسی قوم ہے جن کے چہرے چمڑے کی بنی ہوئی ڈھالوں کی مانند ہیں وہ لوگ بالوں (سے بنا ہوا) لباس پہنتے ہیں اور بالوں سے بنے ہوئے جوتے پہنتے ہیں۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشُوْنَ فِی الشَّعَرِ يُرِيْدُ بِهٖ اَنَّهُمْ يَنْتَعِلُوْنَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے یہ فرمان: ''وہ بالوں میں چلتے ہیں'' اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے: وہ بالوں سے بنے ہوئے جوتے پہنتے ہیں

6746 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

6745–إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سهيل بن أبي صالح، فمن رجال مسلم، وروى له البخاري مقرونا وتعليقا . وأخرجه مسلم "65" "2912" في الفتن: باب لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرجل ... ، وأبو داود "4303" في الملاحم: باب في قتال الترك، والنسائي 6/44 - 45 في الجهاد: باب غزوة الترك والحبشة، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد.

6746– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى، فمن رجال مسلم. يونس: هو ابن يزيد الأيلي . وأخرجه مسلم "63" "2912" في الفتن: باب لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَمُرَّ الرَّجُلُ بِقَبْرِ الرجل فيتمنى أن يكون مكان الميت من البلاء ، عن حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "20781"، وعنه أحمد 2/271 عن معمر، عن الزهري، به. والترسة: جمع الترس.

(متن حدیث):لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلَكُمْ اُمَّةٌ يَنْتَعِلُوْنَ الشَّعَرَ، وُجُوْهُهُمْ مِثْلُ الْمَجَانِّ الْمُطْرَقَةِ وَهِيَ التِّرَسَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تمہارے ساتھ ایک ایسا گروہ جنگ نہیں کرے گا' جو بالوں کے جوتے پہنتے ہیں اور ان کے چہرے ڈھالوں کی مانند ہوں گے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمَوْضِعِ الَّذِيْ يَكُوْنُ ابْتِدَاءُ قِتَالِ الْمُسْلِمِيْنَ اِيَّاهُمْ فِيْهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اس جگہ کی صفت کے بارے میں ہے جہاں مسلمانوں کی ان لوگوں کے ساتھ جنگ کا آغاز ہوگا

6747 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تُقَاتِلُوْا قَوْمًا صِغَارَ الْاَعْيُنِ كَاَنَّ اَعْيُنَهُمْ حَدَقُ الْجَرَادِ، عِرَاضَ الْوُجُوْهِ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الْمَجَانُّ الْمُطْرَقَةُ، يَجِيْءُوْنَ حَتّٰى يَرْبُطُوْا خُيُوْلَهُمْ بِالنَّخْلِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک تم ایسی قوم کے ساتھ جنگ نہیں کرو گے جن کی آنکھیں چھوٹی ہونگی ان کی آنکھیں ٹڈی کی پتلیوں کی طرح ہونگی ان کے چہرے چوڑے ہوں گے یوں جیسے وہ چمڑے سے بنی ہوئی ڈھالوں کے ہوتے ہیں جب وہ لوگ آئیں گے تو اپنے گھوڑوں کو کھجور کے درختوں کے ساتھ باندھ دیں گے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ قِتَالِ الْمُسْلِمِيْنَ التُّرْكَ بِاَرْضِ النَّخْلِ

کھجوروں کی سرزمین پر مسلمانوں کے ترکوں کے ساتھ جنگ کرنے کے بارے میں' اطلاع کا تذکرہ

6748 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُمْهَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُسْلِمُ بْنُ اَبِيْ بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

6747– إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 3/31، وابن ماجه "4099" في الفتن: باب الترك، عن عمار بن محمد ابن أخت سفيان الثوري، عن الأعمش، بهذا الإسناد، وزاد بعد قوله فيه "كأن وجوههم المجان المطرقة": ينتعلون الشعر، ويتخذون الدرق. قال البوصيري في "مصباح الزجاجة" ورقو 258/2: هذا إسناده حسن، عمار بن محمد مختلف فيه. قلت: هو متابع.

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): إِنَّ نَاسًا مِنْ اُمَّتِيْ يَنْزِلُوْنَ بِحَائِطٍ يُسَمُّوْنَهُ الْبَصْرَةَ، عِنْدَهَا نَهْرٌ يُقَالُ لَهُ دِجْلَةُ، يَكُوْنُ لَهُمْ عَلَيْهَا جِسْرٌ، وَيَكْثُرُ اَهْلُهَا، وَيَكُوْنُ مِنْ اَمْصَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ، فَإِذَا كَانَ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ جَاءَ بَنُوْ قَنْطُوْرَاءَ اَقْوَامٌ عِرَاضُ الْوُجُوْهِ حَتّٰى يَنْزِلُوا عَلٰى شَاطِئِ النَّهْرِ، فَيَفْتَرِقُ اَهْلُهَا عَلٰى ثَلَاثِ فِرَقٍ، فَاَمَّا فِرْقَةٌ فَتَاْخُذُ اَذْنَابَ الْإِبِلِ وَالْبَرِّيَّةِ فَيَهْلِكُوْنَ، وَاَمَّا فِرْقَةٌ فَيَاْخُذُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ وَيَكْفُرُوْنَ، وَاَمَّا فِرْقَةٌ فَيَجْعَلُوْنَ ذَرَارِيَّهُمْ خَلْفَ ظُهُوْرِهِمْ، وَيُقَاتِلُوْنَهُمْ وَهُمُ الشُّهَدَاءُ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میری امت کے کچھ لوگ ایک باغ میں پڑاؤ کریں گے' جس کا نام بصرہ ہوگا اس کے پاس ایک دریا ہوگا' جس کا نام دجلہ ہوگا اس پر ایک پل ہوگا وہاں کے رہنے والے لوگ زیادہ ہوں گے اور وہ مہاجرین کے شہروں میں سے ہوگا' جب آخری زمانہ آئے گا' تو بنو قنطوراء آئیں گے یہ وہ قوم ہے جن کے چہرے چوڑے ہوں گے' یہاں تک کہ وہ دریا کے ایک کنارے پر پڑاؤ کریں گے تو وہاں کے لوگ تین حصوں میں تقسیم ہو جائیں گے ایک گروہ اونٹوں کی دم اور جانوروں کی دم پکڑے گا وہ لوگ ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے ایک گروہ اپنے آپ کو بچانے کی کوشش کریں گے اور کفر کریں گے ایک گروہ اپنے بال بچوں کو اپنی پشت کے پیچھے رکھیں گے اور وہ ان کے ساتھ لڑائی کرے گا یہ لوگ شہداء ہوں گے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ ظُهُوْرِ اَمَارَاتِ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ فِي الْمُسْلِمِيْنَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' زمانہ جاہلیت کی نشانیاں مسلمانوں میں بھی ظہور پذیر ہوں گی

6749 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

6748– سعيد بن جمهان، قال البخاري: في حديثه عجائب، وقال أوب حاتم: يكتب حديثه ولا يحتج به، وقال الساجي: لا يتابع على حديثه، ووثقه حيى بن معين وأبو داود. قلت: وقد اختلف عليه فيه. وأخرجه أبو داود "4306" في الملاحم: باب في ذكر البصرة، عن محمد بن يحيى فارس، عن عبد الصمد بن عبد الوارث بن سعيد، عن أبيه، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/44 - 45 عن أبي النصر هاشم بن القاسم، عن حشرج بن نباتة القيسي، عن سعيد بن جمهان، عن عبد الله بن أبي بكرة، عن أبيه. وأخرجه أيضا 5/45 عن سريج، عن حشرج، عن سعيد بن جمهان، عن عبد الله أو عبيد الله بن أبي بكرة، عن أبيه.

6749– حديث صحيح، ابن أبي السّرى قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، وهو في "المصنف" لعبد الرزاق "20795"، ولفظ قول معمر عنده: وسمعت غير الزهري يقول: على ذلك الحجر بيت بني اليوم. ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 2/271، ومسلم "2906" في الفتن: باب لا تقوم الساعة حتى تعبد دوس ذا الخلصة، وابن أبي عاصم في "السنة" "77"، والبغوى "4285". وأخرجه البخاري "7116" في الفتن: باب تغير الزمان حتى تعبد الأوثان، من طريق شعيب بن أبي حمزة، وابن أبي عاصم "78" من طريق محمد بن أبي عتيق، كلاهما عن الزهري، بهذا الإسناد.

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَضْطَرِبَ اَلْيَاتُ نِسَاءِ دَوْسٍ حَوْلَ ذِي الْخَلَصَةِ وَكَانَتْ صَنَمًا تَعْبُدُهَا دَوْسٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ بِتَبَالَةَ قَالَ مَعْمَرٌ: اِنَّ عَلَيْهِ الْاٰنَ بَيْتًا مَبْنِيًّا مُغْلَقًا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک دوس قبیلے کی عورتوں کی سرین ذوالخلصہ کے اردگرد گھومے گی نہیں۔''

(راوی کہتے ہیں:) یہ ایک بت تھا زمانہ جاہلیت میں دوس قبیلے کے لوگ اس کی عبادت کرتے تھے یہ بت ''تبالہ'' کے مقام پر تھا۔

معمر نامی راوی کہتے ہیں: اب اس جگہ پر ایک عمارت تعمیر ہوئی ہے' جو بند ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنِ انْقِطَاعِ الْحَجِّ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيقِ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آخری زمانے میں بیت اللہ کا حج کرنے کا سلسلہ منقطع ہو جائے گا

6750 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِي قَتَادَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي عُتْبَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى لَا يُحَجَّ الْبَيْتَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک حج ختم نہیں ہو جائے گا۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْكَعْبَةَ تُخَرَّبُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آخری زمانہ میں خانہ کعبہ کو ڈھا دیا جائے گا

6751 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَبِي اُمَيَّةَ، بِطَرَسُوسَ، وَعُمَرُ بْنُ سَعِيْدٍ بِمَنْبِجَ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

6750– إسناده صحيح على شرط الشيخين. يحيى بن سعيد: هو القطان. وهو في "مسند أبي يعلى" ."991" وأخرجه الحاكم 4/453 من طريق آدم بن أبي إياس وعبد الرحمن بن مهدي، كلاهما عن شعبة، بهذا الإسناد. وعلقه البخاري "1593" في الحج: باب قول الله تعالى: (جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَامًا لِلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ ...)، عن عبد الرحمن بن مهدي، عن شعبة، به موقوفا. وقلت: وقد صح من طرق عن قتادة عن عبد الله بن أبي عتبة، عن أبي سعيد الخدري، عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أن البيت يحج ويعتمر بعد خروج يأجوج ومأجوج، وسيأتي عند المؤلف برقم ."6832"

(متن حدیث): يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ.

(توضیح مصنف): السُّوَيْقَتَيْنِ: الْكِسَاءَيْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''حبشہ سے تعلق رکھنے والا دو چادروں والا شخص خانہ کعبہ کو ڈھادے گا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سویقتین سے مراد دو چادریں ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ تَخْرِيبِ الْحَبَشَةِ الْكَعْبَةَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' حبشی خانہ کعبہ کو ڈھادیں گے

6752 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَخْنَسِ، قَالَ: حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلَيْهِ اَسْوَدَ اَفْحَجَ يَقْلَعُهَا حَجَرًا حَجَرًا - يَعْنِي الْكَعْبَةَ -

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''گویا کہ میں اس وقت بھی اس سیاہ فام شخص کی طرف دیکھ رہا ہوں جس کے دونوں زانوؤں کے درمیان فاصلہ ہوگا' جو خانہ کعبہ کا ایک پتھر اکھاڑ رہا ہے (راوی کہتے ہیں:) اس سے مراد خانہ کعبہ ہے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْعَدَدِ الَّذِيْ تُخَرَّبُ الْكَعْبَةُ بِهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' خانہ کعبہ کو کتنی مرتبہ ڈھایا جائے گا

6753 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ

6751- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حامد بن يحيى البلخي، وهو ثقة حافظ روى له أبو داود. سفيان هو: ابن عيينة. وأخرجه الحميدي "1146"، وابن أبي شيبة 15/47، والبخاري "1591" في الحج: قول الله تعالى: (جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ قِيَاماً لِلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ ...) ، ومسلم "2909" "57" في الفتن: باب لا تقوم الساعة حتى يمر الرجل بقبر الرجل ... ، والنسائي 5/216 في المناسك: باب بناء الكعبة، وفي التفسير كما في "التحفة" 10/9، والبيهقي في "السنن" 4/340 من طرق عن سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/310 من طريق معمر، والبخاري "1596" في الحج: باب هدم الكعبة، ومسلم "2909" "58" من طريق يونس بن يزيد، كلاهما عن الزهري، به. وأخرجه أحمد 2/417، ومسلم "2909" "59" عن قتيبة بن سعيد، عن عبد العزيز الدراوردي، عن ثور بن يزيد، عن سالم أبي الغيث، عن أبي هريرة.

6752- إسناده صحيح، على شرط الشيخين. ابن أبي مليكة: هو عبد الله بن عبيد الله بن أبي مليكة. وهو في "مسند أبي يعلى" "2537" و"2753" وأخرجه البخاري "1595" في الحج: باب هدم الكعبة، عن عمرو بن علي، عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد.

حَبِيبٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ الْمُزَنِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَمْتِعُوا مِنْ هٰذَا الْبَيْتِ، فَإِنَّهُ قَدْ هُدِمَ مَرَّتَيْنِ، وَيُرْفَعُ فِي الثَّالِثَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اس گھر سے نافع حاصل کرلو' کیونکہ اسے دومرتبہ منہدم کیا جائے گا اور تیسری مرتبہ اٹھالیا جائے گا''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ اسْتِحْلَالِ الْمُسْلِمِينَ الْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ فِي آخِرِ الزَّمَانِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آخری زمانے میں مسلمان شراب اور آلات موسیقی کو حلال قرار دیں گے

6754 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جَابِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطِيَّةُ بْنُ قَيْسٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ غَنْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، وَأَبُو مَالِكٍ الْأَشْعَرِيَّانِ سَمِعَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): لَيَكُونَنَّ فِي أُمَّتِي أَقْوَامٌ يَسْتَحِلُّونَ الْحَرِيرَ وَالْخَمْرَ وَالْمَعَازِفَ

حضرت ابوعامر رضی اللہ عنہ اور حضرت ابومالک اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد

6753- إسناده صحيح. وأخرجه ابن خزيمة في "صحيحه" "2506"، والبزار "1072"، وأبو نعيم في "أخبار أصفهان" 1/202 - 20 عن الحسن بن قزعة، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 1/441 من طريق عمرو بن عون، عن سفيان بن حبيب، به، وصححه على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي! مع أن سفيان بن حبيب لم يخرجا له شيئا، وإنما أخرج له البخاري في "الأدب المفرد" وأصحاب السنن. وأورده الهيثمي في "المجمع" 3/206 وقال: رواه البزار والطبراني في "الكبير"، ورجاله ثقات. وقال ابن خزيمة: قوله "ويرفع في الثالثة" يريد بعد الثالثة، إذ رفع ما قد هدم محال، لأن البيت إذا هدم لا يقع عليه اسم بينت إذا لم يكن هناك بناء.

6754- حديث صحيح، هشام بن عمار مع كونه ثقة، فقد كبر، فصار يتلقن، لكنه لم ينفرد به، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه الحافظ ابن حجر في "تغليق التعليق" 5/17 - 18 بإسناده إلى المؤلف. وأخرجه الطبراني "3417"، والبيهقي 3/273 و10/221، والحافظ في "التعليق" 5/18 و19 من طرق هشام بن عمار، به. وفيه "أبو عامر وأبو مالك" على الشك، وزادوا في آخره "ولينزلن أقوام إلى جنب علم، يروح عليهم بسارحة لهم، فيأتيهم رجل لحاجته، فيقولون ارجع إلينا غدا، فيبيتهم الله عز وجل فيضع العلم، ويمسخ آخرين قردة وخنازير إلى يوم القيامة." وعلقه البخاري بطوله في "صحيحه" "5590" في الأشربة: باب ما جاء فيمن يستحل الخمر ويسميه بغير اسمه، فقال: وقال هشام بن عمار، فساقه بهذا الإسناد. وأخرجه بطوله أيضا البيهقي 3/272، وابن حجر في "التغليق" 5/19 من طريق الإسماعيلي، عن الحسن بن سفيان، عن عبد الرحمن بن إبراهيم، هو دحيم، عن بشر بن بكر التنيسي، عن ابن جابر، به. وأخرجه مختصرا "4039" في اللباس: باب ما جاء في الخز، ومن طريقه ابن حر في "التغليق" 5/20 عن عبد الوهاب بن نجدة، عن بشر بن بكر، به، ولفظه "ليكونن من أمتي أقوام يستحلون الخز والحرير" وذكر كلاما، قال: "يمسخ منهم آخرون قردة وخنازير إلى يوم القيامة"، وانظر الحديث رقم "6761" الآتي عند المؤلف.

فرماتے ہوئے سنا:

"میری امت میں ایسے لوگ ضرور ہوں گے جو ریشم، شراب اور آلات موسیقی کو حلال قرار دیں گے۔"

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ نَفٰى كَوْنَ الْخَسْفِ فِىْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے

جو اس بات کا قائل ہے: اس امت میں زمین میں دھنسنے کا عذاب نہیں ہوگا

6755 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ الرَّيَّانِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، يَقُولُ: حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَغْزُو جَيْشٌ الْكَعْبَةَ، حَتّٰى إِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْاَرْضِ، خُسِفَ بِاَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ، قَالَتْ عَائِشَةُ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، وَفِيهِمْ سِوَاهُمْ، وَمَنْ لَيْسَ مِنْهُمْ؟ قَالَ: يُخْسَفُ بِاَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ، ثُمَّ يُبْعَثُونَ عَلٰى نِيَّاتِهِمْ

❀❀ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک لشکر خانہ کعبہ پر حملہ کرنے کے لئے آئے گا' جب وہ کھلے میدان میں پہنچیں گے تو ان کے آگے والے اور پیچھے والے (لوگوں کو) زمین میں دھنسا دیا جائے گا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! ان کے درمیان کچھ ایسے لوگ بھی تو ہوں گے جو ان کے علاوہ ہوں گے جن کا ان سے کوئی تعلق نہیں ہوگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان سب کو دھنسا دیا جائے گا پھر ان کی نیت کے مطابق انہیں (قیامت کے دن) زندہ کیا جائے گا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے:

6755- " إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن بكار بن الريان، فمن رجال مسلم. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 5/11 عن أحمد محمد بن أحمد الجرجاني، عن الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو نعيم أيضا 5/11 من طريق أبي بكر بن الجعد، عن محمد بن بكار، به. وأخرجه البخاري "2118" في البيوع: باب ما ذكر في الأسواق، عن محمد بن الصباح، عن إسماعيل بن زكريا، به. وأخرجه بنحوه أحمد 6/105، ومسلم "2884" في الفتن: باب الخسف بالجيش الذي يؤم البيت، من طريقين عن القاسم بن الفضل الحداني عن محمد بن زياد، عن عبد الله بن الزبير، عن عائشة قالت: عبث رسول الله صلى الله عليه وسلم، فقلنا: يا رسول الله، صنعت شيئا في منامك لم تكن تفعله، فقال: "إن ناسا من أمتي يؤمون بالبيت برجل من قريش، قد لجأ بالبيت، حتى إذا كانوا بالبيداء خسف بهم" فقلنا يا رسول الله إن الطريق قد يجمع الناس. قال: "نعم فيهم المستبصر والمجبور وابن السبيل، يهلكون مهلكا واحدا، ويصدرون مصادر شتى، يبعثهم الله على نياتهم." واللفظ لمسلم. وأخرجه بنحوه أحمد 6/259 من طريق أبي عمران الجوني، عن يوسف بن سعد، عن عائشة.

اس روایت کو نقل کرنے میں نافع بن جبیر نامی راوی منفرد ہے

6756 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ، عَنِ ابْنِ الْقِبْطِيَّةِ، قَالَ:

(متن حدیث): انْطَلَقْتُ اَنَا، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَفْوَانَ، وَالْحَارِثُ بْنُ رَبِيعَةَ، حَتّٰى دَخَلْنَا عَلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالُوْا: يَا اُمَّ سَلَمَةَ، اَلَا تُحَدِّثِينَا عَنِ الْخَسْفِ الَّذِيْ يُخْسَفُ بِالْقَوْمِ؟ قَالَتْ: بَلٰى، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَعُوْذُ عَائِذٌ بِالْبَيْتِ، فَيُبْعَثُ اِلَيْهِ بَعْثٌ، حَتّٰى اِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْاَرْضِ خُسِفَ بِهِمْ، قَالَتْ: قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، مَنْ كَانَ كَارِهًا؟ قَالَ: يُخْسَفُ مَعَهُمْ، وَلٰكِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى مَا كَانَ فِيْ نَفْسِهِ، قَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ: فَقُلْتُ لِاَبِيْ جَعْفَرٍ: اِنَّهَا، قَالَتْ بِبَيْدَاءَ مِنَ الْاَرْضِ، قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ: وَاللّٰهِ اِنَّهَا لَبَيْدَاءُ الْمَدِيْنَةِ

ابن قبطیہ بیان کرتے ہیں: میں‘ عبداللہ بن صفوان اور حارث بن ربیعہ‘ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے ان لوگوں نے کہا: اے سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا آپ ہمیں لوگوں کو زمین میں دھنسائے جانے والی روایت بیان نہیں کریں گی انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

”ایک شخص بیت اللہ کی پناہ لے گا پھر اس کی طرف ایک لشکر روانہ کیا جائے گا‘ یہاں تک جب وہ کھلے میدان میں پہنچیں گے تو انہیں دھنسا دیا جائے گا۔ سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی جو شخص مجبوری کے عالم میں (ان کے ساتھ آیا ہوگا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انہیں بھی اس کے ساتھ دھنسا دیا جائے گا البتہ قیامت کے دن اسے اسی حالت میں زندہ کیا جائے گا‘ جو اس کے ذہن میں خیال تھا۔“

عبدالعزیز نامی راوی کہتے ہیں: میں نے ابوجعفر (شاید اس سے مراد امام محمد الباقر ہیں) سے دریافت کیا: سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا ہے: زمین کے کھلے حصے میں‘ تو امام ابوجعفر نے جواب دیا: اللہ کی قسم! اس سے مراد مدینہ منورہ کا چٹیل میدان ہے۔

6756-إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن القبطية: واسمه عبيد الله، فمن رجال مسلم. وأخرجه الطبراني 23/734عن أبي خليفة، بهذا الإسناد. وقال فيه: "عن المهاجر بن القبطية."قلت: قال الدارقطني في "العلل": أن عبيد الله بن القبطية كان يلقب بالمهاجر، وقد جعلهما ابن أبي حاتم اثنين ونقل عن أي زرعة8/260 أنه سئل عن مهاجر المكي - وهو ابن القبطية - فقال: ثقة، وكذلك ابن حبان جعلهما اثنين، فقال في ترجمة المهاجر من "الثقات" 5/428: أحسبه أخا عبيد الله بن القبطية. وأخرجه مسلم "5""2882" في الفتن وأشراط الساعة: باب الخسف بالجيش الذي يؤم البيت، عن أحمد بن يونس، عن زهير بن معاوية، به. وسماه "عبيد الله بن القبطية." وأخرجه بنحوه أحمد 6/290، وابن أبي شيبة 15/43 - 44، ومسلم "4""2882"، وأبو داود "4289" في المهدي، والطبراني "984"/23، والحاكم 4/429من طريق جرير بن عبد الحميد، عن عبد العزيز بن رفيع، به. وسموه "عبيد الله بن القبطية." وأخرجه بنحوه مختصرا الترمذي "2171" في الفتن: باب رقم "10"، وابن ماجه "4065" في الفتن: باب جيش البيداء، من طرق عن سفيان بن عيينة، عن محمد بن سوقة، عن نافع بن جبير، عن أم سلمة.

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ الْقَوْمَ الَّذِيْنَ يُخْسَفُ بِهِمْ اِنَّمَا هُمُ الْقَاصِدُوْنَ اِلَى الْمَهْدِيِّ فِيْ زَوَالِ الْاَمْرِ عَنْهُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات کی صراحت کرتی ہے: وہ لوگ جنہیں زمین میں دھنسایا جائے گا' یہ وہ لوگ ہوں جو امام مہدی پر حملہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں گے تاکہ ان کی حکومت کو ختم کر دیں

6757 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ بْنِ رِفَاعَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ صَالِحٍ اَبِي الْخَلِيْلِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَكُوْنُ اخْتِلَافٌ عِنْدَ مَوْتِ خَلِيْفَةٍ، فَيَخْرُجُ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ اِلٰى مَكَّةَ، فَيَاْتِيْهِ نَاسٌ مِّنْ اَهْلِ مَكَّةَ، فَيُخْرِجُوْنَهُ وَهُوَ كَارِهٌ، فَيُبَايِعُوْنَهُ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ، فَيَبْعَثُوْنَ اِلَيْهِ جَيْشًا مِنْ اَهْلِ الشَّامِ، فَاِذَا كَانُوْا بِالْبَيْدَاءِ خُسِفَ بِهِمْ، فَاِذَا بَلَغَ النَّاسَ ذٰلِكَ اَتَاهُ اَبْدَالُ اَهْلِ الشَّامِ وَعِصَابَةُ اَهْلِ الْعِرَاقِ فَيُبَايِعُوْنَهُ، وَيَنْشَاُ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ، اَخْوَالُهُ مِنْ كَلْبٍ، فَيَبْعَثُ اِلَيْهِمْ جَيْشًا، فَيَهْزِمُوْنَهُمْ، وَيَظْهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ، فَيَقْسِمُ بَيْنَ النَّاسِ فَيْاَهُمْ، وَيَعْمَلُ فِيْهِمْ بِسُنَّةِ نَبِيِّهِمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيُلْقِي الْاِسْلَامُ بِجِرَانِهِ اِلَى الْاَرْضِ، يَمْكُثُ سَبْعَ سِنِيْنَ.

سیّدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خلیفہ کے انتقال کے وقت اختلاف رونما ہوگا' تو اہل مدینہ میں سے قریش سے تعلق رکھنے والا ایک شخص مکہ کی طرف جائے گا اہل مکہ سے تعلق رکھنے والے کچھ لوگ ان کے پاس آئیں گے اور وہ اسے نکلنے پر مجبور کریں گے' حالانکہ اسے یہ بات پسند نہیں ہوگی پھر وہ رکن اور مقام کے درمیان اس سے بیعت لیں گے پھر اہل شام سے ایک لشکر اس کی طرف بھیجا جائے گا وہ لوگ بیداء کے مقام پر پہنچیں گے تو انہیں زمین میں دھنسا دیا جائے گا' جب لوگوں تک اس بات کی اطلاع پہنچے گی' تو اہل شام کے ابدال اور اہل عراق کا ایک گروہ ان کے پاس آئیں گے اور اس کی بیعت کریں

6757- محمد بن يزيد بن رفاعة وإن كان ضعيفا قد توبع، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. صالح أبو الخليل: هو صالح بن أبي مريم الضبعي. وهو في "مسند أبي يعلى" ورقة 322. وأخرجه أحمد 6/316 عن عبد الصمد وحرمي، وأبو داود "4286" في كتاب المهدي، من طريق معاذ بن هشام، ثلاثتهم عن هشام بن عبد الله، بهذا الإسناد. وفي إسنادهما "عن صاحب له عن أم سلمة" وقال عبد الصمد في حديثه: "تسع سنين." وقال الطبراني في "الكبير" "931"/23، وفي "الأوسط" "1175" من طريقين عن عبيد الله بن عمرو، عن معمر، عن قتادة، عن مجاهد، به. ولم يذكر فيه صالحا أبا الخليل، وقال فيه: "سبع سنين أو تسع سنين، ووقع في المطبوع من "الكبير": "أو ست سنين"، وفي آخره: قال عبد الله بن عمرو: فحدثت به ليثا، فقال: حدثني به مجاهد. وأخرجه عبد الرزاق "20769" عن معمر، عن قتادة، يرفعه، إلى النبي صلى الله عليه وسلم، فذكره مرسلا. وأخرجه مختصرا ابن أبي شيبة 15/45 - 46، وأبو داود "4288"، والطبراني "930"/23، والحاكم 4/431 من طريقين عن أبي العوام عمران بن دوار، عن قتادة، عن صالح أبي الخليل، عن عبد الله بن الحارث بن نوفل، ن أم سلمة.

گے پھر قریش سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نکلے گا، جس کا ننھیال بنوکلب سے ہوگا وہ ان کی طرف ایک لشکر بھیجے گا وہ لوگ اسے پسپا کر دیں گے اور اس پر غالب آجائیں گے وہ ان کا مال لوگوں کے درمیان تقسیم کرے گا اور ان کے بارے میں اپنے نبی کی سنت کے مطابق عمل کرے گا۔ وہ شخص سات سال تک زمین میں رہے گا۔ وہ دنیا میں اسلام کو مستحکم کر دے گا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ نَفَى كَوْنَ الْمَسْخِ فِي هٰذِهِ الْأُمَّةِ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے: اس امت میں (شکلوں کو) مسخ کیے جانے (کا عذاب نہیں ہوگا)

6758 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: اَخْبَرَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي حَاتِمُ بْنُ حُرَيْثٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، قَالَ:

(متن حديث): تَذَاكَرْنَا الطِّلَاءَ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ غَنْمٍ، فَتَذَاكَرْنَا فَقَالَ: حَدَّثَنِي اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْعَرِيُّ، اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: يَشْرَبُ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِي الْخَمْرَ، يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اسْمِهَا، يُضْرَبُ عَلٰى رُءُوْسِهِمْ بِالْمَعَازِفِ وَالْقَيْنَاتِ، يَخْسِفُ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ، وَيَجْعَلُ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيرَ

(توضيح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اسْمُ اَبِي مَالِكٍ الْاَشْعَرِيِّ الْحَارِثُ بْنُ مَالِكٍ، وَقَدْ قِيْلَ: اِنَّ اَبَا مَالِكٍ الْاَشْعَرِيَّ اسْمُهُ كَعْبُ بْنُ عَاصِمٍ

✿✿ مالک بن ابومریم بیان کرتے ہیں: ہم طلاء کے بارے میں بات چیت کر رہے تھے اسی دوران عبدالرحمٰن بن غنم ہمارے پاس آئے ہم نے یہ گفتگو شروع کی تو انہوں نے بتایا: حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''میری امت کے کچھ لوگ شراب پئیں گے، لیکن وہ اس کا نام دوسرا رکھ دیں گے ان کے سرہانے آلات موسیقی بجائے جائیں گے اور گانے والیاں ہونگی اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو زمین میں دھنسا دے گا اور ان میں سے کچھ لوگوں کو بندروں اور

6758- إسناده ضعيف، مالك بن أبي مريم لم يرو عنه غير حاتم بن حريث، ولم يوثقه غير المؤلف، وقال ابن حزم: لا يدرى من هو، وقال الذهبي: لا يعرف. وأخرجه أحمد 5/432، وعنه أبو داود "3688" في الأشربة: باب في الداذي، عن زيد بن الحباب بهذا الإسناد، مختصرا بقصة الخمر وأخرجه بتمامه البخاري في "التاريخ الكبير 1/305"، والطبراني "3419"، والبيهقي 10/221 من طريق عبد الله بن صالح، وابن ماجه "420" في الفتن: باب العقوبات، من طريق معن بن عباس، والبيهقي 8/295 من طريق ابن وهب، ثلاثتهم عن معاوية بن صالح، به. وعلقه البخاري في "تاريخه" 7/222 فقال: وقال لي أبو صالح - وهو عبد الله بن صالح - عن معاوية بن صالح، به مختصرا بقصة الخمر.

خنزیروں کی شکل میں تبدیل کر دے گا"۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کا نام حارث بن مالک ہے اور ایک قول کے مطابق حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ کا نام کعب بن عاصم ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ نَفٰى كَوْنَ الْقَذْفِ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جس نے اس امت میں (پتھر) برسائے جانے (کا عذاب ہونے) کی نفی کی ہے

6759 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ رَبَاحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكُوْنَ فِيْ اُمَّتِيْ خَسْفٌ وَّمَسْخٌ وَّقَذْفٌ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک میری امت میں زمین میں دھنسائے جانے، شکلیں تبدیل ہونے اور پتھر برسائے جانے (کا عذاب نازل نہیں ہوگا)"

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ مِنْ اَمَارَةِ آخِرِ الزَّمَانِ مُبَاهَاةَ النَّاسِ بِزَخْرَفَةِ الْمَسَاجِدِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ، آخری زمانے کی نشانیوں میں یہ بات بھی شامل ہوگی، لوگ مساجد کی تزئین و آرائش میں ایک دوسرے پر فخر کریں گے

6760 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوْبَ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَبَاهَى النَّاسُ فِي الْمَسَاجِدِ *

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"قیامت اس وقت تک قائم نہیں ہوگی جب تک لوگ مساجد (کی تعمیر) میں ایک دوسرے کے مقابلے میں فخر کا اظہار

6759- إسناده حسن. وهذا الحديث مما تفرد المؤلف بإخراجه من حديث أبي هريرة. وفي الباب عن عبد الله بن مسعود وسهل بن سعد وعبد الله بن عمرو عند ابن ماجه "4059" و"4060" و"4062"، وعن عبد الله بن عمر عند الترمذي "2152" و"2153"، وابن ماجه "4061"، وقال الترمذي: حسن صحيح غريب.

6760- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عبد الله بن معاوية فقد روى له أصحاب السنن غير الترمذي، وهو ثقة، وهو مكرر الحديث رقم "1615".

نہیں کریں گے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ مِنْ اَمَارَةِ آخِرِ الزَّمَانِ اشْتِغَالَ النَّاسِ بِحَدِيْثِ الدُّنْيَا فِيْ مَسَاجِدِهِمْ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آخری زمانے کی نشانیوں میں یہ بات بھی شامل ہے کہ لوگ مساجد میں دنیاوی گفتگو میں مصروف رہا کریں گے

6761 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ النَّصْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو التَّقِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ شَقِيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): سَيَكُوْنُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ يَكُوْنُ حَدِيْثُهُمْ فِيْ مَسَاجِدِهِمْ لَيْسَ لِلّٰهِ فِيْهِمْ حَاجَةٌ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو التَّقِيِّ هٰذَا هُوَ: اَبُو التَّقِيِّ الْكَبِيْرُ اسْمُهُ عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ مِنْ اَهْلِ حِمْصٍ، وَاَبُو التَّقِيِّ الصَّغِيْرُ هُوَ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ الْيَزَنِيُّ، وَهُمَا جَمِيْعًا حِمْصِيَّانِ ثِقَتَانِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''آخری زمانے میں کچھ لوگ ہوں گے جو مساجد میں دنیاوی گفتگو کریں گے ان کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہوگا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوتقی نامی راوی ابوتقی کبیر ہے اس کا نام عبدحمید بن ابراہیم ہے یہ حمص سے تعلق رکھتا ہے' جب کہ ابوتقی صغیر کا نام ہشام بن عبدالملک یزنی ہے اور یہ دونوں راوی حمص سے تعلق رکھتے ہیں' یہ دونوں ثقہ ہیں۔

6761-إسناده ضعيف، أبو التقي - واسمه عبد الحميد بن إبراهيم - وثقه المؤلف هنا وذكره في الثقات وروى عنه جمع، وقال النسائي: ليس بشيء، وقال في موقع آخر ليس بثقة، وقال الذهبي في "الكاشف": ضعف، وقال ابن أبي حاتم6/8: سألت محمد بن عوف الحمصي عنه، فقال: كان شيخا ضريرا لا يحفظ، وكنا نكتب من نسخه الذي كان عند إسحاق بن زبريق لابن سالم فنحمله إليه ونلقنه فكان لا يحفظ الإسناد، ويحفظ بعض المتن، فيحدثنا، وإنما حملنا على الكتاب عنه شهوةُ الحديث، وكان إذا حدث عنه محمد بن عوف، قال: وجدت في كتاب ابن سالم حدثنا به أبو التقي . وقال أبو حاتم: كان في بعض قرى حمص، فلم أخرج إليه، وكان ذكر أنه سمع كتب عبد الله بن سالم من الزبيدي إلا أنه ذهبت كتبه، فقال: لا أحفظها، فأرادوا أن يعرضوا عليه، فقال: لا أحفظها، فلم يزالوا به حتى لان، ثم قدمت حمص بعد ذلك بأكثر من ثلاثين سنة، فإذا قوم يروون عنه هذا الكتاب، وقالوا: عرض عليه كتاب ابن زبريق ولقنوه فحدثهم به، وليس هذا عندي بشيء رجل لا يحفظ وليس عنده كتب .وأخرجه الطبراني "10452"، وابن عدي في "الكامل" 2/493 من طريق محمد بن صدران، عن بزيع أبي الخليل الخصاف، عن الأعمش، بهذا الإسناد، بلفظ " سيكون في آخر الزمان قوم يجلسون في المساجد حلقا حلقان، أمامهم الدنيا، فلا تجالسوهم فإنه ليس لله فيهم حاجة"، قال ابن عدي: وحديث الأعمش لا أعلم يرويه غير بزيع أبي الخليل.وأورده الهيثمي في "المجمع" 2/24 ونسبه إلى الطبراني وقال: وفيه بزيع أبو الخليل ونسب إلى الوضع. وأورده ابن حبان في "المجروحين" 1/199في ترجمة بزيع هذا، وقال: يأتي عن الثقات بأشياء موضوعة، كأنه المتعمد لها.

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُنْقِصُ الْخَيْرَ فِي آخِرِ الزَّمَانِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آخری زمانے میں بھلائی کم ہو جائے گی

6762 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثَيْنِ، فَرَاَيْتُ اَحَدَهُمَا، وَاَنَا اَنْتَظِرُ الْاٰخَرَ حَدَّثَنَا: اَنَّ الْاَمَانَةَ نَزَلَتْ فِيْ جَذْرِ قُلُوْبِ الرِّجَالِ، وَنَزَلَ الْقُرْاٰنُ فَعَلِمُوا مِنَ الْقُرْاٰنِ وَعَلِمُوا مِنَ السُّنَّةِ

ثُمَّ حَدَّثَنَا عَنْ رَفْعِهَا، قَالَ: يَنَامُ الرَّجُلُ نَوْمَةً، فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهٖ، فَيَبْقَى اَثَرُهَا مِثْلَ اَثَرِ الْوَكْتِ، ثُمَّ يَنَامُ الرَّجُلُ نَوْمَةً، فَتُقْبَضُ الْاَمَانَةُ مِنْ قَلْبِهٖ فَيَبْقَى اَثَرُهَا مِثْلَ اَثَرِ الْمَجْلِ كَجَمْرٍ دَحْرَجْتَهُ عَلٰى رِجْلِكَ فَتَرَاهُ مُنْتَبِرًا وَلَيْسَ فِيْهِ شَيْءٌ"، فَيُصْبِحُ النَّاسُ يَتَبَايَعُوْنَ وَلَا يَكَادُ اَحَدٌ يُؤَدِّي الْاَمَانَةَ حَتّٰى يُقَالَ: اِنَّ فِيْ بَنِيْ فُلَانٍ رَجُلًا اَمِيْنًا، وَحَتّٰى يُقَالَ لِلرَّجُلِ: مَا اَجْلَدَهُ وَاَظْرَفَهُ وَاَعْقَلَهُ، وَلَيْسَ فِيْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ حَبَّةِ خَرْدَلٍ مِنْ خَيْرٍ، وَلَقَدْ اَتٰى عَلَيَّ زَمَانٌ وَّمَا اُبَالِي اَيُّكُمْ بَايَعْتُهُ، لَئِنْ كَانَ مُؤْمِنًا لَيَرُدَّنَّهُ عَلَيَّ دِيْنُهُ، وَلَئِنْ كَانَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا لَيَرُدَّنَّهُ عَلَيَّ سَاعِيْهِ، فَاَمَّا الْيَوْمَ فَمَا كُنْتُ اُبَايِعُ اِلَّا فُلَانًا وَفُلَانًا

❀❀ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دو باتیں بتائی تھیں ان میں سے ایک میں نے دیکھ لی ہے اور دوسری کا انتظار کر رہا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ بتایا کہ امانت لوگوں کے دلوں کے اندر نازل ہوئی اور قرآن نازل ہوا تو انہوں نے قرآن کا علم حاصل کیا اور سنت کا علم حاصل کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس کے اٹھائے جانے کے بارے میں بتایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک شخص سوئے گا' تو اس کے دل سے امانت کو قبض کر لیا جائے گا' یہاں تک کہ اس کا تھوڑا سا نشان باقی رہ جائے گا' جو دھبے کے نشان کی مانند ہوگا پھر وہ شخص سوئے گا' تو اس کے دل سے امانت کو اٹھا لیا جائے گا' یہاں تک کہ اس کا اتنا نشان باقی رہ جائے گا جتنا اس آبلے کا ہوتا ہے' جو کسی انگارے کے تمہارے پاؤں پر لگنے کی وجہ سے ہوتا ہے تمہیں وہ پھولا ہوا محسوس ہوتا ہے' لیکن اس کے اندر کچھ نہیں ہوتا لوگ ایک دوسرے کے ساتھ خرید و فروخت کریں گے' لیکن کوئی بھی شخص امانت ادا نہیں کرے گا' یہاں تک کہ یہ بات کہی جائے گی بنو فلاں میں ایک امین آدمی ہے' یہاں تک کہ ایک شخص کے بارے میں یہ کہا جائے گا' وہ کتنا تیز کتنا سمجھدار کتنا عقل مند ہے' حالانکہ اس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی بھلائی نہیں ہوگی۔

6762- إسناده صحيح على شرط الشيخين.وأخرجه مسلم "143" في الإيمان: باب الأمانة والإيمان من بعض القلوب وعرض الفتن على القلوب، والبيهقي 10/122عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه الطيالسي "424"، وأحمد 5/383، والبخاري "6497" في الرقاق: باب رفع الأمانة، "7076" في الفتن: باب إذا بقي في حثالة من الناس، و "7276" في الاعتصام: باب الإقتداء بسنن رسول الله صلى الله عليه وسلم، ومسلم "143"، والترمذي "2179"في الفتن: باب ما جاء في رفع الأمانة، وابن ماجه "4053" في الفتن: باب "4053" في الفتن: باب ذهاب الأمانة، والبيهقي 10/12 من طرق عن الأعمش، به.

(حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) مجھ پر ایک ایسا زمانہ آیا کہ میں اس کی پرواہ نہیں کرتا تھا کہ میں کس کے ساتھ خرید وفروخت کر رہا ہوں' کیونکہ اگر وہ مومن ہوگا' تو اس کا دین میرے ساتھ دھوکہ دہی سے باز رکھے گا اور اگر وہ یہودی یا عیسائی ہوگا' تو کوتوال اسے (ایسا کرنے سے) باز رکھے گا لیکن اب تو میں صرف فلاں اور فلاں کے ساتھ لین دین کرتا ہوں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ اعْتِدَاءِ النَّاسِ فِي الدُّعَاءِ وَالطُّهُوْرِ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' آخری زمانے میں لوگ دعا کرنے اور طہارت حاصل کرنے میں حد سے تجاوز کریں گے

6763 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُغَفَّلِ، ابْنًا لَهُ وَهُوَ يَقُوْلُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الْقَصْرَ الْاَبْيَضَ عَنْ يَمِيْنِ الْجَنَّةِ، قَالَ: يَا بُنَيَّ، اِذَا سَاَلْتَ فَاسْاَلِ اللّٰهَ الْجَنَّةَ، وَتَعَوَّذْ بِهِ مِنَ النَّارِ، فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: يَكُوْنُ فِيْ آخِرِ الزَّمَانِ قَوْمٌ يَعْتَدُوْنَ فِي الدُّعَاءِ، وَالطُّهُوْرِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے انہوں نے اپنے بیٹے کو یہ کہتے ہوئے سنا۔

''اے اللہ میں تجھ سے جنت کے دائیں طرف میں محل کا سوال کرتا ہوں' تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بیٹے جب تم نے مانگنا ہو' تو اللہ تعالیٰ سے جنت مانگو اور جہنم سے اس کی پناہ مانگو' کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''آخری زمانے میں ایسے لوگ آئیں گے جو دعا مانگنے اور طہارت کے حصول میں حد سے تجاوز کریں گے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّ اِحْدَى الرِّوَايَتَيْنِ اللَّتَيْنِ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا وَهْمٌ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) جو روایات ہم نے پہلے نقل کی ہیں ان دو روایات میں سے کسی روایت میں وہم پایا جاتا ہے

6764 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِيْ نَعَامَةَ،

6763- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم، وقد سمع من الجريرى واسمه سعيد بن إياس - قبل الاختلاط. أبو العلاء : هو يزيد بن عبد الله بن الشخير. وانظر ما بعده.

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْمُغَفَّلِ، سَمِعَ ابْنًا لَهُ يَقُوْلُ فِيْ دُعَائِهِ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَسْاَلُكَ الْقَصْرَ الْاَبْيَضَ عَنْ يَمِيْنِ الْجَنَّةِ اِذَا دَخَلْتُهَا، قَالَ: اَىْ بُنَيَّ، سَلِ اللّٰهَ الْجَنَّةَ، وَتَعَوَّذْ بِهٖ مِنَ النَّارِ، فَاِنِّي سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: سَيَكُوْنُ فِيْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ قَوْمٌ يَعْتَدُوْنَ فِي الدُّعَاءِ، وَالطُّهُوْرِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ، وَاَبِيْ نَعَامَةَ، فَالطَّرِيْقَانِ جَمِيْعًا مَحْفُوْظَانِ

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے انہوں نے اپنے ایک بیٹے کو دعا میں یہ کہتے ہوئے سنا۔

مار دیا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) کتے نے مجھے کھا لیا یہ اس وقت کی بات ہے جب انہیں زخمی کر دیا گیا پھر وہ شخص اس خنجر کو لے کر بھاگا' جو دونوں طرف سے دھار والا تھا وہ دائیں یا بائیں جس بھی شخص کے پاس سے گزرا اسے زخمی کیا' یہاں تک کہ اس نے تیرہ آدمیوں کو زخمی کر دیا جن میں سے نو افراد فوت ہو گئے۔ مسلمانوں میں سے ایک شخص نے جب یہ صورت حال دیکھی تو اس نے اس کے اوپر کمبل ڈال دیا جب اس شخص کو یہ اندازہ ہو گیا کہ اب وہ پکڑا جائے گا' تو اس نے خودکشی کر لی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑ کر انہیں آگے کیا جو لوگ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قریب کھڑے تھے انہوں نے تو وہ بات دیکھ لی جو میں نے بھی دیکھی تھی لیکن جو لوگ مسجد کے (دور دراز کے) کناروں میں تھے انہیں پتہ نہیں چل سکا کہ کیا ہوا ہے صرف یہ ہوا کہ انہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی آواز آنا بند ہو گئی تو وہ سبحان اللہ سبحان اللہ کہنے لگے پھر حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو مختصر نماز پڑھائی جب لوگوں نے نماز مکمل کی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے ابن عباس! اس بات کا جائزہ لو کہ مجھے کس نے قتل کیا ہے تھوڑی دیر بعد آ کر انہوں نے بتایا: حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے غلام نے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ تعالیٰ اسے برباد کرے میں نے اسے بھلائی کی بات کا حکم دیا تھا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہر طرح کی حمد اس اللہ کے لیے مخصوص ہے' جس نے میری موت کسی ایسے شخص کے ہاتھوں نہیں کی جو اسلام کا دعوے دار ہو تم اور تمہارے والد (یعنی حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ) اس بات کو پسند کرتے تھے کہ مدینہ منورہ میں غلاموں کی تعداد زیادہ ہو (راوی کہتے ہیں:) حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے غلام سب سے زیادہ تھے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اٹھا کر ان کے گھر پہنچایا گیا تو یوں محسوس ہوتا تھا کہ اس دن سے پہلے لوگوں کو کبھی کوئی مصیبت لاحق ہوئی ہی نہیں کوئی شخص یہ کہتا تھا ہمیں ان کے بارے میں اندیشہ ہے (کہ کہیں یہ شہید نہ ہو جائیں) کوئی شخص یہ کہتا تھا کوئی حرج نہیں (یعنی یہ ٹھیک ہو جائیں گے) پھر نبیذ لائی گئی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے پیا تو وہ ان کے زخم سے باہر آ گئی پھر دودھ لایا گیا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے پیا تو وہ بھی ان کے زخم سے باہر آ گیا تو لوگوں کو یہ اندازہ ہو گیا کہ یہ فوت ہو جائیں گے ہم لوگ ان کے اردگرد اکٹھے ہو گئے لوگ آتے اور ان کی تعریف کرتے ایک نوجوان شخص آیا اور بولا: اے امیر المومنین آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت ہے' کیونکہ آپ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت نصیب ہوئی آپ کو ابتداء میں اسلام قبول کرنے کا شرف حاصل ہوا اور آپ نے (اسلام کے لیے) خدمات سرانجام دیں پھر جب آپ خلیفہ بنائے گئے' تو آپ نے انصاف سے کام لیا اور اب آپ کو شہادت نصیب ہو رہی ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھتیجے میری یہ خواہش ہے کہ یہ معاملہ برابری کی بنیاد پہ ہو' نہ میرے ذمے کوئی چیز لازم ہو اور نہ ہی میرے حق میں کوئی چیز ہو جب وہ شخص مڑ کر جانے لگا' تو اس کا تہبند زمین کو چھو رہا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اس نوجوان کو میرے پاس واپس بلاؤ۔ آپ نے فرمایا: اے میرے بھتیجے تم اپنے کپڑے کو (زمین سے) اوپر کر لو' کیونکہ اس طرح تمہارا کپڑا صاف بھی رہے گا اور تم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں پرہیزگار بھی شمار کیے جاؤ گے۔

اے عبداللہ اس بات کا جائزہ لو کہ میرے ذمے کتنا قرض لازم ہے' جب لوگوں نے اس کا حساب کیا' تو **86** ہزار (درہم ان کے ذمے واجب الادا تھے) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر تو عمر کی اولاد کا مال اسے پوری طرح ادا کر سکتا ہو' تو ان کے اموال میں سے اسے ادا کیا جائے ورنہ بنو عدی بن کعب سے اس کا مطالبہ کیا جائے اگر ان کے اموال بھی اسے پورا ادا نہ کر سکیں' تو پھر قریش سے

اس کا مطالبہ کیا جائے لیکن قریش کے علاوہ کسی اور سے اس بارے میں مطالبہ نہ کیا جائے تم ام المومنین سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس جاؤ اوران سے یہ کہو کہ عمر آپ کو سلام پیش کرتا ہے یہ نہ کہنا کہ امیر المومنین نے سلام کہا ہے' کیونکہ اب میں کسی مومن کا امیر نہیں رہا تم یہ کہنا: عمر بن خطاب یہ اجازت مانگ رہا ہے کہ اسے اس کے دونوں ساتھیوں کے ساتھ دفن کیا جائے گا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے سلام کیا' پھر انہوں نے اجازت مانگی' تو انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو روتے ہوئے پایا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا: عمر بن خطاب آپ سے اجازت مانگ رہے ہیں کہ انہیں ان کے دونوں ساتھیوں کے ساتھ دفن کر دیا جائے' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اللہ کی قسم! میرا ارادہ خود یہاں دفن ہونے کا تھا' لیکن میں آج ان کو اپنے اوپر ترجیح دیتی ہوں جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ واپس آئے' تو بتایا گیا عبداللہ آ گئے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا: تم لوگ مجھے بٹھاؤ۔ ایک شخص نے آپ کو ٹیک دی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کیا جواب دیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: وہی اے امیر المومنین جو آپ کو پسند ہے انہوں نے آپ کو اجازت دیدی ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا الحمد اللہ اس جگہ دفن ہونے سے زیادہ اہم میرے لیے اور کوئی چیز نہیں تھی جب میں مر جاؤں' تو تم پھر سلام کہنا اور یہ کہنا: عمر بن خطاب اندر آنے کی اجازت طلب کر رہا ہے' اگر وہ مجھے اجازت دیدیں تو تم مجھے اندر لے جانا اور اگر وہ مجھے لوٹا دیں' تو تم مجھے مسلمانوں کے قبرستان کی طرف لے جانا پھر ام المومنین سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں دیگر خواتین نے انہیں اپنی اوٹ میں لیا ہوا تھا' جب ہم نے انہیں دیکھا تو ہم وہاں سے اٹھ گئے وہ تھوڑی دیر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس رہیں پھر مردوں نے اندر آنے کی اجازت مانگی' تو وہ خواتین گھر کے اندرونی حصے میں چلی گئیں پھر ہم نے گھر کے اندرونی حصے سے ان خواتین کے رونے کی آواز سنی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا گیا: اے امیر المومنین آپ کوئی وصیت کر دیجیے اور کسی کو خلیفہ مقرر کر دیجیے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میرے خیال میں ان افراد سے زیادہ اس معاملے کا حقدار اور کوئی نہیں ہے یہ وہ لوگ ہیں کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال فرمایا تھا تو آپ ان حضرات سے راضی تھے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ اور حضرت سعد رضی اللہ عنہ کا نام لیا اللہ تعالیٰ ان حضرات سے راضی ہو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ان کے ساتھ موجود رہے گا' لیکن اس کا حکومت کے ساتھ کوئی واسطہ نہیں ہوگا یوں محسوس ہوا جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی دلجوئی کرنا چاہتے تھے اگر خلافت سعد کو مل گی تو یہ ان کے لیے ہوگئی ورنہ آپ حضرات میں سے کسی کو بھی امیر مقرر کیا جائے گا وہ ان سے مدد ضرور حاصل کرے میں نے انہیں ان کے عاجز ہونے یا ان کی کسی خیانت کی وجہ سے معزول نہیں کیا تھا۔

پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں اپنے بعد والے خلیفہ کو اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنے کی تلقین کرتا ہوں اور اسے مہاجرین اولین (کا خاص خیال رکھنے) کے بارے میں وصیت کرتا ہوں کہ وہ ان کے حق کو جان لے اور ان کی حرمت کی حفاظت کرے اور میں اس خلیفہ کو انصار کے بارے میں بھلائی کی تلقین کرتا ہوں جنہوں نے ان سے پہلے جگہ اور ایمان کو ٹھکانہ بنالیا تھا کہ وہ خلفیہ ان میں سے اچھے لوگوں کی اچھائی کو قبول کرے اور برائی کرنے والے سے درگزر کرے اور میں اس خلیفہ کو تمام علاقوں کے رہنے والوں کے بارے میں بھلائی کی تلقین کرتا ہوں' کیونکہ یہ لوگ اسلام کے محافظ ہیں مال کو حاصل کرنے والے ہیں دشمن پر غیض وغضب کرنے

والے ہیں ان کا اضافی مال ان سے صرف رضامندی کے ساتھ ہی وصول کیا جائے اور میں اس خلیفہ کو دیہاتیوں کے بارے میں بھلائی کی تلقین کرتا ہوں' کیونکہ وہ عربوں کی اصل ہیں اور اسلام کا مادہ ہیں ان کے اموال کی زکوٰۃ ان سے وصول کی جائے اور ان کے غریبوں کی طرف لوٹا دی جائے میں اس خلیفہ کو اللہ کے ذمہ اس کے رسول کے ذمہ کے بارے میں یہ تلقین کرتا ہوں کہ ان کے نام پر کئے گئے عہد کو پورا کیا جائے اور ان کے علاوہ لوگوں کے ساتھ جنگ کی جائے اور ان لوگوں کو صرف ان کی طاقت کے مطابق پابند کیا جائے۔

جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا تو ہم انہیں لے کر چلتے ہوئے آئے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے سلام کیا اور یہ کہا: عمر اندر آنے کی اجازت چاہتا ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا انہیں اندر لے آؤ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اندر لے جایا گیا اور انہیں وہاں ان کے ساتھیوں کے ساتھ دفن کر دیا گیا جب ان کے دفن سے فارغ ہو گئے اور لوگ واپس آ گئے' تو یہ حضرات اکٹھے ہوئے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے فرمایا آپ لوگ اپنے معاملے کو اپنے میں سے تین افراد کے لیے مخصوص کر دیں (یعنی تین لوگ اپنے حق سے دستبردار ہو جائیں) حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اپنا معاملہ علی کے سپرد کرتا ہوں۔ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اپنا معاملہ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کے سپرد کرتا ہوں۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں اپنا معاملہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے سپرد کرتا ہوں' تو یہ تین لوگ ہو گئے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے باقی دو افراد سے کہا: آپ دونوں میں کون اس معاملے سے لاتعلق ہونا چاہے گا کہ وہ اسے دوسرے کے سپرد کر دے اور اللہ تعالیٰ اس کا نگران ہو اور اسلام اس کا نگران ہو اور وہ اس بات کا جائزہ لے کہ وہ اس کے نزدیک ان سب سے افضل ہے اور وہ اس بارے میں امت کی بھلائی کے بارے میں زیادہ کوشش کرے گا۔

راوی کہتے ہیں: تو دونوں بزرگ یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خاموش رہے اس پر حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ لوگ اس معاملے کو میرے سپرد کر دیں اور اللہ کے نام پر یہ بات میرے ذمے لازم ہے کہ میں اس معاملے میں سے آپ میں افضل شخص کے حوالے سے کوئی کوتاہی نہیں کروں گا۔ ان دونوں نے جواب دیا: جی ہاں پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ آئے' تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کو قدیم الاسلام ہونے کا شرف حاصل ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قرابت کا شرف حاصل ہے جیسا کہ آپ جانتے ہیں' تو اللہ کی قسم! کہ آپ کے ذمے یہ بات لازم ہے کہ اگر میں آپ کو امیر بنا دوں' تو آپ عدل سے کام لیں گے اور اگر میں آپ کو امیر نہ بناؤں' تو آپ (امیر مقرر ہونے والے شخص) کی اطاعت و فرمانبرداری کریں گے پھر عثمان آئے' تو انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے بھی اسی کی مانند کلمات کہے' جب حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے ان دونوں سے یہ عہد لے لیا تو انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ اپنا ہاتھ بڑھائیے پھر انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی پھر تمام لوگ اندر آ گئے اور انہوں نے بھی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی بیعت کر لی۔

ذِكْرُ عَهْدِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ مَا يَحِلُّ بِهٖ مِنْ اُمَّتِهٖ بَعْدَهٗ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو اس بارے میں اطلاع دینے کا تذکرہ کہ آپ ﷺ کے بعد آپ ﷺ کی امت ان کے ساتھ کیا سلوک کرے گی

6918 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ مَرَضِهٖ: وَدِدْتُ اَنَّ عِنْدِىْ بَعْضَ اَصْحَابِىْ، قَالَتْ: فَقُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَا نَدْعُو لَكَ اَبَا بَكْرٍ؟ فَسَكَتَ، قُلْنَا: عُمَرُ، فَسَكَتَ، قُلْنَا: عَلِيٌّ، فَسَكَتَ، قُلْنَا: عُثْمَانُ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَتْ: فَاَرْسَلْنَا اِلٰى عُثْمَانَ، قَالَ: فَجَعَلَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَلِّمُهٗ وَوَجْهُهٗ يَتَغَيَّرُ قَالَ قَيْسٌ: فَحَدَّثَنِىْ اَبُوْ سَهْلَةَ، اَنَّ عُثْمَانَ، قَالَ يَوْمَ الدَّارِ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَىَّ عَهْدًا، وَاَنَا صَابِرٌ عَلَيْهِ، قَالَ قَيْسٌ: كَانُوا يَرَوْنَ اَنَّهٗ ذٰلِكَ الْيَوْمُ

✿✿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اپنی بیماری کے دوران ارشاد فرمایا: میری یہ خواہش ہے کہ میرا کوئی صحابی میرے پاس موجود ہوتا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو آپ ﷺ کے پاس بلوادیں نبی اکرم ﷺ خاموش رہے۔ ہم نے عرض کی: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم ﷺ خاموش رہے۔ ہم نے کہا: حضرت علی رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم ﷺ خاموش رہے۔ ہم نے کہا: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' تو ہم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بلوایا اور نبی اکرم ﷺ ان کے ساتھ بات چیت کرتے رہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے چہرے کا رنگ تبدیل ہوتا رہا۔

ابوسہلہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: جب حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو گھر میں قید کر دیا گیا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کے

6918-إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه ابن ماجة "113" فى المقدمة: باب فضائل أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عن محمد بن عبد الله بن نمير، وعلى بن محمد، كلاهما عن وكيع، بهذا الإسناد، وما بين الحاصرتين منه، وقال البوصيرى فى "مصباح الزجاجة " ورقة10/1: هذا إسناد صحيح رجاله كلهم ثقات . وأخرجه الحاكم 3/99 من طريق يحيى بن سعيد القطان، عن إسماعيل بن أبى خالد، به . وزاد فى الإسناد بين قيس وعائشة: أبا سهلة مولى عثمان، وصححه الحاكم ووافقه الذهبى. قلت: فهو من المزيد فى متصل الأسانيد . وأخرجه ابن أبى شيبة 12/44 - 45، وابن سعد 3/66 - 67 عن أبى أسامة حماد بن سلمة، عن إسماعيل بن أبى خالد، عن قيس بن أبى حازم، عن أبى سهلة مولى عثمان قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "وددت أن عندى بعض أصحابى "، فقالت عائشة ... فذكره. وأخرج القسم الأخير منه أحمد 1/58 و69، والترمذى "3711" فى المناقب: باب مناقب عثمان بن عفان، عن وكيع، به . وقرن الترمذى فى روايته بوكيع يحيى بن سعيد القطان، وقال: هذا حديث حسن صحيح غريب، لا نعرفه إلا من حديث إسماعيل بن أبى خالد.

رسول نے مجھ سے یہ عہد لیا تھا میں اس پر صبر سے کام لوں گا۔
قیس نامی راوی کہتے ہیں: لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ اس سے مراد وہی دن تھا۔

ذِكْرُ تَسْبِيلِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رُومَةَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا بئر رومہ کو مسلمانوں کے لیے وقف کرنے کا تذکرہ

6919 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلَى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَا: حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا اَبُوْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ مَوْلَى اَبِي اُسَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعَ عُثْمَانُ، اَنَّ وَفْدَ اَهْلِ مِصْرَ قَدْ اَقْبَلُوا، فَاسْتَقْبَلَهُمْ، فَلَمَّا سَمِعُوْا بِهِ، اَقْبَلُوا نَحْوَهُ اِلَى الْمَكَانِ الَّذِي هُوَ فِيهِ، فَقَالُوا لَهُ: ادْعُ الْمُصْحَفَ، فَدَعَا بِالْمُصْحَفِ، فَقَالَ لَهُ: افْتَحِ السَّابِعَةَ، قَالَ: وَكَانُوا يُسَمُّونَ سُورَةَ يُونُسَ السَّابِعَةَ، فَقَرَاَهَا حَتّٰى اَتٰى عَلٰى هٰذِهِ الْاٰيَةِ (قُلْ اَرَاَيْتُمْ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ مِنْ رِزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِنْهُ حَرَامًا وَحَلَالًا قُلْ آللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ) (يونس: 59) قَالُوا لَهُ: قِفْ، اَرَاَيْتَ مَا حَمَيْتَ مِنَ الْحِمَى، آللّٰهُ اَذِنَ لَكَ بِهِ اَمْ عَلَى اللّٰهِ تَفْتَرِي؟ فَقَالَ: اَمْضِهِ، نَزَلَتْ فِي كَذَا وَكَذَا، وَاَمَّا الْحِمَى لِاِبِلِ الصَّدَقَةِ، فَلَمَّا وَلَدَتْ زَادَتْ اِبِلُ الصَّدَقَةِ، فَزِدْتُ فِي الْحِمَى لَمَّا زَادَ فِي اِبِلِ الصَّدَقَةِ، اَمْضِهِ، قَالُوْا: فَجَعَلُوا يَاْخُذُونَهُ بِآيَةٍ آيَةٍ، فَيَقُولُ: اَمْضِهِ نَزَلَتْ فِي كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ لَهُمْ: مَا تُرِيدُوْنَ؟ قَالُوْا: مِيثَاقَكَ، قَالَ: فَكَتَبُوْا عَلَيْهِ شَرْطًا، فَاَخَذَ عَلَيْهِمْ اَنْ لَا يَشُقُّوا عَصًا، وَلَا يُفَارِقُوْا جَمَاعَةً مَا قَامَ لَهُمْ بِشَرْطِهِمْ، وَقَالَ لَهُمْ: مَا تُرِيدُوْنَ؟ قَالُوْا: نُرِيدُ اَنْ لَا يَاْخُذَ اَهْلُ الْمَدِينَةِ عَطَاءً، قَالَ: لَا اِنَّمَا هٰذَا الْمَالُ لِمَنْ قَاتَلَ عَلَيْهِ وَلِهٰؤُلَاءِ الشُّيُوخِ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَرَضُوا، وَاَقْبَلُوا مَعَهُ اِلَى الْمَدِينَةِ رَاضِينَ، قَالَ: فَقَامَ، فَخَطَبَ، فَقَالَ: اَلَا مَنْ كَانَ لَهُ زَرْعٌ فَلْيَلْحَقْ بِزَرْعِهِ، وَمَنْ كَانَ لَهُ ضَرْعٌ فَلْيَحْتَلِبْهُ، اَلَا اِنَّهُ لَا مَالَ لَكُمْ عِنْدَنَا، اِنَّمَا هٰذَا الْمَالُ لِمَنْ قَاتَلَ

6919– رجاله ثقات رجال الصحيح غير أبي سعيد مولى أبي أسيد فقد ذكره المؤلف في "الثقات" 5/588 - 589 وقال: يروي عن جماعة من الصحابة، روى عنه أبو نضرة، ثم ساق قصة فيها إمامته لبي ذر وعبد الله بن مسعود، وحذيفة بن اليمان في بيته، وأورده ابن حجر في القسم الثالث من الكنى في "الإصابة" 4/100، فقال ذكره ابن منده في الصحابة ولم يذكر ما يدل على صحبته، لكن ثبت أنه أدرك أبا بكر الصديق رضي الله عنه، فيكون من أهل هذا القسم، قال ابن منده: روى عنه أبو نضرة العبدي "تحرف في المطبوع إلى: العقدي" قصة مقتل عثمان بطولها، وهو كما قال، وقد رويناها من هذا الوجه، وليس فيها ما يدل على صحبته. قلت: أبو نضرة هذا: هو المنذر بن قطعة العبدي. وأخرجه الطبري في "تاريخه" 4/354 - 356 و383 - 384 عن يعقوب بن إبراهيم الدورقي، بهذا الإسناد. وأورده الحافظ ابن حجر بطوله في "المطالب العالية" 4/283 - 284، ونسبه إلى إسحاق بن راهويه في "مسنده"، وقال: رجاله ثقات، سمع بعضهم من بعض. وزاد نسبته في "فتح الباري" 5/408 إلى ابن خزيمة وابن حبان. وقوله: "تفاجت عليه"، أي: وقته بنفسها، وبالغت في تفريج ما بين رجليها، ووقعت عليه.

عَلَيْهِ، وَهٰؤُلَاءِ الشُّيُوخِ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَغَضِبَ النَّاسُ وَقَالُوْا: هٰذَا مَكْرُ بَنِيْ اُمَيَّةَ، قَالَ: ثُمَّ رَجَعَ الْمِصْرِيُّوْنَ، فَبَيْنَمَا هُمْ فِي الطَّرِيْقِ اِذَا هُمْ بِرَاكِبٍ يَّتَعَرَّضُ لَهُمْ، ثُمَّ يُفَارِقُهُمْ، ثُمَّ يَرْجِعُ اِلَيْهِمْ، ثُمَّ يُفَارِقُهُمْ وَيَسُبُّهُمْ، قَالُوْا: مَا لَكَ، اِنَّ لَكَ الْاَمَانَ، مَا شَاْنُكَ؟ قَالَ: اَنَا رَسُوْلُ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِلٰى عَامِلِهِ بِمِصْرَ، قَالَ: فَفَتَّشُوْهُ، فَاِذَا هُمْ بِالْكِتَابِ عَلٰى لِسَانِ عُثْمَانَ عَلَيْهِ خَاتَمُهُ اِلٰى عَامِلِهِ بِمِصْرَ اَنْ يَّصْلِبَهُمْ اَوْ يَقْتُلَهُمْ اَوْ يَقْطَعَ اَيْدِيَهُمْ وَاَرْجُلَهُمْ، فَاَقْبَلُوا حَتّٰى قَدِمُوا الْمَدِيْنَةَ، فَاَتَوْا عَلِيًّا، فَقَالُوْا: اَلَمْ تَرَ اِلٰى عَدُوِّ اللّٰهِ كَتَبَ فِيْنَا بِكَذَا وَكَذَا، وَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَلَّ دَمَهُ، قُمْ مَعَنَا اِلَيْهِ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا اَقُوْمُ مَعَكُمْ، قَالُوْا: فَلِمَ كَتَبْتَ اِلَيْنَا؟ قَالَ: وَاللّٰهِ مَا كَتَبْتُ اِلَيْكُمْ كِتَابًا قَطُّ، فَنَظَرَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ، ثُمَّ قَالَ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ: اَلِهٰذَا تُقَاتِلُوْنَ؟ - اَوْ لِهٰذَا تَغْضَبُوْنَ - فَانْطَلَقَ عَلِيٌّ فَخَرَجَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِلٰى قَرْيَةٍ، وَانْطَلَقُوْا حَتّٰى دَخَلُوا عَلٰى عُثْمَانَ، فَقَالُوْا: كَتَبْتَ بِكَذَا وَكَذَا؟ فَقَالَ: اِنَّمَا هُمَا اثْنَتَانِ، اَنْ تُقِيْمُوا عَلَيَّ رَجُلَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ، اَوْ يَمِيْنِيْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَا كَتَبْتُ وَلَا اَمْلَيْتُ وَلَا عَلِمْتُ، وَقَدْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ الْكِتَابَ يُكْتَبُ عَلٰى لِسَانِ الرَّجُلِ، وَقَدْ يُنْقَشُ الْخَاتَمُ عَلَى الْخَاتَمِ، فَقَالُوْا: وَاللّٰهِ، اَحَلَّ اللّٰهُ دَمَكَ، وَنَقَضُوا الْعَهْدَ وَالْمِيْثَاقَ فَحَاصَرُوْهُ، فَاَشْرَفَ عَلَيْهِمْ ذَاتَ يَوْمٍ فَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ، فَمَا اَسْمَعُ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ رَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ، اِلَّا اَنْ يَّرُدَّ رَجُلٌ فِيْ نَفْسِهِ، فَقَالَ: اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ، هَلْ عَلِمْتُمْ اَنِّي اشْتَرَيْتُ رُوْمَةَ مِنْ مَالِيْ، فَجَعَلْتُ رِشَائِيْ فِيْهَا كَرِشَاءِ رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ؟ قِيْلَ: نَعَمْ، قَالَ: فَعَلَامَ تَمْنَعُوْنِيْ اَنْ اَشْرَبَ مِنْهَا حَتّٰى اُفْطِرَ عَلٰى مَاءِ الْبَحْرِ؟ اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ هَلْ عَلِمْتُمْ اَنِّي اشْتَرَيْتُ كَذَا وَكَذَا مِنَ الْاَرْضِ فَزِدْتُّهُ فِي الْمَسْجِدِ؟ قِيْلَ: نَعَمْ، قَالَ: فَهَلْ عَلِمْتُمْ اَنَّ اَحَدًا مِنَ النَّاسِ مُنِعَ اَنْ يُّصَلِّيَ فِيْهِ قَبْلِيْ؟ اَنْشُدُكُمُ اللّٰهَ هَلْ سَمِعْتُمْ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُ كَذَا وَكَذَا؟ اَشْيَاءَ فِيْ شَاْنِهِ عَدَّدَهَا، قَالَ: وَرَاَيْتُهُ اَشْرَفَ عَلَيْهِمْ مَرَّةً اُخْرٰى فَوَعَظَهُمْ وَذَكَّرَهُمْ، فَلَمْ تَاْخُذْ مِنْهُمُ الْمَوْعِظَةُ، وَكَانَ النَّاسُ تَاْخُذُ مِنْهُمُ الْمَوْعِظَةُ فِيْ اَوَّلِ مَا يَسْمَعُوْنَهَا، فَاِذَا اُعِيْدَتْ عَلَيْهِمْ لَمْ تَاْخُذْ مِنْهُمْ فَقَالَ لِامْرَاَتِهِ: افْتَحِي الْبَابَ، وَوَضَعَ الْمُصْحَفَ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَذٰلِكَ اَنَّهُ رَاٰى مِنَ اللَّيْلِ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ لَهُ: اَفْطِرْ عِنْدَنَا اللَّيْلَةَ فَدَخَلَ عَلَيْهِ رَجُلٌ، فَقَالَ: بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ كِتَابُ اللّٰهِ، فَخَرَجَ وَتَرَكَهُ، ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْهِ اٰخَرُ فَقَالَ: بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ كِتَابُ اللّٰهِ، وَالْمُصْحَفُ بَيْنَ يَدَيْهِ، قَالَ: فَاَهْوٰى لَهُ بِالسَّيْفِ، فَاتَّقَاهُ بِيَدِهِ فَقَطَعَهَا، فَلَا اَدْرِيْ اَقْطَعَهَا وَلَمْ يُبِنْهَا، اَمْ اَبَانَهَا؟ قَالَ عُثْمَانُ: اَمَا وَاللّٰهِ اِنَّهَا لَاَوَّلُ كَفٍّ خَطَّتِ الْمُفَصَّلَ - وَفِيْ غَيْرِ حَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدٍ: فَدَخَلَ عَلَيْهِ التُّجِيْبِيُّ فَضَرَبَهُ مِشْقَصًا، فَنَضَحَ الدَّمُ عَلٰى هٰذِهِ الْاٰيَةِ (فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ) (البقرة: 137)، قَالَ: وَاِنَّهَا فِي الْمُصْحَفِ مَا حُكَّتْ، قَالَ: وَاَخَذَتْ بِنْتُ الْفُرَافِصَةِ - فِيْ حَدِيْثِ اَبِيْ سَعِيْدٍ - حُلِيَّهَا وَوَضَعَتْهُ فِيْ حِجْرِهَا، وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ يُّقْتَلَ، فَلَمَّا قُتِلَ، تَفَاجَّتْ عَلَيْهِ، قَالَ بَعْضُهُمْ: قَاتَلَهَا اللّٰهُ، مَا اَعْظَمَ عَجِيْزَتَهَا، فَعَلِمْتُ اَنَّ اَعْدَاءَ اللّٰهِ لَمْ يُرِيْدُوْا اِلَّا الدُّنْيَا. *

ابوسعید جو حضرت ابواسید انصاری رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں وہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو سنا اہل مصر کا وفد آیا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس کا استقبال کیا جب انہوں نے آپ کے احکام سن لیے تو وہ اس مقام کی طرف گئے جس میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ موجود تھے ان لوگوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ قرآن پاک منگوائیے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قرآن منگوایا تو انہوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: آپ ساتویں سورت کھولیے وہ لوگ سورۃ یونس کو ساتویں سورت کا نام دیتے تھے انہوں نے: تلاوت شروع کی یہاں تک اس آیت تک پہنچے۔

"تم یہ فرمادو تمہارا کیا خیال ہے اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے جو رزق نازل کیا ہے اور اس میں سے کچھ چیزوں کو حرام قرار دیا ہے اور کچھ کو حلال قرار دیا ہے' تو تم یہ فرمادو کہ کیا اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس بات کی اجازت دی ہے یا تم اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹی بات منسوب کرتے ہو۔"

ان لوگوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا: ٹھہر جائیے آپ کا کیا خیال ہے کیا آپ نے کوئی چراگاہ مخصوص کی ہے کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات کی اجازت دی ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کی طرف جھوٹی بات منسوب کر رہے ہیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم لوگ آگے چلو یہ آیت فلاں فلاں چیز کے بارے میں نازل ہوئی تھی' جہاں تک چراگاہ کا تعلق ہے' تو وہ صدقے کے اونٹوں کے لیے ہے' جب وہ بچے کو جنم دیں گے تو صدقے کے اونٹ زیادہ ہو جائیں گے تو صدقے کے اونٹوں میں اضافہ ہونے کی وجہ سے میں نے چراگاہ میں بھی اضافہ کر دیا تم لوگ آگے چلو تو وہ لوگ ایک' ایک آیت لیتے رہے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ یہ کہتے رہے تم لوگ آگے چلو (یا تم جاری رکھو) یہ آیت فلاں فلاں چیز کے بارے میں نازل ہوئی تھی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا: تم لوگ کیا چاہتے ہو۔ انہوں نے کہا: ہم آپ سے پختہ عہد لینا چاہتے ہیں۔ راوی کہتے ہیں: تو ان لوگوں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لیے شرائط تحریر کیں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے عہد لیا کہ وہ عصا کو (یعنی مسلمانوں کی اجتماعیت کو) توڑیں گے نہیں اور ان کی جماعت سے علیحدگی اختیار نہیں کریں گے' جب تک حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ان کی شرائط کی پاس داری کرتے رہیں گے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا: تم لوگ کیا چاہتے ہو انہوں نے کہا: ہم لوگ یہ چاہتے ہیں کہ اہل مدینہ تنخواہ نہ لیا کریں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا یہ نہیں ہو سکتا' کیونکہ یہ وہ مال ہے' جو اس شخص کو ملے گا' جس نے جنگ میں حصہ لیا ہو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے تعلق رکھنے والے عمر رسیدہ افراد کو ملے گا۔ راوی کہتے ہیں: تو وہ لوگ راضی ہو گئے اور وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ منورہ کی طرف راضی ہوتے ہوئے آئے۔ راوی کہتے ہیں: پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے خطبہ دیا اور فرمایا: خبردار جس شخص کی زرعی زمین ہو وہ اپنی زرعی زمین پر چلا جائے اور جس شخص کے پاس جانور ہوں وہ ان کا دودھ دوہ لے خبردار تمہارا کوئی مال ہمارے پاس نہیں ہے یہ مال اس شخص کو ملے گا' جس نے جنگ میں حصہ لیا ہو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے تعلق رکھنے والے بزرگوں کو ملے گا۔ راوی کہتے ہیں: تو وہ لوگ غصے میں آ گئے اور بولے یہ تو بنوامیہ کا فریب ہے۔ راوی کہتے ہیں: پھر مصری لوگ واپس چلے گئے ابھی وہ راستے میں ہی تھے کہ اسی دوران ایک سوار ان کے سامنے آیا پھر وہ ان سے جدا ہو گیا پھر وہ واپس ان کے پاس آیا پھر وہ ان سے جدا ہو گیا اور انہیں برا کہنے لگا۔ ان لوگوں نے دریافت کیا: تمہارا کیا معاملہ ہے تمہیں امان حاصل ہے تمہارا کیا معاملہ ہے۔

اس نے کہا: میں امیر المومنین کا قاصد ہوں جو مصر کے گورنر کی طرف جا رہا ہوں۔ راوی کہتے ہیں: ان لوگوں نے اس شخص کی تلاشی لی تو اس کے پاس ایک خط موجود تھا' جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف سے لکھا گیا تھا اس پر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی مہر بھی لگی ہوئی تھی یہ مصر کے گورنر کے نام خط تھا کہ وہ ان مصریوں کو پھانسی دیدے یا انہیں قتل کروا دے یا ان کے ہاتھ اور پاؤں کٹوا دے تو وہ لوگ واپس آئے' یہاں تک کہ مدینہ منورہ آ گئے وہ لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے کہ آپ نے اللہ کے اس دشمن کی طرف دیکھا کہ اس نے ہمارے بارے میں اس' اس طرح کا خط لکھا ہے بے شک اللہ تعالیٰ نے اس کے خون کو حلال قرار دیا ہے۔ آپ ہمارے ساتھ اٹھ کر ان کی طرف جائیے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم! میں تمہارے ساتھ نہیں اٹھوں گا۔ ان لوگوں نے کہا: پھر آپ نے ہماری طرف خط کیوں لکھا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کی قسم! میں نے تو تمہیں کبھی کوئی خط نہیں لکھا تو وہ ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے پھر ان میں سے کسی ایک نے دوسرے سے کہا: کیا تم اس شخص کے لیے جنگ کرنا چاہتے ہو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اس شخص کے لیے غصہ کرتے ہو۔

پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ اٹھے اور مدینہ منورہ سے باہر ایک بستی کی طرف تشریف لے گئے وہ لوگ اٹھے اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اور بولے آپ نے اس اس طرح کا خط لکھا ہے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: دو صورتیں ہیں یا تو یہ ہے: تم مسلمانوں میں سے دو آدمیوں کو میرے خلاف گواہ کے طور پر پیش کر دو یا پھر یہ ہے: میں اللہ کے نام کی قسم اٹھا کر یہ کہتا ہوں جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے کہ نہ تو میں نے خط لکھا ہے اور نہ اسے املاء کروایا ہے اور نہ ہی مجھے اس کا علم ہے تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ کسی دوسرے کے نام سے بھی خط لکھا جا سکتا ہے اور ایک انگوٹھی کے مطابق دوسری انگوٹھی کا نقش بنوایا جا سکتا ہے ان لوگوں نے کہا: اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ نے آپ کے خون کو حلال قرار دیدیا ہے' پھر ان لوگوں نے عہد اور کئے ہوئے معاہدے کو توڑ دیا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا محاصرہ کر لیا۔ ایک دن حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کی طرف جھانک کر دیکھا اور بولے السلام علیکم (راوی کہتے ہیں:) میں نے کسی شخص کو نہیں سنا جس نے ان کے سلام کا جواب دیا ہو ماسوائے اس کے کہ کسی نے دل میں سلام کا جواب دیدیا ہو۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: میں تم لوگوں کو اللہ کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ میں نے رومہ نامی کنواں اپنے مال میں سے خریدا تھا اور اس کے بارے میں اپنے ڈول کو مسلمانوں کے عام فرد کے ڈول کی مانند کر دیا تھا (یعنی اس کے پانی کو سب کے لئے وقف کر دیا تھا) تو کہا گیا جی ہاں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا تو پھر تم کس بنیاد پر مجھے اس بات سے روک رہے ہو کہ میں اس میں سے پیوں' یہاں تک کہ میں نے سمندر کے پانی (یعنی کھارے پانی) کے ذریعے افطاری کی ہے میں تم لوگوں کو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر یہ دریافت کرتا ہوں کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ میں نے اتنی اتنی رقم کے عوض میں زمین خرید کر مسجد میں' توسیع کی تھی جواب دیا گیا: جی ہاں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ مجھ سے پہلے کسی شخص کو اس مسجد میں نماز پڑھنے سے روکا گیا ہو میں تم لوگوں کو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں کیا تم نے اللہ کے نبی کو یہ' یہ بات ذکر کرتے ہوئے نہیں سنا پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنی ذات کے بارے میں کچھ چیزوں کا ذکر کیا اور انہیں شمار کروایا۔

راوی کہتے ہیں: پھر میں نے انہیں دیکھا کہ انہوں نے دوسری مرتبہ جھانک کر لوگوں کی طرف دیکھا انہیں وعظ و نصیحت کی

انہیں تلقین کی لیکن کسی نے ان کے وعظ کو قبول نہیں کیا جب انہوں نے پہلی مرتبہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے وعظ سنا تھا اور لوگوں نے اسے قبول کیا تھا' لیکن جب دوبارہ ان کے سامنے دہرایا گیا تو پھر لوگوں نے اسے قبول نہیں کیا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ سے کہا: تم دروازہ کھولو انہوں نے مصحف اپنے آگے رکھ لیا اس کی وجہ یہ تھی انہوں نے رات خواب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے فرما رہے ہیں آج شام تم نے ہمارے ساتھ افطاری کرنی ہے' پھر ایک شخص اندر ان کے پاس آیا' تو انہوں نے فرمایا میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب ہے' تو وہ شخص نکل گیا اس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو چھوڑ دیا پھر دوسرا شخص ان کے پاس اندر آیا' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا: میرے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب موجود ہے اس وقت قرآن مجید ان کے آگے رکھا ہوا تھا۔ راوی کہتے ہیں: تو اس شخص نے اپنی تلوار کو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف لہرایا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اپنے ہاتھ کے ذریعے بچنے کی کوشش کی اس نے ان کا ہاتھ کاٹ دیا مجھے نہیں معلوم کہ اس نے اسے مکمل طور پر کاٹ دیا یا کچھ حصہ کاٹا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کی قسم! یہ وہ پہلی ہتھیلی تھی' جس نے مفصل (سورتوں) کو تحریر کیا تھا۔

ابوسعید کے علاوہ دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں: تجیبی نامی شخص اندر داخل ہوا اس نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو قینچی ماری اس کے نتیجے میں خون نکل کر اس آیت پر گرا۔

''تو عنقریب ان لوگوں کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ تمہارے لئے کافی ہوگا اور وہ سننے والا اور علم رکھنے والا ہے۔''

خون کا یہ نشان اس قرآن مجید میں موجود ہے اسے مٹایا نہیں گیا۔

ابوسعید کی روایت میں یہ الفاظ موجود ہیں: فرافصہ کی صاحب زادی (شاید اس سے مراد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اہلیہ ہے) نے اپنا زیور لیا اور اسے اپنی گود میں رکھ لیا یہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے شہید ہونے سے پہلے کی بات ہے' جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا گیا تو وہ ان پر آہ و بکاہ کرنے لگی اس پر کسی نے کہا: اللہ تعالیٰ اسے برباد کرے اس کے سرین کتنے بڑے ہیں' اس سے مجھے پتہ چلا کہ اللہ کے دشمنوں کا مقصد صرف دنیا ہوتی ہے۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، بِتَسْبِيلِهِ رُومَةَ

حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بئر رومہ کو وقف کرنے کی وجہ سے' اللہ تعالیٰ کا ان کی مغفرت کرنے کا تذکرہ

6920 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنْ

6920– حديث حسن، عمرو ويقال عمر - بن جاوان لم يرو عنه غير حصين، وروى له النسائي، وذكره المؤلف في "الثقات"، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. حصين: هو ابن عبد الرحمن السلمي. وهو في "مصنف ابن أبي شيبة"12/39 - 40، وابن إدريس: هو عبد الله . وأخرجه النسائي 6/234 - 235 في الأحباس: باب وقف المساجد، عن إسحاق بن إبراهيم، والطبري في "تاريخه"4/497 عن يعقوب بن إبراهيم، كلاهما عن ابن إدريس، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/70 من طريق أبي عوانة، والنسائي 6/233 من طريق سليمان بن طرخان، كلاهما عن حصين بن عبد الرحمن، به. وفي الباب عن ثمامة بن حزن القشيري وكان ممن شهد الدار - عند الترمذي "3703"، والنسائي 6/235 - 236، وقال الترمذي: حسن . وانظر: الحديث المتقدم عند المؤلف برقم."6916"

حُصَيْنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ جَاوَانَ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ فَجَاءَ عُثْمَانُ، فَقِيْلَ: هٰذَا عُثْمَانُ، وَعَلَيْهِ مُلَيَّةٌ لَهُ صَفْرَاءُ، قَدْ قَنَّعَ بِهَا رَاْسَهُ، قَالَ: هَا هُنَا عَلِيٌّ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: هَا هُنَا طَلْحَةُ؟ قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنِ ابْتَاعَ مِرْبَدَ بَنِيْ فُلَانٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ، فَابْتَعْتُهُ بِعِشْرِيْنَ اَلْفًا اَوْ خَمْسَةً وَعِشْرِيْنَ اَلْفًا، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهُ: قَدِ ابْتَعْتُهُ، فَقَالَ: اجْعَلْهُ فِيْ مَسْجِدِنَا، وَاَجْرُهُ لَكَ؟ قَالَ: فَقَالُوْا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ، قَالَ: فَقَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ يَبْتَاعُ رُوْمَةَ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ فَابْتَعْتُهَا بِكَذَا وَكَذَا، ثُمَّ اَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: قَدِ ابْتَعْتُهَا، فَقَالَ: اجْعَلْهَا سِقَايَةً لِلْمُسْلِمِيْنَ، وَاَجْرُهَا لَكَ؟ قَالَ: فَقَالُوْا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ، قَالَ: اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ فِيْ وُجُوْهِ الْقَوْمِ فَقَالَ: مَنْ جَهَّزَ هٰؤُلَاءِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ - يَعْنِيْ جَيْشَ الْعُسْرَةِ - فَجَهَّزْتُهُمْ حَتّٰى لَمْ يَفْقِدُوْا عِقَالًا وَلَا خِطَامًا؟ قَالُوْا: اللّٰهُمَّ نَعَمْ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اشْهَدْ، ثَلَاثًا

احنف بن قیس بیان کرتے ہیں: ہم لوگ مدینہ منورہ آئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لائے کہا گیا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے ہیں انہوں نے زرد رنگ کی چادر اوڑھی ہوئی تھی اور اس کے ذریعے اپنا سر ڈھانپا ہوا تھا۔ انہوں نے دریافت کیا: کیا یہاں علی ہے۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ انہوں نے دریافت کیا: کیا یہاں طلحہ ہے۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ انہوں نے فرمایا میں تم لوگوں کو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر یہ پوچھتا ہوں جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی کون شخص بنوفلاں کی زمین خریدے گا' تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کر دے گا' تو میں نے بیس ہزار (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) 25 ہزار کے عوض میں اسے خریدا تھا پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی: میں نے اسے خرید لیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے ہماری مسجد کے لئے دیدو اس کا اجر تمہیں ملے گا۔ راوی کہتے ہیں: تو ان حضرات نے جواب دیا: اللہ کی قسم! ایسا ہی ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں آپ لوگوں کو اللہ کے نام کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے کیا آپ لوگ یہ بات جانتے ہو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی کون شخص (رومہ نامی کنویں کو) خریدے گا' تو اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کر دے گا' تو میں نے اسے اتنی اتنی رقم کے عوض میں خرید لیا پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: میں نے اسے خرید لیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اسے مسلمانوں کے لیے (وقف) کر دو اس کا اجر تمہیں ملے گا۔ راوی کہتے ہیں: تو ان لوگوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم! ایسا ہی ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں آپ لوگوں کو اس اللہ کے نام کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے کیا آپ لوگ یہ بات جانتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کی صورت حال دیکھی اور فرمایا: کون ان لوگوں کو ساز و سامان فراہم کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی مغفرت کر دے گا ان کی مراد غزوہ تبوک تھا

(حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا:) تو میں نے ان لوگوں کو ساز و سامان فراہم کیا' یہاں تک کہ انہیں رسی اور لگام تک فراہم کئے' تو ان لوگوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم! ایسا ہی ہے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اللہ تو گواہ ہو جا' یہ بات انہوں نے تین مرتبہ کہی۔

ذِكْرُ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ الْهَاشِمِيِّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَقَدْ فَعَلَ

حضرت علی بن ابوطالب بن عبدالمطلب ہاشمی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ کی رضامندی ان پر ہو' اور اس نے ایسا کر لیا ہے (یعنی ان سے راضی ہو گیا)

6921 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ اَبِي لَيْلٰى، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ،

(متن حدیث): اَنَّ فَاطِمَةَ، شَكَتْ مِمَّا تَلْقَى مِنْ اَثَرِ الرَّحَى، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْيٌ، فَانْطَلَقَتْ، فَلَمْ تَجِدْهُ فَوَجَدَتْ عَائِشَةَ فَاَخْبَرَتْهَا، فَلَمَّا جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْهُ عَائِشَةُ، بِمَجِيءِ فَاطِمَةَ، فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْنَا وَقَدْ اَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا فَذَهَبْتُ لِاَقُومَ، فَقَالَ: عَلٰى مَكَانِكُمَا، فَقَعَدَ بَيْنَنَا حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَ قَدَمَيْهِ عَلٰى صَدْرِي، فَقَالَ: اَلَا اُعَلِّمُكُمَا خَيْرًا مِمَّا سَاَلْتُمَانِي، اِذَا اَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا، فَكَبِّرَا اَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ، وَسَبِّحَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتَحَمَّدَا ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، فَهُوَ خَيْرٌ لَكُمَا مِنْ خَادِمٍ

❁❁ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے چکی چلانے کی وجہ سے پیش آنے والی مشکل کی شکایت کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کچھ قیدی آئے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا تشریف لے گئیں ان کی ملاقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ہوئی ان کی ملاقات سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ہوئی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو (اپنی ضرورت کے بارے میں) بتا دیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے' تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے آنے کے بارے میں بتایا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے اس وقت ہم اپنے بستر پر لیٹ چکے تھے میں اٹھنے لگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی جگہ پر رہو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان بیٹھ گئے' یہاں تک کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دونوں قدموں کی ٹھنڈک اپنے سینے پر محسوس کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم دونوں کو اس سے زیادہ بہتر چیز کے بارے میں تعلیم نہ دوں جس کے بارے میں تم نے مجھ سے دریافت کیا ہے: (یعنی جو چیز تم نے مجھ سے مانگی ہے) جب تم بستر پر جایا کرو تو **34** مرتبہ اللہ اکبر، **33** مرتبہ سبحان اللہ، **33** مرتبہ الحمد للہ پڑھ لیا کرو یہ تم دونوں کے لئے خادم ملنے سے زیادہ بہتر ہے۔

6921- إسناده صحيح على شرط الشيخين. غندر: هو محمد بن جعفر والحكم: هو ابن عتيبة، وابن أبي ليلى: هو عبد الرحمن. وأخرجه البخاري "3705" في فضائل الصحابة: باب مناقب علي بن أبي طالب، ومسلم "2727" "80" في الذكر والدعاء: باب التسبيح أول النهار، وعند النوم، عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/136 عن محمد بن جعفر غندر، به. وقد تقدم الحديث برقم "5524" من طريق يحيى بن أبي بكير، عن شعبة.

ذِكْرُ مَا كَانَ يَلْبَسُ عَلِيٌّ وَّفَاطِمَةُ حِينَئِذٍ بِاللَّيْلِ

اس بات کا تذکرہ اس رات حضرت علی رضی اللہ عنہ اور سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کیا لباس پہنا ہوا تھا (یعنی اپنے جسم پر کس طرح کی چادر ڈالی ہوئی تھی)

6922 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ، حَدَّثَنَا اَزْهَرُ السَّمَّانُ، عَنِ ابْنِ عَوْنٍ، عَنِ ابْنِ سِيرِينَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَلِيٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): شَكَتْ لِي فَاطِمَةُ مِنَ الطَّحِينِ، فَقُلْتُ: لَوْ اَتَيْتِ اَبَاكِ فَسَاَلْتِيهِ خَادِمًا، قَالَ: فَاَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ تُصَادِفْهُ، فَرَجَعَتْ مَكَانَهَا، فَلَمَّا جَاءَ اُخْبِرَ، فَاَتَانَا، وَعَلَيْنَا قَطِيفَةٌ اِذَا لَبِسْنَاهَا طُولًا، خَرَجَتْ مِنْهَا جُنُوبُنَا، وَاِذَا لَبِسْنَاهَا عَرْضًا، خَرَجَتْ مِنْهَا اَقْدَامُنَا وَرُءُوسُنَا، قَالَ: يَا فَاطِمَةُ، اُخْبِرْتُ اَنَّكِ جِئْتِ، فَهَلْ كَانَتْ لَكِ حَاجَةٌ؟، قَالَتْ: لَا، قُلْتُ: بَلَى، شَكَتْ اِلَيَّ مِنَ الطَّحِينِ، فَقُلْتُ: لَوْ اَتَيْتِ اَبَاكِ فَسَاَلْتِيهِ خَادِمًا، فَقَالَ: اَفَلَا اَدُلُّكُمَا عَلَى مَا هُوَ خَيْرٌ لَكُمَا مِنْ خَادِمٍ؟ اِذَا اَخَذْتُمَا مَضَاجِعَكُمَا تَقُولَانِ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَاَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ، تَسْبِيحَةً، وَتَحْمِيدَةً، وَتَكْبِيرَةً

✿ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو چکی پینے میں مشکل پیش آتی تھی میں نے کہا: اگر آپ اپنے والد کے پاس جائیں ان سے کوئی خادم مانگ لیں (تو یہ مناسب ہوگا) حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں لیکن ان کی ملاقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ہوئی تو وہ اپنے گھر واپس آ گئیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے ہم نے اپنے اوپر ایک چادر لی ہوئی تھی کہ جب ہم لمبائی کی سمت میں اسے لیتے تھے تو ہمارے پہلو اس سے ظاہر ہو جاتے تھے اور جب ہم چوڑائی کی سمت میں لیتے تھے تو ہمارے پاؤں اور سر ظاہر ہو جاتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے فاطمہ مجھے پتہ چلا کہ تم آئی تھیں کیا تمہیں کوئی کام تھا۔ انہوں نے عرض کی: جی نہیں میں نے کہا: جی ہاں تھا۔ انہوں نے میرے سامنے چکی پینے کی شکایت کی تھی تو میں نے کہا: اگر تم اپنے والد کے پاس جاؤ اور ان سے کوئی خادم مانگ لو (تو یہ مناسب ہوگا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تم دونوں کی رہنمائی اس چیز کی طرف نہ کروں جو تم دونوں کے لئے خادم ملنے سے زیادہ بہتر ہے جب تم بستر پر جاؤ تو **33** مرتبہ سبحان اللہ، **33** مرتبہ الحمد للہ اور **34** مرتبہ اللہ اکبر پڑھ لیا کرو۔

6922- إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابن عون: هو عبد الله بن عون بن أرطبان، وعبيدة: هو ابن عمرو السلماني. وأخرجه الترمذي "3408" في الدعوات: باب ما جاء في التسبيح والتكبير والتحميد عند المنام، والنسائي في "عشرة النساء" "290" عن زياد بن يحيى، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: حسن غريب من حديث ابن عون. وأخرجه الترمذي "3409" عن محمد بن يحيى الذهلي، وعبد الله بن أحمد في زوائده على "المسند" 1/123 عن أحمد بن محمد بن يحيى القطان، كلاهم عن أزهر السمان، به، ورواية الترمذي مختصرة. وانظر ما قبله.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَذَى عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَقْرُوْنٌ بِاَذَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو اذیت دینا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت پہنچانے کے مترادف ہے

6923 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، حَدَّثَنَا مَسْعُوْدُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نِيَارٍ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شَاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ آذَيْتَنِي قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اُحِبُّ اَنْ اُوذِيَكَ، قَالَ: مَنْ آذَى عَلِيًّا فَقَدْ آذَانِي

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذَا هُوَ الْفَضْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْقِلِ بْنِ سِنَانٍ الْاَشْجَعِيُّ نَسَبَهُ ابْنُ اِسْحَاقَ اِلٰى جَدِّهٖ، وَمَسْعُوْدُ بْنُ سَعْدٍ الْجُعْفِيُّ كُوفِيٌّ كُنْيَتُهٗ اَبُوْ سَعْدٍ

6923– إسناده ضعيف، محمد بن إسحاق مدلس وقد عنعن، والفضل بن معقل ترجم له البخارى فى "تاريخه" 7/114، وابن أبى حاتم 7/67، ولم يذكرا فيه جرحا ولا تعديلا، وذكره المؤلف فى "الثقات" 7/317، وقال الحسينى - كما فى "تعجيل المنفعة" فى 334 -: ليس بمشهور، وفى إسناده علة ثالثة فقد قال ابن معين فى "تاريخه" ص 335: حديث عبد الله بن نيار، عن عمرو بن شاس ليس هو بمتصل، لأن عبد الله بن نيار يروى عنه ابن أبى ذئب، أو قال: يروى عنه القاسم بن عباس - شك أبو الفضل - لا يشبه أن يكون رأى عمرو بن شاس. قلت: وأبو بكر: هو ابن أبى شيبة، وهو فى "المصنف" 12/75، ووقع فى المطبوع منه "مسعر بن سعد" بدل مسعود بن سعد، وفيه أيضا: "الفضل بن معقل، عن عبد الله بن معقل، عن عبد الله بن نيار"، وكل هذا تحريف. وأخرجه أحمد بن أبى خيثمة فى "تاريخه"، ومن طريقه ابن عبد البر فى "الاستيعاب" 2/523 عن موسى بن إسماعيل، عن مسعود بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه البزار "2561" من طريق يعقوب بن إبراهيم بن سعد، عن أبيه، عن ابن إسحاق، به. ووقع فيه "الفضل بن معقل بن يسار" وهو خطأ، صوابه: سنان، ثم قال البزار: لا نعلم روى عمرو بن شاس إلا هذا. وعلقه البخارى فى "تاريخه" 6/306 - 307 عن عبد العزيز بن الخطاب، عن مسعود بن سعد، به. إلا أنه زاد فيه بين ابن إسحاق وبين الفضل بن معقل: أبان بن صالح. وأخرجه أحمد فى "المسند" 3/483، وفى "فضائل الصحابة" "981"، وابن أبى خيثمة كما فى "الاستيعاب" 2/522 - 523 من طريق غبراهيم بن سعد، والفسوى فى "المعرفة والتاريخ" 1/329 - 330 من طريق عبد الرحمن بن مغراء، كلاهما عن إسحاق، به، وزاد فيه أبان بن صالح كما عند البخارى، وقد ذكر أحمد والفسوى فى الحديث قصة. وفى الباب عن سعد بن أبى وقاص عند أبى يعلى "770"، والبزار "2526" ولبقطيعى فى زياداته على "فضائل الصحابة" "1078"، وأورده الهيثمى 9/129، وقال: رواه أبو يعلى والبزار باختصار، ورجال أبى يعلى رجال الصحيح، غير محمود بن خداش وقنان، وهما ثقتان. قلت: وقنان، وثقه ابن معين وابن حبان، وقال ابن عدى: عزيز الحديث، وليس يتبين على مقدار ماله ضعف، وقال النسائى: ليس بالقوى، فمثله حسن الحديث، فالسند حسن.

ⓚⓚ حضرت عمرو بن شاس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا تم نے مجھے تکلیف پہنچائی ہے ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! میں یہ بات پسند نہیں کرتا کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی تکلیف پہنچاؤں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے علی کو تکلیف پہنچائی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ راوی فضل بن عبداللہ بن معقل بن سنان اشجعی ہے ابن اسحاق نے اس کی نسبت اس کے دادا کی طرف کردی ہے جبکہ مسعود بن سعد نامی راوی جو کوفی ہے اس کی کنیت ابوسعد ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ مَحَبَّةَ الْمَرْءِ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنَ الْاِيمَانِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے:

آدمی کا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے محبت کرنا ایمان کا حصہ ہے

6924 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ الْجُرْجَرَائِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ:

(متن حدیث): وَالَّذِيْ فَلَقَ الْحَبَّةَ، وَذَرَاَ النَّسَمَةَ، اِنَّهُ لَعَهْدُ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيَّ: اَنَّهُ لَا يُحِبُّنِيْ اِلَّا مُؤْمِنٌ، وَلَا يُبْغِضُنِيْ اِلَّا مُنَافِقٌ

ⓚⓚ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس ذات کی قسم! جس نے دانے کو چیرا آسمان کو پیدا کیا' نبی اُمی نے مجھ سے یہ عہد لیا تھا کہ میرے ساتھ صرف مومن محبت رکھے گا اور میرے ساتھ صرف منافق بغض رکھے گا۔

ذِكْرُ تَسْمِيَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيًّا اَبَا تُرَابٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ''ابوتراب'' کا نام دینا

6924– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن الصباح الجرجرائي، فقد روى له أبو داود وابن ماجة، وهو صدوق، وقد توبع. وأخرجه ابن أبي شيبة 12/56 - 57، وعنه مسلم "78" في الإيمان: باب في الدليل على أن حب الأنصار وعلي من الإيمان وعلاماته، وابن أبي عاصم في "السنة" "1325"، وعبد الله بن أحمد في زوائده على "الفضائل" "1107"، عن أبي معاوية ووكيع بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم أيضا "78"، وابن منده في "الإيمان" "261" عن يحيى بن يحيى، والنسائي في "فضائل الصحابة" "50"، وفي "خصائص علي" "100"، عن محمد بن العلاء، وابن ماجة "114" في المقدمة: باب فضل علي بن أبي طالب، عن علي بن محمد، ثلاثتهم عن معاوية، به. وقرن علي بن محمد في حديثه بأبي معاوية وكيعا. وأخرجه أحمد في "المسند" 1/84 و95 و128، وفي "فضائل الصحابة" "948" و"961"، والحميدي "58"، والترمذي "3736" في المناقب: باب رقم "21"، والنسائي في "المجتبى" 8/115 - 116 في الإيمان: باب علامة الإيمان، و8/117: باب علامة المنافق، وفي "الخصائص" "101" و"102"، وأبو يعلى "291"، وابن منده "261"، والبغوي "3908" و"3909" من طرق عن الأعمش، به. وقال الترمذي: حسن صحيح، وصححه البغوي.

6925 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ خَلِيلٍ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا جَاءَهُ، فَقَالَ: هٰذَا فُلَانٌ - اَمِيرٌ مِّنْ اُمَرَاءِ الْمَدِينَةِ - يَدْعُوكَ لِتَسُبَّ عَلِيًّا عَلَى الْمِنْبَرِ، قَالَ: اَقُولُ مَاذَا؟ قَالَ: تَقُولُ لَهُ: اَبُو تُرَابٍ، فَضَحِكَ سَهْلٌ فَقَالَ: وَاللّٰهِ، مَا سَمَّاهُ اِيَّاهُ اِلَّا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كَانَ لِعَلِيٍّ اسْمٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْهُ، دَخَلَ عَلِيٌّ عَلٰى فَاطِمَةَ، ثُمَّ خَرَجَ، فَاَتٰى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ، فَقَالَ: اَيْنَ ابْنُ عَمِّكِ؟، قَالَتْ: هُوَ ذَا مُضْطَجِعٌ فِي الْمَسْجِدِ، فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدَ رِدَاءَهُ قَدْ سَقَطَ عَنْ ظَهْرِهِ، فَجَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْسَحُ التُّرَابَ عَنْ ظَهْرِهِ، وَيَقُولُ: اجْلِسْ اَبَا تُرَابٍ وَّاللّٰهِ مَا كَانَ اسْمٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْهُ مَا سَمَّاهُ اِيَّاهُ اِلَّا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا: یہ فلاں شخص یعنی مدینہ منورہ کا گورنر اس نے آپ کو بلایا ہے تاکہ آپ منبر پر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو برا کہیں۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: میں کیا کہوں۔ اس نے کہا: آپ نے انہیں ابوتراب کہنا ہے تو حضرت سہل رضی اللہ عنہ ہنس پڑے انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ نام تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھا تھا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ نام سب سے زیادہ محبوب تھا۔ ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے پھر وہ (گھر سے) باہر چلے گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور بولے تمہارے چچازاد کہاں ہیں۔ انہوں نے بتایا: وہ مسجد میں سو رہے ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایسی حالت میں پایا کہ ان کی چادر ان کے پہلو سے ہٹی ہوئی تھی (اور ان کے جسم پر مٹی لگی ہوئی تھی) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی پشت سے مٹی کو پونچھنا شروع کیا اور فرمایا: اے ابوتراب اٹھ جاؤ۔

(حضرت سہل رضی اللہ عنہ نے بتایا:) اللہ کی قسم! حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس سے زیادہ محبوب نام اور کوئی نہیں تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا یہ نام رکھا تھا۔

6925—حديث صحيح، هشام بن عمار قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. أبو حازم: هو سلمة بن دينار. وأخرجه البخاري "441" في الصلاة: باب نوم الرجال في المسجد، و"6280" في الاستئذان: باب القائلة في المسجد، ومسلم "2409" في فضائل الصحابة: باب من فضائل علي بن أبي طالب، عن قتيبة بن سعيد، والبخاري "3703" في فضائل الصحابة: باب مناقب علي بن أبي طالب، عن عبد الله بن مسلمة القعنبي، والطبراني في "الكبير" "5879" من طريق يحيى بن بكير، ثلاثتهم عن عبد العزيز بن أبي حازم، بهذا الإسناد. وبعضهم يزيد في الحديث على بعض، وفي طرقه أن سبب خروج علي من البيت كان لشيء وقع بينه وبين فاطمة رضي الله عنهما فخرج مغاضبا. وأخرجه البخاري "6204" في الأدب: باب التكني بأبي تراب وإن كانت له كنية أخرى، وفي "الأدب المفرد" له "852"، والطبراني "5808" و"5870" و"6010" من طرق عن أبي حازم، به.

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ فِیْ تَاْوِیْلِهٖ جَمَاعَةً لَمْ یُحْكِمُوا صِنَاعَةَ الْعِلْمِ

اس روایت کا تذکرہ جس کی تاویل میں ایک جماعت کو غلط فہمی ہوئی جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتے

6926 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِیْفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیُّ، حَدَّثَنَا یُوْسُفُ بْنُ الْمَاجِشُوْنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ، عَنْ سَعْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِعَلِیٍّ: اَنْتَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰی، قَالَ: فَاَحْبَبْتُ اَنْ اَسْاَلَهٗ سَعْدًا، فَقُلْتُ لَهٗ: اَنْتَ سَمِعْتَ هٰذَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ

❀❀ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تمہاری مجھ سے وہی نسبت ہے جو حضرت ہارون علیہ السلام کی حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ تھی۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے اس بات کو پسند کیا کہ میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے اس بارے میں دریافت کروں میں نے ان سے دریافت کیا: کیا آپ نے یہ بات خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِیْ خَاطَبَ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْقَوْلِ

اس وقت کا تذکرہ جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی تھی

6927 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْیَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ، حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ، عَنْ شُعْبَةَ،

6926– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو الوليد الطيالسي: هو هشام بن عبد الملك، ويوسف بن الماجشون: هو يوسف بن يعقوب بن أبي سلمة الماجشون. وأخرجه مسلم "30""2404" في فضائل الصحابة: باب فضائل عَلِيِّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وأبو يعلى "739"، وابن أبي عاصم في "السنة""1335"، والقطيعي في زوائده على "فضائل الصحابة" لأحمد "1079" من طرق عن يوسف ابن الماجشون بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 1/185، ومسلم "2404" "32"، والترمذي "3724" في المناقب: باب رقم "21"، والنسائي في "الخصائص" "11" و"54"، وابن أبي عاصم "1336" و"1337"، والحاكم3/108- 109 من طريق بكير بن سمار، والطبراني "328" من طريق الزهري، كلاهما عن عامر بن سعد، به. وحديث بكير بن مسمار عندهم مطول، غير أحمد وابن أبي عاصم. وأخرجه عبد الرزاق "9754"، وعنه أحمد في "المسند"1/177، وفي "الفضائل" "956" عن معمر، عن قتادة وعلي بن زيد عن سعيد بن المسيب، عن ابن لسعد بن أبي الوقاص - ولم يسمه - عن أبيه، بنحوه . وأخرجه عبد الرزاق "9745"، وأحمد في "المسند"1/173 و1041 وفي "فضائل الصحابة" "957"، والقطيعي في زياداته عليه "1045" و"1041"، والحميدي "71"، والنسائي في "الخصائص" "44" و "45"و"46" و"47" "48"، وفي "الفضائل" "35" و"36" و"37"، وأبو يعلى "698" و"709" و"738"، وابن أبي عاصم "1342" و"1343" من طرق عن سعيد بن المسيب، عن سعد بن أبي الوقاص، وليس فيه "عامر بن سعد" وبعضهم يزيد في الحديث على بعض. وأخرجه من طرق عن سعد بن أبي الوقاص: أحمد في "المسند"1/175، 184، وفي "الفضائل" "1005" و."1006" والبخاري "3706" في فضائل الصحابة: باب مناقب علي بن أبي طالب، ومسلم "2404"، والنسائي في "الخصائص" "52"و"53"و"55"و"57"و"58"و"59"و"60"و"61"، وابن ماجة "115" و"121" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأبو يعلى. "718" وقد تقدم الحديث برقم "6643" من طريق المنهال بن عمرو، عن عامر بن سعد.

عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَلَّفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِیْ غَزْوَةِ تَبُوكَ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، تُخَلِّفُنِیْ فِی النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ؟ فَقَالَ: اَمَا تَرْضٰى اَنْ تَكُوْنَ مِنِّیْ بِمَنْزِلَةِ هَارُوْنَ مِنْ مُوْسٰى اِلَّا اَنَّهُ لَا نَبِيَّ بَعْدِیْ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ تبوک کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے مدینہ منورہ کا (نگران) مقرر کیا' تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے پیچھے بچوں اور خواتین میں چھوڑ کر جا رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تمہاری مجھ سے وہی نسبت ہو جو حضرت ہارون علیہ السلام کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے تھی البتہ یہ ہے: میرے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا ذُنُوْبَ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اللہ تعالیٰ کا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے ذنوب کی مغفرت کرنے کا تذکرہ

6928 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، اَخْبَرَنِیْ عَلِيُّ بْنُ صَالِحٍ الْهَمْدَانِيُّ، حنْ اَبِیْ اِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا عَلِيُّ، اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ اِذَا قُلْتَهُنَّ، غُفِرَ لَكَ، مَعَ اَنَّهُ مَغْفُوْرٌ لَكَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے علی! کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھاؤں کہ جب تم انہیں پڑھ لو گے تو تمہاری مغفرت ہو جائے گی باوجود یکہ وہ تمہارے لیے مغفور ہو۔ (وہ کلمات یہ ہیں)

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' جو بلند و برتر اور عظیم ہے اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' جو بردبار اور حلیم ہے اللہ کی ذات ہر عیب سے پاک ہے' جو سات آسمانوں اور عظیم عرش کا پروردگار ہے اور ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ

6927– إسناده صحيح على شرط الشيخين. غندر: هو محمد بن جعفر، والحكم: هو ابن عتيبة، وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 12/60 و14/545، وعنه مسلم في "صحيحه" "31" "2404" في فضائل الصحابة: باب فضائل عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ. وأخرجه أحمد في "المسند" 1/182 - 183، وفي "فضائل الصحابة" "960"، ومسلم "31" "2404"، والنسائي في "فضائل الصحابة" "38"، وفي "الخصائص" "56"، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار" 2/309 من طرق عن محمد بن جعفر غندر، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "4416" في المغازي: باب غزوة تبوك، وعنه البغوي "3907" من طريق يحيى بن سعيد القطان، ومسلم "2404" من طريق معاذ بن معاذ، كلاهما عن شعبة، به. وأخرجه أبو داود الطيالسي "209"، ومن طريقه البيهقي في "السنن" 9/40، وفي "دلائل النبوة" 5/220 عن شعبة، به. وعلقه البخاري عنه بإثر الحديث. "4416" وانظر ما قبله.

کے لئے مخصوص ہے' جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ نَاصِرٌ لِمَنِ انْتَصَرَ بِهِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ بَعْدَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ اس شخص کے مددگار ہیں جو مسلمان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ان سے مدد مانگے

6929 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، قَالَ:

6928–حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير عبد الله بن سلمة وهو المرادى فقد روى له أصحاب السنن، ووثقه المؤلف، والعجلى ويعقوب بن شيبة، وقال البخارى: لا يتابع على حديثه، وقال أبو حاتم: تعرف وتنكر، وقال ابن عدى: أرجو أنه لا بأس به، وقال الحافظ فى "التقريب": صدوق تغير حفظه. قلت: وقد توبع. وأخرجه أحمد 1/92، والنسائى فى "اليوم والليلة" "638"، وفى "الخصائص" "25"و"26"، وفى النعوت كما فى "التحفة 7/409"، وابن أبى عاصم فى "السنة" "1315" و"1316"، وعبد الله بن حميد فى "المنتخب" "74"، والطبرانى فى "الصغير" "350"، والدارقطنى فى "العلل" 4/10 من طرق عن على بن صالح، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائى فى "اليوم والليلة" "639" من طريق يوسف بن إسحاق بن أبى إسحاق، وابن أبى عاصم "1317" من طريق نصير بن أبى الأشعث، كلاهما عن أبى إسحاق، به. وأخرجه أحمد فى "المسند" 1/158، وفى "الفضائل" "1216"، والنسائى فى "اليوم والليلة" "637"، وفى النعوت كما فى "التحفة" 7/423، وفى "الخصائص" "28" و"29"، وابن أبى عاصم "1314"، والحاكم 3/138 من طريق إسرائيل، والدارقطنى فى "العلل" 4/9 - 10 من طريق سفيان الثورى كلاهما عن أبى إسحاق، عن عبد الرحمن بن أبى ليلى، عن على، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى، ولم يقل الثورى فى حديثه: "مع أنه مغفور لك." وأخرجه الترمذى "3504" فى الدعوات: باب رقم "81"، والنسائى فى "اليوم والليلة" "640"، وفى "الخصائص" "30"، والقطيعى فى زوائده على "الفضائل" "1053" والطبرانى فى "الصغير" "763" من طريق الحسين بن واقد، عن أبى إسحاق، عن الحارث بن الأعور، عن على. وفيه: "وإن كنت مغفورا لك"، وقال الترمذى: هذا حديث غريب لا نعرفه إلا من هذا الوجه من حديث أبى إسحاق، عن الحارث، عن على، وقال النسائى فى "الخصائص": أبو إسحاق لم يسمع من الحارث إلا أربعة أحاديث ليس هذا منهما وإنما أخرجناه لمخالفة الحسين بن واقد لإسرائيل ولعلى بن صالح والحارث بن الأعور ليس بذاك فى الحديث، وقال الدارقطنى فى "العلل 4/9": وحديث الحسين بن واقد وهم. وأخرجه النسائى فى "اليوم والليلة" "636"، وفى "الخصائص" "27" من طريق أحمد بن خالد، عن إسرائيل، عن أبى إسحاق، عن عمرو بن مرة، عن عبد الرحمن بن أبى ليلى، عن على قال: كلمات الفرج: لا إله غلا الله ... فذكره موقوفا عليه.

6929–إسناده قوى، الحسن بن عمر بن شقيق صدوق روى له البخارى، ومن فوقه من رجال الشيخين غير جعفر بن سليمان، فمن رجال مسلم، وهو صدوق. يزيد الرشك: هو يزيد بن أبى يزيد. وأخرجه الطيالسى "829"، وأحمد فى "المسند" 4/437 - 438 وفى "الفضائل" "1035"، والقطيعى فى زوائده عليه "1060"، والترمذى والنسائى فى "فضائل الصحابة" "43"، وفى "الخصائص" "89"، وابن عدى فى "الكامل" 2/568 - 569، والحاكم 3/110 - 111 من طرق عن جعفر بن سليمان الضبعى، بهذا الإسناد. ورواية النسائى فى "الفضائل" مختصرة بالمرفوع فقط، وقال الترمذى: هذا حديث حسن غريب لا نعرفه إلا من حديث جعفر بن سليمان، وصححه الحاكم على شرط مسلم، وسكت عنه الذهبى.

(متنِ حدیث): بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَرِيَّةً، وَاسْتَعْمَلَ عَلَيْهِمْ عَلِيًّا، قَالَ: فَمَضَى عَلِيٌّ فِي السَّرِيَّةِ، فَاَصَابَ جَارِيَةً، فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عَلَيْهِ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوْا: اِذَا لَقِينَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْنَاهُ بِمَا صَنَعَ عَلِيٌّ، قَالَ عِمْرَانُ: وَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ اِذَا قَدِمُوا مِنْ سَفَرٍ بَدَؤُوْا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَلَّمُوا عَلَيْهِ وَنَظَرُوْا اِلَيْهِ، ثُمَّ يَنْصَرِفُوْنَ اِلٰى رِحَالِهِمْ، فَلَمَّا قَدِمَتِ السَّرِيَّةُ سَلَّمُوا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ اَحَدُ الْاَرْبَعَةِ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَمْ تَرَ اَنَّ عَلِيًّا صَنَعَ كَذَا وَكَذَا، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ قَامَ اٰخَرُ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَمْ تَرَ اَنَّ عَلِيًّا صَنَعَ كَذَا وَكَذَا، فَاَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ قَامَ اٰخَرُ فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اَلَمْ تَرَ اَنَّ عَلِيًّا صَنَعَ كَذَا وَكَذَا، فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْغَضَبُ يُعْرَفُ فِيْ وَجْهِهِ، فَقَالَ: مَا تُرِيْدُوْنَ مِنْ عَلِيٍّ - ثَلَاثًا - اِنَّ عَلِيًّا مِنِّي وَاَنَا مِنْهُ، وَهُوَ وَلِيُّ كُلِّ مُؤْمِنٍ بَعْدِي

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنگی مہم روانہ کی ان کا امیر حضرت علی رضی اللہ عنہ کو مقرر کیا۔ راوی کہتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ اس مہم میں تشریف لے گئے انہوں نے ایک کنیز کے ساتھ صحبت کرلی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے ان کی اس حرکت کو غلط قرار دیا انہوں نے یہ کہا: جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے تو ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتائیں گے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسا کیا ہے۔ حضرت عمران رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مسلمان جب کسی سفر سے واپس آتے تھے' تو وہ سب سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرتے تھے پھر اپنی رہائش گاہوں کی طرف واپس جاتے تھے جب وہ مہم واپس آئی تو انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا ان چار افراد میں سے ایک شخص کھڑا ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ملاحظہ نہیں فرمائی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسا ایسا کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منہ پھیر لیا پھر دوسرے صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ملاحظہ نہیں فرمائی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسا ایسا کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے بھی منہ پھیر لیا پھر ایک اور صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ملاحظہ نہیں فرمایا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایسا ایسا کیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی طرف متوجہ ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پہ غصے کے آثار نمایاں تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ علی کے بارے میں کیا چاہتے ہو؟ یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین مرتبہ فرمائی: بے شک علی مجھ سے ہے اور میں علی سے ہوں اور وہ میرے بعد ہر مومن کا محبوب ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ نَاصِرَ كُلِّ مَنْ نَاصَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ ہر اس شخص کے مددگار ہیں جس کے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مددگار تھے

6930 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَاهِرِ بْنِ اَبِي الدُّمَيْكِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ كُنْتُ وَلِيُّهُ، فَعَلِيٌّ وَلِيُّهُ

حضرت ابن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں جس کا ولی ہوں علی بھی اس کا ولی ہے۔''

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْوَلَايَةِ لِمَنْ وَالٰى عَلِيًّا، وَالْمُعَادَاةِ لِمَنْ عَادَاهُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شخص کے لیے محبت کی دعا کرنا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے محبت رکھتا ہو اور اس شخص کے لیے دشمنی کی دعا کرنا جو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دشمنی رکھتا ہو

6931 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ، وَيَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَا: حَدَّثَنَا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ عَلِيٌّ: اَنْشُدُ اللّٰهَ كُلَّ امْرِءٍ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَوْمَ غَدِيرِ

6930- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن زياد، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 5/350، وابن أبي شيبة 12/57، والنسائي في "الفضائل" "41"، وفي "الخصائص" "80"، وابن أبي عاصم "1354"، والبزار "2535" من طريق أبي معاوية، بهذا الإسناد. وقرن ابن أبي شيبة وعنه ابن أبي عاصم - بأبي معاوية وكيعا، وبعضهم يذكر فيه قصة. وأخرجه أحمد في "المسند" 5/358 و361، وفي "الفضائل" "947" و"1177"، والحاكم 2/130 من طريق وكيع، والحاكم أيضا 2/129 - 130 من طريق أبي عوانة، كلاهما عن الأعمش، به. وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبي. وأخرجه بنحوه أحمد في "المسند" 5/347، وفي "الفضائل" "989"، وابن أبي شيبة 12/83، والنسائي في "الفضائل" "42"، وفي "الخصائص" "81" و"82"، والبزار "2533" و"2534"، والحاكم 3/110 من طريق سعيد بن جبير، عن ابن عباس، عن بريدة الأسلمي، وصححه الحاكم على شرط مسلم، وأقره الذهبي.

خُمٍّ لَمَّا قَامَ، فَقَامَ أُنَاسٌ فَشَهِدُوا أَنَّهُمْ سَمِعُوهُ، يَقُولُ: أَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ أَنِّي أَوْلَى النَّاسِ بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ؟ قَالُوا: بَلَى يَارَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: مَنْ كُنْتُ مَوْلَاهُ، فَإِنَّ هٰذَا مَوْلَاهُ، اللَّهُمَّ وَالِ مَنْ وَالَاهُ، وَعَادِ مَنْ عَادَاهُ، فَخَرَجْتُ وَفِي نَفْسِي مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ، فَلَقِيتُ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ: قَدْ سَمِعْنَاهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ذٰلِكَ لَهُ.

قَالَ أَبُو نُعَيْمٍ: فَقُلْتُ لِفِطْرٍ كَمْ بَيْنَ هٰذَا الْقَوْمِ وَبَيْنَ مَوْتِهِ؟ قَالَ: مِائَةُ يَوْمٍ.

(توضیح مصنف):قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: يُرِيدُ بِهِ مَوْتَ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

ابوطفیل بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: ہر وہ شخص جس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی غدیرخم کے دن یہ بات سنی ہو میں اسے اللہ کا واسطہ دے کر یہ کہتا ہوں وہ کھڑا ہو جائے' تو کچھ لوگ کھڑے ہوئے اور انہوں نے اس بات کی گواہی دی کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم لوگ یہ بات نہیں جانتے کہ میں اہل ایمان کے نزدیک ان کی اپنی جانوں سے بھی زیادہ پیارا ہوں۔ ان لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تو میں جس کا محبوب ہوں یہ (یعنی علی) بھی اس کا محبوب ہے اے اللہ تو اُس سے محبت رکھ جو اس سے محبت رکھتا ہو اور تو اُس سے دشمنی رکھ جو اس سے دشمنی رکھتا ہو۔

راوی کہتے ہیں: میں وہاں سے لوٹ کر آیا' تو میرے ذہن میں اس حوالے سے کچھ الجھن تھی میری ملاقات حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے ان کے سامنے یہ بات ذکر کی تو انہوں نے بتایا: میں نے بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

ابونعیم نامی راوی کہتے ہیں: میں نے فطر نامی راوی سے دریافت کیا: ان لوگوں اور ان کی موت کے درمیان اتنا فاصلہ ہے' تو

6931–إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير فطر بن خليفة وهو صدوق، روى له البخاري حديثا واحدا مقرونا بغيره، واحتج بن أصحاب السنن .أبو نعيم: هو الفضل بن دكين، وأبو الطفيل: هو عامر بن واثلة، صحابي صغير .وأخرجه أحمد في "المسند" 4/370، وفي "الفضائل" "1167" عن حسين بن محمد وأبي نعيم، بهذا الإسناد، ولم يذكر في "الفضائل" حديث زيد بن أرقم.وأخرجه النسائي في "الخصائص"93""، وابنُ أَبي عاصم في "السنة" "1376" من طرقٍ عن فطر بن خليفة، به، ورواية ابن أبي عاصم مختصرة . وأخرجه بنحوه من حديث زيد بن أرقم النسائي في "الخصائص" "79"، وفي "الفضائل" "45"، والبزار "2538"، والطبراني "4969"، والحاكم3/109 من طريق حبيب بن أبي ثابت، عن أبي الطفيل، عن زيد بن أرقم، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، وأقره الذهبي. وأخرجه مختصرا الترمذي "3713" في المناقب: باب مناقب علي بن أبي طالب، من طريق شعبة، عن سلمة بن كهيل، قال: سمعت أبا الطفيل يحدث عن أبي سريحة أو زيد بن أرقم شك شعبة - عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "من كنت مولاه فعلي مولاه." وقال: هذا حديث حسن صحيح . وفي الباب عن البراء بن عازب عند أحمد في "المسند" 1/281، و"الفضائل" "1042"، وابن أبي عاصم في "السنة". "1363" وعن علي عند أحمد 1/84 و118 و119 و152 و5/366 و419، وابن أبي عاصم "1361" و"1367" و"1370"، والطبراني "4052" و. "4053" وعن أبي أيوب الأنصاري، وجابر بن عبد الله، وابن عمر، وطلحة، وحبشي بن جنادة، وسعد بن أبي وقاص عند ابن أبي عاصم "1355" و"1356" و"1357" و"1358" و"1360" و. "1376" وعن اثني عشر رجلا من الصحابة عند أحمد1/119، وابن أبي عاصم. "1373"

انہوں نے جواب دیا: ایک سو دن کا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان کی مراد حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی وفات تھی۔

ذِكْرُ فَتْحِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا خَيْبَرَ عَلٰى يَدَىْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

اللہ تعالیٰ کا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں خیبر فتح کرنے کا تذکرہ

6932 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ غَدًا رَجُلًا يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلٰى يَدَيْهِ، قَالَ: فَبَاتَ النَّاسُ لَيْلَتَهُمْ اَيُّهُمْ يُعْطَاهَا، فَلَمَّا اَصْبَحَ النَّاسُ غَدَوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كُلُّهُمْ يَرْجُو اَنْ يُعْطَاهَا، فَقَالَ: اَيْنَ عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ؟ قَالُوْا: تَشْتَكِىْ عَيْنَاهُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاَرْسِلُوْا اِلَيْهِ، فَلَمَّا جَاءَ بَصَقَ فِىْ عَيْنَيْهِ وَدَعَا لَهُ، فَبَرَاَ حَتّٰى كَاَنْ لَمْ يَكُنْ بِهٖ وَجَعٌ وَّاَعْطَاهُ الرَّايَةَ، فَقَالَ عَلِيٌّ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اُقَاتِلُهُمْ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مِثْلَنَا؟ قَالَ: انْفُذْ عَلٰى رِسْلِكَ حَتّٰى تَنْزِلَ بِسَاحَتِهِمْ، ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ، وَاَخْبِرْهُمْ بِمَا يَجِبُ عَلَيْهِمْ مِنْ حَقِّ اللّٰهِ فِيْهِ، فَوَاللّٰهِ لَاَنْ يَهْدِىَ اللّٰهُ بِكَ رَجُلًا وَاحِدًا خَيْرٌ لَكَ مِنْ اَنْ يَكُوْنَ لَكَ حُمْرُ النَّعَمِ

❀❀ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کل میں جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا‘ جس کے ہاتھ پر اللہ تعالیٰ فتح نصیب کرے گا۔ راوی کہتے ہیں: تو وہ ساری رات لوگ جاگ کر گزارتے رہے کہ ان میں سے کسے وہ دیا جاتا ہے۔ اگلے دن صبح لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان میں سے ہر شخص اس بات کا آرزومند تھا کہ وہ جھنڈا اسے دیا جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: علی بن ابوطالب کہاں ہے۔ لوگوں نے عرض کی: ان کی آنکھیں دکھنے آئی ہوئی ہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے بلواؤ جب وہ تشریف لائے‘ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی آنکھوں پر لعاب دہن ڈالا

6932– إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو حازم: هو سلمة بن دينار. وأخرجه البخاري "3701" في فضائل الصحابة: باب مناقب علي بن أبي طالب، ومسلم "2406" في فضائل الصحابة: باب من فضائل علي بن أبي طالب، عن قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه سعيد بن منصور في "سننه" "2473"، والبخاري "2942" في الجهاد: باب دعاء النبي صلى الله عليه وسلم إلى الإسلام والنبوة، وأبو داود "3661" في العلم: باب فضل نشر العلم، والطبراني "5877"، والبيهقي 9/106 - 107 من طرق عن عبد العزيز بن أبي حازم، به. ورواية أبي داود مختصرة بالمرفوع منه "والله لأن يهدي الله ... ." وأخرجه أحمد في "المسند" 5/333، وفي "الفضائل" "1037"، وسعيد بن منصور "2472"، والبخاري "3009"، في الجهاد: باب فضل من أسلم على يديه رجل، و"4210" في المغازي: باب غزوة خيبر، ومسلم "2406"، وسعيد بن منصور في "سننه" "2482"، والنسائي في "الفضائل" "46"، وفي "الخصائص" "17"، وفي السير كما في "التحفة" 4/125، والطبراني "5991"، والطحاوي 3/207، والبغوي "3906"، وأبو نعيم في "الحلية" 1/62 من طريق يعقوب بن عبد الرحمن، عن أبي حازم، به. ورواية الطحاوي مختصرة. وأخرجه بنحوه الطبراني "5950" من طريق فضيل بن سليمان، عن أبي حازم، به.

اوران کے لیے دعا کی تو وہ ٹھیک ہو گئے یوں جیسے انہیں کبھی کوئی تکلیف تھی ہی نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے جھنڈا انہیں عطا کیا' تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں ان کے ساتھ اس وقت تک لڑتا رہوں جب تک وہ ہماری مانند (مسلمان) نہیں ہو جاتے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم ٹھہرو پہلے تم ان کے میدان میں اترو پھر انہیں اسلام کی دعوت دو انہیں یہ بتاؤ کہ اس بارے میں اللہ تعالیٰ کا کون سا حق ان کے ذمے لازم ہے اللہ کی قسم! اگر اللہ تعالیٰ تمہاری وجہ سے کسی ایک شخص کو بھی ہدایت نصیب کر دے تو یہ چیز تمہارے لیے اس سے زیادہ بہتر ہے کہ تمہیں سرخ اونٹ مل جائیں۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ مَحَبَّةِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا اللہ اور اس کے رسول سے محبت کرنے کے اثبات کا تذکرہ

6933 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، عَنْ اَبِيْ مُنَيْنٍ يَزِيْدَ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَاَدْفَعَنَّ الرَّايَةَ الْيَوْمَ اِلٰى رَجُلٍ يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَتَطَاوَلَ الْقَوْمُ، فَقَالَ: اَيْنَ عَلِيٌّ؟ فَقَالُوْا: يَشْتَكِيْ عَيْنَهُ فَدَعَاهُ، فَبَزَقَ فِيْ كَفَّيْهِ، وَمَسَحَ بِهِمَا عَيْنَ عَلِيٍّ، ثُمَّ دَفَعَ اِلَيْهِ الرَّايَةَ، فَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''آج میں جھنڈا اس شخص کو دوں گا' جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے' تو لوگ بڑھ چڑھ کر دیکھنے لگے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: علی کہاں ہے۔ لوگوں نے بتایا: ان کی آنکھیں دکھنے آئی ہوئی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں بلایا اپنا لعاب دہن اپنی ہتھیلی پر ڈالا اور ان ہتھیلیوں کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی آنکھوں پر پھیر دیا پھر آپ ﷺ نے انہیں جھنڈا دیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے ہاتھوں فتح نصیب کی۔''

ذِكْرُ وَصْفِ مَا كَانَ يُقَاتِلُ عَلَيْهِ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قُدَّامَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کا تذکرہ' نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کس بنیاد پر (کن اصولوں کے مطابق) جنگ میں حصہ لیا

6934 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ يَوْمَ خَيْبَرَ: لَاَدْفَعَنَّ الْيَوْمَ اللِّوَاءَ اِلٰى رَجُلٍ

6933– إسناده قوي على شرط مسلم. أبو حازم: هو سلمان الأشجعي. وهو في "مصنف ابن أبي شيبة". 12/69.

يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ يَفْتَحُ اللّٰهُ عَلَيْهِ ، قَالَ عُمَرُ: فَمَا اَحْبَبْتُ الْإِمَارَةَ اِلَّا يَوْمَئِذٍ، فَتَطَاوَلْتُ لَهَا، فَقَالَ لِعَلِيٍّ: قُمْ فَدَفَعَ اللِّوَاءَ اِلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: اذْهَبْ وَلَا تَلْتَفِتْ حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكَ فَمَشٰى هُنَيْهَةً، ثُمَّ قَامَ وَلَمْ يَلْتَفِتْ لِلْعَزْمَةِ، فَقَالَ: عَلٰى مَا اُقَاتِلُ النَّاسَ؟ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَاتِلْهُمْ حَتّٰى يَشْهَدُوْا اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوهَا فَقَدْ عَصَمُوا دِمَاءَهُمْ، وَاَمْوَالَهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوۂ خیبر کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آج میں جھنڈا ایسے شخص کو دوں گا' جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے فتح نصیب کرے گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے صرف اسی دن امیر بننے کی خواہش کی میں اس کے لیے منتظر رہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم اٹھو پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ جھنڈا ان کے سپرد کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم جاؤ اور ادھر ادھر متوجہ نہ ہونا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تمہیں فتح نصیب کردے وہ تھوڑی ہی دور گئے تھے پھر ٹھہر گئے انہوں نے ادھر ادھر نہیں دیکھا اور دریافت کیا: میں کس بنیاد پر لوگوں کے ساتھ لڑائی کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان کے ساتھ لڑائی کرو' یہاں تک کہ وہ اس بات کی گواہی دیں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے' جب وہ یہ کلمہ پڑھ لیں گے تو وہ اپنی جانوں اور اپنے مالوں کو محفوظ کرلیں گے' البتہ ان کے حق کا معاملہ مختلف ہے ان کا حساب اللہ کے ذمے ہوگا۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ مَحَبَّةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَرَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَقَدْ فَعَلَ

اللہ تعالیٰ کا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ سے محبت کرنے کے اثبات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو اور اس نے ایسا کرلیا ہے

6935 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا اِلٰى خَيْبَرَ، وَكَانَ عَمِّيْ عَامِرٌ يَرْتَجِزُ بِالْقَوْمِ وَهُوَ يَقُوْلُ:

6934– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح، غير إبراهيم بن الحجاج السامين فقد روى له النسائي، وهو ثقة. وأخرجه القطيعي في زوائده على طفضائل الصحابة" لأحمد "1056" عن جعفر بن محمد بن الحسن الفريابي، عن إبراهيم بن الحجاج السامين بهذا الإسناد. وأخرجه في "الفضائل" "1031"، والقطيعي فيه "1844"، وابنُ أبي عاصم في "السنة" "1377" من طرقٍ عن حماد بن سلمة، به، وبعضهم يزيد فيه على بعض. وأخرجه أحمد في "المسند" 2/384-385، وفي "الفضائل" "1030"، وابن سعد 2/110، والطيالسي "2441"، ومسلم "2405"، في "فضائل الصحابة": باب فضائل علي بن أبي طالب، وسعيد بن منصور في "سننه" "2474" والنسائي في "الخصائص" "19" و"20" و"21"، وابن أبي عاصم "1378"، والقطيعي "1122" من طرق عن سهيل بن أبي صالح، به.

وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا . . . وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

وَنَحْنُ عَنْ فَضْلِكَ مَا اسْتَغْنَيْنَا ... فَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَيْنَا

وَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ هٰذَا ؟ قَالُوْا: عَامِرٌ، قَالَ: غَفَرَ لَكَ رَبُّكَ يَا عَامِرُ ، وَمَا اسْتَغْفَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ خَصَّهُ اِلَّا اسْتُشْهِدَ، قَالَ عُمَرُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، لَوْ مَتَّعْتَنَا بِعَامِرٍ ، فَلَمَّا قَدِمْنَا خَيْبَرَ، خَرَجَ مَرْحَبٌ يَخْطِرُ بِسَيْفِهِ، وَهُوَ مَلِكُهُمْ، وَهُوَ يَقُوْلُ:

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ اَنِّي مَرْحَبُ شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ

اِذَا الْحُرُوْبُ اَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ فَنَزَلَ عَامِرٌ، فَقَالَ:

قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ اَنِّي عَامِرُ شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُغَامِرُ

فَاخْتَلَفَا ضَرْبَتَيْنِ فَوَقَعَ سَيْفُ مَرْحَبٍ فِيْ فَرَسِ عَامِرٍ فَذَهَبَ لِيَسْفُلَ لَهُ فَرَجَعَ سَيْفُهُ عَلٰى نَفْسِهِ، فَقَطَعَ اَكْحَلَهُ، فَكَانَتْ مِنْهَا نَفْسُهُ، وَاِذَا نَفَرٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُوْنَ: بَطَلَ عَمَلُ عَامِرٍ، قَتَلَ نَفْسَهُ، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَبْكِي، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، بَطَلَ عَمَلُ عَامِرٍ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ هٰذَا؟ ، قَالَ: قُلْتُ: نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِكَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ لَهُ اَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ اَرْسَلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ، فَاَتَيْتُهُ وَهُوَ اَرْمَدُ، فَقَالَ: لَاُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ الْيَوْمَ رَجُلًا يُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ وَيُحِبُّهُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ، فَجِئْتُ بِهِ اَقُوْدُهُ وَهُوَ اَرْمَدُ حَتّٰى اَتَيْتُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَبَصَقَ فِيْ عَيْنِهِ، فَبَرَاَ، وَاَعْطَاهُ الرَّايَةَ وَخَرَجَ مَرْحَبٌ، فَقَالَ: قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ اَنِّي مَرْحَبُ... شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ اِذَا الْحُرُوْبُ اَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ

فَقَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ:

اَنَا الَّذِيْ سَمَّتْنِيْ اُمِّيْ حَيْدَرَهْ كَلَيْثِ غَابَاتٍ كَرِيْهِ الْمَنْظَرَهْ

اُوْفِيْهِمُ بِالصَّاعِ كَيْلَ السَّنْدَرَهْ

قَالَ: فَضَرَبَهُ فَفَلَقَ رَاْسَ مَرْحَبٍ، فَقَتَلَهُ، وَكَانَ الْفَتْحُ عَلٰى يَدَيْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ.

(توضیح مصنف):قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰكَذَا اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ: فِيْ فَرَسِ عَامِرٍ وَاِنَّمَا هُوَ فِيْ تُرْسِ عَامِرٍ

6935– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير عكرمة بن عمار فمن رجال مسلم، وهو حسن الحديث. وأخرجه الطبراني في "الكبير" "62443"، والقطيعي في زوائده على "الفضائل" "1094" عن أبي خليفة الفضل بن الحباب، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو عوانة في "مسنده" 4/283 - 285 عن أبي داود الحراني، عن أبي الوليد الطيالسي، به . وأخرجه بنحوه أحمد في "المسند" 4/51 - 52، وفي "الفضائل" "1036"، وابن سعد 2/110 - 112، وابن أبي شيبة 14/458 - 460، ومسلم "1807" في الجهاد: باب غزوة ذي قرد وغيرها، وأبو عوانة 4/261 - 264 و276 - 278 من طرق عن عكرمة بن عمار، به . وانظر الحديث رقم "3196".

۞۞ ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ خیبر کی طرف روانہ ہوئے میرے چچا حضرت عامر رضی اللہ عنہ لوگوں کو رجز پڑھا کر سنا رہے تھے وہ یہ پڑھ رہے تھے۔

''اللہ کی قسم! اگر اللہ تعالیٰ نہ ہوتا تو ہم ہدایت حاصل نہ کرتے ہم صدقہ نہ کرتے اور ہم نماز نہ پڑھتے اور ہم تیرے فضل سے بے نیاز نہیں ہو سکتے جب ہمارا (دشمن سے) سامنا ہو تو ہمیں ثابت قدم رکھنا اور ہم پر سکینت نازل کرنا۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ کون شخص ہے۔ لوگوں نے بتایا: یہ عامر ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عامر تمہارا پروردگار تمہاری مغفرت کرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی بطور خاص کسی شخص کے لئے دعاء مغفرت کرتے تھے' تو وہ شخص شہید ہو جاتا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں عامر کے ذریعے نفع حاصل کرنے دیتے (یعنی ان کے زندہ رہنے کی دعا دیتے) تو بہتر تھا۔ (راوی کہتے ہیں:) جب ہم خیبر آ گئے' تو مرحب اپنی تلوار لہراتا ہوا نکلا وہ ان کا بادشاہ تھا وہ یہ کہہ رہا تھا۔

''خیبر یہ بات جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں میں ہتھیار لہراتا ہوں اور تجربہ کار بہادر ہوں' اس وقت جب جنگ بھڑک اٹھتی ہے۔''

تو حضرت عامر رضی اللہ عنہ میدان میں اترے اور انہوں نے کہا۔

''خیبر یہ بات جانتا ہے کہ میں عامر ہوں میں ہتھیار اٹھائے ہوئے تجربہ کار بہادر ہوں۔

ان دونوں نے ایک دوسرے پر حملہ کیا' تو مرحب کی تلوار حضرت عامر رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کو لگی پھر وہ بے قابو ہوا' تو ان کی تلوار پلٹ کر انہیں ہی لگ گئی اس تلوار نے ان کی رگ کو کاٹ دیا اسی وجہ سے ان کا انتقال ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ کہا: عامر کا عمل باطل ہو گیا' کیونکہ اس نے خودکشی کی ہے میں روتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! حضرت عامر رضی اللہ عنہ کا عمل باطل ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کس نے یہ کہا ہے۔ میں نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے کچھ لوگ کہہ رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ اسے دو مرتبہ اجر ملے گا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی طرف بھیجا میں ان کے پاس آیا' تو ان کی آنکھیں دکھنے آئی ہوئی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج میں جھنڈا اس شخص کو دوں گا' جو اللہ اور اس کے رسول سے محبت رکھتا ہے اور اللہ اور اس کے رسول اس سے محبت رکھتے ہیں۔ میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ہاتھ پکڑ کر ساتھ لایا ان کی آنکھیں دکھنے آئی ہوئی تھیں میں انہیں لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب دہن انہیں لگایا تو وہ ٹھیک ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں جھنڈا عطا کیا پھر مرحب نکلا اور پھر اس نے یہی شعر پڑھا۔

''خیبر یہ بات جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں ہتھیار لہرائے ہوئے ہوں اور تجربہ کار جنگ جو ہوں اس وقت جب جنگ کی بھٹی بھڑک اٹھتی ہے۔''

تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا۔

''میں وہ شخص ہوں جس کی ماں نے اس کا نام حیدر رکھا ہے جو جنگل کے شیر کی طرح ہے جسے دیکھنے سے ڈر لگتا ہے میں سندرہ (یعنی ماپنے کے بڑے برتن) کے ذریعے ماپ کر پورا صاع دیتا ہوں (یعنی دشمنوں بڑی تیزی سے قتل کر دیتا ہوں)''

راوی کہتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس پر وار کر کے مرحب کا سر چیر کر اسے مار دیا تو فتح حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں نصیب ہوئی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوخلیفہ نے یہ الفاظ اسی طرح نقل کئے ہیں کہ حضرت عامر رضی اللہ عنہ کے گھوڑے پر وار کیا حالانکہ اصل یہ ہے حضرت عامر رضی اللہ عنہ کی ڈھال پر وار کیا۔

ذِكْرُ وَصْفِ خُرُوْجِ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِرَايَتِهِ اِلٰى اَعْدَاءِ اللّٰهِ الْكَفَرَةِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا جھنڈے کو لے کر اللہ کے دشمن کافروں کی طرف نکلنے کی صفت کا تذکرہ

6936 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِىْ اِسْحَاقَ، عَنْ هُبَيْرَةَ بْنِ يَرِيْمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ، قَامَ، فَخَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ: يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ، لَقَدْ فَارَقَكُمْ اَمْسِ رَجُلٌ مَا سَبَقَهُ وَلَا يُدْرِكُهُ الْاٰخِرُوْنَ، لَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُهُ الْمَبْعَثَ، فَيُعْطِيْهِ الرَّايَةَ، فَمَا يَرْجِعُ حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، جِبْرِيْلُ عَنْ يَّمِيْنِهِ، وَمِيْكَائِيْلُ عَنْ شِمَالِهِ، مَا تَرَكَ بَيْضَاءَ وَلَا صَفْرَاءَ اِلَّا سَبْعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَضَلَتْ مِنْ عَطَائِهِ، اَرَادَ اَنْ يَّشْتَرِيَ بِهَا خَادِمًا

6936- رجاله ثقات رجال الشيخين، غير هبيرة بن يريم، فقد روى له أصحاب السنن، ولم يرو عنه غير ابى إسحاق وأبى فاختة، وثقه المؤلف، وقال أحمد: لا بأس به، وقال النسائي: أرجو الا يكون به بأسن ويحيى وعبد الرحمن لم يتركا حديثه، وقد روىٰ غير حديث منكرن وقال ابن معين: مجهول، قلت: وقد توبعن وإسماعيل بن أبى خالد لا يعلم متى سمع من أبى إسحاق وهو السبيعي - لكن روى له مسلم فى "صحيحه" من روايته عنه. وهو فى "مصنف ابن أبى شيبة" 12/73 - 74. وأخرجه ابن سعد 3/38 عن عبيد الله بن موسى وعبد الله بن نمير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد فى "المسند" 1/199، و"الفضائل" "1014"، والطبرانى "2718" من طريق شريك بن عبد الله، وابن سعد 3/38، والطبرانى "2725" من طريق الأجلح بن عبد الله، والطبرانى "2717" من طريق يزيد بن عطاء، والنسائى فى "الخصائص" "23" من طريق يونس بن أبى إسحاق، والطبرانى "2722" من طريق يزيد بن أبى أنيسة، و"2723" من طريق سفيان الثورى، و "2724" من طريق على بن عابس، سبعتهم عن أبى إسحاق السبيعى، به. زاد الأجلح فى حديثه: "ولقد قبض فى الليلة التى عرج فيها بروح عيسى بن مريم ليلة سبع وعشرين من رمضان " وقد تفرد بهذه الزيادة، وغيره أوثق منه، وليس فى حديث سفيان الثورى ذكر لقصة جبريل وميكائيل، وهو أوثق الجميع. وأخرجه ابن أبى شيبة 12/68 - 69 عن شريك، عن أبى إسحاق، عن عاصم بن ضمرة، قال: خطب الحسن بن على حين قتل على ... فذكره. وأخرجه أحمد فى "المسند" 1/199 - 200، وفى "الفضائل" "922" و"1013"، وفى "الزهد" ص 133، وابن أبى شيبة 12/75 عن وكيع، عن إسرائيل، عن أبى إسحاق، عن عمرو بن حبشى، قال: خطبنا الحسن بن على

ہبیرہ بن یریم بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ کو سنا وہ کھڑے ہوئے انہوں نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: (یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے یوم شہادت سے اگلے دن کی بات ہے)

''اے لوگو! کل تم سے ایک ایسا شخص جدا ہو گیا جس سے کوئی سبقت نہیں لے جا سکا اور بعد والے اس تک پہنچ بھی نہیں سکتے اللہ کے رسول نے انہیں مہم پر روانہ کیا اور انہیں جھنڈا عطا کیا' تو وہ اس وقت تک واپس نہیں آئے جب تک اللہ تعالیٰ نے انہیں فتح نصیب نہیں کر دی جبرائیل ان کے دائیں طرف تھے اور میکائیل ان کے بائیں طرف تھے انہوں نے سفید اور زرد (یعنی سونے اور چاندی) میں سے کچھ نہیں چھوڑا صرف سات سو درہم ہیں جو ان کی تنخواہ میں سے بچ گئے تھے اور ان کا ارادہ یہ تھا کہ وہ اس کے ذریعے کوئی خادم خرید لیں گے۔''

ذِكْرُ قِتَالِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلٰى تَاْوِيلِ الْقُرْآنِ كَقِتَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى تَنْزِيلِهِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا قرآن کی تاویل کے حوالے سے اسی طرح جنگ کرنے کا تذکرہ جس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تنزیل کے حوالے سے جنگیں کی تھیں

6937 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ رَجَاءٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اِنَّ مِنْكُمْ مَنْ يُقَاتِلُ عَلٰى تَاْوِيلِ الْقُرْآنِ، كَمَا قَاتَلْتُ عَلٰى تَنْزِيلِهِ ، قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: اَنَا هُوَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا ، قَالَ عُمَرُ: اَنَا هُوَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، وَلٰكِنْ خَاصِفُ النَّعْلِ ، قَالَ: وَكَانَ اَعْطٰى عَلِيًّا نَعْلَهُ يَخْصِفُهُ

6937--إسناده صحيح على شرط مسلم. جرير: هو ابن عبد الحميد، وهو في "مسند أبي يعلى"."1086" وأخرجه النسائي في "الخصائص" "156" عن إسحاق بن إبراهيم ومحمد بن قدامة، كلاهما عن جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه القطيعي في زوائده على "الفضائل" لأحمد "1083"، والحاكم 3/122، والبغوي "2447"، وابن الجوزي في "العلل المتناهية"1/239 من طرق عن الأعمش، به. وضعفه ابن الجوزي بإسماعيل بن رجاء ظنا منه أنه إسماعيل بن رجاء الحمصي الذي ضعفه ابن حبان والدارقطني، وهذا وهم منه رحمه الله، فإسماعيل هذا هو الزبيدي الثقة الذي خرج له مسلم في "صحيحه"، نبه ذلك الإمام الذهبي في "تلخيص العلل المتناهية" ورقة 18، فقال: تكلم فيه ابن الجوزي من قبل إسماعيل فأخطأ، هذا ثقة، وإنما المضعف رجل صغير روى عن موسى بن الحصين، فهذا حديث جيد السند، قلت: وقد صححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي في مختصره. وأخرجه أحمد 3/31و33و82، والقطيعي "1071"، والحاكم 3/122 - 123 من طريق فطر بن خليفة، وابن أبي شيبة12/64، وابن عدي في "الكامل"7/2666 من طريق عبد الملك بن حميد بن أبي غنية، كلاهما عن إسماعيل بن رجاء، به. وفي بعض الروايات جاء الحديث مختصرا. وأورده الهيثمي في "المجمع"9/133، وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح، غير فطر بن خليفة وهو ثقة.

✿✿ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:
''تم میں سے ایک شخص ایسا ہے' جو قرآن کی تفسیر کے لیے لڑے گا' جس طرح میں نے اس کے نازل ہونے کے بنیاد پر لڑائی کی تھی''۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ میں ہوں گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ میں ہوں گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ وہ جوتے کو گانٹھنے والا ہوگا۔ راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنا جوتا دیا تھا' تاکہ وہ اسے گانٹھ دیں۔''

ذِكْرُ وَصْفِ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ قَاتَلَهُمْ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلٰى تَاْوِيْلِ الْقُرْآنِ

اس قوم کی صفت کا تذکرہ' جس کے ساتھ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے قرآن کی تاویل کے حوالے سے جنگ کی تھی

6938 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا (اَحْمَدُ بْنُ) مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ الْمَرْوَزِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ جَرِيْرِ بْنِ حَازِمٍ، وَاَبِيْ عَمْرِو بْنِ الْعَلَاءِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ عَبِيْدَةَ السَّلْمَانِيِّ، قَالَ:
(متن حدیث): ذَكَرَ عَلِيٌّ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ الْخَوَارِجَ، فَقَالَ: فِيْهِمْ رَجُلٌ مُخْدَجُ الْيَدِ، اَوْ مُودَنُ الْيَدِ، لَوْلَا اَنْ تَبْطَرُوْا، لَاَخْبَرْتُكُمْ بِمَا وَعَدَ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ قَتَلَهُمْ، قَالَ: فَقُلْتُ لِعَلِيٍّ: اَسَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: اِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، اِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، اِيْ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ

✿✿ عبیدہ سلمانی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خارجیوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: ان میں ایک ایسا شخص ہوگا' جس کا ایک ہاتھ چھوٹا ہوگا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ایک ہاتھ نامکمل ہوگا اگر تم لوگ فخر کا اظہار نہ کرو تو میں تم لوگوں کو بتاتا ہوں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے ساتھ جنگ کرنے والوں کے لئے اپنے نبی کی زبانی کیا وعدہ کیا ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا آپ نے خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے انہوں نے فرمایا جی ہاں رب کعبہ کی قسم جی ہاں رب کعبہ کی قسم جی ہاں رب کعبہ کی قسم۔

693- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير سلم بن جنادة، فقد روى له الترمذي، وابن ماجه، وهو ثقة، وغير عمرو بن العلاء، فقد روى له البخاري تعليقا، وأبو داود في "القدر" وابن ماجة في "التفسير" وهو ثقة أيضا. وأخرجه أحمد 1/95، والآجري في "الشريعة" ص 32 - 33 عن وكيع، بهذا الإسناد. إلا أنهما جعلاه في أوله مرفوعا بلفظ: "ويخرج قوم فيهم رجل مودن اليد، أو مثدون اليد، أو مخدج اليد." وأخرجه الطيالسي "166"، وعبد الرزاق "18652" و"18653"، وأحمد 1/83 و144 و155، وابن أبي شيبة 15/303 - 304، ومسلم "155" "1066" في الزكاة: باب التحريض على قتل الخوارج، وأبو داود "4763" في السنة: باب قتال الخوارج، وابن ماجة "167" في المقدمة: باب ذكر الخوارج، والنسائي في "الخصائص" "187" و"188"، وعبد الله بن أحمد في زياداته على "المسند" 1/121 و122، وفي زياداته على "الفضائل" "1046"، وابن أبي عاصم في "السنة" "912"، وأبو يعلى "337"، والآجري ص 32، والطبراني في "الصغير" "969" و"1002"، والبيهقي 8/188 من طرق عن محمد بن سيرين، به. وبعضهم يزيد في الحديث على ...

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْخَوَارِجَ مِنْ اَبْغَضِ خَلْقِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، خوارج اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی ناپسندیدہ ترین مخلوق ہے

6939 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، وَذَكَرَ ابْنُ سَلْمٍ اٰخَرَ مَعَهُ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِیْ رَافِعٍ مَوْلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَدَّثَهُ

(متن حدیث): اَنَّ الْحَرُوْرِيَّةَ لَمَّا خَرَجَتْ وَهُوَ مَعَ عَلِيٍّ، فَقَالُوْا: لَا حُكْمَ اِلَّا لِلّٰهِ، فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: كَلِمَةُ حَقٍّ اُرِيْدَ بِهَا بَاطِلٌ، اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَ اُنَاسًا اِنِّیْ لَاَعْرِفُ وَصْفَهُمْ فِیْ هٰؤُلَاءِ: يَقُوْلُوْنَ الْحَقَّ بِاَلْسِنَتِهِمْ، لَا يَجُوْزُ هٰذَا مِنْهُمْ - وَاَشَارَ اِلٰى حَلْقِهِ - مِنْ اَبْغَضِ خَلْقِ اللّٰهِ اِلَيْهِ، فِيْهِمْ اَسْوَدُ اِحْدٰى يَدَيْهِ حَلَمَةُ ثَدْیٍ، فَلَمَّا قَتَلَهُمْ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: انْظُرُوا، فَنَظَرُوْا فَلَمْ يَجِدُوا، فَقَالَ: ارْجِعُوا، فَوَاللّٰهِ مَا كَذَبْتُ وَلَا كُذِبْتُ، مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا، ثُمَّ وَجَدُوْهُ فِیْ خَرِبَةٍ، فَاَتَوْا بِهٖ حَتّٰى وَضَعُوْهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ: وَاَنَا حَاضِرٌ ذٰلِكَ مِنْ اَمْرِهِمْ وَقَوْلِ عَلِيٍّ فِيْهِمْ

❀❀ حضرت عبیداللہ بن ابورافع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حروریہ (یعنی خارجیوں) نے ظہور کیا، تو وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے ان لوگوں نے کہا: ثالث صرف اللہ تعالیٰ ہوسکتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: الفاظ حق ہیں لیکن اس کے ذریعے باطل مفہوم مرادلیا جارہا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ لوگوں کا حلیہ بیان کیا تھا میں ان لوگوں میں وہ والے حلیے کو دیکھ رہا ہوں یہ لوگ اپنی زبانوں کے ذریعے حق بیان کرتے ہیں: (یعنی قرآن پڑھتے ہیں) لیکن وہ اس سے آگے نہیں جاتا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے حلق کی طرف اشارہ کر کے یہ کہا: اور وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی مخلوق کے سب سے زیادہ ناپسندیدہ لوگ ہیں ان میں ایک سیاہ فام شخص ہے، جس کا ایک ہاتھ عورت کی چھاتی کی طرح ہے، جب حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو قتل کردیا تو فرمایا اس بات کا جائزہ لو جب انہوں نے جائزہ لیا تو انہیں وہ شخص نہیں ملا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم لوگ واپس جاؤ اللہ کی قسم! نہ تو میں نے غلط بیانی کی ہے اور نہ ہی میرے ساتھ غلط بیانی کی گئی ہے یہ بات انہوں نے دو یا شاید تین مرتبہ ارشاد فرمائی پھر ایسا شخص ان لوگوں کو ایک کھنڈر میں مل گیا وہ لوگ اسے لے کر آئے، یہاں تک کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سامنے رکھ دیا۔

عبیداللہ نامی راوی کہتے ہیں: میں ان (خوارج) کے واقعہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ان کے بارے میں اس بیان کے وقت موجود تھا۔

6939- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حرملة بن يحيى فمن رجال مسلم. عمرو بن الحارث: هو المصري. وأخرجه مسلم "157" "1066" في الزكاة: باب التحريض على قتل الخوارج، والنسائي في "الخصائص" "177"، والفسوي 3/391 - 392، والبيهقي 8/171 من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد.

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالشِّفَاءِ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ مِنْ عِلَّتِهٖ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے لیے بیماری سے شفاء کی دعا کرنے کا تذکرہ

6940 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى، وَمُحَمَّدٌ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ شَاكِيًا، فَمَرَّ بِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اَقُوْلُ: اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ اَجَلِىْ قَدْ حَضَرَ فَاَرِحْنِىْ، وَاِنْ كَانَ مُتَاَخِّرًا فَارْفَعْنِىْ، وَاِنْ كَانَ بَلَاءً فَصَبِّرْنِىْ، فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ قُلْتَ؟ فَاَعَادَ عَلَيْهِ، قَالَ: فَضَرَبَهٗ بِرِجْلِهٖ، وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ عَافِهٖ، اَوِ اشْفِهٖ - شُعْبَةُ الشَّاكُّ -، قَالَ: فَمَا اشْتَكَيْتُ وَجَعِىْ ذٰلِكَ بَعْدُ

❁❁ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں بیمار ہو گیا نبی اکرم ﷺ میرے پاس سے گزرے تو میں یہ کہہ رہا تھا۔

''اے اللہ! اگر میری موت کا وقت آ چکا ہے' تو مجھے راحت عطا کر دے اور اگر ابھی موت کا وقت دور ہے' تو مجھے (ٹھیک کر کے) کھڑا کر دے اور اگر یہ کوئی آزمائش ہے' تو مجھے صبر عطا کر''۔

تو نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا تم نے کیا کہا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کے سامنے یہ کلمات دوہرا دیئے' تو نبی اکرم ﷺ نے اپنا پاؤں انہیں مارا اور یہ کہا۔

''اے اللہ! اسے عافیت عطا کر (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اسے شفاء عطا کر''۔ یہ شک شعبہ نامی راوی کو ہے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس کے بعد مجھے کبھی درد کے حوالے سے شکایت نہیں ہوئی۔

ذِكْرُ تَخْفِيْفِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بِعَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ الصَّدَقَةَ بَيْنَ يَدَىْ نَجْوَاهُمْ

6940– رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن سلمة، فقد روى له أصحاب السنن، يحتمل التحسين كما تقدم على التعليق على الحديث. "6928" بندار: لقب محمد بن بشار، ويحيى: هو ابن سعيد القطان، ومحمد: هو ابن جعفر. وأخرجه أحمد في "المسند" 1/83 - 84 عن يحيى بن سعيد القطان بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد أيضا في "المسند" 1/128 عن وكيع، والنسائي في "اليوم والليلة" "1058" من طريق خالد بن الحارث "سقط "خالد بن الحارث" من المطبوع، واستدركته من "التحفة" "7/409" والحاكم 2/620 - 621 من طريق وهب بن جرير، ثلاثتهم عن شعبة، به، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي! مع أن عبد الله بن سلمة لم يخرجا له.

اللہ تعالیٰ کا حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کی وجہ سے اس امت سے اس صدقے کو معاف کرنے کا تذکرہ' جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں سرگوشی کرنے (مسئلہ دریافت کرنے سے پہلے صدقہ کرنے کے لازم ہونے) کا حکم تھا

6941 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِیْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، حَدَّثَنَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ الثَّقَفِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلْقَمَةَ الْاَنْمَارِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ:

(متن حدیث):لَمَّا نَزَلَتْ: (يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَیْ نَجْوَاكُمْ) (المجادلة: 12) صَدَقَةً، قَالَ لِی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَرَى دِيْنَارًا؟ قُلْتُ: لَا يُطِيقُونَهُ، قَالَ: فَكَمْ؟ قُلْتُ: شَعِيرَةٌ، قَالَ: اِنَّكَ لَزَهِيدٌ، فَنَزَلَتْ (ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَیْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ) (المجادلة: 13) الْاٰيَةَ، قَالَ: فَبِیْ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

''اے ایمان والو! جب تم رسول کے ساتھ سرگوشی میں کوئی بات کرو تو اپنی سرگوشی سے پہلے کوئی چیز نذر پیش کر دیا کرو۔''

اس سے مراد نذر پیش کرنا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے دریافت کیا: تمہاری کیا رائے ہے یہ نذر ایک دینار ہونی چاہئے میں نے کہا: لوگ اس کی طاقت نہیں رکھیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: پھر کتنی ہونی چاہئے میں نے کہا: کچھ جو ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم زیادہ کم کر رہے ہو' تو یہ آیت نازل ہوئی:

''کیا تم اس بات سے ڈر گئے کہ تم اپنی سرگوشی سے پہلے نذر پیش کرو۔''

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' تو میری وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس امت کی تخفیف کر دی۔

6942 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْ صَخْرَةَ بِبَغْدَادَ بَيْنَ الصُّوْرَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا

6941–إسناده ضعيف، علي بن علقمة الأنماري لم يرو عنه غير سالم بن أبي الجعد، وضعفه العقيلي، وابن الجارود، والذهبي، وقال البخاري: في حديثه نظر، وذكره المؤلف في "المجروحين" 2/109 وقال: منكر الحديث، ينفرد عن علي بما لا يشبه حديثه، فلا أدري منه سماعا، أو أخذ ما يروى عنه عن غيره، والذي عندي ترك الاحتجاج به، إلا فيما وافق الثقات من أصحاب علي في الروايات، ثم أعاد ذكره في "الثقات" 5/163، وقال ابن عدي: لا أرى بحديث علي بن علقمة بأسا في مقدار ما يرويه، وقال الحافظ في "التقريب": مقبول، أي: إذا توبع وإلا فلين الحديث، وباقي رجاله ثقات رجال الصحيح. الأشجعي: هو عبيد الله بن عبيد الرحمن، وسفيان: هو الثوري. وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 12/81 - 82، وعنه عبد الرحمن بن حميد في "المنتخب" "90"، وأبو يعلى. "400" وأخرجه الترمذي "3300" عن سفيان بن وكيع، عن يحيى بن آدم، بهذا الإسناد. وقال: هذا حديث حسن غريب إنما نعرفه من هذا الوجه. وأخرجه العقيلي في "الضعفاء" 3/243 من طريق يحيى بن عبد الحميد، عن عبيد الله الأشجعي، به. وأخرجه ابن جرير الطبري في "جامع البيان" 28/21 من طريق مهران، عن سفيان الثوري، به. وأخرجه ابن عدي في "الكامل" 5/1847 - 1848 من طريق شريك، عن عثمان بن المغيرة، به.

مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ يَزِيْدَ الْجَرْمِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ الثَّقَفِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ الْغَطَفَانِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلْقَمَةَ الْاَنْمَارِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ: (يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اِذَا نَاجَيْتُمُ) (المجادلة: 12) الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: يَا عَلِيُّ، مُرْهُمْ اَنْ يَّتَصَدَّقُوْا، قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ بِكَمْ؟ قَالَ: بِدِيْنَارٍ، قَالَ: لَا يُطِيقُونَهُ، قَالَ: فَبِنِصْفِ دِيْنَارٍ، قَالَ: لَا يُطِيقُونَهُ، قَالَ: فَبِكَمْ؟ قَالَ: بِشَعِيرَةٍ، قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ: اِنَّكَ لَزَهِيدٌ، قَالَ: فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ فَاِذَا لَمْ تَفْعَلُوا وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ)، قَالَ: فَكَانَ عَلِيٌّ، يَقُوْلُ: بِيْ خُفِّفَ عَنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی:

"اے ایمان والو! جب تم رسول سے سرگوشی کرو تو نذر پیش کردو۔"

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: اے علی ان لوگوں سے کہو وہ صدقہ کریں (یعنی نذر پیش کریں) انہوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ! کتنی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک دینار۔ میں نے عرض کی: لوگ اس کی طاقت نہیں رکھیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نصف دینار۔ انہوں نے عرض کی: لوگ اس کی بھی طاقت نہیں رکھیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر کتنی ہونی چاہئے۔ انہوں نے عرض کی: کچھ جو ہوں۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا تم بہت زیادہ کمی کررہے ہو۔ راوی کہتے ہیں: پھر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

"کیا تم اس بات سے ڈر گئے کہ سرگوشی سے پہلے نذر پیش کرو جب تم ایسا نہیں کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری توبہ کو قبول کرے گا تم لوگ نماز قائم کرو زکوٰۃ ادا کرو"۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ یہ فرماتے تھے: میری وجہ سے اس امت سے تخفیف ہوئی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْخَلِيفَةَ بَعْدَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ كَانَ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا وَرَحْمَتُهُ وَقَدْ فَعَلَ

6942- إسناده ضعيف كسابقه. وأخرجه النسائي في "الخصائص" "102" عن محمد بن عبد الله بن عمار الموصلي، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 2/481 - 482 من طريق يحيى بن المغيرة السعدي، عن جرير، عن منصور، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بن أبي ليلى قال: قال عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: عن في كتاب الله لآية ما عمل بها أحد ولا يعمل بها أحد بعدي: آية النجوى: (يا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُولَ فَقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَةً) الآية، قال: كان عندي دينار، فبعته بعشرة دراهم، فناجيت النبي صلى الله عليه وسلم، فكنت كلما ناجيت النبي صلى الله عليه وسلم قدمت بين يدي نجواي درهما، ثم نسخت، فلم يعمل بها أحد، فنزلت: (أَأَشْفَقْتُمْ أَنْ تُقَدِّمُوا بَيْنَ يَدَيْ نَجْوَاكُمْ صَدَقَاتٍ) الآية. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي.

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بعد حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تھے

6943 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ الْجَوْهَرِيُّ، اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَلْخِلَافَةُ بَعْدِیْ ثَلَاثُوْنَ سَنَةً، ثُمَّ تَكُوْنُ مُلْكًا ، قَالَ: اَمْسِكْ خِلَافَةَ اَبِیْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سَنَتَيْنِ، وَعُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَشْرًا، وَعُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اثْنَتَیْ عَشْرَةَ، وَعَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سِتًّا، قَالَ عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ: قُلْتُ لِحَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ: سَفِينَةُ الْقَائِلُ: اَمْسِكْ؟ قَالَ: نَعَمْ

اَتَيْنَا الْجَيْشَ بَعْدَمَا نَزَلُوا مُعَرِّسِينَ فِي نَحْرِ الظَّهِيرَةِ فَهَلَكَ مَنْ هَلَكَ وَكَانَ الَّذِي تَوَلَّى كِبْرَ الْإِفْكِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ، فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ، فَاشْتَكَيْتُ بِهَا شَهْرًا وَالنَّاسُ يُفِيضُونَ فِي قَوْلِ اَصْحَابِ الْإِفْكِ وَيُرِيبُنِي فِي وَجَعِي اِنِّي لَا اَرَى مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللُّطْفَ الَّذِي كُنْتُ اَرَى مِنْهُ حِينَ اَمْرَضُ اِنَّمَا يَدْخُلُ، فَيُسَلِّمُ ثُمَّ يَقُولُ: كَيْفَ تِيكُمْ، وَلَا اَشْعُرُ بِشَيْءٍ مِنْ ذٰلِكَ حَتّٰى نَقَهْتُ، فَخَرَجْتُ اَنَا وَاُمُّ مِسْطَحٍ بِنْتُ اَبِي رُهْمٍ قِبَلَ الْمَنَاصِعِ، وَكَانَ مُتَبَرَّزَنَا لَا نَخْرُجُ اِلَّا لَيْلًا اِلٰى لَيْلٍ، وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ نَتَّخِذَ الْكُنُفَ قَرِيبًا مِنْ بُيُوتِنَا، وَاَمْرُنَا اَمْرُ الْعَرَبِ الْاُوَلِ فِي الْبَرِّيَّةِ اَوْ فِي التَّبَرُّزِ، فَاَقْبَلْتُ اَنَا وَاُمُّ مِسْطَحٍ بِنْتُ اَبِي رُهْمٍ نَمْشِي، فَعَثَرَتْ فِي مِرْطِهَا، فَقَالَتْ: تَعِسَ مِسْطَحٌ، فَقُلْتُ لَهَا: بِئْسَ مَا قُلْتِ اَتَسُبِّينَ رَجُلًا شَهِدَ بَدْرًا، فَقَالَتْ: يَا هَنْتَاهُ، اَلَمْ تَسْمَعِي مَا قَالُوا، فَاَخْبَرَتْنِي بِمَا يَقُولُ اَهْلُ الْإِفْكِ، فَازْدَدْتُ مَرَضًا عَلٰى مَرَضٍ، فَلَمَّا رَجَعْتُ اِلٰى بَيْتِي دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَيْفَ تِيكُمْ، فَقُلْتُ: ائْذَنْ لِي آتِي اَبَوَيَّ، قَالَتْ: وَاَنَا حِينَئِذٍ اُرِيدُ اَنْ اَسْتَيْقِنَ الْخَبَرَ مِنْ قِبَلِهِمَا، فَاَذِنَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْتُ اَبَوَيَّ، فَقُلْتُ لِاُمِّي مَا يَتَحَدَّثُ بِهِ النَّاسُ، فَقَالَتْ: يَا بُنَيَّةُ، هَوِّنِي عَلٰى نَفْسِكِ الشَّاْنَ فَوَاللّٰهِ لَقَلَّمَا كَانَتِ امْرَاَةٌ قَطُّ وَضِيئَةٌ عِنْدَ رَجُلٍ يُحِبُّهَا وَلَهَا ضَرَائِرُ اِلَّا اَكْثَرْنَ عَلَيْهَا، فَقُلْتُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ لَقَدْ تَحَدَّثَ النَّاسُ بِهٰذَا؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَبِتُّ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتّٰى اَصْبَحْتُ لَا يَرْقَاُ لِي دَمْعٌ، وَلَا اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، ثُمَّ اَصْبَحْتُ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ، وَاُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ حِينَ اسْتَلْبَثَ الْوَحْيُ يَسْتَشِيرُهُمَا فِي فِرَاقِ اَهْلِهِ، فَاَمَّا اُسَامَةُ، فَاَشَارَ عَلَيْهِ بِالَّذِي يَعْلَمُ فِي نَفْسِهِ مِنَ الْوُدِّ لَهُمْ، فَقَالَ: اَهْلُكَ يَارَسُولَ اللّٰهِ، وَلَا نَعْلَمُ وَاللّٰهِ اِلَّا خَيْرًا، وَاَمَّا عَلِيٌّ، فَقَالَ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، لَمْ يُضَيِّقِ اللّٰهُ عَلَيْكَ وَالنِّسَاءُ سِوَاهَا كَثِيرٌ وَسَلِ الْجَارِيَةَ تَصْدُقْكَ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرِيرَةَ، فَقَالَ: يَا بَرِيرَةُ هَلْ رَاَيْتِ فِيهَا شَيْئًا مَا يَرِيبُكِ؟، فَقَالَتْ: لَا، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ اِنْ رَاَيْتُ مِنْهَا اَمْرًا اَغْمِصُهُ عَلَيْهَا اَكْثَرَ مِنْ اَنَّهَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ تَنَامُ عَنِ الْعَجِينِ، فَتَاْتِي الدَّاجِنُ فَتَاْكُلُهُ، فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ يَوْمِهِ، فَاسْتَعْذَرَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُبَيِّ بْنِ سَلُولٍ، فَقَالَ: مَنْ يَعْذِرُنِي مِنْ رَجُلٍ بَلَغَ اَذَاهُ فِي اَهْلِي، وَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ عَلٰى اَهْلِي اِلَّا خَيْرًا وَقَدْ ذَكَرُوا رَجُلًا مَا عَلِمْتُ عَلَيْهِ اِلَّا خَيْرًا وَمَا كَانَ يَدْخُلُ عَلٰى اَهْلِي اِلَّا مَعِي، فَقَامَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ، فَقَالَ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، وَاَنَا وَاللّٰهِ اَعْذِرُكَ مِنْهُ اِنْ كَانَ مِنَ الْاَوْسِ ضَرَبْنَا عُنُقَهُ، وَاِنْ كَانَ مِنْ اِخْوَانِنَا مِنَ الْخَزْرَجِ اَمَرْتَنَا، فَفَعَلْنَا فِيهِ اَمْرَكَ، فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ، وَكَانَ قَبْلَ ذٰلِكَ رَجُلًا صَالِحًا، وَلٰكِنِ احْتَمَلَتْهُ الْحَمِيَّةُ، فَقَالَ: كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ لَا تَقْتُلُهُ، وَلَا تَقْدِرُ عَلٰى ذٰلِكَ، فَقَامَ اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ، فَقَالَ: كَذَبْتَ لَعَمْرُ اللّٰهِ لَنَقْتُلَنَّهُ، فَاِنَّكَ مُنَافِقٌ تُجَادِلُ عَنِ الْمُنَافِقِينَ، فَثَارَ الْحَيَّانِ الْاَوْسُ وَالْخَزْرَجُ حَتّٰى هَمُّوا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ، فَجَعَلَ يُخَفِّضُهُمْ حَتّٰى سَكَتُوا، وَمَكَثْتُ يَوْمِي لَا يَرْقَاُ لِي دَمْعٌ، وَلَا اَكْتَحِلُ بِنَوْمٍ، فَاَصْبَحَ عِنْدِي اَبَوَايَ وَقَدْ بَكَيْتُ لَيْلَتِي وَيَوْمِي حَتّٰى اَظُنُّ اَنَّ الْبُكَاءَ فَالِقٌ كَبِدِي، قَالَتْ: فَبَيْنَا

هُمَا جَالِسَانِ عِنْدِي وَأَنَا أَبْكِي إِذِ اسْتَأْذَنَتِ امْرَأَةٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ، فَأَذِنْتُ لَهَا فَجَلَسَتْ تَبْكِي مَعِي، فَبَيْنَا نَحْنُ كَذَٰلِكَ إِذْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَلَسَ وَلَمْ يَجْلِسْ عِنْدِيْ مِنْ يَّوْمِ قِيلَ لِي مَا قِيلَ قَبْلَهَا، وَقَدْ مَكَثَ شَهْرًا لَا يُوحَى إِلَيْهِ فِيْ شَأْنِيْ شَيْءٌ"، قَالَتْ: فَتَشَهَّدَ، ثُمَّ قَالَ: يَا عَائِشَةُ أَمَّا بَعْدُ، فَإِنَّهُ قَدْ بَلَغَنِيْ عَنْكِ كَذَا وَكَذَا فَإِنْ كُنْتِ بَرِيئَةً فَسَيُبَرِّئُكِ اللَّهُ وَإِنْ كُنْتِ الْمَمْتِ، فَاسْتَغْفِرِي اللَّهَ وَتُوبِيْ إِلَيْهِ، فَإِنَّ الْعَبْدَ إِذَا اعْتَرَفَ بِذَنْبِهِ ثُمَّ تَابَ تَابَ اللَّهُ عَلَيْهِ، فَلَمَّا قَضَى رَسُوْلُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَتَهُ قَلَصَ دَمْعِي حَتَّى مَا أُحِسُّ مِنْهُ بِقَطْرَةٍ، وَقُلْتُ لِأَبِيْ: أَجِبْ عَنِّي رَسُوْلَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: وَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لِأُمِّي: أَجِيبِيْ عَنِّي رَسُوْلَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا قَالَ، قَالَتْ: وَاللَّهِ مَا أَدْرِي مَا أَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: وَأَنَا جَارِيَةٌ حَدِيثَةُ السِّنِّ لَا أَقْرَأُ كَثِيرًا مِنَ الْقُرْآنِ، فَقُلْتُ: إِي وَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتُ أَنَّكُمْ سَمِعْتُمْ مَا تَحَدَّثَ النَّاسُ، وَوَقَرَ فِيْ أَنْفُسِكُمْ، وَصَدَّقْتُمْ بِهِ وَلَئِنْ قُلْتُ لَكُمْ إِنِّي بَرِيئَةٌ، وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنِّي بَرِيئَةٌ لَا تُصَدِّقُوْنِيْ بِذَٰلِكَ، وَإِنِ اعْتَرَفْتُ لَكُمْ بِأَمْرٍ وَّاللَّهُ يَعْلَمُ أَنِّي بَرِيئَةٌ لَتُصَدِّقُنِّي، وَاللَّهِ مَا أَجِدُ لِي وَلَكُمْ مَثَلًا إِلَّا أَبَا يُوْسُفَ إِذْ قَالَ: (فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَّاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ عَلَى مَا تَصِفُوْنَ) (يوسف: 18)، ثُمَّ تَحَوَّلْتُ عَلَى فِرَاشِي وَأَنَا أَرْجُو أَنْ يُّبَرِّئَنِيَ اللَّهُ، وَلَكِنْ وَاللَّهِ مَا ظَنَنْتُ أَنْ يَّنْزِلَ فِيْ شَأْنِيْ وَحْيٌ وَّلَأَنَا أَحْقَرُ فِيْ نَفْسِيْ مِنْ أَنْ يُّتَكَلَّمَ بِالْقُرْآنِ فِيْ أَمْرِي، وَلَكِنِّي كُنْتُ أَرْجُو أَنْ يَّرَى رَسُوْلُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النَّوْمِ رُؤْيَا تُبَرِّئُنِيْ، فَوَاللَّهِ مَا رَامَ فِيْ مَجْلِسِهِ، وَلَا خَرَجَ أَحَدٌ مِّنَ الْبَيْتِ حَتَّى أُنْزِلَ عَلَيْهِ، فَأَخَذَهُ مَا كَانَ يَأْخُذُهُ مِنَ الْبُرَحَاءِ حَتَّى إِنَّهُ لَيَنْحَدِرُ مِنْهُ مِثْلُ الْجُمَانِ مِنَ الْعَرَقِ فِيْ يَوْمٍ شَاتٍ، فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْ رَسُوْلِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ يَضْحَكُ، فَكَانَ أَوَّلُ كَلِمَةٍ تَكَلَّمَ بِهَا أَنْ قَالَ: يَا عَائِشَةُ، احْمَدِيْ اللَّهَ فَقَدْ بَرَّأَكِ اللَّهُ، فَقَالَتْ لِي أُمِّي: قُوْمِي إِلَى رَسُوْلِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: لَا وَاللَّهِ لَا أَقُومُ إِلَيْهِ وَلَا أَحْمَدُ إِلَّا اللَّهَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى: (إِنَّ الَّذِيْنَ جَاءُ وْا بِالْإِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ)، فَلَمَّا أَنْزَلَ اللَّهُ هٰذَا فِيْ بَرَاءَتِي، قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، وَكَانَ يُنْفِقُ عَلَى مِسْطَحٍ لِقَرَابَتِهِ مِنْهُ: وَاللَّهِ لَا أُنْفِقُ عَلَى مِسْطَحٍ شَيْئًا أَبَدًا بَعْدَمَا قَالَ لِعَائِشَةَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ: (وَلَا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ) إِلَى قَوْلِهِ: (وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ) (البقرة: 218)، فَقَالَ أَبُوْ بَكْرٍ: وَاللَّهِ إِنِّي لَأُحِبُّ أَنْ يَّغْفِرَ اللَّهُ لِي، فَرَجَعَ إِلَى مِسْطَحٍ بِالَّذِيْ كَانَ يُجْرِي عَلَيْهِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ عَنْ أَمْرِي، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللَّهِ أَحْمِي سَمْعِي وَبَصَرِي، وَكَانَتْ تُسَامِيْنِيْ، فَعَصَمَهَا اللَّهُ بِالْوَرَعِ

عروہ بن زبیر، سعید بن مسیّب، علقمہ بن وقاص، عبید اللہ بن عبد اللہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے واقعہ افک کے بارے میں روایت نقل کی ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو بری قرار دیا تھا۔

زہری بیان کرتے ہیں: اس گروہ نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول روایت مجھے بیان کی ہے ان میں بعض نے اس

واقعہ کو زیادہ بہتر طور پر یاد رکھا لیکن میں اسے ایک واقعہ کے طور پر نقل کروں گا میں نے ان میں سے ہر ایک کے الفاظ کو یاد رکھا جو اس نے مجھے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے بیان کئے ان میں سے بعض کی روایت بعض کی تصدیق کرتی ہے ان تمام حضرات نے یہ بات بیان کی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی سفر پر روانہ ہونے لگتے تو آپ اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی کرتے تھے ان میں سے جس کے نام کا قرعہ نکل آتا تھا اسے اپنے ساتھ لے جاتے تھے۔ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جنگ پر جانے سے پہلے ہمارے درمیان قرعہ اندازی کی تو میرے نام کا قرعہ نکل آیا تو میں آپ کے ساتھ روانہ ہوگئی یہ حجاب کا حکم نازل ہونے کے بعد کی بات ہے مجھے میرے ہودج میں سوار کیا جاتا تھا میں اسی میں پڑاؤ کرتی تھی ہم لوگ سفر کر رہے تھے یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس غزوہ سے فارغ ہو کر واپسی کے لئے روانہ ہوگئے جب ہم مدینہ منورہ کے قریب پہنچے (تو پڑاؤ کے دوران) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رات کے وقت روانگی کا اعلان کر دیا میں اٹھی اور چلتی ہوئی لشکر سے دور چلی گئی میں نے اپنی ضرورت کو پورا کیا پھر میں اپنے پالان کی طرف واپس آئی میں نے اپنے سینہ پر ہاتھ پھیرا تو وہاں میرا پتھروں کا ہار موجود نہیں تھا میں واپس آئی اور اپنا ہار تلاش کرنے لگی اس کی تلاش نے مجھے روک لیا وہ لوگ آئے جو میرے ہودج کو اٹھا کر اونٹ پر رکھتے تھے انہوں نے میرے ہودج کو اٹھایا اور اونٹ کے اوپر رکھ دیا جس پر میں سوار ہوتی تھی وہ یہ سمجھے کہ میں ہودج کے اندر ہوں گی اس زمانے میں خواتین ہلکی پھلکی ہوتی تھیں وہ بھاری بھر کم نہیں ہوتی تھیں ان پر گوشت نہیں چڑھا ہوتا تھا وہ تھوڑا سا کھانا کھایا کرتی تھیں اس لیے جب ان لوگوں نے ہودج کو اٹھایا تو انہیں اس کے وزن میں کوئی تبدیلی محسوس نہیں ہوئی ان لوگوں نے اسے اٹھا لیا میں ایک لڑکی تھی جس کی عمر کم تھی ان لوگوں نے اونٹ کو اٹھایا اور روانہ ہوگئے۔ لشکر کے روانہ ہونے کے بعد مجھے اپنا ہار مل گیا میں پڑاؤ کی جگہ پر آئی تو وہاں کوئی موجود نہیں تھا میں اپنے پڑاؤ کی جگہ پر ہی ٹھہر گئی جہاں میں پہلے تھی میں نے یہ گمان کیا کہ عنقریب وہ مجھے غیر موجود پائیں گے تو میری طرف واپس آجائیں گے۔ ابھی میں وہاں بیٹھی ہوئی تھی کہ میری آنکھ لگ گئی اور میں سو گئی۔ صفوان بن معطل سلمی لشکر کے پیچھے آ رہے تھے جب وہ صبح کے وقت میری رہائشی جگہ کے قریب پہنچے انہوں نے کسی سوئے ہوئے شخص کا ہیولیٰ دیکھا وہ حجاب سے پہلے مجھے دیکھ چکے تھے انہوں نے مجھے پہچان کر انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا تو میں بیدار ہوگئی میں نے اپنی چادر کے ذریعے اپنے چہرے کو ڈھانپ لیا اللہ کی قسم نہ تو انہوں نے کوئی بات کی اور نہ ہی میں نے ان کے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھنے کے علاوہ کوئی اور کلمہ ان کی زبانی سنا۔ انہوں نے اپنی سواری کو بٹھایا اور میں اس پر سوار ہوگئی وہ میری سواری کو لے کر روانہ ہوگئے یہاں تک کہ ہم لشکر کے پاس پہنچ گئے جنہوں نے دوپہر کے وقت پڑاؤ کیا ہوا تھا'' تو (اس واقعہ کے حوالے سے) جس نے ہلاکت کا شکار ہونا تھا وہ ہلاکت کا شکار ہوا اور اس جھوٹے الزام میں جس نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا وہ عبداللہ بن ابی بن سلول تھا۔

ہم لوگ مدینہ منورہ آئے میں ایک ماہ تک بیمار رہی۔ لوگوں کے درمیان جھوٹا الزام لگانے والوں میں بات پھیل چکی تھی میری اس بیماری کے دوران ایک چیز مجھے شک میں مبتلا کرتی تھی وہ یہ کہ مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے وہ مہربانی محسوس نہیں ہو رہی تھی

جو پہلے میری بیماری کے دوران مجھے آپ کی طرف سے نظر آتی تھی۔ نبی اکرم ﷺ گھر میں تشریف لاتے سلام کرتے پھر دریافت کرتے تمہارا کیا حال ہے؟ لیکن مجھے اس جھوٹے الزام کے بارے میں کچھ پتہ نہیں تھا میں کمزور ہو چکی تھی ایک دن میں اور ام مسطح ''مناصع'' کی طرف (قضائے حاجت کے لئے) نکلیں وہ ہماری قضائے حاجت کرنے کی جگہ تھی ہم صرف رات کے وقت اس طرف جایا کرتی تھیں اس زمانے میں گھروں کے قریب بیت الخلا نہیں ہوتے تھے یہ اس سے پہلے کی بات ہے ہمارا معاملہ پہلے زمانے کے عربوں کی طرح تھا (یعنی ہم کھلی جگہ پر قضائے حاجت کرتے تھے) میں اور ام مسطح چلتے ہوئے آرہے تھے اس کا پاؤں اپنی چادر میں الجھا' تو اس نے کہا: مسطح برباد ہو جائے میں نے اس سے کہا: تم نے بہت بری بات کہی ہے تم نے ایک ایسے شخص کو برا کہا ہے' جو غزوہ بدر میں شریک ہو چکا ہے۔ اس نے کہا: اے بھولی عورت کیا تم نے وہ بات نہیں سنی جو لوگوں نے بیان کی ہے پھر اس عورت نے مجھے بتایا: جھوٹا الزام لگانے والوں نے کیا بات کی ہے' اس کے نتیجے میں میری بیماری میں اضافہ ہو گیا جب میں اپنے گھر واپس آئی' تو نبی اکرم ﷺ میرے ہاں تشریف لائے آپ نے دریافت کیا: تمہارا کیا حال ہے۔ میں نے عرض کی: آپ مجھے اجازت دیجئے کہ میں اپنے ماں باپ کے گھر چلی جاؤں۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں اس وقت میں ان دونوں کی طرف سے یقینی خبر حاصل کرنا چاہتی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے مجھے اجازت دے دی میں اپنے ماں باپ کے گھر آئی اور اپنی والدہ سے کہا: لوگ کیا بات چیت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا: اے میری بیٹی تم پرسکون رہو! اللہ کی قسم جو عورت اپنے شوہر کے نزدیک محبوب ہو وہ شوہر اس سے محبت کرتا ہو اور اس کی سوکنیں بھی ہوں' تو وہ اس سے زیادہ زیادتی کیا کرتی ہیں۔ میں نے کہا: سبحان اللہ کیا لوگ یہ بات کر رہے ہیں انہوں نے جواب دیا: جی ہاں وہ ساری رات میں نے یوں گزاری میرے آنسو تھمتے ہی نہیں تھے اور مجھے ذرا سی دیر کے لئے نیند نہیں آئی پھر صبح ہوئی۔

جب (چند دن تک اس بارے میں) وحی کا سلسلہ منقطع ہوا' تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کو بلوایا تا کہ اپنی بیوی سے علیحدگی کے بارے میں ان دونوں سے مشورہ طلب کریں۔ اسامہ نے' تو اس بات کی طرف اشارہ کیا جو وہ جانتے تھے کہ نبی اکرم ﷺ اپنی اہلیہ سے کتنی محبت کرتے ہیں انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ آپ کی اہلیہ کے بارے میں اللہ کی قسم ہمیں صرف بھلائی کا علم ہے البتہ علی نے یہ کہا: یارسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ نے آپ کو کسی تنگی کا شکار نہیں کیا ان کے علاوہ بھی بہت سی خواتین ہیں تاہم آپ کنیز سے سوال کریں وہ آپ کے ساتھ سچ بیانی کرے گی' تو نبی اکرم ﷺ نے بریرہ کو بلوایا۔ آپ نے فرمایا: اے بریرہ کیا تم نے اس میں کوئی ایسی چیز دیکھی جو تمہیں شک کا شکار کرے' تو اس نے کہا: جی نہیں اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میں نے ان میں اگر کوئی چیز دیکھی ہے جس کے حوالے سے مجھے ان پر اعتراض ہو' تو وہ یہ ہے کہ وہ لڑکی ہیں ان کی عمر کم ہے آٹا گوندھ کر سو جاتی ہیں بکری آتی ہے اور اسے کھا لیتی ہے۔

اس دن نبی اکرم ﷺ (لوگوں کے درمیان خطبہ دینے کے لئے) کھڑے ہوئے آپ نے عبداللہ بن ابی کی شکایت کرتے ہوئے کہا اس حوالے سے کون مجھے معذور قرار دے گا' جس کی پہنچائی ہوئی اذیت میری بیوی تک پہنچ گئی ہے اللہ کی قسم مجھے اپنی بیوی

کے بارے میں صرف بھلائی کا علم ہے اور ان لوگوں نے جس شخص کا ذکر کیا ہے اس کے بارے میں بھی مجھے صرف بھلائی کا علم ہے وہ میری بیوی کے گھر میں صرف میرے ساتھ ہی داخل ہوا اس پر حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کی قسم میں آپ کو اس کی طرف سے بدلہ دلاؤں گا اگر وہ شخص اوس قبیلے سے تعلق رکھتا ہے تو ہم اس کی گردن اڑا دیں گے اور اگر وہ ہمارے بھائی خزرج قبیلے سے تعلق رکھتا ہے تو آپ ہمیں حکم دیں ہم اس بارے میں آپ کے حکم کی فرمانبرداری کریں گے تو حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے وہ ایک نیک آدمی تھے لیکن اس وقت قبائلی حمیت ان پر غالب آ گئی انہوں نے کہا: اللہ کی قسم تم غلط کہہ رہے ہو تم اسے قتل نہیں کرو گے اور نہ ہی تم ایسا کر سکتے ہو۔ اس پر اسید بن حضیر کھڑے ہوئے: اور بولے تم جھوٹ کہہ رہے ہو اللہ کی قسم ہم اس شخص کو ضرور قتل کریں گے تم ایک منافق ہو اور منافقوں کی طرف سے جھگڑا کر رہے ہو تو اوس اور خزرج قبیلے کے درمیان جھگڑا ہو گیا یہاں تک کہ انہوں نے (ہاتھا پائی) کا ارادہ کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت منبر پر موجود تھے آپ نے ان کو خاموش کروانے کی کوشش کی یہاں تک کہ وہ لوگ خاموش ہو گئے۔

میں نے وہ دن اس طرح گزارا کہ میرے آنسو تھمتے نہیں تھے مجھے ذرا سی دیر کے لئے نیند نہیں آئی صبح کے وقت میں اپنے ماں باپ کے ہاں موجود تھی میں رات بھر اور اس کے بعد اگلا پورا دن روتی رہی یہاں تک کہ مجھے یوں لگتا تھا جیسے رونا میرے جگر کو چیر دے گا۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میرے والدین میرے پاس بیٹھے ہوئے تھے میں رو رہی تھی کہ اسی دوران ایک انصاری خاتون نے اندر آنے کی اجازت مانگی میں نے اسے اجازت دی تو وہ بھی بیٹھ کر میرے ساتھ رونے لگی ابھی ہم اسی حالت میں تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں تشریف لائے آپ تشریف فرما ہوئے جب سے میرے بارے میں یہ بات کی گئی تھی اس کے بعد سے آپ اس دن سے پہلے کبھی میرے پاس اس طرح نہیں بیٹھے تھے ایک مہینہ گزر چکا تھا اس دوران میرے معاملے میں آپ کی طرف کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کلمہ شہادت پڑھا اور فرمایا: اے عائشہ امابعد تمہارے بارے میں مجھ تک اس اس طرح کی بات پہنچی ہے اگر تم بری ذمہ ہو تو اللہ تعالیٰ تمہاری برأت کا اظہار کر دے گا اور اگر تم نے برائی کا ارادہ کیا تھا تو تم اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو اس کی بارگاہ میں توبہ کرو کیونکہ جب بندہ اپنے گناہ کا اعتراف کر لے اور توبہ کر لے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ کو قبول کرتا ہے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بات مکمل کی تو میرے آنسو تھم گئے یہاں تک کہ مجھے آنسوؤں میں سے ایک قطرہ بھی محسوس نہیں ہوا میں نے اپنے والد سے کہا: میری طرف سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب دیجئے انہوں نے کہا: اللہ کی قسم مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا کہوں۔ میں نے اپنی والدہ سے کہا: میری طرف سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب دیجئے انہوں نے کہا: اللہ کی قسم مجھے سمجھ نہیں آ رہی کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا کہوں تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: میں ایک لڑکی ہوں میری عمر زیادہ نہیں ہے مجھے قرآن بہت زیادہ نہیں آتا لیکن میں یہ کہتی ہوں کہ اللہ کی قسم مجھے اس بات کا پتہ ہے کہ آپ لوگوں نے وہ بات سنی جو لوگ بات کرتے ہیں اور وہ بات آپ کے ذہن میں پختہ ہو گئی ہے اور آپ نے اس کی تصدیق کر دی ہے میں آپ سے یہ کہوں کہ میں اس سے بری ذمہ ہوں اور اللہ جانتا ہے کہ میں بری ہوں تو آپ میری اس بات کو سچ نہیں سمجھیں گے اور اگر میں آپ کے سامنے ایک ایسی چیز کے بارے میں اعتراف کر لوں جو بات اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں اس سے بری ہوں تو آپ اس بارے

میں مجھے سچا سمجھیں گے اللہ کی قسم اس بارے میں مجھے اپنے اور آپ کے بارے میں اس کے علاوہ اور کوئی مثال نہیں سوجھ رہی جو حضرت یوسف علیہ السلام کے والد نے کہا تھا:

''اب صبر ہی بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ سے ہی مدد مانگی جاسکتی ہے' اس چیز کے بارے میں' جو تم بیان کررہے ہو''۔

پھر میں اپنے بستر پر لیٹ گئی مجھے یہ امید تھی کہ اللہ تعالیٰ میری مدد کے بارے میں (حکم) نازل کردے گا لیکن اللہ تعالیٰ کی قسم مجھے اس بات کا گمان نہیں تھا کہ میرے معاملے کے بارے میں وحی نازل ہوگی میرے خیال میں' میں اس بارے میں بہت حقیر ہوں کہ قرآن میں میرے معاملے میں کلام کیا جائے مجھے صرف یہ امید تھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خواب میں کوئی ایسی چیز دیکھیں' جو میری برأت کا اظہار کردے گی اللہ کی قسم ابھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اس جگہ سے اٹھے نہیں تھے اور گھر میں موجود لوگوں میں سے کوئی بھی شخص باہر نہیں گیا تھا اسی دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہونا شروع ہوئی اس وقت آپ پر وہی کیفیت طاری ہوئی جو وحی کے نزول کے وقت ہوتی ہے' یہاں تک کہ سخت سردی کے دن بھی آپ کی پیشانی سے موتیوں کی طرح (پسینے کے قطرے) پھوٹ پڑتے تھے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت ختم ہوئی' تو آپ مسکرا رہے تھے۔ سب سے پہلی بات آپ نے یہ کہی اے عائشہ تم اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرو کیونکہ اس نے تمہیں بری قرار دے دیا ہے۔ میری والدہ نے مجھ سے کہا: تم اٹھ کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ میں نے کہا: نہیں اللہ کی قسم میں اٹھ کر ان کی طرف نہیں جاؤں گی اور میں صرف اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کروں گی' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''بے شک تم میں سے ایک گروہ نے جو جھوٹا الزام لگایا''۔

جب اللہ تعالیٰ نے میری برأت کے بارے میں یہ حکم نازل کردیا' تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ جو مسطح کے ساتھ اپنی رشتے داری کی وجہ سے اسے خرچ دیا کرتے تھے انہوں نے یہ کہا: اللہ کی قسم! مسطح نے عائشہ کے بارے میں' جو کچھ کہا ہے' اس کے بعد اب میں کبھی اس پر کچھ خرچ نہیں کروں گا' تو اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ آیت نازل کی۔

''تم میں سے فضیلت اور گنجائش رکھنے والے لوگ یہ قسم نہ اٹھائیں''۔

یہ آیت' یہاں تک ہے ''اللہ تعالیٰ مغفرت کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے''۔

تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم میں اس بات کو پسند کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ میری مغفرت کرے' تو پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دوبارہ مسطح کی اسی طرح مدد کرنا شروع کردی' جس طرح پہلے کیا کرتے تھے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے میرے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں اپنی سماعت اور بصارت کو محفوظ قرار دیتی ہوں۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: وہ میرے مقابلے کی دعوے دار تھیں' لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کی پرہیزگاری کی وجہ سے انہیں (جھوٹا الزام لگانے سے) محفوظ رکھا۔

7100 - قَالَ اَبُو الرَّبِيعِ، وَحَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، وَعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ،

مِثْلَهُ

ﷺﷺ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

7101 - قَالَ اَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَيَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ، مِثْلَهُ

ﷺﷺ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

ذِكْرُ تَفْوِيضِ عَائِشَةَ الْحَمْدَ اِلَى الْبَارِى جَلَّ وَعَلَا لِمَا اَنْعَمَ عَلَيْهَا مِمَّا بَرَّاَهَا عَمَّا قُذِفَتْ بِهِ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا اس بات پر اللہ تعالیٰ کی حمد کرنے کا تذکرہ جو اس نے ان پر انعام کیا کہ ان پر جو الزام عائد کیا گیا تھا اس سے ان کو بری قرار دیا

7102 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلَى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ الْقُطَيْعِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَبِىْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا اُنْزِلَ عُذْرِى مِنَ السَّمَاءِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَبْشِرِى فَقَدْ اَنْزَلَ

7100–حديث صحيح، كسابقه، وهو فى "مسند أبى يعلى" "4929".

وأخرجه البخارى "2661" فى الشهادات: باب تعديل النساء بعضهن بعضاً، والطبرانى "136"/23 من طريق أبى الربيع الزهرانى، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبرانى "136"/23 من طريق حجاج بن إبراهيم الأزرق، عن فليح، به. وأخرجه أبو يعلى "4931" من طريق حوثرة بن أشرس، والطبرانى "149"/23 من طريق حجاج بن المنهال، أبو داود "5219" فى الأدب: باب فى قبلة الرجل ولده، والبيهقى 7/101 من طريق موسى بن إسماعيل، ثلاثتهم عن حماد بن سلمة، عن هشام، عن أبيه، عن عائشة. ولفظ موسى بن إسماعيل مختصر. وأخرجه البخارى "4757" فى تفسير النور: باب (إِنَّ الَّذِينَ يُحِبُّونَ أَنْ تَشِيعَ الْفَاحِشَةُ ...)، وبإثر "7369" فى الإعتصام: باب قول الله تعالى: (وَأَمْرُهُمْ شُورَى بَيْنَهُمْ) تعليقاً عن أبى أسامة، عن هشام، عن أبيه، عن عائشة، ووصله مسلم "2770" "58"، والترمذى "3180" فى تفسير سورة النور، والطبرانى "150"/23 من طرق عن أبى أسامة، به. وأخرجه الطبرانى "151"/23 من طريق إسماعيل بن أبى أويس، عن أبيه، عن هشام، عن أبيه، عن عائشة. وأخرجه أيضاً "151"/23 من طريق إسماعيل بن أبى أويس، عن أبيه، عن عبد الله بن أبى بكر بن محمد بن عمرو بن حزم، عن عمرة بنت عبد الرحمن، عن عائشة. وأخرجه الطبرانى أيضاً "152"/23 من طريق خصيف، عن مقسم، عن عائشة. وأخرجه 23/ "153" من طريق أبى سعد البقال، عن عبد الرحمن بن الأسود، عن أبيه، عن عائشة. وأخرجه "160"/23 من طريق يحيى بن عباد بن عبد الله بن الزبير، عن أبيه، عن عائشة

7101–صحيح كالذى قبله، وهو فى "مسند أبى يعلى" "4928" وأخرجه البخارى "2661"، والطبرانى "137"/23 من طريق أبى الربيع، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبرانى "137"/23 من طريق حجاج، عن فليح، عن ربيعة بن أبى عبد الرحمن، عن القاسم، به.

اللّٰهُ عُذْرَكِ ، قُلْتُ: بِحَمْدِ اللّٰهِ لَا بِحَمْدِكَ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میرے بری ذمہ ہونے کے بارے میں آسمان سے حکم نازل ہوا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے لیے خوشخبری ہے اللہ تعالیٰ نے تمہارے بری ذمہ ہونے کے بارے میں حکم نازل کر دیا ہے' تو میں نے کہا: میں اللہ کی حمد بیان کرتی ہوں آپ کی حمد بیان نہیں کرتی۔

ذِكْرُ نَفْيِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا مَعْرِفَةَ النِّعْمَةِ عَنْ اَحَدٍ مِنَ الْمَخْلُوقِينَ وَإِضَافَتِهَا بِكُلِّيَّتِهَا اِلٰى خَالِقِ السَّمَاءِ وَحْدَهُ دُوْنَ خَلْقِهِ

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا مخلوق میں سے کسی بھی ایک شخص سے نعمت کی معرفت کی نفی کرنے اور نعمت کی نسبت مکمل طور پر صرف آسمان کے خالق کی طرف کرنے کا تذکرہ' جو اس کی مخلوق کی طرف نہ ہو

7103 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): سَاَلْتُ اُمَّ رُوْمَانَ وَهِيَ اُمُّ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، اَوْ قِيْلَ لَهَا مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ عُذْرَهَا - يَعْنِىْ عَائِشَةَ -، قَالَتْ: بَيْنَمَا اَنَا عِنْدَ عَائِشَةَ اِذْ دَخَلَتْ عَلَيْنَا امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَاِذَا هِيَ تَقُوْلُ: فَعَلَ اللّٰهُ بِفُلَانٍ كَذَا، فَقَالَتْ: لِمَ قَالَتْ: لِاَنَّهُ كَانَ فِيمَنْ حَدَّثَ الْحَدِيْثَ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: فَاَيُّ حَدِيْثٍ؟ فَاَخْبَرْتُهَا، قَالَتْ: فَسَمِعَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُوْ بَكْرٍ، قَالَتْ: نَعَمْ، فَخَرَّتْ مَغْشِيًّا عَلَيْهَا، فَمَا اَفَاقَتْ اِلَّا وَعَلَيْهَا حُمَّى

7102- إسناده حسن، عمر بن أبي سلمة - وهو ابن عبد الرحمن بن عوف الزهري - مختلف فيه، وهو كما قال ابن عدى: حسن الحديث لا بأس به، وباقي رجاله ثقات على شرط الشيخين . أبو معمر القطيعي: هو إسماعيل بن إبراهيم بن معمر . وأخرجه أحمد 6/30، ومن طريقه الطبراني /23 "155" عن هشيم، بهذا الإسناد . ووقع في "المسند" خطأ في إسناده فيستدرك من هنا . وأخرجه أحمد6/103، والطبراني "156"/23 من طريق أبي عوانة، عن عمر بن أبي سلمة، به، وانظر ما قبله، والحديث الآتي.

7103- رجاله ثقات رجال الشيخين غير صحابيته أم رومان، فقد روى لها البخارى . ابْنُ فُضَيْلٍ: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غزوان، وحصين: هو ابن عبد الرحمن السلمي أبو الهذيل الكوفي، وشقيق: هو أبو وائل شقيق بن سلمة، ومسروق: هو ابن الأجدع. قلت: وقد استشكل قول مسروق: سألت أم رومان ... فإن أم رومان ماتت على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم، ومسروق ليست له صحبة، لأنه إنما قدم المدينة بعد موت رسول الله صلى الله عليه وسلم في خلافة أبي بكر أو عمر؟ قال الخطيب فيما نقله عنه المزى في "الأطراف"13/79: هذا حديث غريب من رواية أبي وائل، عن مسروق، عن أم رومان، لانعلم رواه عنه غير حصين بن عبد الرحمن، وفيه إرسال، لأن مسروقاً لم يدرك أم رومان، وكانت وفاتها على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم، وكان مسروق يرسل رواية هذا الحديث عنها، ويقول: "سئلت أم رومان"، فوهم حصين فيه، إذ جعل السائل لها مسروقاً، اللهم إلا أن يكون بعض النقلة كتب: "سألت" بالألف، فإن من الناس من يجعل الهمزة في الخط ألفاً وإن كانت مكسورة أو مرفوعة، فيبرأ حينئذ حصين من الوهم فيه، على أن بعض الرواة قد رواه عن حصين على الصواب . قال: وأخرج البخارى هذا الحديث في "صحيحه" لما رأى فيه "عن مسروق" قال: "سألت أم رومان"، ولم تظهر له علته.

نَافِضٌ، قَالَتْ: فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا هٰذَا؟ قَالَتْ: فَقُلْنَا: حُمَّى اَخَذَتْهَا، قَالَ: فَلَعَلَّهُ مِنْ اَجْلِ حَدِيْثٍ تُحَدِّثَ بِهِ، قَالَتْ: فَقَعَدَتْ، فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ لَئِنْ حَلَفْتُ لَا تُصَدِّقُوْنِيْ وَلَئِنِ اعْتَذَرْتُ لَا تَعْذِرُوْنِيْ، فَمَثَلِي وَمَثَلُكُمْ مِثْلُ يَعْقُوْبَ وَبَنِيْهِ: (وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ) (یوسف: 18)، قَالَتْ: وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِ مَا اَنْزَلَ فَاَخْبَرَهَا، فَقَالَتْ: بِحَمْدِ اللّٰهِ لَا بِحَمْدِ اَحَدٍ

مسروق بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ ام رومان رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: جو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی والدہ تھیں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اس خاتون سے دریافت کیا گیا: اللہ تعالیٰ نے ان کے یعنی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے بری ذمہ ہونے کے بارے میں کیا نازل کیا' تو سیّدہ ام رومان رضی اللہ عنہا نے بتایا: میں عائشہ کے پاس بیٹھی ہوئی تھی اسی دوران ایک انصاری عورت ہمارے پاس آئی وہ یہ کہہ رہی تھی: اللہ تعالیٰ فلاں کے ساتھ اس طرح کرے (یعنی اس کو بددعا دے رہی تھی) تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا: تم نے یہ کیوں کہا ہے' اس نے جواب دیا: اس کی وجہ یہ ہے' اس نے وہ بات کہی ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا: کون سی بات' تو میں نے عائشہ کو اس بارے میں بتایا اس نے دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے یہ بات سنی ہے؟ سیّدہ ام رومان رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: جی ہاں' تو عائشہ گر پڑی اور اس پر بے ہوشی طاری ہوگئی جب اسے ہوش آیا' تو اسے انتہائی تیز بخار تھا۔ سیّدہ ام رومان رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ نے دریافت کیا: اسے کیا ہوا ہے؟ ہم نے عرض کی: اسے بخار ہوگیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شاید یہ اس بات کی وجہ سے ہوا ہے' جو اس کے بارے میں کی جا رہی ہے۔ سیّدہ ام رومان رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' تو عائشہ بیٹھ گئی اس نے کہا: اللہ کی قسم اگر میں قسم اٹھا لوں (کہ میں بری ذمہ ہوں) تو آپ مجھے سچا قرار نہیں دیں گے وراگر میں بری ذمہ ہونے کا اظہار کروں' تو آپ میرا عذر قبول نہیں کریں گے میری اور آپ کی مثال اسی طرح ہے' جو حضرت یعقوب علیہ السلام اور ان کے بیٹوں کی تھی۔

''اللہ تعالیٰ سے ہی مدد لی جاسکتی ہے' اس بارے میں' جو تم بیان کر رہے ہو''۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' تو اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر جو کچھ نازل کرنا تھا نازل کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اس بارے میں بتایا' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: میں اللہ کی حمد بیان کروں گی کسی دوسرے کی حمد بیان نہیں کروں گی۔

ذِكْرُ قَوْلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلصِّدِّيقَةِ بِنْتِ الصِّدِّيقِ اِنَّهُ لَهَا كَاَبِيْ زَرْعٍ لِاُمِّ زَرْعٍ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ کہنے کا تذکرہ' وہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے لیے اسی طرح ہیں' جس طرح ابوزرع، ام زرع کے لیے تھا

7104 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، وَمُصْعَبُ بْنُ سَعِيْدٍ، وَعَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): قَالَتْ: جَلَسَ إِحْدَى عَشْرَةَ امْرَأَةً، فَتَعَاهَدْنَ وَتَعَاقَدْنَ أَنْ لَا يَكْتُمْنَ مِنْ أَخْبَارِ أَزْوَاجِهِنَّ شَيْئًا، قَالَتِ الْأُولَى: زَوْجِي لَحْمُ جَمَلٍ غَثٍّ عَلَى رَأْسِ جَبَلٍ، لَا سَهْلٌ فَيُرْتَقَى، وَلَا سَمِينٌ فَيُنْتَقَلُ، وَقَالَتِ الثَّانِيَةُ: زَوْجِي لَا أَبُثُّ خَبَرَهُ إِنِّي أَخَافُ أَنْ لَا أَذَرَهُ إِنْ أَذْكُرْهُ أَذْكُرْ عُجَرَهُ وَبُجَرَهُ، وَقَالَتِ الثَّالِثَةُ: زَوْجِي الْعَشَنَّقُ إِنْ أَنْطِقْ أُطَلَّقْ، وَإِنْ أَسْكُتْ أُعَلَّقْ، وَقَالَتِ الرَّابِعَةُ: زَوْجِي كَلَيْلِ تِهَامَةَ لَا حَرٌّ، وَلَا قُرٌّ، وَلَا مَخَافَةَ، وَلَا سَآمَةَ، وَقَالَتِ الْخَامِسَةُ: زَوْجِي إِنْ دَخَلَ فَهِدَ، وَإِنْ خَرَجَ أَسِدَ، وَلَا يَسْأَلُ عَمَّا عَهِدَ، وَقَالَتِ السَّادِسَةُ: زَوْجِي إِنْ أَكَلَ لَفَّ، وَإِنْ شَرِبَ اشْتَفَّ، وَإِنِ اضْطَجَعَ الْتَفَّ، وَلَا يُولِجُ الْكَفَّ لِيَعْلَمَ الْبَثَّ، وَقَالَتِ السَّابِعَةُ: زَوْجِي غَيَايَاءُ أَوْ عَيَايَاءُ طَبَاقَاءُ كُلُّ دَاءٍ لَهُ دَاءٌ شَجَّكِ، أَوْ فَلَّكِ، أَوْ جَمَعَ كُلًّا لَكِ، وَقَالَتِ الثَّامِنَةُ: زَوْجِي الْ

7104- إسناده صحيح على شرط الشيخين. مصعب بن سعيد: ذكره المؤلف في "الثقات"9/175، فقال: مصعب بن سعيد أبو خيثمة المصيصي، يروى عن موسى بن أعين وعبيد الله بن عمر ربما أخطأ، يعتبر حديثه إذا روى عن الثقات، وبين السماع في خبره، لأنه كان مدلساً، وقد كف في آخر عمره. قلت: وقد تابعه هنا هشام بن عمار وعلى بن حجر، والأول روى له البخارى تعليقاً، وهو صدوق، والثانى ثقة، اتفقا على إخراج حديثه . وأخرجه البخارى "5189" فى النكاح: باب حسن المعاشرة مع الأهل، ومسلم "2448" فى فضائل الصحابة: باب ذكر حديث أم زرع، والترمذى فى "الشمائل" "251"، والنسائى كما فى "التحفة"12/12. . . . . والبغوى "2340"، والقاضى عياض فى "بغية الزوائد" ص 3و4و6 من طريق على بن حجر، بهذا الإسناد . وأخرجه الطبرانى فى "الكبير""266"/23 عن أحمد بن المعلى، عن هشام بن عمار، به. وأسند فيه القصة إلى النبى صلى الله عليه وسلم . وأخرجه البخارى "5189"، ومسلم "2448"، وأبو يعلى "4701"، والطبرانى "265"/23 من طريقين عن موسى بن إسماعيل، عن سعيد بن سلمة، عن هشام بن عروة، عن أخيه عبد الله بن عروة "ليس فى الطبرانى " عن أبيه، عن عائشة. وأسند الطبرانى القصة هنا أيضاً للنبى صلى الله عليه وسلم . وأخرجه الطبرانى "267"/23 من طريق حامد بن يحيى البلخى، عن سفيان بن عيينة، عن داود بن شابور، عن عبد الله نب عروة، به. وأسند القصة للنبى صلى الله عليه وسلم . وأخرجه أبو يعلى "2702"، والطبرانى "269"/23 من طريق زهير بن حرب، والنسائى فى "مسنده" - كما ذكر القاضى عياض ص 17 - عن عبد الرحمن بن محمد بن سلام، كلاهما عن ريحان بن سعيد، عن عباد بن منصور، عن هشام، عن أبيه، عن عائشة . وأسند الطبرانى والنسائى القصة للنبى صلى الله عليه وسلم. وأخرجه أبو يعلى "2703"، والطبرانى /23 "273" من طريق داود بن شابور، و "272"، والفاضى عياض ص 5 من طريق القاسم بن عبد الواحد بن أيمن، كلاهما عن عمر بن عبد الله بن عروة، عن جده عروة، عن عائشة، عن النبى صلى الله عليه وسلم ... فذكر القصة. . . . . وأخرجه الطبرانى "268"/23 من طريق عقبة بن خالد، عن هشام بن عروة، عن يزيد بن رومان، عن عروة، عن عائشة، عن النبى صلى الله عليه وسلم ... فذكر القصة. وأخرجه "268" أيضاً من طريق عقبة، به . إلا أنه أسقط يزيد بن رومان . وأخرجه /23 "270" من طريق عبد الرحمن بن أبى الزناد، عن هشام، عن أبيه، عن عائشة أ، رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: "ياعائشة، كنت لك كأبى زرع لأم إلا أن أبا زرع طلق وأنا لم أطلق ." وأخرجه أيضاً /23 "271" يونس بن أى إسحاق، عن هشام بن عروة، عن أبيه عن عائشة مختصراً. وأخرجه أيضاً "274"/23، والخطيب فى "الأسماء المبهمة" ص530-528، والقاضى عياض ص 16-12 من طريق الزبير بن بكار، عن محمد بن الضحاك، عن عبد العزيز بن محمد الدراوردى، عن هشام، عن أبيه، عن عائشة قالت: دخل على رسول الله صلى الله عليه وسلم وعندى بعض نسائه، فقال: "يا عائشة، أنا لك كأبى زرع لأم زرع " قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "إن قرية من قرى اليمن كان بها بطن من بطون أهل اليمن، وكان منهن إحدى عشرة امرأة".. فذكره وذكر أسماء النساء فيه.

مَسُّ مَسُّ اَرْنَبٍ، وَالرِّيحُ رِيحُ زَرْنَبٍ، قَالَتِ التَّاسِعَةُ: زَوْجِي رَفِيعُ الْعِمَادِ طَوِيلُ النِّجَادِ عَظِيمُ الرَّمَادِ قَرِيبُ الْبَيْتِ مِنَ النَّادِ، قَالَتِ الْعَاشِرَةُ: زَوْجِي مَالِكٌ، فَمَا مَالِكٌ؟ مَالِكٌ خَيْرٌ مِّنْ ذٰلِكَ لَهُ اِبِلٌ كَثِيرَاتُ الْمَبَارِكِ قَلِيلَاتُ الْمَسَارِحِ، اِذَا سَمِعْنَ اَصْوَاتَ الْمَزَاهِرِ، اَيْقَنَّ اَنَّهُنَّ هَوَالِكُ، قَالَتِ الْحَادِيَةَ عَشْرَةَ: زَوْجِي اَبُوْ زَرْعٍ، وَمَا اَبُوْ زَرْعٍ اَنَاسَ مِنْ حُلِيٍّ اُذُنِيْ، وَمَلَا مِنْ شَحْمٍ عَضُدَيَّ فَبَجَّحَنِيْ فَبَجِحَتْ اِلَيَّ نَفْسِيْ وَجَدَنِيْ فِيْ اَهْلِ غُنَيْمَةٍ بِشَقٍّ، فَجَعَلَنِيْ فِيْ اَهْلِ صَهِيلٍ وَّاَطِيطٍ وَّدَائِسٍ وَّمُنَقٍّ، فَعِنْدَهُ اَقُوْلُ فَلَا اُقَبَّحُ، وَاَرْقُدُ فَاَتَصَبَّحُ، وَاَشْرَبُ فَاَتَقَمَّحُ، اُمُّ اَبِيْ زَرْعٍ، فَمَا اُمُّ اَبِيْ زَرْعٍ عُكُومُهَا رَدَاحٌ، وَبَيْتُهَا فَسَاحٌ، ابْنُ اَبِيْ زَرْعٍ فَمَا ابْنُ اَبِيْ زَرْعٍ؟ مَضْجَعُهُ كَمَسَلِّ شَطْبَةٍ وَّيُشْبِعُهُ ذِرَاعُ الْجَفْرَةِ وَابْنَةُ اَبِيْ زَرْعٍ، فَمَا ابْنَةُ اَبِيْ زَرْعٍ؟ طَوْعُ اَبِيهَا وَطَوْعُ اُمِّهَا وَمِلْءُ كِسَائِهَا وَغَيْظُ جَارَتِهَا جَارِيَةُ اَبِيْ زَرْعٍ، فَمَا جَارِيَةُ اَبِيْ زَرْعٍ؟ لَا تَبُثُّ حَدِيثَنَا تَبْثِيثًا، وَلَا تُنَقِّثُ مِيرَتَنَا تَنْقِيثًا، وَلَا تَمْلَاُ بَيْتَنَا تَعْشِيشًا، قَالَتْ: خَرَجَ اَبُوْ زَرْعٍ، وَالْاَوْطَابُ تُمْخَضُ، فَلَقِيَ امْرَاَةً مَعَهَا وَلَدَانِ لَهَا كَالْفَهْدَيْنِ يَلْعَبَانِ مِنْ تَحْتِ خَصْرِهَا بِرُمَّانَتَيْنِ، فَطَلَّقَنِيْ وَنَكَحَهَا، فَنَكَحْتُ بَعْدَهُ رَجُلًا سَرِيًّا، رَكِبَ شَرِيًّا، وَاَخَذَ خَطِّيًّا، وَاَرَاحَ عَلَيَّ نَعَمًا ثَرِيًّا، وَاَعْطَانِيْ مِنْ كُلِّ رَائِحَةٍ زَوْجًا، وَقَالَ: كُلِي اُمَّ زَرْعٍ وَّمِيرِي اَهْلَكِ، فَلَوْ جَمَعْتُ كُلَّ شَيْءٍ اَعْطَانِيهِ مَا بَلَغَ اَصْغَرَ آنِيَةِ اَبِيْ زَرْعٍ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُنْتُ لَكِ كَاَبِيْ زَرْعٍ لِاُمِّ زَرْعٍ، قَالَ هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، سَاَلْتُ عِيْسَى بْنَ يُوْنُسَ، عَنِ الدَّائِسِ، فَقَالَ: هُوَ الْاَنْدَرُ، وَالْمُنَقِّ: الْغِرْبَالُ

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں گیارہ عورتیں بیٹھیں انہوں نے آپس میں یہ طے کیا کہ وہ اپنے شوہروں کی باتوں کے بارے میں کچھ نہیں چھپائیں گی۔

''پہلی عورت نے کہا: میرا شوہر دشوار گزار پہاڑ کی چوٹی پر رکھا ہوا اونٹ کا گوشت ہے نہ تو وہ پہاڑ اتنا آسان ہے کہ اس پر چڑھا جا سکے اور نہ گوشت اتنا موٹا تازہ ہے کہ اسے منتقل کرنے کی کوشش کی جا سکے۔ دوسری عورت نے کہا: میرا شوہر ایسا ہے کہ میں اس کے بارے میں اطلاع کو پھیلا نہیں سکتی کیونکہ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ اگر میں اس کا ذکر کروں گی تو اس کی کوئی بھی بات نہیں چھوڑوں گی اس کی ہر خوبی خامی بیان کر دوں گی۔ تیسری عورت نے کہا: میرا شوہر بیوقوف ہے اگر میں بات کروں تو مجھے طلاق دے دی جائے اور اگر خاموش رہوں تو میں لٹکی رہوں۔ چوتھی نے کہا: میرا شوہر تہامہ کی رات کی طرح ہے نہ تو گرم ہے نہ ہی ٹھنڈا ہے نہ ہی خوف زدہ کرنے والا ہے اور نہ ہی افسوس کرنے والا ہے۔ پانچویں نے کہا: میرا شوہر اگر اندر آئے تو چیتا ہے اور اگر باہر جائے تو شیر ہے وہ اس چیز کے بارے میں سوال نہیں کرتا جو اس نے عہد لیا (یعنی جو ہدایت کی تھی یا کام کہا تھا) چھٹی نے کہا: میرا شوہر ایسا ہے اگر کھائے تو سب کھا جاتا ہے اگر پئے تو سب پی جاتا ہے اگر لیٹے تو سویا رہتا ہے اور وہ اپنا ہاتھ (لحاف کے اندر) داخل نہیں کرتا تاکہ اسے میری بے چینی کا احساس ہو۔ ساتویں نے کہا: میرا شوہر صحبت نہیں کر سکتا اور بے وقوف ہے ہر طرح کی بیماری اسے لاحق ہے وہ تمہیں زخمی بھی کر سکتا ہے اور تمہارا (کوئی عضو) توڑ بھی سکتا ہے اور تمہیں دونوں طرح سے تکلیف بھی پہنچا سکتا ہے۔

آٹھویں نے کہا: میرا شوہر چھونے میں (خرگوش کی طرح نرم ہے) اوراس کی خوشبو زرنب کی طرح عمدہ ہے۔نویں عورت نے کہا: میرا شوہر بلند ستونوں والا ہے طویل محفل والا ہے زیادہ راگ والا ہے اوراس کا گھر چوپال کے قریب ہے۔دسویں عورت نے کہا: میرا شوہر مالک ہے مالک کی کیا بات کروں مالک اس سے زیادہ بہتر ہے (یعنی میں اس کے بارے میں جو بھی کہوں اس سے زیادہ بہتر ہے) اس کے پاس بہت سے اونٹ ہیں جو باڑے میں بیٹھے رہتے ہیں وہ چراگاہ کی طرف کم جاتے ہیں جب وہ باجوں کی آواز سنتے ہیں تو انہیں یقین ہو جاتا ہے اب ان کی موت کا وقت آ گیا ہے۔

گیارہویں عورت نے کہا: میرا شوہر ابوزرع ہے ابوزرع کی کیا بات کہوں اس نے زیورات سے میرے کان لٹکا دیئے ہیں اور میرے بازو چربی سے بھر دیئے ہیں اس نے مجھے اتنا خوش کیا اور اتنی خوشیاں دیں کہ میں یہ بھول گئی کہ اس نے مجھے چند بکریوں والوں کے پاس پایا تھا اور پھر مجھے ایک ایسے گھرانے میں لے آیا جہاں گھوڑے، اونٹ، بیل اور کسان موجود تھے اس کے گھر میں اگر میں کچھ کہتی تو مجھے برا نہیں کہا جاتا اور اگر میں سوتی تو صبح کر دیتی اور اگر پیتی تو سیر ہو جاتی۔ابوزرع کی ماں ابوزرع کی ماں کے کیا کہنے اس کے بڑے برتن ہمیشہ بھرے رہتے ہیں اوراس کا گھر کشادہ ہے ابوزرع کا بیٹا ابوزرع کے بیٹے کے کیا کہنے اس کا بستر نرم اور نازک ہے اور وہ دبلا پتلا سا ہے بکری کے بچے کی دستی اس کا پیٹ بھر دیتی ہے ابوزرع کی بیٹی ابوزرع کی بیٹی کے کیا کہنے اپنے باپ کی فرمانبردار اپنی ماں کی فرمانبردار بھاری بھرکم جسم کی مالک اور اپنی پڑوسن کے لئے تاؤ دلانے والی شخصیت۔ابوزرع کی کنیز ابوزرع کی کنیز کے کیا کہنے وہ ہماری باتیں باہر بیان نہیں کرتی اور ہماری اجازت کے بغیر کھانے کی کوئی چیز نہیں کھاتی اور ہمارے گھر میں گندگی اکٹھی نہیں ہونے دیتی۔

اس عورت نے بتایا: ایک دن ابوزرع باہر نکلا اس وقت برتنوں میں دودھ دوہا جا رہا تھا ابوزرع کی ملاقات ایک عورت سے ہوئی جس کے ساتھ اس کے دو بچے بھی تھے جو دو چیتوں کی مانند تھے وہ اس کے پہلو کے نیچے دو اناروں کے ساتھ کھیل رہے تھے تو ابوزرع نے مجھے طلاق دے دی اوراس عورت کے ساتھ شادی کر لی۔

ابوزرع کے بعد میں نے ایک ایسے شخص کے ساتھ شادی کی جو سردار تھا، شہسوار تھا، سپاہی تھا اس نے مجھے بہت سی نعمتیں عطا کیں اس نے مجھے ہر طرح کی نعمت کا جوڑا دیا اور کہا: ام زرع تم کھاؤ اور اپنے میکے والوں کو بھی بھیجو اس نے مجھے جو کچھ دیا اگر میں اس سب کو جمع کروں تو پھر بھی یہ ابوزرع کے چھوٹے برتن تک نہیں پہنچتا۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: میں تمہارے لیے اسی طرح ہوں جس طرح ابوزرع ام زرع کے لئے تھا۔

ہشام بن عمار کہتے ہیں: میں نے عیسیٰ بن یونس سے دریافت کیا: (اس روایت میں استعمال ہونے والے لفظ) دائس سے کیا مراد ہے انہوں نے کہا: ''دائس'' سے مراد ''اندر'' ہے اور ''منق'' سے مراد چھلنی ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِمَحَبَّةِ عَائِشَةَ اِذِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُحِبُّهَا

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے محبت رکھنے کا حکم ہونے کا تذکرہ' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے محبت کرتے تھے

7105 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اِجْتَمَعَ اَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرْسَلْنَ فَاطِمَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَ لَهَا: قُوْلِي لَهُ: اِنَّ نِسَاءَ كَ قَدِ اجْتَمَعْنَ اِلَيَّ وَهُنَّ يَسْاَلْنَكَ الْعَدْلَ فِي بِنْتِ اَبِى قُحَافَةَ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَدَخَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَعِي فِي مِرْطٍ، فَقَالَتْ لَهُ: اِنَّ نِسَاءَ كَ اَرْسَلْنَنِي اِلَيْكَ وَقَدِ اجْتَمَعْنَ وَهُنَّ يَنْشُدْنَكَ الْعَدْلَ فِي بِنْتِ اَبِى قُحَافَةَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتُحِبِّينِي؟ ، قَالَتْ: نَعَمْ، قَالَ: فَاَحِبِّيهَا ، فَرَجَعَتْ اِلَيْهِنَّ فَاَخْبَرَتْهُنَّ بِمَا قَالَ لَهَا، فَقُلْنَ: اِنَّكِ لَمْ تَصْنَعِي شَيْئًا، فَارْجِعِي اِلَيْهِ، فَقَالَتْ: لَا، وَاللّٰهِ لَا اَرْجِعُ اِلَيْهِ فِيهَا اَبَدًا وَكَانَتْ بِنْتُ اَبِيهَا حَقًّا، فَاَرْسَلْنَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِينِي مِنْ بَيْنِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: اِنَّ اَزْوَاجَكَ اَرْسَلْنَنِي اِلَيْكَ وَهُنَّ يَنْشُدْنَكَ الْعَدْلَ فِي بِنْتِ اَبِى قُحَافَةَ، ثُمَّ اَقْبَلَتْ عَلَيَّ فَشَتَمَتْنِي، فَسَكَتُّ اُرَاقِبُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنْظُرُ اِلَى طَرْفِهِ هَلْ يَاْذَنُ لِي اَنْ اَنْتَصِرَ مِنْهَا، فَلَمْ يَتَكَلَّمْ فَشَتَمَتْنِي حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنَّهُ لَا يَكْرَهُ اَنْ اَنْتَصِرَ مِنْهَا، فَاسْتَقْبَلْتُهَا فَلَمْ اَلْبَثْ اَنْ اَفْحَمْتُهَا، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهَا بِنْتُ اَبِى بَكْرٍ ، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَلَمْ اَرَ امْرَاَةً قَطُّ اَكْثَرَ خَيْرًا، وَاَكْثَرَ صَدَقَةً، وَاَوْصَلَ لِلرَّحِمِ، وَاَبْذَلَ لِنَفْسِهَا فِي شَيْءٍ تَتَقَرَّبُ بِهِ اِلَى اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مِنْ زَيْنَبَ مَا عَدَا سُورَةً مِنْ غَرْبِ حِدَّةٍ كَانَ فِيهَا يُوشِكُ مِنْهَا الْفَيْئَةَ *

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج اکٹھی ہوئیں اور انہوں نے سیّدہ فاطمہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا ان خواتین نے سیّدہ فاطمہ سے یہ کہا: تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہنا: آپ کی بیویاں میرے پاس اکٹھی ہوکر آئیں وہ آپ سے یہ مطالبہ کر رہی تھیں کہ آپ ابوقحافہ کی صاحب زادی (یعنی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا) کے بارے میں انصاف سے کام لیجئے۔سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے

7105– حديث صحيح. ابن أبى السرى: هو محمد بن المتوكل، وقد روى له أبو داود، وهو متابع، وباقى رجاله ثقات رجال الشيخين، وهو فى "مصنف عبد الرزاق "."20925"وأخرجه من طريق عبد الرزاق: أحمد 6/150 - 151، والنسائى 7/67 68 فى عشرة النساء : باب حب الرجل بعض نسائه أكثر من بعض، والبغوى ."3964" وأخرجه البخارى "2581" فى الهبة: باب من أهدى إلى صاحبه وتحرى بعض نسائه دون بعض، من طريق هشام بن عروة، عن أبيه عن عائشة أطول منه. وأخرجه أحمد 6/88، ومسلم "2442" فى فضائل الصحابة: باب فى فضل عائشة، والنسائى -7/64 66 و67-66، والبيهقى 7/299 من طرق عن الزهرى، عن محمد بن عبد الرحمن بن الحارث بن هشام، عن عائشة. وأخرجه البخارى تعليقاً بإثر "2581" عن هشام بن عروة عن رجل، عن الزهرى، عن محمد بن عبد الرحمن.

ساتھ لحاف میں موجود تھے سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے آپ کو یہ گزارش کی کہ آپ کی ازواج نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے وہ اکٹھی ہوئی تھیں اور انہوں نے آپ کو یہ واسطہ دیا ہے کہ آپ ابوقحافہ کی صاحب زادی کے بارے میں انصاف سے کام لیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم مجھ سے محبت کرتی ہو؟ انہوں نے عرض کی: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اس سے (یعنی عائشہ سے) محبت کرو' تو سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا ان خواتین کے پاس واپس گئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے جو فرمایا تھا اس کے بارے میں انہیں بتایا' تو ان خواتین نے کہا: آپ نے کچھ نہیں کیا آپ دوبارہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جائیں' تو سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: جی نہیں اللہ کی قسم اب میں اس بارے میں کبھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دوبارہ نہیں جاؤں گی۔

(سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں) وہ واقعی اپنے والد کی صاحب زادی تھیں پھر ان ازواج نے سیّدہ زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا کو بھیجا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے یہ وہ خاتون تھیں' جو میرے مقابلے کی دعوے دار تھیں انہوں نے کہا: آپ کی ازواج نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے انہوں نے ابوقحافہ کی صاحب زادی کے بارے میں انصاف کرنے کی گزارش کی ہے پھر وہ خاتون میری طرف متوجہ ہوئیں انہوں نے مجھے برا کہنا شروع کیا میں خاموش رہی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جائزہ لیتی رہی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھتی رہی کہ کیا آپ مجھے اجازت دیں گے کہ میں انہیں' جواب دوں لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی بات نہیں کی وہ مسلسل مجھے برا کہتی رہیں' یہاں تک کہ میں نے یہ گمان کیا کہ اگر اب میں نے ان کا جواب دیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ برا نہیں لگے گا میں ان کے سامنے آئی اور تھوڑی ہی دیر میں' میں نے انہیں خاموش کروا دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: یہ ابوبکر کی بیٹی ہے۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے کبھی ایسی کوئی عورت نہیں دیکھی جو سیّدہ زینب رضی اللہ عنہا سے زیادہ بھلائی کرنے والی ہو زیادہ صدقہ خیرات کرنے والی ہو زیادہ صلہ رحمی کرنے والی ہو اور اپنے آپ کو ایسے اعمال میں زیادہ مصروف رکھنے والی ہو جن کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کیا جا سکتا ہے البتہ یہ ہے کہ ان کے مزاج میں کچھ تیزی تھی لیکن وہ اس بارے میں جلد رجوع بھی کر لیا کرتی تھیں (یعنی اپنی غلطی تسلیم کر لیتی تھیں)

ذِكْرُ خَبَرٍ وَّهِمَ فِيْ تَأْوِيلِهِ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ

اس روایت کا تذکرہ' جس کا مفہوم بیان کرنے میں اس شخص کو غلط فہمی ہوئی جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

7106 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ قَيْسٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ:

7106- إسناد صحيح على شرط الشيخين. إسماعيل: هو ابن أبي خالد، وقيس: هو ابن أبي حازم. وأخرجه ابن عساكر - فيما ذكر الحافظ ابن حجر في "الفتح" 7/26 من طريق علي بن مهر، بهذا الإسناد. وقد تقدم برقم. "4540"

(متن حدیث):قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ: اَیُّ النَّاسِ اَحَبُّ اِلَيْكَ؟ قَالَ: عَائِشَةُ ، فَقُلْتُ: اِنِّی لَسْتُ اَعْنِی النِّسَاءَ اِنَّمَا اَعْنِی الرِّجَالَ، فَقَالَ: اَبُوْ بَكْرٍ ، اَوْ قَالَ: اَبُوْهَا .

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عائشہ۔ میں نے عرض کی: میں آپ کی ازواج مراد نہیں لے رہا' میری مراد مرد ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوبکر (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا والد۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ مَخْرَجَ هٰذَا السُّؤَالِ وَالْجَوَابِ مَعًا كَانَ عَنْ اَهْلِهِ دُوْنَ سَائِرِ النِّسَاءِ مِنْ فَاطِمَةَ وَغَيْرِهَا

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: اس سوال وجواب کا پس منظر یہ تھا کہ

یہ سوال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کے بارے میں کیا گیا تھا' دیگر خواتین کے بارے میں نہیں تھا جن میں سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور دیگر خواتین شامل ہیں

7107 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث):سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَيْكَ؟ قَالَ: عَائِشَةُ ، قِيْلَ لَهُ: لَيْسَ عَنْ اَهْلِكَ نَسْاَلُكَ، قَالَ: فَاَبُوْهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا آپ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کون ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: عائشہ۔ عرض کی گئی: ہم نے آپ سے آپ کی ازواج کے بارے میں دریافت نہیں کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا والد۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ قَبْلُ

اس روایت کا تذکرہ' جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

7108 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَنَّادٍ الْحَلَبِیُّ، حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سُلَيْمٍ،

7107- حديث صحيح. المسيب بن واضح: ذكره المؤلف في "الثقات"، وضعفه الدارقطني، وقال أبو حاتم: صدوق كان يخطء كثيراً، فإذا قيل له لم يقبل، وساق ابن عدي له عدة أحاديث تستنكر، وقال: أرجو أن باقي حديثه مستقيم، وكان النسائي حسن الرأي فيه، وقال الساجي: تكلموا فيه في أحاديث كثيرة، قلت: وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه الترمذي "3890" في المناقب: باب فضل عائشة رضي الله عنها، عن أحمد بن عبدة الضبي، وابن ماجة "101" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، عن أحمد بن عبدة والحسين بن الحسن المروزي، كلاهما عن المعتمر بن سليمان، عن حميد، عن أنس، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه من حديث أنس.

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَيْكَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ عَائِشَةَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبَّاسٍ يَسْتَاْذِنُ عَلَيْهَا، قَالَتْ: لَا حَاجَةَ لِیْ بِهٖ، قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ: اِنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ مِنْ صَالِحِیْ بَنِيكِ جَاءَ كِ يَعُوْدُكِ، قَالَتْ: فَاْذَنْ لَهٗ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: يَا اُمَّاهُ اَبْشِرِیْ فَوَاللّٰهِ مَا بَيْنَكِ وَبَيْنَ اَنْ تَلْقِی مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْاَحِبَّةَ اِلَّا اَنْ تُفَارِقَ رُوحُكِ جَسَدَكِ، كُنْتِ اَحَبَّ نِسَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ، وَلَمْ يَكُنْ يُحِبُّ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا طَيِّبَةً، قَالَتْ: وَاَيْضًا؟ قَالَ: هَلَكَتْ قِلَادَتُكِ بِالْاَبْوَاءِ، فَاَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمْ يَجِدُوْا مَاءً، فَتَيَمَّمُوا صَعِيْدًا طَيِّبًا، فَكَانَ ذٰلِكَ بِسَبَبِكِ وَبَرَكَتِكِ مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ مِنَ الرُّخْصَةِ، فَكَانَ مِنْ اَمْرِ مِسْطَحٍ مَا كَانَ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ بَرَاءَتَكِ مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمَاوَاتٍ، فَلَيْسَ مَسْجِدٌ يُذْكَرُ فِيْهِ اللّٰهُ اِلَّا وَشَاْنُكِ يُتْلٰى فِيْهِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ، فَقَالَتْ: يَا ابْنَ عَبَّاسٍ دَعْنِیْ مِنْكَ وَمِنْ تَزْكِيَتِكَ فَوَاللّٰهِ لَوَدِدْتُ اَنِّیْ كُنْتُ نَسْيًا مَنْسِيًّا

ابن ابوملیکہ بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے اندر آنے کی اجازت مانگی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: مجھے ان سے ملاقات کی ضرورت نہیں ہے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: ابن عباس! آپ کے نیک بیٹوں میں سے ایک ہیں وہ آپ کی عیادت کرنے کے لئے آپ کے پاس آئے ہیں' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں اجازت دے دی وہ اندر آئے انہوں نے کہا: اے امی جان آپ کے لئے خوشخبری ہے اللہ تعالیٰ کی قسم آپ کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات اور دیگر محبوب لوگوں سے آپ کی ملاقات کے درمیان صرف اتنا فاصلہ رہ گیا ہے کہ آپ کی روح آپ کے جسم سے جدا ہو جائے آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج میں سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب تھیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صرف کسی پاکیزہ چیز سے ہی محبت کرتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا: (اور بھی میرے اندر کوئی خوبی ہے؟) تو حضرت

۞۞ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میرے والد سردار (یا سرکاری اہلکار) تھے میں درس گاہ میں جایا کرتا تھا میرے ساتھ دولڑکے بھی تھے وہ درس گاہ سے واپس جاتے ہوئے ایک گرجے میں داخل ہوئے ان کے ساتھ میں بھی اندر چلا گیا' تو راہب نے ان سے کہا: کیا میں نے تم دونوں کو منع نہیں کیا تھا تم میرے پاس کسی کو نہ لے کر آنا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں اس کے پاس آتا جاتا رہا' یہاں تک کہ میں اس کے نزدیک ان دونوں لڑکوں سے زیادہ محبوب ہو گیا۔ اس راہب نے مجھ سے کہا: اے سلمان گھر والے تم سے پوچھیں گے تمہیں کس نے روک لیا تھا'' تو تم کہنا میرے استاد نے اور جب تمہارا استاد تم سے پوچھے تمہیں کس نے روک لیا تھا'' تو تم کہنا میرے گھر والوں نے۔ اس نے مجھ سے کہا: اے سلمان میں یہ چاہتا ہوں کہ یہاں سے کہیں

اور منتقل ہو جاؤں۔ میں نے کہا: میں آپ کے ساتھ رہوں گا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ وہاں سے منتقل ہوا اور ایک بستی میں آ گیا اس نے وہاں پڑاؤ کیا وہاں ایک عورت اس کے پاس آنے جانے لگی جب اس کا آخری وقت قریب آیا' تو وہ بولا: اے سلمان تم زمین کھودو۔ میں نے زمین کھودی اور اس میں سے درہموں کا ایک تھیلا نکالا۔ اس نے کہا: یہ میرے سینے کے اوپر ڈال دو۔ میں نے وہ اس کے سینے پر ڈال دیئے' تو اس نے اپنا ہاتھ میرے سینے کے اوپر مارنا شروع کیا اور بولا: راہب کے لئے بربادی ہے پھر وہ مر گیا۔ میں نے ان کے باجے میں پھونک مار کر (اس کے مرنے کا) اعلان کیا' تو بہت سے عبادت گزار اور راہب لوگ وہاں آ گئے۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اس مال کے بارے میں ارادہ کیا کہ اسے میں اٹھا کر لے جاتا ہوں لیکن پھر اللہ تعالیٰ نے میری توجہ اس کی طرف سے ہٹا دی جب وہ عبادت گزار اور راہب لوگ اکٹھے ہو گئے میں نے کہا: اس نے کچھ مال چھوڑا ہے' تو اس بستی کے کچھ نوجوان آ گئے انہوں نے کہا: یہ ہمارے باپ کا مال ہے اس کی کنیز اس کے پاس آتی تھی ان لوگوں نے وہ مال حاصل کر لیا جب اس راہب کو دفن کر دیا گیا' تو میں نے کہا: اے عبادت گزاروں کے گروہ تم کسی ایسے عالم کی طرف میری رہنمائی کرو جس کے ساتھ میں رہوں' تو ان لوگوں نے کہا: ہمیں روئے زمین پر کسی ایسے عالم کے بارے میں پتہ نہیں ہے' جو اس شخص سے زیادہ علم رکھتا ہو جو بیت المقدس آتا ہے' اگر تم اب وہاں چلے جاتے ہو' تو تم اس کے گدھے کو بیت المقدس کے دروازے پر پالو گے۔ میں وہاں سے روانہ ہوا وہاں ایک گدھا موجود تھا میں اس کے پاس بیٹھ گیا' یہاں تک کہ وہ عالم باہر آیا میں نے اسے سارا واقعہ سنایا' تو وہ بولا: تم بیٹھ جاؤ جب تک میں تمہارے پاس واپس نہیں آتا۔ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے پورے ایک سال تک اسے نہیں دیکھا وہ شخص سال میں صرف اسی مہینے میں بیت المقدس آیا کرتا تھا جب وہ اگلی مرتبہ آیا' تو میں نے کہا: آپ نے پھر میرے بارے میں کیا سوچا۔ اس نے دریافت کیا: تم اس وقت سے لے کر اب تک یہیں ہو۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں۔ اس نے کہا: مجھے روئے زمین میں کسی ایسے شخص کے بارے میں علم نہیں ہے' جو اس یتیم سے زیادہ بڑا عالم ہو جس کا ظہور تہامہ کی سرزمین پر ہوگا اگر تم اب وہاں چلے جاتے ہو' تو تم ان سے مل لو گے ان میں تین خصوصیات ہوں گی وہ تحفے کے طور پر دی جانے والی چیز کھا لیتے ہوں گے لیکن صدقہ کے طور پر دی جانے والی چیز نہیں کھاتے ہوں گے اور ان کے دائیں کندھے کے ابھار کے قریب مہر نبوت ہوگی' جو انڈے جتنی ہوگی اور اس کا رنگ ان کی جلد کی طرح کا ہوگا اگر تم اب چلے جاتے ہو' تو ان تک پہنچ جاؤ گے۔

میں منزلوں پر منزلیں مارتا ہوا روانہ ہو گیا' یہاں تک کہ کچھ دیہاتیوں نے مجھے پکڑا انہوں نے مجھے اجنبی سمجھ کر فروخت کر دیا' یہاں تک کہ میں مدینہ منورہ پہنچ گیا میں نے ان لوگوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کرتے ہوئے سنا زندگی مشکل تھی' میں نے اپنے مالکان سے کہا: مجھے کوئی چیز ہبہ کے طور پر دیں انہوں نے مجھے کوئی چیز دے دی میں روانہ ہوا میں نے کوشش کی' میں نے انہیں تھوڑی قیمت کے عوض میں فروخت کیا پھر میں وہ چیز لے کر آیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رکھ دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ کیا چیز ہے۔ میں نے عرض کی: یہ صدقہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں سے فرمایا: تم اسے کھا لو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اسے کھانے سے انکار کر دیا۔ میں نے سوچا یہ ایک نشانی مل گئی پھر جتنا اللہ کو منظور تھا اتنا عرصہ گزر گیا پھر میں نے اپنے مالک سے کوئی چیز ہبہ کرنے کے لئے کہا' تو ان لوگوں نے مجھے ایک چیز ہبہ کے طور پر دی میں روانہ ہوا میں نے کوشش کی پھر میں نے اسے پہلے سے زیادہ قیمت

پر فروخت کیا۔ میں نے کھانا تیار کیا میں وہ لے کر آیا اور اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رکھ دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کیا ہے۔ میں نے عرض کی: یہ تحفہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک کے ذریعے کہا اللہ کا نام لے کر کھانا شروع کرو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسے کھایا اور آپ کے ساتھ لوگوں نے بھی اسے کھایا پھر میں اٹھ کر آپ کے پیچھے آیا میں نے آپ کی چادر کو ہٹایا' تو وہاں انڈے کی طرح کی مہر نبوت موجود تھی میں نے کہا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: وہ کیسے' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سارا واقعہ سنایا اور عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا وہ عبادت گزار شخص جنت میں داخل ہوگا' جس نے یہ بات بیان کی تھی کہ آپ نبی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں صرف مسلمان داخل ہوگا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس نے مجھے یہ بتایا تھا کہ آپ نبی ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں صرف مسلمان شخص داخل ہوگا۔

ذِكْرُ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7125 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ، فَقَالَ رَجُلٌ: لَوْ اَدْرَكْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُ مَعَهُ، فَقَالَ حُذَيْفَةُ: اَنْتَ كُنْتَ تَفْعَلُ ذٰلِكَ لَقَدْ رَاَيْتُنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ الْاَحْزَابِ وَاَخَذَتْنَا رِيْحٌ شَدِيْدَةٌ وَّقُرٌّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلَا رَجُلٌ يَّاْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَسَكَتْنَا، فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا اَحَدٌ، ثُمَّ قَالَ: اَلَا رَجُلٌ يَّاْتِيْنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ اللّٰهُ مَعِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، قَالَ: فَسَكَتْنَا، فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا اَحَدٌ، ثُمَّ قَالَ: فَسَكَتْنَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْ يَا حُذَيْفَةُ فَاْتِنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ وَلَا تَذْعَرْهُمْ، فَلَمَّا وَلَّيْتُ مِنْ عِنْدِهِ جَعَلْتُ كَاَنَّمَا اَمْشِي فِيْ حَمَّامٍ حَتّٰى اَتَيْتُهُمْ، فَرَاَيْتُ اَبَا سُفْيَانَ يُصْلِي ظَهْرَهُ بِالنَّارِ، فَوَضَعْتُ سَهْمًا فِيْ كَبِدِ الْقَوْسِ، فَاَرَدْتُ اَنْ اَرْمِيَهُ، فَذَكَرْتُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَذْعَرْهُمْ، وَلَوْ رَمَيْتُهُ لَاَصَبْتُهُ، فَرَجَعْتُ وَاَنَا اَمْشِي فِيْ مِثْلِ الْحَمَّامِ، فَلَمَّا اَتَيْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْتُهُ بِخَبَرِ الْقَوْمِ، فَاَلْبَسَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضْلَ عَبَاءَةٍ كَانَتْ عَلَيْهِ يُصَلِّيْ فِيْهَا، فَلَمْ اَزَلْ نَائِمًا حَتّٰى اَصْبَحْتُ، فَلَمَّا اَصْبَحْتُ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قُمْ يَا نَوْمَانُ

7125– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وجرير: هو ابن عبد الحميد، وإبراهيم: هو ابن يزيد بن شريك التيمي . وأخرجه مسلم "1788" في الجهاد والسير: باب غزوة الأحزاب، من طريق زهير بن حرب، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "1788"، وأبو نعيم في "الحلية 1/354، والبيهقي في "السنن"9/148-149، وفي "الدلائل"3/450-499 من طريقين عن جرير، به. وأخرجه بنحوه البزار "1809"، والحاكم 3/31، والبيهقي في "دلائل النبوة "3/450 من طريق موسى بن أبي المختار، عن بلال العبسي، عن حذيفة بن اليمان، وصححه الحاكم، وذكره الهيثمي 6/136 وقال: رواه البزار ورجاله ثقات.

ابراہیم تیمی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے ایک شخص بولا اگر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پایا ہوتا' تو میں آپ کے ساتھ لڑائی میں حصہ لیتا۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم نے ایسا کرنا تھا؟ مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے ہم لوگ غزوہ احزاب کے موقع پر صبح کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تیز آندھی چل پڑی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا کوئی شخص دشمن کی اطلاع ہمارے پاس لے کر آئے گا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے میرے ساتھ رکھے گا۔ راوی کہتے ہیں' تو ہم لوگ خاموش رہے ہم میں سے کسی نے بھی آپ کو جواب نہیں دیا۔ وہ کہتے ہیں: پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا کوئی شخص ہمارے پاس دشمن کی اطلاع لے کر آئے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسے میرے ساتھ رکھے گا۔ راوی کہتے ہیں: ہم لوگ خاموش رہے ہم میں سے کسی نے بھی آپ کو جواب نہیں دیا پھر ہم خاموش رہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے حذیفہ تم اٹھو اور ہمارے پاس دشمن کی اطلاع لے کر آؤ اور تم انہیں بھڑکانا نہیں (یا ان سے مقابلہ نہ کرنا) جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے اٹھ کر روانہ ہوا' تو یوں لگ رہا تھا جیسے (تیز ہوا میں نہیں) بلکہ حمام میں چل رہا ہوں' یہاں تک کہ میں دشمن کے پاس آیا میں نے ابوسفیان کو دیکھا کہ وہ اپنی پشت کو آگ کے ذریعے گرم کرنے کی کوشش کر رہا تھا میں نے اپنا تیر کمان میں رکھا پہلے میں نے ارادہ کیا کہ میں اسے تیر مارتا ہوں پھر مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان یاد آیا کہ تم نے ان کے ساتھ جھگڑنا نہیں ہے' اگر میں اسے تیر مار دیتا' تو وہ تیر اسے لگ جانا تھا' لیکن میں واپس آ گیا یوں جیسے میں حمام میں چل رہا ہوں جب میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میں نے آپ کو ان لوگوں کے حالات کے بارے میں بتایا' تو آپ نے اپنے جسم پر موجود اضافی عبا مجھے پہنا دی جس میں آپ نماز ادا کیا کرتے تھے اس کے بعد میں سویا رہا' یہاں تک کہ صبح ہو گئی جب صبح ہو گئی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے سوئے ہوئے تم بیدار ہو جاؤ۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ بِالْمَغْفِرَةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ کے لیے دعائے مغفرت کرنے کا تذکرہ

7126 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَنْقَزِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ مَيْسَرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ النَّهْدِيِّ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتْ لِيْ اُمِّيْ: مَتٰى عَهْدُكَ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: مَا لِيْ بِهٖ عَهْدٌ مُنْذُ كَذَا اَوْ كَذَا، فَنَالَتْ مِنِّيْ، فَقُلْتُ: فَاِنِّيْ آتِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاُصَلِّيْ مَعَهٗ وَيَسْتَغْفِرُ لِيْ وَلَكِ،

7126- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح غير ميسرة بن حبيب النهدي، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة. إسرائيل: هو ابن يونس بن أبي إسحاق السبيعي. وأخرجه أحمد 5/391، والترمذي "3781" في المناقب: باب مناقب الحسن والحسين عليهما السلام، والنسائي في "فضائل الصحابة" "193"، والحاكم مختصراً 3/381 من طرق عن إسرائيل، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه لا نعرفه إلا من حديث إسرائيل. وصححه الذهبي في "تلخيص المستدرك".

فَاَتَيْتُهُ فَصَلَّيْتُ مَعَهُ الْمَغْرِبَ، فَصَلَّى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَيْنَهُمَا، ثُمَّ مَضَى وَتَبِعْتُهُ، فَقَالَ لِي: مَنْ هٰذَا؟، فَقُلْتُ: حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ؟ فَاَخْبَرْتُهُ بِمَا قَالَتْ لِي اُمِّي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ وَلِاُمِّكَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری والدہ نے مجھ سے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تمہاری آخری ملاقات کب ہوئی تھی؟ میں نے کہا: اتنے' اتنے عرصے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے میری ملاقات نہیں ہوئی' تو میری والدہ نے مجھے برا کہنا شروع کر دیا۔ میں نے کہا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤں گا ان کے ساتھ نماز ادا کروں گا وہ میرے لیے اور آپ کے لیے دعائے مغفرت کریں گے پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور مغرب کی نماز ادا کی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں نمازوں کے ہمراہ نوافل ادا کیے پھر آپ روانہ ہوئے' تو میں آپ کے پیچھے آیا آپ نے مجھ سے دریافت کیا: کون ہے۔ میں نے عرض کی: حذیفہ بن یمان۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کیوں آئے ہو؟ میں نے آپ کو اس بارے میں بتایا: جو میری والدہ نے مجھ سے کہا تھا'' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہاری اور تمہاری والدہ کی مغفرت کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُذَيْفَةَ كَانَ صَاحِبَ سِرِّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خاص رازدار تھے

7127 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الطَّالَقَانِيُّ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتٰى عَلْقَمَةُ الشَّامَ، فَدَخَلَ الْمَسْجِدَ فَصَلّٰى فِيهِ، ثُمَّ مَالَ اِلٰى حَلْقَةٍ فَجَلَسَ فِيهَا، قَالَ: فَجَاءَ رَجُلٌ فَجَلَسَ اِلٰى جَنْبِيْ، فَقُلْتُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ يَكُوْنَ اللّٰهُ قَدِ اسْتَجَابَ دَعْوَتِي، قَالَ: وَذٰلِكَ الرَّجُلُ اَبُو الدَّرْدَاءِ، فَقَالَ: وَمَا ذَاكَ؟ فَقَالَ عَلْقَمَةُ: دَعَوْتُ اللّٰهَ اَنْ يَرْزُقَنِي جَلِيسًا صَالِحًا، فَاَرْجُو اَنْ تَكُوْنَ اَنْتَ، فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ؟ قُلْتُ: مِنْ اَهْلِ الْكُوفَةِ، اَوْ مِنْ اَهْلِ الْعِرَاقِ، ثُمَّ مِنْ اَهْلِ الْكُوفَةِ، فَقَالَ: اَبُو الدَّرْدَاءِ: اَلَمْ يَكُنْ فِيكُمْ صَاحِبُ السِّرِّ الَّذِيْ لَا يَعْلَمُهُ غَيْرُهُ اَحَدٌ - يَعْنِيْ حُذَيْفَةَ - قَالَ: ثُمَّ قَالَ: اَتَحْفَظُ كَمَا كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقْرَاُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: (وَاللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى) (الليل: 2)، قَالَ عَلْقَمَةُ: فَقُلْتُ: وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى، فَقَالَ اَبُو الدَّرْدَاءِ: وَاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ هٰكَذَا اَقْرَاَنِيهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِيهِ اِلٰى فِيَّ فَمَا زَالَ هٰؤُلَاءِ حَتّٰى كَادُوْا يَرُدُّونَنِيْ عَنْهَا

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ اَبُو حَاتِمٍ: اِلٰى هَاهُنَا حُلَفَاءُ قُرَيْشٍ، وَاِنَّا نَذْكُرُ بَعْدُ هٰؤُلَاءِ الْاَنْصَارَ مَنْ هَاجَرَ

7127- إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير إسحاق بن إسماعيل الطالقاني فقد روى له أبو داود، وهو ثقة. جرير: هو ابن عبد الحميد، ومغيرة: هو ابن مقسم الضبي، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعي، وعلقمة: هو ابن قيس. وقد تقدم تخريج الحديث برقم."6331"

مِنْهُمْ، وَمَنْ لَمْ يُهَاجِرْ اِنْ قَضَى اللّٰهُ ذٰلِكَ وَشَاءَهُ.

ابراہیم بیان کرتے ہیں: علقمہ شام گئے انہوں نے وہاں نماز ادا کی پھر وہ ایک حلقے کی طرف بڑھ گئے اور اس میں بیٹھ گئے۔ وہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص آیا اور میرے پہلو میں بیٹھ گیا میں نے کہا: الحمد اللہ مجھے یہ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ نے میری دعا کو مستجاب کرلیا ہے۔ وہ بیان کرتے ہیں: وہ شخص حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ تھے۔ انہوں نے دریافت کیا: وہ کیسے۔ علقمہ نے جواب دیا: میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی تھی کہ وہ مجھے کوئی نیک ہم نشین عطا کرے' تو مجھے یہ امید ہے کہ وہ آپ ہی ہوں گے۔ اس نے دریافت کیا: تم کون ہو؟ میں نے کہا: میں اہل کوفہ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اہل عراق سے تعلق رکھتا ہوں اور پھر اہل کوفہ سے تعلق رکھتا ہوں' تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا تمہارے درمیان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ خاص راز دار نہیں ہیں' کہ اس راز کو ان کے علاوہ کوئی اور نہیں جانتا تھا ان کی مراد حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ تھے پھر انہوں نے دریافت کیا: کیا تمہیں یہ بات یاد ہے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کس طرح تلاوت کرتے تھے میں نے جواب دیا: جی ہاں پھر انہوں نے پڑھا (یعنی یہ سورۃ پڑھی)

"وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى وَ النَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى"

علقمہ کہتے ہیں' تو میں نے پڑھا الذَّكَرَ وَ الْاُنْثٰى' تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی مجھے اپنی زبانی یہ سورۃ انہی الفاظ میں سے سکھائی تھی لیکن یہ لوگ مسلسل میری اس بات کو مسترد کرتے ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہاں تک قریش کے حلیفوں کا ذکر تھا اب ہم اس کے بعد انصار کا ذکر کریں گے ان میں سے جن لوگوں نے ہجرت کی اور جنہوں نے ہجرت نہیں کی (سب کا ذکر ہوگا) اگر اللہ تعالیٰ نے فیصلہ دیا اور یہ چاہا۔

ذِكْرُ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7128 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، قَالَ:

(متن حدیث): ذَكَرُوْا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، فَقَالَ: ذَاكَ رَجُلٌ لَا اَزَالُ اُحِبُّهُ بَعْدَمَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اسْتَقْرِءُوا الْقُرْآنَ مِنْ اَرْبَعَةٍ: مِنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، وَسَالِمٍ مَوْلٰى اَبِيْ حُذَيْفَةَ، وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

مسروق بیان کرتے ہیں: لوگوں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا' تو انہوں نے فرمایا: وہ ایک ایسے شخص ہیں' کہ جن سے میں اس وقت سے مسلسل محبت کرتا ہوں کہ جب سے میں نے

7128– إسناده صحيح على شرط الشيخين. محمد: هو ابن جعفر الملقب بغندر، وقد تقدم تخريجه برقم "736" و "7126"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''قرآن کی تلاوت چار لوگوں سے سیکھو ابن مسعود سے، ابوحذیفہ کے غلام سالم سے، ابی بن کعب سے اور معاذ بن جبل سے''۔

ذِكْرُ شَهَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ بِالصَّلَاحِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے صالح ہونے کی گواہی دینے کا تذکرہ

7129 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الزُّبَيْرِیُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ حَازِمٍ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ بَكْرٍ، نِعْمَ الرَّجُلُ عُمَرُ، نِعْمَ الرَّجُلُ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ، نِعْمَ الرَّجُلُ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، نِعْمَ الرَّجُلُ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ وَبِئْسَ الرَّجُلُ حَتّٰى عَدَّ سَبْعَةً

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''ابوبکر اچھا آدمی ہے، عمر اچھا آدمی ہے، معاذ بن عمرو اچھا آدمی ہے، معاذ بن جبل اچھا آدمی ہے اور ابوعبیدہ بن جراح اچھا آدمی ہے اور فلاں شخص برا آدمی ہے' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سات لوگوں کے نام گنوائے (کہ وہ برے ہیں)''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ كَانَ مِمَّنْ جَمَعَ الْقُرْاٰنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ان افراد میں شامل تھے

7129- حديث صحيح. محمد بن الوليد الزبيرى المدني- روى عنه جمع، وذكره المؤلف فى "الثقات"، وقد توبع، وقال ابن أبى حاتم8/112-113: سألت أبى عنه، فقال: شيخ كتبت عنه بالمدينة، ما رأينا به بأساً، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير سهل - وهو ابن أبى صالح - فروى له البخارى مقروناً وتعليقاً، واحتج به مسلم. ابن أبى حازم: هو عبد العزيز .وأخرجه النسائى فى فضائل الصحابة "126"، والحاكم 3/233 من طريق عبد الرحمن، والحاكم أيضاً 3/268 من طريق سهل بن بكار، والبخارى فى "الأدب المفرد" "337" من طريق عبد العزيز بن عبد الله، ثلاثتهم عن عبد العزيز بن أى حازم، بهذا الإسناد. وزاد فيه النسائي: ثابت بن قيس وسهل بن بيضاء، وزاد الحاكم الأول فقط، وزاد البخارى والحاكم فى الموضع الثاني: أسيد بن حضير وثابت بن قيس، وقال الحاكم: صحيح على شرط مسلم، ووافقه الذهبى .وأخرجه أحمد 2/419، والترمذى "3795" فى المناقب: باب مناقب معاذ بن جبل و ... ، والحاكم 3/289 و 425 من طريق قتيبة، وابن سعد 3/605 من طريق موسى بن إسماعيل، كلاهما عن عبد العزيز بن محمد الدراوردى، عن سهيل، به. وزاد أحمد والترمذى: أسيد بن حضير وثابت بن قيس بن شماس، ومن بعدهما ألفاظهم مختصرة. وقال الترمذى: هذا حديث حسن، إنما نعرفه من حديث سهيل، وصححه الحاكم على شرط مسلم، ووافقه الذهبى.وأخرجه النسائى "139" من طريق سليمان بن بلال، عن سهيل بن أبى صالح، به. وزاد فيه: أسيد بن حضير.

جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں قرآن کو جمع کیا تھا

7130 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبِىْ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَةٌ كُلُّهُمْ مِنَ الْاَنْصَارِ: مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَاُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَاَبُوْ زَيْدٍ رَحِمَهُمُ اللّٰهُ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں چار لوگوں نے قرآن کو جمع کیا (یعنی تحریری صورت میں محفوظ کیا) وہ سب انصار سے تعلق رکھتے تھے (وہ یہ حضرات ہیں) حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ، حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ، حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوزید رضی اللہ عنہ، اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر رحم کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ كَانَ مِنْ اَعْلَمِ الصَّحَابَةِ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ صحابہ کرام میں حلال اور حرام کے سب سے بڑے عالم تھے

7131 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ خَالِدٍ الْبِرْتِىُّ، حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ الْمَدِيْنِىِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِىُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْحَمُ اُمَّتِىْ بِاُمَّتِىْ اَبُوْ بَكْرٍ، وَاَشَدُّهُمْ فِى اللّٰهِ عُمَرُ، وَاَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ وَاَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ اُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ، وَاَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَاَعْلَمُهُمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ اَلَا وَاِنَّ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِيْنًا وَاَمِيْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: هٰذِهِ الْفَاظٌ اُطْلِقَتْ بِحَذْفِ الْ - مِنْ - مِنْهَا يُرِيْدُ بِقَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْحَمُ اُمَّتِىْ اَىْ مِنْ اَرْحَمِ اُمَّتِىْ وَكَذٰلِكَ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاَشَدُّهُمْ فِىْ اَمْرِ اللّٰهِ يُرِيْدُ مِنْ

7130– إسناد صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أبو داود والطيالسي "2018"، وأحمد 3/277، والبخاري "3810" في مناقب الأنصار: باب مناقب زيد بن ثابت رضي الله عنه، ومسلم "2465" "119" في فضائل الصحابة: باب في فضائل أبي بن كعب، والترمذي "3794" في المناقب: باب مناقب معاذ، وزيد، وأبي، وأبي عبيدة، وأبو يعلى "3198" و"3255"، والبيهقي 6/211 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "5003" في فضائل القرآن: باب القراء من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم، ومسلم "2465" "120"، وأبو يعلى "2878" من طريق همام، عن قتادة، به. وأخرجه أبو يعلى مطولاً "2953"، والبزار "2802" من طريق سعيد، عن قتادة، به. وفيه: وقالت الخزرجيون: منا أربعة جمعوا القرآن على عهد رسول صلى الله عليه وسلم لم يجمعه غيرهم: زيد بن ثابت ... وذكره الهيثمي في "المجمع" 10/41، وقال: رواه أبو يعلى والبزار والطبراني ورجالهم رجال الصحيح. وأخرجه البخاري "5004" عن معلى بن أسد، عن عبد الله بن المثنى، عن ثابت البناني وثمامة، عن أنس.

اَشَدِّهِمْ وَمِنْ اَصْدَقِهِمْ حَيَاءً، وَمِنْ اَقْرَئِهِمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ، وَمِنْ اَفْرَضِهِمْ، وَمِنْ اَعْلَمِهِمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ يُرِيْدُ اَنَّ هٰؤُلَاءِ مِنْ جَمَاعَةٍ فِيْهِمْ تِلْكَ الْفَضِيلَةُ وَهٰذَا كَقَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْاَنْصَارِ: اَنْتُمْ اَحَبُّ النَّاسِ اِلَيَّ يُرِيْدُ مِنْ اَحَبِّ النَّاسِ مِنْ جَمَاعَةٍ اُحِبُّهُمْ وَهُمْ فِيْهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میری امت کے بارے میں' میری امت میں' سب سے زیادہ رحم دل ابوبکر ہے اور اللہ تعالیٰ کے معاملے میں سب سے زیادہ سخت عمر ہے اور حیا کے اعتبار سے سب سے زیادہ سچا عثمان ہے اور اللہ کی کتاب کا سب سے بڑا عالم ابی بن کعب ہے۔ علم وراثت کا سب سے بڑا عالم زید بن ثابت ہے۔ حلال اور حرام کا سب سے بڑا عالم معاذ بن جبل ہے خبردار ہر امت میں ایک امین ہوتا ہے اور اس امت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہے''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس حدیث میں' جو الفاظ استعمال کیے گئے ہیں ان میں حرف ''من'' کو حذف کیا گیا ہے یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے ارحم امتی اس سے مراد یہ ہے من ارحم امتی اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: وَاَشَدُّهُمْ فِي اَمْرِ اللّٰهِ يُرِيْدُ مِنْ اَشَدِّهِمْ وَمِنْ اَصْدَقِهِمْ حَيَاءً، وَمِنْ اَقْرَئِهِمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ، وَمِنْ اَفْرَضِهِمْ، وَمِنْ اَعْلَمِهِمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ یہ جماعت ایسی ہے جس میں یہ فضیلت پائی جاتی ہے' اس کی مثال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کے مطابق ہوگی' جو آپ نے انصار سے فرمایا تھا: تم لوگ میرے نزدیک تمام لوگوں سے زیادہ محبوب ہو اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ تھی کہ لوگوں میں سے میرے نزدیک محبوب ترین لوگوں میں سے ایک ہو اور اس جماعت سے تعلق رکھتے ہو' جن سے میں محبت کرتا ہوں اور وہ لوگ اس میں شامل تھے۔

7131– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير علي بن المديني، فمن رجال البخاري، أبو قلابة: هو عبد الله نب زيد الجرمي. وأخرجه النسائي في "فضائل الصحابة" "182"، والحاكم 3/422، والبيهقي 6/210 من طرق عن عبد الوهاب الثقفي، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 3/184، وابن ماجة "155" في المقدمة: باب في فضائل أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، والطحاوي في "شرح مشكل الآثار "1/351، وأبو نعيم في "الحلية" 3/122، والبيهقي 6/210، والبغوي "3930" من طريق سفيان الثوري، عن خالد الحذاء، به. وأخرجه أحمد 3/281، والطيالسي "2096"، والنسائي في "فضائل.... الصحابة" "138"، والطحاوي في "المشكل" 351-1/350، والبيهقي 6/210 من طريق وهيب، عن خالد الحذاء، به. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 3/122، والبيهقي 6/210 من طريقي عاصم "وهو الأحول" عن أبي قلابه، به. وأخرجه الترمذي "3790" في المناقب: باب مناقب معاذ وزيد وأبي وأبي عبيدة، من طريق معمر، عن قتادة، عن أنس، وسيأتي برقم "7137" و"7252" وأخرج القسم الأخير منه وهو "إن لكل أمة أميناً ... " المؤلف، وقد تقدم تخريجه برقم "7001". وأخرج الطرف الأول منه: "أرحم أمتي بأمتي أبو بكر، وأشدهم في دين الله عمر بن الخطاب"، ابن أبي عاصم في "السنة" "1252" من طرق سعيد بن أبي عروبة، عن قتادة، عن أنس، وأخرجه "1283" بهذا الإسناد بلفظ: "أرحم أمتي أبو بكر وأصدقهم حياء عثمان."

ذِكْرُ اَبِي ذَرٍّ الْغِفَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7132 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ بِالْاُبُلَّةِ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْيَمَامِيُّ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ اَبِي زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ:

(متنِ حدیث): قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ، وَلَا اَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ عَلَى ذِي لَهْجَةٍ اَصْدَقَ مِنْكَ يَا اَبَا ذَرٍّ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: يُشْبِهُ اَنْ يَكُونَ هٰذَا خِطَابًا خَرَجَ عَلَى حَسَبِ الْحَالِ فِي شَيْءٍ بِعَيْنِهِ اِذْ مُحَالٌ اَنْ يَكُونَ هٰذَا الْخِطَابُ عَلَى عُمُومِهِ، وَتَحْتَ الْخَضْرَاءِ الْمُصْطَفَى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالصِّدِّيقُ، وَالْفَارُوقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

✿ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: آسمان نے ایسے کسی شخص پر سایہ نہیں کیا اور زمین نے ایسے کسی شخص کا وزن نہیں اٹھایا جو اے ابوذر! تم سے زیادہ سچا ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس میں اس بات کا احتمال موجود ہے کہ یہ فرمان کسی مخصوص متعین صورت حال کے مطابق ارشاد فرمایا گیا ہو کیونکہ یہ بات ناممکن ہے کہ یہ الفاظ عمومی طور پر استعمال کیے گئے ہوں کیونکہ آسمان کے نیچے، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی موجود تھے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بھی تھے اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ بھی تھے۔

7132- حديث حسن لغيره . مالك بن مرثد وأبوه لم يوثقهما غير المؤلف والعجلي، وباقي رجاله رجال مسلم . وأخرجه الترمذي "3802" في المناقب: باب مناقب أبي ذر رضي الله عنه، والحاكم 3/342 عن العباس بن عبد العظيم، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه، وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ، ووافقه الذهبي ! وفي الباب ما يقويه عن عبد الله بن عمرو عند أحمد 2/163 و175 و223، وابن سعد 4/288، وابن أبي شيبة 12/124، والترمذي "3801"، وابن ماجة "156" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم، والحاكم 3/342، وابن الأثير في "أسد الغابة" 1/357 من طريق عن الأعمش، عن عثمان بن عمير، عن أبي حرب بن أبي الأسود الديلي، عن ابن عمرو . وعثمان بن عمير - ويقال: ابن قيس - ضعيف. وعن أبي الدرداء عند أحمد 6/442، وابن سعد 4/228، وابن أبي شيبة 12/125، والبزار "2713"، والحاكم 3/342 من طريق ... حماد بن سلمة، عن علي بن زيد، عن بلال بن أبي الدرداء ، عن أبي الدرداء . وعلي بن زيد: ضعيف. وأخرجه أحمد 5/197 من طريق شهر بن حوشب، عن عبد الله بن غنم، عن أبي الدرداء . وشهر بن حوشب فيه ضعيف. وعن أبي هريرة عند ابن سعد 4/228 عن يزيد بن هارون، عن أبي أمية بن يعلى، عن أبي الزناد، عن الأعرج، عن أبي هريرة . وأبو أمية ضعيف. وعن علي عند أبي نعيم في "الحلية" 4/172 من طريق بشر بن مهران، عن شريك، عن الأعمش، عن زيد "وهو ابن وهب" قال: قال علي ... فذكره مرفوعاً. وبشر بن مهران ترك أبو حاتم حديثه. وقال ابنه: وأمرني أن لا أقرأ عليه حديثه. وأخرجه ابن سعد 4/228 عن مسلم بن إبراهيم، عن سلام بن مسكين، عن مالك بن دينار مرسلاً. وأخرجه 4/228 عن عبيد الله بن عبد المجيد الحنفي، عن أبي حرة، عن محمد بن سيرين مرسلاً.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَبَا ذَرٍّ كَانَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ الْاَوَّلِينَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ ابتداء میں ہجرت کرنے والے افراد میں شامل ہیں

7133 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، وَعِدَّةٌ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ اَبُوْ ذَرٍّ: خَرَجْنَا فِيْ قَوْمِنَا غِفَارٍ، وَكَانُوا يَحِلُّوْنَ الشَّهْرَ الْحَرَامَ، فَخَرَجْتُ اَنَا وَاَخِي اُنَيْسٌ وَاُمُّنَا، فَنَزَلْنَا عَلٰى خَالٍ لَنَا، فَاَكْرَمَنَا خَالُنَا، وَاَحْسَنَ اِلَيْنَا، فَحَسَدَنَا قَوْمُهُ، فَقَالُوْا: اِنَّكَ اِذَا خَرَجْتَ عَنْ اَهْلِكَ خَالَفَكَ اِلَيْهِمْ اُنَيْسٌ، فَجَاءَ خَالُنَا فَذَكَرَ الَّذِیْ قِيْلَ لَهُ، فَقُلْتُ: اَمَّا مَا مَضَى مِنْ مَعْرُوفِكَ، فَقَدْ كَدَّرْتَهُ وَلَا حَاجَةَ لَنَا فِيمَا بَعْدُ، قَالَ: فَقَدَّمْنَا صِرْمَتَنَا فَاحْتَمَلْنَا عَلَيْهَا، فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى نَزَلْنَا بِحَضْرَةِ مَكَّةَ، قَالَ: وَقَدْ صَلَّيْتُ يَا ابْنَ اَخِي قَبْلَ اَنْ اَلْقَى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قُلْتُ لِمَنْ؟ قَالَ: لِلّٰهِ، قُلْتُ: فَاَيْنَ تَوَجَّهُ؟ قَالَ: اَتَوَجَّهُ حَيْثُ يُوَجِّهُنِيْ رَبِّي اُصَلِّيْ عَشِيًّا حَتّٰى اِذَا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ اُلْقِيتُ حَتّٰى تَعْلُوَنِي الشَّمْسُ، قَالَ اُنَيْسٌ: اِنَّ لِيَ حَاجَةً بِمَكَّةَ، فَانْطَلَقَ اُنَيْسٌ حَتّٰى اَتٰى مَكَّةَ، قَالَ: ثُمَّ جَاءَ، فَقُلْتُ: مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: لَقِيتُ رَجُلًا بِمَكَّةَ عَلٰى دِيْنِكَ يَزْعُمُ اَنَّ اللّٰهَ اَرْسَلَهُ، قَالَ: قُلْتُ: فَمَا يَقُوْلُ النَّاسُ؟ قَالَ: يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ كَاهِنٌ سَاحِرٌ، قَالَ: فَكَانَ اُنَيْسٌ اَحَدَ الشُّعَرَاءِ، قَالَ اُنَيْسٌ: لَقَدْ سَمِعْتُ قَوْلَ الْكَهَنَةِ، وَمَا هُوَ بِقَوْلِهِمْ، وَلَقَدْ وَضَعْتُ قَوْلَهُ عَلٰى اَقْرَاءِ الشِّعْرِ، فَمَا يَلْتَئِمُ عَلٰى لِسَانِ اَحَدٍ بَعْدِيْ اَنَّهُ شِعْرٌ وَاللّٰهِ اِنَّهُ لَصَادِقٌ، وَاِنَّهُمْ لَكَاذِبُوْنَ، قَالَ: قُلْتُ: فَاكْفِنِيْ حَتّٰى اَذْهَبَ فَاَنْظُرَ، فَاَتَيْتُ مَكَّةَ، فَتَضَيَّفْتُ رَجُلًا مِنْهُمْ، فَقُلْتُ: اَيْنَ هٰذَا الَّذِيْ تَدْعُوْنَهُ الصَّابِئَ؟ قَالَ: فَاَشَارَ اِلَيَّ، وَقَالَ: الصَّابِئَ، قَالَ: فَمَالَ عَلَيَّ اَهْلُ الْوَادِيْ بِكُلِّ مَدَرَةٍ، وَعَظْمٍ حَتّٰى خَرَرْتُ مَغْشِيًّا عَلَيَّ، فَارْتَفَعْتُ حِيْنَ ارْتَفَعْتُ كَاَنِّي نُصُبٌ اَحْمَرُ، فَاَتَيْتُ زَمْزَمَ، فَغَسَلْتُ عَنِّي الدِّمَاءَ وَشَرِبْتُ مِنْ مَائِهَا، وَقَدْ لَبِثْتُ مَا بَيْنَ ثَلَاثِيْنَ مِنْ لَيْلَةٍ وَيَوْمٍ مَالِي طَعَامٌ اِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ، فَسَمِنْتُ حَتّٰى تَكَسَّرَتْ عُكَنُ بَطْنِيْ، وَمَا وَجَدْتُ عَلٰى كَبِدِيْ سُخْفَةَ جُوعٍ، قَالَ: فَبَيْنَا اَهْلُ مَكَّةَ فِيْ لَيْلَةٍ قَمْرَاءَ اِضْحِيَانَ اِذْ ضُرِبَ عَلٰى اَسْمِخَتِهِمْ، فَمَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ اَحَدٌ

7133– إسناده صحيح على شرط مسلم، سليمان بن المغيرة وعبد الله بن الصامت: من رجال مسلم، وباقي رجاله على شرطهما. وأخرجه أحمد 5/174، ومسلم "2473" في فضائل الصحابة: باب من فضائل أبي ذر، عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي مختصراً "458"، وأحمد 5/147، وابن سعد 4/219-222، ومسلم "2473"، وأبو نعيم في "دلائل النبوة" "197"، وفي "الحلية" مختصراً 1/157-159 من طرق عن سليمان بن المغيرة، به. وأخرجه مسلم "2473"، وأبو نعيم في "الحلية" مختصراً 1/157 و 159 من طريق حميد بن هلال، به. وأخرجه بنحوه الطبراني في "المعجم الكبير" "773"، وفي "الأحاديث الطوال" "5"، والحاكم 3/341، وأبو نعيم في "الحلية" 1/157-158 من طريق الوليد بن مسلم، حدثنا عباد بن الريان اللخمي، عن عروة بن رويم، عن عامر بن لدين، عن أبي ليلى الأشعري، عن أبي ذر. وقال الذهبي في "تلخيصه": إسناده صالح.

وَّامْرَاَتَانِ مِنْهُمْ تَدْعُوَانِ اِسَافًا، وَنَائِلَةَ، قَالَ: فَاَتَتَا عَلَیَّ فِیْ طَوَافِهِمَا، فَقُلْتُ: اَنْكِحَا اَحَدَهُمَا الْاٰخَرَ، قَالَ: فَمَا تَنَاهَتَا عَنْ قَوْلِهِمَا فَاَتَتَا عَلَیَّ، فَقُلْتُ: هُنَّ مِثْلُ الْخَشَبَةِ، فَرَجَعَتَا تَقُوْلَانِ لَوْ كَانَ هَاهُنَا اَحَدٌ، فَاسْتَقْبَلَهُمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَّهُمَا هَابِطَانِ، فَقَالَ: مَا لَكُمَا؟ قَالَتَا: الصَّابِءُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَاَسْتَارِهَا، قَالَا: مَا قَالَ لَكُمَا؟ قَالَتَا: اِنَّهُ قَالَ لَنَا كَلِمَةً تَمْلَاُ الْفَمَ، قَالَ: وَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اسْتَلَمَ الْحَجَرَ، ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ هُوَ وَصَاحِبُهُ، ثُمَّ صَلّٰى، فَقَالَ اَبُوْ ذَرٍّ: فَكُنْتُ اَوَّلَ مَنْ حَيَّاهُ بِتَحِيَّةِ الْاِسْلَامِ، قَالَ: وَعَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، ثُمَّ قَالَ: مِمَّنْ اَنْتَ؟ ، فَقُلْتُ: مِنْ غِفَارٍ، قَالَ: فَاَهْوٰى بِيَدِهٖ، وَوَضَعَ اَصَابِعَهٗ عَلٰى جَبْهَتِهٖ، فَقُلْتُ فِیْ نَفْسِیْ: كَرِهَ اَنِّیْ انْتَمَيْتُ اِلٰى غِفَارٍ، قَالَ: ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهٗ، وَقَالَ: مُذْ مَتٰى كُنْتَ هَاهُنَا؟ ، قَالَ: كُنْتُ هَاهُنَا مِنْ ثَلَاثِيْنَ بَيْنَ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ، قَالَ: فَمَنْ كَانَ يُطْعِمُكَ؟ قُلْتُ: مَا كَانَ لِیْ طَعَامٌ اِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ، فَسَمِنْتُ حَتّٰى تَكَسَّرَتْ عُكَنُ بَطْنِیْ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهَا مُبَارَكَةٌ اِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِیْ فِیْ طَعَامِهِ اللَّيْلَةَ، فَانْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ فَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا، فَفَتَحَ اَبُوْ بَكْرٍ بَابًا، فَجَعَلَ يَقْبِضُ لَنَا مِنْ زَبِيْبِ الطَّائِفِ، فَكَانَ ذٰلِكَ اَوَّلَ طَعَامٍ اَكَلْتُهٗ بِهَا، ثُمَّ غَبَرْتُ مَا غَبَرْتُ، ثُمَّ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّهٗ قَدْ وُجِّهَتْ لِیْ اَرْضٌ ذَاتُ نَخْلٍ مَا اُرَاهَا اِلَّا يَثْرِبَ، فَهَلْ اَنْتَ مُبَلِّغٌ عَنِّیْ قَوْمَكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهُمْ بِكَ وَيَاْجُرَكَ فِيْهِمْ ، قَالَ: فَانْطَلَقْتُ فَلَقِيْتُ اُنَيْسًا، فَقَالَ: مَا صَنَعْتَ؟ قُلْتُ: صَنَعْتُ اَنِّیْ قَدْ اَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ، قَالَ: مَا بِیْ رَغْبَةٌ عَنْ دِيْنِكَ، فَاِنِّیْ قَدْ اَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ، قَالَ: فَاَتَيْنَا اُمَّنَا، فَقَالَتْ: مَا بِیْ رَغْبَةٌ عَنْ دِيْنِكُمَا، فَاِنِّیْ قَدْ اَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ، فَاحْتَمَلْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا قَوْمَنَا غِفَارًا فَاَسْلَمَ نِصْفُهُمْ وَكَانَ يَؤُمُّهُمْ اِيْمَاءُ بْنُ رَحَضَةَ وَكَانَ سَيِّدَهُمْ، وَقَالَ نِصْفُهُمْ: اِذَا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ اَسْلَمْنَا، فَلَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ اَسْلَمَ نِصْفُهُمُ الْبَاقِیْ وَجَاءَتْ اَسْلَمُ، فَقَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اِخْوَانُنَا نُسَلِّمُ عَلَى الَّذِیْ اَسْلَمُوْا عَلَيْهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غِفَارٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا، وَاَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ

عبداللہ بن صامت بیان کرتے ہیں: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم لوگ اپنی قوم بنوغفار کے ساتھ تھے وہ لوگ حرمت والے مہینوں کو حلال قرار دیتے تھے ایک مرتبہ میں میرا بھائی انیس اور ہماری والدہ روانہ ہوئے ہم نے اپنے ماموں کے ہاں پڑاؤ کیا ہمارے ماموں نے ہماری عزت افزائی کی انہوں نے ہمارے ساتھ اچھا سلوک کیا' تو ان کی قوم کے افراد کو ہم سے حسد ہوا انہوں نے کہا: جب تم اپنی بیوی کو چھوڑ کر جاتے ہو' تو تمہارے پیچھے انیس ان کے پاس چلا جاتا ہے۔ ہمارے ماموں آئے انہوں نے وہ بات ذکر کی جو ان سے کہی گئی تھی' تو میں نے کہا: آپ نے پہلے جو اچھائی کی تھی وہ آپ نے خود ہی گدلی کر دی ہے اب اس کے بعد ہمیں اس کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ اپنے سواری کے پالان کے پاس آئے ان پر سامان لادا اور روانہ ہو گئے' یہاں تک کہ ہم مکہ آ گئے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے بتایا: اے میرے بھتیجے میں نے

نبی اکرم ﷺ سے ملاقات سے پہلے بھی نماز ادا کی ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: کس کے لیے۔ انہوں نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ کے لئے۔ میں نے دریافت کیا: آپ کس طرف رخ کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا: میں اسی طرف رخ کرلیتا تھا' جس طرف میرا پروردگار میرا رخ پھیر دیتا تھا میں شام کے وقت نماز ادا کرتا تھا پھر جب رات کا آخری حصہ ہوتا تھا' تو میں پھر نماز پڑھنے لگتا تھا' یہاں تک کہ سورج مجھ پر غالب آ جاتا تھا۔ انیس نے کہا: مجھے مکہ میں ایک کام ہے انیس چلا گیا وہ مکہ آیا پھر وہ واپس آیا' تو میں نے کہا: تم نے کیا کیا۔ اس نے کہا: مکہ میں میری ملاقات ایک شخص سے ہوئی جو تمہارے دین کی طرح کے نظریات رکھتا ہے وہ اس بات کا دعوے دار ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے مبعوث کیا ہے میں نے دریافت کیا: تو لوگ کیا کہتے ہیں۔ اس نے جواب دیا: لوگ یہ کہتے ہیں' کہ یہ شاعر ہے کاہن ہے اور جادوگر ہے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انیس بھی شاعر تھا۔ انیس نے کہا: میں نے کاہنوں کا قول سنا ہے لیکن اس شخص کا کلام کاہنوں کے قول کی طرح نہیں ہے۔ میں نے اس کے کلام کو پڑھے لکھے شاعروں کے کلام پر پیش کیا لیکن کوئی بھی شخص یہ نہیں' کہہ سکتا کہ وہ شعر ہے اللہ کی قسم وہ شخص (اپنے دعوے میں) سچا ہے اور لوگ (اس کے بارے میں) جھوٹ بولتے ہیں۔

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے کہا: میری جگہ تم کفایت کرو میں خود جا کر اس کا جائزہ لیتا ہوں پھر میں مکہ آیا میں وہاں کے ایک شخص کے ہاں مہمان ٹھہرا۔ میں نے دریافت کیا: وہ شخص کہاں ہوتا ہے جس کے بارے میں تم لوگ کہہ رہے ہو کہ وہ بے دین ہے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اس شخص نے میری طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا یہ بھی بے دین ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' تو وہاں کے سارے لوگ اینٹیں اور ہڈیاں لے کر مجھ پر حملہ آور ہوئے' یہاں تک کہ میں گر گیا اور مجھ پر بے ہوشی طاری ہوگئی پھر میں اٹھا جب میں اٹھا' تو یوں لگتا تھا جیسے میں سرخ رنگ کا بت ہوں پھر میں زم زم کے پاس آیا میں نے اپنے خون کو دھویا اور زم زم کا پانی پیا پھر میں نے تیس دن ایسی حالت میں گزار دیئے میری خوراک صرف آب زم زم تھا۔ میں اتنا موٹا ہو گیا کہ میرے پیٹ پر سلوٹیں بننے لگیں اور مجھے اپنے جگر پر بھوک کی پریشانی محسوس نہیں ہوتی تھی۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک چاندنی رات میں جب کہ اہل مکہ سو چکے تھے اور کوئی شخص بیت اللہ کا طواف نہیں کر رہا تھا مکہ کی دو عورتیں (طواف کرتے ہوئے) اساف اور نائلہ (نامی بتوں) کو پکار رہی تھیں وہ اپنے طواف کے درمیان جب میرے پاس آئیں' تو میں نے کہا: ان دونوں (بتوں) کی شادی کروا دو لیکن وہ پھر بھی اپنی پکار سے باز نہیں آئیں پھر جب وہ (طواف کرتے ہوئے) میرے پاس پہنچیں' تو میں نے کہا یہ تو لکڑیوں کی مانند ہیں' تو وہ دونوں یہ کہتی ہوئی واپس چلی گئیں کہ کاش یہاں کوئی ہوتا (تو پھر ہم تمہاری خبر لیتے) ان دونوں کا سامنا نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر سے ہوا یہ دونوں حضرات بالائی علاقے سے نیچے کی طرف آ رہے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تم دونوں کا کیا معاملہ ہے ان دونوں نے کہا: ایک بے دین شخص خانہ کعبہ اور اس کے پردوں کے درمیان موجود ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: اس نے تم دونوں کو کیا کہا ہے۔ ان دونوں عورتوں نے جواب دیا: اس نے ہم سے ایسا کلمہ کہا ہے' جو منہ کو بھر دیتا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ تشریف لائے آپ نے حجر اسود کا استلام کیا پھر آپ نے '، آپ کے ساتھی نے بیت اللہ کا طواف کیا پھر نماز ادا کی۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں وہ پہلا شخص تھا

جس نے اسلامی طریقے کے مطابق نبی اکرم ﷺ کو سلام کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پر بھی ہو اللہ تعالیٰ کی رحمتیں بھی نازل ہوں پھر آپ نے دریافت کیا: تمہارا تعلق کون سے قبیلے سے ہے۔ میں نے کہا: غفار قبیلے سے پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک بڑھایا اور اپنی انگلیاں اپنی پیشانی پر رکھ لیں میں نے دل میں سوچا شاید انہیں یہ بات اچھی نہیں لگی کہ میری نسبت غفار قبیلے سے ہے۔ راوی کہتے ہیں: پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور دریافت کیا: تم کب سے یہاں ہو' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں تیس دن اور راتوں سے یہاں ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: تمہیں کھانا کون دیتا ہے۔ میں نے کہا: میری خوراک صرف آب زم زم ہے' اسی کی وجہ سے میں موٹا ہو گیا ہوں' یہاں تک کہ میرے پیٹ پر سلوٹیں پڑنے لگی ہیں۔ راوی کہتے ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ برکت والا ہے اور کھانے کا کھانا ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ آپ مجھے اجازت دیجئے کہ آج رات کھانا انہیں میں کھلاتا ہوں پھر نبی اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ روانہ ہوئے ان دونوں حضرات کے ساتھ میں بھی چل پڑا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دروازہ کھولا انہوں نے طائف کی کشمش مٹھی بھر کر ہمیں دی یہ وہ پہلا کھانا تھا' جو میں نے وہاں (یعنی مکہ میں) کھایا پھر کچھ عرصہ گزر گیا میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: مجھے کھجوروں والی سرزمین کی طرف (ہجرت کرنے کا حکم دیا گیا ہے) میرا خیال ہے وہ یثرب ہی ہوگا' تو کیا تم میری طرف سے اپنی قوم کو تبلیغ کر دو گے ہو سکتا ہے اللہ تعالیٰ تمہاری وجہ سے ان لوگوں کو ہدایت نصیب کر دے اور ان کے حوالے سے تمہیں اجر عطا کرے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں وہاں سے روانہ ہوا میری ملاقات انیس سے ہوئی اس نے دریافت کیا: تم نے کیا کیا۔ میں نے کہا: میں نے یہ کیا کہ اسلام قبول کر لیا اور تصدیق کر دی' تو اس نے کہا: مجھے بھی تمہارے دین سے بے رغبتی نہیں ہے میں بھی اسلام قبول کرتا ہوں اور میں بھی تصدیق کرتا ہوں۔ راوی کہتے ہیں: پھر ہم اپنی والدہ کے پاس آئے (انہیں اسلام کی پیشکش کی) تو انہوں نے کہا: مجھے بھی تمہارے دین سے بے رغبتی نہیں ہے میں بھی اسلام قبول کرتی ہوں اور تصدیق کرتی ہوں پھر ہم وہاں سے سوار ہو کر اپنی قوم بنو غفار میں آئے' تو ان کے نصف حصے نے اسلام قبول کر لیا۔ حضرت ایماء بن رحضہ رضی اللہ عنہ ان کی امامت کیا کرتے تھے وہ اس قبیلے کے سردار تھے جبکہ نصف لوگوں نے یہ کہا: نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لے آئیں گے' تو ہم اسلام قبول کر لیں گے' تو جب نبی اکرم ﷺ مدینہ منورہ تشریف لے آئے' تو باقی رہ جانے والے نصف حصے نے بھی اسلام قبول کر لیا پھر اسلم قبیلے کے لوگ (نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں مدینہ منورہ) حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ (بنو غفار قبیلے کے لوگ) ہمارے بھائی ہیں' جس طرح انہوں نے اسلام قبول کیا ہے' اسی طرح ہم بھی اسلام قبول کرتے ہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے (اس موقع پر) یہ فرمایا: غفار قبیلے کی اللہ تعالیٰ مغفرت کرے اور اسلم قبیلے کو اللہ تعالیٰ سلامت رکھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اَبَا ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ رُبُعَ الْاِسْلَامِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ اسلام قبول کرنے والے چوتھے شخص تھے

7134 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوْفِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الرُّوْمِيِّ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنِي اَبُوْ زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ،

(متن حدیث): قَالَ: كُنْتُ رُبُعَ الْاِسْلَامِ اَسْلَمَ قَبْلِي ثَلَاثَةٌ وَّاَنَا الرَّابِعُ اَتَيْتُ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ لَهُ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، فَرَاَيْتُ الْاِسْتِبْشَارَ فِيْ وَجْهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ؟ فَقُلْتُ: اِنِّي جُنْدُبٌ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ غِفَارٍ

(توضیح مصنف): قَالَ الشَّيْخُ: قَوْلُ اَبِيْ ذَرٍّ: كُنْتُ رَابِعَ الْاِسْلَامِ اَرَادَ مِنْ قَوْمِهِ لِاَنَّ فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ اَسْلَمَ الْخَلْقُ مِنْ قُرَيْشٍ وَّغَيْرِهِمْ

❁❁ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اسلام قبول کرنے والا چوتھا شخص تھا مجھ سے پہلے تین لوگوں نے اسلام قبول کیا تھا میں چوتھا تھا۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ پر سلام ہو میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں' تو مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر خوشی کے اثرات نظر آئے آپ نے دریافت کیا: تم کون ہو؟ میں نے عرض کی: میرا نام جندب ہے اور میں بنو غفار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص ہوں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا: میں اسلام قبول کرنے والا چوتھا فرد تھا اس سے ان کی مراد یہ ہے کہ ان کی قوم سے تعلق رکھنے والا چوتھا فرد تھا کیونکہ اس وقت میں قریش اور دیگر قبیلوں سے تعلق رکھنے والے کئی لوگ مسلمان ہو چکے تھے۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الصِّدْقِ وَالْوَفَاءِ لِاَبِيْ ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے لیے سچائی اور وعدہ پورا کرنے کے اثبات کا تذکرہ

7134– مالك بن مرثد وأبوه: لم يوثقهما غير مؤلف والعجلي، وباقي رجاله رجال مسلم. عبد الله بن الرومي: هو عبد الله بن محمد، وأبو زميل: هو سماك بن الوليد. وأخرجه الطبراني في "الكبير" "1617"، والحاكم 3/342، وأبو نعيم في "الحلية" 1/157 من طرق عن عبد الله بن الرومي، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "1618"، والحاكم342-3/341 من طريق عمرو بن أبي سلمة، عن صدقة بن عبد الله، عن نصر بن علقمة، عن أخيه، عن ابن عائذ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ أنه كان يقول: لقد رأيتني ربع الإسلام، لم يسلم قبلي إلا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وبلال رضي الله عنهما. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي مع أن فيه صدقة بن عبد الله، وهو ضعيف.

7135 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ نَوْفَلٍ بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا أَبُوْ دَاوُدَ السِّنْجِيُّ سُلَيْمَانُ بن مَعْبَدٍ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا أَبُوْ زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ أَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ أَبُوْ ذَرٍّ: قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تُقِلُّ الْغَبْرَاءُ، وَلَا تُظِلُّ الْخَضْرَاءُ عَلٰى ذِي لَهْجَةٍ أَصْدَقَ، وَأَوْفٰى مِنْ أَبِي ذَرٍّ شَبِيْهِ عِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ السَّلَامُ، قَالَ: فَقَامَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَفَنَعْرِفُ ذٰلِكَ لَهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَاعْرِفُوا لَهُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: زمین نے ایسے کسی شخص کو اٹھایا نہیں ہے اور آسمان نے ایسے کسی شخص پر سایہ نہیں کیا جو ابوذر غفاری سے زیادہ سچا اور (عہد کو) پورا کرنے والا ہو یہ حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کے ساتھ مشابہت رکھتا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی کیا ہم اس طرح ان کا تعارف کرادیا کریں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں تم اس کا تعارف کروادیا کرو۔

ذِكْرُ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ الْأَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7136 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ، حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَتُحْسِنُ السُّرْيَانِيَّةَ؟ قُلْتُ: لَا قَالَ: فَتَعَلَّمْهَا فَإِنَّهُ تَأْتِيْنَا كُتُبٌ، قَالَ: فَتَعَلَّمْتُهَا فِي سَبْعَةَ عَشَرَ يَوْمًا قَالَ الْأَعْمَشُ: كَانَتْ تَأْتِيْهِ كُتُبٌ لَا يَشْتَهِي أَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهَا إِلَّا مَنْ يَثِقُ بِهِ

7135– إسناده كسابقه. وقد تقدم برقم. "7132"

7136– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح. جرير: هو ابن عبد الحميد الضبي. وأخرجه أحمد5/182، والفسوى في "المعرفة والتاريخ"484-483/1، والطبراني "4928"، والحاكم3/422، وابن أبي داود في "المصاحف" ص 7، وإسحاق بن راهويه في "مسنده"، وأبو يعلى في "مسنده"، وعلى بن المديني في "العلل" كما في "تغليق التعليق "5/308 من طريق جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن سعد2/358، والطبراني "4927" و "4928" من طريق يحيى بن عيسى الرملي، عن الأعمش، بهذا الإسناد . وله طريق آخر بسند حسن أخرجه ابن سعد في "الطبقات"359-358/2، والبخاري في "تاريخه"381-380/3، وأحمد5/186، وأبو داود "3645" والترمذي "2715"، والطبراني "4856" و "4857"، والفاكهي في "فوائده" فيما ذكره الحافظ في "تغليق التعليق"5/307 من طرق عن عبد الرحمن بن أبي الزناد، عن أبيه، عن خارجة بن زيد بن ثابت، عن أبيه قال: أمرني رسول الله صلى الله عليه وسلم أن أتعلم له كتاب يهود، قال: "إني والله ما آمن يهود على كتاب"، قال: فما مر بي نصف شهر حتى تعلمته، قال: فلما تعلمته، كان إذا كتب إلى يهود كتبت إليهم، وإذا كتب إليه، قرأت له كتابهم، هذا لفظ الترمذي، وقال: حديث حسن صحيح. وعلقه البخاري في "صحيحه""7195" بصيغة الجزم في الأحكام: باب ترجمة الحكام.

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے دریافت کیا: کیا تم سریانی زبان جانتے ہو میں نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پھر تم اسے سیکھ لو ہمارے پاس (غیر مسلم حکمرانوں کے) خطوط آتے ہیں۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے یہ زبان سترہ دن میں سیکھ لی۔

اعمش نامی راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جو مکتوبات آتے تھے آپ کی یہ خواہش تھی کہ ان مکتوبات کے مضمون پر وہی شخص مطلع ہو جو قابل اعتماد ہو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ كَانَ مِنْ اَفْرَضِ الصَّحَابَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ صحابہ کرام میں علم وراثت کے سب سے بڑے عالم تھے

7137 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَاَبُوْ مُوْسٰى، قَالُوْا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرْحَمُ اُمَّتِيْ بِاُمَّتِيْ اَبُوْ بَكْرٍ، وَاَشَدُّهُمْ فِيْ اَمْرِ اللّٰهِ عُمَرُ، وَاَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ، وَاَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللّٰهِ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَاَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَاَعْلَمُهُمْ بِالْحَلَالِ وَالْحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَمِيْنٌ، وَاَمِيْنُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میری امت کے بارے میں' میری امت میں سب سے زیادہ رحم دل ابوبکر ہے۔ اللہ تعالیٰ کے معاملے کے بارے میں سب سے زیادہ سخت عمر ہے۔ حیا کے اعتبار سے سب سے زیادہ سچا عثمان ہے۔ اللہ کی کتاب کا سب سے بڑا عالم ابی بن کعب ہے۔ علم وراثت کا سب سے بڑا عالم زید بن ثابت ہے۔ حلال اور حرام کا سب سے بڑا عالم معاذ بن جبل ہے ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے اور اس امت کا امین ابوعبیدہ بن جراح ہے''۔

ذِكْرُ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما کا تذکرہ

7137– إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو موسى: هو محمد بن المثني، وخالد: هو ابن مهران الحذاء . وأخرجه الترمذي "3791" في المناقب: باب مناقب معاذ وزيد وأبي وأبي عبيدة، من طريق محمد بن بشار، وابن ماجة "154" في المقدمة: باب في فضائل أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، من طريق محمد بن المثني، كلاهما عن عبد الوهاب، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح. وقد تقدم برقم "7131"، وسيأتي برقم "7252"

7138 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ جَابِرٍ:

(متن حدیث): اَنَّ اَبَاهُ هَلَكَ وَتَرَكَ تِسْعَ بَنَاتٍ اَوْ سَبْعَ بَنَاتٍ، قَالَ: فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِي: تَزَوَّجْتَ يَا جَابِرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: بِكْرًا اَوْ ثَيِّبًا؟ قُلْتُ: بَلْ ثَيِّبًا، قَالَ: فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ وَتُضَاحِكُهَا وَتُضَاحِكُكَ، فَقُلْتُ: اِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ مَاتَ وَتَرَكَ تِسْعَ بَنَاتٍ اَوْ سَبْعَ بَنَاتٍ، وَاِنِّي كَرِهْتُ اَنْ اَجِيئَهُنَّ بِمِثْلِهِنَّ وَاَرَدْتُ امْرَاَةً تَقُوْمُ عَلَيْهِنَّ، فَقَالَ لِي: بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ

حضرت عمرو بن اخطب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی طلب کیا میں ایک برتن لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوا جس میں پانی موجود تھا اور اس میں بال بھی تھا میں نے اسے اٹھایا اور اسے پکڑ لیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف دیکھ رہے تھے آپ نے ارشاد فرمایا: اے اللہ اسے جمال عطا کر۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے انہیں **93** سال کی عمر میں دیکھا اس وقت بھی ان کے سر اور داڑھی میں کوئی بال سفید نہیں تھا۔

7172– إسناده قوى . أبو نهيك: هوعثمان بن نهيك. وأخرجه أحمد 5/340، والحاكم 4/139، والبيهقى فى "الدلائل" 6/212، وابن الأثير فى "أسد الغابة" 4/190 من طريق على بن .... الحسن بن شقيق، عن الحسين بن واقد، بهذا الإسناد . ولفظ الحاكم: وهو ابن أربع وتسعين، وصححه الحاكم ووافقه الذهبى . وأخرجه أحمد 5/340، وابن أبى شيبة 494-11/493، والطبرانى "47"/17، وأبو نعيم فى "الدلائل" "384" من طريق زيد بن الحباب، عن الحسين بن واقد، به . ولفظ أبى نعيم: "ثلاث وتسعين" ولفظ أحمد وابن شيبة: "أربع وتسعين"، ولفظ الطبرانى: "فلقد رأيته أتى عليه ستون سنة."

7173– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار، فمن رجال مسلم، وحديثه لا يرقى إلى الصحة . وهو فى "مصنف بن أبى شيبة" 538-14/533 وأخرجه البيهقى فى "دلائل النبوة" 186-4/182 من طريق الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم "1807" فى الجهاد: باب غزوة ذى قرد وغيرها، عن أبى بكر بن أبى شيبة، به . وأخرجه ابن سعد 84-2/81، وأحمد54-4/52، وأبو داود "2752" فى الجهاد: باب فى السرية ترد على أهل العسكر، من طريق هاشم بن القاسم، به . وأخرجه مسلم "1807"، والطبرى فى "تاريخه" 600-2/596، والبيهقى 4/186 من طرق عن عكرمة بن عمار، به . وانظر الحديث رقم . "4529"

ذِكْرُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7173 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنِيْ اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متنِ حدیث): قَدِمْتُ الْمَدِيْنَةَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجْتُ اَنَا وَرَبَاحٌ غُلَامُهُ اُنَدِّيْهِ مَعَ الْ اِبِلِ، فَلَمَّا كَانَ بِغَلَسٍ اَغَارَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عُيَيْنَةَ عَلٰى اِبِلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَتَلَ رَاعِيَهَا، وَخَرَجَ يَطْرُدُهَا، وَهُوَ فِيْ اُنَاسٍ مَعَهُ، فَقُلْتُ: يَا رَبَاحُ اقْعُدْ عَلٰى هٰذَا الْفَرَسِ، وَالْحَقْهُ بِطَلْحَةَ، وَاَخْبِرْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ قَدْ اُغِيرَ عَلٰى سَرْحِهِ، قَالَ: وَقُمْتُ عَلٰى تَلٍّ، فَجَعَلْتُ وَجْهِي قِبَلَ الْمَدِيْنَةِ، ثُمَّ نَادَيْتُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: يَا صَبَاحَاهُ، ثُمَّ اتَّبَعْتُ الْقَوْمَ مَعِي سَيْفِيْ وَنَبْلِي، فَجَعَلْتُ اَرْمِيهِمْ وَاَرْتَجِزُهُمْ، وَذٰلِكَ حِيْنَ كَثُرَ الشَّجَرُ، فَاِذَا رَجَعَ اِلَيَّ فَارِسٌ جَلَسْتُ لَهُ فِيْ اَصْلِ شَجَرَةٍ، ثُمَّ رَمَيْتُهُ، وَلَا يُقْبِلُ عَلَيَّ فَارِسٌ، اِلَّا عَقَرْتُ بِهِ، فَجَعَلْتُ اَرْمِيهِ وَاَقُوْلُ:

اَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ　　وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ

فَاَلْحَقُ بِرَجُلٍ فَاَرْمِيهِ، وَهُوَ عَلٰى رَحْلِهِ، فَيَقَعُ سَهْمِي فِي الرَّحْلِ حَتّٰى انْتَظَمْتُ كَتِفَهُ، قُلْتُ:

خُذْهَا وَاَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ　　وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ

فَاِذَا كُنْتُ فِي الشَّجَرِ اَرْمِيهِمْ بِالنَّبْلِ، وَاِذَا تَضَايَقَتِ الثَّنَايَا عَلَوْتُ الْجَبَلَ وَرَدَّيْتُهُمْ بِالْحِجَارَةِ، فَمَا زَالَ ذٰلِكَ شَاْنِيْ وَشَاْنَهُمْ اَتْبَعُهُمْ، وَاَرْتَجِزُ حَتّٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ شَيْئًا مِنْ ظَهْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِلَّا خَلَّفْتُهُ وَرَاءَ ظَهْرِي وَاسْتَنْقَذْتُهُ مِنْ اَيْدِيهِمْ، ثُمَّ لَمْ اَزَلْ اَرْمِيهِمْ حَتّٰى اَلْقَوْا اَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثِينَ رُمْحًا وَاَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثِينَ بُرْدَةً يَسْتَخِفُّوْنَ بِهَا لَا يُلْقُوْنَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا، اِلَّا جَمَعْتُ عَلَيْهِ الْحِجَارَةَ وَجَمَعْتُهُ عَلٰى طَرِيقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا امْتَدَّ الضُّحٰى اَتَاهُمْ عُيَيْنَةُ بْنُ بَدْرٍ الْفَزَارِيُّ مُمِدًّا لَهُمْ وَهُمْ فِيْ ثَنِيَّةٍ ضَيِّقَةٍ، ثُمَّ عَلَوْتُ الْجَبَلَ، قَالَ عُيَيْنَةُ: وَاَنَا فَوْقَهُمْ مَا هٰذَا الَّذِيْ اَرٰى؟ قَالُوْا: لَقِينَا مِنْ هٰذَا الْبَرْحَ، مَا فَارَقَنَا مُنْذُ سَحَرٍ حَتَّى الْاٰنَ وَاَخَذَ كُلَّ شَيْءٍ مِنْ اَيْدِيْنَا، وَجَعَلَهُ وَرَاءَهُ، فَقَالَ عُيَيْنَةُ: لَوْلَا اَنَّ هٰذَا يَرٰى وَرَاءَهُ طَلَبًا لَقَدْ تَرَكَكُمْ، فَلْيَقُمْ اِلَيْهِ نَفَرٌ مِّنْكُمْ، فَقَامَ اِلَيْهِ نَفَرٌ مِّنْهُمْ اَرْبَعَةٌ، فَصَعِدُوْا فِي الْجَبَلِ، فَلَمَّا اَسْمَعْتُهُمُ الصَّوْتَ، قُلْتُ لَهُمْ: اَتَعْرِفُوْنِيْ، قَالُوْا: مَنْ اَنْتَ؟ قُلْتُ: اَنَا ابْنُ الْاَكْوَعِ وَالَّذِيْ كَرَّمَ وَجْهَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَطْلُبُنِيْ رَجُلٌ مِّنْكُمْ، فَيُدْرِكُنِيْ وَلَا اَطْلُبُهُ فَيَفُوتُنِيْ، فَقَالَ رَجُلٌ مِّنْهُمْ: اَظُنُّ، قَالَ: فَمَا بَرِحْتُ مَقْعَدِيْ حَتّٰى نَظَرْتُ اِلٰى فَوَارِسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَلَّلُوْنَ الشَّجَرَ، وَاِذَا اَوَّلُهُمُ الْاَخْرَمُ الْاَسَدِيُّ، وَعَلٰى اِثْرِهِ اَبُوْ قَتَادَةَ، وَعَلٰى اِثْرِهِ الْمِقْدَادُ الْكِنْدِيُّ، قَالَ: فَوَلَّى الْمُشْرِكُوْنَ مُدْبِرِيْنَ، فَاَنْزِلُ مِنَ الْجَبَلِ، فَاَعْتَرِضُ الْاَخْرَمَ، فَقُلْتُ: يَا اَخْرَمُ

احْذَرْهُمْ، فَإِنِّي لَا آمَنُ أَنْ يَقْتَطِعُوكَ، فَاتَّئِدْ حَتَّى يَلْحَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ، قَالَ: يَا سَلَمَةُ، إِنْ كُنْتَ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ، وَتَعْلَمُ أَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ، وَأَنَّ النَّارَ حَقٌّ، فَلَا تَحُلْ بَيْنِي وَبَيْنَ الشَّهَادَةِ، قَالَ: فَخَلَّى عِنَانَ فَرَسِهِ، فَلَحِقَ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُيَيْنَةَ، وَيَعْطِفُ عَلَيْهِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، فَاخْتَلَفَا فِي طَعْنَتَيْنِ، فَعَقَرَ الْأَخْرَمُ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَطَعَنَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، فَقَتَلَهُ وَتَحَوَّلَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَلٰى فَرَسِ الْأَخْرَمِ، فَلَحِقَ أَبُو قَتَادَةَ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ، فَاخْتَلَفَا فِي طَعْنَتَيْنِ، فَعَقَرَ بِأَبِي قَتَادَةَ، وَقَتَلَهُ أَبُو قَتَادَةَ، وَتَحَوَّلَ أَبُو قَتَادَةَ عَلٰى فَرَسِ الْأَخْرَمِ، ثُمَّ إِنِّي خَرَجْتُ أَعْدُو فِي إِثْرِ الْقَوْمِ حَتَّى مَا أَرَى مِنْ غُبَارِ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا وَيُعْرِضُونَ قَبْلَ غَيْبُوبَةِ الشَّمْسِ إِلٰى شِعْبٍ فِيهِ مَاءٌ يُقَالُ لَهُ: ذُو قَرَدٍ، فَأَرَادُوا أَنْ يَشْرَبُوا مِنْهُ، فَأَبْصَرُونِي أَعْدُو وَرَاءَهُمْ، فَعَطَفُوا عَنْهُ وَشَدُّوا فِي الثَّنِيَّةِ ثَنِيَّةِ ذِي ثَبِيرٍ وَّغَرَبَتِ الشَّمْسُ، فَأَلْحَقُ رَجُلًا فَأَرْمِيهِ، قُلْتُ:

خُذْهَا وَأَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ

قَالَ: يَا ثَكِلَتْنِي أُمِّي أَأَكْوَعُ بُكْرَةَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ أَيْ عَدُوَّ نَفْسِهِ، وَكَانَ الَّذِي رَمَيْتُهُ بُكْرَةَ، وَأَتْبَعْتُهُ بِسَهْمٍ آخَرَ، فَعَلِقَ فِيهِ سَهْمَانِ وَخَلَّفُوا فَرَسَيْنِ، فَجِئْتُ بِهِمَا أَسُوقُهُمَا إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ عَلَى الْمَاءِ الَّذِي عِنْدَ ذِي قَرَدٍ، فَإِذَا نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جَمَاعَةٍ، وَإِذَا بِلَالٌ قَدْ نَحَرَ جَزُورًا مِمَّا خَلَّفْتُ وَهُوَ يَشْوِي لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ كَبِدِهَا وَسَنَامِهَا، فَقُلْتُ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، خَلِّنِي فَأَنْتَخِبَ مِنْ أَصْحَابِكَ مِائَةَ رَجُلٍ وَّآخُذَ عَلَى الْكُفَّارِ، فَلَا أُبْقِي مِنْهُمْ مُخْبِرًا، إِلَّا قَتَلْتُهُ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكُنْتَ فَاعِلًا ذٰلِكَ يَا سَلَمَةُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، وَالَّذِي أَكْرَمَ وَجْهَكَ، فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى رَأَيْتُ نَوَاجِذَهُ فِي ضَوْءِ النَّارِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُمْ يُقْرَوْنَ الْآنَ إِلٰى أَرْضِ غَطَفَانَ، فَجَاءَ رَجُلٌ مِّنْ غَطَفَانَ، فَقَالَ: نَزَلُوا عَلٰى فُلَانٍ الْغَطَفَانِيِّ، فَنَحَرَ لَهُمْ جَزُورًا، فَلَمَّا أَخَذُوا يَكْشِطُونَ جِلْدَهَا رَأَوْا غَبَرَةً، فَتَرَكُوهَا وَخَرَجُوا هُرَّابًا، فَلَمَّا أَصْبَحْنَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ فُرْسَانِنَا الْيَوْمَ أَبُو قَتَادَةَ، وَخَيْرُ رَجَّالَتِنَا سَلَمَةُ، فَأَعْطَانِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ الرَّاجِلِ وَالْفَارِسِ جَمِيعًا، ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْدَفَنِي وَرَاءَهُ عَلَى الْعَضْبَاءِ رَاجِعِينَ إِلَى الْمَدِينَةِ، فَلَمَّا كَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ قَرِيبٌ مِّنْ ضَحْوَةٍ وَّفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ مِّنَ الْأَنْصَارِ كَانَ لَا يُسْبَقُ، فَجَعَلَ يُنَادِي: هَلْ مِنْ مُسَابِقٍ أَلَا رَجُلٌ يُسَابِقُ إِلَى الْمَدِينَةِ فَعَلَ ذٰلِكَ مِرَارًا وَأَنَا وَرَاءَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي، خَلِّنِي فَلَأُسَابِقَ الرَّجُلَ، قَالَ: إِنْ شِئْتَ، قُلْتُ: اذْهَبْ إِلَيْكَ فَطَفَرَ عَنْ رَاحِلَتِهِ وَثَنَيْتُ رِجْلِي، فَطَفَرْتُ عَنِ النَّاقَةِ، ثُمَّ إِنِّي رَبَطْتُ عَلَيْهِ شَرَفًا، أَوْ شَرَفَيْنِ - يَعْنِي اسْتَبْقَيْتُ نَفْسِي -، ثُمَّ عَدَوْتُ حَتَّى أَلْحَقَهُ، فَأَصُكُّ بَيْنَ كَتِفَيْهِ بِيَدِي، وَقُلْتُ: سُبِقْتَ وَاللّٰهِ حَتَّى قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ

ایاس بن سلمہ، اپنے والد (حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حدیبیہ کے موقع پر میں نبی

اکرم ﷺ کے ساتھ مدینہ منورہ آیا میں اور نبی اکرم ﷺ کا غلام رباح اونٹوں کو ساتھ لے کر نکلے جب کچھ اندھیرا چھا گیا' تو عبدالرحمن بن عیینہ نے نبی اکرم ﷺ کے اونٹوں پر حملہ کر کے ان کے چرواہے کو قتل کر دیا اور وہ ان اونٹوں کو ساتھ لے کر روانہ ہو گیا اس کے ساتھ کچھ دوسرے لوگ بھی تھے میں نے کہا: اے رباح تم اس گھوڑے پر سوار ہو جاؤ اور اسے حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے پاس لے جاؤ اور نبی اکرم ﷺ کو یہ بتاؤ کہ آپ کے اونٹوں پر حملہ کر دیا گیا ہے۔ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں ایک ٹیلے پر چڑھا میں نے اپنا چہرہ مدینہ منورہ کی طرف کیا اور پھر میں نے تین مرتبہ بلند آواز میں پکارا ''خطرہ ہے'' پھر میں ان لوگوں کے پیچھے چل پڑا میرے پاس تلوار بھی تھی اور نیزہ بھی تھا میں انہیں نیزہ مارتا اور انہیں رجز پڑھ کے سناتا' یہاں تک کہ ہم ایک ایسی جگہ پہنچ گئے جہاں درخت زیادہ تھے اسی دوران ایک گھڑ سوار پلٹ کر میری طرف آیا میں اس کا (مقابلہ کرنے کے لئے) درخت کے تنے کے پاس بیٹھ گیا پھر میں نے اسے تیر مارا' تو پھر کوئی گھڑ سوار میری طرف نہیں آیا مگر یہ کہ میں نے اس کے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیئے میں تیر مارتا جاتا تھا اور یہ کہتا جاتا تھا میں اکوع کا بیٹا ہوں اور آج کا دن کمینوں کی ہلاکت کا دن ہے۔

میں ایک شخص کے پاس آیا اور میں نے اسے تیر مارا وہ اپنی سواری پر تھا میرا تیر اس سواری پر لگا' یہاں تک کہ اس کے کندھے کے اندر جا کر لگ گیا' تو میں نے کہا: لو سنبھالو میں اکوع کا بیٹا ہوں اور آج کا دن کمینوں کی ہلاکت کا دن ہے' جب میں درختوں میں ہوتا' تو میں انہیں تیر مارتا اور جب گھاٹیاں تنگ ہو جاتیں' تو میں پہاڑ پر چڑھ جاتا اور انہیں پتھر مارتا میرا اور ان کا معاملہ یوں ہی چلتا رہا میں ان کے پیچھے جاتا رہا انہیں رجز پڑھ کے سناتا رہا' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ کی ہر اونٹنی کو میں نے ان کے ہاتھوں سے چھین لیا' میں پھر بھی مسلسل انہیں تیر مارتا رہا' یہاں تک کہ میں نے ان سے تیس سے زیادہ نیزے اور تیس سے زیادہ چادریں بھی چھین لیں وہ اپنا وزن ہلکا کر رہے تھے وہ جو بھی چیز ڈالتے تھے میں اس پر پتھر رکھ دیتا تھا اور میں اسے نبی اکرم ﷺ کے راستے کے لئے اکٹھا کر دیتا تھا' یہاں تک کہ جب دن چڑھ آیا' تو ان لوگوں کے پاس ان کی مدد کرنے کے لئے عیینہ بن بدر فزاری آ گیا وہ لوگ اس وقت ایک تنگ گھاٹی میں تھے میں پہاڑ پر چڑھ گیا عیینہ نے کہا: یہ کون ہے میں اس وقت ان لوگوں کے اوپر تھا ان لوگوں نے بتایا: ہم بڑی دیر سے اس کے حوالے سے پریشان ہیں جب سے صبح ہوئی ہے' اس نے ہماری جان نہیں چھوڑی اور یہ وقت ہو گیا ہے' اس نے ہمارے پاس موجود ہر چیز حاصل کر لی ہے اور ان چیزوں کو اپنے پیچھے رکھ لیا ہے۔ عیینہ نے کہا: اگر اسے اپنے پیچھے سے حملہ کرنے والے نظر آ گئے تو یہ تمہیں چھوڑ دے گا۔ تم میں سے کچھ لوگ اٹھ کر اس کے پاس جائیں ان میں سے چار آدمی اٹھ کر ان کی طرف گئے وہ لوگ پہاڑ پر چڑھ گئے جب میری آواز ان تک پہنچ گئی' تو میں نے ان سے کہا: کیا تم لوگ مجھے جانتے ہو۔ ان لوگوں نے دریافت کیا: تم کون ہو؟ میں نے کہا: میں اکوع کا بیٹا ہوں اس ذات کی قسم جس نے حضرت محمد ﷺ کو اور ان کے چہرے کو عزت بخشی ہے تم میں سے جو شخص بھی میری تلاش میں آئے گا وہ مجھ تک پہنچ نہیں پائے گا' اور جسے میں تلاش کروں گا وہ مجھ سے اوجھل نہیں رہ سکے گا ان میں سے ایک شخص نے کہا: میرا خیال ہے (ایسا ہی ہے) حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' تو میں اسی جگہ پر بیٹھا رہا' یہاں تک کہ میں نے نبی اکرم ﷺ کے گھڑ سواروں کو دیکھ لیا جو درختوں کے درمیان میں سے گزرتے ہوئے آ رہے تھے ان میں سب سے آگے اخرم اسدی تھے ان کے پیچھے ابوقتادہ تھے ان کے پیچھے مقداد کندی تھے۔ راوی کہتے ہیں' تو مشرکین پیٹھ پھیر کر بھاگ گئے میں پہاڑ سے

نیچے اترا میں اخرم کے سامنے آیا میں نے کہا: اے اخرم ان سے بچنے کی کوشش کرو کیونکہ مجھے اس بات کا اندیشہ ہے کہ یہ تمہیں نقصان پہنچا سکتے ہیں تم ذرا ٹھہر جاؤ جب تک نبی اکرم ﷺ اور آپ کے اصحاب تشریف نہیں لے آتے' تو اخرم نے کہا: اے سلمہ اگر تم اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہو اور یہ بات جانتے ہو کہ جنت حق ہے اور جہنم حق ہے' تو میرے اور شہادت کے درمیان رکاوٹ نہ بنو۔ راوی کہتے ہیں' تو حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ نے ان کے گھوڑے کی لگام چھوڑ دی وہ عبدالرحمٰن بن عیینہ کے پاس پہنچے۔ عبدالرحمٰن نے ان پر حملہ کیا ان دونوں کے نیزے ٹکرائے' تو اخرم نے عبدالرحمٰن کے جانور کے پاؤں کاٹ دیئے اور عبدالرحمٰن نے انہیں زخمی کر دیا اور انہیں شہید کر دیا پھر عبدالرحمٰن اخرم کے گھوڑے پر سوار ہوا پھر حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ عبدالرحمٰن کے پاس پہنچے ان دونوں کے نیزے ایک دوسرے سے ٹکرائے اس نے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کے جانور کے پاؤں کاٹ دیئے' تو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے اسے مار دیا۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ اخرم کے گھوڑے پر سوار ہو کر واپس آئے پھر میں ان لوگوں کے پیچھے چلتا ہوا روانہ ہوا' یہاں تک کہ مجھے نبی اکرم ﷺ کے اصحاب کے غبار میں سے کوئی چیز نظر نہیں آئی جب کہ دشمن سورج غروب ہونے سے کچھ پہلے گھاٹی میں پہنچا' جہاں پانی موجود تھا اس جگہ کو ذو قرد کہتے تھے۔ انہوں نے وہاں سے پانی پینے کا ارادہ کیا جب انہوں نے مجھے دیکھا کہ میں پیچھے آ رہا ہوں' تو انہوں نے اس جگہ کو چھوڑا اور اس گھاٹی کی طرف آئے جو ذی ثبیل کی گھاٹی تھی اسی دوران سورج غروب ہو گیا میں ایک شخص کے پاس پہنچا میں نے اسے تیر مارا میں نے کہا: لو اسے سنبھالو میں اکوع کا بیٹا ہوں اور آج کمینوں کی ہلاکت کا دن ہے' تو اس نے کہا: میری ماں مجھے روئے کیا اکوع صبح والا؟ میں نے کہا: ہاں اے اپنی جان کے دشمن یہ وہی شخص تھا' جسے میں نے صبح کے وقت تیر مارا تھا میں نے اسے دوسرا تیر مارا' تو اسے دو تیر لگے' تو اس نے دو گھوڑے چھوڑے۔ میں ان دونوں کو لے کر ہانک کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں لے آیا۔ نبی اکرم ﷺ اس وقت ذی قرد پانی کے پاس موجود تھے۔ نبی اکرم ﷺ کچھ ساتھیوں سمیت تھے وہاں حضرت بلال رضی اللہ عنہ تھے جنہوں نے ان میں سے ایک اونٹ کو قربان کر دیا تھا جنہیں میں نے پیچھے چھوڑا تھا وہ نبی اکرم ﷺ کے لیے اس کا کلیجہ اور ران بھون رہے تھے۔ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ آپ مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپ کے اصحاب میں سے ایک سو آدمیوں کو منتخب کروں اور پھر کفار پر حملہ کر دوں میں ان میں سے کسی بھی اطلاع دینے والے کو نہیں چھوڑوں گا مگر یہ کہ اسے قتل کر دوں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے سلمہ کیا تم نے ایسا کیا ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں اس ذات کی قسم جس نے آپ کے چہرے کو عزت بخشی ہے' تو نبی اکرم ﷺ مسکرا دیئے' یہاں تک کہ مجھے آگ کی روشنی میں آپ کے اطراف کے دانت نظر آئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ لوگ اب غطفان کی سرزمین پر پہنچ گئے ہوں گے پھر غطفان سے ایک شخص آیا اس نے بتایا: ان لوگوں نے فلاں غطفانی کے ہاں پڑاؤ کیا ہے' اس نے ان لوگوں کے لئے اونٹ قربان کیا ہے وہ لوگ اس کی کھال اتارنے لگے' تو انہوں نے غبار دیکھا انہوں نے اسے چھوڑ دیا اور بھاگ کھڑے ہوئے۔ اگلے دن صبح نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہمارے گھڑ سواروں میں آج سب سے بہتر ابوقتادہ ہے اور ہمارے پیدل لوگوں میں آج سب سے بہتر سلمہ ہے پھر نبی اکرم ﷺ نے مجھے پیادہ شخص اور گھڑ سوار دونوں کا حصہ عطا کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے مجھے اپنے پیچھے اپنی اونٹنی عضباء پر سوار کیا اور ہم لوگ مدینہ منورہ کی طرف واپس آ گئے ابھی ہم مدینہ منورہ سے کچھ فاصلے پر تھے کہ حاضرین میں سے ایک صاحب جن کا تعلق انصار سے تھا اور کوئی بھی

دوڑ میں ان سے آگے نہیں نکل سکتا تھا اس نے بلند آواز میں کہنا شروع کیا کیا کوئی مقابلہ کرنے والا ہے کیا کوئی مدینہ منورہ تک دوڑ کا مقابلہ کرے گا۔ انہوں نے کئی مرتبہ یہ اعلان کیا میں اس وقت نبی اکرم ﷺ کے پیچھے موجود تھا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ مجھے اجازت دیجئے کہ میں اس شخص کے ساتھ دوڑ کا مقابلہ کروں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم چاہو (تو کرلو) میں نے اس انصاری سے کہا: چلو (میں تمہارا مقابلہ کرتا ہوں) وہ اپنی سواری سے اترا میں نے اپنی ٹانگ موڑی اور اونٹنی سے اتر آیا' پھر میں نے اسے ایک یا دو ٹیلوں تک آگے نکلنے کا موقع دیا (پوری قوت سے دوڑ لگائی) اور اس تک پہنچ گیا۔ میں نے اپنے ہاتھ کے ذریعے اس کے دونوں کندھوں کے درمیان مارا اور کہا: اللہ کی قسم! تم ہار گئے ہو' یہاں تک کہ ہم مدینہ منورہ آگئے۔

ذِكْرُ غَزَوَاتِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ مَعَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کا نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ غزوات میں حصہ لینے کا تذکرہ

7174 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنْ يَّزِيْدَ بْنَ اَبِيْ عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، اَنَّهٗ قَالَ:

(متن حدیث): غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ، وَمَعَ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ تِسْعَ غَزَوَاتٍ، اَمَّرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا

❀❀ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ سات غزوات میں شرکت کی ہے اور حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کے ہمراہ نو غزوات میں شرکت کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں ہمارا امیر مقرر کیا تھا۔

7175 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُدَيْبِيَةَ، ثُمَّ خَرَجْنَا رَاجِعِيْنَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ،

7174- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد. وأخرجه ابن سعد 4/305، والطبراني "6282"، والحاكم 3/218، والبيهقي 9/40-41 من طريق أبي عاصم، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "4272" في المغازي: باب بعث النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ إلى الحرقات من جهينة، من طريق أبي عاصم، به، بلفظ: غزوت مع النبي صلى الله عليه وسلم تسع غزوات، وغزوت مع ابن حارثة استعمله علينا. وأخرجه البخاري "4270"، ومسلم "1815" في الجهاد: باب عدد غزوات النبي صلى الله عليه وسلم، والبيهقي 9/40، والبغوي "3941" من طريق حاتم بن أبي إسماعيل، والبخاري "4271" من طريق حفص بن غياث، كلاهما عن يزيد بن ابي عبيد، به. بلفظ: غزوت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم سبع غزوات، وخرجت فيما يبعث من البعوث تسع غزوات، مرة علينا أبو بكر، ومرة علينا أسامة بن زيد. ولفظ البيهقي وإحدى روايتي مسلم: "سبع" في كلتيهما. وأخرجه ابن سعد 4/305، وأحمد 4/54، والبخاري "4273"، والطبراني "[illegible]" من طريق حماد بن مسعدة.

7175- إسناده حسن. رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار فمن رجال مسلم أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك. وأخرجه ابن سعد 4/306 عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد. وقد تقدم برقم "[illegible]" مطولاً.

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَيْرُ فُرْسَانِنَا الْيَوْمَ اَبُوْ قَتَادَةَ، وَخَيْرُ رَجَّالَتِنَا الْيَوْمَ سَلَمَةُ بْنُ الْاَكْوَعِ ، ثُمَّ اَعْطَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ الْفَارِسِ، وَسَهْمَ الرَّاجِلِ.

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ : كَانَ سَلَمَةُ بْنُ الْاَكْوَعِ فِيْ تِلْكَ الْغَزَاةِ رَاجِلًا، فَاَعْطَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ الرَّاجِلِ لِمَا اسْتَحَقَّ مِنَ الْغَنِيمَةِ، وَسَهْمَ الْفَارِسِ مِنْ خُمُسِ خُمُسِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دُوْنَ اَنْ يَكُوْنَ سَلَمَةُ اُعْطِيَ سَهْمَ الْفَارِسِ مِنْ سِهَامِ الْمُسْلِمِيْنَ

ایاس بن سلمہ بن اکوع اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ حدیبیہ آئے پھر ہم مدینہ منورہ کی طرف واپس جانے کے لئے روانہ ہوئے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: آج ہمارا سب سے بہترین گھڑ سوار ابوقتادہ اور ہمارا سب سے بہترین پیادہ سلمہ بن اکوع ہے پھر نبی اکرم ﷺ نے مجھے گھڑ سوار اور پیادہ (دونوں طرح کے لوگوں) کا حصہ عطا کیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ اس جنگ میں پیادہ کے طور پر شریک ہوئے تھے نبی اکرم ﷺ نے انہیں پیادہ کا حصہ دیا تھا' جس کے وہ مال غنیمت میں سے مستحق تھے اور گھڑ سوار کا حصہ نبی اکرم ﷺ نے انہیں خمس میں سے دیا تھا ایسا نہیں ہے کہ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ کو مسلمانوں کے حصے میں سے گھڑ سوار کا حصہ دیا گیا۔

ذِكْرُ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7176 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُبَارَكِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسَ عَشْرَةَ غَزْوَةً، اَنَا وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ پندرہ غزوات میں شرکت کی ہے میں نے اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما (ہم دونوں نے شرکت کی ہے)

7176- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عثمان - وهو ابن كرامة - العجلي، فمن رجال البخاري. وأخرجه ابن سعد 4/368 عن عبيد الله بن موسى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/292، والبخاري "4472" في المغازي: باب كم غزا النبي صلى الله عليه وسلم، من طلايقين عن إسرائيل، به. وأخرجه أحمد 4/292، و 301 من طريق الجراح بن مليح والطيالسي "720"، وابن سعد 4/368، وأبو يعلى "1693" من طريق حديج بن معاوية، كلاهما عن أبي إسحاق، به. وأخرج أحمد 4/295 عن يونس بن محمد، عن فليح، عن صفوان بن سليم، عن أبي بسرة، عن البراء، قال: غزوت مع رسول الله صلى الله عليه وسلم بضع عشرة غزوة، فما رأيته ترك ركعتين حين تميل الشمس.

ذِكْرُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7177 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، حَدَّثَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ اَزَّرَتْنِي بِخِمَارِهَا وَرَدَّتْنِي بِبَعْضِهِ، قَالَتْ: يَارَسُولَ اللّٰهِ، هٰذَا اَنَسٌ اَتَيْتُكَ بِهِ لِيَخْدُمَكَ، فَادْعُ اللّٰهَ لَهُ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، قَالَ اَنَسٌ: فَوَاللّٰهِ اِنَّ مَالِي لَكَثِيرٌ، وَاِنَّ وَلَدِي وَوَلَدَ وَلَدِي يَتَعَاقَبُونَ عَلٰى نَحْوِ الْمِائَةِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں انہوں نے اپنی چادر کے ایک حصے کو مجھے تہبند کے طور پر پہنادیا اور ایک حصہ میرے جسم پر لپیٹ دیا تھا انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ انس ہے میں اسے لے کر آپ کی خدمت میں اس لیے حاضر ہوئی ہوں تاکہ یہ آپ کی خدمت کیا کرے آپ اللہ تعالیٰ سے اس کے لیے دعائے خیر کیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ اس کے مال اور اس کی اولاد میں کثرت کردے۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: اللہ کی قسم میرا مال بہت زیادہ ہے اور میری اولاد اور اولاد کی اولاد کی تعداد ایک سو کے قریب ہے۔

7177- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عكرمة بن عمار، فمن رجال وأخرجه البيهقي في "الدلائل 6/194"من طريق محمود بن غيلان، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم"2481" "143"في فضائل الصحابة: باب من فضائل أنس بن مالك، عن أبي معن الرقاشي، عن عمر بن يونس، به . وأخرجه الطبراني"301" /25من طريق سعيد بن عبد الرحمن الجمحي، عن إسحاق بن عبد الله بن أبي طلحة، عن أنس، عن أمه. وأخرجه أحمد 3/194و248، ومسلم "660"في المساجد: باب جواز الجماعة في النافلة، و "2481" "142"، وأبو يعلى"3328"، والطبراني"302" /25، والبيهقي في "السنن 3/53-54"من طريقين عن ثابت، عن أنس. وأخرجه ابن سعد 7/19، والبخاري في "الأدب المفرد"653"، وأبو يعلى"4236"من طريقين عن سنان بن ربيعة، عن أنس0وفيه: فلقد دفنت من صلبي سوى ولد ولدي خمسا وعشرين ومئة . وأخرجه الطبراني "710"من طريق هشام بن حسان، عن حفصة بنت سيرين، عن أنس بنحوه . وأخرجه البيهقي في "الدلائل 6/196"من طريق نوح بن قيس، عن ثمامة بن "عبد الله بن " أنس، عن أنس . وأخرج ابن سعد 7/19-20، وأبو يعلى "4221"من طريقين عن سلام بن مسكين، عن عبد العزيز بن أبي جميلة، عن أنس قال: إني لأعرف دعوة رسول الله صلى الله عليه وسلم في وفي مالي وفي ولدي .... وأخرج مسلم"24" "144"، والترمذي"3827" في المناقب: باب مناقب لأنس بن مالك، وأبو يعلى "4354"، والبيهقي 6/196 من طريقين عن جعفر بن سليمان، عن الجعد أبي عثمان، عن أنس، قال: مر رسول الله صلى الله عليه وسلم، فسمعت أمي أم سليم صوته، فقالت: بأبي وأمي يا رسول الله، أنيس، فدعا لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاث دعوات قد رأيت منها اثنتين في الدنيا، وأنا أرجو الثالثة في الأخرة0وانظر الحديث الآتي، والحديث رقم "7186"

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ بِالْبَرَكَةِ فِيمَا آتَاهُ اللّٰهُ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے لیے ان چیزوں میں برکت کی دعا کرنے کا تذکرہ' جو اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا کی ہیں

7178 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اُمِّ سُلَيْمٍ،

(متن حدیث): اَنَّهَا قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَسٌ خَادِمُكَ ادْعُ اللّٰهَ لَهُ، قَالَ: اللّٰهُمَّ اَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ وَبَارِكْ لَهُ فِيمَا اَعْطَيْتَهُ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کی انس آپ کا خادم ہے' آپ اس کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے' تو نبی اکرم ﷺ نے دعا کی۔

''اے اللہ! اس کے مال اور اس کی اولاد کو زیادہ کر دے اور جو کچھ' تو نے اسے عطا کیا ہے' اس میں اس کے لیے برکت رکھ دے''۔

ذِكْرُ الْمُدَّةِ الَّتِي خَدَمَ فِيهَا اَنَسٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس مدت کا تذکرہ' جتنے عرصے تک حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت کرتے رہے

7179 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى مِنْ كِتَابِهِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ عَزْرَةَ بْنِ ثَابِتٍ، عَنْ ثُمَامَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَدَمْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَ سِنِينَ فَمَا بَعَثَنِي فِي حَاجَةٍ لَمْ تَتَهَيَّاْ اِلَّا قَالَ: لَوْ

7178- إسناده صحيح على شرط الشيخين. بندار: هو محمد بن بشار، ومحمد: هو ابن جعفر . وأخرجه البخارى"6378" "6379"فى الدعوات: باب الدعاء بكثرة المال مع البركة، ومسلم"2480" فى فضائل الصحابة: باب من فضائل أنس بن مالك، والترمذى"3829"فى المناقب: باب مناقب لأنس بن مالك، والبغوى "3990"من طريق بندار، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم"2480"والطبرانى"303"/25 من طريقين، عن محمد بن جعفر، به . وأخرجه أبو يعلى"3238"و"3239"من طريق حجاج، عن..... شعبة، عن قتادة وهشام بن زيد، عن أنس، عن أم سليم. وأخرجه الطيالسى"1987"، ومن طريقه مسلم"2480"والبيهقى فى "الدلائل6/194"، وأخرجه البخارى "6334"فى الدعوات: باب قول الله تعالى: (وَصَلِّ عَلَيْهِمْ) ، و "6380" و"6381" باب الدعاء بكثرة الولد مع البركة، من طريق سعيد بن الربيع، والبخارى"6344"باب دعوة النبى صلى الله عليه وسلم لخادمه بطول العمر وبكثرة ماله، وأبو يعلى "3200" من طريق حرمى، ثلاثتهم عن شعبة، عن قتادة، عن أنس قال: قالت أم سليم ... وأخرجه البخارى"6379"، ومسلم"2480" عن محمد بن بشار، عن محمد بن جعفر، عن شعبة، عن هشام بن زيد، سمعت أنس بن مالك يقول مثل ذلك0واظر الحديث السابق برقم"7186"، وانظر "الفتح 11/128"

7179- إسناده صحيح على شرط الشيخين0ثمامة: هو ابن عبد الله بن أنس. وقد تقدم برقم"2893"و."2894"

قُضِىَ لَكَانَ، اَوْ لَوْ قُدِّرَ لَكَانَ

❀❀ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے دس سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بھی مجھے کسی کام کے لیے بھیجا' تو یہی ارشاد فرمایا: اگر نصیب میں ہوا' تو یہ ہو جائے گا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) اگر مقدر میں ہوا' تو یہ ہو جائے گا۔

ذِكْرُ اَبِىْ طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيِّ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7180 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُنَادِى، حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ، قَالَ: غَشِيَنَا النُّعَاسُ وَنَحْنُ فِىْ مَصَافِّنَا يَوْمَ بَدْرٍ، قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ: فَكُنْتُ فِيمَنْ غَشِيَهُ النُّعَاسُ يَوْمَئِذٍ، فَجَعَلَ سَيْفِى يَسْقُطُ مِنْ يَّدِىْ وَآخُذُهُ، وَيَسْقُطُ وَآخُذُهُ، وَالطَّائِفَةُ الْاُخْرَى الْمُنَافِقُونَ لَيْسَ لَهُمْ هَمٌّ اِلَّا اَنْفُسُهُمْ، اَجْبَنُ قَوْمٍ، وَاَذَلُّهُ لِلْحَقِّ، يَظُنُّونَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ، اَهْلُ شَكٍّ وَرِيبَةٍ فِىْ اَمْرِ اللّٰهِ

❀❀ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے غزوہ بدر کے دن ہم لوگ صفوں میں موجود تھے کہ اسی دوران ہم پر اونگھ طاری ہوگئی حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں بھی ان لوگوں میں شامل تھا جن پر اس دن اونگھ طاری ہوئی تھی میری تلوار میرے ہاتھ سے گر جاتی تھی میں اسے پکڑ لیتا تھا وہ پھر گر جاتی تھی میں پھر پکڑ لیتا تھا جبکہ دوسرا گروہ منافقین کا تھا انہیں صرف اپنی فکر تھی یہ لوگ سب سے زیادہ بزدل تھے اور سب سے زیادہ ذلیل تھے یہ لوگ اللہ تعالیٰ کے بارے میں ناحق گمان کرتے تھے جو زمانہ جاہلیت کا گمان تھا یہ اللہ کے حکم کے بارے میں شک وشبہ کرنے والے لوگ تھے۔

7180- إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبيد الله، فروى له البخارى. شيبان: هو ابن عبد الرحمن النحوى نسبة إلى نحوه: بطن من الأزد، لا إلى علم النحو. وأخرجه البيهقى فى "الدلائل3/273-274" من طريق محمد بن .... عبد اللّٰه بن المبارك، عن يونس بن محمد، بهذا الإسناد . وسقط من المطبوع من قوله: "يونس" إلى: "وحدثنا أنس"، واستدرك من "تفسير ابن كثير. 1/427" وأخرجه أحمد4/29 عن يونس، حدثنا شيبان وحسين فى تفسير شيبان عن قتادة، به. وأخرجه البخارى"4562" فى تفسير آل عمران: باب (أَمَنَةً نُعَاساً)، والبغوى فى "تفسير1/363" من طريق حسين بن محمد، عن شيبان، به. وأخرجه البخارى"4068" فى المغازى: باب (ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاساً)، والترمذى "3008" فى تفسير سورة آل عمران، والطبرى فى "حامع البيان""8077"، والطبرانى "4700"، والبيهقى فى "الدلائل"3/272 من طريق سعيد، والطبرى "8076"، والطبرانى "4699" من طريق عمران القطان، كلاهما عن قتادة، به . وأخرجه ابن سعد3/505، والنسائى فى "الكبرى" كما فى "التحفة"3/247، والطبرى"8074" من طريق حميد، عن أنس، به . وأخرجه ابن سعد3/505، وابن أبى شيبة14/406-407، والترمذى "3007"، والنسائى فى "الكبرى" كما فى "التحفة"3/247، والطبرى"8075"، والحاكم2/297، والبيهقى فى "الدلائل"3/272، وأبو نعيم فى "الدلائل""421".

ذِكْرُ اتِّرَاسِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَبِىْ طَلْحَةَ

نبی اکرم ﷺ کا حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو ڈھال کے طور پر رکھنے کا تذکرہ

7181 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ، كَانَ يَرْمِي بَيْنَ يَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْفَعُ رَاْسَهُ مِنْ خَلْفِهِ لِيَنْظُرَ اَيْنَ يَقَعُ نَبْلُهُ، فَيَتَطَاوَلُ اَبُوْ طَلْحَةَ بِصَدْرِهِ يَقِي بِهِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَقُوْلُ: هٰكَذَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ جَعَلَنِي اللّٰهُ فِدَاكَ نَحْرِي دُوْنَ نَحْرِكَ

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے آگے کھڑے ہو کر تیر اندازی کر رہے تھے ان کے پیچھے سے جب بھی نبی اکرم ﷺ اپنا سر اوپر کرنے کی کوشش کرتے تاکہ اس بات کا جائزہ لیں کہ ان کا تیر کہاں گرا ہے' تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اپنے سینے کو پھیلا لیتے تاکہ اس کے ذریعے نبی اکرم ﷺ کو بچائیں اور یہ عرض کرتے: اے اللہ کے نبی! آپ اسی طرح (میرے پیچھے محفوظ رہیں) اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر فدا کرے اور میں آپ کے آگے رہوں۔

ذِكْرُ تَصَدُّقِ اَبِىْ طَلْحَةَ بِاَحَبِّ مَالِهِ اِلَيْهِ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا اپنا سب سے زیادہ محبوب مال صدقہ کرنے کا تذکرہ

7182 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ

7181– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وقد تقدم برقم. "4582"

7182– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البغوى فى "شرح السنة" "1683"، وفى "التفسير" 1/325 من طريق أبى مصعب أحمد بن أبى بكر، بهذا الإسناد. وهو فى "الموطأ" 996-2/995 فى الصدقة: باب الترغيب فى الصدقة، ومن طريقه أخرجه أحمد 3/141، والبخارى "1416" فى الزكاة: باب الزكاة على الأقارب، و "2318" فى الوكالة: باب إذا قال الرجل لوكيله: ضعه حيث أراك الله، و "2752" فى الوصايا: باب إذا وقف أوصى لأقاربه، و "2769" باب إذا وقف أرضاً ولم يبين الحدود، فهو جائز، و "4554" فى تفسير سورة آل عمران: باب: (لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ) ، و "5611" فى الأشربة: باب استعذاب الماء، ومسلم "998" "42" فى الزكاة: باب فضل النفقة والصدقة على الأقربين والزوج، والدارمى 1/390، والبيهقى 165-6/164 و 275. وأخرجه أحمد 3/256، والطيالسى "2080" من طريقين عن إسحاق بن عبد الله بن أبى طلحة، به. وعلقه البخارى "2758" فى الوصايا: باب من تصدق إلى وكيلهم رد الوكيل إليه، عن إسماعيل، عن عبد العزيز بن عبد الله بن أبى سلمة، عن إسحاق بن عبد الله، به. وذكره السيوطى فى "الدر المنثور" 2/259، وزاد نسبته إلى عبد بن حميد، وابن المنذر، وابن أبى حاتم. وأخرجه أحمد 3/115 و 174 و 262، والترمذى "2997" فى تفسير آل عمران، والطبرى "7394" من طرق عن حميد، عن أنس قال: لما نزلت هذه الآية: (لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ) ، أو (مَنْ ذَا الَّذِى يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضاً حَسَناً) قال أبو طلحة وكان له حائط، فقال: يارسول الله، حائطى لله، ولو استطعت أن أسره لم أعلنه، فقال: "واجعله فى قرابتك أو أقربيك."

اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): كَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ اَكْثَرَ اَنْصَارِيٍّ بِالْمَدِيْنَةِ مَالًا، وَكَانَ اَحَبَّ اَمْوَالِهِ اِلَيْهِ بَيْرُحَاءُ، وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ، وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ مَاءٍ فِيْهَا طَيِّبٍ، قَالَ اَنَسٌ: فَلَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ: (لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ) (آل عمران: 92)، قَامَ اَبُوْ طَلْحَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ فِىْ كِتَابِهٖ: (لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ) (آل عمران: 92)، وَاِنَّ اَحَبَّ اَمْوَالِىْ اِلَىَّ بَيْرُحَاءُ، وَاِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلّٰهِ اَرْجُو بِرَّهَا، وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللّٰهِ، فَضَعْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَيْثُ شِئْتَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَخٍ ذَاكَ مَالٌ رَابِحٌ، بَخٍ ذَاكَ مَالٌ رَابِحٌ، وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ فِيْهَا، وَاِنِّىْ اَرٰى اَنْ تَجْعَلَهَا فِى الْاَقْرَبِيْنَ، قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ: اَفْعَلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَسَمَهَا اَبُوْ طَلْحَةَ فِىْ اَقَارِبِهٖ وَبَنِىْ عَمِّهٖ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کی زمین مدینہ منورہ میں انصار میں سب سے زیادہ تھی اور ان کے نزدیک ان کی سب سے پسندیدہ زمین بیرحاء (نامی باغ) تھا' جو مسجد کے بالکل سامنے تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے اندر تشریف لاتے تھے اس کا میٹھا پانی پیا کرتے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی۔

''تم لوگ نیکی تک اس وقت تک نہیں پہنچ سکتے جب تک اس چیز کو خرچ نہیں کرتے جسے تم پسند کرتے ہو''۔

تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں یہ ارشاد فرمایا ہے:

''تم لوگ نیکی تک اس وقت تک نہیں پہنچ سکتے جب تک اس چیز کو خرچ نہیں کرتے جسے تم پسند کرتے ہو''۔

میرے نزدیک میرا سب سے پسندیدہ ترین مال بیرحاء ہے یہ اللہ تعالیٰ کے لئے صدقہ ہے اور میں اس کے اجر و ثواب کا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں امیدوار ہوں۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ جہاں چاہیں اسے استعمال کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہت عمدہ یہ ایک نفع بخش مال ہے بہت عمدہ یہ ایک نفع بخش مال ہے تم نے اس کے بارے میں' جو کچھ کہا وہ میں نے سن لیا میرا یہ خیال ہے' اسے تم اپنے قریبی رشتے داروں کو دے دو اور حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں ایسا ہی کروں گا۔

(حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے قریبی رشتے داروں اور اپنے چچازاد افراد میں اسے تقسیم کر دیا۔

ذِكْرُ اَسَامِىْ مَنْ قَسَمَ اَبُوْ طَلْحَةَ مَالَهٗ فِيْهِمْ

ان حضرات کے ناموں کا تذکرہ' جن میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنا مال تقسیم کیا تھا

7183 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ

ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ: (لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ) (آل عمران: 92)، قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ اللّٰهَ يَسْاَلُنَا مِنْ اَمْوَالِنَا، فَاِنِّيْ اُشْهِدُكَ اَنِّيْ قَدْ جَعَلْتُ اَرْضِيْ وَقْفًا. قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اجْعَلْهَا فِيْ قَرَابَتِكَ. فَقَسَمَهَا بَيْنَ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ، وَاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ.

(توضیح مصنف) حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب یہ آیت نازل ہوئی۔

''تم لوگ نیکی تک اس وقت تک نہیں پہنچ سکتے جب تک اس چیز کو خرچ نہیں کرتے جسے تم پسند کرتے ہو''۔

تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے ہم سے ہمارے اموال کے بارے میں مطالبہ کیا ہے میں آپ کو گواہ بنا کر یہ بات کہتا ہوں کہ میں نے اپنی زمین کو وقف کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے تم اپنے قریبی رشتے داروں کو دے دو تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے وہ زمین حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ میں تقسیم کردی۔

ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ اَبُوْ طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيُّ

اس مقام کا تذکرہ جہاں حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تھا

7184 - أخبرنا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ، قَرَاَ سُوْرَةَ بَرَاءَةَ، فَاَتٰى عَلٰى هٰذِهِ الْاٰيَةِ: (اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا) (التوبة: 41)، فَقَالَ: اَلَا اَرٰى رَبِّيْ يَسْتَنْفِرُنِيْ شَابًّا وَّشَيْخًا، جَهِّزُوْنِيْ، فَقَالَ لَهٗ بَنُوْهُ: قَدْ غَزَوْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى قُبِضَ، وَغَزَوْتَ مَعَ اَبِيْ بَكْرٍ حَتّٰى مَاتَ وَغَزَوْتَ مَعَ عُمَرَ، فَنَحْنُ نَغْزُو عَنْكَ، فَقَالَ: جَهِّزُوْنِيْ، فَجَهَّزُوْهُ وَرَكِبَ الْبَحْرَ، فَمَاتَ، فَلَمْ يَجِدُوْا لَهٗ جَزِيْرَةً يَدْفِنُوْنَهٗ فِيْهَا اِلَّا بَعْدَ سَبْعَةِ اَيَّامٍ فَلَمْ يَتَغَيَّرْ

7183- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم. وعلقه البخاري 5/379 في الوصايا: باب إذا وقف أو أوصى لأقاربه، عن ثابت، به. ووصله أحمد 3/285. ومسلم "998" "43" في الزكاة: باب فضل النفقة والصدقة على الأقربين والزوج، وأبو داود "1689" في الزكاة: باب في صلة الرحم، والنسائي 232-6/231 في الإحباس: باب كيف يكتب الحبس، والطبري في "تفسيره" "7395"، والبيهقي 6/165 من طرق عن حماد بن سلمة، عن ثابت، به. وأخرجه البخاري "4555" في تفسير سورة آل عمران. باب (لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ) عن محمد بن عبد الله الأنصاري، عن أبيه، عن ثمامة، عن أنس. وانظر الحديث السابق.

7184- إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو في "مسند أبي يعلى" "3413"، وأخرجه ابن الأثير في "أسد الغابة" 6/182 من طريق أبي يعلى، به. وأخرجه ابن سعد 3/507، والطبراني "4683"، والحاكم 3/353 من طرق عن حماد بن سلمة، عن ثابت وعلي بن زيد، عن أنس بن مالك، وصححه الحاكم على شرط مسلم. وأورده الهيثمي في "المجمع" 313-9/312 وقال: رواه أبو يعلى والطبراني، ورجاله رجال الصحيح. وذكره السيوطي في "الدر المنثور" 4/209 وزاد نسبته إلى ابن أبي عمر العدني في "مسنده"، وعبد الله بن أحمد في زوائد "الزهد"، وابن المنذر، وابن أبي حاتم، وأبي الشيخ، وابن مردويه.

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے سورۃ توبہ کی تلاوت کی جب وہ اس آیت پر پہنچے۔

''تم لوگ (جہاد کے لیے) نکل کھڑے ہو خواہ ہلکے ہو یا بوجھل ہو''۔

تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا میں یہ نہیں دیکھ رہا کہ میرے پروردگار نے مجھے نکلنے کے لئے کہا ہے خواہ میں' جوان ہوں یا بوڑھا ہوں تم لوگ میرا سامان تیار کرو۔ ان کے بیٹوں نے ان سے کہا: آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوات میں شرکت کی ہے' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو گیا پھر آپ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ جنگوں میں حصہ لیا' یہاں تک کہ ان کا بھی انتقال ہو گیا پھر آپ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ جنگ میں حصہ لیا اب ہم لوگ آپ کی جگہ جنگ میں شرکت کے لئے چلے جاتے ہیں' تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے کہا: تم لوگ میرا سامان تیار کرو۔ ان لوگوں نے ان کا سامان تیار کیا وہ سمندری سفر پر روانہ ہوئے اسی دوران ان کا انتقال ہو گیا۔ ان کے ساتھیوں کو انہیں دفن کرنے کے لئے کوئی جزیرہ نہیں ملا ان کے انتقال کے سات دن بعد انہیں جزیرہ ملا (جہاں وہ انہیں دفن کرتے) لیکن اس دوران ان کی (میت میں) کوئی تبدیلی نہیں آئی (یعنی میت خراب نہیں ہوئی)

ذِكْرُ أُمِّ سُلَيْمٍ أُمِّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ کی والدہ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کا تذکرہ

7185 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ،

(متن حدیث): أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ، خَرَجَتْ يَوْمَ حُنَيْنٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهَا خِنْجَرٌ، فَقَالَ لَهَا أَبُوْ طَلْحَةَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ، مَا هٰذَا؟ قَالَتِ: اتَّخَذْتُهُ وَاللّٰهِ إِنْ دَنَا مِنِّي رَجُلٌ بَعَجْتُ بِهِ بَطْنَهُ، فَقَالَ أَبُوْ طَلْحَةَ: أَلَا تَسْمَعُ مَا تَقُوْلُ أُمُّ سُلَيْمٍ تَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اقْتُلْ مَنْ بَعْدَنَا مِنَ الطُّلَقَاءِ انْهَزَمُوا بِكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أُمَّ سُلَيْمٍ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ كَفَى وَأَحْسَنَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ حنین کے موقع پر سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئیں ان کے پاس ایک خنجر تھا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا: اے ام سلیم یہ کس لیے ہے۔ انہوں نے کہا: میں نے اسے اس لیے رکھا ہے اللہ کی قسم اگر کوئی شخص میرے قریب آیا' تو میں اسے اس کے پیٹ میں گھونپ دوں گی' تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: (یارسول اللہ!) کیا آپ نے سنا کہ ام سلیم کیا کہہ رہی ہے' اس نے یہ بات کہی ہے۔ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ان لوگوں کو قتل کروا دیں' جو لوگ بعد میں مسلمان ہوئے اور وہ آپ کو چھوڑ کے پسپاء ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ام سلیم! اللہ تعالیٰ نے کفایت کی اور اچھا (نتیجہ ظاہر کیا)

7185- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 3/286، وابن سعد 8/425، ومسلم "1809" في الجهاد والسير: باب غزوة النساء مع الرجال، والطبراني "291"/25 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 109-3/108 عن أبي عدي، عن حميد، عن أنس، وانظر الحديث "4838".

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُمِّ سُلَيْمٍ وَّاَهْلِ بَيْتِهَا بِالْخَيْرِ

نبی اکرم ﷺ کا سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا اوران کے گھر والوں کے لیے دعائے خیر کرنے کا تذکرہ

7186 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمِّ سُلَيْمٍ، فَاَتَتْهُ بِتَمْرٍ وَّسَمْنٍ، فَقَالَ: اَعِيدُوْا سَمْنَكُمْ فِيْ سِقَائِهِ، وَتَمْرَكُمْ فِيْ وِعَائِهِ، فَاِنِّي صَائِمٌ، ثُمَّ قَامَ اِلٰى نَاحِيَةِ الْبَيْتِ، فَصَلّٰى صَلَاةً غَيْرَ مَكْتُوبَةٍ، وَدَعَا لِاُمِّ سُلَيْمٍ، وَاَهْلِ بَيْتِهَا، فَقَالَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ لِي خُوَيْصَةً، قَالَ: مَا هِيَ؟ قَالَتْ: خُوَيْدِمُكَ اَنَسٌ فَمَا تَرَكَ خَيْرَ آخِرَةٍ، وَلَا دُنْيَا اِلَّا دَعَا لِي بِهٖ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ مَالًا وَوَلَدًا وَبَارِكْ لَهٗ، قَالَ: فَاِنِّي لَمِنْ اَكْثَرِ الْاَنْصَارِ مَالًا، قَالَ: وَحَدَّثَتْنِي ابْنَتِي اُمَيْنَةُ، قَالَتْ: قَدْ دُفِنَ لِصُلْبِي اِلٰى مَقْدَمِ الْحَجَّاجِ الْبَصْرَةَ بِضْعٌ وَّعِشْرُوْنَ وَمِائَةً

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے ہاں آئے' تو انہوں نے کھجوریں اور گھی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اپنا گھی اس کے مشکیزے میں ڈال دو اور اپنی کھجوریں ان کی پوٹلی میں ڈال دو کیونکہ میں نے روزہ رکھا ہوا ہے پھر نبی اکرم ﷺ گھر کے کونے کی طرف گئے آپ نے وہاں نفل نماز ادا کی آپ نے سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا اوران کے گھر میں موجود افراد کو بلایا۔ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! میری ایک خصوصی درخواست ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: وہ کیا؟ انہوں نے عرض کی: آپ کا ادنیٰ خادم انس (آپ اس کے لئے دعا کیجئے)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: تو نبی اکرم ﷺ نے دنیا اور آخرت سے متعلق ہر بھلائی کے بارے میں میرے حق میں دعا کی اور پھر آپ نے فرمایا۔

''اے اللہ! اسے مال اور اولاد عطا کر اور اس کے لئے اس میں برکت رکھ دے''۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مال (یعنی زمینوں) کے حساب سے میں انصار میں سب سے زیادہ مالدار تھا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ بھی بتایا میری بیٹی امینہ نے یہ بات بتائی ہے کہ حجاج کے بصرہ آنے سے پہلے میری اولاد اور اولاد کی اولاد میں سے ایک سو بیس سے کچھ زیادہ لوگوں کا انتقال ہو چکا تھا۔

7186– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخاري "1982" في الصوم: باب من زار قوماً، فلم يفطر عندهم، عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/108 و 188، وابن سعد 8/429، والبخاري بإثر الحديث "1982" تعليقاً، وأبو يعلى "3878"، والبيهقي في "الدلائل" 6/195 من طرق عن حميد، به. لفظ ابن سعد والبيهقي: "تسعة وعشرون ومئة." وأخرجه الطبراني "300"/25 من طريق عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ... أبي طلحة الأنصاري،، عن أنس، عن أم سليم، وفيه: "ولقد دفنت بيدي هاتين مئة من ولدي لا أقول سقطاً، ولا ولد ولد."

ذِكْرُ وَصْفِ تَزَوُّجِ اَبِي طَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کا سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے ساتھ شادی کرنے کا تذکرہ

7187 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): خَطَبَ اَبُو طَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ، فَقَالَتْ لَهُ: مَا مِثْلُكَ يَا اَبَا طَلْحَةَ يُرَدُّ وَلٰكِنِّي امْرَاَةٌ مُسْلِمَةٌ، وَاَنْتَ رَجُلٌ كَافِرٌ، وَلَا يَحِلُّ لِي اَنْ اَتَزَوَّجَكَ، فَاِنْ تُسْلِمْ فَذٰلِكَ مَهْرِي لَا اَسْاَلُكَ غَيْرَهُ، فَاَسْلَمَ، فَكَانَتْ لَهُ فَدَخَلَ بِهَا، فَحَمَلَتْ فَوَلَدَتْ غُلَامًا صَبِيحًا، وَكَانَ اَبُو طَلْحَةَ يُحِبُّهُ حُبًّا شَدِيدًا، فَعَاشَ حَتّٰى تَحَرَّكَ فَمَرِضَ، فَحَزِنَ عَلَيْهِ اَبُو طَلْحَةَ حُزْنًا شَدِيدًا حَتّٰى تَضَعْضَعَ، قَالَ: وَاَبُو طَلْحَةَ يَغْدُو عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَرُوحُ، فَرَاحَ رَوْحَةً وَمَاتَ الصَّبِيُّ، فَعَمَدَتْ اِلَيْهِ اُمُّ سُلَيْمٍ، فَطَيَّبَتْهُ وَنَظَّفَتْهُ وَجَعَلَتْهُ فِي مِخْدَعِنَا، فَاَتٰى اَبُو طَلْحَةَ، فَقَالَ: كَيْفَ اَمْسٰى بُنَيَّ؟ قَالَتْ: بِخَيْرٍ مَا كَانَ مُنْذُ اشْتَكٰى اَسْكَنَ مِنْهُ اللَّيْلَةَ، قَالَ: فَحَمِدَ اللّٰهَ وَسُرَّ بِذٰلِكَ، فَقَرَّبَتْ لَهُ عَشَاءَهُ، فَتَعَشّٰى ثُمَّ مَسَّتْ شَيْئًا مِنْ طِيبٍ، فَتَعَرَّضَتْ لَهُ حَتّٰى وَاقَعَ بِهَا، فَلَمَّا تَعَشّٰى وَاَصَابَ مِنْ اَهْلِهِ، قَالَتْ: يَا اَبَا طَلْحَةَ رَاَيْتَ لَوْ اَنَّ جَارًا لَكَ اَعَارَكَ عَارِيَّةً، فَاسْتَمْتَعْتَ بِهَا، ثُمَّ اَرَادَ اَخْذَهَا مِنْكَ اَكُنْتَ رَادَّهَا عَلَيْهِ؟ فَقَالَ: اِي وَاللّٰهِ، اِنِّي كُنْتُ لَرَادُّهَا عَلَيْهِ، قَالَتْ: طَيِّبَةً بِهَا نَفْسُكَ؟ قَالَ: طَيِّبَةً بِهَا نَفْسِي، قَالَتْ: فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَعَارَكَ بُنَيَّ وَمَتَّعَكَ بِهِ مَا شَاءَ، ثُمَّ قُبِضَ اِلَيْهِ، فَاصْبِرْ وَاحْتَسِبْ، قَالَ: فَاسْتَرْجَعَ اَبُو طَلْحَةَ وَصَبَرَ، ثُمَّ اَصْبَحَ غَادِيًا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَدَّثَهُ حَدِيثَ اُمِّ سُلَيْمٍ كَيْفَ صَنَعَتْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَارَكَ اللّٰهُ لَكُمَا فِي لَيْلَتِكُمَا، قَالَ: وَحَمَلَتْ تِلْكَ الْوَاقِعَةَ فَاَثْقَلَتْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِي طَلْحَةَ: اِذَا وَلَدَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ فَجِئْنِي بِوَلَدِهَا، فَحَمَلَهُ اَبُو طَلْحَةَ فِي خِرْقَةٍ، فَجَاءَ

7187- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه الطيالسي "2056"، ومن طريقه البيهقي 4/65-66 عن جعفر بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرج طرفه الأول: عبد الرزاق "10417"، والنسائي 6/114 في النكاح: باب التزويج على الإسلام، والطبراني "273"/25 من طريق جعفر بن سليمان، به. وأخرجه مطولاً ومختصراً: الطيالسي "2056"، وابن سعد 8/426-427 و432، وأحمد 3/196 و287-288، ومسلم "2144" "22" في الآداب: باب استحباب تحنيك المولود عند ولادته، و "107" ص1909-1910 في فضائل الصحابة: باب من فضائل أبي طلحة الأنصاري، وأبو يعلى "3283"، والبيهقي 4/65-66 و9/305 من طريق حماد بن سلمة وسليمان بن المغيرة، عن ثابت، به. وأخرجه ابن سعد 8/431-432، وأحمد 3/105-106، وأبو يعلى "3882" من طريق حميد، عن أنس. وأخرجه ابن سعد 8/433، وأحمد 3/106، والبخاري "5470" في الأطعمة: باب تسمية المولود غداة يولد، ومسلم "2144" "23" من طريق محمد بن سيرين، وأنس بن سيرين، كلاهما عن أنس. وأخرجه ابن سعد 8/426 و431 و433-434، والنسائي 6/114، والطبراني "274"/25 من طريق محمد بن موسى، عن عبد الله بن عبد الله بن أبي طلحة، عن أنس مختصراً. وأخرجه طرفه الأخير ابن سعد 8/433 عن خالد بن مخلد، عن عبد الله بن عمر، عن أم يحيى الأنصارية، عن أنس بن مالك، وانظر الحديث الآتي، والحديث المتقدم برقم "4531"

بِهِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَمَصَغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمْرَةً، فَمَجَّهَا فِيْ فِيْهِ فَجَعَلَ الصَّبِيُّ يَتَلَمَّظُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَبِيْ طَلْحَةَ: حِبُّ الْأَنْصَارِ التَّمْرَ فَحَنَّكَهُ وَسَمَّى عَلَيْهِ، وَدَعَا لَهُ، وَسَمَّاهُ عَبْدَ اللّٰهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ابوطلحہ نے سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کو شادی کا پیغام بھیجا' تو انہوں نے جواب دیا: ابوطلحہ آپ جیسے شخص کے پیغام کو مسترد نہیں کیا جا سکتا لیکن میں ایک مسلمان عورت ہوں اور آپ ایک کافر شخص ہیں میرے لیے آپ کے ساتھ شادی کرنا جائز نہیں ہے' اگر آپ اسلام قبول کر لیتے ہیں' تو یہی میرا مہر ہوگا میں اس کے علاوہ کسی چیز کا آپ سے مطالبہ نہیں کروں گی' تو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کر لیا پھر سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کی رخصتی ہوگئی وہ حاملہ ہوگئیں انہوں نے ایک خوبصورت بچے کو جنم دیا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اس بچے سے بہت محبت کرتے تھے کچھ عرصہ بعد وہ بچہ بیمار ہوگیا۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو اس کی وجہ سے انتہائی افسوس ہوا' یہاں تک کہ وہ کمزور ہوگئے۔

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَشَجِّ اَشَجِّ عَبْدِ الْقَیْسِ: اِنَّ فِیْكَ خَصْلَتَیْنِ یُحِبُّهُمَا اللّٰهُ: الْحِلْمُ وَالْاَنَاةُ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے عبد قیس قبیلے کے اشج سے یہ فرمایا تھا تمہارے اندر

دو خصوصیات ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے بردباری اور وقار۔

ذِكْرُ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7205 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي النَّضْرِ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ، عَنْ اَبِيهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَهُ اَرْضًا، وَاَرْسَلَ مَعَهُ مُعَاوِيَةَ اَنْ اَعْطِهَا اِيَّاهُ، فَقَالَ مُعَاوِيَةُ: اَرْدِفْنِي خَلْفَكَ، قَالَ: لَا تَكُنْ مِنْ اَرْدَافِ الْمُلُوْكِ، فَقَالَ: اَعْطِنِي نَعْلَكَ، فَقَالَ: انْتَعِلْ ظِلَّ النَّاقَةِ، فَلَمَّا اسْتُخْلِفَ مُعَاوِيَةُ اَتَيْتُهُ، فَاَقْعَدَنِي مَعَهُ عَلَى السَّرِيرِ وَذَكَّرَنِي الْحَدِيثَ، قَالَ: وَدِدْتُ اَنِّي كُنْتُ حَمَلْتُهُ بَيْنَ يَدَيَّ

علقمہ بن وائل اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ زمین انہیں عطا کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ہمراہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو بھیجا کہ تم وہ زمین اسے دے دینا' تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ مجھے اپنے پیچھے (اپنے جانور پر) بٹھا لیں' تو انہوں نے کہا: تم بادشاہوں کے پیچھے نہ بیٹھو۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ اپنا جوتا مجھے دے دیں' تو انہوں نے کہا: تم اونٹنی کے سائے میں چلو۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ خلیفہ بن گئے' تو میں ان کے پاس آیا انہوں نے مجھے اپنے ساتھ پلنگ پر بٹھایا اور میرے ساتھ بات چیت کرتے رہے۔

7204- إسناده صحيح على شرط مسلم، ورجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الله بن بزيع فمن رجال مسلم. أبو جمرة: هو نصر بن عمران بن عصام الضبعي. وأخرجه الترمذي "2011" في البر والصلة: باب ما جاء في التأني والعجلة، عن محمد بن عبد الله بن بزيع، بهذا الإسناد، وقال: هذا حديث حسن صحيح غريب ... وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" "586"، والطبراني "12969"، والبيهقي 10/104 من طريق عبد الله بن عبد الوهاب، عن بشر بن المفضل، به. وأخرجه مسلم في "صحيحه" "17" "25" في الإيمان، من طريقين عن قرة بن خالد، به. وأخرجه ابن ماجة "4188" في الزهد: باب الحلم، من طريق العباس بن الفضل، عن قرة بن خالد، به. ولفظه: "الحلم والحياء."

7205- إسناده صحيح على شرط مسلم، وسماع شعبة بن سماك قديم، وقول الحافظ في "التقريب" في ترجمة علقمة: صدوق إلا أنه لم يسمع من أبيه مردود، فقد صرح بسماعه من أبيه في "صحيح مسلم" "1680" وغيره، وانظر التفصيل في تعليقنا على "السير" 2/573 وحجاج بن محمد: هو الأعور .... وقوله: "قال: وددت ..." فاعل "قال": هو وائل كما جاء مصرحاً به في رواية البيهقي. وأخرجه أحمد 6/399، والبيهقي 6/144 من طريق حجاج بن محمد، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "13"/12، وابن زنجويه في "الأموال" "1019" من طريقين عن شعبة، به. وأخرجه الطيالسي "1017"، وأبو داود "3058" في الخراج: باب في إقطاع الأرضين، والترمذي "1381" في الأحكام: باب ماجاء في القطائع، والطبراني "12"/22، وابن زنجويه "1018" من طرق عن شعبة، به. بلفظ: أن النبي صلى الله عليه وسلم أقطعه أرضاً بحضرموت، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح. وأخرجه أبو داود "3059"، والطبراني "4"/22 من طريق جامع بن مطر، عن علقمة، به.

حضرت وائل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اس وقت میں نے یہ آرزو کی کاش میں نے انہیں (اپنی سواری پر) اپنے آگے بٹھایا ہوتا۔

ذِكْرُ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ الطَّائِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عدی بن حاتم طائی رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7206 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبَّادَ بْنَ حُبَيْشٍ يُحَدِّثُ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ،

(متن حدیث): قَالَ: جَاءَتْ خَيْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَوْ رُسُلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَخَذُوا عَمَّتِيْ وَنَاسًا، فَلَمَّا اَتَوْا بِهِمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَفُّوا لَهُ، قَالَتْ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، نَاَى الْوَافِدُ، وَانْقَطَعَ الْوَلَدُ وَاَنَا عَجُوزٌ كَبِيرَةٌ مَا بِيْ مِنْ خِدْمَةٍ، فَمُنَّ عَلَيَّ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَنْ وَافِدُكِ؟ قَالَتْ: عَدِيُّ بْنُ حَاتِمٍ، قَالَ: الَّذِيْ فَرَّ مِنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، قَالَتْ: فَمُنَّ عَلَيَّ، قَالَتْ: فَلَمَّا رَجَعَ وَرَجُلٌ اِلٰى جَنْبِهِ تَرَى اَنَّهُ عَلِيٌّ، قَالَ: سَلِيهِ حُمْلَانًا، قَالَتْ: فَسَاَلْتُهُ فَاَمَرَ لَهَا، قَالَتْ: فَاَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: لَقَدْ فَعَلْتَ فَعْلَةً مَا كَانَ اَبُوْكَ يَفْعَلُهَا، فَاْتِهِ رَاغِبًا اَوْ رَاهِبًا، فَقَدْ اَتَاهُ فُلَانٌ، فَاَصَابَ مِنْهُ، وَاَتَاهُ فُلَانٌ فَاَصَابَ مِنْهُ، فَاَتَيْتُهُ، فَاِذَا عِنْدَهُ امْرَاَةٌ وَصِبْيَانٌ اَوْ صَبِيٌّ ذُكِرَ قُرْبُهُمْ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَلِمْتُ اَنَّهُ لَيْسَ بِمُلْكِ كِسْرَى، وَلَا قَيْصَرَ، فَقَالَ لِي: يَا عَدِيَّ بْنَ حَاتِمٍ مَا اَفَرَّكَ اَنْ تَقُوْلَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَهَلْ مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ، مَا اَفَرَّكَ مِنْ اَنْ تَقُوْلَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ، فَهَلْ مِنْ شَيْءٍ اَكْبَرُ مِنَ اللّٰهِ؟ ، قَالَ: فَاَسْلَمْتُ وَرَاَيْتُ وَجْهَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِ اسْتَبْشَرَ، وَقَالَ: اِنَّ (الْمَغْضُوبَ عَلَيْهِمْ) (الفاتحة: 7) الْيَهُودُ وَ (الضَّالِّينَ) (الفاتحة: 7) النَّصَارَى

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے گھڑ سوار (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بھیجے ہوئے کچھ لوگ آئے انہوں نے میری پھوپھی اور چند لوگوں کو پکڑ لیا جب وہ انہیں لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے انہیں کھڑا کیا گیا' تو اس خاتون نے کہا: یارسول اللہ! وافد کو آنے میں تاخیر ہوگئی ہے' میں ایک بوڑھی عمر رسیدہ عورت ہوں میں کوئی کام کاج نہیں کر سکتی آپ مجھ پر احسان کیجئے اللہ تعالیٰ آپ پر احسان کرے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تمہارا وافد کون ہے؟ اس نے جواب دیا: عدی بن حاتم۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ جو اللہ اور اس کے

7206- عباد بن حبيش: لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلف 5/142 ولم يَرْوِ عنه غير سماك. وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير سماك، فمن رجال مسلم. وأخرجه الترمذي "2954" في التفسير: باب ومن سورة فاتحة الكتاب، عن بندار محمد بن بشار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/378-379، والطبراني "237"/17، والبيهقي في "الدلائل" 5/339-341 من طريق غندر، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" 5/335 وقال: رواه أحمد، ورجاله رجال الصحيح غير عباد بن حبيش، وهو ثقة....! وأخرجه الترمذي بإثر الحديث "2953" من طريق عمرو بن أبي قيس، والطبراني "236"/17 من طريق قيس بن الربيع، كلاهما عن سماك، به. وفي متنه زيادة. وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب، لا نعرفه إلا من حديث سماك بن حرب. وأخرجه الطيالسي "1040" عن عمرو بن ثابت، عن سماك بن حرب، عن من سمع عدي بن حاتم يقول.... فذكره مختصراً. وانظر الحديث المتقدم برقم. "6257"

رسول سے بھاگ گیا ہے پھر اس خاتون نے کہا: آپ مجھ پر احسان کیجئے۔ وہ خاتون بیان کرتی ہیں جب نبی اکرم ﷺ واپس مڑے تو اس وقت ایک شخص آپ کے پہلو میں موجود تھا۔ اس خاتون کا یہ خیال ہے کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ تھے ان صاحب نے کہا: اے خاتون تم نبی اکرم ﷺ سے سواری مانگو۔ وہ خاتون بیان کرتی ہے میں نے نبی اکرم ﷺ سے سواری مانگی' تو آپ نے اس کو دینے کا حکم دیا۔ وہ خاتون بیان کرتی ہے پھر میں عدی بن حاتم کے پاس آئی میں نے یہ کہا: تم نے ایک ایسا کام کیا ہے' جو تمہارے والد نے نہیں کرنا تھا تم نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں جاؤ' خواہ اپنی خواہش کے ساتھ جاؤ' یا خوف زدہ ہو کر جاؤ' کیونکہ فلاں شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تھا' تو اس نے نبی اکرم ﷺ سے یہ چیز حاصل کی۔ فلاں شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا' تو اس نے یہ چیز حاصل کی (حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس وقت نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک خاتون اور کچھ بچے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) ایک بچہ موجود تھا اس خاتون اور ان بچوں کے نبی اکرم ﷺ کے رشتے دار ہونے کا ذکر کیا گیا' تو مجھے پتہ چل گیا کہ یہ کسریٰ اور قیصر کی طرح کے بادشاہ نہیں ہیں نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے عدی بن حاتم کیا تم یہ کہنے سے بھاگ رہے ہو اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے کیا اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود ہے کیا تم یہ کہنے سے بھاگ رہے ہو کہ اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے' تو کیا کوئی ایسی چیز ہے' جو اللہ تعالیٰ سے زیادہ بڑی ہو۔ راوی کہتے ہیں' تو میں نے اسلام قبول کر لیا میں نے نبی اکرم ﷺ کے چہرے کو دیکھا کہ آپ کو بہت خوشی ہوئی ہے۔ آپ نے فرمایا: بے شک وہ لوگ جن پر غضب کیا گیا اس سے مراد یہودی ہیں اور وہ لوگ جو گمراہ ہیں اس سے مراد عیسائی ہیں۔

ذِكْرُ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عوف بن مالک اشعری رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7207 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا شَبَّابُ بْنُ صَالِحٍ، بِوَاسِطٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

7207–إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير وهب بقية فمن رجال مسلم. خالد الأول: هو ابن عبد اللّه الواسطي، وخالد الآخر: هو ابن مهران الحذاء، وأبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمي، وهو ثقة فاضل، لكنه كثير الإرسال، وأخطأ من رماه بالتدليس ممن ينتحل صناعة الحديث في عصرنا، اعتماداً على قول الذهبي في "الميزان" الذي لم يأثره عن أحد ممن تقدمه، بل جاء التصريح بنفي ذلك عنه، فقد نقل ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل5/58" عن أبيه قوله: "لايعرف لأبي قلابة تدليس "، وقال الذهبي في "السير"4/473: معنى هذا أنه إذا روى شيئاً عن عمر أو أبي هريرة مثلاً مرسلاً لايدري من الذي حدثه به، بخلاف تدليس الحسن البصري، فإنه كان يأخذ عن كل ضرب، ثم يسقطهم. .... وأخرجه ابن أبي عاصم في "السنة" "819" من طريق وهب بن بقية، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن خزيمة في "التوحيد" ص 267، والحاكم 1/67 من طريق خالد الواسطي، به، وصححه الحاكم على شرط الشيخين. !وأخرجه عبد الرزاق "20865" عن معمر، عن قتادة وعاصم، عن أبي قلابة، عن عوف بن مالك، به . وقد تقدم برقم "6463" و ."6470"والجران: مُقدَّم عنق البعير من مذبحة إلى منحره، فإذا برك البعير، ومَدَّ عُنُقه على الأرض، قيل: ألقي جِرانه بالأرض.وهزيز الوحي: صوت دورانها.

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ مَغَازِيهِ، فَانْتَهَيْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَلَمْ اَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَكَانِهِ، وَاِذَا اَصْحَابُهُ كَاَنَّ عَلٰى رُءُ وْسِهِمُ الطَّيْرُ، وَاِذَا الْإِبِلُ قَدْ وَضَعَتْ جِرَانَهَا، قَالَ: فَنَظَرْتُ، فَاِذَا اَنَا بِخَيَالٍ، فَاِذَا مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ قَدْ تَصَدّٰى لِي، فَقُلْتُ: اَيْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: وَرَائِي، وَاِذَا اَنَا بِخَيَالٍ، فَاِذَا هُوَ اَبُوْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيُّ، فَقُلْتُ: اَيْنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: وَرَائِي، فَحَدَّثَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: فَسَمِعْتُ خَلْفَ اَبِيْ مُوْسٰى هَزِيزًا كَهَزِيزِ الرَّحٰى، فَاِذَا اَنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ بِاَرْضِ الْعَدُوِّ كَانَ عَلَيْهِ حَرَسٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَانِيْ آتٍ، فَخَيَّرَنِيْ بَيْنَ اَنْ يَّدْخُلَ نِصْفُ اُمَّتِي الْجَنَّةَ، وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ، فَقَالَ مُعَاذٌ: بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّي يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ عَرَفْتَ مَنْزِلِي، فَاجْعَلْنِيْ مِنْهُمْ، قَالَ: اَنْتَ مِنْهُمْ، قَالَ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ، وَاَبُوْ مُوْسٰى: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَدْ عَرَفْتَ اَنَّا تَرَكْنَا اَمْوَالَنَا وَاَهْلِينَا، وَذَرَارِيَّنَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ، فَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ، قَالَ: اَنْتُمَا مِنْهُمْ، قَالَ: فَانْتَهَيْنَا اِلَى الْقَوْمِ، وَقَدْ ثَارُوا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَتَانِيْ آتٍ مِنْ رَبِّي، فَخَيَّرَنِيْ بَيْنَ اَنْ يَّدْخُلَ نِصْفُ اُمَّتِي الْجَنَّةَ، وَبَيْنَ الشَّفَاعَةِ، فَاخْتَرْتُ الشَّفَاعَةَ، فَقَالَ الْقَوْمُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اجْعَلْنَا مِنْهُمْ، فَقَالَ: اَنْصِتُوا، فَنَصَتُوا حَتّٰى كَاَنَّ اَحَدًا لَمْ يَتَكَلَّمْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِيَ لِمَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ میں شریک تھے ایک رات میں آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی رہائش کی جگہ پر مجھے نظر نہیں آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں کا معاملہ یوں ہوتا تھا جیسے ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں جب کہ اونٹوں نے گردنیں جھکا دی تھیں۔ راوی کہتے ہیں: میں نے دیکھا ابھی میں اسی پریشانی میں تھا کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ میرے سامنے آئے میں نے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کہاں ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: میرے پیچھے ہیں میں ابھی اسی حالت میں تھا کہ وہ ابوموسیٰ اشعری تھے میں نے دریافت کیا: اللہ کے رسول کہاں ہیں انہوں نے کہا: میرے پیچھے ہیں۔

حمید بن ہلال نامی راوی نے اپنی سند کے ساتھ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کیا ہے میں نے اپنے پیچھے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی آواز یوں سنی' جس طرح چکی پینے کی آواز ہوتی ہے' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے میں نے عرض کی: یارسول اللہ! جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دشمن کی سرزمین پر ہوں' تو آپ کا کوئی محافظ ہونا چاہئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے پاس ایک شخص (یعنی فرشتہ) آیا اس نے مجھے دو باتوں میں سے ایک بات کا اختیار دیا' یا یہ میری امت کا نصف حصہ جنت میں داخل ہو جائے یا پھر شفاعت (کے نتیجے میں بے شمار لوگ جنت میں داخل ہوں) تو میں نے شفاعت کو اختیار کر لیا۔

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ میری حیثیت سے واقف ہیں مجھے بھی ان میں شامل کر لیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ان میں سے ایک ہو۔ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ یہ بات جانتے ہیں کہ ہم نے اپنی زمین اور بال بچے چھوڑ دیئے ہم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں آپ ہمیں بھی ان میں شامل کر لیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دونوں بھی ان میں شامل ہو۔ راوی کہتے ہیں: ہم لوگوں کے پاس آئے جو بیدار ہو چکے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے پاس میرے پروردگار کی طرف سے ایک شخص (یعنی فرشتہ) آیا' تو اس نے مجھے اس بات کا اختیار دیا کہ میری امت کا نصف حصہ جنت میں داخل ہو جائے یا پھر شفاعت ہو' تو میں نے شفاعت کو اختیار کر لیا۔ حاضرین نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمیں بھی ان میں شامل کیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم لوگ خاموش رہو۔ وہ لوگ خاموش ہو گئے' یہاں تک کہ یوں لگتا تھا جیسے کسی نے کوئی بات نہیں کرنی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ شفاعت ہر اس شخص کے لیے ہوگی' جو ایسی حالت میں فوت ہو کہ وہ کسی کو اللہ کا شریک نہ ٹھہراتا ہو۔

ذِكْرُ اَبِىْ قُحَافَةَ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرٍ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوقحافہ عثمان بن عامر رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7208 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا اَبِىْ، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَدَّتِهٖ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِىْ بَكْرٍ، (متن حدیث): قَالَتْ: لَمَّا وَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذِىْ طُوًى، قَالَ اَبُوْ قُحَافَةَ لِابْنَةٍ لَهٗ مِنْ اَصْغَرِ وَلَدِهٖ: اَىْ بُنَيَّةُ اَظْهِرِيْنِىْ عَلٰى اَبِىْ قُبَيْسٍ، قَالَتْ: وَقَدْ كُفَّ بَصَرُهٗ، فَاَشْرَفْتُ بِهٖ عَلَيْهِ، قَالَ: يَا بُنَيَّةُ، مَاذَا تَرَيْنَ؟ قَالَتْ: اَرٰى سَوَادًا مُجْتَمِعًا، قَالَ: تِلْكَ الْخَيْلُ، قَالَتْ: وَاَرٰى رَجُلًا يَسْعٰى بَيْنَ يَدَىْ ذٰلِكَ السَّوَادِ مُقْبِلًا وَمُدْبِرًا، قَالَ: ذَاكَ يَا بُنَيَّةُ الْوَازِعُ الَّذِىْ يَاْمُرُ الْخَيْلَ، وَيَتَقَدَّمُ اِلَيْهَا، ثُمَّ قَالَتْ: قَدْ وَاللّٰهِ انْتَشَرَ السَّوَادُ، فَقَالَ: قَدْ وَاللّٰهِ دُفِعَتِ الْخَيْلُ، فَاَسْرِعِىْ بِىْ اِلٰى بَيْتِىْ، فَانْحَطَّتْ بِهٖ، فَتَلَقَّاهُ الْخَيْلُ قَبْلَ اَنْ يَّصِلَ اِلٰى بَيْتِهٖ، وَفِىْ عُنُقِ الْجَارِيَةِ طَوْقٌ لَهَا مِنْ وَرِقٍ، فَتَلَقَّاهَا رَجُلٌ، فَاقْتَلَعَهٗ مِنْ عُنُقِهَا، قَالَتْ: فَلَمَّا دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

7208– إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن إسحاق، ويحيى بن عباد، فروى لهما أصحاب السنن، والأول صدوق، وقد صرح بالتحديث، وثاني ثقة، وأخرجة أحمد350-6/349 عن يعقوب بن إبراهيم بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "236"/24 من طريق أحمد بن محمد بن أيوب، عن إبراهيم بن سعد، به، وهو في "سيرة ابن هشام"4/84، ومن طريق ابن اسحاق أخرجه: ابن سعد 5/451، والطبراني "237"/24، والحاكم 3/46، والبيهقي في "دلائل النبوة"96-5/95، وابن الأثير ... .. في "أسد الغابة". 3/582 وذكره الهيثمي في "المجمع"174-6/173 وقال: رواه أحمد والطبراني، ورجالهما ثقات. وأخرج الطبراني "238"/24 من طريق يونس بن بكير، عن هشام بن عروة، عن أبيه، عن أسماء، قالت: لما كان يوم الفتح، قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لأبي قحافة: "أسلم تسلم." وذو طوى: موضع بمكة، وأبو قبيس: جبل مشرف على مكة، والوازع: هو الذي يرتب الجيش ويصفه ويحبس أوله على آخره، فكأنه يكفهم عن التفرق والإنتشار. والثغامة: نبت أبيض الثمر والزهر يشبه بياض الشيب به.

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَخَلَ الْمَسْجِدَ اَتَاهُ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِاَبِيْهِ يَقُوْدُهُ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: هَلَّا تَرَكْتَ الشَّيْخَ فِيْ بَيْتِهٖ حَتّٰى اَكُوْنَ اَنَا آتِيهِ ، قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، هُوَ اَحَقُّ اَنْ يَّمْشِيَ اِلَيْكَ مِنْ اَنْ تَمْشِيَ اِلَيْهِ، قَالَ: فَاَجْلَسَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ مَسَحَ صَدْرَهُ، ثُمَّ قَالَ لَهُ: اَسْلِمْ ، فَاَسْلَمَ، قَالَتْ: وَدَخَلَ بِهٖ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَاَنَّ رَاْسَهُ ثَغَامَةٌ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: غَيِّرُوْا هٰذَا مِنْ شَعْرِهٖ ، ثُمَّ قَامَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّاَخَذَ بِيَدِ اُخْتِهٖ، فَقَالَ: اَنْشُدُ اللّٰهَ وَالْاِسْلَامَ طَوْقَ اُخْتِي، فَلَمْ يُجِبْهُ اَحَدٌ، فَقَالَ: يَا اُخَيَّةُ احْتَسِبِيْ طَوْقَكِ، فَوَاللّٰهِ اِنَّ الْاَمَانَةَ الْيَوْمَ فِي النَّاسِ لَقَلِيْلٌ

سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ذی طویٰ کے مقام پر ٹھہرے تو حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ نے اپنی صاحب زادی سے کہا: جو ان کی اولاد میں سب سے چھوٹی تھی اے میری بیٹی مجھے جبل ابوقبیس پر چڑھا دو۔ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں اس وقت ان کی بینائی ختم ہو چکی تھی وہ خاتون بیان کرتی ہیں میں نے اس پہاڑ پر سے جھانک کر دیکھا' تو انہوں نے دریافت کیا: اے میری بیٹی تم کیا دیکھ رہی ہو۔ اس لڑکی نے جواب دیا: مجھے بہت سے لوگوں کا مجمع نظر آ رہا ہے۔ حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ گھڑ سوار ہوں گے۔ اس خاتون نے کہا: مجھے ایک شخص نظر آ رہا ہے' جو ان کے آگے آ رہا ہے اور جا رہا ہے۔ حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اے میری بیٹی یہ ان کا نگران ہے' جو گھوڑوں کو حکم دے رہا ہے پھر اس لڑکی نے بتایا: اللہ کی قسم اب وہ سیاہی منتشر ہونے لگی ہے' تو حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کی قسم اب یہ گھوڑے روانہ ہو جائیں گے' تو مجھے جلدی میرے گھر لے جاؤ وہ خاتون انہیں ساتھ لے کر نیچے اتری ان کے گھر پہنچنے سے پہلے ہی گھڑ سواروں سے ان کا سامنا ہو گیا اس لڑکی کی گردن میں چاندی کا بنا ہوا ہار تھا ایک شخص اس لڑکی کے سامنے آیا اس نے اس لڑکی کی گردن سے ہار اتار لیا۔ وہ لڑکی بیان کرتی ہے' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (مکہ کے اندر) داخل ہوئے اور آپ مسجد کے اندر آئے' تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اپنے والد کو ساتھ لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دیکھا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم نے ان بزرگوار کو اپنے گھر میں ہی کیوں نہیں رہنے دیا تاکہ میں خود ان کے پاس آ جاتا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ اس بات کے زیادہ حق دار ہیں' کہ چل کر آپ کی طرف آئیں' بجائے اس کے کہ آپ چل کر ان کی طرف تشریف لے جائیں۔ راوی کہتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ کو سامنے بٹھا دیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سینے پر ہاتھ پھیرا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: آپ اسلام قبول کر لیں' تو انہوں نے اسلام قبول کر لیا۔ وہ لڑکی بیان کرتی ہے پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ انہیں ساتھ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اس وقت حضرت ابوقحافہ رضی اللہ عنہ کا سر ثغامہ (نامی سفید پھول کی طرح سفید) تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کے بالوں کی رنگت تبدیل کر دو۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے انہوں نے اپنی بہن کا ہاتھ پکڑا اور بولے میں اللہ اور اسلام کا واسطہ دے کر دریافت کرتا ہوں کہ میری بہن کا ہار کس کے پاس ہے۔ کسی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میری بہن تم اپنے ہار کے حوالے سے ثواب کی امید رکھو اللہ کی قسم آج لوگوں میں امانت (واپس کرنے کا جذبہ) کم ہے۔

ذِكْرُ اَبِیْ سُفْيَانَ بْنِ حَرْبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوسفیان بن حرب رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7209 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّرْقِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِیُّ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ زُمَيْلٍ سِمَاكٌ الْحَنَفِیُّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث):كَانَ الْمُسْلِمُوْنَ لَا يَنْظُرُوْنَ اِلٰی اَبِیْ سُفْيَانَ، وَلَا يُجَالِسُوْنَهُ، فَقَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، ثَلَاثُ خِصَالٍ اَسْاَلُكَ اَنْ تُعْطِيَنِيهِنَّ، قَالَ: وَمَا هِیَ؟ قَالَ: عِنْدِیْ اَجْمَلُ الْعَرَبِ وَاَحْسَنُهَا اُمُّ حَبِيْبَةَ اُزَوِّجُكَهَا، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَمُعَاوِيَةُ تَجْعَلُهُ كَاتِبًا بَيْنَ يَدَيْكَ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: وَتُؤَمِّرُنِیْ حَتّٰی اُقَاتِلَ الْمُشْرِكِيْنَ كَمَا كُنْتُ

7209– هذا الحدث مع إخراج مسلم إياه فی "صحيحه"قد اعلع بعضهم بعكرمة بن ..... عمار، فقد قال يحيى بن سعيد الأنصاری: ليست أحاديثه بصحاح، وقال الإمام أحمد: أحاديثه ضعاف، وقال أبو حاتم: عكرمة هذا صدوق وربما وهم وربما دلس .وأعله الآخرون بنكارة متنه، فقالوا: أم حبيبة تزوجها رسول الله صلى الله عليه وسلم وهی بالحبشة ,أصدقها النجاشی، والقصة مشهورة، ثم قدمت على رسول الله صلى الله عليه وسلم قبل أن يسلم أبوها، فكيف يقول بعد الفتح: أُوجك أم حبيبة، واما إمارة أبی سفيان، فقد قال الحفاظ: إنهم لايعرفونها .وقال أبو الفرج ابن الجوزی فيما نقله عنه ابن القيم فی "جلاء الأفهام" ص132: هذا الحديث وهم من بعض الرواة لاشكفيه ولاتردد، وقد اتهموا به عكرمة بن عمار راوی الحديث قال: وإنما قلنا: إن هذا وهم، لان أهل التاريخ أجمعوا على أن أم حبيبة كانت تحت عبيد الله بن جحش، وولدت له، وهاجر بها وهما مسلمان إلى أرض الحبشة، ثم تنصر، وثبتت أم حبيبة على دينها، فبعث رسول الله صلى الله عليه وسلم إلى النجاشی يخطبها عليه، فزوجه إياها وأصدقها عن رسول الله صلى الله عليه وسلم أربعة آلاف درهم، وذلك فی سنة سبع من الهجرة، وجاء أبو سفيان فی زمن الهدنة، فدخل عليها، فثنت بساط رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى لايجلس عليه . ولاخلاف أن أبا سفيان ومعاوية اسلما فی فتح مكة سنة ثمان، ولايعرف أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أمر أبا سفيان .وقال ابن الأثير فی "أسد الغابة "7/116 فی ترجمة رملة بنت أبی سفيان: وهذا مما يعد من أوهام مسلم، لأن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان قد تزوجها وهی بالحبشة قبل إسلام أبی سفيان، لم يختلف أهل السير فی ذلك، ولما جاء أبو سفيان إلى المدينة قبل الفتح لما أوقعت قريش بخزاعة، ونقضوا عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم، فخاف فجاء على المدينة ليجدد العهد، فدخل على ابنته أم حبيبة، فلم تتركه يجلس على فراش رسول الله صلى الله عليه وسلم، وقالت: أنت مشرك . .... وقال أيضاً 7/316 فی ترجمة أم حبيبة: لا اختلاف بين اهل السير وغيرهم فی أن النبی صلى الله عليه وسلم تزوج أم حبيبة وهی بالحبشة إلا ماورواه مسلم بن الحجاج فی "صحيح" أن أبا سفيان لما أسلم طلب من رسول الله صلى الله عليه وسلم أن يتزوجها، فأجابه إلى ذلك، وهو وهم من بعض رواته .وقال أبو محمد بن حزم: هذا الحديث وهم من بعض الرواة، لأنه لاخلاف بين الناس ان النبی صلى الله عليه وسلم تزوج أم حبيبة قبل الفتح بدهر وهی بأرض الحبشة وابوها كافر .وقال القاضی عياض: والذی وقع فی مسلم من هذا غريب جداً عند أهل الخبر، وخبرها مع أبی سفيان عند وروده المدينة بسبب تجديد الصلح فی حال كفره مشهور .وقال ابن القيم فی "جلاء الأفهام " ص 135 بعد أن فصل القول فيه: والصواب أن الحديث غير محفوظ، بل وقع فيه تخليط.وقال الذهبی فی "الميزان"3/93: وفی صحيح مسلم قد ساق له أصلاً منكراً عن سماك الحنفی عن ابن عباس فی الثلاثة التی طلبها أبو سفيان .وأخرجه مسلم "2501" فی فضائل الصحابة: باب من فضائل أبی سفيان بن حرب رضی الله عنه، والطبرانی "12885"، والبيهقی 7/140 من طرق عن النضر بن محمد، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقی 7/140 من طريق موسى بن مسعود، عن عكرمة بن عمار، به .قلت: ولايبرأ عكرمة من عهدة التفرد بمتابعة أبی زميل له عند الطبرانی "12886" لأن فی السند مجاهيل.

اُقَاتِلُ الْمُسْلِمِيْنَ، قَالَ: نَعَمْ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: پہلے مسلمان ابوسفیان کی طرف دیکھتے نہیں تھے اس کی ہم نشینی اختیار نہیں کرتے تھے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں تین چیزوں کے بارے میں آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ آپ مجھے وہ عطا کردیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: وہ کیا۔ انہوں نے عرض کی: میری بیٹی عرب کی خوبصورت اور حسین وجمیل لڑکی ہے ام حبیبہ میں اس کی شادی آپ کے ساتھ کرنا چاہتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے۔ ابوسفیان نے عرض کی: معاویہ کو آپ اپنا معتمد مقرر کرلیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے۔ ابوسفیان نے عرض کی: آپ مجھے یہ حکم دیں میں مشرکین کے ساتھ جنگ کرتا رہوں، جس طرح پہلے میں مسلمانوں کے ساتھ جنگ کرتا رہا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ٹھیک ہے۔

ذِكْرُ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ کا تذکرہ

7210 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ يُوْنُسَ بْنِ سَيْفٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ اَبِىْ رُهْمٍ السَّمَعِيِّ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ السُّلَمِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

7210- إسناده صعيف، الحارث بن زياد لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلف، ولم يَرْوِ عنه غير يونس بن سيف، وجهله ابن عبد البر والذهبي. ومعاوية بن صالح، قال ابن عدى: يقع فى حديثه إفرادات، وباقى رجاله ثقات رجال الصحيح غير يونس بن سيف وأبى رهم السمعي واسمه احزاب بن أسيد - فقد روى لهما أصحابالسنن، وهما ثقتان .وأخرجه أحمد 4/127 عن عبد الرحمن بن مهدى، بهذا الإسناد . وأخرجه ابن عدى في الكامل 6/2406، والبزار "2723"، وابن الجوزى فى "العلل المتناهية" "437" من طريق معاوية بن صالح، وابن الجوزى أيضاً "438" من طريق أبى صالح عبد الله بن صالح، كلاهما عن يونس بن سيف، به .وقال البزار: لانعلمه يروى عن العرباض إلا بهذا الإسناد وفيه الحارث بن زياد .وقال ابن الجوزى: وأما حديث العرباض، ففى الطريق الأول معاوية بن صالح، قال الرازى: لايحتج به، وفى الطريق الثانى عبد الله بن صالح قال أحمد: ليس هو بشىء .وذكره الهيثمى فى "المجمع" 9/356 وقال: رواه البزار وأحمد والطبرانى وفيه الحارث بن زياد، ولم أجد من وثقه، ولم يرو عنه غير يونس بن سيف، وبقية رجاله ثقات، وفى بعضهم خلاف .وأخرجه ابن عدى 5/1810، ومن طريقه ابن الجوزى "436" من.... طريق إسحاق بن كعب، عن عثمان بن عبد الرحمن الجمحى، قال أبو حاتم: لايحتج به، وقال ابن عدى: مكنر الحديث، وساق هذا الحديث من منكراته .وأخرجه ابن الجوزى "440" من طريق محمد بن يزيد وهو مجهول .وأخرجه الطبرانى "1065"/19 و "1066"، وابن الجوزى "439" من طريق أبى هلال الراسبى، عن جبلة بن عطية، عن سلمة بن مخلد أن النبى صلى الله عليه وسلم قال لمعاوية: "اللّهم علمه الكتاب والحساب ومكن له فى البلاد."وذكره الهيثمى فى "المجمع" 9/356-357 وقال: وجبلة لم يسمع من سلمة، فهو مرسل، ورجاله وثقوا وفيهم خلاف.قال ابن الجوزى بعد أن ذكر هذه الطرق للحديث: هذه الأحاديث ليس منها ما يصح .وذكر الذهبى فى " السير "3/124 شاهداً آخر، وقواه عن أبى مسهر، حديثا سعيد بن عبد العزيز، عن ربيعة بن يزيد، عن عبد الرحمن بن أبى عميرة المزنى وكان من أصحاب النبى صلى الله عليه وسلم ... فذكر الحديث . ونسبه السيوطى إلى الطبرانى وتمام .قلت: ورجاله ثقات إلا أن سعيد بن عبد العزيز قد اختلط.

(متن حدیث): اَللّٰهُمَّ عَلِّمْ مُعَاوِيَةَ الْكِتَابَ وَالْحِسَابَ، وَقِهِ الْعَذَابَ

حضرت عرباض بن ساریہ سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا:
"اے اللہ معاویہ کو کتاب (یعنی قرآن مجید) اور حساب کا علم عطا کر اور اسے عذاب سے بچانا"۔

ذِكْرُ تَعْظِيمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ وَرِعَايَتِهِ حَقَّهَا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی تعظیم کرنے اور ان کے حق کا خیال رکھنے کا تذکرہ

7211 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُوَيْهِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَلَغَ صَفِيَّةَ اَنَّ حَفْصَةَ، قَالَتْ لَهَا: ابْنَةُ يَهُودِيٍّ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهَا وَسَلَّمَ وَهِيَ تَبْكِي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَا يُبْكِيكِ؟ ، قَالَتْ: قَالَتْ لِي حَفْصَةُ اِنِّي بِنْتُ يَهُودِيٍّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّكِ لَابْنَةُ نَبِيٍّ، وَاِنَّ عَمَّكِ لَنَبِيٌّ، وَاِنَّكِ لَتَحْتَ نَبِيٍّ فَبِمَ تَفْخَرُ عَلَيْكِ؟ ثُمَّ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اتَّقِ اللّٰهَ يَا حَفْصَةُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو اس بات کی اطلاع ملی کہ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے ان کے بارے میں یہ کہا ہے: وہ ایک یہودی کی بیٹی ہے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے گئے تو وہ رو رہی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کیوں رو رہی ہو۔ انہوں نے عرض کی: حفصہ نے میرے بارے میں یہ کہا ہے: میں یہودی کی بیٹی ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم ایک نبی کی اولاد ہو اور تمہارے (آباؤ اجداد میں) ایک چچا نبی تھے اور تم ایک نبی کی بیوی ہو تو پھر حفصہ کس بات پر تمہارے سامنے فخر کرسکتی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا سے) فرمایا: اے حفصہ اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔

ذِكْرُ وَصْفِ اَخْذِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ مِنَ الصَّفِيِّ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو (امیر کے لیے) مخصوص حصے سے حاصل کرنے کا تذکرہ

7212 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ

7211- إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عبد الملك، فروى له أصحاب السنن، وهو ثقة . وهو فى "مسند ابى يعلى" "3437" و "مصنف عبد الرزاق ". "20921" وأخرجه من طريق عبد الرزاق: أحمد 136-3/135، والترمذى "3894" فى المناقب: باب فضل أزواج النبى صلى الله عليه وسلم، والنسائى فى "عشرة النساء " "33"، والطبرانى "186"/24، وقال الترمذى: هذاحديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه.

7212- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة فمن رجال مسلم . وقد تقدم برقم "4745" و "4746" وانظر الحديث الآتى. وأخرجه أبو يعلى "3777" عن وهب، عن خالد، عن حميد، عن أنس .والأنطاع جمع نِطع: بساط من الجلد، والحيس: تمر وأقط وسمن تخلط وتعجن، وتسوى كالثريد. وقوله: "أوضع وأوضع الناس" أى: أغذوا السير وأسرعوا، يقال: وضع البعير يضع وضعاً، وأوضعه راكبه إيضاعاً: إذا حمله على سرعة السير.

سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ رَدِيفَ اَبِي طَلْحَةَ يَوْمَ خَيْبَرَ، وَاِنَّ قَدَمِي لَتَمَسُّ قَدَمَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْنَا خَيْبَرَ وَقَدْ خَرَجُوْا بِمَسَاحِيهِمْ وَفُؤُوسِهِمْ وَمَكَاتِلِهِمْ، وَقَالُوْا: مُحَمَّدٌ وَّالْخَمِيسُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُ اَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ، اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ، فَقَاتَلَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَزَمَهُمْ، فَلَمَّا قُسِمَتِ الْمَغَانِمُ قِيلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّهُ وَقَعَ فِيْ سَهْمِ دَحْيَةَ الْكَلْبِيِّ جَارِيَةٌ جَمِيلَةٌ، فَاشْتَرَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعَةِ اَرْؤُسٍ، ثُمَّ دَفَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُمِّ سُلَيْمٍ تُهَيِّئُهَا، وَكَانَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ تَغْزُو مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَعَا بِالْاَنْطَاعِ، فَاُحْضِرَتْ، فَوَضَعَ الْاَنْطَاعَ وَجِيءَ بِالتَّمْرِ وَالسَّمْنِ، فَاَوْسَعَهُمْ حَيْسًا، فَاَكَلَ النَّاسُ حَتّٰى شَبِعُوا، فَقَالَ النَّاسُ: تَزَوَّجَهَا اَمِ اتَّخَذَهَا اُمَّ وَلَدٍ؟ فَقَالُوْا: اِنْ حَجَبَهَا فَهِيَ امْرَاَتُهُ، وَاِنْ لَمْ يَحْجُبْهَا فَهِيَ اُمُّ وَلَدٍ، فَلَمَّا اَرَادَتْ اَنْ تَرْكَبَ حَجَبَهَا حَتّٰى قَعَدَتْ عَلٰى عَجُزِ الْبَعِيرِ خَلْفَهُ، ثُمَّ رَكِبَتْ، فَلَمَّا دَنَوْا مِنَ الْمَدِيْنَةِ اَوْضَعَ، وَاَوْضَعَ النَّاسُ، وَاَشْرَفَتِ النِّسَاءُ يَنْظُرْنَ، فَعَثَرَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاحِلَتُهُ، فَوَقَعَ وَوَقَعَتْ صَفِيَّةُ، فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَجَبَهَا، فَقَالَتِ النِّسَاءُ: اَبْعَدَ اللّٰهُ الْيَهُوْدِيَّةَ، وَشَمِتْنَ بِهَا، قَالَ ثَابِتٌ: فَقُلْتُ لِاَنَسٍ: يَا اَبَا حَمْزَةَ اَوَقَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ رَاحِلَتِهِ؟ فَقَالَ: اِيْ وَاللّٰهِ وَقَعَ مِنْ رَاحِلَتِهِ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ خیبر کے موقع پر میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا اور میرے پاؤں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک کو چھو رہے تھے ہم لوگ خیبر آ گئے وہ لوگ اپنی کدالیں اور بیلچے اور ٹوکریاں لے کر (قلعے سے) باہر نکلے انہوں نے کہا: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور لشکر آ گئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ اکبر خیبر برباد ہو گیا۔ جب ہم کسی قوم کے میدان میں اترتے ہیں' تو ان لوگوں کی حالت بری ہوتی ہے' جنہیں ڈرایا گیا تھا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ لڑائی کر کے انہیں پسپا کر دیا جب مال غنیمت تقسیم ہوا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی: حضرت دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کے حصے میں ایک حسین و جمیل کنیز آئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سات غلاموں (یا کنیزوں) کے عوض میں اس کو خرید لیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا کے سپرد کیا تاکہ وہ انہیں تیار کر دیں۔ سیّدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا غزوات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شریک ہوتی تھیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دسترخوان منگوایا اسے پیش کیا گیا اس دسترخوان کو بچھایا گیا پھر کھجوریں اور گھی لایا گیا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب کے لئے حیس تیار کروایا۔ لوگوں نے اسے کھایا' یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے۔ لوگوں نے (آپس میں ایک دوسرے سے) دریافت کیا: کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کے ساتھ شادی کی ہے یا اسے ام ولد بنایا ہے' تو دوسروں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو پردہ کروایا' تو وہ آپ کی اہلیہ ہوں گی اگر انہیں پردہ نہیں کرواتے' تو پھر ام ولد شمار ہوں گی۔ جب سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا سواری پر سوار ہونے لگیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا پردہ کروالیا' یہاں تک کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے اونٹ پر بیٹھ گئیں پھر جب یہ لوگ مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سواری کو تیز کر لیا لوگوں نے بھی سواری کو تیز کر لیا۔ خواتین جھانک کر دیکھنے لگیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کو

ٹھوکر لگی' تو نبی اکرم ﷺ اور سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا گر گئے پھر نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے آپ نے اس خاتون کا پردہ کروایا' تو خواتین نے کہا: اللہ تعالیٰ اس یہودی عورت کو دور ہی رکھے۔ انہوں نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو برا بھلا کہا۔

ثابت بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: اے ابوحمزہ! کیا نبی اکرم ﷺ اپنی سواری سے نیچے گر پڑے تھے' تو انہوں نے فرمایا: جی ہاں اللہ کی قسم نبی اکرم ﷺ اپنی سواری سے گر گئے تھے: اے ابومحمد!

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ مِنْ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: سیّدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا امہات المومنین میں سے ایک ہیں

7213 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ خَيْبَرَ وَالْمَدِيْنَةِ ثَلَاثًا يَبْنِيْ بِصَفِيَّةَ بِنْتِ حُيَيٍّ، فَدَعَوْتُ الْمُؤْمِنِيْنَ اِلٰى وَلِيْمَتِهٖ، فَمَا كَانَ فِيْهَا مِنْ خُبْزٍ، وَلَا لَحْمٍ اَمَرَنَا بِالْاَنْطَاعِ، فَاُلْقِيَ فِيْهَا مِنَ التَّمْرِ وَالْاَقِطِ وَالسَّمْنِ، فَكَانَتْ وَلِيْمَتَهٗ، فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ: اِحْدٰى اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ هِيَ اَوْ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِيْنُهٗ، وَقَالُوْا: اِنْ يَحْجُبْهَا فَهِيَ مِنْ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَاِنْ لَمْ يَحْجُبْهَا فَهِيَ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِيْنُهٗ، فَلَمَّا ارْتَحَلَ وَطّٰى لَهَا مِنْ خَلْفِهٖ، وَمَدَّ الْحِجَابَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ النَّاسِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے خیبر اور مدینہ منورہ کے درمیان کسی جگہ پر تین دن تک قیام کیا آپ نے سیّدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا کی رخصتی کروائی تھی میں اہل ایمان کو نبی اکرم ﷺ کے ولیمے کے لئے بلا کر لایا تھا اس میں روٹی یا گوشت نہیں تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں دستر خوان لانے کا حکم دیا' تو اس دستر خوان پر کھجوریں، پنیر اور گھی رکھ دیا گیا یہ نبی اکرم ﷺ کا ولیمہ تھا۔ مسلمانوں نے کہا: یہ امہات المومنین میں سے ایک شمار ہوں گی یا نبی اکرم ﷺ کی کنیز شمار ہوں گی' تو دوسروں نے جواب دیا: اگر نبی اکرم ﷺ نے ان کا پردہ کروایا' تو یہ امہات المومنین میں شمار ہوں گی اگر پردہ نہ کروایا' تو یہ آپ کی کنیز شمار ہوں گی۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) جب نبی اکرم ﷺ روانہ ہونے لگے' تو آپ نے اس خاتون کے لئے اپنے پیچھے جگہ بنائی اور اس خاتون کے اور لوگوں کے درمیان پردہ کھینچ دیا۔

7213- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب الغافقي، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد "3/264"، والبخاري "5085" في النكاح: باب اتخاذ السراري ومن أعتق جارية ثم تزوجها، والنسائي 6/134 في النكاح: باب البناء في السفر، من طرق عن اسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد. ... وأخرجه البخاري "4213" في المغازي: باب غزوة خيبر، والبيهقي 7/259 من طريق محمد بن جعفر، والبخاري ""4212ن والنسائي 6/134 من طريق يحيى ى، كلاهما عن حميد الطويل، به. ولفظ يحيى مختصر. وانظر الحديث السابق.

بَابٌ فَضْلُ الْأُمَّةِ

باب! اس امت کی فضیلت کا تذکرہ

7214 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ بْنِ فِيلٍ الْبَالِسِيُّ اَبُو الطَّاهِرِ بِاَنْطَاكِيَّةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي حَبِيبَةَ الطَّائِيِّ، عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا حَظُّكُمْ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ، وَاَنْتُمْ حَظِّي مِنَ الْاُمَمِ

❁❁ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''انبیاء میں سے ''میں'' تمہارا حصہ ہوں اور امتوں میں سے ''تم'' میرا حصہ ہو''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ مَنْ اَرَادَ اللّٰهُ بِهِ الْخَيْرَ قَبَضَ نَبِيَّهُ قَبْلَهُ حَتّٰى يَكُوْنَ فَرَطًا لَهُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس امت کے بارے میں اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کر لے ان کے نبی کو ان سے پہلے قبض کر لیتا ہے' تاکہ وہ نبی ان کے لیے پیش رو بن جائے

7215 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْهَجَرِيُّ بِالْاُبُلَّةِ، وَاَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوْسُفَ بِدِمَشْقَ، وَعُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيْدٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوْسٰى، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ اِذَا اَرَادَ رَحْمَةَ اُمَّةٍ مِنْ عِبَادِهِ قَبَضَ نَبِيَّهَا

7214- إسناده ضعيف. أبو حبيبة الطائي لم يوثقه غير المؤلف، ولم يروا عنه غير ابى إسحاق، وباقي رجاله ثقات غير زيد بن الحباب، فإنه يخطىء في روايته عن سفيان الثوري . وأخرجه البزار "2847" عن أبي كريب، بهذا الإسناد . وقال: لانعلم أحداً رواه عن النبي صلى الله عليه وسلم إلا أبو الدرداء ، ولا عنه إلا أبو حبيبة، ولا عنه إلا أبو إسحاق، ولا عنه إلا الثوري، ولا عنه إلا زيد، ولا عنه. . . . . إلا أبو كريب، ولانعلم أحداً تابعه على هذا الحديث. وذكره الهيثمي في "المجمع" 10/68 وقال: رواه البزار، ورجاله رجال الصحيح غير أبي حبيبة الطائي، وقد صحح له الترمذي حديثاً، وذكره ابن حبان في "الثقات." واورده الهيثمي 1/174 في حديث طويل فيه: "والذي نفس محمد بيده لو كان موسى بين أظهركم ثم اتبعتموه وتركتموني، لضللتم ضلالاً بعيداً، أنتم حظي من الأمم وأنا حظكم من النبيين" وقال: رواه الطبراني في "الكبير" وفيه ابو عامر القاسم بن محمد الأسدين ولم أر من ترجمه، وبقية رجاله موثقون. وأخرجه بهذا الزيادة من حديث عبد الله بن ثابت احمد 3/470-471، و4/265-266 عن عبد الرزاق، عن سفيان، عن جابر، عن الشعبي، عنه . وذكره الهيثمي 1/173، وقال: رواه احمد والطبراني، ورجاله رجال الصحيح إلا أن فيه جابراً الجعفي، وهو ضعيف.

قَبْلَهَا، فَجَعَلَهُ لَهَا فَرَطًا وَسَلَفًا، وَإِذَا أَرَادَ هَلَكَةَ أُمَّةٍ عَذَّبَهَا وَنَبِيُّهَا حَيٌّ، فَأَقَرَّ عَيْنَهُ بِهَلَكِهَا حِينَ كَذَّبُوهُ، وَعَصَوْا أَمْرَهُ

❁❁ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''بے شک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں میں سے جب کسی امت پر رحمت کرنے کا ارادہ کرتا ہے' تو اس امت سے پہلے اس کے نبی کی روح کو قبض کر لیتا ہے اور اس نبی کو ان لوگوں کے لیے پیش رو اور آگے جانے والا بنا دیتا ہے' جب وہ کسی امت کو ہلاک کرنے کا ارادہ کرتا ہے' تو اس کے نبی کی زندگی میں ہی ان لوگوں کو عذاب دے دیتا ہے اور ان کو ہلاک کر کے اس نبی کی آنکھوں کو ٹھنڈک دیتا ہے ایسا اس وقت ہوتا ہے' جب وہ لوگ نبی کو تکلیف دیتے ہیں اور اس کے حکم کی نافرمانی کرتے ہیں''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ هٰذِهِ الْأُمَّةَ هِيَ مِنْ أَعْدَلِ الْأُمَمِ أَسْبَابًا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اپنے معاملات کے اعتبار سے یہ امت تمام امتوں میں زیادہ عادل ہے

7216 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ،

(متن حدیث): عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ: (وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا) (البقرة: 143)، قَالَ: عَدْلًا

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں ارشاد فرمایا

7215–إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن سعيد الجوهري، فمن رجال مسلم. وهو مكرر الحديث. "6647"

7216– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، وأبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير، وهو في "مسند أبي يعلى". "1207" وأخرجه أحمد 3/9 و58، والترمذي "2961" في التفسير: باب ومن سورة البقرة، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/346، وابن ماجة "4284" في الزهد: باب صفة أمة محمد صلى الله عليه وسلم، من طرق عن أبي معاوية بهذا الإسناد مختصراً ومطولاً. وأخرجه أحمد 3/32، والبخاري "3339" في الأنبياء : باب قول الله عزوجل: (وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحاً إِلَى قَوْمِهِ) ، و "4487" في تفسير سورة البقرة: باب: (وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطاً) ، و "7349" في الاعتصام: باب: (وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطاً) ، والترمذي عقب حديث رقم "2965"، وأبو يعلى "1173" والطبري "2165" و...."2166" و"2167" و "2179" و "2180"، والبيهقي في "الأسماء والصفات" ص 216 من طريق عن الأعمش به، مختصراً ومطولاً. وذكره السيوطي في "الدر المنثور "1/348 و 349 وزاد نسبته إلى سعيد بن منصور، وابن أبي حاتم، والإسماعيلي، والحاكم، وابن المنذر . وانظر الحديث المتقدم برقم "6477" وقوله: "عدلاً" مصدر وصف به، يستوي فيه المذكر والمؤنث والمثنى والجمع، وفي بعض الروايات "عدولاً" بلفظ الجمع قال في "اللسان": فإن رأيته مجموعاً أو مثنى أو مؤنثاً فعلى أنه قد أجرى مجرى الوصف الذي ليس بمصدر.

ہے (ارشاد باری تعالیٰ ہے:)

''اسی طرح ہم نے تمہیں وسط امت بنایا ہے''۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: (وسط سے مراد) عادل ہونا ہے۔

ذِكْرُ تَمْثِيلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجَلَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ فِيْ آجَالِ مَنْ خَلَا قَبْلَهَا مِنَ الْاُمَمِ

دیگر تمام امتوں کے مقابلے میں اس امت کی مدت کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کا مثال بیان کرنے کا تذکرہ

7217 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّمَا اَجَلُكُمْ فِيْ اَجَلِ مَنْ خَلَا مِنَ الْاُمَمِ كَمَا بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلٰى مَغَارِبِ الشَّمْسِ، وَاِنَّمَا مَثَلُكُمْ وَمَثَلُ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى كَرَجُلٍ اسْتَعْمَلَ عُمَّالًا، فَقَالَ: مَنْ يَّعْمَلُ لِيْ اِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ؟ قَالَ: فَعَمِلَتِ الْيَهُوْدُ اِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَّعْمَلُ لِيْ مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ اِلٰى صَلَاةِ الْعَصْرِ عَلٰى قِيْرَاطٍ قِيْرَاطٍ؟ قَالَ: فَعَمِلَتِ النَّصَارٰى مِنْ نِصْفِ النَّهَارِ اِلٰى صَلَاةِ الْعَصْرِ، ثُمَّ قَالَ: مَنْ يَّعْمَلُ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلٰى مَغَارِبِ الشَّمْسِ عَلٰى قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ؟ ثُمَّ قَالَ: اَنْتُمُ الَّذِيْنَ تَعْمَلُوْنَ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلٰى مَغَارِبِ الشَّمْسِ عَلٰى قِيْرَاطَيْنِ قِيْرَاطَيْنِ، قَالَ: فَغَضِبَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصَارٰى، وَقَالُوْا: نَحْنُ كُنَّا اَكْثَرَ عَمَلًا وَاَقَلَّ عَطَاءً، قَالَ: هَلْ ظَلَمْتُكُمْ مِنْ عَمَلِكُمْ شَيْئًا؟ قَالُوْا: لَا، قَالَ: فَاِنَّهٗ فَضْلِيْ اُوْتِيْهِ مَنْ اَشَاءُ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''دیگر امتوں کے مقابلے میں تمہاری مدت اس طرح ہے، جس طرح عصر سے لے کر سورج غروب ہونے تک کا درمیانی وقت ہوتا ہے تمہاری، یہودیوں کی اور عیسائیوں کی مثال اس طرح ہے جیسے ایک شخص کچھ مزدوروں کو کام کے لیے رکھتا ہے وہ شخص یہ کہتا ہے کون میرے لیے ایک قیراط کے عوض میں دوپہر تک کام کرے گا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں، تو یہودیوں نے ایک ایک قیراط کے عوض میں دوپہر تک کام کیا پھر وہ شخص کہتا ہے کون میرے لیے دوپہر سے لے کر عصر تک ایک ایک قیراط کے عوض میں کام کرے گا نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں، تو عیسائیوں نے دوپہر سے لے کر عصر کے وقت تک کام کیا پھر وہ شخص کہتا ہے کون میرے لیے عصر کی نماز سے لے کر سورج غروب ہونے تک دو دو قیراط کے عوض میں کام کرے گا پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم وہ لوگ ہو جو عصر سے لے کے سورج غروب

7217- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وقد تقدم تخريجه برقم. "6639"

ہونے تک دو دو قیراط کے عوض میں کام کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: اس بات پر یہودی اور عیسائی غصے میں آ گئے انہوں نے کہا: ہم نے زیادہ کام کیا ہے اور ہمیں تھوڑا معاوضہ ملا ہے۔ پروردگار نے فرمایا: کیا میں نے تمہارے کام کے حوالے سے تمہارے ساتھ کوئی زیادتی کی ہے انہوں نے جواب دیا: جی نہیں، تو پروردگار نے فرمایا: یہ میرا فضل ہے میں جسے چاہوں عطا کروں گا''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ ابْنِ عُمَرَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

7218 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ اُسَامَةَ، حَدَّثَنَا بُرَيْدٌ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَثَلُ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى، كَمَثَلِ رَجُلٍ اسْتَاْجَرَ قَوْمًا يَعْمَلُوْنَ لَهُ عَمَلًا يَوْمًا اِلَى اللَّيْلِ عَلٰى اَجْرٍ اِلَى اللَّيْلِ، فَعَمِلُوا لَهُ اِلٰى نِصْفِ النَّهَارِ، ثُمَّ قَالُوْا: لَا حَاجَةَ لَنَا فِيْ اَجْرِكَ الَّذِي اشْتَرَطْتَ لَنَا، وَمَا عَمَلْنَا بَاطِلٌ، قَالَ لَهُمْ: لَا تَفْعَلُوا اَكْمِلُوا بَقِيَّةَ يَوْمِكُمْ، وَخُذُوا اَجْرَكُمْ كَامِلًا، فَاَبَوْا وَتَرَكُوا ذٰلِكَ عَلَيْهِ، فَاسْتَاْجَرَ قَوْمًا اٰخَرِيْنَ بَعْدَهُمْ، فَقَالَ: اعْمَلُوا بَقِيَّةَ يَوْمِكُمْ وَلَكُمُ الَّذِي شَرَطْتُ لَهُمْ مِنَ الْاَجْرِ، فَعَمِلُوا حَتّٰى اِذَا كَانَ صَلَاةُ الْعَصْرِ، قَالُوْا: الَّذِي عَمِلْنَا بَاطِلٌ، وَلَكَ الْاَجْرُ الَّذِي جَعَلْتَ لَنَا لَا حَاجَةَ لَنَا فِيْهِ، قَالَ: اعْمَلُوا بَقِيَّةَ عَمَلِكُمْ، فَاِنَّ مَا بَقِيَ مِنَ النَّهَارِ شَيْءٌ يَسِيْرٌ اَحْسَبُهُ، قَالَ: فَاَبَوْا، قَالَ: ثُمَّ عَمِلْتُمْ مِنَ الْعَصْرِ اِلَى اللَّيْلِ، فَذٰلِكَ مَثَلُ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى وَالَّذِيْنَ تَرَكُوا مَا اَمَرَهُمُ اللّٰهُ بِهٖ، وَمَثَلُ الْمُسْلِمِيْنَ الَّذِيْنَ قَبِلُوا هُدَى اللّٰهِ، وَمَا جَاءَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مسلمانوں، یہودیوں اور عیسائیوں کی مثال ایک ایسے شخص کی مانند ہے، جو کچھ لوگوں کو مزدور رکھتا ہے کہ وہ سارا دن رات تک اس کے لیے کام کریں گے اور انہیں رات تک کام کرنے کا معاوضہ ملے گا انہوں نے دوپہر تک اس کے لیے کام کیا پھر ان مزدوروں نے کہا: ہمیں تمہارے اس معاوضے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، جو تم نے ہمارے لیے مقرر کیا تھا اور ہم نے جو کام کیا ہے وہ رائیگاں گیا، تو اس شخص نے ان سے کہا: تم ایسا نہ کرو تم اپنا بقیہ دن کو مکمل کر لو اور اپنا مکمل

7218- إسناده صحيح على شرط الشيخين . بُريد: هو ابن عبد الله بن أبي بردة .وأخرجه البيهقي 6/119 من طريق أبي يعلى، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري "558" في مواقيت الصلاة: باب من أدرك ركعة من العصر قبل الغرب، . و "2271" في الإجارة: باب الإجارة من العصر إلى الليل، ومن طريقه البغوي "4018" عن محمد بن العلاء بن كريب، به.وأخرجه البيهقي 6/119 من طرق عن أبي أسامة حماد بن اسامة، به.

معاوضہ وصول کرلو لیکن انہوں نے اس چیز کو نہیں مانا اور انہوں نے اس کام کو چھوڑ دیا' تو اس شخص نے دوسرے لوگوں کو ان کے بعد مزدور رکھا اور کہا: تم بقیہ دن کام کرو تا ہم میں تمہیں وہی اجر دوں گا' جو میں نے ان لوگوں کے لئے معاوضہ مقرر کیا تھا'' تو ان لوگوں نے کام کیا' یہاں تک کہ جب عصر کا وقت ہوا' تو انہوں نے کہا: ہم نے جو کام کیا تھا وہ رائیگاں جاتا ہے تمہارا اجر تمہیں ملے جسے تم نے ہمارے لیے مقرر کیا تھا ہمیں اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے' تو وہ شخص کہتا ہے تم اپنا بقیہ کام پورا کرلو کیونکہ اب دن ختم ہونے میں تھوڑا سا وقت باقی رہ گیا ہے (راوی کہتے ہیں) میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں' کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تو ان لوگوں نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم نے عصر سے لے کر رات تک کام کیا (یعنی سورج غروب ہونے تک کام کیا)''

یہ یہودیوں، عیسائیوں اور انہوں نے اللہ تعالیٰ کے جس حکم کو چھوڑا اس کی مثال ہے اور مسلمانوں کی مثال ہے' جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی ہدایت کو قبول کیا اور اللہ کے رسول جو لے کر آئے تھے اسے قبول کیا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا وَضَعَ اللّٰهُ بِفَضْلِهِ عَنْ هٰذِهِ الْأُمَّةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل کے تحت اس امت کی کون سی چیزوں کو معاف کیا ہے

7219 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا وَصِيفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَافِظُ بِاَنْطَاكِيَةَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُرَادِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ بَكْرٍ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، (متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ تَجَاوَزَ عَنْ اُمَّتِي الْخَطَاَ، وَالنِّسْيَانَ، وَمَا اسْتُكْرِهُوا عَلَيْهِ

7219–إسناده صحيح على شرط البخارى، رجاله ثقات رجال الشيخين غير بشر بن بكر، فمن رجال البخارى .وأخرجه الطحاوى فى "شرح معانى الآثار"3/95، والطبرانى "الصغير"1/270، والدارقطنى171-4/170، والبيهقى7/356،......... وابن حزم فى "الإحكام فى أصول الأحكام"5/149 من طريق الربيع بن سليمان المرادى، بهذا الإسناد. وقال الطبرانى: "لم يروه عن الأوزاعى إلا بشر، تفرد به الربيع بن سليمان ."وأخرجه الحاكم 2/198 من طريق بحر بن نصر بن سابق الخولانى، عن بشر بن بكر، ومن طرق الربيع بن سليمان، عن أيوب بن سويد، كلاهما عن الأوزاعى، به. وصححه على شرط الشيخين، ووافقه الذهبى .وأخرجه ابن ماجه "2045" فى الطلاق: باب طلاق المكره والناسى، والبيهقى 357-7/356 من طريق محمد بن المصفى، عن الوليد بن مسلم، حدثنا الأوزاعى، عن ابن عباس، قال البوصيرى فى "مصباح الزجاجة"2/130: "هذا إسناد صحيح إن سلم من الانقطاع، والظاهر أنه منقطع"، قال المزى فى "الأطراف"5/85 رواه بشر بن بكر التنيسى عن الأوزاعى، عن عطاء، عن عبيد بن عمير، عن ابن عباس .قال البوصيرى: "وليس ببعيدأن يكون السقط من صنعة الوليد بن مسلم فإنه كان يدلس تدليس التسوية.وفى الباب عن عبد الله بن عمر، وعقبة بن عامر، وأبى ذر، وأبى الدرداء وثوبان، وهى مخرجة فى "العواصم والقواصم".198-1/192 وانظر شرح هذا الحديث فى "جامع العلوم والحكم" ص356-350 لابن رجب.

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''بے شک اللہ تعالیٰ نے میری امت سے خطاء نسیان اور جس چیز پر انہیں مجبور کیا گیا ہو ان تمام چیزوں سے درگزر کیا ہے''۔

پیش کیا جائے گا جیسے وہ سیراب ہے یہودیوں سے کہا جائے گا: تم لوگ کس کی عبادت کرتے تھے۔ وہ جواب دیں گے ہم اللہ کے بیٹے عزیر علیہ السلام کی عبادت کرتے تھے' تو کہا جائے گا تم جھوٹ کہہ رہے ہو۔ اللہ تعالیٰ کی کوئی بیوی اور کوئی اولاد نہیں ہے تم کیا چاہتے ہو۔ وہ یہ کہیں گے ہم یہ چاہتے ہیں' کہ' تو ہمیں سیراب کردے' تو ان سے کہا جائے گا: تم (اس سراب میں سے) پی لو' تو وہ لوگ جہنم میں گر جائیں گے۔ عیسائیوں سے کہا جائے گا: تم کس کی عبادت کرتے تھے۔ وہ کہیں گے: ہم اللہ کے بیٹے حضرت مسیح علیہ السلام کی عبادت کرتے تھے' تو کہا جائے گا تم نے جھوٹ کہا ہے۔ اس کی' تو کوئی بیوی اور کوئی اولاد نہیں ہے۔ تم کیا چاہتے ہو وہ کہیں گے ہم یہ کہتے ہیں' تو ہمیں سیراب کردے' تو ان سے کہا جائے گا: تم لوگ (اس سراب میں سے) پی لو' تو وہ لوگ بھی جہنم میں گر جائیں گے' یہاں تک کہ اللہ کی عبادت کرنے والے نیک اور گناہ گار لوگ باقی رہ جائیں گے' تو ان سے کہا جائے گا: تم لوگ کیوں رکے ہوئے ہو۔ دوسرے لوگ' تو چلے گئے ہیں' تو وہ کہیں گے ہم ان سے الگ ہیں۔ ہم نے ایک منادی کو یہ اعلان کرتے ہوئے سنا کہ ہر قوم اس کے ساتھ جا کر مل جائے جس کی وہ عبادت کیا کرتے تھے' تو ہم لوگ بھی اپنے پروردگار کا انتظار کر رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر وہ زبردست ذات ان کے پاس آئے گی جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ وہ فرمائے گا میں تمہارا پروردگار ہوں اس کے ساتھ کلام صرف نبی کرے گا۔ پھر یہ کہا جائے گا: کیا تمہارے درمیان اور اس کے درمیان کوئی نشانی ہے جس کے ذریعے تم اسے پہچان لو' تو مسلمان یہ کہیں گے پنڈلی ہے۔ پھر پنڈلی سے پردہ ہٹایا جائے گا' تو ہر مومن شخص اس کے سامنے سجدے میں چلا جائے گا' اور وہ شخص باقی رہ جائے گا' جس نے دکھاوے اور ریاکاری کے طور پر اس کے لیے سجدہ کیا تھا وہ شخص سجدے میں جانے لگے گا لیکن اس کی پشت اکڑ جائے گی۔ پھر ایک پل لایا جائے گا' اور اسے جہنم کے اوپر لگا دیا جائے گا۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ پل کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ پھسلنے اور گرنے کا مقام ہے۔ اس پر کانٹے، آنکڑے اور نوکیلی چیزیں ہوں گی' جیسے نجد میں موجود ایک مخصوص قسم کے پودے پر کانٹے ہوتے ہیں۔ اس پودے کو سعدان کہا جاتا ہے کوئی مومن پلک جھپکنے میں اور کوئی برق کی طرح اور کوئی ہوا کی طرح اور کوئی تیز رفتار گھوڑے کی طرح اور کوئی سوار شخص کی طرف اس پر سے گزرے گا۔ کچھ لوگ سلامتی سے اس پر سے گزر جائیں گے۔ کچھ مخدوش ہو کر گزریں گے کچھ جہنم کے اثرات سے متاثر ہوں گے' یہاں تک کہ ان میں سے آخری شخص گھسٹتا ہوا اس پر سے گزرے گا۔ مومنین کی طرف سے حق اس وقت واضح ہو جائے گا۔ جب وہ یہ دیکھیں گے کہ وہ نجات پا گئے ہیں' اور ان کے کچھ بھائی باقی رہ گئے ہیں' جو یہ کہہ رہے ہیں اے ہمارے پروردگار یہ ہمارے بھائی ہیں یہ ہمارے ساتھ نماز پڑھا کرتے تھے ہمارے ساتھ روزے رکھتے تھے اور ہمارے ساتھ عمل کرتے تھے' تو پروردگار فرمائے گا تم جاؤ اور تمہیں جس کے دل میں ایک دینار کے وزن جتنا ایمان ملتا ہے' اسے (جہنم میں سے) نکال لو' تو اللہ تعالیٰ ان کی صورتوں کو جہنم کے لیے حرام قرار دیدے گا۔ وہ لوگ اپنے بھائیوں کے پاس آئیں گے۔ جن میں سے بعض لوگ جہنم میں پاؤں تک گم ہوں گے بعض نصف پنڈلی تک ہوں گے۔ پھر وہ جہنم سے نکلیں گے۔ پھر وہ دوبارہ اس میں آئیں گے۔ پھر وہ فرمائے گا تم لوگ جاؤ تمہیں جس کے دل میں نصف دینار کے وزن جتنا ایمان ملتا ہے' اسے (جہنم سے) باہر نکال لو' تو وہ جہنم سے (ایسے لوگوں کو) باہر نکالیں گے پھر وہ تیسری مرتبہ آئیں گے کہا جائے گا تم جاؤ اور جس کے دل میں دانے کے وزن جتنا ایمان تمہیں ملتا ہے' اسے (جہنم سے) نکال لو' تو وہ لوگ انہیں نکال لیں گے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر تم لوگ میری بات کو سچ نہیں سمجھتے تو تم یہ آیت تلاوت کرلو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ہے۔

''بے شک اللہ تعالیٰ ذرے کے وزن جتنا بھی ظلم نہیں کرے گا۔ اگر کوئی نیکی ہوگی تو وہ اسے کئی گنا کردے گا' اور وہ اپنی طرف سے عظیم اجر بھی عطا کرے گا''۔

فرشتے، انبیاء، صدیقین شفاعت کریں گے۔ پھر زبردست ذات جو برکت والی اور بلند و برتر ہے' اور جس کے علاوہ کوئی معبود نہیں وہ یہ فرمائے گا اب میری شفاعت باقی رہ گئی ہے۔ پھر جبار (اللہ تعالیٰ) ایک مٹھی بھر لوگ جہنم سے نکالے گا وہ ان لوگوں کو نکالے گا' جو جل کر کوئلہ ہو چکے تھے اور انہیں ایک نہر میں ڈالا جائے گا' جس کا نام نہر حیات ہے' تو وہ اس میں یوں پھوٹ پڑیں گے جیسے سیلابی پانی کی گزرگاہ میں دانا پھوٹ پڑتا ہے۔ کیا تم نے چٹان کے کنارے پر یا درخت کے کنارے پر اسے دیکھا ہے' اس کا جو حصہ سورج کی طرف ہوتا ہے وہ سبز ہوتا ہے' جو حصہ سائے کی طرف ہوتا ہے وہ سفید ہوتا ہے' تو وہ لوگ موتیوں کی طرح چمکتے ہوئے نکلیں گے۔ ان کے گلے میں انگوٹھیاں ڈال دی جائیں گی۔ وہ جنت میں داخل ہوں گے' تو اہل جنت یہ کہیں گے یہ وہ لوگ ہیں جنہیں رحمان نے (جہنم سے) آزاد کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں ان کے کیے ہوئے کسی عمل کے بغیر جنت میں داخل کردے گا' جو ان کی بھیجی ہوئی کسی چیز کے بغیر ہوگا ان سے کہا جائے گا: تم جو کچھ دیکھ رہے ہو وہ تم کو ملتا ہے اور اس کی مانند مزید ملتا ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مجھ تک یہ روایت پہنچی ہے ''کہ پل صراط بال سے زیادہ باریک اور تلوار سے زیادہ تیز ہوگا''۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لفظ ساق سے مراد شدت ہے (یعنی معاملہ سخت ہو جائے گا)

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ شَفَاعَةِ اِبْرَاهِيمَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ لِلْمُسْلِمِينَ مِنْ وَلَدِهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنی اولاد میں سے مسلمانوں کے لیے شفاعت کریں گے

7378 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): يَقُوْلُ اِبْرَاهِيمُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: يَا رَبَّاهُ، فَيَقُوْلُ الرَّبُّ جَلَّ وَعَلَا: يَا لَبَّيْكَاهُ، فَيَقُوْلُ اِبْرَاهِيمُ: يَا رَبِّ حَرَّقْتَ بَنِيَّ، فَيَقُوْلُ: اَخْرِجُوْا مِنَ النَّارِ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهٖ ذَرَّةٌ اَوْ شَعِيرَةٌ مِّنْ اِيمَانٍ

7378- إسناده صحيح على شرط الشخين. ابو مالك الأشجعي: هو سعد بن مالك، وفي الباب حديث أنس وسيأتي برقم "7484".

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''قیامت کے دن حضرت ابراہیم علیہ السلام عرض کریں گے اے میرے پروردگار! پروردگار فرمائے گا: میں سن رہا ہوں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام عرض کریں گے اے میرے پروردگار! تو نے میرے بیٹوں کو جلا دیا ہے' تو پروردگار فرمائے گا تم جہنم میں سے ہر اس شخص کو نکال لو جس کے دل میں ذرے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) جو کے دانے کے وزن جتنا ایمان ہے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ جَوَازِ النَّاسِ عَلَى الصِّرَاطِ نَسْأَلُ اللّٰهَ السَّلَامَةَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو لوگوں کے پل صراط سے گزرنے کی کیفیت کے بارے میں ہے' ہم اس دن کی سلامتی کا اللہ تعالیٰ سے سوال کرتے ہیں

7379 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نَضْرَةَ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَيَمُرُّ النَّاسُ عَلٰى جِسْرِ جَهَنَّمَ وَعَلَيْهِ حَسَكٌ، وَكَلَالِيبُ، وَخَطَاطِيفُ تَخْطَفُ النَّاسَ يَمِيْنًا وَشِمَالًا، وَبِجَنْبَتَيْهِ مَلَائِكَةٌ، يَقُوْلُوْنَ: اللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ، فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّمُرُّ مِثْلَ الرِّيحِ، وَمِنْهُمْ مَنْ يَّمُرُّ مِثْلَ الْفَرَسِ الْمُجْرَى، وَمِنْهُمْ مَنْ يَّسْعٰى سَعْيًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يَّمْشِي مَشْيًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يَّحْبُوْ حَبْوًا، وَمِنْهُمْ مَنْ يَّزْحَفُ زَحْفًا، فَاَمَّا اَهْلُ النَّارِ الَّذِيْنَ هُمْ اَهْلُهَا، فَلَا يَمُوْتُوْنَ، وَلَا يَحْيَوْنَ، وَاَمَّا اُنَاسٌ، فَيُؤْخَذُوْنَ بِذُنُوْبٍ وَّخَطَايَا، فَيَحْتَرِقُوْنَ، فَيَكُوْنُوْنَ فَحْمًا، ثُمَّ يُؤْذَنُ فِي الشَّفَاعَةِ فَيُؤْخَذُوْنَ ضِبَارَاتٍ ضِبَارَاتٍ، فَيُقْذَفُوْنَ عَلٰى نَهَرٍ مِنْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ، فَيَنْبُتُوْنَ كَمَا تَنْبُتُ الْحَبَّةُ فِيْ حَمِيلِ السَّيْلِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا رَاَيْتُمُ الصَّبْغَاءَ شَجَرَةً تَنْبُتُ فِي الْفَضَاءِ؟ فَيَكُوْنُ مِنْ آخِرِ مَنْ اُخْرِجَ مِنَ النَّارِ رَجُلٌ عَلٰى شَفَتِهَا، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، صَرِّفْ

7379– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي نضرة - وهو المنذر بن قطعة - فمن رجال مسلم. أبو خيثمة: هو زهير بن حرب 0 وهو في "مسند أبي يعلى. "1253"" وأخرجه أحمد 3/26، وابن منده "827" من طريق روح بن عبادة، بهذا الإسناد . ..... وأخرجه أحمد 3/25و26، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/467، وابن مندة "828"من طرق عن عثمان بن غياث، به. وأخرجه أبو يعلى "1255" عن أبي خيثمة زهير، عن روح بن عبادة، عن عوف، عن أبي نضرة، به . وأخرجه من طرق عن أبي نضرة به: أحمد 3/5 و20 و78و90، ومسلم"185" في الإيمان: باب إثبات الشفاعة وإخراج الموحدين من النار، وابن ماجة "4309" في الزهد: باب ذكر الشفاعة، وأبو يعلى "1097" و"1370"، وأبو عوانة في "مسنده1/186"، وابن مندة"824" و "825" و "826" و "829" و "830" و "831" و "832" و "833" و "834" و ."835" وأخرجه ابن مندة "840" من طريق سهيل بن أبي صالح، عن النعمان بن أبي عياش، عن أبي سعيد الخدري. وقوله: "اختلف أبو سعيد ورجل من أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم" الصحابي هو أبو هريرة لما أخرج عبد الرزاق "2056"، وأحمد 2/275و 293 و 533 و 534، والبخاري "6574" و "7438"، واللالكائي "817"، والبغوي "3346" - وسيأتي عند المؤلف برقم "7386" - من طريق الزهري، عن عطاء بن يزيد الليثي، عن أبي هريرة بنحو حديث أبي سعيد.

وَجْهِي عَنْهَا، فَيَقُوْلُ: عَهْدَكَ وَذِمَّتَكَ لَا تَسْأَلُنِيْ غَيْرَهَا، قَالَ: وَعَلَى الصِّرَاطِ ثَلَاثُ شَجَرَاتٍ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، حَوِّلْنِي إِلَى هٰذِهِ الشَّجَرَةِ آكُلُ مِنْ ثَمَرِهَا وَأَكُوْنُ فِيْ ظِلِّهَا، فَيَقُوْلُ: عَهْدَكَ وَذِمَّتَكَ لَا تَسْأَلُنِيْ شَيْئًا غَيْرَهَا، قَالَ: ثُمَّ يَرَى أُخْرَى أَحْسَنَ مِنْهَا، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، حَوِّلْنِيْ إِلَى هٰذِهِ آكُلُ مِنْ ثَمَرِهَا، وَأَكُوْنُ فِيْ ظِلِّهَا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: عَهْدَكَ وَذِمَّتَكَ لَا تَسْأَلُنِيْ غَيْرَهَا، ثُمَّ يَرَى أُخْرَى أَحْسَنَ مِنْهَا، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، حَوِّلْنِيْ إِلَى هٰذِهِ آكُلُ مِنْ ثِمَارِهَا وَأَكُوْنُ فِيْ ظِلِّهَا، قَالَ: ثُمَّ يَرَى سَوَادَ النَّاسِ وَيَسْمَعُ كَلَامَهُمْ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، اَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ، قَالَ أَبُوْ نَضْرَةَ: اخْتَلَفَ أَبُوْ سَعِيْدٍ وَّرَجُلٌ مِّنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا: فَيُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ، فَيُعْطَى الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا، وَقَالَ الْآخَرُ: فَيَدْخُلُ الْجَنَّةَ، فَيُعْطَى الدُّنْيَا وَعَشَرَةَ أَمْثَالِهَا

(توضیح مصنف): قَالَ أَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰكَذَا حَدَّثَنَا أَبُوْ يَعْلٰى وَعَلَى الصِّرَاطِ ثَلَاثُ شَجَرَاتٍ، وَإِنَّمَا هُوَ عَلٰى جَانِبِ الصِّرَاطِ ثَلَاثُ شَجَرَاتٍ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جہنم کے پل پر سے لوگ گزریں گے۔ اس پر بڑے بڑے کانٹے اور آنکڑے لگے ہوئے ہوں گے' جو لوگوں کو دائیں طرف سے اور بائیں طرف سے اچک لیں گے۔ اس کے دونوں پہلوؤں پر فرشتے موجود ہوں گے اور وہ یہ کہہ رہے ہوں گے اے اللہ سلامتی عطا کرنا، سلامتی عطا کرنا' تو کچھ لوگ ہوا کی مانند (تیزی سے) گزر جائیں گے۔ کچھ لوگ تیز رفتار گھوڑے کی طرح، کچھ دوڑنے والے شخص کی طرح، کچھ چلنے والے شخص کی طرح، کچھ لوگ گھسٹ کر گزریں گے' اور کچھ لوگ گھٹنوں کے بل چلتے ہوئے گزریں گے۔ جہاں تک اہل جہنم کا تعلق ہے' جو اس کے اہل ہوں گے' تو وہ جہنم میں نہ تو مریں گے اور نہ ہی زندہ رہیں گے۔ البتہ کچھ لوگوں کے گناہوں کی وجہ سے اور خطاؤں کی وجہ سے ان کی گرفت کی جائے گی اور انہیں جلایا جائے گا۔ جب وہ کوئلہ ہو جائیں گے' تو پھر شفاعت کی اجازت دی جائے گی' تو انہیں گروہ گروہ کر کے لیا جائے گا' اور جنت کی نہر میں ڈالا جائے گا' اور وہ یوں پھوٹ پڑیں گے' جس طرح سیلاب کی گزرگاہ میں دانہ پھوٹ پڑتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نے وہ درخت نہیں دیکھا جو ایسی کھلی جگہ پر اگتا ہے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) جہنم سے نکالا جانے والا آخری شخص وہ ہوگا' جو جہنم کے کنارے پر ہوگا۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! میرا چہرہ جہنم سے پھیر دے۔ پروردگار فرمائے گا تم یہ عہد کرو کہ تم اس کے علاوہ مجھ سے کچھ اور نہیں مانگو گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پل صراط پر تین درخت ہوں گے وہ بندہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھے اس درخت کی طرف پھیر دے تاکہ میں اس کا پھل کھالوں۔ سائے میں آجاؤں۔ پروردگار فرمائے گا تم یہ عہد کرو تم اس کے علاوہ مجھ سے کچھ اور نہیں مانگو گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر وہ شخص دوسرے درخت کو دیکھے گا وہ اس سے زیادہ اچھا ہے' تو وہ کہے گا: اے میرے پروردگار! مجھے اس کی طرف پھیر دے تاکہ میں اس کا پھل کھالوں اور اس کے سائے میں آجاؤں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پروردگار یہ فرمائے گا تم یہ عہد کرو کہ تم اس کے علاوہ کچھ اور نہیں مانگو گے پھر وہ تیسرے درخت کو دیکھے گا کہ وہ اس سے بھی زیادہ اچھا ہے' تو عرض کرے گا: اے میرے پروردگار' تو مجھے اس درخت کے پاس لے جا' تاکہ میں اس کا پھل کھاؤں اور اس کے سائے میں

آؤں۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: پھر وہ شخص (جنت میں) لوگوں کے ہجوم کو دیکھے اور ان کا کلام سنے گا' تو عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھے جنت میں داخل کر دے۔

ابونضرہ نامی راوی بیان کرتے ہیں: یہاں حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ اور نبی اکرم ﷺ کے ایک صحابی کے درمیان (الفاظ کو نقل کرنے) میں اختلاف ہوا۔ ان میں سے ایک کا یہ کہنا تھا: پروردگار اسے جنت میں داخل کر دے گا' اور اسے دنیا اور اس کی مانند مزید (جگہ جنت میں عطا کرے گا) اور دوسرے صحابی نے یہ کہا: پھر وہ شخص جنت میں داخل ہوگا' اور اسے دنیا اور اس کی مانند دس گنا (مزید جگہ) عطا کی جائے گی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) امام ابویعلی نے اسی طرح یہ بیان کیا ہے کہ پل صراط پر تین درخت ہوں گے حالانکہ روایت کے اصل الفاظ یہ ہیں۔ پل صراط کے ایک طرف (یعنی جنت والی طرف) تین درخت ہوں گے۔

7380 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ مَرْوَانَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): قَالَتْ: قُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ قَوْلَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا: (يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوَاتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ) اَيْنَ يَكُوْنُ النَّاسُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: عَلَى الصِّرَاطِ

✿✿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔

"جب زمین کو دوسری زمین میں تبدیل کر دیا جائے گا آسمان کو بھی (تبدیل کر دیا جائے گا) اور سب لوگ "ایک اور زبردست اللہ" کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے"۔

تو اس وقت لوگ کہاں ہوں گے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ پل صراط پر ہوں گے۔

7380- إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الصحيح غير موسى بن مروان فقد روى له أصحاب السنن وهو ثقة ...... وأخرجه أحمد 6/35، ومسلم "2791" في صفة القيامة والجنة والنار، باب في البعث والنشور وصفة الأرض يوم القيامة، والترمذي "3121" في التفسير: باب ومن سورة إبراهيم عليه السلام، وابن ماجة "4279" في الزهد: باب ذكر البعث، والطبرى في "جامع البيان" 13/252 و253، والحاكم 2/352، والبغوى في "تفسيره" 3/41 من طرق عن داود بن أبي هند، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/134 و218، والطبرى 252*13 و253 من طرق عن داود بن أبي هند، به، إلا أنهما لم يذكرا "مسروقاً". وأخرجه أحمد 6/101، والطبرى 13/253 من طريقين عن القاسم بن الفضل، عن الحسن، عن عائشة. وأخرج الطبرى 13/253 من طريق قتادة، عن حسان بن بلال المزني، عن عائشة. واخرجه الطبرى من طريقين عن قتادة أنه بلغه عن عائشة. وذكر السيوطي في "الدر المنثور" 5/56 وزاد نسبته إلى ابن المنذر وابن أبي حاتم، وابن مردويه.

بَابُ وَصْفِ الْجَنَّةِ وَاَهْلِهَا

جنت اور اہل جنت کی صفت کا تذکرہ

7381 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، وَابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ عُثْمَانَ الْبَجَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلٰى ابْنُ عَبَّاسٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ لِاَصْحَابِهِ: اَلَا هَلْ مُشَمِّرٍ لِلْجَنَّةِ، فَاِنَّ الْجَنَّةَ لَا خَطَرَ لَهَا هِيَ، وَرَبِّ الْكَعْبَةِ نُوْرٌ يَّتَلَالَا، وَرَيْحَانَةٌ تَهْتَزُّ، وَقَصْرٌ مُشَيَّدٌ، وَنَهْرٌ مُطَّرِدٌ، وَفَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ نَضِيْجَةٌ، وَزَوْجَةٌ حَسْنَاءُ جَمِيلَةٌ، وَحُلَلٌ كَثِيْرَةٌ فِيْ مَقَامٍ اَبَدًا فِيْ حَبْرَةٍ وَّنَضْرَةٍ فِيْ دَارٍ عَالِيَةٍ سَلِيْمَةٍ بَهِيَّةٍ، قَالُوْا: نَحْنُ الْمُشَمِّرُوْنَ لَهَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: قُوْلُوْا: اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ ذَكَرَ الْجِهَادَ وَحَضَّ عَلَيْهِ.

❀❀ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: کیا جنت کے لیے تیاری کرنے والا کوئی ہے؟ کیونکہ جنت ایک ایسی چیز ہے جس کی کوئی مثال نہیں ہے۔

7381- إسناده ضعيف، الضحاك المعافري لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلف، ولم يَرِوِ عنه غير محمد بن المهاجرن وقال الذهبي: لايعرف. وسليمان بن موسى: هو ..... الأموى الدمشقي المعروف بالأشدق مختلف فيه وثقه ابن معين ودحيم والدارقطني وابن سعد، وقال أبو حاتم: محله الصدق وفي حديثه بعض الاضطراب، وقال البخاري: عند مناكير، وقال النسائي: ليس بالقوى في الحديث، وقال ابن المديني: خولط قبل موته بيسير. وقد انفرد بإحاديث لم يروها غيره. وأخرج ابن ماجة "4332" في الزهد: باب صفة الجنة، عن عباس بن عثمان، بهذا الإسناد. وقال البوصيري في "مصباح الزجاجة" 3/325: هذا إسناد فيه مقال، الضحاك المعافري ذكره ابن حبان في "الثقات" وقال الذهبي في "طبقات التهذيب": مجهول، وسليمان بن موسى الأموى مختلف فيه، وباقي رجال الإسناد ثقات. وقال البزار: لانعلم من رواه عن النبي صلى الله عليه وسلم إلا أسامة بن زيد، ولا نعلم له طريقاً عن أسمة إلا هذا الطريق، ولا نعلم رواه عن الضحاك إلا هذا الرجل محمد بن مهاجر. وأخرجه البخاري في "التاريخ الكبير" 4/336، والفسوى في "المعرفة والتاريخ" 1/304، والبيهقي في "البعث" "391" وفي "الأسماء والصفات" ص 170، وأبو نعيم في "صفة الجنة" "24" من طريق الوليد بن مسلم، به. وأخرجه الطبراني في "الكبير" "388"، والرامهرمزى في "الأمثال" ص 145، وأبو الشيخ في "العظمة" "601"، وأبو نعيم "24" و "25" من طرق عن الوليد بن مسلم، عن محمد بن المهاجر، عن سليمان بن موسى، به، بإسقاط "الضحاك" وهذا من تدليس الوليد بن مسلم، وهومعروف بتدليس التسوية. وأخرجه ابن أبي داود في "البعث" "72"، وأبو الشيخ "602"، وأبو نعيم "24"، والبغوى في "شرح السنة" "4386" من طريقين عن. . . . .

. . عثمان بن سعيد بن كثؤى بن دينار، عن محمد بن المهاجر، عن الضحاك المعافري، به. وذكره السيوطي في "الدر المنثور" 1/91، وزاد نسبته إلى ابن أبي الدنيا في "صفة الجنة"، والبزار، وابن أبي حاتم، وابن مردويه.

رب کعبہ کی قسم وہ ایک ایسا نور ہے جو جھلملا رہا ہے۔ ایک ایسا پھول ہے جو لہلہا رہا ہے۔ ایک ایسا محل ہے جو مربوط ہے۔ ایک ایسی نہر ہے جو مسلسل بہتی ہے وہاں پھل ہیں جو بہت زیادہ ہیں اور پکے ہوئے ہیں اور بیویاں ہیں جو حسین و جمیل ہیں اور بہت زیادہ عمدہ لباس ہیں۔ وہ ایک ایسا مقام ہے جہاں ہمیشہ رہنا ہوگا۔ وہ جگہ سرسبز ہے ہری بھری ہے بلند و برتر ہے صحیح و سالم ہے۔

لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم اس کے لیے تیار ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم کہو ان شاء اللہ۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے جہاد کا ذکر کیا اور اس کی ترغیب دی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الْمَسَافَةِ الَّتِي تُوجَدُ مِنْهَا رَائِحَةُ الْجَنَّةِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو اس مسافت کے بارے میں ہے جس مسافت سے جنت کی خوشبو محسوس ہو جائے گی

7382 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ قَتَلَ نَفْسًا مُعَاهَدَةً بِغَيْرِ حَقِّهَا لَمْ يَرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ، وَاِنَّ رِيحَ الْجَنَّةِ لَيُوجَدُ مِنْ مَسِيرَةِ مِائَةِ عَامٍ

❀❀ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص ناحق طور پر کسی ذمی کو قتل کر دے وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا اگرچہ اس کی بو ایک سو میل کے فاصلے سے محسوس ہو جاتی ہے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ هٰذَا الْعَدَدَ الْمَوْصُوفَ فِي خَبَرِ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ لَمْ يُرِدْ بِهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَامُهُ النَّفْيَ عَمَّا وَرَاءَهُ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ یونس بن عبید کے حوالے سے منقول روایت کے بارے میں جو عدد ذکر کیا گیا ہے اس کے ذریعے یہ مراد نہیں ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے اس کے علاوہ کی نفی کی ہو

7383 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اَبِي مُسْلِمٍ الْجَرْمِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ

7382– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن عبد الوهاب الحجبي، فمن رجال البخاري. وقد تقدم برقم "4881" و "4882" وانظر الحديث الآتي.

7383– حديث صحيح: مسلم بن أبي مسلم الجرمي: ذكره المؤلف في "الثقات" وقال: ربما أخطأ، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات. هشام: هو ابن حسان الأزدي القردوسي، وقد تقدم برقم "4881" و "4882" و "7382".

الْحُسَيْنِ، عَنْ هِشَامٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِیْ بَكْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
(متن حدیث):مَنْ قَتَلَ مُعَاهَدًا فِیْ عَهْدِهٖ لَمْ يَرَحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ، وَاِنَّ رِيْحَهَا لَيُوجَدُ مِنْ مَسِيْرَةِ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
''جو شخص معاہدہ ہونے کے باوجود کسی ذمی کوقتل کردے وہ جنت کی خوشبو بھی نہیں پائے گا اگر چہ اس کی خوشبو پانچ سو سال کی مسافت سے محسوس ہوجاتی ہے''۔

ذِكْرُ الِاسْتِدْلَالِ عَلٰى مَعْرِفَةِ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ بِثَنَاءِ اَهْلِ الْعِلْمِ وَالدِّيْنِ وَالْعَقْلِ عَلَيْهِمْ

اہل علم، اہل دین اور اہل عقل کی تعریف کے ذریعے' اہل جہنم کے مقابلے میں اہل جنت کی شناخت پر استدلال کرنے کا تذکرہ

7384 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ زُهَيْرٍ الضَّبِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ عُمَرَ الْجُمَحِيُّ، عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ اَبِیْ زُهَيْرٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ،
(متن حدیث):قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِیْ خُطْبَتِهٖ بِالنَّبَاءَةِ، اَوِ النَّبَاوَةِ مِنَ الطَّائِفِ: تُوْشِكُوْنَ اَنْ تَعْلَمُوا اَهْلَ الْجَنَّةِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ، اَوْ خِيَارَكُمْ مِنْ شِرَارِكُمْ ، وَلَا اَعْلَمُهٗ اِلَّا قَالَ: اَهْلَ الْجَنَّةِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَقَالَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ: بِمَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: بِالثَّنَاءِ الْحَسَنِ، وَالثَّنَاءِ السَّيِّءِ، اَنْتُمْ شُهَدَاءُ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ

ابوبکر بن ابوزہیر ثقفی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نباہ یا نباوہ کے مقام پر جس کا تعلق طائف سے ہے، خطبے کے دوران یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

7384– رجاله ثقات رجال مسلم غير أبي بكر بن أبي زهير الثقفين فقد ذكره المؤلف في "الثقات" 5/562، وروى عنه إسماعيل بن أبي خالد، وأمية بن صفوان، وهو من رجال ابن ماجة، وأبو زهير: والد أبي بكر ذكره المؤلف في الصحابة 3/457، وقال: كان في الوفد، وقال البغوي: سكن الطائف، وقال ابن ماكولا: وفد على النبي صلى الله عليه وسلم. وأخرجه البيهقي 10/123، والمزي في "تهذيب الكمال" في ترجمة أبي بكر بن أبي زهير، من طرق عن داود بن عمرو، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/416 و 6/466، وابن ماجة"4221" في الزهد: باب الثناء الحسن، والحاكم 4/436، والدولابي في "الكنى" 1/32، وابن الأثير في "أسد الغابة" 6/125، والمزي في "تهذيب الكمال" من طرق عن نافع بن عمر، به. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي، وقال البوصيري في "مصباح الزجاجة " 3/301: وإسناد حديثه صحيح رجاله ثقات، وقال الحافظ في "الإصابة4/77"، وزاد في نسبته الدارقطني في "الأفراد": وسنده حسن غريب، وقال الدارقطني: تفرد به أمية بن صفوان، عن أبي بكر، وتفرد به نافع بن عمر عن أمية.

''عنقریب تم لوگ اہل جہنم کے مقابلے میں اہلِ جنت کو جان لو گے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) برے لوگوں کے مقابلے میں بہتر لوگوں کو جان لو گے''۔

(راوی کہتے ہیں) میرے علم کے مطابق نبی اکرم ﷺ نے یہ فرمایا۔

''اہل جہنم کے مقابلے میں اہل جنت کو پہچان لو گے۔ مسلمانوں میں سے ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کس چیز کے ذریعے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اچھی تعریف اور بری تعریف کے ذریعے۔ تم لوگ ایک دوسرے کے بارے میں گواہ ہو''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ بَعْضِ وَصْفِ النِّعَمِ الَّتِيْ اَعَدَّهَا اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِمَنْ رَفَعَ مَنْزِلَتَهُ فِيْ جَنَّاتِهِ

ان بعض نعمتوں کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جو (نعمتیں) اللہ تعالیٰ نے اس شخص کے لیے تیار کی ہیں جس شخص کے مقام کو وہ اپنی جنتوں میں بلند کرے گا

7385 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ طَرِيْفٍ، وَابْنِ اَبْجَرَ، سَمِعَا الشَّعْبِيَّ يُحَدِّثُ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ،

(متن حدیث): قَالَ: سَمِعْتُهُ عَلَى الْمِنْبَرِ، يَرْفَعُهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَالَ مُوسٰى اَىْ رَبِّ، مَنْ اَهْلُ الْجَنَّةِ اَرْفَعُ مَنْزِلَةً؟ قَالَ: سَاُحَدِّثُكَ عَنْهُمْ اَعْدَدْتُ كَرَامَتَهُمْ بِيَدِى، وَخَتَمْتُ عَلَيْهَا فَلَا عَيْنٌ رَاَتْ، وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ، وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلْبِ بَشَرٍ، وَمِصْدَاقُ ذٰلِكَ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ: (فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَا اُخْفِيَ لَهُمْ مِنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ) الْاٰيَةَ (السجدة: 17).

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار! اہل جنت میں سب سے بلند مرتبہ کس کا ہوگا' تو پروردگار نے فرمایا: میں تمہیں ان لوگوں کے بارے میں بتاتا ہوں۔ میں نے اپنے دست قدرت کے ذریعے ان کی عزت افزائی کا سامان تیار کیا ہے' اور میں نے اس پر مہر لگا دی ہے وہ ایک ایسی چیز ہے جس کو کسی آنکھ نے دیکھا نہیں ہے کسی کان نے اس کے بارے میں سنا نہیں اور کسی انسان کے ذہن میں اس کا خیال بھی نہیں آیا ہوگا۔

(راوی کہتے ہیں) اس کا مصداق اللہ کی کتاب میں موجود (یہ آیت ہے)

''کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے لیے کیا کچھ پوشیدہ رکھا گیا ہے''۔

7385– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حامد بن يحيى البلخي، فقد روى له أبو داود، وهو ثقة . وابن حجر - وهو عبد الملك بن سعيد بن حيان - روى له مسلم. وقد تقدم برقم "6216" وسيأتي برقم ."7426"

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ اِعْدَادِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا جِنَانَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ بِمَا فِيْهَا مِنَ الْاَوَانِىْ وَالْاٰلَاتِ لِمَنْ اَطَاعَهُ فِىْ دَارِ الدُّنْيَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ اللہ تعالیٰ نے سونے اور چاندی کی جنتیں تیار کی ہیں جن میں برتن اور آلات (سونے چاندی کے ہیں) یہ اس شخص کے لیے ہیں جو دنیا میں اس کی فرمانبرداری کرتا رہا ہو

7386 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ بِسْطَامٍ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): قَالَ: جَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ آنِيَتُهُمَا، وَمَا فِيْهِمَا وَجَنَّتَانِ مِنْ ذَهَبٍ آنِيَتُهُمَا، وَمَا فِيْهِمَا وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ اَنْ يَّنْظُرُوْا اِلٰى رَبِّهِمْ اِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِ عَلٰى وَجْهِهٖ فِىْ جَنَّةِ عَدْنٍ

❁❁ ابوبکر بن عبداللہ بن قیس اپنے والد (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"دو جنتیں ایسی ہیں جو چاندی سے بنی ہوئی ہیں ان کے برتن ان میں موجود تمام چیزیں چاندی سے بنی ہوئی ہیں۔ دو جنتیں ایسی ہیں جن کے برتن اور تمام چیزیں سونے سے بنی ہوئی ہیں اور لوگوں اور ان کے پروردگار کے دیدار کے درمیان صرف کبریائی کی چادر حائل ہے جو جنت عدن میں پروردگار کی ذات پر ہے"۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ بِنَاءِ الْجَنَّةِ الَّتِىْ اَعَدَّهَا اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِاَوْلِيَائِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِهٖ

جنت کی بناوٹ کی کیفیت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جسے اللہ تعالیٰ نے اپنے دوستوں اور اپنے فرمانبرداروں کے لیے تیار کیا ہے

7386- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو عمران الجونى: هو عبد الملك بن حبيب، وعبد الله بن قيس: هو الصحابى أبو موسى الأشعرى. وأخرجه البخارى "4880" فى تفسير سورة الرحمن: باب ﴿حُورٌ مَقْصُورَاتٌ فِي الْخِيَامِ﴾، وابن أبى عاصم "فى السنة"613""، والبغوى"4379" عن محمد بن المثنى، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/411، والبخارى"4878" فى تفسير سورة الرحمن: باب ﴿وَمِنْ دُونِهِمَا جَنَّتَانِ﴾، و "7444" فى التوحيد: باب قول الله تعالى: ﴿وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ﴾، ومسلم "180" فى الإيمان: باب قوله عليه السلام: "إن الله لاينام"، والترمذى"2582" فى صفة الجنة: باب ماجاء فى صفة غرف الجنة، والنسائى فى "الكبرى" كما فى "التحفة" 6/468، وابن ماجة "186" فى المقدمة: باب فيما أنكرت الجهمية، وابن أبى عاصم "613"، والدولابى فى "الكنى" 2/71، وابن مندة "780"، واللالكائى فى "شرح أصول الاعتقاد" "831"، والبيهقى فى "الاعتقاد" ص 130، وفى "الأسماء والصفات" ص 302، والبغوى "4380" والذهبى فى "تذكرة الحافظ 1/270" من طرق عن عبد العزيز بن عبد الصمد، به. واخرجه ابن أبى شيبة13/148، وأحمد 4/416، والدارمى 2/333، والطيالسى "529"، وابن مندة"781"

7387 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانِ الطَّائِيُّ بِمَنْبِجٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ رَوَاحَةَ الْمَنْبِجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعْدُ الطَّائِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو الْمُدِلَّةِ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَوْلٰى اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا اِذَا كُنَّا عِنْدَكَ رَقَّتْ قُلُوْبُنَا، وَكُنَّا مِنْ اَهْلِ الْاٰخِرَةِ، وَاِذَا فَارَقْنَاكَ اَعْجَبَتْنَا الدُّنْيَا، وَشَمَمْنَا النِّسَاءَ وَالْاَوْلَادَ، فَقَالَ: لَوْ تَكُوْنُوْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ عَلَى الْحَالِ الَّذِيْ اَنْتُمْ عَلَيْهِ عِنْدِيْ لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ بِاَكُفِّكُمْ، وَلَوْ اَنَّكُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ، وَلَوْ لَمْ تُذْنِبُوْا لَجَاءَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُذْنِبُوْنَ كَيْ يَغْفِرَ لَهُمْ، قَالَ: قُلْنَا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، حَدِّثْنَا عَنِ الْجَنَّةِ مَا بِنَاؤُهَا؟ قَالَ: لَبِنَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ، وَلَبِنَةٌ مِّنْ فِضَّةٍ وَّمِلَاطُهَا الْمِسْكُ الْاَذْفَرُ، وَحَصْبَاؤُهَا اللُّؤْلُؤُ اَوِ الْيَاقُوْتُ، وَتُرَابُهَا الزَّعْفَرَانُ، مَنْ يَّدْخُلْهَا يَنْعَمْ، فَلَا يَبْؤُسُ، وَيَخْلُدُ لَا يَمُوْتُ لَا تَبْلٰى ثِيَابُهُ، وَلَا يَفْنٰى شَبَابُهُ، ثَلَاثَةٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ: الْاِمَامُ الْعَادِلُ، وَالصَّائِمُ حِيْنَ يُفْطِرُ، وَدَعْوَةُ الْمَظْلُوْمِ تُحْمَلُ عَلَى الْغَمَامِ وَتُفْتَحُ لَهَا اَبْوَابُ السَّمَاوَاتِ، وَيَقُوْلُ الرَّبُّ: وَعِزَّتِيْ لَاَنْصُرَنَّكِ وَلَوْ بَعْدَ حِيْنٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! جب ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں' تو ہمارے دل نرم ہو جاتے ہیں' اور ہمیں آخرت کی فکر ہو جاتی ہے لیکن جب ہم آپ سے جدا ہوتے ہیں' تو ہمیں دنیا اچھی لگنے لگتی ہے' اور ہم اپنے بیوی بچوں میں گم ہو جاتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم مستقل اسی حالت میں رہو جو تمہاری حالت اس وقت ہوتی ہے' جب تم میرے پاس ہوتے ہو' تو فرشتے اپنے ہاتھوں کے ساتھ تمہارے ساتھ مصافحہ کرنے لگ پڑیں اور اگر تم اپنے

7387- حديث صحيح بشواهد. إسناده ضعيف. أبو المدلة: هو مولى عائشة، لم يوثقه غير المؤلف 5/72، وسماه عبيد الله بن عبد الله، وقال ابن المديني: أبو مدلة مولى عائشة لايعرف اسمه مجهول، لم يرو عنه غير أبي مجاهد الطائي. وفرج بن رواحة المنبجي: ذكره المؤلف في "الثقات" 9/13، وقال: مستقيم الحديث جداً، وباقي رجاله ثقات. وقد تقدم طرف منه "ثلاث لاترد"...... بهذا الإسناد برقم "3428" واخرجه الطيالسي "2583" و"2584"، وأحمد 305-2/340 و305، وأبو نعيم في "صفة الجنة" "100" و "136" من طريق زهير بن معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/445، والدارمي 2/333 من طريق سعدان الجهني، عن أبي مجاهد سعد الطائي، به. وأخرجه الترمذي "2526" في صفة الجنة: باب ماجاء في صفة الجنة ونعيمها، عن أبي كريب، حدثنا محمد بن فضيل، عن حمزة الزيات، عن زياد الطائي، عن أبي هريرة، وقال: هذا حديث ليس إسناده بذاك القوي، وليس هو عندي بمتصل، وقد روى هذا الحديث بإسناده آخر عن أبي مدلة، عن أبي هريرة، عن النبي صلى الله عليه وسلم. وأخرجه ابن المبارك في "الزهد" "1075" عن حمزة الزيات، عن سعد الطائي، عن رجل، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 4/346، ومسلم "2750" في التوبة: باب فضل دوام الذكر والفكر في امور الأخرة، من طرق عن سعيد الجريري، عن أبي عثمان النهدي، عن حنظلة الأسيدي مرفوعاً بلفظ: "والذي نفسي بيده، إن لو تدرون على ما تكونون عندي، وفي الذكر، لصافحتكم الملائكة على فرشكم وفي طرقكم." وأخرجه الطيالسي "1345"، وأحمد 4/346، والترمذي "2452". .في صفة القيامة: باب 20، من طريق عمران القطان، عن قتادة، عن يزيد بن عبد الله بن الشخير، عن حنظلة الأسيدي. ولفظه: "لو أنكم تكونون كما تكونون عندي لأظلتكم الملائكة بأجنحتها."

گھروں میں رہنے کے دوران گناہ نہ کرو تو اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو لے آئے گا' جو گناہ کریں تا کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی مغفرت کرے۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ ہمیں جنت اور اس کی بناوٹ کے بارے میں بتائیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اس کی ایک اینٹ سونے کی ہے اور ایک اینٹ چاندی کی ہے۔ اس کا گارا مشک اذفر کا ہے۔ اس کی کنکریاں موتیوں اور یاقوت کی ہیں۔ اس کی مٹی زعفران ہے' جو شخص اس میں داخل ہوگا۔ وہ ہمیشہ نعمتوں میں رہے گا کبھی پریشان نہیں ہوگا' اور ہمیشہ زندہ رہے گا' اسے کبھی موت نہیں آئے گی' اور اس کے کپڑے کبھی پرانے نہیں ہوں گے اس کی جوانی ختم نہیں ہوگی۔ تین لوگ ایسے ہیں جن کی دعا مسترد نہیں ہوتی۔ عادل حکمران، روزہ دار شخص جب افطاری کرتا ہے اور مظلوم شخص جس کی دعا بادلوں سے اوپر چلی جاتی ہے۔ اس کے لیے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور پروردگار یہ فرماتا ہے: مجھے اپنی عزت کی قسم! میں تمہاری مدد ضرور کروں گا خواہ کچھ عرصے کے بعد کروں۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ الْمَسَافَةِ الَّتِيْ بَيْنَ كُلِّ مِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ

جنت کے دروازوں کے دوکواڑوں کے درمیان مسافت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

7388 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ حَكِيْمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ مِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ الْجَنَّةِ مَسِيْرَةُ سَبْعِ سِنِيْنَ

حکیم بن معاویہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جنت کے دوکواڑوں کے درمیان سات برس کی مسافت کا فاصلہ ہے''۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ مُعَاوِيَةَ بْنِ حَيْدَةَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ' جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

7388- إسناده صحيح . خالد: هو ابن عبد الله الواسطي، والجريري: هو سعيد بن إياس، وأبو حكيم: هو معاوية بن حيدة القشيري. وأخرجه أبو نعيم في "الحلية" 6/208 من طريق وهيب، وابن أبي داود في "البعث" "61" من طريق إسحاق بن شاهين، كلاهما عن خالد، بهذا الإسناد. ولفظ أبي نعيم: "مسيرة سبعين عاماً." وأخرجه البيهقي في "البعث والنشور" "239" وابن عدي في "الكامل" 2/500 من طريق علي بن عاصم، عن الجريري، به . وأخرجه أحمد 5/3 من طريق حماد، عن الجريري، به، بلفظ: "مسيرة أربعين عاماً." وفي الباب عن أبي سعيد الخدري عند أحمد 3/29، وأبي يعلى "1275"، والبيهقي في "البعث والنشور" 38 من طريق حسن بن موسى، عن ابن لهيعة، عن دراج، عن أبي الهيثم، عنه، بلفظ: "مسيرة أربعين"، وابن لهيعة ضعيف، وكذا دارج في روايته عن أبي الهيثم. وعن عتبة بن غزوان وإسناده صحيح، وقد تقدم برقم "7121" بلفظ: "مسيرة أربعين."

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ معاویہ بن حیدہ کی نقل کردہ اس روایت کے برخلاف ہے جس کا ہم ذکر کرچکے ہیں

7389 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ حَيَّانَ، عَنْ اَبِىْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهِ، اِنَّ مَا بَيْنَ الْمِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ الْجَنَّةِ لَكَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَهَجَرَ، اَوْ كَمَا بَيْنَ مَكَّةَ وَبُصْرَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے' جنت کے دوکواڑوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا مکہ اور ہجر کے درمیان ہے۔ (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں:) جتنا مکہ اور بصریٰ کے درمیان فاصلہ ہے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ دَرَجَاتِ الْجِنَانَ الَّتِىْ اَعَدَّهَا اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِمَنْ اَطَاعَهُ فِىْ حَيَاتِهِ

جنت کے درجات کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جنہیں اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کے لیے تیار کیا ہے' جو دنیا میں اس کی فرمانبرداری کریں گے

7390 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِلَالِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ عَمْرَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متنِ حدیث): قَالَ: اِنَّ فِى الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ اَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِيْنَ فِىْ سَبِيلِهِ بَيْنَ الدَّرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْاَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ، فَهُوَ اَوْسَطُ الْجَنَّةِ، وَهُوَ اَعْلَى الْجَنَّةِ، وَفَوْقَهُ الْعَرْشُ، وَمِنْهُ تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جنت میں ایک سو درجے ہیں۔ جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی راہ میں جہاد کرنے والوں کے لیے تیار کیا ہے۔ ان میں سے دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا آسمانوں اور زمین کے درمیان ہے۔ جب تم مانگو' تو اللہ تعالیٰ سے جنت الفردوس مانگو' کیونکہ وہ جنت کا درمیانی درجہ ہے' اور جنت کا بالائی حصہ ہے اور اس کے اوپر عرش ہے اور اسی سے جنت کی نہریں پھوٹتی ہیں''۔

7389– إسناده صحيح على شرط الشيخين. محمد بن بشر: هو العبدي، وأبو حيان: هو يحيى بن سعيد بن حيان . وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" 13/128، وقد تقدم برقم ."6465"

7390– هو مكرر الحديث رقم ."4611"

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْفِرْدَوْسَ الْاَعْلٰى لَا يَسْكُنُهُ اَحَدٌ خَلَا الْاَنْبِيَاءُ

اس روایت کا تذکرہ' جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے' جو اس بات کا قائل ہے:

فردوس اعلیٰ میں انبیاء کے علاوہ اور کوئی سکونت اختیار نہیں کرے گا

7391 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ هَاجِكٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اُمَّ حَارِثَةَ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ هَلَكَ حَارِثَةُ يَوْمَ بَدْرٍ اَصَابَهُ سَهْمُ غَرْبٍ، فَقُلْتُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَدْ عَلِمْتَ مَوْقِعَ حَارِثَةَ مِنْ قَلْبِيْ، فَاِنْ كَانَ فِي الْجَنَّةِ لَمْ اَبْكِ عَلَيْهِ، وَاِلَّا سَوْفَ تَرَى مَا اَصْنَعُ، فَقَالَ لَهَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَجَنَّةٌ وَّاحِدَةٌ هِيَ اِنَّمَا هِيَ جِنَانٌ كَثِيْرَةٌ، وَاِنَّهُ فِي الْفِرْدَوْسِ الْاَعْلٰى

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ ام حارثہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں۔ حضرت حارثہ رضی اللہ عنہ غزوہ بدر میں انتقال کر گئے تھے۔ انہیں ایک نامعلوم تیر لگا تھا۔ اس خاتون نے عرض کی: یارسول اللہ! حارثہ کی میری دل میں' جو جگہ تھی اس سے آپ واقف ہیں۔ اگر وہ جنت میں ہے' تو میں اس پر نہیں روتی۔ ورنہ پھر آپ دیکھ لیں گے کہ میں کیا کرتی ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے فرمایا: کیا جنت کا ایک درجہ ہے۔ جنت کے کئی درجات ہیں اور وہ فردوس اعلیٰ میں ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ مَنْ كَانَ اَكْثَرَ عَمَلًا فِي الدُّنْيَا كَانَتْ غُرْفَتُهُ فِي الْجَنَّةِ اَعْلَى

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس شخص کے دنیا میں اعمال زیادہ ہوں گے

اس کا جنت میں بالا خانہ بھی بلند درجے کا ہوگا

7392 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ بْنِ مَرْزُوْقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي الشَّوَارِبِ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ يَتَرَاءَوْنَ الْغُرْفَةَ مِنْ غُرَفِ الْجَنَّةِ، كَمَا تَرَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ الْغَارِبَ فِي الْاُفُقِ الشَّرْقِيِّ اَوِ الْغَرْبِيِّ

7391– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وقد تقدم برقم. "958"

7392– إسناده صحيح على شرط مسلم . ابن أبي الشوارب: هو محمد بن عبد الملك، وأبو حازم: هو سلمة بن دينار الأعرج. وقد تقدم برقم. "209" ونزيد في تخريجه: أخرجه الطبراني في "الكبير" "5762" من طريق مسدد، عن بشر بن المفضل، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/340، والدرامي 2/336، وابن أبي داود في "البعث" "249" من طرق عن أبي حازم، وبه. وأخرجه ابن أبي داود "74" من طريق أيوب بن سويد، عن مالك بن أنس، عن أبي حازم، به.

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''اہل جنت' جنت کے بالا خانوں میں سے ایک دوسرے کو ایسے دیکھیں گے' جس طرح تم مشرقی یا مغربی افق میں غروب ہونے والے چمکدار ستارے کو دیکھتے ہو''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْغُرَفَ الَّتِيْ ذَكَرْنَا نَعْتَهَا هِيَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ فِي الْجَنَّةِ دُوْنَ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ بالا خانے جن کی کیفیت ہم نے ذکر کی ہے' وہ جنت میں (عام) اہل ایمان کے لیے ہوں گے' انبیاء اور مرسلین کے لیے نہیں ہوں گے (کیونکہ ان کا مرتبہ اس سے بلند ہے)

7393 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمِ بْنِ خَالِدٍ الْبِرْتِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ اَهْلَ الْغُرَفِ مِنْ فَوْقِهِمْ، كَمَا تَرَاءَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ الْغَابِرَ، اَوِ الْغَائِرَ فِي الْاُفُقِ مِنَ الْمَشْرِقِ اَوِ الْمَغْرِبِ، قَالُوْا: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، تِلْكَ مَنَازِلُ الْاَنْبِيَاءِ لَا يَبْلُغُهَا غَيْرُهُمْ، قَالَ: بَلٰى وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، رِجَالٌ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَصَدَّقُوا الْمُرْسَلِيْنَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک اہل جنت اپنے اوپر موجود بالا خانوں میں لوگوں کو ایسے دیکھیں گے' جس طرح تم لوگ مشرق یا مغرب

7393- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير علي بن المديني، فن رجال البخاري . ... وأخرجه مسلم "2831" "11" في الجنة وصفة نعيمها: باب ترائي أهل الغرف كما يرى الكوكب في السماء ، عن عبد الله بن جعفر بن يحيى ى، عن معن، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "3256" في بدء الخلق: باب ما جاء في صفة الجنة وأنها مخلوقة. والبيهقي في "البعث والنشور" "248" من طريق عبد العزيز بن عبد الله وعبد الله بن وهب، عن مالك بن أنس، به . وقال الحافظ في "الفتح" 6/327: وهذا من صحيح أحاديث مالك التي ليست في "الموطأ." وأخرجه بإثر حديث سهل بن سعد أحمد 5/340، والدرامي 2/336، والبخاري "6556" في الرقاق: باب صفة الجنة والنار، ومسلم "2831" "10" والبيهقي في "البعث" "249" من طريق أبي حازم، عن النعمان بن أبي عايش، عن أبي سعيد الخدري. وأخرجه أحمد 3/27 و50 و72 و93 و98، وأبو داود "3987" في الحروف والقراء ات، والترمذي "3658" في المناقب: باب مناقب أبي بكر الصديق رضي الله عن، وابن ماجة "96" في المقدمة: باب في فضائل أصحاب الرسول صلى الله عليه وسلم، وأبو يعلى "1130" و"1299"، والخطيب في "تاريخه" 3/195 و11/58، و12/124، والبيهقي "البعث" "250" من طرق عن عطية العوفي، عن أبي سعيد الخدري بلفظ: "إن أهل الدرجات العلى ليراهم من تحتهم كما ترون النجم الطالع في أفق السماء ، وإن أبا بكر وعمر منهم وأنعما." لفظ الترمذي. وعطية ضعيف. وأخرجه أحمد 2/26 و61، وأبو يعلى "1278" من طريق مجالد، عن أبي الوداك جبر بن نوف، عن أبي سعيد . وانظر حديث سهل بن سعد المتقدم برقم "209" و ."7392"

کے افق میں نمودار ہونے والے چمکدار ستارے کو دیکھتے ہو۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ انبیاء کے مخصوص مقامات ہوں گے جہاں کوئی دوسرا نہیں پہنچ سکے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے یہ وہ لوگ ہوں گے جو اللہ پر ایمان لائے جنہوں نے رسولوں کی تصدیق کی"۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْجَنَّةَ كَاَنَّهَا حُفَّتْ بِالْمَكَارِهِ الَّتِیْ اِذَا لَمْ يَصْبِرِ الْمَرْءُ عَلَيْهَا فِی الدُّنْيَا لَا يَكَادُ يَتَمَكَّنُ مِنَ الْجِنَانِ فِی الْعُقْبٰى

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ جنت کو ناپسندیدہ چیزوں کے ذریعے ڈھانپ دیا گیا ہے

جب آدمی دنیا میں ان ناپسندیدہ چیزوں پر صبر سے کام نہیں لے گا تو پھر ہوسکتا ہے کہ وہ آخرت میں جنت میں بھی داخل نہ ہوسکے

7394 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نَصْرٍ التَّمَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ، قَالَ: يَا جِبْرِيلُ، اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا، فَذَهَبَ فَنَظَرَ، فَقَالَ: يَا رَبِّ، وَعِزَّتِكَ لَا يَسْمَعُ بِهَا اَحَدٌ، اِلَّا دَخَلَهَا، فَحَفَّهَا بِالْمَكَارِهِ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا فَذَهَبَ فَنَظَرَ اِلَيْهَا، فَقَالَ: يَا رَبِّ، لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ لَا يَدْخُلَهَا اَحَدٌ، فَلَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ النَّارَ، قَالَ: يَا جِبْرِيلُ، اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا، فَذَهَبَ فَنَظَرَ اِلَيْهَا، فَقَالَ: يَا رَبِّ، وَعِزَّتِكَ لَا يَسْمَعُ بِهَا اَحَدٌ، فَيَدْخُلُهَا، فَحَفَّهَا بِالشَّهَوَاتِ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَيْهَا، فَذَهَبَ فَنَظَرَ اِلَيْهَا، فَقَالَ: يَا رَبِّ، وَعِزَّتِكَ لَقَدْ خَشِيتُ اَنْ لَا يَبْقَى اَحَدٌ اِلَّا دَخَلَهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

"جب اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا' تو فرمایا: اے جبرائیل جاؤ اور اس کا جائزہ لو۔ وہ گئے اور انہوں نے اس کا جائزہ لیا' تو عرض کی: اے میرے پروردگار! تیری عزت کی قسم اس کے بارے میں' جو بھی سنے گا وہ اس میں ضرور داخل ہوگا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے اسے ناپسندیدہ چیزوں کے ذریعے ڈھانپ دیا۔ پھر فرمایا تم جاؤ اور اس کا جائزہ لو۔ وہ گئے اور انہوں

7394- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال مسلم غير محمد بن عمرو - وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ فقد روى له البخاري مقروناً، ومسلم متابعة، وهو صدوق. أبو نصر التمار: هو عبد الملك بن عبد العزيز. وأخرجه البيهقي في "البعث" "167" من طريق أبي نصر التمار، بهذا الإسناد. وأخرجه أبو داود "4744" في السنة: باب في خلق الجنة والنار، والحاكم 27-1/26، والبيهقي في "البعث" "167" من طريقين عن حماد، به. ..... وأخرجه أحمد 333-2/332 و 2/373، والترمذي "2560" في صفة الجنة: باب ماجاء "حفت الجنة بالمكاره وحفت النار بالشهوات"، والنسائي 4-7/3 في الأيمان: باب الحلف بعزة الله تعالى، وأبو يعلى "5940"، والآجري في "الشريعة" ص390-389و390، والبيهقي في "البعث" "166" و "167"، والبغوي في "شرح السنة" "4115" من طرق عن محمد بن عمرو، به.

نے اس کا جائزہ لیا' تو عرض کی: اے میرے پروردگار! اب مجھے یہ اندیشہ ہے کوئی بھی اس میں داخل نہیں ہوگا (نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں) جب اللہ تعالیٰ نے جہنم کو پیدا کیا' تو فرمایا: اے جبرائیل! جاؤ اور اس کا جائزہ لو۔ وہ گئے اور انہوں نے اس کا جائزہ لیا' تو عرض کی: اے میرے پروردگار! تیری عزت کی قسم اس کے بارے میں' جو بھی سنے گا وہ اس میں داخل نہیں ہوگا۔ پھر پروردگار نے اسے پسندیدہ چیزوں کے ذریعے ڈھانپ دیا پھر فرمایا تم جاؤ اور اس کا جائزہ لو۔ وہ گئے اور انہوں نے اس کا جائزہ لیا تو عرض کی: اے میرے پروردگار! تیری عزت کی قسم مجھے یہ اندیشہ ہے کہ ہر شخص اس میں داخل ہوگا''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ خِيَمِ الْجَنَّةِ الَّتِي اَعَدَّهَا اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِمَنْ اَطَاعَ رَسُوْلَهُ وَاتَّبَعَ مَا جَاءَ بِهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو جنت کے خیموں کے بارے میں ہے' جنہیں اللہ تعالیٰ نے

ان لوگوں کے لیے تیار کیا ہے' جو اس کے رسول کی فرمانبرداری کرتے ہیں اور جو کچھ وہ (رسول) لے کے آئے ہیں' اس کی اتباع کرتے ہیں

7395 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اَبِيْ اِسْرَائِيْلَ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ، عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ مُوْسٰى الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ خِيَمًا مِنْ لُؤْلُؤَةٍ مُجَوَّفَةٍ، عَرْضُهَا سِتُّوْنَ مِيْلًا، فِيْ كُلِّ زَاوِيَةٍ مِنْهَا اَهْلٌ مَا يَرَوْنَ الْاٰخَرِيْنَ يَطُوْفُ عَلَيْهِنَّ الْمُؤْمِنُ

ابوبکر بن ابوموسیٰ اشعری اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک جنت میں موتیوں سے بنے ہوئے ایسے خیمے ہوں گے جو اندر سے کھوکھلے ہوں گے ان کی چوڑائی ساٹھ میل ہوگی اور ان کے ہر ایک گوشے میں ایسے رہنے والے ہوں گے جسے دوسرے گوشے والے لوگ نہیں دیکھ سکیں گے' اور مومن شخص ان تمام بیویوں کے پاس چکر لگایا کرے گا''۔

7395- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير إسحاق - وهو ابن أبي إسرائيل إبراهيم بن كامجرا - فقد روى له أبو داود والنسائي، وهو ثقة. أبـو عـمران الجوني: هو عبد الملك بن حبيب . وأخرجه أحمد 4/411، والبخاري "4879" في تفسير سورة الرحمن، ومسلم "2838" "24" في الجنة: باب ما جاء في صفة غرف الجنة، والبغوي "4379" من طرق عن عبد العزيز بن عبد الصمد، بهذا الإسناد. . . . . وأخرجه أحمد 4/400 و419، والدرامي 2/336، والبخاري "3243" في بدء الخلق: باب ما جاء في صفة الجنة وأنها مخلوقة، ومسلم "2838" "23" و "25"، وأبو الشيخ في "العظمة" "606"، والبيهقي في "البعث" "303" من طرق عن أبي عمران الجوني، به. ولفظ البخاري: "ثلاثون ميلاً."

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ نِسَاءِ الْجَنَّةِ اللَّاتِي اَعَدَّهَا اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُطِيعِينَ مِنْ اَوْلِيَائِهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو جنت کی خواتین کے بارے میں ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے دوستوں میں سے' فرمانبرداروں کے لیے تیار کیا ہے

7396 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مَرْوَانَ الرَّقِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): قَالَ: اِنَّ الْمَرْاَةَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ لَيُرَى بَيَاضُ سَاقِهَا مِنْ سَبْعِينَ حُلَّةِ حَرِيرٍ، وَذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ يَقُولُ: (كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوتُ وَالْمَرْجَانُ) (الرحمن: 58)، فَاَمَّا الْيَاقُوتُ، فَاِنَّهُ حَجَرٌ لَوْ اَدْخَلْتَهُ سِلْكًا ثُمَّ اطَّلَعْتَ لَرَاَيْتَهُ مِنْ وَرَائِهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اہل جنت سے تعلق رکھنے والی عورت کی پنڈلی کی سفیدی ستر ریشمی لباسوں کے اندر سے بھی دکھائی دے گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا ہے ''وہ گویا یاقوت اور مرجان ہیں''۔

7396- إسناده ضعيف. عطاء بن السائب قد اختلط . عمرو بن ميمون: هو الأودى . وأخرجه هناد فى "الزهد" "11"، والترمذى "2533" فى صفة الجنة: باب فى صفة نساء أهل الجنة "، والطبرى فى "جامع البيان " 27/152، وأبو نعيم فى "صفة الجنة" "379"، وأبو الشيخ فى "العظمة" "584" من طرق عن عبيدة بن حميد، بهذا الإسناد. وذكره السيوطى فى "الدر" 2/712، وزاد إلى ابن أبى الدنيا فى "صفة الجنة "، وابن أبى حاتم، وابن مردويه ...... وأخرجه ابن أبى شيبة فى "المصنف" 13/107، والطبرى 27/152 من طريق ابن فضيل، وهناد فى "الزهد" "10"، والترمذى "2534" من طريق أبى الأحوص، والترمذى أيضاً من طريق جرير، والطبرى 27/152 من طريق ابن علية، أربعتهم عن عطاء بن السائب، عن عمروا بن ميمون، عن ابن مسعود موقوفاً . وقال الترمذى: وهكذا روى جرير وغير واحد عن عطاء بن السائب ولم يرفعوه، وهذا أصح. وذكره السيوطى 7/713، وزاد نسبته إلى عبد بن حميد. وأخرجه عبد الرزاق "20867"، ونعيم بن حماد فى زيادات "الزهد" لابن المبارك: "260" والطبرانى فى "الكبير " "8864" من طريق معمر، عن أبى إسحاق، عن عمرو بن ميمون، عن ابن مسعود موقوفاً. ولفظه: "إن المرأة من الحور العين ليرى مخ ساقها من وراء اللحم والعظم من تحت سبعين حلة كما يرى الشراب الأحمر فى الزجاجة البيضاء ." وأخرجه هناد "12"، والطبرى 27/152 من طريقين عن أبى إسحاق، وعمرو بن ميمون مقطوعاً. وأخرجه الطبرانى فى "الكبير" "10321"، وفى "الأوسط" "919"، والبزار "3536" من طريق فضيل بن مرزوق، عن أبى إسحاق، عن عمرو بن ميمون، عن ابن مسعود مرفوعاً باللفظ السابق. وذكره الهيثمى فى "المجمع" 10/411-412 من حديث أبى سعيد الخدرى وعبد الله بن مسعود 242 وقال: رواه الطبرانى فى "الأوسط" وإسناد ابن مسعود صحيح! وفى الباب حديث أبى هريرة وسيأتى برقم "7420"، وحديث أبى سعيد الخدرى وهو الآتى.

یاقوت ایک ایسا پتھر ہے کہ اگر آپ اس میں دھاگہ ڈالیں اور پھر آپ اسے دیکھیں تو وہ آپ کو اس کے پار بھی نظر آ جائے گا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْمَرْاَةَ الَّتِیْ وَصَفْنَا نَعْتَهَا مِنَ الْمَزِيْدِ الَّذِیْ ذَكَرَ اللّٰهُ فِیْ كِتَابِهٖ، وَوَعَدَ التَّمَكُّنَ مِنْهُ لِاَوْلِيَائِهٖ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ وہ عورت جس کی صفت ہم نے بیان کی ہے وہ ان مزید

(نعمتوں) سے تعلق رکھتی ہے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کیا ہے اور اس نے اپنے دوستوں سے ان نعمتوں کو عطا کرنے کا وعدہ کیا ہے

7397 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ دَرَّاجًا حَدَّثَهٗ، عَنْ اَبِی الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ، اَنَّهٗ قَالَ:

اس گروہ کی صفت کا تذکرہ' جو انبیاء کے بعد' جنت میں داخل ہونے کے حوالے سے' مخلوق میں سب سے پہلے ہوگا

7421 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مَعْرُوْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا

7420- إسناده صحيح . رجاله ثقات رجال الشيخين غير إبراهيم بن بشار الرمادى، فقد روى له أبو داود والترمذى، وهو حافظ وقد توبع، سفيان: هو ابن عيينة، وأيوب: هو ابن أبى تميمة السختياني، ومحمد: هو ابن سيرين . وأخرجه الحميدى "1143"، وأحمد 2/247، ومسلم "2834" "14" فى الجنة وصفة نعيمها، باب أول زمرة تدخل الجنة على صورة القمر ليلة البدر، من طريق سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "10879" عن معمر، وأحمد 2/230، والحسين المروزى فى زوائد "الزهد" لابن المبارك "1585"، ومسلم "2834" "14"، والبيهقى فى "البعث" "335" من طريق إسماعيل بن علية، والخطيب فى "تاريخه" 9/87 من طريق حمادة بن سلمة، ثلاثتهم عن أيوب، به. وأخرجه أحمد 2/345 و420 و422 و507، والدارمى 2/336، وأبو نعيم فى "صفة الجنة "244""، والخطيب فى "تاريخه" 9/87، والبيهقى فى "البعث" "334" من طرق عن محمد، به بطوله ومختصراً. وأخرجه البخارى "3254" فى بدء الخلق: باب ما جاء فى صفة الجنة، من طريق هلال، عن عبد الرحمن بن أبى عمرة، عن أبى هريرة . وأخرجه بنحوه مختصراً: أحمد 2/400، والحسين المروزى فى زائد "الزهد" "1576"، وأبو نعيم فى "الحلية" 8/184-185، وفى "صفة الجنة" "245"، وأبو عوانة 1/140-141، البغوى "4323" من طريق الزهرى، عن سعيد بن المسيب، عن أبى هريرة .... وأخرجه أحمد 2/473 و504، والحسين المروزى "1574"، وأبو نعيم فى "صفة الجنة" "242" من طريق إسماعيل بن أبى خالد، عن زياد المخزومى، عن أبى هريرة. وأخرجه أحمد 2/385، وأبو الشيخ فى "العظمة" "579" و"580" من طريق خلاس وأبى رافع، عن أبى هريرة. وأخرجه الدارمى 2/333، وأبو نعيم "246" و"247" من طريقين عن أبى سلمة، عن أبى هريرة. وأخرجه ابن أبى عاصم فى "الأوائل" "87"، وأبو نعيم "250" من طريق قتادة، عن عطاء بن يسار، عن أبى هريرة. وأخرجه أحمد 2/257، وابن أبى شيبة 14/129، وأبو نعيم فى "صفة الجنة" "249" من طريق محمد بن إسحاق، عن عياض بن دينار "وزاد أحمد هنا: عن أبيه" عن أبى هريرة. وسيأتى أيضاً برقم "7436" و ."7437"

سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوبَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مَعْرُوفُ بْنُ سُوَيْدٍ الْجُذَامِيُّ، عَنْ اَبِيْ عُشَّانَةَ الْمَعَافِرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: هَلْ تَدْرُوْنَ مَنْ اَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ؟ قَالُوْا: اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ، قَالَ: اَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ مِنْ خَلْقِ اللّٰهِ الْفُقَرَاءُ الْمُهَاجِرُوْنَ الَّذِيْنَ يُسَدُّ بِهِمُ الثُّغُورُ، وَتُتَّقَى بِهِمُ الْمَكَارِهُ، وَيَمُوْتُ اَحَدُهُمْ، وَحَاجَتُهُ فِيْ صَدْرِهِ لَا يَسْتَطِيعُ لَهَا قَضَاءً، فَيَقُوْلُ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَاءُ مِنْ مَلَائِكَتِهِ: ائْتُوهُمْ فَحَيُّوهُمْ، فَيَقُوْلُ الْمَلَائِكَةُ: رَبَّنَا نَحْنُ سُكَّانُ سَمَاوَاتِكَ، وَخِيرَتُكَ مِنْ خَلْقِكَ اَفَتَاْمُرُنَا اَنْ نَاْتِيَ هٰؤُلَاءِ، فَنُسَلِّمَ عَلَيْهِمْ، قَالَ: اِنَّهُمْ كَانُوا عِبَادًا يَعْبُدُوْنِيْ لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْئًا، وَتُسَدُّ بِهِمُ الثُّغُورُ، وَتُتَّقَى بِهِمُ الْمَكَارِهُ، وَيَمُوْتُ اَحَدُهُمْ، وَحَاجَتُهُ فِيْ صَدْرِهِ لَا يَسْتَطِيعُ لَهَا قَضَاءً، قَالَ: فَتَاْتِيهِمُ الْمَلَائِكَةُ عِنْدَ ذٰلِكَ، فَيَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ مِنْ كُلِّ بَابٍ: (سَلَامٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ) (الرعد: 24)

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کیا تم یہ بات جانتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے' سب سے پہلے کون جنت میں داخل ہوگا' تو لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں سے جنت میں سب سے پہلے غریب مہاجرین داخل ہوں گے جن کے لیے راستوں کو بند کر دیا گیا' اور ان کے لیے مصیبتیں پیدا کر دی گئیں۔ ان میں سے کسی کا انتقال ہوتا' تو اس کی ضرورت سینے میں ہی رہ جاتی' اور وہ اسے پوری کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تھا' تو اللہ تعالیٰ فرشتوں میں سے جسے چاہے گا اس سے یہ فرمائے گا۔ ان کو لاؤ اور انہیں سلام کرو۔ فرشتے عرض کریں گے اے ہمارے پروردگار! ہم تیرے آسمان کے رہنے والے ہیں' اور تیری مخلوق میں بہتر لوگ ہیں۔ کیا' تو ہمیں یہ حکم دے رہا ہے کہ ہم ان کے پاس جائیں اور ان کو سلام کریں۔ پروردگار فرمائے گا یہ ایسے بندے تھے جنہوں نے میری عبادت کی اور کسی کو میرا شریک نہیں ٹھہرایا۔ ان کے لیے راستے بند کر دیئے گئے اور مصیبتیں پیدا کر دی گئیں۔ ان میں سے کوئی شخص ایسی حالت میں فوت ہوتا کہ اس کی حاجت اس کے سینے میں ہوتی تھی۔ وہ اس کو پوری کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اس وقت فرشتے پھر ان لوگوں کے پاس آئیں گے اور ہر دروازے میں سے ان پر داخل ہوں گے (اور یہ کہیں گے جس کا ذکر قرآن میں ہے)

''تم پر سلام ہو اس چیز کی وجہ سے' جو تم نے صبر کیا اور آخرت کا گھر کتنا بہترین ہے''۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ اَوَّلِ مَا يَأْكُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ عِنْدَ دُخُوْلِهِمْ اِيَّاهَا تَفَضَّلَ اللّٰهُ عَلَيْنَا بِذٰلِكَ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اس چیز کی صفت کے بارے میں ہے کہ اہل جنت، جنت میں داخل ہونے کے بعد سب سے پہلے کیا کھائیں گے اللہ تعالیٰ ہمیں بھی یہ شرف عطا کرے

7422 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بِنِ عَبْدِ السَّلَامِ بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الدَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ يَعْمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي زَيْدُ بْنُ سَلَّامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُوْ اَسْمَاءَ الرَّحَبِيُّ، اَنَّ ثَوْبَانَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ قَائِمًا عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ جَاءَ حَبْرٌ مِّنْ اَحْبَارِ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ: سَلَامٌ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ، قَالَ: فَدَفَعْتُهُ دَفْعَةً كَادَ يُصْرَعُ مِنْهَا، فَقَالَ: لِمَ تَدْفَعُنِي؟ فَقُلْتُ: اَلَا تَقُوْلُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ الْيَهُوْدِيُّ: اِنَّمَا اَدْعُوْهُ بِاسْمِهِ الَّذِيْ سَمَّاهُ بِهِ اَهْلُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اسْمِي مُحَمَّدٌ الَّذِيْ سَمَّانِيْ بِهِ اَهْلِي ، فَقَالَ الْيَهُوْدِيُّ: جِئْتُ اَسْاَلُكَ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ: يَنْفَعُكَ شَيْءٌ اِنْ اَخْبَرْتُكَ ، قَالَ: اَسْمَعُ مَا تُحَدِّثُ، فَنَكَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ بِعُوْدٍ مَعَهُ، وَقَالَ: سَلْ ، فَقَالَ الْيَهُوْدِيُّ: اَيْنَ يَكُوْنُ النَّاسُ يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمَاوَاتُ؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ: هُمْ فِي الظُّلْمَةِ دُوْنَ الْجِسْرِ ، قَالَ: فَمَنْ اَوَّلُ النَّاسِ اِجَازَةً؟ فَقَالَ: فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ ، فَقَالَ الْيَهُوْدِيُّ: فَمَا تُحْفَتُهُمْ حِيْنَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: زَائِدَةُ كَبِدِ النُّوْنِ ، قَالَ: مَا غِذَاؤُهُمْ عَلٰى اِثْرِهَا؟ قَالَ: يُنْحَرُ لَهُمْ ثَوْرُ الْجَنَّةِ الَّذِيْ كَانَ يَاْكُلُ مِنْ اَطْرَافِهَا ، قَالَ: فَمَا شَرَابُهُمْ عَلَيْهِ؟ قَالَ: مِنْ عَيْنٍ فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ، قَالَ: صَدَقْتَ، قَالَ: وَجِئْتُ اَسْاَلُكَ عَنْ شَيْءٍ لَا يَعْلَمُهُ اَحَدٌ مِّنْ اَهْلِ الْاَرْضِ اِلَّا نَبِيٌّ، قَالَ: يَنْفَعُكَ اِنْ حَدَّثْتُكَ؟ ، فَقَالَ: اَسْمَعُ بِاُذُنِيْ جِئْتُ اَسْاَلُكَ عَنِ الْوَلَدِ، فَقَالَ: مَاءُ الرَّجُلِ اَبْيَضُ، وَمَاءُ الْمَرْاَةِ اَصْفَرُ، فَاِذَا اجْتَمَعَا فَعَلَا مَاءُ الرَّجُلِ مَنِيَّ الْمَرْاَةِ اَذْكَرَا بِاِذْنِ اللّٰهِ، وَاِذَا عَلَا مَنِيُّ الْمَرْاَةِ مَنِيَّ الرَّجُلِ آنَثَا بِاِذْنِ اللّٰهِ ، فَقَالَ الْيَهُوْدِيُّ: لَقَدْ صَدَقْتَ، وَاِنَّكَ لَنَبِيٌّ وَّانْصَرَفَ، فَذَهَبَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ: لَقَدْ سَاَلَنِيْ هٰذَا عَنِ الَّذِيْ سَاَلَنِيْ وَمَالِي عِلْمٌ بِشَيْءٍ مِنْهُ حَتّٰى اَتَانِيَ اللّٰهُ بِهِ

7422- حديث صحيح، محمد بن خلف الدارى وشيخه قد توبعا، ومن فوقهما على شرط مسلم . أبو سلام: هو ممطور الأسود الحبشي، وأبو أسماء الرحبي: هو عمرو بن مرثد . وأخرجه مسلم "315" في الحيض: باب بيان صفة مني الرجل والمرأة، والنسائي في "عشرة النساء" "188"، والطبراني "1414"، وأبو نعيم في "صفة الجنة" "337"، والحاكم 3/481-482، والبيهقي في "البعث" "315" من طرق عن معاوية بن سلام، بهذا الإسناد. وقوله: "فنكت" أي خط بالعود في الأرض، وأثر به فيها، وهذا يفعله المفكر . و"الجسر" بفتح الجيم وكسرها، والمراد به الصراط، و "الإجازة" هنا بمعنى الجواز والعبور، و "التحفة" بإسكان الحاء وفتحها مايهدى إلى الرجل ويخص به ويلاطف، "النون": الحوت.

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھڑا ہوا تھا۔ اسی دوران یہودیوں کا ایک عالم آیا اور بولا: اے حضرت محمد! آپ کو سلام ہو۔ میں نے اسے دھکا دیا' تو وہ گرنے کے قریب ہوا اس نے مجھے کہا تم نے مجھے دھکا کیوں دیا ہے۔ میں نے کہا: کیا تم یارسول اللہ! نہیں' کہہ سکتے۔ یہودی نے کہا: میں نے انہیں ان کے نام سے بلایا ہے۔ وہ نام جوان کے گھر والوں نے ان کا رکھا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرا نام محمد ہے۔ یہ وہ نام ہے' جو میرے گھر والوں نے میرا رکھا ہے۔ اس یہودی نے کہا: میں آپ سے سوال کرنے کے لیے آیا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر میں تمہیں کسی چیز کے بارے میں خبر دوں' تو یہ چیز تمہیں فائدہ دے گی۔ اس نے کہا: آپ جو بیان کر رہے ہیں میں اسے غور سے سن رہا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک چھڑی تھی' جس کے ذریعے آپ زمین کرید رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سوال کرو۔ اس یہودی نے دریافت کیا' جس دن زمین کو دوسری زمین میں اور آسمانوں کو تبدیل کر دیا جائے گا اس وقت لوگ کہاں ہوں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ لوگ پل صراط سے کچھ پہلے ایک تاریکی میں ہوں گے۔ اس نے دریافت کیا: سب سے پہلے اسے کون لوگ عبور کریں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غریب مہاجرین۔ یہودی نے دریافت کیا: جب وہ جنت میں داخل ہوں گے ان کی خوراک کیا ہو گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مچھلی کے جگر کا اضافی حصہ۔ اس نے دریافت کیا: اس کے بعد ان کی خوراک کیا ہوگی؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان لوگوں کے لیے جنت کا بیل ذبح کیا جائے گا' جو جنت کے اطراف میں چرتا رہا ہوگا۔ یہودی نے دریافت کیا: ان لوگوں کا مشروب کیا ہوگا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ایک ایسے چشمے سے آئے گا' جس کا نام سلسبیل ہے۔ اس نے کہا: آپ نے سچ کہا ہے۔ اس نے بتایا: میں آپ سے ایسی چیزوں کے بارے میں سوال کرنے کے لیے آیا تھا۔ جن کے بارے میں روئے زمین پر کوئی نہیں جانتا صرف کوئی نبی جان سکتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر میں تمہیں کچھ کہوں' تو اس کا تمہیں فائدہ ہوگا۔ اس نے کہا: میں اپنے کانوں کے ذریعے سن رہا ہوں میں نے آپ سے بچے کے بارے میں دریافت کرنا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کا مادہ تولید سفید ہوتا ہے' اور عورت کا مادہ زرد ہوتا ہے' جب وہ دونوں ملیں اور مرد کا مادہ عورت کی منی پر غالب آجائے' تو اللہ کے حکم کے تحت لڑکا ہوتا ہے۔ جب عورت کی منی مرد کی منی پر غالب آجائے' تو اللہ کے حکم کے تحت لڑکی ہوتی ہے۔ یہودی نے کہا: آپ نے سچ کہا ہے۔ آپ واقعی نبی ہیں پھر وہ چلا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابھی اس نے مجھ سے جن چیزوں کے بارے میں دریافت کیا تھا: مجھے ان کے بارے میں علم نہیں تھا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے اس کا علم دے دیا گیا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اَوَّلِ مَا يَاْكُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ فِى الْجَنَّةِ عِنْدَ دُخُوْلِهِمْ اِيَّاهَا

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اہل جنت، جنت میں داخل ہونے کے بعد جنت میں سب سے پہلے کیا کھائیں گے

7423 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ:

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ فِيْ نَخْلٍ لَّهُ، فَاَتٰى عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سَلَامٍ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي سَائِلُكَ عَنْ اَشْيَاءَ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا نَبِيٌّ، فَاِنْ اَنْتَ اَخْبَرْتَنِيْ بِهَا آمَنْتُ بِكَ، فَسَاَلَهُ عَنِ الشَّبَهِ، وَعَنْ اَوَّلِ شَيْءٍ يَّحْشُرُ النَّاسَ، وَعَنْ اَوَّلِ شَيْءٍ يَّاْكُلُهُ اَهْلُ الْجَنَّةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخْبَرَنِيْ بِهِنَّ جِبْرِيلُ آنِفًا، قَالَ: ذَاكَ عَدُوُّ الْيَهُوْدِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَمَا الشَّبَهُ اِذَا سَبَقَ مَاءُ الرَّجُلِ مَاءَ الْمَرْاَةِ ذَهَبَ بِالشَّبَهِ، وَاِذَا سَبَقَ مَاءُ الْمَرْاَةِ مَاءَ الرَّجُلِ ذَهَبَ بِالشَّبَهِ، وَاَوَّلُ شَيْءٍ يَّحْشُرُ النَّاسَ نَارٌ تَجِيءُ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ، فَتَحْشُرُ النَّاسَ اِلَى الْمَغْرِبِ، وَاَوَّلُ شَيْءٍ يَّاْكُلُهُ اَهْلُ الْجَنَّةِ رَاْسُ ثَوْرٍ وَّكَبِدُ حُوتٍ، ثُمَّ قَالَ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ الْيَهُوْدَ قَوْمٌ بُهْتٌ، وَاِنَّهُمْ اِنْ سَمِعُوْا بِاِيمَانِيْ بِكَ بَهَتُوْنِيْ، وَوَقَعُوْا فِيَّ، فَاُحِبُّ اَنِّي اَبْعَثُ اِلَيْهِمْ، فَبَعَثَ فَجَاؤُوا، فَقَالَ: مَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ؟ قَالُوْا: سَيِّدُنَا وَابْنُ سَيِّدِنَا، وَعَالِمُنَا وَابْنُ عَالِمِنَا، وَخَيْرُنَا وَابْنُ خَيْرِنَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَرَاَيْتُمْ اِنْ اَسْلَمَ اَتُسْلِمُوْنَ؟ ، فَقَالُوْا: اَعَاذَهُ اللّٰهُ اَنْ يَّقُوْلَ ذٰلِكَ مَا كَانَ لِيَفْعَلَ، فَقَالَ: اخْرُجْ يَا ابْنَ سَلَامٍ فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ، فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ، فَقَالُوْا: بَلْ هُوَ شَرُّنَا وَابْنُ شَرِّنَا، وَجَاهِلُنَا وَابْنُ جَاهِلِنَا، قَالَ: اَلَمْ اُخْبِرْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَّهُمْ قَوْمٌ بُهْتٌ

❁❁ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے' تو حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ اس وقت اپنے کھجوروں کے باغ میں تھے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: میں آپ سے کچھ ایسی چیزوں کے بارے میں دریافت کرنا چاہتا ہوں۔ جن کے بارے میں کسی نبی کو ہی علم ہوسکتا ہے' اگر آپ نے مجھے ان کے بارے میں بتا دیا' تو میں آپ پر ایمان لے آؤں گا۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے (بچے کی ماں یا باپ میں سے کسی ایک کے ساتھ) مشابہت کے بارے میں دریافت کیا' اور اس چیز کے بارے میں دریافت کیا' جو لوگوں کو اکٹھا کرے گی' اور اس بارے میں دریافت کیا' کہ اہل جنت سب سے پہلے کیا چیز کھائیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابھی جبرائیل نے مجھے ان کے بارے میں بتایا ہے۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے بتایا: وہ' تو یہودیوں کے ناپسندیدہ ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاں تک مشابہت کا تعلق ہے' جب مرد کا مادہ عورت کے مادے پر سبقت لے جائے' تو بچہ باپ کے مشابہہ ہوتا ہے' اور اگر عورت کا مادہ مرد کے مادے پر سبقت لے جائے' تو بچہ عورت کے مشابہہ ہوتا ہے۔ لوگوں کو سب سے پہلے ایک آگ اکٹھا کرے گی' جو مشرق کی طرف سے آئے گی' اور ان کو اکٹھا کر کے مغرب کی طرف لے جائے گی۔ اہل جنت سب سے پہلے جو چیز کھائیں گے وہ بیل کا سر ہو گا' اور مچھلی کا جگر ہو گا۔ پھر انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہودی بہتان طراز لوگ ہیں اگر انہوں نے یہ سن لیا کہ میں آپ پر ایمان لایا ہوں' تو وہ مجھ پر بہتان لگائیں گے۔ میرے خلاف بولیں گے' اس لیے میں چاہتا ہوں کہ میں انہیں بلوالوں۔ پھر حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے انہیں پیغام بھیجا یہودی آ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: عبداللہ بن سلام کی کیا حیثیت ہے؟ انہوں نے کہا:

7423- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه أحمد 3/271، وأبو يعلى "3414"، وأبو نعيم في "الدلائل" "247" من طريق حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وقد تقدم برقم. "7161"

وہ ہمارے سردار ہیں اور ہمارے سردار کے صاحب زادے ہیں اور ہمارے عالم ہیں اور ہمارے عالم کے صاحب زادے ہیں۔ ہمارے بہترین فرد ہیں اور ہمارے بہترین فرد کے صاحبزادے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر وہ مسلمان ہو جائے' تو کیا تم بھی مسلمان ہو جاؤ گے۔ ان لوگوں نے کہا: اللہ تعالیٰ انہیں اس بات سے بچائے کہ وہ یہ بات کہیں وہ ایسا نہیں کر سکتے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے ابن سلام باہر آؤ۔ وہ نکل کر ان کے سامنے آئے' اور انہوں نے کہا: میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں اس بات کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں' تو ان یہودیوں نے کہا: بلکہ یہ ہمارے بدترین فرد اور بدترین فرد کے بیٹے ہیں ہمارے جاہل فرد اور جاہل فرد کے بیٹے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں نے آپ کو بتایا نہیں تھا کہ یہ بہتان طراز لوگ ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَكُوْنُ مُتَعَقَّبَ طَعَامِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَشَرَابِهِمْ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' اہل جنت کا بعد میں کھانا اور مشروب کیا ہوگا

7424 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِّنَ الْيَهُودِ، فَقَالَ: يَا اَبَا الْقَاسِمِ اَلَسْتَ تَزْعُمُ اَنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ يَاْكُلُوْنَ وَيَشْرَبُوْنَ فِيهَا؟ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ، اِنَّ اَحَدَهُمْ لَيُعْطَى قُوَّةَ مِئَةِ رَجُلٍ فِي الْمَطْعَمِ وَالْمَشْرَبِ وَالشَّهْوَةِ وَالْجِمَاعِ، فَقَالَ لَهُ الْيَهُودِيُّ: فَاِنَّ الَّذِيْ يَاْكُلُ وَيَشْرَبُ تَكُوْنُ لَهُ الْحَاجَةُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: حَاجَتُهُمْ عَرَقٌ يَّفِيضُ مِنْ جُلُوْدِهِمْ مِثْلُ الْمِسْكِ، فَاِذَا الْبَطْنُ قَدْ ضَمُرَ

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہودیوں کا ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: اے ابوالقاسم! کیا آپ اس بات کے قائل ہیں' کہ اہل جنت' جنت میں کھائیں گے بھی اور پئیں گے بھی۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے ہر جنتی کو کھانے پینے' شہوت اور صحبت کرنے میں ایک سو

7424- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير هناد، فمن رجال مسلم. وثمامة بن عقبة، فقد روى له البخاري في "الأدب المفرد"، والنسائي، وهو ثقة، وهو في "الزهد" لهناد "63" و ."90" وأخرجه أحمد 4/367، والبزار "3522"، والطبراني "5007" والبيهقي في "البعث"317"" من طرق عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 109-13/108، واحمد 4/381، والدارمي 2/334، وهناد "90"، وعبد بن حميد في "المنتخب" "263"، والحسين المروزي في "زوائد الزهد" "1459"، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 3/191، والبزار "3523"، والطبراني "5004" و"5005" و"5006" و"5008" و"5009"، وأبو نعيم في "الحلية" 8/116، وفي "صفة الجنة" "329" من طرق عن الأعمش، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" 10/216 وقال: رواه أحمد والبزار والطبراني، ورجال أحمد والبزار رجال الصحيح غير ثمامة بن عقبة، وهو ثقة . وأخرجه الطبراني بنحوه "5010" من طريق هارون بن سعد، عن ثمامة، به. وذكره السيوطي في "الدر المنثور" 1/100 وزاد نسبته إلى ابن أبي حاتم.

آدمیوں جتنی قوت دی جائے گی۔ ان یہودیوں نے نبی اکرم ﷺ سے کہا: جو شخص کھاتا اور پیتا ہے۔ اسے قضائے حاجت کی ضرورت بھی پیش آتی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ان کی قضائے حاجت پسینے کی شکل میں ہوگی' جو مشک کی طرح کا (خوشبودار) وہ ان کے جسم سے نکل جائے گا' اور پیٹ ویسے ہی ہلکا پھلکا رہے گا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ سُوقِ اَهْلِ الْجَنَّةِ الَّذِىْ يَجْتَمِعُ اِلَيْهِ اَهْلُهَا

اہل جنت کے بازار کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس میں اہل جنت اکٹھے ہوں گے

7425 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَسَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ سُوقًا يَاْتُوْنَهُ كُلَّ جُمُعَةٍ فِيْهِ كُثْبَانُ الْمِسْكِ، فَتَهِيجُ رِيْحُ شَمَالٍ فَتَحْثِي اَوْ فَتَسْفِي فِي وُجُوْهِهِمُ الْمِسْكَ، فَيَاْتُوْنَ اَهْلِيهِمْ، فَيَقُوْلُوْنَ لَهُمْ: قَدْ زَادَكُمُ اللّٰهُ بَعْدَنَا اَوِ ازْدَدْتُّمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا، فَيَقُوْلُوْنَ لَهُمْ: وَاَنْتُمْ قَدْ زَادَكُمُ اللّٰهُ بَعْدَنَا حُسْنًا وَجَمَالًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جنت میں ایک بازار ہے جس میں اہل جنت ہر جمعے کے دن آیا کریں گے اس میں مشک کے ٹیلے ہیں وہاں شمال کی طرف سے آنے والی ہوا چلے گی' جو ان کے چہروں پر مشک چھڑکے گی۔ جب وہ اپنی بیویوں کے پاس جائیں گے' تو ان سے کہیں گے ہمارے بعد اللہ تعالیٰ نے تمہارے حسن و جمال میں اضافہ کیا ہے' تو ان کے اہل خانہ ان سے کہیں گے ہمارے بعد اللہ تعالیٰ نے تمہارے بھی حسن و جمال میں اضافہ کیا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ اَدْنٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً فِيْهَا

قدر و منزلت کے اعتبار سے اہل جنت میں سب سے کم ترین شخص کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ

7426 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْغَضَائِرِيُّ بِحَلَبَ وَكَانَ حِتْرَ النِّعَالِ، قَالَ: حَدَّثَنَا

7425– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سعيد بن عبد الجبار، وحماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه الدارمي 2/339، ومسلم "3833" في الجنة ونعيمها: باب في سوق الجنة، وأبو نعيم في "الحلية" 6/253، والبيهقي في "البعث" "374"، والبغوي "4389" من طريق سعيد بن عبد الجبار، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 13/150، وأحمد 3/284-285 من طريق عفان، عن حماد بن سلمة، به. وأخرجه الدارمي 2/338-339 عن يزيد بن هارون، عن حميد، عن أنس مرفوعاً. وأخرجه الخسين المروزي في "زوائد الزهد" "4191" عن محمد بن أبي عدي، عن حميد، عن أنس موقوفاً. وأخرجه ابن أبي شيبة 13/102، والمبارك في "الزهد" برواية نعيم بن حماد "241"، والبيهقي في "البعث" "375" من طريق سليمان التيمي، عن أنس موقوفاً. ...... وأخرجه عَبْدُ الرَّزَّاقِ "20881" عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أنس موقوفاً.

7426– إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غير العدني، وأبن أبحر، فمن رجال مسلم. ابن أبي عمر العدني: هو محمد بن يحيى، وسفيان: هو ابن عيينة، وعبد الملك بن أبجر: هو عبد الملك بن سعيد بن حيان، وقد تقدم الحديث برقم "6216".

ابْنُ اَبِیْ عُمَرَ الْعَدَنِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْیَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُطَرِّفُ بْنُ طَرِیْفٍ، وَعَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبْجَرَ، سَمِعَا الشَّعْبِیَّ، یَقُوْلُ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ الْمُغِیْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ عَلَی الْمِنْبَرِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَنَّ مُوْسٰی، قَالَ: رَبِّ، اَیُّ اَهْلِ الْجَنَّةِ اَدْنٰی مَنْزِلَةً؟ فَقَالَ: رَجُلٌ یَّجِیءُ بَعْدَمَا یَدْخُلُ اَهْلُ الْجَنَّةِ، فَیُقَالُ: ادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَیَقُوْلُ: کَیْفَ اَدْخُلُ وَقَدْ نَزَلَ النَّاسُ مَنَازِلَهُمْ وَاَخَذُوا اَخَذَاتِهِمْ، فَیُقَالُ لَهٗ: تَرْضٰی اَنْ یَّکُوْنَ لَكَ مِنَ الْجَنَّةِ مِثْلَ مَا کَانَ لِمَلِكٍ مِنْ مُلُوْكِ الدُّنْیَا، قَالَ: فَیَقُوْلُ: نَعَمْ اَیْ رَبِّ، فَیُقَالُ: لَكَ هٰذَا وَمِثْلُهٗ وَمِثْلُهٗ وَمِثْلُهٗ، فَیَقُوْلُ: اَیْ رَبِّ رَضِیْتُ، فَیُقَالُ لَهٗ: اِنَّ لَكَ هٰذَا وَعَشَرَةَ اَمْثَالِهٖ مَعَهٗ، فَیَقُوْلُ: اَیْ رَبِّ رَضِیْتُ، فَیُقَالُ لَهٗ: لَكَ مَعَ هٰذَا مَا اشْتَهَتْ نَفْسُكَ وَلَذَّتْ عَیْنُكَ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے منبر پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے آپ نے فرمایا: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار! اہل جنت میں سب سے کم تر مرتبے کا شخص کون ہوگا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ایک ایسا شخص جو اہل جنت کے (جنت میں) داخل ہوجانے کے بعد آئے گا' تو اسے کہا جائے گا: تم جنت میں داخل ہوجاؤ' تو وہ کہے گا میں کیسے اندر جاسکتا ہوں جبکہ لوگ اپنے ٹھکانوں پر پہنچ چکے ہیں اور اپنی اپنی جگہ حاصل کرچکے ہیں۔ اس سے کہا جائے گا: کیا تم اس بات سے راضی نہیں ہو کہ تم کو جنت میں اتنی جگہ مل جائے' جو دنیا میں کسی بادشاہ کی ہوتی تھی' تو وہ کہے گا جی ہاں اے میرے پروردگار! میں راضی ہوں' تو اسے کہا جائے گا: تمہیں اتنی جگہ ملتی ہے' اس کی مانند مزید اور اس کی مانند مزید اور اس کی مانند مزید (یعنی مزید تین گنا اتنی جگہ ملتی ہے) تو وہ کہے گا: اے میرے پروردگار! میں راضی ہوں۔ اسے کہا جائے گا: تمہیں یہ بھی ملتا ہے اور اس کے ہمراہ اس کا دس گنا مزید ملتا ہے' تو وہ کہے گا: اے میرے پروردگار! میں راضی ہوں' تو اسے کہا جائے گا: تمہیں اس کے ہمراہ وہ چیز ملے گی' جس کی تمہارے نفس کو خواہش تھی جس کے ذریعے تمہاری آنکھوں کو لذت حاصل ہوگی۔

ذِکْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ الرَّجُلَ الَّذِیْ ذَکَرْنَا نَعْتَهٗ هُوَ مِمَّنْ وَجَبَتْ عَلَیْهِ النَّارُ، ثُمَّ اُخْرِجَ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ' وہ شخص جس کا ہم نے ذکر کیا ہے یہ ان لوگوں میں سے ایک ہوگا جن پر جہنم واجب ہوچکی تھی اور پھر انہیں جہنم سے نکالا گیا

7427 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا نُوْحُ بْنُ حَبِیْبٍ الْبَذَشِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اِبْرَاهِیْمَ، عَنْ عُبَیْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): قَالَ: اِنِّیْ لَاَعْرِفُ آخِرَ رَجُلٍ خُرُوْجًا مِنَ النَّارِ رَجُلٌ خَرَجَ زَحْفًا، فَقِیْلَ لَهٗ: ادْخُلِ الْجَنَّةَ، فَیَدْخُلُ، ثُمَّ یَخْرُجُ، فَیَقُوْلُ: یَا رَبِّ، قَدْ اَخَذَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ، فَیُقَالُ لَهٗ: اَتَذْکُرُ الزَّمَانَ الَّذِیْ کُنْتَ فِیْهِ فِیْ

الـدُّنْيَا، فَيَقُوْلُ: نَعَمْ، فَيَقُوْلُ: تَمَنَّهْ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، تَنَافَسَ اَهْلُ الدُّنْيَا فِيْ دُنْيَاهُمْ، وَتَضَايَقُوْا فِيْهَا، فَاَنَا اَسْاَلُكَ مِثْلَهَا، فَيَقُوْلُ: لَكَ مِثْلُهَا وَعَشَرَةَ اَضْعَافِ ذٰلِكَ، فَهُوَ اَدْنٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''میں جہنم سے نکلنے والے آخری شخص سے واقف ہوں۔ یہ وہ شخص ہے' جو گھسٹتا ہوا باہر آئے گا۔ اسے کہا جائے گا: جنت میں داخل ہو جاؤ۔ وہ جنت میں داخل ہوگا پھر وہ باہر آئے گا' اور کہے گا: اے میرے پروردگار! لوگ' تو اپنی جگہوں کو حاصل کر چکے ہیں۔ اس سے کہا جائے گا: کیا تمہیں وہ زمانہ یاد ہے' جب تم دنیا میں رہا کرتے تھے۔ وہ کہے گا جی ہاں' تو پروردگار فرمائے گا تم آرزو کرو۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! اہل دنیا اپنی دنیا کی خواہش کیا کرتے تھے اور دنیا کے بارے میں تنگی کا شکار ہوتے تھے۔ میں تجھ سے اس کی مانند کا سوال کرتا ہوں۔ پروردگار فرمائے گا تمہیں اس کی مانند ملتا ہے اور اس کا دس گنا (مزید) بھی ملتا ہے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے فرمایا:) یہ سب سے کم تر درجے کے جنتی کا مقام ہے''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ مَا يُعِدُّ اللّٰهُ لِلرَّجُلِ الَّذِىْ ذَكَرْنَا نَعَتَهُ مِنَ الْاَطْعِمَةِ وَالْاَشْرِبَةِ فِىْ جَنَّتِهِ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو اس چیز کی صفت کے بارے میں ہے' جو اللہ تعالیٰ نے

اس شخص کے لیے تیار کی ہے جس کی کیفیت ہم نے بیان کی ہے اور ان چیزوں کا تعلق جنت میں کھانے پینے سے ہے

7428 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نَصْرٍ التَّمَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ، اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ حَدَّثَهُمْ: اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَكُوْنُ فِي النَّارِ قَوْمٌ مَا شَاءَ اللّٰهُ، ثُمَّ يَرْحَمُهُمُ اللّٰهُ، ثُمَّ يُخْرِجُهُمْ فَيَكُوْنُوْنَ فِيْ اَدْنَى الْجَنَّةِ، فَيُغَسَّلُوْنَ فِيْ عَيْنٍ

7427– إسناده صحيح. رجاله ثقات رجال الشيخين غير نوح بن حبيب البذشي، فقد روى له أبو داود والنسائي، وهو ثقة. أبو معاوية: هو محمد بن خازم الضرير، إبراهيم: هو النخعي، وعبيدة" هو ابن عمرو السلماني. وأخرجه أحمد 1/378-379، وهناد بن السرى في "الزهد" "207"، ومسلم "186" "309" في الإيمان: باب آخر أهل النار خروجاً، والترمذي "2595" في صفة جهنم: باب 10، وابن خزيمة في "التوحيد" ص317-318، وابن منده في "الإيمان" "843"، والبغوي "4356" من طرق عن أبي معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن منده "844" من طريق وكيع، عن الأعمش، به. وأخرجه ابن خزيمة ص 318، وابن منده "844" من طريق عبد الواحد بن زياد، عن الأعمش، عن إبراهيم، عن علقمة وعبيدة، عن ابن مسعود مرفوعاً. وسقط رفع الحديث من المطبوع من ابن خزيمة. وأخرجه بنحوه البخاري "7511" في التوحيد: باب كلام الرب عز وجل يوم القيامة مع الأنبياء وغيرهم، وابن خزيمة ص 317 من طريق إسرائيل، وأحمد 1/460 من طريق شيبان، والطبراني "10339" من طريق أسباط، ثلاثتهم عن منصور، عن إبراهيم، به. وأخرجه الطبراني "10340" من طريق إبراهيم بن المهاجر، عن إبراهيم النخعي، به. وانظر الحديث الآتي برقم "7431" و."7475"

الْحَيَاةِ، فَيُسَمِّيهِمْ اَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَهَنَّمِيُّونَ لَوْ طَافَ بِاَحَدِهِمْ اَهْلُ الدُّنْيَا لَاَطْعَمَهُمْ وَسَقَاهُمْ وَفَرَشَهُمْ، قَالَ وَاَحْسِبُهُ، قَالَ: وَزَوَّجَهُمْ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِمَّا عِنْدَهُ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کچھ لوگ جہنم میں ہوں گے جب تک اللہ نے چاہا وہ اس میں رہیں گے پھر اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرے گا' اور انہیں باہر نکالے گا یہ لوگ جنت میں کم تر درجے کے لوگ ہوں گے۔ انہیں چشمہ حیات میں غسل دیا جائے گا۔ اہل جنت ان کا نام جہنمی رکھیں گے۔ اگر ان میں سے کوئی ایک تمام اہل دنیا کے پاس جائے' تو ان سب کو کھلا سکتا ہے پلا سکتا ہے ان سب کو بستر دے سکتا ہے (راوی کہتے ہیں) میرا خیال ہے روایت میں یہ الفاظ بھی ہیں۔ وہ ان کی شادیاں کروا سکتا ہے۔ پھر بھی اس کے پاس جو نعمتیں ہوں گی ان میں کوئی کمی نہیں ہو گی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ حَالَةِ آخِرِ مَنْ يَّدْخُلُ الْجَنَّةَ مِمَّنْ اُخْرِجَ مِنَ النَّارِ بَعْدَ تَعْذِيبِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا اِيَّاهُمْ بِذُنُوبِهِمْ

اس حالت کی صفت کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جو جنت میں داخل ہونے والے آخری شخص کی حالت ہوگی' جسے اس کے گناہوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ عذاب دے گا پھر اسے جہنم سے نکالا جائے گا

7429 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): قَالَ النَّاسُ: يَارَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ تُضَارُّوْنَ فِي الشَّمْسِ لَيْسَ دُوْنَهَا سَحَابٌ؟، قَالُوْا: لَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَهَلْ تُضَارُّوْنَ فِي الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ دُوْنَهُ سَحَابٌ؟، قَالُوْا: لَا يَارَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاِنَّكُمْ تَرَوْنَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَذٰلِكَ يَجْمَعُ اللّٰهُ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيَقُوْلُ: مَنْ كَانَ يَعْبُدُ شَيْئًا فَلْيَتَّبِعْهُ، فَيَتَّبِعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الشَّمْسَ الشَّمْسَ، وَمَنْ كَانَ يَعْبُدُ الْقَمَرَ الْقَمَرَ، وَيَتَّبِعُ مَنْ كَانَ يَعْبُدُ الطَّوَاغِيتَ الطَّوَاغِيتَ، وَتَبْقَى هٰذِهِ الْاُمَّةُ فِيهَا مُنَافِقُوهَا، فَيَاْتِيهِمُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا فِي غَيْرِ صُوْرَتِهِ الَّتِي يَعْرِفُوْنَ، فَيَقُوْلُ: اَنَا رَبُّكُمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ هٰذَا مَقَامُنَا حَتّٰى يَاْتِيَنَا رَبُّنَا، فَاِذَا جَاءَ نَا

7428– إسناده قوى. رجاله ثقات رجال مسلم غير عطاء بن السائب، فقد روى له البخارى متابعة، وقد اختلط بأخرة إلا أن حماد بن سلمة سمع منه قبل الاختلاط . أبو نصر التمار: هو عبد الملك بن عبد العزيز القشيرى. وهو فى "مسند أبى يعلى" "4979". وأخرجه أحمد 1/454، وابن خزيمة فى "التوحيد" ص320، والبيهقى فى "البعث" "432" من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد، وسيأتى برقم "7433". وفى الباب عن أنس موقوفاً - وهو بحكم المرفوع - بإسناد صحيح عند ابن خزيمة ص 320. وعنه أيضاً مختصراً ومرفوعاً عند البخارى "6559" و "7450"، وأحمد 3/133 و134 و147 و208 و269، وأبى يعلى "2886" و"2978" و"3013" و"3054" و"3206" من طريقين عن قتادة، عنه. ولفظه: "يخرج قوم من النار بعدما مسهم منها سفع فيدخلون الجنة، فيسميهم أهل الجنة: الجهنميين." وعن جابر عن البخارى "6558"، ومسلم "191" وغيرهما.

رَبُّنَا عَرَفْنَاهُ، قَالَ: فَيَاْتِيهِمْ فِي الصُّورَةِ الَّتِي يَعْرِفُونَ، فَيَقُولُ: اَنَا رَبُّكُمْ، فَيَقُولُونَ اَنْتَ رَبُّنَا، وَيُضْرَبُ جِسْرٌ عَلٰى جَهَنَّمَ ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاَكُونُ اَوَّلَ مَنْ يَّجُوزُهُ، وَدَعْوَةُ الرُّسُلِ يَوْمَئِذٍ: اَللّٰهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ، وَبِهٖ كَلَالِيبُ مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ، هَلْ تَدْرُونَ شَوْكَ السَّعْدَانِ؟ ، قَالُوا: نَعَمْ يَارَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاِنَّهَا مِثْلُ شَوْكِ السَّعْدَانِ غَيْرَ اَنَّهُ لَا يَعْلَمُ قَدْرَ عِظَمِهَا اِلَّا اللّٰهُ، فَتَخْطَفُ النَّاسَ بِاَعْمَالِهِمْ، فَمِنْهُمُ الْمُوبَقُ بِعَمَلِهٖ، وَمِنْهُمُ الْمُخَرْدَلُ، ثُمَّ يَنْجُو حَتّٰى اِذَا فَرَغَ اللّٰهُ مِنَ الْقَضَاءِ بَيْنَ عِبَادِهٖ، وَاَرَادَ اَنْ يُّخْرِجَ مِنَ النَّارِ، مَنْ اَرَادَ مِمَّنْ كَانَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَمَرَ اللّٰهُ الْمَلَائِكَةَ اَنْ يُّخْرِجُوهُمْ، فَيَعْرِفُونَهُمْ بِعَلَامَةِ آثَارِ السُّجُودِ، قَالَ: وَحَرَّمَ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ اَنْ تَاْكُلَ مِنِ ابْنِ آدَمَ اَثَرَ السُّجُودِ، قَالَ: فَيُخْرِجُونَهُمْ قَدِ امْتُحِشُوا فَيُصَبُّ عَلَيْهِمْ مَاءٌ، يُقَالُ لَهُ: مَاءُ الْحَيَاةِ، فَيَنْبُتُونَ نَبَاتَ الْحَبَّةِ فِي حَمِيلِ السَّيْلِ، قَالَ: وَيَبْقٰى رَجُلٌ مُقْبِلٌ بِوَجْهِهٖ عَلَى النَّارِ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ قَدْ قَشَبَنِي رِيحُهَا، وَاَحْرَقَنِي ذَكَاؤُهَا، فَاصْرِفْ وَجْهِي عَنِ النَّارِ، فَلَا يَزَالُ يَدْعُو، فَيَقُولُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا: فَلَعَلِّي اِنْ اَعْطَيْتُكَ ذٰلِكَ اَنْ تَسْاَلَنِي غَيْرَهُ، فَيَقُولُ: لَا وَعِزَّتِكَ لَا اَسْاَلُكَ غَيْرَهُ، فَيَصْرِفُ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ، ثُمَّ يَقُولُ بَعْدَ ذٰلِكَ: يَا رَبِّ، قَرِّبْنِي اِلٰى بَابِ الْجَنَّةِ، فَيَقُولُ جَلَّ وَعَلَا: اَلَيْسَ قَدْ زَعَمْتَ اَنْ لَا تَسْاَلَنِي غَيْرَهُ؟ وَيْلَكَ يَا ابْنَ آدَمَ مَا اَغْدَرَكَ، فَلَا يَزَالُ يَدْعُو، فَيَقُولُ جَلَّ وَعَلَا: فَلَعَلَّكَ اِنْ اَعْطَيْتُكَ ذٰلِكَ اَنْ تَسْاَلَنِي غَيْرَهُ، فَيَقُولُ: لَا وَعِزَّتِكَ لَا اَسْاَلُكَ غَيْرَهُ، وَيُعْطِي اللّٰهَ مِنْ عُهُودٍ وَّمَوَاثِيقَ اَنْ لَا يَسْاَلَهُ غَيْرَهُ، فَيُقَرِّبُهُ اِلٰى بَابِ الْجَنَّةِ فَلَمَّا قَرَّبَهُ مِنْهَا انْفَهَقَتْ لَهُ الْجَنَّةُ، فَاِذَا رَاٰى مَا فِيهَا سَكَتَ مَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَّسْكُتَ، ثُمَّ يَقُولُ: يَا رَبِّ اَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ، فَيَقُولُ جَلَّ وَعَلَا: اَلَيْسَ قَدْ زَعَمْتَ اَنْ لَا تَسْاَلَنِي غَيْرَهُ، وَيْلَكَ يَا ابْنَ آدَمَ مَا اَغْدَرَكَ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ لَا تَجْعَلْنِي اَشْقٰى خَلْقِكَ، قَالَ: فَلَا يَزَالُ يَدْعُو حَتّٰى يَضْحَكَ جَلَّ وَعَلَا، فَاِذَا ضَحِكَ مِنْهُ اَذِنَ لَهُ بِالدُّخُولِ دُخُولِ

7429– حديث صحيح، ابن أبى السرى وهو محمد بم المتوكل - قد توبع، ومن فوقه على شرط الشيخين . وهو فى "المصنف" لعبد الرزاق "208566"، ومن طريقه أخرجه أحمد 276-2/275و534-533، ومسلم "182" "301" فى الإيمان: باب معرفة طريق الرؤية، وعبد الله بن أحمد فى "السنة" "241" و"242"، وابن أبى عاصم فى "السنة" "455"و"476"، والآجرى فى "التصديق بالنظر " "28"، واللالكائى فى "شرح أصول الاعتقاد" "418"، وابن منده فى "الإيمان" "805"، والبغوى ."4346" وأخرجه الآجرى "30"، وابن منده "806" من طريق محمد بن ثور، وابن منده أيضاً: "806 من طريق حماد بن زيد، كلاهما عن معمر، . . . . بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 294-2/293، والبخارى "7437" فى التوحيد: باب قول الله تعالى " (وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إلى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ) ، ومسلم "182" و"299"، وعبد الله بن أحمد فى "السنة" "238" و"239"و"240"، وابن أبى عاصم فى "السنة" "453"و"475"، والطيالسى "2383"، واللالكائى "817"، وابن منده "804" من طريق إبراهيم بن سعد، وابن أبى عاصم "454"و"477"، وابن منده "408" من طريق الزبيدى، والبيهقى فى "الأسماء والصفات" ص460 من طريق سعيد بن عبد العزيز، ثلاثتهم عن الزهرى، به . وأخرجه البخارى "6573" فى الرقاق: باب الصراط جسر جهنم، ومسلم "182" "300"، وابن أبى عاصم "456"و"478"، والآجرى فى "التصديق" "29"، واللالكائى "815"، وابن منده "807"، والبغوى "4366" من طريق أبى اليمان، عن شعيب، عن الزهرى، عن سعيد بن المسيب وعطاء بن يزيد، عن أبى هريرة. وانظر الحديث المتقدم برقم "4623" والآتى برقم ."7445"

الْجَنَّةِ، فَاِذَا دَخَلَ قِيْلَ لَهٗ: تَمَنَّ كَذَا وَتَمَنَّ كَذَا، فَيَتَمَنّٰى حَتّٰى تَنْقَطِعَ بِهِ الْاَمَانِيُّ، فَيَقُوْلُ جَلَّ وَعَلَا: هُوَ لَكَ وَمِثْلُهٗ مَعَهٗ، قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: هُوَ لَكَ وَعَشَرَةُ اَمْثَالِهٖ، فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ: حَفِظْتُ: هُوَ لَكَ وَمِثْلُهٗ مَعَهٗ وَذٰلِكَ الرَّجُلُ آخِرُ اَهْلِ الْجَنَّةِ دُخُوْلًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم قیامت کے دن اپنے پروردگار کا دیدار کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بادل نہ ہوں' تو کیا تمہیں سورج کو دیکھنے میں مشکل پیش آتی ہے۔ لوگوں نے عرض کی: جی نہیں یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بادل نہ ہوں' تو کیا تمہیں چودھویں رات کا چاند دیکھنے میں مشکل پیش آتی ہے' تو لوگوں نے عرض کی: جی نہیں یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم اسی طرح قیامت کے دن اپنے پروردگار کا دیدار کرو گے۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن تمام لوگوں کو اکٹھا کرے گا' اور یہ فرمائے گا' جو جس کی عبادت کرتا تھا وہ اس کے پیچھے چلا جائے' جو لوگ سورج کی عبادت کرتے تھے وہ سورج کے پیچھے چلے جائیں گے جو چاند کی عبادت کرتے تھے وہ چاند کے پیچھے چلے جائیں گے' جو بتوں کی عبادت کرتے تھے وہ بتوں کے پیچھے چلے جائیں گے اور پھر یہ امت باقی رہ جائے گی' جس میں اس کے منافقین ہوں گے پھر اللہ تعالیٰ ان کے پاس اس سے مختلف صورت میں آئے گا' جس سے وہ واقف ہوں گے وہ فرمائے گا میں تمہارا پروردگار ہوں' تو وہ یہ کہیں گے ہم تم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں ہم یہیں رہیں گے جب تک ہمارا پروردگار ہمارے پاس نہیں آتا۔ جب ہمارا پروردگار ہمارے پاس آئے گا تو ہم اسے پہچان لیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ان کا پروردگار ان کے پاس اس صورت میں آئے گا' جس سے وہ واقف ہوں گے اور یہ فرمائے گا میں تمہارا پروردگار ہوں' تو وہ کہیں گے' تو ہمارا پروردگار ہے پھر جہنم پر پل لگایا جائے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: سب سے پہلے میں اسے عبور کروں گا۔ اس دن تمام رسول یہی دعا کر رہے ہوں گے اے اللہ سلامتی عطا کرنا اے اللہ سلامتی عطا کرنا' اور اس پل پر کچھ آنکڑے لگے ہوئے ہوں گے جو سعدان نامی پودے کے کانٹوں کی طرح ہوں گے کیا تم جانتے ہو سعدان کے کانٹے کیسے ہیں۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں یارسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ سعدان کے کانٹوں کی مانند ہوں گے۔ البتہ ان کے حجم کے بارے میں صرف اللہ جانتا ہے' اور وہ لوگوں کو ان کے اعمال کے حساب سے اچک لیں گے' تو کوئی شخص اپنے عمل کی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہو گا' اور کوئی (جہنم کے اندر) گر جائے گی' اور پھر نجات پائے گا' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ کر کے فارغ ہو جائے گا' اور اس بات کا ارادہ کرے گا جہنم سے ان لوگوں کو نکالے جو اس بات کی گواہی دیا کرتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں اور اللہ تعالیٰ فرشتوں کو یہ حکم دے گا کہ وہ ان لوگوں کو نکال لیں' تو فرشتے انہیں سجدوں کے نشانات کی علامت کے ذریعے پہچان لیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے جہنم کے لیے یہ چیز حرام قرار دی ہے کہ وہ ابن آدم کے سجدوں کے نشان کو کھالے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: وہ لوگ انہیں نکالیں گے جبکہ وہ لوگ جل کر کوئلہ ہو چکے ہوں گے۔ ان پر پانی بہایا جائے گا' جسے آب حیات کہا جاتا ہے' تو وہ یوں اُگ جائیں گے' جس طرح سیلابی پانی کے راستے میں دانہ اُگتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: ان میں سے ایک شخص باقی رہ جائے گا' جو اپنے چہرے کے بل جہنم میں آئے گا' اور عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! اس کی بدبو

نے مجھے تنگ کیا ہوا ہے اور اس کی گرمی مجھے جلا رہی ہے۔ میرا چہرہ جہنم کی طرف سے پھیر دے وہ مسلسل دعا کرتا رہے گا' تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا اگر میں نے تمہیں یہ چیز عطا کر دی۔ پھر تم نے مجھ سے کوئی اور چیز نہیں مانگنی۔ وہ عرض کرے گا تیری عزت کی قسم میں اس کے علاوہ تجھ سے کچھ نہیں مانگوں گا۔ اللہ تعالیٰ اس کے چہرے کو جہنم سے پھیر دے گا۔ اس کے بعد وہ شخص عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھے جنت کے دروازے کے قریب کر دے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا تم نے یہ نہیں' کہا تھا تم اس کے علاوہ مجھ سے کچھ اور نہیں مانگو گے۔ اے ابن آدم تمہارے لیے بربادی ہے تم کتنے وعدہ خلاف ہو۔ اس کے بعد وہ شخص مسلسل دعا کرتا رہے گا۔ پروردگار فرمائے گا اگر میں نے تمہیں یہ چیز عطا کر دی' تو پھر اس کے علاوہ تم مجھ سے کچھ نہیں مانگنا۔ وہ عرض کرے گا تیری عزت کی قسم میں اس کے علاوہ تجھ سے کچھ نہیں مانگوں گا پھر وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ پختہ عہد کرے گا کہ وہ اللہ تعالیٰ سے کچھ اور نہیں مانگے گا' تو اللہ تعالیٰ اسے جنت کے دروازے کے قریب کر دے گا۔ جب اللہ تعالیٰ اسے جنت کے دروازے کے قریب کر دے گا' تو جنت اس کے سامنے آئے گی پھر وہ اس میں موجود (نعمتوں کو) دیکھے گا' اور جتنا اللہ کو منظور ہوگا اتنی دیر خاموش رہے گا پھر عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھے جنت میں داخل کر دے۔ پروردگار فرمائے گا کیا تم نے یہ نہیں' کہا تھا کہ تم اس کے علاوہ مجھ سے کچھ نہیں مانگو گے۔ اے ابن آدم تمہاری بربادی ہے تم کتنے وعدہ خلاف ہو۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھے اپنی مخلوق کا سب سے بدبخت شخص نہ بنا۔ نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فرماتے ہیں: وہ مسلسل دعا کرتا رہے گا' یہاں تک کہ پروردگار ہنس دے گا۔ جب وہ اس پر ہنس پڑے گا' تو وہ اسے جنت میں داخل ہونے کی اجازت دے گا۔ جب وہ جنت میں داخل ہوگا' تو اس سے کہا جائے گا: اتنی آرزو کرو' اتنی آرزو کرو' وہ آرزو کرے گا' یہاں تک کہ اس کی آرزوئیں ختم ہو جائیں گی۔ پروردگار فرمائے گا تمہیں یہ سب کچھ ملتا ہے اور اس کی مانند مزید ملتا ہے۔

حضرت ابوسعید خدری رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ تمہیں یہ ملتا ہے اور اس کی مانند دس گنا ملتا ہے' تو حضرت ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ نے کہا: مجھے یہ الفاظ یاد ہیں تمہیں' یہ ملتا ہے اور اس کی مانند مزید ملتا ہے۔

یہ وہ شخص ہے' جو جنت میں سب سے آخر میں داخل ہوگا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ كَانَ يَعْلَمُ مِنْ هٰذَا الرَّجُلِ اَنَّهُ لَوْ قَدَّمَهُ مِمَّا يُرِيْدُ لَطَلَبَ غَيْرَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ یہ بات جانتا ہے کہ اگر وہ اس شخص کو وہ چیز عطا کر دے' تو وہ دوسری چیز کا بھی طلب گار ہوگا

7430 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الْحَنْظَلِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): قَالَ: إِنَّ آخِرَ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ رَجُلٌ يُمْشِي عَلَى الصِّرَاطِ، فَهُوَ يَكْبُو مَرَّةً، وَتَسْفَعُهُ النَّارُ أُخْرَى حَتَّى إِذَا جَاوَزَهَا الْتَفَتَ إِلَيْهَا، فَيَقُولُ: تَبَارَكَ الَّذِي نَجَّانِي مِنْهَا فَوَاللَّهِ لَقَدْ أَعْطَانِي شَيْئًا مَا أَعْطَاهُ أَحَدًا مِنَ الْعَالَمِينَ، قَالَ: ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْهَا لَعَلِّي أَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا وَأَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، قَالَ: فَيَقُولُ اللَّهُ: يَا ابْنَ آدَمَ لَعَلِّي إِنْ أَعْطَيْتُكَهُ سَأَلْتَنِي غَيْرَهَا، فَيَقُولُ: لَا يَا رَبِّ، وَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَفْعَلَ، وَهُوَ يَعْلَمُ أَنَّهُ فَاعِلُهُ لِمَا يَرَى مِمَّا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ، فَيُدْنِيهِ مِنْهَا فَيَسْتَظِلُّ بِظِلِّهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا، ثُمَّ تُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ أُخْرَى هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُولَى، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْهَا لِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ: أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا؟ فَيَقُولُ: بَلَى يَا رَبِّ، وَلَكِنْ أَدْنِنِي مِنْهَا لِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيُعَاهِدُهُ أَنْ لَا يَسْأَلَهُ غَيْرَهَا فَيُدْنِيهِ، مِنْهَا وَيَعْلَمُ أَنَّهُ سَيَسْأَلُهُ غَيْرَهَا لِمَا يَرَى مَا لَا صَبْرَ لَهُ عَلَيْهِ، قَالَ: فَتُرْفَعُ لَهُ شَجَرَةٌ أُخْرَى عِنْدَ بَابِ الْجَنَّةِ هِيَ أَحْسَنُ مِنَ الْأُولَيَيْنِ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَدْنِنِي مِنْهَا لِأَسْتَظِلَّ بِظِلِّهَا وَأَشْرَبَ مِنْ مَائِهَا، فَيَقُولُ: أَلَمْ تُعَاهِدْنِي أَنْ لَا تَسْأَلَنِي غَيْرَهَا، فَيَقُولُ: بَلَى يَا رَبِّ، وَلَكِنْ أَدْنِنِي مِنْهَا، فَإِذَا دَنَا مِنْهَا سَمِعَ أَصْوَاتَ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ، أَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ، فَيَقُولُ اللَّهُ جَلَّ وَعَلَا: أَيُرْضِيكَ يَا ابْنَ آدَمَ أَنْ أُعْطِيَكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا، فَيَقُولُ: أَتَسْتَهْزِءُ بِي وَأَنْتَ رَبُّ الْعَالَمِينَ؟ فَيَقُولُ: مَا أَسْتَهْزِءُ بِكَ، وَلَكِنَّنِي عَلَى مَا أَشَاءُ قَادِرٌ، قَالَ: فَكَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ إِذَا ذَكَرَ قَوْلَهُ: أَتَسْتَهْزِءُ بِي؟ ضَحِكَ، ثُمَّ قَالَ: أَلَا تَسْأَلُونِي مِمَّا أَضْحَكُ؟ فَقِيلَ: مِمَّ تَضْحَكُ؟ فَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ذَكَرَ ذَلِكَ ضَحِكَ

❁❁ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں سب سے آخر میں داخل ہونے والا وہ شخص ہوگا' جو پل صراط پر چہرے کے بل چل رہا ہوگا۔ آگ اسے جھلسائے گی' یہاں تک کہ جب وہ پل صراط کو عبور کر لے گا' تو اس کی طرف رخ کر کے کہے گا بابرکت ہے وہ ذات جس نے مجھے اس سے نجات عطا کی۔ اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ نے مجھے وہ چیز عطا کی ہے' جو اس نے تمام جہانوں میں کسی کو بھی عطا نہیں کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پھر اس کے سامنے ایک درخت آئے گا وہ کہے گا میرے پروردگار مجھ کو اس کے قریب کر دے تاکہ میں اس کے سائے میں آ جاؤں اور اس کے پانی کو پیوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: پروردگار فرمائے گا: اے ابن آدم! اگر میں نے تمہیں یہ چیز دے دی' تو تم مجھ سے کچھ اور بھی مانگو گے۔ وہ عرض کرے گا جی نہیں میرے پروردگار پھر وہ معاہدہ کرے گا کہ وہ ایسا نہیں کرے گا حالانکہ پروردگار یہ بات جانتا ہے کہ وہ ایسا کرے گا۔ کیونکہ اس کو اس پر بھی صبر نہیں ہونا۔ پروردگار اسے اس درخت کے قریب کر دے گا۔ وہ اس کے سائے میں آئے گا۔ اس

7430- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير حماد بن سلمة، فمن رجال مسلم. وأخرجه أحمد 392-1/391 و411-410، ومسلم "187" في الإيمان: باب آخر أهل النار خروجاً، وأبو يعلى "4980" و"5290"، والدارمي في "الرد على بشر المريسي" ص532 "عقائد السلف"، وابن خزيمة في "التوحيد" ص231و319-318، وأبو عوانة 134-1/142و144-143، والطبراني "9775"، وابن منده في "الإيمان" "841"، والبيهقي في "البعث" "96"، وفي "الأسماء والصفات" ص474، والبغوي "4355" من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "7427" و "7431"

کے پانی کو پئے گا۔ پھر اس کے سامنے ایک اور درخت آئے گا وہ پہلے والے سے زیادہ اچھا ہوگا' تو وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھے اس کے قریب کردے تاکہ میں اس کے سائے میں آجاؤں اور اس کے پانی کو پیوں۔ پروردگار فرمائے گا کیا تم نے مجھ سے یہ معاہدہ نہیں کیا تھا کہ تم مجھ سے کچھ اور نہیں مانگو گے۔ وہ عرض کرے گا جی ہاں اے میرے پروردگار! لیکن' تو مجھے اس کے قریب کردے تاکہ میں اس کے سائے میں آؤں اور اس کا پانی پیوں' تو وہ پروردگار سے یہ عہد کرے گا کہ وہ اس کے علاوہ کچھ اور نہیں مانگے گا۔ پروردگار اسے قریب کردے گا۔ حالانکہ پروردگار کو یہ معلوم ہوگا کہ وہ اس کے علاوہ بھی مانگے گا کیونکہ پروردگار کو پتہ ہے کہ اس سے اتنا صبر نہیں ہونا۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: پھر اس کے سامنے جنت کے دروازے کے قریب ایک اور درخت آئے گا' جو پہلے والے دونوں درختوں سے زیادہ خوب صورت ہوگا۔ وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! مجھے اس درخت کے قریب کردے تاکہ میں اس کے سائے میں آؤں اور اس کے پانی کو پیوں۔ پروردگار فرمائے گا کیا تم نے مجھ سے معاہدہ نہیں کیا تھا کہ مجھ سے اس کے علاوہ تم کچھ نہیں مانگو گے۔ وہ عرض کرے گا جی ہاں میرے پروردگار لیکن' تو مجھے اس کے قریب کردے جب وہ اس کے قریب ہوگا' تو اہل جنت کی آوازیں سنے گا' تو عرض کرے گا: اے پروردگار مجھے جنت میں داخل کردے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا: اے ابن آدم کیا یہ چیز تمہیں راضی کرے گی کہ میں تمہیں دنیا اور اس کی مانند مزید دے دوں' تو وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! کیا' تو میرے ساتھ مذاق کر رہا ہے' جبکہ' تو تمام جہانوں کا پروردگار ہے' تو پروردگار فرمائے گا میں تمہارے ساتھ مذاق نہیں کر رہا۔ لیکن میں' جو چاہوں اس کو کرنے پر قادر ہوں۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جب یہ الفاظ ذکر کرتے: ''کیا تو میرے ساتھ مذاق کر رہا ہے'' تو مسکرا دیتے پھر وہ یہ فرماتے تھے: تم لوگ مجھ سے اس بارے میں دریافت نہیں کرو گے کہ میں کس بات پر ہنسا ہوں۔ ان سے دریافت کیا گیا: آپ کس بات پر ہنسے ہیں؟ انہوں نے بتایا: نبی اکرم ﷺ جب اس کا ذکر کرتے تھے' تو مسکرا دیتے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ جَلَّ وَعَلَا: اِنْ اَعْطَيْتُكَ الدُّنْيَا وَمِثْلَهَا مَعَهَا لَيْسَ بِعَدَدٍ يُرِيْدُ بِهِ النَّفْيَ عَمَّا وَرَاءَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ' اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان: ''اگر میں تمہیں دنیا اور اس کے مانند مزید عطا کر دوں'' یہ کوئی ایسا عدد نہیں ہے جس کے ذریعے اس کے علاوہ کی نفی مراد لی گئی ہے

7431 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّيْ لَاَعْرِفُ آخِرَ اَهْلِ النَّارِ خُرُوْجًا مِنَ النَّارِ

7431- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "مصنف ابن أبي شيبة " 120-13/119ن ومن طريقه أخرجه مسلم "186" "309 في الإيمان: باب آخر أهل الجنة خروجا. وقد تقدم برقم "7427" وسيأتي برقم ."7475"

رَجُلٌ يَّخْرُجُ مِنْهَا زَحْفًا، فَيُقَالُ لَهُ: انْطَلِقْ، فَادْخُلِ الْجَنَّةَ، قَالَ: فَيَذْهَبُ فَيَدْخُلُ فَيَجِدُ النَّاسَ قَدْ اَخَذُوا الْمَنَازِلَ، قَالَ: فَيَرْجِعُ، فَيَقُوْلُ: يَا رَبِّ، قَدْ اَخَذَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ، قَالَ: فَيُقَالُ لَهُ: اَتَذْكُرُ الزَّمَانَ الَّذِیْ كُنْتَ فِيْهِ فِی الدُّنْيَا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: نَعَمْ، فَيُقَالُ لَهُ: تَمَنَّ، فَيَتَمَنّٰی، فَيُقَالُ لَهُ: لَكَ الَّذِیْ تَمَنَّيْتَ وَعَشَرَةَ اَضْعَافِ الدُّنْيَا، قَالَ: فَيَقُوْلُ: اَتَسْخَرُ بِیْ وَاَنْتَ الْمَلِكُ، قَالَ: فَلَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُهُ

❀❀ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! ''میں جہنم سے نکلنے والے آخری جہنمی سے واقف ہوں وہ ایسا شخص ہے' جو گھسٹ کر باہر آئے گا' تو اسے کہا جائے گا: تم جاؤ اور جنت میں داخل ہو جاؤ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: وہ جائے گا' اور داخل ہو گا' تو لوگوں کو پائے گا کہ انہوں نے اپنی' اپنی جگہ حاصل کر لی ہے۔ وہ واپس آئے گا' اور عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! لوگوں نے اپنی رہائش گاہیں حاصل کر لی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اس سے کہا جائے گا: کیا تمہیں وہ زمانہ یاد ہے' جب تم دنیا میں ہوا کرتے تھے وہ عرض کرے گا جی ہاں' تو اس سے کہا جائے گا: تم آرزو کرو۔ وہ آرزو کرے گا' تو اس سے کہا جائے گا: تم نے جو آرزو کی ہے وہ تمہیں ملتا ہے اور اس کے ہمراہ مزید ملتا ہے' تو وہ عرض کرے گا: کیا تو میرے ساتھ مذاق کر رہا ہے' جب کہ' تو بادشاہ ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ ہنس پڑے' یہاں تک کہ آپ کے اطراف کے دندان نظر آنے لگے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ مَنْ اُدْخِلَ الْجَنَّةَ بَعْدَ اَنْ عُذِّبَ فِی النَّارِ بِذُنُوْبِهٖ وَسَمُّوا الْجَهَنَّمِيِّيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ فَيُذْهِبُ اللّٰهُ ذٰلِكَ الْاِسْمَ عَنْهُمْ

اس بارے میں اطلاع کا تذکرہ' جس شخص کو جہنم میں اس کے گناہوں کے عوض میں عذاب

دینے کے بعد جنت میں داخل کیا جائے اور لوگ اس کا نام جہنمی رکھ دیں ایسے لوگ اپنے پروردگار سے یہ دعا کریں گے' تو پروردگار ان سے یہ نام دور کر دے گا

7432 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانِ بْنِ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ اَبِیْ رَوْقٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ اَبِیْ طَرِيْفٍ، قَالَ:

7432- حديث صحيح. صالح بن أبي طريف: ذكره المؤلف في "الثقات" 4/376 وقال: صالح بن أبي طريف أبو الصيداء، يروي عن أبي سعيد الخدري، روى عنه أبو روق عطية بن الحارث الهمداني. وذكره الدولابي في "الكنى" 2/14 فقال: أبو الصيداء صالح بن طريف الظبي، وباقي رجاله ثقات. عبد الله بن عمر: هو ابن محمد أبان بن صالح وأبو أسامة: هو حماد بن أسامة. وأخرجه الطبراني فيما ذكر الحافظ ابن كثير في "تفسيره" 2/566 من طريق إسحاق بن راهوية، عن أبي أسامة، بهذا الإسناد. وذكره السيوطي في "الدر" 5/63 وزاد نسبته إلى إسحاق بن راهوية،...... وابن مردويه.

(متن حدیث): قُلْتُ لِاَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ: اَسَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِیْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ: (رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِيْنَ) (الحجر: 2)؟ فَقَالَ: نَعَمْ سَمِعْتُهُ، يَقُوْلُ: يُخْرِجُ اللّٰهُ اُنَاسًا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنَ النَّارِ بَعْدَمَا يَاْخُذُ نِقْمَتَهُ مِنْهُمْ، قَالَ: لَمَّا اَدْخَلَهُمُ اللّٰهُ النَّارَ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ، قَالَ الْمُشْرِكُوْنَ: اَلَيْسَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ فِي الدُّنْيَا اَنَّكُمْ اَوْلِيَاءُ فَمَا لَكُمْ مَعَنَا فِي النَّارِ، فَاِذَا سَمِعَ اللّٰهُ ذٰلِكَ مِنْهُمْ اَذِنَ فِي الشَّفَاعَةِ، فَيَتَشَفَّعُ لَهُمُ الْمَلَائِكَةُ وَالنَّبِيُّوْنَ حَتّٰى يَخْرُجُوْا بِاِذْنِ اللّٰهِ، فَلَمَّا اُخْرِجُوا، قَالُوْا: يَا لَيْتَنَا كُنَّا مِثْلَهُمْ، فَتُدْرِكُنَا الشَّفَاعَةُ، فَنُخْرَجُ مِنَ النَّارِ، فَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا: (رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوا مُسْلِمِيْنَ) (الحجر: 2)، قَالَ: فَيُسَمَّوْنَ فِي الْجَنَّةِ الْجَهَنَّمِيِّيْنَ مِنْ اَجْلِ سَوَادٍ فِیْ وُجُوْهِهِمْ، فَيَقُوْلُوْنَ: رَبَّنَا اَذْهِبْ عَنَّا هٰذَا الِاسْمَ، قَالَ: فَيَاْمُرُهُمْ فَيَغْتَسِلُوْنَ فِیْ نَهْرٍ فِي الْجَنَّةِ فَيَذْهَبُ ذٰلِكَ مِنْهُمْ

❁❁ صالح بن ابوطریف بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس آیت کے بارے میں کچھ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے؟

''عنقریب وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا وہ یہ آرزو کریں گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے''۔

